# خوابوں کی تعبیر کا انسائیکلوپیڈیا

انسانی زندگی میں روزمرّہ پیش آنے والے بے شمار خوابوں کی ہزارہا
تعبیرات پر مبنی سب سے مفصّل، مستند اور جامع ترین کتاب
"تعطیر الانام فی تعبیر المنام" کا انتہائی مفید اور سلیس ترجمہ

مؤلّف
علّامہ عبدالغنی نابلسیؒ

ترجمہ و تحقیق
مولانا خالد محمود صاحب

بیت العلوم
۲۰- نابھہ روڈ، پرانی انارکلی لاہور۔ فون ۷۳۵۲۴۸۳

تعطیر الانام فی تعبیر المنام

# خوابوں کی تعبیر کا انسائیکلوپیڈیا

انسانی زندگی میں روزمرہ پیش آنے والے بے شمار خوابوں کی ہزارہا
تعبیرات پر مبنی سب سے مفصل، مستند اور جامع ترین کتاب
"تعطیر الانام فی تعبیر المنام" کا انتہائی مفید اور سلیس ترجمہ


مؤلف
علامہ عبد الغنی نابلسیؒ

ترجمہ و تحقیق
مولانا خالد محمود صاحب
(فاضل جامعہ اشرفیہ لاہور)



بیت العلوم
۲۰۔ نابھہ روڈ، پرانی انارکلی لاہور۔ فون ۷۳۵۲۴۸۳



Marfat.com

﴿جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں﴾

کتاب — خوابوں کی تعبیر کا انسائیکلوپیڈیا
مؤلف — علامہ عبدالغنی نابلسیؒ
ترجمہ و تحقیق — مولانا خالد محمود صاحب (فاضل جامعہ اشرفیہ لاہور)
باہتمام — محمد ناظم اشرف
ناشر — بیت العلوم ـ ۲۰ نابھہ روڈ، چوک پرانی انارکلی، لاہور
فون: ۷۳۵۲۴۸۳

﴿ملنے کے پتے﴾

بیت العلوم = ۲۰ نابھہ روڈ، پرانی انارکلی، لاہور — ادارۃ القرآن = چوک لسبیلہ گارڈن ایسٹ کراچی
ادارہ اسلامیات = ۱۹۰ انارکلی، لاہور — ادارۃ المعارف = ڈاک خانہ دارالعلوم کورنگی کراچی نمبر ۱۴
ادارہ اسلامیات = موہن روڈ چوک اردو بازار، کراچی — مکتبہ دارالعلوم = جامعہ دارالعلوم کورنگی کراچی نمبر ۱۴
دارالاشاعت = اردو بازار کراچی نمبر ۱ — مکتبہ سید احمد شہید = الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور
بیت القرآن = اردو بازار کراچی نمبر ۱ — مکتبہ رحمانیہ = غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور

Marfat.com

# عرضِ ناشر

الحمد للّٰہ و کفی والصلوٰۃ والسلام علی من لا نبی بعدہ۔ خواب اور اس کی تعبیرات سے متعلق بہت سی کتب زیورِ طبع سے آراستہ ہوتی رہی ہیں۔ علماء اور اہل فن نے اس کو مستقل موضوع بنا کر اس پر کثیر مواد جمع کیا ہے۔ اسی سلسلہ کی ایک کڑی علامہ عبدالغنی نابلسی کی مشہور عربی تصنیف "تعطیر الانام فی تعبیر المنام" ہے جواب تک خواب اور اس کی تعبیرات سے متعلق لکھی جانیوالی تمام کتب پر اس وجہ سے فوقیت رکھتی ہے کہ اس میں سابقہ تمام مشہور کتابوں کا لب لباب اور خلاصہ موجود ہے۔ خواب اور اس کی بے شمار تعبیرات پر مبنی یہ عربی کتاب بلاشبہ خوابوں کی تعبیرات کا انسائیکلوپیڈیا ہے۔ مذکورہ کتاب چونکہ عربی زبان میں تھی، اس لئے اسے سلیس اردو زبان میں ڈھالنے کا عظیم کام ہمارے عزیز دوست محترم مولانا خالد محمود صاحب نے انجام دیا، جو ماشاء اللہ عربی زبان کا ذوق بھی رکھتے ہیں اور اس سے پہلے مندرجہ ذیل کئی عربی کتابوں کا اردو ترجمہ بھی کر چکے ہیں۔

۱۔ فضائل اہل بیتؓ صحابہ کرامؓ و تابعینؒ

۲۔ اسلامی احکام اور ان کی حکمتیں

۳۔ علاج الامراض قرآن و سنت سے

۴۔ فضائل خلفائے راشدینؓ

ان کے علاوہ مولانا موصوف مزید چند کتابوں کا اردو ترجمہ بھی کر چکے ہیں جو انشاء اللہ عنقریب بیت العلوم لاہور سے شائع ہونے والی ہیں۔

یہاں خواب کے بارے میں افراط اور تفریط سے بچتے ہوئے یہ بات ذہن نشین رہنی چاہیے کہ شریعت میں خواب اور اس کی تعبیر کا یقینا وجود ہے جس سے ہرگز انکار نہیں کیا جاسکتا، لیکن خواب کوئی ایسی حجت قطعیہ نہیں ہے جو دلیل بننے کی صلاحیت رکھتی ہو، خواب کی حیثیت کشف یا اندازے کی سی ہے جس کے اندر صحیح ہونے اور غلط ہونے کے

Marfat.com

دونوں امکانات موجود ہیں۔ اس لئے خواب کے بارے میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بتائی ہوئی یہ تعلیم ضرور ذہن نشین رہے جسے ترمذی اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"خواب تین قسم کا ہوتا ہے۔ ایک اللہ کی طرف سے بشارت، دوسرے نفسانی خیالات، تیسرے شیطانی تصورات۔ اس لئے جو شخص کوئی خواب دیکھے اور اسے بھلا معلوم ہو تو اسے اگر چاہے تو لوگوں سے بیان کردے، اور اگر اس میں کوئی بری بات نظر آئے تو کسی سے نہ کہے بلکہ اٹھ کر نماز پڑھ لے۔ (اور صحیح مسلم کی حدیث میں یہ بھی ہے کہ) اگر برا خواب دیکھے تو بائیں طرف تین مرتبہ پھونک دے اور اللہ تعالیٰ سے اس کی برائی کی پناہ مانگے اور کسی سے ذکر نہ کرے تو یہ خواب اس کو کوئی نقصان نہ دے گا۔" (بحوالہ تفسیر معارف القرآن)

آخر میں اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اس کتاب کو اپنی بارگاہ میں قبول و منظور فرمائے اور اس کے مؤلف، مترجم، ناشر اور اس میں حصہ لینے والے تمام کارکنان کو اجر عظیم عطاء فرمائے۔ آمین

محتاج دعاء

محمد ناظم اشرف

خادم الطلباء جامعہ اشرفیہ لاہور

ومدیر بیت العلوم لاہور

Marfat.com

# ﴿عرضِ مترجم﴾

کتابِ ہذا "خوابوں کی تعبیر کا انسائیکلوپیڈیا" دراصل عارف باللہ علامہ عبدالغنی النابلسی رحمہ اللہ تعالیٰ کی تالیف "تعطیر الا نام فی تعبیر المنام" کا پہلا سلیس اور بامحاورہ ترجمہ ہے۔ مؤلفِ مرحوم ۵ ذی الحجہ ۱۰۵۰ھ/۱۶۴۰ء بمقام دمشق پیدا ہوئے اور دمشق ہی میں ۲۴ شعبان المعظم ۱۱۴۳ھ/۱۷۳۱ء کو وفات پائی۔ "تعطیر الانام فی تعبیر المنام" خوابوں کی تعبیرات پر مشتمل ہے۔ اس میں ۳۰۳۲ خوابوں کی تعبیریں بیان کی گئیں ہیں، بلکہ بسا اوقات ایک ہی خواب کی بیسیوں تعبیریں ذکر کی گئیں ہیں۔ لہٰذا یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ کتابِ ھذا "خوابوں کی تعبیر کا انسائیکلوپیڈیا" ہزار ہا تعبیراتِ رؤیا پر مشتمل ہے۔ بلاشبہ یہ کتاب خوابوں کی تعبیر کا انسائیکلوپیڈیا ہے، جس میں حروفِ تہجی کے اعتبار سے فہرست تیار کی گئی ہے۔

تعبیرِ رؤیا کے موضوع پر یوں تو بہت سی کتابیں عربی زبان میں موجود ہیں مثلاً استاذ الکبیر شیخ امام محمد بن ابی بکر محمود بن ابراہیم المعروف بہ ابن الدقاق المقری رحمہ اللہ تعالیٰ کی کتاب "الحکم والغایات فی تعبیر المنامات"، امام جلال الدین عبداللہ بن حازم بن سلیمان المزنی الشافعی رحمہ اللہ تعالیٰ کی "الاشارہ فی علم العبارۃ" شیخ امام شہاب الدین ابوالعباس احمد المقدسی الحنبلی رحمہ اللہ تعالیٰ کی "البدر المنیر فی علم التعبیر" اور شیخ وامام ابو طاہر برہان الدین ابراہیم بن یحییٰ الحنبلی رحمہ اللہ کی کتاب "المعلم علی حروف المعجم" اور ابن سیرین وابن شاھین کی کتب وغیرہ، لیکن شیخ عبدالغنی النابلسی رحمہ اللہ تعالیٰ کی تالیف "تعطیر الا نام فی تعبیر المنام" اس موضوع پر لکھی گئیں تمام کتبِ تعبیر کا خلاصہ اور لبِ لباب ہے۔

## ﴿خصوصیات وامتیازات﴾

۱۔ کتاب کی ابتداء خوابوں کا سائیکالوجی مطالعہ فلاسفہ کے نزدیک پر مشتمل ہے۔

۲۔ مؤلفؒ کتاب کی ذات، شخصیت حیات وتالیفات نیز ان کے مراجع ومصادر کا ذکر کیا گیا ہے۔

۳۔ کتاب کے اصل نسخہ کی حفاظت کی گئی ہے۔ مثلاً حیض، جماع، نکاح وغیرہ تمام امور ذکر کئے گئے ہیں۔

۴۔ کتاب کے ذیل (حاشیہ) میں الفاظ کی لغت کا خصوصی اہتمام کیا گیا ہے، اور کتاب بنیادی طور پر حروفِ تہجی کے اعتبار سے منقسم ہے، نیز تمام خوابوں میں رقمِ مسلسل لگا دیا گیا ہے۔

۵۔ دو فہرستیں بڑی محنت سے تیار کی گئیں ہیں، اردو اور عربی فہرستیں، تا کہ عوام وخواص دونوں مستفید ہوسکیں۔

۶۔ نیز آیاتِ کریمہ اور احادیثِ شریفہ کی تخریج (حوالہ جات) کی گئی ہے۔

۷۔ مؤلفؒ نے بعض امور کو مکرر ذکر کیا تھا، ہم نے ان کو مختصر یا دوسرے میں مدغم کر دیا ہے۔

Marfat.com

۸۔ مؤلفؒ نے بعض امور میں طوالت سے کام لیا تھا۔ مثلاً موت کے متعلق ستانوے سطریں ذکر کیں تھیں ہم نے اسے اس طور پر مختصر کیا کہ اصل مضمون میں کوئی خلل واقع نہ ہو۔

بہر حال کتابِ ہذا دیگر بہت سی خصوصیات و امتیازات پر حاوی ہے، قارئینِ کرام اس کا صحیح اندازہ پڑھنے کے بعد ہی لگا سکیں گے، آخر میں بارگاہِ خداوندی میں دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ بیت العلوم کے ناظم'' برادرم مولانا محمد ناظم اشرف صاحب'' کو جزائے خیر عطا فرمائے جنہوں نے محض جذبۂ اشاعتِ دین کی خاطر بہت سی کتابیں اصلاحِ ناس کے لئے زیورِ طبع سے آراستہ و پیراستہ کرائیں۔ اللّٰھم زد فزد، نیز بندۂ احقر کے لئے کتابِ ھذا کو ذریعہ نجات اور باعثِ اجروثواب بنائے اور تمام مسلمانوں کو اس سے مستفید و مستفیض اور مستنیر فرمائے آمین یارب العالمین۔

احقر طالبِ دعا: خالد محمود عفا عنہ الغفور

استاذ جامعہ اشرفیہ لاہور

و(رکن) لجنۃ المصنفین

۲۷ رمضان المبارک ۱۴۲۳ھ/ ۳ دسمبر ۲۰۰۲ء

Marfat.com

# فہرست عنوانات

## (الف)


| | |
|---|---|
| ابراہیم علیہ السلام | ۳۷ |
| اونٹ | ۷۵ |
| ابلیس | ۷۵ |
| ابنوس کا درخت | ۷۵ |
| آلو بخارا | ۷۷ |
| اجنبی | ۷۷ |
| اینٹ | ۷۷ |
| احرام باندھنا | ۷۸ |
| ادریس علیہ السلام | ۷۸ |
| آدم علیہ السلام | ۷۸ |
| اذان | ۷۹ |
| ارمیا علیہ السلام | ۸۶ |
| اڑ درخت | ۸۶ |
| ازواج مطہراتؓ | ۸۷ |
| استحاضہ | ۸۸ |
| اناللہ پڑھنا | ۸۸ |
| استسقاء بیماری | ۸۸ |
| ادھار مانگنا | ۸۸ |
| اسحاق علیہ السلام | ۸۹ |
| اسرافیل علیہ السلام | ۹۱ |
| اسطرلاب | ۹۱ |
| اسطرلاب | ۹۶ |
| اسماعیل علیہ السلام | ۹۳ |
| اشنان بوٹی | ۹۳ |
| انگلی | ۹۳ |
| اطلاع پانا | ۹۶ |
| ادھار دینا | ۹۷ |
| اپنے کو اہمیت دینا | ۹۷ |
| اعتراف کرنا | ۹۷ |
| اعتکاف کرنا | ۹۷ |
| اُف کہنا | ۹۸ |
| اقرار کرنا | ۹۹ |
| اصرار کرنا | ۱۰۱ |
| اللہ تعالیٰ | ۱۰۱ |
| امام (نماز کا) | ۱۰۴ |
| امانت | ۱۰۵ |
| آنتیں | ۱۰۵ |
| انجیل | ۱۰۸ |
| انسان | ۱۰۸ |
| انفلوئنزا | ۱۱۰ |
| اہرامِ مصر | ۱۱۱ |
| ایمان لانا | ۱۱۲ |
| ایوب علیہ السلام | ۱۱۲ |
| اولے | ۱۲۳ |
| آلوچہ | ۱۲۶ |
| ایلچی | ۱۲۷ |
| آلہ موسیقی | ۱۲۸ |
| اونٹ | ۱۳۶ |
| آلو | ۱۴۹ |
| انڈا | ۱۵۲ |
| اِترا کر چلنا | ۱۵۸ |
| آزاد کرنا | ۱۶۱ |
| اسٹریچر | ۱۶۳ |
| اندازہ لگانا | ۱۶۴ |
| اوڑھنا | ۱۶۴ |
| اترنا | ۱۶۴ |
| انتظار کرنا | ۱۶۶ |
| آسانی | ۱۶۷ |
| التحیات پڑھنا | ۱۶۸ |
| ازار بند | ۱۷۱ |
| اکڑ کر چلنا | ۱۷۵ |
| اژدہا | ۱۷۷ |
| انجیر | ۱۸۱ |
| انکار کرنا | ۲۰۵ |
| ایک ترکاری | ۲۰۹ |
| اُجرت | ۲۱۳ |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| انگارہ | ۲۱۷ |
| اونٹ | ۲۱۸ |
| آواز بلند کرنا | ۲۲۶ |
| اخروٹ | ۲۳۰ |
| ابرو | ۲۳۳ |
| ابھارنا | ۲۳۸ |
| ایک دریائی جانور | ۲۴۷ |
| اسپند | ۲۴۷ |
| اعمال لکھنے والے فرشتے | ۲۵۵ |
| احمق | ۲۷۱ |
| انسان کا اٹھانا | ۲۷۱ |
| اونٹ کا بوجھ | ۲۷۱ |
| اندرائن پھل | ۲۷۳ |
| انگوٹھی | ۲۸۱ |
| اعضاء کی بے حسی | ۲۸۵ |
| اندازہ لگانا | ۲۸۸ |
| الماری | ۲۸۹ |
| ابابیل | ۲۹۳ |
| اولاد | ۲۹۷ |
| آڑو | ۳۰۲ |
| انگور کی بیل | ۳۰۹ |
| آہستہ آہستہ چلنا | ۳۱۱ |
| آٹا | ۳۲۴ |
| آٹا فروش | ۳۲۴ |

| | |
|---|---|
| آنسو | ۳۲۶ |
| آدمی | ۳۴۵ |
| آسودہ حالی | ۳۴۹ |
| الماری | ۳۵۷ |
| انار | ۳۶۲ |
| آشوبِ چشم | ۳۶۳ |
| اپاہج پن | ۳۷۹ |
| آبِ زمزم | ۳۷۹ |
| آرائش | ۳۸۴ |
| آگ جلانے والا | ۳۸۶ |
| آبپاشی کی نہر | ۳۸۷ |
| اسلحہ وہتھیار | ۴۱۲ |
| اسلحہ فروش | ۴۱۲ |
| آسمان | ۴۱۸ |
| اہرن | ۴۲۳ |
| آسانی | ۴۲۵ |
| ازار بند | ۴۶۰ |
| آنکھوں کی پلکیں | ۴۶۵ |
| اجتماعیت | ۴۷۱ |
| ایلوا | ۴۸۰ |
| آواز بازگشت | ۴۸۳ |
| ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ | ۴۸۵ |
| ازدواجی رشتہ دار | ۴۹۶ |
| اُون فروش | ۴۹۶ |

| | |
|---|---|
| آواز | ۴۹۷ |
| اُون | ۴۹۸ |
| آٹا پیسنے والا | ۵۱۲ |
| اونچا سننا | ۵۱۴ |
| اینٹیں بنانے والا | ۵۱۸ |
| اینٹ | ۵۱۸ |
| اڑنا | ۵۲۰ |
| اندھیرا | ۵۲۴ |
| آزاد کرنا | ۵۳۰ |
| آٹا گوندھنے والا | ۵۳۰ |
| اہل عجم | ۵۳۲ |
| انڈے کا آملیٹ | ۵۳۲ |
| انصاف کرنا | ۵۳۴ |
| انگور کی بیل | ۵۳۹ |
| انعام | ۵۴۶ |
| اولاد | ۵۴۸ |
| ایڑی | ۵۴۹ |
| اونٹ ہانکنے والا | ۵۵۱ |
| اندھا ہونا | ۵۵۳ |
| انگور | ۵۵۶ |
| اہل وعیال | ۵۶۰ |
| آنکھیں | ۵۶۲ |
| آنکھ کا تنکا | ۵۷۱ |
| اترانا | ۵۸۵ |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| اہل فارس | ۵۸۶ |
| اون کا بنا ہوا خیمہ | ۵۸۷ |
| اونٹنی یا گائے کا بچہ | ۵۸۹ |
| آزاد کرنا | ۵۹۱ |
| الگ الگ کرنا | ۵۹۱ |
| السی اکھاڑنے والا | ۶۱۶ |
| اروی | ۶۱۷ |
| انگشتانہ | ۶۲۱ |
| اوڑھنی | ۶۲۳ |
| امیر کا میر منشی | ۶۲۶ |
| اکزیما | ۶۲۶ |
| آسمان کی کمان | ۶۲۷ |
| اچار | ۶۳۳ |
| اچار والا | ۶۳۳ |
| آنکھ کا معالج | ۶۳۸ |
| اجوائن | ۶۴۰ |
| انگور کی بیل | ۶۴۱ |
| انگشتانہ | ۶۴۳ |
| آبجو | ۶۴۳ |
| آستین | ۶۴۹ |
| اینٹھن | ۶۵۷ |
| اصرار کرنا | ۶۵۷ |
| اونٹ کا باڑہ | ۶۷۳ |
| انگیٹھی | ۶۷۶ |

| | |
|---|---|
| اسٹریچر | ۶۷۸ |
| آزمائش | ۶۸۲ |
| اچار | ۶۸۳ |
| آبپاشی | ۶۹۳ |
| اوڑھنے کی چادر | ۷۱۶ |
| اونٹوں کا باڑہ | ۷۱۸ |
| آری | ۷۲۲ |
| انجینئر | ۷۲۵ |
| آپس میں مل کر کھانا | ۷۲۶ |
| ادب سکھانے والا | ۷۲۸ |
| اُسترا | ۷۲۹ |
| آگ | ۷۳۲ |
| انگوروں کا رکھوالا | ۷۳۴ |
| اونٹنی | ۷۳۴ |
| آٹا بیچنے والا | ۷۴۰ |
| آٹا چھاننے والا | ۷۴۰ |
| آواز دینا اور پکارنا | ۷۴۱ |
| اُترنا | ۷۴۲ |
| اچھلنا کودنا | ۷۴۵ |
| اونگھنا | ۷۴۶ |
| انڈے سے نکلا ہوا چوزہ | ۷۵۰ |
| اُلّو | ۷۵۸ |
| آنکھ کی پلکیں | ۷۵۹ |
| اہانت | ۷۶۳ |

| | |
|---|---|
| اونٹ کے بال | ۷۶۶ |
| امانت | ۷۷۰ |
| آگ جلانے والا | ۷۷۶ |
| اولاد | ۷۷۷ |
| آسانی وسہولت | ۷۸۳ |


## (ب)


| | |
|---|---|
| باپ | ۷۳ |
| بھٹی | ۷۶ |
| بچنا | ۷۷ |
| بے خوابی | ۸۶ |
| بدلنا | ۸۸ |
| بند کرنا | ۹۸ |
| بے ہوشی | ۹۸ |
| بچھانا | ۹۸ |
| بادشاہ کا تاج | ۱۰۰ |
| بکری کی سرین | ۱۰۳ |
| باندی | ۱۰۶ |
| برتن | ۱۰۷ |
| بدبو | ۱۰۷ |
| بیدار ہونا | ۱۰۷ |
| بطخ | ۱۱۱ |
| بارہ سنگھا | ۱۱۲ |
| بیگن | ۱۱۵ |
| باز | ۱۱۶ |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| باشہ | ۱۱۶ |
| بیچنے والا | ۱۱۷ |
| بیچنے والا | ۱۵۰ |
| بھاپ | ۱۲۰ |
| بخل کرنا | ۱۲۱ |
| بخور پودہ | ۱۲۱ |
| بدن | ۱۲۱ |
| بیج بونا | ۱۲۱ |
| بول و براز | ۱۲۲ |
| براق سواری | ۱۲۲ |
| برص کا مرض | ۱۲۵ |
| بجلی دیکھنا | ۱۲۶ |
| بیج ڈالنا | ۱۲۷ |
| بچھونا | ۱۲۸ |
| باغ | ۱۲۸ |
| بسم اللہ پڑھنا | ۱۳۰ |
| بدکار عورت | ۱۳۷ |
| بغض و نفرت | ۱۳۸ |
| بلیغ ہونا | ۱۴۲ |
| بلبل پرندہ | ۱۴۳ |
| بلغم | ۱۴۳ |
| بنات نعش | ۱۴۴ |
| بیٹی | ۱۴۶ |
| بندرگاہ | ۱۴۶ |

| | |
|---|---|
| بنفشہ | ۱۴۷ |
| بدحالی | ۱۴۷ |
| بگل | ۱۴۷ |
| بیت الخلاء | ۱۵۱ |
| بیت المقدس | ۱۵۱ |
| بھوسہ فروش | ۱۵۸ |
| بخل کرنا | ۱۷۰ |
| بھوسہ | ۱۵۹ |
| برہنہ ہونا | ۱۶۰ |
| بدہضمی | ۱۶۳ |
| باقلہ مصری | ۱۶۷ |
| بدبو | ۱۷۰ |
| بال اڑانے کا پوڈر ملنا | ۱۷۶ |
| بکرا | ۱۸۱ |
| بچوں سے محروم عورت | ۱۸۷ |
| برف فروش | ۱۸۷ |
| برف | ۱۸۷ |
| بیل | ۱۹۲ |
| باندی | ۱۹۶ |
| بھینسا | ۱۹۸ |
| بزدلی | ۲۰۳ |
| بکری کا بچہ | ۲۰۵ |
| بھٹی | ۲۰۶ |
| بہت کھینچنے والا | ۲۰۸ |

| | |
|---|---|
| بڑا چوہا | ۲۰۹ |
| بڑا برتن | ۲۱۴ |
| برف | ۲۱۶ |
| باغیچہ | ۲۲۵ |
| بھوک | ۲۳۱ |
| بادشاہ کا دربان | ۲۳۳ |
| بادشاہ کا محافظ | ۲۳۳ |
| بے وضو ہونا | ۲۴۴ |
| برتن | ۲۵۶ |
| بالی | ۲۶۱ |
| بردباری | ۲۶۱ |
| بخار | ۲۶۲ |
| بھینگا پن | ۲۷۵ |
| بید کا درخت | ۲۹۶ |
| بھونرا | ۳۰۲ |
| بیماری | ۳۰۸ |
| باجرہ | ۳۱۴ |
| بڑا موتی | ۳۱۸ |
| بھیڑیا | ۳۳۸ |
| برائی | ۳۵۰ |
| بلا و مصیبت | ۳۵۱ |
| برذون گھوڑی | ۳۶۴ |
| بٹن | ۳۷۳ |
| بوٹ | ۳۷۴ |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| بھڑ | ۳۷۵ |
| بانسری | ۳۷۸ |
| بانسری بجانا | ۳۷۹ |
| بھڑ | ۳۸۰ |
| بُغدا | ۳۸۵ |
| بازو | ۳۸۵ |
| بادل | ۳۹۴ |
| بکری کا بچہ | ۳۹۷ |
| بیری کے پتے بیچنے والا | ۳۹۷ |
| بیری کا درخت | ۳۹۷ |
| بدبودار پودہ | ۳۹۸ |
| بوٹ | ۴۰۰ |
| بیج دانہ | ۴۰۴ |
| بے وقوف ہونا | ۴۰۴ |
| برہنگی | ۴۱۲ |
| بادشاہ | ۴۱۴ |
| بیٹر | ۴۱۷ |
| بیٹر | ۴۱۸ |
| بالی | ۴۲۳ |
| بول کا درخت | ۴۲۴ |
| بلا جانور | ۴۲۴ |
| بے خوابی | ۴۲۵ |
| بھول جانا | ۴۲۵ |
| بازار | ۴۵۱ |

| | |
|---|---|
| بُرائی | ۴۵۳ |
| باغ وغیرہ پر باڑ لگانا | ۴۵۳ |
| بکری | ۴۵۷ |
| بالشت | ۴۵۸ |
| بھکاری | ۴۶۰ |
| بغض وعداوت | ۴۶۰ |
| بال | ۴۶۴ |
| بھوراپن | ۴۶۸ |
| بلندی | ۴۷۱ |
| بھنا ہوا گوشت | ۴۷۴ |
| بالوں کی سفیدی | ۴۷۶ |
| بوڑھا | ۴۷۶ |
| بچہ | ۴۸۰ |
| بچی | ۴۸۱ |
| بڑا برتن | ۴۸۱ |
| بیداری | ۴۸۲ |
| بلند عمارت | ۴۸۶ |
| بجلی کی کڑک چمک | ۴۸۷ |
| بہرہ پن | ۴۹۵ |
| بدبو | ۴۹۵ |
| بت | ۴۹۵ |
| بلا | ۴۹۸ |
| بھیڑ | ۵۰۲ |
| بچھو | ۵۰۲ |

| | |
|---|---|
| بالوں کو گوندھنا | ۵۰۶ |
| بھٹکنا | ۵۰۶ |
| باورچی | ۵۱۰ |
| بڑی پلیٹ | ۵۱۱ |
| بچہ | ۵۱۶ |
| بجھانا | ۵۱۶ |
| بوڑھی عورت | ۵۳۲ |
| بوری | ۵۳۴ |
| برہنہ ہونا | ۵۳۸ |
| بتابہ | ۵۴۳ |
| بازو | ۵۴۴ |
| بڑا ہونا | ۵۴۶ |
| بساطی | ۵۴۸ |
| بچھو | ۵۵۰ |
| بستہ خون | ۵۵۲ |
| بلند شانی | ۵۵۳ |
| بالا خانہ | ۵۵۳ |
| بلبل | ۵۵۶ |
| بکری | ۵۵۶ |
| بے حیا آدمی | ۵۶۰ |
| بڑا تھیلا | ۵۶۷ |
| بالا خانہ | ۵۶۷ |
| بے ہوشی | ۵۷۰ |
| بخشش ہونا | ۵۷۲ |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| بند کرنا | ۵۷۳ |
| بکریاں | ۵۷۴ |
| بادل | ۵۷۶ |
| بدکاری | ۵۸۱ |
| بھاگنا | ۵۸۳ |
| بستر | ۵۸۴ |
| بستر فروش | ۵۸۴ |
| بدنی کا کام کرنا | ۵۹۰ |
| بوتل | ۵۹۵ |
| بوسہ لینا | ۶۰۰ |
| بادِ صبا | ۶۰۰ |
| بیت المقدس | ۶۰۲ |
| بندر کا تماشا دکھانے والا | ۶۰۳ |
| بندر | ۶۰۵ |
| بالی | ۶۰۶ |
| بستی | ۶۰۸ |
| بدن کا لرزنا | ۶۰۹ |
| بانس | ۶۱۰ |
| بڑا پیالہ | ۶۱۱ |
| بلا | ۶۱۲ |
| بھٹ تیتر | ۶۱۳ |
| بیٹھنا | ۶۱۴ |
| بے آب و گیاہ زمین | ۶۱۵ |
| بے چینی | ۶۱۷ |

| | |
|---|---|
| بوتلیں بنانے والا | ۶۲۶ |
| بیڑی | ۶۲۹ |
| بیڑی لگنا | ۶۳۵ |
| بند گوبھی | ۶۴۲ |
| برائی سے باز آنا | ۶۴۶ |
| بیت الخلاء | ۶۵۱ |
| بٹوہ اور تھیلی | ۶۵۴ |
| برتن کو چاٹنا | ۶۵۸ |
| بے فائدہ بات | ۶۶۳ |
| بادام | ۶۶۷ |
| بیعت کرنا | ۶۷۳ |
| بیلچہ | ۶۷۵ |
| بیان کرنے والا | ۶۷۸ |
| بڑا سمندر | ۶۸۲ |
| بیت الخلاء | ۶۸۹ |
| بیماری | ۶۸۹ |
| بال جھڑنے کی بیماری | ۶۹۰ |
| بانسری | ۶۹۲ |
| بیت الخلاء | ۶۹۳ |
| بھکاری | ۶۹۳ |
| بوچڑ خانہ | ۶۹۶ |
| بڑی سوئی | ۶۹۶ |
| برتن مرمت کرنیوالا | ۶۹۸ |
| بارش | ۷۰۳ |

| | |
|---|---|
| بازوبند | ۷۰۶ |
| بیماروں کو اٹھانے کی چارپائی | ۷۲۴ |
| بھگوئی ہوئی کھجوروں کا شربت | ۷۲۴ |
| بیر | ۷۳۶ |
| بدبودار ہونا | ۷۳۷ |
| بڑھئی | ۷۳۸ |
| بن مانس | ۷۴۳ |
| بیلوں کا جوا | ۷۵۷ |
| بلا | ۷۶۱ |
| بلبل | ۷۶۱ |
| بلند زمین | ۷۶۲ |
| برتن | ۷۷۵ |
| بیداری | ۷۸۳ |
| بچھڑا | ۵۳۱ |


## (پ)


| | |
|---|---|
| پکی ہوئی اینٹ | ۷۷ |
| پیشاب کی نالی | ۷۸ |
| پانی کی نالی | ۸۴ |
| پناہ مانگنا | ۸۸ |
| پنیر | ۹۹ |
| پنیر | ۱۱۰ |
| پائے | ۹۹ |
| پھنسی | ۱۱۸ |
| پالان | ۹۹ |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| پلٹنا | ۱۱۰ |
| پالان بنانے والا | ۱۲۲ |
| پانی کی نالی | ۱۲۲ |
| پِسو | ۱۲۵ |
| پانی کا تالاب | ۱۲۷ |
| پیاز | ۱۳۳ |
| پادری | ۱۳۳ |
| پیٹ | ۱۳۳ |
| پانی کا سیاہ کیڑا | ۱۴۳ |
| پیشاب | ۱۴۸ |
| پرکار | ۱۵۴ |
| پاخانہ کرنا | ۱۵۹ |
| پیشاب کرنا | ۱۵۹ |
| پستان | ۱۸۳ |
| پھل | ۱۸۸ |
| پیالہ | ۱۹۶ |
| پنیر فروش | ۱۹۹ |
| پہاڑ | ۲۰۰ |
| پیشانی | ۲۰۴ |
| پل | ۲۱۲ |
| پتھریلی جگہ | ۲۱۲ |
| پانی سے خالی بادل | ۲۱۳ |
| پلکیں | ۲۱۴ |
| پیتل کو چمکانے والا | ۲۱۴ |

| | |
|---|---|
| پَر | ۲۲۱ |
| پچھنے لگانا | ۲۳۹ |
| پتھر | ۲۴۱ |
| پہرہ داری | ۲۴۶ |
| پیٹی کسنے والا | ۲۴۸ |
| پہاڑوں کی کھدائی کرنے والا | ۲۵۵ |
| پوست کا پودہ | ۲۹۰ |
| پہرہ دار | ۲۹۵ |
| پازیب | ۲۹۶ |
| پچھواہوا | ۳۱۲ |
| پیتل کی دیگ | ۳۲۰ |
| پانی کا سیاہ کیڑا | ۳۲۱ |
| پھوڑا پھنسی | ۳۲۷ |
| پہنچی | ۳۲۷ |
| پرندہ کا بیٹ کرنا | ۳۳۵ |
| پیادہ | ۳۳۹ |
| پاؤں | ۳۴۶ |
| پالان | ۳۴۹ |
| پکی ہوئی تازہ کھجور | ۳۵۳ |
| پتلی روٹی | ۳۵۸ |
| پرندہ کا پَر | ۳۶۹ |
| پھیپھڑا | ۳۶۹ |
| پچتیں | ۳۷۳ |
| پھول | ۳۸۱ |

| | |
|---|---|
| پارہ | ۳۸۳ |
| پنڈلی | ۳۸۶ |
| پردہ | ۳۹۱ |
| پنڈال | ۳۹۹ |
| پائجامہ | ۴۰۱ |
| پھانکنا | ۴۰۳ |
| پانی پلانے والا | ۴۰۷ |
| پیتل | ۴۵۸ |
| پینا | ۴۶۲ |
| پہاڑ کا راستہ | ۴۶۴ |
| پراگندہ بال | ۴۶۴ |
| پھندنے والا | ۴۶۲ |
| پلکوں کی جڑ | ۴۶۷ |
| پادری | ۴۶۹ |
| پھانسی دینا | ۴۷۲ |
| پھیرنے والا | ۴۷۸ |
| پل صراط | ۴۸۶ |
| پیتل کا کام کرنے والا | ۴۸۸ |
| پیتل | ۴۸۸ |
| پانی کا حوض | ۴۹۶ |
| پسلی | ۵۰۶ |
| پکانا | ۵۱۱ |
| پلیٹ والا | ۵۱۱ |
| پرغلاف | ۵۲۰ |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| پرندے فروخت کرنے والا | ۵۲۲ |
| پیاسا ہونا | ۵۲۴ |
| پشت | ۵۲۵ |
| پپیہہ | ۵۳۰ |
| پاخانہ | ۵۳۵ |
| پیش کرنا | ۵۳۷ |
| پسینہ | ۵۳۸ |
| پٹھا | ۵۴۲ |
| پیاسا ہونا | ۵۴۵ |
| پگڑی | ۵۵۳ |
| پھوپھی | ۵۵۴ |
| پاخانہ کرنا | ۵۶۵ |
| پہاڑی کوا | ۵۶۶ |
| پردہ | ۵۷۰ |
| پانی میں غوطہ لگانا | ۵۷۵ |
| پھل فروش | ۵۷۸ |
| پھل | ۵۷۸ |
| پھاڑنا | ۵۸۰ |
| پوستین | ۵۸۵ |
| پرکار | ۵۸۵ |
| پستہ کا درخت | ۵۸۷ |
| پیسہ | ۵۹۱ |
| پیالہ | ۶۰۱ |
| پاؤں | ۶۰۲ |

| | |
|---|---|
| پھینکنا | ۶۰۳ |
| پڑھنا | ۶۰۴ |
| پادری | ۶۰۹ |
| پیشاب کے قطرے | ۶۱۲ |
| پنجرے بنانے والا | ۶۱۴ |
| پنجرہ | ۶۱۵ |
| پارچہ فروش | ۶۱۹ |
| پیتل کا برتن | ۶۲۱ |
| پانی کی نالی | ۶۲۳ |
| پل | ۶۲۵ |
| پیپ | ۶۲۹ |
| پیالہ | ۶۳۲ |
| پائے | ۶۳۹ |
| پیمانہ سے ناپنا | ۶۵۴ |
| پیسنا اور باریک کرنا | ۶۵۷ |
| پانی | ۶۷۰ |
| پالکی | ۶۸۲ |
| پتا | ۶۸۶ |
| پاؤں سوجنے کی بیماری | ۶۹۰ |
| پیوندکار | ۶۹۰ |
| پنکھا | ۶۹۱ |
| پرنالہ | ۶۹۱ |
| پیمائش کرنے والا | ۶۹۲ |
| پھاوڑا | ۷۰۷ |

| | |
|---|---|
| پڑھانے والا | ۷۱۱ |
| پانی کی مقدار معلوم کرنے کا آلہ | ۷۱۳ |
| پیمانہ | ۷۱۵ |
| پکارنا | ۷۱۸ |
| پکارنے والا | ۷۱۹ |
| پرندے کی چونچ | ۷۲۲ |
| پٹی | ۷۲۲ |
| پھونکنی | ۷۲۳ |
| پانی کی نہر | ۷۲۸ |
| پرنالہ | ۷۳۰ |
| پیشانی کے بال | ۷۳۴ |
| پیغمبر | ۷۳۶ |
| پیتل و تانبا | ۷۳۸ |
| پھونک مارنا | ۷۴۸ |
| پھونکنا | ۷۴۸ |
| پٹرول | ۷۴۸ |
| پریشانی | ۷۶۳ |
| پست زمین | ۷۶۴ |
| پہاڑی بکرا | ۷۷۵ |
| پانی میں گرنا | ۷۷۶ |


(ت)


| | |
|---|---|
| تکلیف دہ چیز | ۷۹ |
| تہہ بند | ۸۶ |
| تھکنا | ۹۸ |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| توجہ کرنا | ۱۰۰ |
| توتلا | ۱۰۱ |
| تالاب | ۱۲۰ |
| ترکی گھوڑا | ۱۲۴ |
| تھوک | ۱۳۲ |
| تربوز | ۱۳۴ |
| تربوز فروش | ۱۳۵ |
| تعمیر کرنا | ۱۴۴ |
| تابعین کرامؒ | ۱۵۶ |
| تاج | ۱۵۶ |
| تاجر | ۱۵۷ |
| تاجر | ۱۶۰ |
| تفسیر کرنا | ۱۵۸ |
| تجارت | ۱۶۰ |
| تجوید سے قرآن پڑھنا | ۱۶۰ |
| تخت | ۱۶۳ |
| تدبیر کرنا | ۱۶۴ |
| ترتیل کے ساتھ پڑھنا | ۱۶۰ |
| ترکش | ۱۶۷ |
| ترنجبین | ۱۶۷ |
| تریاق | ۱۶۷ |
| تسبیح کرنا | ۱۶۸ |
| تعزیت | ۱۶۹ |
| تعویذ کرنا | ۱۷۰ |

| | |
|---|---|
| تکبر کرنا | ۱۷۱ |
| تلاوت کرنا | ۱۷۱ |
| تھتھلانا | ۱۷۳ |
| تیل ملنا | ۱۷۴ |
| تنور | ۱۷۶ |
| تعلق ترک کرنا | ۱۷۷ |
| تعلق جوڑنا | ۱۷۸ |
| تواضع کرنا | ۱۷۹ |
| توبہ کرنا | ۱۷۹ |
| تورات | ۱۸۰ |
| توکل کرنا | ۱۸۰ |
| تیمم کرنا | ۱۸۱ |
| تکلے کی پھرکی | ۱۸۱ |
| تھیلا | ۲۰۶ |
| ترکش | ۲۱۳ |
| تعلق ازدواجی کرنا | ۲۱۶ |
| ترش روئی سے پیش آنا | ۲۲۶ |
| تھیلی | ۲۲۴ |
| تھیلا ساز | ۲۲۹ |
| تراشیدہ پتھر | ۲۴۳ |
| تلوار کی پٹی | ۲۷۰ |
| تعریف کرنا | ۲۷۰ |
| ترش پودا | ۲۷۰ |
| تالو | ۲۷۴ |

| | |
|---|---|
| توشہ دان | ۲۸۷ |
| تیتر | ۳۱۵ |
| تریاق | ۳۲۰ |
| تپ دق | ۳۲۳ |
| تیل | ۳۲۸ |
| تیج پات | ۳۵۱ |
| تیر وغیرہ چلانا | ۳۶۴ |
| توشہ | ۳۷۰ |
| تیراکی | ۳۸۹ |
| تسبیح | ۳۹۰ |
| تہہ خانہ | ۳۹۹ |
| تل | ۴۲۰ |
| تیر | ۴۲۵ |
| تلوں کا تیل | ۴۵۳ |
| تلوار | ۴۵۴ |
| تسمہ ساز | ۴۵۵ |
| تلوار ساز | ۴۵۵ |
| تیج پات | ۴۵۸ |
| تلوں کا تیل | ۴۷۷ |
| تندرستی | ۴۸۲ |
| تھیلی | ۴۸۷ |
| تھپڑ مارنا | ۴۸۹ |
| تیز تلوار | ۴۹۵ |
| تلوار ساز | ۵۱۱ |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| تلی | ۵۱۲ |
| تلاش کرنا | ۵۱۷ |
| تانبے کی ہانڈی | ۵۱۸ |
| تلوار کی دھار | ۵۲۳ |
| ترش روئی | ۵۲۹ |
| تیرنا | ۵۶۰ |
| تالاب | ۵۶۶ |
| تلوار کی میان | ۵۷۳ |
| تتلی | ۵۸۳ |
| تنور | ۵۸۶ |
| تربوز کی ایک قسم | ۵۹۰ |
| تولیہ | ۵۹۳ |
| تیندوا | ۵۹۳ |
| تارکول | ۶۱۳ |
| تالا | ۶۱۵ |
| تکبر | ۶۳۴ |
| تھکنا | ۵۴۶ |
| ترکش | ۶۵۰ |
| تھپڑ مارنا | ۶۶۲ |
| تانبے یا پیتل کا بڑا تھال | ۶۶۵ |
| تختی | ۶۶۶ |
| ترک کرنے کی جگہ | ۶۷۳ |
| تجارت گاہ | ۶۷۴ |
| تکیہ | ۶۷۴ |
| تسبیح | ۶۹۳ |
| تصویر بنانے والا | ۷۰۲ |
| تعلیمی ادارہ | ۷۰۷ |
| تالا | ۶۰۸ |
| تبادلہ | ۷۱۰ |
| تلی ہوئی چیز | ۷۱۲ |
| تعلیم گاہ | ۷۱۳ |
| ترنجبین | ۷۱۸ |
| ترازو والا | ۷۲۶ |
| ترازو | ۷۳۰ |
| تیر ساز | ۷۳۵ |
| تانبا بیچنے والا | ۷۳۹ |
| تیر | ۷۴۴ |
| تیر بنانے والا | ۷۴۴ |
| تلوار یا چھری کا پھل | ۷۴۵ |
| توڑنے والا | ۷۴۹ |
| ترکِ تعلق | ۷۵۹ |
| تنہائی | ۷۶۹ |
| تکیہ | ۷۷۲ |

(ٹ)

| | |
|---|---|
| ٹالنا | ۱۵۷ |
| ٹالنا | ۱۶۸ |
| ٹیلہ | ۱۷۱ |
| ٹھنڈا سانس بھرنا | ۱۷۵ |
| ٹڈی | ۲۰۷ |
| ٹٹولنا | ۲۱۱ |
| ٹھوڑی | ۳۳۵ |
| ٹیلہ | ۳۳۹ |
| ٹکر مارنا | ۳۵۳ |
| ٹھوکر لگنا | ۳۷۸ |
| ٹوکری | ۳۸۰ |
| ٹوکری | ۴۰۴ |
| ٹوکریاں بنانے والا | ۴۱۲ |
| ٹوپی وغیرہ کا پھندنا | ۴۶۱ |
| ٹھوکر لگنا | ۵۳۰ |
| ٹوپیوں والا | ۶۱۶ |
| ٹوپی | ۶۱۸ |
| ٹخنہ | ۶۴۴ |
| ٹال مٹول کرنا | ۷۱۷ |
| ٹکر مارنا | ۷۲۰ |

(ث)

| | |
|---|---|
| ثابت قدمی | ۱۸۳ |
| ثریا ستارے | ۱۸۵ |
| ثرید | ۱۸۵ |

(ج)

| | |
|---|---|
| جھولا | ۸۲ |
| جھولا | ۸۳ |
| جلدی کرنا | ۹۱ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| جھیل | ۱۲۰ |
| جنگلی گائے | ۱۴۰ |
| جنگلی گائے | ۱۹۹ |
| جوان اونٹنی | ۱۴۲ |
| جھنڈا | ۱۴۶ |
| جانوروں کا علاج کرنے والا | ۱۵۲ |
| جدائی | ۱۵۵ |
| جمائی لینا | ۱۵۹ |
| جاسوس | ۱۹۶ |
| جامع مسجد | ۱۹۷ |
| جن | ۱۹۸ |
| جن | ۲۲۰ |
| جبریل علیہ السلام | ۱۹۹ |
| جبہ | ۲۰۴ |
| جسم | ۲۰۵ |
| جراح | ۲۰۹ |
| جزیہ یا ٹیکس | ۲۱۱ |
| جسارت کرنا | ۲۱۱ |
| جاسوس | ۲۱۱ |
| جسم | ۲۱۲ |
| جلاد | ۲۱۴ |
| جماعت | ۲۱۶ |
| جمع کرنا | ۲۱۷ |
| جمعۃ المبارک | ۲۱۷ |
| جنازہ | ۲۲۱ |

| | |
|---|---|
| جنابت پیش آنا | ۲۲۱ |
| جرم کرنا | ۲۲۲ |
| جنت | ۲۲۳ |
| جہاد | ۲۲۶ |
| جدوجہد کرنا | ۲۲۶ |
| جہالت | ۲۲۷ |
| جہنم | ۲۲۷ |
| جراب | ۲۳۰ |
| جوہری | ۲۳۲ |
| جانور کا کھر | ۲۳۳ |
| جلاہا | ۲۳۶ |
| جوتا | ۲۴۶ |
| جوتا ساز | ۲۴۶ |
| جمرات کی کنکریاں | ۲۵۰ |
| جانوروں کا دودھ دھونا | ۲۵۹ |
| جنگلی گدھا | ۲۶۵ |
| جھگڑا | ۲۹۰ |
| جانشین | ۲۹۷ |
| جاہلیت کا دفینہ | ۳۲۳ |
| جھاڑ پھونک کرنے والا | ۳۴۲ |
| جھنڈا | ۳۴۳ |
| جہاز کا کپتان | ۳۴۴ |
| جھاڑ پھونک کرنا | ۳۵۹ |
| جلیبی | ۳۷۷ |
| جلیبی بیچنے والا | ۳۷۷ |

| | |
|---|---|
| جادوگر | ۳۸۵ |
| جائے نماز | ۳۹۱ |
| جیل | ۳۹۱ |
| جوان مرد | ۴۵۶ |
| جوان عورت | ۴۵۶ |
| جال و پھندا | ۴۵۸ |
| جرابیں بنانے والا | ۴۶۱ |
| جَو | ۴۶۶ |
| جوڑا | ۴۶۷ |
| جھانجھ بجانے والا | ۴۹۵ |
| جوؤں کے انڈے | ۵۰۰ |
| جسمانی تکلیف | ۵۰۳ |
| جیب کترا | ۵۱۳ |
| جھومنا | ۵۱۳ |
| جھاؤ کا درخت | ۵۱۴ |
| جلدی کرنا | ۵۳۱ |
| جفت عدد | ۵۳۴ |
| جنگلی پیاز | ۵۵۷ |
| جنگل | ۵۶۴ |
| جھاؤ کا درخت | ۵۷۱ |
| جال | ۵۸۲ |
| جدائی | ۵۸۴ |
| جھوٹ گھڑنا | ۵۸۷ |
| جَو کی شراب | ۵۹۰ |
| جَو کی شراب بیچنے والا | ۵۹۰ |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| جانور کا سینگ | ۶۰۸ |
| جانوروں کی اون وغیرہ کترنے والا | ۶۱۰ |
| جُوا بازی | ۶۱۹ |
| جُوں | ۶۲۱ |
| جھوٹ بولنا | ۶۳۹ |
| جھاڑو دینا | ۶۵۱ |
| جسم کو داغ دینا | ۶۵۳ |
| جھنڈا | ۶۶۶ |
| جھگڑنا | ۶۷۵ |
| جماع کرنا | ۶۷۵ |
| جلد ساز | ۶۷۵ |
| جلد والی کتاب | ۶۷۶ |
| جھگڑا کرنا | ۶۸۲ |
| جانور کا پنجہ | ۶۸۳ |
| جھولا | ۶۸۹ |
| جوش دی ہوئی چیز | ۶۹۶ |
| جوانی کے ایام کا ذکر کرنے والا | ۶۹۷ |
| جنازگاہ | ۷۰۲ |
| جھگڑالو | ۷۰۷ |
| جدائی | ۷۰۹ |
| جنگل بیابان | ۷۰۹ |
| جھاڑو | ۷۱۴ |
| جھگڑا کرنا | ۷۱۹ |
| جنگلی گائے اور بیل | ۷۲۴ |

| | |
|---|---|
| جھولا | ۷۲۵ |
| جنگ | ۷۳۰ |
| جلنے کے قریب جانور | ۷۳۷ |
| جواہرات بکھیرنا | ۷۳۷ |
| جوان مرد | ۷۳۸ |
| جوتا | ۷۴۷ |
| جلاوطنی | ۷۴۸ |
| جنت میں پانی کی نہر | ۷۵۴ |
| جوش میں آنا | ۷۶۴ |
| جنگلی جانور | ۷۶۹ |
| جنگلی چوہا | ۷۸۲ |
| جنگلی کبوتر | ۷۸۳ |


(چ)


| | |
|---|---|
| چھپانا | ۷۸ |
| چادر | ۸۳ |
| چاول | ۸۳ |
| چوری سے سننا | ۸۸ |
| چت لیٹنا | ۸۹ |
| چھت | ۹۱ |
| چودھویں کا چاند | ۱۲۱ |
| چھپکلی | ۱۲۷ |
| چولھا | ۱۷۷ |
| چھینا | ۱۷۸ |
| چکی | ۱۹۶ |
| چونا فروش | ۱۹۸ |
| چونا فروش | ۲۱۳ |
| چونا | ۲۰۰ |
| چیچک | ۲۰۵ |
| چیخ و پکار | ۲۱۵ |
| چلغوزہ | ۲۱۶ |
| چمڑے کا مٹکا | ۲۳۱ |
| چکی کا پاٹ | ۲۴۱ |
| چمڑے کی ڈھال | ۲۴۳ |
| چکور | ۲۴۳ |
| چیل | ۲۴۳ |
| چوکیدار | ۲۴۶ |
| چٹائی | ۲۵۲ |
| چٹائی فروش | ۲۵۲ |
| چنا | ۲۷۰ |
| چھلا | ۲۸۹ |
| چاند گہن | ۲۸۹ |
| چمگادڑ | ۲۹۵ |
| چھچھوندر | ۲۹۷ |
| چاپ | ۳۱۱ |
| چمڑے کی ڈھال | ۳۱۸ |
| چبوترہ | ۳۲۲ |
| چنار کا درخت | ۳۲۴ |
| چرخی | ۳۳۰ |
| چیونٹی | ۳۳۵ |
| چوٹی | ۳۳۷ |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| چرواہا | ۳۴۲ |
| چکی | ۳۴۷ |
| چادر | ۳۵۰ |
| چاول فروش | ۳۵۱ |
| چھینٹیں | ۳۵۲ |
| چھوٹی کنکریاں | ۳۵۳ |
| چمڑے کا پانی پینے کا برتن | ۳۶۱ |
| چقندر جیسی کھٹی میٹھی سبزی | ۳۶۷ |
| چقماق سے آگ نکالنا | ۳۸۱ |
| چور | ۳۸۵ |
| چھپکلی | ۳۸۸ |
| چراغ | ۳۹۸ |
| چوری | ۴۰۰ |
| چارپائی | ۴۰۲ |
| چھت | ۴۰۸ |
| چاقو چھری بنانے والا | ۴۰۹ |
| چینی | ۴۱۰ |
| چھری چاقو | ۴۱۱ |
| چقندر | ۴۱۶ |
| چلنا | ۴۵۳ |
| چمڑے کا تسمہ | ۴۵۴ |
| چربی | ۴۶۰ |
| چنگاری | ۴۶۲ |
| چٹان | ۴۸۲ |
| چیخ وشور | ۴۸۵ |

| | |
|---|---|
| چمڑا فروش | ۴۸۶ |
| چڑھنا | ۴۸۸ |
| چھوٹی چڑیا | ۴۸۸ |
| چکاوک | ۴۸۹ |
| چہرہ پر طمانچہ مارنا | ۴۹۰ |
| چوزہ | ۴۹۸ |
| چیخ وپکار | ۵۰۰ |
| چکی | ۵۰۹ |
| چھوٹا نیزہ | ۵۱۳ |
| چوغا | ۵۲۱ |
| چادر | ۵۲۸ |
| چڑیا | ۵۴۳ |
| چھینک مارنا | ۵۴۵ |
| چارہ فروش | ۵۵۲ |
| چوندھیانا | ۵۵۴ |
| چشمہ | ۵۶۱ |
| چھلنی | ۵۶۷ |
| چوہا | ۵۷۷ |
| چراغ کی بتی | ۵۸۱ |
| چوزہ | ۵۸۷ |
| چاندی | ۵۸۹ |
| چرخے کا ٹکڑا | ۵۹۲ |
| چنڈول | ۵۹۹ |
| چیچڑی | ۶۰۳ |
| چسکی بھرنا | ۶۰۵ |

| | |
|---|---|
| چھلانگ لگانا | ۶۱۵ |
| چاند | ۶۱۹ |
| چولہا | ۶۳۳ |
| چکوترہ | ۶۳۴ |
| چادر | ۶۴۲ |
| چور | ۶۶۲ |
| چوسر کا کھیل | ۶۶۳ |
| چاٹنا | ۶۶۳ |
| چھوٹے گناہ | ۶۶۵ |
| چراغ دان | ۶۷۰ |
| چھوٹا کمرہ | ۶۸۲ |
| چمڑا صاف کرنے کا کارخانہ | ۶۸۴ |
| چراگاہ | ۶۸۸ |
| چھوٹا نیزہ | ۶۹۲ |
| چراغ | ۶۹۵ |
| چلنا | ۶۹۹ |
| چوسنا | ۷۰۰ |
| چھلنی | ۷۰۲ |
| چبانا | ۷۰۳ |
| چوزوں کا کارخانہ | ۷۰۵ |
| چارہ کی جگہ | ۷۰۷ |
| چرخے بنانے والا | ۷۰۸ |
| چابی | ۷۰۹ |
| چپو | ۷۱۱ |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| چٹائی | ۷۲۱ |
| چونچ | ۷۲۳ |
| چٹو | ۷۲۵ |
| چشمہ | ۷۳۶ |
| چھری چاقو کا دستہ | ۷۴۴ |
| چمڑے کا بستر | ۷۴۵ |
| چغل خور | ۷۵۱ |
| چیتا | ۷۵۱ |
| چہرے پر داغ یا نشان | ۷۵۱ |
| چیونٹی | ۷۵۱ |
| چاند | ۷۶۲ |
| چہرا رنگ لگانا | ۷۶۷ |
| چہرہ | ۷۶۷ |
| چھپکلی | ۷۷۲ |
| چمگادڑ | ۷۷۴ |
| چنبیلی کا پودا | ۷۷۹ |

(ح)

| | |
|---|---|
| حقنہ استعمال کرنا | ۷۷ |
| حاکم کے خدام | ۹۷ |
| حاکم | ۱۰۵ |
| حاکم | ۱۰۶ |
| حملہ کرنا | ۱۱۰ |
| حج میں لبیک کہنا | ۱۴۲ |
| حرف تا بولنے میں | ۱۵۶ |
| تھتلانا | |

| | |
|---|---|
| حقیر جاننا | ۱۷۷ |
| حرکت کرنا | ۱۹۴ |
| حجام | ۲۱۱ |
| حاکم | ۲۳۴ |
| حج کرنا | ۲۳۸ |
| حجرِ اسماعیل علیہ السلام | ۲۴۲ |
| حجرِ اسود | ۲۴۲ |
| حد (سزا) | ۲۴۳ |
| حسد کرنا | ۲۴۸ |
| حالت نزع | ۲۴۹ |
| حق بات | ۲۵۶ |
| حجام | ۲۵۷ |
| حلال کمانا | ۲۵۹ |
| حلف اٹھانا | ۲۶۰ |
| حلق | ۲۶۰ |
| حلقہ | ۲۶۱ |
| حلوا | ۲۶۱ |
| حمام والا | ۲۶۹ |
| حاملین عرش فرشتے | ۲۷۲ |
| حضرت حوا علیہا السلام | ۲۷۹ |
| حوض | ۴۲۵ |
| حیا و شرم | ۴۷۵ |
| حیرانگی | ۴۷۶ |
| حیض | ۴۷۶ |

| | |
|---|---|
| حرارت | ۴۷۵ |
| حوض | ۵۸۸ |
| حلف برداری | ۶۰۹ |
| حمام کی بھٹی | ۶۲۳ |
| حمام کا متولی | ۶۳۰ |
| حملہ کرنا | ۶۳۹ |
| حلق کا کوا | ۶۶۶ |
| حساب لینے والا | ۶۷۷ |
| حقیر و ذلیل ہونا | ۶۸۶ |
| حالتِ نزع | ۷۱۸ |
| حقارت | ۷۲۴ |
| حالتِ نزع | ۷۴۲ |
| حقِ ولاء | ۷۷۷ |

(خ)

| | |
|---|---|
| خوف دلانا | ۸۶ |
| خرگوش | ۸۶ |
| خصیتین | ۱۰۷ |
| خوش ہونا | ۱۰۹ |
| خرچ کرنا | ۱۱۰ |
| خلاصی پانا | ۱۲۲ |
| خوش ہونا | ۱۳۲ |
| خچر | ۱۳۷ |
| خانہ کعبہ | ۱۵۱ |
| خود | ۱۵۲ |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| خرید وفروخت | ۱۵۳ |
| چیزوں کا بدلنا | ۱۶۱ |
| خلال کرنا | ۱۶۳ |
| خراب اور برباد کرنا | ۱۷۲ |
| خارش | ۲۰۹ |
| خشک ہونا | ۲۱۳ |
| خوبصورتی | ۲۱۷ |
| خریدار | ۲۲۹ |
| خوشبودار پودہ | ۲۳۷ |
| خسرہ کا مرض | ۲۵۱ |
| خارش | ۲۵۶ |
| ختنہ کرنے والا | ۲۸۱ |
| خانقاہ | ۲۸۲ |
| خیمہ | ۲۸۳ |
| ختنہ | ۲۸۵ |
| خراش | ۲۸۶ |
| خراد کا کام کرنے والا | ۲۸۷ |
| خسارہ ہونا | ۲۸۹ |
| خصی ہونا | ۲۹۰ |
| خضاب کرنا | ۲۹۱ |
| خضر علیہ السلام | ۲۹۲ |
| خطیب | ۲۹۳ |
| خلاصی حاصل ہونا | ۲۹۶ |
| خلال | ۲۹۶ |

| | |
|---|---|
| خلال فروش | ۲۹۶ |
| خلع کرنا | ۲۹۷ |
| خلیج | ۲۹۷ |
| خناق مرض | ۳۰۰ |
| خنجر | ۳۰۱ |
| خندق | ۳۰۱ |
| خنزیر | ۳۰۱ |
| خُود | ۳۰۲ |
| خوف وخطرہ | ۳۰۲ |
| خیانت | ۳۰۳ |
| خیمہ | ۳۰۷ |
| خون | ۳۲۵ |
| خط | ۳۵۱ |
| خواب | ۳۶۶ |
| خوشبودار پودہ | ۳۶۸ |
| خوف ناک آواز | ۳۷۹ |
| خودپسندی | ۳۸۲ |
| خوش ہونا | ۴۰۱ |
| خراب چیزیں بیچنے والا | ۴۰۸ |
| خریدنا | ۴۶۲ |
| خالص شراب | ۴۸۵ |
| خوشبو | ۵۲۰ |
| خودپسندی | ۵۳۰ |
| خوب رو | ۵۶۷ |

| | |
|---|---|
| خالص مٹی بیچنے والا | ۵۷۱ |
| خراٹے لینا | ۵۷۱ |
| خرچ سے ہاتھ کھینچنا | ۵۹۹ |
| خشک آڑو | ۶۰۳ |
| خون کا بدلہ | ۶۲۶ |
| خوش آواز پرندہ | ۶۵۰ |
| خزانہ | ۶۵۰ |
| خلاصہ | ۶۵۵ |
| خوب جمع کرنا | ۶۶۵ |
| خرچ کرنا | ۶۸۳ |
| خط وکتابت | ۶۸۷ |
| خریدار | ۶۹۷ |
| خوبانی | ۶۹۹ |
| خوابوں کی تعبیر بیان کرنے والا | ۷۰۵ |
| خُود | ۷۰۸ |
| خرچ کرنا | ۷۴۸ |
| خاردار درخت | ۷۶۱ |
| خوشگوار ہونا | ۷۶۳ |
| خشک ہونا | ۷۸۰ |


(د)


| | |
|---|---|
| درخت پھولوں والا | ۸۲ |
| دور کرنا | ۷۵ |
| دیمک | ۸۶ |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| درخت آس | ۸۷ |
| درندہ | ۸۹ |
| دروازے کی دہلیز | ۹۲ |
| دست آنا | ۹۳ |
| دروازہ | ۱۱۴ |
| دخانی جہاز | ۱۱۵ |
| دو ہاتھ کے پھیلاؤ کے بقدر | ۱۱۷ |
| دریا | ۱۱۸ |
| دلیل دینا | ۱۲۷ |
| درخت بُن | ۱۳۳ |
| دور ہونا | ۱۳۵ |
| درخت بلوط | ۱۴۳ |
| درخت بندق | ۱۴۶ |
| دربان | ۱۴۷ |
| دھونی لینا | ۱۵۸ |
| دانت | ۱۸۹ |
| دانتوں کا گرنا | ۱۶۷ |
| دانت سے کاٹنا | ۱۶۹ |
| دھمکی دینا | ۱۷۸ |
| درخت شہتوت | ۱۷۹ |
| دولت مندی | ۱۸۴ |
| دیوار | ۲۰۵ |
| دلیر ہونا | ۲۰۸ |
| درخت کھجور کی شاخ | ۲۱۰ |

| | |
|---|---|
| درخت گولر | ۲۲۰ |
| دیوانگی | ۲۲۵ |
| دریائے آمون | ۲۳۲ |
| دکان | ۲۳۴ |
| دیوار | ۲۳۵ |
| دوپٹہ | ۲۳۹ |
| دھوکہ | ۲۸۵ |
| دُنبہ | ۲۸۸ |
| دشمن | ۲۹۰ |
| دوپٹہ | ۲۹۸ |
| درزی | ۳۰۳ |
| دھاگہ | ۳۰۳ |
| دانیال علیہ السلام | ۳۱۰ |
| داؤد علیہ السلام | ۳۱۰ |
| دایہ | ۳۱۰ |
| دباغت دینے والا | ۳۱۱ |
| دبر | ۳۱۲ |
| دجّال | ۳۱۳ |
| دریائے دجلہ | ۳۱۳ |
| دھواں | ۳۱۳ |
| دُرّہ | ۳۱۸ |
| درہم | ۳۱۹ |
| دُعا | ۳۲۱ |
| دعوتِ طعام | ۳۲۱ |

| | |
|---|---|
| دفن کرنا | ۳۲۲ |
| دلالی کرنے والا | ۳۲۴ |
| دُلفین مچھلی | ۳۲۵ |
| دماغ | ۳۲۶ |
| دنیا | ۳۲۷ |
| دہلیز | ۳۲۸ |
| دوات | ۳۲۹ |
| دوا | ۳۲۹ |
| دینار | ۳۳۲ |
| دُم | ۳۳۶ |
| دھرانے والا | ۳۵۰ |
| دودھ پینا | ۳۵۲ |
| دکھاوا | ۳۶۶ |
| دھوکہ باز | ۳۷۶ |
| دنیا سے بے رغبتی | ۳۸۱ |
| درخت زیتون | ۳۸۴ |
| درندہ | ۳۹۰ |
| دسترخوان | ۴۰۴ |
| دروازہ کی چٹخنی | ۴۰۷ |
| دانتوں کا گرنا | ۴۰۹ |
| درگزر کرنا | ۴۱۸ |
| دلّال | ۴۲۰ |
| دانت | ۴۲۲ |
| درخت | ۴۵۹ |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| دھار | ۴۶۷ |
| دیودار کا درخت | ۴۷۵ |
| دردِ سر | ۴۸۳ |
| دروازہ کی چرچراہٹ | ۴۸۷ |
| دستاویز | ۴۹۰ |
| داڑھی کا بھورا ہونا | ۴۹۶ |
| دوافروش | ۵۰۱ |
| دُھند | ۵۰۲ |
| دھتکارنا | ۵۱۳ |
| درختِ بید کا شگوفہ | ۵۲۵ |
| دسویں محرم | ۵۲۷ |
| دروازہ کی دہلیز | ۵۲۹ |
| دشمنی | ۵۳۴ |
| دشمن | ۵۳۴ |
| دلہا دلہن | ۵۳۸ |
| دستہ | ۵۳۸ |
| دانتوں سے کاٹنا | ۵۴۴ |
| دروازہ کا بازو | ۵۴۴ |
| دیسی کوا | ۵۵۰ |
| دیاسلائی | ۵۵۹ |
| دھونے والا | ۵۶۴ |
| دوپہر کا کھانا | ۵۶۶ |
| دھوکہ دینا | ۵۶۶ |
| دھوکہ دینا | ۵۷۰ |
| دانتوں کا برش | ۵۸۶ |

| | |
|---|---|
| دِل | ۵۹۳ |
| درخت کا تنا | ۶۰۷ |
| دھوبی | ۶۱۰ |
| دانتوں پر جما ہوا زرد میل | ۶۱۶ |
| دل | ۶۱۷ |
| دھنک | ۶۲۷ |
| دھنیا | ۶۴۲ |
| دودھ والا | ۶۵۵ |
| دودھ فروش | ۶۵۵ |
| دودھ | ۶۵۶ |
| داڑھی | ۶۶۰ |
| داروغۂ جہنم | ۶۷۰ |
| دسترخوان | ۶۷۲ |
| دور ہونا | ۶۷۳ |
| دور ہونے والا | ۶۷۴ |
| دشوار راستہ | ۶۷۴ |
| دھوکہ فریب دینا | ۶۸۴ |
| دیہاتی | ۶۸۴ |
| دیگچی | ۶۸۸ |
| دشمنی | ۷۰۴ |
| دھات کی کان | ۷۱۶ |
| درانتی | ۷۲۰ |
| دُنبی | ۷۴۶ |
| دن | ۷۵۲ |
| دریائے اکسوس | ۷۵۳ |

| | |
|---|---|
| دریائے اموداریا | ۷۵۳ |
| دریائے آمون | ۷۵۳ |
| دریائے دجلہ | ۷۵۳ |
| دریائے فرات | ۷۵۴ |
| دودھ کی نہر | ۷۵۴ |
| دریائے نیل | ۷۵۴ |
| درخت بید کا شگوفہ | ۷۵۶ |
| دوغلی نسل کا گھوڑا | ۷۵۹ |
| درد | ۷۶۷ |
| دوستی | ۷۶۹ |
| درخت کا پتہ | ۷۷۱ |


## (ڈ)


| | |
|---|---|
| ڈھال | ۱۶۸ |
| ڈھال بنانے والا | ۱۶۷ |
| ڈکار | ۳۱۳ |
| ڈر | ۳۴۶ |
| ڈول | ۳۲۵ |
| ڈاڑھ | ۵۰۵ |
| ڈھول بجانے والا | ۵۱۱ |
| ڈھول بجانا | ۵۱۱ |
| ڈھانچہ | ۵۹۷ |
| ڈسنا | ۶۶۱ |
| ڈولی | ۷۰۸ |
| ڈاک تقسیم کرنے والا | ۷۲۹ |


Marfat.com

## (ذ)


| | |
|---|---|
| ذلیل ہونا | ۷۷ |
| ذلیل کرنا | ۸۱ |
| ذات الجنب کا مرض | ۱۲۵ |
| ذکر کرنا | ۲۵۵ |
| ذبح کرنے والا | ۳۳۳ |
| ذبح کرنا | ۳۳۳ |
| ذرات | ۳۳۴ |
| ذکر اللہ | ۳۳۵ |
| ذلیل ہونا | ۳۳۶ |
| ذوالقرنین | ۶۰۸ |
| ذوالکفل علیہ السلام | ۶۴۶ |
| ذبح کرنے کی جگہ | ۷۲۱ |


## (ر)


| | |
|---|---|
| ریشم | ۷۴ |
| روشن کرنا | ۹۳ |
| رونا | ۱۴۱ |
| رخصت کرنا | ۱۷۹ |
| روٹی | ۲۰۸ |
| رمی جمار کرنا | ۲۱۶ |
| رسّی | ۲۲۷ |
| ریشمی کپڑا | ۲۴۸ |
| روئی دھنکنے والا | ۲۵۷ |
| رنگ کا سرخ ہونا | ۲۷۰ |
| رحمت وشفقت | ۲۷۲ |
| روئی کا کپڑا بیچنے والا | ۲۸۲ |
| روٹی | ۲۸۳ |
| رخسار | ۲۸۵ |
| رائی | ۲۸۷ |
| ریشمی کپڑا | ۲۸۸ |
| ریچھ | ۳۱۱ |
| ریچھ والا | ۳۱۱ |
| رجسٹر | ۳۲۲ |
| ریزے وٹکڑے | ۳۲۳ |
| رہٹ | ۳۲۹ |
| ریشمی کپڑا | ۳۳۰ |
| راہب خانہ | ۳۳۱ |
| راحت وسکون | ۳۳۹ |
| راٴسِ جالوت | ۳۴۲ |
| راہب | ۳۴۳ |
| روایت کرنے والا | ۳۴۳ |
| رباعی دانت | ۳۴۴ |
| رفو کرنا | ۳۴۵ |
| رتبہ ومقام | ۳۴۵ |
| رحمت وشفقت کرنا | ۳۴۹ |
| رضوان علیہ السلام | ۳۵۳ |
| روئی | ۳۵۷ |
| رفوگر | ۳۵۸ |
| رقص کرنا | ۳۵۸ |
| رکاب | ۳۵۹ |
| رکوع کرنا | ۳۶۱ |
| راکھ | ۳۶۱ |
| ریت | ۳۶۱ |
| رہن رکھنا | ۳۶۵ |
| رومی لوگ | ۳۶۶ |
| روغن زیتون | ۳۸۳ |
| روغن زیتون بیچنے والا | ۳۸۴ |
| ریت گھڑی | ۳۸۵ |
| راستہ | ۳۹۰ |
| راز | ۳۹۸ |
| ریت کی مچھلی | ۴۰۸ |
| رنگریز | ۴۷۹ |
| روکنا | ۴۸۳ |
| رات کا حصّہ | ۴۸۷ |
| روزہ | ۴۹۸ |
| راہب کا عبادت خانہ | ۵۰۰ |
| روشنی | ۵۰۷ |
| روشندان | ۵۰۹ |
| راستہ | ۵۱۴ |
| رُخسار | ۵۳۵ |
| رگ | ۵۳۷ |
| رات کا پہریدار | ۵۴۰ |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| رس نکالنے والا | ۵۴۲ |
| ریش بچہ | ۵۵۷ |
| رسی بنانے والا | ۵۸۰ |
| رسی وغیرہ بٹنا | ۵۸۰ |
| ران | ۵۸۲ |
| روح قبض کرنا | ۵۹۹ |
| رشتہ داری | ۶۰۳ |
| ریشم فروش | ۶۰۹ |
| روئی کا تاجر | ۶۱۲ |
| روئی | ۶۱۴ |
| راز چھپانا | ۶۳۷ |
| راستوں سے کاغذ جمع کرنیوالا | ۶۳۸ |
| رنج وغم | ۶۴۰ |
| روشندان | ۶۵۴ |
| رات | ۶۶۹ |
| ریتی | ۶۷۳ |
| روئی دھننے کی مشین | ۶۷۹ |
| روئی دھننے کی کمان | ۷۲۱ |
| رومال | ۷۲۲ |
| ریت گھڑی | ۷۲۴ |
| رہٹ | ۷۳۴ |
| روشنائی | ۷۴۹ |
| روغن | ۷۵۶ |

| | |
|---|---|
| رائیگاں جانا | ۷۵۹ |
| رخسار | ۷۶۷ |
| رخصت ہونا | ۷۷۰ |

## (ز)

| | |
|---|---|
| زخم چھیلنا | ۱۳۳ |
| زین کی ڈچی | ۱۸۶ |
| زبردستی کرنا | ۱۹۹ |
| زخمی ہونا | ۲۰۶ |
| زِرہ | ۲۳۱ |
| زرہ ساز | ۲۳۱ |
| زچہ کا کھانا | ۲۸۸ |
| زمین میں دھنسنا | ۲۸۹ |
| زبان کی لغزش | ۲۹۳ |
| زرہ | ۳۱۷ |
| زہریلا پردار کیڑا | ۳۳۴ |
| زکام | ۳۵۲ |
| زانی اور زانیہ | ۳۷۰ |
| زبرباچہ | ۳۷۱ |
| زحل سیاہ | ۳۷۳ |
| زرہ ساز | ۳۷۳ |
| زرافہ | ۳۷۳ |
| زمین میں بیج بونا | ۳۷۴ |
| زعفران | ۳۷۵ |
| زکام | ۳۷۶ |

| | |
|---|---|
| زکوٰۃ | ۳۷۶ |
| زکریا علیہ السلام | ۳۷۷ |
| زلزلہ آنا | ۳۷۷ |
| زبان کی لغزش | ۳۷۷ |
| زمرد پتھر | ۳۷۹ |
| زنا اور بدکاری | ۳۷۹ |
| زُنّار | ۳۸۰ |
| زنجیر | ۳۸۱ |
| زیادتی | ۳۸۴ |
| زمانی ساعت | ۳۸۶ |
| زین ساز | ۳۹۸ |
| زین | ۴۰۰ |
| زنجیر | ۴۱۳ |
| زہر | ۴۱۷ |
| زمین میں دھنسنا | ۴۵۳ |
| زمین کا شگاف | ۴۶۸ |
| زرگر | ۴۷۹ |
| زمین کا شگاف | ۴۶۸ |
| زرد رنگ | ۴۸۹ |
| زور سے مارنے والا | ۴۹۰ |
| زیر ناف بال | ۵۲۸ |
| زیادتی کرنا | ۵۳۵ |
| زرد جڑ | ۵۳۸ |
| زخم | ۵۵۰ |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| زائد سامان | ۵۵۲ |
| زبردست تیراک | ۵۵۹ |
| زیرہ | ۶۴۰ |
| زُبان | ۶۶۱ |
| زمین کی پھٹن | ۶۶۴ |
| زیرزمین غلہ کا گودام | ۷۰۴ |
| زبان میں ہکلا پن ہونا | ۷۴۷ |

(س)

| | |
|---|---|
| سوئی | ۷۴ |
| سفید رنگ | ۷۵ |
| سرخ ہونا | ۷۸ |
| سیاہ رنگ | ۷۹ |
| سیراب ہونا | ۸۲ |
| سرین | ۸۷ |
| سوال کرنا | ۸۸ |
| سوال کرنا | ۸۸ |
| ستون | ۹۱ |
| سیاہی مائل سفید گھوڑا | ۹۳ |
| سانپ | ۹۸ |
| سواری کرنا | ۱۰۵ |
| سارنگی | ۱۲۲ |
| سردی | ۱۲۳ |
| سبزی فروش | ۱۴۱ |
| سبزی | ۱۴۰ |

| | |
|---|---|
| سیاہ سفید رنگ | ۱۴۳ |
| سارنگی کی سب سے موٹی تار | ۱۴۴ |
| سفید رنگ | ۱۵۰ |
| سفر کا رہنما | ۱۵۱ |
| سونے کا ڈلا | ۱۵۹ |
| سختی برداشت کرنا | ۱۶۰ |
| سلام کرنا | ۱۶۲ |
| سیکھنا | ۱۶۹ |
| سیب | ۱۷۰ |
| سامان | ۱۸۷ |
| سوراخ | ۲۰۵ |
| سیاہ بھونرا | ۲۱۳ |
| سر کے بال اڑ جانا | ۲۱۵ |
| سپاہی | ۲۲۲ |
| سخاوت | ۲۲۹ |
| سپیرا | ۲۳۵ |
| سرخاب | ۲۳۷ |
| سرین کے بل سرکنا | ۲۳۸ |
| سنگ تراش | ۲۳۹ |
| سیاہ کیچڑ | ۲۷۰ |
| سال | ۲۷۵ |
| سانپ | ۲۷۷ |
| سرائے کا مالک | ۲۸۲ |

| | |
|---|---|
| سرکہ | ۲۹۵ |
| سر کے بال گرنے کی بیماری | |
| سورج و چاند کا دائرہ | ۳۰۹ |
| سیڑھی | ۳۱۶ |
| سوداگر | ۳۲۸ |
| سونا | ۳۳۶ |
| سونا فروش | ۳۳۷ |
| سواری کا جانور | ۳۳۹ |
| سر | ۳۳۹ |
| سریاں بیچنے والا | ۳۴۲ |
| سرحدوں کی حفاظت کرنا | ۳۴۴ |
| سنگ ساری | ۳۴۷ |
| سفر سے واپس لوٹنا | ۳۴۷ |
| سنگِ مرمر | ۳۴۹ |
| سیمرغ | ۳۴۹ |
| سیسہ | ۳۵۲ |
| سوار ہونا | ۳۶۰ |
| سرسبز باغ | ۳۶۶ |
| سیراب ہونا | ۳۶۶ |
| سردار | ۳۶۹ |
| سرخ پھلدار درخت | ۳۷۵ |
| ساکھو کا درخت | ۳۸۵ |
| سعی و کوشش کرنے والا | ۳۸۶ |
| سیاح | ۳۸۸ |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| سانس | ۳۸۸ |
| سوالی | ۲۸۸ |
| سونے چاندی کی ڈھلائی | ۳۹۰ |
| سجدہ کرنا | ۳۹۳ |
| سجدۂ تلاوت | ۳۹۳ |
| سجدۂ شکر | ۳۹۴ |
| سحر و جادو | ۳۹۶ |
| سحری کا وقت | ۳۹۶ |
| سحری کا کھانا | ۳۹۶ |
| سدرۃ المنتہیٰ | ۳۹۷ |
| سراب | ۳۹۸ |
| سرگوشی کرنا | ۳۹۹ |
| سرو کا درخت | ۴۰۱ |
| سفر کرنا | ۴۰۳ |
| سیراب ہونا | ۴۰۹ |
| سکے ڈھالنے والا | ۴۰۹ |
| سر کا زخم | ۴۱۶ |
| سلیمان علیہ السلام | ۴۱۷ |
| سننا | ۴۱۸ |
| سال | ۴۲۴ |
| سیاہ ہونا | ۴۲۵ |
| سیاہی | ۴۳۷ |
| سوال کرنا | ۴۲۶ |
| سویا مشروب | ۴۲۷ |

| | |
|---|---|
| سورۂ ابراہیم | ۴۲۷ |
| سورۂ احزاب | ۴۲۸ |
| سورۂ احقاف | ۴۲۸ |
| سورۂ اخلاص | ۴۲۸ |
| سورۂ اسراء | ۴۲۸ |
| سورۂ اعراف | ۴۲۹ |
| سورۂ اعلیٰ | ۴۲۹ |
| سورۂ انبیاء | ۴۲۹ |
| سورۂ انسان (دھر) | ۴۲۹ |
| سورۂ الم نشرح | ۴۲۹ |
| سورۂ انشقاق | ۴۳۰ |
| سورۂ انعام | ۴۳۰ |
| سورۂ انفطار | ۴۳۰ |
| سورۂ انفال | ۴۳۰ |
| سورۂ بروج | ۴۳۱ |
| سورۂ بقرہ | ۴۳۱ |
| سورۂ بلد | ۴۳۱ |
| سورۂ بینہ | ۴۳۱ |
| سورۂ تحریم | ۴۳۱ |
| سورۂ تغابن | ۴۳۲ |
| سورۂ تکاثر | ۴۳۲ |
| سورۂ تکویر | ۴۳۲ |
| سورۂ توبہ | ۴۳۲ |
| سورۂ تین | ۴۳۲ |

| | |
|---|---|
| سورۂ جاثیہ | ۴۳۳ |
| سورۂ جمعہ | ۴۳۳ |
| سورۂ جن | ۴۳۳ |
| سورۂ حاقہ | ۴۳۳ |
| سورۂ حج | ۴۳۴ |
| سورۂ حجر | ۴۳۴ |
| سورۂ حجرات | ۴۳۴ |
| سورۂ حدید | ۴۳۴ |
| سورۂ حشر | ۴۳۴ |
| سورۂ دخان | ۴۳۵ |
| سورۂ ذاریات | ۴۳۵ |
| سورۂ رحمان | ۴۳۵ |
| سورۂ رعد | ۴۳۵ |
| سورۂ روم | ۴۳۶ |
| سورۂ زخرف | ۴۳۶ |
| سورۂ زلزلہ | ۴۳۶ |
| سورۂ زمر | ۴۳۶ |
| سورۂ سباء | ۴۳۶ |
| سورۂ سجدہ | ۴۳۶ |
| سورۂ شعراء | ۴۳۷ |
| سورۂ شمس | ۴۳۷ |
| سورۂ شوریٰ | ۴۳۷ |
| سورۂ ص | ۴۳۷ |
| سورۂ صافات | ۴۳۷ |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| سورۂ صف | ۴۳۸ |
| سورۂ ضحیٰ | ۴۳۸ |
| سورۂ طلاق | ۴۳۸ |
| سورۂ طٰہٰ | ۴۳۸ |
| سورۂ طور | ۴۳۸ |
| سورۂ عادیات | ۴۳۹ |
| سورۂ عبس | ۴۳۹ |
| سورۂ عصر | ۴۳۹ |
| سورۂ علق | ۴۳۹ |
| سورۂ آل عمران | ۴۳۹ |
| سورۂ عنکبوت | ۴۳۹ |
| سورۂ غاشیہ | ۴۴۰ |
| سورۂ غافر | ۴۴۰ |
| سورۂ فاطر | ۴۴۰ |
| سورۂ فاتحہ | ۴۴۰ |
| سورۂ فتح | ۴۴۱ |
| سورۂ فجر | ۴۴۱ |
| سورۂ فرقان | ۴۴۱ |
| سورۂ فصلت | ۴۴۱ |
| سورۂ فلق | ۴۴۱ |
| سورۂ فیل | ۴۴۱ |
| سورۂ قٓ | ۴۴۲ |
| سورۂ قارعہ | ۴۴۲ |
| سورۂ قدر | ۴۴۲ |
| سورۂ قریش | ۴۴۲ |
| سورۂ قصص | ۴۴۲ |
| سورۂ قلم | ۴۴۳ |
| سورۂ قمر | ۴۴۳ |
| سورۂ قیامہ | ۴۴۳ |
| سورۂ کافرون | ۴۴۳ |
| سورۂ کہف | ۴۴۳ |
| سورۂ کوثر | ۴۴۳ |
| سورۂ لقمان | ۴۴۴ |
| سورۂ لیل | ۴۴۴ |
| سورۂ ماعون | ۴۴۴ |
| سورۂ مائدہ | ۴۴۴ |
| سورۂ مجادلہ | ۴۴۴ |
| سورۂ محمد | ۴۴۵ |
| سورۂ مدثر | ۴۴۵ |
| سورۂ مرسلات | ۴۴۵ |
| سورۂ مریم | ۴۴۵ |
| سورۂ مزمل | ۴۴۵ |
| سورۂ لہب | ۴۴۶ |
| سورۂ مطففین | ۴۴۶ |
| سورۂ معارج | ۴۴۶ |
| سورۂ ملک | ۴۴۶ |
| سورۂ ممتحنہ | ۴۴۶ |
| سورۂ منافقون | ۴۴۷ |
| سورۂ مؤمنون | ۴۴۷ |
| سورۂ نازعات | ۴۴۷ |
| سورۂ ناس | ۴۴۷ |
| سورۂ نباء | ۴۴۷ |
| سورۂ نجم | ۴۴۸ |
| سورۂ نحل | ۴۴۸ |
| سورۂ نساء | ۴۴۸ |
| سورۂ نصر | ۴۴۸ |
| سورۂ نمل | ۴۴۸ |
| سورۂ نوح | ۴۴۹ |
| سورۂ نور | ۴۴۹ |
| سورۂ ہمزہ | ۴۴۹ |
| سورۂ ہود | ۴۴۹ |
| سورۂ واقعہ | ۴۴۹ |
| سورۂ یٰسٓ | ۴۵۰ |
| سورۂ یوسف | ۴۵۰ |
| سورۂ یونس | ۴۵۰ |
| ستو | ۴۵۳ |
| سرداز | ۴۵۳ |
| سیلاب | ۴۵۵ |
| سینان درخت | ۴۵۵ |
| سارجنٹ | ۴۵۷ |
| سیرہونا | ۴۵۸ |
| تخمینا | ۴۶۰ |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| سرخ پھنسیاں | ۴۶۱ |
| سیاہی | ۴۶۳ |
| سبز بدبد | ۴۶۸ |
| سگا بھائی | ۴۶۸ |
| سونگھنا | ۴۶۹ |
| سورج | ۴۶۹ |
| سیٹی بجانے والا پرندہ | ۴۷۸ |
| سینہ | ۴۸۳ |
| سیپی | ۴۸۴ |
| سچ بولنا | ۴۸۴ |
| سردی برداشت کرنے والا | ۴۸۶ |
| سیٹی | ۴۹۰ |
| سولی پر لٹکانا | ۴۹۳ |
| سکے ڈھالنے والا | ۵۰۳ |
| سوکن | ۵۰۵ |
| سر کی چوٹی | ۵۰۶ |
| سانس کی تنگی | ۵۰۸ |
| سلفچی | ۵۱۵ |
| سلفچی ساز | ۵۱۵ |
| سرکشی | ۵۱۶ |
| ستار | ۵۱۷ |
| سیلاب | ۵۱۹ |
| سایہ | ۵۲۴ |

| | |
|---|---|
| سال | ۵۲۸ |
| سرزنش کرنا | ۵۲۹ |
| سرین | ۵۳۱ |
| سبز گھاس | ۵۴۱ |
| سزا | ۵۴۸ |
| ستون | ۵۵۵ |
| سارنگی بجانے والا | ۵۵۸ |
| سارنگی | ۵۵۹ |
| سوت کاتنے والی | ۵۶۴ |
| سوت کاتنا | ۵۶۹ |
| سختی | ۵۷۲ |
| سبزی فروش | ۵۷۹ |
| سہ پتیا گھاس | ۵۸۹ |
| سخت مزاج | ۵۸۹ |
| ستاروں کا مدار | ۵۹۱ |
| سایہء اصلی | ۵۹۴ |
| سردی | ۵۹۵ |
| سربراہ | ۵۹۷ |
| سنگ مرمر کی قبریں | ۶۰۰ |
| سبز سہ پتیا گھاس | ۶۰۰ |
| سکھایا ہوا گوشت | ۶۰۳ |
| سختی | ۶۰۹ |
| سر کاٹنا | ۶۱۳ |
| سیپہ | ۶۲۵ |

| | |
|---|---|
| سرمہ لگانا | ۶۳۸ |
| سخت محنت کرنا | ۶۳۸ |
| سمور کا کوٹ | ۶۴۰ |
| سارس پرندہ | ۶۴۱ |
| سخاوت | ۶۴۱ |
| سورج گہن | ۶۴۳ |
| سیاہ و سرخ رنگ والا گھوڑا | ۶۵۰ |
| سویاں | ۶۵۰ |
| سر پر لپیٹنے کا رومال | ۶۵۲ |
| ستارہ | ۶۵۲ |
| سینہ کا بالائی حصہ | ۶۵۵ |
| سارس پرندہ | ۶۶۴ |
| سرجن | ۶۷۵ |
| سفید ٹانگوں والا گھوڑا | ۶۷۸ |
| سرہانہ | ۶۸۳ |
| سیاہی | ۶۸۳ |
| سواری پر کنگھی نما نشان | ۶۸۴ |
| سونے کا ملمع کرنے والا | ۶۸۶ |
| سنگ مرمر لگانے والا | ۶۸۹ |
| سائیس | ۶۹۱ |
| سزا دینا | ۷۰۵ |
| سوت کاتنے کا چرخہ | ۷۰۸ |
| سرمہ دانی | ۷۱۳ |
| ستاروں کی منزلیں | ۷۱۹ |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| سارنگی بجانے والا | ۷۴۱ |
| سینگ مارنا | ۷۴۵ |
| سرنگ | ۷۴۸ |
| سکے پرکھنے والا | ۷۴۹ |
| سونا | ۷۵۷ |
| سفید نسل کا اچھا اونٹ | ۷۵۹ |
| سوجن | ۷۷۱ |
| سخت زمین | ۷۷۵ |
| سفید رنگ اور سرخ سر کے کیڑے | ۷۸۲ |
| سمندر | ۷۸۳ |

(ش)

| | |
|---|---|
| شفقت کرنا | ۹۳ |
| شہنشاہ | ۱۰۵ |
| شیشہ کا برتن | ۱۱۷ |
| شترمرغ | ۱۴۴ |
| شعبدہ بازی | ۱۶۴ |
| شہتوت | ۱۷۹ |
| شگاف | ۱۸۸ |
| شکر کرنا | ۱۸۹ |
| شراب خانہ | ۲۳۴ |
| شہ رگ | ۲۳۸ |
| شہد کی مکھیوں کا چھتا | ۲۹۸ |
| شراب فروش | ۲۹۸ |

| | |
|---|---|
| شراب کی دکان | ۲۹۹ |
| شراب | ۲۹۹ |
| شراب کا بڑا برتن | ۳۴۳ |
| شطرنج کی تختی | ۳۵۹ |
| شک | ۳۶۷ |
| شیشہ | ۳۷۲ |
| شیشہ ساز | ۳۷۲ |
| شکاری پرندہ | ۳۷۴ |
| شارک | ۳۷۴ |
| شادی | ۳۷۶ |
| شہد کی مکھی | ۳۸۰ |
| شادی | ۳۸۲ |
| شکر | ۴۱۰ |
| شکر بیچنے والا | ۴۱۱ |
| شلغم | ۴۱۳ |
| شاہ بلوط کا درخت | ۴۲۳ |
| شرمگاہ | ۴۲۶ |
| شہر کی فصیل | ۴۲۷ |
| شیروان | ۴۵۴ |
| شامیانہ | ۴۵۶ |
| شطرنج کا بادشاہ | ۴۵۷ |
| شاہین پرندہ | ۴۵۷ |
| شجاعت و بہادری | ۴۵۹ |
| شکار کا جال | ۴۶۳ |

| | |
|---|---|
| شریک ہونا | ۴۶۳ |
| شلوار | ۴۶۳ |
| شطرنج | ۴۶۳ |
| شعر | ۴۶۵ |
| شِعریٰ ستارہ | ۴۶۶ |
| شِعریٰ یمانیہ | ۴۶۶ |
| شعبدہ بازی | ۴۶۶ |
| شعیب علیہ السلام | ۴۶۶ |
| شفاعت کرنا | ۴۶۶ |
| شفعہ | ۴۶۷ |
| شفق | ۴۶۷ |
| شک کرنا | ۴۶۸ |
| شکر کرنا | ۴۶۸ |
| شک کرنا | ۴۶۹ |
| شلغم | ۴۶۹ |
| شل ہو جانا | ۴۶۹ |
| شمع دان | ۴۷۱ |
| شہد | ۴۷۲ |
| شہوت | ۴۷۴ |
| شہید | ۴۷۴ |
| شیث علیہ السلام | ۴۷۶ |
| شیخ نامی گھاس | ۴۷۷ |
| شیطان | ۴۷۷ |
| شکرا | ۴۹۰ |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| شکاری | ۵۰۰ |
| شکار کرنا | ۵۰۰ |
| شور وغل مچانا | ۵۰۳ |
| شبنم | ۵۱۶ |
| شہنشاہ | ۵۲۸ |
| شمار کرنا | ۵۳۳ |
| شادی کرنا | ۵۳۶ |
| شہد | ۵۴۰ |
| شرمگاہ | ۵۵۹ |
| شرمگاہ | ۵۸۵ |
| شطرنج کی ملکہ | ۵۸۵ |
| شطرنج کا گھوڑا | ۵۸۶ |
| شہتوت | ۵۸۶ |
| شطرنج کا ہاتھی | ۵۹۴ |
| شیروانی | ۵۹۸ |
| شارک مچھلی | ۶۰۵ |
| شاخ | ۶۱۲ |
| شکار کرنا | ۶۲۴ |
| شیرنی | ۶۵۷ |
| شاتم | ۶۶۴ |
| شیر | ۶۶۸ |
| شرافت وعزت | ۶۷۵ |
| شہر | ۶۸۴ |

| | |
|---|---|
| شیشہ | ۶۸۷ |
| شعبدہ باز | ۶۹۸ |
| شہسواروں کا میدان | ۷۳۰ |
| شہد کی مکھیاں پالنے والا | ۷۳۹ |
| شہد کی مکھی | ۷۳۹ |
| شبنم | ۷۴۱ |
| شتر مرغ | ۷۴۶ |
| شراب کی نہر | ۷۵۳ |
| شہد کی نہر | ۷۵۳ |
| شیر | ۷۶۲ |
| شہ رگ | ۲۳۸ |
| شہ رگ | ۷۷۲ |
| شہ رگ | ۷۶۶ |


## (ص)


| | |
|---|---|
| صحابہ کرام رضی اللہ عنہم | ۹۵ |
| صبح سویرے | ۱۴۲ |
| صندوق | ۱۵۶ |
| صندوقچہ | ۳۱۷ |
| صفا ومروہ کے درمیان سعی کرنا | ۴۰۳ |
| صابن | ۴۷۸ |
| صاع (پیمانہ) | ۴۷۸ |
| صالح علیہ السلام | ۴۷۸ |
| صالحین | ۴۷۸ |
| صابن ساز | ۴۷۹ |
| صبح | ۴۷۹ |
| صبر کرنا | ۴۸۰ |
| صحابہ کرام رضی اللہ عنہم | ۴۸۱ |
| صحبت اختیار کرنا | ۴۸۱ |
| صحیفے | ۴۸۱ |
| صدقہ کرنا | ۴۸۴ |
| صدمہ ومصیبت | ۴۸۵ |
| صدیقین علیہم السلام | ۴۸۵ |
| صرّاف | ۴۸۶ |
| صفیں | ۴۸۹ |
| صیقل شدہ تلوار | ۴۹۰ |
| صلح کرنا | ۴۹۴ |
| صلیب | ۴۹۴ |
| صندوق | ۴۹۵ |
| صنوبر کا درخت | ۴۹۶ |
| صور پھونکنا | ۴۹۸ |
| صرّاف | ۵۰۱ |
| صبح صادق | ۵۸۱ |
| صرّاف | ۵۹۱ |
| صوبہ کا حاکم | ۶۷۴ |
| صفراء کا غلبہ ہونا | ۶۸۶ |
| صلح کا معاہدہ کرنا | ۷۲۵ |


Marfat.com

(ض)


| | |
|---|---|
| ضمانت | ۵۰۷ |


(ط)


| | |
|---|---|
| طوطا | ۱۱۷ |
| طبلہ | ۳۲۲ |
| طبلہ باز | ۳۲۳ |
| طشتری | ۴۱۰ |
| طاعون | ۵۰۹ |
| طبیب | ۵۱۲ |
| طرطور | ۵۱۴ |
| طلاق | ۵۱۷ |
| طواف کرنے والا | ۵۱۸ |
| طوق | ۵۱۹ |
| طویل ہونا | ۵۱۹ |
| طاقت کا ہونا | ۶۲۸ |
| طاقت ومشقت | ۶۷۶ |
| طاق (عدد) | ۷۶۶ |


(ظ)


| | |
|---|---|
| ظلم کرنا | ۲۲۹ |
| ظلم کرنا | ۵۲۴ |
| ظہار | ۵۲۵ |
| ظاہر ہونا | ۵۲۶ |


(ع)


| | |
|---|---|
| عورت | ۱۰۵ |
| عورت | ۱۰۷ |
| عمارت بنانے والا | ۱۴۶ |
| عرب کا تاج | ۱۵۷ |
| عظیم ہونا | ۱۵۸ |
| عورت کا مردوں کے مشابہ ہونا | ۱۶۸ |
| عیب نکالنا | ۱۷۰ |
| عظمت | ۲۱۵ |
| عورت کا زیور | ۲۱۷ |
| عیشہ پودہ | ۲۶۰ |
| عورت کا حمل | ۲۷۱ |
| عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ | ۲۹۲ |
| عزت وآبرو کا دفاع | ۳۲۲ |
| عضوِ تناسل | ۳۳۵ |
| عورت کا مہر | ۳۸۳ |
| عطیہ وانعام | ۴۹۱ |
| عمل حاضرات کا ماہر | ۵۰۲ |
| علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ | ۵۱۰ |
| عاقر قرحا کا پودا | ۵۱۳ |
| عقد نکاح کرنے والا | ۵۲۷ |
| عائشہ رضی اللہ عنہا | ۵۲۸ |
| عجوہ کھجور | ۵۳۲ |
| عداوت | ۵۳۳ |
| عورت کا عدت گزارنا | ۵۳۴ |
| عربی لوگ | ۵۳۵ |
| عرش عزت | ۵۳۶ |
| عرش عزت | ۵۳۹ |
| عزرائیل علیہ السلام | ۵۳۹ |
| عزیر علیہ السلام | ۵۴۰ |
| عشر لینے والا | ۵۴۱ |
| عشاء کا وقت | ۵۴۱ |
| عشق کرنا | ۵۴۱ |
| عضو انسانی | ۵۴۵ |
| عطر فروش | ۵۴۵ |
| عطیہ | ۵۴۵ |
| عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ | ۵۴۶ |
| عفو ودرگزر | ۵۴۷ |
| عقاب | ۵۴۷ |
| عقیق پتھر | ۵۵۱ |
| عقیقہ کرنا | ۵۵۱ |
| علم | ۵۵۲ |
| علم | ۵۵۲ |
| عمرہ کرنا | ۵۵۴ |
| عمل کرنا | ۵۵۴ |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| عناب دوا | ۵۵۵ |
| عنبر | ۵۵۶ |
| عنقاء پرندہ | ۵۵۸ |
| عیب | ۵۶۰ |
| عید الاضحیٰ | ۵۶۰ |
| عید الفطر | ۵۶۰ |
| عیسیٰ علیہ السلام | ۵۶۱ |
| عظیم ہونا | ۵۸۲ |
| عمارت کی بنیاد | ۵۹۶ |
| عورت کی زلف | ۶۰۸ |
| علاقہ | ۶۵۲ |
| عشق پیچہ کا پودا | ۶۵۵ |
| عورت | ۶۸۷ |
| عرقیات | ۶۹۳ |
| عمر رسیدہ | ۶۹۷ |
| عیدگاہ | ۷۰۲ |
| عنادر کھنے والا | ۷۰۵ |
| عورت کی کلائی | ۷۰۶ |
| عہد کی جگہ | ۷۰۷ |
| علم نحو | ۷۳۹ |
| عورتیں | ۷۴۲ |
| عیسائی | ۷۴۴ |
| عیب گیری | ۷۵۹ |
| عمارت کا گرنا | ۷۵۹ |
| عیب گیر | ۷۶۳ |
| عشق | ۷۶۳ |
| عشق کا جنون | ۷۶۴ |
| عقل وہوش زائل ہونا | ۷۷۸ |


(غ)


| | |
|---|---|
| غیبت کرنا | ۸۸ |
| غفلت کرنا | ۱۰۱ |
| غیر شکاری پرندے | ۱۸۶ |
| غسل دینے والا | ۱۴۲ |
| غسل خانہ | ۱۴۴ |
| غور وفکر کرنا | ۱۶۴ |
| غالب ہونا | ۱۷۰ |
| غیرت | ۲۶۶ |
| غسل خانہ | ۲۶۷ |
| غلام | ۳۵۹ |
| غریب آدمی | ۴۱۸ |
| غلہ اگانے والی زمین | ۵۰۸ |
| غلام | ۵۲۹ |
| غائب کا واپس آنا | ۵۵۹ |
| غار | ۵۶۴ |
| غرق ہونا | ۵۶۸ |
| غزوہ کرنا | ۵۶۹ |
| غسل کرنا | ۵۶۹ |
| غضبناک ہونا | ۵۷۱ |
| غوطہ خور | ۵۷۱ |
| غافل ہونا | ۵۷۲ |
| غلبہ | ۵۷۳ |
| غم وحزن | ۵۷۳ |
| غوطہ لگانے والا | ۵۷۵ |
| غائب ہونا | ۵۷۵ |
| غیبت کرنا | ۵۷۵ |
| غیرت | ۵۷۵ |
| غیظ وغضب | ۵۷۶ |
| غائب کا آنا | ۶۰۳ |
| غیر اصیل گھوڑا | ۶۳۹ |
| غصہ پی جانا | ۶۴۴ |
| غار | ۶۵۱ |
| غلہ صاف کرنیوالا | ۷۰۸ |
| غلام کو مکاتب بنانا | ۷۱۳ |
| غلام فروش | ۷۴۰ |
| غیبی آواز | ۷۵۸ |


(ف)


| | |
|---|---|
| فرمانبرداری کرنا | ۱۱۱ |
| فروخت کرنے والا | ۱۱۷ |
| فرشی پتھر | ۱۴۲ |
| فخر کرنا | ۱۶۷ |
| فقراء وصالحین کی خدمت وتواضع کرنا | ۲۸۶ |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| فقیر ہونا | ۴۸۸ |
| فینسی پودا | ۵۶۶ |
| فاختہ | ۵۷۷ |
| فاطمہؓ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم | ۵۷۸ |
| فاں کی آواز نکالنا | ۵۷۸ |
| فقر و فاقہ | ۵۷۸ |
| فالج | ۵۷۹ |
| فالودہ | ۵۷۹ |
| فتنہ | ۵۸۰ |
| فخر و غرور | ۵۸۲ |
| فہم و فراست | ۵۸۳ |
| فرعون | ۵۸۶ |
| فرنگی | ۵۸۶ |
| فساد | ۵۸۷ |
| فصیح ہونا | ۵۸۸ |
| فصد لگانا | ۵۸۸ |
| فقیر ہونا | ۵۹۰ |
| فقیہ عالم | ۵۹۰ |
| فن و ہنر | ۵۹۲ |
| فنا ہونا | ۵۹۲ |
| فیروزہ | ۵۹۳ |
| فارسی بانس | ۶۱۱ |
| فرمانبرداری کرنا | ۶۲۵ |

| | |
|---|---|
| فرشی پتھر لگانے والا | ۶۷۳ |
| فریب اور دھوکہ دینا | ۶۸۲ |
| فرشتوں سے ملاقات | ۷۱۵ |
| فرشتہ | ۷۱۶ |
| فرش ساز | ۷۳۸ |


## (ق)


| | |
|---|---|
| قید ہونا | ۹۱ |
| قربانی کرنا | ۹۶ |
| قتل ہونا | ۹۷ |
| قبض ہونا | ۱۱۰ |
| قرآن کریم کی آیات | ۱۱۲ |
| قسم کھانا | ۱۱۲ |
| قلعہ | ۱۲۳ |
| قبر سے اٹھنا | ۱۳۵ |
| قرض کو دوسرے کے ذمہ کرنا | ۱۶۱ |
| قبرستان | ۱۹۹ |
| قدرت وعظمت | ۱۹۹ |
| قصاب | ۲۱۱ |
| قید ہونا | ۲۳۷ |
| قلعہ | ۲۵۲ |
| قلی | ۲۶۶ |
| قرض کی غیر کی طرف منتقلی | ۲۷۴ |
| قرض | ۳۳۱ |
| قیمتی پتھر | ۳۷۱ |
| قرآن کریم کی سورتیں | ۴۲۷ |
| قالین | ۵۱۸ |
| قلی | ۵۲۹ |
| قوم کا سردار | ۵۳۹ |
| قیامت | ۵۶۴ |
| قند سفید | ۵۷۹ |
| قابیل | ۵۹۵ |
| قرأت کرنے والا | ۵۹۶ |
| قصہ گو | ۵۹۶ |
| قاضی | ۵۹۶ |
| قد و قامت | ۵۹۷ |
| قبر | ۵۹۸ |
| قبلہ | ۶۰۰ |
| قتال کرنا | ۶۰۰ |
| قتل کرنا | ۶۰۱ |
| قرآن کریم | ۶۰۳ |
| قربانی | ۶۰۴ |
| قرض | ۶۰۶ |
| قراقر | ۶۰۷ |
| قرموط مچھلی | ۶۰۸ |
| قسم کھانا | ۶۰۹ |
| قصاب | ۶۰۹ |
| قصاص لینا | ۶۱۰ |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| قصہ گو | ۶۱۰ |
| قرض ادا کرنا | ۶۱۲ |
| قضا و قدر | ۶۱۲ |
| قطع تعلق | ۶۱۴ |
| قفل ساز | ۶۱۵ |
| قفیز (پیمانہ) | ۶۱۶ |
| قلعہ | ۶۱۷ |
| قلم | ۶۱۸ |
| قلیل ہونا | ۶۱۸ |
| قمری پرندہ | ۶۲۱ |
| قیف | ۶۲۱ |
| قولنج (مرض) | ۶۲۸ |
| قیادت کرنا | ۶۲۸ |
| قیامت | ۶۲۸ |
| قیراط | ۶۳۰ |
| قے | ۶۳۰ |
| قلعی کرنے والا | ۶۷۴ |
| قحط سالی | ۶۷۵ |
| قرعہ اندازی کرنا | ۷۱۰ |
| قبرستان | ۷۱۰ |
| قینچی | ۷۱۲ |
| قبر وغیرہ کھودنا | ۷۳۶ |
| قوم کا سردار | ۷۵۰ |
| قمری (پرندہ) | ۷۷۱ |

| | |
|---|---|
| قصائی کا تختہ | ۷۷۳ |
| قسم کھانا | ۷۸۳ |


## (ک)


| | |
|---|---|
| کھنڈرات | ۷۶ |
| کیچڑ | ۷۶۹ |
| کاغذ بیچنے والا | ۷۷۰ |
| کپڑے کے نقش و نگار | ۷۷۳ |
| کرایہ پر دینا | ۷۶ |
| کان | ۸۱ |
| کرائے پر لینا | ۸۹ |
| کان لگانا | ۹۶ |
| کنواری لڑکی کی بکارت زائل کرنا | ۹۸ |
| کھانا | ۱۰۰ |
| کاٹنے والی | ۱۱۸ |
| کپڑا فروش | ۱۲۲ |
| کچی کھجور | ۱۳۰ |
| کچی کھجور | ۱۴۳ |
| کنواری عورت | ۱۴۱ |
| کرسٹل | ۱۴۳ |
| کپڑا | ۱۴۴ |
| کھلیان | ۱۵۱ |
| کنواں | ۱۵۴ |
| کنواں | ۱۹۸ |
| کرائے پر دینا | ۱۵۸ |
| کیل سے جوڑنا | ۱۶۸ |
| کوتاہی کرنا | ۱۷۱ |
| کھجور فروش | ۱۷۳ |
| کھجور | ۱۷۳ |
| کپڑا | ۱۸۹ |
| کوشش کرنا | ۲۰۵ |
| کھینچنا | ۲۰۶ |
| کتے کا بچہ | ۲۱۰ |
| کھال | ۲۱۵ |
| کثیر ہونا | ۲۱۶ |
| کودنا | ۲۱۷ |
| کلونجی | ۲۳۸ |
| کبڑا پن | ۲۴۴ |
| کھیتی باڑی | ۲۴۷ |
| کینہ رکھنا | ۲۴۹ |
| کنکریاں | ۲۴۹ |
| کھیتی کی کٹائی | ۲۵۱ |
| کھیت کاٹنے والا | ۲۵۱ |
| کھودنا | ۲۵۴ |
| کھودنے والا | ۲۵۴ |
| کنوئیں کھودنے والا | ۲۵۵ |
| کبوتر | ۲۶۶ |
| کیرب کا درخت | ۲۸۸ |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| کھردراپن | ۲۹۰ |
| کھیرا | ۳۰۳ |
| کان کا کیڑا | ۳۰۸ |
| کوٹ | ۳۱۶ |
| کیڑا | ۳۳۰ |
| کیڑے مکوڑے | ۳۴۵ |
| کانپنا | ۳۴۵ |
| کانپنا | ۳۵۷ |
| کوے کی ایک قسم | ۳۷۰ |
| کتاب زبور | ۳۷۰ |
| کشمش | ۳۷۲ |
| کچھوا | ۳۷۷ |
| کیکڑا | ۴۰۰ |
| کھانسی | ۴۰۲ |
| کھجور کی شاخ | ۴۰۳ |
| کتاب | ۴۰۴ |
| کشتی | ۴۰۵ |
| کھال اتارنا | ۴۱۳ |
| کچھوا | ۴۱۳ |
| کنگن | ۴۲۶ |
| کھجور کا درخت | ۷۴۰ |
| کپڑا بننے والا | ۷۴۲ |
| کپڑا بننا | ۷۴۳ |
| کوڑا | ۴۵۱ |

| | |
|---|---|
| کنجوسی کرنا | ۴۶۰ |
| کستورا پرندہ | ۴۶۰ |
| کشتی کا بادبان | ۴۶۲ |
| کنگرہ | ۴۶۳ |
| کپڑے کا ٹکڑا | ۴۶۸ |
| کان کی بالی | ۴۷۲ |
| کانٹا | ۴۷۵ |
| کنپٹی | ۴۸۴ |
| کشتی کرنا | ۴۸۶ |
| کاغذ | ۴۸۸ |
| کمر | ۴۹۴ |
| کان کا سوراخ | ۴۹۵ |
| کسوٹی | ۶۷۹ |
| کھانے پینے کی نالی | ۶۹۱ |
| کوڑا خانہ | ۶۹۱ |
| کھالوں والا | ۶۹۳ |
| کدال | ۶۹۴ |
| کپڑے کو تانا ڈالنے والا | ۶۹۵ |
| کنگھی | ۶۹۵ |
| کیل | ۶۹۶ |
| کمر پر باندھنے والا کپڑا | ۶۹۸ |
| کنگھی | ۶۹۸ |
| کشتی لڑنا | ۷۰۰ |
| کشیدہ کاری کرنے والا | ۷۰۴ |

| | |
|---|---|
| کھیرے اگنے کی جگہ | ۷۱۱ |
| کوڑا | ۷۱۱ |
| کڑاھی | ۷۱۲ |
| کرایہ پر دینے والا | ۷۱۳ |
| کپڑے | ۷۱۵ |
| کشتی کا ملاح | ۷۱۵ |
| کیلا | ۷۲۸ |
| کچلی | ۷۳۲ |
| کتابیں وغیرہ لکھنے والا | ۷۳۴ |
| کفن چور | ۷۳۵ |
| کمزوری | ۷۳۹ |
| کمزور ہونا | ۵۰۵ |
| کھینچنا | ۵۰۷ |
| کپڑے کا نقش ونگار | ۵۱۴ |
| کھانا | ۵۱۵ |
| کھجور کا شگوفہ | ۵۱۷ |
| کڑاھی | ۵۱۸ |
| کامیابی | ۵۲۳ |
| گھر | ۵۲۴ |
| کندھا | ۵۲۷ |
| کھیلنا | ۵۲۸ |
| ککڑی کی ایک قسم | ۵۳۲ |
| کنواری | ۵۳۵ |
| کاہن | ۵۳۵ |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| کسم | ۵۴۳ |
| کانا ہونا | ۵۵۹ |
| کوّا | ۵۶۶ |
| کاتنے والا | ۵۶۸ |
| کمہار | ۵۷۷ |
| کلہاڑی | ۵۷۷ |
| کام کرنے والا | ۵۷۸ |
| کوّے کا بچہ | ۷۴۶ |
| کنوئیں کی مٹی نکالنا | ۷۵۱ |
| کمر سے باندھنے والی تھیلی | ۷۶۳ |
| کھولنا | ۵۸۰ |
| کوئلہ فروش | ۵۸۱ |
| کمہار | ۵۸۲ |
| کھڑاؤں بنانے والا | ۵۹۸ |
| کبک | ۵۹۸ |
| کھڑاؤں | ۵۹۹ |
| کھیرا | ۶۰۱ |
| کلہاڑا | ۶۰۲ |
| کاغذ | ۶۰۶ |
| کرتہ | ۶۰۶ |
| کڑ کے بیج | ۶۰۷ |
| کدو | ۶۰۷ |
| کشتیوں کے بادبان بیچنے والا | ۶۱۶ |
| کڑاھی میں کھانا پکانے والا | ۶۱۶ |

| | |
|---|---|
| کتابوں کا تھیلا | ۶۲۱ |
| کرتہ | ۶۲۲ |
| کثیر مال | ۶۲۴ |
| کھجوروں کا خوشہ | ۶۲۵ |
| کمان ساز | ۶۲۶ |
| کمان | ۶۲۶ |
| کاتب | ۶۳۲ |
| کاغذ فروش | ۶۳۲ |
| کافر | ۶۳۳ |
| کافور | ۶۳۳ |
| کاہن | ۶۳۴ |
| کلیجہ | ۶۳۴ |
| کاتے ہوئے سوت کا گولہ | ۶۳۵ |
| کتاب | ۶۳۶ |
| کتان | ۶۳۷ |
| کتان فروش | ۶۳۷ |
| کتب فروش | ۶۳۷ |
| کندھا | ۶۳۷ |
| کثرت | ۶۳۷ |
| کاپی | ۶۳۹ |
| کرسی | ۶۴۰ |
| کستی | ۶۴۳ |
| کعبہ معظمہ | ۶۴۴ |

| | |
|---|---|
| کیک | ۶۴۵ |
| کیک بنانے والا | ۶۴۵ |
| کفارہ دینا | ۶۴۵ |
| کفالت | ۶۴۵ |
| کفر | ۶۴۵ |
| کفن | ۶۴۶ |
| کلام کرنا | ۶۴۷ |
| کتا | ۶۴۷ |
| کنگھی | ۶۴۹ |
| کوڑا کرکٹ | ۶۵۰ |
| کوزہ | ۶۵۲ |
| کوزے والا | ۶۵۴ |
| کھیس | ۶۵۵ |
| کاٹنا | ۶۶۲ |
| کھیلنا | ۶۶۳ |
| کھجور وغیرہ کی چھال | ۶۶۸ |
| کنگھی کرنے والی خادمہ | ۶۷۰ |
| کھیت | ۶۷۳ |
| کرگہ | ۷۵۶ |
| کمزور ہونا | ۷۶۱ |
| کجاوہ | ۷۶۴ |
| کھونٹی | ۷۶۶ |
| کریدنی | ۶۷۸ |
| کوئلہ | ۵۸۱ |


Marfat.com

(گ)


| | |
|---|---|
| گدھی | ۷۵ |
| گناہ | ۷۶ |
| گھنا درخت | ۷۷ |
| گونگا | ۷۵ |
| گونگا | ۷۸ |
| گانا | ۹۸ |
| گل بابونہ | ۹۸ |
| گیدڑ | ۱۱۱ |
| گل بابونہ | ۹۹ |
| گل بابونہ | ۱۱۵ |
| گندم | ۱۲۲ |
| گائے چرانے والا | ۱۳۸ |
| گائے | ۱۳۸ |
| گونگا | ۱۴۲ |
| گھوڑا | ۲۲۹ |
| گاؤ چشم | ۱۴۷ |
| گھر | ۱۵۰ |
| گدگدی کرنا | ۱۶۰ |
| گفتگو کرنا | ۱۶۰ |
| گرنا | ۱۶۶ |
| گرنا | ۱۷۸ |
| گدھا | ۲۰۵ |
| گھنٹی | ۲۱۰ |

| | |
|---|---|
| گناہ کرنا | ۲۱۰ |
| گھڑا | ۲۱۰ |
| گاجر | ۲۱۱ |
| گھر کا ستون | ۲۱۲ |
| گھنٹیاں | ۲۱۵ |
| درخت کا پھل | ۲۳۸ |
| گھوڑی | ۲۴۲ |
| گھر کا باغیچہ | ۲۴۵ |
| گرمی | ۲۴۶ |
| گرگٹ | ۲۴۷ |
| گھاس | ۲۴۹ |
| گوالا | ۲۵۶ |
| گھونگھا | ۲۶۰ |
| گرہ کا کھلنا | ۲۶۱ |
| گدھا | ۲۶۳ |
| گدھے والا | ۲۶۵ |
| گھن | ۲۵۶ |
| گندم فروش | ۲۷۲ |
| گندم | ۲۷۳ |
| گھونگھے | ۲۸۷ |
| گھونگھے بنانے والا | ۲۸۷ |
| گونگا پن | ۲۸۸ |
| گمنام | ۳۰۰ |
| گلہ گھونٹنے کی رسی وغیرہ | ۳۰۰ |

| | |
|---|---|
| گھوڑا | ۳۰۴ |
| گھر | ۳۰۸ |
| گرز | ۳۱۲ |
| گھر وغیرہ میں داخل ہونا | ۳۱۴ |
| گلی یا راستہ | ۳۱۶ |
| گھر کا ستون | ۳۲۰ |
| گدگدی | ۳۲۱ |
| گرانا اور ہموار کرنا | ۳۲۴ |
| گز | ۳۳۴ |
| گناہ | ۳۳۶ |
| گدھ | ۳۵۰ |
| گدھے کی پالان | ۱۲۴ |
| گانا | ۱۶۷ |
| گرج چمک | ۳۵۴ |
| گھاس چرانا | ۳۵۷ |
| گردن | ۳۵۸ |
| گھٹنا | ۳۶۰ |
| گیت گانے والا | ۳۷۰ |
| گوبر لید | ۳۷۱ |
| گھٹنا | ۳۷۳ |
| گلی کوچہ | ۳۷۶ |
| گول چادر | ۳۸۵ |
| گالی دینا | ۳۸۹ |
| گرفتاری | ۳۹۰ |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| گھر یا مسجد کی چارپائی | ۳۹۷ |
| گوشت بھوننے کی سیخ | ۴۰۵ |
| گرنا | ۴۰۸ |
| گوشت و سرکہ سے تیار شدہ کھانا | ۴۱۰ |
| گندمی رنگ | ۴۲۰ |
| گھریلو چیزیں بنانے والا | ۴۲۱ |
| گھی | ۴۲۱ |
| گھی فروش | ۴۲۱ |
| گھن | ۴۵۰ |
| گل سوسن | ۴۵۱ |
| گالی گلوچ | ۴۵۸ |
| گوشت کے پارچے | ۴۶۲ |
| گوشت کے پارچے بنانے والا | ۴۶۲ |
| گھاٹی | ۴۶۴ |
| گواہی دینا | ۴۷۲ |
| گوشت بھوننے والا | ۴۷۴ |
| گنجاپن | ۴۹۴ |
| گوند | ۴۹۵ |
| گوہ | ۵۰۲ |
| گوز مارنے والا | ۵۰۴ |
| گردن اڑانا | ۵۰۵ |
| گھاس کا گٹھا | ۵۰۵ |
| گوشت کے پارچے | ۵۱۱ |
| گارا بنانے والا | ۵۱۹ |
| گمان کرنا | ۵۲۵ |
| گھوڑا گاڑی | ۵۳۱ |
| گٹھلی | ۵۳۲ |
| گوندھا ہوا آٹا وغیرہ | ۵۳۳ |
| گھونسلا | ۵۴۱ |
| گھاٹی | ۵۴۹ |
| گرہ لگانا | ۵۴۹ |
| گوند | ۵۵۲ |
| گردن | ۵۵۷ |
| گرد و غبار | ۵۵۶ |
| گانا | ۵۷۳ |
| گمراہی | ۵۷۵ |
| گھبراہٹ | ۵۸۷ |
| گردن کا زخم | ۵۹۳ |
| گھر کا صحن | ۵۹۷ |
| گنبد | ۶۰۰ |
| گندگی | ۶۰۳ |
| گول چھوٹی روٹی | ۶۰۶ |
| گنج کی بیماری | ۶۰۷ |
| گوبھی | ۶۰۸ |
| گدھ | ۶۰۹ |
| گنا | ۶۱۱ |
| گدی | ۶۱۴ |
| گلاب پاش | ۶۲۱ |
| گھن کا کیڑا | ۶۲۲ |
| گوبھی | ۶۲۴ |
| گنے کی شکر | ۶۲۴ |
| گندنا | ۶۳۹ |
| گینڈا | ۶۴۱ |
| گیند | ۶۴۲ |
| گھاس | ۶۴۷ |
| گردہ | ۶۴۹ |
| گرجا | ۶۵۱ |
| گوشت فروش | ۶۵۸ |
| گوشت | ۶۵۸ |
| گری ہوئی چیز ملنا | ۶۶۴ |
| گداگر | ۶۷۴ |
| گوشت سے کھال اتارنا | ۶۷۸ |
| گھوڑے کا بچہ | ۶۸۲ |
| گلہ کی مالا | ۶۸۳ |
| گالی گلوچ | ۶۹۷ |
| گناہ | ۷۰۵ |
| گانے والا | ۷۰۹ |
| گوپیا | ۷۱۲ |
| گھوڑے کا بچہ | ۷۲۵ |
| گھی کا مشکیزہ | ۷۴۰ |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| گدھ | ۷۴۳ |
| گھومنا پھرنا | ۷۴۹ |
| گٹھلی | ۷۵۴ |
| گیدڑ | ۷۶۶ |
| گردن کی رگ | ۷۷۰ |
| گلاب کا پھول | ۷۷۰ |
| گوہ کے مانند زہریلا جانور | ۷۷۱ |
| گھونسلا | ۷۷۶ |
| گہرا گڑھا | ۷۷۸ |
| گلیم | ۳۹۰ |

(ل)

| | |
|---|---|
| لوٹا | ۷۴ |
| لیموں | ۷۶ |
| لوٹنا | ۹۸ |
| لڑائی امان | ۱۰۵ |
| لوبیا | ۱۱۷ |
| لوبیا فروش | ۱۱۷ |
| لوہے وغیرہ کا برادہ | ۱۲۲ |
| لیموں | ۱۶۷ |
| لونڈی بنانا | ۱۶۸ |
| لنگڑا بننا | ۱۶۹ |
| لومڑی | ۱۸۶ |
| لہسن | ۱۹۵ |

| | |
|---|---|
| لاٹ پادری | ۱۹۶ |
| لانے والا | ۲۱۴ |
| لوہار | ۲۴۴ |
| لوہا | ۲۴۵ |
| لڑائی اور جنگ کرنا | ۲۴۶ |
| لکڑی | ۲۵۳ |
| لا الہ اللہ کہنا | ۱۷۸ |
| لکڑہارا | ۲۵۳ |
| لکڑیاں تراشنا | ۲۵۵ |
| لاحول ولاقوۃ کہنا | ۲۷۵ |
| لکڑی فروش | ۲۸۹ |
| لکڑی | ۲۸۹ |
| لائق | ۲۸۹ |
| لمبا موزہ | ۳۴۳ |
| لوہے کا کنڈا | ۳۵۱ |
| لات مارنا | ۳۵۸ |
| لکھنے کا پتلا چمڑا | ۳۵۸ |
| لید | ۳۶۵ |
| لوگوں کا حلقہ و مجمع | ۳۷۵ |
| لگام | ۳۷۹ |
| لکھا ہوا کاغذ | ۴۸۲ |
| لطیفہ گو | ۵۱۳ |
| لپیٹنا | ۵۱۹ |
| لنگڑا ہونا | ۵۳۶ |

| | |
|---|---|
| لشکر | ۵۴۰ |
| لاٹھی | ۵۴۲ |
| لڑکا | ۵۷۲ |
| لکڑی کا بڑا پیالہ | ۶۱۴ |
| لالٹین | ۶۲۴ |
| لکھائی | ۶۳۳ |
| لباس | ۶۴۳ |
| لوبان | ۶۵۰ |
| لوہار کی بھٹی | ۶۵۳ |
| لباس | ۶۵۵ |
| لات مارنا | ۶۵۵ |
| لگام | ۶۵۸ |
| لحاف | ۶۵۸ |
| لعان | ۶۶۳ |
| لغت کا ماہر | ۶۶۳ |
| لپیٹنا | ۶۶۴ |
| لپیٹنے کا کپڑا | ۶۶۴ |
| لقوہ | ۶۶۵ |
| لگن | ۶۶۵ |
| لوط علیہ السلام | ۶۶۷ |
| لیموں | ۶۶۹ |
| لوٹانے والا | ۶۸۸ |
| لالٹین جلانے والا | ۶۹۷ |
| لاٹ پادری | ۷۰۴ |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| لگام | ۷۱۳ |
| لڑائی اور قتل | ۷۱۶ |
| لیلے کے معدہ کا پنیر | ۷۲۳ |
| لوگوں کا بڑا مجمع | ۷۳۰ |
| لکڑی چیرنے والا | ۷۴۴ |
| لاغر | ۷۶۱ |
| لپکنا | ۷۶۱ |
| لڑائی موقوف کرنا | ۷۶۷ |

(م)

| | |
|---|---|
| مزدوری | ۷۷ |
| موت آنا | ۷۷ |
| مرتد ہونا | ۸۲ |
| مغفرت مانگنا | ۸۸ |
| ماہی ریگ | ۹۲ |
| ماہی ریگ | ۱۷۵ |
| موچی | ۹۲ |
| مسلمان ہونا | ۹۲ |
| میانہ روی اختیار کرنا | ۹۷ |
| مفلس ہونا | ۹۸ |
| میانہ روی اختیار کرنا | ۹۹ |
| میانہ روی اختیار کرنا | ۱۸۰ |
| معبود | ۱۰۳ |
| ماں | ۱۰۴ |
| مہلت دینا | ۱۰۶ |

| | |
|---|---|
| منہ کی بدبو | ۱۲۱ |
| مصری چادر | ۱۲۴ |
| مچھر | ۱۲۵ |
| مالی | ۱۲۹ |
| مینگنی | ۱۳۵ |
| مچھر | ۱۳۶ |
| مچھر | ۱۳۸ |
| مصیبت | ۱۴۴ |
| مصیبت | ۱۴۴ |
| مؤخر کرنا | ۱۵۸ |
| مسکرانا | ۱۵۹ |
| محبت کرنا | ۱۶۰ |
| محبت کرنا | ۲۳۶ |
| مردہ کو خوشبو لگانا | ۱۶۱ |
| ملنا | ۱۶۴ |
| مٹی | ۱۶۴ |
| مٹی اٹھانے والا | ۱۶۶ |
| مدد کرنا | ۱۶۹ |
| منہ بگاڑنا | ۱۷۱ |
| مڑ کر دیکھنا | ۱۷۳ |
| مگرمچھ | ۱۷۴ |
| موڑنا | ۱۸۹ |
| موکا | ۱۹۵ |
| مخمل | ۱۹۶ |

| | |
|---|---|
| مال وصول کرنا | ۱۹۹ |
| مرض جذام | ۲۰۶ |
| مٹر | ۲۱۵ |
| محافظ | ۲۳۳ |
| منجنیق کے پتھر | ۲۴۲ |
| ماہر ہونا | ۲۴۶ |
| محاسبہ ہونا | ۲۴۸ |
| محاصرہ کرنا | ۲۵۱ |
| مٹھائی | ۲۵۹ |
| میتھی | ۲۶۰ |
| مہندی | ۲۷۳ |
| مہندی فروش | ۲۷۳ |
| مردوں کی خوشبو | ۲۷۴ |
| مچھلی | ۲۷۵ |
| مٹکا | ۲۸۰ |
| مسافر خانہ | ۲۸۲ |
| مہر | ۲۸۵ |
| موزہ | ۲۹۴ |
| موزہ ساز | ۲۹۵ |
| معاملات کا منتظم | ۳۰۳ |
| مرغی | ۳۱۳ |
| مہارت | ۳۱۶ |
| میل کچیل | ۳۱۸ |
| مٹکا | ۳۲۷ |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| ماشی | ۳۲۷ |
| مرغ | ۳۳۱ |
| ماھی | ۳۳۳ |
| مرد | ۳۳۵ |
| مذمت کرنا | ۳۳۶ |
| موسم بہار | ۳۴۴ |
| مونڈھے ہلاتے ہوئے تیز چلنا | ۳۶۴ |
| ماھن | ۳۷۱ |
| مٹی کی رکابی | ۳۷۱ |
| مویشیوں کا باڑا | ۳۷۴ |
| مشک | ۳۷۶ |
| محل | ۱۱۲ |
| مٹکا | ۳۸۴ |
| مذاق کرنا | ۳۹۶ |
| میت کی چارپائی | ۴۰۲ |
| مکان کی چھت | ۴۰۲ |
| مچھلی | ۴۲۰ |
| مچھلی فروش | ۴۲۱ |
| موٹا ہونا | ۴۲۱ |
| مچھلی کے شکار کا کانٹا | ۴۲۳ |
| مسواک کرنا | ۴۲۶ |
| مونچھ | ۴۵۷ |
| ملبل | ۴۵۷ |

| | |
|---|---|
| مشروب | ۴۶۱ |
| ماشکی | ۴۶۱ |
| مچھلی کے شکار کا کانٹا | ۴۶۳ |
| مشغول ہونا | ۴۶۶ |
| موم بتی بنانے والا | ۴۶۹ |
| موم بتی | ۴۷۱ |
| مہینہ | ۴۷۲ |
| مشرقی ہوا | ۴۷۹ |
| مخالف | ۵۰۳ |
| مارنا | ۵۰۴ |
| مینڈک | ۵۰۵ |
| مفقود ہونا | ۵۰۷ |
| مہمان نوازی | ۵۰۷ |
| مہمان | ۵۰۸ |
| مور | ۵۱۰ |
| مدبّر | ۵۱۶ |
| مٹی | ۵۲۲ |
| مظلوم | ۵۲۴ |
| مستعار لی ہوئی چیز | ۵۲۷ |
| مسلمان عالم | ۵۲۷ |
| مزدور | ۵۲۸ |
| مسور | ۵۳۴ |
| ملامت کرنا | ۵۳۵ |
| میدان عرفات اور یوم عرفہ | ۵۳۷ |

| | |
|---|---|
| مجیٹھ | ۵۳۸ |
| معزول ہونا | ۵۴۰ |
| میل جول | ۵۴۱ |
| مہربانی | ۵۴۶ |
| مازو کا درخت | ۵۴۷ |
| معانقہ کرنا | ۵۵۵ |
| مکڑی | ۵۵۸ |
| مرکب خوشبو | ۵۶۵ |
| مشک خوشبو | ۵۶۹ |
| میان | ۵۷۲ |
| میان بنانے والا | ۵۷۲ |
| مالدار ہونا | ۵۷۳ |
| مال غنیمت | ۵۷۴ |
| مولی | ۵۸۱ |
| مرچ | ۵۹۱ |
| ماہر فلکیات | ۵۹۲ |
| منہ | ۵۹۲ |
| مجیٹھ | ۵۹۳ |
| مشکیزہ | ۶۰۵ |
| میانہ روی | ۶۱۱ |
| محل | ۶۱۱ |
| مخملی چادر | ۶۱۳ |
| ماچس | ۶۳۴ |
| مینڈھا | ۶۳۵ |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| منہ کے بل گرنا | ۶۳۵ |
| مکتب | ۶۳۶ |
| مقابلہ کرنا | ۶۴۵ |
| مچھردانی | ۶۴۸ |
| مکا مارنا | ۶۶۵ |
| موتی | ۶۶۷ |
| ملامت | ۶۶۸ |
| موڑنا | ۶۶۸ |
| محل | ۶۶۹ |
| مٹی | ۶۷۲ |
| مقابلہ کرنا | ۶۷۲ |
| میٹر | ۶۷۴ |
| مورچہ | ۶۷۴ |
| متعہ کرنا | ۶۷۴ |
| مثقال | ۶۷۴ |
| مثقال | ۶۷۴ |
| مجلس | ۶۷۶ |
| مجوسی | ۶۷۶ |
| محبت | ۶۷۷ |
| محتسب | ۶۷۷ |
| محراب | ۶۷۸ |
| مخلب پودا | ۶۷۹ |
| محمد صلی اللہ علیہ وسلم | ۶۷۹ |
| مخالفت کرنا | ۶۸۲ |
| مخطوطہ | ۶۸۳ |
| مُد (پیانہ) | ۶۸۳ |
| مدرسہ | ۶۸۴ |
| مدینہ منورہ | ۶۸۶ |
| مذی | ۶۸۶ |
| مصاحبت | ۶۸۷ |
| مونگا | ۶۸۸ |
| مرزنگوش | ۶۸۹ |
| مقام ومرتبہ | ۶۹۰ |
| مروّت | ۶۹۱ |
| مرّیخ | ۶۹۱ |
| مزدلفہ | ۶۹۱ |
| مقابلہ | ۶۹۲ |
| مسجد | ۶۹۳ |
| مُشک | ۶۹۵ |
| مشتری (سیارہ) | ۶۹۷ |
| مشعر حرام | ۶۹۸ |
| مشقت | ۶۹۹ |
| مصاحبت | ۷۰۰ |
| مصافحہ کرنا | ۷۰۰ |
| مصالحت کرنا | ۷۰۰ |
| مصحف شریف | ۷۰۰ |
| موافقت کرنا | ۷۰۳ |
| مظلوم | ۷۰۴ |
| معاشرت | ۷۰۵ |
| معانقہ کرنا | ۷۰۵ |
| معدہ | ۷۰۶ |
| معرکہ | ۷۰۶ |
| معلّم | ۷۰۶ |
| مغفرت | ۷۰۸ |
| مقام ابراہیم | ۷۱۰ |
| منہ کے بل گرنا | ۷۱۳ |
| منفعت | ۷۱۴ |
| مکہ مکرمہ | ۷۱۴ |
| موت کا فرشتہ | ۷۱۷ |
| مقام منیٰ | ۷۱۸ |
| منی | ۷۱۸ |
| منارہ | ۷۱۹ |
| مرغوں کا لڑنا | ۷۲۰ |
| منبر | ۷۲۰ |
| منجنیق | ۷۲۱ |
| منزلت | ۷۲۲ |
| منصب | ۷۲۲ |
| منظر | ۷۲۳ |
| مونڈھا | ۷۲۴ |
| معاہدہ کرنا | ۷۲۴ |
| موافق ہونا | ۷۲۶ |
| موت | ۷۲۶ |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| موذن | ۷۲۸ |
| موسیٰ علیہ السلام | ۷۲۹ |
| میکائیل علیہ السلام | ۷۳۱ |
| میل | ۷۳۱ |
| مچھر | ۷۳۵ |
| مغز | ۷۴۰ |
| مُردوں کا زندہ اٹھایا جانا | ۷۴۴ |
| مردہ کی چارپائی | ۷۴۷ |
| منافقت | ۷۴۸ |
| منتقل کرنا | ۷۵۰ |
| منتقلی | ۷۵۰ |
| ملاح | ۷۵۵ |
| معاہدہ کرنا | ۷۶۰ |
| موسلا دھار بارش | ۷۶۵ |
| مودّت کرنا | ۷۷۰ |
| میل اور گندگی | ۷۷۲ |
| معاملہ طے کرنیوالا | ۷۷۳ |
| مکا مارنا | ۷۷۶ |
| مایوسی | ۷۷۹ |

(ن)

| | |
|---|---|
| نام | ۹۴ |
| نرسانپ | ۹۸ |
| نماز قائم کرنا | ۹۹ |
| نیکی کا حکم دینا | ۱۰۵ |

| | |
|---|---|
| ناراضگی | ۱۱۰ |
| نالی | ۱۱۷ |
| نشہ ہونا | ۱۶۷ |
| نقل اتارنا | ۱۷۱ |
| نہر | ۲۰۵ |
| نیزہ | ۲۴۷ |
| نزگوہ | ۲۴۷ |
| نیکی کرنا | ۲۴۹ |
| ننگے پاؤں ہونا | ۲۵۵ |
| نگینہ ساز | ۲۵۶ |
| نان بائی | ۲۸۳ |
| نقشہ ساز | ۳۵۱ |
| نشانات | ۳۵۱ |
| نکسیر | ۳۵۳ |
| نقش و نگار بنانے والا | ۳۵۸ |
| نیزہ | ۳۶۲ |
| نیزہ کا نچلا لوہا | ۳۷۲ |
| نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجات مکرمات | ۳۸۳ |
| ناف | ۴۰۱ |
| ناک میں ڈالنے کی دوا | ۴۰۳ |
| نغوہ | ۴۱۰ |
| نیولے کے مشابہ ایک جانور | ۴۲۲ |

| | |
|---|---|
| نماز | ۴۹۱ |
| نابینا | ۵۰۵ |
| نیزہ کی ضرب | ۵۰۹ |
| نردکھیل | ۵۱۰ |
| نیزہ باز | ۵۱۶ |
| ناخن | ۵۲۳ |
| نیولا | ۵۳۶ |
| نافرمانی کرنا | ۵۴۳ |
| نچوڑ | ۵۴۴ |
| نافرمانی کرنا | ۵۵۱ |
| نامردی | ۵۵۸ |
| نامرد | ۵۵۸ |
| نگاہ پست کرنا | ۵۷۱ |
| نیزہ کی آزمائش کرنے والا | ۵۷۳ |
| نوجوان | ۵۷۹ |
| نان بائی | ۵۸۴ |
| نیکی کا کام کرنا | ۵۸۹ |
| نشانِ قدم پر چلنے والا | ۶۱۰ |
| نہالچہ | ۶۱۹ |
| ناامیدی | ۶۲۵ |
| نوجوان لڑکی | ۶۳۲ |
| نفرت | ۶۳۹ |
| ناشپاتی | ۶۴۹ |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| نیچے گر کر پکنے والی کھجور | ۶۴۹ |
| نہر کوثر | ۶۵۲ |
| ناپنے کا پیشہ اختیار کرنے والا | ۶۵۳ |
| نمدہ ساز | ۶۵۵ |
| نر کا مادہ منویہ | ۶۶۴ |
| نیلوفر | ۶۶۹ |
| نقل اتارنا | ۶۷۷ |
| ناک کی ریزش | ۶۸۲ |
| نفع | ۶۸۸ |
| نائی | ۶۹۲ |
| نشہ آور چیز | ۶۹۶ |
| نیک کام | ۷۰۶ |
| نرم برتاؤ کرنا | ۷۱۵ |
| نمک | ۷۱۵ |
| نمک فروش | ۷۱۶ |
| نثر (کلام) | ۷۲۰ |
| نجومی | ۷۲۱ |
| ننھا | ۷۲۱ |
| ناریل | ۷۳۳ |
| نارنگی | ۷۳۳ |
| نصاریٰ کا گھنٹہ | ۷۳۵ |
| نبیذ فروش | ۷۳۵ |
| نبیذ | ۷۳۷ |

| | |
|---|---|
| نجاست | ۷۳۸ |
| نجات | ۷۳۸ |
| نحیف ہونا | ۷۳۹ |
| نحوی | ۷۳۹ |
| نخوت | ۷۴۱ |
| نرگس کا پھول | ۷۴۱ |
| نرد کھیل | ۷۴۱ |
| نصیحت | ۷۴۵ |
| نطفہ | ۷۴۶ |
| نظم کہنا | ۷۴۶ |
| نعل بند | ۷۴۶ |
| نفع پہنچانے والا | ۷۴۷ |
| نقاب | ۷۴۹ |
| نقش و نگار کرنے والا | ۷۴۹ |
| نقصان | ۷۵۰ |
| نقص | ۷۵۰ |
| نکاح | ۷۵۰ |
| نیولا | ۷۵۱ |
| نہر | ۷۵۲ |
| نہر کوثر | ۷۵۴ |
| نوحہ کرنا | ۷۵۵ |
| نوح علیہ السلام | ۷۵۵ |
| نوروز | ۷۵۶ |
| نیابت | ۷۵۷ |

| | |
|---|---|
| نیچے آنا | ۷۵۹ |
| نمازی کا رخ | ۷۶۸ |


## (و)


| | |
|---|---|
| واپس لوٹنا | ۱۱۱ |
| واضح ہونا | ۱۵۰ |
| ویران کرنا | ۱۶۴ |
| ویران ہونا | ۱۷۸ |
| وکالت کرنا | ۱۷۰ |
| وطن کا اشتیاق | ۲۷۴ |
| ویرانی | ۲۸۶ |
| ورم کا علاج | ۵۵۱ |
| واویلا کرنا | ۵۶۰ |
| وزن کرنے کا آلہ | ۵۹۸ |
| وابستگی | ۷۱۵ |
| وادی | ۷۶۵ |
| واعظ | ۷۶۵ |
| والد | ۷۶۵ |
| والدہ | ۷۶۶ |
| والی | ۷۶۶ |
| وباء | ۷۶۶ |
| ورس (گھاس) | ۷۷۱ |
| وزیر | ۷۷۲ |
| وسق (پیمانہ) | ۷۷۳ |
| وصیت کرنا | ۷۷۳ |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| وضو کرنا | ۷۷۳ |
| وطی کرنا | ۷۷۴ |
| وطنی محبت | ۷۷۴ |
| وعدہ کرنا | ۷۷۵ |
| وقف کرنا | ۷۷۶ |
| وکالت کرنا | ۷۷۶ |
| وکیل | ۷۷۷ |
| ولادت | ۷۷۷ |
| ولیمہ | ۷۷۸ |

(ھ)

| | |
|---|---|
| ہکلا | ۸۲ |
| ہانڈی | ۱۲۷ |
| ہوٹل | ۱۳۲ |
| ہیجڑا ہونا | ۱۶۴ |
| ہبہ کرنا | ۱۷۵ |
| ہندی اخروٹ (ناریل) | ۲۳۱ |
| ہیجڑا | ۳۰۰ |
| ہوا | ۳۶۷ |
| ہرن | ۳۶۹ |
| ہنڈی | ۴۰۴ |
| ہونٹ | ۴۶۷ |
| ہنسنا | ۵۰۳ |
| ہرنی | ۵۲۳ |

| | |
|---|---|
| ہوشیاری | ۵۲۳ |
| ہڈی | ۵۴۶ |
| ہار | ۵۵۰ |
| ہٹ دھرمی | ۵۵۵ |
| ہرن | ۵۶۸ |
| ہرن فروش | ۵۶۹ |
| ہتھکڑی ڈالنا | ۵۷۲ |
| ہلاک کرنا | ۵۸۰ |
| ہوا خارج کرنا | ۵۸۷ |
| ہوٹل | ۵۹۳ |
| ہاتھی بان | ۵۹۳ |
| ہاتھی | ۵۹۳ |
| ہانڈی | ۶۰۲ |
| ہانڈیاں بنانے والا | ۶۰۲ |
| ہاتھ وغیرہ کا کٹنا | ۶۱۳ |
| ہار | ۶۱۶ |
| ہتھیلی | ۶۴۶ |
| ہسپتال | ۶۷۰ |
| ہڈی کا گودا | ۶۸۲ |
| ہنسانے والا | ۷۰۲ |
| ہتھوڑا | ۶۰۴ |
| ہندوستانی لوہے کی تلوار | ۷۲۵ |
| ہابیل | ۷۵۸ |
| ہارون علیہ السلام | ۷۵۸ |

| | |
|---|---|
| ہاون دستہ | ۷۵۸ |
| ہبہ کرنا | ۷۵۸ |
| ہُدہُد (پرندہ) | ۷۶۰ |
| ہدیہ | ۷۶۰ |
| ہریسہ | ۷۶۱ |
| ہشاش بشاش ہونا | ۷۶۲ |
| ہضم ہونا | ۷۶۲ |
| ہلاک ہونا | ۷۶۲ |
| ہوا | ۷۶۳ |
| ہود علیہ السلام | ۷۶۴ |
| ہیکل | ۷۶۴ |
| ہاتھ | ۷۸۰ |

(ی)

| | |
|---|---|
| یہود کا عبادت خانہ | ۱۵۳ |
| یہودیوں کا عبادت خانہ | ۶۵۱ |
| یافتہ بچہ | ۶۶۵ |
| یاقوت (پتھر) | ۷۷۹ |
| یتیم ہونا | ۷۸۰ |
| یحییٰ علیہ السلام | ۷۸۰ |
| یرقان (مرض) | ۷۸۲ |
| یعقوب علیہ السلام | ۷۸۲ |
| یہودی | ۷۸۳ |
| یوسف علیہ السلام | ۷۸۴ |
| یونس علیہ السلام | ۷۸۴ |


Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# تقدیم

## استاد علی عبدالحمید بلطہ جی

خواب انسان کے مخفی وجود اور اس کی روحانی اور ذہنی حقیقت کو ایک صورت بخشتا ہے جو اس کے معدن اور جوھر کی صورت ہے، یہ خواب بذاتِ خود اطرافِ جسم میں منتشر عالم روح کو ثابت کرتا ہے۔ اور اس سے دین و حیات کے میدان میں انوارِ الٰہی اور الہاماتِ ربانیہ وغیرہ کا حصول ہوتا ہے، اس سے انسان کے اخلاق و عادات کی تربیت ہوتی ہے۔

یہ بات محتاجِ تفصیل و توضیح ہے، تفصیل یہ ہے کہ:

اس کائنات میں کوئی چیز بے فائدہ اور بے کار نہیں ہے، ہر چیز مضبوط میزان کے تحت ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا

"اِنَّا کُلَّ شَیْءٍ خَلَقْنٰہُ بِقَدَرٍ"

یعنی "ہم نے ہر چیز کو ایک اندازہ کے ساتھ پیدا کیا ہے"۔

یہ آیت مبارکہ ہمیں اس بات پر ابھار رہی ہے کہ ہم رؤیا صالحہ کی حقیقت معلوم کرنے کے لئے اپنی علمی صلاحیت کو بروئے کار لائیں۔ تاکہ قاری کو معلوم ہو کہ یہ خواب اور اس کی تعبیرات من گھڑت چیز نہیں ہے اور نہ ہی عقل سلیم اور قیاس صحیح کے خلاف ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حیاتِ مبارکہ میں وحی کا سلسلہ چھ ماہ تک منقطع رہا، رؤیا صالحہ آپ کو دکھائے جاتے تھے۔ یہ ہے رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اِس فرمان کا مصداق، آپ نے فرمایا: مومن کا خواب نبوت کے چھیالیس اجزاء میں سے ایک جزء ہے، اس میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ نبوت کی ابتداء چالیس سال میں ہوئی اور اس کی انتہا تیئیس سال کے بعد یعنی وفات رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر ہوئی۔ تو اگر زمانہء فترت کو سال کے بارہ مہینوں کے اعتبار سے دو قسموں میں تقسیم کیا جائے تو عمر نبوت کے چھیالس اجزاء ہوں گے جس میں سے ہر جزء چھ ماہ کا ہوتا ہے۔

چنانچہ رؤیائے حق جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوتے ہیں الہام ربانی اور کشف روحانی و باطنی سے عبارت ہیں۔ حدیث پاک میں جزئیت سے یہی مقصود ہے۔ اور یہ رؤیا صالحہ انسان کو اسی صورت میں حاصل ہوتے ہیں جب کہ اس کا باطن منزہ اور پاک ہو، تمام رذائل اور غفلتوں سے اس کا نفس اور قلب خالی ہو اور اس کا باطن ماسوی اللہ سے صاف اور شفاف ہو، ایسا شخص جان لیتا ہے کہ اس کائنات کا حقیقی متصرف اور مخلوقات کے امور کو چلانے والا صرف اللہ ہی ہے، یہ رؤیا صالحہ پھر اس کے لئے نور و روشنی کا باعث بن جاتے ہیں۔ تاریک اندھیروں میں راہ ہدایت دکھاتے ہیں ایسے غامض اور مخفی

Marfat.com

امور اس پر منکشف ہو جاتے ہیں جن کا علم اس کے لئے نفع و خیر کے حصول کا سبب ہوتا ہے۔ اسی طرح یہ رؤیا صالحہ لوگوں کی ہدایت کے لئے سبیل اور معرفت الٰہی پر دلیل ہوتے ہیں جیسا کہ آپ کو معلوم ہوگا کہ حضرت یوسف علیہ السلام کسی کے خواب کی تعبیر اس وقت تک نہیں دیتے تھے جب تک کہ اس کو اللہ تعالیٰ کی معرفت اور اس کی عبادت کی دعوت نہیں دے دیتے تھے، اللہ جل جلالہ کا فرمان پڑھیئے:

"يَا صَاحِبَيِ السِّجْنِ أَأَرْبَابٌ مُتَفَرِّقُونَ خَيْرٌ أَمِ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ"

یعنی "اے میرے جیل کے ساتھیو! کیا متفرق رب بہتر ہیں یا ایک زبردست خدا؟"

رؤیا صالحہ مصائب و شدائد کے وقت انسان کے لئے مددگار اور ناامیدی کے وقت تمکین وقوت کا سبب ہیں، ایسا شخص علم الیقین کے ساتھ جان لیتا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہی اس کے امور کا مالک ہے، اور اس کی نصرت و مدد اس کے ساتھ ہے وہی اس کو راہ ہدایت کی توفیق عطا فرمائے گا۔ بعضے خواب عام قسم کے افکار و خیالات ہوتے ہیں یا انسان کے مخفی اسرار ہوتے ہیں یعنی انسان کے خاص قسم کے پوشیدہ امور ہوتے ہیں وہ نہیں چاہتا کہ کوئی شخص ان سے مطلع ہو، اس لئے کہ وہ اس کے اسرار اور خصوصیات ہوتے ہیں، اس کا ضمیر اس کو مکمل راز میں رکھنے اور پوشیدہ رکھنے پر مجبور کرتا ہے، کیونکہ ان اسرار کا ظہور اس کے لئے بڑا خطرہ پیدا کر سکتا ہے، اور بہت بڑی رسوائی کا سبب بن سکتا ہے، خواب کی یہ قسم ایسی ہے کہ جس کی تحلیلِ نفسی کی نظر میں بہت بڑی علمی قدر و منزلت ہے، اور ماہرین نفسیات کے لئے اس کے ذریعہ انسان کے باطن کی تحقیق ممکن ہوتی ہے اور اس قسم کے خواب روحانی امراض اور مخفی انحرافات کی اصل اور جڑ کی تعیین کا سبب ہوتے ہیں۔ ان مخفی امور کا ظہور رمزی شکل میں ضروری ہے۔ ماہرین فن اس کی معرفت رکھتے ہیں۔ بطور مثال کے ہم ایک قصہ ذکر کرتے ہیں:

☆ ایک نوجوان نے ایک باغ میں نوجوان عورت کو فریب دے کر اس کی بکارت (کنوارا پن) زائل کر دی، اب وہ جوان عورت اس راز کا کسی کے سامنے ذکر نہیں کرتی، بلکہ اپنے باطن میں اس راز کو محفوظ رکھتی ہے۔ عالم خواب میں یہ راز منکشف ہونا چاہتا ہے، لیکن وہ عورت حالت بیداری میں تیار نہیں ہے کہ وہ راز منکشف ہو، اس کا ضمیر ظاہر اس کے ضمیر باطن کو اپنے تابع کرتا ہے کیونکہ اسکو شدید خوف ہے، خواب کی حالت میں وہ عورت اس برائی کا ادراک کرتی ہے۔ لیکن قوت مجہولہ اجازت نہیں دیتی کہ اس کی ذلت و رسوائی کا انکشاف ہو، کیونکہ تکلیف دہ حقیقی صورت خواب کے ذریعہ ظاہر تو ہوئی ہے لیکن کامل طور پر رسوا کن نہیں ہے، وہ باغ اور فریب کار جوان کا وہ عمل اس کی شرافت اور عفت و پاکدامنی کے خلاف ہے، قصہ مختصر یہ کہ جرم کا حقیقی قصہ اس عورت کے خواب میں نہیں آئے گا، بالفرض اگر وہ اس طرح کا خواب دیکھے بھی تو وہ کسی کو اس کی خبر نہیں دے گی، البتہ وہ عورت خواب میں اپنے آپ کو ایک بڑے باغ میں دیکھے گی، درخت کی کسی ٹہنی کے ساتھ لٹکی ہوئی ہے، اور نیچے قدموں کے ایک گہرا گڑھا ہے جو مٹی اور کیچڑ سے بھرا ہوا ہے، اور وہ اس وجہ سے بے

Marfat.com

چین ہے، گھبرائی ہوئی ہے کہ کہیں اس کے ہاتھ سے ٹہنی چھوٹ نہ جائے اور اس گڑھے میں نہ گر جائے، لیکن اچانک اس کے ہاتھ سے ٹہنی چھوٹ جاتی ہے اور وہ تاریک گڑھے میں گر جاتی ہے، یعنی جس چیز سے ڈر رہی ہوتی ہے وہی واقع ہو جاتا ہے، اب یہ خواب اصل میں اس کے باطنی ضمیر کو ظاہر کرنے والا ہے، اور اس حقیقی قصہ کا اثر ہے کہ جس کے اظہار سے وہ عورت خوفزدہ تھی۔ ایک اجنبی نوجوان سے جنسی تعلق کی صورت خواب میں درخت کی ایک ٹہنی سے معلق ہو کر ظاہر ہوئی۔ اور اس تعلق کے نتیجہ میں پیدا ہونے والی معاشرتی برائی کیچڑ میں گرنے سے ظاہر ہوئی۔ اس طرح کی صورتِ حال میں ماہرین نفسیات کی ضرورت ظاہر ہوتی ہے جو اس عورت کے مرض کو دور اور اس کی مشکل کو حل کر سکیں۔

ایسی عورت ایسی تکلیف دہ حالت میں کیا کرے؟ اگر وہ شادی کرے تو رسوا ہوگی، اور خاوند کے بغیر کنوارا رہنا بھی تکلیف دہ چیز ہے۔ اگرچہ کنوارا رہنا فضیحت اور ذلت سے بہتر ہے، اور حال یہ ہے کہ وہ عورت شریف خاندان کی ہے اگر اس کو شادی کرنے کو کہا جائے تو وہ کیا کرے؟ وہ تو ہمیشہ یہی کہے گی کہ میں شادی نہیں کرنا چاہتی کیوں کہ شادی تو مشکلات میں پڑنے کا سبب ہے، اور آج کے مرد حضرات بے وفا ہیں، کتنی عورتیں ایسی ہیں جو مطلقہ ہو چکی ہیں، وہ یہی کہے گی کہ میں تجربات کے میدان میں زندگی گزارنا نہیں چاہتی، اب دیکھئے اس عورت کی یہ بات اپنے حالات پر پردہ پوشی اور ملمع سازی کے سوا کچھ نہیں ہے، جب وہ خلوت اور تنہائی میں ہوگی تو المناک اور دردناک داستان کو یاد کر کے یہ کہے گی کہ میرے نفس نے مجھے ہلاک و برباد کر دیا، مجھے اجاڑ دیا اور عذاب میں ڈال دیا۔

اور اگر اس کا چچا مشہد علاقہ کے دورہ سے آئے گا اور ملنے والے اس کو ملنے اور سلام عرض کرنے اس کے پاس آئیں گے تو یہ عورت بھی پورے ادب واحترام کے ساتھ اپنے چچا کے پاس آئے گی اور یوں کہے گی کہ شکر ہے اللہ کا اے میرے چچا! مجھے امید ہے کہ آپ باغ کے دورہ سے بہت خوش ہوئے ہوں گے؟ لیکن اس کا چچا اس کی غلطی دور کرتے ہوئے کہے گا کہ میں تو باغ میں نہیں تھا، ہاں البتہ میں مشہد کے دورہ پر تھا، اب وہ لڑکی مشکل میں پھنس گئی اور تلافی کے لئے کہے گی اچھا مشہد اے چچا! اب عام لوگوں کی نظر میں اس عورت کی یہ لفظی غلطی شمار ہوگی لیکن ماہرین نفسیات کے نزدیک یہ لفظی غلطی نہیں ہے اور اب اس معمہ کو حل کرنے، خواب کی تعبیر معلوم کرنے اور حقیقت تک پہنچنے اور نفس کا علاج اور اصلاح کے لئے ماہرین فن تعبیر کا رول اور کردار سامنے آئے گا۔

خلاصہ یہ کہ اس عورت کے باطن میں دو راز مخفی ہیں، ایک ظاہری اور دوسرا باطنی۔ جہاں بھی بیٹھے گی یہی کہے گی کہ میں کسی مرد سے شادی نہیں کروں گی۔ وہ بے وفا ہوتے ہیں، ہمارے معاشرہ میں کوئی اچھا مرد بالکل نہیں ہے، میں اپنے لئے شقاوت اور بدبختی پیدا نہیں کر سکتی۔ اس طرح کی باتیں بنائے گی، اور باطن اور ضمیر میں وہ بہت سی ایسی چیزیں پائے گی جن کے بارے میں وہ پسند نہیں کرے گی کہ وہ چیزیں کسی پر ظاہر ہوں، صرف میرا ان پر مطلع ہونا کافی ہے، وہ یہی دل میں کہے گی کہ میں سیر و تفریح کے لئے باہر کیوں نکلوں؟ رفیقِ بد کے ساتھ میں کیوں زندگی گزاروں؟ میں اپنی ذات کو عمر بھر کیوں بدحالی اور نامراد رکھوں؟"

Marfat.com

## اسلام میں تحلیل نفسی

علمائے اسلام نے بعض خوابوں کی تعبیرات بیان کی ہیں اس کے باوجود اسلام میں کچھ ایسے افراد پائے گئے ہیں جو اشخاص کے باطنی راز کو معلوم کر سکتے تھے، اور خواب کی تعبیر و تفسیر کے ذریعہ ان کے اسرار تک پہنچ سکتے تھے۔ ایسے لوگ ساحر یا جادوگر تو نہیں تھے اور نہ ہی علم غیب کے دعویدار تھے، البتہ بالکل عام لوگوں کی طرح انسان تھے۔ لیکن اپنے وقت کے انتہائی ذکی اور ذہین لوگ تھے، بلاشبہ ان کی تعبیراتِ رؤیا کے بعض نمونے تو ایسے اہم ہیں کہ زمانہ جدید کی تمام کتب نفسیات میں اس طرح کی کوئی مثال ہمیں نہیں ملتی ہے۔ ایسے لوگوں میں جن کی تفسیراتِ رؤیا مشہور ہوئیں ابن سیرینؒ کا نام ملتا ہے، بطورِ خواب کے تحلیل نفسی کی ابتداء آج سے تیرہ صدیوں پہلے ہو چکی ہے، بہت سے غامض اور مبہم حقائق کو ایک شخص نے واضح کیا تھا جس کا نام محمد ہے جو حضرت حسن بصریؒ کے ہمعصر تھے، ان کے والد (سیرین) پیتل کا کام کرتے والے تھے۔ پھر ان کے بعد امام کبیر شیخ العارفین عبدالغنی نابلسیؒ آئے۔ جنہوں نے پھر اس علم کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے عطا کردہ علم و معرفت سے حسن و جمال بخشا۔

قبل ازیں کہ ہم تحلیل نفسی کے نقطۂ نظر سے تعبیر رؤیا کے بعض نمونے پیش کریں، ضروری معلوم ہوتا ہے کہ ہم دو پہلوؤں پر کچھ بحث کرلیں:۔

### ا۔ خواب کا مذہبی جذبات سے تعلق

ہر امّت کے مذہبی اور ثقافتی جذبات اور احساسات دوسرے سے مختلف ہوتے ہیں، ایک مسلمان جو قرآن کریم کی تعلیمات سے واقف ہے اس کے احساسات اور ایک جاپانی بدھ مذہب کے پیروکار اور ماہر طبیعات کے جذبات و میلانات میں زمین و آسمان کا فرق ہے۔ کیوں کہ مسلمان کے خواب اسلامی جذبات اور قومی احساسات کے ساتھ ملے ہوئے ہوتے ہیں اور جاپانی بدھ مذہب کے پیروکار کے خواب اسکے قومی اور مذہبی اعتقادات کی مناسب صورتوں میں ظاہر ہوتے ہیں۔ اگر خوابوں کی تعبیر بتانے والا شخص خواب دیکھنے والے کے قومی، ثقافتی اور مذہبی جذبات سے واقف ہو تو وہ بہترین طریقہ سے خواب کی تعبیر دے سکے گا، یہی وجہ ہے کہ مسلمان معبّرین خواب کی تعبیر و توضیح میں قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم پر اعتماد کرتے ہیں، جن پر لوگوں کے جذبات اور احساسات مبنی ہوتے ہیں"۔ فرائڈ کا نظریہ یہ ہے کہ جو لوگ ایک ہی طرح کی ثقافتی اور مذہبی سطح کے ہوں وہ باطنی وجدان میں ملتے جلتے آثار اور اشارات استعمال کرتے ہیں، اور ان رموز اور اشارات کی تحقیق و تفتیش ان خوابوں سے ضروری ہے۔

### ۲۔ خواب میں رموز و اشارات

عام طور پر انسانی وجدان اس قباحت اور معاشرتی برائی کی اجازت نہیں دیتا کہ اس کے باطن اور ضمیر میں موجود

Marfat.com

چیزوں کا خواب میں حقیقی صورت میں ظہور و انکشاف ہو، اسی لئے مخفی افکار کا ظہور مختلف مظاہر اور رموز و کنایات کی صورت میں ہوتا ہے۔

چنانچہ مُعبّر کے لئے ضروری ہے کہ وہ صاحب فراست و ذکاوت ہو تاکہ وہ خواب میں دیئے گئے رموز و اشارات اور اس کی ظاہری صورت سے اس کی ماوراء حقیقت کو معلوم کر سکے، اس طرح وہ اُس خواب کی مکمل تعبیر بتا سکے گا، بلاشبہ اس عالمِ لاشعوری کا طرزِ حکایت ہماری ظاہری زندگی کے طرزِ حکایت سے لازمی طور پر مختلف ہے، ظاہری طور پر ہم ان حکایات سے اصل مقصود کا ادراک نہیں کر سکتے، اس لئے ضروری ہے کہ ہم اوّل وھلہ ان صورتوں کی توجیہ اور تعبیر کے لئے کوشش کریں۔ اس لئے کہ خوابوں کی زبان رموز و کنایات سے مرکب ہونے میں دوسری بنیادی زبانوں کی طرح ہے، اور ان رموز کی تفسیر اور توضیح ہر مرتبہ مروّج اصطلاح اور معمول کے مطابق ضروری ہے۔

حدیث پاک میں آیا ہے کہ ''خوابوں کے بھی نام اور کنیتیں ہیں لہٰذا ان ناموں کے ذریعہ ان خوابوں کی تعبیر کیا کرو''۔ باطنی شکل کا ظاہری صورت میں بدلنے کا نام ''حلم'' (خواب) ہے، اور اس کا برعکس یعنی ظاہری صورت کو باطنی صورت میں بدلنے کا نام ''تحلیلِ نفسی'' ہے، اب ہم تحلیلِ نفسی کے اعتبار سے بعض ان خوابوں کے نمونے پیش کرتے ہیں جن کا اسلام میں اعتبار کیا گیا ہے:۔

۱۔ ایک آدمی نے حضرت علی بن حسین رضی اللہ عنہما سے کہا کہ میں خواب میں دیکھتا ہوں جیسے میں اپنے ہاتھ میں پیشاب کر رہا ہوں۔ انہوں نے فرمایا کہ تیری اہلیہ کوئی محرم عورت ہے، تو جب تحقیق کی گئی تو معلوم ہوا کہ واقعۃً اس کے اور اس کی بیوی کے درمیان کوئی رضاعی تعلق تھا، اب اس خواب میں ہم دیکھتے ہیں کہ یہ ہاتھ (جو انسان کے اعضاء میں سے ایک عضو ہے) بہن سے کنایہ ہے جو خاندان کی ایک فرد ہے، اور پیشاب مادہ منویہ کے لئے ایک رمز اور اشارہ ہے، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ہاتھ میں پیشاب کی تعبیر و تفسیر نکاحِ محرم سے فرمائی، اگر وہ آدمی فی الحقیقت جانتا ہو کہ اس کی بیوی اس کی بہن ہے تو پھر خواب کی اس تفسیر کو اس کے باطنی حال کا انکشاف کہیں گے اور اگر وہ آدمی اس بات کو نہیں جانتا تھا تو پھر اس تعبیر کو الہام کہیں گے۔

۲۔ ابوعبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس ایک آدمی آیا، اس نے آ کر یہ عرض کیا کہ اے رسول اللہ کے بیٹے! میں خواب میں دیکھتا ہوں جیسا کہ میں کوفہ شہر سے نکل کر کسی معروف جگہ جا رہا ہوں، اور کوئی لکڑی کا بنا ہوا بوڑھا یا لکڑی سے تراشہ ہوا کوئی لکڑی کے گھوڑے پر سوار ہے اور وہ اپنی تلوار کو گھما رہا ہے، اور میں اس کو مرعوب ہو کر اور خوفزدہ ہو کر دیکھ رہا ہوں؟ حضرت ابوعبداللہ رضی اللہ عنہ نے اسے فرمایا کہ تو ایک ایسا آدمی ہے جو کسی کو اس کی معیشت میں نقصان اور دھوکہ دینا چاہتا ہے، تجھے اللہ تعالیٰ سے ڈرنا چاہیئے جس نے تجھ کو پیدا کیا اور پھر وہ تم کو موت دے گا، اس آدمی نے کہا میں شہادت دیتا ہوں اس بات کی کہ آپ کو ایک ایسا علم عطا کیا گیا ہے کہ جس کی روشنی سے آپ نے یہ بات

Marfat.com

معلوم کی ہے، اے رسول اللہ کے بیٹے! آپ نے جو تعبیر بیان فرمائی ہے اس کے بارے میں آپ کو حقیقت بتاتا ہوں، وہ یہ کہ میرے ہمسایہ میں سے ایک آدمی میرے پاس آیا تھا مجھے اس نے اپنی زمین پیش کی تھی، مجھے چونکہ معلوم تھا کہ میرے سوا اس کا کوئی طالب نہیں ہے اس لئے میں نے یہ ارادہ کیا تھا کہ میں اس کو بہت بڑا خسارہ اور نقصان پہنچا کر اس کی زمین کا مالک بن جاتا ہوں۔

۳۔ ایک عورت ابن سیرینؒ کے پاس آئی اور آپ سے کہنے لگی کہ میں خواب میں دیکھتی ہوں کہ جیسے میں لکڑی کے نیچے انڈے رکھتی ہوں اور اس سے چوزے نکل آتے ہیں، تو ابن سیرینؒ نے فرمایا تیرا ستیاناس ہو خدا کا خوف کرو، تو ایک ایسی عورت ہے جو ایسے مردوں اور عورتوں کے پاس آتی جاتی ہے جن سے اللہ تعالیٰ محبت نہیں فرماتے۔ ابن سیرینؒ سے کہا گیا کہ یہ بات آپ نے کہاں سے اخذ کر لی! فرمایا اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد سے جو عورتوں کے بارے میں ہے ''کانّھنّ بیض مکنون'' گویا کہ وہ عورتیں پوشیدہ انڈے ہیں، اور منافقوں کو لکڑی کے ساتھ تشبیہ دی گئی ہے فرمایا ''کانّھم خشب مسنّدہ'' گویا کہ وہ لکڑیاں ہیں جو سہارے لگائی ہوئی ہیں۔ لہٰذا یہ انڈے عورتیں ہیں اور لکڑی جو دیکھی وہ فسادی لوگ ہیں، اور وہ چوزے جو لکڑی کے نیچے سے نکلے وہ زنا کی اولاد ہے، ابن سیرینؒ نے جس طرح اس کے خواب کی تعبیر بیان فرمائی تھی اسی طرح واقع ہوا، یوں اس عورت کا سربستہ راز اس خواب کے ذریعہ کھل گیا''۔

۴۔ ابن سیرینؒ سے مروی ہے کہ ایک آدمی ان کے پاس آیا اور اس نے کہا کہ میں خواب میں دیکھتا ہوں جیسا کہ انڈے کا چھلکا اتار رہا ہوں اور اسکی زردی پھینک رہا ہوں اور اس کی سفیدی کھا رہا ہوں، تو ابن سیرینؒ نے فرمایا کہ یہ آدمی کفن چور ہے، ان سے پوچھا گیا کہ یہ آپ نے کہاں سے سمجھا؟ فرمایا کہ انڈہ اصل میں قبر ہے اور زردی مردہ کا جسم ہے، اور انڈے کی سفیدی اس کا کفن ہے۔ یہ شخص میت کو قبر میں ڈال کر کفن کی قیمت کھا لیتا ہے (جیسا کہ اس نے خواب میں دیکھا کہ سفیدی کھا رہا ہے)۔ اس طرح اس آدمی کی پوشیدہ خیانت بصورت خواب ظاہر ہو گئی جو رات کو قبریں کھولتا تھا اور کفن چرا لیتا تھا اور ابن سیرینؒ جیسا ماہر عالم اس کے خواب کی تعبیر اور اس کے راز کو منکشف کرنے پر قادر ہوا۔

۵۔ ایک آدمی ابن سیرینؒ کے پاس آیا اس کے پاس ایک تھیلا تھا، اس نے آ کر ابن سیرینؒ سے کہا کہ میں خواب میں دیکھتا ہوں جیسے میں بڑی مضبوطی سے مشکیزوں کے منہ کو بند کرتا ہوں، ابن سیرینؒ نے اس سے فرمایا کہ کیا تو نے یہ خواب واقعۃً دیکھا ہے؟ اس نے کہا جی ہاں، ابن سیرینؒ نے حاضرین مجلس سے فرمایا کہ ہو سکتا ہے کہ یہ آدمی بچوں کے گلے گھونٹتا ہے اور اس کے تھیلے میں گلہ گھونٹنے کے آلات وغیرہ بھی ہوں گے، لوگ اس پر کود پڑے، اس کے تھیلے کی تفتیش کی تو لوگوں کو کچھ رسیاں وغیرہ ملیں، چنانچہ انہوں نے اس کو حاکم کے حوالہ کر دیا''۔

Marfat.com

۶۔ ایک آدمی ابن سیرینؒ کے پاس آیا اور اس نے یہ کہا کہ میں خواب میں دیکھتا ہوں کہ میں ایک چوہیا سے جماع کر رہا ہوں اور اس کے راستہ سے کھجور نکلتی ہے، ابن سیرینؒ نے اس کو فرمایا کہ تمہارے اس خواب سے میں یہ سمجھتا ہوں کہ تیرا نکاح کسی بدکار عورت سے ہوا ہے، اس نے کہا جی ہاں، پھر فرمایا کہ وہ حاملہ ہے اور میں تجھے خوشخبری سناتا ہوں کہ وہ عورت نیک شریف لڑکا جنے گی"۔

۷۔ ابن سیرینؒ کے پاس ایک آدمی آیا اور ان سے کہنے لگا کہ میں خواب میں کچھ ایسا دیکھتا ہوں کہ گویا کہ میں درخت زیتون کو روغنِ زیتون سے سیراب کرتا ہوں پھر میں سیدھا ہو کر بیٹھ جاتا ہوں، تو ابن سیرینؒ نے پوچھا کہ تیرے ماتحت کیا ہے؟ وہ کہنے لگا کہ گدھا ہے جو میں نے خریدا تھا یا ایک روایت میں یہ ہے کہ اس نے کہا باندی ہے جس سے صحبت کرتا ہوں تو آپ نے فرمایا کہ مجھے ڈر ہے کہ وہ کہیں تمہاری والدہ نہ ہو۔ جب حالات کی تحقیق ہوئی تو واقعۃً اس کی والدہ نکلی۔

تعبیر خواب کے ان چند نمونوں کے بیان سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ لوگوں کے خوابوں کی تفسیر کے ذریعہ ان کے مخفی امور تک پہنچنے اور ان کی نفسیاتی تحقیق کرنے کا طریقہ کوئی نیا امر نہیں ہے کہ یہ خیال کیا جائے کہ فرائڈ پہلا شخص تھا جس نے یہ نفسیاتی طریقہ ایجاد کیا اور اس کے اسکول ہی کو خصوصیت حاصل ہو۔ ایسا نہیں ہے، بلاشبہ اسلام میں یعنی مسلمانوں میں بھی ایسے ذہین اور نابغۂ روزگار افراد اور شخصیات موجود ہیں جنہوں نے فرائڈ سے بہت پہلے یہ طریقہ ایجاد کیا، ان میں سے ایک ابن سیرینؒ ہیں جنہوں نے تیرہ صدیوں پہلے اپنے تجارب اور شاندار کاموں کا آغاز کیا، ان کے بعد بھی کثیر تعداد میں علماءِ اسلام آئے جنہوں نے اس علم کی جانب بہت زیادہ توجہ مبذول کی جس کا نتیجہ یہ ہے کہ یہ علم اب بہترین صورت اختیار کر گیا ہے۔

## فرائڈے کا ناقص نظریہ

لائق موضوع امر یہ ہے کہ خوابوں کے متعلق فرائڈے کا نظریہ ناقص اور ناپختہ ہے، دیگر مادہ پرستوں کی طرح فرائڈے کا نظریہ بھی مادہ پرستی پر مبنی ہے، جس طرح وہ دین و خالق کے موضوع کے متعلق راہِ اعتدال سے منحرف ہوا۔ اسی طرح خوابوں کے متعلق بھی سیدھے راستہ سے ہٹ گیا، وہ حقیقت کا ادراک تمام پہلوؤں سے نہ کر سکا، فرائڈے خوابوں کو صرف باطنی افکار کا مظہر خیال کرتا ہے، وہ کہتا ہے کہ "خواب کو یوں بیان کیا جا سکتا ہے کہ وہ مخفی افکار کو ظاہر شکل میں لانا ہے، خلاصہ یہ کہ خواب نہ موجد ہے اور نہ خود وہ کسی چیز کو خلق کرتا ہے نہ نتیجہ نکالتا ہے اور نہ کوئی حکم لگاتا ہے" وہ کہتا ہے کہ "خواب کا عمل اختصار، تلخیص، صورت کی تبدیلی یا تمثیل سے عبارت ہے، یہی وجہ ہے کہ خواب ایک منظم شکل ہے جس کی وضاحت کچھ پہلے ہم بیان کر چکے ہیں، جو بات میرے لئے ظاہر ہوتی ہے وہ یہ ہے کہ خواب کی ایک قسم ایسی ہے جو خواب

Marfat.com

میں ذہنی نشاط کا سبب و نتیجہ ہوتی ہے، لیکن وہ بات جو خواب کی تحلیل سے واضح ہوتی ہے وہ یہ ہے کہ یہ تعقلات صاحب خواب کے باطنی افکار میں پہلے سے موجود تھے، جو بعینہٖ خواب میں ظاہر ہوئے، اور خواب میں ہر منطقی عقلی قصہ وہ بعینہٖ وہی چیز ہے جو باطنی افکار میں پہلے ہی موجود تھی' جس طرح کاہن اور نجومی لوگ خوابوں کی تعبیرات مستقبل کے واقعات کے متعلق بیان کرتے تھے، اور ان کی بیان کردہ تعبیریں غلط ہوتی تھیں۔ اسی طرح فرائڈے کا تمام خوابوں کو صرف اور صرف نفسیات کے متعلق اور انہیں باطنی وجدان کا مظہر قرار دینے کا نظریہ بھی درست نہیں ہے اور وہ بات جس میں کوئی شک وشبہ نہیں کہ بعض خوابیں ضمیر باطن کی تجلیات سے عبارت ہوتی ہیں، خواب کی اس قسم کو درست شمار کیا گیا ہے جس میں باطنی نفس ظاہری نفس سے مربوط ہوتا ہے، اسی کے بارے میں رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے، کہ خواب کی ایک قسم وہ ہے جو انسان اپنے دل میں بیان کرتا ہے (خیالات) پھر اسی کو خواب میں دیکھتا ہے۔ علماءِ اسلام نے اس قسم کے خوابوں کی تفسیر متعدد جگہوں میں فرمائی ہے لیکن فرائڈے نے یہ خیال کیا کہ ہر طرح کے خوابوں کی تفسیر وتعبیر خود اسی کی لغت کے ساتھ کی جائے، فرائڈے کی غلطی کا منشاء یہی ایک حصر کلام ہے۔

## مجہول حقائق

ایسے اشخاص کثیر تعداد میں ہیں جنہوں نے خوابوں کے ذریعہ ماضی و حال کے مجہول حقائق کی تحقیق تک رسائی حاصل کی ہے، بسا اوقات ایسا ہوتا ہے کہ خواب بعض ایسے حقائق کے متعلق جن کا خیال بھی صاحب خواب کے دل یا اس کے ضمیر باطن میں نہیں گزرتا واضح صورت کی خبر دے دیتا ہے، خوابوں کا یہ حصہ مقدار میں زیادہ ہے جس سے انکار ممکن نہیں ہے اور نہ تکذیب ہوسکتی ہے، مشرق ومغرب میں ایسے افراد متعدد موجود ہیں جنہیں اس قسم کے خواب آچکے ہیں، جیسے ایک واقعہ ہے کہ کسی کی بیوی وفات پاگئی وہ اپنی زندگی میں کسی شخص سے اپنی رقم کا مطالبہ کیا کرتی تھیں اس کے پاس اس قرض کی رسید یا ثبوت بھی موجود تھا، اب وہ خود تو وفات پاگئی تھی اس کے مقروض نے اس قانونی رسید یا ثبوت کا مطالبہ کیا تو اس فوت شدہ عورت کی بیٹی سارے گھر میں وہ رسید تلاش کرتی رہی جہاں بھی رسید کے ملنے کی توقع ہوسکتی تھی وہاں اس نے دیکھا مگر ساری محنت بے سود رہی، وہ مقروض بھی قانونی رسید لینے کے بغیر ادائیگی قرض پر تیار نہیں تھا، ورثاء قرض کی وصولی سے مایوس ہوگئے، اچانک رات کے وقت خواب میں خادمہ نے اپنی فوت شدہ مالکن کو دیکھا کہ وہ اس کو کہہ رہی ہے کہ میری بیٹی کو بتاؤ کہ رسید فلاں کپڑے کی جیب میں ہے، چنانچہ اس کی بیٹی اس جگہ پہنچی تو اسی جگہ وہ رسید اسے دستیاب ہوگئی جس جگہ خادمہ نے بتایا تھا۔ اب اس خواب کی تفسیر فرائڈے کے نظریہ تحلیلِ نفسی کے مطابق ممکن نہیں، اور نہ یہ خواب خادمہ کے باطنی افکار کا مظہر ہوسکتا ہے، کیوں کہ خادمہ تو قرض کا قصہ تک نہ جانتی تھی اور نہ ہی رسید کے متعلق اسے کچھ خبر تھی، خواب کی اس قسم کا ایک خاص حساب ہے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی وضاحت فرمائی ہے کہ "بشریٰ من اللہ"

Marfat.com

یعنی ایسے خواب اللہ تعالیٰ کی طرف سے بشارت اور خوشخبری کے حامل ہوتے ہیں، اور یہ الہام ربانی کی ایک نوع ہے اور خواب کی یہ قسم اس درجہ کثیر ہے کہ اگر ہر زمانہ کی خوابوں کو جمع کیا جائے تو ایک بہت بڑی کتاب تیار ہو جائے، فرائڈے نے خواب کی اس قسم کے متعلق کچھ ذکر نہیں کیا، اور نہ ہی وہ اس کے بارے میں کچھ کہنے کی سکت رکھتا ہے، وجہ اس کی یہ ہے کہ فرائڈے ایک مادہ پرست آدمی ہے، اور خواب کی اس قسم کا اعتراف و اقرار اصل میں روحانی اصول، مافوق المادہ عالم کی تصدیق اور مادی مذہب سے اعراض کو لازم ہے، جب کہ فرائڈے اس امر کے اعتراف کے لئے تیار نہیں ہے۔ فرائڈے کا حقیقت کے اعتراف سے اعراض کرنا حقیقت اور واقعیت کو ذرہ بھر بھی تبدیل نہیں کر سکتا، اور اس کے غیر معقول افکار حقیقت مسلمہ کو چھپا نہیں سکتے جب کہ ہزاروں شواہد و دلائل اسکے نظریہ کو غلط ثابت کر رہے ہوں۔

تکمیلِ فائدہ کی خاطر اس قسم کے خوابوں کے کچھ نمونے پیش کئے جاتے ہیں:

ا۔ شاہِ مصر کا خواب: مصر کے بادشاہ نے خواب دیکھا تھا (جیسا کہ قرآن پاک میں مذکور ہے) سات دبلی کمزور گائیں ہیں جو سات موٹی گائیوں کو کھاتی ہیں اور سات خشک بالیں ہیں اور ان کے ساتھ سات بالیں سبز ہیں، قرآن نے یوں بیان کیا ''فقال الملك انی أری سبع بقرات سمانٍ یأکلهن سبع عجاف و سبع سنبلات خضر و أخر یا بسات، یا أیها الملأ افتونی فی رؤیای ان کنتم للرؤیا تعبرون'' بادشاہ نے اپنا خواب ملک کے علماء و ماہرین فن کے سامنے پیش کیا مگر سب اسکی تعبیر بیان کرنے سے عاجز آ گئے، اور اس خواب کو ''اضغاث احلام'' کا نام دیا، حضرت یوسف علیہ السلام تعبیر رؤیا کے ماہر تھے، انہوں نے بادشاہ کے خواب کی تعبیر یوں بیان کی۔ تم سات سال کے لئے زراعت کے کام میں خوب محنت کرو اور ہر سال جو گندم بچ جائے اسے ذخیرہ کرو، اور جو استعمال سے زائد ہو اسے بالیوں ہی میں رہنے دو، سات سال کے بعد ملک سخت قحط سالی کا شکار ہو گا، اور یہ قحط سالی مسلسل سات سال تک رہے گی، لوگ بہت زیادہ تکلیف و شدت میں مبتلا ہوں گے، اس سات سال کے عرصہ میں ذخیرہ کردہ گندم سے استفادہ کیا جائے، حضرت یوسف علیہ السلام کی بات پوری پوری ثابت ہوئی، لوگوں نے قحط سالی کے دنوں میں سات سال کے ذخیرے سے استفادہ کیا، لوگوں نے یوسف علیہ السلام کی فہم و فراست کے سایہ میں حتمی اور یقینی موت سے نجات پائی، اس دقیق علمی تعبیر اور عظیم خدمت کا اثر یہ ہوا کہ حضرت یوسف علیہ السلام لوگوں کے محبوب بن گئے، حتیٰ کہ اس طرح یوسف علیہ السلام کئی سالوں کے لئے زمامِ حکومت سنبھالنے کے قابل ہو گئے، اب یہاں بادشاہ کا خواب ضمیر باطن کی افکار کی تلخیص نہیں تھا، اور یوسف علیہ السلام نے جو عجیب و غریب تعبیر بیان فرمائی اس کا تحلیل نفسی سے کوئی تعلق نہیں تھا، انہوں نے ایسے خواب کی توضیح کی جس کا مستقبل بالکل مجہول تھا، اور ایک مخفی حادثہ کو ظاہر کر دیا۔

۲۔ عبدالملک بن مروان نے خواب دیکھا کہ وہ مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے محراب میں چار مرتبہ پیشاب کرتا ہے،

Marfat.com

جب انہوں نے ابن سیرینؒ سے اس خواب کی تعبیر پوچھی تو ابن سیرینؒ نے فرمایا کہ تیری اولاد میں سے چار لڑکے خلافت کے منصب تک پہنچیں گے، اور امامت کے لئے محرابِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں کھڑے ہوں گے، اور مسلمانوں کے معاملات سنبھالنے کا عہد کریں گے، چنانچہ ایسا ہی ہوا جیسا ابن سیرینؒ نے فرمایا تھا، ولید بن عبدالملک، سلیمان بن عبدالملک، ہشام بن عبدالملک اور یزید بن عبدالملک یکے بعد دیگرے منصبِ خلافت پر فائز ہوئے، دیکھئے ابن سیرینؒ نے مجہول مستقبل کے متعلق خواب کو واضح کیا جسے کوئی شخص بالکل نہیں جان سکتا تھا۔

۳۔ مہدی عباسی سے منقول ہے کہ انہوں نے خواب دیکھا کہ اس کا چہرہ سیاہ ہوگیا ہے۔ معبرین سے اس کی تعبیر پوچھی تو ابراہیم کرمانی کے سوا سب عاجز آگئے، کرمانی نے کہا کہ آپ کے ہاں بیٹی پیدا ہوگی، لوگوں نے پوچھا یہ تعبیر کہاں سے آپ کو معلوم ہوئی؟ انہوں نے جواب دیا کہ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان سے ''واذا بشر أحدهم بالأنثى ظل وجهه مسودًا'' یعنی جب لڑکی کی کسی کو خبر دی جاتی ہے تو اس کا چہرہ سیاہ ہو جاتا ہے، چنانچہ مہدی نے ان کو ایک ہزار درہم عطا کئے، اور جب بیٹی ہوئی تو مزید ایک ہزار درہم ان کو دیئے، یہ خواب بھی ایسا تھا جس کا مستقبل مجہول تھا ابراہیم کرمانی نے اس مجہول خواب کی حقیقت کو کھول دیا، دیکھئے خلیفہ مہدی ایک چیز خواب میں دیکھتا ہے پھر چند مہینوں کے بعد جب اسکے ہاں بیٹی پیدا ہوتی ہے اس وقت اس کا خواب ثابت ہوتا ہے۔

۴۔ ایک آدمی ابن سیرینؒ کے پاس آیا اور کہنے لگا کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ ایک مرغ میرے گھر میں داخل ہوا ہے اور جَو کے سات سے کچھ زیادہ دانے اٹھا لے گیا ہے۔ ابن سیرینؒ نے اس کو فرمایا کہ جب تیرے گھر سے کوئی چیز چوری ہو تو میرے پاس آنا چنانچہ وہ آدمی کچھ دنوں کے بعد آیا اور اس نے کہا کہ میرے گھر سے جاء نماز چوری ہوگئی ہے تو ابن سیرینؒ نے اسے فرمایا کہ مؤذن نے اسے چرایا ہے، چنانچہ وہ آدمی مؤذن کے پاس گیا اور اس سے اپنی جاء نماز کا مطالبہ کیا اور اس کے ساتھ نزاع کیا حتی کہ اس مؤذن نے اس کا مال واپس دے دیا۔ اب یہاں غور کیجئے کہ اس خواب نے دو مخفی امور کے متعلق خبر دی ایک چوری کا واقع ہونا اور دوسرے چور کی تعیین۔

بہرحال خوابوں کی بعض اقسام ایسی ہیں جن کی تفسیر و تعبیر تحلیلِ نفسی اور مادی اسکول کے اصولوں کے مطابق ممکن نہیں ہے۔ بلکہ ایسے خوابوں کی تفسیر طبیعت و مادہ کے ماوراء امور پر اعتقاد رکھنے اور خدا کے وجود کو ماننے والوں کے اصول کے مطابق ممکن ہوسکتی ہے، بعض خوابوں میں باطنی پہلو اور روحانی الہام اس قدر اہمیت کا حامل ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بارے میں فرماتے ہیں کہ رؤیائے صادقہ نبوت کے چھیالیس اجزاء میں سے ایک جزء ہے''۔

Marfat.com

# ﴿خواب اور ان کی تعبیر﴾

## ابتدائی بات

نوم کیا ہے؟ قرآن کریم نے رات کی نوم کو وفات کی ایک خاص نوع شمار کیا ہے، اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ
"وھو الذی یتوفاکم باللیل" (الانعام:۶۰)
یعنی "وہ ذات تمہیں رات کے وقت وفات دیتی ہے"

نوم کیسے پیدا ہوتی ہے؟ مفکرین اسلام نے نوم کے متعلق اپنی تحقیقات سے ثابت کیا ہے کہ نوم ظاہری احساسات کے غائب ہونے کا نام ہے، علماء فرماتے ہیں کہ خارجی مؤثرات کا انقطاع اور ظاہری حواس کے ساتھ ان کا عدمِ اتصال انسان کو نوم تک پہنچاتا ہے، مثلاً کمرہ میں روشنی کا کم ہونا، آنکھوں کا بند کرنا، جگہ کا پرسکون ہونا، عضلات کا ڈھیلا پن، بستر اور جسم دونوں کا درجہ حرارت یک جنس ہونا، وغیرہ، یہ تمام امور باطنی سکون کا ذریعہ بنتے ہیں۔ اعضاء کی فعالیت وقتی طور پر رک جاتی ہے، جس سے لامحالہ نوم پیدا ہو جاتی ہے، رؤیا کا لفظ نوم میں جو کچھ دیکھا جائے اس کے ساتھ خاص ہے اور رؤیت کا لفظ بیداری میں ہونے والے حالات کے ساتھ مختص ہے لہٰذا رؤیا کا تعلق خیال سے اور رؤیت کا آنکھ سے ہے، اور رؤیا ذہنی نشاط ہے اور رؤیت فزیالوجی حادثہ اور واقعہ ہے۔

**خوابوں کی اقسام:** اسلام نے خوابوں کی سات اقسام پیش کی ہیں وہ یہ ہیں:۔

### ا۔ اضغاثِ احلام

ضغث کا معنی ہے خلط ملط کرنا، التباس وتشویش ڈالنا اضغاثِ احلام وہ غیر منطقی خواب ہیں جنہیں عقل قبول نہ کرے اور وہ کہانی جس کا وقوع زندگی میں ممکن نہیں اور جو کوئی علمی بنیاد نہ رکھتا ہو، مثلاً خواب میں دیکھے کہ نبی ایسے افعال انجام دیتا ہے جو اس کی نبوت کی شان کے خلاف ہیں، یا دیکھے کہ درخت آسمان پر اگا ہوا ہے، یا ستاروں کو زمین میں طلوع ہوتے دیکھے یا مثلاً دیکھے کہ ہاتھی چیونٹی کی شکل میں تبدیل ہو گیا ہے وغیرہ، یعقوب کندی نے اس طرح کے خوابوں کی تعبیر کی اساس رکھنے کا ارادہ کیا ہے، اس کی صورت حساس نفس کو نفسِ ناطقہ کے ساتھ واسطہ کرنے سے حاصل ہوتی ہے جو قوتِ خیالیہ سے مدد لیتی ہے، لیکن مسلمان معبّرین اس طرح کے خوابوں کو شیطانی عمل و اثر قرار دیتے ہیں، اور جدید نفسیات والوں کی تعبیر اس جیسے خوابوں کے بارے میں کوئی حیثیت و درجہ نہیں رکھتی، کیونکہ جدید نفسیات ان خوابوں کو محض فزیالوجی حرکات قرار دیتی ہے۔

Marfat.com

## ۲۔ وساوسِ نفس

وساوس نفس کے خواب تحلیلِ نفسی میں کوئی اہمیت اور تفسیر کے حامل نہیں ہوتے، یہ نفسیاتی ترغیبات ہیں جو عالم حقیقت میں کسی سبب سے متحقق نہیں ہوتے، اس لئے انسان خواب میں ان کو ثابت کرتا ہے، مثلاً بھوکا خواب میں دیکھتا ہے کہ وہ مرغوب کھانا کھاتا ہے، پیاسا دیکھے کہ وہ شیریں پانی پیتا ہے، اور وہ عاشق جسے فراق نے مار دیا ہو اور لاغر کر دیا ہو وہ خواب میں اپنے آپ کو محبوب کے ہمراہ دیکھے، اس قسم کے خوابوں کی کوئی تعبیر نہیں ہوتی، اور ان خوابوں کی قدر و قیمت یہ ہے کہ ممکن ہے کہ صاحب خواب کو یہ خواب ذہنی سکون بہم پہنچائے کہ وہ جن مرغوب چیزوں کے حصول سے محروم رہا ہو وہ اسے حاصل ہو جائیں۔

## ۳۔ حسّی خواب

کبھی ایسا ہوتا ہے کہ لحاف سونے والے کے منہ پر ہوتا ہے، صرف یہ احساس سونے والے کو نیند سے بیدار کرنے کے لئے کافی نہیں ہے۔ اس موقع پر خیال اس احساس کو ضخیم کرتا ہے، جیسے سونے والا خواب میں گویا اس طرح دیکھے کہ دشمن جیسے اس کا گلہ گھونٹ رہا ہو یا اولے اس کمرہ کے شیشہ کو کھٹکھٹا رہے ہوں جس میں وہ سو رہا ہے، وہ خوابیدہ شخص خود کو جنگی معرکہ میں دیکھتا ہے جس میں فائرنگ ہو رہی ہو یا سورج اس کے ماتھے پر بلند ہو رہا ہو، سونے والا اس سورج کی گرمی کو محسوس کرتا ہے اور خواب میں آگ بھڑکتے دیکھتا ہے اور خود وہ اس آگ کے قریب ہے، اس طرح کے خوابوں کی کوئی تعبیر نہیں ہوتی، مگر یہ کہ ایسے خواب لاشعوری وسیلہ ہوتے ہیں، سونے والا چونکہ نیند میں مستغرق اور مسلسل ہوتا ہے اس لئے باطنی عقل ایسے خواب سونے والے کے ذہن میں بناتی ہے۔

## ۴۔ رمزی خواب

یہ خواب ذہن کی گہرائی میں مکبوت رغبت کی تحقیق کے مطابق عمل کرتے ہیں۔ انسان خواب میں رمزی صورت میں اس چیز کی تحقیق کر لیتا ہے جس کی تحقیق سے وہ بیداری میں عاجز ہوتا ہے، مثلاً والد اپنے بیٹے کو مارے اب اس کا طبعی ردِعمل یہ ہے کہ بیٹا غضبناک ہو اور اپنے باپ کو غیر مہذب طریقہ سے جواب دے مگر معاشرتی آداب اس بیٹے پر لازم کرتے ہیں کہ وہ اس معاملہ کو خوشی کے ساتھ قبول کرے اور اپنے باپ کا احترام کرے۔ اب اس لڑکے کا ذہن مضطر و بے چین ہوگا کہ باپ کی ناگواری دور کرلے اور اس سے انتقام کی رغبت کرلے گا ایک رات بیٹا خواب میں دیکھتا ہے اس نے شیر یا اژدھا یا کوئی ظالم بادشاہ قتل کر دیا ہے۔ اب اس خواب کی تحلیل یہ ہے کہ شیر یا اژدھے یا بادشاہ کی یہ تمام صورتیں رمزی صورتیں ہیں جو باپ کے تسلط و غلبہ کی تمثیل کرتی ہیں، اور اس بیٹے کے انتقام کا لاشعوری محرک خواب کے ذریعہ سامنے آیا، اور شیر یا اژدھے یا بادشاہ کے قتل کا تخیل اس محرک کی تکمیل کے لئے لاشعوری وسیلہ ہے، معلوم ہوتا ہے کہ وہ

Marfat.com

لغت جس سے لاشعوری محرکات کی ذات کی تعبیر بیان کی جاتی ہے وہ لفظی یا کلامی لغت نہیں ہے بلکہ وہ رمزی لغت ہے۔

جو مثالیں قرآنِ کریم نے ذکر کی ہیں، ان میں سے ایک خواب وہ ہے جو سیدنا یوسف علیہ السلام نے دیکھا کہ گیارہ ستارے اور سورج و چاند ان کے سامنے سجدہ ریز ہیں، قرآن حکیم میں ہے: "اذ قال یوسف لأبیه یا أبت انی رأیت أحد عشر کوکبًا و الشمس والقمر رأیتهم لی ساجدین" (سورہ یوسف۔۴) اس خواب میں سورج اور چاند ان کے ماں باپ کی تمثیل ہے اور گیارہ ستارے ان کے بھائیوں کی تمثیل ہے جو کہ تعداد میں گیارہ تھے اور سجدہ کرنا اس بات کا رمز (اشارہ) ہے کہ عنقریب ان کی شان ہوگی۔

## ۵۔ مومن کا خواب

عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مومن کا خواب حق ہے اور وہ نبوت کے چھیالیس اجزاء میں سے ایک جزء ہے (رواہ الاربعۃ)، ایسے خوابوں میں اہم حقائق کا انکشاف ہوتا ہے، مثلاً شاعر شرف الدین البوصیریؒ (۱۲۱۳ء ...... ۱۲۹۵ء) کا کوئی عضو شل ہو گیا تھا جس کے سبب وہ بستر پر پڑ گئے اور وہ رسول کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی شانِ مدح میں قصیدہ خوانی کرنے لگے جس کا پہلا شعر یہ ہے۔

أمن تذکر جیران بذی سَلَم      مزجت دمعًا جریٰ من مقلة بدم

ایک روز وہ اپنی نظم میں ایک شعر تک پہنچے، شعر کا پہلا حصہ پڑھا جو یہ ہے: و مبلغ العلم فیه أنه بشر، اس شعر کا دوسرا حصہ مکمل نہ کر سکے بہت زیادہ کوشش کی لیکن اس شعر کی تکمیل نہ کر سکے، ایک رات بستر پر سو رہے تھے کہ خواب دیکھا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ان کو زیارت (ملاقات) ہوئی اور ان کا حال وغیرہ پوچھا، بوصیریؒ نے آپ سے شعر مکمل نہ کر سکنے کی شکایت کی تو حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا اس طرح اس کو مکمل کر لو:

وأنه خیر خلق الله کلهم۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو چادر پہنائی اور اپنا دست مبارک شل زدہ جگہ پر پھیرا، بوصیریؒ متحیر اور مسرور حالت میں اپنی نیند سے اس حال میں بیدار ہوئے کہ بیماری سے مکمل شفایاب ہو چکے تھے، اور انہوں نے اس قصیدہ کا نام ہی "بردہ" (چادر) رکھا، اس قسم کے خوابوں کے ابن سینا، ابن رشد اور ابن خلدون بھی معترف ہیں، لیکن علماءِ متکلمین ایسے خوابوں کو خیالِ باطل قرار دیتے ہیں۔

## ۶۔ رؤیائے صادقہ

قرآنِ کریم نے کچھ سچی خوابیں ایسی ذکر کی ہیں جو فی الواقع ثابت ہوئیں، چار خوابیں یوسف علیہ السلام کیں، پانچ ابراہیم علیہ السلام کیں اور دو خوابیں رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کیں، فارابی پہلا شخص تھا جس نے اسلام میں فلسفی خوابوں کا نظریہ وضع کیا، اس نے رؤیائے صادقہ کی علت یہ بیان کی ہے کہ تاکہ اس کے ذریعہ نبوت کا اثبات ہو، اور فارابی

Marfat.com

کہتا ہے کہ نبی اور حکیم مدینہ فاضلہ کی ریاست کی اصلاح کرتے ہیں، رواقی کہتے ہیں کہ نیند نفس کی بیداری ہے جب جسم سو جاتا ہے تو نفس بیدار ہو جاتا ہے اور اس مقام تک پہنچ جاتا ہے جہاں وہ بیداری کی حالت میں عاجز ہوتا ہے، اسی لئے محجوب و مستور چیز کا ادراک نفوسِ الٰہیہ سے ہوتا ہے جو صوفیاء کے نزدیک ملائکہ کے مشابہ ہوتا ہے اور فلاسفہ کے نزدیک عقل فعال کے مشابہ یا اشراقیوں کے نزدیک نور الانوار کے مشابہ ہے یا اہل اللہ کی تعریف کے مطابق مقرر کردہ فرشتہ کے مشابہ۔

## ۷۔ تنبوّی خواب

یہ ایسے خواب ہیں جس کی تفسیر و تعلیل سے ماہرین نفسیات عاجز ہیں، یہ خواب نادر اور کم ہی پیش آتے ہیں، اور پیش بھی کبھی کبھار آتے ہیں، اور وہ بھی بعض لوگوں کو آتے ہیں۔ تنبوّی (پیشین گوئی) خوابوں کے بارے میں قرآن کریم نے یہ مثال ذکر کی ہے: وقال الملك انى ارى سبع بقرات سمان يأكلهن سبع عجاف و سبع سنبلات خضر وأخر يا بسات، ياايها الملأ افتونى فى رؤياى ان كنتم للرؤيا تعبرون (سورہ یوسف: ۴۳) چنانچہ یوسف علیہ السلام نے اس خواب کی تعبیر بیان فرمائی جس کا ذکر قرآنِ کریم میں ان الفاظ کے ساتھ آیا ہے، ''قال تذرعون سبع سنين دأبًا فما حصدتم فذروه فى سنبله الاّ قليلاً مماتأكلون، ثم يأتى من بعد ذلك سبع شداد يأكلن ماقدمتم لهن الاّ قليلاً مماتحصنون ثم يأتى من بعد ذلك عام يغاث الناس و فيه يعصرون" (سورہ یوسف ۴۷۔۴۹)

## خوابوں کی تفسیر و توضیح

اہل تعبیر نے جامد قسم کی تاویل و تعبیر کا سہارا نہیں لیا بلکہ انہوں نے خواب کی تعبیر کو مستقل فن اور علم قرار دیا ہے، جس میں فہم و فراست ذکاوت و ذہانت صاحب خواب کی شخصیت و احوال اور لوگوں کی عادات و رسومات، عرب کے آداب و میراث اور قرآن و حدیث وغیرہ کی معرفت لابدی اور ضروری ہوتی ہے، معبر ایک بات کو دوسری بات کے مقابلہ میں نہیں رکھتا جیسا کہ عام لوگ سمجھتے ہیں، بلکہ وہ کتاب تعبیر کو سامنے رکھنے کے علاوہ مکمل طور پر عملی صورت انجام دیتا ہے، صاحب خواب کے خواب کا مکمل سیاق و سباق سامنے رکھتا ہے پھر تعبیر بیان کرتا ہے، ان کا یہ طریقہ کار ہمیں بتاتا ہے کہ انہوں نے کیسے تعبیر خواب کو ایک نفیس فن قرار دے کر اس کے اصول و مبادی متعین کیے، جن سے ظاہری معنی کے پیچھے مخفی باطنی معنی تک رسائی ممکن ہو جاتی ہے، ہم ذیل میں وہ اہم بنیادیں ذکر کرتے ہیں جن پر معبرین عرب خواب کی تعبیر کے وقت اعتماد کرتے ہیں:۔

## ا۔ صاحب خواب کی شخصیت کا جاننا

معبر کے لئے ضروری ہے کہ وہ جانے کہ خواب دیکھنے والا کون ہے؟ صاحب خواب وضع ہیئت، شخصیت، اس کی عمر، علاقہ، طبقہ اور پیشہ وغیرہ معلوم کرے، اگر دو مختلف اشخاص ایک خواب کو دیکھیں تو اس ایک خواب کی مراد ایک نہیں ہوگی، بلکہ

Marfat.com

مختلف ہوگی، مثلاً دو آدمی ہیں ان میں سے ہر ایک خواب میں مثلاً کتے کو دیکھتے ہیں اب اس خواب کی تفسیر کیا ہوگی؟ اس خواب کی دو مختلف تفسیریں ہوں گی کیونکہ اشخاص مختلف قسم کے ہیں، پہلا شخص مثلاً چرواہا ہے تو کتا اس کی نسبت سے اس کے کام کے بارے میں ایک اساسی اور ضروری عنصر ہے، اس کی نسبت سے کتا مانوس جانور ہے جو وفاداری کے وصف سے ممتاز ہے اور عظیم ذمہ داری انجام دیتا ہے یعنی لومڑیوں اور بھیڑیوں جیسے دشمنوں سے حفاظت کرتا ہے، اور دوسرا شخص مثلاً شہر میں کوئی کام کرتا ہے اسے کتوں کی ضرورت نہیں پڑتی ہے، اب اس کے حساب سے کتا خوفناک جانور ہے جس کا کام کاٹنا، بھونکنا اور دہشت پھیلانا ہی ہوتا ہے، تو پہلے شخص کی نسبت سے کتے کا خواب اچھی حالت اور دوسرے کے لحاظ سے بری حالت ہے۔

## ۲۔ صاحب خواب کا تعبیر میں حصہ

اہل تعبیر صاحب خواب سے دورانِ خواب پیش آنے والے حالات کے متعلق بھی پوچھتے ہیں اور یہ چیز جدید علم نفسیات اور تحلیل نفسی کے ساتھ بشکلِ خاص مشابہت رکھتی ہے، اسی طرح اس میں خواب کے ماوراء امکانی درجہ میں پائے جانے والے لاشعوری معنی کے کشف کا اہتمام بھی ہے، حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے ایک روایت مروی ہے جو اس سے متعلق ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے (ایک دن) فرمایا کہ میں سو رہا تھا کہ میں نے عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کو دیکھا ان کے بدن پر قمیض تھی جسے وہ کھینچ رہے تھے۔ صحابہ رضی اللہ عنہم نے پوچھا کہ یا رسول اللہ آپ نے اس خواب کی کیا تاویل فرمائی؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دین۔ تو خواب میں لباس کی تعبیر دین ہے، اس لئے کہ لباس اور دین میں مناسبت ہے وہ یہ کہ جیسے دین اپنے صاحب کو دنیا و آخرت کے عذاب سے محفوظ رکھتا ہے اسی طرح لباس بھی اپنے صاحب کو گرمی سردی سے بچاتا ہے۔

## ۳۔ قرآن و حدیث اور امثالِ عرب سے استمداد

تعبیرِ خواب میں ثقافت و تہذیب بڑا اثر رکھتی ہے، قرآنِ کریم، احادیث شریفہ، عرب کے اشعار و امثال اور اقوال وغیرہ جو لوگوں کو یاد ہوں یہ چیزیں بھی لوگوں کے ذہنوں پر اثر چھوڑتی ہیں اور ان کا معنی ان کے لاشعور میں منعقد ہوتا ہے، اور یہ طریقہ کثیر الوقوع ہے کہ قرآن و حدیث اور اشعارِ عرب وغیرہ سے تعبیر دی جاتی ہے، جیسے انڈے کی تعبیر عورتوں سے کی جاتی ہے، اس کی وجہ اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے:

"کأنهن بيض مكنون" (الصافات: ۴۹)

یعنی "گویا کہ وہ (حوریں) چھپائے ہوئے انڈے ہیں"۔

یا پتھر کی تعبیر سختی سے کی جاتی ہے، اس لئے کہ فرمانِ خداوندی ہے:

"فهي كالحجارة أو أشد قسوة" (البقرة: ۷۴)

یعنی "وہ پتھر کی طرح ہے یا اس سے بھی زیادہ سخت"۔

Marfat.com

یا میت کا گوشت کھانا غیبت سے کنایہ ہوتا ہے، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

"أيحب أحدكم أن يأكل لحم أخيه ميتاً فكرهتموه" (الحجرات:۱۲)

یعنی "کیا تم میں سے کوئی اپنے مردہ بھائی کا گوشت کھانا پسند کرے گا تم اسے پسند نہیں کرو گے"۔

اور عرب کے اقوال و امثال سے استمداد یہ ہے کہ ہم مثلاً دراز قد کی تفسیر جود و کرم کے ساتھ کریں کیونکہ عرب کا مقولہ ہے: فلان طويل النجاد "یعنی فلاں سخی ہے، اسی طرح طولِ باع (دونوں بازوؤں کے پھیلانے کی مقدار) کی تعبیر قدرت و طاقت کے ساتھ کی جاتی ہے، اور کمان کی عورت سے کی جاتی ہے، کیونکہ مقولہ ہے کہ عورت کمان کی طرح ہے، اگر تو اسے سیدھا کرنا چاہے گا تو اس کو توڑ دے گا۔

## ۴۔تعبیر خواب میں الفاظ سے استمداد

معبّر کے لئے ضروری ہے کہ وہ الفاظ کے معانی میں غور وخوض کرے اور ان کے اصل کی طرف رجوع کرے، مثلاً نرجس (نرگس کا پھول) کا لفظ ہے یہ زوال پر دلالت کرتا ہے کیونکہ یہ پھول باقی نہیں رہتا بلکہ جلدی مرجھا جاتا ہے، لیکن آس (درخت کا نام) سے بقاء اور طولِ عہد مراد ہوتا ہے کیونکہ یہ درخت طویل العمر ہوتا ہے، اور خیاط (درزی) کی تعبیر وہ شخص ہے جو لوگوں کو جوڑتا ہے یہ تعبیر اس لئے ہے کہ خیاط کا کام بھی کپڑوں کو جوڑنا ہوتا ہے، اسی طرح جدار (دیوار) سے طاقتور آدمی مراد لیا جاتا ہے، اور سقف (چھت) سے بلند رتبہ شخص مراد لیا جاتا ہے، ابن ماجہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ خوابوں میں ان کے ناموں اور کنیتوں کا اعتبار کیا کرو۔ جیسے ہدہد دیکھنے کی تعبیر ہدایت سے، غربت (بے وطنی) کی تعبیر غراب (کوّا) سے اور رافع نام کی تعبیر رفعت سے، مہدی نام کی ہدایت سے اور منصور نام کی تعبیر نصرت سے کرنا، کبھی ایسا ہوتا ہے کہ تعبیر کلمہ کے لفظی اشتقاق کی طرف رجوع کرنے سے مکمل ہوتی ہے۔ مثلاً خواب میں فاضل نام کے آدمی کو دیکھنا زیادتی اور برکت کی دلیل ہے، اور رشید نام کے شخص کو دیکھنا صلاح و رشد کی دلیل ہوگا، بلکہ کبھی تو معبّرین خواب کے الفاظ سے ہی تعبیر بتاتے ہیں (یعنی خود الفاظ کا تعبیر میں کردار ہوتا ہے) مثلاً طبل کی آواز سے باطل کی آواز مراد لے لیتے ہیں، حصا (کنکر) سے احصاء (شمار کرنا)، ذہب (سونا) سے ذہاب (جانا) اور شجرۃ (درخت) سے مشاجرۃ (لڑائی) مراد لیا جاتا ہے۔

## ۵۔خواب کے وقت کا اعتبار

مثلاً گرمیوں میں اگر پھلدار درخت خواب میں دیکھا جائے تو یہ خیر کی دلیل ہوگا اور اگر سردیوں میں دیکھا جائے تو شر کی دلیل ہوگا، نیز خواب کی تعبیر کے سلسلہ میں معبّرین خواب کے ظاہری پہلو کے علاوہ اس کے باطنی جہت کی طرف بھی توجہ دیتے ہیں کیونکہ لاشعوری عوامل کا خواب کی ایجاد میں بڑا کردار اور عمل دخل ہوتا ہے اور یہ بات واضح ہے کہ ان لاشعوری عوامل کے پیچھے صاحب خواب کی ذات شخصیت ماضی، حالات و واقعات اور ثقافت و تہذیب مخفی ہوتے ہیں۔

Marfat.com

# ﴿مؤلفِ کتاب﴾

## تعارف

مؤلف کا نام عبدالغنی النابلسیؒ ہے، اور نسب یہ ہے، عبدالغنی بن اسماعیل بن عبدالغنی بن اسماعیل بن احمد بن ابراہیم۔ آپ کی ولادت ۱۵ ذی الحجہ ۱۰۵۰ھ/۱۶۴۰ء بمقام دمشق ہوئی، ملک شام کے صالح علاقہ دمشق میں سکونت اختیار کی، آپ کا لقب نابلسی ہے یہ فلسطین کے وسط میں شہر نابلس کی طرف منسوب ہے۔ آپ کی وفات ۲۴ شعبان المعظم ۱۱۴۳ھ/۱۷۳۱ء ہے۔

## شخصیت

عبدالغنی النابلسیؒ دین و آدب کے عالم، صوفی و شاعر اور مختلف قسم کے علوم میں کامل دسترس رکھتے تھے، آپ کی شخصیت تین وجوہات سے ممتاز حیثیت رکھتی ہے۔

### ۱۔ مذہب حنفی

مذہب حنفی مسلمانوں کے مشہور چار مذاہب میں سے ایک ہے، احناف کی نسبت فقہ حنفی کے مؤسس و بانی اور امام و مجتہد ابوحنیفہ النعمان رحمہ اللہ تعالیٰ کی طرف کی جاتی ہے، جو ثابت الکوفی کے صاحبزادہ تھے، امام ابوحنیفہؒ کی ولادت وفات (۸۰۔۱۵۰ھ/۶۹۹۔۷۶۷ء) ہے۔

### ۲۔ قادری مشرب

یعنی سلسلہ قادریہ، یہ ایک صوفیاء کا طریقہ ہے جو شیخ عبدالقادر الجیلانی رحمہ اللہ تعالیٰ (۵۶۱ھ/۱۰۷۸۔۱۱۶۶ء) کی طرف منسوب ہے، جو ایک بہت بڑے صوفی زاہد بزرگ تھے۔

### ۳۔ نقشبندی طریقہ

نقشبندی طریقہ کی نسبت خواجہ بہاء الدین المعروف بہ شاہ نقشبند کی طرف ہے جن کا اصل نام محمد بن محمد البخاری (۱۳۱۷۔۱۳۸۹ء) اور لقب بخاری ہے جو شہر بخاری کی طرف منسوب ہے، نقشبندی لقب اس لئے ہوا کہ آپ ریشمی منقش کپڑے بنتے تھے، اور طریقۂ نقشبندیہ میں صوفی کائنات اور اس کے عجائبات میں غور و خوض کر کے اپنے نفس میں پوشیدہ قوتوں کو باہر نکالتا ہے، اور اس سلسلہ میں اس کا سارا اعتماد ذکر و فکر میں اخلاص اور مجاہدات پر ہوتا ہے۔

Marfat.com

## حالاتِ زندگی

آپ نے قرآنِ پاک اپنے والد سے پڑھنا شروع کیا مگر اسی دوران ان کے والد فوت ہو گئے، یہ ۱۰۶۲ھ/۱۶۵۱ء کا واقعہ ہے، چنانچہ یتیمی کی حالت میں پرورش ہوئی، آپ کے اساتذہ کرام کثیر تعداد میں ہیں چند کا ہم ذکر کیے دیتے ہیں۔

۱۔ فقہ اور اصولِ فقہ شیخ احمد القلعی الحنفیؒ سے پڑھا۔

۲۔ نحو، صرف، بیان اور معانی کے علوم شیخ محمود الکردیؒ سے پڑھے۔

۳۔ حدیث اور اصولِ حدیث کی تعلیم شیخ عبدالباقی الحنبلیؒ سے حاصل کی۔

۴۔ تفسیر شیخ محمد المحاسنیؒ سے پڑھی، اسی طرح اپنے والد کے دروسِ تفسیر میں کبھی مدرسہ سلیمیہ میں شرکت کی۔

۵۔ طریقہ نقشبندیہ کا درس شیخ سعید البلخیؒ سے لیا۔

۶۔ طریقہء قادریہ کا درس شیخ عبدالرزاق الحموی الکیلانیؒ سے لیا۔

## علمی اسفار

سب سے پہلے آپ نے ۱۰۷۵ھ/۱۶۶۴ء میں بغداد کا سفر کیا، وہاں کچھ عرصہ قیام کیا، اور ۱۱۰۱ھ/۱۶۸۹ء کو قدس اور خلیل کی زیارت کو گئے اور ۱۱۰۵ھ/۱۶۹۳ء کو مصر اور وہاں سے حجاز کا سفر کیا اور یہ سفر طویل تھا، اور ۱۱۱۲ھ/۱۷۰۰ء کو شام کے شہر طرابلس گئے۔

## اشعار

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شانِ مدح میں ایک شاندار نظم کہی، بعض منکرین نے اس بات کو بعید از عقل خیال کہ یہ نظم ان کی ہے تو انہوں نے فرمائش کی کہ اس نظم کی تشریح کر دیں چنانچہ آپ نے صرف ایک ماہ کے اندر ایک کتاب کی صورت میں اپنی نظم کی شرح لکھ دی، پھر ایک اور اعلیٰ قسم کی نظم لکھی اور اس میں ذکر نوع کا التزام کیا۔

## تدریس

جب آپ کی عمر بیس سال کی ہوئی تو آپ نے درس و تدریس اور تالیف کے کاموں کا آغاز کر دیا، دمشق کی دو مسجدوں میں اپنے اوقات تقسیم کر رکھے تھے، صبح کے وقت مسجد اموی تشریف لے جاتے اور عصر کے بعد مسجد صغیر تشریف لے جاتے تھے۔

## تالیفات

ہم نے ان کی تالیفات حروفِ تہجی کی ترتیب پر مرتب کی ہیں جو کہ درج ذیل ہیں:

۱۔ الاقتصاد فی النطق بالضاد یہ مخطوطہ ہے اور علم التجوید میں ہے۔

Marfat.com

۲۔ ایضاح الدلالات فی سماع الآلات

۳۔ تعطیر الأنام فی تعبیر المنام

۴۔ جواہر النصوص (دوجلدیں) ابن عربی کی کتاب فصوص الحکم کی شرح ہے

۵۔ الحضرة الأنسية فى الرحلة القدسية

۶۔ الحقيقة و المجاز فى رحلة الشام و مصر و الحجاز (مخطوطہ)

۷۔ حلة الذهب الابريز فى الرحلة الى بعلبك و بقاع العزيز (مخطوطہ)

۸۔ خمرة بابل و غناء البلابل، یہ ان کے اشعار ہیں (مخطوطہ)

۹۔ خمرة الحان فى شرح رسالة الشيخ أرسلان

۱۰۔ پانچ مجموعے (مخطوطہ) اس کے ۳۲ رسالے ہیں خزائن الکتب میں الثریات نام ہے۔

۱۱۔ تین دیوان ہیں: دیوان الالٰھیات، دیون الغزلیات، دیوان المدائح و المرسلات

۱۲۔ دیوان الحقائق، یہ بھی ان کے اشعار ہیں۔

۱۳۔ ذخائر المواريث فى الدلالة على مواضع الاحاديث

۱۴۔ نفحة الريحانة کا حاشیہ (مخطوطہ)

۱۵۔ الرحلة الحجازية و الرياض الانسية۔

۱۶۔ رشحات الاقلام فى شرح كفاية الغلام (فقہ حنفی میں)

۱۷۔ شرح انوار التنزيل (مخطوطہ)

۱۸۔ شرح المقدمة السنوسية (مخطوطہ)

۱۹۔ الصلح بين الاخوان فى حكم اباحة الدخان

۲۰۔ علم الفلاحة

۲۱۔ قلائد المرجان فى عقائد اهل الايمان (مخطوطہ)

۲۲۔ كشف الستر عن فرضية الوتر

۲۳۔ كفاية المستفيد فى علم التجويد (مخطوطہ)

۲۴۔ كنز الحق المبين فى احاديث سيد المرسلين (مخطوطہ)

۲۵۔ لمعات الانوار فى المقطوع لهم بالجنة و المقطوع لهم بالنار

۲۶۔ مجموعہ فتاوی (فقہ حنفی میں)

Marfat.com

۲۷۔ مناجاة الحکیم و مناغاة القدیم (تصوف میں مخطوطہ ہے)

۲۸۔ نفحات الازهار علی نسمات الاسحار

## عبدالغنی النابلسیؒ کی تالیفات کے لئے مراجع و مصادر

مندرجہ ذیل کتب دیکھی جاسکتی ہیں:

۱۔ خزائن الکتب فی دمشق و ضواحیها صفحہ ۳۹/۴۲/۵۲/۵۸ از حبیب الزیات مصر ۱۹۰۳ء

۲۔ سلك الدرر فی أعیان القرن الثانی عشر از مرادی (چار جلدیں) مصر ۱۳۰۱ھ، تیسری جلد صفحہ ۳۰

۳۔ عجائب الآثار فی التراجم والأخبار از عبدالرحمٰن الجبرتی (چار جلدیں) مصر ۱۲۹۷ھ جلد اوّل صفحہ ۱۵۴/۱۵۶۔

۴۔ الفهرس للمخطوطات المصورة، شائع کردہ از الادارة الثقافیة فی جامعة الدول العربیة، ۱۹۴۸ء صفحہ ۱۴۹۔

۵۔ فهرس الخزانة التیموریة (تین جلدیں، دارالکتب المصریۃ نے شائع کیں ہیں، ۱۳۶۷ھ/۱۹۴۸ء جلد ثالث صفحہ ۲۹۸۔

۶۔ معجم المطبوعات العربیة و المعربة از یوسف الیان سرکیس۔ (گیارہ جلدیں) مصر ۱۳۴۶ھ/۱۹۲۸ء صفحہ ۱۸۳۲۔

۷۔ ہدیۃ العارفین، اسماء المؤلفین و آثار المصنفین از اسماعیل البغدادی (دو جلدیں) استانبول ۱۹۵۱ء۔ ۱۹۵۲ء جلد اوّل صفحہ ۵۹۰/۵۹۴۔

۸۔ الورد القدسی و الوارد الانسی فی ترجمة العارف عبدالغنی النابلسیؒ از کمال الدین محمد الغزی العامری۔

Marfat.com

# ﴿ہماری کاوش﴾

ہماری اس کتاب کی ترتیب وغیرہ میں عام لوگوں کی طرح محض عام تحقیق نہیں ہے۔ بلکہ ہم نے عصری طریقہ اور پرکشش طرز کے مطابق کتاب کو نئے انداز سے تیار کیا ہے، ہمارا اس کتاب کی تیاری میں کیا عمل رہا ہے وہ یہ ہے:۔

## ا۔ کتاب کے انتخاب کی وجہ

خوابوں کی تعبیر کا موضوع انتہائی دلچسپ ہے، ہر طرح کا آدمی اس میں دلچسپی لیتا ہے، قبل ازیں کہ ہم اس عمل پر اقدام کریں، ہم جب تعبیر خواب کے موضوع پر موجود قدیم کتب کی طرف مراجعت کرتے ہیں تو علامہ شیخ عبدالغنی نابلسیؒ کی "تعطیر الانام فی تعبیر المنام" کو سب پر فائق اور اعلیٰ درجہ و مقام کی حامل کتاب پاتے ہیں، اس لئے کہ یہ کتاب عمیق لغت اور انسائیکلو پیڈیا کی صفت رکھتی ہے، اس لئے ہم نے اس کتاب کا انتخاب کیا۔

## ۲۔ خواب کا سائیکالوجی مطالعہ

ہم نے کتاب کی ابتداء خوابوں کا سائیکالوجی علم و مطالعہ اسلام کے فلاسفہ کے نزدیک سے کیا ہے، اس علم کے بنیادی انواع واقسام ذکر کر کے تعبیر خواب کے متعلق ان کے طریقوں کو پیش کیا۔ خلاصہ یہ ہے کہ ان کے نزدیک علم نفسیات کے بڑے بڑے تین پہلو ہیں وہ یہ ہیں:

ا۔ خواب کا انسان کے واقعہء حیات سے ربط و تعلق جس میں وہ گزر بسر کرتا ہے۔

۲۔ تعبیر کے عمل میں اسلامی روح سے ہدایت حاصل کرنا۔

۳۔ قدیم تحقیقات کی جدید علم نفسیات کی تحقیقات کے ساتھ مطابقت۔

## ۳۔ مؤلّفِ کتاب

ہم نے مؤلّفِ کتاب شیخ عبدالغنی النابلسیؒ کی ذات، شخصیت حیات وتالیفات نیز ان کے مراجع و مصادر کے متعلق بھی کچھ پیش کیا ہے۔ جس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ مؤلفؒ وسیع الفکر اور کثیر العلم تھے۔

## ۴۔ اصل نسخہ کی حفاظت

نیز ہم نے کتاب کے اصل نسخہ کی حفاظت کی ہے، کیونکہ علم اور دین میں کوئی حیا و شرم مانع نہیں ہونی چاہئے۔ جیسے حیض، جماع، نکاح، ناک کی ریزش وغیرہ امور ذکر کئے گئے ہیں۔

## ۵۔ الفاظ کی لغت کا اہتمام

ہم نے کتاب کے ذیل میں جدید الفاظ کی لغت کا اہتمام بھی کیا ہے اور کتاب بنیادی طور پر حروف تہجی کے

Marfat.com

اعتبار سے مختلف ابواب میں منقسم ہے لیکن کتاب کے ہر باب میں خوابیں رقم مسلسل (نمبروار) کے ساتھ ذکر نہیں تھیں اس لئے ہم نے کتاب کی تمام خوابوں میں رقم مسلسل لگا دیا، اور اس ترتیب کے ساتھ کتاب کو مرتب کیا اور ہم نے لغت عربی کی لغات کی طرف مراجعت کی اور ہر لفظ کے جتنے معانی دستیاب ہوئے لکھ دیئے۔

## ۶۔ کتاب کی تہذیب و تنقیح

ہم نے اس کتاب سے صریح اور واضح قسم کے جنس کے مسائل حذف کر دیئے ہیں جو قاری کتاب کی حیا کو مجروح کرتے ہیں اس لئے کہ ہمیں معلوم ہے کہ بسا اوقات زائد علمی صراحت غیر مقصود چیز تک پہنچا دیتی ہے۔ جس سے جنسی جذبات بھڑک اٹھتے ہیں۔

## ۷۔ تخریج و توضیح

ہم نے ایک کوشش یہ کی ہے کہ ہم نے آیاتِ کریمہ اور احادیث شریفہ کی تخریج (حوالہ جات) کی ہے، اور بعض محتاجِ وضاحت الفاظ کی توضیح کی ہے، اور وہ توضیح یا تو لغوی ہے جو لغت کی کتابوں سے ماخوذ ہے یا علمی ہے جو جدید علمی کتب سے اخذ کردہ ہے۔

## ۸۔ عبارت کی اصلاح

ہم نے کتاب کی اعلیٰ معیار پر اصلاح کی ہے۔ جس کی تفصیل یہ ہے:

(الف): مؤلف ؒ نے اپنی کتاب میں بعض امور کو مکرر ذکر کیا ہے جیسے رصاص، رمح، رمل وغیرہ۔ ہم نے ان مکرر امور کو مختصر کر دیا ہے، اور بعض مکررات کو دوسرے میں مدغم (اکٹھا) کر دیا ہے۔

(ب): اسی طرح مؤلف نے مثلاً ایک جگہ ازواج النبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کیا پھر دوسری جگہ ہر زوجہ کی مستقل طور پر تعبیر ذکر کی ہے ہم نے تمام زوجات کو ایک ہی جگہ اکٹھا ذکر کر دیا ہے۔

(ج): مؤلف ؒ نے مثلاً (موت) کے متعلق ستانوے سطریں ذکر کیں تھیں ہم نے اُسے اس طور پر مختصر کیا کہ مضمون میں کوئی خلل واقع نہ ہو۔

(د): کتاب کی بعض عبارتوں کی تہذیب و تنقیح کی گئی ہے اور بعض عبارتوں کی اس طرح اصلاح کی ہے کہ مؤلف ؒ کا اصل مقصود واضح ہو جائے۔

ھ: ہم نے کتاب کی لغت و الفاظ کو ضبط کیا ہے اور اس سلسلہ میں کتاب کے مختلف نسخوں کی طرف مراجعت کی گئی، جیسے پہلے بتایا جا چکا ہے کہ یہ کتاب الفاظ کی فنی تحقیق و تفتیش کے ساتھ مختلف اوقات میں طبع ہو چکی ہے۔ اس محنت و کاوش کے بعد ہم امید کرتے ہیں کہ الفاظ کی جو تحقیق سابقین سے رہ گئی تھی وہ اب ہمارے ہاتھوں پایۂ تکمیل کو پہنچ گئی ہے۔

واللہ المستعان

Marfat.com

# ﴿مقدمہ مؤلف﴾

الحمد لله الذی جعل النوم سباتًا، و خلق الناس أشتاتاً، و بسط الارض لهم فراشًا، و جعل الليل لباسًا، والنهار معاشًا، والصلوٰة والسلام على البشير والسراج المنير محمد النبی الرسول الذی ألبسه الله تعالىٰ حلّة الكرامة وتاج القبول۔ و رضوان الله تعالى على اله ألابرار، و أصحابه الأئمة الأخيار، و جميع التابعين لهم باحسان الى آخر الزمان۔

امابعد...... بندۂ فقیر، عاجز وحقیر عبدالغنی بن اسماعیل المعروف بہ ابن النابلسی جو مذہباً حنفی، مشرباً قادری اور طریقۃً نقشبندی ہے عرض کرتا ہے کہ چونکہ علم تعبیر اعلی وارفع علم ہے انبیاءِ کرام علیہم السلام اسے شرعی احکام میں وحی کی ایک قسم شمار کیا کرتے تھے، اب نبوت کا سلسلہ تو ختم ہو گیا ہے لیکن مبشرات باقی ہیں یعنی رؤیائے صالحہ جو حدیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے مطابق انسان دیکھتا ہے یا اس کو دکھائے جاتے ہیں، اس لئے میں نے چاہا کہ اس موضوع پر ایک کتاب لکھوں تاکہ ہر انسان اس سے بہ سہولت مستفید ہو سکے، میں نے ابن غنام رحمہ اللہ تعالیٰ کی لکھی ہوئی کتاب دیکھی۔ ابن غنامؒ اس کامل اسلوب میں سبقت لے جانے والے تھے۔ مگر ان کی یہ کتاب بڑی مختصر تھی جو ذی فہم اور تشنہ لب لوگوں کی پیاس بجھانے کے لئے کافی نہیں تھی، اس لئے میں نے اللہ تعالیٰ سے مدد مانگتے ہوئے اپنے کام کی تکمیل کا ارادہ کر لیا اللہ تعالیٰ کی ذاتِ بابرکات بڑی جواد و کریم اور فضل واحسان والی ہے، میں نے اپنی اس کتاب کا نام "تعطير الأنام فی تعبير المنام" رکھا ہے، نیک لوگوں کی نیک دعاؤں کا طالب ہوں جو روزِ قیامت میرے کام آئیں۔

میں نے کتاب کا مقدمہ علم تعبیر کے مصنفین رحمہم اللہ تعالیٰ کی اقتداء اور پیروی میں مختصر طور پر لکھا ہے۔

عبدالغنی النابلسی

Marfat.com

# باب الالف

## ۱۔ الاب (باپ):

خواب میں آباء واجداد کا دیکھنا خیر کی دلیل ہے، جو شخص خواب میں اپنے باپ کو دیکھے اور وہ محتاج ہو تو اس کے پاس ایسی جگہ سے رزق آئے گا کہ وہ گمان بھی نہیں رکھتا ہوگا، یا کوئی شخص اس پر سخاوت کرے گا، اور اگر کوئی اس کا لاپتہ ہو تو وہ آجائے گا، اور اگر اس کو کوئی درد یا تکلیف وغیرہ ہو تو اس سے خلاصی پائے گا، اور جو شخص یہ دیکھے کہ اس کے باپ نے اس کو کسی عمارت میں ٹھہرایا ہے اور اس کو اس کی چھت پر بٹھایا ہے تو وہ اپنے باپ کی دینی یا دنیوی کاموں کو پورا کرے گا"

## ۲۔ ابراہیم علیہ السلام:

خواب میں ابراہیم علیہ السلام کی زیارت خیر وبرکت کی نشانی ہے، اور عبادت وسیادت، رزق وایثار، نیک اولاد پر توجہ، امر بالمعروف نہی عن المنکر، علم وہدایت اور رضائے الٰہی کیلئے اہل وعیال اور اعزہ واقارب کو چھوڑنے پر دلیل ہے، جیسا کہ ابراہیم علیہ السلام کا دیکھنا شفیق والد پر دلالت کرتا ہے۔ اس لئے کہ ابراہیم علیہ السلام ابوالاسلام ہیں، انھوں نے ہی ہمارا نام مسلمان رکھا ہے، اور بسا اوقات ابراہیم علیہ السلام کا خواب میں دیکھنا مصائب میں مبتلا ہو کر پھر اس سے سلامت رہنے کو ظاہر کرتا ہے، اسی طرح ابراہیم علیہ السلام کا دیکھنا اس خیر وبھلائی پر دلیل ہے جس کی وہ امید رکھتا ہے اور محافظت کرتا ہے، اور اس طرح ان کی زیارت بڑے لوگوں کے چھوڑنے پر دلالت کرتی ہے، اگر کوئی شخص دیکھے کہ ابراہیم علیہ السلام نے اس کو چھوا ہے تو یہ اللہ تعالیٰ سے محبت کی دلیل ہے، اسی طرح ابراہیم علیہ السلام کی خواب میں زیارت حج کرنے پر دلیل ہے، اگر کوئی عورت ابراہیم علیہ السلام کو خواب میں دیکھے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس کی اولاد پر سختی آئے گی لیکن اللہ تعالیٰ اس کو اس مصیبت سے محفوظ رکھیں گے، اور جو شخص یہ دیکھے کہ وہ خواب میں ابراہیم علیہ السلام بن گیا ہے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اس کو دشمنوں کی طرف سے مصیبت پہنچے گی لیکن وہ ان پر غالب آئے گا، یا پھر وہ والی اور حاکم بنے گا اور انصاف کرے گا، یا پھر ناامیدی کے بعد رزق پائے گا، یا پھر اکابر کے قاصد اس کے پاس کوئی خوشخبری لائیں گے، اور جو شخص ابراہیم علیہ السلام کو دیکھے تو وہ دشمنوں پر غالب آئے گا، یا پھر مومن زوجہ اس کو حاصل ہوگی، یا اسے بادشاہ کی طرف سے کوئی شدت اور تکلیف پہنچے گی لیکن پھر نجات پا جائے گا، اور جو خواب میں ابراہیم علیہ السلام کو دیکھے کہ وہ اس کو اپنی طرف بلا رہے ہیں اور اس نے تلبیہ (لبیک کہنا) کہہ کر ان کو جواب دیا ہے اور ان کی طرف دوڑتا ہوا گیا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس کا مرتبہ بلند ہوگا، اور اگر دیکھے کہ ابراہیم علیہ السلام نے اس کو پکارا ہے لیکن اس نے کوئی جواب نہیں دیا ہے، یا ابراہیم علیہ السلام کو دیکھا کہ وہ اس کو ڈانٹ رہے ہیں دھتکار رہے ہیں یا اس شخص نے ابراہیم علیہ السلام کو

Marfat.com

ترش رو دیکھا ہے تو یہ تمام صورتیں اس بات کو ظاہر کرتی ہیں کہ ایسا شخص استطاعت کے باوجود حج پر نہ جاسکے گا، یا وہ نماز کا تارک ہوگا، یا اپنے امامِ وقت پر تنقید کرے گا یا منافق ہوگا، اور اگر ان کو کافر دیکھے تو مسلمان ہوجائے گا، گناہ گار ہو تو توبہ کرے گا، اگر نماز کا تارک ہو تو نماز کی طرف لوٹ آئے گا، جو شخص دیکھے کہ وہ ابراہیم علیہ السلام کی صورت میں متشکل ہوا ہے یا ان کا لباس پہنا ہے، تو اس کو مصیبت پہنچے گی ۔ بسا اوقات ابراہیم علیہ السلام کی زیارت غم وفکر کے دور ہونے اور خیر وہدایت کے حاصل ہونے پر دلالت کرتی ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ ابراہیم علیہ السلام کی خواب میں زیارت والد کے نافرمان ہونے کی دلیل ہے۔''

## ۳۔ الابرة (سوئی):

اگر غیر شادی شدہ خواب میں سوئی کو دیکھے تو یہ شادی کے ہونے پر دلیل ہے، اور فقیر اگر سوئی کو دیکھے تو یہ اس کے حال کی پردہ پوشی پر دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ سوئی میں دھاگا ہے تو یہ اس کے کاموں کے درست ہونے پر دلیل ہے، اور اس کے متفرق کام مجتمع ہوں گے، اور جو یہ دیکھے کہ وہ سوئی جس سے وہ سیتا ہے ٹوٹ گئی ہے یا اس سے چھین لی گئی ہے، تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اس کے کام متفرق ہوں گے اور خراب ہوں گے، اور سوئی عورت پر بھی دلیل ہے، اور جو شخص یہ دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں سوا (بڑی سوئی) ہے تو اگر اس کی بیوی حاملہ ہے تو بیٹی ہوگی اور اگر وہ حاملہ نہ ہو تو پھر یہ خواب سفر کی دلیل ہے، اور اگر کوئی دیکھے کہ وہ سوئی کھا رہا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ اپنا راز کسی ایسے شخص کو بتائے گا جو اس کو نقصان پہنچائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے کسی کو سوئی چھوئی ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ اس کو مطعون کرے گا یعنی اس پر اعتراض وتنقید کرے گا، اور جو شخص دیکھے کہ وہ لوگوں کے کپڑے سیتا ہے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ وہ لوگوں کی خیر خواہی کرے گا، اور ان کی صلاح ودرستگی کی کوشش کرے گا، اس لئے کہ لغت عرب میں خیاط (درزی) ناصح (خیر خواہ) ہے۔ سوئی نصیحت کا آلہ اور دھاگا نصیحت کرنے والا ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اپنے کپڑے سیتا ہے تو اگر فقیر ہے تو مستغنی ہوگا، اور بگڑے کام بنیں گے اور اگر سوئی سے اپنے کپڑوں کو رفو کرتا ہے تو غیبت سے توبہ کرے گا یا کسی گناہ سے معافی چاہے گا، جبکہ اس کا رفو مضبوط ہو۔ ورنہ وہ باطل اور غلط چیز پر معذرت کرے گا، اور ظالموں سے الگ نہیں ہوگا، جیسے کہا جاتا ہے کہ جس نے غیبت کی اس نے کپڑے کو پھاڑ دیا اور جس نے توبہ کی اس نے کپڑے کو رفو کیا۔

## ۴۔ الابریسم (ریشم): دیکھئے الحریر (ریشم)۔

## ۵۔ الابریق (لوٹا):

خواب میں لوٹا دیکھنا گناہ گار کے توبہ کرنے اور حاملہ کے ہاں لڑکے کے پیدا ہونے پر دلیل ہے، اور کبھی لوٹے کا دیکھنا ایسے لڑکے پر دلیل ہوتا ہے جو اسرار کا جاننے والا ہو، اور لوٹے کا دیکھنا بعض اوقات ایسے نیک اعمال پر دلیل ہوتا ہے

Marfat.com

جو دخولِ جنت کا سبب ہیں، اور کبھی لوٹے کا دیکھنا تلوار پر دلالت کرتا ہے، اس لئے کہ عربی میں ابریق، تلوار کے ناموں میں سے ایک نام ہے، اگر خواب میں دیکھے کہ لوٹے کی قیمت بڑھ گئی ہے تو یہ اس کے مرتبہ کے بلند ہونے پر دلیل ہے۔ اسی طرح لوٹا دیکھنا ہنسنے، قہقہہ لگانے اور کھیلنے پر دلیل ہے، اور ان تمام برتنوں کا یہی حکم ہے جو لوٹے سے ملتے جلتے ہوں۔''

**۶۔ الابعاد (دور کرنا):** دیکھئے الطرد (نکالنا)

**۷۔ الابکم (گونگا):** دیکھئے النحوی (نحوی)

**۸۔ الابل (اونٹ):** دیکھئے الجمل (اونٹ)

**۹۔ ابلیس:**

خواب میں ابلیس کا دیکھنا سہو وغفلت پر دلالت کرتا ہے، ایک آدمی نے ایک دن حضرت حسنؒ سے کہا کہ اے ابو سعید! کیا ابلیس سوتا ہے؟ تو آپ مسکرائے اور فرمایا کہ اگر ابلیس سو جائے تو ہمیں بہت بڑی راحت مل جاتی، خواب میں ابلیس کا دیکھنا بدعتی عالم پر دلیل ہے، یا ترک نماز، لوٹنے اور اچکنے اور گناہوں کے کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ اسی طرح ابلیس کا خواب میں دیکھنا دھوکہ فریب سحر جادو، حسد، زوجین کے درمیان جدائیگی پر دلیل ہے، اور کبھی اس کا دیکھنا مرتد ہونے پر دلیل ہوتا ہے، اس لئے کہ وہ ابلیس اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے والا تھا پھر حکم عدولی کی وجہ سے مردود اور ملعون ہوگیا، ایک تعبیر اس کی کافر بادشاہ بھی ہے جو گھوڑے اور لشکر تیار کرنے والا ہے، اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔ ''واجلب علیهم بخیلك ورجلك''۔(۱) یعنی: اور لے آ ان پر اپنے سوار اور پیادے۔ اور اگر کوئی انسان دیکھے کہ وہ ابلیس بنا ہے تو یا تو اس کی بینائی کو نقصان پہنچے گا یا پھر وہ مرتد ہوگا، اور یا وہ مردود ہوکر زندگی گزارے گا اور مغموم ہوکر مرجائے گا، اور اسے مال و اولاد عطا کی جائے گی، اور مکروفریب سے اپنے دشمنوں پر غالب آئے گا، اور اگر مملکت کا اہل ہوگا تو بادشاہ بنے گا۔ لیکن لوگوں کو نیکی سے منع کرے گا اور برائی کی دعوت دے گا، اور جو دیکھے کہ گویا اس نے ابلیس کو قتل کیا ہے تو وہ کسی دھوکے باز سے دھوکہ کرے گا، اگر وہ صالح اور پاکدامن ہو تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے ناامید ہوگا۔''

**۱۰۔ الابنوس (۲) (ابنوس کا درخت)**

خواب میں ابنوس ہندوستانی مالدار عورت یا مالدار مرد پر دلیل ہے۔

**۱۱۔ الابیض (سفید رنگ):** دیکھئے السیف (تلوار)۔

**۱۲۔ الاتان (گدھی):** دیکھئے الحمار (گدھا)

(۱) سورۃ الاسراء ۶۴ (۲) ایک درخت کا نام ہے جس کی لکڑی سخت قیمتی اور سیاہ ہوتی ہے گرم علاقوں میں پایا جاتا ہے۔

Marfat.com

## ۱۳۔ الاترج (لیموں)

خواب میں لیموں کا دیکھنا صاحبِ اولاد مبارک عورت پر دلالت کرتا ہے۔ اور کبھی مومن مرد یا قرآنِ کریم کے قاری پر دلالت کرتا ہے۔ اسی طرح لیموں کا دیکھنا علم، عمل، محبت، اچھی تعریف پر دلیل ہے۔ ایک لیموں دیکھے تو یہ اولاد پر دلیل ہے، اور بہت سے لیموں دیکھے تو یہ عمدہ چیز پر دلیل ہے۔ بعض کا قول ہے کہ لیموں منافقت کی دلیل ہے اس لئے کہ لیموں کا ظاہر اس کے باطن کے مخالف ہوتا ہے۔ سبز رنگ کے لیموں کا دیکھنا اور اس کا توڑنا جسم کی صحت اور سال کی خوشحالی کو ظاہر کرتا ہے۔ زرد رنگ کا لیموں سال کی خوشحالی پر دلیل ہے مگر کوئی بیماری آئے گی، بعض کہتے ہیں کہ لیموں عجمی شریف اور مالدار عورت ہے، اگر دیکھے کہ لیموں کو دو حصوں میں کیا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اسے بیٹا اور بیٹی عطا ہوگی اور بہت بیمار ہوں گے۔ اگر عورت دیکھے کہ اس کے سر پر لیموں کا تاج رکھا ہوا ہے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ کوئی دیندار نیک آدمی اس سے نکاح کرے گا، اگر عورت اپنی گود میں لیموں دیکھے تو اس کے ہاں برکت والا بیٹا پیدا ہوگا، اگر آدمی دیکھے کہ کوئی عورت اسے لیموں دے رہی ہے تو یہ اس کی دلیل ہے کہ وہ عورت اس کے لئے لڑکا جنے گی، اور جب دیکھے کہ دوسرے آدمی کو لیموں پھینکا ہے تو یہ رشتہ داری قائم کرنے پر دلیل ہے، اور جب خواب میں کوئی آدمی لیموں کھائے اگر وہ میٹھا ہو تو مالِ کثیر پر دلالت کرتا ہے اور اگر وہ لیموں کھٹا ہو تو یہ معمولی بیماری پر دلیل ہے۔

## ۱۴۔ الاتّون (بھٹی)

خواب میں بھٹی دیکھنا بادشاہ کے نائب پر دلیل ہے جس کے پاس مال و دولت جمع کیا جاتا ہے اور وہ اس میں تصرف کرتا ہے، بھٹی کا دیکھنا ہر حال میں عظیم چیز پر دلالت کرتا ہے، جو یہ دیکھے کہ وہ بھٹی بناتا ہے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اسے سلطنت اور حکومت حاصل ہوگی۔

## ۱۵۔ آثار الدیار (کھنڈرات)

خواب میں کھنڈرات اور نشانات دیکھنا وعظ و اذکار پر دلیل ہے۔ اگر کوئی مسافر دیکھے تو سال اور ایام کی تعداد پر دلیل ہے۔ اور کھنڈرات کو از سرِ نو بنانا امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی دلیل ہے۔

## ۱۶۔ الاثم (گناہ): دیکھئے۔ الذنب (گناہ)

## ۱۷۔ الاجارۃ (کرایہ پر دینا)

خواب میں کوئی دیکھے کہ اپنی املاک میں سے کوئی چیز دوسرے کو کرایہ پر دی ہے تو یہ خوف اور مصیبت سے امن میں رہنے کی دلیل ہے، کرایہ پر دینا بسا اوقات شادی پر دلیل ہوتا ہے، خواب میں کرایہ دار کا دیکھنا اچھا نہیں ہے اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ مالک مکان کو دھوکہ فریب دے گا اور اسے برباد کرے گا۔

Marfat.com

## ۱۸۔ الاجّاص (آلو بخارا)

آلو بخارا برموسم دیکھنا رزق ہے یا پھر غائب شخص حاضر ہوا ہے یا ہو جائے گا، اور بے موسم دیکھنا بیماری یا غم ہے، اگر مریض دیکھے کہ وہ آلو بخارا کھا رہا ہے، تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ وہ شفایاب ہوگا۔

## ۱۹۔ الآجام (گھنا درخت)

خواب میں گھنے درخت دیکھنا اس بات کی دلیل ہے کہ کچھ ایسے لوگ ہیں کہ جن کی صحبت مفید نہیں ہے، بلکہ ان میں کوئی برائی چھپی ہوئی ہے، اس لئے کہ وغل گھنے درخت کو کہتے ہیں جس کے اندر شکاری چھپ جاتا ہے، اور پھر ایسی جگہ سے تیر پھینکتا ہے جہاں سے پرندہ وغیرہ کو علم نہیں ہوتا۔ اگر دیکھے کہ گھنے درخت کسی کی ملکیت میں ہیں تو یہ شخص ایسے لوگوں سے لڑے گا اور کامیاب ہوگا۔

## ۲۰۔ الاجانب (اجنبی): دیکھئے العجم (عجمی لوگ)۔

## ۲۱۔ الآجرّ (اینٹ)

خواب میں اینٹ عظیم آدمی ہے لیکن وہ منافق ہے۔ اور کبھی اینٹ کا دیکھنا مجوسیوں (آتش پرستوں) کی اولاد پر دلیل ہوتا ہے۔

## ۲۲۔ الاجر المشوی (پکی ہوئی اینٹ): دیکھئے الطوب (پکی اینٹ)۔

## ۲۳۔ الاجرۃ (مزدوری): دیکھئے الجعالۃ (مزدوری)

## ۲۴۔ الاجمۃ (گھنا درخت): دیکھئے الغاب (گھنا درخت)

## ۲۵۔ الاحتراز (بچنا): دیکھئے الحذر (بچنا)

## ۲۶۔ الاحتضار (موت آنا): دیکھئے النزع (موت آنا)

## ۲۷۔ الاحتقار (ذلیل ہونا): دیکھئے المذلّۃ (ذلیل ہونا)۔

## ۲۸۔ الاحتقان (حقنہ استعمال کرنا)

خواب میں حقنہ کا استعمال اگر مناسب چیز سے عادت کے مطابق ہو تو یہ نیکی چیز پر دلیل ہے، اور اگر نامناسب چیز سے حقنہ کیا ہو یا حقنہ اس کی عادت نہ ہو تو یہ اس پر دلالت کرتا ہے کہ اس کا گھر لوٹا جائے گا یا اس کی میت قبر سے نکالی جائے گی۔ یا اس کے پاس امانت کا جو مال ہے اس کے نکالنے پر اس کو مجبور کیا جائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کسی بیماری کی وجہ سے اسے حقنہ کیا گیا ہے، تو یہ اس کی دینی صلاح و درستگی کی دلیل ہے اور اگر دیکھے کہ بغیر کسی بیماری کے اس کو حقنہ کیا گیا کہ

Marfat.com

تو یہ شدید غصہ میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔

## ۲۹۔ الاحرام (احرام باندھنا)

جب دیکھے کہ حج کا یا عمرہ کا احرام باندھا ہے تو اگر غیر شادی شدہ ہے تو شادی ہو جائے گی اور شادی شدہ ہے تو طلاق دے گا، اگر بیمار ہے تو وفات پائے گا، اگر شریر ہو تو حرام کی تلاش میں لگے گا۔ خصوصاً جب کہ یہ خواب حج کے زمانہ میں نہ ہو اور بے عزت ہوگا۔ اور اگر خواب میں دیکھے کہ احرام کی حالت میں کسی شکار کو قتل کیا ہے اور وہ شکار اونٹ وغیرہ ہے تو بیداری میں اسی طرح کی چیز جرمانہ میں ادا کرے گا، اگر خواب میں شتر مرغ مارا تو بیداری میں بدنہ (اونٹ یا گائے) بطور جرمانہ دے گا۔ نیل گائے میں گائے دے گا، اور جو شخص دیکھے کہ اس نے اور اس کی بیوی نے احرام باندھا ہے تو وہ اس کو طلاق دے گا۔

## ۳۰۔ الاحلیل (پیشاب کی نالی): دیکھئے الذکر (عضو تناسل)

## ۳۱۔ الاحمرار (سرخ ہونا): دیکھئے حمرۃ اللون (رنگ کا سرخ ہونا)۔

## ۳۲۔ الاخ (بھائی)

انسان کا خواب میں اپنے بھائی، دادا، چچا یا ماموں یا اس رشتہ دار کا دیکھنا جس کا وراثت میں حصہ ہے مال میں باہم شریک ہونے اور مددگار ہونے پر دلیل ہے۔

## ۳۳۔ الاخرس (گونگا): دیکھئے النحوی (نحوی)۔

## ۳۴۔ الاخفاء (چھپانا): دیکھئے الکتمان (چھپانا)

## ۳۵۔ ادریس علیہ السلام

جو شخص ادریس علیہ السلام کو خواب میں دیکھے تو اللہ تعالیٰ اس کو تقویٰ و پرہیز گاری سے نوازیں گے، اور اس کا خاتمہ بالخیر فرمائیں گے، اور ایسا شخص بڑا عبادت گزار، صاحب بصیرت، حلیم المزاج اور عالم ہوگا، اور جو یہ دیکھے کہ وہ خود ادریس علیہ السلام بنا ہے تو اس کا علم زیادہ ہوگا یا وہ اکابر کے پاس بیٹھے گا اور بلند مقامات حاصل کرے گا۔

## ۳۶۔ آدم علیہ السلام

جو آدم علیہ السلام کو خواب میں دیکھے اگر اس نے کوئی گناہ کیا ہے تو توبہ کرے گا۔ آدم علیہ السلام کا دیکھنا کبھی والد یا حاکم کی دلیل ہوتا ہے۔ اور جو شخص دیکھے کہ وہ آدم علیہ السلام کو قتل کرتا ہے تو وہ حاکم کو دھوکہ دے گا، یا اپنے استاد یا والدین کی نافرمانی کرے گا، اور جو شخص آدم علیہ السلام کو مخصوص صورت میں دیکھے تو وہ اگر حکومت کا اہل ہے تو حکومت اسکو

Marfat.com

حاصل ہوگی، اگر دیکھے کہ آدم علیہ السلام سے بات چیت کی ہے تو علم حاصل ہوگا، بعض کہتے ہیں کہ جو آدم علیہ السلام کو دیکھے تو اپنے کسی دشمن کی بات سے دھوکہ کھائے گا لیکن پھر ایک مدت کے بعد اللہ تعالیٰ اسکو دشمن سے بچالیں گے، اگر آدم علیہ السلام کو دیکھے کہ ان کی حالت یا ان کا رنگ بدلا ہوا ہے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ وہ ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہوگا، لیکن پھر دوبارہ پہلی جگہ واپس آجائے گا، اور جو شخص دیکھے کہ وہ خود آدم علیہ السلام بنا ہے یا انکا دوست بنا ہے تو اگر وہ حاکم بننے کا اہل ہے تو حاکم بنے گا، اگر وہ عالم ہے تو لوگ اس کے علم سے نفع اٹھائیں گے۔ یا وہ اتنا علم حاصل کرے گا کہ لوگوں میں سے کوئی اس کے برابر نہیں ہو سکے گا۔ آدم علیہ السلام کا دیکھنا بسا اوقات حج کرنے، دوست احباب کے ساتھ مل بیٹھنے اور کثرتِ اولاد اور مکر وفریب پر دلالت کرتا ہے۔ نیز آدم علیہ السلام کا خواب میں دیکھنا اس شخص کی مصاحبت پر دلالت کرتا ہے جو زہر بناتا ہے اور شیاطین کے حاضر کرنے سے رزق پاتا ہے اور ان کی زبان پر بات کرتا ہے۔ آدم علیہ السلام کی زیارت بعض اوقات کھردرے کپڑے یا رونے یا کھانے کی تکلیف یا سفر بعید یا خادموں یا بادشاہوں کو سجدہ کرنے پر دلالت کرتی ہے، جو شخص آدم علیہ السلام کو اچھی حالت میں دیکھے تو یہ اس کے لئے بہت بڑی خیر و بھلائی پر دلیل ہے۔

## ۳۷۔ الادھم (سیاہ رنگ): دیکھئے الخیل (گھوڑا)

## ۳۸۔ الاذی (تکلیف دہ چیز)

خواب میں راستہ سے تکلیف دہ چیز ہٹانا دینی غیرت، اہل وعیال کی نگرانی، گفتگو میں احتیاط اور گناہوں کی معافی پر دلالت کرتا ہے۔ اور بسا اوقات تکلیف دہ چیز کا ہٹانا بلند منصبی، حکم کرنے، منع کرنے، حاکم بننے اور معزول ہونے پر دلیل ہوتا ہے۔ راستہ میں کوئی کانٹا، پتھر یا تکلیف دہ چیز کا رکھنا فحش گوئی، یا ہاتھ اور زبان سے اذیت پہنچانے پر دلیل ہے، ممکن ہے کہ وہ ایک عرصہ بعد راہزن بن جائے، اگر وہ حاکم ہے تو یہ اس کے جور وظلم اور لوگوں کو ایسی تکلیف دینے پر دلیل ہے جسکی وہ طاقت نہیں رکھتے مثلاً کوئی نیا امر پیش آیا ہے یا کوئی ایسا افسر مقرر اس نے کیا ہے جو لوگوں پر ظلم کرے۔

## ۳۹۔ الاذان (اذان)

اگر دیکھے کہ حج کے مہینوں میں اذان دی ہے تو یہ حج کرنے کی دلیل ہے، کبھی خواب میں اذان دینا جنگ کی تیاری اور نقل وحرکت کی چغلخوری کرنے پر دلالت کرتا ہے، اور کبھی یہ اذان چوری کرنے، منصب جلیل اور بلند مرتبہ پر فائز ہونے اور غیر شادی شدہ کے لئے بیوی ملنے پر دلیل ہوتی ہے۔ اور کبھی درست واقعات پر دلیل ہوتی ہے۔ اگر غیر قبلہ کی طرف یا غیر عربی میں اذان دی ہے یا اس کا چہرہ سیاہ ہوا ہے تو یہ جھوٹا ہونے اور چغلخور ہونے کی دلیل ہے، یا پھر اس شہر میں بدعات وغیرہ پر دلیل ہے، اور مؤذن داعی الی الخیر، دلال، بادشاہ کا قاصد یا اس کا دربان یا لشکر میں منادی ہے۔ اگر عورت خواب میں دیکھے کہ اس نے مسجد کے مینارہ پر اذان دی ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس کے ہاتھ پر کوئی بہت بڑی

Marfat.com

بدعت ظاہر ہوگی، اور اگر خواب میں چھوٹے بچے اذان دیں تو اس کا معنی یہ ہے کہ جاہل لوگ ملک پر غالب آئیں گے، خصوصاً اس صورت میں جب اذان بے وقت دی گئی ہو، جو شخص خواب میں دیکھے کہ مینارہ پر اذان دیتا ہے اور وہ حاکم بننے کی اہلیت رکھتا ہے تو جہاں تک اور جس قدر اسکی آواز پہنچی ہے حکومت کرے گا، اور اگر وہ حکومت کی اہلیت نہیں رکھتا تو اس کے دشمن زیادہ ہوں گے، اور وہ ان کا رئیس بنے گا، اور اگر وہ تاجر ہے تو اُسے تجارت میں نفع ہوگا، اور کبھی خواب میں اذان دینا دعا، نیکی، طاعت اور خیر کے کام کرنے اور شیطان کے مکر وفریب سے نجات اور امن پانے پر دلالت کرتا ہے، اور جو شخص دیکھے کہ کنوئیں میں اذان دیتا ہے تو اگر وہ کفرستان میں ہو تو لوگوں کو راہِ دین کی طرف بلائے گا، اور اگر وہ مسلمانوں کے علاقے میں ہو تو وہ جاسوس ہے، یا بدعتی ہے جو لوگوں کو بدعت کی دعوت دیتا ہے، اور جو یہ دیکھے کہ اذان دے رہا ہے اور وہ مسلمانوں میں سے ہے تو وہ نیکی کا حکم دے گا، اور جو یہ دیکھے کہ اذان دیتا ہے لیکن کوئی شخص اس کو جواب نہیں دے رہا تو وہ ظالم لوگوں میں سے ہے، اور جو دیکھے کہ وہ اپنے پڑوس کی چھت پر کھڑے اذان دے رہا ہے، تو وہ پڑوس کی عورت سے خیانت کرے گا، اور جو شخص خواب میں یہ دیکھے کہ وہ خانہء کعبہ کی چھت پر کھڑے اذان دے رہا ہے تو وہ بدعتی ہے یا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی شان میں گستاخی کرنے والا ہے، اور جو یہ دیکھے کہ وہ لیٹ کر اذان دے رہا ہے تو اس کی بیوی لوگوں کی غیبت کرتی ہے اور ان کو تکلیفیں پہنچاتی ہے، اور اگر وہ کنوارا ہو تو شادی کرے گا، اور جو یہ دیکھے کہ بازار میں اذان دیتا ہے تو وہ چوروں کا جاسوس ہے، اور جو دیکھے کہ بادشاہ کے دروازہ پر اذان دے رہا ہے تو وہ حق بات کی گواہی دے گا، گلیوں بازاروں میں اذان دینا خوشگوار زندگی کی دلیل ہے، اور جو شخص یہ دیکھے کہ قافلہ میں اذان دیتا ہے تو اس پر چوری کا الزام لگایا جائے گا، اور کبھی خواب میں اذان دینا شریک (دوست) کی جدائی پر دلالت کرتا ہے، اور جو شخص یہ دیکھے کہ ویران اور منہدم جگہ میں اذان دیتا ہے تو وہ جگہ آباد ہوگی اور اس میں لوگوں کی کثرت ہوگی۔ اور جو دیکھے کہ وہ حمام میں اذان دے رہا ہے تو وہ بخار میں مبتلا ہوگا، اذان دینا یا ذکر اللہ میں آواز بلند کرنا بزرگوں کے قرب حاصل ہونے کی دلیل ہے، خصوصاً جب کہ اذان خوبصورت آواز میں ہو، اور لوگ اس کو خاموشی سے سن رہے ہوں، اگر اذان میں کوئی تبدیلی کی ہے یا اس میں کوئی عبث (بے کار) کام کیا ہے، یا اللہ تعالیٰ کے کسی ذکر میں تغیر کیا ہے یا وہ برہنہ ہے تو یہ بیہودگی اور آوارگی پر دلیل ہے، اور جو شخص یہ دیکھے کہ وہ لوگوں کے مجمع کے سامنے اذان دے رہا ہے تو وہ لوگوں کو حق بات کی طرف بلائے گا اور وہ لوگ ظالم ہوں گے، اور کبھی خواب میں اذان دینا تفقہ فی الدین (دین کی سمجھ بوجھ) پر دلیل ہوتا ہے، اور کبھی یہ اذان بادشاہ کی جانب سے کسی کام کے لئے بلانے پر دلالت کرتی ہے، اور جو شخص یہ دیکھے کہ اذان دیتا ہے مگر تکبیر وتہلیل (اللہ اکبر اور لا الہ الا اللہ کہنا) کے الفاظ اسے یاد نہیں ہیں تو وہ اپنے دشمن کی تکلیف سے خوش ہوگا، اور جو دیکھے کہ وہ آسمان پر اذان دیتا ہے اور لوگوں نے اس کی اذان کا جواب دیا ہے تو وہ لوگوں کو خیر و بھلائی کی دعوت دے گا اور وہ اس کو قبول کریں گے، اور جو شخص یہ دیکھے کہ اس نے ایک مرتبہ یا دو مرتبہ اذان دی ہے اور اقامت کہی ہے اور فرض نمازوں میں سے

Marfat.com

کوئی نماز پڑھی ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو حج اور عمرہ نصیب فرمائیں گے، اور جو شخص دیکھے کہ وہ کسی ٹیلے یا پہاڑ کی چوٹی پر اذان دے رہا ہے تو اس کو کسی عجمی آدمی کی طرف سے حکومت ملے گی، اگر وہ حکومت کا اہل نہیں ہے تو اس کو نفع مند تجارت یا کوئی قیمتی ہنر یا پیشہ ملے گا، اگر دیکھے کہ اس نے اذان کے کلمات میں کوئی کمی بیشی کی ہے یا کوئی اور الفاظ کہے ہیں تو لوگ اس پر اس کی کمی بیشی کے بقدر ظلم کریں گے، اور جو شخص دیکھے کہ وہ کسی دیوار پر اذان دے رہا ہے تو وہ کچھ لوگوں کو صلح صفائی کی دعوت دے گا، اور اگر گھر کے اوپر اذان دی ہے تو اہل خانہ فوت ہوں گے، اور جو دیکھے کہ کوئی بچہ اذان دیتا ہے تو یہ اس کے والدین کے جھوٹ اور بہتان سے بری ہونے کی علامت ہے، اور جو دیکھے کہ وہ کسی کھیل تماشہ کی جگہ میں اذان دے رہا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی عقل کو سلب کر لیں گے، اور جو شخص خواب میں بازار میں اذان سنے تو یہ بازار کے کسی آدمی کی وفات پر دلیل ہے، اور جو شخص خواب میں کوڑا خانہ پر اذان دے تو وہ کسی احمق آدمی کو صلح کی دعوت دے گا، اور وہ احمق اس صلح کو قبول نہیں کرے گا۔

**۴۰۔ الاذلال (ذلیل کرنا):** دیکھئے السخریۃ (مذاق کرنا)۔

## ۴۱۔ الاذن (کان)

خواب میں کان اولاد، مال اور منصب پر دلیل ہے، اور کبھی یہ کان علم، عقل، دین، بادشاہی اور ایسے اہل اور خاندان پر دلیل ہوتا ہے جس سے انسان آراستہ ہوتا ہے۔ اور کان سننے پر بھی دلالت کرتے ہیں۔ چنانچہ جو شخص دیکھے کہ اس کا کان بڑا ہو گیا ہے یا خوبصورت ہوا ہے یا اس سے کوئی نور و روشنی نکل رہی ہے یا داخل ہو رہی ہے تو یہ سب اللہ تعالیٰ کی ہدایت اور اس کی اطاعت اور اس کے حکم کی قبولیت پر دلیل ہے۔ اور اگر خواب میں دیکھے کہ کان چھوٹے ہیں یا اس سے بدبو نکل رہی ہے تو یہ راہِ حق سے بھٹکنے اور ایسے کام کرنے پر دلیل ہے جو عذاب خداوندی اور ناراضگی کا باعث ہیں، اور کانوں کا کٹا ہوا ہونا فساد اور خرابی کی دلیل ہے۔ اور اگر زائد کان دیکھے تو یہ انسان کے مقصد اور مراد کو ظاہر کرتا ہے، لہٰذا اگر وہ زائد کان خوبصورت ہو تو اس کی مراد بہتر ہوگی، اور کانوں کی کثرت مختلف علوم پر دلالت کرتی ہے، یا وہ ایک حالت پر قائم نہیں رہے گا، اور بعض اوقات کان کا دیکھنا ان زیورات پر دلالت کرتا ہے جو کان میں لٹکائے جاتے ہیں، اگر دیکھے کہ اس کا کان کسی حیوان کے کان کی طرح ہو گیا ہے تو اس کا منصب و مرتبہ زائل ہوگا اور اس کی عزت میں کمی آئے گی اور وہ کند ذہن ہوگا، اگر دیکھے کہ وہ اپنی انگلیاں اپنے کانوں میں ڈال رہا ہے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ وہ بدعتی ہو کر مرے گا، اور اگر خواب دیکھنے والا کسی بدعت یا گمراہی پر ہو پھر وہ دیکھے کہ اپنی انگلیاں کانوں میں ڈال رہا ہے تو یہ اس کی وفات پر دلیل ہے، نیز وہ جس بدعت وغیرہ کا مرتکب ہے اس کے چھوڑنے کا عزم کرے گا، یا پھر وہ مؤذن بنے گا، بادشاہ کا کان اس کا جاسوس ہے، بعض کہتے ہیں کہ کان آدمی کی بیوی یا اس کی بیٹی وغیرہ ہے، اگر دیکھے کہ کان میں کچھ نقص پیدا ہوا ہے تو

Marfat.com

یہ اس پر دلیل ہے کہ کوئی نئی بات پیش آئے گی، اور جو شخص دیکھے کہ وہ درست سماعت والا ہے تو یہ اس کے علم، فہم، صحت اور دیانت و یقین وغیرہ کی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ وہ بہرا ہے تو یہ اس کی دینی خرابی پر دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ اس کا آدھا کان ہے تو اس کی بیوی فوت ہوگی، اور جو خواب میں دیکھے کہ اس کے کان کٹے ہوئے ہیں تو کوئی انسان اس کی بیوی یا بیٹی کو دھوکہ دے گا، اگر کان پہلے کی طرح درست ہو گئے ہیں تو وہ دونوں توبہ کریں گے اور ان کے امور درست ہوں گے، اور جو دیکھے کہ وہ اپنے کان کی میل کھا رہا ہے تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ وہ کچھ لڑکوں سے اس طرح مل جل کر رہتا ہے جیسے بیویوں سے ہوتا ہے، اور جو شخص دیکھے کہ اس کا ایک کان ہے تو وہ عنقریب وفات پائے گا، اگر دیکھے کہ اس کے کان میں کوئی انگوٹھی لٹکی ہوئی ہے تو وہ اپنی بیٹی کا نکاح کرائے گا اور اس کے ہاں بیٹا پیدا ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ کان دین ہے، اگر دیکھے کہ اس نے اپنے کانوں میں کوئی چیز بھری ہے تو یہ خواب کفر پر دلیل ہے۔ اور جو شخص بہت زیادہ کان دیکھے تو وہ حق بات سے منہ پھیرے گا اور اس کو قبول نہیں کرے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ اگر کوئی دیکھے کہ اس کے خوبصورت موزوں بہت سے کان ہیں تو وہ بہت سی خوشخبریاں سنے گا، اگر موزوں اور خوبصورت نہ ہوں تو پھر بری خبریں سنے گا، اور جو دیکھے کہ گویا کہ اس کے کانوں میں دو آنکھیں ہیں تو وہ اندھا ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ جو دیکھے کہ اس کے بہت سے کان ہیں تو یہ اس کے لئے پسندیدہ ہے جو یہ چاہتا ہو کہ کوئی ایسا انسان ہو جو اس کی اطاعت کرے جیسے عورت، اولاد اور غلام وغیرہ، اور مالداروں کے اعتبار سے یہ خواب اچھی خبروں کے آنے پر دلیل ہے جب کہ کان خوبصورت ہوں (جو خواب میں دیکھے گئے ہیں)۔ اگر کان خوبصورت نہیں تھے تو یہ بری خبروں کے آنے پر دلیل ہے۔ اور غلاموں اور مقدمات میں ملوث لوگ جن کے خلاف دعویٰ کیا گیا ہو اگر یہ خواب دیکھیں تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ ان کی غلامی ہمیشہ رہے گی، اور وہ اطاعت کریں گے، اور مدعی کے لئے یہ خواب اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ حکم اس کو لازم ہوگا۔

۴۲۔ الارت (ہکلا): دیکھئے التحذی (مقابلہ کرنا)۔

۴۳۔ الارتداد (مرتد ہونا): دیکھئے الرداد (مرتد ہونا)

۴۴۔ الارتواء (سیراب ہونا): دیکھئے الری (سیراب ہونا) نیز دیکھئے الشرب (پینا)

## ۴۵۔ الارجوان (درخت پھولوں والا)

خواب میں ارجوان درخت پاکدامن عورت ہے، جو خواب میں اس کے پھول اٹھائے تو اس کو مالدار خوبصورت عورت ملے گی جس کے بہت زیادہ عزیز واقرباء اور شادی کرنے والے ہوں گے۔

## ۴۶۔ الارجحة (جھولا)

جو شخص خواب میں دیکھے کہ جھولا جھول رہا ہے تو یہ اس کے دینی اعتقاد کے خراب ہونے کی دلیل ہے۔

Marfat.com

## ۴۷۔ الارجوحة (جھولا)
دیکھئے المرجوحة (جھولا)۔

## ۴۸۔ الاردبة (پانی کی نالی): دیکھئے البربخ (پانی کی نالی)

## ۴۹۔ الاردیة (چادر): دیکھئے الکساء (چادر)

## ۵۰۔ الارز (چاول)

خواب میں چاول ایسا مال ہے جس میں مشقت اور غم فکر ہے، اگر چاول پکے ہوئے ہوں تو یہ نفع پر دلیل ہے۔

## ۵۱۔ الارض (زمین)

خواب میں زمین کی بہت سی تعبیرات ہیں۔ ہر زمین اپنی ماہیت کے اعتبار سے مختلف تعبیرات رکھتی ہے، چنانچہ خواب میں محشر کی زمین دیکھنا اسرار کی حفاظت، فقیری کے بعد مالداری خوف سے امن اور وعدہ کی سچائی پر دلالت کرتا ہے، اور کبھی خوبصورت کنواری عورت یا عظیم منصب اور ہدایت و توبہ پر دلیل ہوتا ہے۔ اگر دیکھے کہ مچھلی یا بیل نے زمین کو اٹھایا ہوا ہے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ بادشاہ خود عہدہ سے دست بردار ہو جائے گا یا اپنے نائب کو منصب سے ہٹا دے گا، اور گھر کی زمین گھر میں بچھائی جانے والی چیزوں مثلاً چٹائی، بستر وغیرہ پر یا اس گھر کی صفائی ستھرائی کا کام کرنے والے یا ان افراد خانہ اور قبیلہ خاندان والوں پر دلیل ہے جو اس میں جمع ہوتے ہیں۔ اور زراعت کی زمین کی کاشتکاری، شادابی، آلاتِ زراعت و دراست (کاشتکاری اور غلہ گاہنے کے آلات) پر دلیل ہے، اسی طرح وہ زمین ان نباتات، خوشگوار ہوا، پھول اور زمین کی ہمواری اور بلندی پر دلالت کرتی ہے جو اس سے پیدا ہو، اور گرم زمین تاجروں اور اصحاب معاش کے لئے سفر پر دلالت کرتی ہے، جیسے کرایہ پر مکان زمین وغیرہ دینے والے اور شتربان وغیرہ لوگ ہیں۔ چنانچہ اس زمین کی دشواریوں کا دور ہونا اور راستہ سے پتھروں کا اکھاڑنا، اور راستوں کا سیدھا اور واضح ہونا اس بات کی دلیل ہے کہ مسافر کو اپنے تجارتی سفر میں نفع ہوگا، اور ان کے غم و فکر دور ہوں گے اور معاملات میں آسانی ہوگی، اور معلوم زمین اس بات پر دلیل ہے کہ وہ کسی طرح اس زمین کا حاکم ہوگا وراثت کے ذریعہ، کرایہ کے ذریعہ یا جاگیر یا کھودنے کے طور پر، اور زمین کا متعین حد سے لمبا یا چھوٹا ہونا اس زمین کے حاکم پر دلیل ہے، اور نامعلوم زمین ماں، باپ، خاوند، بیوی، شریک امانت دار اور وارث عورت پر دلیل ہے، اسی طرح مملوک چیز مثلاً گھر، جانور باندی وغیرہ پر دلالت کرتی ہے، نیز اس بستر وغیرہ پر دلالت کرتی ہے جس پر بیٹھا جاتا ہے۔ زمین فاسقوں، بدکاروں اور کھیل تماشہ کے دور پر بھی دلالت کرتی ہے۔ اور زمین چغلخور عورت ہے جو راز کی بات کو نہیں چھپاتی ہے، اسی طرح زمین جھگڑے، علم اور فصاحت کی دلیل ہے، جیسا کہ زمین دنیا پر اور آسمان آخرت پر دلیل ہے، اور کبھی زمین و آسمان ان دو سوکنوں پر دلیل ہے جن کو اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی جمع نہیں کر سکتا، اگر دیکھے کہ زمین پھٹ گئی ہے تو یہ ممنوعات اور منکرات (برائیوں) کے اظہار پر دلیل ہے۔ اور کبھی زمین کا پھٹنا سخاوت پر دلالت

Marfat.com

کرتا ہے یعنی اس زمین کی خیر و برکت پر دلیل ہے۔ اور زمین کا کشادہ اور لمبا ہونا اگر عادت کے مطابق ہو تو جیل سے خلاصی پانے پر دلیل ہے، نیز حاملہ کے جننے پر دلیل ہے، اور زمین کی کشادگی رزق ہے۔ اگر دیکھے کہ بنجر زمین کا مالک ہوا ہے تو کسی فقیر یا بانجھ عورت سے شادی کرے گا، اور کبھی زمین بادشاہ کی بادشاہت یا موت و حیات اور رزق پر دلالت کرتی ہے۔ اور اسی طرح زمین پر اچھے برے عمل کرنے والوں پر دلالت کرتی ہے۔ اگر دیکھے کہ زمین کا مالک ہوا ہے تو اگر کنوارا ہے تو شادی کرے گا، اور اسے اولاد نصیب ہوگی، یا کسی شریک (حصہ دار) کے ساتھ شریک ہوگا یا کسی کے پاس اپنا مال یا راز امانت رکھے گا، یا وراثت پائے گا، یا کوئی گھر کرایہ پر لے گا، یا خریدے گا، یا کوئی جانور باندی وغیرہ خریدے گا۔ اگر زمین کشادہ اور اچھے منظر والی ہو تو اس زمین پر اس کا عمل نیک ہوگا، یعنی اس زمین پر وہ نیک عمل کرے گا، اور اگر زمین پر کوئی مردار یا نجاست ہو یا وہ زمین بوسیدہ ہو تو وہ اس پر کوئی اچھا عمل نہیں کرے گا، اگر دیکھے کہ زمین نے اس سے بات چیت کی ہے، یا زمین سے کوئی ایسا کلام سنا جسے وہ نہیں سمجھتا تو یہ حالت کی سختی، مختلف جھوٹی اور بری خبروں کے سننے اور پردہ دری کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ زمین لرزی ہے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ حاملہ عورت اپنا جنین (بچہ) وضع کرے گی، اگر دیکھے کہ زمین نے دھنسا دیا ہے تو یہ غرور و تکبر، خود پسندی اور اللہ تعالیٰ کی اطاعت سے غفلت پر دلیل ہے، اگر دیکھے کہ زمین نے اس کے نیچے سے لپیٹا ہے تو یہ کام سے فارغ ہونے، بیوی کو طلاق دینے یا منصب کے ختم ہونے پر دلیل ہے۔

اگر دیکھے کہ زمین گڑھے کی شکل میں یا لوہے یا پتھر کی صورت میں بدلی ہے تو کبھی اس کی تعبیر یہ ہوتی ہے کہ اس کی بیوی کا حمل دشوار ہوگا یا وہ کسی اور پیشہ کی طرف منتقل ہوگا اور کبھی اس کی تعبیر یہ ہوتی ہے کہ اس کو اس کی کمائی سے مال حاصل ہوگا، اگر خواب میں دیکھے کہ وہ خود زمین بنا ہے تو لوگوں کی نظر میں بلند رتبہ ہوگا، اور اگر زمین کو اٹھاتا ہے اور بوجھ محسوس نہیں کرتا تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ کوئی شخص اس کی زمین پر ظلم کرے گا، یا وہ ظالم بنے گا زمین کو اپنے کندھے پر منتقل کرے گا، اگر دیکھے کہ اس نے زمین کو کھایا ہے تو اس کو زمین کی کاشتکاری یا دوڑ دھوپ سے فائدہ حاصل ہوگا، اور اگر دیکھے کہ زمین پھٹی ہے اور اس نے اس کو نگل لیا ہے تو یہ شرمندگی پر یا اس بات پر دلیل ہے کہ وہ سفر کرے گا لیکن قید کر لیا جائے گا، اور جو شخص دیکھے کہ وہ کشادہ اور ہموار زمین میں ہے لیکن اس زمین کو پہچانتا نہیں ہے صحراء کی طرح ہے، تو وہ بہت جلد سفر کرے گا، اور جو دیکھے کہ زمین پر بیٹھا ہے تو وہ اس زمین پر غالب آئے گا اور متمکن ہوگا، اور جو شخص یہ دیکھے کہ وہ اپنا ہاتھ یا کوئی چیز زمین پر مارتا ہے تو وہ تجارت کے لئے سفر کرے گا، اور جو دیکھے کہ وہ زمین میں سے کھا رہا ہے تو جتنا اس نے کھایا ہے اسی قدر مال و دولت پائے گا، اور جو دیکھے کہ خشک اور قحط زدہ زمین سے سرسبز زمین کی طرف نکل کر گیا ہے تو وہ بدعت سے سنت کی طرف منتقل ہوگا، اور اگر دیکھے کہ سرسبز زمین سے نکل کر خشک زمین کی طرف گیا ہے تو اس کی تعبیر اس کے خلاف ہے، اگر سفر کی رغبت رکھنے والا دیکھے کہ وہ ایک جگہ سے دوسری جگہ گیا ہے تو وہ سفر کرے گا، اور سفر میں اس کی حالت اس زمین کے مطابق ہوگی یعنی زمین کی کشادگی، تنگی اور شادابی اور خشکی زمین کے مطابق حالت ہوگی۔

Marfat.com

اگر دیکھے کہ اس کے پاس باندی ہے تو اس کو بیچے گا اگر عورت ہے تو اس کو طلاق دے گا یا اس پر دوسری بیوی کرے گا، اور جو دیکھے کہ اس نے زمین کو فروخت کیا ہے اور خود اس زمین سے نکل کر کسی دوسری زمین کی طرف گیا ہے تو اگر وہ بیمار ہے تو فوت ہو جائے گا، اگر مالدار ہے تو فقیر ہو جائے گا، اور جو شخص دیکھے کہ وہ زمین پر پھسلا ہے یا اپنا ہاتھ مٹی سے جھاڑتا ہے تو وہ فقیر ہوگا، اگر بیمار ہے تو وفات پائے گا، اور مٹی کے حوالہ ہو جائے گا، اور جو دیکھے کہ وہ زمین میں غائب ہوتا ہے اور کوئی گڑھا وہاں نہیں دیکھتا تو یہ دنیا کے لئے سفر کی علامت ہے اور اسی سفر میں اس کو موت آئے گی، اور جو دیکھے کہ زمین اس کے لئے لپیٹ دی گئی ہے تو وہ بہت جلد مر جائے گا، اور جو شخص یہ دیکھے کہ وہ ایک زمین سے دوسری زمین کی طرف جاتا ہے اور آتا ہے تو وہ شخص اپنی زوجہ یا باندی کے پاس آئے گا، اور جو دیکھے کہ زمین اس کو نگل گئی ہے اور اس کو دھنسا دیا ہے تو اگر وہ شریر ہے تو یہ کوئی عذاب ہے جو اس پر نازل ہو رہا ہے، اور جو دیکھے کہ زمین نے اسکو نگلا ہے لیکن دھنسایا نہیں ہے، تو وہ دور دراز کا سفر کرے گا، اور جو شخص یہ دیکھے کہ زمین کو زلزلہ آیا ہے اور وہ دھنسی ہے تو یہ ایک مصیبت ہے جو اس زمین کے بادشاہ کی وجہ سے اس زمین پر نازل ہو رہی ہے، یا یہ سردی یا گرمی یا قحط یا شدید خوف کی علامت ہے، اور جو دیکھے کہ زمین پھٹی ہے اور اس سے کوئی جانور نکلا ہے لوگوں سے باتیں کرتا ہے تو وہ کوئی قابلِ تعجب چیز دیکھے گا، اور کبھی یہ خواب اس کی اجل (موت) کے قریب ہونے کی دلیل ہوتا ہے۔ اور بعض اوقات یہ خواب بہت بڑی نشانیِ قدرت کے ظہور پر دلالت کرتا ہے تاکہ لوگ عبرت حاصل کریں۔ اور زمین اپنی وسعت اور تنگی بڑائی اور چھٹائی کے مطابق دنیا پر دلالت کرتی ہے۔

اور معلوم زمین (جگہ) اس شہر پر دلیل ہے جس میں وہ شخص موجود ہے، اور جس میں دوسرے لوگ رہتے ہیں، اور اگر دیکھے کہ زمین پھٹی ہے اور اس سے نوجوان نکلا ہے تو اس کے گھر میں عداوت اور دشمنی پیدا ہوگی اور اگر کوئی بوڑھا شخص نکلے تو سب گھر والے سعادت مند ہوں گے اور خوشگوار زندگی پائیں گے، اور اگر زمین پھٹی ہو لیکن اس سے کچھ نہیں نکلا اور نہ اس میں کچھ داخل ہوا ہے تو زمین میں کوئی نیا شریر پیدا ہوگا، اگر زمین سے کوئی درندہ نکلا ہو تو یہ ظالم بادشاہ پر دلالت ہے، اگر زمین سے سانپ نکلا ہے تو یہ عذاب ہے جو اس جانب مسلسل رہے گا، اگر زمین سے نباتات پھوٹی ہیں تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ اس زمین کے رہنے والے خوشحال ہوں گے، اگر دیکھے کہ زمین کو کھودتا ہے اور اس سے کھاتا ہے تو وہ مکر و حیلہ سے مال حاصل کرے گا، اس لئے کہ کھودنا مکر و فریب ہے، اور جو شخص اپنے ہاتھ میں زمین کے لپیٹنے کا ذمہ دار ہوا تو اس کو بادشاہت ملے گی، اور بعض کا قول ہے کہ زمین کا لپیٹنا اس کے لئے ہے جس کو میراث ملے گی، اور زمین کی تنگی معاش کی تنگی ہے، اور خواب میں جس سے زمین کوئی خیر کی بات کرے تو اس کو دین و دنیا کی خیر و بھلائی حاصل ہوگی، اور جس سے زمین کوئی ایسی بات کرے جس میں تنبیہ اور ڈرانا دھمکانا وغیرہ ہو تو اس شخص کو خدا کا خوف کرنا چاہئے کیونکہ یہ مالِ حرام کی علامت ہے، اگر دیکھے کہ زمین لوگوں پر لپٹ گئی ہے تو یہ اموات کے واقع ہونے پر دلالت کرتا ہے، یا قتل و قتال پر دلالت کرتا ہے جس میں اتنے لوگ مریں گے جس قدر زمین لپٹی ہے یا ان کو تنگی یا قحط سالی یا کوئی مصیبت پہنچے گی۔

Marfat.com

## ۵۲۔ الاَرَضَۃ (دیمک)

خواب میں دیمک کا دیکھنا کسی علمی مسئلہ میں جھگڑنے اور لڑائی کی خواہش پر دلیل ہے، جو شخص اپنے تھیلے (بیگ وغیرہ) یا لاٹھی پر دیمک دیکھے تو یہ اس کی موت کی علامت ہے۔

## ۵۳۔ ارعاد (خوف دلانا)

خواب میں خوف دلانا کسی مرض، غم یا بڑھاپے سے ڈرانے پر دلیل ہے، اور کبھی خوف دلانا مریض کی شفایابی، اس کے مزاج کی تیزی اور قوت و توانائی کے ظہور پر علامت ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ ارعد فلان یہ اس وقت کہتے ہیں جب وہ شخص کسی کام کے لئے محنت و کوشش کرتا ہے۔

## ۵۴۔ الارق (بے خوابی): دیکھئے السھر (بے خوابی)

## ۵۵۔ ارمیا علیہ السلام

ارمیا علیہ السلام کی خواب میں زیارت اس ملک یا اس گھر میں یا اس ضلع میں آتشزدگی پر دلیل ہے۔

## ۵۶۔ الارنب (خرگوش)

خواب میں خرگوش کا دیکھنا عورت پر دلالت کرتا ہے، اور جو خواب میں خرگوش پکڑے وہ عورت سے شادی کرے گا، اگر خرگوش کو ذبح کیا ہے تو یہ بیوی ہے جو باقی نہیں رہے گی، اور بعض کہتے ہیں کہ خرگوش بزدل آدمی پر دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ خرگوش بری عورت ہے، اگر دیکھے کہ اس نے خرگوش پکڑا ہے تو وہ عورت کو پکڑے گا، اور جو دیکھے کہ اس نے خرگوش کا گوشت پایا ہے یا اس کی کھال تو اس کو کسی عورت کی طرف سے تھوڑی سی خیر ملے گی، اور جو دیکھے کہ اس نے خرگوش کے بچے پائے ہیں تو اس کو کوئی غم فکر اور مصیبت و مشقت پہنچے گی۔

## ۵۷۔ الازار (تہہ بند)

خواب میں تہہ بند آزاد عورت ہے، اگر عورت خواب میں دیکھے کہ اس کا سرخ چمکدار تہہ بند ہے تو اس پر تہمت تراشی جائے گی، اگر دیکھے کہ اپنے گھر سے تہہ بند اوڑھے ہوئے نکلی ہے تو اسکی تہمت پھیلے گی۔ اور اگر سرخ تہہ بند کے ساتھ ساتھ یہ بھی دیکھے کہ اسکے پاؤں میں موزہ ہے تو اس پر لگائی گئی تہمت باقی رہے گی، اور عورت کا تہہ بند اس کی شادی کی دلیل بھی ہے۔

## ۵۸۔ الازدرخت (ازدرخت)(۱)

ازدرخت کے پھول چونکہ خوبصورت ہوتے ہیں اس لئے ازدرخت کا خواب میں دیکھنا آدمی کی بہترین معاشرت

(۱) ازدرخت: درخت کی ایک قسم ہے، جس کے پھول چھوٹے نیلے سیاہ ہوتے ہیں اور اس کی لکڑی سخت ہوتی ہے۔

Marfat.com

اور بہترین توصیف وتعریف کی علامت ہے۔

## ۵۹۔ ازواجِ مطہّرات رضی اللہ عنھن

خواب میں ازواجِ مطہرات رضی اللہ عنھن کی زیارت والدہ پر دلیل ہے، جیسا کہ ازواجِ مطہرات رضی اللہ عنھن کی زیارت خیر و برکات اور اولاد پر دلیل ہے، اولاد میں زیادہ تر بیٹیوں کی دلیل ہے، اور کبھی ازواجِ مطہرات رضی اللہ عنھن کی زیارت کسی راز کو ظاہر کرنے یا چھپانے کی وجہ سے بدقسمتی یا خوش قسمتی کی دلیل ہوتی ہے، نیز تہمت کی بھی کبھی علامت ہوتی ہے، اور اگر کوئی عورت خواب میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی زیارت کرے تو وہ بلند مقام، نیک شہرت اور اپنے خاوند اور والد کے سامنے اچھا رتبہ پائے گی، اور اگر حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کو دیکھے تو یہ دھوکہ پر دلیل ہے اور اگر حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کو دیکھے تو یہ نیک اولاد اور سعادت مندی کی علامت ہے، اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا بنتِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت آباء و اجداد، والدہ اور خاوند کے فقدان (محرومی) پر دلیل ہے۔ اور حضراتِ حسن و حسین رضی اللہ عنہما کی خواب میں زیارت فتنہ اور شہادت کے حصول پر دلیل ہے، اور حضرات حسنین رضی اللہ عنہما کی زیارت بعض موقعوں پر اولاد، ازواج اور سفروں کی کثرت اور بے وطنی کی دلیل ہوتی ہے، اور اس بات کی علامت ہوتی ہے کہ خواب دیکھنے والا شہادت کی موت مرے گا، اور اگر کوئی مرد ازواجِ مطہرات رضی اللہ عنھن میں سے کسی کو خواب میں دیکھے تو اگر وہ کنوارا ہے تو کسی نیک عورت سے شادی کرے گا، اور اگر کوئی عورت ازواج مطہرات میں سے کسی کو دیکھے تو یہ نیک صالح خاوند پر دلیل ہے جو اس کی کفایت کرے گا۔

## ۶۰۔ الآس (درخت آس)(۱)

خواب میں درخت آس کا دیکھنا مریض کے اعتبار سے تندرستی، نظام کی اعتدالی اور جسم کا لباس سے مستور (چھپانے) ہونے پر دلیل ہے، اور کبھی درخت آس کا دیکھنا اس چیز کی ناامیدی کی دلیل ہوتا ہے جس کے حصول کا وہ امیدوار ہے اور بعض کہتے ہیں کہ درخت آس وعدوں کا پورا کرنے والا آدمی ہے، جو مرد یا عورت دیکھے کہ اس کے سر پر درخت آس کا تاج رکھا ہے تو اس مرد یا عورت کی زندگی باقی ہے، اور جو شخص درخت آس کو اپنے گھر میں دیکھے تو یہ باقی رہنے والی خیر و برکت ہے۔ اگر دیکھے کہ وہ درخت آس کو بوتا ہے اور لگاتا ہے تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ وہ اپنے معاملات کو تدبیر اور انتظام کے ساتھ چلائے گا۔ درخت آس باقی رہنے والی محبت، باقی رہنے والی عمارت اور باقی رہنے والی حکومت ہے، اور کبھی درخت آس کا دیکھنا مال و دولت کی دلیل بھی ہوتا ہے۔

## ۶۱۔ الأست (سرین): دیکھئے الدبر (پشت)

(۱) آس درخت ہے اس کے پتے ہمیشہ سرسبز رہتے ہیں اس کے پھول سفید اور پھل چھوٹا ہوتا ہے اور مزیدار ہوتا ہے۔

Marfat.com

**۶۲۔ الاستحاضہ (استحاضہ):** دیکھئے الحیض (حیض)

**۶۳۔ الاستحالة (بدلنا):** دیکھئے الحوالة (حوالہ)

**۶۴۔ الاستخبار (سوال کرنا):** دیکھئے السؤال (سوال کرنا)۔

## ۶۵۔ استراق السمع (چوری سے سننا)

خواب میں کوئی بات چوری سے سننا جھوٹ اور چغل خوری کی دلیل ہے، چوری سے سننے والا بادشاہ کے سامنے ناپسندیدہ ہو جائے گا، اور جو شخص خواب میں یہ دیکھے کہ وہ کسی کی بات کو کان لگا کر (یعنی چوری چوری) سن رہا ہے تو اگر وہ تاجر ہے تو بیع کے معاملہ کو فسخ کر دے گا، اور اگر حاکم ہے تو معزول ہو جائے گا، اور اگر دیکھے کہ وہ کسی آدمی کی بات چوری چوری سن رہا ہے تو یہ شخص اس کو رسوا کرنے اور اس کی آبروریزی کرنا چاہتا ہے۔ جو دیکھے کہ وہ بہت سی باتوں کو سنتا ہے اور سب سے اچھی بات کی پیروی کرتا ہے تو اس کو کوئی خوشخبری ملے گی، اور اگر دیکھے کہ وہ کسی کی بات سنتا ہے لیکن دوسرے پر یہ ظاہر کرتا ہے کہ گویا وہ نہیں سن رہا ہے، تو ایسا شخص جھوٹا ہے اسے جھوٹ سے بچنا چاہئے۔

**۶۶۔ الاسترجاع (انّا للّٰہ وانّا الیہ راجعون پڑھنا):** دیکھئے الحوقلة (لاحول ولاقوة الاّ باللّٰہ پڑھنا)۔

## ۶۷۔ الاستسقاء (۱) (استسقاء بیماری)

جب کوئی انسان خواب میں اس بیماری کو دیکھے تو یہ ذلت و رسوائی کی دلیل ہے۔

## ۶۸۔ الاستعاذة (پناہ مانگنا)

جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ شیطان سے اللہ تعالیٰ کی پناہ کثرت کے ساتھ مانگتا ہے تو اسے علم نافع، ہدایت، دشمن سے امن اور رزقِ حلال کی دولت عطا ہوگی، اور اگر وہ بیمار ہو تو بیماری سے شفا پائے گا۔ خاص طور سے جب کہ مرگی وغیرہ کا مرض ہو۔ اور بسا اوقات خواب میں پناہ مانگنا خیانت گر شریک سے حفاظت، نجاست سے طہارت اور کفر کے بعد اسلام کی دلیل ہے۔

**۶۹۔ الاستعارة (ادھار کوئی چیز مانگنا):** دیکھئے العاریة (ادھار کوئی چیز دینا)

**۷۰۔ الاستغابة (غیبت کرنا):** دیکھئے الغیبة (غیبت کرنا)۔

## ۷۱۔ الاستغفار (مغفرت مانگنا)

خواب میں استغفار کرنا رزق کی کشادگی پر دلیل ہے اور جو شخص غیر نماز میں استغفار کرے تو یہ عمر میں زیادتی کی

(۱) استسقاء:۔ اطباء کے نزدیک ایک بیماری کا نام ہے جس کو پانا روگ کہا جاتا ہے۔

Marfat.com

دلیل ہے، اور کبھی استغفار کرنا نصرت و مدد اور مصائب کی دوری پر دلیل ہوتا ہے، اور جو یہ دیکھے کہ وہ اللہ تعالیٰ سے مغفرت مانگ رہا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی مغفرت فرمائیں گے اور اس کو مال و اولاد، خادم اور جنتیں اور نہریں عطا فرمائیں گے، اگر دیکھے کہ وہ استغفار سے خاموش ہوا ہے تو وہ منافق ہے، اگر عورت خواب میں دیکھے کوئی اس کو کہہ رہا ہے کہ مغفرت مانگ تو وہ عورت زنا کرتی ہے، اور جو شخص دیکھے کہ وہ اللہ تعالیٰ سے مغفرت مانگتا ہے تو اسے حلال مال اور اولاد نصیب ہوگی، اور اگر دیکھے کہ گویا کہ نماز سے فارغ ہوا ہے اور پھر اللہ تعالیٰ سے مغفرت مانگ رہا ہے اور اس کا منہ قبلہ کی طرف ہے تو اس کی دُعا قبول ہوگی، اور اگر اس کا منہ قبلہ کی طرف نہیں ہے تو وہ کوئی گناہ کرے گا اور پھر اس سے توبہ کرے گا۔

## ۷۲۔ الاستفسار (سوال کرنا):

دیکھئے السؤال (سوال کرنا)

## ۷۳۔ الاستئجار (کرایہ پر لینا):

دیکھئے التاجیر (کرایہ پر دینا)

## ۷۴۔ استلقاء الانسان (چت لیٹنا)

جو خواب میں دیکھے کہ وہ گدی کے بل چت لیٹا ہوا ہے تو اس کا کام مضبوط ہوگا، دنیا اس کے ہاتھ کے نیچے آئے گی، اور جو دیکھے کہ وہ گدی کے بل چت لیٹا ہے اور اس کا منہ کھلا ہے اور اس سے روٹیاں نکلی ہیں، تو اس کی تدبیر ناقص ہوگی، اور حکومت زائل ہوگی، اور کوئی اور اس کے امر سے کامیابی حاصل کرے گا۔

## ۷۵۔ اسحاق علیہ السلام

حضرتِ اسحاق علیہ السلام کی خواب میں زیارت غم و فکر اور تکلیف کی دلیل ہے، البتہ اگر اس کا کوئی نافرمان لڑکا ہو تو وہ فرمانبردار ہوگا، اور کبھی ان کی زیارت خوشخبری اور خوف سے امن پانے پر دلیل ہوتی ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ جو شخص خواب میں حضرتِ اسحاق علیہ السلام کو دیکھے تو اسے اس کے کسی عزیز یا رشتہ دار کی طرف سے کوئی تکلیف اور سختی پہنچے گی لیکن پھر اللہ تعالیٰ اسکو دور فرما دیں گے، اور اسکو عزت اور مرتبہ عطا فرمائیں گے، اور اس کی نسل سے بہت زیادہ بادشاہ اور نیک امراء پیدا ہوں گے، یہ اس وقت ہے جب کہ وہ حضرتِ اسحاق علیہ السلام کو اچھی اور خوبصورت حالت میں دیکھے۔
اگر ان کو بدلی ہوئی حالت میں دیکھے تو اس کی بینائی ختم ہوگی، اور بعض اوقات حضرتِ اسحاق علیہ السلام کی زیارت تنگی سے کشادگی کی طرف، پریشانی سے خوشحالی کی طرف، معصیت (نافرمانی) سے اطاعت (فرمانبرداری) کی طرف نکلنے پر دلیل ہوتی ہے اور جو شخص یہ دیکھے اس کی صورت اسحاق علیہ السلام کی صورت کی طرح ہوگئی ہے اور اس نے ان کا لباس پہنا ہے تو وہ موت کے کنارہ پر پہنچے گا لیکن پھر نجات پائے گا۔

## ۷۶۔ السبع (درندہ)

خواب میں درندہ دیکھنا ظالم، غاصب اور مسلط بادشاہ کی دلیل ہے، اور کبھی درندہ کا دیکھنا موت پر دلیل ہوتا ہے،

Marfat.com

اس لئے کہ وہ ارواح کو شکار کرتی ہے، اور کبھی درندہ کا دیکھنا مریض کی عافیت پر دلیل ہوتا ہے۔ اور شیرنی شریر اور ظالم عورت ہے، اور نیز درندہ کا دیکھنا، جہالت، غرور و تکبر، مخالفت اور ضد وہٹ دھرمی کی دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ خواب میں شیر مسلّط دشمن ہے، اور جو شخص درندہ کو ایسی جگہ سے خواب میں دیکھے جہاں سے وہ نہ دیکھتا ہو تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ خواب دیکھنے والا جس چیز سے خوف رکھتا ہے اس سے نجات پائے گا، اور علم و حکمت حاصل کرے گا، اور جو درندہ کو دیکھے کہ وہ اس کے قریب ہوا ہے تو اسکو بادشاہ کی طرف سے کوئی پریشانی پہنچے گی پھر اس سے نجات پائے گا، اور جو شخص خواب میں درندہ کو دیکھے کہ اس نے اس کو پچھاڑا ہے لیکن قتل نہیں کیا ہے تو اس کو ہمیشہ بخار رہے گا، کیوں کہ درندہ کو ہمیشہ بخار رہا کرتا ہے، یا وہ شخص قید کیا جائے گا، اس لئے کہ بخار اللہ تعالیٰ کی جیل ہے، اور جو دیکھے کہ وہ درندہ کو پچھارتا ہے تو وہ بیمار ہوگا، اس لئے کہ مرض جسم کو ہلاک کر دیتا ہے، جو شخص درندہ کو پچھارے تو اس کا گوشت تلف ہوگا، اور جو دیکھے کہ اس نے درندہ کا گوشت یا اس کی ہڈی یا اس کا بال لیا ہے تو وہ بادشاہ سے مال حاصل کرے گا، یا وہ کوئی مسلّط دشمن ہے۔ اور جو دیکھے کہ درندہ پر سوار ہوا ہے اور وہ اس سے خوفزدہ ہے تو وہ کسی مصیبت سے دوچار ہوگا جس سے نکلنے کی وہ طاقت نہ رکھ سکے گا، اور اگر وہ اس سے خوفزدہ نہیں ہے تو وہ دشمن ہے جو اس پر غالب آئے گا، اور جو شخص دیکھے کہ وہ درندہ کے ساتھ لیٹا ہے اور اس سے خوفزدہ نہیں ہے تو وہ بیماری سے محفوظ ہوگا، اور جو دیکھے کہ درندہ گھر میں داخل ہوا ہے اور اس گھر میں کوئی مریض ہے تو وہ وفات پائے گا، اور اگر اس میں کوئی مریض نہیں ہے تو یہ بادشاہ کے خوف اور ڈر کی دلیل ہے۔ اور جو خواب میں دیکھے کہ وہ کسی درندہ سے ڈر رہا ہے لیکن اس کو نہیں دیکھتا تو وہ دشمن سے محفوظ ہوگا، اور جو دیکھے کہ اس نے درندہ کا مشاہدہ بھی کیا ہے اور وہ اس کے پاس ہے لیکن وہ اس سے ملتا نہیں ہے تو اسکو بادشاہ کی طرف سے کوئی پریشانی پہنچے گی، لیکن اسکو نقصان نہیں ہوگا، اور کبھی درندہ کا دیکھنا موت پر اور اجل (موت) کے قریب آجانے کی دلیل ہوتا ہے۔ اور جو شخص اپنے گھر میں درندہ دیکھے تو اس کو بادشاہت اور طویل حیات حاصل ہوگی، اور جو درندہ کو دیکھے کہ اس کو اس کی طرف سے کوئی چیز پیش آئی ہے تو اسے دشمن کی طرف سے اسی قدر تکلیف پہنچے گی، اور جو دیکھے کہ اس نے درندہ سے لڑائی کی ہے تو وہ مسلّط دشمن سے لڑائی کرے گا، جو دیکھے کہ وہ شیرنی سے شادی کرتا ہے تو وہ بہت سی مصیبتوں سے نجات پائے گا، اور اپنے دشمن پر غالب آئے گا، اور اس کے امور غالب رہیں گے، اور لوگوں میں شہرت پائے گا، اور جو دیکھے کہ وہ درندہ کا گوشت کھا رہا ہے تو اسے بادشاہ کی طرف سے مال و دولت حاصل ہوگا، یا وہ دشمن پر غالب آئے گا، اور جو یہ دیکھے کہ اس نے درندہ کا سر کھایا ہے تو اس کو عظیم سلطنت اور مال کثیر حاصل ہوگا، اور جو شخص دیکھے کہ وہ درندہ کا کوئی عضو کھا رہا ہے تو اسی عضو کے بقدر مسلّط دشمن کا مال حاصل کرے گا، اور جو دیکھے کہ اسے کسی درندہ کی کھال یا اس کے بال ملے ہیں تو وہ مسلّط دشمن کا مال حاصل کرے گا، یا وراثت کا مال حاصل کرے گا، اور درندہ خواب میں لڑائی کرنے والے، چور، ڈاکو، ظالم افسر اور پولیس کے افسر وغیرہ پر دلیل ہوتا ہے، اور درندہ کا کسی شہر میں داخل ہونا اس بات کی علامت ہے کہ اس شہر میں طاعون کا مرض یا کوئی مصیبت یا دشمن یا ظالم بادشاہ داخل ہوگا، لیکن مسجد میں اگر درندہ آتا ہے اور منبر پر بیٹھتا ہے تو یہ بادشاہ کی علامت ہے جو لوگوں پر ظلم کرتا ہے، اور اس بادشاہ سے لوگوں کو بلا و مصیبت پہنچے گی۔ اور درندہ کا بچہ دیکھنا اولاد ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ جو

Marfat.com

شخص خواب میں دیکھے کہ گویا اس نے کسی درندہ کو قتل کیا ہے تو وہ تمام غموں اور پریشانیوں سے نجات پائے گا، اور جو شخص کسی درندہ کی صورت بنا ہو تو وہ اس حالت کے بقدر ظالم ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ شیرنی بادشاہ کی بیٹی (شہزادی) ہے۔

## ۷۷۔ اسر الانسان (قید ہونا)

خواب میں انسان کا قید ہونا خیر و برکت اور رزق کی دلیل ہے، اور کبھی پیشاب کے رکنے یا اسرار کی اطلاع پانے پر دلیل ہوتا ہے، اگر اس نے کوئی چیز مفقود کی ہو تو اس سے خیر ملے گی، اور جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ قیدی ہے تو اس میں بہر حال خیر نہیں ہے، اس کو شدید غم اور فکر لاحق ہوگا۔ نیز دیکھئے الحبس (روکنا)، اور دیکھئے السبی (قید ہونا)۔

## ۷۸۔ اسراع الانسان (جلدی کرنا)

خواب میں کسی کام کے لئے جلدی کرنا حرکات میں تاخیر اور آہستگی پر دلیل ہے۔ مگر یہ کہ جلدی کرنے والا شخص مریض ہو، تو وہ اس کی وفات پر دلیل ہے اور بسا اوقات خواب میں جلدی کرنا نیک اعمال میں جلدی کرنے اور سبقت لے جانے پر بھی دلیل ہوتا ہے۔ یہ اس وقت جب کہ اس کی جلدی کی انتہاء کسی خیر پر ہوئی ہو، اور اگر اس کی جلدی کی انتہاء کسی شر پر ہوئی ہو تو یہ مرتد ہونے یا کسی ایسے عمل پر اقدام کی دلیل ہے جس سے اس کو شرمندگی اٹھانا پڑے گی۔

## ۷۹۔ اسرافیل علیہ السلام

جو شخص خواب میں حضرت اسرافیل علیہ السلام کو دیکھے کہ وہ صور پھونک رہے ہیں اور وہ شخص خیال کرے کہ صرف اس نے سنا ہے کسی اور نے اس کو نہیں سنا ہے تو وہ وفات پائے گا، اور اگر اس کا خیال یہ ہو کہ اس جگہ کے سب لوگوں نے سنا ہے تو اس جگہ بدترین موت کا ظہور ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ یہ خواب ظلم کے پھیلنے کے بعد عدل و انصاف کے پھیلنے کی دلیل ہے، اور حضرت اسرافیل علیہ السلام کی زیارت لشکر کے تیار کرنے، سفر، مشقت، خوف و گھبراہٹ، قرض کی ادائیگی اور اعمال کی جزا پر دلیل ہے، نیز اسرافیل علیہ السلام کی زیارت بربادی کی آبادی پر دلیل ہے، اور کہا گیا ہے کہ نفخہ اولیٰ (پہلی پھونک) وباء پر اور نفخہ ثانیہ (دوسری پھونک) حیات اور طاعون سے خلاصی پانے پر دلیل ہے۔

## ۸۰۔ الاسطرلاب (اسطرلاب): دیکھئے الاصطرلاب (اسطرلاب)

## ۸۱۔ الاسطوانۃ (ستون)

جب انسان اپنے خواب میں دیکھے کہ جیسے کوئی لکڑی یا مٹی یا چونے کا ستون ہے تو یہ گھر کے نگران یا گھر کے خادم پر دلیل ہے، یا لوگوں کے بوجھ اور مشقت کو اٹھانے والا ہے۔

## ۸۲۔ الاسقف (چھت): دیکھئے الراعی (چرواہا) اور دیکھئے الراھب (راہب)

Marfat.com

## ۸۳۔ الاسقنقور (ماھی ریگ): دیکھئے السقنقور (ماھی ریک)۔

## ۸۴۔ الاسکاف (موچی)

موچی کی چند قسمیں ہیں، ایک قسم ہے جو عورتوں کے جوتے بنانے والا ہے، خواب میں ایسے موچی کا دیکھنا عقدِ زوجیت کرنے پر دلیل ہے۔ اور دوسری قسم ہے مردوں کے جوتے بنانے والا وہ سفر اور خادموں پر دلیل ہے۔ اور اسی طرح موچی کی ایک تیسری قسم ہے جو بوٹ وغیرہ بنانے والا ہوتا ہے، خواب میں اس کو دیکھنا رزق، کسب و معاش کے لئے دوڑ دھوپ کرنے، نسل اولاد اور بیوی پر دلیل ہے۔ اگر خواب میں یہ کام کرے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ وہ اس چیز کو اس کی جگہ پر رکھے گا، اور کبھی ایسے موچی کا دیکھنا اس بات کی علامت ہوتا ہے کہ اس کے ہاتھ سے دین و دنیا کی خیر و بھلائی جاری ہوگی، اور نا معلوم موچی وراثت تقسیم کرنے والا منصف آدمی ہے، جوتے کی بھی یہی تعبیر ہے کیونکہ حیوان کے کھال میراث کی علامت ہے، اور جوتہ ساز لڑکیوں کا دلال ہے، جوتہ عورت کی علامت ہے۔

## ۸۵۔ أسکوفة الباب (دروازہ کی دہلیز): دیکھئے العتبة (چوکھٹ)۔

## ۸۶۔ الاسلام (مسلمان ہونا)

خواب میں انسان کا مسلمان ہونا دین میں استقامت کی دلیل ہے، اگر مشرک دیکھے کہ وہ مسلمان ہوا ہے، اور قبلہ کی جانب نماز پڑھتا ہے یا دیکھا کہ اس نے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو اسلام کی توفیق عطا فرمائیں گے، اور اگر وہ دارالشرک میں ہو اور خواب میں دیکھے کہ وہ دارالاسلام (مسلمانوں کے ملک) میں گیا ہے تو وہ بہت جلد مرے گا، اور اگر مسلمان دیکھے کہ وہ دوبارہ مسلمان ہوا ہے تو وہ تمام آفات سے محفوظ رہے گا، اور جو مشرک خود خواب میں دیکھے یا اس کو کوئی اور خواب میں دیکھے کہ گویا کہ وہ جنت میں ہے یا اسے چاندی کے کنگن پہنائے گئے ہیں تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ مسلمان ہو جائے گا۔ اور جو شخص کسی مشرک کو دیکھے کہ گویا کہ وہ مردہ ہے اور پھر زندہ ہو گیا ہے تو وہ مسلمان ہوگا۔ اسی طرح اگر اس مشرک کے سینہ کی کشادگی کو دیکھے یا وہ اپنے کو دیکھے کہ وہ دریا میں کسی کشتی کے اندر ہے تو وہ مسلمان ہوگا، اور ذمیوں میں سے کوئی شخص خواب میں شہادتین (شہادت توحید و رسالت) کا تلفظ کرے تو وہ سختی سے خلاصی پائے گا، یا وہ گمراہی کے بعد ہدایت پائے گا جبکہ وہ صاحب اختیار ہو لیکن اگر وہ صاحب اختیار نہ ہو یعنی مجبور ہو تو کسی خوف و خطرہ میں پڑے گا، اور اگر کوئی مرتد خواب میں دیکھے کہ اس نے شہادتین کا تلفظ کیا ہے (یعنی زبان سے کلمہ پڑھا ہے) تو وہ والدین کی طرف ترک تعلق کے بعد رجوع کرے گا، یا اسی جگہ واپس لوٹے گا جہاں سے نکلا تھا یا وہ اسی سبب کی طرف لوٹے گا جو وہ کیا کرتا تھا، اور اگر وہ مسلمان ہو تو حق بات کی گواہی دے گا یا سچائی میں مشہور ہوگا۔

## ۸۷۔ الاسم (نام)

اگر خواب میں انسان کا نام کسی اور نام میں بدل گیا ہو تو اس کی تعبیر فال سے ہوگی، چنانچہ وہ نام سعادت والا ہو تو

Marfat.com

سعادتمند ہوگا، سلامتی والا ہو تو سالم اور محفوظ ہوگا، اور اگر وہ نام آفت والا ہو مثلاً اندھا، لنگڑا تو وہ اسی میں مبتلا ہوگا، اور جو دیکھے کہ اس کو کسی اور نام سے پکارا جارہا ہے تو اگر برے نام سے پکارا گیا ہے تو اس میں کوئی کھلا عیب ظاہر ہوگا، یا زبردست قسم کی کوئی بیماری آئے گی، اور اگر اسے اچھے نام سے پکارا گیا ہے تو اس نام کے معنی کے مطابق عزت و مقام اور مرتبہ حاصل ہوگا۔

## ۸۸۔ اسماعیل علیہ السلام

جو شخص حضرتِ اسماعیل علیہ السلام کو خواب میں دیکھے تو اس کو کلام میں فصاحت اور سرداری حاصل ہوگی، اور وہ اللہ کی رضا کے لئے مسجد تعمیر کرے گا، اور کبھی حضرتِ اسماعیل علیہ السلام کی زیارت اس بات کی دلیل ہوتی ہے کہ کوئی انسان اس سے کوئی وعدہ کریگا اور وہ اپنے قول میں سچا ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ جو خواب میں حضرتِ اسماعیل علیہ السلام کو دیکھے تو وہ سیاست (تدبیر) سے نوازا جائے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ جو حضرتِ اسماعیل علیہ السلام کو دیکھے تو اس کو اس کے باپ کی جانب سے کوئی غم اور پریشانی پہنچے گی، لیکن پھر اللہ تعالیٰ اس پر آسانی فرمائیں گے۔

## ۸۹۔ الاسھال (دست آنا)

خواب میں دست آنا مال میں فضول خرچی اور تفریط (حد سے زیادہ کمی کرنا) پر دلیل ہے، اور قبض ہونا بخل اور کنجوسی کی علامت ہے۔

## ۹۰۔ الاشراق (روشن کرنا): دیکھئے النور (روشنی)

## ۹۱۔ الاشفاق (شفقت کرنا): دیکھئے الرحمۃ (رحم کرنا)

## ۹۲۔ الاشنان (اشنان بوٹی)(۱)

جو شخص خواب میں دیکھے کہ اس نے اپنے ہاتھ اشنان سے دھوئے ہیں، تو وہ اپنی مطلوبہ چیز سے مایوس ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ اگر میل اور بدبو کو دھویا ہو تو یہ غم اور تکلیف کے دور ہونے اور حاجت کے پورا ہونے کی دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ ہاتھوں کا اشنان سے دھونا باہمی دوستی کے ختم ہونے پر دلیل ہے، اور جھگڑے کے ختم ہونے کی بھی دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ اشنان بوٹی کا دیکھنا خوف ہے اور بعض کے قول کے مطابق گناہوں سے توبہ کی علامت ہے۔

## ۹۳۔ الاشھب (سیاہی مائل سفید گھوڑا): دیکھئے الخیل (گھوڑا)

## ۹۴۔ الاصبع (انگلی)

انگلی انسان کے دنیوی کاموں میں معین و مددگار ہے، اور انگلی کی تعبیر مال و اولاد، ازواج، ماں باپ اور بادشاہت

(۱) ایک بوٹی ہے جس سے ہاتھ اور کپڑے وغیرہ دھوئے جاتے ہیں۔

Marfat.com

ہے، اور جو شخص دیکھے کہ اس کی انگلیاں خوبصورتی کے ساتھ زیادہ ہوئی ہیں تو یہ مذکورہ چیزوں میں زیادتی کی دلیل ہے، اور خواب میں انگلیوں کا کم ہونا مذکورہ چیزوں میں کمی پر دلیل ہے، اور انگلیوں کا کٹنا یا شل ہونا اس بات کی دلیل ہے کہ اسے ماں باپ اور اولاد سے نفع حاصل نہیں ہوگا۔ یا اس کا مال ختم ہو جائے گا، یا اس کے جانور مر جائیں گے، یا اس کی بادشاہت معطل ہوگی، یا اس کا کاروبار ٹھپ ہو جائے گا، اور کبھی انگلیوں کا دیکھنا ملک کے نائبین پر دلیل ہوتا ہے جو اپنے مرتبہ اور نفع میں مختلف ہوں، اور جو دیکھے کہ وہ خواب میں اپنی انگلیاں کاٹ رہا ہے تو اگر وہ مریض ہے تو وفات پائے گا، اور جو دیکھے کہ اس کی انگلیاں کٹ گئی ہیں یا ان پر کوئی آفت اتری ہے تو وہ اپنی اولاد، لشکر اور عزیز و اقارب اور دوستوں میں کمزور ہوگا، اور بسا اوقات انگلیوں کا دیکھنا پانچوں نمازوں پر دلیل ہوتا ہے، انگوٹھا صبح کی نماز، شہادت کی انگلی ظہر کی نماز، درمیانی انگلی عصر کی نماز، اسکے ساتھ والی انگلی مغرب کی نماز اور چھنگلی عشاء کی نماز پر دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ درمیانی انگلی صبح کی نماز پر دلیل ہے کیوں کہ اس میں طوالت (لمبا پڑھنا) مستحب ہے، اور اس کے ساتھ والی انگلی ظہر کی نماز، اور چھنگلی عصر کی نماز کی علامت ہے، اس لئے کہ عصر کی نماز دن کی آخری نماز ہے (جیسے انگلیوں میں چھنگلی آخری ہے)۔ لہٰذا اگر انگلیوں سے نماز کو تعبیر کیا جائے تو ناخن اس نماز کی سنتیں یا نوافل ہوں گے، اور اگر انگلیوں سے مراد مال لیا جائے تو ناخن اس کی زکوٰۃ ہوگی، اور اگر انگلیوں سے مراد لشکر ہو تو پھر ناخن اسلحہ اور تعدادِ لشکر کی علامت ہے، اور انگلیوں کی گرہیں مال کو شمار کرنا ہے، اور انگلیاں دن، مہینہ اور سال کی بھی علامت ہے، اور کسی وقت یہ انگلیاں بھائی کی اولاد پر بھی دلیل ہوتی ہے، اس لئے کہ کندھا بھائی کی دلیل ہے تو انگلیاں اولاد کی طرح ہیں، اور جو شخص دیکھے کہ اس نے کسی کی انگلی کاٹی ہے تو وہ اس کو مالی نقصان پہنچائے گا، اور انگلیوں میں درستگی یا خرابی فرض نماز یا بھائی کی علامت ہے، اور انگلیوں کا طویل ہونا حرص و طمع کے زیادہ ہونے کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ اس کی انگلیوں کے ساتھ ایک انگلی زیادہ ہوئی ہے تو یہ اس کی قرابت یا اس کی نماز یا اس کے علم میں اضافہ کی علامت ہے۔ اگر دیکھے کہ اسکی کوئی انگلی کسی دوسری جگہ پر منتقل ہوئی ہے تو وہ نماز کو دوسرے وقت تک مؤخر کرے گا۔ اور جو خواب میں دیکھے کہ اس نے انگلیاں ایک دوسرے میں ڈالی ہیں تو وہ اپنی نمازوں کو ایک وقت میں جمع کرے گا، یا پھر اسکے رشتہ دار کسی کام میں اس سے مشورہ اور تعاون حاصل کرنے کے لئے جمع ہوں گے، اور بعض کہتے ہیں کہ انگلیاں ایک دوسرے میں کسی عمل کے بغیر ڈالی ہیں تو یہ تنگدستی کی علامت ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ باہم انگلیاں ڈالنا شرکت (حصہ داری)، رشتہ داری قائم ہونے اور کسی معاملہ کے ہونے پر دلیل ہے۔ اور کبھی یہ خواب (انگلیاں ایک دوسرے میں ڈالنا) نماز سے غفلت اور حرکتوں کے باطل کرنے پر دلیل ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ دائیں ہاتھ کی انگلیاں پانچوں نمازیں ہیں، اور ان نمازوں میں اختصار کرنا نماز میں سستی اور کمی کی علامت ہے، اور ان میں طوالت نمازوں کی پابندی پر دلیل ہے، اور کسی ایک نماز کا ساقط ہونا ترکِ صلوٰۃ کی نشانی ہے، اور جو شخص دیکھے کہ اس نے کسی انسان کی انگلیوں کے پورے کاٹے ہیں تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ وہ اس کاٹے ہوئے شخص کی بے ادبی کرے گا، اور جو دیکھے کہ گویا کہ اسکے انگوٹھے سے دودھ نکل رہا ہے اور شہادت کی انگلی سے خون نکل رہا ہے اور وہ دونوں کو پی رہا ہے تو وہ اپنی بیوی سے یا بہن سے مباشرت (ازدواجی تعلق) کرے گا، اور خواب میں انگلیاں چٹخانا رشتہ داروں کی طرف سے کوئی بری بات پیش آنے کی دلیل ہے، اگر حاکم دیکھے کہ اس کی انگلیوں

Marfat.com

میں اضافہ ہوا ہے تو یہ اس کی طمع وحرص اور ظلم کی زیادتی اور انصاف کی کمی پر دلیل ہے، اور بائیں ہاتھ کی انگلیاں بھائی اور بہن کی اولاد ہے، مردوں کی انگلیوں کا مہندی سے رنگا ہونا کثرتِ تسبیح پر دلیل ہے، اور عورت کی انگلیوں کا مہندی سے رنگا ہوتا اس کے خاوند کے اس کے ساتھ حسنِ سلوک پر دلیل ہے، اگر عورت دیکھے کہ جیسے وہ انگلیوں کو رنگتی ہے لیکن وہ رنگ ان انگلیوں پر جمتا نہیں ہے تو یہ اس بات کی نشانی ہے کہ اس کا شوہر اس کی محبت کا اظہار نہیں کرتا ہے۔

## ۹۵۔ اصحاب النبیّ صلی اللہ علیہ وسلم (صحابہ کرام رضی اللہ عنہم)

جو شخص خواب میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو اچھی صفات میں دیکھے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ وہ ان کے متعلق حسنِ اعتقاد رکھتا ہے اور ان کی سنتوں کی اتباع کرتا ہے، اور بسا اوقات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی زیارت لشکروں کی حرکات اور روانگی کی دلیل ہوتی ہے، اور کبھی ان کی زیارت علم کے پھیلنے اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر پر دلیل ہوتی ہے، اور کبھی ان کی خواب میں زیارت الفت ومحبت اور اخوت ومساعدت (مدد کرنا) اور عداوت وحسد سے سلامتی اور دلوں سے کینہ وغیرہ کے زوال پر دلیل ہوتی ہے، اس لئے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ان صفات کے حامل تھے۔ اگر خواب دیکھنے والا فقیر ہے تو غنی ہوگا، اس لئے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے کئی ملک فتح کیے تھے، اور اگر خواب دیکھنے والا مالدار ہے تو وہ آخرت کو دنیا پر ترجیح دے گا، اور اپنی جان اور اپنے مال کو اللہ تعالیٰ کی مرضیات میں خرچ کرے گا، اور کبھی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی خواب میں زیارت مقدس عمارتوں مثلاً مساجد، نسب قبیلہ اور خاندان کی پاکیزگی کی دلیل ہوتی ہے، اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا خواب میں خواب دیکھنے والے شخص سے منہ پھیرنا یا برا بھلا کہنا آپس کی لڑائی، اور ایک دوسرے سے بغض و عداوت اور ایک کو دوسرے پر فوقیت دینے کی علامت ہے، اور اسی طرح صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی زیارت توبہ کرنے اور غیر اللہ سے بے تعلق رہنے پر دلیل ہے، اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی زیارت ان کے مراتب و درجات کے مطابق خیر و برکات کی دلیل ہے، اور بعض اوقات کسی صحابی رضی اللہ عنہ کی زیارت ان پر نازل شدہ مصیبت یا ان کے دور میں کسی فتنہ یا عدل وانصاف وغیرہ کی علامت ہوتی ہے، اگر دیکھے کہ اس کا حشر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ساتھ ہوا ہے تو ایسا شخص دین میں استقامت کا طالب ہے، جو شخص صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے کسی کو خواب میں دیکھے تو اشتقاقی معنی کے ذریعہ اس خواب کی تعبیر کرلے مثلاً حضرتِ سعد رضی اللہ عنہ کو یا حضرتِ سعید رضی اللہ عنہ کو دیکھے تو اس کی تعبیر یہ ہوگی کہ وہ سعادت مند ہوگا، اور ان صحابی رضی اللہ عنہ کی سیرت اور افعال میں سے حصہ پائے گا۔ اور جو شخص ان میں سے کسی کو خواب میں زندہ دیکھے یا ان سب کو زندہ دیکھے تو ان کی زیارت دینی قوت اور عزت ومقام اور بلند مرتبت پر دلیل ہے۔ اور جو دیکھے کہ وہ خود ان میں سے کوئی بنا ہے تو اس کو مصائب وتکالیف لاحق ہوں گی، پھر کامیابی ہوگی، اور اگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو کئی بار دیکھے تو اس کی معیشت تنگ ہوگی، اور انصارِ صحابہ رضی اللہ عنہ اور ان کے بیٹے اور پوتے خواب میں دیکھنا توبہ اور مغفرت کی دلیل ہے اور مہاجرین صحابہ رضی اللہ عنہم کی زیارت حسنِ یقین اور توکل علی اللہ پر دلیل ہے، اور دنیا سے بے رغبتی اور قول وعمل میں سچائی پر دلیل ہے۔

Marfat.com

## ۹۶۔ الاصطرلاب (اسطرلاب)(۱)

خواب میں اسطرلاب کا دیکھنا امراء اور حکمرانوں کے خادم کی دلیل ہے۔ اور ان حکمرانوں کے ساتھ وابستہ رہنے والے انسان کی علامت ہے، اگر دیکھے کہ اس نے خواب میں اسطرلاب پایا ہے تو وہ اسی طرح کے انسان کی صحبت اٹھائے گا، اور اس سے دیکھنے کے بقدر نفع اٹھائے گا، اور کبھی اسطرلاب کا دیکھنا کسی ایسے کام کے لئے متغیر الحال ہونے کی دلیل بھی ہوتا ہے جس کام کے لئے اس کا ارادہ درست نہیں ہے یا جس کو پورا کرنے کا عزم نہیں ہے یا مروّت نہیں ہے۔

## ۹۷۔ الاصغاء (کان لگانا): دیکھئے السماع (سننا)

## ۹۸۔ الاضحیة (قربانی کرنا)

خواب میں قربانی کرنا، نذر (منّت) کے پورا کرنے، مصائب سے خلاصی پانے اور مرض سے سلامتی حاصل ہونے پر دلیل ہے، اور قربانی کرنا بعض اوقات مویشیوں کی طرف سے فائدوں اور رزق کے حصول کی دلیل ہوتی ہے، اگر خواب میں اونٹ کی قربانی کی ہے تو وہ جمعہ کی نماز میں اوّل وقت پہنچے گا، اور اگر گائے کی قربانی کی ہے تو نماز جمعہ میں دوسرے وقت پہنچے گا، اور اگر دنبہ وغیرہ کی قربانی کی ہے تو نمازِ جمعہ میں تیسرے وقت پہنچے گا، اور اگر خواب میں مرغی ذبح کی ہے تو جمعہ کی نماز میں چوتھے وقت پہنچے گا، اور اگر خواب میں انڈا راہِ خداوندی میں صدقہ کیا ہے تو جمعہ کی نماز میں پانچویں وقت پہنچے گا، اور کبھی قربانی کرنا مال کی تقسیم کا فیصلہ کرنے کی دلیل ہے۔ اور قربانی کرنا تمام پریشانیوں اور فکروں سے خلاصی پانے کی خوشخبری ہے۔ اور خیر و برکات کے ظہور کی علامت ہے، اگر خواب دیکھنے والی حاملہ عورت ہے تو اس کے ہاں نیک صالح اولاد پیدا ہوگی، جو شخص دیکھے کہ اس نے اونٹ، گائے یا دنبہ قربان کیا ہے تو وہ غلام آزاد کرے گا، اور جو شخص دیکھے کہ اس نے قربانی کی ہے اور وہ غلام ہے تو وہ آزاد ہوگا، اگر خواب دیکھنے والا قیدی ہو تو قید سے خلاصی پائے گا، اور اگر یہ خواب مقروض دیکھے تو اس کا قرض ادا ہوگا، اگر فقیر ہو تو غنی ہوگا، اگر خوفزدہ ہو تو امن پائے گا، اگر اس نے حج نہیں کیا ہے تو حج کرے گا۔ اگر لڑنے والا ہو تو غالب ہوگا، اگر پریشان ہو تو اللہ تعالیٰ اس کی پریشانی دور فرمائیں گے۔ اگر وہ خواب میں دیکھے کہ جیسے وہ اپنی قربانی کا گوشت لوگوں میں تقسیم کر رہا ہے تو وہ اپنے غموں سے نکلے گا، اور عزت و مرتبہ پائے گا، اور جو دیکھے کہ گویا اس نے قربانی میں سے کچھ چرایا ہے تو وہ اللہ تعالیٰ پر جھوٹ باندھے گا، اور بعض معبّرین فرماتے ہیں کہ مریض جب دیکھے کہ وہ قربانی کر رہا ہے تو یہ اس کی موت پر دلیل ہے، اور بعض کا کہنا ہے کہ وہ مرض سے شفا پائے گا۔

## ۹۹۔ الاطّلاع (اطلاع پانا)

خواب میں انسان کا کسی پوشیدہ چیز کی اطلاع پانا (واقف ہونا) بعض اوقات پوشیدہ علم پر دلیل ہوتا ہے اور بعض

(۱) اسطرلاب: یہ ایک یونانی لفظ ہے اس سے مراد وہ آلہ ہے جس کے ذریعہ ستاروں کی بلندی اور مواقع کا اندازہ لگایا جاتا ہے۔

Marfat.com

اوقات کسی عظیم صنعت (پیشہ) پر دلیل ہوتا ہے۔ جبکہ وہ اہل علم وغیرہ میں سے ہو، اور کبھی کسی چیز کی اطلاع پانا اللہ تعالیٰ کے مخفی خزانہ یا کان پر دلیل ہوتا ہے۔

## ۱۰۰۔ الاعارۃ (ادھار چیز دینا)

جو شخص خواب میں دیکھے کہ اس نے کوئی چیز ادھار لی ہے یا دی ہے، اگر وہ چیز اچھی ہو تو اسے خیر حاصل ہوگی لیکن ہمیشہ نہ رہے گی، اور اگر وہ چیز بری ہے تو کوئی ناگواری پائے گا مگر وہ دائمی نہیں ہوگی، اس لئے کہ عاریت (ادھار مانگی ہوئی چیز) ہمیشہ کے لئے نہیں ہوتی، اور بعض کہتے ہیں کہ جو شخص کسی مرد سے کوئی جانور خواب میں ادھار لے تو ادھار دینے والا ادھار لینے والے کی کفالت کرے گا۔

## ۱۰۱۔ الاعتداد بالنفس (اپنے کو اہمیت دینا): دیکھئے الفخر (فخر کرنا)۔

## ۱۰۲۔ الاعتدال (میانہ روی اختیار کرنا): دیکھئے القصد (میانہ روی اختیار کرنا)

## ۱۰۳۔ الاعتراف (اعتراف کرنا): دیکھئے الاقرار (اقرار کرنا)

## ۱۰۴۔ الاعتکاف (اعتکاف کرنا)

اگر خواب میں کوئی انسان گرجا گھر (عیسائیوں کے عبادت خانہ) میں اعتکاف کرے تو وہ کسی بدکار عورت کی طرف متوجہ ہوگا، اور اگر مسجد میں اعتکاف کیا ہے تو نیک صالح عورت یا خیر کے کاموں کی طرف توجہ کرے گا، اور اگر دکان میں اعتکاف کیا ہے تو اپنی معیشت کی طرف توجہ دے گا۔

## ۱۰۵۔ الاعدام (قتل ہونا)

خواب میں غلام کے لئے قتل ہونا آزادی ہے، اور کبھی قتل ہونا ترکِ صلوٰۃ (نماز چھوڑنے) یا دین سے پھر جانے پر دلیل ہوتا ہے، اور جو دیکھے اس کی گردن اڑا دی گئی ہے اگر وہ غلام ہے تو آزادی پائے گا، اور اگر وہ غمزدہ ہو تو اسکا غم دور ہوگا، اور اگر وہ مقروض ہے تو اسکا قرض ادا ہوگا، اور کبھی اس کی تعبیر عظیم مال ہوتی ہے، اگر مارنے والے کو پہچانا ہے تو خیر پائے گا، اگر مریض ہو تو شفایاب ہوگا، اگر دیکھے کہ بادشاہ نے اپنی رعایا (قوم) کی گردنیں اڑائی ہیں تو وہ گناہگاروں کو معاف کرے گا، اور جو شخص دیکھے کہ اس کی گردن اڑائی جا رہی ہے تو اس کے والدین وفات پائیں گے۔

## ۱۰۶۔ اعوان الحاکم (حاکم کے خدام)

خواب میں وہ ایک ایسا آدمی ہے جو باطل امور میں لوگوں کی مدد کرتا ہے۔ جو شخص اپنے گھر میں حاکم کے خادموں کو دیکھے تو یہ اسکے لئے فکر وغم، ہولناکی اور مرض وشدت سے نجات کی خوشخبری ہے، بشرطیکہ ان خادموں کا لباس سفید ہو، اگر ان کا لباس سیاہ ہے تو یہ مرض ہے یا فکر وغم کی علامت ہے۔

Marfat.com

## ۱۰۷۔ الاعیاء (تھکنا): دیکھئے الکل (تھکنا)۔

## ۱۰۸۔ الاغتصاب (لوٹنا)

خواب میں لوٹنا اس شخص کے عقدِ فاسد (غلط معاملہ) پر دلیل ہے جو شادی کا یا مالِ حرام کا یا ایسے معاملہ کا ارادہ رکھتا ہو جس کی اصل اور بنیاد سود پر ہو، اور سود باطل چیز ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: "ولا تأکلوا أموالکم بینکم بالباطل" (۱) یعنی آپس میں ایک دوسرے کے مال باطل طریقہ سے نہ کھاؤ۔ اور ظاہر ہے لوٹ مار باطل میں شامل ہے۔

## ۱۰۹۔ الاغلاق (بند کرنا): دیکھئے القلق (پریشانی)

## ۱۱۰۔ الاغماء (بے ہوشی): دیکھئے الغشیان (بے ہوشی)

## ۱۱۱۔ الأغنیة (گانا): دیکھئے الغناء (گانا)

## ۱۱۲۔ أف (اُف کہنا)

کلمہء اُف پریشانی کا کلمہ ہے، جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ اُف کا کلمہ کہہ رہا ہے تو وہ اپنے والدین کا نافرمان ہے، اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: "ولا تقل لهما أفٍ ولا تنهر هما" (۲) یعنی والدین کو اف تک نہ کہو اور ان کو نہ جھڑکو۔

## ۱۱۳۔ الافتراش (بچھانا): دیکھئے المجامعة (جماع کرنا)۔ نیز دیکھئے المؤاکلة (کھانا)۔

## ۱۱۴۔ الافتراع (کنواری لڑکی کی بکارت زائل کرنا)

دیکھئے المجامعة (جماع کرنا) نیز دیکھئے المؤاکلة (کھانا)۔

## ۱۱۵۔ الافعی (سانپ): دیکھئے الحیّة (سانپ)۔

## ۱۱۶۔ الافعوان (نرسانپ): دیکھئے الحیّة (سانپ)

## ۱۱۷۔ الافلاس (مفلس ہونا)

خواب میں مفلس ہونا دین یا دنیا میں خرابی حال کی دلیل ہے، اس لئے کہ افلاس فلوس سے ماخوذ ہے جو خسیس (گھٹیا) مال ہے، اگر وہ مفلس مریض ہے تو یہ اس کے رزق کے ختم ہونے اور موت کی دلیل ہے۔ یا وہ کسی اور صنعت (پیشہ) کی طرف منتقل ہوگا۔

## ۱۱۸۔ الاقاح (گلِ بابونہ)

خواب میں گلِ بابونہ حسن و جمال کی دلیل ہے۔

(۱) سورۃ البقرۃ: ۱۸۸ (۲) سورۃ الاسراء (بنی اسرائیل): ۲۳

Marfat.com

## ۱۱۹۔ اقامة الصلوٰة (نماز قائم کرنا)

خواب میں نماز قائم کرنا وعدہ کے پورا ہونے اور مراد پانے پر دلیل ہے، اور حالت کی کشادگی کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ وہ گویا دروازہ پر یا تخت پر نماز قائم کرتا ہے تو وہ وفات پائے گا۔ اور جو شخص قیدی کو دیکھے کہ وہ گویا نماز قائم کرتا ہے یا کھڑے ہو کر اس نے نماز پڑھی ہے تو وہ قید سے رہا ہوگا، اور اگر قیدی کے علاوہ کسی شخص کو نماز قائم کرتے ہوئے دیکھا تو عنقریب اسکو تجارتی امور میں نفع ہوگا، اور جو شخص دیکھے کہ اس نے اذان دی ہے اور نماز قائم کی ہے تو وہ شخص سنت نبویؐ کو قائم کرے گا اور بدعت کو مٹائے گا۔

## ۱۲۰۔ الاقتصاد (میانہ روی اختیار کرنا): دیکھئے القصد (میانہ روی اختیار کرنا)۔

## ۱۲۱۔ الاقحوان (گلِ بابونہ)(۱)

خواب میں گل بابونہ دیکھنا دوست یا خوبصورت عورت پر دلیل ہے، جو شخص خواب میں دیکھے کہ اس نے کسی پہاڑ کے دامن سے چند گل بابونہ اٹھائے ہیں تو بادشاہ اس کو کوئی باندی دے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ گل بابونہ خواب دیکھنے والی کی بیوی کی قرابت (رشتہ داری) پر دلیل ہے۔

## ۱۲۲۔ الاقرار (اقرار کرنا)

خواب میں کسی کا کسی آدمی کی غلامی کا اقرار کرنا اس سے عداوت کا اقرار ہے۔ اور کسی گناہ کا یا معصیت کا اقرار کرنا عزت و مقام اور توبہ کی دلیل ہے۔ اور خواب میں کسی کے قتل کا اقرار کرنا سرداری اور حکومت کے حاصل ہونے کی علامت ہے۔

## ۱۲۳۔ الاقط (پنیر)

خواب میں پنیر کا دیکھنا عمدہ لذیذ مال اور مختلف خواہشات کی دلیل ہے۔

## ۱۲۴۔ الاکارع (پائے)

جو شخص دیکھے کہ وہ پائے کھا رہا ہے اور اس کی ہڈی چوس رہا ہے تو وہ کسی یتیم کا مال کھائے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ جو شخص پائے کھائے تو وہ معزز لوگوں کا مال کھائے گا۔

## ۱۲۵۔ الاکاف (پالان)

خواب میں پالان کا دیکھنا ایک عجمی عورت کی دلیل ہے جو نہ شریف ہو اور نہ ہی خاندانی۔ اپنے خاوند کے لئے خادمہ کی طرح ہوگی، اور مرد کا پالان پر سوار ہونا ظلم سے توبہ کرنے کی دلیل ہے اس ظلم میں مبتلا ہونے کے بعد۔

(۱) اقحوان: ایک خوشبودار بوٹی ہے جس کے پتے سفید ہوتے ہیں درمیانی حصہ زرد ہوتا ہے۔

Marfat.com

## ۱۲۶۔ الاکل (کھانا)

جب کوئی انسان خواب میں ناپسندیدہ برتن مثلاً سونے یا چاندی کے برتن میں کھائے تو یہ قرضوں میں حد سے زیادہ زیادتی پر دلیل ہے، اور لوگوں کے درمیان کھانا خواہش کی علامت ہے، اور نگلنے والی چیز کو چبانا کام میں لاپرواہی برتنے کی دلیل ہے۔ اور چبانے والی چیز کو نگلنا دین اور اجل (موت) کے قریب ہونے پر دلیل ہے۔ اگر کھانے کا ذائقہ بہتر ہوا ہے تو یہ باطن کی درستگی پر دلیل ہے اور اگر ترش اور کڑوا ہوا ہے تو یہ اعمال اور ازواج کی تبدیلی پر دلیل ہے۔ اگر خواب میں دائیں ہاتھ سے کھانا کھایا ہے تو سنت کی پیروی کرے گا، اور اگر بائیں ہاتھ سے کھایا ہے تو دشمن کی فرمانبرداری کرے گا اور دوست پر ظلم کرے گا، اور اگر کھانے کا لقمہ کسی دوسرے کے ہاتھ سے لیا ہے تو عفت و پاکدامنی اور توکل کا مقام نصیب ہوگا، یا پھر بیمار ہوگا اور عاجز ہوگا، اور اگر معمولی قسم کا کھانا کھایا ہے تو اس کا مرتبہ کم ہوگا، اور کدو کا کھانا ہدایت، اتباعِ سنت اور ذہانت کی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ اس کو کسی نے صبح کے کھانے کی دعوت دی ہے تو یہ سفرِ بعید پر دلیل ہے، اگر اس کو مطلق کھانے کی دعوت دی ہے تو وہ مشقت سے راحت پائے گا۔ اگر اس کو کسی نے رات کے کھانے کی دعوت دی ہے تو وہ کسی آدمی کو دھوکہ فریب دے گا، اس سے پہلے کہ وہ اس کو دھوکہ دے اور جو شخص خواب میں دیکھے کہ اس نے کھانا کھایا ہے اور وہ ہضم بھی ہوا ہے تو وہ اپنے پیشہ اور کاروبار میں دوڑ دھوپ کرنے پر حرص کرے گا۔ اور جو شخص دیکھے اس نے اپنا گوشت کھایا ہے تو وہ اپنے جمع شدہ مال میں سے کھائے گا، اگر دیکھے کہ کسی دوسرے کا گوشت کھایا ہے تو اگر وہ گوشت کچا تھا تو وہ اس کی یا کسی اور شخص کی غیبت کرے گا، اور اگر گوشت پکا ہوا یا بھنا ہوا تھا تو وہ غیر کا مال کھائے گا۔

## ۱۲۷۔ اکلیل الملک (بادشاہ کا تاج)

خواب میں بادشاہ کا تاج مالِ زائد، علم اور اولاد ہے اور عورت کے اعتبار سے تاج عجمی مرد ہے، اگر تاجر دیکھے کہ اس نے اپنے سر پر تاج رکھا ہے تو اس کا مال جاتا رہے گا، اگر کوئی حاکم اس تاج کو سر پر رکھے تو اسے کوئی دینی غلطی لاحق ہوگی۔ اگر بادشاہ دیکھے کہ اس کا تاج اس کے سر سے اٹھا لیا گیا ہے تو اس کی بادشاہت ختم ہوگی۔

## ۱۲۸۔ التفات الانسان (توجہ کرنا)

نماز میں ادھر ادھر توجہ کرنا اس کے صاحب کے لالچی ہونے کی دلیل ہے، اور اگر ادھر ادھر توجہ کسی خوفناک چیز سے ڈرنے کی وجہ سے ہو مثلاً شیر ہے یا سانپ ہے تو یہ بیوی اور اولاد سے ڈرنے کی دلیل ہے، اور نماز میں ادھر ادھر دیکھنا دنیا اور اس کی زینت کی تمنا اور آرزو رکھنے اور آخرت سے اعراض (منہ پھیرنا) کرنے کی دلیل ہے، نیز خواہشات نفسانی کی طرف میلان کی علامت ہے۔

Marfat.com

**۱۲۹۔ الالثغ (توتلا)**: دیکھئے النحوی (نحوی)۔

**۱۳۰۔ الالحاح (اصرار کرنا)**: دیکھئے اللجاجة (اصرار کرنا)۔

## ۱۳۱۔ اللہ تعالیٰ

خواب میں اللہ تعالیٰ کی زیارت نیّتوں کے اختلاف کی وجہ سے مختلف ہوتی ہے۔ جو شخص اللہ تعالیٰ کی عظمت و جلال کو خواب میں بلا کیفیت بلا تشبیہ اور بلا تمثیل دیکھے تو یہ خیر و برکات پر دلیل ہے۔ اور یہ دنیا میں اس کے لئے خوشخبری اور آخرت میں دین کی سلامتی کی دلیل ہے، اور اگر اس کے خلاف حال میں اللہ تعالیٰ کو دیکھے تو یہ بدنیتی کی دلیل ہے، اگر کوئی مریض اللہ تعالیٰ کی زیارت کرے تو وہ وفات پائے گا۔ اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کی ذات بھی برحق ہے اور موت بھی برحق ہے اور اگر کوئی گمراہ زیارتِ خداوندی سے مشرف ہو تو وہ ہدایت پائے گا، اگر کوئی مظلوم اللہ تعالیٰ کی خواب میں زیارت کرے تو وہ اپنے دشمنوں پر غالب آئے گا، اور خواب میں اللہ تعالیٰ کا کلام بغیر کسی تشبیہ کے سننا خواب دیکھنے والے کی بدعت پر دلیل ہے، اور کبھی اللہ تعالیٰ کا کلام سننا مراد کو پانے اور خوف سے امن ہونے کی دلیل ہوتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کا بغیر زیارت کے ہمکلام ہونا بلند رتبہ کی دلیل ہے خصوصاً جب کہ اس کی طرف اللہ تعالیٰ نے وحی کی ہو، اگرچہ پردہ کے پیچھے سے ہو، اور کبھی بدعت و ضلالت کی نشانی ہے، اور بسا اوقات ہمکلامی کے بقدر مقام و مرتبہ حاصل ہوگا، اور بعض معبرین کہتے ہیں کہ جو شخص اللہ تعالیٰ کو کسی ایسی صفت میں خواب کے اندر دیکھے جس کو وہ بیان کر سکے اور متعین کر سکے تو اس کا خواب خوابِ پریشان ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کی ذات ایسی ہے کہ نہ اس کی حد بیان کی جاسکتی ہے اور نہ ہی مخلوقات میں سے کسی چیز کے ساتھ اس کی تشبیہ بیان کی جاسکتی ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ جو شخص اللہ تعالیٰ کو کسی جگہ مصوّر حالت میں دیکھے تو خواب دیکھنے والے ان لوگوں میں سے ہے جو اللہ تعالیٰ کی ذات پر جھوٹ باندھتے ہیں، یا ایسی بات منسوب کرتے ہیں جو اس کی شان کے مناسب نہیں ہے۔ اور جو شخص دیکھے کہ اللہ تعالیٰ اس سے کلام فرما رہے ہیں اور اس نے اللہ تعالیٰ کو دیکھنے کی طاقت رکھی ہے تو اللہ تعالیٰ اس پر رحم فرمائیں گے اور اپنی نعمت کی اس پر تکمیل فرمائیں گے، اور جو شخص دیکھے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی طرف دیکھ رہا ہے تو اللہ تعالیٰ آخرت میں اس کی طرف دیکھیں گے، اور جو شخص دیکھے اس نے اللہ تعالیٰ کے پاس نماز پڑھی ہے تو وہ رحمتِ خداوندی سے کامیاب ہوگا، اور اگر شہادت کا طلب گار ہے تو شہادت پائے گا، اور اس کے دنیوی اور اخروی کام سنور جائیں گے، اور جو دیکھے کہ وہ اللہ تعالیٰ سے معانقہ (گلے ملنا) کر رہا ہے یا کوئی عضو چوم رہا ہے تو جس اجر کا وہ طالب ہے حاصل کر لے گا، اور جس عمل کی رغبت رکھتا ہے حاصل کر لے گا، اور جو شخص دیکھے کہ اللہ تعالیٰ نے اس کو کوئی چیز دنیا کے سامان میں سے عطا فرمائی ہے تو اس شخص کو بلا و مصیبت اور بیماریاں لاحق ہوں گی، اور اس وجہ سے اس کو عظیم اجر و ثواب بلکہ دگنا ثواب دیا جائے گا، اور جو دیکھے کہ اس سے مغفرت کا وعدہ کیا گیا ہے یا دخولِ جنّت وغیرہ کا وعدہ ہوا ہے تو وہ شخص ہمیشہ خدا تعالیٰ سے ڈرنے والا رہے گا، اور جو اللہ تعالیٰ کو دیکھے مگر اللہ تعالیٰ کو دیکھنے کی طاقت نہ رکھ سکا یا اللہ تعالیٰ

Marfat.com

کے عرش کو یا کرسی کو دیکھا تو اس نے اپنے فائدہ کے لئے آخرت میں کوئی نیکی بھیجی ہے، اور اگر زیارتِ خداوندی سے مشرّف ہوا اور شرفِ ہمکلامی بھی نصیب ہوئی اور دیکھنے کی بھی استطاعت (طاقت) پیدا ہوئی یا اللہ تعالیٰ کو عرش پر یا کرسی پر دیکھا تو خیر و برکت اور علم عظیم حاصل کرے گا، اور جو خواب میں دیکھے کہ وہ اللہ تعالیٰ سے بھاگ رہا ہے اور اللہ تعالیٰ اس کو ڈھونڈ رہے ہیں تو اگر یہ شخص عابد و زاہد ہے تو اللہ کی عبادت اور اطاعت سے پھر جائے گا، اور اگر اس کا کوئی والد ہو تو اس کی نافرمانی کرے گا، اور اگر کسی کا غلام ہے تو اپنے آقا سے بھاگ جائے گا، اور جو شخص خواب میں یوں دیکھے جیسے اس کے درمیان اور اللہ تعالیٰ کے درمیان پردہ حائل ہے تو وہ کبیرہ گناہوں کا ارتکاب کرے گا، اور جو شخص خواب میں اللہ تعالیٰ کو غضب کی حالت میں یا ترش روئی کی حالت میں دیکھے یا اس کے نور کو برداشت کرنے سے عاجز ہوا یا زیارتِ خداوندی کے وقت مدہوش ہوا یا توبہ و استغفار کرنے لگا تو یہ سب گناہوں، بدعتوں اور ہولناکیوں کی دلیل ہے۔ اور جو شخص دیکھے کہ اللہ تعالیٰ نے اس سے کلام فرمایا ہے تو یہ اس کے لئے وعید (دھمکی) ہے۔ اور گناہوں سے منع کرنے کی علامت ہے۔ اور جو شخص دیکھے کہ اللہ تعالیٰ اس سے بیان کر رہے ہیں۔ (یعنی اس سے بات کر رہے ہیں) تو وہ قرآن کریم کی تلاوت زیادہ کرے گا، اور جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ اللہ تعالیٰ سے بیان کر رہا ہے اور اس کے کلام کو سمجھ رہا ہے تو وہ کوئی بات حاکم یا بادشاہ سے سنے گا، اور جو خواب میں دیکھے کہ اللہ تعالیٰ نے اس کے سر پر ہاتھ پھیرا ہے اور اس کو برکت کی دعا دی ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو خصوصی اعزاز سے نوازیں گے اور اس کے مرتبہ کو بلند کریں گے، مگر اس سے بلا و مصیبت موت تک نہیں دور ہوں گی، اور جو شخص اللہ تعالیٰ کو والد یا بھائی یا کسی دوسرے قرابتدار وغیرہ کی صورت میں دیکھے اور وہ اس سے ہمدردی کر رہے ہیں اور برکت کی دعا دے رہے ہیں تو وہ شخص کسی جسمانی تکلیف میں مبتلا ہوگا جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ اس کو عظیم اجر و ثواب عطا فرمائیں گے۔ اور جو شخص خواب میں دیکھے کہ اللہ تعالیٰ نے کسی گھر یا جگہ میں جھانکا ہے یا کسی جگہ، زمین یا شہر میں نزول فرمایا ہے تو عدل و انصاف اس جگہ کو شامل ہوگا، اور اس میں خیر و برکات خوشحالی وغیرہ بہت زیادہ ہوگی، بحکم خداوندی۔ اور اگر دیکھے کہ کسی جگہ میں جھانکا ہے اور وہ ترش رو تھے یا ساتھ کوئی تاریکی تھی تو یہ اس جگہ کی ہلاکت اور اس کے رہنے والوں کے لئے بربادی کی علامت ہے، نیز مختلف آفات و مصائب اور وباؤں کی دلیل ہے۔ اور جو شخص خواب میں اللہ تعالیٰ کو کسی قیدی، مصیبت زدہ شخص یا محصور (گھیرے میں لئے ہوئے) کے پاس دیکھے تو وہ مصیبت وغیرہ جس میں مبتلا ہے خلاصی پائے گا، اور جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی شان میں گستاخی کر رہا ہے تو وہ نعمتِ خداوندی کا منکر ہے، اللہ تعالیٰ نے جو رزق کی تقسیم کی ہے اس سے ناخوش ہے۔ اور جو شخص دیکھے کہ گویا وہ اللہ تعالیٰ کے سامنے کھڑا ہے اور اس کو دیکھ رہا ہے۔ اگر خواب دیکھنے والا نیک صالح ہے تو اس کا خواب خوابِ رحمت ہے، اور اگر وہ نیک صالح نہیں ہے تو یہ خواب اس کے لئے وعید ہے۔ (گناہوں سے)۔ اور جو دیکھے کہ گویا وہ اللہ تعالیٰ سے سرگوشی کر رہا ہے تو وہ مقامِ قرب سے نوازا جائے گا اور لوگوں کی نظر میں محبوب ہوگا۔ اور جو دیکھے کہ وہ اللہ تعالیٰ سے پردہ کے پیچھے سے کلام کر رہا ہے تو اس کا دین اچھا ہوگا (یعنی مخلص مسلمان ہوگا) اور اگر اس کے پاس کسی کی امانت ہو تو وہ ادا کرے گا، اور اس کی سلطنت قوی

Marfat.com

ہوگی، اگر دیکھے کہ اللہ تعالیٰ سے بغیر حجاب (پردہ) کے کلام کر رہا ہے تو وہ اپنے دین کے معاملہ میں خطا کار ہوگا، اگر اس کو چادر پہنائی ہے تو یہ ساری زندگی غم اور بیماری کی علامت ہے، اور اس کی وجہ سے وہ اجرِ عظیم کا مستحق ہوگا، اگر دیکھے کہ گویا اللہ تعالیٰ نے اپنے نام پر اس کا نام رکھا ہے تو وہ اپنے دشمنوں پر غالب آئے گا اور اس کے کام غالب رہیں گے، اگر دیکھے کہ اللہ تعالیٰ اس سے ناراض ہیں تو یہ والدین کے اس سے ناراض ہونے کی دلیل ہے۔ اور جو دیکھے کہ اس کے والدین اس سے ناراض ہیں تو یہ اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ اللہ تعالیٰ اس پر غضبناک ہوئے ہیں تو وہ بلند جگہ سے گرے گا، اگر دیکھے کہ وہ دیوار، آسمان یا پہاڑ سے گرا ہے تو یہ اللہ تعالیٰ کی ناراضگی اور غضبنا کی کی دلیل ہے۔ جو شخص کوئی صورت شکل وغیرہ دیکھے اور اس سے کہا گیا کہ یہ تیرے معبود ہیں اور وہ بھی خیال کرے کہ وہ اس کا معبود ہے پھر اس کی عبادت کرے اور اس کو سجدہ کرے تو وہ کسی غلط کام میں اس کو حق خیال کرتے ہوئے مشغول ہے یا ہوگا، اور جو شخص اللہ تعالیٰ کو کسی جگہ میں نماز پڑھتے ہوئے دیکھے تو اس کی رحمت و مغفرت اس جگہ آتی ہے اور آئے گی جہاں وہ نماز پڑھ رہے ہیں۔ اور جو شخص خواب میں دیکھے کہ اللہ تعالیٰ اس کو چوم رہے ہیں تو اگر وہ نیک لوگوں میں سے ہے تو اللہ تعالیٰ کی اطاعت اور اس کی کتاب (قرآنِ کریم) کی تلاوت اور تلقین کی طرف متوجہ ہوگا، اگر وہ نیک لوگوں میں سے نہ ہو تو وہ بدعتی ہے۔ اور جو شخص اللہ تعالیٰ کو دیکھے کہ اس نے اس کو پکارا ہے اور اس شخص نے اس پکار کا جواب دیا ہے تو وہ انشاء اللہ تعالیٰ حج کرے گا، اور باقی رہی بات کسی خاص جگہ پر انوارات الٰہیہ کی تجلّی پڑنے کی' تو اس کی تعبیر بسا اوقات یہ ہوتی ہے کہ اگر وہ جگہ ویران ہے تو آباد ہوگی اور اگر آباد ہے تو ویران ہوگی، اور اگر اس جگہ کے رہنے والے لوگ ظالم ہیں تو اللہ تعالیٰ ان سے انتقام لیں گے اور اگر مظلوم ہوں تو عدل و انصاف کا دور دورہ ہوگا، بعض اوقات اللہ تعالیٰ کی کسی خاص جگہ میں زیارت اس جگہ میں عظیم بادشاہت ہونے یا کسی ظالم جابر بادشاہ کے زیرِ سلطنت ہونے کی دلیل ہے۔ یا اس جگہ کوئی مفید عالم یا علاج و معالجہ کے لئے کوئی صاحبِ بصیرت حکیم کھڑا ہوگا۔ اور خواب میں اللہ تعالیٰ سے خشیت (ڈرنا) قلبی اطمینان وسکون، مالداری اور وسیع رزق کی دلیل ہے۔ اور جو شخص دیکھے کہ وہ خود حق سبحانہ وتعالیٰ کی ذات بنا ہے تو وہ صراطِ مستقیم پائے گا، اور جو دیکھے کہ اللہ تعالیٰ اس کو کسی کام سے ڈرا رہے ہیں اور دھمکا رہے ہیں تو وہ کسی گناہ کا ارتکاب کرے گا۔

۱۳۲۔ الالم (درد): دیکھئے الوجع (درد)۔

۱۳۳۔ الالٰہ (معبود): دیکھئے اللہ تعالیٰ۔

## ۱۳۴۔ الیۃ الشاۃ (بکری کی سرین)

خواب میں بکری کی سرین حلف (قسم کھانا) اور تمنی (آرزو) کرنے کی دلیل ہے، اور کبھی یہ خواب وافر (بہت زیادہ) نعمت حاصل ہونے کی دلیل ہوتا ہے۔ نیز علمِ نافع اولادِ صالح وغیرہ ذخیرہ صالحہ پر دلیل ہے۔ بکری کی سرین عورت کا مال ہے۔

Marfat.com

## ۱۳۵۔ الام (ماں)

خواب میں ماں کا دیکھنا احکامِ تعبیر میں باپ سے زیادہ بہتر ہے۔ اگر اپنی ماں کو دیکھے کہ اس نے اس کو جنا ہے تو اگر وہ مریض ہے تو یہ اس کی موت پر دلیل ہے، کیونکہ جیسے چھوٹے بچہ کو کپڑے میں لپیٹا جاتا ہے اسی طرح میت کو بھی کپڑے میں لپیٹا جاتا ہے، اور اگر وہ فقیر ہے تو اسپر وسعت ہوگی، اس لئے کہ بچہ کی ذمہ داری دوسرے پر ہوتی ہے۔

## ۱۳۶۔ امام

خواب میں امام کبھی خوف پر دلیل ہوتا ہے، اور کبھی بلند مقامی، سرداری، مقدم ہونے اور امر بالمعروف (نیکی کا حکم دینے) اور نہی عن المنکر (برائی سے منع کرنے) کی دلیل ہوتا ہے۔ اور کبھی خواب میں امام کی زیارت دربان، والد، والدہ اور استاد کی دلیل ہوتا ہے۔ خواب میں اگر امام بنا ہو اور لوگوں کو ایسے کامل وضو کے ساتھ برخ قبلہ نماز پڑھائی ہو جس میں کمی بیشی نہ کی ہو، تو اگر وہ حاکم یا والی بننے کا اہل ہے اور لوگوں کو نفع پہنچانے کی کوشش کرسکتا ہے تو اس کو امامت کا مقام حاصل ہوگا، اور یا پھر وہ کسی جماعت کا کفیل اور ضامن بنے گا یا ایسے لوگوں میں شریک ہوگا جن سے وہ خیر کی امید رکھتا ہے، اگر اس نے غیر قبلہ کی طرف لوگوں کو نماز پڑھائی تو وہ اپنے صاحبوں سے خیانت کرے گا اور کوئی بدعت ایجاد کرے گا۔ یا کوئی ممنوع کام کا ارتکاب کرے گا، اور جب کہ لوگ اس کے پاس اس کا مطالبہ کریں گے۔ اور جو خواب میں دیکھے کہ وہ لوگوں کو نماز میں حکم دے رہا ہے تو اگر اس کا قبلہ سیدھا تھا وہ ایسی بادشاہت حاصل کرے گا جس میں وہ عدل و انصاف کرے گا۔ یا وہ کسی قوم کو حکم دے گا یا منع کرے گا۔ اور جو شخص دیکھے کہ وہ کسی نامعلوم جگہ میں نامعلوم لوگوں کو نماز پڑھا رہا ہے اور نہیں جانتا کہ کیا قرأت کر رہا ہے تو وہ موت کے کنارہ پر ہے، اگر عورت کو دیکھے کہ وہ نماز میں مردوں کی امامت کر رہی ہے تو وہ عورت وفات پائے گی، کیوں کہ عورت امامت کی حقدار نہیں ہے لہٰذا یہ اسی صورت میں ممکن ہے کہ وہ وفات پائے اور اس کو لوگوں کے آگے رکھا جائے اور پھر لوگ اس کا جنازہ پڑھیں۔ (یعنی عورت کے خواب میں مردوں کے آگے بڑھنے کی یہی صورت اور تعبیر ہوسکتی ہے)۔ اسی طرح اگر عجمی آدمی کو دیکھے کہ وہ ٹھیک طرح نماز نہیں پڑھ رہا ہے اور نہ ہی قرأت کر رہا ہے۔ تو وہ لوگوں کا امام بنے گا، اور جو خواب میں دیکھے کہ اس نے چند لوگوں کو کھڑے ہو کر نماز پڑھائی ہے اور وہ لوگ بیٹھ کر نماز پڑھ رہے ہیں تو یہ ان کے حقوق میں زیادتی نہیں کرے گا لیکن وہ لوگ اس کے حق کی ادائیگی میں کوتاہی کریں گے۔ یا اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ کسی بیمار قوم کی ذمہ داری لے گا، اور اگر لوگوں کو بیٹھ کر نماز پڑھائی اور لوگوں میں کچھ کھڑے تھے اور کچھ بیٹھے تھے (یعنی بعض کھڑے ہو کر اور بعض بیٹھ کر پڑھ رہے تھے) تو وہ اپنی ذمہ داری میں کوئی کوتاہی نہیں کرے گا، اگر ایسے لوگوں کو نماز پڑھائی جن میں بعض کھڑے تھے اور بعض بیٹھے تھے تو وہ مالداروں اور غریبوں دونوں کے امور کا ضامن ہوگا، اگر امام نے لوگوں کو (خواب میں) بیٹھ کر نماز پڑھائی لوگ بھی بیٹھ کر پڑھ رہے تھے تو لوگ فقر میں یا کپڑوں کے چرائے جانے یا غرق ہونے سے دوچار ہوں گے۔ اگر دیکھے کہ وہ عورتوں کو نماز پڑھا رہا ہے تو وہ

Marfat.com

کمزور لوگوں کے امور کا ذمہ دار بنے گا۔ اگر لوگوں کو کروٹ کے بل یا لیٹ کر نماز پڑھائی اور اسکے جسم پر سفید رنگ کے کپڑے ہیں اور جگہ اجنبی ہے اور نہ وہ نماز میں قرأت کر رہا ہے اور نہ تکبیر کہتا ہے تو وہ وفات پائے گا اور لوگ اس کی نمازِ جنازہ پڑھیں گے۔ اگر حاکم دیکھے کہ گویا وہ لوگوں کی امامت کر رہا ہے تو وہ معزول ہوگا، اس کا مال جاتا رہے گا۔ اور جو خواب میں مردوں اور عورتوں کو نماز پڑھائے تو اگر عہدۂ قضاء (قاضی بننے کا عہدہ) کی اہلیت رکھتا ہے تو قاضی بنے گا، ورنہ لوگوں میں اصلاح کروائے گا، اونچا مقام حاصل کرے گا، اور جو دیکھے کہ اس نے لوگوں کو پوری نماز پڑھائی ہے تو اس کی حکومت پوری ہوگی، اگر اسکی نماز درمیان میں ٹوٹ گئی ہو تو اس کی ولایت وحکومت ختم ہوگی، اور اس کے احکام اور کلام نافذ نہیں ہوں گے، اگر دیکھے کہ تنہا نماز پڑھی ہے اور لوگ علیحدہ علیحدہ اپنی اپنی نماز پڑھتے ہیں تو وہ لوگ خوارج (گمراہ) ہیں۔ اگر نفلی نماز پڑھی ہے تو بے ضرر ضمان میں داخل ہوگا۔ اگر دیکھے کہ لوگوں نے اس کو امام بنایا ہے تو وہ میراث پائے گا۔ اگر دیکھے کہ گویا وہ لوگوں کو نماز پڑھاتا ہے اور قرأت اچھی نہیں کرتا تو وہ کسی چیز کو طلب کرے گا لیکن نہیں پائے گا۔ اور جو شخص چھت کے اوپر لوگوں کو نماز پڑھائے تو وہ لوگوں سے حسنِ سلوک کرے گا۔ اور قرض یا صدقہ کی وجہ سے اس کا شہرہ ہوگا۔

۱۳۷۔ **الامام (حاکم)**: دیکھئے الخلیفة (خلیفہ)۔

۱۳۸۔ **الامانة (امانت)**: دیکھئے الودیعة (امانت)۔

## ۱۳۹۔ ألامان من الحرب (لڑائی سے امان)

خواب میں لڑائی سے مامون ہونا خوف سے امن ہونے کی دلیل ہے۔ اور کبھی یہ خواب گمراہی کے بعد ہدایت پانے پر دلیل ہوتا ہے۔ خصوصاً جب کہ وہ انسان بیداری میں خوف زدہ ہو، اور امن خوف کی علامت ہے جیسے خوف امن کی نشانی ہے۔

۱۴۰۔ **الامبراطور (شہنشاہ)**: دیکھئے الامیر (حاکم)۔

۱۴۱۔ **الامتطاء (سواری کرنا)**: دیکھئے الرکوب (سوار ہونا)۔

۱۴۲۔ **الامرأة (عورت)**: دیکھئے الشابة (جوان عورت)۔

۱۴۳۔ **الامر بالمعروف (نیکی کا حکم دینا)**: دیکھئے المعروف (نیک کام)۔

## ۱۴۴۔ ألامعاء (آنتیں)

خواب میں آنتوں کا دیکھنا بیویوں کی بیٹیوں پر دلیل ہے۔ اگر دیکھے خواب میں کہ اس کی آنتیں ظاہر ہوئی ہیں تو وہ اپنا ذخیرہ شدہ مال ظاہر کرے گا۔ یا وہ اپنے اہل خانہ میں سیاہ فام کو ظاہر کرے گا۔ اور بعض کہتے ہیں کہ آنتوں کا خواب میں

Marfat.com

نکلنا اس بات کی دلیل ہے کہ اس کی بیٹی کا پیغام نکاح آئے گا، اور ایک قول کے مطابق خواب میں پیٹ کی چیزوں کا نکلنا پردہ دری پر دلیل ہے۔ آنتیں اس کے باطن کا مال ہے۔ جو دیکھے کہ وہ کسی کی آنتیں کھا رہا ہے تو وہ یتیم کا مال کھاتا ہے، اور جو شخص دیکھے کہ وہ بہت سی آنتیں کھا رہا ہے تو وہ خزانے ہیں جو اس کے لئے کھولے جائیں گے اور وہ ان کو حاصل کرے گا۔

## ۱۴۵۔ الأمة (باندی)

باندی سے چونکہ خدمت لی جاتی ہے اس لئے خواب میں باندی کا دیکھنا سواری کی دلیل ہے۔ اور باندی چونکہ میلی اور گندگی میں متعلق رہتی ہے اس لئے خواب میں باندی کا دیکھنا گھر کی نالیوں پر دلیل ہے۔ اسی طرح باندی کا دیکھنا انسان کی ان چیزوں پر دلیل ہے جسے وہ روندتا ہے جیسے بوریا ہے جوتے وغیرہ ہیں۔ اور بسا اوقات باندی کا دیکھنا مال و دولت اور دشمن کے خلاف غلبہ عزت و مقام و منصب حاصل ہونے کی دلیل ہے۔ جو شخص خواب میں دیکھے کہ اس نے سفید رنگ کی باندی خریدی ہے، تو اس کو تجارت میں نفع ہوگا اور خیر و برکات پائے گا۔ اگر خواب میں چھوٹی باندی خریدے تو وہ کوئی حاجت طلب کرے گا لیکن اس حاجت کا حصول دشوار ہوگا۔ اگر خواب میں سیاہ رنگ کی باندی خریدے تو وہ غم فکر سے نجات پائے گا۔ اور جو دیکھے کہ کوئی خوبصورت باندی اس کے پاس آتی ہے تو کوئی خیر و بھلائی اس کے پاس آئے گی، اگر بادشاہ کے پاس اس کا رزق وغیرہ موقوف (رکا ہوا) ہو تو وہ اس کو لے لے گا۔ اگر اس کا کوئی غائب ہو تو آجائے گا۔ اگر باندی بدصورت تھی تو اسے کوئی ناگوار صورت پیش آئے گی۔ جو شخص خواب میں دیکھے کہ کوئی باندی لوگوں سے بازار میں گفتگو کرتی ہے یا زنا کی دعوت دے رہی ہے تو عنقریب لوگوں میں کوئی فتنہ پیدا ہوگا۔ دیکھئے العبد (غلام)۔

## ۱۴۶۔ الامھال (مہلت دینا)

خواب میں مہلت دینا عذاب پر دلیل ہے۔ اگر دیکھے کہ گویا اس نے کسی آدمی کو غصہ کی حالت میں مہلت دی ہے تو وہ اس کو سخت تکلیف پہنچائے گا۔

## ۱۴۷۔ الامیر (حاکم)

خواب میں حاکم کا دیکھنا ان اہل و عیال پر دلیل ہے انسان جن کی ضروریات پوری کرتا ہے، اور کنوارے کے لئے شادی پر دلیل ہے حتی کہ وہ اپنے گھر میں ایک حاکم کی طرح ہوگا، اور بسا اوقات حاکم کا دیکھنا اس مقام و مرتبہ پر دلیل ہوتا ہے جس کا وہ آرزو مند ہے۔ اور جو شخص خواب میں حاکم بنا ہو تو اس کے بارے میں قید ہونے اور ہتھکڑی وغیرہ کے لگنے کا اندیشہ ہے، اس لئے کہ قیامت کے روز حاکم وقت اس حال میں پیش ہوگا کہ اس کو ہتھکڑی لگی ہوگی، گلہ میں طوق پڑا ہوگا اگر اس نے انصاف کیا ہوگا تو اس کو کھول سکے گا۔ اور جو شخص خواب میں دیکھے کہ اس کو بادشاہِ وقت نے دور دراز مسلمانوں کی سرحدات کا والی (گورنر) بنایا ہے یعنی اپنا نائب بنایا ہے تو بادشاہ کے مقام سے وہ راستے جتنے دور ہیں اس کے بقدر اس کو عزت و مقام حاصل ہوگا اور شہرت پائے گا۔ اگر کوئی والی اور حاکم یہ دیکھے کہ اس کا عہدہ و منصب اس کے

Marfat.com

پاس آیا ہے تو وہ اسی وقت معزول ہوگا۔ اسی طرح اگر وہ اپنے امور ہیں دیکھے تو یہ معزول ہونے کی علامت ہے۔ اسی طرح اگر دیکھے کہ اس نے (حاکم نے) اپنی بیوی کو طلاق دی ہے تو وہ معزول ہوگا، جو خواب میں کسی حاکم کے پاس کھانا لے کر جائے تو اسکو غم پہنچے گا لیکن پھر اس کو خوشی اور ایسی جگہ سے مال حاصل ہوگا کہ وہ امید بھی نہیں رکھتا ہوگا، اور حاکمِ وقت کا اپنی ٹوپی، یا حلّہ یا جبہ یا اپنی پیٹی کو اتارنا حکومت کے لئے مہلت دینے کی دلیل ہے۔ اور ان چیزوں میں سے کسی کا پہننا اسبابِ سیاست کے قائم ہونے کی دلیل ہے۔ حاکم جب خواب میں دیکھے کہ اس نے نئے موزے پہنے ہیں تو یہ مشرکین اور ذمیوں کے مال سے فائدہ حاصل ہونے کی علامت ہے۔ خواب میں حاکم کا معزول ہونا حاکم بننا ہے، خواب میں اگر کوئی غلام حاکم بنا ہوتو وہ آزاد ہوگا، اگر عابد وزاہد شخص امیر بنے (خواب میں) تو وہ دنیا میں مقید نہیں ہوگا اپنے نفس کا امیر بنے گا۔

۱۴۸۔ الاناء (برتن): دیکھئے۔ القارورۃ (بوتل)۔

۱۴۹۔ الانتان (بدبو): دیکھئے الصُنان (بدبو)۔

## ۱۵۰۔ الانتباہ (بیدار ہونا)

انسان کا خواب میں بیدار ہونا توبہ کرنے، نفع اور فائدہ حاصل ہونے اور سفر سے واپس آنے کی دلیل ہے۔

۱۵۱۔ الانثی (عورت): دیکھئے المرأۃ (عورت)۔

## ۱۵۲۔ الانثیان (خصیتین)

خواب میں خصیتین دیکھنا زوجین یا والدین یا دروازوں پر مقرر دربانوں پر دلیل ہے۔ اور کبھی مال ودولت کے تھیلہ یا ایسے سرپرست رشتہ داروں پر دلیل ہے کہ جن کی سرپرستی سے نکاح کا معاملہ درست ہوتا ہے۔ اور کبھی خصیتین کا دیکھنا کانٹے پر دلیل ہوتا ہے (جس سے بھاری اشیاء وزن کی جاتی ہیں)۔ اور جو شخص خواب میں دیکھے کہ اس کے خصیتین کٹے ہوئے ہیں یا ان میں کوئی بیماری یا تکلیف پہنچی ہے تو جس قدر اس کے خصیتین کو تکلیف پہنچی ہے اسی قدر اس کے دشمن اس پر غالب آئیں گے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ ایسے شخص کے ہاں لڑکے ہی پیدا ہوں گے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ وہ مال دیت سے مال پائے گا۔ اور جو شخص دیکھے کہ اس کے خصیتین بڑے ہو گئے ہیں تو وہ دشمن کی تکلیف سے محفوظ رہے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ اسکی نسل میں لڑکیاں زیادہ ہوں گی، اور جو خواب میں دیکھے اس کے خصیتین اس کے دشمنوں کے قبضہ میں ہوگئے ہیں تو اسی قدر اس کے دشمن اس تک پہنچیں گے، اور کبھی خصیتین کا دیکھنا رشتہ داروں میں سے مؤنثات (عورتوں) پر دلیل ہے جیسے دو بہنیں، دو بیویاں دو بیٹیاں یا ماں اور خالہ ہیں۔ جو تکلیف خصیتین میں پیدا ہو تو وہی تکلیف ان عورتوں میں سے کسی ایک میں پیدا ہوگی۔ اگر دیکھے کہ اس کے خصیتین کٹے ہوئے ہیں تو اگر اس کے پاس دو مریضہ ہوں تو وہ فوت ہو جائیں گی، اور اگر اس کی دو بیویاں ہوں تو وہ دونوں مر جائیں گی یا ان سے جدائی ہو جائے گی۔ اور کبھی خصیتین کا دیکھنا مال

Marfat.com

و دولت کی دلیل ہوتا ہے، چنانچہ اگر دیکھے کہ وہ کٹے ہوئے ہیں تو اس سے مال کا مطالبہ کیا جائے گا، اس سے دو ہزار یا دو سو یا دو دینار لئے جائیں گے، پھر اگر ان چیزوں میں سے کوئی چیز اس کے پاس نہ ہو تو اس کی نسل ختم ہوگی، اور اس کا رزق دشوار ہوگا، اور اس سے اللہ تعالیٰ کی نعمت چھین لی جائے گی، اور جو دیکھے کہ اس کا بایاں خصیہ اس سے چھن گیا ہے تو اس کا فرزند وفات پائے گا۔ اور اس کے ہاں کوئی فرزند نہیں ہوگا، اور کبھی خصیتین کا خواب میں دیکھنا حرکات اور دوڑ دھوپ کرنے پر دلیل ہوتا ہے۔ اور بعض اوقات خصیتین کا دیکھنا انسان کی اس چیز پر دلالت کرتا ہے جس پر وہ سوتا ہے یا جو اپنے سر کے نیچے رکھتا ہے جیسے تکیہ وغیرہ۔ اگر عورت دیکھے کہ اس کے خصیتین ہیں تو وہ جڑواں بچوں سے حاملہ ہوگی۔ اگر خواب میں مرد دیکھے کہ اس کے خصیتین کٹے ہیں تو وہ شیر لومڑی کی بیماری میں مبتلا ہوگا۔ اور کبھی اس خواب کی تعبیر یہ ہوتی ہے کہ وہ اپنی بیوی کو طلاق دے گا یا اپنی باندی بیچے گا یا اپنی اولاد کو گم پائے گا یا اس کی تھیلی پھٹے گی اور مال میں خسارہ ہوگا، اور اگر وہ تولنے والا ہے تو اس کا کام معطل ہوگا (بند ہوگا)۔

## ۱۵۳۔ الانجیل (انجیل)

جو مسلمان خواب میں اپنے پاس کتاب انجیل دیکھے تو وہ عابد زاہد بنے گا، اور اپنی زندگی میں سیر و تفریح، مجاہدات و ریاضات اور گوشہ نشینی کو اختیار کرے گا۔ اور اگر خواب دیکھنے والا بادشاہ ہو تو اپنے دشمن پر غالب آئے گا۔ اور کبھی یہ خواب (انجیل دیکھنا) جھوٹ، بہتان (الزام جھوٹا) اور پاکدامن عورت پر بدکاری کی تہمت لگانے کی دلیل اور علامت ہوتا ہے۔ اور اگر وہ محکوم ہو تو مقدمہ میں غالب آنے کی علامت ہے، اور اگر وہ گواہ ہو تو جھوٹی گواہی دے گا یا لایعنی (فضول) کلام کرے گا، اگر مریض ہو تو اپنے مرض سے سلامتی پائے گا، اور انجیل کا دیکھنا بسا اوقات علم ہندسہ (انجینئر نگ) یا علماء سے کلام نقل کرنے کی دلیل ہوتا ہے۔ اور کبھی خواب میں انجیل کا دیکھنا تصویر بنانے والوں اور گانا گانے والوں پر دلیل ہوتا ہے۔

## ۱۵۴۔ الانسان (انسان)

جو شخص خواب میں کوئی نامعلوم شخص دیکھے تو کبھی وہ خود شخص مراد ہوتا ہے۔ اگر اس شخص کو کوئی نیکی کا کام کرتے دیکھے تو وہ خود اس کا کرنے والا ہے، اور اگر اس کو کوئی برائی کرتا دیکھے تو وہ اس کا مرتکب ہوگا۔ اور کبھی ایک شخص کا دیکھنا اس کے رزق یا اجل (موت) کی حد پر دلیل ہوتا ہے۔ اور اگر خواب میں دو شخصوں کو دیکھے تو اگر وہ خوفزدہ ہو تو یہ امن کی علامت ہے، اور اگر تین انسانوں کو دیکھے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ وہ حرام کے ارتکاب سے پرہیز کرے گا، اور جو شخص خواب میں کوئی معلوم و معروف شخص کو دیکھے تو وہ ان سے یا اس سے ملتے جلتے شخص سے کوئی چیز لے گا، اور جو شخص دیکھے کہ جیسے اس نے کوئی پسندیدہ چیز اس سے لی ہے تو وہ اس سے اپنی پسند کی چیز لے گا، اور اگر کوئی صاحب ولایت (حکومت والا) خواب دیکھے کہ گویا اس نے اس سے نئی قمیض لی ہے تو وہ اس کو والی (حاکم) بنائے گا، اگر اس سے کوئی رسی لی ہے تو یہ کسی عہد کی علامت ہے، اگر دیکھے کہ اس سے مال لیا ہے تو وہ اس سے مایوس ہوگا، اور دونوں کے درمیان بغض و عداوت

Marfat.com

پیدا ہوگی، اور جو شخص کسی معروف انسان کو دیکھے تو وہ بلند رتبہ کو پہنچے گا، اور اگر وہ بلند رتبہ ہو تو اس کی قدر و منزلت میں کمی آئے گی، یا کسی آفت میں مبتلا ہوگا، جیسا اس نے خواب دیکھا ہے اسی طرح کی تعبیر ہوگی یعنی نزولِ خیر یا نزولِ شر خواب کے مطابق ہوگا، اور یہ خیر یا شر کا نزول یا تو برابر سرابر ہوگا یا اس میں نقص تعداد میں زیادتی کی اور زیادتی تعداد میں کمی کی علامت ہے۔ ورنہ وہ خواب اس کی طرح کے آدمی یا اس شہر کے کسی فرد پر محمول ہوگا۔

## ۱۵۵۔ الانشراح (خوش ہونا)

خواب میں خوش ہونا گناہگار اور کافر کے لئے توبہ کرنے پر دلیل ہے۔ اگر خواب دیکھنے والا کسی تنگی پریشانی میں مبتلا ہو تو اللہ تعالیٰ اس کو دور فرما دیں گے۔

## ۱۵۶۔ الانصات (خاموش ہونا): دیکھئے السماع (سننا)

## ۱۵۷۔ الانصاف (انصاف کرنا): دیکھئے العدل (انصاف کرنا)۔

## ۱۵۸۔ الأنف (ناک)

خواب میں ناک کا دیکھنا ان لوگوں پر دلیل ہے جن کی انسان ذمہ داری اٹھاتا ہے جیسے مال، اولاد، والد، بھائی، شریک، بیوی اور معاملہ کرنے والا وغیرہ۔ خواب میں جس کا ناک اچھا اور خوبصورت ہوا ہے تو یہ مذکورہ افراد کے حسنِ حالت کی دلیل ہے۔ اور خواب میں ناک کا سیاہ ہونا یا بڑا ہونا ذلت و رسوائی اور مغلوب ہونے کی دلیل ہے۔ جیسا کہ خواب میں خوشبو کا سونگھنا بلند مرتبہ ہونے اور پاکیزہ دل ہونے کی دلیل ہوا کرتا ہے، اور خواب میں ناکوں کا زیادہ ہونا راحت پانے اور اولاد و متبعین پر دلیل ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کا ناک لوہے کا یا سونے کا ہو گیا ہے تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ وہ کوئی جرم کرے گا جس کی وجہ سے اسے کوئی آفت و مصیبت پہنچے گی۔ اس لئے کہ مجرموں کے ناک کاٹ دیئے جاتے ہیں۔ اگر خواب دیکھنے والا تاجر ہو اور یہ دیکھے کہ اس کا ناک سونے کا یا چاندی کا ہو گیا ہے تو یہ کثیر تجارتی نفع اور مقام و مرتبہ کی دلیل ہے۔ اور بعض اوقات ناک کا دیکھنا ان خبروں پر دلیل ہوتا جو انسان کو کسی قاصد کی زبانی پہنچتی ہیں۔ اور کبھی ناک کا خواب میں دیکھنا اس جاسوس کی علامت ہوتا ہے جو ایسی خبریں لاتا ہے جس پر کوئی دوسرا مطلع اور واقف نہیں ہوتا۔ اور کبھی خواب میں ناک کا دیکھنا شرمگاہ سے نکلنے والی نجاست پر دلیل ہوتا ہے اور بسا اوقات ناک کا دیکھنا لوہار کی دھونکنی یا اس پھنکنی پر دلیل ہوتا ہے جس سے اس کا سامانِ معیشت وابستہ ہوتا ہے۔ جو دیکھے کہ اس کی پھنکلیاں خراب ہوئی ہیں تو اس کے ناک کو کوئی مرض لاحق ہوگا، اور خواب میں جو مؤذن یا قاری یا گانا گانے والا یہ دیکھے کہ اس کی ناک جڑ سے اکھڑ گئی ہے یا ایسی بند ہوگئی ہے کہ کوئی ہوا وہ ناک سے نہیں سونگھ سکتا ہے تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ اسے اس کے کام سے راحت نہیں ملے گی یا دشوار ہوگی۔ اس لئے کہ ناک سانس کے باہر نکالنے پر مددگار ہوتا ہے، اور کبھی ناک

Marfat.com

کان کا دیکھنا گھاس اور مٹی والی چٹانوں اور ٹیلوں پر دلیل ہوتا ہے۔ اور کبھی ناک کا دیکھنا مریض کے لئے کشادگی پر دلیل ہوتا ہے۔ اور کبھی حماقت، تکبر اور مذمت کی دلیل ہوتا ہے۔ اور خواب میں جس کا ناک تکبر کے طور پر سکڑ گیا ہو یا ٹیڑھا ہوگیا ہو تو یہ ذلت وحماقت کی دلیل ہے۔ جو خواب میں دیکھے کہ اس کا ناک کٹا ہوا ہے تو یہ اس کی موت کی دلیل ہے یا اسے ایسی مصیبت پہنچے گی جس میں اس کی رسوائی ہوگی۔ اور اگر عورت حاملہ ہو تو یہ خواب اس کی یا اس کے بچہ کی موت کی علامت ہے۔ جو دیکھے کہ اس کی نکسیر پھوٹی ہے اور خون اس کے کپڑوں کو لگا ہے تو یہ مال حرام کی علامت ہے جسے وہ حاصل کرے گا، اور اگر خون سخت تھا تو یہ بچہ کی علامت ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ ناک میں نکیل یا چھلا وغیرہ ڈالنا اس کے صاحب کی وفات پر علامت ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ جو خواب میں دیکھے کہ اس کے دو ناک ہیں تو اس کو دو بچے عطا ہوں گے، یا اس کی گواہی کو دو آدمیوں کی گواہی لغو کردے گی، یا اس کے اور اسکے گھر والوں کے درمیان اختلاف ہوگا، اور جو شخص دیکھے کہ اس کا ناک کٹا ہوا ہے، اگر وہ مریض ہے تو وفات پائے گا۔ اور اگر تندرست ہے تو یہ خواب اس کے مفلس ہونے اور حالت کے بدلنے پر دلیل ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ ناک انسان کی قرابت (رشتہ داری) کی علامت ہے۔ جو دیکھے کہ گویا اس کا ناک ہی نہیں ہے تو اس پر رحم نہیں ہوگا، اگر خواب میں اچھی خوشبو سونگھی ہے تو یہ خوشی کے حاصل ہونے کی دلیل ہے۔ اور اگر اس کی بیوی حاملہ ہے تو کوئی بچہ جنے گی۔

## ۱۵۹۔ الأنفاق (خرچ کرنا): دیکھئے ألنفقة (خرچ کرنا)۔

## ۱۶۰۔ ألانفحة (پنیر)(۱)

خواب میں بکری کے بچہ کے معدہ کا پنیر تقوی وعبادت کے علاوہ مال و دولت پر دلیل ہے۔

## ۱۶۱۔ الانفعال (ناراضگی): دیکھئے الغضب (غصہ میں آنا)۔

## ۱۶۲۔ أنف العنزة (انفلوئنزا): دیکھئے الزکام (زکام ہونا)۔

## ۱۶۳۔ الانقباض (قبض ہونا)

خواب میں قبض ہونا رزق کی تنگی پر دلیل ہے۔ اور کبھی گناہوں کے عالم بیداری میں نتائج اور آثار پر دلیل ہوتا ہے۔

## ۱۶۴۔ الانقضاض (حملہ کرنا): دیکھئے الکر (حملہ کرنا)۔

## ۱۶۵۔ ألانقلاب (پلٹنا)

خواب میں انسان کا منہ کے بل پلٹنا اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک کرنے پر دلیل ہے اور دنیا و آخرت کے خسارہ کی علامت ہے۔ اگر گدی کے بل پلٹا ہے تو اللہ تعالیٰ سے توبہ کرے گا، اور لوگوں کا سامنا کرے گا، اور خواب میں اوندھے منہ

Marfat.com

ہونا پیٹ کی بیماریوں پر دلیل ہے۔ اگر یہ خواب دیکھنے والی عورت ہے تو اپنے خاوند سے اعراض (منہ پھیرے) کرے گی۔

**۱۶۶۔ الانقیاد (فرمانبرداری کرنا):** دیکھئے الذل (ذلیل ہونا)۔

**۱۶۷۔ الاھرام (اَھرام مصر)**(۲)

خواب میں اہرامِ مصر دیکھنا سابقہ امتوں کے عجیب وغریب واقعات، مواعظ وغیرہ کی دلیل ہے۔ اور کبھی خواب میں اہرامِ مصر کا دیکھنا کسی مشرک یا عجمی کے ساتھ غیر شادی شدہ کے نکاح کرنے یا مشرکین وغیرہ کی معاشرت اختیار کرنے یا کسی بدعتی کے مذہب کو اختیار کرنے یا رائج شدہ علوم وفنون کی تحصیل میں دلچسپی لینے پر دلالت کرتا ہے۔ اور بعض اوقات اہرام مصر کا دیکھنا طویل عمر، رقص وسرور اور شراب وکباب وغیرہ جیسی لہو ولعب کی محفلوں اور ایسی جگہوں پر دلیل ہوتا ہے جس میں تصویریں کثرت سے ہوں جیسے یہود ونصاریٰ کی عبادت گاہ۔ یا ایسی جگہوں کی علامت ہے جہاں کپڑے وغیرہ بنے جاتے ہیں۔

**۱۶۸۔ الاھمال (غفلت کرنا):** دیکھئے التھاون (غفلت کرنا)۔

**۱۶۹۔ ابن آوی (گیدڑ)**

خواب میں گیدڑ دیکھنا وہ آدمی ہے جو حقداروں کو ان کے حقوق نہیں دیتا۔ اور کبھی اس خواب کی تعبیر لہو ولعب (فضول کھیل وتماشہ) کی جگہوں میں جمع ہونے اور الفت ومحبت سے ہوتی ہے۔

**۱۷۰۔ الاوبۃ (واپس لوٹنا):** دیکھئے الرجوع من السفر (سفر سے واپس لوٹنا)۔

**۱۷۱۔ الاِوَز (بطخ)**

خواب میں بطخ کا دیکھنا حسین وجمیل جسم وبدن والی عورتوں، ذکرِ خیر اور مالِ عظیم پر دلیل ہے۔ اور اگر وہ بطخیں آواز نکالیں تو وہ عورتیں رونے والی ہیں اور جو دیکھے کہ وہ بطخیں چراتا ہے تو وہ مقام ومرتبہ والی قوم سے ملے گا، اور ان سے مال ودولت حاصل کرے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ خواب میں بطخیں متفکر اور غمزدہ آدمی اور برّ وبحر کے بادشاہ کی علامت ہے۔ بطخیں دو طرح کی ہوتی ہیں بعض برّی (خشکی) ہوتی ہیں اور بعض بلدی (شہری) بری بطخ دیکھنا سفر کرنے والے اصحاب پر دلیل ہے جیسے برّ وبحر کے تاجر لوگ۔ اور بلدی (شہری) بطخ اہل وعیال یا غم وفکر یا پڑوسی یا غلام یا جائداد یا چوکیدار وغیرہ کی علامت ہے اور بعض اوقات بطخیں خوبصورت یا موٹی عورت کی دلیل ہوتی ہیں۔ اور کسی جگہ میں بطخوں کا چیخنا غم وتکلیف کی علامت ہے جو موت یا غرق ہونے یا جلنے کے سبب سے ہو۔ اور جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ بطخوں کے انڈوں کا مالک ہوا ہے تو یہ مال کثیر ہے جس کو وہ جمع کرے گا۔

Marfat.com

## ۱۷۲۔ آیات القرآن (قرآنِ کریم کی آیات)

اگر آیاتِ رحمت پڑھتا ہے اور پڑھنے والا میّت ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کی رحمت میں ہے، اور اگر وہ آیاتِ عذاب پڑھتا ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کے عذاب میں ہے۔ اور اگر آیاتِ انذار (ڈرانے دھمکانے والی آیات) پڑھتا ہے اور خواب دیکھنے والا زندہ ہے تو ان آیات نے اسکو کسی ممنوع اور ناپسندیدہ کام کے ارتکاب سے ڈرایا ہے۔ اور اگر آیاتِ مبشّرات (خوشخبری والی) پڑھتا ہے تو ان آیات نے اسکو خیر و بھلائی کی خوشخبری دی ہے۔ جو شخص دیکھے کہ وہ آیتِ عذاب پڑھتا ہے جب عذاب والی آیت (یعنی جس میں عذاب کا ذکر ہے) پر پہنچا ہے تو اس کا پڑھنا اس کے لئے دشوار ہوا ہے تو اس شخص کو خوشی حاصل ہوگی۔ اور جو شخص دیکھے کہ وہ آیتِ عذاب پڑھتا ہے اور جب وہ آیتِ رحمت پر پہنچا ہے تو اسکو پڑھنے کے لئے تیار نہیں ہوا ہے تو وہ سختی میں پڑا رہے گا۔

## ۱۷۳۔ الأیل (بارہ سنگھا)

خواب میں بارہ سنگھا دیکھنا دشمنوں پر غلبہ، عزت و وقار، رعب و دبدبہ اور تاج کی دلیل ہے۔ اور کبھی اس کا خواب میں دیکھنا اجنبی اور مسافر آدمی کی نشانی ہوتا ہے جو جنگل بیابان یا کسی پہاڑ یا سرحد میں ہو۔ اس کو سرداری ملے گی اور اس کا کھانا حلال ہونے کی علامت ہے۔ اور جو شخص خواب میں دیکھے کہ اس کا سر بدل کر بارہ سنگھے کی طرح ہو گیا ہے تو وہ سرداری اور حکومت حاصل کرے گا۔

## ۱۷۴۔ الایلاء (قسم کھانا)

خواب میں کسی انسان کا اپنی بیوی کے قریب نہ جانے کی قسم کھانا غم اور پریشانی کی دلیل ہے۔ اور نیز اس چیز پر دلیل ہے جو ماں باپ کے قسم کھانے سے واجب ہوتی ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کی قسم کھانا اس سے زیادہ موجب ہے۔

## ۱۷۵۔ الایمان (ایمان لانا): دیکھئے الصدق (تصدیق کرنا)

## ۱۷۶۔ الایوان (محل)

اگر کسریٰ کا محل ہو تو یہ عدل و انصاف کے ظہور اور ملوکیت کی تجدید پر دلیل ہے۔ اسی طرح محل کا دیکھنا مال و اولاد اور عہدہ و منصب کی دلیل ہے۔ اور اگر محل کچی اینٹوں سے بنا ہوا ہو تو یہ دیندار دیہاتی عورت پر دلیل ہے، اور اگر چونے سے بنا ہوا ہو تو یہ محدود دنیا کی علامت ہے، اگر پکی اینٹوں سے بنا ہوا ہو تو یہ مالِ حرام یا منافق عورت کی دلیل ہے۔

## ۱۷۷۔ ایوب علیہ السلام

خواب میں حضرت ایوب علیہ السلام کی زیارت مال و اولاد اور ازواج (بیویوں) کی گمشدگی اور مصیبت کی دلیل ہے۔ اور کبھی اس کی تعبیر وہ مال یا اولاد ہے جو اسکے ہاتھ سے نکل گئی ہو، اور کبھی خواب دیکھنے والا کسی ایسی قسم سے دوچار

Marfat.com

ہوگا جس کی وجہ سے وہ کسی عالم فقیہ کا محتاج ہوگا، اگر خواب دیکھنے والا مریض ہے تو اپنے مرض سے شفا پائے گا۔ اس کی بیماری دور ہوگی۔ اور کبھی حضرت ایوب علیہ السلام کی زیارت مراد پانے کی دلیل ہوتی ہے مثلاً کوئی دُعا یا حاجت کا سوال اللہ تعالیٰ سے کیا ہو تو وہ دُعا یا حاجت پوری ہوگی۔ جو شخص خواب میں حضرت ایوب علیہ السلام کا لباس پہنے تو وہ بلا و مصیبت میں مبتلا ہوگا اور محبوب لوگوں کی جدائی اور بیماریوں کی کثرت کی علامت ہے۔ لیکن پھر یہ تمام تکلیفیں اور بیماریاں ختم ہوں گی، اور وہ بزرگوں کی نظر میں قابلِ تعریف ہوگا۔ اور بعض کہتے ہیں کہ حضرت ایوب علیہ السلام کی خواب میں زیارت بلا و مصیبت اور تنہائی اور عزت و شرف اور اجر و ثواب کی دلیل ہے۔ جب کوئی عورت خواب میں حضرت ایوب علیہ السلام کی زوجہ مطہرہ (بیوی) کو دیکھے تو یہ مال کے چھن جانے اور اس کے حال کے کھل جانے کی دلیل ہے۔ اور اگر ان کو سزا دی ہے تو عنقریب وہ عورت خیر و سلامتی کو پہنچے گی، اگر حضرت ایوب علیہ السلام کی زوجہ مبارکہ کو کوئی مریض دیکھے تو وفات پائے گا۔ اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں قابلِ رحم ہوگا۔ یا اللہ تعالیٰ اس کے حال پر رحم فرمائیں گے اور اس کی تکلیف کو دور فرما دیں گے اس لئے کہ حضرت ایوب علیہ السلام کی زوجہ مطہرہ کا نام ''رحمت'' ہے۔

Marfat.com

# ﴿باب الباء﴾

## ۱۷۸۔ الباب (دروازہ)

خواب میں دروازہ دیکھنا گھر کے نگران کی دلیل ہے، اور خواب میں کھلے ہوئے دروازے رزق کے دروازوں کی علامت ہیں۔ اور گھروں کے دروازے عورتوں پر دلیل ہیں۔ لہٰذا اگر دروازے نئے ہوں تو یہ اس بات کی نشانی ہے کہ عورتیں کنواری ہیں۔ اور اگر دروازے بند نہیں ہیں تو عورتیں کنواری نہیں ہیں۔ جو شخص خواب میں دیکھے کہ اس نے کسی گھر کا لوہے کا دروازہ بند کیا ہے تو وہ کسی کنواری سے نکاح کرے گا، اور جو خواب میں گھر کے دروازہ کو اس کی حالت سے بدلا ہوا دیکھے تو یہ گھر کے مالک کی حالت کے بدلنے کی دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ دروازہ گر گیا ہے یا باہر کی طرف اکھڑ گیا ہے یا دروازہ کو جلا ہوا یا ٹوٹا ہوا دیکھے تو یہ ایک مصیبت کی نشانی ہے جو گھر کے نگران کو پہنچے گی، اسی طرح اگر خواب دیکھنے والا شخص اکھڑنے کے بعد دروازہ کو بند دیکھے تو یہ آدمی کی بقاء کی علامت ہے، اور اگر دروازہ کو بند دیکھے تو یہ عظیم مصیبت ہے جو گھر کے افراد کو پہنچے گی، اور اگر اپنے گھر کے دروازے کے درمیان میں ایک چھوٹا دروازہ دیکھے تو یہ بھی ناگوار صورت کی دلیل ہے، اس لئے کہ وہ شخص قابلِ ستر چیزوں کے پاس آتا ہے۔ اگر دیکھے کہ اسکے گھر کا دروازہ بڑا ہوا ہے اور کشادہ ہوا ہے اور خوبصورتی کے ساتھ مضبوط ہوا ہے تو یہ گھر کے نگران اور سرپرست کی حسنِ حالت پر دلیل ہے۔ اگر دیکھے کہ کوئی درندہ اس کے گھر کے دروازہ پر حملہ آور ہوا ہے اور کود آیا ہے تو فاسق لوگ اس کی بیوی کے پیچھے لگیں گے۔ اور اگر دیکھے کہ وہ اپنے گھر کے دروازہ کو تلاش کر رہا ہے اور اس کو نہیں پاتا تو یہ دینوی کسی کام میں حیرانگی کی علامت ہے، اور اگر خواب میں دیکھے کہ وہ کسی دروازہ سے داخل ہوا ہے تو وہ کسی خصومت (جھگڑے) میں مبتلا ہوگا اور غالب آئے گا، اور اگر چند دروازے دیکھے کہ وہ کھولے گئے ہیں تو دنیا کے دروازے اس کے لئے کھلیں گے، اور اگر دیکھے کہ اس کے گھر کا دروازہ عام دوسرے دروازوں کے مقابلہ میں زیادہ کشادہ ہوا ہے تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ کچھ لوگ اجازت کے بغیر اس کے گھر میں آئیں گے، اور کبھی دروازہ کا اپنی جگہ سے ہلنا اس بات کی دلیل ہوتا ہے کہ گھر کے مالک کے اخلاق اور احوال میں تغیر اور زوال آئے گا یعنی افرادِ خانہ کے حالات پہلے جیسے نہیں رہیں گے، اگر دیکھے کہ وہ تنگ دروازہ سے کشادہ جگہ پر گیا ہے تو یہ تنگ حالی سے کشادہ حالی کی طرف جانے کی دلیل ہے۔ اور خوف ومصیبت سے امن وسلامتی کی طرف جانے کی علامت ہے۔ اور دروازہ کا کنڈا دربان یا قاصد وغیرہ پر دلیل ہے۔ لہٰذا جو شخص دیکھے کہ اس کے دروازہ کے دو کنڈے ہیں تو اس کے ذمہ دو شخصوں کا قرض ہے، اگر دیکھے کہ اس نے دروازہ کا کنڈا کاٹا ہے تو وہ کسی بدعت میں پڑے گا۔ اور جو خواب میں دیکھے کہ آگ دروازوں کو جلا رہی ہے تو اس کی بیوی عنقریب اللہ کو پیاری ہو جائے گی۔ اور شہر کے دروازے اس شہر کے حاکم کی دلیل ہے جو دینی و دنیوی امور کا ذمہ دار ہے۔ اور گھر کا دروازہ گھر کے بانی اور گھر کے مصالح (ضروریات وغیرہ) پورے کرنے والے پر دلیل ہے۔ اور گھر کا دروازہ گھر کے رہنے والے پر دلیل ہے۔ اور نامعلوم دروازوں سے داخل ہونا دشمنوں پر غلبہ اور کامیابی حاصل ہونے کی دلیل ہے۔ اور کبھی نامعلوم دروازے علوم، رزق، سفر اور کسب

Marfat.com

ومعاش کی دلیل ہوتے ہیں اور دروازوں سے نکلنا مذکورہ چیزوں کے حاصل نہ ہونے کی علامت ہے، اگر دروازہ خوبصورت ہوتو خیر سے دور ہونے کی نشانی ہے، اور اگر دروازہ منہدم ہو یا تنگ ہوتو یہ شہر سے دور ہونے اور اپنے لئے نجات کے قصد کی دلیل ہے۔ اور کبھی دروازہ موت کی دلیل ہوتا ہے۔ چنانچہ اگر خواب میں دروازہ سے باہر نکلا ہو پھر کوئی کشادگی یا سبزہ یا اچھی ہوا پائی ہوتو یہ آخرت کے اچھے ہونے کی دلیل ہے۔ اور اگر اندھیرا یا آگ یا مردہ وغیرہ پایا ہوتو آخرت میں اسے سزا ہوگی، اور خواب میں دروازہ کھولنا معاملات کی آسانی پر دلیل ہے، اور دروازہ بند کرنا رنج وغم اور عسرت کی زندگی اور اسبابِ معاش کے معطّل ہونے کی دلیل ہے۔ اور آسمان میں دروازہ کا کھلنا دُعا کی قبولیت، ممنوع کام کے ارتکاب سے ممانعت، عذاب کی طوالت (لمبے ہونے)، مصائب اور انتقام (بدلہ لینا) وغیرہ کی دلیل ہے۔ اگر بارش بند ہوتو بارش کے نزول، زمین کے آباد اور زرخیز ہونے پر دلیل ہے۔ اور گھر میں پوشیدہ دروازہ دیکھنا اس خیر یا شر کی دلیل ہے جسے خواب دیکھنے والا چھپاتا ہے۔ پس اگر وہ پوشیدہ ہوتو پوشیدہ رکھنے کی وجہ سے وہ اپنی مراد کو پہنچے گا اور اگر ظاہر ہوتو یہ اس کے راز کے ظاہر ہونے اور اس کے حالات کے کھلنے کی دلیل ہے۔ اور کبھی اس خواب کی تعبیر عزت ومرتبت اور غلام باندی کے ساتھ ہوتی ہے۔ اور کبھی یہ خواب سچّے دل اور اپنے رب تعالیٰ کے ساتھ حسنِ معاملہ کی دلیل ہے۔ اور جو اپنے گھر کا دروازہ نیا دیکھے یا بڑھئی کو دیکھے کہ اس نے اس دروازہ کو کھڑا کیا ہے یا جوڑا ہے تو یہ صحت وعافیت کی علامت ہے۔ اور جو خواب میں دیکھے کہ وہ دروازہ بند کرنے کا ارادہ کرتا ہے لیکن اس کی طاقت نہیں رکھتا تو یہ اس کی بیوی کی طرف سے مشکل امر پیش آنے کی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ وہ ایک دروازہ سے کسی قوم کے پاس آیا ہے تو وہ اپنے دشمنوں پر غالب آئے گا، اور اسکے مخالف کی دلیلیں بے اثر ثابت ہوں گی، اور جو اپنا دروازہ اکھڑا ہوا اور کسی اور کا جڑا ہوا دیکھے تو وہ اپنا گھر فروخت کرے گا، اور جو کسی گھر میں داخل ہوا اور اس کا دروازہ بند کیا ہے تو وہ گناہ کے کام سے محفوظ ہوگا، دروازہ اور دو کنڈے دو قرض خواہ ہیں جو قرض کا مطالبہ کرتے ہیں۔

**۱۷۹۔ البابونج (گلِ بابونہ):** دیکھئے الاقحوان (گل بابونہ)۔

## ۱۸۰۔ الباخرۃ (دخانی جہاز)

خواب میں جہاز کا دیکھنا رزق اور فائدہ کی دلیل ہے، لہٰذا جو شخص خواب میں کسی عجیب وغریب جہاز پر سوار ہو یا اس کا مالک بنا ہوتو وہ جہاز جس جگہ کی طرف منسوب ہے اس جگہ کی کسی عورت سے شادی کرے گا، یا وہ کوئی باندی خریدے گا یا دشمن پر غالب آئے گا، یا مالِ تجارت کا مالک بنے گا، اور خواب میں چھوٹا جہاز خواب دیکھنے والے کے عزیز واقارب ہیں، اور آسمان پر کوئی اضطراب یا تغیّرِ حالت کا دیکھنا خواب دیکھنے والے کے جہاز سے متعلق ہوتا ہے۔ خاص طور سے جب خواب دیکھنے والا دریا میں ہو۔

## ۱۸۱۔ الباذنجان (بیگن)

خواب میں بروقت بیگن دیکھنا قلیل محنت ومشقت کے ساتھ رزق کی دلیل ہے، لیکن بے وقت اور بے موسم بیگن

Marfat.com

دیکھنا ناپسندیدہ امر ہے۔ اور بیگن کا کھانا آسانی کے آنے اور گفتگو میں خوشامدی اور چاپلوسی، کینہ اور دھوکہ کی علامت ہے، اور بعض اوقات بیگن کا دیکھنا شکاریوں کے لئے شکار کے متعلق فرحت اور خوشی کی دلیل ہے۔

## ۱۸۲۔ البازی (باز)

خواب میں اگر باز مطیع اور فرمانبردار ہو تو یہ ایسے بادشاہ پر دلیل ہے جس کا وہ خادموں کے ساتھ رفیق بنے گا، اس لئے کہ باز کو دوسرے پرندوں پر قدرت و طاقت حاصل ہوتی ہے، اگر خواب میں دیکھے کہ وہ بازوں کو بلاتا ہے تو وہ عرب کا منتخب کردہ تباہ کن لشکر حاصل کرے گا، باز پرندہ عزت و مرتبہ والا آدمی ہے، اور جو خواب میں باز کو پکڑے تو اسے فرزند (بیٹا) عطا ہوگا، اگر اہل حکومت میں سے ہو تو بادشاہ بنے گا، اگر اس کے ہاتھ سے چھوٹ کر اڑ گیا ہے اور اس کی ٹانگ رہ گئی ہے تو اس کی بادشاہت ختم ہوگی اور اس کا تذکرہ رہ جائے گا، اور اگر اس کے ہاتھ میں اس کی کوئی چیز پَر وغیرہ رہ گیا ہو تو بادشاہت کا کچھ حصہ اس کے پاس رہ جائے گا، اور باز کا ذبح کرنا بادشاہوں کی موت کی علامت ہے، اور باز کا گوشت کھانا بادشادہ کی جانب سے مال حاصل ہونے کی نشانی ہے، اور جو شخص اپنے ہاتھ میں باز دیکھے اور وہ کوئی شہزادہ ہو تو بادشاہ بنے گا، اور اگر عام بازاری ہو تو سرداری پائے گا۔ اور لوگوں میں معزز ہوگا، اگر گھر میں باز کو قتل کیا ہے تو کسی چور، ڈاکو اور لٹیرے پر غلبہ حاصل کرے گا، اگر دیکھے کہ چند باز ایک محلہ میں اترے ہیں تو ان کی تعداد کے مطابق وہاں چور ڈاکو آئیں گے، اگر دیکھے کہ ایک باز اس کے مقعد سے نکلا ہے تو ایسا آدمی کا رفیق بنے گا جو حرام کھاتا ہے یا ایسے آدمی کو اپنے گھر میں جگہ دے گا۔ خواب میں باز کا دیکھنا کبھی چوروں اور راہزنوں اور ڈاکوؤں کی دلیل ہوتا ہے اور کبھی عزت و سلطنت، دشمنوں پر غلبہ اور مرادوں کے پانے، اولاد و ازواج غلام اور باندیوں اور نفیس (عمدہ) اموال اور صحت کی علامت ہوتا ہے۔ نیز باز کا دیکھنا پریشانیوں کے دور ہونے، آنکھوں کے درست ہونے اور سفروں کے زیادہ ہونے کی دلیل ہے، اور کبھی اس کا دیکھنا موت کے آنے، قید ہونے، ہتھکڑی لگنے اور کھانے پینے کی اشیاء میں کمی ہونے کی نشانی ہوتا ہے۔ اور جو دیکھے کہ باز اس کے پاس سے چلا گیا ہے تو اس کی سلطنت اس کے پاس سے چلی جائے گی، اگر باز کی کوئی چیز پَر یا رسّی وغیرہ اس کے ہاتھ میں رہ گئی ہے تو جس قدر باز کی چیز اس کے پاس رہی ہے اسی قدر اس کے پاس مال و دولت رہ جائے گی۔ اور جو دیکھے کہ اس نے شکار کے لئے باز خریدا ہے تو وہ کسی کام پر مقرر ہوگا اور اس کے لئے کچھ کام کرنے والوں کو بھیجے گا وہ اس کے مال کو ترقی دیں گے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ باز کا مرنا ظالموں کی ہلاکت کی دلیل ہے۔

## ۱۸۳۔ الباشق (باشہ)

خواب میں باشہ پرندہ دیکھنا جاہل اور ظالم بادشاہ کی دلیل ہے۔ باشہ باز سے سلطنت میں کم ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ جو دیکھے کہ اس نے اپنے ہاتھ میں باشہ پرندہ پکڑا ہے تو وہ چور ہے اور جو خواب میں اپنے ہاتھ پر باشہ کو دیکھے تو وہ چند عاجز لوگوں کو منتخب کرے گا، اور جو باشہ پرندہ دیکھے تو وہ فاسق ظالم آدمی دیکھے گا، اگر خواب میں باشہ پرندہ کے بچے پائے ہیں تو اس کے ہاں لڑکا ہوگا۔

Marfat.com

۱۸۴۔ الباع (دو ہاتھ کے پھیلاؤ کے بقدر): دیکھئے الذراع (گز)

۱۸۵۔ الباعة (فروخت کرنے والا): دیکھئے السوق (بازار)۔

## ۱۸۶۔ الباطیۃ (شیشہ کا برتن)

خواب میں شیشہ کا برتن دیکھنا موٹی باندی کی دلیل ہے جس کے ساتھ وہ زینت اختیار کرے گا، اور کبھی اس خواب کی تعبیر بیوی اور صاحبِ شرف و مروّت عورت اور اس صاحب کے ساتھ ہوتی ہے جو اس سے آراستہ ہو، اور کبھی یہ خواب اس مرد یا بیوی پر دلیل ہوتا ہے جو راز کو نہیں چھپاتی اور نہ اسکی قابل تعریف زندگی ہے اور نہ اس کی اولاد کی۔ اور کبھی شیشہ کا برتن بدکار عورت کی دلیل ہوتا ہے۔ اور شیشہ کا برتن (جس میں شراب پی جاتی ہے) مکّار پڑوسن ہے۔

## ۱۸۷۔ الباقلاء (لوبیا)

اگر لوبیا تر و تازہ ہو تو یہ غم و فکر کی علامت ہے، اور اگر خشک ہے تو یہ خوشحالی اور سرور کے ساتھ مال کی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ اس کے بال لوبیا بنے ہیں تو اس کا مال قلت (کمی) کی طرف لوٹے گا اور فقیر ہوگا۔ اور سبز لوبیا رزق، لباس اور پاکیزگی کی دلیل ہے۔

## ۱۸۸۔ الباقلانی (لوبیا فروش)

خواب میں لوبیا فروش دیکھنا ایسے آدمی پر دلیل ہے جو لوگوں کی باتیں سنتا ہے اور پھر لوگ اس کو برائی سے جواب دیتے ہیں۔

## ۱۸۹۔ البالوعة (نالی)

خواب میں گندی نالی دیکھنا بیوقوف خادم کی دلیل ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ بیوقوف عورت کی علامت ہے۔ اور نامعلوم پانی کی گندی نالی بدکار عورت ہے، جس کی پانی کی گندی نالی خواب میں بند ہوگئی ہو تو اس کی زندگی تنگ ہوگی۔

۱۹۰۔ البائع (بیچنے والا): دیکھئے البیّاع (بیچنے والا) اور دیکھئے المشتری (خریدار) نیز دیکھئے السوق (بازار)۔

## ۱۹۱۔ الببغاء (طوطا)

خواب میں طوطے کا دیکھنا مویشی فروش ظالم اور جھوٹے کی دلیل ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ طوطا فلسفی آدمی اور اس کے بیٹے کے فلسفی ہونے کی علامت ہے۔ اور طوطا حسین، جمیل اور فصیح زبان عورت کی دلیل ہے، اور کبھی طوطے کا دیکھنا عجمی عورت کی اور کبھی بہت بڑے مغرور و متکبر آدمی یا بہت بوی بدکار عورت کی دلیل ہوتا ہے۔

Marfat.com

## ۱۹۲۔ البتّار (کاٹنے والی): دیکھئے السیف (تلوار)۔

## ۱۹۳۔ البثر (پھنسی)

جو خواب میں اپنی والدہ کو دیکھے کہ ان کو پھنسی نکلی ہے پھر وہ پھنسی پھٹی ہے اور اس سے پیپ وغیرہ بہی ہے تو یہ اس آدمی کی کامیابی کی علامت ہے، اگر اپنے جسم پر پھوڑا یا پھنسی دیکھے تو پھنسی وغیرہ کی قوت اور کثرت کے مطابق اسے مال و دولت حاصل ہوگا، جسم میں ہر ایسی زیادتی جو اس کے صاحب کو نقصان نہ دے وہ نعمت و خیر کے اضافہ کی نشانی ہوتی ہے۔

## ۱۹۴۔ البحر (دریا)

خواب میں دریا دیکھنا زبردست، بارعب، طاقتور اور عادل و شفیق بادشاہ کی دلیل ہے جس کے لوگ محتاج ہوں۔ تاجر کے لئے دریا کا دیکھنا اس کا سامانِ تجارت ہے اور مزدور کے لئے اس کے استاد پر دلیل ہے۔ جو شخص دریا دیکھے تو اپنی مراد کو حاصل کرے گا اور جو دیکھے کہ اس نے دریا میں غوطہ لگایا ہے تو وہ بادشاہ کے پاس آئے گا، جو شخص دیکھے کہ وہ دریا کے کنارہ بیٹھا ہے یا لیٹا ہے تو وہ بادشاہ کے کام میں دخل دے گا اور اس سے خوفزدہ رہے گا، جیسے یہ شخص غرق ہونے سے محفوظ نہیں ہے اسی طرح وہ بادشاہ کے غیظ و غضب سے محفوظ نہیں ہوگا۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے دریا کا سارا پانی پیا ہے اور اس کو سوائے بڑے بادشاہ کے کسی نے نہیں دیکھا ہے تو وہ دنیا کا مالک ہوگا اور اس کی عمر طویل ہوگی اور بادشاہ کی طرح اس کی بادشاہت ہوگی یا اس کی بادشاہت میں اس کا ہم مثل ہوگا۔ اور اگر دریا کا پانی پیا ہو اور اس کو کسی نے دیکھ لیا ہو تو اسے بادشاہ کی طرف سے اتنا مال حاصل ہوگا جس سے وہ مالدار ہو جائے گا اور زندگی بھی لمبی ہوگی اور قوت والا ہوگا، اگر دریا سے پانی مانگا ہے تو وہ بادشاہ سے کوئی کام طلب کرے گا، اور جس قدر اس نے پانی مانگا ہے اسی قدر اس کو حاصل کرے گا، اگر خواب میں دریا کا پانی کسی برتن میں انڈیلا ہے تو وہ مالِ کثیر حاصل کرے گا یا اللہ تعالیٰ اس کو ایسی حکومت عطا فرمائیں گے جس سے وہ مال کو جمع کرے گا۔ حکومت دریا سے زیادہ قوی، وسیع اور دائمی چیز ہے۔ اس لئے کہ حکومت عطیۂ خداوندی ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ جو شخص دریا کا پانی پیئے تو جس قدر اس سے پانی پیا ہے اسی قدر ادب سیکھے گا، اگر خواب میں دریا عبور کیا ہے تو وہ دشمن کا مال حاصل کرے گا۔ جیسے بنی اسرائیل تھے جب انہوں نے دریا عبور کیا تو مالِ فرعون کے مالک بنے۔ اگر دیکھے کہ دریا کا پانی کسی محلہ میں داخل ہوا ہے اور اس سے اہل محلہ کو تکلیف نہیں پہنچی ہے تو اس جگہ بادشاہ داخل ہوگا، اور اس محلہ کے لوگ اس سے مال و معیشت حاصل کریں گے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ دریا کے پانی سے غسل کیا ہے تو اس کے گناہ معاف ہوں گے اور بادشاہت سے اس کی پریشانی وغیرہ دور ہوگی، اگر دریا کو کسی دور جگہ میں دیکھے لیکن اس سے مخلوط نہیں ہوا ہے تو کوئی ایسی چیز اس کے قریب ہوگی جس کی وہ امید رکھتا ہے، اگر دریا سے کچھ پیا ہے تو اگر اس کا کوئی شریک ہو تو وہ اس سے جدا ہوگا، جو شخص خواب میں دریا میں پیشاب کرے تو وہ غلطیوں پر جما رہے گا، جو شخص دریا کو دور سے دیکھے تو وہ بلا و مصیبت اور خوفناک چیز دیکھے گا۔ بعض کہتے ہیں

Marfat.com

کہ وہ مصیبت اور آزمائش میں پڑے گا۔ جو دیکھے کہ دریا کا پانی نیچے تہہ میں گیا ہے حتیٰ کہ اس کے دونوں کنارے ظاہر ہوئے ہیں تو یہ بلا و مصیبت کی علامت ہے جو اس زمین پر خلیفہ کی طرف سے نازل ہوگی، یا اس علاقہ میں قحط سالی آئے گی، جو دیکھے کہ وہ دریا پر کھڑا ہے تو اسے بادشاہ کی طرف سے ایسی چیز پہنچے گی جس کے لئے وہ کوشش نہیں کرتا تھا۔ جو دیکھے کہ دریا کا پانی کم ہوا ہے اور خلیج بن گیا ہے تو بادشاہ کمزور ہوگا اور ان علاقوں سے روانہ ہو جائے گا جہاں سے دریا روانہ ہوا ہے، اور لوگوں کو خیر ہی پہنچے گی، اور جو خواب میں دیکھے کہ وہ دریا میں داخل ہوا ہے پھر اس سے نکلا ہے تو اسے بادشاہ کی طرف سے بدلہ ملے گا اور غم فکر دور ہوگا، جو شخص خواب میں خود کو دیکھے کہ وہ دریا میں تیرتا ہے پھر اس سے نکلا ہے تو اگر خواب دیکھنے والا مریض ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو شفا دیں گے، اور اگر وہ بادشاہ کی طرف سے یا کسی اور شخص کی طرف سے کسی غم فکر میں مبتلا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے غم وغیرہ کو دور فرما دیں گے، اور جو شخص خواب میں دیکھے کہ اس نے دریا کو ایک جانب سے دوسری جانب عبور کیا ہے تو وہ رنج و غم، خوف اور ہولناکی سے محفوظ رہے گا، اور جو دیکھے کہ دریا نے اس کو گھیر لیا ہے تو اسے بڑا رنج و غم لاحق ہوگا، خصوصاً جب کہ اس کا پانی گدلا ہو، یا اس کی گہرائی سے کیچڑ پہنچا ہو، جو خواب میں دیکھے کہ وہ دریا میں تیر رہا ہے تو وہ جس مسئلہ میں مبتلا ہے اس سے نکلنے کی کوشش کرے گا۔ اگر اس کا دریا سے نکلنا اسی تیراکی سے ہو تو پھر وہ اس مسئلہ سے نکلنے کی راہ نہیں پائے گا۔ اور جو شخص دیکھے کہ وہ دریا میں تیراکی سے داخل ہوا ہے حتیٰ کہ پھر وہ دکھائی نہیں دیتا تو یہ اس کی ہلاکت و بربادی کی علامت ہے، اور جو دیکھے پانی نے اس کو گھیر لیا ہے حتیٰ کہ اس میں مر گیا ہے یا دیکھے کہ وہ مر گیا ہے تو شہادت کی موت مرے گا، اس لئے کہ دریا میں غرق ہونے والا شہید ہوتا ہے۔ اور جو شخص دیکھے کہ وہ دریا میں ڈوب گیا ہے اور پانی کے اوپر کبھی چڑھتا ہے اور کبھی نیچے اترتا ہے اور مرا نہیں ہے تو ایسا شخص دنیا کے کاموں میں غرق ہے، اور ممکن ہے کہ اسے دنیا کی کوئی نعمت مل جائے اور یہ بھی ممکن ہے کہ وہ بہت زیادہ گناہ کرنے والا ہو، اور جو دیکھے کہ وہ دریا میں موتی وغیرہ پر غوطہ لگاتا ہے تو وہ مال وغیرہ کا طالب ہے، جس قدر موتی وغیرہ حاصل ہوئے ہیں اسی قدر مال حاصل ہوگا۔ اور جو دیکھے کہ وہ دریا سے پانی کا چلو لے کر اس کو کشتی میں ڈالتا ہے حتیٰ کہ اسکو بھر دیتا ہے تو عنقریب اس کے ہاں طویل العمر لڑکا ہوگا، اور جو خواب میں دیکھے اس نے دریا سے پانی لیا ہے پھر اس کو پیا ہے تو وہ بادشاہ سے مال حاصل کرے گا یا جس قدر پانی پیا ہے اسی قدر علم جمع کرے گا۔ اگر دریا کا پانی گدلا ہے تو اس کو خوف پہنچے گا، اور جو دیکھے کہ اس نے دریا کے پانی سے وضو یا غسل کیا ہے تو اگر وہ خوفزدہ ہے تو امن پائے گا، اور اگر وہ جیل میں ہے تو خیر کے ساتھ اس سے نکلے گا، اور جو خواب میں دیکھے کہ وہ دریا کے پانی کے اوپر چلتا ہے تو یہ اس کی حسنِ نیت اور صحت یقین (یقین کے درست ہونے) کی دلیل ہے اور کبھی دریا کا دیکھنا پریشان کن اور تباہ کن فتنہ کی دلیل ہوتا ہے۔ اور کبھی جہنم کی دلیل ہوتا ہے۔ جو شخص خواب میں کسی میت کو دریا میں دیکھے تو یہ اس کے جہنم میں ہونے کی علامت ہے۔ اگر مریض کو دریا میں دیکھے تو اس کی بیماری بڑھ جائے گی۔ اگر وہ مریض دریا میں غرق ہوا ہے تو وہ اپنی بیماری میں مر جائے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ پانی پر چلنا (خواب میں) کسی پوشیدہ امر کے ظاہر ہونے کی دلیل ہے، اور بعض کے نزدیک خوف و خطرہ کی دلیل ہے اور

Marfat.com

کبھی یہ خواب دیکھنے والے کا مشقت زیادہ اٹھانے اور دھوکہ دینے کی دلیل ہوتا ہے۔ خواب میں دریا کا دیکھنا عمر کے اختتام اور عمر کے طویل ہونے کے ساتھ عالم الغیب والشہادۃ (اللہ تعالیٰ) کے ساتھ تعلق کی دلیل ہے۔ اور کبھی دریا کا دیکھنا سفر اور لڑائی اور اس سے متعلق چیزوں کی دلیل ہوتا ہے۔ اور شیریں دریا مؤمن انسان کی اور کھارا دریا کافر انسان کی دلیل ہے، اور بسا اوقات دریا کا دیکھنا آسمان کی بارش پر اور کبھی تسبیح (سبحان اللہ کہنا) وتہلیل (لا الہ الا اللہ کہنا) کی دلیل ہوتا ہے۔ اس لئے کہ انسان جب دریا کو دیکھتا ہے تو اللہ تعالیٰ کی تسبیح وتہلیل پڑھتا ہے۔ اور بعض اوقات دریا کا دیکھنا خوف وگھبراہٹ اور مقاصد کے حصول میں تاخیر پر دلیل ہوتا ہے۔ اور کبھی رنج وغم کے دور ہونے پر دلیل ہوتا ہے۔ اور بعض صورتوں میں دریا کا دیکھنا موت کی بھی علامت ہوتا ہے کیونکہ اس میں مال وارواح ختم ہو جاتے ہیں۔ اور کبھی دریا کا دیکھنا نجاستوں سے طہارت حاصل کرنے، کافر کے لئے ایمان قبول کرنے اور گناہگار کے لئے توبہ کرنے کی دلیل ہوتا ہے۔ نیز دریا کا دیکھنا قسم کھانے پر بھی دال ہے، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے دریا کی قسم کھائی ہے، ارشاد فرمایا ہے: "والبحر المسجور ان عذاب ربك لواقع" (ترجمہ) اور (قسم ہے) ابلتے ہوئے دریا کی بے شک عذاب تیرے رب کا ہو کر رہے گا۔ اور کبھی دریا کا دیکھنا والدین کی دلیل بھی ہوتا ہے، اور اسی طرح کبھی بداخلاق مرد اور عورت کی دلیل بھی ہوتا ہے۔ اور کبھی دریا کا دیکھنا قید خانہ کی بھی دلیل ہوتا ہے کیونکہ دریا میں حیوانات قید ہیں، اور کبھی یہ خواب ایسے کاروبار کی دلیل ہوتا ہے جس کی کوئی حد نہ ہو یا ایسے شہر کی علامت ہوتا ہے جس کی کوئی فصیل نہ ہو، نیز دریا کا خواب میں دیکھنا جماعت کے چھوڑنے پر بھی دلیل ہے، اگر خواب میں دریا خوبصورتی میں بڑھا ہو یعنی زیادہ ہوا ہو، اور لوگ بارش کے محتاج ہوں تو ان پر بارشیں برسیں گی، اگر کوئی انسان خواب میں دریا کو موجیں مارتا ہوا دیکھے تو اس کو سفر میں خوف اور پریشانی لاحق ہوگی، اور جو دریا میں پیشاب کرے تو وہ گناہوں پر جما رہے گا، اور کبھی دریا کا دیکھنا دنیا، اس کے عجائبات اور ہولناکیوں کی دلیل ہوتا ہے۔

## ۱۹۵۔ البحرۃ (تالاب): دیکھئے الفسقیۃ (تالاب)۔

## ۱۹۶۔ البحیرۃ (جھیل)

خواب میں جھیل کا دیکھنا قاضی اور حاکم کی دلیل ہے اور مسافر کے لئے جھیل سفر کی دشواری پر دلیل ہے، اور چھوٹی جھیل مالدار عورت پر دلیل ہے، اور جھیل پرورش کرنے والی عورت کی علامت ہے۔

## ۱۹۷۔ البخار (بھاپ)

خواب میں بھاپ کا دیکھنا آنکھ کے بھاپ اور اس کی تاریکی پر دلیل ہے۔ سردی کے موسم میں جو بھاپ انسان کے منہ سے نکلتا ہے خواب میں اگر اس کو گرمی کے موسم میں دیکھے تو یہ باطنی (اندرونی) امراض پر دلیل ہے، نیز سربستہ رازوں کے ظاہر ہونے کی دلیل ہے۔ اگر یہ خواب دیکھنے والا راہِ راست پر ہو تو بھٹک جائے گا، اگر عالم ہو تو کوئی کھلی

Marfat.com

بدعت ایجاد کرے گا، اور کبھی یہ خواب جھوٹ اور بے فائدہ کلام کی دلیل ہوتا ہے۔

## ۱۹۸۔ البخر (منہ کی بدبو)

جو شخص خواب میں دیکھے کہ اس کے منہ سے بدبو نکلتی ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ کوئی ایسا کلام کرے گا جس کے ذریعہ وہ اپنی تعریف کرے گا اور تکبر کرے گا اور اس کیوجہ سے کسی تکلیف اور سختی میں مبتلا ہوگا۔ اگر بوئے دہن (منہ کی بدبو) کسی دوسرے شخص سے محسوس کرے تو کوئی قبیح اور بری بات سنے گا، اگر دیکھے کہ وہ ہمیشہ سے بدبودار منہ والا ہے تو وہ بہت بڑا فحش گو شخص ہے۔ منہ کی بدبو سنگدلی اور ظلم و زیادتی کی علامت ہے۔

## ۱۹۹۔ البخل (بخل کرنا)

خواب میں بخل کرنا بیداری میں ایک لاعلاج بیماری کی علامت ہے۔ اور کبھی بخل منافقت اور جہنم کے قریب کرنے والے اعمال کی دلیل ہوتا ہے۔ اور کبھی خواب میں بخل کرنا خرچ میں کمی کرنے اور محتاجی کی دلیل ہوتا ہے۔ اور خواب میں بخل کرنا قابل مذمت چیز ہے، جو شخص خواب میں دیکھے اس نے بخل کیا ہے تو وہ قابل مذمت ہوگا، جیسا کہ خواب میں بادلِ نخواستہ مال خرچ کرنا اجل کے قریب ہونے کی دلیل ہوتا ہے، اور اگر بطیب خاطر (خوشدلی سے) خواب میں مال خرچ کیا ہے تو خیر و نعمت حاصل ہوگی۔

## ۲۰۰۔ البخور (بخور پودہ)

خواب میں بخور پودہ عمدہ تعریف والا آدمی ہے، جو خواب میں دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں بخور کی لکڑی ہے تو اگر اس کی کوئی چیز گم ہوئی ہے تو اس کے پاس واپس آجائے گی، اور کوئی اچھی بات سنے گا، اور جو شخص اس لکڑی (یعنی اگر) کی خوشبو سونگھے یا اس کا دھواں دیکھے تو وہ کوئی اچھی بات سنے گا۔ جو خواب میں بخور پودہ کی لکڑی دیکھے کہ اسکے گھر میں اگی ہے تو اسے ایک ایسا بیٹا عطا ہوگا جو بعد میں اپنی قوم کا سردار بنے گا۔

**۲۰۱۔ البدر (چودھویں کا چاند):** دیکھئے القمر (چاند) اور دیکھئے الھلال (چاند) اور دیکھئے الشمس (سورج)۔

**۲۰۲۔ البدن (بدن):** دیکھئے الجسم (جسم)۔

## ۲۰۳۔ البذر (بیج بونا)

خواب میں اگر ایسی چیز بوئی ہو جسے بونا ناممکن ہے یا کسی نامناسب جگہ میں بوئی ہے تو یہ اسراف (حد سے بڑھنے) پر دلیل ہے اور کبھی خواب میں بیج کا بونا علم اور رزق کی وسعت اور ایک بہت بڑی صنعت کی واقفیت پر دلیل ہے۔ اور کبھی خواب میں بونا بڑے لوگوں کی معاشرت پر دلیل ہے۔ اور زمین میں بیج کا بونا اولاد کی دلیل ہے، اور جو شخص خواب میں دیکھے کہ گویا اس نے کوئی بیج بویا ہے اور وہ زمین میں متعلق ہوگیا ہے تو وہ مقام و مرتبہ پائے گا اور اگر زمین میں متعلق

Marfat.com

نہیں ہوا ہے تو رنج وغم پہنچے گا۔

## ۲۰۴۔ البر (گندم): دیکھئے الحنطة (گندم)۔

## ۲۰۵۔ البرادة (لوہے وغیرہ کا برادہ)

خواب میں لوہے کا برادہ (چُور) دیکھنا مالدار، نفع دینے والی اور کثیر خادموں والی عورت کی علامت ہے۔

## ۲۰۶۔ البراذعی (پالان بنانے والا)

خواب میں ایسے شخص کا دیکھنا ایسے آدمی کی علامت ہے جو اپنے کاموں میں محتاط ہو اور اپنے حالاتِ زندگی میں بااصول ہو، اور کبھی یہ خواب سرجن اور عقدِ نکاح کرنے والے پر دلیل ہوتا ہے۔

## ۲۰۷۔ البراز (بول وبراز): دیکھئے الغائط (بول و براز)۔

## ۲۰۸۔ البُراق (براق سواری)

جو شخص خواب میں براق سواری دیکھے تو اونچے مرتبہ پر پہنچے گا اور باعزت سفر کریگا، یا شہید ہوکر مرے گا۔

## ۲۰۹۔ البراءة (خلاصی پانا)

جسے خواب میں خلاصی دی جائے تو وہ خوف سے مامون (محفوظ) ہوگا۔

## ۲۱۰۔ البربخ (پانی کی نالی)

خواب میں پانی کی نالی خزانچی مرد ہے، اور اگر اس نالی میں پانی جاری ہے تو یہ حاکم ہونے کی دلیل ہے۔ اگر پانی اس میں جاری نہ ہو تو یہ اس کے معزول ہونے کی نشانی ہے۔

## ۲۱۱۔ البربط (سارنگی)

خواب میں سارنگی دیکھنا من گھڑت کلام ہے اس لئے کہ سارنگی کی تاروں سے کلام کی طرح آواز نکلتی ہے۔ اگر خواب دیکھنے والا شخص متقی پرہیزگار ہو تو یہ خواب عمدہ تعریف پر دلیل ہے۔ اور اگر وہ دیندار نہ ہو تو یہ اپنی بری تعریف ہے اور وہ شخص جھوٹا ہے۔ اور خواب میں سارنگی دیکھنا دنیا کے لہو ولعب (کھیل تماشہ) اور غلط کاموں کی علامت ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ سارنگی کا بجانا بادشاہت کے چھن جانے پر یا شریف آدمی کی عزت کے چلے جانے پر دلیل ہے۔ جب بھی اس کی بادشاہت کا ذکر ہو تو وہ گھبرا جائے اور پریشان ہو جائے، اور جو خواب میں دیکھے کہ وہ سارنگی بجا کر اپنے گھر میں گانا گا رہا ہے تو یہ مصیبت کی دلیل ہے۔ سارنگی بجانے والا باطل لوگوں کا سردار ہے، جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ بادشاہ کے

Marfat.com

دروازہ پر گانے بجانے کے آلات میں سے کوئی چیز سوائے بانسری کے بجا رہا ہے مثلاً سارنگی ہے، ستار ہے یا کرتال وغیرہ، تو اگر حاکم بننے کا حقدار اور اہل ہے تو حاکم و بادشاہ بنے گا۔ اور جو دیکھے کہ وہ سارنگی بجا رہا ہے تو اس کو کسی قسم کا غم پہنچے گا، اور سارنگی لوگوں کی خواہشاتِ نفسانی اور فضول چیزوں پر دلیل ہے۔ اگر دیکھے کہ سارنگی کے ساتھ بانسری بھی ہے یا ڈھولکی بھی ہے تو یہ ایک مصیبت کی علامت ہے جو اس جگہ کے رہنے والوں کو آئے گی۔

## ۲۱۲۔ البرج (قلعہ)

جب انسان خواب میں دیکھے کہ وہ قلعہ کے اندر ہے تو وہ اس شخص سے باامن نہیں ہوگا جو اس کو تلاش کرتا ہے۔ اگر مریض ہے (خواب دیکھنے والا) تو وفات پائے گا، اور کہا گیا ہے کہ جو دیکھے کہ وہ دیوار کے اوپر ہے یا قلعہ کے اوپر ہے تو یہ خطرناک آدمی پر فتح مندی کی علامت ہے۔ اور جو شخص دیکھے کہ وہ قلعہ کے اوپر ہے تو اس میں کوئی خیر نہیں ہے کیونکہ یہ اس کی قبر ہے۔ اس میں کوئی فرق نہیں کہ وہ قلعہ کے اندر ہو یا قلعہ کے اوپر ہو۔

## ۲۱۳۔ البرد (سردی)

خواب میں سردی دیکھنا (محسوس کرنا) محتاجی کی علامت ہے۔ جو شخص خواب میں سایہ کے اندر سردی محسوس کرے اور پھر دھوپ میں بیٹھا ہو تو اس کی محتاجی دور ہوگی، جیسا کہ اگر خواب میں گرمی محسوس کرے اور پھر سایہ والی جگہ میں بیٹھے تو وہ رنج و غم سے نجات پاتا ہے۔ اگر خواب گرمی کے موسم میں دیکھا ہو تو سردی کا محسوس ہونا مختلف فوائد اور رزق کے حصول کی دلیل ہے۔ جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ سردی محسوس کرتا ہے پھر اس کو ہوا لگتی ہے تو اس کی محتاجی میں اضافہ ہوگا، اگر آگ، انگارہ یا دھوئیں سے گرمی حاصل کی ہے تو وہ بادشاہ کے کسی ایسے کام میں محنت کوشش کرنے کا محتاج ہوگا، جس میں اس کے لئے خوف و خطرہ ہوگا۔ اگر وہ چیز جس سے گرمی حاصل کرتا تھا بھڑکنے والی آگ تھی تو وہ بادشاہ والا عمل کرے گا، اور اگر وہ انگارہ تھا تو وہ یتیم کا مال تلاش کرے گا، اگر دھوئیں سے گرمی حاصل کی تھی تو وہ اپنی جان کو ایک بہت بڑے خوفناک امر میں ڈالے گا، بعض کہتے ہیں کہ خواب میں سخت سردی سردی کے موسم میں محسوس کرنا کسی چیز پر دلالت نہیں کرتی ہے۔ اور بے موسم محسوس کرنا مسافر کے لئے اس بات کی دلیل ہے کہ اس کا سفر نا تمام رہے گا۔

## ۲۱۴۔ البرد (اولے)

اگر خواب میں دیکھے کہ آسمان سے اولے اترتے ہیں تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ بادشاہ لوگوں کو تکلیفیں دیتا ہے، ان کے مال اڑاتا ہے اور بعضوں کو سزائیں دیتا ہے۔ اگر دیکھے کہ آسمان بے موسم اولے یا برف برساتا ہے تو خواب دیکھنے والا معمولی بیمار ہوگا لیکن پھر شفایاب ہو جائے گا۔ اگر دیکھے کہ آسمان سے اولے اس کے جسم پر گرے ہیں تو اس کا کچھ مال جاتا رہے گا، اور بروقت اور برموسم اولوں کا برسنا غموں اور پریشانیوں کے دور ہونے اور دشمنوں اور حاسدوں پر غالب رہنے کی دلیل ہے۔ اس لئے کہ اس میں زمین کی تسکین ہے جس سے سانپ اور بچھو ظاہر ہوتے ہیں۔ اگر ا ا

Marfat.com

زیادہ ہوں جس سے مقامات خراب ہو جائیں اور راستے بند ہو جائیں تو یہ شر کی دلیل ہے اور سفروں کی دشواری اور حالات کے رک جانے کی علامت ہے۔ لیکن اگر ان اولوں سے نقصان نہ پہنچا ہو تو یہ خیر و برکت اور رزق کی دلیل ہے، جو خواب میں دیکھے اولے اس کی زمین پر پڑے ہیں تو یہ رحمتِ الٰہی کی نشانی ہے، اگر ان اولوں نے زمین کو خراب کر دیا ہو تو یہ اس جگہ پر عذاب کے نازل ہونے کی دلیل ہے۔ اور کبھی اولوں کا برسنا ٹڈیوں پر دلیل ہوتا ہے، چنانچہ اگر اولوں نے لوگوں کو یا کھیتوں کو نقصان پہنچایا ہے تو یہ جرمانوں کی علامت ہے جو لوگوں پر فرض کئے گئے ہیں، یا کئے جائیں گے، یا پھر چیچک یا دیوانگی کے مرض کی دلیل ہے، خواب میں جو شخص چھلنی یا کپڑے میں اولے اٹھائے یا ایسی چیز میں اولے اٹھائے جس میں پانی نہیں ٹھہرتا تو اگر خواب دیکھنے والا مالدار ہے تو اس کا کسب و معاش یا اس کا مال و دولت ختم ہوگا، اگرچہ اس کا سامانِ تجارت سمندر میں ہو پھر بھی وہ خطرے سے خالی نہیں ہے۔ اور اگر وہ شخص فقیر ہے تو اس کی وہ تمام چیزیں جس کا وہ محتاج ہے اور اس کو پہنتا ہے اس کے پاس نہیں رہیں گی اور نہ ہی ان میں سے کوئی چیز ذخیرہ یا جمع کر سکے گا۔

## ۲۱۵۔ البُرد المصری (مصری چادر): دیکھئے القرطاس (کاغذ)۔

## ۲۱۶۔ البرذعة (گدھے کی پالان)

خواب میں گدھے کی پالان رنج و الم اور مشقت کے دور ہونے اور رختِ سفر باندھنے کی دلیل ہے۔

## ۲۱۷۔ البرذون (ترکی گھوڑا)

خواب میں ترکی گھوڑا دیکھنا انسان کے جدوجہد اور محنت و کوشش کی دلیل ہے۔ جس قدر ترکی گھوڑا بڑا ہوگا اسی قدر دنیا کے کام بہتر ہوں گے، اور بعض کہتے ہیں کہ خواب میں ترکی گھوڑا دیکھنا عورت ہے۔ خواب میں جو دیکھے کہ وہ ترکی گھوڑے سے جھگڑا ہے اور اس کو قابو میں نہیں کر سکا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس کی بیوی زبان دراز اور بے حیا ہوگی، اگر خواب میں ترکی گھوڑے نے اس سے گفتگو کی ہے تو اپنی بیوی سے عظیم مال حاصل کرے گا اور عظیم الشان ہوگا، اگر خواب میں دیکھے کہ وہ ترکی گھوڑے سے شادی کرتا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ اپنی بیوی کے ساتھ حسن سلوک کرے گا لیکن اس کی بیوی اس کی شکر گزار نہیں ہوگی، اور بعض کہتے ہیں کہ ترکی گھوڑا سفر کی نشانی ہے، لہٰذا جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ ترکی گھوڑے کی پشت پر سوار ہو کر چلا جارہا ہے تو وہ دور کا سفر کرے گا، اور اپنی بیوی سے خیر حاصل کرے گا، اور جو خواب میں دیکھے کہ وہ ترکی گھوڑے پر سوار ہوا ہے اور وہ گھوڑا آسمان اور زمین کے درمیان اڑا ہے تو وہ اپنی بیوی کو سفر میں لے جائے گا اور اس کی شان بلند ہوگی، اگر خواب میں دیکھے کہ اس کا ترکی گھوڑا مٹی اور لید میں لوٹ پوٹ ہو رہا ہے تو اس کی جدوجہد میں اضافہ ہوگا اور اس کا مال بڑھے گا، خواب میں اگر اس کا ترکی گھوڑا مرا ہے تو یہ اس کی بیوی کی وفات پر دلیل ہے۔ اگر خواب میں اس کا ترکی گھوڑا پانی میں ڈوبا ہے تو یہ شخص اللہ تعالیٰ کو پیارا ہو جائے گا (وفات پائے گا)، اور اس پر بلا و مصیبت کا خوف ہے، اور خواب میں جس کا ترکی گھوڑا چوری ہو جائے تو وہ اپنی بیوی کو طلاق دے گا، جو خواب میں دیکھے کہ اس کا ترکی گھوڑا گم ہوا ہے تو وہ اپنی بیوی کو خراب کرے گا،

Marfat.com

اور جو شخص خواب میں دیکھے کہ کوئی کتا اس کے ترکی گھوڑے پر کودا ہے اور چھلانگ لگائی ہے تو اس کا کوئی مجوسی (آتش پرست) دشمن ہے جو اس کی بیوی کے پیچھے لگا ہے یا لگے گا، اور اگر کوئی بندر اس کے گھوڑے پر کودا ہو تو وہ یہودی آدمی ہے جو اس کی بیوی کے تعاقب میں ہے۔ اور خواب میں سرخی مائل بھورے رنگ کا ترکی گھوڑا دیکھنا اس کے صاحب کے غمزدہ ہونے پر دلیل ہے، جو دیکھے کہ وہ ترکی گھوڑے کا مالک ہوا ہے تو کسی عورت کا یا خادم کا مالک بنے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ ترکی گھوڑا لڑائی جھگڑے کی یا عجمی آدمی کی دلیل ہوتا ہے۔ جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ تیز رفتار اور فرمانبردار ترکی گھوڑے پر سوار ہے تو اسے خیر و بھلائی اور سعادتمندی حاصل ہوگی، اور بعض کہتے ہیں کہ جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ ترکی گھوڑے پر سواری کرتا ہے جب کہ اس کی عادت عام گھوڑے پر سواری کرنے کی ہے تو اس کی شان و شوکت میں کمی آئے گی، ممکن ہے کہ وہ اپنی بیوی سے علیحدہ ہو جائے، اور جس کی عادت گدھے پر سواری کی ہو پھر وہ خواب میں دیکھے کہ وہ ترکی گھوڑے پر سوار ہے تو وہ اونچی شان والا ہوگا، اس کا کسب و معاش زیادہ ہوگا اور اس کا مقام و مرتبہ اونچا ہوگا۔ اور کبھی یہ خواب باندی کے بعد کسی آزاد عورت (جو کسی کی غلام نہ ہو) سے نکاح کرنے کی دلیل ہوتا ہے، اور خواب میں ترکی گھوڑے کا چھننا عورت کے بدکار ہونے کی علامت ہے۔ اور خواب میں سیاہی مائل سفید رنگ والا ترکی گھوڑا بادشاہ کی علامت ہے، اور سیاہ رنگ والا گھوڑا مال اور بزرگی کی دلیل ہے، اور جو خواب میں دیکھے کہ جیسے کوئی نامعلوم ساترکی گھوڑا کسی شہر میں داخل ہوا ہے تو اس شہر میں کوئی عجمی آدمی داخل ہوگا۔ اور سیاہ رنگ والا ترکی گھوڑا خواب میں دیکھنا بادشاہ کے صاحب کی علامت ہے۔ نیز دیکھئے الخیل (گھوڑا)۔

## ۲۱۸۔ البرسام (ذات الجنب کا مرض)

جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ ذات الجنب کی بیماری میں مبتلا ہے، تو یہ ایسے آدمی کی دلیل ہے جو گناہوں پر بڑا دلیر ہے، بادشاہ کی طرف سے کوئی سزا اور مصیبت اس پر نازل ہوگی اور اس کو ڈرایا جائے گا تاکہ توبہ کر لے۔

## ۲۱۹۔ البرص (برص کا مرض)

جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ برص کے مرض میں مبتلا ہے تو اس کو بغیر زینت اور آرائش کے کپڑے ملیں گے، اور برص مال کی علامت ہوتا ہے۔

## ۲۲۰۔ البرغش (مچھر) دیکھئے البعوض (مچھر)۔

## ۲۲۱۔ البرغوث (پسو)

خواب میں پسو کا دیکھنا کمزور، مسکین اور طعنہ زن شخص کی دلیل ہے۔ جو خواب میں دیکھے کہ جیسے اس کو پسو کاٹ رہے ہیں تو اس کو اوباش قسم کے لوگوں کی طرف سے دھمکی اور غم و پریشانی پہنچے گی۔ بعض کہتے ہیں کہ خواب میں جس کو پسو نے کاٹا ہو وہ مال و دولت پائے گا، اور خواب میں پسو کا خون دیکھنا ذلیل لوگوں کی جانب سے مال کے حاصل ہونے کی علامت ہے۔

Marfat.com

## ۲۲۲۔ البرق (بجلی دیکھنا)

خواب میں تنہا بجلی دیکھنا گمراہی کے بعد ہدایت پانے کی دلیل ہے، اور کبھی بجلی کا دیکھنا نگاہ کے خیرہ ہونے پر دلیل ہوتا ہے، اگر خواب دیکھنے والا مریض ہے تو اس پر موت کا اندیشہ ہے، اور کبھی خواب میں بجلی کا دیکھنا رازوں کے کھل جانے اور خبروں کے معلوم ہونے کی علامت ہوتا ہے، اور بعض اوقات بجلی کا دیکھنا کسی غائب شخص کے آنے کی خوشخبری یا رزق کی زیادتی یا مصیبت زدہ شخص کی مدد پر دلیل ہوتا ہے۔ اور کبھی خواب میں بجلی کا دیکھنا حالات کے بدلنے پر دلیل ہوتا ہے، کبھی سختی سے خلاصی کی طرف اور کبھی خلاصی سے سختی کی طرف، اور بسا اوقات خواب میں بجلی کا دیکھنا تلواروں کی چمک اور نیزوں کی دھار کی علامت ہوتا ہے۔ جو خواب میں بجلی دیکھے اور اس کا خواب اکتوبر کے مہینہ میں ہو تو یہ خواب جھوٹی اور بری خبروں کی دلیل ہے، اور اگر اس کا یہ خواب نومبر کے مہینہ میں ہو تو یہ خوشحالی اور خیر کثیر کی دلیل ہے۔ اور اگر خواب میں بجلی دسمبر کے مہینہ میں دیکھی ہو تو خطرہ ہے کہ اس کی پیداوار میں نقصان واقع ہو، اور اگر یہ خواب جنوری میں دیکھا ہو تو آخری وقت میں اس کے کھیت کے نقصان کا خطرہ ہے۔ اور اگر یہ خواب فروری کے مہینہ میں دیکھا ہو تو یہ کھیت کی بہتری کی دلیل ہے، اور اگر یہ خواب مارچ کے مہینہ میں دیکھا ہو تو یہ ساری پیداوار کے نقصان کی دلیل ہے۔ اگر یہ خواب اپریل کے مہینہ میں دیکھا ہے تو یہ ایسا شخص نیک صالح اور سعادتمند ہے اور پیداوار میں اضافہ ہوگا، اور اگر یہ خواب مئی کے مہینہ میں دیکھا ہو تو یہ بعض پھلوں کے خراب ہونے کی دلیل ہے۔ اور اگر یہ خواب جون کے مہینہ میں دیکھا ہو تو یہ نفع بخش بارش کی علامت ہے، اور اگر یہ خواب جولائی کے مہینہ میں دیکھا ہے تو یہ نہ خیر کی علامت ہے اور نہ شر کی، اور اگست اور ستمبر کے مہینہ کا خواب خوشحالی اور خیر و برکات کی علامت ہے اور کبھی خواب میں بجلی کا دیکھنا بادشاہ کی طرف سے خوف و خطرہ پر یا کوڑوں کے مارنے پر دلیل ہوتا ہے، اور کبھی بجلی کا دیکھنا بادشاہ کی جانب سے اچھے وعدوں اور رعایا (لوگ) کی طرف سے سرور اور خوشی کی علامت ہوتا ہے۔ اگر خواب میں بجلی دیکھے کہ اس نے اس کی آنکھوں کو نقصان پہنچایا ہے تو اگر وہ مسافر ہے تو بارش کی وجہ سے کوئی سختی یا بادشاہ کی طرف سے کوئی امر پہنچے گا، اور اگر وہ کاشتکار ہو اور اس کا کھیت پیاسا ہو تو اس کھیت پر بارش ہوگی، اور اگر اس کا والد یا آقا یا اس پر مسلط بادشاہ اس سے بے رخی کرتا ہو تو اس کی طرف متوجہ ہوگا، اور اگر خواب میں بجلی کے ساتھ بارش بھی دیکھے تو یہ برے منظر پر دلیل ہے، جو دیکھے کہ اس نے بجلی میں سے کچھ حصہ حاصل کیا ہے تو کوئی انسان اس کو اچھے انداز میں جواب دے گا، اور جو شخص بجلی کو دیکھے لیکن اس کے ساتھ بارش نہ ہو تو وہ اپنے وعدہ کو نہ پا سکے گا۔ اور بجلی بادشاہ کے خوف اس کے ڈرانے دھمکانے کی دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ بجلی کسی دور جگہ نفع حاصل ہونے کی علامت ہے۔ اور جو خواب میں دیکھے کہ بجلی نے اس کے کپڑے جلا ڈالے ہیں تو اگر اس کی بیوی بیمار ہے تو وفات پائے گی۔ نیز دیکھئے الرعد (گرجنا)۔

## ۲۲۳۔ البرقوق (آلوچہ)

اگر آلوچہ اس کے موسم میں دیکھا ہے تو یہ خیر و عافیت کی دلیل ہے، اور اگر بے موسم دیکھا ہے تو یہ فکر و غم اور مشقت کی دلیل ہے۔ آلوچہ کا درخت ایسے آدمی کی علامت ہے جو تمام لوگوں کو نفع پہنچاتا ہے۔

Marfat.com

۲۲۴۔ برکة الماء (پانی کا تالاب): دیکھئے الفسقية (تالاب)۔

## ۲۲۵۔ البرمة (ہانڈی)

خواب میں ہانڈی دیکھنا ایسے شخص پر دلیل ہے جو اپنی نعمتیں اپنے پڑوسیوں اور سب لوگوں کے سامنے ظاہر کرتا ہے۔ ہانڈی کا دیکھنا زوجہ (بیوی) پر، اس کا ڈھکنا اس کے مال اور جہیز پر دلیل ہے، یا اس کے اہل وعیال کی علامت ہے، یہ اس صورت میں جب ہانڈی پیتل کی ہو۔ اگر ہانڈی پکی مٹی کی ہو تو کبھی وہ محتاج عورت پر دلیل ہوتی ہے، اور کبھی معاملات کی مضبوطی اور اسرار (رازوں) کی پوشیدگی پر دلیل ہوتی ہے، اور کبھی پکی مٹی کی ہانڈی دیکھنا اس عورت پر دلیل ہوتا ہے جسے حمل جلدی ہو جاتا ہو اور جلدی گر بھی جاتا ہو، اور کبھی یہ خواب باندی اور سواری یا سفر کرنے کی علامت ہوتا ہے۔

## ۲۲۶۔ البرهان (دلیل دینا)

جو شخص خواب میں دیکھے کہ اس نے کسی امر میں دلیل قائم کی ہے تو وہ حجت (غلبہ) حاصل کرے گا، اور جو دیکھے کہ گویا وہ کسی چیز پہ دلیل لاتا ہے تو اس کا کسی انسان سے جھگڑا ہوگا اور اس میں حجت اس کے خلاف ہوگی۔

## ۲۲۷۔ البريد (ایلچی)

خواب میں ایلچی (قاصد) دیکھنا مختلف سفروں اور حرکتوں کی دلیل ہے، اور کبھی معاصی اور گناہوں اور موت کے اسباب میں پڑنے کی دلیل ہوتا ہے۔

۲۲۸۔ ابو بریص (چھپکلی): دیکھئے سام ابرص (چھپکلی)۔

## ۲۲۹۔ البزّاز (کپڑا فروش)

خواب میں کپڑا فروش دیکھنا عزت مآب آدمی کی دلیل ہے جس کے لوگوں پر بہت زیادہ احسانات ہوں، دین اور دنیا کے امور میں لوگوں کی رہنمائی کرتا ہے۔ اور خواب میں کپڑا فروش دیکھنا رزق پر اور فقیری کے بعد امیری آنے کی دلیل ہے۔ اگر یہ خواب دیکھنے والا کنوارا ہے تو اس کی شادی ہوگی۔

## ۲۳۰۔ البذر (بیج ڈالنا)

ہر وہ بیج جو زمین میں ڈالا جائے اولاد کی علامت ہے، اور جو تخم اور بیج دواؤں میں سے ہو اس کا خواب میں دیکھنا ایسی کتابوں پر دلیل ہے جن سے زہد، ورع اور تقوی کی باتیں اخذ کی جائیں۔ اور خواب میں بنبوں کا دیکھنا نیک صالح نسل کی علامت ہے۔ خواب میں ککڑی، کدو اور تربوز کے بیج کا بونا، رنج وغم کے زائل ہونے اور بیماریوں سے خلاصی پانے کی

Marfat.com

علامت ہے، اور بینگن، چقندر، پیاز اور کرم ساگ کے بیج کا بونا رزق کی علامت ہے، اور نازبو کا بیج بونا بیماریوں سے شفایاب ہونے کی دلیل ہے۔ دیکھئے النواۃ (گٹھلی)۔

## ۲۳۱۔ البُزق (آلہ موسیقی): دیکھئے الطنبور (ستار)۔

## ۲۳۲۔ البساط (بچھونا)

خواب میں بچھونا دیکھنا رفعت، عزت اور وسعت کی علامت ہے۔ خصوصاً اس صورت میں جب کہ خواب دیکھنے والا خواب میں اس کا مالک بنا ہو، جو خواب میں دیکھے کہ وہ بچھونے پر بیٹھا ہے تو وہ کوئی زمین خریدے گا، اور اگر لڑائی میں ہو تو اس سے محفوظ رہے گا، خواب میں بچھونا دیکھنا اس کی دنیا ہے جو اس کے لئے کشادہ کی جائے گی، جو دیکھے کہ بچھونا لپیٹا ہوا ہے تو اس کی دنیا لپیٹ دی جائے گی، اگر بچھونا نیا، وسیع اور مضبوط بنا ہوا دیکھے تو وہ طویل عمر اور دنیا کی وسعت پائے گا۔ اگر دیکھے کہ چند نامعلوم لوگوں کے سامنے کسی نامعلوم مقام پر کوئی نامعلوم بچھونا اس کے لئے بچھایا گیا ہے تو وہ پردیس میں دنیا حاصل کرے گا اور اپنے اہل وعیال اور ملک سے دور ہوگا، اگر بچھونا پتلا تھا یا پرانا بوسیدہ قسم کا تھا تو یہ قلیل عمر کے ساتھ دنیا حاصل ہونے کی علامت ہے، جو خواب میں دیکھے اس کا بچھونا اس کے کندھوں پر لپیٹا ہوا ہے تو وہ ایک جگہ سے کسی نامعلوم جگہ کی طرف لوٹے گا، اور اپنے ملک سے نکلے گا، اور اس کی دنیا کی بساط لپیٹ دی جائے گی، اگر خواب میں اس کے لئے بچھونا بچھایا گیا ہے تو اس کا رزق کشادہ ہوگا اور فکر وغم دور ہوگا، اور کبھی خواب میں بچھونے کا دیکھنا حاکموں، سرداروں اور ہر اس شخص کی مجلس میں بیٹھنے کی دلیل ہوتا ہے جو حاکموں کے ہم نشین اور حاشیہ نشین ہوتے ہیں۔ خواب میں جس کا بچھونا لپیٹا گیا ہو تو اس کے امور معطل ہوں گے یا اس کا سفر دشوار ہوگا یا اس سے دنیا کا مال وغیرہ روک لیا جائے گا، اگر اس کا بچھونا اس سے غصب (چھیننا) ہوا ہے یا آگ میں جلا ہے تو وہ وفات پائے گا یا اس کا سفر دشوار ہوگا، اور اگر بچھونے کو لطیف بنایا ہے تو اسکی اجل قریب ہے اور اس کا جسم کمزور ہوگا، یا وہ موت کے کنارہ پر پہنچ گیا ہے۔ پرانا اور بوسیدہ بچھونا رنج وغم کی علامت ہے، اور خواب میں بچھونا دیکھنا ایسے آدمی کی علامت ہے جو اپنی تعریف کرتا ہو۔ اپنے کو دوسروں سے بلند رتبہ اور پاک صاف سمجھتا ہو، ایسا شخص سوائے جھوٹ اور فریب کے اور کسی چیز میں ترقی نہیں کرتا ہے۔ دیکھئے الحصیر (چٹائی)۔

## ۲۳۳۔ البستان (باغ)

خواب میں باغ دیکھنا مغفرت طلب کرنے کی دلیل ہے، اور خواب میں مغفرت مانگنا باغ کے حصول کی علامت ہے، جو شخص دیکھے کہ وہ اپنے باغ کو پانی لگا رہا ہے تو وہ اپنے اہل کے پاس آئے گا، اگر خواب میں اپنے باغ کو خشک دیکھے تو اس کی بیوی اس سے متروک (چھوٹنا) ہوگی، جو شخص کسی نامعلوم باغ میں داخل ہوا ہو اور اس کے پتے جھڑے ہیں تو اسے غم فکر لاحق ہوگا، اور باغ کا دیکھنا عورت کی بھی علامت ہے، اس لئے کہ عورت کو بھی پانی دیا جاتا ہے پھر وہ حاملہ ہو کر بچہ جنتی ہے، اور کبھی نامعلوم باغ کا دیکھنا قرآنِ کریم پر دلیل ہوتا ہے۔ اس لئے کہ قرآنِ کریم ناظرین کی نظر میں باغ کی طرح ہے، جس کے سامنے قاری

Marfat.com

بیٹھ کر اسکی حکمتوں کے پھلوں کو چنتا ہے، اور وہ اپنی جڑوں پر قائم ہے، اور اس میں نئے پرانے درختوں کا ذکر ہے اور وعدو وعید کا تذکرہ ہے جس پر شیریں یا تلخ پھل بطورِ اجر وثواب ملیں گے۔ اور کبھی نامعلوم باغ کا دیکھنا جنّت اور اس کی نعمتوں پر دلیل ہوتا ہے اس لئے کہ اہل عرب باغ کو جنّت کا نام دیتے ہیں، اور کبھی باغ کا دیکھنا بازار اور دلہن کے گھر کی علامت ہوتا ہے، باغ کے درخت ان کے مصائب کی اور اس کا پھل اس کے کھانے کی دلیل ہے، اور کبھی باغ کا خواب میں دیکھنا ایسے مکان اور حیوان وغیرہ پر دلیل ہوتا ہے جس سے وہ آمدنی اور فائدہ حاصل کرتا ہے جیسے دکانیں، ہوٹل، غسل خانے اور چکیاں اور دیگر جانور و چوپائے وغیرہ ہیں۔ جو شخص خود کو باغ میں دیکھے تو اس کے حال میں غور کیا جائے گا پس اگر وہ مسجد میں ہو تو وہ شخص جنّت اور اسکی نعمتوں میں ہے۔ اور اگر وہ مریض ہے تو اس مرض سے فوت ہوگا، بشرطیکہ وہ باغ نامعلوم ہو۔ اگر مجاہد ہے تو شہادت پائے گا، خصوصاً جب کہ خواب میں عورت کو دیکھے کہ وہ اس مجاہد کو اپنی طرف بلا رہی ہے۔ یا باغ میں اس کی نہروں سے دودھ یا شہد پیا ہو یا اس باغ کے میوے اور پھل معروف پھلوں سے مشابہ نہ ہوں، اگر ان مذکورہ چیزوں میں سے کوئی چیز نہ ہو تو اگر کنوارا ہے یا عقد نکاح اس کا ہو چکا ہے تو شادی کرے گا یا بیوی سے ہمبستری کرے گا، اور باغ میں جس قدر چیزیں دیکھیں ہیں اسی قدر اولاد حاصل ہوگی، خواب میں جو شخص باغ میں داخل ہوا وہاں اس نے کوئی مزدور یا غلام کو دیکھا کہ وہ اس باغ کے رہٹ میں پیشاب کر رہا ہے، یا اس کے رہٹ یا کنوئیں کے علاوہ کسی اور رہٹ یا کنوئیں سے اس باغ کو سیراب کر رہا ہے تو یہ ایک ایسے شخص کی علامت ہے جو اپنے اہل میں خیانت کا ارتکاب کرتا ہے۔ اور معلوم و معروف باغ کا دیکھنا اس کے مالک یا اس کے ضامن یا اس کے حاکم کی دلیل ہے، اور کبھی معروف باغ کا دیکھنا عوام وخواص، عالم جاہل اور بخیل اور سخی لوگوں کے لئے ایک بڑی مسجد کی دلیل ہوتا ہے۔ اور کبھی باغ کا دیکھنا بازار کی یا طلباء کے دارالعلوم و مدارس کی دلیل ہوتا ہے۔ اور کبھی امیر فقیر نیک اور بدلوگوں کے وسیع گھر کی دلیل ہوتا ہے۔ اگر کوئی شخص خواب میں باغ میں داخل ہوا ہے تو اگر پھلوں کے آنے کے وقت میں داخل ہوا تھا تو یہ خیر و برکات، رزق اور نیک اعمال میں ترقی کرنے کی دلیل ہے۔ نیز اولاد و ازدواج کی علامت ہے، اور اگر باغ میں اس کا داخلہ پھلوں کے ختم ہونے اور پتوں کے گرنے کے وقت ہوا تھا تو یہ خواب حالت کے منکشف ہونے، قرضوں، بیویوں کی طلاق یا اولاد کی گمشدگی پر دلیل ہے۔ اگر باغ میں مردہ حالت میں داخل ہوا ہے تو یہ اس کے جنّتی ہونے کی علامت ہے، اور اگر صحیح سالم تھا تو یہ اپنی جان پر ظلم کرنے کی دلیل ہے مگر اپنے قرض کے بارے میں قابل اعتماد نہیں ہے، اگر اس میں خود مختار بنا ہے یا اس کا مالک بنا ہے تو عزت و سلطنت حاصل کرے گا، ورنہ وہ اپنی جان پر زیادتی کرنے والا ہے، اور کبھی باغ کا دیکھنا مال و اولاد زوجہ اور خوشحالی اور فکروں اور غموں کے زوال کی علامت ہوتا ہے، اور کسی وقت باغ کا دیکھنا اس جائے ولیمہ پر دلیل ہوتا ہے جس میں مختلف قسم کے کھانے رکھے گئے ہوں، اور کبھی بادشاہ کے اس وسیع گھر پر دلیل ہوتا ہے جہاں فوج کے جنود و جیوش (لشکر) جمع ہوں۔

## ۲۳۴۔ البستانی (مالی)

خواب میں مالی کا دیکھنا ایسے آدمی کی دلیل ہے جو لوگوں کو عورتوں کی طرف بلاتا ہے، اور نیز مالی کا دیکھنا فوج کے قلعہ، مدارس اور مساجد اور غیر مسلموں کے عبادت خانوں کے امور کے ضامن اور ذمہ دار شخص پر دلیل ہے۔ نیز سرور خوشی

Marfat.com

اور مختلف قسم کے رزق اور فائدے کی دلیل ہے۔

## ۲۳۵۔ البُسر ( کچی کھجور )

خواب میں ناپختہ اور کچی کھجور دیکھنا حاجتمند کے لئے پانی کی دستیابی پر دلیل ہے، اور بسا اوقات خواب میں سرخ رنگ کی کچی کھجور دیکھنا خون کے غلبہ کی دلیل ہوتا ہے، اور زرد رنگ کی کچی کھجور صفراء (صفراوی مادہ) کے غلبہ کی علامت ہے۔ دیکھئے الرُّطب ( پکی کھجور)۔

## ۲۳۶۔ البسملة (بسم اللہ لکھنا یا پڑھنا)

جو شخص خواب میں بسم اللہ خوبصورت خط میں لکھی ہوئی دیکھے تو یہ علم و ہدایت اور بابرکت رزق کی دلیل ہے، اور کبھی یہ خواب بیٹے اور پوتے کی دلیل ہوتا ہے کیونکہ اس کا اس سے کچھ تعلق ہے۔ اور کبھی یہ خواب نقصان کی تلافی کرنے کی علامت ہوتا ہے اس لئے کہ اس کے حروف مکرر ہیں، اور کبھی نکاح کے سلسلہ میں محنت و کوشش کرنے کی دلیل ہوتا ہے، اور کبھی گمراہی کے بعد ہدایت کے حصول کی علامت ہوتا ہے، اگر خواب میں بسم اللہ کو خوبصورت خطاطی میں مرقوم دیکھے تو اپنی صنعت یا علم میں حظِ وافر (بہت زیادہ حصّہ) پائے گا، اگر خواب میں دیکھے کہ میّت نے بسم اللہ کو لکھا ہے تو یہ رحمتِ خداوندی کی دلیل ہے۔ اور کبھی بسم اللہ کا لکھنا مالِ زراعت میں نفع حاصل ہونے کی علامت ہوتا ہے، اگر بسم اللہ کو لکھنے کے بعد مٹایا ہے اور اس کو کوئی پرندہ اچک کر لے گیا ہے تو یہ خواب دیکھنے والے کی عمر اور رزق کے اختتام کی علامت ہے، یہی تعبیر ہے اس شخص کی جو قرآنِ کریم کا کوئی حصّہ اپنے ہاتھوں پر لکھتا ہے، کہا جاتا ہے کہ حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہ نے خواب میں اپنی پیشانی پر سورہ والضّحیٰ کی یہ آیات لکھی ہوئی دیکھیں "والضحیٰ واللیل اذا سجیٰ" تو انہوں نے اپنا خواب حضرت سعید بن المسیّب رحمہ اللہ سے بیان فرمایا تو انہوں نے فرمایا کہ اے رسول اللہ کے بیٹے! مجھے کسی کام کی وصیت کیجئے اور آپ استغفار کیجئے، چنانچہ حضرت حسن رضی اللہ عنہ ایک رات کے بعد دنیائے فانی سے رخصت ہو گئے، اگر خواب میں نماز کے اندر بسم اللہ پڑھی ہے اور اس کا مذہب نماز میں بسم اللہ نہ پڑھنے کا ہے تو اسکا خواب میں نماز کے اندر بسم اللہ پڑھنا کسی بے سند دینی بات کے مرتکب ہونے کی دلیل ہے، اور کبھی یہ خواب ماں کو چھوڑ کر باپ کی طرف اور کبھی باپ کو چھوڑ کر ماں کی طرف مائل ہونے کی علامت ہوتا ہے، یا یہ خواب اس بات کی علامت ہے کہ وہ شخص سنت کو فرض پر یا نفل کو سنت پر یا بدعت کو مستحب عمل پر فوقیت اور فضیلت دیتا ہے، اور جس چیز کے ذریعہ بسم اللہ لکھی جائے خواب مین اسکا بھی اعتبار کیا گیا ہے، چنانچہ اگر بسم اللہ سونے (کے پانی) سے لکھی ہو تو یہ رزق، نیک کاموں میں رغبت یا اصلاحِ باطن کی دلیل ہے، اور کبھی یہ خواب حُسنِ خاتمہ اور ذکرِ جمیل کی علامت ہوتا ہے، اور جن مختلف خطوط کے ساتھ بسم اللہ لکھی گئی ہو اس کا بھی اعتبار کیا گیا ہے۔ چنانچہ خطِ طومار اڑنے والا مال ہے، خطِ محقق امید و بیم کا ثابت ہونا ہے، خطِ منسوب مناسب حالات کی علامت ہے، خطِ نسخ معزول ہونا ہے اور خطِ وحشی بافائدہ چیز کی نشانی ہے، خطِ

Marfat.com

اشعار و ہم و غفلت کی علامت ہے، خطِ ریحانی ریاکاری (دکھاوا) کی دلیل ہے، اور خطِ غباری آنکھوں کی امراض پر دلیل ہے، اور اس کے علاوہ خطِ توقیع میں بسم اللہ لکھنا عزت و نصرت کی علامت ہے، اور خطِ وراقہ میں لکھنا فیصلہ کرنے کی دلیل ہے، اگر بسم اللہ کی کتابت واضح نہ ہو تو یہ مذہب یا اعتقاد کے بدلنے کی دلیل ہے۔ اور اگر بسم اللہ غریب اور نادر زبانوں مثلاً عبرانی، سریانی یا ہندی وغیرہ میں لکھی ہو تو یہ نادر دیناروں، ازواج غلام باندیوں یا مسافروں اور اجنبیوں کے ساتھ الفت و محبت کی علامت ہے، اگر خواب میں بسم اللہ لوہے کے قلم سے لکھی ہے تو یہ قوت و رزق اور دیگر امور میں ثابت قدمی کی علامت ہے، اور اگر بسم اللہ چاندی کی قلم سے لکھی ہے تو اگر وہ قلم عام قلموں کی طرح تھا تو یہ حالت کے متوسط ہونے کی دلیل ہے خصوصاً جب کہ وہ قلم گرہوں والا ہو، اور اگر بسم اللہ درست سیدھے اور خوبصورت قلم کے ساتھ لکھی ہے تو یہ منصبِ جلیل (بڑے عہدہ) اور علم و عمل کی دلیل ہے۔ اگر بسم اللہ کسی کاغذ میں لکھی ہے تو وہ کوئی اچھا کام کرے گا یا واجب امر کی اتباع کرے گا، اور اگر بسم اللہ باریک چمڑے پر لکھی ہے تو وہ مالِ میراث (وراثت) حاصل کرنے کی کوشش کرے گا، اور اگر بسم اللہ سرخ یا زرد یا سفید کپڑے پر لکھی ہے تو فرحت و مسرت (خوشی) حاصل ہوگی، اور اگر سبز رنگ کے کپڑے میں لکھی ہے تو عند اللہ رتبۂ شہادت پائے گا۔ اور نور و روشنی یا سونے کے پانی سے بسم اللہ لکھنا بشارت (خوشخبری) ہے۔ اور خواب میں بسم اللہ کی شکل اور نقطوں کے دیکھنے کی تفصیل یہ ہے کہ اگر بسم اللہ کی تعبیر بیوی سے ہو تو بسم اللہ کی شکل اور اس کے نقطوں کا دیکھنا اس بیوی کا مال و جہیز اور اس کی اولاد اور عصمت و عفت (پاکدامنی) کی دلیل ہے، اور اگر بسم اللہ مال کی دلیل ہو تو یہ اس مال کی مفید زکوٰۃ کی علامت ہے، اور اگر بسم اللہ نماز کی دلیل ہو تو یہ اس نماز کی سنتوں کی نشانی ہے اگر بسم اللہ کی تعبیر شہر سے ہو تو پھر یہ (بسم اللہ کی شکل و نقطے دیکھنا) اہلِ شہر اور افاضلِ شہر (شہر کے بڑے لوگ) یعنی علماء، فضلاء اور اربابِ صنعت و تجارت اور نفع بخش تجارت و کاروبار کی دلیل ہے، خواب میں بسم اللہ کی علاماتِ اعراب (اعراب کی علامتیں) دیکھنے کا بھی اعتبار کیا گیا ہے، چنانچہ خواب میں نصب (زبر) کی علامت دیکھنا منصب (عہدہ) کی علامت ہے اور جر (زیر) کی علامت معزول ہونے کی دلیل ہے، اور رفع (پیش) کی علامت بلند رتبی یا کام سے فارغ ہونے کی نشانی ہے، اور وصل (ملانے) کی علامت صلہ رحمی کی، جزم کی علامت کاموں میں پختہ ارادہ کی، اور علامتِ تشدید کاموں میں عسرت اور تنگی کی دلیل ہے۔ بہر حال بسم اللہ پر ان علامات میں سے کوئی علامت دیکھنا خواب دیکھنے والے شخص کے دین یا دنیا کی طرف منسوب ہوگا، یہی تعبیر ہوگی اگر اس نے کمی کی ہو۔ اگر خواب میں بسم اللہ کی ترتیب کو الٹا دیکھے جیسے الرحیم کو بسم کی جگہ پر یا لفظ اللہ کو بسم سے پہلے دیکھے وغیرہ تو اگر خواب میں بسم اللہ کی ترتیب کو معکوس (الٹا) کر دیا ہو تو یہ دین و مذہب سے مرتد ہونے کی دلیل ہے یا اس بات کی علامت ہے کہ وہ باندیوں کو آزاد عورتوں پر فضیلت دیتا ہے یا وہ نااہل کے ساتھ نیکی کرتا ہے، اور اگر بسم اللہ کو کوئی دوسرا شخص لکھے اور اس کو یہ خود مٹائے تو یہ عہد شکنی یا ارتداد (مرتد ہونا) کی دلیل ہے، یا اس بات کی علامت ہے کہ وہ اپنے پاس موجود علم یا مال میں بخل سے کام لیتا ہے، اور اگر یہ خواب دیکھنے والا شخص مریض ہے تو شفایاب ہو جائے گا، اور اگر وہ گناہ گار ہو تو توبہ کر لے گا، یا پھر وہ شادی کرے گا اور اسے نیک صالح اولاد نصیب

Marfat.com

ہوگی، یا تجارت میں نفع ہوگا، اور جو شخص خواب میں دیکھے کہ اس نے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھی ہے تو بلاشبہ اللہ تعالیٰ اس کے مال میں برکت عطا فرمائیں گے۔

## ۲۳۷۔ البشاشة (خوش ہونا)

خواب میں بشاشت حاصل ہونا علماء اور صالحین کی نسبت سے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی اطاعت کی طرف متوجہ ہونے کی دلیل ہے، اور ان کے علاوہ فاسقین، مفسدین (فسادی لوگ) اور مستہزئین (دین سے استہزاء اور اسکا مزاق اڑانے والوں) کی نسبت سے یہ خواب غفلت و کوتاہی، حرام چیزوں کی طرف میلان اور اہلِ بدعت کی مصاحبت (ان کے ساتھ رہنے) کی دلیل ہے۔

## ۲۳۸۔ البشخانات (ہوٹل)(۱)

خواب میں ہوٹل دیکھنا کنوارے مرد کی نسبت سے زوجہ (بیوی) اور کنواری عورت کے لئے ایسے زوج (شوہر) پر دلیل ہے جو اس کے ساتھ نیک سلوک کرے گا۔

## ۲۳۹۔ البصاق (تھوک)

خواب میں تھوکنا آدمی کی قوت کی دلیل ہے۔ جو خواب میں دیکھے کہ اس کا تھوک خشک ہوا ہے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ وہ اپنی مراد سے عاجز آئے گا جس کا ارادہ اس کے ہم رتبہ لوگ کرتے ہیں، اور اس کے الفاظ اور کلام کم ہو جائے گا، جو شخص خواب میں دیکھے کہ اس کے منہ سے جھاگ نکلی ہے تو یہ اس کے باطل (غلط اور فضول) کلام کے کہنے یا جھوٹی بات کے گڑھنے کی دلیل ہے، تھوک آدمی کا مال اور اس کی طاقت کی علامت ہے۔ جو دیکھے کہ وہ دیوار پر تھوکتا ہے تو وہ اپنا مال جہاد میں خرچ کرے گا یا اپنا مال تجارت میں لگائے گا، اگر زمین پر تھوکا ہے تو کوئی زمین یا جائیداد خریدے گا۔ اگر درخت پر تھوکا ہے تو عہد شکنی (وعدہ توڑنا) کرے گا یا قسم میں حانث ہوگا، اگر کسی انسان پر تھوکا ہے تو اس پر تہمت لگائے گا۔ اور گرم تھوک طولِ عمر کی دلیل ہے اور سرد تھوک موت کی علامت ہے، اور منہ میں تھوک کا خشک ہو جانا فقر و افلاس کی دلیل ہے، اور تھوک کلام، علم یا مال میں زیادتی پر دلیل ہے، اور کبھی تھوک صحت یا بیماری کی علامت ہوتا ہے، اگر خواب میں تھوک کو بدلا ہوا دیکھے تو یہ اس کی بدمزاجی کی نشانی ہے، اور بسا اوقات تھوک راحت و لذت کے ختم ہونے اور اولاد کی گمشدگی کی دلیل ہوتا ہے، اور خواب میں تھوک کی کثرت رنج و غم اور تکلیف کی علامت ہے، جو خواب میں یوں محسوس کرے جیسے تھوک رہا ہے تو اس کے منہ سے کوئی بری بات نکلے گی، اگر تھوک میں خون یا سخت بلغم تھی تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ وہ کسی

(۱) بشخانات: یہ دو لفظوں سے مرکب ہے باش اور خانات سے، باش کا معنی ہے، عمدہ اور خانات خان کی جمع ہے بمعنی ہوٹل۔

Marfat.com

حرام یا ناجائز چیزوں میں کلام کرتا ہے، جو خواب میں دیکھے کہ وہ کسی انسان کے یا جانور کے چہرہ پر تھوک رہا ہے تو اس کے منہ سے کوئی ناجائز کلام نکلے گا۔

## ۲۴۰۔ البصل (پیاز)

خواب میں پیاز کھانا شر کی دلیل ہے، جو دیکھے خواب میں کہ گویا اس نے پیاز کھائی ہے اور وہ مریض تھا تو وفات پائے گا۔ اور سبز پیاز محنت ومشقت کے ساتھ نفع حاصل ہونے کی دلیل ہے، اور زیادہ پیاز غم وفراق (جدائی) کے ساتھ جسم کی تندرستی پر دلیل ہے۔ اگر کوئی مریض اپنے خواب میں بہت زیادہ پیاز کھائے تو وہ اپنے مرض سے شفا پائے گا۔ اور جو صرف خواب میں پیاز دیکھے کھائے نہیں تو یہ خیر وسعادت کی علامت ہے، اگر کھا بھی لے تو یہ شر کی دلیل ہے، جو خواب میں دیکھے کہ وہ پیاز کا چھلکا اتارتا ہے تو وہ کسی آدمی کی خوشامد کرے گا، پیاز مال کی نشانی بھی ہے، اور مسافر شخص کے لئے پیاز کا دیکھنا صحت وتندرستی اور سفر کی مشقتوں سے حفاظت کی علامت ہے۔

## ۲۴۱۔ البطریک (پادری): دیکھئے الراعی (چرواہا)۔ نیز دیکھئے الراهب (پادری)۔

## ۲۴۲۔ بطّ القرحة (زخم چھیلنا)

خواب میں زخم چھیلنا چوری چوری باتیں سننے اور علم حاصل کرنے یا کینہ رکھنے اور کلام کی مخفی باتوں اور مشکل خط کو کھولنے اور زوجین کے درمیان جدائی ڈالنے پر دلیل ہے۔

## ۲۴۳۔ البطم (درخت بُن)

خواب میں درخت بُن دیکھنا وحشت اور سفر کی علامت ہے، جو خواب میں دیکھے کہ وہ درخت بُن پر چڑھتا ہے تو وہ خیر وسعادت حاصل کرے گا، یا پھر وہ ایسی چیز کو دیکھے گا یا ایسا کلام سنے گا جو اس کو خوش کر دے گا، نیز دیکھئے الحبة الخضراء (بُن کا پھل)۔

## ۲۴۴۔ البطن (پیٹ)

خواب میں پیٹ کا دیکھنا اس شخص پر دلالت کرتا ہے جسے وہ اپنے ساتھ لگاتا ہے یا اس چیز پر دلیل ہوتا ہے جو اس پیٹ سے نکلتی ہے، پیٹ کا دیکھنا جیل، قبر، راز، صحت، بیماری اور دوست کی بھی دلیل ہے، اور خواب میں جس کا پیٹ ایک طرف ہو گیا ہو اور اس کو بادشاہت حاصل ہو تو اس کا نفع معطل (ختم) ہو جائے گا، یا پھر وہ شرمندہ اور بے عزت ہو گا یا اپنی زوجہ کو گم کرے گا، اگر کوئی عورت حاملہ ہو (اور یہ خواب دیکھے) تو اس کا حمل باہر نکلے گا، اگر پیٹ کی آنتوں میں سے کوئی آنت ظاہر ہوئی ہے یا باہر نکلی ہے تو اس کا قیدی رہا ہو گا، اگر خواب میں اپنا پیٹ گم پایا تو اس کا دوست یا سرپرست یا اس کے

Marfat.com

مال کا حاکم وفات پائے گا۔ یا پھر کھانا پینا چھوڑ کر راہب اور تارک الدنیا بن جائے گا، اگر اس کے پیٹ سے آگ نکلی ہے تو یہ مالِ یتیم کے کھانے پر توبہ کرنے کی دلیل ہے۔ اور اگر وہ ان لوگوں میں سے ہے جو حرام برتنوں میں کھاتے پیتے ہیں تو پھر یہ خواب ان برتنوں سے بے رغبتی پر دلیل ہے۔ اگر خواب میں پیٹ کے بل چلا ہے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ وہ اپنا پیٹ بھرنے کے لئے لوگوں کا حاجتمند ہوگا، اور کبھی پیٹ بطنِ وادی (جگہ کا گہرا حصہ) کی علامت ہوتا ہے۔ اور کبھی پیٹ کی وہی تاویل ہوتی ہے جو ران کی ہے یعنی قوم اور قبیلہ خاندان وغیرہ۔ اور کبھی بدہضمی کی علامت ہوتا ہے، اور خواب میں کسی چیز کا پیٹ میں داخل ہونا سفر یا جیل کی دلیل ہے۔ اگر خواب میں اپنے پیٹ کے اندر کوئی پھوڑا پھنسی یا پیپ وغیرہ دیکھے تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ وہ کسی ناجائز چیز کے پیچھے لگا ہے چاہے وہ چیز کھانے میں سے ہو یا بستر میں سے ہو۔ اگر خواب میں پیٹ خوبصورت ہوا ہو یا قابل نفرت بڑا ہوا ہو تو یہ علم اور ریاست کی دلیل ہے، اور کبھی یہ خواب دین کے مخفی راز، کینہ ظاہری اور باطنی نفاق اور مال و اولاد کی دلیل ہوتا ہے۔ جو شخص دیکھے کہ اس کا پیٹ چھوٹا ہو گیا ہے تو عنقریب اس کے مال و اولاد میں قلت پیدا ہوگی، جو پیٹ میں ہڈی دیکھے تو اس کے مال و اولاد میں کثرت ہوگی، جو دیکھے کہ اس کا پیٹ خالی ہے تو اس کے مال یا اولاد میں کمی ہوگی، بعض کہتے ہیں کہ کبھی خالی پیٹ حرام کی علامت ہوتا ہے، اور کبھی پیٹ آدمی کی کشتی کی علامت ہوتا ہے، لہٰذا خواب میں جو پیٹ میں حالت پیش آئے وہ حالت کشتی میں پیش آنے کی علامت ہے۔ جو خواب میں دیکھے کہ وہ اپنی ماں کے پیٹ میں ہے تو اگر وہ کسی اور علاقہ میں ہے تو اپنی جگہ یعنی جائے پیدائش میں واپس لوٹ آئے گا۔ اور اگر مریض ہے تو زمین میں دفن ہوگا، اگر تندرست ہے تو اس کے خلاف جیل کا فیصلہ ہوگا، اور کبھی پیٹ کا دیکھنا آدمی کے گھر اور اس کے جانوروں پر دلیل ہوتا ہے، چنانچہ جگر اس کی اولاد۔ دل بھی اس کی اولاد اور پھیپھڑا اس کے خادم یا اس کی بیٹی کی علامت ہے، اور اس کا اوجھ اس کے تھیلہ اور اس کا گلا اس کی زندگی ہے۔ جو دیکھے کہ اس کا گھر منہدم (گرا) ہوا ہے اور وہ پیٹ کے مرض میں مبتلا تھا تو وفات پائے گا۔ اگر دیکھے کہ گھر کو مرمت یا دوبارہ تعمیر کرنا شروع کیا ہے تو پھر بیماری سے شفا پائے گا بشرطیکہ تعمیر مکمل کی ہو ورنہ جس قدر تعمیر باقی رہی ہے اسی قدر اس کی زندگی کے دن باقی رہ گئے ہیں۔ اور اگر پیٹ سے مراد انسان کی کشتی ہو تو پھر انسان کا سر اس کشتی کا مرکزی حصہ، اس کا حلق اس کشتی کا بادبان اور اس کی پسلیاں اس کشتی کی دیواریں ہیں، جو خواب میں اپنا پیٹ پھٹا ہوا دیکھے اور اس کی آنتیں بہہ گئی ہوں تو اس کی کشتی ہلاک و تباہ ہوگی، اور کہا گیا ہے کہ پیٹ کا بڑا ہونا سود خوری اور پیٹ کے بل چلنا مال و دولت پر اعتماد اور بھروسہ کی علامت ہے۔

## ۲۴۵۔ البطیخ (تربوز)

خواب میں تربوز دیکھنا غمزدہ اور مصیبت زدہ شخص کی علامت ہے، لہٰذا جو خواب میں تربوز دیکھے اسے رنج وغم لاحق ہوگا، اس کے انجام کا کچھ پتہ نہیں ہے، جو شخص دیکھے کہ وہ تربوز کھا رہا ہے تو وہ قید خانہ سے نکلے گا، کیونکہ اللہ تعالیٰ کا

Marfat.com

فرمان ہے: "فابعثوا أحدكم بورقكم هذه الى المدينة، فلينظر ايها أزكى طعامًا، فليأتكم برزق منه"(۱) (ترجمہ) اب بھیجو اپنے میں سے ایک کو یہ روپیہ دے کر اپنا اس شہر میں پھر دیکھے کونسا کھانا ستھرا ہے، سو لائے تمہارے پاس اس میں سے کھانا، مراد اس سے تربوز ہے، امام ابن سیرین (۲) رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ جو شخص خواب میں دیکھے کہ اس نے آسمان کی طرف اپنا ہاتھ پھیلایا ہے اور تربوز لیا ہے تو وہ بادشاہت کا طالب ہے اور بہت جلد منصبِ امامت حاصل کر لے گا، اور ہندی تربوز اگر خواب میں لوگوں کو دیا ہے تو لوگوں کی نظر میں کاہل، سست اور کند ذہن ہوگا یا لوگوں سے ثقیل (مشکل) کلام کرے گا، اور تربوز کا کھیت دیکھنا فکر و غم میں مبتلا لوگوں کی علامت ہے اور تربوز دیکھنا اس شخص کے لئے اچھا ہے جو کسی شخص سے محبت کرنا چاہتا ہو، نیز اس کے لئے بھی تربوز دیکھنا اچھا ہے جو کسی شخص کو داماد بنانا چاہتا ہو اور جو شخص کوئی عمل کرنا چاہتا ہو اس کے لئے تربوز دیکھنا اچھا نہیں ہے۔ اور تربوز کا دیکھنا بیکاری اور فراغت کی علامت ہے۔ جو شخص خواب میں دیکھے کہ کسی گھر میں تربوز پھینکے جا رہے ہیں تو تربوز کی تعداد کے مطابق اس گھر کے افراد موت کے منہ میں جائیں گے، اور کبھی خواب میں تربوز دیکھنا مرض کی علامت ہوتا ہے، اور کچا سبز تربوز دیکھنا جسم کے لئے صحت کی علامت ہے۔ اور سبز تربوز شہر یا اولاد یا زوجہ کی دلیل ہے اور زرد تربوز ایسے مرد و خواتین کی علامت ہے جو عمدہ تعریف اور خیر کے مالک ہوں، اور کبھی زرد تربوز کا دیکھنا اچھی صفات والی عورت کی دلیل ہوتا ہے یا برے عیوب کی نشاندہی کرتا ہے کیونکہ اس کا چھلکا سخت اور رنگ زرد اور پیلا ہوتا ہے۔ اور سرخ تربوز مختلف اقسام کے زیورات پر دلیل ہے۔ نیز دیکھئے الفقوس (تربوز)۔

## ۲۴۶۔ بطّیخی (تربوز فروش)

خواب میں تربوز فروش دیکھنا صاحبِ امراض شخص کی دلیل ہے، اور نیز اس کا دیکھنا غلاموں کی دلالی کرنے والے شخص کی علامت ہے اور اس شخص کی دلیل ہے جس کے پاس نفع بخش دوائیں موجود ہوں۔

## ۲۴۷۔ البعث (قبر سے اٹھنا): دیکھئے النشور (میت کا زندہ ہونا)۔

## ۲۴۸۔ البُعد (دور ہونا)

خواب میں دور ہونا ظلم و زیادتی کی علامت ہے، اور مسافت کا دور ہونا محرومی کی دلیل ہے اور لوگوں کا دور ہونا لڑائی جھگڑے یا موت یا معزولی کی نشانی ہے، اور کبھی دور ہونا قریب ہونے پر دلالت کرتا ہے اس لئے کہ بعد قرب کا متضاد ہے، نیز دیکھئے المفارقة (جدا ہونا)۔

## ۲۴۹۔ البَعر (مینگنی)

جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ بکری کی مینگنیوں کو جھاڑو سے صاف کر رہا ہے یا اس کو اٹھائے ہوئے ہے یا اس کا

Marfat.com

مالک ہے تو وہ مال و دولت پائے گا۔

## ۲۵۰۔ البعوض (مچھر)

خواب میں مچھر دیکھنا خونریز دشمن ہے جو جسم کو یعنی شکل و صورت کو بگاڑتا اور مسخ کرتا ہے۔ اور کبھی چغلخور پر دلیل ہوتا ہے اس لئے کہ ناموس (چغلخور) بھی مچھر کا ایک نام ہے۔

## ۲۵۱۔ البعیر (اونٹ): دیکھئے الجمل (اونٹ)۔

## ۲۵۲۔ بغاث الطیر (غیر شکاری پرندے)

یہ ایک کمزور پرندہ ہے، خواب میں غیر شکاری پرندہ کا دیکھنا بداخلاق اور نقصان دہ قوم کی دلیل ہے، نیز ان پرندوں کا خواب میں دیکھنا فضول کھیل کود، فرحت و مسرت اور دشمنوں پر غالب آنے کی دلیل ہے اور اربابِ سلطنت کا ایسے پرندے دیکھنا شر اور مصیبت اور نقصان کی علامت ہے، وہ پرندے جو انسانوں سے مانوس ہیں ان کا خواب میں دیکھنا اولاد و ازواج (بیویوں) کی دلیل ہے، اور غیر مانوس پرندوں کا دیکھنا اجنبی اور مخالف لوگوں کی نشانی ہے۔ اور حملہ آور پرندہ کا خواب میں دیکھنا نفسانی خواہشات اور وحشت و خوف کی علامت ہے، اور شکاری پرندہ کا خواب میں دیکھنا عزت و سلطنت اور فوائد و رزق پر دلیل ہے، اور حلال پرندوں کا دیکھنا آسان فائدہ کی دلیل ہے، اور نر پرندہ کا دیکھنا مرد کی اور مادہ کا دیکھنا عورت کی دلیل ہے اور نامعلوم و مجہول قسم کا پرندہ دیکھنا اجنبی لوگوں پر دلیل ہے، جس پرندہ میں خیر اور شر دونوں چیزیں ہوں اس کا خواب میں دیکھنا تنگی کے بعد کشادگی اور سختی کے بعد آسانی حاصل ہونے کی علامت ہے۔ اور جو پرندے رات اور دن دونوں وقت ظاہر ہوتے ہیں ان کا دیکھنا دلیری اور شدید جستجو پر دلیل ہے، اور وہ پرندے جو صرف رات کو ظاہر ہوتے ہیں دن کو آرام کرتے ہیں ان کا دیکھنا حمایت اور مدد کی دلیل ہے، اور جس میں صرف شر ہے خیر نہیں ہے اس کا دیکھنا دشمنوں پر دلیل ہے، اور جس پرندہ میں صرف خیر ہے شر نہیں ہے اس کا دیکھنا خوف سے مامون ہونے اور رزقِ حلال کی علامت ہے۔ اور وہ پرندے جو صرف دن کے وقت ظاہر ہوتے ہیں اور رات کو سکون کرتے ہیں ان کا خواب میں دیکھنا مختلف کاموں میں معاش کی تلاش اور خبروں کی جستجو اور تحقیق کی نشانی ہے، اور وہ پرندے جن کی بیداری میں کوئی قیمت اور حیثیت نہیں ہے اگر خواب میں ایسے پرندے قیمت دار ہوں تو ان کا دیکھنا ریاکاری اور غلط طریقہ سے مال کھانے یا اس کے برعکس پر دلیل ہے، جو بیداری میں اڑتے نہیں ہیں ان کا خواب میں اڑتے دیکھنا عہد شکنی فسق و فجور یا اس کے برعکس امر کی دلیل ہے، اور وہ پرندے جو کسی وقت ظاہر اور نظر آتے ہیں اور کسی وقت نہیں آتے ان کا خواب میں دیکھنا (بے وقت) اور ظاہر ہونا چیزوں کے بے محل رکھنے یا دشمنوں کی مخالفت اور عجیب و غریب خبروں اور فضول اور بے فائدہ باتوں میں غور و خوض کرنے کی دلیل ہے، اور وہ پرندے جو پانی میں رہتے ہیں ان کا خواب میں دیکھنا صاحب کسب و معاش یا متقی اور پاکیزہ لوگوں کی علامت ہے، پرندوں کے بارے میں یہ ایک ضابطہ ہے، اس ضابطہ اور قانون پر غیر مذکور پرندوں کو قیاس کر لیا جائے۔

Marfat.com

## ۲۵۳۔ البغال (خچر)

خواب میں خچر کا دیکھنا امور کے والی اور سرپرست اور اعمال میں آگے بڑھنے والے اور لوگوں کے امور کی اصلاح کے لئے مقرر پولیس کے لوگوں پر دلیل ہے، خواب میں خچر دیکھنا سفر کی اور احمق آدمی اور ولدِ زنا (حرامی) کی دلیل اور علامت ہے، اس لئے کہ خچر کا باپ خلافِ جنس سے ہوتا ہے۔ جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ سفید ہاتھ پاؤں والے خچر پر سوار ہوا ہے اور اس کا رخ قبلہ کی طرف ہے تو انشاء اللہ حج کریگا، اور اگر اس کا رخ قبلہ کے علاوہ کسی اور جانب تھا تو یہ باعزت سفر پر دلیل ہے۔ اور خچر کی سواری عمر کی درازی اور بانجھ عورت کے ساتھ شادی کرنے کی علامت ہے۔ اور خچر اس کی زین کے ساتھ دیکھنا خوش اخلاق اور حسین عورت کی دلیل ہے۔ اور زین کے بغیر دیکھنا نفع بخش سفر کرنے کی نشانی ہے اگر ایسے خچر پر سوار ہوا ہے جو اس کا نہیں ہے تو وہ کسی آدمی سے اس کی بیوی کے بارے میں خیانت کرے گا، جو شخص سرخ رنگ کے خچر دیکھے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اس کو اپنے سے کم درجہ شخص کی طرف سے کوئی دھوکہ فریب پیش آئے گا، جو خواب میں دیکھے کہ وہ خچر پر سوار ہوا ہے تو وہ کسی انسان سے لڑے گا، جو دیکھے کہ وہ کسی خچر کا مالک ہوا ہے تو وہ غلاموں یا مالوں کا مالک ہوگا، اور جو خواب میں خچر پر سوار ہو اور جب کہ اسکا کوئی کھلا دشمن یا خبیث غلام ہے تو وہ اس پر غالب آئے گا، اور اگر سوار عورت تھی تو اس کی شادی ہوگی، جو خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس حاملہ خچر ہے تو یہ مال میں ترقی کی امید پر دلیل ہے۔ اور خچر کے سامان کے اوپر سوار ہونا سوار ہونے والے کے لئے اچھا ہے بشرطیکہ وہ خچر تابعدار ہوا ہو۔ اور کمزور اور لاغر قسم کا خچر جس کا کوئی مالک نہ ہو اسکا دیکھنا ایسے آدمی پر دلیل ہے جو خبیث اور اپنے خاندان کا کمینہ شخص ہے۔ سیاہ رنگ کے خچر پر سوار ہونا بانجھ مگر مالدار اور صاحبِ ثروت عورت کی دلیل ہے۔ خواب میں اگر خچر نے کسی انسان سے نزاع (جھگڑا) کیا ہو تو یہ ولدِ زنا (حرامی بچہ) کی دلیل ہے۔ جو خواب میں دیکھے کہ اس کی شکل خچر میں بدل گئی ہے تو اس کا روزگار سفر سے حاصل ہوگا۔ اور خچر مرتبہ پر بھی دلیل ہے، لہٰذا جو خواب میں خچر سے گر گیا ہو تو وہ اپنے رتبہ سے معزول ہوگا۔ جو دیکھے کہ اس نے مادہ خچر کا دودھ پیا ہے تو جس قدر اس نے دودھ پیا ہے اسی قدر خوف یا تنگی پیش آئے گی، خواب میں خچر دیکھنا لڑکے کی یا ایسے لڑکے کی دلیل ہے جو محنت و مشقت اٹھانے والا، بڑا صبر کرنے والا، بہت زیادہ متکبر نسل و اولاد سے تہی دست (خالی) ہو۔ عوام الناس کے لئے خواب میں خچر کی سواری عزت و منصب کی دلیل ہے، اور امراء اور بادشاہوں کے لئے ذلت اور قید کی علامت ہے۔ اور خچر کی سواری مسافروں کے لئے بہت زیادہ نفع بخش سفر کی دلیل ہے۔ اور خواب میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے خچر مبارک کا دیکھنا امراء اور حکمرانوں کے لئے رزق و برکت کے ساتھ ساتھ تجدید عہد کی دلیل ہے، نیز اس خواب میں لوگوں کے ساتھ تواضع اور عاجزی اختیار کرنے کے ساتھ ساتھ رفعت (بلندی) وعزت کا بھی اشارہ ہے۔

## ۲۵۴۔ البغاء (بدکار عورت)

خواب میں بدکار اور عصمت فروش عورت کا دیکھنا ایسی بیماری کے نزول کی دلیل ہے جس کے علاج کے لئے بندہ

Marfat.com

محتاج ہوتا ہے۔ بعض عارفین کا قول ہے کہ عوام کے فساد سے ظالم حکمران پیدا ہوتے ہیں اور خواص کے فساد سے دجال، مکار اور دھوکہ باز لوگ پیدا ہوتے ہیں، اور مظلوم شخص کی نصرت اور مدد کی جائے گی۔

## ۲۵۵۔ البُغض (بغض ونفرت کرنا)

خواب میں بغض ونفرت عداوت و دشمنی کا سبب ہے، اور ایسے دشمنوں کی دلیل ہے جو نہ آپس میں محبت کرتے ہیں اور نہ تعاون کرتے ہیں، اور اپنی موت سے نفرت کرنا (خواب میں) دل کے کینہ اور خیانت پر دلیل ہے، اور کبھی بغض و نفرت طاعت (نیکی) کا حکم دینے اور معصیت (گناہ) سے اعراض کرنے کی علامت ہوتا ہے، اگر خواب میں اس شخص کو دیکھے جس سے بیداری میں نفرت کرتا ہے تو تنگدلی اور نقصان دہ صحبت اور مجلس کے امتحان میں مبتلا ہونے کی نشانی ہے۔

## ۲۵۶۔ البقّ (مچھر)

خواب میں مچھر دیکھنا کمزور دشمنوں کی دلیل ہے، اور مچھر فکر وغم کی دلیل ہے، نیز مچھر چغلخور مسکین اور ضعیف آدمی کی علامت ہے، اگر خواب میں دیکھے کہ مچھر اس پر حاوی ہوئے ہیں تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ کچھ شریر لوگ اسکی مذمت کریں گے، اور وہ رنج وغم میں مبتلا ہوگا، اگر دیکھے کہ کوئی مچھر اس کے حلق میں داخل ہوا ہے یا اس کے پیٹ میں پہنچا ہے تو کوئی کمزور انسان اس سے مداخلت (جھگڑا) کرے گا، اور اس کو اس سے معمولی خیر پہنچے گی۔

## ۲۵۷۔ البقّار (گائے چرانے والا)

خواب میں گائے بیل چرانے والے کا دیکھنا کھیتوں اور پھلوں کے ذریعہ رزق لانے اور حاصل کرنے پر دلیل ہے۔

## ۲۵۸۔ البقال (سبزی فروش): دیکھئے الفامی (سبزی فروش)۔

## ۲۵۹۔ البقر (گائے)

خواب میں گائے دیکھنا قحط سالی کی دلیل ہے۔ سیاہ رنگ یا زرد رنگ کی گائے دیکھنا خوش سالی اور خوشحالی کی دلیل ہے۔ اور گائے کی پیشانی کی سفیدی دیکھنا آغازِ سال میں شدت (سختی) کی علامت ہے، اور خواب میں گائے کے پہلو پر سیاہ سفید داغ دیکھنا سال کے وسط (درمیان) میں شدت (سختی) اور اس کی پشت پر سیاہ سفید داغ دیکھنا سال کے اختتام میں شدت پر دلیل ہے اور موٹی گائیں دیکھنا چند سالوں کی خوشحالی پر دلیل ہے اور لاغر اور کمزور گائیں دیکھنا چند سالوں کی خشک سالی اور قحط سالی کی علامت ہے، اور خواب میں گائے کا گوشت کھانا اس بات کی علامت ہے کہ اس سال حلال مال سے فائدہ ہوگا۔ اور بعض کا قول ہے کہ گائے دیکھنا رفعت (بلندی) باعزت مال اور خوشحالی کی دلیل ہوتا ہے۔ چنانچہ اگر گائے موٹی ہے تو یہ متقی پرہیز گار عورت کی نشانی ہے۔ اگر گائے سینگوں والی ہے تو یہ نافرمان اور منکر عورت کی علامت ہے۔ اگر گائے دودھ والی ہے تو یہ خیر ونفع والی عورت کی دلیل ہے۔ اگر خواب میں گائے کا دودھ دھونے کا ارادہ کرے اور وہ اپنے سینگوں کے ساتھ اس کو منع

Marfat.com

کرے تو یہ اس بات کی نشانی ہے کہ وہ عورت اس کی نافرمانی کرے گی اور انکار کرے گی، اگر دیکھے کہ کوئی اور شخص اس گائے کا دودھ دھوتا ہے اور وہ اس کو منع نہیں کرتی تو یہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ دودھ دھونے والا اس سے اس کی عورت کے بارے میں خیانت کا ارتکاب کرے گا۔ اگر خواب میں دیکھے کہ گائے کا دودھ خود ہی نکل کر ضائع ہوا ہے تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ اسکی بیوی خراب ہے، اور گائے کا اوجھ دیکھنا مال و رزق کی نشانی ہے، اگر خواب میں اپنی گائے کو حاملہ دیکھے تو اس کی بیوی حاملہ ہوگی، اگر دیکھے کہ اس کو خریدا ہے تو وہ کسی آباد علاقہ کا حاکم ہوگا۔ اگر اپنے گھر میں گائے کو دیکھے کہ وہ اپنے بچھڑے (گائے کا بچہ) کا دودھ چوس رہی ہے تو یہ ایک ایسی عورت کی نشانی ہے جو اپنی بیٹی کے خلاف سازش کرے گی۔ اگر کسی غلام کو دیکھے کہ وہ اپنے آقا کی گائے کا دودھ دھو رہا ہے تو وہ اپنے آقا کی بیوی سے نکاح کرے گا۔ جو دیکھے کہ جیسے اس نے کوئی گائے پائی ہے (ملی ہے) تو وہ کسی شریف آدمی سے کوئی صنعت حاصل کرے گا۔اور اگر وہ کنوارا ہے تو کسی بابرکت عورت سے نکاح کرے گا، جو خواب میں دیکھے کہ اس کو گائے کا دودھ تحفہ میں بھیجا گیا ہے تو وہ نیک صالح بردبار اور شریف عورت حاصل کرے گا، یا سلطنت و ولایت کا مقام حاصل کرے گا، جو خواب میں دیکھے کہ وہ معروف و معلوم گائے پر سوار ہے تو وہ مالداری پائے گا اور رنج و غم سے نجات پائے گا جو خواب میں دیکھے جیسے کوئی گائے اس کے گھر میں داخل ہوئی ہے اور اس نے اس کو اپنے سینگ مارے ہیں تو وہ شخص خسارہ پائے گا۔ اور اپنے اہلِ خانہ اور عزیز و اقارب سے محفوظ نہیں ہوگا۔ جو شخص خواب میں بیل یا گائے کا سینگ دیکھے تو وہ عظیم مال حاصل کرے گا، اور باعظمت عورت کا مالک ہوگا اور لوگوں میں نیک نام ہوگا۔ جو اپنے خواب میں دیکھے جیسے وہ کسی بیل یا گائے کو لکڑی کے ساتھ مار رہا ہے تو اس کے اللہ تعالیٰ کے پاس بہت زیادہ گناہ موجود ہیں۔ یہی تعبیر ہے اگر بیل یا گائے کو کاٹا ہو۔ اگر خواب میں دیکھے جیسے کسی بیل یا گائے نے اسکو زخمی کیا ہے تو زخمی کرنے کے مطابق کوئی مرض لاحق ہوگا۔ اگر دیکھے کہ بیل یا گائے نے اس پر چھلانگ لگائی ہے تو عنقریب اس کو کوئی سختی اور تکلیف پہنچے گی، بلکہ اس کے قتل ہونے کا اندیشہ ہے۔ جو دیکھے کہ کوئی بیل اس پر آگرا ہے تو وہ اسی سال وفات پائے گا۔ جو دیکھے گویا کہ وہ سیاہ رنگ کی گائے پر سوار ہوا ہے یا اس کے گھر میں داخل ہوئی ہے اور اس نے اس کو (گائے کو) گھر میں باندھا ہے تو اس شخص کو خیر و سرور (خوشی) حاصل ہوگی، اور خوف و غم اور وحشت دور ہوگی۔ خواب میں گائے دیکھنا سب کے لئے خیر و سعادت کی دلیل ہے، اگر خواب میں گائیوں کو ایک جگہ جمع شدہ دیکھے تو یہ اضطراب (بے چینی) کی دلیل ہے، اور گائے کا آواز بلند کرنا بے ادب معروف لوگوں کی دلیل ہے۔ اور خواب میں چمڑا اتاری ہوئی گائے دیکھنا عزیز و اقارب پر کسی مصیبت کے آنے پر دلیل ہے، اور آدھا چمڑا اترا ہوا ہو تو بہن یا بیٹی پر کسی مصیبت کے آنے کی دلیل ہے۔ اگر دیکھے کہ کسی شہر میں گائیں داخل ہوئیں ہیں تو اگر کچھ گائیں ایک دوسرے کے پیچھے چلی آرہی ہیں اور ان کی تعداد معلوم ہے تو یہ قحط سالی کے داخل ہونے کی علامت ہے، اگر موٹی تھیں تو یہ خوشحالی کی نشانی ہے، اور اگر دبلی تھیں تو یہ تنگی اور سختی کی دلیل ہے۔ اگر مختلف ہیں تو اگر ان میں مقدم (آگے) گائے موٹی تھی تو خوشحالی مقدم (پہلے) ہوگی، اور اگر لاغر مقدم تھی تو تنگ حالی مقدم ہوگی۔ اگر شہر میں گائیں ایک ساتھ داخل ہوئیں یا متفرق طور پر داخل ہوئیں، اور اس شہر میں کوئی دریا بھی ہے اور وہ سفر کا وقت ہے تو گائیوں کی تعداد اور حالت کے مطابق کشتیاں آئیں گی، ورنہ اس شہر میں اس قسم کا کوئی فتنہ رونما ہوگا، ہاں اگر سب کی سب گائیں زرد رنگ کی ہوں تو یہ امراض

Marfat.com

کی علامت ہے جو لوگوں کے پاس آ رہی ہیں۔ اگر گائیں مختلف رنگوں کی ہوں یا لوگ ان سے بھاگ رہے ہوں یا گائیوں کے منہ اور ناک سے آگ اور دھواں نکل رہا ہو تو یہ کسی لشکر کی حملہ آوری یا دشمن کے آنے کی علامت ہے جو لوگوں کے میدان میں اتریں گے، اور حاملہ گائے دیکھنا ایسے سال کی دلیل ہے، جس میں خوشحالی متوقع ہے۔ جو خواب میں دیکھے کہ وہ کسی گائے کا دودھ دھوتا ہے اور اس کو پیتا ہے، تو اگر فقیر ہے مالدار ہوگا اور عظیم الشان ہوگا، اور اگر مالدار ہے تو اس کی مالداری اور عزت میں اضافہ ہوگا، اور خواب میں جس کو چھوٹا بچھڑا یا بچھڑی ہبہ (دی) کی گئی ہو تو یہ اولاد عطا ہونے کی دلیل ہے۔ جو شخص بہت سی نامعلوم گائیں دیکھے جن کا کوئی مالک نہیں ہے وہ آگے بڑھی ہیں یا پیچھے کو ہٹی ہیں یا کسی جگہ داخل ہوئیں ہیں یا خارج ہوئیں ہیں تو اگر ان کے رنگ سرخ یا زرد تھے تو یہ امراض کی نشانی ہے جو اس جگہ پیدا ہوں گی، اور اگر ان کے رنگ مختلف تھے تو یہ چند سالوں کے لئے قحط سالی کی دلیل ہے۔ جو شخص دیکھے کہ وہ موٹی گائے کا مالک بنا ہے تو یہ سال کی خوشحالی کی دلیل ہے۔ اور اگر گائے حاملہ ہے تو یہ بہت زیادہ آسائش اور خوشحالی کی علامت ہے۔ جو خواب میں دیکھے کہ وہ کسی گائے کو اس کی رسّی کے ساتھ قابو میں کرتا ہے اور روکتا ہے یا دیکھے کہ وہ اس کا مالک ہوا ہے تو وہ کسی دیندار اور خوش اخلاق عورت سے شادی کرے گا، جو دیکھے کہ وہ گائے پر سواری کرتا ہے تو اس کی بیوی انتقال کرے گی اور وہ اس کا وارث بنے گا۔ اور بعض کہتے ہیں کہ وہ شادی کرے گا یا لشکر میں نکلے گا یا پھر گائے کے موٹے یا دبلے ہونے کے بقدر دولت حاصل کرے گا۔ جو خواب میں دیکھے کہ اس نے بادشاہ کو گائے ہدیہ تحفہ میں بھیجی ہے تو وہ لوگوں کو بادشاہ کے پاس لے جائے گا، اگر دیکھے کہ اس کا تحفہ قبول ہوا ہے تو بادشاہ اس کی بات لوگوں کے متعلق سنے گا، اگر تحفہ قبول نہیں ہوا ہے تو لوگ اس سے محفوظ رہیں گے، جو دیکھے کہ وہ گائے کا گوشت کھا رہا ہے یا اسکا دودھ پی رہا ہے تو اسے مالی ترقی، سلطنت اور دینی صلاحیت حاصل ہوگی، اور اگر وہ مریض تھا تو اللہ تعالیٰ اس کو شفا دیں گے، جو دیکھے کہ وہ گائے کی چربی کھا رہا ہے تو اسے آسودہ حالی اور خیر ونعمت حاصل ہوگی۔ جو خواب میں دیکھے کہ وہ گائے کا گھی کھا رہا ہے تو یہ مال میں زیادتی کی نشانی ہے، جو دیکھے کہ اسے گائے کی کھالیں دی گئی ہیں تو وہ بادشاہ سے مال و دولت پائے گا۔ یا بادشاہ کے عامل (گورنر) سے۔ اگر دیکھے کہ اس سے کھالیں لی گئی ہیں تو بادشاہ کو مال کا تاوان اور جرمانہ ادا کرے گا۔ اور جو خواب میں دیکھے کہ اسے گائے کی کھالیں ملی ہیں یا ان کا مالک ہوا ہے تو اسے بادشاہ یا کسی معزز آدمی سے کثیر مال ملے گا، اور کبھی زرد رنگ کی گائے دیکھنا وراثت کے سبب سے شر اور تکلیف پر دلیل ہوتا ہے۔ اور گائے دیکھنا بہت زیادہ برکت والی زمین کی بھی علامت ہوتا ہے۔ اور بنی اسرائیل کی گائے دیکھنا یعنی خواب میں اس کا مالک ہونا قتل کی وجہ سے فتنہ برپا ہونے کی نشانی ہے، اور جو دیکھے کہ اس نے جنگلی گائے اس کا گوشت کھانے کے لئے ذبح کی ہے تو اسے خوبرو عورت سے مال و دولت ملے گا۔

## ۲۶۰۔ البقرة الوحشية (جنگلی گائے): دیکھئے المهاة (جنگلی گائے بیل)۔

## ۲۶۱۔ البقل (سبزی)

خواب میں سبزی دیکھنا فکر وغم کی نشانی ہے، جو دیکھے کہ اس نے سبزیوں کا ایک گٹھا اپنے باغ سے جمع کیا ہے تو اس کو برائی سے اجتناب کرنا چاہیئے، اور خشک سبزیاں دیکھنا ایک ایسے مال کی نشاندہی کرتا ہے جس سے دیگر اموال کا فساد

Marfat.com

اور خرابی دور ہوتی ہے۔ اور اگنے والی سبزی مرد کی علامت ہے، بعض کہتے ہیں کہ تمام سبزیاں از روئے خواب دیکھنا اچھی ہیں، اور بعض کہتے ہیں کہ تمام سبزیاں بری ہیں۔ اور بعض کا کہنا ہے کہ تمام سبزیاں مالِ تجارت اور اولاد اور حزن و ملال کی علامت ہیں۔ چنانچہ اگر سبزی کا دیکھنا تجارت اور کاروبار پر دلیل ہو تو وہ ناپائیدار تجارت ہے، اور اگر سبزی کا دیکھنا مردوں پر دلیل ہو تو وہ لشکر ہیں، اور جس نے خواب میں من و سلویٰ دے کر سبزی اور لہسن لئے ہوں تو وہ ذلت و مسکنت سے دوچار ہوگا، اور اگر اس نے سبزی دے کر روٹی لی ہو تو وہ فقر و افلاس اور ذلّت سے نجات پائے گا۔ جو خواب میں دیکھے کہ اس نے پکی ہوئی سبزیاں کھائی ہیں تو اسے ہر چیز سے خیر و منفعت، فرحت و مسرّت اور عزّت و وجاہت حاصل ہوگی، اور اسے ہر چیز میں نفع حاصل ہوگا، اور خرفہ کا ساگ دیکھنا حاصل نہ ہونے والی تمنّی اور آرزو کی دلیل ہے۔

## ۲۶۲۔ بقلی (سبزی فروش)

خواب میں سبزی فروش کا دیکھنا فکر مند اور غمزدہ شخص کی دلیل ہے، اور کبھی اس کا دیکھنا صبر و قناعت اور خرچ میں تنگی کرنے کی علامت ہوتا ہے۔

## ۲۶۳۔ البکاء (رونا)

خواب میں اگر رونا چیخ و پکار کے ساتھ ہو یا تھپڑ مارنے کی وجہ سے ہو یا سیاہ لباس پہننے کے ساتھ ہو یا گریبان چاک کرنے کے ساتھ ہو تو یہ رنج و غم کی دلیل ہے، اور اگر رونا خوفِ خدا کی وجہ سے ہو یا قرآنِ کریم کی سماعت کی وجہ سے ہو یا کسی سابقہ گناہ پر ندامت اور شرمندگی کی وجہ سے ہو تو یہ سب فرحت و مسرّت اور حزن و ملال کے زوال کی نشانی ہے۔ نیز خشیتِ الٰہیہ (اللہ تعالیٰ سے ڈرنے) پر دلیل ہے۔ یا پھر اس شخص کے لئے بارش کے نزول پر دلیل ہے جو بارش کا شدید محتاج ہو، اور کبھی ایسا رونا عمر کی درازی اور کبھی توحید کے عقیدہ میں زیادتی پر دال ہوتا ہے جبکہ اللہ تعالیٰ کا ذکر یا اس کی تسبیح یا تہلیل (لا الہ الا اللہ کہنا) کی گئی ہوگی۔

## ۲۶۴۔ البکر (کنواری عورت)

عہدہ و منصب والے حضرات کا خواب میں جوان کنواری اور دوشیزہ عورت کا دیکھنا عسرت (تنگی) کی دلیل ہے اور فقیر و تنگدست لوگوں کا کنواری عورت دیکھنا وسعت (کشادگی) کی علامت ہے۔ اور کبھی کنواری کا خواب میں دیکھنا جوان اونٹ پر دلیل ہوتا ہے۔ اور بسا اوقات کنواری کا دیکھنا قابل نفع زمین اور اس جدید رہائش کی علامت ہوتا ہے جس کی تعمیر مکمل ہو چکی ہو۔ اسی طرح کسی وقت خواب میں دوشیزہ کا دیکھنا اس خط کی دلیل ہوتا ہے جس کی مہر توڑی نہ گئی ہو یا اس پھل کی علامت ہوتا ہے جس کو توڑا نہ گیا ہو۔ اور کبھی یہ خواب غم اور پریشانی کی دلیل ہوتا ہے اس لئے کہ بکر (کنواری) کا اسم کرب (غم بے چینی) سے مشتق ہے، جو خواب میں دیکھے کہ اس کو کنواری عورت ملی ہے تو وہ جائیداد کا مالک ہوگا یا پھر نفع بخش تجارت کرے گا۔

Marfat.com

## ٢٦٥۔ البَکرة (جوان اونٹنی)

خواب میں جوان اونٹنی دیکھنا نفع بخش مردِ مؤمن کی نشانی ہے جو لوگوں کے امور انجام دینے کے لئے دوڑ دھوپ کرتا ہے، اور ان کے دینی اور دنیوی امور میں ان کی مدد کرتا ہے، جو خواب میں دیکھے کہ وہ جوان اونٹنی کے ذریعہ پانی کنوئیں سے کھینچتا ہے تاکہ اس پانی سے وضو کرے تو وہ ایک ایسے مردِ مؤمن سے مدد چاہے گا جو اللہ تعالیٰ کے دین کو مضبوطی سے پکڑنے والا (یعنی عمل کرنے والا) ہے۔ اس لئے کہ رسّی دین کی علامت ہے، اور کبھی خواب میں جوان اونٹنی کا دیکھنا چست و چالاک باندی یا بیوی یا بہت زیادہ باتیں کرنے والے غلام کی دلیل ہوتا ہے۔

## ٢٦٦۔ بکرة النهار (صبح سویرے)

کبھی یہ خواب (صبح سویرے ہونا) کھانے کے قابل یا شادی کے قابل لڑکیوں کی دلیل ہوتا ہے اور کبھی ذکر اللہ اور قرأت (پڑھنا) پر دلیل ہوتا ہے۔

## ٢٦٧۔ البکم (گونگا): دیکھئے الخرس (گونگا)۔

## ٢٦٨۔ البلاط (فرشی پتھر)(١)

اگر خواب میں سنگ مرمر کی جگہ میں پتھر بچھے ہوئے ہوں تو یہ عہدوں، بیویوں، سواریوں اور کاروبار میں حالت کی تبدیلی پر دلیل ہے۔ اور اگر پتھر کی جگہ میں سنگ مرمر بچھے ہوئے ہوں تو یہ شر (برائی) کی بجائے خیر (بہتری) کی علامت ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ پتھر اور ٹائلیں مناسب اور ضرورت کی جگہ میں لگے ہوئے ہیں تو یہ الفت و محبت، اجتماعیت فرحت و مسرّت اور غموں وفکروں کے زوال اور رزق اور جدید لباس کی دلیل ہے۔

## ٢٦٩۔ البلاغة (بلیغ ہونا): دیکھئے الفصاحة (فصیح ہونا)۔

## ٢٧٠۔ البلّان (غُسل دینے والا)

مریض اگر خواب میں غسل دینے والا دیکھے تو یہ نہلانے والے یا غموں فکروں کے زوال، قرضوں کی ادائیگی اور گناہگار کے توبہ کرنے اور کافر کے مسلمان ہونے پر دلیل ہے۔

## ٢٧١۔ البلاء (مصیبت)

خواب میں مصیبت کا دیکھنا فرحت و سرور اور تنگی کے بعد کشادگی پر دلیل ہے۔

---

(١) بلاط: وہ پتھر اور ٹائلیں جن سے مکان کی فرش بندی کی جاتی ہے۔

Marfat.com

## ۲۷۲۔ البلبل (بلبل پرندہ)

خواب میں بلبل دیکھنا مالدار مرد یا مالدار عورت کی دلیل ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ بلبل دیکھنا قاری قرآن کے بیٹے یا چھوٹے لڑکے کی علامت ہے، جو خواب میں بلبل دیکھے تو یہ باندی کے بطن سے اولاد ہونے کی دلیل ہے۔ نیز دیکھئے الطیر (پرندہ)۔

## ۲۷۳۔ البلح (کچی کھجور)

خواب میں کچی کھجور دیکھنا رزق ہے یا خیر کا قاصد ہے، جو دیکھے کہ وہ کچی کھجور کھاتا ہے تو اسے حلال مال حاصل ہوگا، خواب میں کچی کھجور دیکھنا عارضی اور ناپائیدار مال و دولت کی علامت ہے۔

## ۲۷۴۔ البُلعط (پانی کا سیاہ کیڑا): دیکھئے الدعموص (پانی کا سیاہ کیڑا)

## ۲۷۵۔ البلغم (بلغم)

خواب میں بلغم دیکھنا ایسے مال کثیر کی نشانی ہے جو بڑھنے والا نہیں ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے بلغم کسی جگہ ڈالا ہے تو آسائش اور شفا پائے گا۔ اور خواب میں اگر مریض دیکھے کہ وہ کھنکارتا ہے تو وہ تنگی اور سختی کی حالت میں مال خرچ کرے گا، اور اگر صاحب علم یہ خواب دیکھے تو وہ بخیل اور کنجوس ہے۔ اور اگر اس کے منہ سے بال یا دھاگہ نکلا ہے تو اس کی زندگی طویل ہوگی، اور بعض کا قول ہے کہ اگر کسی عالم آدمی کے منہ سے پانی نکلا ہے تو یہ اس کے وعظ و تبلیغ کی علامت ہے جس سے لوگ فائدہ اٹھاتے ہیں، یا اس کے فتویٰ کی علامت ہے، اور اگر یہ خواب تاجر نے دیکھا ہے تو یہ اس کے راست گو (سچے) ہونے کی نشانی ہے۔

## ۲۷۶۔ البلق (سیاہ سفید رنگ)

جو خواب میں دیکھے کہ وہ سیاہ سفید رنگ والا ہے تو اسے کوئی مرض لاحق ہوگا۔

## ۲۷۷۔ البلقاء (سیاہ سفید داغوں والا): دیکھئے الخیل (گھوڑا)۔

## ۲۷۸۔ البلّور (کرسٹل)(۱)

خواب میں کرسٹل دیکھنا عورتوں پر دلیل ہے، جو خواب میں دیکھے کہ وہ کرسٹل کے برتنوں کا مالک ہوا ہے تو اس کا نکاح کسی نفیس اور عمدہ عورت سے ہوگا۔

## ۲۷۹۔ البلّوط (درخت بلوط)(۲)

خواب میں درخت بلوط دیکھنا مال و دولت کو بہت زیادہ جمع کرنے والے سخت آدمی کی نشانی ہے۔ اور درخت بلوط

(۱) بلور: ایک قسم کا صاف شیشہ۔ (۲) بلوط: ایک درخت ہے جس کا تنہ موٹا اور لکڑی مضبوط ہوتی ہے۔

Marfat.com

آسودہ حال آدمی کی دلیل ہے، اس لئے کہ درخت بلوط سے بہت زیادہ غذا حاصل ہوتی ہے۔ اور چونکہ یہ درخت بڑا ہوتا ہے اس لئے اس کا دیکھنا شیخ کبیر (بہت بوڑھے آدمی) کی بھی علامت ہے۔ اور چونکہ یہ درخت قدیم اور طویل الزمان ہوتا ہے اس لئے اس کا خواب میں دیکھنا طویل زمانہ پر بھی دلیل ہے، اور چونکہ اس درخت کے کانٹے ہوتے ہیں اس لئے اس کا دیکھنا بندگی اور غلامی کی بھی دلیل ہے، درخت بلوط وحشت یا سفر کی نشانی ہے۔ اور درخت بلوط دیکھنا لوطی (خلاف فطرت فعل کرنے والا) شخص کی بھی دلیل ہے، اور شاہ بلوط (کستا) دیکھنا حبشی آدمی کی علامت ہے۔

## ۲۸۰۔ أبو بليق (غسل خانہ): دیکھئے الحمام (غسل خانہ)

## ۲۸۱۔ البليّة (مصیبت): دیکھئے الفتنة (مصیبت) نیز دیکھئے الرزيّة (مصیبت)۔

## ۲۸۲۔ البمّ (سارنگی کی سب سے موٹی تار)

خواب میں اس کا دیکھنا نقل وحرکت اور قتل وقتال کے لئے تیاری کرنے کی دلیل ہے۔

## ۲۸۳۔ بناتِ نعش (۱)

خواب میں بناتِ نعش کا دیکھنا باعزت عالم شخص پر دلیل ہے۔ جو خواب میں دیکھے کہ سارے بناتِ نعش گر گئے ہیں تو اس شہر کے علماء وفات پائیں گے، جو خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس بناتِ نعش ہے یا ان کا مالک بنا ہے تو یہ کسی آدمی سے دوستی کرے گا، یا اسے اولاد عطا ہوگی یا کسی عورت سے شادی کرے گا، جیسا کہ بناتِ نعش کے الفاظ اس پر دال ہیں۔

## ۲۸۴۔ بنات الهَيق (شتر مرغ): دیکھئے النعامة (شتر مرغ)۔

## ۲۸۵۔ بنات وَرْدان (کیڑا):

خواب میں کیڑا (یعنی بھونرا) دیکھنا کمزور دشمن کی دلیل ہے۔

## ۲۸۶۔ البناء (تعمیر کرنا)

خواب میں کسی جگہ جدید عمارت کا دیکھنا دیکھی ہوئی خواب کے مطابق دنیا کا خاص یا عام فائدہ حاصل ہونے کی دلیل ہے، اور کبھی خواب میں عمارت کا دیکھنا اپنی اہلیہ کے ساتھ شبِ عروسی منانے کی علامت ہوتا ہے۔ خواب میں کسی چیز کا تعمیر کرنا عورتوں کے کسی کام کی دلیل ہوتا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کا گھر معروف طور پر اور خوبصورت شکل میں کشادہ ہوا ہے تو یہ اس کی دنیا کی وسعت پر دلیل ہے، اگر گھر کی کشادگی معروف طریقہ سے متجاوز (بڑھ جانا) ہوئی ہے تو کچھ لوگ اجازت کے بغیر اس گھر میں داخل ہوں گے، کسی مصیبت اور گھبراہٹ میں مبتلا ہوگا یا اس کی بیوی کو نقصان پہنچے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ جو خواب میں

(۱) بناتِ نعش: قطب شمالی کی جانب سات ستارے دکھائی دیتے ہیں جن کو سات سہیلیوں کا جھمکا بھی کہتے ہیں۔

Marfat.com

دیکھے کہ وہ کوئی عمارت بناتا ہے تو اس کے عزیز و اقارب دوست و احباب اور اس کے لشکر جمع ہوں گے، اگر یہ خواب بادشاہ نے دیکھا ہے تو عمارت کی مضبوطی اور موٹائی کے مطابق اس کی حکومت کی واپسی، خوشیوں کی تکمیل اور امور کی بلندی کی دلیل ہے، اگر عمارت کو اکھاڑا اور ہٹایا ہے تو یہ اپنے عزیز و اقارب، دوست و احباب اور لشکروں کے متفرق ہونے کی دلیل ہے۔ نیز اس کی حکومت کے ختم ہونے کی دلیل ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ وہ کسی عالم کی کوئی پرانی عمارت از سر نو بنا رہا ہے تو یہ اس عالم کی سیرت و اخلاق کو سنوارنے کی دلیل ہے۔ اگر عمارت فرعون یا ظالم شخص کی ہو جسے وہ نئے سرے سے بنا رہا ہے تو یہ اس کی سیرت کو سنوارنے اور بنانے کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ اس نے تعمیر کی ابتداء کی ہے پہلے اس کو بنیاد سے کھودا اور پھر اس کی تہہ سے تعمیر کرنی شروع کی حتی کہ اسے مضبوط بنایا ہے، تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ وہ علم کی یا حکومت کی یا کسی پیشہ کی تلاش میں نکلے گا اور عنقریب اپنی مراد کو پالے گا۔ جو خواب میں دیکھے کہ وہ کسی شہر میں یا بستی میں کوئی عمارت بنا رہا ہے تو وہاں کسی عورت سے شادی کرے گا، تو اگر پکی مٹی سے بنائی ہے تو یہ تزئین و آرائش اور ریاکاری کی علامت ہے، اور اگر عمارت مٹی سے بنائی ہے تو یہ کسب حلال کی نشانی ہے، اور اگر عمارت منقش (نقش و نگار والی) تھی تو یہ پاکیزگی اور خوشی کے ساتھ علم یا حکومت کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ اس نے کوئی عمارت چونے گچ اور پکی اینٹوں کے ساتھ بنائی ہے اور اس میں تصویریں ہیں تو یہ شخص کسی غلط کام میں پڑے گا۔ اس لئے کہ خواب میں چونہ گچ اور پکی اینٹوں سے عمارت بنانا منافقت کی علامت ہوتا ہے۔ اور نفاق اسی کا نام ہے کہ چونے اور پکی اینٹوں کے ساتھ عمارت بنائی جائے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ خواب میں جو چونے گچ والا کام کرے تو وہ کوئی ناجائز کام کرے گا۔ جو خواب میں دیکھے کہ وہ پردیس میں کوئی چیز تعمیر کر رہا ہے تو وہ ایک ایسی عورت سے نکاح کرے گا جس کا ذکر اس نے پہلے نہیں سنا ہوگا۔ یا وہ پردیس میں ہی مقیم رہے گا اور وہیں موت آجائے گی۔ اور مٹی سے تعمیر کرنا دین اور یقین کی علامت ہے۔ اور خشک مٹی سے تعمیر کرنا مال کی قباحت اور برائی کی دلیل ہے۔ جو خواب میں دیکھے کہ اس نے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر مبارک کی مٹی (گارے) سے لپائی کی ہے تو وہ حج کرے گا، اور جو دیکھے کہ اس نے اپنے گھر کی گارے سے لپائی کی ہے اور مٹی گیلی اور تر تھی تو وہ شخص نیک صالح ہے، اور جو دیکھے کہ اس نے مٹی کو کھایا ہے تو یہ مال کی علامت ہے جس کو وہ اسی قدر کھائے گا جس قدر اس نے مٹی کھائی ہے، اور خوبصورت عمارت دیکھنا الفت و محبت، رزق و نسل عمدہ پوشاک (لباس) اور کنواری عورتوں کی دلیل ہے، اور مضبوط عمارت کبھی قوت و شدت اور کبھی معاونت و باہمی امداد کی دلیل ہوتی ہے، اور کبھی عمارت کا خواب میں دیکھنا عمر کی درازی کی دلیل ہوتا ہے، اور کبھی عمارت بانی عمارت کی علامت ہوتا ہے، اگر گرجا دیکھا ہے تو گرجے میں جو عیسائی ہیں ان پر دلیل ہے، اسی طرح مسجد کا دیکھنا اس کے مسلمان نمازی کی دلیل ہے اور اگر خواب میں مدرسہ دیکھا ہے تو یہ اس میں موجود عالم فقیہ شخص کی علامت ہے اور خواب میں یتیم و مسکین خانہ دیکھنا اس میں بڑے عابد و زاہد لوگوں کی دلیل ہے۔ جو شخص خواب میں کوئی مسجد یا کوئی جگہ اللہ تعالیٰ کا قرب اور اس کی رضا حاصل کرنے کے لئے بنائے تو اگر خواب دیکھنے والا حاکم اور بادشاہ ہے تو کلمۂ حق اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا فریضہ ادا کرے گا، اور اگر وہ عالم دین ہے تو ایسی کتابیں لکھے گا جس کے علم یا فتاویٰ سے لوگ نفع اٹھائیں گے، اور اگر وہ (خواب دیکھنے والا) مالدار ہے تو

Marfat.com

اپنے مال کی زکوٰۃ ادا کرے گا۔ اور اگر وہ کنوارا ہے تو شادی ہوگی، اور اگر شادی شدہ ہے تو پھر اولاد نصیب ہوگی، اور اس کا ذکرِ خیر ہر طرف پھیلے گا، اور اگر وہ فقیر ہے تو غنی ہوگا، اگر ان میں سے کوئی صورت نہ ہو تو لوگوں کو خیر کے کام پر جمع کرے گا اور اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں ان کی مدد کرے گا، یا پھر وہ اس گناہ سے توبہ کرلے گا جس کا اس نے ارتکاب کیا ہے، یا اسے دینِ اسلام قبول کرنے کی ہدایت ملے گی، یا وہ شہادت کی موت مرے گا، اور اگر خواب میں کوئی ناجائز عمارت تعمیر کی ہے (جس کا بنانا جائز نہیں ہے) یا محراب سے منحرف ہوا ہے یا محراب کو کسی اور جانب پھیرا ہے تو یہ شر اور برائی کی دلیل ہے۔ اگر خواب میں گنبد دیکھا یا اسے تعمیر کیا ہے تو یہ بلند شانی یا باعزت اور عظیم المرتبت لوگوں سے ملنے کی دلیل ہے۔ جو دیکھے کہ اس نے بادلوں پر گنبد بنایا ہے تو اسے قوت وسلطنت ملے گی، اور جو شخص خواب میں دیکھے کہ آسمان وزمین کے اوپر اس کی کچھ عمارتیں یعنی سبز گنبد ہیں تو اس کے کام اچھے ہوں گے، اور اسے شہادت کی موت نصیب ہوگی۔ جو دیکھے کہ وہ حمام (غسل خانہ) بنا رہا ہے تو وہ عورت سے ازدواجی تعلق کرے گا۔ اگر خواب میں کوئی مریض دیکھے کہ وہ اپنا گھر تعمیر کرتا ہے اور اسے معلوم نہیں ہے کہ اس نے اس کو کب گرایا تھا تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ دوبارہ اسے جسمانی صحت حاصل ہوگی۔ اور جس مرض میں مبتلا ہے اس سے نجات پائے گا۔ اور جو خواب میں دیکھے کہ اس کے والد گرامی نے کسی عمارت کی بنیاد رکھی ہے اور اس نے اس کی چھت اٹھائی ہے تو وہ اپنے والد کے دینی یا دنیوی امور کی تکمیل کرے گا، اور جو دیکھے کہ کام کرنے والے اس کے گھر میں کام کر رہے ہیں تو وہ اپنی بیوی سے جھگڑے گا یا اپنے کسی دوست سے تعلق ترک کرے گا وغیرہ۔

## ۲۸۷۔ البنّاء (عمارت بنانے والا)

خواب میں اس کا دیکھنا ایسے آدمی کی نشانی ہے جو لوگوں کو حلال پر جمع کرتا ہے۔ اس لئے کہ وہ اینٹوں کے ساتھ تعمیر کرتا ہے۔ اور عمارت بنانے والے کا دیکھنا شاعر پر اور عمر دراز پر بھی دلیل ہے۔ اور کبھی اس کا دیکھنا دنیا کی حرص ولالچ اور رغبت وخواہش رکھنے کی دلیل ہوتا ہے۔ اور کبھی اس کا دیکھنا الفت ومحبت اور معاونت کی علامت ہے، اور عمارت توڑنے والا عہد شکنی کرتے والے اور شرائط توڑنے والے شخص کی دلیل ہے۔

## ۲۸۸۔ البنت (بیٹی): دیکھئے الصبیّة (بچی)۔

## ۲۸۹۔ البند (جھنڈا): دیکھئے الرایة (جھنڈا)۔ دیکھئے العَلَم (جھنڈا) نیز دیکھئے اللواء (جھنڈا)۔

## ۲۹۰۔ البَنْدر (بندرگاہ)

خواب میں بندرگاہ دیکھنا ایک ایسے قابل اعتماد آدمی کی دلیل ہے جس کے پاس امانتیں رکھوائی جاتی ہیں۔

## ۲۹۱۔ البُندق (درخت بُندق)(۱)

خواب میں درخت بُندق (چلغوزہ کا درخت) دیکھنا پردیسی سخی آدمی کی دلیل ہے، لیکن وہ سخت مزاج ہے، اور کہا

(۱) بُندق: ایک درخت ہے معتدل جگہوں میں اگتا ہے۔ اس کا پھل بادام نما چھوٹا ہوتا ہے، کھانے میں مزیدار ہوتا ہے (چلغوزہ) ح۔م

Marfat.com

جاتا ہے کہ درخت بندق دیکھنا محنت و مشقت والا مال ہے لہٰذا جو خواب میں درخت بندق کا پھل کھائے تو اسے بڑی محنت و مشقت سے مال حاصل ہوگا اور کبھی اس کا دیکھنا کنواری عورت کی بکارت (کنوارا پن) کے زائل ہونے کی علامت ہوتا ہے۔

## ۲۹۲۔البنفسج (بنفشہ)

خواب میں بنفشہ دیکھنا خوبصورت عورت پر دلیل ہے، نیز بنفشہ اور اس قسم کے دیگر خوشبودار پھول کا دیکھنا یا تو ایسی عورت پر دلیل ہے جو بہت کم ثابت قدم رہتی ہو یا کم عمر یا زیادہ امراض والے لڑکے پر دلیل ہے اگر خواب میں بنفشہ کسی پھول کے ساتھ دیکھے تو یہ الفت و محبت کی دلیل ہے۔

## ۲۹۳۔البھار (گاؤ چشم)

خواب میں گاؤ چشم (ایک خوشبودار پھول) دیکھنا ایسے بچے پر دلیل ہے جو عہدِ طفولیت (بچپن) میں وفات پاجائے، یا ناپائیدار خوشی پر دلیل ہے اور یا پھر زوال پذیر تجارت یا جدا ہونے والی عورت یا رخصت ہونے والی حکومت پر دلیل ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ خواب میں گاؤ چشم دیکھنا دراہم (مال) کی دلیل ہے۔

## ۲۹۴۔البھق (چھیپ)

جو خواب میں دیکھے کہ اسے چھیپ (جسم پر سفید یا سیاہ داغ) کا مرض لاحق ہوا ہے تو یہ بُرے اسرار کی دلیل ہے۔

## ۲۹۵۔البوّاب (دربان)

خواب میں دربان عظیم شاہی آدمی کی علامت ہے، جو خواب میں دیکھے کہ وہ دربان ہے اور اس نے کوئی باندی خریدی ہے تو وہ بادشاہ کا مقرب ہونے کی وجہ سے عنقریب عظیم حکومت کا مالک ہوگا۔ جو دیکھے کہ وہ بادشاہ کا دربان ہے تو وہ تابعدار ہوگا، اور جو دیکھے کہ وہ حاکم کا دربان ہے تو وہ حکومت حاصل کرے گا۔

## ۲۹۶۔البؤس (بدحالی)

جو خواب میں دیکھے کہ وہ بدحالی اور شکستہ حالی سے دوچار ہوا ہے تو وہ محتاج ہوگا۔ بدحال دیکھنا پہنچنے والے مرض کی نشانی ہے، اور بدحالی عداوت و دشمنی اور تفریق (جدائی) کی دلیل ہے۔

## ۲۹۷۔البُوق (بگل)

خواب میں بگل کا دیکھنا نیک شہرت اور دشمنوں کو بھگانے اور ڈرانے کے لئے جنگ کرنے پر دلیل ہے، جو خواب میں بگل کی آواز سنے تو اسے لڑائی کی طرف بلایا جائے گا، اگر دیکھے کہ بگل میں پھونک ماری ہے تو اسے کوئی مشکل

Marfat.com

پیش آئے گی، اور بگل جھوٹی اور بے بنیاد خبروں کی علامت ہے، اور بگل والا شخص عیب جو یا قائد یا شراب فروش آدمی پر دلیل ہے، اور خواب میں بگل دیکھنا ظہورِ خیر کی نشانی ہے، اور بگل کی تعبیر عورت کے اخلاق سے بھی کی جاتی ہے۔ لہٰذا خواب میں اگر بگل میں کوئی عیب وغیرہ دیکھے تو اسے عورت کے اخلاق کی طرف منسوب کیا جائے گا۔

## ۲۹۸۔ البول (پیشاب)

خواب میں پیشاب دیکھنا ناجائز جگہ میں مال خرچ کرنے یا نامناسب چیز کو روندنے پر دلیل ہے، اور پیشاب کا مسلسل نکلنا رزق کے نکلنے پر دلیل ہے، اور پیشاب کا رکنا اور دشواری سے نکلنا کبھی امور میں جلد بازی دکھانے اور ناورتنگی کی دلیل ہوتا ہے، کیونکہ پیشاب روکنے والے شخص کو اس وقت تک قرار اور سکون نہیں ہوتا جب تک کہ وہ پیشاب نہ کرلے، اور خواب میں پیشاب دیکھنا مالِ حرام کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ وہ کسی نامعلوم جگہ میں پیشاب کرتا ہے تو اس جگہ کی کسی عورت سے نکاح کریگا، اور بعض کہتے ہیں کہ جو خواب میں یوں دیکھے جیسے وہ پیشاب کررہا ہے تو وہ کچھ مال خرچ کرے گا جو اسی کی طرف لوٹ آئے گا، جو دیکھے کہ گویا وہ کنوئیں میں پیشاب کرتا ہے تو وہ کسبِ حلال سے مال خرچ کرے گا، جو دیکھے کہ اس نے سامانِ تجارت میں پیشاب کیا ہے تو اس سامانِ تجارت میں خسارہ ہوگا۔ اگر محراب میں پیشاب کیا ہے تو اس کے ہاں ایک عالم لڑکا پیدا ہوگا، جو دیکھے کہ گویا اس نے قرآنِ پاک پر پیشاب کیا ہے تو اس کا کوئی لڑکا قرآنِ کریم حفظ کرے گا، جو دیکھے کہ اس نے تھوڑا سا پیشاب کیا ہے اور تھوڑا سا روکا ہے تو اگر وہ شخص مالدار ہے تو اس کا کچھ مال ختم ہوگا، اور اگر وہ پریشان حال ہے تو اس کی کچھ پریشانی دور ہوگی، اگر دیکھے کہ اس کے ساتھ ایک اور شخص پیشاب کرتا ہے اور دونوں کا پیشاب آپس میں مل جاتا ہے تو ان کے درمیان دوستانہ تعلق یا دامادی رشتہ قائم ہوگا، اگر دیکھے کہ اس نے پیشاب کو روکا ہوا ہے تو وہ اپنی بیوی پر غصہ کرے گا۔ اگر دیکھے کہ اسے زور کا پیشاب آیا ہے اور اس نے اس کے لئے کوئی جگہ نہیں پائی ہے تو ایسا شخص مال و دولت دفنانے کا ارادہ کرے گا لیکن اسے مال دفن کرنے کے لئے کوئی جگہ نہیں ملے گی، اگر دیکھے کہ اس نے پیشاب کی جگہ میں پیشاب کیا ہے اور اس سے پیشاب زیادہ ہوگیا ہے تو اگر محتاج ہے تو محتاجی دور ہوگی، اور اگر مالدار ہے تو اسے مال میں خسارہ ہوگا، اگر دیکھے کہ لوگ اس کے پیشاب کو چھوتے ہیں تو اس کے ہاں ایسا لڑکا پیدا ہوگا لوگ جس کی اتباع کریں گے، اگر معروف و معلوم آدمی کو دیکھے کہ اس پر پیشاب کیا ہے تو وہ اس کو اسی کا مال اس پر خرچ کرکے ذلیل و خوار کرے گا، اگر کوئی آدمی خواب میں دیکھے کہ پیشاب کی جگہ دودھ نکل رہا ہے تو وہ اپنی فطرت (قبولیت حق کی خداداد صلاحیت) کو برباد کرے گا، پس اگر دیکھے کہ کسی معروف و معلوم شخص نے اس کو پیا ہے تو وہ اس پر اس کے دینوی امر میں مالِ حلال خرچ کرے گا، اگر دیکھے پیشاب کی جگہ خون نکل رہا ہے تو وہ لاعلمی میں مطلقہ (طلاق والی) عورت یا محرم عورت کے پاس (طبعی حاجت کے لئے) آئے گا۔ اگر دیکھے کہ پیشاب کی جگہ زعفران نکل رہا ہے تو اس کے ہاں بیمار بچہ پیدا ہوگا۔ اگر دیکھے کہ اس نے کسی رس پر پیشاب کیا ہے تو وہ اپنے مال میں اسراف کرے گا، اگر دیکھے کہ اس نے مٹی گارے وغیرہ پر پیشاب کیا ہے تو

Marfat.com

وہ ایسا شخص ہے جو وضو اچھی طرح نہیں کرتا ہے، اگر آگ پر پیشاب کیا ہے تو اس کے ہاں سلطنت والا لڑکا پیدا ہوگا، اگر پست زمین میں پیشاب کیا ہے تو وہ اپنے اہل کے ساتھ کسی گناہ کا ارتکاب کرے گا، اور اگر پیشاب کی جگہ تے نکلی ہے تو یہ ولدِ حرام (حرامی بچہ) پر دلیل ہے۔ اور اگر پرندہ نکلا ہے تو صلاح و فساد میں اس پرندہ کی اصلیت اور طبیعت کے مطابق اس کے ہاں لڑکا پیدا ہوگا، جو خواب میں کھڑے ہو کر پیشاب کرے تو وہ اپنا مال جہالت سے خرچ کرے گا، جو اپنے کرتہ میں پیشاب کرے تو اس کے ہاں اولاد ہوگی، اور اگر اس کی زوجہ نہیں ہے تو شادی کرے گا۔ اگر دیکھے کہ وہ اپنی ناک میں پیشاب کررہا ہے تو وہ کسی محرم کے پاس تعلقِ خاص کے لئے آئے گا، اگر دیکھے کہ اس نے بازار کی کسی محفل میں پیشاب کیا ہے تو وہ حاکم کی طرف سے اس بازار کا ملازم یا نگران مقرر ہوگا۔ ایک مرتبہ اردشیر بن ساسان کے والد نے جو بکریاں چراتے تھے یہ خواب دیکھا کہ انہوں نے پیشاب کیا ہے اور اس سے دھواں اٹھا اور سارے آسمان کو پہنچا ہے۔ چنانچہ انہوں نے اس وقت کے معبّر بابک سے سوال کیا تو بابک نے کہا کہ جب تک تو اپنے بیٹے کو میری طرف منسوب نہیں کردے گا میں تیرے خواب کی تعبیر تجھے نہیں بتاؤں گا، چنانچہ اردشیر کے والد نے اس کا ان سے وعدہ کرلیا، بعد میں بابک نے کہا کہ تیرے ہاں ایک لڑکا پیدا ہوگا جو دنیا جہاں کا بادشاہ بنے گا، چنانچہ ایسا ہی ہُوا، جو خواب میں دیکھے کہ اس نے کسی قوم کے گھر میں یا محلہ میں یا کسی قوم کی مسجد میں پیشاب کیا ہے یا کسی شہر یا بستی میں پیشاب کیا ہے تو وہ اس جگہ کے کسی آدمی کے ساتھ رشتہ داری قائم کرے گا، اگر مسجد میں پیشاب کیا ہو تو اس کے ہاں نیک صالح لڑکا پیدا ہوگا، جو خواب میں دیکھے کہ وہ تھال میں یا کسی بوتل میں پیشاب کررہا ہے یا مٹکے میں یا کنوئیں یا ویران جگہ میں پیشاب کررہا ہے۔ تو وہ کسی عورت سے نکاح کرے گا جو خواب میں دیکھے کہ اس نے دریا میں پیشاب کیا ہے تو اس دریا سے مال نکال کر اس کا عشر (دسواں حصہ) بادشاہ کو دے گا یا زکوٰۃ نکالے گا وغیرہ، جو خواب میں دیکھے کہ اس کی پیشاب گاہ سے کیڑے نکلے ہیں تو اس کی اولاد اِدھر اُدھر بکھرے گی، جو دیکھے کہ اس کے عضوِ تناسل سے قلم نکلتا ہے تو اس کے ہاں ایسا لڑکا پیدا ہوگا جو ہر علم میں حصہ لے گا، اس لئے کہ قلم سے ہر علم کی حفاظت ہوتی ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے عضوِ تناسل سے دانہ وغیرہ نکلا ہے تو اس کے ہاں ایسا لڑکا پیدا ہوگا جس کے دشمن ہوں گے، جو خواب میں دیکھے کہ اس نے عام عادت سے ہٹ کر بہت زیادہ پیشاب کیا ہے یا پیشاب سے آلودہ ہوا ہے یا اس کے پیشاب کی بو بُری ہے یا اس نے پیشاب کیا ہے اور لوگ اس کو دیکھ رہے ہیں تو یہ تکلیف اور پریشانی کی دلیل ہے یا کسی برائی کی علامت ہے، جس سے وہ رسوا ہوگا۔ اور خواب میں پیشاب پینا ذریعہ معاش کے مشتبہ ہونے یا مالِ حرام کی دلیل ہے۔

## ۲۹۹۔ البوم (اُلّو)

خواب میں اُلّو دیکھنا بڑا ظالم اور خطرناک بادشاہ کی دلیل ہے، نیز اس کا دیکھنا بڑے متکبر شدید قوت رکھنے والے بے یار و مددگار چور ڈاکو کی بھی دلیل ہے۔ خواب میں اُلّو کا دیکھنا کام میں کاہلی و سستی اور خوف و خطرہ کی بھی علامت ہے، نیز اُلّو کا دیکھنا شریر اور خیانت گر شخص کی دلیل ہے، جو خواب میں دیکھے کہ وہ اُلّو کا علاج کرتا ہے تو وہ کسی انسان کا علاج

Marfat.com

معالجہ کرے گا، جو دیکھے کہ کوئی اُلو اس کے گھر میں آیا ہے تو اس کے پاس کسی آدمی کی موت کی خبر آئے گی، اُلو کا دیکھنا چوروں، ڈاکوؤں، فراق (جدائی)، وحشت اور فحش گوئی پر دلالت کرتا ہے۔ دیکھئے الھامة (اُلو)۔

## ۳۰۰۔ بیاض اللون (سفید رنگ)

جو شخص خواب میں اپنا چہرہ پہلے سے زیادہ سفید دیکھے تو یہ مرض کی علامت ہے، اگر دیکھے کہ اس کے رخسار کا رنگ سفید ہو گیا ہے تو وہ عزت و مرتبہ پائے گا۔

## ۳۰۱۔ البیّاع (بیچنے والا)

خواب میں بیچنے والے شخص کو دیکھنا اس کی سیرت و عادات اختیار کرنے کی علامت ہے، مثلاً اس کا دیکھنا جھوٹی قسمیں کھا کر اپنا سامانِ معیشت بیچنا، نمازوں میں حاضر نہ ہونا، ناپ تول میں کمی کرنا، سود کھانا، طہارت و پاکیزگی کا خیال نہ رکھنا وغیرہ امور پر دلالت کرتا ہے، اور جَو فروش کا خواب میں دیکھنا ایسے آدمی کی دلیل ہے جو دنیا سے محبت رکھتا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے کسی معاملہ میں دراہم یا دنانیر (پیسے) لئے ہیں یا اس نے کوئی چیز بالعوض فروخت کی ہے تو اس میں کوئی گھبرانے والی بات نہیں ہے، اور خواب میں سوت فروش کا دیکھنا سفر کی دلیل ہے، اور گراں قیمت پر کپڑے فروخت کرنے والا شخص دیکھنا امانت دار اور باعظمت شخص کی دلیل ہے، وہ بڑی شان و شوکت والا ہے اگر وہ اپنی بیع میں قیمت نہ لے، اور میوہ و پھل فروش کا دیکھنا ایسے آدمی کی علامت ہے جو دین کو دنیا پر فوقیت اور فضیلت دیتا ہے، اپنے رزق کی تلاش میں اسے محنت و مشقت اٹھانا ہوگی، اور پھولوں کا سوداگر دیکھنا رنجیدہ اور آہ و بکاء کرنے والے شخص کی علامت ہے، یا یہ خواب قاریِ قرآن پر دلیل ہے، اور پرندوں کو بیچنے والا شخص خواب میں دیکھنا غلام لونڈیاں فروخت کرنے والے پر دلیل ہے اور سیسہ فروش دیکھنا کمزور کام والے شخص کی علامت ہے۔

## ۳۰۲۔ البیان (واضح ہونا): دیکھئے الفصاحة (فصیح ہونا)۔

## ۳۰۳۔ البیت (گھر)

خواب میں گھر کا دیکھنا آدمی کی اس بیوی کی دلیل ہے جس کے پاس وہ رہتا ہے۔ جیسا کہ محاورہ ہے کہ جب کوئی شخص شادی کرتا ہے تو کہتے ہیں کہ وہ اپنے گھر میں داخل ہوا ہے۔ اور کبھی گھر کی تعبیر اس کے جسم و بدن سے ہوتی ہے۔ چنانچہ اگر کوئی کہے کہ میں نے خواب میں ایک نیا گھر بنایا ہے تو اگر وہ مریض ہے تو اسے جسمانی صحت حاصل ہوگی اور اگر وہ مریض نہیں ہے کنوارا ہے تو شادی کرے گا، یا اپنی بیٹی کی شادی کر کے اس کو اسکے گھر میں داخل کرے گا، یا وہ گھر کے مطابق باندی خریدے گا، جو خواب میں دیکھے کہ وہ کسی نامعلوم گھر کی چھت پر چڑھا ہے تو اسے کوئی عورت ملے گی، جو دیکھے کہ وہ کسی مضبوط

Marfat.com

گھر میں بند ہے جس کے دروازہ کو بھی تالا لگا ہوا ہے اور وہ گھر دوسرے گھروں کے درمیان میں ہے، تو وہ خیر و عافیت پائے گا۔ جو خواب میں دیکھے کہ اس نے کوئی گھر اٹھایا ہے یا اسے لے کر چلتا ہے تو کسی عورت کی کفالت اور ذمہ داری اٹھائے گا۔ جو خواب میں دیکھے کہ اس کا گھر سونے کا ہے تو اس کے گھر میں آتشزدگی (آگ لگنا) ہوگی، جو دیکھے کہ وہ چھوٹے گھر سے باہر نکلتا ہے تو وہ فکر و غم سے نکلے گا، جو اپنی حویلی میں ایک وسیع کشادہ گھر مٹی گارے کا بنا ہوا دیکھے تو یہ نیک عورت کی نشانی ہے، اور اگر وہ گھر چونے گچ کا ہو یا پکی اینٹوں کا بنا ہوا ہو (جو خواب میں دیکھا تھا) تو یہ مسلط اور منافق عورت کی علامت ہے، اگر دیکھے کہ گھر کے نیچے تہہ خانہ ہے تو وہ مکار آدمی ہے، اور اگر وہ مٹی کا بنا ہوا ہے تو یہ دین میں مکر و فریب کرنے کی دلیل ہے۔ اور خواب میں تاریک گھر دیکھنا بداخلاق اور بری عورت کی دلیل ہے۔ اگر دیکھے کہ وہ ایسے گھر میں داخل ہوا ہے جہاں پانی کا چھڑکاؤ کیا گیا ہے تو پانی کی تری اور کیچڑ کے برابر اس کو اس کی بیوی کی طرف سے کوئی غم پریشانی پہنچے گی، لیکن پھر معاملہ درست ہو جائے گا اور غم فکر ختم ہو جائے گا۔ اگر دیکھے کہ وہ کسی شہر میں بہت سے گھر اور قلعے تعمیر کرتا ہے تو وہ اس شہر میں شادی کریگا اور اس کی اولاد ہوگی، اگر خواب میں دیکھے کہ اس کا گھر پہلے سے زیادہ کشادہ ہوا ہے تو خیر و برکت اور خوشحالی اس میں آئے گی، اور یہ خیر وغیرہ اس کی بیوی کی طرف سے آئے گی۔ اور جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ کسی نئے گھر کی بنیاد رکھ رہا ہے تو اسے بہت بڑی پریشانی و غم پہنچے گا، اگر نیا گھر دیکھے تو اس کا دشمن مرے گا اگر اپنے گھر کو تاریکی اور اندھیرے میں دیکھا ہے تو دور کا سفر کرے گا لیکن کوئی خوشی یا نفع حاصل نہیں ہوگا، اور اگر اپنے گھر کو روشن دیکھا ہے تو وہ کوئی سفر کرے گا اور اس میں اسے خیر حاصل ہوگی۔ اگر دیکھے کہ وہ اپنا گھر گراتا ہے تو دوسرے اس کے مال کے وارث ہوں گے۔

## ۳۰۴۔ البیت الحرام (خانہ کعبہ): دیکھئے الکعبۃ (خانہ کعبہ)۔

## ۳۰۵۔ بیت الخلاء (بیت الخلاء): دیکھئے المرحاض (بیت الخلاء)۔

## ۳۰۶۔ البیت العتیق (خانہ کعبہ): دیکھئے الکعبۃ (خانہ کعبہ)۔

## ۳۰۷۔ بیت المقدس: دیکھئے القدس (بیت المقدس)۔

## ۳۰۸۔ البیدر (کھلیان)

خواب میں کھلیان دیکھنا اس جمع شدہ مال پر دلیل ہے جو طویل مدت کے عمل سے حاصل ہو، بعض کہتے ہیں کہ کھلیان دیکھنا اس مال پر دلیل ہے جو اسے دوسرے کی کمائی سے حاصل ہوگا، یا علم کی علامت ہے جسے وہ پہچانتا ہے۔

## ۳۰۹۔ البیذق (سفر کا رہنما)

خواب میں اس کا دیکھنا حالات کے ابتداء سے اچھی انتہاء تک کے منتقل ہونے پر دلیل ہے۔ دیکھئے الشطرنج (شطرنج)۔

Marfat.com

## ۳۱۰۔ البَیْض (انڈا)

خواب میں اگر انڈا کسی جگہ میں یا برتن میں دیکھے تو یہ عورتوں یا باندیوں پر دلیل ہے، جو خواب میں دیکھے کہ اس کی مرغی نے انڈا دیا ہے تو اس کے ہاں اولاد ہوگی، اگر دیکھے کہ اس نے کچا انڈا کھایا ہے تو وہ مالِ حرام کھائے گا، یا زنا کرے گا، یا اس کو غم پریشانی لاحق ہوگی، اگر خواب میں اپنے ہاتھ میں انڈا دیکھے تو اس کی بیوی مردہ عورت کی طرح صبح کرے گی۔ اگر دیکھے کہ اس کی بیوی نے انڈا دیا ہے تو وہ کافر بیٹا جنے گی۔ اور اگر دیکھے کہ مرغی کے نیچے انڈے رکھے ہیں اور اس سے چوزے نکلے ہیں تو دشوار امر آسان ہوگا اور ممکن بنے گا، اور اس کے ہاں مومن لڑکا پیدا ہوگا، اور کبھی اس خواب کی تعبیر چوزوں کی تعداد کے مطابق اولاد ہونے سے ہوتی ہے۔ اگر خواب میں انڈے پر ضرب لگائی ہے اور اس کی بیوی حاملہ ہو تو وہ کسی باندی سے نکاح کرنے کا ارادہ کرے گا مگر نہ کر سکے گا۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سے انڈے ہیں تو اس کے مال و متاع کے فساد کا اندیشہ ہے۔ طوطے کا انڈا دیکھنا خوبصورت باندی پر دلالت کرتا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اسکے ہاتھ میں ابلا ہوا انڈا ہے تو اس کا دشوار اور بگڑا کام سنورے گا، اور پھر وہ اس کام کے سنوارنے سے مال و دولت حاصل کرے گا، اگر خواب میں اس انڈے کو ایک طرف ہٹایا ہے تو وہ عورت کا مال کھائے گا یا اس میں اسراف کرے گا، اور اگر اس انڈے کو کھایا ہے تو وہ مالدار عورت سے نکاح کرے گا، اور سارس (کونج) کے انڈے دیکھنا مسکین اولاد کی علامت ہے، جو خواب میں دیکھے کہ اس کو انڈا دیا گیا ہے تو اس کے ہاں شریف لڑکا پیدا ہوگا، اگر وہ انڈا ٹوٹ گیا ہے تو اس کا لڑکا فوت ہوگا، جو دیکھے کہ وہ انڈے کے چھلکے کھاتا ہے تو وہ کفن چور آدمی ہے، اگر کنوارا شخص بہت سے انڈے دیکھے تو یہ اس کی شادی کی علامت ہے۔ اور شادی شدہ دیکھے تو اولاد کی نشانی ہے، اور چھوٹے انڈے دیکھنا بیٹیوں کی اور بڑے انڈے دیکھنا بیٹوں کی نشانی ہے، اور بسا اوقات انڈے دیکھنا سونا چاندی کی دلیل ہوتا ہے۔ انڈے کی سفیدی چاندی کی اور اس کی زردی سونے کی علامت ہے۔ اور کبھی انڈے دیکھنا اولاد و ازواج اور باندیوں کی دلیل ہوتا ہے۔ اور کبھی قبروں کی علامت ہوتا ہے، اور کبھی انڈے کا دیکھنا اہل و عیال عزیز و اقارب اور دوست و احباب کے جمع ہونے کی دلیل ہوتا ہے، اور بسا اوقات دراہم و دنانیر (روپے پیسے) اور اس کو ذخیرہ کرنے کی دلیل ہوتا ہے۔ اگر دیکھے کہ ایک جگہ انڈے یوں جلائے جا رہے ہیں جیسے گوبر جلایا جاتا ہے تو یہ اس جگہ کی مستورات کے قید ہونے کی دلیل ہے۔

## ۳۱۱۔ البیضۃ (خَود): دیکھئے الخوذۃ (خَود)

## ۳۱۲۔ البیطار (جانوروں کا علاج کرنے والا)

خواب میں ویٹرنری سرجن دیکھنا عقد نکاح کرنے والے گدے وغیرہ بیچنے والے اور مختلف سفروں پر دلیل ہے، خواب میں جانوروں کا علاج اور ان کی نعلبندی کرنے والے شخص کا دیکھنا ایسے شخص کی علامت ہے جو فوج اور لشکر کی مدد کرتا ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ خواب میں اس کا دیکھنا طبیب (ڈاکٹر)، شیخ مصلح (اصلاح کرنے والا)، حجام، سرجن اور دراز کو

Marfat.com

جوڑنے والے شخص کی علامت ہے۔ اس لئے کہ وہ بھی اجسام کے معالج ہیں۔

## ۳۱۳۔ البیع (خرید وفروخت)

جو خواب میں اپنے کو دیکھے کہ میری بیع ہو رہی ہے اور بیچنے کے لئے لوگوں کے درمیان آواز لگائی جا رہی ہے۔ تو اگر اسے کوئی عورت خریدے تو عزت وسلطنت پائے گا، اگر کوئی مرد خریدے تو رنج وغم اٹھائے گا، قیمت جتنی زیادہ لگی ہوگی اتنا ہی زیادہ باعزت ہوگا، اور جو خواب میں دیکھے کہ جیسے اس کی خرید وفروخت ہو رہی تو اگر وہ غلام یا فقیر یا قیدی ہے تو یہ خیر کی دلیل ہے، اور اگر مالدار اور مریض ہے تو یہ خواب شر کی دلیل ہے۔ مبیع (فروخت شدہ چیز) کے مختلف ہونے کی وجہ سے بیع کی تعبیر بھی مختلف ہو جاتی ہے، اور جو تعبیر بائع (بیچنے والا) کے لئے شر کی دلیل ہے وہ مشتری (خریدار) کے لئے خیر کی دلیل ہوگی، اور جو بائع کے لئے خیر کی دلیل ہے تو وہ مشتری کے لئے شر کی دلیل ہوگی، اور کہا گیا ہے کہ خواب میں کسی چیز کی بیع ہوتے دیکھنا ملکیت کے زوال کی علامت ہے اور بائع مشتری کی اور مشتری بائع کی علامت ہے، اور کسی چیز کی بیع دیکھنا مبیع (فروخت شدہ چیز) پر ترجیح دینے کی علامت ہے، لہٰذا اگر خواب میں اس چیز کی بیع کرے جو دنیا پر دلالت کرتی ہے تو اس کی تعبیر یہ ہوگی کہ وہ آخرت کو دنیا پر ترجیح دیتا ہے، اور اگر ایسی چیز فروخت کی ہے جو آخرت پر دلالت کرتی ہے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ وہ دنیا کو آخرت پر ترجیح دیتا ہے۔ بصورتِ دیگر مبیع اور ثمن (قیمت) کے بقدر وہ ایک حالت کو دوسری حالت سے تبدیل کرے گا، اور آزاد شخص (جو کسی کا غلام نہ ہو) کی بیع (بیچنا) حسن و جمال اور حکومت پر دلیل ہے جیسا کہ حضرت یوسف علیہ السلام کا قصہ اس پر شاہد ہے، خواب میں کسی چیز کا فروخت کرنا بیع کے عمل سے فارغ ہونے اور خرید کردہ چیز میں رغبت رکھنے پر دلیل ہے، اگر خواب میں کوئی حقیر چیز فروخت کی ہے اور عمدہ چیز خریدی ہے اور وہ شخص (خواب دیکھنے والا) جہاد میں ہے تو شہید ہوگا، اور اگر عمدہ چیز فروخت کی ہے اور حقیر چیز خریدی ہے تو یہ نعوذ باللہ خاتمہ کے برے ہونے پر دلیل ہے۔ یا وہ شخص دنیا کو آخرت پر ترجیح دیتا ہے یا باندی کو آزاد عورت پر فوقیت دیتا ہے اگر ان میں بیع کا معاملہ ہوا ہو۔ یا معصیت (گناہ کا کام) کو طاعت (نیکی کا کام) پر ترجیح دیتا ہے۔ اگر آزاد شخص کی خواب میں بیع ہوئی ہے تو یہ ذلت کی دلیل ہے مگر اس کا انجام اچھا ہوگا، جیسا کہ حضرت یوسف علیہ السلام کا واقعہ اس پر دال ہے۔

## ۳۱۴۔ البیعۃ (یہود کا عبادت خانہ)

جو خواب میں دیکھے کہ اس کے گھر میں یہود کا عبادت خانہ ہے، تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ مسئلہ تقدیر میں اس کا قول یہودیوں کے قول کے مشابہ ہوگا یا ہے۔ اسی طرح اگر اپنے گھر کو یہود کے عبادت خانہ کی شکل میں دیکھے تو وہ اس کے برعکس سے سرکشی کرے گا، اور اگر دیکھے کہ وہ ان کے عبادت خانہ میں ہے تو اس کا مذہب یہود کے مذہب جیسا ہے۔ خواب میں یہود کا عبادت خانہ دیکھنا حکمت، منسوخ شدہ علوم اور اطباء (ڈاکٹرز) پر دلیل ہے، اگر دیکھے کہ جیسا عمل اس عبادت خانہ کے لوگ کر رہے ہیں ویسا ہی عمل یہ خود بھی کرتا ہے تو یہ یہودیوں کی صحبت ومجلس یا ان لوگوں کی علامت ہے جو ان یہودیوں کے اخلاق و

Marfat.com

عادات کو اپناتے ہیں یا پھر اس بات کی نشانی ہے کہ یہ شخص ان کے مذہب میں رغبت و دلچسپی رکھتا ہے۔ اگر خواب میں مساجد اور گرجا گھروں کو منہدم (گرا ہوا) دیکھے تو یہ دشمن کے ارادوں اور ان کے مسلمانوں پر غالب آنے کی دلیل ہے، اور بسا اوقات یہود کے عبادت خانہ کا دیکھنا اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرنے اور تقویٰ اختیار کرنے پر بیعت کرنے کی علامت ہوتا ہے۔

## ۳۱۵۔ البیکار (پرکار): دیکھئے الشبر (بالشت سے ناپنا)۔

## ۳۱۶۔ البئر (کنواں)

خواب میں پانی کا کنواں دیکھنا ہنس مکھ خوش مزاج عورت پر دلیل ہے۔ اگر خواب میں کوئی عورت کنواں دیکھے تو یہ خوش اخلاق آدمی کی علامت ہے، اور کنواں یا تو مال وعلم کی دلیل ہے اور یا فربہ آدمی یا قیدی کی نشانی ہے، اور یا مکر وفریب یا قید و بند کی علامت ہے، جو خواب میں دیکھے کہ اس نے کنواں کھودا ہے اور اس میں پانی ہے تو یہ کسی مالدار عورت سے نکاح کرے گا اور اسے فریب دے گا، اس لئے کہ خواب میں کھودنا مکر وفریب کی دلیل ہوتا ہے۔ اور اگر اس کنوئیں میں پانی نہیں تھا تو یہ فقیر عورت کی دلیل ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے کنوئیں کے پانی سے پانی پیا ہے تو اسے مکر وحیلہ سے مال حاصل ہوگا۔ اگر خواب میں کسی محلّہ کے اندر پرانا کنواں دیکھے یا کسی گھر یا بستی میں تو اس کنوئیں پر آنے والے لوگ رسیوں اور ڈولوں کے ذریعہ اس کنوئیں سے پانی کھینچیں گے، اگر وہاں کوئی عورت ہو یا اس کا شوہر ہو یا اس کا کوئی سرپرست ہو تو لوگ اپنے معاش میں اس سے فائدہ اٹھائیں گے، اور اس کا لوگوں میں ذکرِ خیر ہوگا، اگر دیکھے کہ پانی اس کنوئیں سے باہر بہتا ہے تو اگر اس مقام پر کوئی پریشانی مصیبت وغیرہ ہوگی تو اس سے یہ نکلے گا۔ اگر دیکھے کہ وہ باغ کی سیرابی کے لئے کوئی کنواں کھودتا ہے تو وہ اپنی بیوی سے صحبت کے لئے کوئی دوا حاصل کرے گا، اگر خواب میں اپنا کنواں دیکھے کہ اس کا پانی اتنا بہا ہے کہ گھروں میں داخل ہو گیا ہے تو اسے مال و دولت حاصل ہوگا جو اس کے لئے وبالِ جان بنے گا۔ اگر گھر میں پانی داخل ہونے پر وہ گھر سے نکلا ہے تو وہ پریشانی سے نجات پائے گا اور جس قدر وہ گھر سے نکلا ہے اسی قدر اپنا مال لے جائے گا، اگر خواب میں دیکھے کہ وہ کنوئیں میں گرا ہے جس کا پانی گدلا ہے تو وہ کسی شاہی بے انصاف آدمی کے ساتھ معاملات کرے گا، اور اس کی بے انصافی اور فریب کاری میں مبتلا ہوگا، اور اس کے کام دشوار ہوں گے، لیکن اگر کنوئیں کا پانی صاف تھا تو وہ کسی نیک صالح آدمی کا کام کرے گا اور وہ اس سے بقدرِ ضرورت خوش ہوگا، اگر خواب میں کنوئیں کے اوپر بیٹھا ہے تو وہ کسی مکار آدمی کے ساتھ معاملہ کرے گا، اور اس کے فریب سے محفوظ رہے گا، اگر دیکھے کہ وہ کنوئیں میں گرتا ہے تو وہ سفر کرے گا، جب کوئی آدمی کسی نامعلوم جگہ میں ایسا کنواں دیکھے جس کا پانی شیریں ہو تو یہ اس آدمی کی دنیا کی دلیل ہے۔ اور اس میں اس کا رزق ہے پانی کے بقدر خوش حال اور طویل العمر (عمر دراز) ہوگا۔ اور اگر اس میں پانی نہ ہو تو یہ عمر ناپائیدار کے ختم ہونے کی نشانی ہے، اور کنوئیں کا خواب میں منہدم (گرا ہوا) دیکھنا عورت کی موت کی علامت ہے، اگر دیکھے کہ اس کی ٹانگیں کنوئیں میں لٹکی ہیں تو وہ اپنے کل یا بعض مال کے ساتھ مکر وفریب کرے گا، پس اگر کنوئیں میں اترا ہے اور نصف

Marfat.com

کنوئیں تک پہنچا ہے پھر اس میں اذان دی ہے تو وہ سفر کرے گا، اور اگر نصف کنوئیں میں پہنچ کر اذان سنی ہے تو اگر حاکم ہے تو معزول ہوگا اور اگر تاجر ہے تو خسارہ ہوگا، اور بعض معبّرین کہتے ہیں کہ جو اپنے گھر میں یا اپنی زمین میں کنواں دیکھے تو اسے وسعتِ رزق و معاش اور تنگی کے بعد آسانی اور بے گمان جگہ سے نفع حاصل ہوگا، پس اگر خواب میں دیکھے کہ وہ کنوئیں میں گر گیا ہے تو اس کا مرتبہ و وقار جاتا رہے گا۔ اور کبھی کنوئیں کا دیکھنا والد اور اولاد کی دلیل ہوتا ہے، نیز باادب شخص، قبر، مکرو فریب، حاجات کے پورا کرنے، سفر، مقصد، بخیلی اور عزت وغیرہ کی بھی دلیل ہوتا ہے۔ ہر کنوئیں کی الگ تعبیر ہے، چنانچہ گھر کا کنواں دیکھنا صاحب خانہ، یا دکان یا زوجہ کی دلیل ہے اور یا پھر مال، خادم یا موت یا حیات کی نشانی ہے۔ اور بیکار کنواں دیکھنا سفر و حرکات کے معطل ہونے کی دلیل ہے۔ اور راستے کے کنوئیں دیکھنا مسجد یا حمام (غسل خانہ) پر دلیل ہے، اور کبھی ایسے کنوئیں دیکھنا ایسی بدکار عورت کی دلیل ہے جس کے پاس ہر ایک آتا ہے۔ اور محلّہ کا کنواں دیکھنا اس کے چوکیدار پر دلیل ہے، اور سبیل کا کنواں تنگ حالی کے بعد کشادہ حالی پر دلیل ہے، اور پانی پلانے والے کنوئیں اس دنیا پر دلیل ہیں جس میں لوگ سعادتمند ہوں، اور کچھ فقیر و محتاج ہوں، اور کبھی ایسا کنواں دیکھنا طلباءِ علم کی نسبت سے دار العلوم اور مدارس کی دلیل ہے، اگر کوئی انسان کسی محلّہ میں یا معروف و معلوم شہر میں چاہِ زمزم (زمزم کا کنواں) دیکھے تو اس مقام پر کوئی ایسا آدمی آئے گا جس کی دُعا یا نیکی کی برکت سے لوگوں کو فائدہ پہنچے گا، اور کبھی ایسا کنواں دیکھنا اہل محلّہ یا اہل شہر کی ان کے دشمنوں کے خلاف نصرت و مدد ہونے پر دلیل ہوتا ہے۔ اور ان کی برکات کی کثرت پر بھی دلیل ہوتا ہے اور کبھی اس خواب کی تعبیر بوقتِ ضرورت مفید بارش کے ہونے سے ہوتی ہے۔ اور اگر دیکھے کہ وہ کنوئیں پر کھڑا ہے اور اس کا صاف پاکیزہ پانی کھینچا ہے تو اگر خواب دیکھنے والا اہل علم میں سے ہے تو جس قدر پانی کھینچا ہے اسی قدر اسے علم حاصل ہوگا، اور اگر وہ کوئی فقیر شخص ہے تو مستغنی ہوگا، اور اگر وہ کنوارا ہے تو اس کی شادی ہوگی، اگر اس کی بیوی حاملہ ہے تو لڑکا جنے گی خصوصاً جب کہ ڈول کے ساتھ پانی کنوئیں سے کھینچا ہو۔ بصورتِ دیگر اس کو ایسا سبب حاصل ہوگا جس سے وہ لوگوں سے بے نیاز ہو جائے گا، اور اگر وہ حاجتمند ہو تو اس کی حاجت پوری ہوگی۔ اور اگر وہ سفر کی آرزو رکھتا ہے تو سفر کرے گا، اور سفر میں اس کو فائدہ و ثمرہ حاصل ہوگا، اور اگر کوئی اور مقصد و مراد ہو تو وہ پوری ہوگی، اگر کوئی امید رکھتا ہے تو اس کو پالے گا، اگر کنواں رسی کے قریب ہے تو یہ سخی ور معزز آدمی ہے، اور اگر اس کی رسی کنوئیں سے دور ہے تو یہ بخیل آدمی ہے۔ اگر دیکھے کہ کنوئیں کا پانی گہرائی میں چلا گیا ہے یہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک کرنے اور کفر کرنے کی دلیل ہے، اور کبھی یہ خواب دین میں شک و شبہ کرنے کی علامت ہوتا ہے۔ اس لئے کہ عربی میں لفظِ بیر (کنواں) کا عکس ریب (شک) ہے، جو خواب میں دیکھے کہ وہ کنوئیں کے اندر دیکھ رہا ہے تو وہ کسی عورت کے بارے میں غور و فکر کر رہا ہے، اگر خواب میں کنواں پتھروں سے بنتا ہوا دیکھے تو اس کی بیوی مریضہ ہے یا ہوگی، یا نفاس میں مبتلا ہوگی پھر اپنی بیماری سے خلاصی پائے گی۔

۳۱۷۔ البَیْن (جدائی): دیکھئے المفارقة (جدائی)۔

Marfat.com

# باب التاء

## ۳۱۸۔ التّابعون (تابعینِ کرامؒ)

خواب میں کسی تابعی کی زیارت اس شہر یا علاقہ میں رحمتِ خداوندی کے ہونے کی دلیل ہے، اگر اہل علاقہ کسی رنج تکلیف یا خوف و قحط میں مبتلا ہیں تو اللہ تعالیٰ اس کو دور فرما دیں گے، اور اس علاقہ کے رئیس کے حال کی اصلاح فرمائیں گے۔ اسکی سیرت و عادات لوگوں کے حق میں اچھی اور بہتر ہو جائے گی۔ خواب میں تابعینِ کرام رحمۃ اللہ علیہم یا ان کے علاوہ علماء دیکھنا خواب دیکھنے والے کے علم میں اضافہ کی دلیل ہے، اور حکماء کا دیکھنا حکمت میں اضافہ کی علامت ہے، اور واعظین کو دیکھنا نصرت و مدد اور خوشی کی دلیل ہے، اور اولیاء و صالحین کو دیکھنا دینداری میں ترقی حاصل ہونے کی نشانی ہے، جو شخص خواب میں کسی فوت شدہ نیک صالح بزرگ کی زیارت کرے کہ اللہ تعالیٰ نے اس بزرگ کو اس کے شہر میں زندہ کر دیا ہے تو اس شہر کے لوگ خوشحالی اور کشادگی اور اپنے والی کی طرف سے عدل و انصاف پائیں گے، جو دیکھے کہ اس نے کسی بزرگ کو زندہ کیا ہے تو وہ اس بزرگ کی کسی سنّت و طریقہ کو زندہ کرے گا اور جاری کرے گا، جو خواب میں دیکھے کہ اس کی صورت کسی معروف بزرگ کی صورت و شکل میں بدل گئی ہے تو اس بزرگ کے مقام و مرتبہ کے بقدر دنیا کے کچھ غم اور وحشت پہنچے گی، لیکن پھر بامراد ہوگا۔

## ۳۱۹۔ التابوت (صندوق)

خواب میں صندوق دیکھنا عظیم سلطنت ہے، اگر کوئی انسان دیکھے کہ وہ صندوق میں ہے تو سلطنت حاصل کرے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ اس خواب کا دیکھنے والا دشمن سے خائف ہے اور اس کی دشمنی سے عاجز و قاصر ہے۔ اور یہ خواب کشادگیِ حال کی دلیل ہے، اگر یہ خواب وہ شخص دیکھے کہ جس کا کوئی غائب ہو تو وہ آجائے گا۔ جو خواب میں یوں دیکھے جیسے وہ صندوق کے اوپر بیٹھا ہے تو وہ لڑائی جھگڑے سے محفوظ رہے گا، اور غالب رہے گا، اور مراد کو پہنچے گا، جو دیکھے کہ اس کو صندوق دیا گیا ہے تو اسے علم و حلم (بردباری) اور وقار و سکینہ کی دولت ملے گی، خواب میں صندوق دیکھنا رنج و غم کی علامت ہے اور آٹا وغیرہ پیسنے والے کا صندوق دیکھنا ایسے حاکم پر دلیل ہے جو حق و باطل کے درمیان فرق کرنے والا ہے۔ اسی طرح اس کا دیکھنا علم و ہدایت کی نشانی ہے۔

## ۳۲۰۔ التأتاء (حرفِ تاء بولنے میں تھتلانا): دیکھئے النحوی (نحوی)۔

## ۳۲۱۔ التاج (تاج)

خواب میں تاج دیکھنا علم، قرآن اور بادشاہت پر دلیل ہے۔ اور کبھی خواب میں تاج کا پہننا شہر کی تجدید اور ذکر

Marfat.com

کی ذلت و رسوائی کی علامت ہوتا ہے۔ جو عورت خواب میں اپنے سر پر تاج دیکھے تو وہ کسی مالدار بلند شان آدمی سے یا بادشاہ سے نکاح کرے گی، اور اگر وہ حاملہ ہے تو لڑکا جنے گی، اور اگر کوئی مرد اپنے سر پر تاج دیکھے تو وہ عجمی سلطنت حاصل کرے گا، اگر جائز و مناسب تاج سر پر رکھا تھا تو اس کا دین محفوظ ہے ورنہ اس کے دین میں کوئی فساد ہوگا، اس لئے کہ شریعتِ مطہرہ میں مردوں کے لئے سونے کا تاج ناجائز ہے۔ اور کبھی تاج دیکھنا زوجہ سے کنایہ ہوتا ہے، جو بلند رتبہ، مالدار اور صاحبِ ثروت ہے، جو خواب میں تاج کو دیکھے اور وہ بادشاہ کی جیل میں قید ہو تو وہ جیل سے عزت کے ساتھ بری ہوگا، جیسے حضرت یوسف علیہ السلام عزت و آبرو اور سلطنت کے حصول کے ساتھ بری ہوئے، مگر یہ کہ اس کا کوئی لڑکا غائب ہو تو وہ اس کو مرنے سے پہلے دیکھ لے گا، یہی اس کا تاج ہے (جو اس کو خواب میں دکھایا گیا ہے)۔ اور خواب میں جواہرات کے ساتھ آراستہ تاج دیکھنا صرف سونے سے ملمع تاج دیکھنے سے بہتر ہے، اور تاج کا دیکھنا عجم کا یا مطلق بادشاہ کی علامت ہے۔ اگر عورت دیکھے کہ اس کے سر پر جواہرات سے جڑا ہوا سونے کا تاج ہے، اور وہ غیر شادی شدہ ہے تو اس کا نکاح کسی عجمی دنیادار، مالدار حسب و منصب اور قلیل المرض (کم بیماری والا) آدمی سے ہوگا۔ اور اگر اس کے سر پر رکھا تاج صرف سونے کا ہے تو یہ بوڑھے عمر رسیدہ شوہر کی علامت ہے۔ لیکن اگر یہ عورت صاحبِ خاوند ہو تو ایسا بیٹا جنے گی جو اہل خانہ میں بڑی شان و شوکت والا ہوگا، اگر بادشاہ دیکھے کہ اس نے سونے کا تاج پہنا ہے اور پھر اس نے کفر کیا ہے یا سرکشی کی ہے تو اس کی بینائی ختم ہوگی، اور جب وہ سونے اور جواہرات کا تاج پہنے تو اسے عجمی سلطنت حاصل ہوگی اور اپنے دین کو ضائع کرے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ جو خواب میں دیکھے کہ اس کے سر پر تاج ہے اور وہ اس کا اہل ہے تو وہ اپنی قوم کا سردار بنے گا، اگر عورت دیکھے کہ اس کے سر کا تاج چھینا گیا ہے اور اس کا خاوند مریض تھا تو اس کا خاوند وفات پائے گا۔

## ۳۲۲۔ تاج العرب (عرب کا تاج): دیکھئے العمامة (پگڑی)۔

## ۳۲۳۔ التاجیل (ٹالنا): دیکھئے المماطلة (ٹالنا)۔

## ۳۲۴۔ التاجر (تاجر)

جو خواب میں دیکھے کہ وہ دکان میں ہے اور اس کے اردگرد سامانِ تجارت پڑا ہے، اور تاجروں کی سی اس کی ہیئت ہے اور وہ تجارت کر رہا ہے، حکم دیتا ہے منع کرتا ہے تو یہ تجارت میں اس کی شان و شوکت کی دلیل ہے۔ اگر خواب دیکھنے والا بڑے تاجروں میں سے نہ ہو تو پھر یہ خواب فقر و فاقہ سے محفوظ ہونے کی نشانی ہے۔ خواب میں تاجروں کو دیکھنا منافع، فوائد، بلند مناصب، سفروں اور عجیب و غریب خبروں کی اطلاع ملنے کی دلیل ہے، اور کبھی تاجروں کا دیکھنا فرائضِ اسلام میں کمی کوتاہی کرنے پر دلیل ہوتا ہے، جیسے حج، جہاد، روزہ، نمازِ جمعہ وغیرہ۔ اگر کوئی عورت خواب میں تاجر بنی ہو یا بہت سی عورتیں تاجر بنی ہوں تو اگر وہ عورتیں اسلحہ و ہتھیار کے بازار میں ہیں تو یہ خواب دشمن کی نقل و حرکت اور ان کے بلادِ اسلام (اسلام کے شہر و علاقے) پر غالب آنے کی دلیل ہے۔ اور اگر وہ عورتیں زیورات اور ملبوسات کے بازار میں ہیں تو یہ منافع و فوائد پر دلیل ہے۔

Marfat.com

## ۳۲۵۔ التأجیر (کرایہ پر دینا): دیکھئے اجارۃ (کرایہ پر دینا)۔

## ۳۲۶۔ التأخیر (مؤخر کرنا): دیکھئے المماطلۃ (ٹالنا)۔

## ۳۲۷۔ التأویل (تفسیر کرنا)

خواب میں کلام کی تفسیر کرنا ان خبروں پر دلیل ہے جو جھوٹے شخص کی زبان سے بیان ہوں، اگر اس خواب کی تفسیر وتعبیر کوئی راست گو اور سچا آدمی کرے تو جیسی وہ تعبیر بیان کرے اس خواب کی ویسی ہی تعبیر ہوگی۔

## ۳۲۸۔ التبّان (بھوسہ فروش)

خواب میں بھوسہ فروش دیکھنا بذریعہ سفر رزق حاصل ہونے کی دلیل ہے۔ اور کبھی اس کی تعبیر درزی سے ہوتی ہے۔

## ۳۲۹۔ التبجیل (عظیم ہونا): دیکھئے العظم (عظیم ہونا)۔

## ۳۳۰۔ التبختر (اترا کر چلنا)

خواب میں اترانا دینی خطا ولغزش کی دلیل ہے۔ اور اترانا ایسے دنیوی منصب کے حاصل ہونے کی بھی علامت ہے جو عنقریب ختم ہو جائے گا، لہٰذا اگر مالدار ہو تو اس کا ذریعۂ معاش معلوم نہیں ہوگا۔

## ۳۳۱۔ التبخّر (دھونی لینا)

خواب میں دھونی لینا حسنِ معاشرت کی دلیل ہے اور عوددان دیکھنا باادب غلام کی نشانی ہے جو اپنے مالک سے اچھی تعریف پائے گا۔ خوشبو دراصل حُسنِ تعریف ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ خوشبو مریض کے لئے موت کی دلیل ہے، حنوط اور خوشبو کی دھونی لینا تعریف کی علامت ہے مگر کچھ خوف وخطرہ بھی ہے، کیونکہ اس میں دھواں ہے، اور عنبر کی خوشبو شریف آدمی کی جانب سے حصولِ مال کی دلیل ہے۔ اور کستوری اور ہر سیاہ رنگ کی خوشبو جیسے لونگ کا پھول سرور اور خوشی کی دلیل ہے، اور اس لونگ کا پاوڈر اچھی تعریف ہے۔ جو دیکھے کہ وہ دھونی لیتا ہے تو وہ نفع اور خیر پائے گا۔ اور فقیر کا غنی ہونے کی علامت ہے اور کبھی دھونی لینا علم ودین کی یا علانیہ صدقہ کرنے یا رشوت یا دشمنوں کے ساتھ صلح کرنے یا بہادروں کی خدمت کرنے یا رازوں اور مافی الضمیر کو ظاہر کرنے یا لوگوں سے میل جول اور ان کی خوشامد کرنے پر دلیل ہوتا ہے۔ اور کبھی دھونی لینا محبت والفت کی دلیل ہوتا ہے، اور تعویذات وغیرہ کی دھونی لینا (خواب میں) دشمن کی ذلت ورسوائی اور حسد کرنے والے پر غالب رہنے اور خوف سے محفوظ ہونے، بیماریوں سے شفا پانے، سحر وجادو کے باطل ہونے اور حصول رزق کی علامت ہے۔

Marfat.com

## ۳۳۲۔ التِبْر (سونے کا ڈلا)

خواب میں سونے کی ڈلی دیکھنا علمِ نافع اور مخلص دوست کی دلیل ہے۔ نیز اس کا دیکھنا طبیعت کے موافق زوجہ، نیک اولاد پر دلیل ہے اور خالص امرت کا حکم بھی یہی ہے۔

## ۳۳۳۔ التبرز (پاخانہ کرنا): دیکھئے الحدث (بے وضو ہونا)۔

## ۳۳۴۔ التبسّم (مسکرانا)

خواب میں مسکرانا سرور وخوشی اور اتباعِ سنّت کی دلیل ہے، اس لئے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم صرف مسکراتے تھے۔

## ۳۳۵۔ التبن (بھوسہ)

خواب میں بھوسہ دیکھنا اس کے لئے مالِ کثیر اور خوشحالی کی دلیل ہے جو بھوسہ کو حاصل کرے اور اس کو اپنے گھر لائے، مروی ہے کہ امام ابن سیرین رحمہ اللہ نے بیداری میں بھوسہ دیکھ کر فرمایا کہ کاش! یہ بھوسہ خواب میں دیکھتا اور بعض کہتے ہیں کہ جو شخص خواب میں بھوسہ دیکھے اسے چاہئے کہ جیب کی حفاظت کرے، اس لئے کہ خواب میں بھوسہ حاصل ہونا مال کی دلیل ہے۔ اس خواب کا اثر اس پر بہت زیادہ ظاہر ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ بھوسہ دیکھنا مشقت سے حاصل ہونے والا مال ہے، اس لئے کہ بھوسہ وقت کے بعد ہی حاصل ہوتا ہے۔ جو دیکھے کہ اس کے پاس بھوسہ ہے تو وہ رزقِ حلال پائے گا، یا اپنی ذات کے لئے اخراجات حاصل ہوں گے، اگر خواب میں کچھ بھوسہ کھایا ہے تو اس کی قیمت کھائے گا، یا سخت حالی، قحط اور بھوک میں مبتلا ہوگا۔ اگر خواب میں بھوسہ کسی نامناسب جگہ میں رکھا ہے جیسے صندوق الماری وغیرہ تو یہ مہنگائی کی اور ان جانوروں کی موت کی دلیل ہے جو اس کو کھائیں گے، اور کبھی خواب میں بھوسہ دیکھنا مالی صدقات کی دلیل ہوتا ہے۔ اس لئے کہ بھوسہ بھی مال سے بچا ہوا ایک حصّہ ہوتا ہے۔ خواب میں شہر کے اندر بھوسہ کی کثرت دیکھنا نباتات کی کثرت کی دلیل ہے اور کبھی بھوسہ کا دیکھنا اس کھیتی کی دلیل ہوتا ہے۔ چنانچہ گندم کا بھوسہ دیکھنا گندم پر اور لوبیا کا بھوسہ دیکھنا لوبیا کی دلیل ہے۔ اور چنے کا بھوسہ دیکھنا چنے پر دلیل ہے۔ خواب میں بھوسہ کی جو قلت یا کثرت دیکھے وہ اپنے اصل کی طرف عود کرے گی۔

## ۳۳۶۔ التبول (پیشاب کرنا): دیکھئے الحدث (بے وضو ہونا)۔

## ۳۳۷۔ التثاؤب (جمائی لینا)

خواب میں جمائی لینا فسق وفجور اور ایسے اعمال کی دلیل ہے جس سے شیطان خوش ہوتا ہے۔ جیسے نوحہ بازی ہے، نماز میں سستی کرنا وغیرہ۔ خواب میں جمائی لینا دشمن پر حملہ کرنے اور ثواب کی طرف متوجہ ہونے کی دلیل ہے۔ اس لئے کہ جب انسان نماز میں ہو تو جمائی آنے پر منہ بند کرنے کا حکم ہے تاکہ شیطان سے پرہیز ہو۔ اور کبھی خواب میں جمائی لینا

Marfat.com

حال کے منکشف ہونے پر دلیل ہوتا ہے، اور کبھی ایسے مرض کی علامت ہوتا ہے جس سے مریض کو شفا حاصل نہیں ہوگی۔

## ۳۳۸۔ التجّار (تاجر): دیکھئے السوق (بازار)۔

## ۳۳۹۔ التجارۃ (تجارت): دیکھئے السوق (بازار)۔

## ۳۴۰۔ التجرّد من الثیاب (برہنہ ہونا)

جو شخص خواب میں اپنے کو برہنہ دیکھے اور اسے معلوم نہیں ہے کہ اس کا برہنہ ہونا نیکی کے لئے تھا یا گناہ کے لئے، تو اگر وہ جگہ جہاں برہنہ ہوا ہے بازار ہے یا لوگوں کے سامنے برہنہ ہوا ہے اور جب کہ شرمگاہ بھی کھلی تھی اور گویا اسے دھو رہا ہے اور اس کے جسم پر کچھ کپڑے ہیں تو اس کی عصمت دری ہوگی، اور اس میں کوئی خوف و خطرہ نہیں ہے۔ اگر شرمگاہ کھلی نہیں تھی اور وہ اس سے حیا محسوس نہ کر رہا ہو۔ اور اسکے جسم پر کوئی کپڑا نہیں تھا تو وہ جس ناگوار امر میں مبتلا ہے اس سے سلامتی پائے گا۔ اور اگر مریض ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو شفا دیں گے۔ اور اگر مقروض ہے تو اللہ تعالیٰ ان کے قرض کی ادائیگی کی صورت پیدا فرما دیں گے، اور اگر وہ خوفزدہ ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو امن دیں گے اور اگر اس کے جسم پر کوئی کپڑا نہ ہو تو وہ جس آدمی سے امید رکھتا تھا اس سے ناامید ہوگا، یا اپنی بادشاہت سے معزول ہوگا، یا جس چیز کے ساتھ منسلک ہے اس میں انحطاط آئے گا یہ سب اس صورت میں ہے جب کہ اس کی شرمگاہ کھلی اور ظاہر ہو اور وہ اس سے حیا محسوس کر رہا ہو، لیکن اگر شرمگاہ کھلی نہ ہو تو اس کا مال دشمن کی نظر بند سے محفوظ اور سالم رہے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ خواب میں برہنہ ہونا ظلم کی نشانی ہے۔ اور خواب میں میت کو برہنہ کرنا اس بات کی دلیل ہے کہ خواب دیکھنے والا شخص کسی عورت کو زبردستی طلاق دینا چاہتا ہے، یا یہ خواب سفر کرنے یا گناہوں سے توبہ تائب ہونے اور راہِ اسلام اختیار کرنے کی دلیل ہے۔

## ۳۴۱۔ التجلّد (سختی برداشت کرنا): دیکھئے الصبر (صبر کرنا)۔

## ۳۴۲۔ التجمش (گدگدی کرنا): دیکھئے الدغدغۃ (گدگدی کرنا)۔

## ۳۴۳۔ التجوید (تجوید سے قرآن پڑھنا): دیکھئے القراۃ (پڑھنا)۔

## ۳۴۴۔ التحابب (محبت کرنا)

خواب میں کسی سے محبت اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے کرنا رحمتِ الٰہی اور رضائے الٰہی کے لازم ہونے کی دلیل ہے، نیز گناہوں سے پاک صاف ہونے، اور کافر کے مشرف بہ اسلام ہونے کی دلیل ہے، اور اگر محبت غیر اللہ کی رضا حاصل کرنے کے لئے ہو تو یہ ایسی شرکت پر دلیل ہے جس کا نتیجہ خیانت ہے یا بغیر ولی اور سرپرست کے نکاح کرنے کی علامت ہے۔

## ۳۴۵۔ التحدّث (گفتگو کرنا)

خواب میں کوئی ایسی بات کرنا جس کا مخفی رکھنا ضروری ہوتا ہے بے جا مال خرچ کرنے، یا نااہل کو حکمت و دانائی

Marfat.com

کی بات بتانے پر دلیل ہے، اگر خواب میں اللہ تعالیٰ کی نعمتیں بیان کی ہیں تو یہ اللہ تعالیٰ کے شکر کرنے اور اس ذاتِ پاک کی حمد وثناء پر توجہ دینے کی علامت ہے۔

۳۴۶۔ التحریر (آزاد کرنا): دیکھئے العتق (آزاد کرنا)۔

۳۴۷۔ التحنیط (مردہ کو خوشبو لگانا): دیکھئے حنوط الموتی (مردہ کو خوشبو لگانا)۔

۳۴۸۔ التحوّل (قرض کو دوسرے کے ذمہّ کرنا): دیکھئے الحوالۃ (قرض کو دوسرے کے ذمہ کرنا)

## ۳۴۹۔ تحویل الاشیاء (چیزوں کا بدلنا)

اگر خواب میں کوئی چیز اپنی اصلیت سے بدل جائے جیسے گرجا مسجد کی شکل میں بدل گیا، یا خشک درخت پھلدار درخت بن گیا ہو تو یہ اہلِ مناصب (عہدوں والوں) کی تبدیلی یا حالاتِ دنیا کے شر سے خیر کی جانب بدلنے کی دلیل ہے، نیز خیر سے شر کی جانب بھی تغیرِ حالات کی دلیل ہے۔ نیز خواب میں اعضاء و جوارح کا اپنی اصلیت سے منتقل ہونا اور اشخاص کا اپنی شکلوں اور صورتوں سے منحرف ہونا بھی معنی رکھتا ہے، چنانچہ جو شخص خواب میں اپنے کو ادھیڑ عمر کا دیکھے حالانکہ حقیقتاً وہ ادھیڑ عمر کا نہیں ہے، تو یہ دینی صلاح بلند رتبہ ہونے اور پروقار ہونے کی دلیل ہے۔ جو خواب میں اپنے کو بچہ دیکھے تو اس میں بہر حال خیر نہیں ہے، اس لئے کہ وہ جہالت کیطرف مائل و متوجہ ہوگا، اگر کوئی عورت خواب میں اپنے کو بڑھیا یا درمیانی عمر کی دیکھے جب کہ وہ اس عمر کی نہ ہو تو یہ اس کی دینی و دنیوی صلاح و بہتری کی دلیل ہے۔ جو خواب میں کسی بوڑھے شخص کو دیکھے کہ وہ جوان ہو گیا ہے تو اگر وہ فقیر ہے تو غنی ہوگا اور اس کا اقبال بلند ہوگا، اور اگر مریض ہے تو بیماری سے شفا پائے گا۔ جو خواب میں اپنے آپ کو دیکھے کہ وہ تر و تازہ اور خوبصورت ٹہنی بنا ہے تو وہ بہت جلد موت کا شکار ہوگا، جو خواب میں دیکھے کہ وہ لمبا ہوا ہے تو اس کی زندگی لمبی ہوگی اور اسے مال و اولاد حاصل ہوگا، اور جو دیکھے کہ وہ پست قد ہوا ہے تو وہ اپنا گھر یا سواری یا کوئی فائدہ کی چیز فروخت کرے گا، اور اس کے لئے موت کا بھی اندیشہ ہے۔ جو خواب میں اپنی خلقت کی کسی چیز میں کوئی نقصان و کمی دیکھے تو یہ اس کے دنیوی نقصان کی علامت ہے، جو خواب میں اپنے کو عورت کی ہیئت وشکل اور اس کی زینت و آرائش میں دیکھے تو اسے ذلت وخواری اور جانی مصیبت و تکلیف پہنچے گی، ہاں اگر وہ اپنی حالت میں واپس آ گیا ہو تو پھر کوئی خوف نہیں۔ اور بعض کہتے ہیں کہ ایسا شخص (جس نے مذکورہ خواب دیکھا ہے) اگر کسی مقدمہ یا لڑائی جھگڑے میں مبتلا ہے تو اسے اپنے مخالفین سے صلح کر لینی چاہئے کیوں کہ حجت و دلیل اس کے خلاف ہے، پس اگر وہ صلح کر لیتا ہے تو بامراد ہوگا، اگر عورت دیکھے کہ وہ مرد بن گئی ہے، اور اس عورت کا اگر کوئی بچہ غائب ہو تو اس سے مل لے گی، اور اگر حاملہ ہے تو لڑکا جنے گی، اور اگر حاملہ نہیں ہے تو پھر کبھی بھی نہیں جنے گی، اگر کوئی بچہ جنا بھی تو وہ بلوغ سے پہلے فوت ہو جائے گا، اور کبھی اس کی تعبیر اس (عورت) کے نگران و سرپرست یا اس کے مالک سے ہوتی ہے، جس کا لوگوں

Marfat.com

میں ذکرِ خیر اور اس کے بقدر شان وعظمت ہوگی، خواب میں جس کا جسم وبدن کسی حیوان کے بدن وجسم سے بدل گیا ہو (یعنی وہ حیوان بن گیا ہو) تو اگر کوئی درندہ بنا ہے تو اپنے سے کم درجہ لوگوں پر اپنے مال یا غلبہ یا دھوکہ فریب یا شدت و قوت کے ذریعہ مسلط ہوگا، اور اگر کسی حلال جانور کی شکل میں بدلا ہے تو یہ اس کے خیر وعزت یا ذلت وحقارت کی دلیل ہے، جو خواب میں پَر دیکھے تو یہ خیر وسرداری کی نشانی ہے جو اسے حاصل ہوگی۔ اگر دیکھے کہ وہ اپنے ان پروں کے ساتھ اڑتا ہے تو وہ جس قدر زمین پر بلند ہوا ہے اسی قدر وقار اور سلطنت کے ساتھ کوئی سفر کرے گا، اور جو خواب میں دیکھے کہ اس کا جسم ٹھیکری کا بن گیا ہے تو اس کی عمر باقی نہیں ہے، جو دیکھے کہ وہ لوہے کا بن گیا ہے تو اس کی عمر طویل ہوگی، جو شخص دیکھے کہ وہ پُل بنا ہے لوگ اس کو عبور کرتے ہیں تو وہ بادشاہ بنے گا، یا بادشاہ کا مصاحب یا اس جیسا بنے گا، یا عالمِ دین بنے گا، لوگ اپنے امور کے بارے میں اس سے رابطہ کریں گے، جو شخص دیکھے کہ وہ لاٹھی بنا ہے تو اس میں کوئی خیر بھلائی نہیں ہے، کیونکہ یہ دینی ودنیوی فساد کی علامت ہے، مگر یہ کہ وہ اپنے دنیوی امور میں محنت ومشقت اٹھائے، اور اگر دیکھے کہ وہ ٹیڑھے سر والا ڈنڈا بن گیا ہے تو اس کی بھی یہی تعبیر ہے، اور اپنی مراد کو محنت ومشقت اور استقامت سے بھی حاصل نہیں کر سکے گا۔ اگر بیمار بچہ کو خواب میں دیکھے کہ وہ پرندہ بن گیا تو یہ اس کی موت کی دلیل ہے، جو خواب میں دیکھے کہ اس کی صورت بندر یا اس جیسے دوسرے جانور کی طرح ہوگئی تو یہ اللہ تعالیٰ کی نعمت کے زوال کی نشانی ہے۔ جو دیکھے کہ وہ اونٹ یا جانور یا درندہ بنا ہے تو اس خواب میں کوئی خیر کی بات نہیں ہے خصوصاً دینی امور میں۔ اگر دیکھے کہ وہ کوئی پرندہ بنا ہے تو وہ زمین کی سیر وسیاحت کرے گا، اور اس کی معیشت اس پرندہ کی معیشت کے مشابہ ہوگی، جو خواب میں دیکھے کہ وہ جنگلی جانور بنا ہے تو وہ جماعتِ مسلمین سے الگ تھلگ ہوگا، جو دیکھے کہ وہ ہرن بن گیا ہے تو اس کو عورتوں کے ساتھ اپنی زندگی میں لذت حاصل ہوگی۔ جو دیکھے کہ وہ سور کی شکل بنا ہے تو اس کی زندگی خوشحال ہوگی اور اپنی ذات میں ذلیل ہوگا، جو خواب میں دیکھے کہ وہ مکڑی بنا ہے تو وہ عابد زاہد بنے گا، بہت سے گناہوں سے توبہ تائب ہوگا۔

## ۳۵۰۔ التحیّة (سلام کرنا)

جو شخص خواب میں دیکھے کہ اس نے کسی کو سلام کیا ہے تو اگر دونوں کے مابین کوئی لڑائی یا دشمنی نہیں ہے تو سلام کرنے والے کی طرف سے دوسرے (جس کو سلام کیا گیا) کو فرحت اور امن وخیر پہنچے گی۔ اور اگر دونوں کے درمیان کسی قسم کی عداوت ہے تو سلام کرنے والا دوسرے پر غالب آئے گا، اور اس کے شر سے محفوظ رہے گا، اگر وہ شخص جس کو سلام کیا گیا ہے کوئی نامعلوم بوڑھا شخص ہے تو وہ عذابِ خداوندی سے محفوظ رہے گا، اور اگر وہ کوئی معروف ومعلوم بوڑھا شخص ہے تو اسے بہت سے درخت اور پھل میوے حاصل ہوں گے، اور اگر سلام کرنے والا شخص کوئی نامعلوم نوجوان ہے تو وہ اپنے دشمن سے محفوظ رہے گا، اگر وہ کسی آدمی کو پیغامِ نکاح دینے کا ارادہ رکھتا ہے اور اس نے پیغام کا جواب دیا ہے تو جس لڑکی کے لئے پیغام نکاح دیا ہے اس سے وہ اس کا نکاح کرا دے گا۔ اگر پیغام کا جواب نہیں دیا تو وہ اس کا نکاح نہیں کرائے گا، اگر دونوں کا آپس میں تجارت

Marfat.com

اور کاروبار کا تعلق ہے اور خواب میں اس کو سلام کیا ہے اور اس نے سلام کا جواب دیا ہے تو یہ تجارت ان کو راس آئی گی، اور اگر دوسرے نے سلام کا جواب نہیں دیا ہے تو پھر راس نہیں آئے گی، اور پایہء تکمیل کو نہیں پہنچے گی، اگر خواب میں اس کا دشمن اس کو سلام کرے اور اس کے پاس اس کو دینے کے لئے کوئی ہدیہ تحفہ ہو تو اس بات کی دلیل ہے کہ اس کا دشمن اس سے صلح چاہتا ہے، اور اس کا قرض ادا کرنا چاہتا ہے یا اس کا ضامن بنے گا، اگر دیکھے کہ اسے مجہول سلام کیا گیا ہے اور اس نے سلام کا جواب دیا ہے تو اس کو اجر وثواب دیا جائے گا، اگر سلام کا جواب نہیں دیا ہے تو اجر وثواب نہیں ملے گا بلکہ گناہگار ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ جو دیکھے کہ وہ کسی شخص کو سلام کرتا ہے تو اسے رنج وغم لاحق ہوگا، اگر خواب میں دیکھے کہ وہ اس شخص کو مصافحہ کرتا ہے جو اس کی عادت رکھتا ہے اور اسے سلام کرتا ہے اور معانقہ (گلے ملنا) کرتا ہے تو یہ خیر وسعادت کی علامت ہے اور ایسے کلامِ حسن (اچھی بات) پر دلیل ہے جس کو وہ سنے گا اور اسی طرح کی بات کرے گا، اگر خواب میں دیکھے کہ کسی دشمن سے مصافحہ اور معانقہ کرتا ہے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اس کی دشمنی ختم ہو جائے گی، جو خواب میں دیکھے کہ فرشتے اس کو سلام کرتے ہیں تو اللہ تعالیٰ اس کو بصیرت اور حسنِ عاقبت (اچھا انجام) عطا فرمائیں گے، خواب میں سلام کہنا دوسرے (جس کو سلام کیا ہے) کا تابعدار ہونے کی دلیل ہے۔ اور کبھی خواب میں سلام کرنا دوسرے کی حاجت وضرورت پر دلیل ہوتا ہے، اگر اس کے سلام کا جواب کسی نے بھی دیا ہے تو اپنے مقصد میں کامیابی ہوگی ورنہ سامانِ تجارت میں نقصان ہوگا، یا لوگوں کی نظر میں اس کا قول مقبول نہیں ہوگا، اگر کسی حاجت کا طلبگار تھا اور سلام میں پہل نہیں کی ہے تو اس کی حاجت روائی مشکل ہوگی، اور اگر خواب میں کسی قوم سے سلام سے پہلے کلام کیا ہے تو یہ مخالفتِ سنّت اور بدعت کی طرف میلان کی دلیل ہے، اگر خواب میں کسی نے اسکو سلام کیا ہے اور اس نے سلام کا جواب نہیں دیا ہے یا اشارہ سے دیا ہے تو یہ تابعدار ہونے کی دلیل ہے۔

## ۳۵۱۔ التخت (تخت)

خواب میں تخت دیکھنا زوجہ، سواری اور عہدہ ومنصب کی علامت ہے، لہٰذا اگر تخت لکڑی کا ہے تو جو چیز اسکی دلیل ہے وہ عظیم المرتبت ہوگی، اور اگر تخت کھجور کی شاخ کا تھا تو کم درجہ ہوگا، اور اگر تخت کپڑے کا تھا تو یہ عزت ورفعت، خیر و بھلائی اور شیریں کلام، اصلاحِ حال لباسِ جدید اور اجتماعیت والفت کی دلیل ہے۔ اور کپڑے کا تخت دیکھنا اس خوشخبری اور سرور وخوشی کی دلیل ہے جو اس کو چند دنوں کے بعد پہنچے گی۔

## ۳۵۲۔ التخت روان (اسٹریچر): دیکھئے المحفة (اسٹریچر)۔

## ۳۵۳۔ التخليل (خلال کرنا): دیکھئے السنّ (دانت)۔

## ۳۵۴۔ التخمة (بدہضمی)

جو خواب میں دیکھے کہ اسے بدہضمی کی شکایت ہے تو وہ سود کھاتا ہے، اگر بدہضمی دور ہوئی ہے تو وہ اپنے امور میں

Marfat.com

محنت و کوشش کرنے کی حرص و خواہش رکھتا ہے۔

**۳۵۵۔ التخمین (اندازہ لگانا)**: دیکھئے الخرص (اندازہ لگانا)۔

**۳۵۶۔ التخنّث (ہیجڑا ہونا)**:

جو خواب میں دیکھے کہ وہ ہیجڑا ہو گیا ہے تو اسے رنج و غم اور خوف و گھبراہٹ پہنچے گی۔

**۳۵۷۔ التدبّر (غور و فکر کرنا)**

خواب میں کسی چیز کے متعلق غور و فکر کرنا بلند مرتبہ کی دلیل ہے۔

**۳۵۸۔ التدبیر (تدبیر کرنا)**

خواب میں تدبیر کرنا، تدبیر کرنے والے شخص کے عنقریب کشادہ حال ہونے کی دلیل ہے اگر وہ کسی سختی میں مبتلا ہے، اور اگر وہ مقروض ہے تو قرض کی ادائیگی پر توجہ دے گا۔

**۳۵۹۔ التدثر (اوڑھنا)**

جب خواب میں کوئی انسان کوئی کپڑا وغیرہ اوڑھے تو یہ رزق کی تلاش میں چاک و چوبند اور ہوشیار ہونے کی دلیل ہے، اور کپڑا وغیرہ اوڑھنا منصبِ جلیل (عظیم عہدہ) کے حاصل ہونے کی بھی علامت ہے۔

**۳۶۰۔ التدجیل (شعبدہ بازی)**: دیکھئے الشعوذۃ (شعبدہ بازی)۔

**۳۶۱۔ التدلّی (اترنا)**

اگر دیکھے خواب میں کہ چھت سے زمین پر اترا ہے تو وہ پرہیزگار ہے اور اپنی پرہیزگاری کی وجہ سے حاجت کو ترک کرے گا، اگر دیکھے کہ وہ بلند جگہ سے پست جگہ پر گرا ہے تو وہ جس آدمی سے پر امید تھا اس سے ناامید ہوگا، اگر خواب میں کسی کیچڑ یا گارے وغیرہ پر پھسلا ہے تو وہ دینی یا دنیوی امر میں زوال پذیر ہوگا، اگر دیکھے کہ گائے یا بکریوں کے پاس آیا ہے تو نیک لوگوں کی طرف مائل ہوگا۔

**۳۶۲۔ التدلیک (ملنا)**: دیکھئے التمریخ (ملنا)۔

**۳۶۳۔ التدمیر (ویران کرنا)**: دیکھئے الخراب (ویران ہونا)۔

**۳۶۴۔ التُراب (مٹی)**

خواب میں مٹی دیکھنا لوگوں کی دلیل ہے، کیونکہ لوگ مٹی سے پیدا کیے گئے ہیں، اور کبھی مٹی کا دیکھنا چوپایوں اور

Marfat.com

جانوروں سواریوں یا دنیا اور دنیا کے لوگوں پر دلیل ہوتا ہے۔ اس لئے کہ مٹی زمین کا حصہ ہے اور اسی سے لوگوں کا معاش وابستہ ہے۔ اہل عرب کہتے ہیں اترب الرجل یعنی آدمی مالدار ہوا، اور کسی وقت اس مٹی کا دیکھنا فقیری یا میت یا قبر کی علامت ہوتا ہے، لہٰذا خواب میں جو شخص زمین کھودے اور اس کی مٹی نکالے تو اگر وہ مریض ہے یا اس کے پاس کوئی مریض ہے تو یہ خواب اسکی قبر کی دلیل ہے، اور اگر وہ مسافر ہے تو اس کا مٹی دیکھنا اس کا معاش مال اور فائدہ ہے، اس لئے کہ ضرب فی الارض کا معنی سفر کرنا ہوتا ہے، اور اگر نکاح کا خواہاں ہے تو وہ زمین (جسے دیکھا ہے) زوجہ کی علامت ہے۔ اور مٹی کھودنا بکارت زائل کرنے اور کدال آلہء تناسل کی دلیل ہے، اور مٹی عورت کے مال کی نشانی ہے اور شکاری کا زمین کھودنا شکار کو دھوکہ دینے کی دلیل ہے اور اس کی مٹی کسب و معاش اور دیگر فوائد ہیں اور بصورتِ دیگر اس کا مٹی کھودنا اس مطلوب کی علامت ہے جس کی وہ تلاش میں ہے اور اسے مکر و حیلہ سے حاصل کرتا ہے، خواب میں اگر اپنے ہاتھ مٹی سے جھاڑے ہیں یا اپنے کپڑوں کو گرد و غبار سے جھاڑا ہے تو اگر وہ مالدار ہے تو اس کا مال ختم ہوگا، اور ذلیل و حاجت مند ہوگا، اور اگر اس کے ذمہ قرض ہو یا امانت ہو تو اس کے حقدار کو وہ لوٹائے گا، اور سارا مال اس کے ہاتھ سے جاتا رہے گا اور اس کے بعد محتاج ہو جائے گا، اور اگر وہ مریض ہے تو دنیا کے کسب و معاش سے اپنا ہاتھ جھاڑے گا، اور مال و دولت سے تہی دست ہوگا، خواب میں مٹی پر ہاتھ مارنا تجارت و کاروبار پر دلیل ہے، اور خواب میں زمین پر لاٹھی مارنا یا چلنا خیر و عافیت کے ساتھ سفر طے ہونے کی دلیل ہے، بعض کہتے ہیں کہ خواب میں مٹی پر چلنا مال کی تلاش کی نشانی ہے، چنانچہ اگر مٹی کو جمع کیا ہے یا اس کو کھایا ہے تو وہ مال دولت جمع کرے گا، اور اس کے ہاتھ سے مال آگے جاری ہوگا، اور اگر زمین غیر کی ہو تو مال بھی غیر کا ہوگا۔ اگر خواب میں کچھ مٹی اٹھائی ہے تو اٹھانے کے بقدر نفع حاصل ہوگا، اگر خواب میں گھر میں جھاڑو دیا ہے اور اس سے مٹی اکٹھی کی ہے تو وہ حیلہ سازی کرے گا، حتی کہ اپنی بیوی سے مال لے گا، اگر مٹی اپنی دکان سے اکٹھی کی ہے تو مالِ معیشت اکٹھا کرے گا، جو خواب میں دیکھے کہ جیسے وہ مٹی پھانکتا ہے تو یہ حصولِ مال کی علامت ہے، اس لئے کہ مٹی مال و درہم کی دلیل ہوتی ہے، اگر دیکھے کہ اس نے گھر کی مٹی جھاڑو سے جمع کر کے گھر سے نکال دی ہے تو یہ اس کی بیوی کے مال کے ختم ہونے کی دلیل ہے۔

اگر دیکھے کہ آسمان نے مٹی برسائی ہے تو اگر زیادہ نہ برسائی ہو تو یہ خواب اچھا اور مبارک ہے، جو دیکھے کہ اس کا گھر گرا ہے اور اس گھر کی کچھ مٹی یا گرد و غبار اسے پہنچا ہے تو بطورِ وراثت مال ملے گا، اگر مٹی اپنے سر پر رکھی ہے تو برے طریقہ سے مال حاصل ہوگا۔ جو خواب میں دیکھے جیسے کوئی انسان اس کے سر اور آنکھوں پر مٹی ڈالتا ہے تو مٹی ڈالنے والا اس پر مال خرچ کرے گا تاکہ معاملہ اس پر گڈمڈ کرے اور وہ بامراد ہوگا۔ اگر آسمان نے بہت زیادہ مٹی برسائی ہے تو یہ عذاب کی علامت ہے۔ اور جو اپنی دکان کو جھاڑو سے صاف کرے اور وہاں سے مٹی نکالے اور اس کے پاس کپڑے ہیں تو وہ کسی دوسری جگہ منتقل ہوگا، آدمی کا مٹی پر چلنا مال کی تلاش کی علامت ہے، جو خواب میں اپنے سر پر مٹی ڈالے اسے غم اور پریشانی لاحق ہوگی، اللہ تعالیٰ اس کو خوشحالی کی طرف نہیں لوٹائیں گے، نیز مٹی انسان کی عمر اور حیات کی بھی نشانی ہے، اور مٹی رزق، زراعت، بھوک اور شکم سیری پر دلیل ہے۔ جو خواب میں دیکھے کہ وہ صاف ستھری مٹی پر بیٹھا ہے تو یہ نصرت و سعادت کی علامت ہے، اور کبھی دینی شک

Marfat.com

شبہ کی اور کبھی انسان کی اس تربت (مٹی) پر دلیل ہوتا ہے جس سے اس کی تخلیق ہوئی ہے یا اس تربت کی دلیل ہے جس کی طرف یہ لوٹے گا، خواب میں عورت کے پاس مٹی ہونا مشکوک حمل کی دلیل ہے، اور کبھی مٹی پانی یا آگ یا ہوا کی دلیل ہوتی ہے۔ اس لئے کہ مٹی عناصر اربعہ میں سے ہے، اور نیز مٹی اس مشقت آمیز سفر کی دلیل ہوتی ہے جس سفر میں تیمم کی حاجت و ضرورت پیش آتی ہو۔ اگر دیکھے کہ کسی نے اس کے منہ میں مٹی ڈالی ہے تو لوگ اس کے شعر پر اس کی مدح اور تعریف کریں گے اور وہ نامراد ہوگا، اور کبھی یہ خواب برے مصرع کی دلیل ہوتا ہے۔ اور بسا اوقات یہ خواب اس قرض پر دلیل ہوتا ہے جو مقروض کو ذلیل و خوار کر دیتا ہے، اور نیز مٹی جلدی سے حاجت کے پورا ہونے اور وعدہ کے پورا ہونے کی بھی دلیل ہوتی ہے۔ اس لئے کہ خط کو مٹی سے آلودہ کیا جاتا ہے، اور جس کے پاس بارت سکوں کا مال ہو خصوصاً جب کہ ان سکوں کے ساتھ یا ان کے اوپر مٹی ہو تو یہی تعبیر ہے، اس لئے کہ بارت تراب کا عکس (الٹ) ہے۔

## ۳۶۵۔ التّراب (مٹی اٹھانے والا)

خواب میں اس کا دیکھنا رنج و تکلیف اور کلام نقل کرنے کی دلیل ہے، اگر خواب میں مٹی اٹھا کر ایک جگہ لے گیا ہے تو یہ اس کے اصحاب کے رنج و غم کے زوال کی دلیل ہے۔

## ۳۶۶۔ التربّص (انتظار کرنا)

خواب میں انتظار کرنا مجتہدین کے لئے علم کی دلیل ہے، اور کبھی یہ انتظار کرنا فسادِ دین کی دلیل ہوتا ہے۔

## ۳۶۷۔ الترتیل (ترتیل کے ساتھ پڑھنا): دیکھئے القراۃ (پڑھنا)۔

## ۳۶۸۔ التردّی (گرنا): دیکھئے السقوط (گرنا)۔

## ۳۶۹۔ الترس (ڈھال)

خواب میں ڈھال دیکھنا حفاظت و بچاؤ کی دلیل ہے۔ نیز ڈھال روزہ کی بھی دلیل ہے۔ نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ''روزہ ڈھال ہے''۔ اور کبھی ڈھال کی تعبیر جھگڑالو دوست سے ہوتی ہے۔ اور ڈھال ایسے باادب باعزت آدمی کی نشانی ہے جو اپنے بھائیوں کی ہر اچھی بات کو ماننے والا ہو اور مصیبت کے وقت ان کی حفاظت اور نصرت کرنے والا ہو، اور سفید ڈھال دین والے آدمی کی نشانی ہے، اور سبز ڈھال زرہ والے آدمی کی دلیل ہے۔ اور سرخ ڈھال لہو و لعب (کھیل تماشہ) والے آدمی کی دلیل ہے، اور سیاہ رنگ کی ڈھال مال اور سیادت (سرداری) والے آدمی کی دلیل ہے۔ اگر خواب میں کوئی انسان ڈھال کے ساتھ اور اسلحہ بھی دیکھے تو اس کے دشمن اس کا کچھ بگاڑ نہیں سکیں گے، اگر کوئی تاجر یا صنعت کار خواب دیکھے کہ اس کے سامان یا اس کی دکان یا اس کے ملازمین کے پاس ڈھال رکھی ہوئی ہے تو وہ بہت زیادہ قسمیں کھانے والا شخص ہے اس نے اپنی قسموں کو بیع و شراء (خرید و فروخت) اور دیگر معاملات کے لئے ڈھال بنا رکھا ہے تاکہ

Marfat.com

اس کی تجارت بڑھے اور ترقی کرے، اور اگر اس کی اولاد ہو تو وہ تمام مشقتوں سے باکفایت رہے گی، ڈھال اگر قیمتی ہو تو یہ مالدار اور خوبصورت عورت کی دلیل ہے اور اگر ڈھال قیمتی نہ ہو تو یہ بری عورت پر دلیل ہے۔ دیکھئے الدرع (زرہ)۔

## ۳۷۰۔ التُرسی (ڈھال بنانے والا)

خواب میں اس کا دیکھنا ایسے قوی بادشاہ کی دلیل ہے جو فوج کے لشکروں کو دشمنوں کے خلاف ابھارتا ہے۔

## ۳۷۱۔ ترکاش (ترکش)

ترکش دشمنوں کے خلاف عزت ونصرت پانے یا بہادر کی خدمت کرنے اور مال ومنصب اور اولاد کی دلیل ہے۔

## ۳۷۲۔ التُرمس (باقلہ مصری)(۱)

خواب میں سبز رنگ کی باقلہ مصری دیکھنا بخل کی اور مشقت کے ساتھ حاصل شدہ رزق کی علامت ہے یا علم بغیر عمل کی دلیل ہے۔ اور ابلے ہوئے باقلہ جلد حاصل ہونے والے رزق کی علامت ہے۔

## ۳۷۳۔ الترنج (لیموں): دیکھئے الاترج (لیموں) اور دیکھئے الکباد (لیموں)۔

## ۳۷۴۔ الترنجبین (ترنجبین)

یہی بنی اسرائیل والا منّ ہے، خواب میں ترنجبین دیکھنا کسی بھی انسان کے احسان کے بغیر حاصل شدہ پاکیزہ رزق کی دلیل ہے، دلیل اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد ہے: "وانزلنا علیکم المنّ والسلوىٰ کلوا من طیّبات مارزقنکم" (البقرہ:۵۷) یعنی ہم نے تم پر من وسلویٰ اتارا، کھاؤ ہمارے دیئے ہوئے پاکیزہ رزق میں سے۔

## ۳۷۵۔ الترنّم (گانا): دیکھئے الغنا (گانا)۔

## ۳۷۶۔ الترياق (ترياق): دیکھئے الدرياق (ترياق)۔

## ۳۷۷۔ تزکیة النفس (فخر کرنا): دیکھئے الفخر (فخر کرنا)

## ۳۷۸۔ تساقط الاسنان (دانتوں کا گرنا): دیکھئے السقوط (گرانا)۔

## ۳۷۹۔ التساکر (نشہ ہونا): دیکھئے السکر (نشہ ہونا)۔

## ۳۸۰۔ التساهل (آسانی): دیکھئے الیُسر (آسانی)۔

---

(۱) ترمس: ایک قسم کی نبات ہے جس کا بیج مزے میں کڑوا ہوتا ہے پانی میں بھگو کر استعمال کیا جاتا ہے۔ المنجد

Marfat.com

## ۳۸۱۔ التسبیح (تسبیح کرنا)

جو خواب میں دیکھے کہ وہ سبحان اللہ کہہ رہا ہے تو وہ مردِ مؤمن ہے، اور اگر خواب میں کوئی غمزدہ، قیدی یا مریض یا خوفزدہ شخص سبحان اللہ کے کلمات کہے تو اللہ تعالیٰ اس کی پریشانی کو بے گمان جگہ سے دور فرما دیں گے، اگر خواب میں دیکھے کہ وہ تسبیح بھولا ہے تو وہ قید کیا جائے گا یا اسے رنج وغم لاحق ہوگا، جو شخص خواب میں فرض نماز پڑھے اور پھر سبحان اللہ یا لا الہ الا اللہ یا اللہ اکبر پڑھے تو یہ قرض کی ادائیگی، ذمہ داری سے بری ہونے اور نذر وعہد و پیمان کو پورا کرنے اور شرائط کی پابندی کرنے کی دلیل ہے۔

## ۳۸۲۔ التسرّی (لونڈی بنانا)

خواب میں لونڈی بنانا فرحت وسرور کی دلیل ہے، اور اگر وہ مریض ہے تو اس کا مرض دور ہوگا، اور کبھی یہ خواب فقیری کے بعد امیری کی دلیل ہوتا ہے، اور ذلّت کے بعد عزت حاصل ہونے کی دلیل ہوتا ہے، اور کبھی منصب پر منصب یا سواری پر سواری ملنے کی علامت ہوتا ہے۔ اگر خواب دیکھنے والا سفر کی اہلیت رکھتا ہے تو سفر کرے گا، اور کبھی لونڈی قسم کی دلیل ہوتی ہے، اس لئے کہ لوگ طلاق وعتاق (آزادی) کی قسمیں کھایا کرتے ہیں۔

## ۳۸۳۔ التسمیر (کیل سے جوڑنا)

خواب میں کانوں کا کیل سے جوڑنا حیرانگی وسرگردانی اور حالات کے متفرق ہونے کی دلیل ہے۔

## ۳۸۴۔ التسویف (ٹالنا): دیکھئے المماطلة (ٹالنا)۔

## ۳۸۵۔ تشبّه المرأة بالرّجال (عورت کا مردوں کے مشابہ ہونا)

اگر خواب میں عورت دیکھے کہ اس کے جسم پر مردوں جیسا لباس اور ان جیسی ہیئت وشکل ہے یا ان جیسی سواری ہے تو وہ مرد اس عورت کی حالت کو اچھا بنائے گا، اور اگر کپڑے برے ہیں تو یہ خوف وغم کے ساتھ ساتھ اس عورت کے حالات کے تبدیل ہونے کی علامت ہے۔ اگر عورت خواب میں دیکھے کہ وہ مرد بن گی ہے تو یہ خواب اس کے شوہر کے لئے اچھا ہے، اور خواب میں یہود ونصاری کے مشابہ ہونا ان کی خواہشات یا ان کے دین ومذہب یا ان کے تہواروں سے خوش ہونے یا ان سے شادی کی خواہش رکھنے کی دلیل ہے۔

## ۳۸۶۔ التشهّد (التحیات پڑھنا)

خواب میں جو دیکھے کہ وہ نماز کے اندر التحیات پڑھ رہا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے غم وفکر کو دور فرما دیں گے، اور اس کی حاجات کو پورا فرمائیں گے، جو دیکھے کہ وہ التحیات کے لئے بیٹھا ہوا ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کے سامنے اپنی حاجت پیش

Marfat.com

کرے گا اور اپنی مراد اور مقصود پالے گا، اور اگر وہ کسی پریشانی میں ہے تو عنقریب وہ پریشانی دور ہوگی، خواب میں التحیات پڑھنا ایسے ولی اور سرپرست کی دلیل ہے کہ جس کے بغیر نکاح درست نہیں ہوتا۔ یا ایسی شرط کی علامت ہے جس کی پابندی شرکاء کے لئے ضروری ہے اور کبھی خواب میں التحیات پڑھنا مال کو اچھے طریقہ سے واپس لوٹانے کی دلیل ہوتا ہے۔

## ٣٨٧۔ التضريس (دانت سے کاٹنا): دیکھئے السنّ (دانت)۔

## ٣٨٨۔ التعارج (لنگڑا بننا)

خواب میں لنگڑا بننا نعمتوں کو حقیر جاننے اور ان کو مخفی رکھنے اور فقر و احتیاج کو ظاہر کرنے (بناوٹی طور پر) اور مکر و حیلہ کرنے اور اہل و عیال کو ترک کرنے اور انکار کرنے کی دلیل ہے، اور اندھا بننے کی (بناوٹی) بھی یہی تعبیر ہے۔

## ٣٨٩۔ التعب (تھکنا): دیکھئے الکل (تھکنا)۔

## ٣٩٠۔ التعزير (مدد کرنا)

خواب میں کسی کی مدد کرنا تعظیم و وقار کی دلیل ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: "لتؤمنوا باللّٰه و رسوله و تعزّروه و توقّروه و تسبّحوه بكرة و أصيلاً" (الفتح:١٠) یعنی تاکہ تم اللہ پر اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور ان کی مدد کرو اور تعظیم کرو اور صبح و شام اس کی تسبیح بیان کرو۔

## ٣٩١۔ التعزية (تعزیت)

خواب میں خوشحال اور آسودہ حال شخص کا کسی کی تعزیت کرنا مصیبت و تکلیف کے آنے پر دلالت کرتا ہے، اور تنگ حال شخص کا تعزیت کرنا منفعت کی دلیل ہے، اور مال و دولت کے امیدوار شخص کا تعزیت کرنا اس بات کی دلیل ہے کہ لوگ مصائب و آلام کے پیش آنے کی بناء پر اس شخص کے حاجت مند ہوں گے، اور پریشان حال کی تعزیت کرنا خیر و امید اور سختی حال کے ختم ہونے کی دلیل ہے جو خواب میں دیکھے کہ اس نے کسی مصیبت زدہ شخص کی تعزیت کی ہے (یعنی تسلی دی ہے) تو وہ امن و سکون یا کوئی خوشخبری پائے گا۔ اور خواب میں بغیر کسی مصیبت زدہ کے تعزیت کرنا ایک ایسے حادثہ کی علامت ہے جو تعزیت کا سبب بنے گا، اور کبھی خواب میں تعزیت کرنا مفلسی کے قریب ہونے اور راست گوئی اور نرم گوئی کی وجہ سے لوگوں سے محبت کی دلیل ہے۔

## ٣٩٢۔ التعلّم (سیکھنا)

خواب میں قرآن پاک کا سیکھنا اور حاصل کرنا یا حدیث نبوی ﷺ کا لکھنا اور سیکھنا یا حکمت کا حاصل کرنا یا کسی صنعت و پیشہ کا سیکھنا فقر و افلاس کے بعد مالداری پر اور گمراہی کے بعد ہدایت پانے پر دلیل ہے۔ اگر خواب دیکھنے والا کنوارا ہے تو

Marfat.com

اس کی شادی ہوگی، یا پھر اسے اولاد سے نوازا جائے گا۔ یا ایسے بزرگ کی صحبت ملے گی جو اس کو راہِ حق کی راہنمائی کرے گا، اگر خواب میں چوری، بے حیائی یا کفر کو سیکھا ہے تو یہ ہدایت پر ہونے کے بعد گمراہ ہونے یا مالدار ہونے کے بعد فقیر و محتاج ہونے یا نعوذ باللہ ایمان کے بعد مرتد ہونے کی دلیل ہے۔

**۳۹۳۔ التعویذ (تعویذ کرنا)**: دیکھئے الرقیۃ (تعویذ وغیرہ کرنا)۔

**۳۹۴۔ التعییب (عیب نکالنا)**: دیکھئے الذم (برائی کرنا)۔

## ۳۹۵۔ التفاح (سیب)

خواب میں سیب دیکھنا اولاد کی اور حسین چہروں کی دلیل ہے، سیب کا دیکھنا دیکھنے والے کی قوت و ہمت کے مطابق ہوتا ہے۔ چنانچہ اگر دیکھنے والا بادشاہ ہے تو اس کا سیب دیکھنا دراصل اس کی بادشاہت ہے، اور اگر تاجر ہے تو اس کا سیب دیکھنا اس کی تجارت کی علامت ہے، اور اگر کسان ہے تو اس کا سیب دیکھنا اس کی کھیتی ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ میٹھا سیب ہو تو وہ رزقِ حلال کی دلیل ہے اور ترش سیب رزقِ حرام کی دلیل ہے، خواب میں اگر بادشاہ نے اس کی طرف سیب پھینکا ہے تو وہ بادشاہ کا قاصد ہے اس میں اس کی امیدیں اور آرزوئیں وابستہ ہیں۔ اور سیب کا درخت دیکھنا اس مردِ مومن کی دلیل ہے جو لوگوں کے قریب ہوتا ہے، جو خواب میں دیکھے کہ وہ سیب کا درخت اُگاتا ہے یا لگاتا ہے تو وہ کسی یتیم بچّہ کی پرورش کرے گا، جو دیکھے کہ وہ سیب کھاتا ہے تو وہ کوئی ایسی چیز کھاتا ہے جس کو لوگ نہیں دیکھتے ہیں، اگر سیب کو درخت سے توڑا ہے تو کسی شریف آدمی سے حُسنِ تعریف کے ساتھ مال حاصل ہوگا، اور چند گنے چنے سیب، ہوں تو وہ چند گنے چنے دراہم (پیسے) پر دلیل ہیں اگر مسجد میں سیب کو سونگھا ہے تو اس کی شادی ہوگی۔ اگر کسی گناہ کی مجلس میں کوئی عورت سیب کو سونگھے تو اس کی شہرت ہوگی۔ اور اگر عورت سیب کو کسی معروف جگہ میں کھائے تو اس کے ہاں خوبصورت بچّہ پیدا ہوگا، اور سیب کا دانتوں سے کاٹنا خیر و منفعت اور کرم نوازی پر دلیل ہے، اور کبھی سیب دوست و احباب اور بھائیوں کی دلیل ہوتا ہے، اور بعض کا قول ہے کہ جو خواب میں دیکھے کہ وہ سیب کھاتا ہے تو اس کا کوئی دشمن رونما ہوگا، اور ترش سیب حالات کی تبدیلی، نقصانات اور چیخ و پکار کی دلیل ہے۔ اور سیب کا درخت دیکھنا گھبراہٹ کی علامت ہے۔

**۳۹۶۔ التفسخ (بدبو)**: دیکھئے الصنان (بدبو)۔

**۳۹۷۔ التفوق (غالب ہونا)**: دیکھئے الغلبۃ (غالب ہونا)۔

**۳۹۸۔ التفویض (وکالت کرنا)**: دیکھئے الوکالۃ (وکالت کرنا)۔

**۳۹۹۔ التقتیر (بخل کرنا)**: دیکھئے البخل (بخل کرنا)۔

Marfat.com

## ۴۰۰۔ التقصیر (کوتاہی کرنا)

خواب میں کوتاہی کرنا سر کے مونڈھنے اور اعمال میں کوتاہی برتنے اور رخصت اور آسانی پر کفایت کرنے کی دلیل ہے۔

## ۴۰۱۔ التقطیب (منہ بگاڑنا): دیکھئے العبوس (منہ بگاڑنا)۔

## ۴۰۲۔ التقلید (نقل اتارنا): دیکھئے المحاکاۃ (نقل اتارنا)۔

## ۴۰۳۔ التکبّر (تکبرّ کرنا)

خواب میں دنیوی نعمتوں کے حاصل ہونے پر تکبر کرنا اختتامِ عمر کی دلیل ہے، نیز خواب میں تکبر کرنا رزق اور منصب (عہدہ) پر بھی دلیل ہے، لیکن اس صورت میں اس کا انجام برا ہے۔

## ۴۰۴۔ التکبیر (تکبیر کہنا)

خواب میں تکبیر کہنا توبہ کرنے کی دلیل ہے۔ خواب میں جو شخص دیکھے کہ اس نے اللہ اکبر کا لفظ کہا ہے تو وہ اپنے دشمنوں پر غالب رہے گا، اور فرحت و سرور یا رتبہ و درجہ حاصل کرے گا۔

## ۴۰۵۔ التِّکۃ (ازار بند)

خواب میں ازار بند دیکھنا عورت کی دلیل ہے۔ اور عورت کے لئے (یعنی اگر عورت اس کو دیکھے) بھائی برادر اور داماد اور چچا کی دلیل ہے، اور حاملہ عورت اگر ازار بند دیکھے تو یہ بیٹی کی علامت ہے، جو خواب میں دیکھے کہ اس کی شلوار میں ازار بند پڑا ہے تو اس کی بیوی اس پر حرام ہوگی، اور اگر وہ حاملہ ہے تو بیٹا جنے گی، اگر دیکھے کہ اس نے اپنا ازار بند اپنے سر کے نیچے رکھا ہے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ وہ اپنی اولاد کو بوسہ نہیں دیتا ہے، اور اگر دیکھے کہ گویا اس کا ازار بند ٹوٹ گیا ہے تو وہ اپنی بیوی سے بدسلوکی کرے گا، یا اس کو چھوڑ دے گا، اگر خواب میں اپنے ازار بند کو سانپ کی شکل میں دیکھے تو اس کا داماد اس کا دشمن ہے، جو دیکھے کہ اس کا ازار بند خون کا ہے تو وہ اپنی بیوی کی وجہ سے کسی آدمی کو قتل کرے گا، یا اپنی بیوی کے قتل میں مدد دے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ اپنی شلوار میں ازار بند ڈالتا ہے تو اس کے ہاں بیٹی ہوگی، ازار بند کا دیکھنا غمگین کے لئے فرحت اور مسرور (خوشحال) کے لئے حزن و غم کی نشاندہی کرتا ہے، دیکھئے الهیمان (تھیلی)۔

## ۴۰۶۔ التلاوۃ (تلاوت کرنا): دیکھئے القراۃ (پڑھنا)۔

## ۴۰۷۔ التلّ (ٹیلہ)

خواب میں ٹیلہ دیکھنا بلند شان اور عظیم المرتبت آدمی کی دلیل ہے، اور اس ٹیلہ کے اردگرد عمارت اس شخص کے اہل و عیال ہیں، جو شخص خواب میں ہموار زمین میں کوئی ٹیلہ وغیرہ دیکھے تو وہ ٹیلہ جو نظر آتا ہے دراصل آدمی ہے اس کو ہموار زمین کے

Marfat.com

بقدر دنیا کی وسعت حاصل ہوگی، اگر دیکھے کہ وہ اس ٹیلہ یا بلند جگہ پر کھڑا ہے اور اس سے وابستہ ہے تو اس کی شان ایک مرتبہ بلند ہوگی، یا کسی آدمی کا سہارا لے گا اور اس سے تعلق رکھے گا، اور کبھی وہ ٹیلہ جس پر (خواب میں) کھڑا ہوا تھا اصل میں وہ ایک عمارت ہے جو اس کا صاحب بناتا ہے اور اس پر وہ کھڑا ہوتا ہے۔ اگر دیکھے کہ وہ ٹیلہ پر چلتا ہے تو وہ پریشانیوں سے نجات پائے گا۔ جو دیکھے کہ وہ ٹیلہ پر چڑھا ہے تو وہ نیک دیندار آدمی کا افسر مقرر ہوگا، جو دیکھے کہ وہ بلند مقام کے اوپر ہے تو وہ رفعت و سیادت اور سلطنت حاصل کرے گا، اور اس کے مال میں عزت و وجاہت میں ترقی ہوگی، جو شخص خواب میں یوں دیکھے کہ وہ بلند جگہ سے نیچے اتر رہا ہے تو وہ غم و پریشانی اور ذلت و رسوائی سے دوچار ہوگا، جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ کسی مٹی کے ٹیلہ کے اوپر کھڑا ہے تو اسے سلطنت و ملوکیت اور منفعت حاصل ہوگی، اور چونکہ لوگوں کی اصل تخلیق زمین (یعنی مٹی) سے ہوئی ہے اس لئے زمین لوگوں پر دال ہوتی ہے، لہٰذا خواب میں ٹیلہ، ٹبہ کوئی بھی ابھرا ہوا یا بلند حصّہ دیکھنا بلند رتبہ کی دلیل ہوتا ہے، اور کبھی ٹیلے ٹبے دیکھنا مقدس مقامات، بلند درجات اور بہترین اور اعلیٰ سواریوں کی دلیل ہوتا ہے، جو شخص خود کو ان میں سے کسی چیز کے اوپر دیکھے تو اگر وہ مریض ہے تو یہ اس کی جنازہ کی چارپائی ہے، خصوصاً اس وقت جب کہ لوگ اس ٹیلہ کے نیچے نظر آتے ہوں، اور اگر وہ مریض نہیں ہے اور شادی کا خواہش مند ہے تو کسی شریف بلند مرتبہ عورت سے اس کی شادی ہوگی۔ اور اس عورت کو دنیا کی وسعت اسی قدر حاصل ہوگی جس قدر اس ٹیلہ نے مٹی اور ریت کو گھیرا ہے، اگر دیکھے کہ وہ ٹیلہ کے اوپر لوگوں کو خطاب کر رہا ہے یا اذان کہہ رہا ہے تو اگر وہ بادشاہت کا حقدار ہے تو اسے بادشاہت حاصل ہوگی، یا قضاء (قاضی بننے) کا عہدہ یا فتویٰ کا یا اذان کا یا خطبہ کا عہدہ و منصب حاصل کرے گا، اس لئے کہ یہ مذکورہ مراتب نیک اور معزز لوگوں کے ہیں، جو کسی ہموار زمین میں کوئی ٹیلہ وغیرہ دیکھے تو وہ لوگوں میں شہرت پسند آدمی ہے، اس کے اردگرد کی ہموار زمین کے بقدر وہ شہرت پسند کرتا ہے۔ ٹیلہ پر بیٹھنا عہدہ و منصب کی دلیل ہے۔ وہاں اگر کوڑا کرکٹ ہو تو یہ وہ دنیا ہے جس میں ہر چیز موجود ہے۔ اور کبھی ٹیلہ کا دیکھنا زوجہ (بیوی) یا فیاض عورت کی علامت ہے، اگر ٹیلہ پر کوڑا کرکٹ نہ ہو تو یہ ایذا رسانیوں سے محفوظ ہونے کے ساتھ ساتھ بلند شانی کی دلیل ہے۔

## ۴۰۸۔ التلبية (حج میں لبّیک کہنا)

خواب میں لبیک کہنا شکوہ و شکایت دور کرنے پر دلیل ہے، جو دیکھے کہ وہ ایّامِ حج میں لبیک کہتا ہے تو وہ اپنے مخالف اور دشمن پر فتحیاب اور ظفریاب ہوگا، جو خواب میں دیکھے کہ وہ لبیک کہہ رہا ہے تو وہ امانت دار دیانت دار ہوگا لوگوں کی امانتیں ادا کرنے والا ہوگا۔

## ۴۰۹۔ التلف (خراب اور برباد کرنا)

خواب میں جو شخص کسی اچھی چیز کو خراب کرے تو وہ خیر و بھلائی کو برباد کرے گا یا کوئی گواہی یا وعدہ توڑے گا، یا اپنے مذہب کو چھوڑ کر کوئی اور مذہب اختیار کرے گا، یا کسی کنواری سے نکاح کرے گا، اگر تلف شدہ اور برباد کردہ چیز کوئی [illegible]ت میں سے ہو جیسے سونے یا چاندی کا زیور ہے تو اس کی زبان سے کوئی بری بات سنار کے حق میں نکلے گی، اور کبھی

Marfat.com

تلف اور برباد کرنا کینہ اور بغض کی دلیل ہوتا ہے، اس لئے کہ کینہ وبغض الفت ومحبت کے تلف اور برباد کرنے کا سبب ہے۔

## ۴۱۰۔ التلفّت (مڑ کر دیکھنا)

خواب میں اگر کوئی شخص خود کو دیکھے کہ وہ اپنی نماز میں دائیں بائیں دیکھتا ہے تو یہ دنیا اور اس کی زینت وآرائش کی طرف توجہ دینے اور آخرت اور اس کی نعمتوں سے منہ موڑنے اور نفسانی خواہشات کی طرف مائل ہونے اور جھکنے کی دلیل ہے۔

## ۴۱۱۔ التمّار (کھجور فروش)

خواب میں کھجور بیچنے والے کا دیکھنا کسبِ حلال یا سنّتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے عالم پر دلیل ہے۔

## ۴۱۲۔ التمتمة (تھتھلانا)

جو خواب میں دیکھے کہ وہ تھتھلاتا ہے تو اسے دینی فقہ (سمجھ) یا فصاحت یا سیادت (سرداری) اور یا پھر دشمنوں پر غلبہ وفوقیت حاصل ہوگی۔

## ۴۱۳۔ التمر (کھجور)

جو خواب میں کھجور دیکھے تو یہ بارش کا اشارہ ہے، جو کھجور کھائے اس کی تعبیر ایسا عام رزق ہے جو خالص اسے ملے گا کوئی دوسرا اس میں شریک نہیں ہوگا، اور کبھی اس خواب کی تعبیر یہ ہوتی ہے کہ وہ قرآن پاک کی تلاوت کرے گا اور اس کو اپنے دین کی خاطر سریلی آواز سے پڑھے گا۔ اور دفن شدہ کھجور دیکھنا ذخیرہ کردہ مال کی علامت ہے، اور بانس اور متفرق کھجوریں عارضی دراہم (پیسے) کی نشانی ہے، اور جو شخص خواب میں ادنیٰ قسم کی کھجور کھائے تو یہ اس کے ذمی ہونے کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ کھجور اس کے پاس آتی ہے تو اس کے پاس بلند شان آدمیوں کی طرف سے مال آئے گا، اور کھجوروں کا ایک کیلہ (دومدّ کا پیمانہ) مالِ غنیمت کی علامت ہے، جو خواب میں کھجوریں اس کے موسم میں توڑے تو اسکی شادی کسی شریف مالدار عورت سے ہوگی، اس عورت کا مزاج تیز ہوگا بڑی خیر وبرکت والی ہوگی۔ یا وہ آدمی شرفائے زمانہ کی طرف سے بلامشقت مال حاصل کرے گا، اور کبھی اس خواب کی تعبیر علم سے ہوتی ہے، اور اگر کھجوریں بے موسم توڑی ہیں تو وہ علم کو سنے گا اور اس پر عمل نہیں کرے گا، اگر خواب میں خشک کھجور کے درخت سے پکی ہوئی تازہ کھجوریں اپنے لئے بکھیری ہیں تو یہ اس بات کی نشانی ہے کہ وہ کسی منافق آدمی سے علم حاصل کرے گا، اور اگر وہ کسی رنج وغم میں مبتلا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے دور فرمادیں گے، دلیل حضرت مریم علیہا السلام کا قصہ ہے، اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: "وھزی الیک بجذع النخلة تساقط علیک رطبا جنیا" (مریم: ۲۵) یعنی اور ہلا اپنی طرف کھجور کی جڑ اس سے گریں گی تجھ پر پکی کھجوریں۔ اگر عورت دیکھے کہ وہ

Marfat.com

تارکول کے ساتھ کچھ کھجوریں کھا رہی ہے تو وہ اپنے خاوند کے مال سے وراثت پائے گی، اور وہ اس سے خفیہ طور پر مطلقہ ہے، اگر کوئی انسان خواب میں دیکھے کہ اس نے ایک کھجور لے کر چیرا ہے اور اس سے اس کی گٹھلی نکالی ہے تو اس کے ہاں فرزند پیدا ہوگا، جو شخص دیکھے کہ اس نے کھجور کے درخت سے سیاہ انگور کا دانہ توڑا ہے تو اس کے بیوی سیاہ فام غلام سے لڑکا جنے گی، اور کبھی کھجور کی تفسیر و تعبیر پاکیزہ رزقِ حلال سے کی جاتی ہے، جو دیکھے کہ وہ عمدہ کھجور کھاتا ہے تو وہ عمدہ اور اعلیٰ کلام سنے گا، اور عظیم نفع حاصل ہوگا، جو خواب میں دیکھے کہ وہ کھجور کو زمین میں دباتا ہے تو وہ خزانوں میں سے یا یتیموں کے مال میں سے مال و دولت حاصل کرے گا، یا پھر وہ مال و دولت کو جمع کرے گا، جو دیکھے کہ وہ بادشاہ کے دروازہ پر چالیس کھجوریں کھاتا ہے اور یہ کھجوروں کے پکنے کا وقت نہیں ہے تو اسے چالیس کوڑے لگیں گے، جو دیکھے کہ اس نے گویا چالیس کھجوریں کھائی ہیں اور یہ خواب کھجوروں کے پکنے کے زمانہ میں دیکھا ہے تو اسے چالیس ہزار درہم ملیں گے۔ جو خواب میں دیکھے کہ گویا خنزیروں کے پیٹ سے اعلیٰ قسم کی کھجوروں کے ٹوکرے گرے ہیں اور وہ ان کو اٹھا کر اپنے گھر لے جاتا ہے تو اسے کفار کے مال میں سے مالِ غنیمت حاصل ہوگا، جو دیکھے کہ وہ جیسے کھجور کو چوس کر کسی دوسرے شخص کو دیتا ہے پھر وہ دوسرا بھی اسے چوستا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ دوسرے کے ساتھ کسی معمولی نیکی کے کام میں شریک ہوگا، جو دیکھے کہ اس نے کھجور کھائی ہے تو وہ ایمان کی شیرینی (مٹھاس) محسوس کرے گا، جو دیکھے کہ اس نے گویا کھجور کو چیرا ہے اور اس سے گٹھلی نکال کر علیحدہ کی ہے تو اسے اولاد سے نوازا جائے گا۔ دیکھئے البسر (کچی کھجور) اور دیکھئے العجوۃ (عجوہ کھجور)۔

## ۴۱۴۔ التمریخ (تیل ملنا)

خواب میں جسم کو تیل ملنا حسنِ تعریف اور لوگوں میں عمدہ خوشبو ہے، خوشبو دار تیل ملنا حسنِ تعریف کی اور بدبودار تیل ملنا قبیح تعریف (بری تعریف) کی دلیل ہے، اور محنت و مشقت کرنے والوں جیسے قاصدین اور مزدوری وغیرہ کرنے والوں کا خواب میں جسم پر تیل ملنا راحت و آرام، رزق کی تجدید اور قوتوں کے بڑھنے کی دلیل ہے۔

## ۴۱۵۔ التمساح (مگرمچھ)

خواب میں مگرمچھ کا دیکھنا اس سپاہی پر دلیل ہے جس سے نہ دوست محفوظ ہے اور نہ دشمن، مگرمچھ کا دیکھنا خیانت گر چور کی دلیل ہے، نیز مگرمچھ کا دیکھنا بددیانت اور ظالم تاجر کی دلیل ہوتا ہے۔ جو دیکھے کہ اس کو مگرمچھ نے پانی کی طرف کھینچا ہے اور اس پانی میں اسے قتل کر دیا ہے تو وہ کسی سپاہی کے ہاتھ لگے گا جو اس کا مال غصب کر کے اس کو قتل کر دے گا، مگرمچھ کا خواب میں دیکھنا فسق و فجور، کسبِ حرام اور ہوا کے رکنے کے سبب یا ڈاکوؤں کی وجہ سے خوف و خطرہ اور تکلیف و پریشانی پیش آنے کی دلیل ہوتا ہے، اور کبھی مگرمچھ کا دیکھنا غرق ہونے کے سبب عمر کے ختم ہونے کی دلیل ہوتا ہے، جو دیکھے کہ مگرمچھ نے اس کو پانی کی طرف کھینچا ہے تو بادشاہ یا کوئی آدمی جبراً اس کے گھر سے کوئی چیز غصب کرے گا، اگر دیکھے کہ اس

Marfat.com

نے مگرمچھ کو خشکی کی طرف کھینچا ہے تو وہ دشمن پر فتح حاصل کرے گا، یا غلبہ حاصل کرے گا اور اس سے مال چھینے گا، جو دیکھے کہ اسے مگرمچھ کی کوئی چیز یعنی اس کا گوشت، یا اس کی کھال یا چربی وغیرہ ملی ہے تو وہ اسی قدر اپنے دشمن کا مال پائے گا۔

## ۴۱۶۔ التمساح البری (ماهی ریگ): دیکھئے السقنقور (ماهی ریگ)۔

## ۴۱۷۔ التمطّی (اکڑ کر چلنا)

خواب میں اکڑ کر چلنا کسی وجہ سے اکتاہٹ ہونے اور کام میں کاہلی وسستی کی دلیل ہے۔ جو خواب میں کسی آدمی کو یوں اکڑتے اور انگرائی لیتے دیکھے جیسے شکم سیر کھانے کے بعد انگڑائی لیتا ہے تو وہ ظالم، باغی اور ڈکٹیٹر شخص ہے، اگر اکڑنے والا شخص کوئی مردہ ہو تو اس خواب کی تعبیر پھر اس کے پسماندگان میں کسی زندہ شخص کے بارے میں ہوگی، اور خواب میں اکڑنا فخر وتکبر اور بے دینی کی بھی دلیل ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں: "فلا صدق و لاصلی، ولکن کذب و تولّی ثم ذهب الی اهله یتمطی" (القیامۃ: ۳۳) یعنی پھر نہ یقین لایا اور نہ نماز پڑھی، پھر جھٹلایا اور منہ موڑا پھر گیا اپنے گھر کو اکڑتا ہوا۔ اور کبھی اکڑنا مشقت اور تھکاوٹ کے بعد راحت وسکون حاصل ہونے کی دلیل ہوتا ہے، اگر خواب دیکھنے والا مریض ہے تو اس کے لئے کوئی خطرہ ہے اگرچہ محفوظ رہے گا، خصوصاً اس وقت جب کہ انگڑائی کے ساتھ جمائی بھی ہو۔

## ۴۱۸۔ التملّق (خوشامد کرنا)

خواب میں جو دیکھے کہ وہ کسی انسان سے سامانِ دنیا میں سے کسی چیز کی خوشامد کر رہا ہے تو یہ خواب برا ہے، اگر دیکھے کہ وہ کسی علم کے سیکھنے یا نیکی کے اسباب میں سے کسی عمل کی خوشامد کرتا ہے تاکہ اس کے ذریعہ مدد حاصل کرے تو اسے مقام ومرتبہ حاصل ہوگا، اسکا دین درست ہوگا اور اپنے مقصود کو پالے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ جو شخص خوشامدی کا عادی ہو اس کا خواب میں خوشامد کرنا برا نہیں ہے، اور جو خوشامدی اور چاپلوسی کا عادی نہ ہو اس کا چاپلوسی کرنا ذلت و رسوائی کی دلیل ہے۔ اگر خوشامدی کسی معروف ومعلوم عورت کی طرف سے ہو تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ وہ دشمن کی ایذا رسانی سے محفوظ رہے گا، خواب میں خوشامدی اور چاپلوسی نیکی، صدقہ اور ایثار وقربانی کی بھی دلیل ہے۔

## ۴۱۹۔ التملیک بلاعوض (ھبہ کرنا): دیکھئے الھبۃ (ھبہ کرنا)۔

## ۴۲۰۔ التنحیۃ (ہٹانا): دیکھئے الطرد (ہٹانا)۔

## ۴۲۱۔ تنفّس الصعداء (ٹھنڈا سانس بھرنا)

جو دیکھے کہ ایک آدمی نے ٹھنڈا سانس بھرا ہے تو وہ ایک ایسا عمل کرے گا جس کی ابتداء غم یا پریشانی سے ہوگی اور بچہ کا ٹھنڈا سانس بھرنا اس بات کی نشانی ہے کہ وہ کوئی ایسا کام کرے گا جس سے پریشانی پیدا ہوگی۔

Marfat.com

## ۴۲۲۔ التنوّر (بال اڑانے کا پوڈر ملنا)

جو خواب میں دیکھے کہ اس نے بال اڑانے کا پوڈر ملا ہے اور غسل کیا ہے تو اپنے قرض سے خلاصی پائے گا، اگر وہ غمزدہ ہے تو اس کا غم دور ہوگا، اور اگر وہ خائف ہے تو با امن ہوگا، اگر مریض ہے تو شفایاب ہوگا، اور اگر کسی کا غلام ہے تو آزاد ہوگا، اور اگر حج پہلے نہیں کیا ہے تو حج نصیب ہوگا، یہ سب اس صورت میں ہے جب کہ پوڈر نے بال مونڈ دیئے ہوں، اگر پوڈر نے بال نہ مونڈے ہوں تو یہ عارضی غم کی دلیل ہے، اور اس کے صاحب کا کام ناتمام ہوگا، اگر وہ شخص جس کے بال پوڈر نے مونڈ دیئے ہوں مالدار ہو تو اس کا مال و دولت ختم ہوگا، اگر خواب میں اپنے چہرہ کے علاوہ باقی تمام جسم پر بال اڑانے والا پوڈر ملا ہے تو وہ وفات پائے گا، اگر بیداری کے عالم میں جسم و بدن پر بال نہ ہوں اور خواب میں بال اڑانے والا پوڈر ملے اور وہ پوڈر زیر ناف بالوں کے سوا باقی تمام بالوں کو مونڈ دے یعنی اڑا دے تو یہ اس کی موت کی دلیل ہے اور اس کا مال و دولت ختم ہو جائے گا اور اس کی بیویاں باقی رہ جائیں گی، اگر خواب میں سنت کی جگہوں میں پوڈر ملا ہے تو اگر زیر ناف بال بھی ختم کیے ہیں تو یہ کشادگی کی دلیل ہے اور اگر زیر ناف بال ختم نہیں کیے ہیں تو یہ مقروض ہونے اور رنج و غم کی زیادتی کی دلیل ہے۔ اور اگر وہ فقیر ہے تو غنی ہو جائے گا اور اس کا غم وفکر دور ہوگا۔ اور اگر اُس پاوڈر نے کچھ بال اُڑا دیئے ہیں اور کچھ نہیں اُڑائے تو اس کے بعض غم دور ہوں گے اور بعض غم باقی رہیں گے، اور اس کا کچھ مال، نعمت اور سلطنت ختم ہوگی اور کچھ باقی رہے گی۔"

## ۴۲۳۔ تنور النّار (تنور):

جو خواب میں دیکھے کہ وہ تنور میں ایندھن ڈال کر آگ بھڑکاتا ہے تو اسے مالی اور جانی نفع اور فائدہ ہوگا، اگر بادشاہ کے گھر میں تنور دیکھے تو اگر بادشاہ کسی پیچیدہ مسئلہ میں مبتلا ہے تو اسے ہدایت ملے گی اس کا مسئلہ حل ہوگا، اور اگر اس کے کوئی دشمن ہوں تو وہ اپنے دشمنوں پر غالب آئے گا، اگر دیکھے کہ وہ تنور بناتا ہے تو اگر حکومت کا مستحق ہے تو حکومت وسلطنت اسے حاصل ہوگی، اگر بے راکھ تنور حاصل ہو تو اس کی ایسی عورت سے شادی ہوگی جس میں کوئی بہتری نہیں ہے، تنور کی کئی قسمیں ہیں، اسی لئے ہر تنور کی تعبیر بھی مختلف ہے، وہ تنور جس میں گوشت بھونا جاتا ہے اس کا دیکھنا قید خانہ پر دلیل ہے، اور جو شخص پریشان حال ہو اس کا ایسا تنور دیکھنا غم و پریشانی سے خلاصی پانے اور قلبی راحت حاصل کرنے کی دلیل ہے، اور وہ تنور جس میں گوشت کے لمبے ٹکڑے پکائے جاتے ہیں اس کا خواب میں دیکھنا ایسے امام اور عالم کی دلیل ہے کہ جس کے سامنے ہر طرح کے مسائل پیش کیے جاتے ہیں اور پھر وہ ہر شخص کو وہ چیز دیتا ہے جس سے اس کا باطن شفا پاتا ہے، اور قوار کے تنور چوزوں کے کارخانہ پر دلالت کرتا ہے، جو دیکھے کہ اس کے پاس سردی کے موسم میں ایک تنور ہے اور وہ اس کی آگ سینکتا ہے تو یہ راحت وسکون، لباس، فائدہ اور بے وقت پھلوں کے حصول کی دلیل ہے، اور اگر گرمی کے موسم میں اس کے پاس تنور ہو تو یہ گرمی کی وجہ سے مختلف امراض اور خون کے جوش مارنے (بلڈ پریشر) کی دلیل ہے، نیز رنج و غم کی دلیل ہے، اور کبھی تنور دیکھنا انسان کے معدہ کی دلیل ہوتا ہے کیونکہ جیسے تنور میں چیزیں ڈالی جاتی ہیں اس معدہ میں بھی ڈالی جاتی ہیں۔

Marfat.com

۴۲۴۔ التنور (چولہا): دیکھئے الکانون (چولہا)

## ۴۲۵۔ التنّین (اژدہا):

خواب میں اژدہا دیکھنا ظالم ہیبتناک بادشاہ کی یا جلادینے والی آگ کی دلیل ہے، اگر خواب میں کوئی مریض اژدہا دیکھے تو یہ اس کی موت کی دلیل ہے، اگر عورت خواب میں اژدہا جنے تو اس کے ہاں اپاہج لڑکا پیدا ہوگا، اس لئے کہ اژدہا جب چلتا ہے تو اپنے کو کھینچتا ہے، جو دیکھے کہ اژدہا نے اس کو پانی میں کھینچا ہے تو اسے بادشاہ سے کوئی سزا ملے گی، یا عذابِ خداوندی میں مبتلا ہوگا یا اپنے رئیس کی سزا میں مبتلا ہوگا، جو شخص خواب میں دیکھے جیسے وہ اژدہا بن گیا ہے تو اس کی عمر دراز ہوگی اور اسے سلطنت حاصل ہوگی، اگر خواب میں اژدہے کا گوشت کھایا ہے تو بادشاہ سے مال و دولت حاصل ہوگا، اور چونکہ اژدہا طویل ہوتا ہے اس لئے کبھی اس کی تعبیر طویل زمانہ سے ہوتی ہے۔ اگر کوئی شخص دیکھے کہ وہ اژدہے کی جانب جاتا ہے اور اسے کوئی ضرر نہیں پہنچتا یا دیکھے کہ اسے کوئی چیز دیتا ہے یا اس سے روانی سے کلام کرتا ہے تو یہ سب صورتیں خیرِ کثیر کے حصول پر دلیل ہیں، جو خواب میں اژدہا دیکھے کہ وہ بدلا ہوا ہے اور وہ کوئی آدمی بن جاتا ہے تو یہ جنات کے لشکر کی دلیل ہے، اور اگر اژدہا کو بدلی ہوئی حالت میں دیکھے کہ وہ کوئی عورت بن جاتی ہے تو یہ مؤنث جنات کے لشکر کی علامت ہے، خواب میں اژدہا خطرناک دشمن ہے، جس نے عداوت و دشمنی کو چھپایا ہوا ہے، اژدہے کے جتنے سر دیکھے اتنا ہی برا اور شریر دشمن ہے، اگر دیکھے کہ اژدہا کا ایک سر ہے یا تین یا چار سر ہیں یہاں تک کہ سات تک سر دیکھے تو ہر سر ایک مستقل مصیبت، شر اور برائی کی دلیل ہے، جب اژدہا کے سات سر ہو گئے ہوں تو یہ ایسا دشمن ہے کہ جس کی برائی اور دشمنی بے مثال ہے، جو دیکھے کہ وہ اژدہے کا مالک بنا ہے تو وہ کسی بے عقل آدمی پر غالب آئے گا، حاملہ عورت جب خواب میں دیکھے کہ جیسے اس نے اژدہا جنا ہے تو اس کے ہاں فصیح اللسان خطیب، بزرگی والا پیدا ہوگا، یا کوئی کاہن نجومی پیدا ہوگا یا پھر شریر فاسق یا چور ڈاکو پیدا ہوگا۔"

## ۴۲۶۔ التھاجر (تعلق ترک کرنا):

خواب میں کسی سے تعلق ترک کرنا میدانِ جہاد سے بھاگنے اور شکست کھانے کی دلیل ہے، نیز یہ خواب شر کی حالت کی طرف واپس لوٹنے پر دلیل ہے، نیز ترکِ تعلق کرنا معصیت، اور اللہ تعالیٰ کے غضب اور ناراضگی کی دلیل ہے، اگر میدانِ جہاد سے اس لئے بھاگا تا کہ دوسرے لوگوں سے تعاون لے اور انہیں بھی جہاد کی ترغیب دے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ وہ لوگوں میں شر و فساد پھیلاتا ہے اور چغلخوری کرتا ہے۔"

## ۴۲۷۔ التھاون (حقیر جاننا):

خواب میں کسی کو حقیر جاننا خراب اور بدطینت کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ اس نے کسی مومن آدمی کی تحقیر و تذلیل کی ہے تو اس کے دین میں خرابی پیدا ہوگی، اور جس آدمی سے امید و توقع رکھتا ہے اس سے ناامید ہوگا، ذلت و رسوائی کا سامنا

کرے گا، اگر دیکھے کہ کسی نے اس کی تذلیل کی ہے اور وہ نامعلوم کوئی جوان ہے تو ان پر اس کے دشمن غالب آئیں گے، اور اگر کوئی نامعلوم بوڑھے نے اس کی تحقیر کی ہے تو فقیر ہوگا۔"

## ۴۲۸۔ التھدید (دھمکی دینا):

خواب میں اگر کوئی دوسرے کو ڈرائے دھمکائے تو یہ دھمکانے والے کے دوسرے پر غالب آنے کی دلیل ہے یہ جو دیکھے کہ اسے خواب میں ڈرایا دھمکایا جارہا ہے اس مقصد سے کہ یہ تابع ہوجائے اور جھک جائے تو وہ کامیاب ہوگا اور جس چیز کی اسے دھمکی دی جارہی ہے اس سے بے خوف ہوگا اور اس کی سامنے نہیں جھکے گا، خواب میں دھمکانا لڑائی جھگڑے سے رکنے اور باز رہنے پر دلیل ہے، اگر دھمکانے اور ڈرانے والا نامعلوم اور غیر معروف ہو تو وہ شیطان ہے خاص طور پر جبکہ نماز پڑھنے، قرآن پڑھنے یا زکوٰۃ وغیرہ نیک اعمال کرنے پر ڈرایا اور دھمکایا ہو، اور کبھی خواب میں ڈرانا دھمکانا محبت کی ابتلاء وآزمائش پر دلیل ہوتا ہے۔

## ۴۲۹۔ التھدیم (ویران ہونا): دیکھئے الخراب (ویران ہونا)

## ۴۳۰۔ التھلیل (لا الہ الا اللہ کہنا):

خواب میں لا الہ الا اللہ کہنا ہدایت کی دلیل ہے، جو شخص خواب میں لا الہ الا اللہ کہے تو وہ شہادت کی موت مرے گا، اگر کسی مصیبت سے دوچار ہے تو اس پر اسے اجر وثواب دیا جائے گا، اور اگر کسی فکر وغم میں مبتلا ہے تو نجات پائے گا اور کشادہ حالی پیدا ہوگی۔"

## ۴۳۱۔ التھوّر (گرنا): دیکھئے السقوط (گرنا)۔

## ۴۳۲۔ التواری (چھپنا):

جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ کسی گھر میں داخل ہوا ہے اور اس میں چھپ گیا ہے تو وہ تعزیت کرے گا، بعض کہتے ہیں کہ جو کہیں چھپے تو اس کے ہاں بیٹی پیدا ہوگی۔ دلیل اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد ہے۔"واذا بشر احدھم بالانثی ظل وجھہ مسودًا وھو کظیم یتواری من القوم من سوٓء مابشربہ (النحل: ۵۹،۵۸)

خواب میں چھپنا اس چیز پر اعتماد کی دلیل ہے جس چیز میں چھپا ہو یا جو اس پر دلالت کرے چنانچہ اگر پہاڑ میں چھپا ہو تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ وہ کسی عظیم المرتبت انسان پر اعتماد کرتا ہے، اور اگر کسی درخت کے پیچھے چھپا ہو تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ وہ کسی عالم پر بھروسہ کرتا ہے، اگر خواب میں دیکھنے والے کے ہاں کوئی حاملہ ہو تو وہ لڑکی جنے گی، اور کبھی خواب میں چھپنا منافقت اور برے اعمال پر بات چیت کرنے کی دلیل ہے۔"

## ۴۳۳۔ التواصل (تعلق جوڑنا):

خواب میں کسی سے تعلق جوڑنا صلہ رحمی کی دلیل ہے، نیز مسلسل روزہ رکھنے کی علامت ہے، اگر خواب میں علماء اور

Marfat.com

صالحین کے ساتھ تعلق استوار کیا ہے تو یہ اپنی محبت کو محفوظ رکھنے اور اپنے عہد کو پورا کرنے یا امراء اور وزراء میں سے کسی عہدیدار کا قرب حاصل کرنے کی دلیل ہے، اگر خواب میں کسی بدعتی اور ذمی کافر سے تعلق استوار کیا ہے تو یہ دینی ودنیوی فساد اور خرابی کی دلیل ہے، اور اس کے قیمتی اوقات اور لمحات لہو ولعب (کھیل کود) میں ضائع اور برباد جائیں گے۔

## ۴۳۴۔ التواضع (تواضع کرنا):

خواب میں کسی کے سامنے تواضع اور عاجزی سے پیش آنا کامیابی، اور رفعت وبلندی حاصل ہونے کی دلیل ہے، اس لئے کہ احادیث میں مروی ہے کہ رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''جو شخص اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے تواضع اختیار کرتا ہے اللہ اس کے درجات بلند فرما دیتے ہیں۔''

## ۴۳۵۔ التوبة (توبہ کرنا):

خواب میں توبہ کرنا قید سے نجات پانے یا بادشاہت حاصل ہونے یا مصیبت وتکلیف اٹھانے کے بعد برکت اور مرتبہ ملنے کی دلیل ہے، جو خواب میں دیکھے کہ اس نے فسق وفجور سے توبہ کی ہے تو وہ کسی مصیبت سے دوچار ہوگا، پھر توبہ کرے گا اور ملوکیت (بادشاہت) حاصل ہوگی، اور برکت ومرتبہ حاصل ہوگا، جو شخص خواب میں ایسے گناہ سے توبہ کرے جسے وہ خود نہیں جانتا ہے تو اندیشہ ہے کہ وہ اس گناہ کے کام میں پڑے گا، لیکن اس کا انجام اچھا ہوگا، کافر کا خواب میں توبہ کرنا مسلمان ہونے کی دلیل ہے، اور خواب میں گانا گانے والوں اور بدکاروں کا توبہ کرنا امیری کے بعد فقیری آنے کی دلیل ہے۔''

## ۴۳۶۔ التوت (شہتوت):

خواب میں شہتوت کھانا خواب دیکھنے والے کے لئے وسیع اور نافع کسب ومعاش کی دلیل ہے، اور سیاہ شہتوت دیناروں کی اور سفید شہتوت درہموں کی دلیل ہے، اور شہتوت کا درخت دیکھنا، مال واولاد والے آدمی کی دلیل ہے، خواب میں شہتوت کھانا دینی صلاح ودرستگی، حسنِ یقین اور عافیتِ جسم وبدن کی علامت ہے۔''

## ۴۳۷۔ التوت الشامی (درخت شہتوت): دیکھئے الفرصاد (درختِ شہتوت)

## ۴۳۸۔ التودیع (رخصت کرنا):

خواب میں رخصت کرنا عہدہ ومنصب کے زوال یا زوجہ کی طلاق یا مریض کی موت یا کسی دوسرے وطن اور ملک جانے یا ایک صنعت سے دوسری صنعت (پیشہ) اختیار کرنے کی دلیل ہے، خواہ خواب دیکھنے والا کسی کو رخصت کرنے والا ہو یا اس کو کوئی رخصت کرے، جو خواب میں دیکھے کہ وہ اپنی بیوی کو رخصت کرتا ہے تو وہ اس کو طلاق دے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ خواب میں رخصت کرنا رخصت کرنے والے کی موت یا دیگر اسباب فراق کی وجہ سے دنیا سے رخصت ہونے کی علامت ہے، نیز رخصت کرنا شریکین (کسی کام میں دو شریک) کا ایک دوسرے سے دور ہونے، حاکم وحکمران کا معزول

Marfat.com

ہونے اور تاجر کا خسارہ ونقصان پانے کی دلیل ہے، بعض معبّرین کہتے ہیں کہ خواب میں رخصت کرنا بطور تعبیر کے اچھا اور پسندیدہ امر ہے، رخصت کرنا مطلقہ (طلاق والی عورت) سے رجوع کرنے، شریک اور حصہ دار سے مصالحت (صلح کرنے) کرنے اور تاجر کے نفع پانے اور حکومت کے واپس ملنے کی دلیل ہے، نیز مریض کے شفایاب ہونے کی دلیل ہے، اس لئے کہ وداع کے لفظ میں راحت وآرام کے معنی پوشیدہ ہیں۔''

اور بعض کا کہنا ہے کہ جب کوئی انسان خواب میں دیکھے کہ وہ الوداعی سلام کہتا ہے تو کہنے اور سننے والے کے لئے یہ برا ہے، اس لئے کہ لوگ جدائیگی، کام سے فراغت اور سونے کے وقت ہی ایک دوسرے کو الوداع کہتے ہیں۔''

## ۴۳۹۔ التوراۃ (تورات):

خواب میں جو شخص کتاب تورات پڑھتا ہے اور اسے جانتا اور پہچانتا نہیں ہے تو وہ شخص قدریہ اور جبریہ کا مذہب اختیار کرے گا، جو خواب میں اپنے پاس تورات دیکھے تو اگر وہ مسلمان بادشاہ ہو تو اپنے دشمن کا کوئی علاقہ فتح کرے گا یا ان کے ساتھ اپنے ارادہ کے مطابق صلح کرے گا، اور اگر وہ عالم ہے تو علم میں اضافہ ہوگا یا اپنے علم میں کوئی بات ایجاد کرے گا، یا خواہشات کے پیچھے لگے گا، اور کبھی کتاب تورات کا خواب میں دیکھنا مفقود اور گمشدہ شخص کا آجانے اور دستیاب ہونے کی دلیل ہوتا ہے۔ اور کبھی کتاب تورات کا دیکھنا اہل تورات کی دلیل ہوتا ہے، اگر اس خواب کا دیکھنے والا کنوارا ہے تو کسی دوسرے مذہب میں شادی کرے گا، یا اس کے سفر زیادہ ہوں گے، اس لئے کہ تورات مختلف حصّوں پر مشتمل ہے، اور اگر اس کی بیوی حاملہ ہے تو مشکوک بچہ جنے گی، تورات کے علاوہ دیگر کتابوں کا بھی یہی حکم اور تعبیر ہے، اور کبھی اس خواب کی تعبیر یہ ہوتی ہے کہ خواب دیکھنے والا اپنے ولی اور سرپرست کی اجازت کے بغیر شادی کرے گا، اور یا ایسے لوگوں کی صحبت اختیار کرے گا جو اس کے دین کو خراب کریں گے، قرآن کریم کے سوا دیگر کتب اور صحف (صحیفے) کا خواب میں دیکھنا اصحابِ امور کی عزت پر دلیل ہوتا ہے، اور تورات وانجیل کا خواب میں دیکھنا نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی زیارت پر دلیل ہے، یا رخصت کرنے کی علامت ہوتا ہے، نیز خواب میں توریت دیکھنا علم وحکمت اور ہدایت کی دلیل ہوتا ہے، جو شخص خواب میں اپنے ہاتھ میں تورات دیکھے اور اس کی بیوی حاملہ ہے تو اس کی بیوی بیٹی جنے گی، اس لئے کہ تورات کا لفظ مؤنث ہے۔''

## ۴۴۰۔ التوسّط (میانہ روی اختیار کرنا): دیکھئے القصد (میانہ روی اختیار کرنا)

## ۴۴۱۔ التوکّل (توکل کرنا):

خواب میں اللہ تعالیٰ پر توکل کرنا اور توکل کے الفاظ زبان سے کہنا بامراد ہونے اور پریشانیوں اور سختیوں کے ختم ہونے کی دلیل ہے، اور کبھی یہ خواب اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھنے اور ان کے ساتھ نیک گمان رکھنے، دشمنوں پر فتح یاب ہونے اور امیدوں کے برلانے کی دلیل ہوتا ہے، اور کبھی توکل کرنا (خواب میں) فاسق کے توبہ تائب ہونے اور کافر کے مسلمان ہونے کی علامت ہوتا ہے، اور کبھی یہ خواب کسی شر اور برائی میں مبتلا ہونے کی نشانی ہوتا ہے مگر اس کا انجام بخیر ہوگا۔''

Marfat.com

## ۴۴۲۔ التیس (بکرا):

خواب میں بکرا دیکھنا ہیبتناک منظر رکھنے والا شخص اور اپنے حالات وواقعات میں ابلہ اور بے وقوف آدمی کی دلیل ہے، اور کبھی خواب میں بکرے کا دیکھنا جاہل سیاہ فام غلام کی دلیل ہوتا ہے، اور کبھی اس کا دیکھنا ایسے آدمی کی دلیل ہوتا ہے جو اپنے دین میں عظیم اور شان میں بڑا ہوتا ہے۔"

## ۴۴۳۔ التیمّم (تیمّم کرنا):

خواب میں تیمّم کرنا کشادہ زمانی کے قریب ہونے کی علامت ہے، جو خواب میں دیکھے کہ وہ نماز کے لئے یا جنابت سے پاک ہونے کے لئے تیمّم کرتا ہے تو یقیناً اس کی خوشحالی قریب آچکی ہے، اس لئے کہ تیمّم تقرّب الی اللہ کا ذریعہ ہے، اور خواب میں تیمّم کرنا سفر کی یا ایسے مرض کی تنبیہ پر دلیل ہے جس میں وہ تیمّم کا محتاج ہوگا، اور کبھی یہ خواب مسافر کے لئے (یعنی مسافر اگر یہ خواب دیکھے) پانی نہ ملنے کی دلیل ہوتا ہے، کیونکہ مسافر مٹی اور ریت پر چلتا ہے، جو چیز ہاتھوں سے چمٹتی نہیں ہے اس کا دیکھنا سفروں کی دشواری، رخصت پر عمل کرنے اور خواہشات پر عمل پیرا ہونے کی دلیل ہے، نیز تیمّم مالداری کے بعد فقیری، تندرست کے بیمار ہونے اور بیمار کے تندرست ہونے کی علامت ہے، اور پانی کے ہوتے ہوئے تیمّم کرنا باطل اعمال پر دلیل ہے، اگر دیکھے کہ وہ تیمّم کرتا ہے تو اگر پانی دستیاب نہ ہو (خواب میں) تو یہ عنقریب کشادہ حالی اور زوالِ مصیبت کی دلیل ہے، اگر پانی کے موجود ہونے کے باوجود تیمّم کیا ہے تو اس میں پانچ اقوال ہیں۔ قولِ اوّل: خواب دیکھنے والا غلام باندیاں بنانے کو نکاح کرنے پر ترجیح دیتا ہے۔ قولِ ثانی: خواب دیکھنے والا خشکی کے سفر کو سمندری سفر پر ترجیح دیتا ہے، قولِ ثالث: خواب دیکھنے والا گناہوں پر اصرار کے باوجود مغفرت کی امید رکھتا ہے، قولِ رابع: وہ دنیا کو آخرت پر فضیلت دیتا ہے۔ قولِ خامس: وہ اپنے دین کو کھیل تماشہ بناتا ہے اور آسانیوں کے پیچھے پڑا رہتا ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ یہ خواب مرض اور قید سے نجات پانے کی دلیل ہے۔"

## ۴۴۴۔ التین (انجیر):

خواب میں جس کو انجیر حاصل ہوئی ہو تو یہ خوشحالی اور کثیر مال ودولت کی دلیل ہے، خواب میں انجیر کا درخت دیکھنا غنی اور مالدار آدمی کی دلیل ہے جس کے پاس دشمنانِ اسلام آکر رہتے ہیں۔ اس لئے کہ انجیر کا درخت سانپوں کا ٹھکانہ ہے، پھلوں میں کوئی پھل اس کا مقابلہ نہیں کرسکتا۔ جو دیکھے کہ وہ انجیر کھاتا ہے تو اس کی نسل زیادہ ہوگی، اور بعض کہتے ہیں کہ انجیر کا دیکھنا عراق کی جانب سے حاصل ہونے والا رزق ہے، اور اس جمع شدہ مال کی نشانی ہے جس سے اس کا صاحب بلامشقت آسائش حاصل کرتا ہے، اور تھوڑی انجیر کھانا بالکفایت رزق کی دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ انجیر کا پھل اور اس کے پتے رنج وغم اور ندامت کی علامت ہیں، لہٰذا جو انجیر کھائے وہ ابھی یا آئندہ کسی پریشانی میں مبتلا ہوگا، بعض کہتے ہیں کہ انجیر کا دیکھنا صالحین اور اچھے لوگوں کی دلیل ہے، نیز رزق وسہولت اور کامل سرور وخوشی اور بافراغت نعمت کی دلیل ہے، اور

Marfat.com

سیاہ رنگ کی انجیر اس کے وقت اور موسم میں دیکھنا خیر کی علامت ہے اور سفید انجیر سیاہ سے بہتر ہے، اور اگر انجیر بے وقت بے موسم دیکھے تو یہ حسد کی دلیل ہے جو خواب والے کو پیش آئے گا، اور کبھی انجیر کا دیکھنا قسم کی دلیل ہوتا ہے چنانچہ اگر انجیر سیاہ رنگ کی ہے تو یہ جھوٹی قسم کی دلیل ہے اور کبھی انجیر فکر وغم اور تکلیف و پریشانی اور اعلیٰ جگہ سے ادنیٰ جگہ پر جانے کی دلیل ہوتی ہے اور کبھی ندامت و شرمندگی کی دلیل ہوتی ہے جیسا کہ انجیر کھانا ندامت کی دلیل ہوتا ہے۔"

Marfat.com

# ﴿باب الثاء﴾

## ۴۴۵۔ الثبات (ثابت قدمی):

بیداری میں جس کی عادت ناسمجھی اور اوچھاپن کی ہو اس کا خواب میں ثابت قدمی دکھانا نعمت وہدایت اور تمام امور میں قوتِ عزم وحزم (پختہ ارادہ) کی دلیل ہے۔

## ۴۴۶۔ الثدی (پستان):

خواب میں پستان دیکھنا آدمی کی بیوی یا بیٹی پر دلیل ہے، پستان کا خوبصورت ہونا اس کے (بیوی یا بیٹی) خوبصورت ہونے کی اور خراب ہونا اس کے خراب ہونے کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ کسی عورت کے پستان لٹکے ہوئے ہیں تو وہ عورت بدکاری کرے گی اور اپنے شوہر کے علاوہ کسی اور سے اولاد جنے گی، اگر خواب میں کوئی آدمی اپنی چھاتی میں دودھ دیکھے تو اگر وہ فقیر ہے تو غنی ہوگا، اور اگر شادی شدہ ہو تو اس کے ہاں اولاد ہوگی، اگر یہ خواب کوئی جوان عورت دیکھے تو وہ عنقریب حاملہ ہوگی اور اس کا حمل پایہ تکمیل کو پہنچے گا، اور اگر وہ جوان نہ ہو بلکہ مالدار اور زیادہ عمر کی ہو یعنی شوہر دیدہ ہو تو فقیر ہوگی اور اس کا مال تلف ہوگا اور اگر وہ کنواری اور بالغ ہو تو اس کی شادی ہوگی، اور اگر یہ خواب چھوٹی بچی نے دیکھا ہے جو ابھی شادی کے قابل نہیں ہوئی ہے تو یہ خواب اس کی موت کی دلیل ہے، جو خواب میں دیکھے کہ وہ کسی عورت کا دودھ پیتا ہے وہ عورت اس کو پہچانتی ہے مگر یہ اس کو نہیں جانتا تو یہ خواب اس کی دلیل ہے کہ وہ طویل عرصہ بیمار ہوگا ہاں اگر اس کی اہلیہ حاملہ ہو تو اس کے ہاں اولاد ہوگی، اور یہ خواب کوئی عورت دیکھے تو یہ بیٹی کے پیدا ہونے کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ گویا اس کے پستان اعتدال سے بڑے ہوگئے ہیں اور خوبصورت شکل میں ہوئے ہیں تو یہ اولاد پر اور کچھ اشیاء کے مالک ہونے کی دلیل ہے، اگر پستانوں کو گرا ہوا دیکھے تو یہ اس کی اولاد کی موت کی دلیل ہے، اگر اولاد نہ ہو تو یہ خواب محتاجی اور پریشانی کی دلیل ہے، خصوصاً دودھ پلانے والیوں کے حق میں یہ خواب ان حالات کی نشاندہی ہے جو شیر خوار بچہ کے ساتھ پیش آئیں گے، عورت کے حق میں چھاتی کا بڑا ہونا فسق وفجور کی دلیل ہے۔ جو خواب میں دیکھے کہ اس کے پستان اس کے سینہ کو لگ رہے ہیں تو اگر وہ عمر رسیدہ تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اس کے پاس کچھ ردی اور غلط خبریں ایسے لوگوں کی طرف سے آرہی ہیں جن کو وہ پہچانتا ہے، اگر وہ چھوٹی عمر کا ہو خواہ مرد ہو یا عورت تو یہ عشق ومحبت کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ جیسے اس کا ایک ہی بڑا پستان ہے جو زیرِ ناف تک پہنچا ہوا ہے تو وہ کسی محرم عورت سے زنا کرے گا یا پھر کوئی حرام نکاح کرے گا، خواب میں پستان دیکھنا بیٹیوں کی دلیل ہے، لہٰذا خواب میں جو صورت حال پستان میں پیش آئے تو اس کی تعبیر بیٹیوں سے ہوگی، جو دیکھے کہ اس کے دو پستانوں کے ساتھ ایک اور پستان پیدا ہوا ہے تو یہ بیٹی کے زیادہ ہونے کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ اس کا کوئی پستان کم ہوا ہے تو یہ اس کی بیٹی کی وفات کی نشانی ہے، خواب میں پستان میں دودھ دیکھنا مال میں زیادتی وترقی اور اولاد کی دلیل ہے، لہٰذا جو خواب میں دیکھے کہ اس کے پستانوں میں دودھ

Marfat.com

ہے تو یہ دنیا کی دولت میں اضافہ اور اسکے مالک ہونے کی علامت ہے۔ اگر خواب میں اس کو کوئی انسان دودھ پلاتا ہے تو وہ قید ہوگا اور اس پر ہر دروازہ بند ہوگا دودھ پینے والے کا کوئی نقصان نہیں ہے، پس یہ خواب ذلت ورسوائی اور پریشانی کی دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ اگر آدمی دیکھے کہ اس کے پستانوں میں دودھ ہے تو اگر کنوارا ہے تو شادی کرے گا، اور اس کے ہاں اولاد ہوگی، اور اگر فقیر ہے تو یہ خواب کسی چیز کی خوشخبری ہے، اور اگر وہ نوجوان ہے تو اس کی عمر طویل ہوگی۔ جوان عورت جب یہ خواب دیکھے تو یہ اس کے حمل اور ولادت کی دلیل ہے، خواب میں مرد کے پستانوں کا طویل ہونا حتیٰ کہ سینہ کو لگ رہے ہوں تو یہ ایسی خواہش نفس کی دلیل ہے جس میں اللہ تعالیٰ کی رضا مندی نہیں ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ یہ خواب اولاد کی موت پر دلیل ہے، اگر اولاد نہیں ہے تو پھر فقر وافلاس اور حزن وغم کی دلیل ہے اور خواب میں حد سے زیادہ پستانوں کا طویل ہونا انتہائی غم وفکر کی دلیل ہے، اور مرد کے پستان اس کی وجاہت ومنصب اور بیماری اور تندرستی کی علامت ہے، اور کبھی مرد کے پستان ایسے برادران اولاد واصحاب اور ازوج کی دلیل ہوتے ہیں جن سے کوئی نفع نہیں ہوتا ہے، اور عورت کا پستان اس کے برعکس امر کی دلیل ہے کیونکہ عورت کی چھاتی میں اللہ تعالیٰ نے بچہ کا رزق رکھا ہے، اگر مرد دیکھے کہ اس کی چھاتی عورت کی چھاتی کی طرح ہے اور اس سے دودھ ٹپکتا ہے تو یہ اہل وعیال کی ضروریات پوری کرنے پر دلیل ہے، اور کبھی یہ خواب دین پر یا ایسا مرض لاحق ہونے پر دلیل ہوتا ہے جس کی وجہ سے وہ لوگوں سے حیا وشرم کرے گا۔ اور اس میں مشہور ہوگا، اگر خواب میں اس کے پستان لوہے کے یا تانبے کے بن گئے ہوں تو اولاد کی گمشدگی اور اسباب کے معطل ہونے یا حمل کی دلیل ہے، ابھری ہوئی چھاتی والی عورت کا پستان دیکھنا خاوند کی دلیل ہے، اور بانجھ عورت کا اپنی ابھری ہوئی چھاتی دیکھنا مایوسی کے بعد اولاد ہونے کی دلیل ہے، ورکنواری عورت کا اپنی چھاتی ابھری ہوئی دیکھنا اس پوشاک سامان وغیرہ کی دلیل ہوتا ہے جس سے وہ آراستہ ہوگی ہے، اور خواب میں چھوٹے نابالغ بچہ یا بچی کا اپنے پستان کو ابھرا ہوا دیکھنا مختلف امراض، علتوں اور زخموں کی دلیل ہے، کنواری عورت کا پنا ایک پستان دیکھنا شادی ہونے کی علامت ہے، اگر اس چھاتی سے پانی یا دودھ اترا ہے تو اس کا بچہ یا بہن گم ہوگی، نیز پستان یکھنا زانیہ اور بدکار عورت کی علامت ہے، اور کبھی پستان کی تعبیر شترمرغ کے انڈوں یا لیموں سے ہوتی ہے، اور کبھی دو پستان دو لاموں کی دلیل ہوتا ہے، اور ایک قول یہ بھی ہے کہ دو پستان ماں اور باپ کی علامت ہے، اور کبھی پستان میں دودھ ہونا شراب کے مشکیزہ پر دلیل ہوتا ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ پستان باعزت آدمی کی علامت ہے۔"

## ۴۴۔ الثروۃ (دولت مندی):

فقیر کا خواب میں دولتمند ہونا اس کے راستہ کے غلط ہونے کی دلیل ہے، کبھی خواب میں دولتمند ہونا دشمنوں اور سدین کی ذلت ورسوائی کی علامت ہوتا ہے، اور کبھی خواب میں دولتمندی زوجہ اور ایسے نیک اعمال کی دلیل ہوتی ہے جو ت کی نعمتوں تک پہنچانے والے ہیں، اور کبھی خواب میں مریض کا دولتمند ہونا اس کی تربت وقبر اور اس میں اترنے کی امت ہوتا ہے۔"

Marfat.com

## ۴۴۸۔ الثریّا (ثریّا ستارے):

خواب میں ثریّا ستارے دیکھنا عقلمند اور ہوشیار آدمی کی دلیل ہے، جو خواب میں دیکھے کہ ثریا ستارے زمین پر گرے ہیں تو یہ اس بات کی نشانی ہے کہ اس سال پھلوں کی قلت ہوگی اور جانور مویشی مریں گے، اگر کوئی حاکم وحکمران آدمی یہ خواب دیکھے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ وہ اپنے کاموں میں غلطی کرتے ہیں۔''

## ۴۴۹۔ الثرید (ثرید):

خواب میں ثرید کا دیکھنا دراصل انسان کی حیات، معاش اور صنعت وحرفت کی علامت ہے، اگر خواب میں ثرید کا چکناہٹ سے بھرا ہوا برتن دیکھے تو یہ وسعتِ دنیا کی علامت ہے، اگر برتن دیکھے کہ اس میں ثرید کھاتا ہے تو جس قدر اس سے ثرید کھایا ہے اسی قدر اس کی حیات کے لمحات ختم ہوئے ہیں، اور جتنا ثرید باقی ہے اتنی ہی حیات اس کی باقی ہے، اگر پورا ثرید کھالیا ہے تو اس کی عمر ختم ہوگئی ہے' اگر خواب میں بہت زیادہ چکناہٹ والا ثرید کھایا ہے تو چکناہٹ کے بقدر نفع بخش حکومت حاصل ہوگی' اگر وہ ثرید چکناہٹ کے بغیر تھی تو یہ بے نفع حکومت کی علامت ہے' اگر دیکھے کہ اس کے سامنے ثرید کا پیالہ رکھا ہے جس میں چکناہٹ بھی بہت زیادہ ہے، مگر اس کو کھانے کے لئے تیار نہیں ہوتا ہے، تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ مال ودولت جمع کرے گا لیکن کھا دوسرے جائیں گے، اگر دیکھے کہ وہ اس ڈر سے کہ کہیں ختم نہ ہوجائے ثرید نہیں کھاتا ہے تو اسے کثیر نعمتیں اور پاکیزہ زندگی نصیب ہوگی اور موت کا بھی اندیشہ ہے۔ اگر خواب میں ایسی ساری ثرید کھاجاتا ہے جس میں چکناہٹ نہیں ہے اور نہ وہ اچھی ہے اور کھا کر راحت حاصل کرتا ہے تو یہ ایسا شخص ہے جو تنگدستی اور فقروفاقہ کی وجہ سے موت کی آرزو کرتا ہے۔ اگر ثرید سرکہ کا ہو اور اس میں گوشت نہ ہو تو یہ حلال اور پاکیزہ صنعت وحرفت کی دلیل ہے، اور اگر ثرید بغیر چکناہٹ کے ہو تو یہ خراب صنعت وپیشہ کی علامت ہے۔ اگر ثرید درندہ کے گوشت کی ہو تو یہ ظالم قوم پر جبراً اور خوف وڈر کے ساتھ حکمرانی کرنے کی دلیل ہے، اگر ایسے ثرید میں چکناہٹ ہو تو یہ زندگی اور منفعت کے حرام ہونے کی دلیل ہے، اگر ایسا شخص تاجر ہو تو اس کا معاملہ ظالم لوگوں کے ساتھ ہے، اگر وہ عامل وحاکم ہے تو پھر بھی یہی تعبیر ہے کہ اس کا کسب ومعاش حرام کا ہے، اگر ایسا ثرید چکناہٹ کے بغیر ہو تو یہ نفع ہونے کی دلیل ہے، اور وہم میں مبتلا ہوگا، اور اگر ثرید کتے کے گوشت کی ہو تو یہ خراب تجارت وحکومت کی دلیل ہے، نیز یہ بیوقوفوں کے ساتھ خسیس اور گھٹیا کاروبار کرنے کی علامت ہے، اگر ایسا ثرید چکناہٹ کے ساتھ ہو تو یہ مالِ حرام کی نشانی ہے، اور اگر چکناہٹ کے بغیر ہو تو یہ ردی کسب ومعاش، فقر وافلاس اور محرومی کی دلیل ہے، اگر ایسا ثرید سارا کا سارا کھایا ہے تو وہ اسی فقر وذلت اور محرومی میں مرجائے گا۔ اگر ثرید شکاری پرندوں کے گوشت کا ہو تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ وہ خوف وڈر کے ساتھ مالدار دشمنوں سے حرام مال کمائے گا نیز یہ حکومت وتجارت کی علامت ہے۔ اگر دیکھے کہ وہ آب جو کی ثرید کھاتا ہے تو یہ بے نفع بے کار صنعت کی دلیل ہے۔''

Marfat.com

## ۴۵۰۔ الثعبان (سانپ):

خواب میں سانپ دیکھنا وادی کے انسان پر دلیل ہے، اور کبھی سانپ کا دیکھنا اہل وعیال وازواج کی دشمنی پر دلیل ہوتا ہے، اور کبھی سانپ شریر اور حاسد پڑوسی کی دلیل ہوتا ہے، پانی کا سانپ ظالم کا مددگار یا حاکم کی علامت ہے۔ جو دیکھے کہ وہ سانپ کا مالک ہوا ہے تو اسے عظیم سلطنت حاصل ہوگی۔"

## ۴۵۱۔ الثعلب (لومڑی):

خواب میں لومڑی دیکھنا لڑنے والے دشمن، جھوٹے شخص، مخالف اور مکّار آدمی کی دلیل ہے، جو خواب میں لومڑی سے قتال کرے یا اس کو ہاتھ لگائے تو وہ جنات کے خوف میں مبتلا ہوگا، اگر لومڑی کا گوشت کھایا ہے یا لومڑی کو مارنے کے لئے اس کو تلاش کیا ہے تو اس کو یہ چیز مل جائے گی، اور معبرّین کہتے ہیں کہ لومڑی بادشاہ کی جانب سے دشمن پر دلیل ہے، لہٰذا جو شخص دیکھے کہ اس نے لومڑی پکڑی ہے تو وہ اس دشمن کا مدّ مقابل بنے گا، اگر اس کو ذبح کیا ہے تو اس دشمن سے کسی قرض کے متعلق صلح کرے گا، اگر خواب میں لومڑی سے کھیلا ہے تو اسے ایسی عورت ملے گی جس سے یہ محبت کرے گا اور وہ اس سے محبت کرے گی، اور اللہ تعالیٰ اس کے ذریعہ اس کی آنکھیں ٹھنڈی کرے گا، لومڑی کی تعبیر نجومیوں، اطباء اور مدبرّ حضرات اور شریر لوگوں سے بھی کی جاتی ہے، جو دیکھے کہ گویا اس نے لومڑی کو قتل کیا ہے تو اسے شریف اور عزیز عورت حاصل ہوگی، جو لومڑی کو دیکھے تو وہ شریف مرد یا شریف عزیز عورت کو دیکھے گا، یا کوئی مکّار آدمی اس کی چاپلوسی کرے گا، اور لومڑی نامعلوم شدید مکار دشمن کی بھی دلیل ہے، جو فی الفور اپنی کاروائی کرے گا، نیز لومڑی کا دیکھنا مکّار دھوکہ باز عورتوں کی بھی علامت ہے۔ جو خواب میں دیکھے کہ وہ گویا لومڑی سے مکّاری کرتا ہے تو وہ جھوٹا شاعر آدمی ہے، یہی تعبیر ہے اس کی جو لومڑی کو اچھا بدلہ دے، جو خواب میں دیکھے کہ مشرق ومغرب لومڑیوں سے بھرا پڑا ہے تو اس زمانہ میں سحر وجادو اور مکر وحیلہ کی کثرت ہوگی، جو دیکھے کہ وہ لومڑی سے جھگڑتا ہے یا اس کا علاج کرتا ہے تو اس کا کسی رشتہ دار سے جھگڑا ہوگا، جو دیکھے کہ وہ لومڑی کو تلاش کرتا پھرتا ہے تو اسے درد تکلیف پہنچے گی، جو دیکھے کہ لومڑی اس کو تلاش کررہی ہے تو وہ جن وانس کی طرف سے خوف وگھبراہٹ میں مبتلا ہوگا، جو دیکھے کہ کوئی لومڑی اس سے بھاگتی ہے تو اس کا قرض دار اس سے دھوکہ بازی کرتا ہے، جو خواب میں دیکھے کہ اسے لومڑی کا کچھ چمڑا ملا ہے تو یہ اس کی قوت اور کامیابی کی دلیل ہے، اور کبھی یہ خواب عورت کی طرف سے وارثت پانے کی علامت ہوتا ہے، جو خواب میں لومڑی کا دودھ پیئے تو اگر مریض ہے تو شفا ہوگی، ورنہ اس کا غم وفکر دور ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ جو لومڑی کو خواب میں دیکھے تو اس کو جانی اور مالی نقصان اور رسوائی اٹھانا ہوگی۔ لومڑی کا دیکھنا فائدہ کے حصول، زوجہ اور پوشاک اور کنوارے کے شادی ہونے پر دلیل ہے۔

## ۴۵۲۔ ثفر الدابّة (زین کی دمچی):

خواب میں زین کی دمچی دیکھنا خسیس اور گھٹیا امر کا ذمہ دار بننے کی دلیل ہے، یا زوجہ کے تابع ہونے یا مال

Marfat.com

ودولت کی دلیل ہے، نیز خواب میں زین کی دمچی دیکھنا کسی چیز کی بنیاد اور اس کی مثال پر دلیل ہے، اور جانور کی پیٹی کی بھی یہی تعبیر ہے۔"

## ۴۵۳۔ ثقالة المغزل (تکلے کی پھرکی): دیکھئے فلکة المغزل (تکلے کی پھرکی)

## ۴۵۴۔ الثقل (سامان):

اگر خواب میں سامان کسی انسان سے یا حیوان سے اتارا ہے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ وہ ہر ایک پر صدقہ واحسان کرے گا چاہے وہ اسے پہچانتا ہو یا نہ پہچانتا ہو۔"

## ۴۵۵۔ الثکنة (چھاؤنی): دیکھئے الرباط (چھاونی)

## ۴۵۶۔ الثکول (بچوں سے محروم عورت):

خواب میں اس کا دیکھنا حزن وغم کی دلیل ہے، نیز اس کا دیکھنا بلند مرتبہ ہونے اور فرحت ومسرت حاصل ہونے کی بھی علامت ہے، اور بسا اوقات اس کی تعبیر اولاد اور ماؤں کے کھونے سے ہوتی ہے۔"

## ۴۵۷۔ الثلّاج (برف فروش):

خواب میں برف فروش کا دیکھنا گرمیوں میں فرحت ومسرّت حاصل ہونے کی دلیل ہے اور سردیوں میں دیکھنا فکر وغم لاحق ہونے کی علامت ہے۔"

## ۴۵۸۔ الثلج (برف):

خواب میں برف دیکھنا رزق، منافع اور کمزور ولاغر کردینے والے امراض کی دلیل ہے، خصوصاً اس کے لئے جس کی معیشت اور کاروبار اسی برف کا ہو، اور کبھی برف اور آگ الفت ومحبت کی علامت ہوتا ہے، اس لئے کہ برف آگ کو بجھاتی نہیں ہے، اگر خواب میں برف اس کے وقت اور موسم میں دیکھی گئی ہو تو یہ غموں اور پریشانیوں کے ختم ہونے اور دشمنوں اور حاسدین کے ذلیل وخوار ہونے کی دلیل ہے، اور اگر برف بے وقت اور بے موسم دیکھی ہو تو یہ کمزور کردینے والے امراض اور فالج کی دلیل ہے، کبھی برف کا دیکھنا سفروں کے معطّل ہونے، قاصدین، حکومتی اہل کاروں اور دیگر تاجروں کے منافع وفوائد کے حاصل نہ ہونے کی دلیل ہے۔ اگر زیادہ برف دیکھے تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ بادشاہ اپنی رعایا پر ظلم وزیادتی کرتا ہے ان کے اموال کو غصب کرتا ہے اور انہیں طرح طرح کی اذیتیں دیتا ہے، اور ان کے ساتھ بدزبانی کرتا ہے، جیسے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

"فانزلنا علیهم رجزًا من السماء" (الاعراف:١٦٢)

یعنی "ہم نے آسمان سے عذاب اتارا"۔

Marfat.com

ایک قول کے مطابق عذاب سے یہاں برف مراد ہے، اگر برف کم ہو تو یہ خوشحالی کی علامت ہے، جو خواب میں دیکھے کہ اس پر برف گرتی ہے تو وہ دور کا سفر کرے گا، اور ممکن ہے اس سفر میں نقصان ہو، جو دیکھے کہ وہ برف پر سویا ہوا ہے تو یہ عذاب کی دلیل ہے، خواب میں جس کو برف کی سردی لگی ہے سردیوں میں یا گرمیوں میں تو یہ فقر و افلاس کی دلیل ہے۔ خواب میں جس نے برف کا بھاری بلاک خریدا ہو اور یہ خواب گرمیوں میں دیکھا ہے تو اسے مال و دولت حاصل ہوگا جس سے وہ راحت حاصل کرے گا، نیز وہ خوش کلامی سے فکر و غم سے راحت پائے گا۔ اگر خواب میں برف اسے نقصان نہ دے اور وہ جلدی سے پگھل گئی ہو تو یہ پریشانی اور تھکاوٹ و مشقت کے جلد ختم ہو جانے کی علامت ہے۔ اگر دیکھے کہ ایک زمین خشک کھیت کی شکل میں ہے پھر اس پر برف گرنے لگتی ہے تو وہ برف بارش کی طرح باعثِ رحمت ہے جو لوگوں پر آئے گی، نیز خیر و برکات اور خوشحالی کی نشانی ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ جو شخص کسی شہر میں بہت زیادہ برف بے وقت دیکھے تو اس علاقہ میں بادشاہ کی جانب سے مصیبت و عذاب آئے گا یا وہ علاقہ عذابِ الٰہی میں گرفتار ہوگا، یا وہاں کے لوگ کسی فتنہ میں مبتلا ہوں گے، اور بعض کہتے ہیں کہ جو شخص برف دیکھے تو یہ قحط سالی کی نشانی ہے، خواب میں جس پر برف گری ہو تو وہ دشمن کی تکلیف میں مبتلا ہوگا۔ کبھی بہت زیادہ برف کا دیکھنا عام امراض جیسے چیچک اور وبائی بیماریوں کی علامت ہے، اور کبھی جنگ اور لڑائی اور ٹڈیوں اور دیگر آفات کی دلیل ہوتی ہے، اور کبھی برف خوشحالی اور مالداری کی علامت ہوتی ہے، جو خواب میں دیکھے کہ آسمان سے برف اتری ہے اور ساری زمین کو بھر دیا ہے تو زمان و مکان کو دیکھا جائے گا، اگر برف کھیت کی جگہ پر اتری ہے اور ایسے وقت میں اتری ہے جس وقت میں اس کا اترنا زمین کے لئے مفید ہے تو اس صورت میں یہ خواب خوشحالی کی کثرت اور اس زمین کی خیر و برکت کی دلیل ہے، اور اگر برف ایسے وقت میں آسمان سے اتری ہے جس وقت اس کا اترنا زمین کے لئے مفید نہیں ہے تو پھر یہ خواب بادشاہ کے ظلم و جور اور ٹیکس وصول کرنے والوں کی زیادتی پر دلیل ہے، اگر دیکھے کہ برف مسکینوں، عام لوگوں اور درختوں پر بہت زیادہ پڑی ہے خواہ وہ برف مفید وقت میں ہو یا غیر مفید زمانہ میں یہ خواب ظلم و زیادتی کی دلیل ہے جو ان کے ساتھ روا رکھا جا رہا ہے یا عمومی بلا و مصیبت کے نزول کی طرف اشارہ ہے۔ اور کبھی برف محصور ہونے اور سفر سے غفلت کرنے اور معاش کی تلاش میں لاپرواہی برتنے کی دلیل ہوتی ہے۔''

## ۴۵۹۔ الثلم (شگاف):

خواب میں کسی چیز میں شگاف دیکھنا اس چیز کے نقص پر دلیل ہے یا اس چیز کے نقص پر دلیل ہے، جو اس پر دلالت کرتی ہے اور کبھی شگاف ہوا دیکھنا گمشدہ کی دستیابی یا مخالف کے ساتھ صلح صفائی ہو جانے کی دلیل ہے۔

## ۴۶۰۔ الثمرۃ (پھل):

خواب میں شیریں پھل دیکھنا رزق، فائدہ اور علم نافع کی دلیل ہے، اور تلخ (کڑوا) پھل دیکھے تو دو صورتیں ہیں اگر اس کا کھانا اس کی طبیعت کو موافق ہوتا ہے تو اس کی تعبیر مذکورہ تعبیر کی طرح ہے، اور اگر اس تلخ پھل کا کھانا اس کو ناموافق

Marfat.com

ہوتا ہے تو یہ مالِ حرام کی نشانی ہے اور مرض میں اضافہ کی دلیل ہے، اور جو پھل ابھی ناتمام ہوں ان کا کھانا اور مالک ہونا قرض کی دلیل ہے یا عجمی مردوں اور عورتوں کے غالب آنے یا عجمی باندیوں کی یا گونگوں کی دلیل ہے، اور غلاف دار (چھلکے والا) پھل دیکھنا بامشقت رزق پر دلیل ہے، اور گٹھلی دار پھل ایسے رزق کی دلیل ہے جس میں تھوڑا سا شبہ ہے، یا ایسے رزق کی علامت ہے جس کی زکوٰۃ نہیں نکالی گئی ہے، اور جس پھل کی نہ گٹھلی ہو اور نہ چھلکا ہو ایسے پھل کا خواب میں دیکھنا معاملات میں آسانی ہونے اور خالص رزقِ حلال حاصل ہونے کی علامت ہے۔ اگر کوئی پھل اس کے موسم میں اور پکنے کے وقت میں دیکھا ہے تو یہ جلد حاصل ہونے والی خیر و بھلائی کی علامت ہے اور اگر پھل بے موسم دیکھا ہے تو کچھ مدت کے بعد فائدہ کے حصول کی دلیل ہے، یا وہ رزق کی دلیل ہے، خواب میں پھل بے موسم کھانا نقصان کی تلافی ہونے اور مشکل آسان ہونے کی دلیل ہے، نیز جس چیز کے چلے جانے کا اسے اندیشہ ہے وہ اس کو حاصل ہوگی، ہر جمع شدہ پھل الفت و محبت اور اجتماعیت کی یا اس کے برعکس امر کی دلیل ہے، ہر عجیب پھل اس کے شہر پر دلیل ہے، اور خواب میں پھلوں کا مالک بننا اولاد و ازواج، مالی معاملات، تجارت گاہوں، علوم، املاک، اعمالِ صالحہ، عزیز و اقارب، فرحت و خوشی اور بیماریوں سے شفایابی وغیرہ پر دلیل ہے، اور کبھی پھلوں کا مالک ہونا پھلوں سے بنائی جانے والی پینے کی چیزوں پر دلیل ہوتا ہے، اسی طرح خوشبو کا دیکھنا اس کے پانی یا تیل پر دلیل ہے، جو شخص خواب میں درخت سے کچھ توڑے وہ چیز کوئی پھل نہ ہو تو یہ اس کی دلیل ہے کہ وہ کسی ناجائز کام پر قائم ہے، یا وہ ایسی چیز کا طالب ہے جو اس کے لئے واجب نہیں ہے، خواب میں درخت کی جڑوں سے پھل کا اٹھانا کسی معزز آدمی سے جھگڑا کرنے پر دلیل ہے جو دیکھے کہ اس نے درختوں سے پھل اُتارے ہیں تو اسے ایسے آدمیوں سے علم و فقہ حاصل ہوگا جو علم و مرتبہ میں مرجع الخلائق ہیں، اگر درخت کے پھل بیٹھے ہوئے توڑے ہیں تو اسے بلا تکلیف رزق ملے گا، جو شخص خواب میں پھلدار درخت موسم سرما میں دیکھے اور اسے پسند بھی آئے تو یہ ایسا شخص ہے جو اس پر بیتاب ہے اور اسے وہم و خیال ہے کہ میں مالدار ہوں۔ اگر پھلدار درخت سے کچھ توڑا ہے تو جتنے پھل توڑے ہیں اسی قدر اس کی دولت ختم ہوگی، نیز پھل کا دیکھنا مال و عزت کی بھی نشانی ہے، جو دیکھے کہ وہ لگائے ہوئے درخت سے پھل کے علاوہ کوئی چیز اُتارتا ہے تو یہ نیک و فرمانبردار داماد یا اچھے شریک (حصّہ دار) کی دلیل ہے اور پہاڑوں میں جو غیر مملوک (جو ملکیت میں نہیں ہوتے) پھل ہوتے ہیں ان کا دیکھنا علم، رزق اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے عطا کردہ اُن انعامات پر دلیل ہے جس میں کسی کا بھی احسان اس شخص پر نہیں۔''

۴۶۱۔ الثناء (شکر کرنا): دیکھئے الشکر (شکر کرنا)۔

۴۶۲۔ الثنی (موڑنا): دیکھئے اللیّ (موڑنا)۔

۴۶۳۔ الثنیۃ (دانت): دیکھئے السن (دانت)۔

۴۶۴۔ الثوب (کپڑا):

جو خواب میں دیکھے کہ اس نے صوفیوں والا لباس پہنا ہوا ہے تو وہ عابد و زاہد ہوگا اور لوگوں کو بھی دنیا سے بے

Marfat.com

رغبتی اور آخرت کے اعمال اختیار کرنے کی ترغیب دے گا ہر سبز رنگ کا کپڑا خواب میں دیکھنا مفید ہے مضر نہیں ہے، لہٰذا جو دیکھے کہ اس نے سبز کپڑا پہنا ہے تو زندہ شخص کا سبز رنگ پہننا دین اور عبادت کی دلیل ہے، اور سبز رنگ میت کے لئے حسنِ حالت عنداللہ کی علامت ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ جو سبز رنگ کا کپڑا خواب میں پہنے تو اسے مالِ وراثت عطا ہوگا، اور خواب میں سفید رنگ کا کپڑا پہننا خیر کی علامت ہے، اگر سفید کپڑا پہننے والا کوئی عامل اور حاکم ہو تو یہ اس کے بے کاری کی دلیل ہے اور خواب میں گراں قیمت کے کپڑے دیکھنا بے کاری کی دلیل ہے، جو خواب میں اپنے جسم پر سیاہ کپڑے دیکھے اور جبکہ سیاہ کپڑا پہننا اس کی عادت نہیں ہے تو اسے کوئی ناگوار امر پیش آجائے گا لیکن اگر سیاہ کپڑے پہننا بیداری میں اس کی عادت ہو تو یہ خواب مقام و مرتبہ اور حصولِ سلطنت اور مال و دولت کی دلیل ہے، اور جو شخص خواب میں سیاہ کپڑے استری شدہ پہنے تو اسے سلطنت اور رعب و دبدبہ کا مقام حاصل ہوگا، جو خواب میں اپنے جسم پر سرخ رنگ کے کپڑے دیکھے تو اسے مالِ کثیر حاصل ہوگا اور اس مال میں اللہ تعالیٰ کا حق یعنی زکوٰۃ واجب ہوگی، لہٰذا اسے خدا تعالیٰ کا خوف کرنا چاہئے اور اس مال کی زکوٰۃ ادا کرنی چاہئے، اگر عورت دیکھے کہ اس نے سرخ رنگ کا لباس پہنا ہے تو یہ اس کی فرحت و خوشی کی دلیل ہے، اگر بادشاہ دیکھے کہ اس نے سرخ لباس پہنا ہوا ہے تو وہ کھیل و تماشہ میں مشغول ہوگا، اور اس کی ملکی سیاست ضعف و انتشار کا شکار ہوگی، اور دشمن اس کی حکومت کی طمع و حرص رکھیں گے، مریض کا سرخ لباس دیکھنا موت کی دلیل ہے اور فقیر کا سرخ لباس دیکھنا ضرر و نقصان کی علامت ہے۔ اور خواب میں زرد رنگ سے رنگین کپڑے اور اسی طرح اس رنگ سے ملتے جلتے تمام رنگوں میں رنگے ہوئے کپڑے بعض کے نزدیک زخموں کی دلیل ہے اور بعض کے نزدیک بخار کی علامت ہے، کنواری عورت کا سرخ لباس پہننا خیر کی علامت ہے، اور زرد رنگ کے کپڑے صاحبِ لباس کے لئے مرض اور ضعف (کمزوری) کی دلیل ہے، جو خواب میں دیکھے کہ اس کے بدن پر متعدد رنگوں سے رنگین کپڑے ہیں تو وہ بادشاہ سے کوئی ناگوار بات سنے گا۔ اسے چاہئے کہ اس کے شر سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگے، جو دیکھے کہ اس نے دو رنگ کے کپڑے زیب تن کئے ہوئے ہیں یا دو رنگ کا چوغا پہنا ہوا ہے تو وہ ایسا شخص ہے جو دینداروں اور دنیا داروں سب کو دھوکہ دیتا ہے۔ اگر کپڑے دھلے ہوئے ہوں تو یہ فقر و قرض کی دلیل ہے، اور اگر کپڑے نئے اور میلے ہوں تو قرض اور کئے ہوئے گناہ کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ اس نے گویا منقش رنگوں کے کپڑے پہنے ہوئے ہیں تو یہ اس شخص کی دلیل ہے جو خوشبوئیں بیچتا ہے یا اس کی معیشت و صنعت میں کوئی پینے کی چیزیں ہوں، اور باقی لوگوں کے حق میں یہ خواب اضطراب، بے چینی اور شدت و مصیبت اور پوشیدہ اشیاء کے ظہور کی دلیل ہے، اور یہ خواب مریض کے حق میں مرض کی شدت (بڑھنے) کی دلیل ہے اور عورتوں کے حق میں خیر کی علامت ہے خصوصاً بدکار اور گانے گانیوالیوں اور مالدار عورتوں کے حق میں خیر کی دلیل ہے، اور جو شخص خواب میں اپنے بدن پر ریشمی کپڑے دیکھے تو وہ حج کرے گا، اگر وہ ریشمی کپڑے سرخ ہوں تو پھر یہ اس کی اچھی دنیا کی علامت ہے اور زرد ریشمی لباس مرض اور بیماری کے ساتھ دنیا کے حاصل ہونے کی دلیل ہے۔ خواب میں جو شخص ریشمی لباس زیب تن کرے اور وہ ولایت و حکومت کی اہلیت رکھتا ہے تو کسانوں اور کاشتکاروں کا سرپرست و ذمہ دار بنے گا۔

Marfat.com

اور اگر حکومت کا اہل نہیں ہے تو اس کا یہ خواب خوشحالی اور زمینی خیرات وبرکات کی دلیل ہے۔ جو شخص خواب میں دیکھے کہ کسی عالم نے ریشمی کپڑے پہنے ہوئے ہیں تو وہ دنیا کا طالب ہے اور لوگوں کو بدعت کی دعوت دیتا ہے، اور کپڑوں میں دھاریاں دیکھنا سفرِ حج کی علامت ہے جو دیکھے کہ اس نے اپنے کپڑوں کے نیچے باریک کپڑا پہنا ہوا ہے تو اس کے پاس مال ودولت آئے گا جس کو وہ ذخیرہ کرے گا اور اس کا پوشیدہ رکھنا اس کے ظاہر کرنے سے بہتر ہے، اور اگر خواب میں باریک کپڑا اپنے کپڑوں کے اوپر پہنا ہو تو یہ بُرا ہے اور وہ دینی خطا کرے گا اور گناہ کے کام علانیہ کرے گا، خواب موٹا کپڑا باریک کپڑے سے بہتر ہے۔ اگر عورت دیکھے کہ اس نے باریک کپڑا پہنا ہے تو یہ اس کی عزت کی علامت ہے، اور اگر اس نے موٹا کپڑا پہنا ہے تو یہ اس کی محنت ومشقت کی دلیل ہے، اور خواب میں سونے اور چاندی کی تاروں سے بنے ہوئے کپڑے دیکھنا دین ودنیا کی صلاح ودرستگی اور آرزوؤں کے حاصل ہونے کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ اس نے نرم وملائم اور زیادہ قیمت کے کپڑے پہنے ہیں تو یہ خواب مالداروں اور ناداروں دونوں کے حق میں خیر کی دلیل ہے، اور یہ خواب غلاموں کے حق میں امراض کی دلیل ہے، خواب میں مالدار کا نئے کپڑے پہننا اس کے روزگار کے اچھے ہونے کی دلیل ہے۔اور فقیر کے حق میں یہ خواب دولت مندی کی دلیل ہے، اور مقروضوں کے حق میں ادائیگیِ قرض کی علامت ہے خواب میں جو شخص غسل کرے اور نئے کپڑے پہنے تو اس کا غم فکر دور ہوگا اور اسے خیر حاصل ہوگی، اور جو غسل کرے مگر نئے کپڑے نہ پہنے تو اس کو جو کشادگی حاصل ہوگی وہ اس کے موافق نہیں ہوگی، یعنی اس کو راس نہیں آئے گی، اگر دیکھے کہ نئے کپڑے ایسے پھٹے ہوئے ہیں کہ ان کی درستگی (بیداری میں) ناممکن ہے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اس کے ہاں اولاد نہیں ہوگی، اور اگر ان پھٹے ہوئے کپڑوں کی اصلاح اور درستگی ممکن ہے تو ان کپڑوں کا پہننے والا سحر زدہ ہے، جو شخص خواب میں دو پرانے کٹے ہوئے کپڑے پہنے تو یہ اس کی موت کی نشانی ہے جو دیکھے کہ اس نے ایک پرانا کپڑا پہن رکھا ہے تو اسے غم وفکر لاحق ہوگا، جو خواب میں دیکھے کہ اس کا کپڑا عرض میں (چوڑائی میں) پھٹ گیا ہے تو اس کی عزت تارتار ہوگی اور اسے شریر آدمی کی طرف سے کوئی پریشانی پہنچے گی، اور اگر دیکھے کہ اس کا کپڑا طول میں (لمبائی میں) پھٹ گیا ہے تو اس کا فکر وغم دور ہوگا، اور اگر دیکھے کہ اس کا کپڑا پھٹا ہے تو اس کا دین داغدار ہوگا یا اس کی زندگی تنگ ہوگی، اور خواب میں پیوند زدہ بُرے کپڑے دیکھنا نقصان وخسارہ اور بے کاری کی دلیل ہے، جو شخص خواب میں اپنے کپڑوں کو پانی سے بھیگا ہوا دیکھے تو وہ سفر سے واپس آئے گا اور مقیم ہوگا، اور جس کام کا ارادہ کیا تھا اس سے رک جائے گا، اس کا وہ کام کپڑوں کے خشک ہونے کے بعد ہی مکمل ہو سکے گا، جو خواب میں دیکھے کہ وہ اپنے یا کسی دوسرے کے کپڑے دھوتا ہے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اس کے روزگار میں جو مضرت اور مشکل پیش آئی ہے وہ دور ہوگی، نیز پوشیدہ اشیاء کے ظہور کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ اس کے سارے کپڑے چھین لئے گئے ہیں تو وہ حکومت سے برطرف کیا جائے گا، جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ کپڑوں کو ضائع کرتا ہے تو یہ خیر کی دلیل ہے لیکن اگر صاحب خواب نادار ہو یا غلام ہو یا قیدی ہو یا مقروض ہو تو پھر خیر کی دلیل نہیں ہے اور جو خواب میں عورتوں کا سا لباس پہنے اور اس کے دل میں عورتوں کے ساتھ مشابہت اختیار کرنے کا ارادہ ہو تو وہ شدید پریشانی

Marfat.com

اور بادشاہ کی جانب سے کسی ہولناک امر میں مبتلا ہوگا، اور اگر دیکھے کہ اس نے عورتوں جیسا لباس پہنا ہے اور اس کو خوشی کا بھی احساس ہوا ہے تو اس کے حالات میں تغیّر آئے اور وہ رسوا ہوگا، جو خواب میں اپنے بدن پر مجہول سے کپڑے دیکھے تو یہ اس کے دل کی علامت ہے جو اس کو جیسا چاہتا ہے اُلٹ پلٹ کرتا ہے، جو دیکھے کہ وہ اپنا کپڑا کھا رہا ہے تو وہ اپنا مال کھائے گا، اگر خواب میں کتّے کو اونی لباس پہنے ہوئے دیکھے تو یہ بادشاہ کے عدل وانصاف کی دلیل ہے، اور اگر خواب میں شیر کو کاٹن یا سوتی کپڑا پہنے دیکھے تو یہ ظالم وجابر بادشاہ کی دلیل ہے جو لوگوں کے اموال کو غصب کرتا ہے، اور نیلے رنگ کے کپڑے دیکھنا غم اور پریشانی کی دلیل ہے، جو شخص خواب میں دیکھے کہ اس نے سوتی لباس پہنا ہے تو اسے باعزّت روزگار اور مالِ حلال حاصل ہوگا، اور خواب میں میلے کچیلے کپڑے اتارنا زوالِ غم کی علامت ہے۔ اسی طرح میلے کپڑوں کا جلانا زوالِ مصیبت کی نشانی ہے، خواب میں نئے کپڑے کھانا مالِ حلال کھانے کی اور میلے کپڑے کھانا مالِ حرام کھانے کی دلیل ہے، اور خواب میں پرانے کپڑوں کا خریدنا تعبیر کے لحاظ سے بُرا ہے، اس لئے کہ پرانا ہونا فقر کی علامت ہے، اور خواب میں سبز کپڑوں کی خریداری اچھی ہے اس لئے کہ سبز لباس اہلِ جنّت کا لباس ہے، لہٰذا جو شخص خواب میں سبز رنگ کے کپڑے دیکھے تو یہ خواب زندوں کے حق میں دین، قوّت اور عبادت میں زیادتی پر دلیل ہے، اور مردوں کے حق میں یہ خواب حُسنِ حالت عنداللہ کی علامت ہے، خواب میں زندہ شخص کا سبز لباس پہننا مالِ وراثت کے حصول کی دلیل ہے اور یہ خواب میّت کے حق میں اس بات کی دلیل ہے کہ وہ دنیا سے شہید ہونے کی حالت میں رخصت ہوا ہے، نیز سبز رنگ کی تعبیر اسلام سے بھی کی جاتی ہے۔ لہٰذا اگر خواب میں دیکھے کہ اسے سبز رنگ حاصل ہوا ہے تو وہ دیندار اور پرہیز گار انسان ہے، اور خواب میں دھاریدار چادر دیکھنا دنیا وآخرت کی خیر وبھلائی پر دال ہے اور یمنی چادر تمام کپڑوں میں افضل ہے، یمنی چادر تعبیر وتاویل کے اعتبار سے اونی کپڑے سے قوی تر ہے، اور دین کے اعتبار سے یمنی دھاریدار چادر دنیا کے لحاظ سے اونی کپڑے سے زیادہ بہتر ہے، اور خواب میں ریشمی یمنی چادر مالِ حرام کی علامت ہے، اور اگر یمنی چادر کاٹن کی ہو تو یہ دینی اور دنیوی مال کی نشانی ہے۔" دیکھئے الکساء (چادر)۔"

## ۴۶۵۔ الثور (بیل):

خواب میں بیل دیکھنا قوم کے رئیس، گھر کے نگران وسرپرست یا کسی شہر یا بستی کے نگرانِ اعلی کی دلیل ہے، ایک بیل دیکھنا ایک سال کی حکومت کی علامت ہے لیکن یہ سلطان کے لئے ہے، اور تاجر وعامل کے لئے ایک سال کی تجارت ہے، جو دیکھے کہ اس کے بہت سے بیل ہیں تو اگر حکومت کا اہل ہے تو یہ خواب حکومت حاصل ہونے کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ وہ بہت سے بیلوں میں سے کسی ایک پر سوار ہے تو اسے خیر وخوشحالی نصیب ہوگی، جو دیکھے کہ اس نے بیل کا سر کھایا ہے تو اسے ولایت وسلطنت حاصل ہوگی، جب کہ بیل سرخ رنگ کا نہ ہو، اگر صاحب خواب تاجر ہے تو اسے تجارتی مال اور چند ایسے شرکاء (حصّہ داران) ملیں گے جو اس کے ماتحت ہوں گے، اگر صاحب خواب بازاری آدمی ہو تو وہ شرکاء اس کے

Marfat.com

ملازم اور مزدور ہیں، خواب میں بیل عامل وحاکم کی بھی علامت ہے، چنانچہ جو شخص دیکھے کہ وہ بیل پر سوار ہوا ہے تو وہ حاکم پر غالب آئے گا، اگر بیل کے اوپر سامان ہو تو یہ عامل وحاکم ہے جو سامان کے بقدر مال جمع کرے گا، اگر خواب میں بیل کو اپنے گھر میں لایا ہے اور اس پر سوار ہے تو اسے کہیں سے خیر پہنچے گی، اگر بیل (جو گھر میں داخل ہوا) سرخ رنگ کا ہے تو اس کا بیٹا بیمار ہوگا یا گھر کا کوئی فرد وفات پائے گا، نیز بیل کا دیکھنا بادشاہ یا دشمن کی بھی نشانی ہے، لہٰذا اگر خواب میں بیل کو کھانے کے لئے ذبح کیا ہے تو اس کا گوشت رزقِ حلال ہے، جو دیکھے کہ اس نے بیل خریدا ہے تو وہ اپنے دوستوں اور معززین کو نرم گفتاری اور خوش کلامی سے دھوکہ دے گا، امام ابنِ سیرین رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ بیل عجمی ہونے کی علامت ہے، اگر چودہ سے زیادہ گائیں ہوں تو یہ جنگ کی دلیل ہے، جو اس سے کم ہوں تو یہ جھگڑے کی علامت ہے، اور بیل دیکھنا بڑے آدمی کی دلیل ہے جو صاحب مقام ومرتبہ ہو اور بیل کا گوشت مال کی دلیل ہے، جو خواب میں سفید بیل دیکھے تو اسے خیر حاصل ہوگی اگر دیکھے کہ اس کو بیل نے اپنے سینگوں سے مارا ہے تو وہ غضبِ الٰہی کی علامت ہے۔ جو خواب میں بیل کا گوشت کھائے تو وہ مستغنی ہوگا، اور جو بیل پر سوار ہو تو وہ رفعت (بلند مرتبہ) حاصل کرے گا، اگر خواب میں دیکھے کہ اس پر بیل سوار ہوا ہے یا اس کو لات ماری ہے تو وہ اس سال وفات پائے گا، اور خواب میں جس کو بیل نے کاٹا ہو تو کسی بیماری میں مبتلا ہوگا، اور جس کو سینگ مارا ہو تو اللہ تعالیٰ اسے اولادِ صالح عطا فرمائے گا، اور جس پر بیل بولا ہو تو وہ دور کا سفر کرے گا، جو خواب میں بیل کو دیکھے کہ وہ ایک جگہ بند ہے یا علیل ہے تو اگر صاحب خواب کسی پریشانی میں ہے تو اس سے خلاصی حاصل کرے گا، جو بیل کو دیکھے کہ وہ جیسے اس کے لئے ہل چلاتا ہے تو اگر صاحب خواب کاشتکار یا نمبر دار ہے تو اس کی زراعت میں خیر و برکت اور خوشحالی میں اضافہ ہوگا اور اگر وہ تاجر ہے تو اسے خسارہ پیش آئے گا، اور اس کی تجارت زوال کا شکار ہوگی، اور اگر خواب دیکھنے والا کوئی عالم یا فقیہ ہو تو وہ نیکی میں ترقی کرے گا، جو دیکھے کہ جیسے بیل نے اسے پچھاڑا ہے تو وہ ہلاکت کے کنارہ پر پہنچا ہوا ہے یا وہ جس بیماری میں مبتلا ہے اس میں مرجائے گا، اور بیل کا دیکھنا خوفزدہ کرنے، دور ہٹانے اور سخت حالی پیش آنے کی بھی دلیل ہوتا ہے، یہ اس وقت ہے جبکہ صاحبِ خواب فقیر یا غلام ہو، جو خواب میں گائیوں کا گلہ دیکھے تو وہ کسی سختی میں مبتلا ہوگا، اگر بیل پر سوار ہوا ہے تو وہ بلند شان ہوگا اور لوگوں میں قابلِ ذکر ہوگا اگر بیل سے بات چیت کی ہے یا بیل نے اس سے بات چیت کی ہے تو اس کے اور دوسرے آدمی کے مابین کشیدگی پیدا ہوگی، جو خواب میں یوں دیکھے کہ جیسے چھوٹے سوراخ سے ایک بڑا بیل نکلا ہے پھر بیل نے اس سوراخ میں واپس جانے کا ارادہ کیا تو وہ سوراخ تنگ ہوگیا ہے۔ تو یہ ایک بڑی بات کی دلیل ہے جو ایک آدمی کے منہ سے نکلتی ہے وہ اس کو روکنا چاہتا ہے لیکن روک نہیں سکے گا، جو دیکھے کہ گویا وہ سیاہ بیل پر سوار ہے اور بیل اسے کاٹتا ہے اور اس کو ڈراتا دھمکاتا ہے اور اس کے ساتھ کسی ناگوار چیز کا ارادہ کرتا ہے تو وہ شخص سمندر میں سیر کرے گا اور اسے کوئی پریشانی ہوگی، کشتی کی وجہ مصیبت سے دوچار ہوگا اور غرق ہونے کے قریب ہوگا لیکن پھر نجات پاجائے گا، جو خواب میں دیکھے کہ کچھ بیل شہر میں

Marfat.com

داخل ہوئے ہیں تو یہ ظالموں، چوروں اور دشمنوں کے داخل ہونے کی دلیل ہے، اور جو شخص خواب میں دیکھے کہ بیل اس کو کھینچتا ہے اور اس کو اس کی جگہ سے ہٹا دیا ہے تو اگر والی اور حاکم ہے تو برطرف ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ بیل دیکھنا باغی آدمی کی علامت ہے لہٰذا اگر بیل قتل یا ذبح ہوا ہو تو یہ باغی شخص کے ہلاک ہونے کی نشانی ہے، اور جو خواب میں بیل کے اوپر سوار ہوا ہو تو اسے بادشاہ کی طرف سے کوئی کام درپیش ہوگا اور وہ اس میں خیر حاصل کرے گا، جو دیکھے کہ وہ سیاہ بیل پر سوار ہوا ہے تو اسے مال ودولت حاصل ہوگا، اگر دیکھے کہ اس نے بیل کو اپنے گھر میں داخل کیا ہے اور اس سے اطمینان حاصل کیا ہے تو اس سال میں خیر حاصل کرے گا، اگر بیل کے بہت زیادہ سینگ ہوں تو یہ قلت وکثرت کے اعتبار سے قحط زدگی کی علامت ہے، اور بے سینگ بیل دیکھنا حقیر، ذلیل اور فقیر آدمی کی دلیل ہے، جیسے دنبی کی یہ تعبیر ہے، اور قوت وطاقت کی تعبیر معزول حاکم اور فقیر رئیس کی طرح ہے، اور کبھی بیل کا دیکھنا شادی پر دلیل ہوتا ہے، کیونکہ بیل زیادہ ہل چلانے کے کام آتا ہے، اور کبھی بیل کا دیکھنا ہل جوتنے والے پر دلیل ہوتا ہے، اس لئے کہ وہ زمین کو پھاڑتا ہے اور اس کے اوپر والے حصہ کو نیچے کرتا ہے، اور کبھی بیل غلام، دوست اور بھائی کی دلیل ہوتا ہے اس لئے کہ بیل کھیتی باڑی میں معاون اور جنگل والوں کے کام آتا ہے، جو شخص خواب میں بیل کا مالک بنا ہو تو اگر وہ عورت شادی شدہ ہے تو اس کا زواج اس کا مطیع ہوگا، اور اگر وہ عورت بے خاوند ہو تو اس کی شادی ہوگی، اور اگر اس عورت کی بیٹی ہو تو وہ اپنی بیٹی کو بیاہ دے گی، اگر یہ خواب وہ شخص دیکھے جسے غلبہ اور طاقت حاصل ہو تو کامیاب ہوگا، جو خواب میں بیل کو ذبح کرے تو اگر وہ بادشاہ ہے تو کسی عامل (افسر) کو قتل کرے گا، اور اگر عام آدمی ہو تو وہ ایک ایسا انسان ہے جو اس شخص پر غالب آئے گا جس کا اسے خوف وڈر ہے، اگر بیل کو گدّی کی جانب سے یا پیٹ سے یا مقامِ ذبح کے علاوہ کسی بھی اور جگہ سے ذبح کیا ہے تو وہ کسی آدمی پر ظلم کرے گا، اور اس پر زیادتی کرے گا، جو شخص سرخ یا زرد بیل پر سواری کے آلہ کے بغیر سوار ہوا ہے تو وہ بیمار ہوگا اور بسا اوقات بیل کا دیکھنا خوبصورت جوان آدمی کی دلیل ہوتا ہے اس لئے کہ شاب (جوان) بیل کے ناموں میں سے ایک نام ہے، اور نیز بیل کا دیکھنا فتنہ انگیزی اور دشواریوں کو ختم کرنے میں مدد کرنے پر دلیل ہے، خصوصاً اہلِ زراعت کے لئے یہ تعبیر ہے، اور کسی وقت خواب میں بیل کا دیکھنا کند ذہنی اور غفلت کی دلیل ہوتا ہے، اور خواب میں سیاہ سفید داغوں والا بیل دیکھنا فرحت وسرور کی دلیل ہے، اور سیاہ بیل سرداری اور مریض کے حق میں شفاء کی دلیل ہے۔

## ۴۶۶۔ الثور الوحشي (جنگلی گائے): دیکھئے المھاۃ (جنگلی گائے)

## ۴۶۷۔ ثوران (حرکت کرنا):

خواب میں ساکن چیزوں کا حرکت کرنا ان چیزوں سے دور ہونے یا ان چیزوں پر قبضہ کرنے کی دلیل ہے، اور یہ خواب کبھی ایسے امراض کی دلیل ہوتا ہے جو اضطراب اور بے چینی کو پیدا کرتے ہیں، ثور (بیل) کا لفظ اسی ثوران (حرکت

Marfat.com

کرنا) سے ماخوذ ہے اس لئے کہ وہ بیل بھی حرکت کرتا ہے۔"

## ۴۶۸۔ الثؤلول (موکا):

خواب میں جسم پر موکے (مسّے) دیکھنا مال ودولت کی علامت ہے۔ جو خواب میں دیکھے کہ اس کے جسم پر موکے نکلے ہوئے ہیں تو وہ بڑھنے والا بے انتہاء مال پائے گا جس کے ختم ہوجانے کا اندیشہ ہے۔"

## ۴۶۹۔ الثوم (لہسن):

خواب میں لہسن دیکھنا قبیح حرام مال ہے، اور بیہودہ کلام کی دلیل ہے، صاحب خواب خیر کے بدلہ میں شر لیتا ہے، جو خواب میں لہسن کھائے تو لوگ اس کی بری تعریف کریں گے، اور اگر پکا ہوا لہسن کھایا ہے تو وہ بے حیائی سے توبہ کرے گا، اور گناہ سے باز آئے گا، اور لہسن کھانا صرف مریض کے لئے خیر کی دلیل ہے، اور جس نے لہسن اکھاڑا ہے وہ اپنے عزیز واقارب کی طرف سے کسی ضرر میں مبتلا ہوگا، اگر پیاز اکھاڑے ہوں تو بھی یہی تعبیر ہے، اور بعض معبرّین کہتے ہیں کہ پیاز اور لہسن حزن وغم اور پریشانی کی دلیل ہے۔"

Marfat.com

# ﴿باب الجیم﴾

## ۴۷۰۔ جابی (محصّل):

خواب میں محصّل کا دیکھنا قرض کی ادائیگی، پولیس مین، قاصد یا کلام نقل کرنے والے یا امانتیں ادا کرنے والے شخص کی دلیل ہے۔''

## ۴۷۱۔ جاثلیق (لاٹ پادری):

جو خواب میں لاٹ پادری بن گیا ہو تو یہ اس کی موت یا غرقابی یا ہلاکت کے کنارہ پہنچنے یا زوالِ نعمت کی دلیل ہے۔''

## ۴۷۲۔ الجاروشة (چکّی): دیکھئے الرحی (چکّی)

## ۴۷۳۔ جاریة (باندی):

خواب میں باندی کا خریدنا یا مالک ہونا یا ہبۂ ملنا تجارت کی دلیل ہے، جو خواب میں باندی کو خریدنے کے لئے اس کے قریب ہوا ہے تو وہ تجارت کے قریب ہوگا ہے، نیز باندی کا دیکھنا گزشتہ یا آئندہ جاری امور کی نشاندہی کرتا ہے، اگر خواب میں مسلمان اور شگفتہ باندی دیکھی ہے تو ایسی جگہ سے خوشخبری سنے گا جہاں سے اسے گمان بھی نہیں ہوگا، اگر کافر باندی دیکھے تو خوش کن بات سننے کے ساتھ مصائبِ زمانہ کا شکار ہوگا، اگر ترش رو باندی دیکھے تو وحشتناک خبر سنے گا، اگر لاغر اور کمزور باندی دیکھی ہے تو فقر وغم میں مبتلا ہوگا، اگر برہنہ بدن باندی دیکھے تو تجارت میں خسارہ ہوگا اور رسوائی ہوگی، اگر دیکھے اسے جوان باندی حاصل ہوئی ہے تو وہ نفع بخش جائداد کا مالک بنے گا، یا نفع مند تجارت کرے گا، باندی اصل میں حسن وجمال اور لباس وخوشبو کے مطابق خبر پر دلیل ہوتی ہے، چنانچہ اگر باندی باپردہ ہو تو یہ قرض کے ساتھ پوشیدہ خبر کی دلیل ہے اور اگر باندی بافیشن اور میک اپ شدہ ہو تو خبر کے مشہور ہونے کی دلیل ہے، اور اگر باندی بے نقاب ہو تو یہ خبر کے مشہور ہونے کی دلیل ہے، اگر باندی با نقاب ہو تو یہ مبہم خبر کی دلیل ہے، اور اگر باندی بے نقاب ہو تو یہ خبر کے شائع ہونے کی علامت ہے، اور ابھرے ہوئے سینہ والی باندی دیکھنا پُر امید خبر کی نشانی ہے۔ دیکھئے العبد (غلام)۔''

## ۴۷۴۔ جاسوس:

خواب میں جاسوس دیکھنا مجرم کی دلیل ہے، یا اس شخص کی علامت ہے جو بُرے اعمال کو اچھے اعمال پر فضیلت دیتا ہے، دیکھئے العین (آنکھ)۔''

## ۴۷۵۔ الجام (پیالہ):

خواب میں پیالہ دیکھنا آدمی کا دوست ہے، خواب میں جام شیریں کا پیش ہونا افضل ہے، خواب میں فالودہ کا

Marfat.com

پیالہ پیش کیے جانا اس بات کی علامت ہے کہ وہ عنقریب اپنے دوست سے عظیم محبت دیکھے گا، اگر کوئی ناگوار چیز پیالہ میں پیش کی گئی ہے جیسے لوبیا، سبزی اور ککڑی وغیرہ تو وہ اپنے دوست سے عداوت اور دشمنی کو دیکھے گا، خواب میں جام (پیالہ) کی تعبیر ہزار درہم یا سو درہم سے بھی کی جاتی ہے۔"

## ۴۷۶۔ الجامع (جامع مسجد):

خواب میں جامع مسجد دیکھنا سلطنت کی دلیل ہے، کیونکہ جامع مسجد میں دینی امور سرانجام دیئے جاتے ہیں، اور حلال وحرام میں فرق رکھنے والے حاکم اور اس بازار کی دلیل ہے جس میں لوگ نفع کا قصد کرتے ہیں اور ہر شخص اپنے کام اور درجہ کے مطابق وہاں سے نفع لے کر جاتا ہے، نیز جامع مسجد کا دیکھنا ہر اس شخص پر دلالت کرتا ہے جس کی فرمانبرداری لازم ہے جیسے والد، استاد، شیخ اور عالمِ دین وغیرہ، خواب میں جو شخص جامع مسجد میں مظلوم حالت میں داخل ہو تو اس کا یہ خواب عدل وانصاف حاصل ہونے کی دلیل ہے، نیز جامع مسجد کا دیکھنا قرآنِ کریم کی دلیل ہے، اس لئے کہ قرآن کریم کی تلاوت مسجد میں کثرت سے ہوتی ہے، جامع مسجد کا دیکھنا قبرستان کی بھی دلیل ہے جو خشوع، خاموشی، توجہ الی القبلہ غسل اور خوشبو کی جگہ ہے، اور جامع مسجد کا دیکھنا ان چیزوں پر دلیل ہے جن چیزوں سے دشمنوں کے خلاف مدد لی جاتی ہے، جیسے دشمن کے خوفِ حملہ سے بچنے کے لئے مضبوط قلعہ بنانا۔ چنانچہ مسجد کی چھت بادشاہ کے خواص اور اس کے حالات کی خبر گیری رکھنے والے لوگوں کی نشانی ہے، اور مسجد کا ستون حکومت وسلطنت کے اکابر اور امراء کے دلیل ہے اور مسجد کی صفیں بادشاہ کے عدل وانصاف کی اشاعت اور بادشاہ کے ماتحت علماء کی دلیل ہے، اور مسجد کے دروازے اس کے دربان پر دلیل ہیں اور مسجد کا منارہ بادشاہ کے نائب یا اس کا صاحبِ اخبار ہے اگر جامع مسجد کی دلالت حاکم پر ہو تو مسجد کے ستون اس کے اوقات ہیں، اور مسجد کے چراغ اس کے زمانہ کے فضلاء اور فقہاء ہیں اور مسجد کی چٹائیاں اس حاکم کے احکامات کا پھیلنا یا لوگوں کے سامنے علوم کا بیان کرنا ہے، اور مسجد کی چھت اس کی وہ کتب ہیں، جن کی طرف رجوع کیا جاتا ہے، اور مسجد کا منارہ اس شخص کی دلیل ہے جو اپنی فضیلت بتانے کے لئے لوگوں کے مجمع میں کھڑا ہے، اور مسجد کا منبر غلام کی علامت ہے اور اس کا محراب اس کی زوجہ یا جو چیز رزقِ حلال پر دلالت کرے اس کی دلیل ہے، اور منارہ وزیر اور امام کی دلیل ہے، اور کبھی منارۂ مسجد اس کے مؤذن کی اور قرآن پاک اس کے قاری کی اور منبر اس کے خطیب کی اور دروازہ اس کے چوکیدار کی اور اس کے چراغوں اور فرش کے ذمہ دار کی دلیل ہے، مسجد میں کوئی کمی یا زیادتی جو مسجد کے ساتھ خاص ہے پیدا شدہ دیکھنا اسی چیز پر لوٹتا ہے جو اس پر دلالت کرے، رہا وہ خیمہ جسے شاہانِ اسلام اپنے سفروں میں لے جاتے ہیں نمازِ عیدین وغیرہ قائم کرتے ہیں ان کا دیکھنا دین قائم کرنے، کلمہ اسلام کی بلندی اور دشمنانِ اسلام پر غالب آنے کی دلیل ہے، اور جو تعبیر شاہراہوں کی ہے (یعنی قلعہ) وہی تعبیر مذکورہ خواب کی ہے اور شہر کی مسجد دیکھنا اہلِ شہر کی اور اس کا بلند حصہ دیکھنا سردارانِ شہر اور اس کا پست حصہ عامی لوگوں کی دلیل ہے اور اس مسجد کے ستون اہلِ ذکر، اس کا محراب لوگوں کے امام، اس کا منبر

Marfat.com

سلطانِ وقت یا خطیب پر دلیل ہے، اور اس کے فانوس اہلِ علم، صالحین اور مجاہدین کی دلیل ہے اور اس مسجد کی چٹائیاں اہلِ خیر وصلاح کی دلیل ہے، اور اس کا مؤذن دیکھنا اس شہر کے قاضی یا اس شہر کے عالم کی دلیل ہے جو لوگوں کو ہدایت کی دعوت دیتا ہے جو لوگوں کا پیشوا ہے اس کے احکام نافذ العمل ہیں، اس کی دُعا پر آمین کہی جاتی ہے، اور اس (شہر) مسجد کے دروازے افسران، امانتدار لوگ اور پولیس کے لوگ ہیں۔"

## ۴۷۷۔ الجاموس (بھینسا):

خواب میں بھینسا دیکھنا طاقتور بدعتی، ہیبتناک، شجاع اور بہادر رئیس کی دلیل ہے جو کسی سے نہیں ڈرتا ہے، اور اپنی طاقت سے زیادہ لوگوں کی تکلیفیں برداشت کرتا ہے، اگر عورت دیکھے کہ بھینسے کی طرح اس کے سینگ ہیں تو وہ حکومت حاصل کرے گی، یا بادشاہ اس سے شادی کریگا بشرطیکہ وہ اس کی اہل ہو، بھینسا دیکھنا خوفناک بڑے مکّار اور چپکے سے باتیں سننے والے آدمی کی دلیل ہے، جو کثرت سے برّی وبحری سفر کرنے والا اور دشمنوں پر مسلّط ہے، اور کبھی بھینسا کا دیکھنا مشقت وکاوش اور برائی پر دلیل ہوتا ہے، اگر بھینسا کھیت وغیرہ میں استعمال کیا گیا ہو تو یہ فقر وفاقہ کی دلیل ہے، اور بھینس دیکھنا تمام حالات میں گائے کی طرح ہے۔"

## ۴۷۸۔ الجان (جنّ): دیکھئے الجنّ (جن)۔

## ۴۷۹۔ الجبّ (کنواں):

خواب میں کنواں دیکھنا رنج وتکلیف اور قید خانہ کی دلیل ہے، اور جو رنج وغم میں مبتلا ہو تو اس کا رنج وغم دور ہوگا، اور بڑوں سے تعلق ہوگا، اور عزت ورفعت حاصل ہوگی، اگر خواب دیکھنے والا اہلِ علم میں سے ہو تو لوگ اس کے علم سے نفع اٹھائیں گے، اور اہل علم بادشاہوں سے اس کا تعلق ہوگا، خصوصاً علم الرؤیا جنہیں حاصل ہے، اور ممکن ہے کہ بڑوں کے قاصدین اس کے پاس کوئی خوش کن بات لیکر آئیں، اور ممکن ہے کہ اس کے اور اسکے اہل خانہ کے درمیان کوئی حسد اور پریشانی پیدا ہو، اور وہ لوگ اس کو دھوکہ فریب دیں لیکن پھر وہ ان سب پر غالب آئے گا، اور اس خواب کی تعبیر کبھی یہ ہوتی ہے کہ خواب دیکھنے والا کسی الزام اور تہمت میں گرفتار ہوگا، اور اس تہمت سے پھر بری ہوگا اور کبھی یہ خواب غموں کے دور ہونے اور حاجات کے پورا ہونے کی دلیل ہوتا ہے، اور کبھی خواب میں کنواں دیکھنا سفر کی علامت ہوتا ہے، اور کبھی ان چیزوں پر دلالت کرتا ہے جن پر کنواں دلالت کرتا ہے، اور کبھی کنواں کاٹنے اور ختنہ کرنے پر دلیل ہوتا ہے، یہ تعبیر اس شخص کے لئے ہے جو خواب میں کنوئیں کو تبدیل کرے۔"

## ۴۸۰۔ الجبّاس (چونا فروش):

خواب میں چونا فروش کو دیکھنا گناہوں، لغزشوں اور فکر وغم اور آشفتگی پر دلیل ہے، اور پختہ سرخ اینٹ

Marfat.com

بنانے والے کی بھی یہی تعبیر ہے، اور کبھی چونا فروش کا دیکھنا امراض سے عافیت پانے اور ویران جگہ کے آباد ہونے کی دلیل ہوتا ہے۔

## ۴۸۱۔ الجبّان (پنیر فروش):

خواب میں پنیر فروش کا دیکھنا آسودہ حالی اور بیماریوں سے شفایاب ہونے کی دلیل ہے، جنگ کرنے والے شخص کا خواب میں پنیر فروش کو دیکھنا اچھا نہیں ہے کیونکہ اس کے حق میں یہ خواب دشمن کے مقابلہ میں بزدلی دکھانے پر دلالت کرتا ہے، اور کبھی پنیر فروش کا دیکھنا شجاعت اور بہادری کی دلیل ہوتا ہے حتّٰی کہ وہ مدّ مقابل کو خوفزدہ بنادے گا۔

## ۴۸۲۔ الجبّانة (قبرستان): دیکھئے المقبرة (قبرستان)

## ۴۸۳۔ الجباية (مال وصول کرنا):

خواب میں مال جمع کرنا اور وصول کرنا زکوٰۃ یا عشر پر زبردستی کرنے یا کسی بھی واقعہ میں جبر و اکراہ کرنے پر دلیل ہے، اگر صاحب خواب خود ٹیکس آفیسر ہو تو یہ خواب اس کے مرتبہ کی بلندی پر دلیل ہے، یا یہ خواب اس چیز پر دلیل ہے جس میں ہر خاص و عام کو اجازت مانگنا ہوتی ہے جیسے حمام وغیرہ ہے۔

## ۴۸۴۔ الجبر (زبردستی کرنا):

فقراء کے حق میں زبردستی ایثار کی اور عہدوں و مناصب والے حضرات کے لئے رفعت و منزلت پر دلیل ہے۔

## ۴۸۵۔ الجبروت (قدرت وعظمت):

خواب میں اپنے بارے میں یا کسی کے بارے میں قدرت و عظمت کا مشاہدہ اور علم اس بات کی دلیل ہے کہ اس کا نفس ایسے گناہوں کی طرف مائل ہے جو دوزخ میں لے جانے والے ہیں جیسے کفر وغیرہ۔

## ۴۸۶۔ جبریل علیہ السلام:

جو شخص خواب میں حضرت جبریل علیہ السلام کو دیکھے کہ انھوں نے اس کو کوئی خوشخبری سنائی ہے، یا کلام خیر کیا ہے یا وعظ و نصیحت اور وصیت وغیرہ کی ہے تو یہ شخص عزت و مرتبہ، قوت و کامیابی اور بشارت حاصل کرے گا، اگر وہ شخص مظلوم ہو تو اس کی مدد ہوگی غالب آئے گا، اور اگر وہ مریض ہے تو شفا پائے گا، اگر خائف ہے تو امن و سلامتی محسوس کرے گا، اور اگر کسی فکر و غم میں مبتلا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے رنج و غم کو دور فرمادیں گے، یا اگر حج بیت اللہ نہیں کیا ہے تو حج کی سعادت نصیب ہوگی، اگر خواب میں دیکھے کہ وہ حضرت جبریل اور حضرت میکائیل علیہما السلام سے برابری کر رہا ہے تو وہ جبر میں یہودیوں کی رائے سے اتفاق رکھتا ہے، اور کسی ایسے کام میں مبتلا ہوگا جو اللہ تعالیٰ کی مرضی و منشاء کے خلاف ہے، جو شخص دیکھے کہ جبریل علیہ السلام اس کو سلام کہتے ہیں تو وہ عنقریب بلند مرتبہ عالم بنے گا اور اس کی شان بلند ہوگی، اور اپنے ہم

Marfat.com

عمروں میں باعزّت ہوگا، جبریل علیہ السلام کا دیکھنا بادشاہ کے قاصد اور رازوں کے امین پر دلیل ہوتا ہے، نیز نرینہ اولاد سے حاملہ ہونے کی خوشخبری پر بھی دلیل ہے، نیز جبریل علیہ السلام کا دیکھنا غلامی، علم اور راز داروں کو رازوں کی تعلیم دینے کی دلیل ہوتا ہے، اور ان لوگوں کے حق میں جو موت کے کنارہ پہنچ چکے ہیں جبریل علیہ السلام کا دیکھنا نزع روح کی دلیل ہے اور کبھی جبریل علیہ السلام کا دیکھنا نقل وحرکت، جہاد اور دشمنوں پر غالب آنے کی دلیل ہوتا ہے، اور کبھی جبریل علیہ السلام کا دیکھنا شرعی علوم اور نجوم وغیرہ سے واقفیت پر دلیل ہوتا ہے جو شخص خواب میں جبریل علیہ السلام کو رنجیدہ اور غمگین حالت میں دیکھے تو وہ شدّت اور عقوبت سے دو چار ہوگا جو شخص دیکھے کہ اس کی شکل وصورت حضرت جبریل علیہ السلام کی سی ہوگئی ہے تو وہ سخی اور بہت زیادہ خیر وبرکت والا ہوگا۔

## ۴۸۷۔ الجبس (چونا):

خواب میں چونا دیکھنا، عزّت ومنصب کے دوام اور اولاد وازواج کے حُسنِ حال کی دلیل ہے، نیز دین پر استقامت، علم وعمل اور حسنِ تعریف اور امراض سے شفاء نئے لباس اور صحیح معاملات کی دلیل ہے، سیمنٹ وغیرہ کی بھی یہی تعبیر ہے، اگر یہ خواب (چونا دیکھنا) عابد زاہد لوگ دیکھیں تو یہ حرام میں ملوّث ہونے اور مشتبہ مال کمانے کی دلیل ہے، اور بدعت اختیار کرنے اور سنّت سے غفلت برتنے اور دینی معاملات میں منافقت کی دلیل ہے۔

## ۴۸۸۔ الجبل (پہاڑ):

خواب میں پہاڑ دیکھنا بلند شان، سخت، طاقتور اور مدبّر اور ثابت قدم آدمی کی علامت ہے، یا پہاڑ رئیس یا تاجر کی نشانی ہے، یا سخت دل عورت کی دلیل ہے، جبکہ پہاڑ پھیلا ہوا اور گول شکل میں ہو، یا پہاڑ رنج وغم یا سفر کی علامت ہے، اگر ایسا پہاڑ ہو جس پر نباتات بھی اگتی ہوں اور اس میں پانی بھی ہو تو یہ دیندار بادشاہ کی دلیل ہے اور اگر وہ پہاڑ ایسا نہ ہو یعنی نہ اس پر نباتات اگتی ہوں اور نہ پانی ہو تو یہ کافر سرکش بادشاہ کی دلیل ہے اس لئے کہ وہ میّت کی طرح ہے نہ اللہ تعالیٰ کی تسبیح بیان کرتا ہے اور نہ لوگوں کو اس سے کوئی فائدہ پہنچتا ہے، اور کھڑا پہاڑ حیات کی دلیل ہے، اگر کوئی آدمی دیکھے کہ وہ کسی پہاڑ پر چڑھتا ہے اور اس کا پانی پیتا ہے تو اگر حکومت کا اہل ہے تو سنگدل بادشاہ کی طرف سے حکومت حاصل کرے گا، اور اگر وہ تاجر ہے تو اس کا معاملۂ تجارت بلند ہوگا، اور بلا مشقت اس کی ترقی سہل ہوگی، اور پہاڑ پر چڑھنے کا دشوار ہونا اس حکومت کے حصول میں مشقت اٹھانے کی دلیل ہے، چنانچہ اگر دیکھے کہ اس نے پہاڑ پر اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا بیان کی ہے تو منصف بادشاہ بنے گا، اگر اس پر سرکشی کی ہے تو ظلم کرے گا، اگر پہاڑ پر اللہ تعالیٰ کو سجدہ کیا ہے یا اذان دی ہے تو حکومت ملے گی اور اپنے دشمنوں پر غالب آئے گا، اگر یہ حاکم دیکھے تو معزول ہوگا، اگر تاجر دیکھے تو خسارہ اور ندامت اٹھائے گا، اگر اپنے ساتھ پہاڑ پر بادشاہ اور اس کا لشکر دیکھے تو بادشاہ اللہ تعالیٰ کی ذات عالی ہے اور لشکر فرشتے ہیں اور صاحب خواب غالب رہے گا، اور اسے قوّت وظفریابی اور عبادت نصیب ہوگی، اگر دیکھے کہ وہ نباتات سے خالی ویران پہاڑ پر چڑھا ہے تو

Marfat.com

وہ کافر بادشاہ کے کام میں دخل دے گا اور اس کو رنج وغم پیش آئے گا، اور گھاٹی دیکھنا عقوبت اور شدّت کی دلیل ہے، اگر پہاڑ سے اُترا ہو تو نجات پائے گا، اگر اس پر چڑھا ہے تو یہ رفعت ومرتبت کی دلیل ہے مگر کچھ مشقت وتکلیف بھی ہوگی، بٹانیں جو پہاڑ اور وہاں کے درختوں کے اردگرد ہوتی ہیں ان کا دیکھنا بادشاہ کے سنگدل کمانڈروں کی دلیل ہے، اگر پہاڑ کے اردگرد پتھر دیکھے تو اسے سرداری ملے گی، جو دیکھے کہ وہ پہاڑ سے گرا ہے تو وہ کسی گناہ کا ارتکاب کرے گا اور وہ بدنی تکلیف میں مبتلا ہوگا، یا وہ اپنے مقام ومنصب سے گرجائے گا اور اس کی سابقہ حالت میں تبدیلی آجائے گی، اگر گرا ہو اور اس کی ٹانگ ٹوٹ گئی ہو تو وہ بادشاہ کی نظر سے گرجائے گا، اور وہ مالی تکلیف میں مبتلا ہوگا، اگر دیکھے کہ وہ پہاڑ پر چڑھتا ہے اور آدھے پہاڑ تک پہنچا ہے پھر اس کے لئے مزید اوپر چڑھنا ناممکن ہوگیا ہے اور نہ اس پہاڑ سے نیچے اترنا ممکن ہے تو وہ اپنی نصف عمر میں موت کا شکار ہوگا، اگر دیکھے کہ وہ پہاڑ پر چڑھا ہے پھر اس پر بیٹھ گیا ہے تو اس کے ہاں موٹا بچہ ہوگا، ہر چڑھائی رفعت (بلندی) کی اور ہر اُترائی پستی کی دلیل ہے، اگر پہاڑ پر چڑھنا غم وفکر کی دلیل ہے تو یہ پہاڑ سے اترنا کشادہ حالی کی دلیل ہے، اور جو چڑھنا حکومت کی دلیل ہوتا ہے تو اترنا معزول ہونے کی دلیل ہوگا، لہٰذا اگر دیکھے پہاڑ جل گیا ہے یا گرا ہے تو عظیم الشان آدمی وفات پائے گا، یا بادشاہ اس پر غالب آئے گا، اس لئے کہ خواب میں آگ دیکھنا بادشاہ سے کنایہ ہوتا ہے، اگر دیکھے کہ پہاڑ لرزا ہے اور پھر ٹھہر گیا ہے تو اس علاقہ کا بادشاہ کسی مصیبت وشدّت میں مبتلا ہوگا، لیکن پھر اس کے حالات درست ہوجائیں گے، اور اہلِ مملکت کو حکم دے گا، اگر خواب میں کسی پہاڑ کو زیر کیا ہو تو وہ کسی عظیم انسان کو زیر کرے گا، اگر پہاڑ کا سہارا لیا ہے تو وہ عظیم المرتبت بادشاہ کا سہارا لے گا، اگر پہاڑ کے سایہ میں بیٹھا ہے تو وہ ایک گوشہ میں زندگی گزارے گا، اور اس میں راحت حاصل کرے گا، اگر دیکھے کہ اس نے پہاڑ اٹھایا ہے پر وہ پہاڑ اس پر ثقیل (دشوار) ہوگیا ہے تو وہ کسی بڑے آدمی کی یا بڑے تاجر کی کفالت کا بوجھ اٹھائے گا مگر وہ اس پر ثقیل ہوجائے گا، اگر وہ پہاڑ جو اس نے اٹھایا تھا وزن میں خفیف (ہلکا) تھا تو ان کی کفالت خفیف ہوگی، اگر دیکھے کہ پہاڑ آسمان سے اُترا ہے تو اس شہر کا والی آئے گا، اور اگر پہاڑ آسمان پر چڑھا ہو تو وہ والی معزول ہوگا، اگر دیکھے کہ وہ پہاڑ کی غار میں داخل ہوا ہے تو اسے تمام امور میں ہدایت نصیب ہوگی اور امرِ سلطنت کا ذمہ دار ہوگا اور اس کے امور مضبوط ہوں گے، اگر خواب میں کسی غار میں داخل ہوا ہے تو وہ بادشاہ کے ساتھ یا کسی طاقتور آدمی کے ساتھ مکر وفریب کرے گا، اگر خواب میں اس کے سامنے کوئی پہاڑ آئے تو اسے پریشانی یا سفر پیش آئے گا، یا سنگدل طاقتور آدمی سے واسطہ پڑے گا یا کوئی مشکل کام سے دوچار ہوگا یا پھر سنگدل، طاقتور، سخت مزاج عورت سے پالا پڑے گا، اگر دیکھے کہ اسے پہاڑ سے پھینکا جارہا ہے تو وہ کوئی کلام منہ سے نکالے گا، اگر دیکھے کہ اس پر اچھے کپڑے ہیں تو اس کا سلطان طاقتور اور سخی ہے اگر دیکھے کہ وہ پہاڑ پر چڑھا ہے تو پہاڑ بذاتِ خود انتہائی غم وفکر کی نشانی ہے جو اس کو پہنچے گی، خواب میں کسی آدمی کا پہاڑ یا ٹیلہ یا چھت یا گھاٹی وغیرہ پر چڑھنا امیدوں اور حاجات کے پورا ہونے کی بھی دلیل ہوتا ہے، اور بعض اہلِ تعبیر کہتے ہیں کہ خواب میں سیدھا چڑھنا مشقت پیش آنے کے علامت

Marfat.com

ہے، چنانچہ اگر دیکھے کہ وہ ٹیلہ یا پہاڑ یا محل سے نیچے اُترا ہے تو اس کے مطلوبہ امور پورے نہیں ہوں گے، جو شخص خواب میں کوئی پہاڑ دور جگہ سے دیکھے تو اسے سفر درپیش ہوگا یا غم میں مبتلا ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ پہاڑ عہد و پیمان کی علامت ہوتا ہے، ابنِ سیرین رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ جو خود کو پہاڑ پر دیکھے تو وہ ایسا نافرمان ہے جس کی اجل قریب آچکی ہے اور اگر پہاڑ پر بیٹھا ہو تو یہ اس کی موت کی نشانی ہے، اگر دیکھے کہ وہ دامنِ کوہ میں بیٹھا ہے تو یہ بقائے زندگی اور مدّتِ حیات کی دلیل ہے، اگر دیکھے پہاڑ نے حرکت کی ہے تو اس جگہ کا بادشاہ سفر کرے گا، اور بعض کا قول ہے کہ جو شخص دیکھے کہ وہ پہاڑ پر چڑھتا ہے تو اسے رفعت اور دولت حاصل ہوگی، اور بعض کہتے ہیں کہ جو شخص کوئی پہاڑ دیکھے تو اسے خیر و برکات حاصل ہوں گی، اور جو شخص دیکھے کہ جیسے کچھ پہاڑ لرزے ہیں اور پھر اپنی جگہ ٹھہر گئے ہیں تو شدید خوف اس شہر میں پیدا ہوگا، جو خواب میں پہاڑوں پر کچھ درخت لگے دیکھے تو اسے مقام و مرتبہ اور عزت و وجاہت اور لوگوں میں نیک شہرت حاصل ہوگی، جو خواب میں دیکھے کہ جیسے چند رؤسائے زمانہ پہاڑ کی چوٹی پر جمع ہوئے ہیں تو اس شہر میں صرف وہ رؤساء موت کا شکار ہوں گے، اور اگر انھوں نے اللہ تعالیٰ سے کسی برائی کا سوال کیا ہے تو وہ رؤساء غم اور مصیبت میں مبتلا ہوں گے، اور خواب میں پہاڑ اور ٹیلے دیکھنا شدید غم، اضطراب، گھبراہٹ اور بے کاری کی دلیل بھی ہے، جو دیکھے کہ گویا اس نے ایک ایسا پہاڑ نگل لیا ہے جس کا طول پانچ سو فرسخ (یعنی پندرہ سو میل) سے زیادہ ہے تو عنقریب قوت و طاقت رکھنے والے کچھ لوگ اس کے زیرِ حکومت ہوں گے اور وہ لوگ اس کی اطاعت کریں گے، جو خواب میں دیکھے جیسے وہ دشوار گزار گھاٹی پر چڑھ کر کشادہ جگہ میں پہنچا ہے تو وہ غلام آزاد کرے گا یا وہ یتیموں کو قریب کرے گا یا بیماروں کا علاج معالجہ کرے گا اور ان کے ساتھ اچھا برتاؤ کرے گا، جو دیکھے کہ جیسے وہ کسی غار میں داخل ہوا ہے تو اسے امن و سکون اور توکّل علی اللہ کی دولت نصیب ہوگی، اور بعض اوقات پہاڑ کا دیکھنا اس شخص پر دلیل ہوتا ہے جو پہاڑوں میں ٹھکانا رکھتا ہے اور اس کے زیرِ سایہ رہتا ہے اور اس سے حفاظت حاصل کرتا ہے، جیسے والد اور سردار ہوتا ہے، اور پہاڑ پر درخت، پانی اور پھل میوے وغیرہ انسان کے خیر و شر کی دلیل ہے، اور پہاڑ وعدہ کی بھی دلیل ہے، اور کبھی پہاڑ شدّت اور خوف یا مسافر کے دریا میں غرق ہونے کی دلیل ہوتا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ پہاڑ اونچا اور بلند ہوا حتیٰ کہ سائبان کی طرح ہوگیا ہے تو یہ ایسے واقعہ کے رونما ہونے پر دلیل ہے جو عذاب کا سبب بنے گا۔ اگر خواب میں دیکھے کہ وہ پہاڑ پر چڑھا ہے تو اگر وہاں میٹھا پانی اور پھل میوے یا ایسی چیز پائے جو انسان کی غذائی ضروریات میں استعمال ہوتی ہے تو نیک بیوی سے شادی کرے گا یا اتنا علم حاصل کرے گا جو اسے جہالت سے محفوظ رکھے گا، یا ایسا ہنر اور پیشہ سیکھے گا جس سے اس کو فائدہ حاصل ہوگا، یا باوقار منصب اسے حاصل ہوگا یا فائدہ مند سفر کرے گا، یا بادشاہ کی خدمت کرے گا، یا ایسا وعدہ کرے گا جس کا نتیجہ بہتر ہوگا، اگر سیدھے راستہ سے پہاڑ پر چڑھا ہے تو درست طریقہ سے اشیاء حاصل کرے گا، اگر متبرک اور مقدس پہاڑ دیکھے جیسے جبلِ عرفات، جبلِ اُحد، جبلِ جودی، جبلِ طور اور جبلِ قاسیون وغیرہ ہیں تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ وہ اونچے درجہ کے علماء اور صالحین

Marfat.com

کی خدمت بجالائے گا، اور یا اس جانب سفر کرے گا اور اپنے مقصود کو حاصل کرے گا، اگر خواب میں دیکھے کہ پہاڑ ریزہ ریزہ ہوا ہے تو وہ وفات پائے گا یا اپنے عہدہ سے برطرف ہوگا، یا خواب دیکھنے والا عبادت وریاضت اور خشوع وخضوع کا مقام پائے گا، اور پہاڑ امراء، سلاطین، علماء اور صالحین کی دلیل ہیں، اور کبھی پہاڑ کا دیکھنا دنیادار اور دیندار شخص کی دلیل ہوتا ہے، خواب میں جو شخص پہاڑ میں کنواں کھودے یا پہاڑ سے کچھ پتھر دوسری جگہ منتقل کرے تو وہ کسی سنگدل انسان سے جھگڑے گا، اور مشقت وتکلیف اٹھائے گا، اگر دیکھے کہ پہاڑ اس کے ہمراہ چلتے ہیں تو یہ قیامِ جنگ کی دلیل ہے جس میں بادشاہ دوسروں کی طرف نقل وحرکت کریں گے، یا زمانہ کے علماء میں اختلاف واضطراب پیدا ہوگا اور اس فتنہ وفساد میں عام لوگ ہلاک ہوں گے، جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ کشتی کو چھوڑ کر پہاڑ کی طرف بھاگا ہے تو وہ ہلاکت وبربادی سے دوچار ہوگا، حضرت نوح علیہ السلام کے بیٹے کا قصہ اس کی دلیل ہے، یا وہ جماعت کی رائے کی مخالفت میں پڑے گا، اور خواہشاتِ نفس اور بدعت کا مرتکب ہوگا، اور خواب میں پہاڑ سے گرنا کبھی معاصی (گناہوں) فسق وفجور اور مختلف فتنوں میں مبتلا ہونے کی دلیل ہوتا ہے، اور کبھی گناہ کے کام چھوڑنے اور بدعات وخرافات سے توبہ کرنے کی دلیل ہوتا ہے جبکہ اس کا بھاگنا اسی طرح کا ہو، یا مسجد سے یا باغ وغیرہ سے گرا ہو، اگر دیکھے کہ پہاڑ فضا میں بلند ہوا ہے تمام لوگوں کے سروں کے اوپر ہے تو یہ خوفِ شدید کی علامت ہے جو مالک کی جانب سے لوگوں کے سروں کے اوپر سایہ کی طرح منڈلا رہا ہے، جیسا کہ بنی اسرائیل کے سروں کے اوپر پہاڑ بادل کی طرح اٹھایا گیا تھا جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ان کے لئے نافرمانی پر وعید اور تنبیہ تھی، اور پہاڑ کا چلنا کبھی طاعون کی دلیل ہوتا ہے، اور پہاڑ کا راکھ یا مٹی بن جانا تعبیر کے اعتبار سے اچھا نہیں ہے، جو خواب میں خود کو پہاڑ پر کھڑا دیکھے تو وہ کسی بڑے آدمی پر اعتماد کرتا ہے جس کے ہاتھ سے وہ خیر اور مقام ومرتبہ حاصل کرے گا، جو دیکھے کہ وہ پہاڑ کے ساتھ چمٹا ہوا ہے تو وہ کسی بڑے آدمی سے تعلق رکھتا ہے، جو دیکھے کہ اس نے پہاڑ کو گرایا ہے تو وہ اسی قدر کسی آدمی کو ہلاک کرے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ اس خواب کی تعبیر یہ ہے کہ اس کی عمر اختتام پذیر ہوگی، جو خواب میں دیکھے کہ اس نے خود کو پہاڑ سے پھینکا ہے تو اس کا کلام نافذ العمل ہوگا۔ اور جو دیکھے کہ وہ کسی پہاڑ پر چڑھتا ہے اور اس کے ہاتھ میں تلوار ہے اور وہاں پہاڑ پر اسے لباس پہنایا گیا ہے یا اس کے ہمراہ بادشاہ کا صاحب ہے تو اس کو سلطنت یا خیر ورفعت حاصل ہوگی، اور جو شخص دیکھے کہ وہ پہاڑ پر چڑھنا چاہتا ہے تو کسی سنگدل اور بے ہمت آدمی کی خوشامد کرے گا، اگر پہاڑ پر چڑھ کر اس پر بیٹھا ہے تو اسے اپنی امید وآرزو کی انتہاء حاصل ہوگی، اگر دیکھے کہ پہاڑ زمین بوس ہوگیا ہے تو اس زمین کا سلطان موت کا شکار ہوگا۔

## ۴۸۹۔ الجبن (بزدلی):

جبن بمعنی بزدلی کسب ومعاش میں حرام امور سے بچنے یا اوامر ونواہی کے وقت لڑائی بند کرنے کی دلیل ہے، اور جبن (پنیر) کا خواب میں دیکھنا کنوارے کے حق میں شادی ہونے اور حاملہ کے حق میں اولاد ہونے کی دلیل ہے، نیز نفع

Marfat.com

بخش مال اور عمرِ دراز کی علامت ہے اور مخالف دشمن کا پنیر دیکھنا اس کے غالب آنے کی دلیل ہے اور ملاقات سے کترانے کی علامت ہے اور دودھ سے جو چیزیں بنائی جاتی ہیں ان کا دیکھنا رزق اور برکت کی دلیل ہے، پنیر راحت کے ساتھ ملنے والا مال ہے، اور تر پنیر خشک پنیر سے بہتر ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ خشک پنیر سفر کی علامت ہے اور بعض کا قول ہے کہ ایک پنیر کا ٹکڑا دیکھنا مالِ عظیم کی دلیل ہے، جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ پنیر کے ساتھ روٹی کھا رہا ہے تو وہ تنگ زندگی گزارے گا، اور بعض کہتے ہیں، کہ جو خواب میں روٹی اور اخروٹ کے ساتھ پنیر کھائے تو اسے اچانک کوئی بیماری لاحق ہوگی، اور پنیر بلا مشقت مال ہے اور پنیر کا قالب صاحب خواب کے حال کے مطابق ہزار درہم یا سو درہم کی علامت ہے اور کبھی پنیر ذلت ومسکنت پر دال ہوتی ہے، اور خشک پنیر سفر میں رزق حاصل ہونے اور تازہ اور تر پنیر حضر میں حصولِ رزق کی دلیل ہے، نیز دیکھئے الاقط (پنیر)

## ۴۹۰۔ الجبّة (جُبّہ):

جو شخص خواب میں اپنے جسم پر جبّہ دیکھے تو یہ عجمی عورت کی نشانی ہے جو اس کے پاس آئے گی، اور اگر وہ جبّہ رنگ زدہ تھا تو یہ محبت کرنے والے بچہ کی علامت ہے، اگر عورت جُبّہ کو دیکھے کہ اس جبہ کا استر سمور کی کھال کا ہے تو وہ اپنے خاوند سے خیانت کرے گی۔ خواب میں جُبّہ دیکھنا عمرِ طویل کی دلیل ہے، فقیر کا خواب میں جُبّہ پہننا مالداری کی علامت ہے اس لئے کہ جُبّہ سردی سے بچاتا ہے اور گرمیوں میں جُبّہ پہننا (خواب میں) زوجہ کی طرف سے کسی پریشانی یا قرض یا مرض یا حبس (قید ہونا) یا تنگی یا عورت کی وجہ سے کسی تکلیف کی دلیل ہے۔

## ۴۹۱۔ الجبهة (پیشانی):

خواب میں پیشانی آدمی کی لوگوں میں عزّت وآبرو اور حکم کے نفاذ کی دلیل ہے، اگر پیشانی میں کوئی عیب دیکھے جیسے وہ ٹوٹی ہو وغیرہ تو یہ عزّت ووجاہت اور نفاذِ حکم میں کمی کی دلیل ہے، اگر پیشانی میں اخروٹ کے برابر یا اس سے کم یا اس سے زیادہ زیادتی دیکھے تو اس کے ہاں ایک لڑکا پیدا ہوگا جو اپنے گھرانے کا سردار ہوگا، جو دیکھے کہ اس کی پیشانی گویا لوہے یا تانبے یا پتھر کی ہے تو یہ پولیس اور بازار کے لوگوں کے لئے قابلِ تعریف ہوگا، جو دوسرے کی پیشانی دیکھے کہ وہ پہلے سے زیادہ تنگ ہے تو اس شخص کے اخلاق اچھے ہونے کے بعد خراب ہوں گے، اور اگر اس کی پیشانی کو پہلے سے زیادہ کشادہ دیکھے تو وہ شخص عقلمند ہونے کے بعد احمق اور عالم ہونے کے بعد جاہل ہو جائے گا، اور بعض اوقات پیشانی کا دیکھنا بخل وسخاوت کی بھی دلیل ہوتا ہے، چنانچہ جو شخص اپنی پیشانی دیکھے کہ وہ سیاہ ہوئی ہے تو یہ بخل اور حقوق اللہ ادا نہ کرنے کی دلیل ہے اور پیشانی کا منور اور حسین ہونا انفاق فی سبیل اللہ اور غمخواری کی دلیل ہے اور کبھی پیشانی اس چیز پر دلالت کرتی ہے جس پر انسان سجدہ کرتا ہے یعنی جائے نماز قالین صف وغیرہ، لہٰذا اگر پیشانی لوہے یا پتھر کی ہوگئی ہو تو یہ نماز کے لئے محنت وکوشش کرنے یا بے حیائی وگستاخی کی دلیل ہے، جو شخص خواب میں اپنی پیشانی پر زخم یا پھوڑا وغیرہ دیکھے تو یہ اس بات

Marfat.com

کی علامت ہے کہ وہ نماز میں حد سے زیادہ زیادتی کرنے والا شخص ہے یا وہ ایسا آدمی ہے جو نماز میں سجدہ پورا نہیں کرتا ہے۔

**۴۹۲۔ الجثۃ (جسم):** دیکھئے الجسم (جسم)

**۴۹۳۔ الجحر (سوراخ):**

خواب میں حشرات الارض یا درندوں کا ٹھکانا دیکھنا بدعتوں کی پیروی اور اہلِ بدعت وضلالت کے آثار واقوال سے استدلال کرنے کی دلیل ہے، اور یہ جُحر (بل، سوراخ) منہ پر دلیل ہے، لہٰذا جو شخص کوئی پتھر دیکھے کہ اس سے کوئی جانور نکلا ہے تو یہ پتھر منہ ہے جس سے کلام نکلتا ہے، جو خواب میں حیوان کی شکل میں دکھایا گیا۔

**۴۹۴۔ الجحش (گدھا):** دیکھئے الحمار (گدھا)

**۴۹۵۔ الجحود (انکار کرنا):**

جو خواب میں دیکھے کہ اس نے حق بات کا انکار کیا ہے تو وہ کفر اختیار کرے گا، جو دیکھے کہ اس نے باطل امر کا انکار کیا ہے تو وہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرے گا، اور فضل وانعام کا انکار ظلم پر اور ربوبیت کا انکار کفر پر دال ہے۔

**۴۹۶۔ الجدّ (کوشش کرنا):**

جو شخص خواب میں کسی عظیم چیز کے حاصل کرنے میں کوشش کرے تو وہ اپنی مراد کو پالے گا جیسے عرب کا محاورہ ہے "مَنْ جَدَّ وَجَدَ" یعنی جو کوشش کرتا ہے پالیتا ہے، اور جو خواب میں جد (دادا) بنا ہو تو اس کی عمر طویل ہوگی اور مرتبہ بلند ہوگا، خواب میں دادا باپ کی طرح ہے، اگر خواب میں دادا فوت ہوا ہے تو اس کی محنت وکوشش میں کمی آئے گی۔ دیکھئے الکد (محنت وکوشش)

**۴۹۷۔ الجدار (دیوار):** دیکھئے الحائط (دیوار)

**۴۹۸۔ الجدری (چیچک):**

خواب میں مرضِ چیچک قرض ومطالبہ پر دلیل ہے، اور بعض اہلِ تعبیر کہتے ہیں کہ چیچک مال ودولت پر دلیل ہے، چنانچہ جو شخص دیکھے وہ چیچک زدہ ہوا ہے تو یہ اس کے مال میں اضافہ کی دلیل ہے، اگر اپنی اولاد کو چیچک زدہ دیکھے تو یہ فضل وانعام کی دلیل ہے جو اس کی اولاد کو حاصل ہوگا، اور جسم پر مختلف پھوڑے وغیرہ بھی مال کی زیادتی پر دلیل ہیں، اگر خواب میں اپنے بدن پر پھوڑے دیکھے کہ ان سے پیپ وغیرہ بہہ رہی ہے تو یہ نفع بخش مال کی علامت ہے۔

**۴۹۹۔ الجدول (نہر):** دیکھئے الساقیۃ (نہر) نیز دیکھئے النحل (نہر)

**۵۰۰۔ الجدی (بکری کا بچہ):**

خواب میں بکری کا بچہ اولاد کی نشانی ہے، جو خواب میں ذبح شدہ بکری کا بچہ دیکھے تو یہ اس کے بچہ کی موت کی

Marfat.com

دلیل ہے، اور اگر خواب میں بکری کا بچہ کھانے کے لئے ذبح کرے تو اسے مال و دولت حاصل ہوگا، اور گوشت کھانے کے علاوہ کسی اور مقصد کے لئے ذبح کرے تو اس کا لڑکا موت کے آغوش میں جائے گا، یا گھر کے کسی فرد کا بچہ فوت ہوگیا، جو خواب میں دیکھے کہ وہ بکری کا بچہ یا دنبہ ذبح کرتا ہے یا ان میں سے کسی پر سواری کرتا ہے وہ بچوں کے ساتھ کھیلے گا، جو دیکھے کہ وہ بکری کے بچہ کا گوشت کھاتا ہے تو اسے کسی بچہ سے قلیل مال حاصل ہوگا۔

## ۵۰۱۔ الجدیر (بھٹی): دیکھئے القمین (بھٹی)

## ۵۰۲۔ الجذام (مرض جذام):

جو شخص خود کو خواب میں مرض جذام (کوڑھ کے مرض) میں گرفتار دیکھے تو اس کے نیک اعمال اللہ تعالیٰ کے سامنے دلیری دکھانے کے سبب ضائع اور برباد ہوں گے، کسی پر الزام لگائے گا جبکہ وہ اس سے بری ہوگا، اگر جذام کا مرض اس کے جسم پر زیادہ ہوا ہے تو یہ باقی رہنے والے کثیر مال کی علامت ہے اور بعض کہتے ہیں کہ مرض جذام میراث سے حاصل شدہ لباس پر دلیل ہے، جو شخص خواب میں نماز کی حالت میں خود کو مرض جذام میں گرفتار دیکھے تو وہ قرآن حکیم کو بھول جائے گا، نیز مرض جذام مالِ حرام کی دلیل ہے، اور کبھی یہ مرض آتشزدگی کی بھی دلیل ہوتا ہے اس لئے کہ وہ ایک خون ہے جس کا خلطِ سوداء جل چکا ہے، اور جذام مالداری کی بھی دلیل ہے۔

## ۵۰۳۔ الجرّ (کھینچنا):

خواب میں ایسی چیز کا کھینچنا جس کا ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنا قدرت وطاقت میں ہو مشکل کاموں کے آسان ہونے اور تسلیم ہونے کی دلیل ہے اور یہ مشکلات کی آسانی یا تو ہمت کے سبب ہوگی یا اس کی حسنِ سیاست ولطافت کی وجہ سے ہوگی، اور اگر کھینچی ہوئی چیز ایسی ہو جو شر اور برائی پر دال ہو تو اس کا انجام برا ہے۔

## ۵۰۴۔ الجراب (تھیلا):

خواب میں تھیلا دیکھنا راز کی حفاظت کرنے والے پر دلیل ہے، اور بعض کا قول ہے کہ تھیلا مال کا خزانچی اور اشیاء کی حفاظت کرنے والے پر دال ہے۔ اور تھیلا کا دیکھنا سفر کی بھی دلیل ہے، دیکھئے الزق (مشکیزہ)

## ۵۰۵۔ الجراحۃ (زخمی ہونا):

جو خواب میں دیکھے کہ اس کے بدن پر کوئی زخم آیا ہے تو یہ حصولِ مال کی دلیل ہے، اگر اس کے دائیں ہاتھ میں زخم آیا ہے تو یہ مال کی علامت ہے جو اس کو ایسی قرابت (رشتہ داری) سے حاصل ہوگا جس کا تعلق مردوں کی طرف سے ہے، اور اگر بایاں ہاتھ زخمی ہوا ہے تو یہ بھی مال کی دلیل ہے جو اس کو ایسی قرابت کی وجہ سے حاصل ہوگا جس کا تعلق عورتوں کی طرف سے

Marfat.com

ہے، اگر بائیں پاؤں زخمی ہوا ہے تو یہ کھیت وزراعت سے حاصل شدہ مال کی دلیل ہے، اگر اس کی ایڑی میں زخم آیا ہے تو یہ اولاد کی جانب سے حاصل ہونے والے مال کی علامت ہے، اگر خواب میں ایڑی پر زخم ہوا اور اس سے خون بھی بہا ہو تو یہ مقروض ہونے کی دلیل ہے اور وہ کچھ خرچ کرے گا اور اس میں مشقت ہوگی، خواب میں اگر دیکھے اس کے جسم پر تازہ زخم ہے اور اس سے خون نکلتا ہے تو یہ اس کے صاحب (دوست) کے مال اور کلام میں مضرّت کی دلیل ہے، اگر زخم سر پر آیا ہو اور اس کے پاس مال ودولت ہو تو اس کو اس کی حفاظت کرنی چاہئے، اگر دیکھے کہ زخم آیا ہے مگر خون نہیں بہا تو وہ فضل وانعام کے قریب پہنچ چکا ہے، اور جو زخمی ہوا ہو اور خون بھی اس سے بہا ہو تو یہ مال کی دلیل ہے، جس مال ونعمت کا اثر اس پر نمایاں ہوگا، اگر بادشاہ وقت خواب دیکھے کہ جیسے اس کا سر زخمی ہوا ہے تو وہ اپنے ہم نشینوں کی موت دیکھے گا، اگر خواب میں اس کی ہڈی توڑ دی گئی ہو تو اس کا لشکر شکست کھائے گا اور اس کی سرداری کمزور پڑے گی، اگر بادشاہ کا بایاں ہاتھ زخمی ہوا ہو تو اس کا لشکر دگنا ہوگا، اگر اس کا دایاں ہاتھ زخمی ہوا ہے تو جو کچھ اس کے قبضہ میں ہے وہ دگنا ہوگا، اور اگر اس کا پیٹ زخمی ہوا ہے تو اس کے خزانہ کا مال دگناہ ہوگا، اور اگر اس کی ران زخمی ہوئی ہو تو اس کا خاندان وقبیلہ دگنا ہوگا، اور اگر اس کی پنڈلی زخمی ہوئی ہے تو اس کی عمر بڑھے گی، اگر اس کے پاؤں زخمی ہوئے ہیں تو اس کے قیام حکومت میں اضافہ ہوگا، اگر خواب میں کوئی آدمی اس کو زخمی کرے اور اس کے اعضاء کاٹ کر علیحدہ علیحدہ کردے تو مارنے والا شخص کسی حق کی وجہ سے مارے ہوئے شخص پر زبان کے ساتھ مسلط ہوگا، اگر اس کو زخمی کیا ہے اور مضروب سے خون نکلا ہے تو مارنے والا گناہ گار ہوگا اور مضروب (جس کو مارا گیا ہے) کو اس پر اجر وثواب ملے گا، اگر مارنے والا اس کے خون میں آلودہ ہوا ہے تو اسے گناہ اور مالِ حرام حاصل ہوگا، اور یہ گناہ اور مالِ حرام خون میں آلودہ ہونے کے بقدر حاصل ہوگا، جو خواب میں دیکھے کہ اس نے کسی کافر کو زخمی کیا ہے تو وہ اپنے ظاہری اور کھلے دشمن پر مسلّط ہوگا، اور اس میں وہ حق بات کہے گا، اور اس سے بقدر خون مال حاصل کرے گا، اس لئے کہ مومن کے لئے کافر کا خون حلال ہے، اگر خواب میں کسی انسان کو زخمی کیا ہے لیکن اس سے خون نہیں نکلا ہے تو وہ مجروح کے حق میں حق بات کہے گا، جس کا کوئی جواب نہیں ہوگا، اگر زخمی کیا ہے اور خون بھی نکلا ہے تو وہ اس کی غیبت کرے گا، جو دیکھے کہ اسے چھری یا لوہے کی کسی چیز سے زخمی کیا گیا ہے تو اس کا فساد ظاہر ہوگا اس میں خیر نہیں ہے، جو خواب میں دیکھے کہ گویا اس کے جسم کے کسی عضو میں زخم ہے تو ہر عضو کی تعبیر مختلف ہے، لہٰذا اگر زخم دل یا سینہ پر ہو تو یہ زخم نوجوانوں اور لڑکیوں کے حق میں عشق پر دلیل ہے، اور بوڑھے مرد وعورت کے حق میں غم وحزن پر دلیل ہے، اگر زخم دائیں ہاتھ کے انگوٹھے میں ہو تو یہ ایسے قرض کی دلیل ہے جو اس پر سوار ہوگا، اور ایسا تحریر نامہ ہے جو اس کے خلاف لکھا جائے گا، جو خواب میں کسی فرشتہ کو دیکھے کہ اس نے اس کے پیٹ کو اپنی تلوار کے ساتھ زخمی کیا ہے اور وہ اس زخم کی وجہ سے گویا مر گیا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس کے جسم اور بدن پر کچھ پھوڑے اور زخم وغیرہ پیدا ہوں گے لیکن پھر وہ ٹھیک ہو جائے گا، جو دیکھے کہ اس کی گردن زخمی ہوئی ہے تو وہ اپنی اولاد کی جانب سے مال حاصل کرے گا۔

## ۵۰۶۔ الجراد (ٹڈی):

خواب میں ٹڈی دیکھنا عذابِ خداوندی اور اللہ تعالیٰ کا لشکر ہے، جو خواب میں دیکھے کہ ٹڈی کسی جگہ میں آئی ہے

Marfat.com

یا آسمان پر اڑی ہے اور اس سے کوئی اذیت پہنچی ہے تو یہ برا لشکر ہے جو اس جگہ آئے گا، اور چھوٹی ٹڈیاں بداخلاق اور بد سیرت لشکر پر دلیل ہے، ٹڈی سے زیادہ بری ہیں، اور بعض کہتے ہیں کہ ٹڈی دیکھنا زمین کا سبزہ وغیرہ سے خالی ہونے کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ ٹڈی سے کوئی حرکت سرزد ہوئی ہے یعنی تکلیف دی ہے تو یہ عذاب الٰہی کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ وہ ٹڈیاں کسی جگہ کھائی جا رہی ہیں تو یہ رزق کی علامت ہے۔ اگر ٹڈیاں برتن میں یا ہانڈی میں ڈالی گئی ہوں تو یہ درہم یا دینار کی دلیل ہے، ہر وہ جگہ جہاں ٹڈیاں ظاہر ہوں اور نقصان نہ دیں تو وہ غم اور پریشانی کے دور ہونے اور خوشیوں کے پیش آنے کی علامت ہے۔ اگر خواب میں سونے کی ٹڈیوں کی اس پر بارش ہوئی ہو تو اگر اس کا مال برباد ہوا ہو تو اللہ تعالیٰ اس کے بدلہ میں اور عطا فرمائیں گے، اور اگر غمزدہ ہو تو اللہ تعالیٰ اس کے غم کو دور فرمادیں گے، اور بعض کہتے ہیں کہ ٹڈی روٹیاں پکانے والا شخص ہے جو کھانے میں ملاوٹ کرتا ہے، اور بعض کا قول ہے کہ ٹڈی فتنہ یا دشمن کی دلیل ہے، اور بستیوں اور کھیتوں میں ٹڈیاں دیکھنا حالت کی سختی، ہلاکت و بربادی کی دلیل ہے، اس لئے کہ ٹڈیاں نباتات پر حملہ آور ہوتی ہیں تو انھیں برباد کر دیتی ہیں، اور لوگوں میں ٹڈیاں دیکھنا شر پیش آنے کی دلیل ہے، جو شخص دیکھے کہ اس نے ٹڈی پکڑ کر گھڑے میں ڈالی ہے تو اسے درہم ملیں گے جسے وہ کسی عورت کے پاس لے جائے گا، اور ٹڈی لشکر کی دلیل ہے، اور ٹڈیوں کی کثرت شور و ہنگامہ کی دلیل ہے، اور ٹڈی کبھی بارشوں کی دلیل ہوتی ہے جبکہ ٹڈیاں چھت پر گرتی ہوں، اگر ٹڈیاں بہت زیادہ ہوئی ہوں یا ٹڈیوں کے خلاف ہوں اور وہ ٹڈیاں لوگوں کے درمیان ہوں یا زمین و آسمان کے درمیان میں ہوں تو یہ عذاب کی علامت ہے، مگر یہ کہ لوگ اس کو جمع کرتے ہوں اور کھاتے ہوں تو پھر شر و فساد یا ضرر و نقصان کی علامت نہیں ہے، کیونکہ اس صورت میں یہ خواب رزق کی دلیل ہے جو لوگوں تک پہنچایا جا رہا ہے اور کثرتِ معاش پر دلالت کرتا ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ ٹڈیاں دشمن کے اثر انداز ہونے پر دلیل ہے۔ نیز قلعوں کی طرف پیش قدمی اور اموال کے لوٹنے کی دلیل ہے، اور کبھی ٹڈیاں رزقِ حلال کی دلیل ہوتی ہیں، جو دیکھے کہ وہ ٹڈیاں کھاتا ہے تو اسے لشکر سے قلیل درجہ میں خیر حاصل ہوگی، جو خواب میں چھوٹی چھوٹی ٹڈیاں دیکھے تو یہ لوگوں کی کثرت اور ان کا شور و ہنگامہ ہے، اور کبھی یہ خواب لگاتار بارش کی دلیل ہوتا ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ جو شخص خواب میں دیکھے کہ اس نے بہت سی ٹڈیاں پکڑی ہیں تو یہ عورتوں کو پیغامِ نکاح کے سلسلہ میں کلام کی کثرت پر دلیل ہے۔ نیز دیکھئے النحل (شہد کی مکھی)

## ۵۰۷۔ الجرادق (روٹی): دیکھئے الرغیف (روٹی)

## ۵۰۸۔ الجرّار (بہت کھینچنے والا):

خواب میں ایسے شخص کا دیکھنا سکول کے مانیٹر پر دال ہے جو بچوں کو ان کے گھروں سے سکول میں لیکر آتا ہے۔

## ۵۰۹۔ الجرأة (دلیر ہونا):

خواب میں دلیری نیک یا برے کاموں کی طرف جلدی کرنے کی دلیل ہے، اور کبھی یہ خواب پست ہمتی اور جنگ وغیرہ میں نہ جانے کی علامت ہوتا ہے۔

Marfat.com

## ۵۱۰۔ الجرائحي (جرّاح):

جراح (زخموں کا معالج) خواب میں دیکھنا بیماریوں سے شفایاب ہونے اور غموں کے دور ہونے کی دلیل ہے۔

## ۵۱۱۔ الجرب (خارش):

خواب میں جسے خارش لاحق ہوئی ہو اور وہ خارش کرتا ہو جبکہ خارش کے دانوں میں کوئی پانی یا پیپ نہیں ہے تو وہ عزیز واقارب کی طرف سے کسی پریشانی میں مبتلا ہے، اگر خارش اس کے بدن میں ہو تو یہ تکلیف کی علامت ہے جو اس کے بھائیوں اور اس کی معیشت میں پیش آئے گی، اگر خارش اس کے دائیں ہاتھ میں ہو تو یہ معیشت میں تکلیف پہنچنے کی دلیل ہے، اگر خارش بائیں ہاتھ میں ہو تو یہ شریک یا بھائی کی طرف سے پریشانی پیش آنے کی دلیل ہے، اگر خارش اس کے رخسار پر ہو تو یہ خاندان کی جانب سے پریشانی پیش آنے کی دلیل ہے، اگر خارش پیٹ پر ہو تو یہ مال واولاد کی طرف سے پریشانی پر دلیل ہے، اور اگر خارش کے دانوں میں پانی بھی ہو تو اسے محنت ومشقت کے ساتھ مال حاصل ہوگا، اگر خواب میں خارش کی ہے اور اس جگہ کو زخمی کیا ہے تو یہ غم کے ساتھ ملنے والے مال کی دلیل ہے، اگر خارش کے دانوں میں پیپ وغیرہ بھری ہو تو اس کو اسی قدر بڑھنے والا مال حاصل ہوگا، اور بعض کا خیال ہے کہ خارش اور کھجلی بُرے لوگوں کے تسلط پر دلیل ہے، جو اس کو تکلیف پہنچائیں گے، نیز فکرات وپریشانیوں کی دلیل ہے، چنانچہ جو شخص خواب میں دیکھے اسے خارش لگی ہے تو یہ فقراء کے حق میں آسودہ حالی اور مالداری کی دلیل ہے، اور مالداروں کے حق میں ریاست پر دلیل ہے، افضل یہ ہے کہ انسان خود کو خارش، برص، چیچک یا پھوڑے پھنسی وغیرہ امراض میں مبتلا دیکھے، اگر یہ امراض غیر میں دیکھے تو یہ صاحب خواب کے حزن وملال اور اس کی عزت ووجاہت کے نقصان پر دلیل ہے، اگر یہ امراض اپنے غلام میں دیکھے تو وہ اس کی خدمت کے لائق نہیں ہے، اگر اس کا بیٹا ان امراض میں مبتلا ہو (یعنی خواب میں) تو وہ معاشرت کے اعتبار سے نافرمان ہے، اگر اس کی بیوی ان بیماریوں میں گرفتار ہو تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اس کا ہر کام بُرا ہے، اگر خارش اپنی گردن پر دیکھے تو یہ اس کے ذمہ جو قرض ہے اس پر دلیل ہے۔

## ۵۱۲۔ الجرجير (ایک ترکاری): (۱)

یہ اہل دوزخ کی ترکاری ہے، اس کے دیکھنے میں کوئی خیر نہیں ہے، جو شخص خواب میں دیکھے کہ اس نے اس ترکاری کو کھایا ہے، تو وہ دوزخیوں جیسا عمل کرے گا۔

## ۵۱۳۔ الجُرذ (بڑا چوہا):

جو خواب میں دیکھے کہ اس نے بڑا چوہا پکڑا ہے، یا بڑا چوہا اس کے پاس آیا ہے تو وہ اپنے علاقہ سے کہیں اور منتقل ہوگا، اور اگر اس کی کوئی زمین ہو تو اسے فروخت کرے گا، جو خواب میں اپنے گھر کے اندر یا کسی دوسرے کے گھر میں

(۱) الجرجیر: پانی میں پیدا ہونے والی اور کھائی جانے والی ایک ترکاری۔ از المنجد ص ۱۷۹۔

Marfat.com

بڑا چوہا دیکھے تو اس کو چاہئے کہ اس گھر کی چوروں سے حفاظت کرے۔ جو دیکھے کہ وہ بڑے چوہے کا گوشت کھاتا ہے وہ کسی فاسق آدمی کی غیبت کرے گا، نیز بڑا چوہا گھس جانے والے چور کی نشاندہی کرتا ہے، اور بڑا چوہا فسق وفجور، اذیت اور اولاد وازواج پر بھی دال ہے، اگر کوئی قرض دار بھاگ گیا ہو تو وہ اسے پکڑ لے گا، نیز بڑے چوہے کا دیکھنا ذلت وناراضگی پر دلیل ہے، اور جو شخص خواب میں اس کا گوشت کھائے تو اسے رزقِ حرام حاصل ہوگا۔

## ۵۱۴۔ الجرس (گھنٹی):

خواب میں گھنٹی بادشاہ کی جانب سے مقرر کردہ اعلان کرنے والا شخص ہے اگر گھنٹی جانور کے گلہ میں ہو تو یہ صاحب فیض پر دلیل ہے، اور کبھی گھنٹی سفر کی علامت ہوتی ہے، اور نصاریٰ (عیسائیوں) کی گھنٹی ایسے عالم پر دلیل ہے جس کی اہم امور اور مقدمات میں پیروی کی جاتی ہے، اور کبھی گھنٹی رزق، لڑائی اور نماز کی دلیل ہوتی ہے، اور نصاریٰ کی گھنٹیاں مخبرین یا اہل رائے ومشورہ کی دلیل ہیں، اور کبھی گھنٹی نماز کا اعلان کرنے والے، یا دشمنوں سے ملاقات کی تیاری پر دلیل ہوتی ہے، اور بعض اوقات گھنٹی کی آواز سننا قافلوں کا عمدہ اشیاء لانے یا ایک جانب سے دوسری جانب لے جانے کی دلیل ہوتا ہے، اور کبھی گھنٹی منسوخ کتب یا پہلے لوگوں کی عادات یا لڑائی جھگڑے کی دلیل ہوتی ہے۔

## ۵۱۵۔ الجُرم (گناہ کرنا):

خواب میں گناہ کرنا کفر اور راہِ ضلالت پر چلنے کی دلیل ہے۔

## ۵۱۶۔ الجرّۃ (گھڑا):

خواب میں گھڑا ایک منافق مزدور ہے، جس کے ہاتھ سے مال چلا جائے اور اس کے پاس امانت رکھا جائے، گھڑے سے پانی پینا مالِ حلال اور خوشگوار زندگی کی دلیل ہے، جو خواب میں دیکھے کہ اس نے گھڑے کا نصف پانی پیا ہے تو اس کی نصف عمر ختم ہوگئی ہے، اگر نصف سے کم یا زیادہ پیا ہے تو اس کی تعبیر بقیہ عمر سے ہے، اگر خواب میں گھڑے کا سارا پانی پی لیا ہے تو اس کی کل عمر ختم ہو چکی ہے، تمام برتنوں کا یہی حکم اور تعبیر ہے، جو دیکھے کہ اس کی ہتھیلی پر پانی کا گھڑا ہے پھر وہ گھڑا اگر کر ٹوٹ گیا ہے اور پانی باقی ہے تو اس کی بیوی حاملہ ہے وہ فوت ہوگی اور اس کا بچہ بچے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ گھڑا عورت ہے یا خادم یا غلام ہے، اگر گھڑا روغنِ زیتون سے یا شہد سے یا دودھ سے بھرا ہوا ہو تو یہ ذخیرہ رکھنے کی جگہ یا تھیلے پر دال ہے، تمام اعلیٰ عمدہ برتنوں کا یہی حکم ہے جیسے کوزے، مٹکے وغیرہ، نیز گھڑے کا خواب میں دیکھنا جانور پر یا بہت محنت ومشقت کرنے والی زوجہ پر دلیل ہے، مگر یہ کہ گھڑا تانبے کا ہو تو یہ رفیع الشان عورت پر دلیل ہے، اور شراب کا گھڑا حیض والی عورت پر دلیل ہے، نیز دیکھئے الجونۃ (مٹکا)۔

## ۵۱۷۔ الجرو (کتے کا بچہ): دیکھئے الکلب (کتا)

## ۵۱۸۔ جرید النخل (درخت کھجور کی شاخ): دیکھئے سعف النخل (درخت کھجور کی شاخ)

Marfat.com

۵۱۹۔ الجریرۃ (گناہ): دیکھئے الذنب (گناہ)

## ۵۲۰۔ الجزّار (قصاب):

خواب میں اگر قصاب کے کپڑے میلے اور اس کی ہاتھ میں چھری ہو تو یہ ایسے شخص کی دلیل ہے جو لوگوں کو تباہ و برباد کرتا ہے، اگر اس کے کپڑے صاف ہوں تو یہ عمر کے طویل ہونے کی دلیل ہے۔ اگر قصاب کی حالت اچھی ہو تو یہ حُسنِ عاقبت کی علامت ہے۔ اگر قصاب مرد ہو تو وہ ملک الموت (موت کا فرشتہ) ہے۔

۵۲۱۔ الجزّاز (حجّام): دیکھئے الحلاق (حجّام)

## ۵۲۲۔ الجزَر (گاجر):

خواب میں گاجر زجر و تنبیہ ہے، گاجر کی تعبیر بُرے اور ناپسندیدہ شخص سے کی جاتی ہے۔ خواب میں جو شخص اپنے ہاتھ میں گاجر دیکھے تو وہ کسی دشوار امر میں مبتلا ہو گا لیکن پھر آسانی ہو جائے گی، اور بعض کہتے ہیں کہ خواب میں گاجر کھانا رنج و غم کی دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ جو دیکھے کہ وہ گاجر کھا رہا ہے تو وہ خیر و منفعت سے نوازا جائے گا، اور گاجر بامراد آدمی کی دلیل ہے، جو دیکھے اس کے ہاتھ میں گاجریں ہیں اور وہ جیل میں یا مشکل مقام میں ہو تو اس سے خلاصی حاصل کرے گا اور نجات پائے گا۔

## ۵۲۳۔ الجزیۃ (جزیہ یا ٹیکس):

خواب میں اگر دیکھے کہ مسلمان کفار کو جزیہ دے رہے ہیں تو یہ ذلت کی دلیل ہے، اور اگر مسلمان ان کفار سے جزیہ و ٹیکس لے رہے ہیں تو یہ عزت و نصرت کی دلیل ہے۔

## ۵۲۴۔ الجسّ (ٹٹولنا):

خواب میں کوئی چیز ٹٹولنا جاسوسی کرنے اور کوئی نامناسب بات کی طرف کان دھرنے اور چپ چاپ سننے کی دلیل ہے۔

## ۵۲۵۔ الجسارۃ (جسارت کرنا):

خواب میں کسی کام پر جسارت کرنا اصرار اور پختہ ارادہ کی دلیل ہے اور کبھی جسارت اس چیز پر دلالت کرتی ہے جس کے ذریعہ بندہ دفعِ اذیت کے لئے اللہ تعالیٰ یا لوگوں کا تقرب حاصل کرتا ہے یا دشمنوں کے مقابلہ کے لئے ان کا قرب حاصل کرتا ہے، شجاعت و بہادری کی بھی یہی تعبیر ہے۔

## ۵۲۶۔ الجسّاس (جاسوس):

خواب میں اس کا دیکھنا لوگوں کی عزت و آبرو پر بحث کرنے یا جاسوس شخص پر دلیل ہے۔

Marfat.com

## ۵۲۷۔ الجسر (پُل):

خواب میں پُل دیکھنا درست عادات کی دلیل ہے، اور کبھی پُل کا دیکھنا علم وہدایت، صوم وصلوٰۃ اور ہر اس عمل کی دلیل ہوتا ہے جو انسان کو دنیا وآخرت کے عذاب اور تکلیف سے نجات دلاتا ہے، اور بعض اوقات پُل اس شخص کی دلیل ہوتا ہے جس کے ہاتھ سے حاجات پوری کی جائیں جیسے دربان اور چوکیدار، اسی طرح پُل مال، زوجہ اولاد اور والدہ کی دلیل ہے، ہر پُل کی تعبیر مختلف ہے، شاہراہ کا پُل صاحبِ سلطنت کی دلیل ہے، خصوصاً جبکہ وہ پُل پتھروں اور اینٹوں سے بنا ہو، اور گر چھوٹا پل ہو تو یہ دربان اور چوبدار کی دلیل ہے، اگر پتھروں سے تعمیر شدہ پُل مٹی کا بن جائے تو یہ تغیرِ حالت کی علامت ہے کہ ادنیٰ حالت ہو جائے گی، اور اگر مٹی کا پُل پتھر یا اینٹ کا بن جائے تو یہ خیر وزیادت کی دلیل ہے، اور جو شخص خواب میں پُل بن گیا ہو تو اسے سلطنت ملے گی، اور دوسرے لوگ اس کے محتاج ہوں گے۔

## ۵۲۸۔ جسر البیت (گھر کا ستون): دیکھئے عمود البیت (گھر کا ستون)

## ۵۲۹۔ الجسم (جسم):

جسم کا تندرست وتوانا ہونا دین وایمان کی قوت پر دلیل ہے، اگر خواب میں دیکھے کہ جیسے اس کا جسم سانپ کا سا ہو گیا ہے تو وہ اپنی پوشیدہ عداوت ظاہر کرے گا، اگر دیکھے کہ دنبہ کی طرح اس کی چکی ہے تو یہ خوشحال اولاد کی علامت ہے جو اس سے عیش وعشرت حاصل کرے گا، جو خواب میں اپنا جسم لوہے کا یا ٹھیکرے کا بنا دیکھے تو وہ موت کا شکار ہوگا، اگر جسم میں کوئی زیادتی بغیر مضرت ونقصان دیکھے تو یہ نعمت کی فراوانی کی دلیل ہے، اور اگر دیکھے کہ وہ اپنے جسم کو کھجلاتا ہے تو وہ اپنے قرابت داروں کے حالات کی جستجو کرے گا اور ان سے مشقت پائے گا، اور اگر دیکھے کہ اس نے جسم کو کھجلایا ہے اور کھجلاہٹ ختم نہیں ہوئی ہے تو اس کو اس کے اہل کی طرف سے تکلیف ومشقت پہنچے گی، اور اگر کھجلانے پر کھجلاہٹ ختم ہو گئی ہے تو وہ خیرِ عظیم حاصل کرے گا، اور جسم کا بڑا ہونا اور موٹا ہونا مال وعزت میں اضافہ کی دلیل ہے، اور جسم کا لاغر ہونا فقر محتاجگی اور مال وعلم میں نقصان کی علامت ہے، نیز خواب میں جسم اس چیز پر دلیل ہوتا ہے جس کے ساتھ انسان اپنی ستر ڈھانکتا ہے اور جسم کے ساتھ لگا تا ہے جیسے لباس، زوجہ، محبوب اولاد اور رہائش، نیز اس شخص پر دلیل ہوتا ہے جس کے ذریعہ تکلیفوں سے بچا جاتا ہے جیسے سلطانِ وقت، آقا اور بااختیار ولی اور سرپرست، لہٰذا جسم وبدن کا قوی ہونا، خوبصورت ہونا اور موٹا ہونا مذکورہ اشخاص کے حُسنِ حال پر دلیل ہے اور جسم کا ضعیف ہونا اور رنگت کا متغیر ہونا مذکورہ لوگوں کے سوءِ حال پر دلیل ہے، اگر خواب میں جسم موٹا تازہ خوبصورت ہو تو یہ بلند مرتبہ اور دشمنوں پر فتح یاب ہونے کی دلیل ہے۔

## ۵۳۰۔ الجشّ (پتھریلی جگہ):

خواب میں پتھریلی جگہ دیکھنا مفید کلام کے قصد پر دلیل ہے۔

Marfat.com

## ۵۳۱۔ الجُشاء (ڈکار):

خواب میں ڈکار لینا بے حقیقت اور بے اصل کلام کی دلیل ہے، اور کبھی فقیر کا ڈکارنا دولتمندی کی دلیل ہوتا ہے۔

## ۵۳۲۔ الجصّاص (چونا فروش):

خواب میں اس کا دیکھنا منافق اور فسادی آدمی کی دلیل ہے جیسا کہ اس کا دیکھنا امور کی درستگی اور زوالِ غم وفکر کی بھی علامت ہے۔

## ۵۳۳۔ جعالة (اجرت):

خواب میں اجرت پریشانیوں کے پیش آنے اور دوسرے کے مال وغیرہ پر نظر رکھنے اور طمع کرنے کی دلیل ہے، اگر خواب میں اجرت جمع کی ہے یا ایسا کام کیا ہے جو اجرت کو لازم کرتا ہے تو یہ ایفائے عہد، محبت کی حفاظت اور اجرتوں کے حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

## ۵۳۴۔ الجُعبة (ترکش):

ترکش کا دیکھنا زوجہ صالحہ اور مال واسرار میں امانتدار آدمی پر دلیل ہے، خواب میں اگر ترکش سے تیر نکالا ہے تو اسے نرینہ اولاد عطا ہوگی، خواب میں جو ترکش خریدے یا کہیں پائے تو وہ کسی عورت سے نکاح کرے گا، یا باندی خریدے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ ترکش دشمنوں پر ہیبت وخوف کی دلیل ہے، اور ترکش علاقہ اور قلعہ کی دلیل ہے، اور جو خواب میں دیکھے کہ اس کو ترکش دیا گیا ہے تو اسے سلطنت و ولایت ملے گی، اور ترکش اہلِ حکومت کے حق میں ولایت اور عرب کے حق میں عورت کی علامت ہے۔

## ۵۳۵۔ الجُعَل (سیاہ بھونرا):

خواب میں اس کا دیکھنا دشمن، اور مالِ حرام کا مالک ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ کہ سیاہ بھونرا کند ذہن، کینہ ور اور بغض رکھنے والے مسافر آدمی کی دلیل ہے، جو ایک شہر سے دوسرے شہر اموال منتقل کرتا ہے۔

## ۵۳۶۔ الجفاف (خشک ہونا):

رطوبت سے جسم کا خشک ہونا اور مرطوب ورق جب خشک ہوجائے تو یہ فقر ومحتاجگی اور تنگ حالی اور بے سکونی کی دلیل ہے۔

## ۵۳۷۔ الجفل (پانی سے خالی بادل):

خواب میں اس کا دیکھنا سفر کے لئے حرکات کے تیز ہونے اور ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونے کی دلیل ہے یا ایک مذہب یا دین سے دوسرے مذہب ودین کی طرف منتقل ہونے کی دلیل ہے۔

Marfat.com

## ۵۳۸۔ الجفن (پلکیں):

اگر پلکیں درد تکلیف سے خالی ہوں تو یہ تمام لوگوں خصوصاً عورتوں کے حق میں بہتر ہے، اگر پلکوں پر گوشت کم ہو اور ان میں پھوڑے ہوں تو یہ غم وحزن کی دلیل ہے، اور پلکیں انسان کے حفاظتی ہتھیار وغیرہ پر دلیل ہیں، اور ہر اس تکلیف پر جو انسان سے روکی جائے، اور کبھی پلکیں بھائی، بہن اولاد وازواج دروازے کی کواڑوں، صندوق، خزانہ اور دربان وچوکیدار لڑکیوں، رازداروں، امانتداروں اور مرض اور غضب پر دلیل ہوتی ہیں، اگر پلکیں ازاوج پر دلیل ہوں تو اوپر والی پلک نرینہ کی اور نیچے والی پلک مادینہ کی دلیل ہے، نیز وہ چرک چشم وغیرہ جو ان کے مابین پیدا ہوتا ہے وہ ولد کی دلیل ہے، پلکوں کے بال ان کے حال پر دال ہے جو اذیت وتکلیف کو دور کرنے والے ہیں، اور پلکوں کا خوبصورت اور صاف ہونا اس شخص کے حُسنِ حال پر دلیل ہے، اور پلکوں کو بادل سے اور آنسوؤں کی بارش کے ساتھ تشبیہ دی جاتی ہے، اور بیمار پلکیں خواب دیکھنے والے کے عشق کی دلیل ہے، اور اگر آنکھ مال کی دلیل ہے تو پلکیں اس مال کا قلعہ ہے۔

## ۵۳۹۔ الجفنة (بڑا برتن):

خواب میں بڑا برتن عورت کی یا خادم کی یا پھر رزق کی دلیل ہے۔

## ۵۴۰۔ الجلّاب (لانے والا):

اس کی چند اقسام ہیں۔ایک ہوتا ہے سامان لانے والا (یعنی تاجر) خواب میں اس کا دیکھنا مغرور اور دنیا دار آدمی کی علامت ہے، جو مال ودولت جمع کرتا ہے، اور ایک ہوتا ہے دودھ لانے والا، اس کا دیکھنا طالب علم کی علامت ہے جو سفر کرتا ہے اور علوم ودین سے استفادہ کرتا ہے، اور ایک ہوتا ہے بکریاں لانے والا (یعنی ان کا تاجر) اس کا دیکھنا صاحبِ مشہد کی دلیل ہے جس میں کوئی خیر وبھلائی نہیں ہے اور وہ جابر بادشاہ ہوگا، لوگوں سے ظلم وزیادتی روا رکھے گا، نیز بکریوں کا تاجر ایسے شخص کی دلیل ہے جو بہت زیادہ مال ودولت جمع کرنے والا ہو، نیز بکریوں کا تاجر دیکھنا نیک نام آدمی کی علامت ہے جو مالِ حلال جمع کرتا ہو۔

## ۵۴۱۔ الجلّاد (جلّاد):

خواب میں جلّاد دیکھنا دشنام طراز آدمی کی دلیل ہے، اور اس کا دیکھنا غم وپریشانی اور تکلیف اور امراض کی علامت ہے، نیز ان امور پر دلیل ہے جو موجبِ حد ہیں۔

## ۵۴۲۔ جلّاء الصُفر (پیتل کو چمکانے والا):

خواب میں وہ ایک ایسا آدمی ہے جو لوگوں کے سامان کو مزین کرتا ہے اور ان کو اپنی طرف کھینچتا ہے، اور بعض کا قول یہ ہے کہ وہ نیک صالح آدمی ہے اور کبھی اسکی تعبیر دھوکہ باز سے بھی کی جاتی ہے، اور نیز جلّاد کا دیکھنا اس عالم اور واعظ کی دلیل ہے جو اپنے وعظ کے ذریعہ دلوں کے زنگ اور میل کو دور کرتا ہے اور انہیں جلا بخشتا ہے۔

Marfat.com

## ۵۴۳۔ الجلالة (عظمت):

خواب میں جلالت وعظمت لوگوں کے سامنے جلیل القدر منصب وعہدہ پر دلیل ہے، اور اللہ تعالیٰ کے سامنے عظمت بلندی درجات کی دلیل ہے اور کبھی عظمت ورفعت کافر کی ہدایت اور عاصی اور گنہگار کی توبہ پر دلیل ہوتی ہے۔

## ۵۴۴۔ الجلبان (مٹر):

خواب میں اس کا دیکھنا رزق کی علامت ہے۔

## ۵۴۵۔ الجلبة (چیخ وپکار): دیکھئے الضجیج (چیخ وپکار)

## ۵۴۶۔ الجلاجل (گھنٹیاں): دیکھئے الجرس (گھنٹی)

## ۵۴۷۔ الجلح (سر کے بال اڑ جانا):

خواب میں جو شخص خود کو گنجا دیکھے اور اس کا کوئی رئیس ہو تو وہ اس کا کچھ مال لے اڑے گا، یا جلنے کے سبب اس کو نقصان پہنچے گا، یا بادشاہ کی جانب سے کوئی گزند پہنچے گا۔

## ۵۴۸۔ الجلد (کھال):

کھال انسان کا ستر اور موت وحیات میں اس کا مالِ متروکہ ہے، جو خواب میں دیکھے کہ جیسے اس کی کھال کھینچی جارہی ہے جس طرح بکری کی کھال اتاری جاتی ہے، تو اگر وہ مریض ہے تو یہ خواب اس کی موت کی نشاندہی کرتا ہے، اور اگر مریض نہیں ہے تو محتاج ہوگا اور رسوا ہوگا، اور جسمانی طور پر موٹا ہونا دین وایمان کی قوت کی نشانی ہے، اگر دیکھے کہ اس کا جسم سانپ جیسا ہوا ہے تو وہ اپنی پوشیدہ عداوت ظاہر کرے گا، اور کھال انسان وغیرہ کی حفاظت سے بھی عبارت ہوتی ہے، اور وہ انسان والد، والدہ، سلطان، مال ودولت، گھر بار، لباس، زوجہ اور زمین، صحت، مرض، عبادت وایمان سے عبارت ہے، اور کبھی کھال انسان کے دشمن اور اس کے چغلخور دوست کی دلیل ہوتی ہے، کیوں کہ کھال قیامت کے روز اپنے صاحب کے خلاف گواہی دے گی، اور کبھی کھال تمام امور میں صبر اور برداشت کی دلیل ہوتی ہے۔ جو شخص اپنی کھال خواب میں خوبصورت ہوئی دیکھے تو یہ خیر وراحت اور امراض سے شفایابی پر دلیل ہے اور اگر میت کی کھال خوبصورت نظر آئی تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ وہ جنت کی نعمتوں سے نوازا گیا ہے، اور اگر اس کی کھال سیاہ یا غلیظ دکھائی دے تو یہ اس کے مبتلائے عذاب ہونے کی دلیل ہے، اور کھال کا سیاہ ہونا دین کے ترک کرنے پر دال ہے، اور جسے نوبی (نوبہ ضلع کا باشندہ) غلام ہدیہ میں دیا گیا تو اس کو کوئلہ کا لدان ہدیہ میں دیا جائے گا، جو خواب میں سیاہ فام عورتیں دیکھے کہ وہ اس کے قریب آئی ہیں تو ان کے دیکھنے کی وجہ سے عمدہ اور کثیر خیر اس کے قریب آئی گی، لیکن وہ عورتیں دشمن کی قسم سے ہیں، اور رنگ کا سرخ ہونا باوقار اور کشادہ حالی کی دلیل ہے اور بعض کہتے ہیں کہ اگر سرخی کے ساتھ سفیدی ہو تو اس کا صاحب عزت وقار پائے گا، اور رنگ کا زرد ہونا علامتِ مرض ہے، اور جو شخص کالا ہو اور خواب میں خود کو سفید دیکھے تو اسے ضعف ذلت ومشقت لاحق ہوگی، اور اگر خواب میں دیکھے کہ اس کا جسم وبدن اور چہرہ دونوں

Marfat.com

سرخ ہو گئے ہیں تو وہ طویل الغم ہوگا، اور تمام حیوانات کی کھالیں میراث کی نشانی ہیں، اور بعض کا قول ہے کہ کھال گھر کی دلیل ہے بشرطیکہ اس کا مالک ہو، اگر بادشاہ لوگوں کی کھالیں اتارے تو یہ ظلم کی دلیل ہے کہ وہ ان پر ظلم کرے گا، اور ان کے اموال غصب کرے گا، اور اگر کسی شاعر کی کھال اتاری گئی ہو تو اس کے اشعار چوری ہوں گی۔

## ۵۴۹۔ الجلّوز (چلغوزہ):

خواب میں چلغوزہ کامل سخت آدمی ہے، اور اس کا ثمرہ مال ہے۔

## ۵۵۰۔ الجلید (برف):

اگر برف خواب میں اپنے زمانہ اور وقت میں دیکھی گئی ہو تو یہ غم فکر کے دور ہونے کی دلیل ہے، نیز دشمنوں اور حاسدین کی ذلت ورسوائی کی دلیل ہے، اور جب برف نے درختوں کو برباد کر دیا ہو اور دروازوں کو بند کر دیا ہو تو یہ معاش کے خراب ہونے، حالات کے رکجانے اور سفروں کے دشوار ہونے کی دلیل ہے اور کبھی برف کا دیکھنا مضبوط وتوانا آدمی اور کوڑے لگانے کی دلیل ہوتا ہے، خواب میں جو برف میں گر گیا ہو تو وہ بلا ومصیبت میں گرفتار ہوگا، اور پانی کا جمنا غم اور عذاب ہے، الّا یہ کہ انسان خوب میں دیکھے اس نے پانی مانگا اور پھر اسے برتن میں ڈال دیا تو ہ منجمد ہو گیا تو اس خواب کی تعبیر یہ ہے کہ اس کا مال ودولت منجمد رہے گا اور باقی رہے گا، اور پانی کے منجمد ہونے کی جگہ بادشاہ کا بیت المال ہے۔

## ۵۵۱۔ الجمّ (کثیر ہونا):

خواب میں کثرت حبّ مال اور اس کو جمع کرنے کی دلیل ہے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔ "تحبّون المال حُبًّا جَمًّا" (۱) تم مال سے بہت محبت کرتے ہو، اگر اپنے بالوں کو جُمہ بنایا ہے (یعنی سر پر بال بہت ہوں) تو اسے نفع بخش مال عطا ہوگا، اور اگر اس نے جُمہ کو کھولا ہے تو اپنے مال کو فضول خرچ کرے گا، اور اگر اپنے آپ کو عظیم خیال کیا ہے تو اپنی سواری قطع کرنے اور اپنا نام زائل کرنے کی کوشش کرے گا۔

## ۵۵۲۔ الجمار (رمیِ جمار کرنا):

خواب میں رمیِ جمار (حاجی حضرات منیٰ میں جو کنکریاں مارتے ہیں) وراثت میں حاصل ہونے والا مال ہے، اور کبھی رمیِ جمار جدائی پر اور کبھی مالِ حلال اور تنگی کے آسان ہونے پر دلالت کرتی ہے، یا پھر جوانی اور اس کے منتقل ہونے یا قریب الوقت بچے پر یا نا تمام بچہ پر دلالت کرتی ہے۔

## ۵۵۳۔ الجماع (تعلق ازدواجی کرنا): دیکھئے المجامعة (تعلق ازدواجی کرنا)

## ۵۵۴۔ الجماعة (جماعت):

جو خواب میں لوگوں کی جماعت دیکھے تو عنقریب اللہ تعالیٰ اس کو آزمائش سے نکال کر رحم وکرم فرمائیں گے، اور کبھی یہ خواب خسارہ ونقصان پر دلالت کرتا ہے، اور کبھی تفکرات وتکالیف پر دلالت کرتا ہے، اگر کسی انسان کو لوگوں کی

Marfat.com

جماعت کے درمیان مردہ حالت میں دیکھے تو وہ مرحوم ہے۔

## ۵۵۵۔ الجمال (خوبصورتی):

خواب میں انسان کے لباس جسم وبدن اور سواری کا خوبصورت ہونا اس کے دشمن کے بُرے حال پر دال ہے۔اور نیز خواب میں حسن وجمال والی وحاکم اور سپاہوں اور لشکروں کے مدبرّ اور منتظم پر دلیل ہے، اور خوبصورتی کا دیکھنا سفر اور مریض کی موت پر دال ہے، اور کبھی خوبصورتی ملاح اور کشتیوں کے مدبرّ اور منتظم پر دلیل ہوتی ہے۔

## ۵۵۶۔ جُمان المرأة (عورت کا زیور):

اگر عورت نے پازیب باندھی ہوتو یہ اس کے خاوند کے نیک ہونے اور اس کے ساتھ اچھا سلوک کرنے پر دلیل ہے۔ اگر پازیب جڑی ہوئی ہو اور موتی کھلے ہوں یعنی پروئے ہوئے نہ ہوں تو یہ مرد وعورت دونوں کے لئے نقصان کی دلیل ہے، اگر وہ موتی چاندی کے ہوں تو وہ اپنی اہلیہ کی طرف سے کمزوری دیکھے گا، اگر موتی پتھر نگینے کے ہوں تو یہ اس کے ان بھائیوں پر دلیل ہے جو اس کو رسوا کریں گے۔

## ۵۵۷۔ الجمرة (انگارہ):

خواب میں انگارہ جلدی حاصل ہونے والا رزق اور مطلوب شے ہے، اور کبھی اس کی تعبیر زیورات اور تھوڑے سے دیناروں سے ہوتی ہے، اور کبھی انگارہ کا دیکھنا حصولِ علم کی دلیل ہوتا ہے۔

## ۵۵۸۔ الجمز (کودنا):

خواب میں کودنا پریشان کن خبروں اور احباب کی صحبت ومجلس میں آنے جانے اور ان کے ساتھ چلنے پھرنے کی دلیل ہے۔

## ۵۵۹۔ الجمع (جمع کرنا):

خواب میں مناسب اشیاء کا جمع کرنا جیسے سونے کے ساتھ موتیوں کا یا سونے کے ساتھ عنبر کا یا موتیوں کے ساتھ جواہرات کا جمع کرنا لوگوں کے علم اور رائے سے فائدہ پانے کی دلیل ہے۔

## ۵۶۰۔ الجمعة (جمعۃ المبارک):

جو خواب میں دیکھے کہ وہ جمعہ کے دن میں ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے متفرق امور جمع فرمائیں گے اور اسے تنگی سے آسانی کی طرف لے جائیں گے اور اسے برکات حاصل ہوں گی، اگر دیکھے کہ لوگ مسجد میں نماز جمعہ پڑھتے ہیں اور وہ خود اپنے گھر میں یا دکان میں ہے اور تکبیر، رکوع، سجدہ، التحیات، اور سلام کی آواز سنتا ہے اور اس کا گمان ہے کہ لوگ نماز سے واپس لوٹے ہیں تو اگر اس علاقہ کا حاکم ہے تو معزول ہوگا، اگر دیکھے کہ وہ نماز کی پابندی کرتا ہے تو اس کو عزت ومقام

Marfat.com

نصیب ہوگا اور بعض کہتے ہیں کہ جو جمعہ کا دن دیکھے تو یہ ایک ایسے امر کی دلیل ہے جس کے بارے میں وہ نیک گمان رکھتا ہے، جو دیکھے کہ وہ جمعہ کی نماز پڑھتا ہے تو وہ کوئی ممنوع سفر کرے گا، اس میں اس کو مال ورزق حاصل ہوگا، بشرطیکہ نماز کو پورا کیا ہو۔ اگر وہ بادشاہ کے ساتھ متصل تھا تو وہ کسی چیز کو ترجیح دے گا، یا اس سے کوئی حاجت طلب کی جائے گی جو پوری ہوگی، جو خواب میں خود کو نماز جمعہ پڑھتے دیکھے تو اس کے ارمان اور امیدیں پوری ہوں گی، خواب میں جمعہ کی نماز فرحت ومسرت اور حج اور دوست کے ملنے اور حاجات کے پورا ہونے کی دلیل ہے۔

## ۵۶۱۔ الجمل (اونٹ):

خواب میں اونٹ رنج وغم کی دلیل ہے، جو خواب میں دیکھے کہ وہ کسی فرمانبردار اونٹ پر سوار ہوا ہے تو اس کی حاجت کسی عجمی آدمی سے پوری ہوگی، اور اگر وہ عربی ہے تو اسے حج کی سعادت حاصل ہوگی، اگر راستہ میں اونٹ سے اترا ہے تو بیمار ہوگا، اور سفر دشوار ہوگا، لیکن پھر شفایاب ہوگا، اور تمام امور آسان ہوجائیں گے، اگر اونٹ کو دیکھے کہ وہ اس پر حملہ کرتا ہے تو رنج وغم میں مبتلا ہوگا، یا مرض میں مبتلا ہوگا، اور یا پھر کسی بے وقوف آدمی کے ساتھ جھگڑا ہوگا، اگر خواب میں اونٹ کی لگام پکڑی ہے اور اس کو معلوم راستہ میں لیکر چلائے تو وہ کسی شخص کی گمراہی سے راہِ راست کی طرف رہنمائی کرے گا، اور اگر اس اونٹ کو کسی نامعلوم راستہ میں لیکر گیا ہے تو پھر اس کو راہِ فساد کی طرف لے کر جائے گا، اور کبھی اونٹ کی نکیل پکڑ کر لے جانا اس بات کی دلیل ہوتا ہے کہ وہ کسی آدمی کے تمام امور کا مالک وضامن ہوگا اور بختی اونٹ (خالص النسب) عجمی آدمی ہے، اور عربی اونٹ اعرابی (دیہاتی) آدمی ہے اور سدھایا ہوا اونٹ مالدار دشمن ہے، اگر خواب میں اونٹ خریدا ہے تو وہ دشمنوں کی دل جوئی کرے گا اور ان کی طرف جھکے گا تاکہ وہ اس کا کہا مانیں۔ اگر اس پر سوار ہوا ہے تو سفر پیش آئے گا، اگر خواب میں دیکھے کہ وہ صحیح النسل عربی اونٹ چراتا ہے تو عرب کی ولایت اس کو ملے گی، اور اگر وہ بختی اونٹ تھے تو یہ عجم کی ولایت کی علامت ہے، اگر اونٹ کا سر کھایا ہے تو کسی عظیم آدمی کی غیبت کرے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ جو دیکھے کہ وہ اونٹ پر سوار ہوا ہے تو وہ یا بیمار ہوگا یا سفر کرے گا، یہی تعبیر ہے اگر اس کو لیٹا ہوا دیکھے، اگر اونٹ کے بال پکڑے ہیں تو باقی رہنے والا مال حاصل ہوگا، اس کو ذخیرہ کرے گا، اگر اس کو اپنی دیوار یا باغ میں دیکھے تو خیر وبرکت اور فرحت حاصل ہوگی، اگر ایک شہر میں بہت سے اونٹ دیکھے تو اس شہر میں اموات اور لڑائی واقع ہوگی، اگر اونٹ ملکیت میں آیا ہے تو سلطنت ومقام پائے گا، اور اس کے ماتحت آدمی ہوں گے، دشمن پر غالب آئے گا، اگر دیکھے کہ وہ اونٹ کی پشت سے گویا گرا ہے تو محتاج ہوگا، اگر دیکھے کہ جیسے دو اونٹ آپس میں لڑتے ہیں تو دو بادشاہوں کے مابین لڑائی ہوگی، اگر دیکھے کہ کوئی اونٹ اس سے لڑتا ہے اور اس کا کوئی عضو توڑتا ہے تو اس کو دشمن کی طرف سے گزند ونقصان پہنچے گا، وہ دشمن اس کے ساتھ لڑیں گے حتی کہ وہ ان کے سامنے شکست کھائے گا، مغلوب ہوگا، اگر دیکھے کہ جیسے اس نے اونٹ ذبح کیا ہے تو اسے راحت پہنچے گی۔ جس میں وہ اپنے دشمن پر غالب رہے گا اور اسے قتل کر کے اس پر غالب آئے گا، اور اونٹ کبھی کشتی کے چپو کی اور کبھی اس کی تیز رفتاری کی دلیل ہوتا ہے، اور نیز اونٹ مسافر کے حق میں اس کی دلیل ہوتا ہے کہ اس کا سفر سہل اور جلدی ہوجائے گا یا اس کے خلاف

Marfat.com

دلیل ہوتا ہے، دراصل یہ خواب میں اونٹ کی حالت پر مبنی ہے، اور رہے باقی لوگ تو بھاگنے والے یا کسی مقدمہ میں مبتلا شخص یا اپنے دوست واحباب کی مصاحبت ترک کرنے والوں کے حق میں اونٹ کا دیکھنا اس بات کی دلیل ہے کہ وہ ایسے لوگ ہیں جنہیں کوئی معرفت، ثابت قدمی، اور عقل وشعور حاصل نہیں ہے، اور بزدلی ان پر غالب ہے، جو اونٹ کی پشت سے گر گیا ہو تو فقر وفاقہ کا شکار ہوگا، اگر اونٹ نے اس کو مارا ہے تو شدید بیمار ہوگا، اگر اونٹوں کی قطار دیکھے تو یہ موسم سرما میں بارش کی دلیل ہے، اگر بہت زیادہ اونٹ دیکھے کہ اس کے شہر میں گھس آئے ہیں تو اس شہر میں طاعون واقع ہوگا، جو اپنے گھر میں اونٹ قتل کرے تو اس گھر میں کوئی آدمی گر کر مرے گا، جو اپنے گھر میں جوان اونٹنی ذبح ہوئی دیکھے تو اس گھر میں معززین کی ضیافت کرے گا، جو خود کو خواب میں اونٹ بنا دیکھے تو وہ لوگوں کی ذمہ داری کا بوجھ اٹھائے گا، اور بختی اونٹ سفر بلا مشقت پر دلیل ہے، اور اونٹ کا گوشت کھانا مرض کی دلیل ہے، اور بعض معبرّین کا قول ہے کہ اس خواب میں کوئی پریشانی کی بات نہیں ہے، خواب میں جو شخص اونٹوں کا مالک ہوا ہو تو وہ اچھا انجام اور دین واعتقاد کے سلسلہ میں عافیت وسلامتی پائے گا، اور اونٹ کا دیکھنا اعمالِ بد کی بھی دلیل ہے، اور نیز اونٹ رہائش، کشتی کی بھی دلیل ہے، اس لئے کہ اونٹ خشکی کی کشتی ہے، اور کبھی اونٹ موت کی، یا ازدواجی تعلق شدہ زوجہ کی یا کینہ وحسد اور انتقام لینے کی دلیل ہوتا ہے اگر چہ وہ انتقام بدیر ہو، اور اونٹ بڑے صابر شخص یا جلد بازی کا ارادہ رکھنے والے کے لئے حالات کی سست رفتاری کی دلیل ہے، اور اونٹ رزق کی دلیل ہے، اور بختی اونٹ جلیل القدر لوگوں اور اربابِ سفر کی دلیل ہے، جیسے برّ وبحر کے تاجر لوگ، اور کبھی یہ اونٹ عجمی اور اجنبی لوگوں کی دلیل ہوتا ہے، اور ان اونٹوں کا دیکھنا تفکرات وتکالیف اور مال وعیال کے سلب ہو جانے پر بھی دال ہوتا ہے، اور کبھی اونٹ شیطان کی دلیل ہوتا ہے، یا منافق جاہل آدمی پر دلیل ہوتا ہے، جو اونٹ کی سواری کرے اور وہ بیمار ہو تو موت کا شکار ہوگا، اور اگر تندرست ہو تو سفر کرے گا، لیکن اگر شہر کے وسط میں سواری کرے یا خود کو اس کے ساتھ چلتے ہوئے دیکھے تو یہ حزن وغم کی دلیل ہے، اگر اونٹ پر عورت سوار ہوئی ہے وہ عورت بے خاوند ہے تو شادی ہوگی، اگر شوہر غائب ہو تو اس کے پاس آجائے گا، جو اونٹ کو دیکھے کہ اس کے حلق میں داخل ہو گیا ہے یا اس کے حوض میں یا اس کے کسی برتن میں داخل ہوا ہے تو یہ کسی جن کے اس کے اندر داخل ہونے کی دلیل ہے یا برتن جس چیز کی دلیل ہے یعنی اہل وخدام اس پر دال ہے، جو اپنے گھر میں اونٹ ذبح شدہ دیکھے تو گھر کا مالک وفات پائے گا اگر وہ مریض ہے، یا اس کا غلام وفات پائے گا، خصوصاً جبکہ اس کا گوشت ٹکڑے کیا ہو یا اس کے اعضاء جدا جدا کئے ہوں تو یہ اس کی میراث کی نشانی ہے، اگر اونٹ کھانے کیلئے ذبح کیا ہے اور وہاں کوئی مریض نہیں ہے تو یہ خزانہ گاہ ہے جس کو وہ کھولے گا، یا عدل کرنے کی دلیل ہے، اگر اونٹ شہر کے وسط میں یا لوگوں کی ایک جماعت کے درمیان میں ہو تو یہ بارعب آدمی کے قتل ہونے یا مرنے کی دلیل ہے، اگر اونٹ ذبح شدہ ہو تو یہ مظلوم آدمی کی دلیل ہے، اگر زندہ اونٹ کی کھال کھینچی ہے تو اس کی سلطنت جاتی رہے گی یا معزول ہوگا، یا اس کا مال غصب ہوگا، جو اونٹ کو گوشت کھاتے دیکھے یا لوگوں کے گھروں پر دوڑتے دیکھے کہ ہر گھر سے کوئی نامعلوم چیز کھاتا ہے تو یہ وبا کی علامت ہے جو لوگوں میں پھیلے گی، اگر اونٹ دیکھے کہ لوگوں کو دور کرتا ہے تو یہ سلطان ہے یا دشمن ہے یا سیلاب ہے جو لوگوں کو نقصان پہنچائے گا، خواب میں اگر اونٹ کے پاؤں یا اس کا کوئی عضو کاٹا ہے یا اس کو کھایا ہے تو اسی قدر خرابی وہلاکت ہوگی، اور بعض

Marfat.com

حضرات کہتے ہیں کہ عربی اونٹ کی سواری حج کی علامت ہے، اگر اونٹ کی لگام پکڑ کر اسے کسی معلوم مقام پر لے گیا ہے تو یہ فاسد آدمی کے درست ہونے اور نیک ہونے پر دال ہے، اور اگر نا معلوم مقام پر لے گیا ہے تو یہ اس کے فاسد ہونے کی دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ اونٹ کو نکیل پکڑ کر لے جانا بعض سرداروں کا اس کے لئے فرمانبردار ہونے کی دلیل ہے، جو خواب میں اونٹنی کا دودھ دھوتا ہے اس کو سلطان کی جانب سے مال وزر ملے گا، اگر دودھ کی جگہ خون دھوتا ہے تو مالِ حرام حاصل ہوگا، جو دیکھے کہ وہ کسی تنگ جگہ میں اونٹ کو داخل کرتا ہے اور وہ جگہ اس کیلئے کافی نہیں ہوتی ہے تو یہ بدعت کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ اونٹ نے اس کو روندا ہے تو اس کو خوف، شدت اور ذلت پہنچے گی، اگر کسی جگہ کا عامل (گورنر) ہو تو نقصان اٹھائے گا، جو خواب میں دیکھے اسے اونٹ کی کھال حاصل ہوئی ہے تو اس کو اموال ملیں گے۔

## ۵۶۲۔ الجمّیز (درختِ گولر):

خواب میں درختِ گولر (انجیر کی شکل کا درخت ہے) حلال اور کثیر النفع مال کی دلیل ہے، خواب میں گولر کا پھل کھانا مبارک رزق کی علامت ہے، درخت گولر نفع رساں، نیک کاموں میں ثابت قدم، سخت جنگجو اور بڑے مالدار آدمی کی دلیل ہے، اور درختِ گولر حسب نسب اور مالدار عورت کی نشانی ہے اور کبھی اس درخت کا دیکھنا ضعفِ قلب اور ضعفِ بصر کی دلیل ہوتا ہے۔

## ۵۶۳۔ الجنّ (جن):

خواب میں جن کا دیکھنا دنیاوی امور کے لئے حیلہ وتدبیر استعمال کرنے والوں کی دلیل ہے، مگر یہ کہ دیکھا ہوا جن حکیم ہو، جو دیکھے کہ وہ جن بن گیا ہے تو اس کی تدبیر قوی ہوگی، جو جنات کو دیکھے وہ اس کے گھر کے قریب کھڑے ہیں تو یہ خسارہ کی دلیل ہے، یا اس بات کی نشانی ہے کہ اس کے ذمہ کوئی واجب نذر ہے، جو خواب میں جنات کو اپنے گھر داخل ہوتے دیکھے کہ وہ اس میں کوئی کام کرتے ہیں تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اس کے گھر میں دشمن داخل ہوں گے، اور چور ڈاکو اس کو نقصان پہنچائیں گے، جو خواب میں دیکھے کہ جیسے وہ جن کو قرآن کریم کی تعلیم دیتا ہے یا وہ جنات اس سے قرآن سنتے ہیں تو ریاست و ولایت حاصل ہوگی، جو خواب میں دیکھے کہ وہ جنات کی صحبت میں بیٹھا ہے تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ وہ صاحبانِ سفر اور اسرار و رموز کے واقف کاروں کے قریب ہوگا، اور کسی وقت جنات کا دیکھنا بر و بحر میں سفر کرنے پر دال ہوتا ہے، اور کبھی مال کے چوری ہونے، غصب ہونے اور زنا کاری اور شراب خوری کی دلیل ہوتا ہے، نیز کبھی بدعات کے مقامات، گرجا گھروں، شراب خانوں اور ناچ گانے وغیرہ کی دلیل ہے، اور جنات کا دیکھنا شعبدہ بازوں اور وہم پرستوں اور کافروں اور مسلمانوں کے مابین تفرقہ ڈالنے کی دلیل ہے، نیز ان کا دیکھنا ان کے امر و نہی اور خبر دینے کی علامت ہے، جو خواب میں دیکھے کہ اس نے کسی جن سے شادی کی ہے تو وہ فاسق عورت کے ساتھ مبتلا ہوگا، یا وہ بیمار جانور خریدے گا، اور اگر وہ بادشاہت کی اہلیت رکھتا ہے تو بادشاہ ہوگا، یا بلند درجہ کو پہنچے گا، اگر دیکھے کہ اسے جنات میں سے اولاد دی گئی ہے تو کسی خسیس وذلیل آدمی سے کسب ومعاش حاصل کرے گا یا مدفون مال حاصل ہوگا، اگر بادشاہ خواب دیکھے کہ اس نے کچھ جنات روک رکھے ہیں، ان کو زنجیروں میں جکڑ رکھا ہے تو وہ ایک علاقہ پر کنٹرول حاصل کرے گا، اور اس شہر

Marfat.com

کے کفار کو پکڑے گا، اور ان کو قید کرے گا، اگر خواب میں جنات کے ساتھ کشتی اور مقابلہ کیا اور ان کو پچھاڑ دیا تو ان کے شر سے محفوظ رہے گا، اور اگر جنات نے اس کو پچھاڑ دیا تو وہ اپنے مکروفریب سے اس کو نقصان پہنچائیں گے، یا یہ کہ یہ شخص سود خواروں میں سے ہے، اور جنات میں بادشاہوں کا دیکھنا سابقہ لیڈروں، حاکموں یا مشائخ یا علماء یا بچوں کو ادب کی تعلیم دینے والوں یا مقروضوں اور ضامنوں کی دلیل ہوتا ہے، اور کبھی جن کا دیکھنا جلانے والی آگ یا شیشہ کے برتنوں کی دلیل ہوتا ہے جو آگ سے بنائے جاتے ہیں یا حشرات الارض اور موذی جانوروں مثلاً سانپ بچھو، اژدھا وغیرہ پر دلیل ہے۔

## ۵۶۴۔ الجنابة (جنابت پیش آنا):

جو خواب میں دیکھے وہ جنبی ہے (غسل کی حاجت ہوئی ہے) تو وہ کسی کام میں بے وضوعی کرتا ہے، جو شخص دیکھے کہ وہ حالتِ جنابت میں نماز پڑھ رہا ہے تو وہ نیک کام کے سلسلہ میں سفر کرے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ اس خواب کی تعبیر یہ ہے کہ وہ دین کا فاسد ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ جنابت کا دیکھنا امور کا خلط ملط ہونا ہے، جو دیکھے کہ وہ جنبی ہے اور اسے پانی دستیاب نہیں ہو رہا تا کہ غسل کرے تو دنیا وآخرت کے مطلوبہ امور کا حصول اس پر دشوار ہوگا۔

## ۵۶۵۔ الجناح (پَر):

خواب میں پَر بیٹا ہے، جو خواب میں اپنے دو پر دیکھے تو اس کے ہاں دو بیٹے ہوں گے، جناح پر کو کہتے ہیں اور تعبیر کے اعتبار سے پر مال کی علامت ہے، اور کبھی پر شراب (پینے کی چیز) کی دلیل ہوتا ہے، اور کبھی جاہ ومنصب کی دلیل ہوتا ہے، اس لئے کہ کہا جاتا ہے کہ فلاں شخص نے دوسرے کے پر کے ساتھ پرواز کی، اور کبھی پر کھیت کے اگنے کی دلیل ہوتا ہے، جو دیکھے کہ اس کا پر ہے جس کے ساتھ وہ اڑتا ہے تو جس قدر زمین پر وہ بلند ہوا ہے اسی قدر شاہانہ سفر کرے گا، اور اگر اس پر کے ساتھ وہ نہیں اڑا ہے تو خیر اس کو حاصل ہوگی، اور دو پر مال واولاد ہے، جس کا پر ٹوٹ گیا تو اس کی اولاد بیمار ہوگی۔ اور جس کا پر اکھڑ گیا ہو تو اس کی اولاد مر جائے گی، اور پر مال وسفر بھی ہے، اور کبھی پر کا لگنا زخم پہنچنے کی دلیل ہوتا ہے، اگر پر اس پر ثقیل (بوجھل) ہوتا ہو اور اس کے ساتھ وہ اڑنے کی طاقت نہیں رکھتا ہے تو یہ گناہ اور سزا کی علامت ہے۔

## ۵۶۶۔ الجنازة (جنازہ):

جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ نماز جنازہ پڑھتا ہے تو وہ کچھ لوگوں سے اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی کے لئے بھائی چارہ قائم کرے گا یا کرتا ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ جنازہ منافق آدمی ہے جس کے ہاتھ سے چند بُرے لوگ ہلاک ہوں گے، اور اگر دیکھے کہ وہ چار پائی پر رکھا ہوا ہے اور اُسے کوئی بھی نہیں اٹھا رہا تو یہ شخص قید ہوگا، اگر کسی نے اٹھایا ہے تو وہ صاحب سلطان کے پیچھے لگتا ہے اور اس سے مال حاصل کرے گا، اور اس سے نفع اندوز ہوگا، اگر کسی جنازہ کے ہمراہ چلا ہے تو وہ فاسد مذہب صاحب سلطان کی اتباع کرے گا، جو خود کو خواب میں چار پائی پر دیکھے تو اس کے مال میں کثرت ہوگی، جو خود کو دیکھے کہ وہ کچھ لوگوں کے کندھوں پر اٹھایا ہوا ہے تو اسے رفعت وسلطنت حاصل ہوگی، اور لوگوں پر غلبہ حاصلہ ہوگا، اگر دیکھے کہ لوگ اس پر روئے ہیں تو اس کا انجام بخیر ہے، اگر لوگ اس پر نہیں روئے ہیں بلکہ انھوں نے اس کی مذمت کی ہے تو پھر انجام

Marfat.com

اس کا بخیر نہیں ہے، اگر لوگوں نے اس کے لئے دعائے خیر کی ہے اور اس کی اچھی تعریف کی ہے تو اس کا انجام محمود و مستحسن ہوگا، اگر دیکھے کہ وہ ایک جنازہ پر رکھا ہے جو زمین پر چلتا جارہا ہے تو وہ کشتی میں سوار ہوگا، اور اگر دیکھے کہ ایک جنازہ ہوا میں چلتا جارہا ہے تو کوئی رئیس یا عالمِ دین وفات پائے گا، یا حالتِ مسافرت میں یا حج وجہاد کے راستہ میں کوئی عظیم آدمی وفات پائے گا، اگر کوئی انسان دیکھے کہ بہت سے جنازے ایک جگہ رکھے ہیں تو اس کے اہلیان کثرت سے فسق وفجور اور بدکاری میں مبتلا ہیں، جو دیکھے کہ اس نے جنازہ اٹھایا ہے تو مالِ حرام ملے گا، اگر کوئی عورت دیکھے کہ وہ مرچکی ہے اور اسے جنازہ کی چارپائی پر ڈالا گیا ہے تو اس کی شادی ہوگی، اگر وہ شوہر والی ہو تو اس کے دین میں فساد پیدا ہوگا، اگر بازار میں جنازہ دیکھے تو یہ اس میں سامانِ تجارت کے ترقی پانے اور چلنے کی دلیل ہے، اور چارپائی کے اوپر اٹھانا منصب وعہدہ کی دلیل ہے، یا برّ وبحر میں سفر کی علامت ہے، جو خواب میں دیکھے کہ وہ کسی جنازہ کے ہمراہ چلتا ہے تو یہ مسافر کو رخصت کرنے یا اپنی راحت کی کوشش کرنے والے کی دلیل ہے، کیونکہ حدیثِ مبارکہ میں آیا ہے کہ جو جنازہ کے ہمراہ چلتا ہے اسے ایک قیراط اجر حاصل ہوتا ہے، اگر دفن میں بھی شریک رہا تو دو قیراط اجر حاصل کرے گا، اور قیراط کی قدر وعظمت کا احاطہ اللہ تعالیٰ ہی فرماسکتے ہیں۔

## ۵۶۷۔ الجنایۃ (جُرم کرنا):

خواب میں کوئی قصور اور جرم کرنا خوف وخطرہ میں پڑنے کی دلیل ہے اور کبھی مقاصد براری اور امیدیں پوری ہونے کی دلیل ہوتا ہے، جو حالتِ احرام میں شکار کا جرم کرے تو حالتِ بیداری میں اسی کے مانند جرمانہ ادا کرے گا۔

## ۵۶۸۔ الجندی (سپاہی):

خواب میں لشکر اللہ تعالیٰ کا لشکر یعنی ملائکہ، رحمت ہیں، اگر کوئی شخص دیکھے کہ وہ سپاہی ہے اور بادشاہ کا رزق اس کے رجسٹر میں کھاتا ہے تو وہ بلا مشقت والی بنے گا، جو دیکھے کہ اس نے اپنا نام رجسٹر میں لکھا ہے تو وہ مال حاصل کرے گا جس سے کفایت کی وہ امید رکھے گا، یا اپنی کم سے کم آرزو وامید پالے گا، جو خواب میں دیکھے کہ وہ سپاہی ہے تو اگر مریض ہو تو وفات پائے گا، وگرنہ غم وخسارہ پر دلیل ہے، اور غلاموں کے حق میں یہ خواب اس بات کی دلیل ہے کہ وہ اکرام واعزاز سے نوازیں جائیں گے مگر آزاد نہیں ہوں گے، جو بہت سے لشکریوں سپاہیوں کو ایک جگہ جمع ہوئے دیکھے تو یہ اہلِ حق کی نصرت پر دلیل ہے، اور لشکروں کا کم ہونا کامرانی کی دلیل ہے، جب سپاہی کو دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں کوڑا ہے، یا ڈنڈا ہے تو یہ معاش کے اچھے ہونے کی دلیل ہے۔ جو خواب میں کچھ سپاہیوں کو دیکھے جو شام، عراق یا یمن سے آرہے ہیں، تو یہ اختلافِ کلمہ کی دلیل ہے، اور لشکروں کا دیکھنا خوف کی دلیل ہے۔ اگر لشکرِ کفار لشکرِ اسلام سے افراد کے اعتبار سے زیادہ ہے تو حالتِ بیداری میں اسلامی لشکر کو غلبہ حاصل ہوگا۔ اگر سپاہیوں کے ساتھ نبی، یا بادشاہ یا عالم ہو تو یہ اہلِ توحید کی نصرت کی دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ سپاہی مؤمنین کے لئے نصرت اور ظالمین سے انتقام لینے کی دلیل ہے۔

## ۵۶۹۔ الجنزیر (زنجیر): دیکھئے السلسلۃ (زنجیر)

Marfat.com

## ۵۷۰۔ الجنّة (جنّت):

جو خواب میں جنت دیکھے اور اس میں داخل نہیں ہوا ہے تو یہ اس کے لئے نیک عمل کی بشارت ہے، اور بعض کہتے ہیں جو شخص اپنی آنکھوں سے جنت دیکھے تو اس کی ہر خواہش پوری ہوگی اور غم فکر دور ہوگا۔ اگر دیکھے کہ جیسے وہ جنت میں داخل ہونے کا ارادہ کرتا ہے مگر وہ روک دیا گیا ہے تو وہ حج اور جہاد سے دور رکھا جائے گا، بعد اس کے کہ حج اور جہاد کو اپنے دل میں جگہ دے، یا وہ ایسے گناہ سے توبہ کرنے سے روکا جائے گا جس کو وہ چھوڑتا نہیں اور اس پر اڑا ہوا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے جیسے جنت کا کوئی دروازہ اس کے سامنے بند کردیا گیا ہے تو اس کے والدین میں سے کوئی فوت ہوگا، اگر دیکھے کہ اس کے سامنے جنت کے دو دروازے بند کردیئے گئے تو اس کے والدین فوت ہوں گے، اگر خواب میں دیکھے کہ جنت کے سارے دروازے بند کردیئے گئے ہیں کوئی دروازہ کھولا نہیں گیا تو اس کے ماں باپ اس سے ناراض ہوں گے، اگر خواب میں دیکھے کہ وہ جنت کے جس دروازے سے چاہتا ہے داخل ہوتا ہے تو اس سے اس کے ماں باپ راضی اور خوش ہیں، اگر دیکھے کہ گویا وہ جنت میں داخل ہوا ہے تو دونوں جہاں کی مسرّتیں اور امن وسلامتی حاصل ہوگی، اگر دیکھے کہ جیسے اس کو جنت میں داخل کیا گیا ہے تو اس کی اجل قریب آچکی ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ اس خواب کا دیکھنے والا نصیحت حاصل کرے گا، اور اس شخص کے ہاتھ پر گناہوں سے توبہ کرے گا جو اس کو جنت میں داخل کرے گا، اور بعض کہتے ہیں جو شخص خواب میں خود کو جنت میں داخل ہوتے دیکھے تو کچھ مشقت جھیلنے کے بعد بامراد ہوگا، اس لئے کہ جنت مشقتوں کے ساتھ ڈھانپی گئی ہے۔ (جیسا کہ حدیث شریف میں آیا ہے)، اور بعض کہتے ہیں کہ اس خواب کا دیکھنے والا معزز اور بزرگ لوگوں کی صحبت اٹھائے گا، اور اچھی معاشرت پیدا کرے گا، اور اللہ تعالیٰ کے فرائض بجالائے گا، اگر خواب میں دیکھے کہ جیسے اس کو جنت میں داخل کیا جاتا ہے، لیکن وہ اس میں داخل نہیں ہوا ہے، تو یہ خواب دین ومذہب کے چھوڑنے پر دلیل ہے، اگر خواب میں دیکھے کہ جیسے اس کو کہا جارہا ہے کہ تو جنت میں داخل ہوگا تو اس کو میراث حاصل ہوگی، اگر خواب میں دیکھے کہ جیسے وہ جنت الفردوس میں ہے تو علم وہدایت حاصل ہوگی، اگر دیکھے کہ جنت میں ہنستے مسکراتے داخل ہوا ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کا کثرت سے ذکر کرتا ہے، اگر دیکھے کہ اس نے تلوار میان سے نکالی ہے اور جنت میں داخل ہوا ہے تو وہ شخص نیکی کا حکم اور برائی سے منع کرتا ہے اور اُسے نعمت اور ثواب اور حسنِ تعریف حاصل ہوگی، اگر دیکھے کہ جیسے وہ جنت کے اندر طوبیٰ درخت کے نیچے بیٹھا ہے تو وہ دونوں جہان کی خیر وسعادت حاصل کرے گا، اگر خواب میں دیکھے وہ ریاض الجنۃ میں بیٹھا ہے تو وہ اخلاص اور کمالِ دین کی دولت سے نواز جائے گا، اگر دیکھے کہ گویا اس نے جنت کے کچھ میوے پھل کھائے ہیں تو کھانے کے بقدر علم عطا ہوگا، اگر دیکھے کہ جیسے اس نے جنت کی شراب، پانی اور اس کا دودھ پیا ہے تو علم وحکمت اور استغناء حاصل ہوگی۔ اگر خواب میں دیکھے کہ جیسے وہ جنت کے بستر پر ٹیک لگائے ہوئے ہے تو یہ خواب اس کی اہلیہ کی عفت وپاکدامنی اور نیک ہونے کی دلیل ہے، اگر معلوم نہ ہو کہ کب جنت میں داخل ہوا ہے تو دنیا میں عزت ونعمت حاصل ہوگی،

Marfat.com

اور اگر دیکھے کہ جیسے اس کو جنت کے میوں اور پھلوں سے روکا گیا ہے تو یہ فسادِ دین کی دلیل ہے، اگر خواب میں دیکھے کہ گویا اس نے جنت کے پھل چنے اور اٹھائے ہیں اور دوسرے کو وہ پھل کھلا دیئے ہیں تو وہ دوسرے کو علم سے نفع پہنچائے گا جو اس پر عمل کرکے فائدہ اٹھائے گا، اگر دیکھے کہ گویا اس نے جنت کو آگ میں پھینکا ہے تو وہ باغ فروخت کرے گا، اور اس کی قیمت کھائے گا، اگر خواب میں دیکھے کہ جیسے وہ آبِ کوثر سے پانی پیتا ہے، تو ریاست اور دشمنوں پر فتح وکامیابی حاصل کرے گا، جو شخص خواب میں خود کو جنت کے کسی محل میں دیکھے تو ریاست حاصل ہوگی اور حسین عورت سے نکاح کرے گا، جو شخص خواب میں دیکھے کہ گویا وہ جنت کی جوان عورت سے نکاح کرتا ہے تو مملکت اور نعمت حاصل ہوگی، اگر خواب میں جنت کے داروغہ رضوان کو دیکھے تو اسے سرور ونعمت حاصل ہوگی، اور خوشگوار زندگی ملے گی، اور بلا ومصیبت سے محفوظ ہوگا، اگر دیکھے کہ جنت میں فرشتے اس کے پاس آتے ہیں اور اس کو سلام کرتے ہیں تو یہ شخص ایسا مقام حاصل کرے گا جس کے سبب جنت میں پہنچے گا، اور اس کا خاتمہ بخیر ہوگا، جو دیکھے کہ وہ جنت میں داخل ہوا ہے تو وہ عزت، مسرت اور عبادت کے ساتھ دخولِ جنت سے نوازا جائے گا، جو خواب میں دیکھے کہ وہ جنت کے کیلے کھاتا ہے اور اس کے سایہ میں بیٹھتا ہے تو وہ بامراد ہوگا، اگر جنت کا دودھ، شراب یا اس کا پانی پیا ہے تو وہ علم وحکمت اور نعمت سے نوازا جائے گا، جو شخص نہر کوثر سے پیئے تو اسے علم وعمل، یقینِ مستحکم اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کی اتباع نصیب ہوگی، اور اگر وہ کافر ہے تو مسلمان ہوگا، گنہگار ہے تو توبہ تائب ہوگا، یا بدعت سے سنت کی طرف منتقل ہوگا، یا فاجرہ زوجہ سے صالحہ زوجہ یا کسبِ حرام سے کسبِ حلال کی طرف منتقل ہوگا، (یعنی اختیار کرے گا) اور خواب میں جنت میں داخل ہونا اللہ تعالیٰ کے ساتھ حسنِ معاملہ اور حسنِ جزاء کی دلیل ہے اور کبھی دخولِ جنت کا خواب وراثت کی اور کبھی شدائد ومصائب سے خلاصی پانے پر دلیل ہوتا ہے، اور جو شخص جنت میں داخل ہوا ہو اور وہ مریض ہے تو اپنے مرض سے شفا پائے گا، اور بعض اوقات دخولِ جنت مالِ حلال اور اہل خانہ کے نیک ہونے اور خوفِ خدا تعالیٰ کی دلیل ہوتا ہے، اور کسی وقت دخولِ جنت باغات کے مالک ہونے اور رزق وبرکت کی دلیل ہوتا ہے، اور کبھی دخولِ جنت غموں کے ختم ہونے پر دلیل ہوتا ہے، اگر جنت میں سارے لوگ داخل ہوئے ہیں تو یہ خوشنودی، بادشاہ کے عدل وانصاف اور پھلوں میوں اور کھیتوں میں نزولِ برکات کی دلیل ہے، اگر جنت میں ایک ایسا شخص داخل ہوا ہے جس کے پاس اس کی تلوار یا زرہ ہے جس سے وہ لڑا ہے تو شہادت کی موت نصیب ہوگی، اگر جنت میں داخل ہوا ہے اور اس کے ساتھ اس کی زوجہ ہے تو یہ اس زوجہ کی دنیا میں اچھے رہن سہن کی دلیل ہے، اگر جنت میں ذکر کرتا ہوا یا تسبیح پڑھتا ہوا داخل ہوا ہے تو اسے جنت کا حصول تہجد، تسبیح اور تقدیس کے ذریعہ ہوگا، اگر جنت میں باب الریان سے داخل ہوا ہے تو اسے جنت روزوں کے ذریعہ حاصل ہوگی، اور خواب میں جنت کا دیکھنا جامع مسجد، مجالس ذکر اور بانفع بازار کی دلیل ہے، نیز حج وجہاد کی بھی دلیل ہے نیز امر بالمعروف اور نہی عن المنکر اور علم وعملِ صالح کی علامت ہے، اور کبھی جنت کا دیکھنا جُنّۃ (ڈھال) سے تعبیر کیا جاتا ہے جس کے ذریعہ وہ اپنے دشمن سے حفاظت کرتا ہے اور اپنا بچاؤ کرتا ہے، اگر

Marfat.com

خواب میں جنت کی نہروں سے پانی پیا ہے یا اس کے پھلوں سے کھایا ہے یا اس جنت کے درختوں سے سایہ حاصل کیا ہے یا جنت کی کوئی چیز حوروں اور لڑکوں وغیرہ دیکھی ہے تو اس کو علم وہدایت رزق ومملکت اور اولاد وطویل عمر حاصل ہوگی، یا شہادت کی موت نصیب ہوگی، اب جنت کی نہروں سے پانی پینے کی تعبیر بیان کی جاتی ہے، پانی کی نہر رزق کی دلیل ہے، دودھ کی نہر فطرت سلیمہ کی دلیل ہے، اور شراب کی نہر محبّتِ الٰہی کے نشہ اور حرام اشیاء سے بغض ونفرت کی دلیل ہے، اور شہد کی نہر علم وقرآن کی دلیل ہے، اور جنت کے پھل کھانا اعمالِ صالحہ اور اولاد وازواج کے نتائج ہیں، اور شجرۂ طوبیٰ کا سایہ حاصل کرنا اور اس کے ساتھ ٹیک لگانا حُسنِ عاقبت کی دلیل ہے، اور کبھی یہ خواب عبادت وریاضت کے لئے یکسوئی اور دیگر مشاغل ترک کرنے کی دلیل ہوتا ہے، اور احباب واصحابِ مناصب سے نفع حاصل ہونے کی علامت ہوتا ہے، اور سدرۃ المنتہیٰ مقاصد حاصل ہونے کی دلیل ہے، اور کبھی جنت کے درخت باعمل علماء، ائمہ مرشدین، حوروں اور وہاں کے لڑکوں پر دال ہوتے ہیں، اور خواص کے حق میں حورانِ جنت اور وہاں کے لڑکوں کا دیکھنا حالت بیداری میں احباب کے ساتھ تعلق داری کی دلیل ہے، اور اہل عمل کے حق میں ان چیزوں کا دیکھنا ان کے اعمال پر دلیل ہے، یا پھر دنیا کے نعمتوں مثلاً رہائش، خوشحال زندگی اور نوع بہ نوع لذات پر دلیل ہے، اور جنت کے محلات میں داخل ہونا بلند مناصب کے حصول، فاخرانہ لباس کے پہننے، آزاد عورتوں (یعنی جو باندیاں نہ ہوں) سے نکاح کرنے اور حُسنِ عاقبت (اچھے انجام) کی دلیل ہے اور جنت کے خازن (دراوغہ) رضوان علیہ السلام کا خواب میں دیکھنا بادشاہ کے خازن اور اس کے قاصدِ بخیر، وعدوں کے وفا ہونے، حاجات کے پورا ہونے اور دعاؤں کے قبول ہونے کی دلیل ہے، جو شخص خواب میں دیکھے وہ جنت میں داخل ہوا ہے لیکن نہ اس کے پھل کھائے ہیں اور نہ اس کی نہروں سے پانی پیا ہے تو وہ اپنے علم سے نفع نہیں اٹھائے گا، جو دیکھے کہ وہ جنت سے دھتکارا گیا ہے تو وہ واقعہ آدم علیہ السلام کی وجہ سے محتاج ہوگا، جو شخص خود کو دیکھے کہ وہ جنت میں گھوم پھر رہا ہے تو یہ اس کے رزق کے کشادہ ہونے اور شان کے بلند ہونے کی دلیل ہے، نیز خوف سے امن پانے کی بھی دلیل ہے، اور جو شخص خوفزدہ ہو اور خواب میں جنت دیکھے تو اسے طمانیت وسکون کا احساس ہوگا، اور اگر غمزدہ ہو تو اس کے غم فکر دور ہوں گے، اور اگر غیر شادی شدہ ہو تو اس کی شادی ہوگی۔

## ۵۷۱۔ الجنینۃ (باغیچہ): دیکھئے الحدیقۃ (باغیچہ)

## ۵۷۲۔ الجنون (دیوانگی):

خواب میں دیوانگی مالداری اور عزت ہے، دیوانگی اقبال بلند ہونے اور فرحتوں اور مسرّتوں کی دلیل ہے، اگر خواب میں کسی چیز کے چھونے کی وجہ سے حواس باختہ ہوا ہے تو یہ سود خوری کی دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ دیوانگی اس کے جنت میں داخل ہونے کی دلیل ہے، اور دیوانگی مال ہے جو اس کے صاحب کو حاصل ہوگا مگر یہ کہ اس کے خرچ کرنے کا

Marfat.com

عمل کرے، اور بعض کہتے ہیں کہ دیوانگی خواب میں لاحق ہونا بذریعہ وراثت کپڑے حاصل ہونے کی دلیل ہے، اور بچے کا دیوانہ ہونا اس کے باپ کے غنی ہونے کی۔ اور عورت کا دیوانہ ہونا خوشحالی کی دلیل ہے، نیز دیوانگی عشق یا دردناک ضرب یا اعمالِ صالحہ کی دلیل ہے۔

## ۵۷۳۔ الجهاد (جہاد):

خواب میں جہاد کرنا اہل وعیال کے نان نفقہ کے لئے دوڑ دھوپ کرنے کی دلیل ہے اور بعض کہتے ہیں کہ جہاد رزق کی دلیل ہے، اور کبھی جہاد راہِ راست اور نیک راہ پر چلنے اور باغیوں سرکشوں سے مناظرہ کرنے کی دلیل ہوتا ہے، جو شخص دیکھے کہ وہ جہاد کے لئے جاتا ہے تو اسے آخرت میں درجات ومقامات حاصل ہوں گے، اگر دیکھے کہ وہ جہاد فی سبیل اللہ کرتا ہے اور کافروں سے قتال کررہا ہے تو وہ اپنے اہل وعیال کے معاملہ میں بڑا محنتی ہے، اور قتال کی جدوجہد کسب ومعاش کے لئے جدوجہد کرنا ہے، اگر خواب میں دیکھے کہ وہ اپنے اسلحہ وہتھیار کے ساتھ جہاد کے لئے جاتا ہے تو یہ شخص بڑا متقی، پرہیز گار، نماز کی پابندی کرنے والا اور زکوٰۃ ادا کرنے والا ہے۔ اگر دیکھے کہ لوگ جہاد کے لئے گھر سے نکلتے ہیں تو وہ منصور وفاتح ہوں گے، اور انھیں عزت ووجاہت ومناصب حاصل ہوں گے، اگر دیکھے کہ وہ دائیں بائیں اکیلا تلوار کے ساتھ کافروں سے قتال کرتا ہے تو اپنے دشمن پر غالب آئے گا، اگر دیکھے کہ وہ فی سبیل اللہ شہید ہوا ہے تو اسے فرحت وسرور اور مبارک رزق حاصل ہوگا، اگر خواب میں خود کو جہاد کے اندر دیکھے جبکہ اس کا چہرہ قتال سے منحرف ہے تو وہ اہل وعیال کیلئے جدوجہد ترک کرے گا، اور ان کے احوال کی اصلاح کے لئے کوشاں نہیں ہوگا، اور اس کا دین خراب ہوگا، اور دنیا میں اس کی زندگی اجیرن بنے گی، اور اگر وہ جہاد میں ہو اور دیکھے کہ وہ غالب ہوا ہے تو اسے کسب ومعاش میں نفع ہوگا، اور خواب میں دشمنانِ دین سے جہاد کرنا ظالمین اور منافقین کی مخالفت وعداوت پر دلیل ہے اور ان کے خلاف منصور وفاتح ہونے کی دلیل ہے، اور سمندر میں جہاد کرنا فقر واحتیاج، ناکامی اور خطرناک امور میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے، اور خواب میں باغیوں سے جہاد کرنا دین کے لئے انتقام لینے یا والدین کے لئے انتقام وبدلہ لینے یا زوجہ پر غیرت کھانے کی دلیل ہے۔ نیز دیکھئے الغزو (جہاد کرنا)۔

## ۵۷۴۔ الجهامة (ترش روئی سے پیش آنا): دیکھئے العبوس (ترش روئی سے پیش آنا)

## ۵۷۵۔ الجهد (جدوجہد کرنا):

خواب میں مریض کا جدوجہد کرنا موت کی دلیل ہے، اور جدوجہد کرنا اہل وعیال کے لئے محنت ومشقت اٹھانے یا جہاد کی دلیل ہے۔

## ۵۷۶۔ الجهر (آواز بلند کرنا):

جہاں آواز پست کرنا مناسب ہے وہاں آواز بلند کرنا یا تو علانیہ صدقہ کرنے یا بلند آواز میں ذکر کرنا اور بلند مرتبہ

Marfat.com

اور بلند شانی کی دلیل ہے۔

## ۵۷۷۔ الجھل (جہالت):

خواب میں جہالت کم عقلی کی دلیل ہے، جو خواب میں دیکھے کہ اس نے جہالت کا کام کیا ہے تو وہ نادان و کم عقل ہوگا، اور خواب میں جہالت یعنی غلط کلام کرنا کوئی چیز ترک کرنے یا سب وشتم کرنے یا نماز بے وضو پڑھنے کی دلیل ہے، اور کبھی جہالت آبروریزی اور فسق وفجور کی دلیل ہوتی ہے۔

## ۵۷۸۔ جھنّم (جہنّم):

جو خواب میں دیکھے کہ وہ جہنم میں داخل ہوا ہے تو وہ کبیرہ گناہوں کا ارتکاب کرے گا اور اگر جہنم سے ناگواری صورت کے بغیر باہر نکلا ہے تو دنیا کے تفکرات میں مبتلا ہوگا، جو اس کی آگ کو دیکھے کہ اس کے قریب ہوئی ہے تو وہ بادشاہ کی آزمائش اور پریشانی میں مبتلا ہوگا، اس سے نجات نہیں پائے گا اور وہ تاوان، خسارہ سے دوچار ہوگا، یہ خواب اس کے لئے اس بات کی تنبیہ ہے کہ اسے توبہ تائب ہونا چاہئے اور جس گناہ میں مبتلا ہے اس کو چھوڑ دینا چاہئے، اگر جہنم کی آگ میں داخل ہوا ہے تو وہ کبیرہ گناہوں اور ان جرائم کا ارتکاب کرے گا جن پر اللہ تعالیٰ نے حدود کو لازم قرار دیا ہے، اگر جہنم میں داخل ہوا ہے اور تلوار میان سے نکالی ہے تو وہ بے حیائی اور بری باتیں کرے گا، اگر دیکھے کہ وہ جہنم میں مسکراتا داخل ہوا ہے تو وہ فسق وفجور، سرکشی اور اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرے گا یا کرتا ہے، اگر دیکھے کہ اس کو جہنم میں داخل کیا گیا ہے تو یہ کسی کو بہکا کر جہنم میں داخل کرے گا اور اس کو کسی عظیم گناہ کے ارتکاب پر ابھارے گا اور ترغیب دے گا، جیسے قتل اور زنا کا گناہ ہے، اگر دیکھے کہ وہ ہمیشہ سے جہنم میں قید ہے تو وہ ہمیشہ دنیا میں محتاج، پریشان اور محروم القسمت رہے گا، نہ نماز پڑھے گا، نہ روزہ رکھے گا اور نہ ہی اللہ تعالیٰ کا ذکر کرے گا، اگر دیکھے کہ اس نے جہنم میں سے زقوم درخت کھایا ہے اور اس کا گرم پانی اور پیپ پی ہے تو وہ گناہ کا ارتکاب کرتا ہے یا کرے گا اور خونریزی کرے گا اور اس کے امور اس پر دشوار ہوں گے، اور جو شخص دیکھے وہ جہنم میں ہے اور اس کا چہرہ سیاہ اور آنکھیں نیلی ہیں تو وہ دشمنِ خدا کا مصاحب (ہمنشین) بنے گا، اور لوگوں کی نظر میں ذلیل اور روسیاہ ہوگا، اور اللہ تعالیٰ آخرت میں اس کو سزا دیں گے، جو خواب میں اپنی آنکھوں سے جہنم کا مشاہدہ کرے اسے بادشاہ سے یا رحمٰن کے غضب سے بچنا چاہئے اور احتیاط برتنی چاہئے، جو شخص دیکھے کہ گویا وہ جہنم میں داخل ہوا ہے تو وہ ہر ایسے گناہ کی وجہ سے رسوا ہوگا جس سے اس نے توبہ نہیں کی ہے۔ اگر دیکھے کہ گویا وہ جہنم سے باہر نکلا ہے تو وہ گناہوں سے توبہ کرے گا، اگر جہنم کا پانی پیا ہے یا اس کا کوئی طعام کھایا ہے تو وہ مسلسل گناہوں کا مرتکب رہے گا یا علم کا طالب ہوگا جو علم اس کے لئے وبالِ جان ثابت ہوگا، اور خواب میں جہنم دنیوی منصب کے زوال یا مالداری کے بعد ناداری اور انسیت کے بعد وحشت کی دلیل ہے، نیز

Marfat.com

شدائد ومصائب میں پڑنے ، دائمی قید اور دنیوی رسوائی کی بھی دلیل ہے، اگر جہنم زوجہ پر دلیل ہو تو وہ زوجہ شریر ہے، اگر جہنم معیشت کی دلیل ہو تو کسب معاش حرام ہے، اور اگر جہنم رہائش پر دلیل ہو تو وہ شخص فاسقوں اور غافلوں کا مجاور ومصاحب ہے، اگر جہنم مرض پر دلیل ہو تو اس کی موت اور انجام برے خاتمہ کے ساتھ ہوگا، اگر جہنم خادموں کی دلیل ہو تو وہ خادم ظالم بادشاہ کے ساتھ ہوں گے، اگر جہنم علم پر دلیل ہو تو وہ بدعت ہوگا۔ اگر جہنم عمل کی دلیل ہو تو وہ عمل نامقبول ہوگا، اور اگر جہنم اولاد کی دلیل ہو تو وہ اولاد زنا کی ہوگی اور کبھی جہنم میں داخل ہونا مالداری کے بعد مانگنے والے پر دلیل ہوتا ہے، اور کبھی بدعت وفسق کی منزل پر دلیل ہوتا ہے، اور کبھی گرجا گھر، یہودی عبادت خانہ، اور آگ کے گھر، حمام، باغت گاہ، ذبح گاہ اور تنور اور وہ جگہیں جہاں کسی مصلحت کے لئے آگ جلائی جاتی ہے، کی دلیل ہوتی ہے، اور دخولِ جہنم حصولِ خواہشات پر دلیل ہوتا ہے، اور عیب گیر طعنہ زن اور مال جمع کرنے والے کیلئے حطمہ (دوزخ) ہے اور کفار ومنافقین کے لئے جہنم ہے، اور سقر (نام دوزخ) سچائی ترک کرنے، لایعنی کاموں میں مشغول ہونے، روزِ جزاء کی تکذیب کرنے پر دلالت کرتی ہے، اور سعیر (نام دوزخ) شیاطین اور ان لوگوں کے لئے ہے جو شیطانی اخلاق وعادات اختیار کرتے ہیں اور ھاویہ (نام دوزخ) ناپ تول میں کمی کرنے یا میزانِ عمل کا پلہ ہلکا پڑنے یعنی عمل صالح سے پلہ بھاری نہ ہوا ہو اس پر دال ہے، اور جحیم (نام دوزخ) اس کے لئے ہے جس نے سرکشی کی اور دنیا کو آخرت پر ترجیح دی اور درکِ اسفل (دوزخ کا بہت نچلا مقام) منافقین کے لئے ہے، اگر جہنم کے زقوم درخت سے کھایا ہے یا اس کی غسلین (پیپ دوزخ کی) پی ہے یا جہنم کے بچھوؤں نے اس کو ڈسا ہے یا اس کے سانپوں نے کاٹا ہے یا اس کے جسم کی کھال جہنمیوں جیسی ہوگئی ہے یا وہ منہ کے بل گھسیٹا گیا ہے یا وہ صعود (جہنم کا پہاڑ) سے سر کے بل نیچے گرایا گیا ہے یا جہنم کے لوہے کے کوڑے اسے مارے گئے ہیں یا اس کے زبانیہ (دوزخ کے فرشتوں) نے اس کو جھڑکا ہے تو یہ تمام امور اور ان جیسے دیگر امور دین میں بدعات ایجاد کرنے، ظالموں کے شریک کار بننے، کفار کے طریقوں کو اپنانے، مشرکین اور استہزاء کرنے والوں کے طور طریقے اختیار کرنے، نبیوں کی مخالفت کرنے، متقی لوگوں سے تعلق ترک کرنے، دین سے مرتد ہونے، مستحقین کو اللہ تعالیٰ کا دیا ہوا مال نہ دینے، رب العالمین کی نافرمانی کرنے یا اس ذات کی ربوبیت وقدرت کا انکار کرنے اور اس ذات کو مخلوق کے ساتھ تشبیہ دینے پر دلالت کرتے ہیں، اور جہنم کا داروغہ یعنی مالک کو دیکھنا اس کی صفات کو اختیار کرنے اور کسی کو اللہ اس کے رسولؐ اور مسلمانوں اور سلطان کی رضا ومحبت کے لئے اچھی چیز کھلانے، منافقت سے دوری اختیار کرنے، گناہوں سے باز آنے اور گمراہی کے بعد تمام معاصی وخواہشات نفس کا قلع قمع کرنے اور دینی حمیت وغیرت پر دلالت کرتا ہے، اگر جہنم کے داروغہ کو اپنی طرف متوجہ دیکھے تو یہ جہنم کی آگ سے امن وسلامتی کی دلیل ہے، اور اگر اس کو دیکھے کہ اس نے منہ پھیرا ہوا ہے یا اس کا چہرہ متغیر ہے تو یہ ایسے گناہ میں واقع ہونے پر دلالت کرتا ہے جو مستوجب عذاب ہے، جہنم کے داروغے امانتدار، محافظین، لشکروں

Marfat.com

مددگاروں، پولیس کے لوگوں، اہل وعیال اور اقارب کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ مالک (داروغہ جہنم) نے اس کو ایک کونے سے پکڑ کر آگ میں پھینکا ہے تو اس کا یہ خواب ذلت کا باعث ہے، اگر دیکھے کہ وہ آگ میں داخل ہوا ہے اور پھر آگ سے باہر نکلا ہے تو وہ انشاء اللہ تعالیٰ جنت میں داخل ہوگا، یا کسی گناہ کا ارتکاب کرے گا اور پھر توبہ کریگا، اگر اپنے جوارح واعضاء کو دیکھے کہ اس سے کلام کرتے ہیں تو یہ گناہوں کو چھوڑنے اور آخرت کے کام کے لئے بیدار ہونے کی دلیل ہے۔

## ۵۷۹۔ الجواد (گھوڑا):

دیکھئے الخیل (گھوڑا)

## ۵۸۰۔ الجوالق (تھیلی):

خواب میں تھیلی دیکھنا راز کی حفاظت کرنے والے پر دلیل ہے، اگر تھیلی سے کچھ ظاہر ہوا ہے تو وہ راز منکشف ہوگا، اور وہ شخص خیانت گر ہوگا، نیز تھیلی کا دیکھنا سفر، زوجہ اور راز داری کی دلیل ہے۔ دیکھئے العِدْل (بوری)

## ۵۸۱۔ الجوالقی (تھیلا ساز):

خواب میں تھیلا ساز نقاد آدمی ہے جو ہر انسان کو تعلیم دیتا ہے، اس لئے کہ جوالق ہر سامان کے لئے برتن کا کام دیتا ہے، تو اس کی تعبیر بھی اسی طرح ہوگی، جو خواب میں تھیلا ساز کو دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں سُوا ہے جس سے وہ تھیلیاں سیتا ہے اور بیچتا خریدتا ہے تو یہ اس کی قدرتِ علم کی دلیل ہے، اور تھیلا ساز ایک ایسا آدمی ہے جو لوگوں کو سفر پر اکساتا ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ تھیلا ساز ایک ایسا شخص ہے کہ لوگ اپنے راز اس کے سامنے افشا کرتے ہیں۔

## ۵۸۲۔ جوبیتار (خریدار):

دیکھئے المشتری (خریدار)

## ۵۸۳۔ الجود (سخاوت):

خواب میں جُود وسخاوت معرفت اور حُسنِ اخلاق وعادات کی طرف رجوع کرنے اور گمراہی کے بعد ہدایت پانے کی دلیل ہے۔ جواد کریم ذات کو بھی کہتے ہیں اور جواد گھوڑا بھی ہے۔

## ۵۸۴۔ الجور (ظلم کرنا):

اگر خواب میں دیکھے کچھ لوگ ایک دوسرے پر ظلم کرتے ہیں تو عنقریب ظالم بادشاہ ان پر مسلّط ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ ظلم کی تعبیر ہدایت ہے، جیسے ہدایت کی تعبیر ظلم سے کی جاتی ہے۔

Marfat.com

## ۵۸۵۔ الجورب (جراب):

خواب میں جراب جبکہ پہنی نہ ہو مال اور حفاظت کی دلیل ہے، جو شخص خواب میں دیکھے کہ اس نے جراب پہنی ہوئی ہے تو اس کا مال محفوظ ہے، اگر اس کی والدہ ہے تو اس کے ساتھ ہجرت کرے گا، اگر جراب کی پاکیزہ خوشبو ہے اور وہ نئی ہے تو وہ شخص زکوٰۃ ادا کرتا ہے، اور اس طرح وہ اپنے مال کی حفاظت کرتا ہے، اور اس پر اس کی اچھی تعریف ہوگی، اور اگر جراب پرانی بوسیدہ ہو تو وہ زکوٰۃ وصدقات کرنے میں بخیل ہے، یعنی اس کو ادا نہیں کرتا۔ اس کا مال و دولت ہلاکت کے کنارہ پر ہے، اگر جراب سے بُری بدبو آ رہی ہو تو اس کی بری تعریف ہوگی، اور جراب کی تعبیر خادم، عورت اور باندی سے کی جاتی ہے۔

## ۵۸۶۔ الجوز (اخروٹ):

خواب میں اخروٹ جمع کردہ مال ہے، اگر اخروٹ کی آواز سنائی دی ہے تو یہ جھگڑے اور شوروغل کی علامت ہے، اور اخروٹ کا درخت عجمی بخیل آدمی، تنگی تکلیف اور مالِ نامی کا مالک ہے، جو دیکھے کہ وہ اخروٹ کے درخت پر بیٹھا ہے تو وہ ایک زبردست عجمی آدمی سے تعلق رکھے گا، اگر درخت سے نیچے اترا ہے تو اس کے اور اس متعلقہ شخص کے درمیان تعلق تمام نہیں ہوگا، اگر درخت سے گرا ہے اور مر گیا ہے تو وہ کسی زبردست آدمی یا بادشاہ کی ذمہ داری میں قتل ہوگا، اگر وہ درخت ٹوٹ گیا ہے تو وہ زبردست آدمی ہلاک ہوگا، جبکہ وہ گرنے کے بعد خود کو مرتے دیکھے، اگر نہیں مرا ہے تو نجات پائے گا، اگر دیکھے کہ اس وقت اس کے ہاتھ اور پاؤں ٹوٹ گئے ہیں تو ہلاکت کے کنارہ پہنچا ہے، اور اس کو عظیم بلا ومصیبت پہنچے گی، مگر یہ کہ وہ کچھ عرصہ بعد نجات پالے گا، جو دیکھے کہ اس نے اخروٹ کا درخت کاٹا ہے تو وہ عجمی آدمی کو قتل کرے گا، اخروٹ کا میوہ ایسا مال ہے جو بغیر مشقت ومحنت کے نہیں نکل سکتا ہے، کیونکہ اخروٹ توڑنے کے بعد ہی کھایا جاسکتا ہے، اور اس کی چکنائی نچوڑنے کے بعد ہی نکالنا ممکن ہوتی ہے، اگر دیکھے کہ اس نے ایک باغ سے اخروٹ اٹھائے ہیں تو اس کو عورت کی طرف سے مال حاصل ہوگا، اگر اخروٹ چھلا ہوا تھا تو وہ رزق ہے، اگر اخروٹ کے چھلکے کھائے ہیں تو وہ بخیل آدمی کی غیبت کرے گا، اگر اس کی بیوی نے اخروٹ اس کے سامنے بکھیرے ہیں تو وہ اس کے کپڑوں کو جلائے گی، جو شخص دیکھے کہ وہ اخروٹوں کے ساتھ کھیلتا ہے تو وہ مالِ حرام میں مشغول ہے، نیز اخروٹ کی تعبیر وتمثیل صالحین، رؤسا (سرداروں) اور بھائی برادروں کے ساتھ بھی کی جاتی ہے، نیز اخروٹ کی تفسیر بدن کی صحت اور طویل سفر کے ساتھ بھی کی جاتی ہے۔ اگر خواب دیکھنے والی کوئی عورت ہو تو اس کا اخروٹ دیکھنا عمر کی درازی پر دلیل ہے، اخروٹ زوج کی بھی دلیل ہے، کیونکہ جوز کا الٹ زوج ہے، نیز دشواریوں کے دور ہونے کی دلیل ہے، اور ٹوٹا ہوا اخروٹ بلا مشقت حاصل ہونے والا مال ہے۔

Marfat.com

## ۵۸۷۔ جوز الھند (ہندی اخروٹ):

ہندی اخروٹ کاہن ونجومیوں کے کلام پر دلیل ہے، جو دیکھے کہ اس نے ہندی اخروٹ کھائے ہیں لوگ اس کی تصدیق کریں گے، جو دیکھے کہ وہ کاہن ونجومی بن گیا ہے تو وہ ہندی اخروٹ کھائے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ ہندی اخروٹ نجومی آدمی ہے، جو دیکھے کہ اس نے ہندی اخروٹ کھائے ہیں تو وہ نجومی ہو جائے گا۔ ہندی اخروٹ کو ناریل بھی کہتے ہیں، بعض کہتے ہیں کہ ہندی اخروٹ عجمی آدمی کی جانب سے مال ہے جو خود کو ناریل کھاتے دیکھے تو وہ علمِ نجوم سیکھے گا یا کسی نجومی کی رائے کی اتباع کرے گا۔

## ۵۸۸۔ الجوشن (زرہ):

زرہ خواب میں دیکھنا مضبوط قلعہ ہے، اور بعض کا قول ہے کہ جو زرہ کو دیکھے تو اس کی ایسی عورت سے شادی ہوگی جو طاقتور، بلند مرتبہ اور فقراء سے محبت کرنے والی ہے، لیکن وہ بڑی دھوکہ باز اور مکّار عورت ہے، اور زرہ عزت ونصرت اور قوت کی علامت ہے، اور بطور وراثت مال کی دلیل ہے۔

## ۵۸۹۔ الجوشني (زرہ ساز):

خواب میں زرہ ساز دیکھنا ایسا آدمی ہے جو لوگوں کو الفت ومحبت اور حُسنِ صحبت کا حکم دیتا ہے۔

## ۵۹۰۔ الجوع (بھوک):

خواب میں بھوک لوہار کے لباس، خوف، کفر اور اخراجات میں تنگی کرنے کی دلیل ہے، اور بھوک مال کے ختم ہونے دنیا اور صنعت وحرفت کی حرص وطمع رکھنے کی دلیل ہے، اور بعض کا قول ہے کہ جو خواب میں خود کو بھوکا دیکھے تو اسے خبر (مال) حاصل ہوگی، اور وہ حریص ہوگا اور بعض کہتے ہیں کہ بھوک تعبیر کے اعتبار سے شکم سیری سے بہتر ہے، اور پیاس سیرابی سے بہتر ہے، جو دیکھے کہ وہ بہت طویل بھوک سے دوچار ہوا ہے تو اسے فقر وفاقہ کے بعد نعمت حاصل ہوگی، اور بھوکے کو بقدر بھوک مال ودولت حاصل ہوگا، اور بھوک برے شخص کی صحبت پر بھی دلیل ہے، اور دنیا سے بے رغبت شخص (صوفی زاہد شخص) کے حق میں بھوک روزہ پر دلیل ہے، نیز بھوک قیمتوں کی گرانی اور فقر واحتیاج کی دلیل ہے، اور کبھی بھوک پرہیز گاری اور ذکر وشکر کی دلیل ہوتی ہے، جو شخص دیکھے کہ وہ سردیوں میں بھوکا ہے تو وہ بھوک سے دوچار ہوگا۔

## ۵۹۱۔ الجونة (چمڑے کا مٹکا):

خواب میں مٹکا دیکھنا ایسا انسان ہے جو لوگوں کے راز محفوظ رکھتا ہے اور ان کی امانات کی حفاظت کرتا ہے اور سب کو فائدہ پہنچاتا ہے، اور مٹکا وہ خادم ہے جو اموال کو جمع کرتا ہے اور کبھی مٹکا بدکار عورت پر دلیل ہوتا ہے، ہر مٹکے کی تعبیر اپنے حساب سے ہے، جب وزیر (بڑا گھڑا اور مٹکا) گھر کے نگران، یا خزانہ گاہ یا دکان پر دلیل ہے، نیز اس کی حاملہ

Marfat.com

اہلیہ پر دلیل ہے، اور پانی کا مشکیزہ بھی انہیں مذکورہ امور پر دال ہے اور خابیہ (بڑا مٹکا) آزاد عورت پر دلیل ہے اور اس سے پانی پینا بانفع مال کی دلیل ہے، جو شخص دیکھے کہ اس نے پانی کھینچا ہے اور وہ پانی خابیہ (مٹکے) میں انڈیلا ہے تو وہ عورت کے امانت رکھے ہوئے مال میں حیلہ استعمال کرے گا، اور شراب کا مٹکا خزانہ ملنے کی علامت ہے اور اگر حب (بڑے گھڑے) میں پانی ہوتو یہ مالدار اور پریشان عورت کی دلیل ہے، اگر پانی کا مٹکا رہٹ میں ہوتو یہ بہت زیادہ مالدار اور اللہ تعالیٰ کے راستہ میں خرچ کرنے والے آدمی کی دلیل ہے اگر مٹکے میں سرکہ ہوتو یہ پرہیز گار آدمی کی دلیل ہے، اگر مٹکے میں سالن ہوتو یہ مریض آدمی ہے، اور جو شخص دیکھے کہ مٹکا اس کے ہاتھ سے ٹوٹا ہے تو وہ اپنی بیوی کو طلاق دے گا۔

## ۵۹۲۔ الجوھری (جوہری):

جوہری کا خواب میں دیکھنا عبادت گزار آدمی کی دلیل ہے، یا غلام باندی فروخت کرنے والے پر دلیل ہے، نیز جوہری کا دیکھنا ایسے عالم کی بھی دلیل ہے کہ مشکل امور میں جس کی اقتداء کی جاتی ہو، اسی طرح لڑکوں والے اور کثیر مال دولت رکھنے والے شخص کی دلیل ہے، رہا وہ شخص جو جواہرات اور موتیوں میں سوراخ کرتا ہے اس کا دیکھنا امور کے نافذ ہونے اور مشکلات کے آسان ہونے اور شادی ہونے کی دلیل ہے۔

## ۵۹۳۔ جیحون (دریائے آمون): دیکھئے نہرِ جیحون (دریائے آمون)

Marfat.com

# ﴿باب الحاء﴾

## ۵۹۴۔ حاجب العین (ابرو):

ابرو آنکھ کی زینت ہے، مرد کی ابرو حُسن و جمال، دینی جاہ و منصب اور امانت وعظمت کی دلیل ہے، دونوں ابروؤں کی تعبیر درستگی اور نادرستگی کی بنیاد پر ہے، اگر خواب میں دیکھے کہ دونوں ابروں کے بال گھنے ہیں تو یہ پسندیدہ اور بہتر بات ہے، اس لئے کہ عورتیں حسن وزینت کے لئے اپنے ابرو سیاہ کرتی ہیں، یہ دونوں ابرو والدین، دولڑکے، یا دوشریک، یا دو زوجہ یا دو نائب کی دلیل ہے، اگر کوئی شخص خواب میں اپنی ابروؤں کو ملا ہوا دیکھے تو یہ الفت ومحبت اور نیز اس کے عکس پر بھی دلیل ہے، اور ابروؤں کا سیاہ ہونا اور ان کے بالوں کا کثیر ہونا حُسنِ حالت پر دلیل ہے، اور ابرو کے بالوں کا آنکھ پر گرا ہونا تغیّر حالت کی دلیل ہے، یعنی اولاد، شریک یا زوجہ یا اصحاب کے حالات کے بدلنے پر دلیل ہے، اور کبھی یہ خواب عمر کی درازی پر دلیل ہوتا ہے حتیٰ کہ وہ شخص خود کو اسی طرح دیکھ لے گا، اور دونوں ابرو دینی مقام ومرتبہ کی دلیل ہے، اور کبھی ابرو ان چیزوں کی دلیل ہوتی ہے جن پر آنکھ دلالت کرے جیسے والی وحاکم، زوج اور وصی ہوتے ہیں۔

## ۵۹۵۔ حاجب الملک (بادشاہ کا دربان):

اگر بادشاہ کے دربان کو کھڑا دیکھے تو لوگ اس بادشاہ کے احکامات کو نافذ کرتے ہیں، اور اگر اس کو بیٹھا ہوا دیکھے تو لوگ اس کے احکامات کی تنفیذ میں کوتاہی اور غفلت کا شکار ہیں، اور بادشاہ کا دربان خوشخبری ہے، اور دربان ایک باادب اور معزز آدمی کی دلیل ہے، اور ہر پست وبلند شخص اس کا سہارا لیتا ہے، اور خواب میں دربان دیکھنا اسباب کی دشواری پر بھی دلیل ہے۔

## ۵۹۶۔ الحارس (محافظ): دیکھئے الخفیر (محافظ) نیز دیکھئے الناطور (محافظ)

## ۵۹۷۔ حارس الملک (بادشاہ کا محافظ):

بادشاہ کا محافظ (باڈی گارڈ) خواب میں دیکھنا ذکر اللہ اور قیامِ لیل (تہجد کی نماز) پر دلیل ہے، اور کبھی اس کا دیکھنا شر وفساد اور پیچیدہ گفتگو کی دلیل ہے۔ اور قید خانوں کا محافظ پوشیدہ امور کے ظہور پر دلیل ہے۔

## ۵۹۸۔ الحافر (جانور کا کھر):

خواب میں جانور کا کھر علم، رزق اور مالداری کی دلیل ہے، خصوصاً جبکہ خواب میں بادشاہ کے گھوڑے کا کھر دیکھے، اور کھر ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونے کی دلیل ہے، نیز جانور کا کھر گمراہ کے لئے ہدایت کی علامت ہے، اور جو شخص خواب میں جانوروں کے کھر مارنے کی آواز سنے لیکن ان جانوروں کو نہ دیکھے تو یہ بارش اور سیلاب کی دلیل ہے۔

Marfat.com

## ۵۹۹۔ الحاکم (حاکم):

جو شخص خواب میں حکام کو اچھی صفت وحالت میں دیکھے تو ان سے جو مقصد رکھتا ہے حاصل کرلے گا، یا راہ راست کی ہدایت ہوگی، اور کبھی حاکم کا دیکھنا سرجن، انجینئر اور رفقاء واجتماعات کی دلیل ہوتا ہے، اور حاکم کا دیکھنا درزی، حجّام کی بھی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ حاکم نے کسی ناسمجھ، دیوانے یا کم عقل، بھنگی جو سڑکوں کی صفائی کرتا ہے، آٹا وغیرہ چھاننے والے یا حمّام میں آگ جلانے والے یا حمام میں لوگوں کے خادم یا قوال وگلوکار یا رقاص جو رقص کرتے ہیں ان میں سے کسی سے گواہ یا دلائل کی سماعت کی ہے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ وہ حاکم رشوت لیتا ہے اور ناجائز غرض رکھنے والے لوگوں کی طرف مائل اور جھکا ہوا ہے، اور کبھی حاکم والدہ، رؤساء، باادب آدمی اور اس چھوٹے بچہ کی دلیل ہے جسے تصرفات سے روک دیا گیا ہو، اگر خواب میں دیکھے کہ گویا وہ حاکم بن گیا ہے تو اس کے تصرفات جائز ہوں گے، اور رشد وہدایت عطا ہوگی، دیکھئے الخلیفة (بادشاہ) نیز الراعی، السلطان، القاضی دیکھئے۔

## ۶۰۰۔ الحانة (شراب خانہ):

خواب میں شراب خانہ دیکھنا نشاط اور غموں کے دور ہونے پر دلیل ہے، اور کبھی زانیہ عورت یا گھٹیا باندی کی دلیل ہوتا ہے، اور نیز شراب خانہ تکالیف ومصائب جو حدود کا تقاضا کرتے ہیں ان کی دلیل ہے، اگر اس سے وعدہ کیا گیا ہو تو وعدہ کے ایفاء کا وقت آگیا ہے، یا وہ اپنے سلطان سے اختلاط رکھتا ہے، اس لئے کہ شراب عقل کو خلط ملط کرتی ہے، اگر وہ خواب دیکھنے والا مریض ہے تو اس کی موت کا وقت آپہنچا ہے، اگر متقی پرہیزگار ہے تو کسی فتنہ میں مبتلا ہونے کا خوف ہے، اور اگر ہدایت یافتہ ہے تو مرتد ہوگا۔

## ۶۰۱۔ الحانوت (دکان):

خواب میں دکان دیکھنا آدمی کے اہل وعیال، موت وحیات اور مال وجاہ اور باندی جانور اور راز کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ اس کی دکان منہدم (گرجانا) ہوئی ہے تو زوجہ کو طلاق دے گا یا اولاد سے جدا ہوگا، اگر مریض ہے تو وفات پائے گا، یا اس کا مال واسباب مفقود ہوگا، یا اپنی باندی کو فروخت کرے گا یا وہ مرجائے گی، اس کا راز کھل جائے گا، اگر اپنی دکان کو جدید اور بہترین خوشبو دار دیکھے تو اگر غیر شادی شدہ ہے تو شادی ہوگی کسی نیک عورت سے، یا پھر اولاد عطا ہوگی، اگر مریض ہے تو مرض سے عافیت پائے گا، اور زندگی لمبی ہوگی، اور یا پھر مقام ومرتبہ بلند ہوگا اور جاہ ومنزلت میں اضافہ ہوگا، یا خوبصورت باندی یا جوان طاقتور جانور خریدے گا، اور کبھی دکان والد، والدہ کی دلیل ہوتی ہے اس لئے کہ ان کے ماں باپ اس کی تخلیق اور غذائیت کا سبب ہیں، اور دکان میں جو کمی زیادتی یا جدّت یا انہدام (گرنا) وغیرہ دیکھا جائے تو یہ انھی چیزوں پر دلیل ہے جن پر حانوت (دکان) دلالت کرتی ہے، لہٰذا جو دیکھے کہ وہ دکان میں بیٹھا ہے تو وہ خیر (مال) حاصل کرے گا، جو

Marfat.com

دیکھے کہ اس کی دکان گرگئی ہے تو اس کے والد یا والدہ یا زوجہ بیمار ہوتو وہ مریض وفات پائے گا، اور دکان انسان کی معیشت اور اس کا نکاح کرنا ہے جو شخص دیکھے کہ وہ اپنی دکان میں جھاڑو دیتا ہے تو وہ وہاں سے منتقل ہوجائے گا، جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ اپنی دکان کا دروازہ توڑتا ہے تو وہ اس جگہ سے چلا جائے گا، اگر خواب میں دکانوں کے دروازے بند دیکھے تو کساد بازاری پھیلی گی، اور اگر ان کے دروازے کھلے ہوئے دیکھے تو اللہ تعالیٰ تجارت کی راہوں کو آسان بنادیں گے۔

## ۶۰۲۔ الحاوی (سپیرا):

خواب میں سپیرا دیکھنا شریر لوگوں کے ساتھ میل جول اور دشمنوں کی خاطر تواضع کرنے پر دلیل ہے، اگر اس کے پاس خواب میں سانپ ہوں اور خواب دیکھنے والا مریض ہے تو یہ خواب عمر کی درازی اور زندگی کی دلیل ہے اور اگر اس کے پاس سانپ وغیرہ کچھ نہ ہوں بلکہ ریشم کا کپڑا ہوتو اگر وہ گنہگار ہے تو یہ خواب اس کی توبہ کرنے کی دلیل ہے، اگر فقیر ہے تو غنی ہوگا، یا پھر گھٹیا پیشہ سے اچھے پیشہ کی طرف منتقل ہوگا۔ (یعنی اچھا پیشہ اختیار کرے گا) اور سپیرا کا دیکھنا کبھی غلام باندیوں کو فروخت کرنے والے عجمی شخص پر دلیل ہوتا ہے، اور کبھی اس کا دیکھنا امراض کی دلیل ہوتا ہے، اور سانپ کا کنڈلی مارنا دھوکہ باز آدمی کی دلیل ہے۔

## ۶۰۳۔ الحائط (دیوار):

جو خواب میں دیکھے کہ وہ دیوار پر کھڑا یا اس پر سوار (کی طرح) ہے تو دیوار صاحبِ دین طاقتور آدمی کی دلیل ہے، اور دیوار اپنی بلندی، مضبوطی اور چوڑائی کے اعتبار سے مال ومنصب کی دلیل ہے، اگر کوئی شخص دیکھے کہ اس کی دیوار گر گئی ہے تو اسے خزانہ ملے گا، جو دیکھے کہ اس کے اوپر دیوار گری ہے تو اس نے بہت زیادہ گناہ کیے ہیں اور اسے جلد ہی سزا ہوگی، جو خواب میں بہت سی بوسیدہ دیواریں دیکھے تو وہ امام اور عالم کبیر ہے، اگر ان بوسیدہ دیواروں کی تجدید (نئے سرے سے بنانا) کی ہے تو اس کے اصحاب وجنود (لشکر) پہلی حالت میں واپس لوٹ آئیں گے۔ اگر دیکھے کہ وہ دیوار کے ساتھ چمٹا ہوا ہے تو چمٹنے کے بقدر زوال کے کنارہ پر ہے، بعض کہتے ہیں کہ وہ بلند درجہ شخص سے تعلق رکھتا ہے، اگر دیوار کو اٹھا کر پھینکا ہے تو وہ کسی آدمی کو اس کی معیشت سے گرائے گا، یا اس کو ہلاک یا قتل کرے گا، اگر دیوار کی شناخت کی ہے تو اس کا صاحب حالتِ غم میں وفات پائے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ دیوار صاحبِ سلطان وغلبہ آدمی کی دلیل ہے، اور شہر کی دیوار مجاہدین یا طاقتور سلطان یا ظالم وجبار رئیس کی دلیل ہے جو اس کے مال کا محافظ ہے، اگر دیوار سے چھلانگ لگائی ہے یا عصا (لاٹھی) پر ٹیک لگائی ہے تو وہ مردِ مؤمن سے مردِ منافق ہوجائے گا، یا منافق کے مشورہ پر مومن کا مشورہ ترک کرے گا، جس نے دیوار کو غور سے دیکھا اور اس میں اپنی مثال دیکھی تو وہ وفات پائے گا، جو دیوار سے گرا ہوتو اس کی حالت میں پستی آئے گی، یا یا مراد نہیں ہوگا، جو دیکھے کہ گویا وہ دیوار پر بیٹھا ہے اور اس کے ہاتھ میں سونے کے کڑے ہیں تو اسے مرتبہ مقام اور دولت ووجاہت حاصل ہوگی، اور خواب میں دیوار کا دیکھنا علم وہدایت کی بھی دلیل ہے، نیز حکم اور اسرار سے

Marfat.com

مطلع ہونے یا اصحاب کے درمیان علیحدگی ہوجانے کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ ایک دیوار گھر کے اندر کو گری ہے تو گھر کا کوئی صاحب بیمار ہوگا، اگر دیوار گھر سے باہر گری ہے تو یہ اس کی موت پر دال ہے، اگر کوئی شخص مسافر ہو تو وہ سفر سے واپس آئے گا، جو شخص خواب میں دیکھے کہ دیوار اپنی جگہ میں نئی ہوگئی ہے تو یہ رشتہ داری پر دلیل ہے، اگر کچی اینٹوں سے دیوار بنائی ہے تو نیک عمل کرے گا، اور چونے اور پکی اینٹوں سے بنانا قابل تعریف نہیں ہے، اگر دیوار اپنی جگہ سے پھٹ گئی ہو (کریک آ گئی ہو) تو یہ اس جگہ میں مزید قید رہنے کی دلیل ہے۔

## ۶۰۴۔ الحائک (جُلاہا):

خواب میں جلاہا دیکھنا معاملات کی آسانی اور سفر کی دلیل ہے، اور کبھی اس کا دیکھنا مریض کی موت پر دلیل ہوتا ہے۔

## ۶۰۵۔ الحُبّ (محبت کرنا):

خواب میں محبت کرنا غم و تکلیف اور اندھا بہرا ہونے کی دلیل ہے، اور عشق کرنا حالتِ بیداری میں آزمائش کی دلیل ہے، نیز ایسی شہرت کی دلیل ہے جو لوگوں کو اس کی طرف مائل کرے، نیز محبت کرنا فقر و احتیاج اور مریض کی موت پر دلیل ہے، اور خواب میں کبھی موت عشق پر اور محبوب سے دور ہونے پر دلیل ہوتی ہے، اور موت کے بعد حیات (یعنی موت کے بعد زندہ ہونا) عاشق کے معشوق کے ساتھ ملنے کی دلیل ہے، اور خواب میں جلنا اور جسم کو داغنا عشق و محبت کی دلیل ہے، اور خواب میں جنت میں داخل ہونا محبوب سے ملنے اور عاشق کے معشوق سے ملنے کی دلیل ہے، جیسا کہ خواب میں جہنم میں داخل ہونا جدائی کی دلیل ہے، اور خواب میں محبت اور شغف رکھنا غفلت اور نقصانِ دین کی دلیل ہے، اور عشق کرنا فسادِ دین اور نقصان مال کی دلیل ہے، اور خواب میں اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ سے محبت کرنا دینی استطاعت، حُسنِ یقین اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنّت کی اتباع کی دلیل ہے، اور کبھی محبت کرنا اولاد، زوجات کی طلاق، نقصانِ مال دولت اور بھائیوں کے ظلم وستم پر دلیل ہوتا ہے، اور کبھی بھوک یا مختلف امراض یا دور دراز پُر خطر جگہوں کے سفر پر دلیل ہوتا ہے، اگر خواب میں محبت یا شغف کا دعویٰ کیا ہے تو ہدایت کے بعد گمراہ ہوگا۔ اگر خواب دیکھنے والا عالم ہے تو اس کی بے اصل باتوں کی وجہ سے لوگ فتنہ میں پڑیں گے، اس کی وجہ سے رشد و ہدایت کے اصول و قواعد ٹوٹیں گے، اگر خواب دیکھنے والا معمولی آدمی ہو تو اس کا مقام بلند ہوگا، اور وہ نیک نام ہوگا اور اس کی حجت ظاہر ہوگی اور دین و دنیا اور یقین میں اضافہ ہوگا، اگر وہ نومسلم ہے تو اپنے دین میں بصیرت حاصل کرے گا، اور اس کا ایمان قوی ہوگا۔

## ۶۰۶۔ الحبار (جلد پر رگڑ وغیرہ کا نشان):

اس نشان کا دیکھنا رفعت و بلندی، جاہ و منصب علم اور حاجات کے پورا ہونے کی دلیل ہے۔

Marfat.com

## ۶۰۷۔ الحباری (سرخاب):

خواب میں سرخاب دیکھنا سخی، آمدنی والے آدمی کی دلیل ہے، جو زیادہ کھاتا پیتا ہے، نہ رات کو سست ہوتا ہے اور نہ دن کو۔

## ۶۰۸۔ الحبر (سیاہی): دیکھئے المداد (سیاہی)

## ۶۰۹۔ الحبس (قید ہونا):

خواب میں قید ہونا غم وفکر اور ذلت کی علامت ہے، جو خواب میں دیکھے کہ اس کو حاکم نے روکا ہے یا وہ قید ہوا ہے تو اس کو شدید فکر وغم لاحق ہوگا، جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ جیل میں بند کیا گیا ہے تو وہ بڑا بادشاہ بنے گا، اور وہ اچھا دیندار بنے گا، کیونکہ حضرت یوسف علیہ السلام جیل میں قید ہوئے تھے۔ اگر دیکھے کہ وہ کسی نامعلوم چونا پھرے ہوئے گھر میں قید ہے جو گھر دوسرے گھروں سے علیحدہ ہے تو یہ اسکی موت کی علامت ہے، اور وہ گھر اس کی قبر ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ چونا پھرا ہونا ذلت ورسوائی کی دلیل ہے، اگر کوئی عورت دیکھے کہ بادشاہ نے اس کو قید کیا ہے تو وہ عورت کسی بڑے آدمی سے نکاح کرے گی۔

## ۶۱۰۔ الحبق (خوشبو دار پودہ): دیکھئے الریحان (خوشبو دار پودہ)

## ۶۱۱۔ الحبل (رسّی):

خواب میں رسی عہد ومیثاق کی دلیل ہے، اور آسمان سے نازل شدہ رسی قرآن پاک کی دلیل ہے، اور رسّی عزت ووجاہت یا مکروفریب کی دلیل ہے، اور کبھی رسی سحر وجادو کی دلیل ہوتی ہے، اور رسی سے دین بھی مراد ہوتا ہے جو دیکھے کہ وہ رسی کو مضبوطی سے پکڑے ہوئے ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کے دین کو مضبوطی سے پکڑنے والا (عمل کرنے والا) ہے۔ اگر رسی کھجور چھال سے بنی ہوئی ہے تو یہ بدمزاج آدمی کی دلیل ہے، اگر رسی چمڑے کی ہو تو یہ خون کے دعویدار شخص کی دلیل ہے، اگر رسی اون کی بنی ہوئی ہو تو وہ دیندار آدمی کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ اس نے رسی بٹی ہے تو وہ سفر کرے گا، اگر رسی بٹ کر کسی کی گردن میں ڈالی ہے تو یہ شادی کی دلیل ہے، اگر رسی کو اپنی ذات پر موڑا ہے یعنی خود پر لپیٹی ہے تو سفر کی ولایت حاصل ہوگی، اگر رسی بالوں کی یا اون کی ہو تو یہ دین کی یا تجارت کی ولایت ہے، اگر دیکھے کہ اس نے اپنی ریش کے بال اکھاڑے ہیں اور رسی بٹی ہے تو وہ جھوٹی گواہی سے رشوت لے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ جو رسی کو دیکھے وہ طویل سفر کرے گا، کیوں کہ رسی اسباب میں سے ایک سبب ہے، اگر رسی اس کی گردن میں یا مونڈھے پر یا پشت یا کمر میں ہو تو یہ اسکے ذمہ میں کوئی عہد وپیمان ہونے پر دلیل ہے، وہ عہد یا تو نکاح کا ہے یا وثیقہ کا یا نذر یا قرض یا شرکت یا امانت ہے جس نے رسی بٹی یا کسی لکڑی وغیرہ پر اس کو لپیٹا تو وہ سفر کرے گا، اور کبھی رسی بٹنا نکاح کے امور پر دلیل ہوتا ہے، خواب میں کسی عصا (لاٹھی) پر

Marfat.com

رسی دیکھنا سحر وجادو وغیرہ دیگر فاسد اعمال کی دلیل ہے۔

## ۶۱۲۔ حبل الورید (شہ رگ): دیکھئے الورید (رگ)

## ۶۱۳۔ الحبة الخضراء (گندہ بروزہ درخت کا پھل):

خواب میں اس کا دیکھنا کسی طاقتور اجنبی آدمی سے منفعت حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

## ۶۱۴۔ الحبة السوداء (کلونجی):

خواب میں کلونجی اس بات کی دلیل ہے کہ اس شخص کو جسمانی صحت وعافیت حاصل ہوگی۔

## ۶۱۵۔ الحبو (سرین کے بل سرکنا):

خواب میں سرین کے بل سرکنا اپاہج پن یا کھڑے ہونے پر قادر ہونے کے باوجود بیٹھ کر نماز پڑھنے پر دلیل ہے، اور کبھی یہ خواب سفر نہ کرنے اور اسے کمتر سمجھنے کی دلیل ہے، اور اگر وہ فقیر ہے تو غنی ہوگا، اگر غنی ہے تو فقیر ہوگا، اور کبھی یہ خواب لوگوں کا نرمی برتنا ظاہر کرتا ہے۔

## ۶۱۶۔ الحبور (خوش ہونا): دیکھئے السرور (خوش ہونا)

## ۶۱۷۔ الحث (ابھارنا):

کسی شخص کو کسی کام پر ابھارنا اور جانور کو چلنے پر خواب میں ابھارنا وعظ ونصیحت قبول کرنے پر دلیل ہے، اور کبھی یہ خواب موت اور اس کے اسباب پر دلالت کرتا ہے، اور خواب میں کسی انسان کا دوسرے کو کھانا کھلانے یا نیک کام کی ترغیب دینا فاسق کی توبہ پر دلیل ہے۔

## ۶۱۸۔ الحج (حج کرنا):

جو خواب میں دیکھے کہ اس نے حج کیا ہے، خانہ کعبہ کا طواف کیا ہے اور حج کا کوئی رکن ادا کیا ہے تو یہ اسکی دینی صلاح ودرستگی اور راہِ دین پر استقامت کی دلیل ہے، نیز عطائے ثواب، خوف سے امن وسلامتی اور قرض کی ادائیگی اور مسلمانوں کی امانتوں کو ادا کرنے کی دلیل ہے اگر خواب میں دیکھے کہ وہ حج کے دنوں میں حج کے ارادہ سے نکل ہے تو اگر وہ معزول تھا تو حاکم بن جائے گا، اگر مسافر ہے تو منزل کو پہنچ جائے گا، اگر تاجر ہے تو تجارت میں نفع ہوگا، اگر مریض ہے تو شفایاب ہوگا، اگر مقروض ہے تو قرض ادا ہوگا، اگر اس نے حج نہیں کیا ہے تو حج کی سعادت حاصل ہوگی، اگر گمراہ ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو ہدایت عطا فرمائیں گے، اگر دیکھے کہ اس نے حج یا عمرہ کیا ہے تو وہ طویل زندگی پائے گا، اور اس کے امور قابلِ قبول ہوں گے، اگر دیکھے کہ وہ حج کے ارادہ سے نکلا ہے تو اگر والی وحاکم ہے تو معزول ہوگا (یعنی اپنے عہدہ سے

Marfat.com

برطرف ہوگا) اور اگر وہ تاجر ہے تو خسارہ ہوگا۔ اگر مسافر ہے تو رہزنی کا شکار ہوگا، اگر وہ تندرست ہے تو مریض ہوگا۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے ذمہ حج ہے لیکن حج نہیں کرتا ہے تو وہ نعمتوں کا منکر (ناشکرا) ہے، اور امانتوں کو ادا نہیں کرتا ہے، اور خواب میں حج کرنا راہِ اعتدال اختیار کرنے، قرض کی ادائیگی، نیک کام کرنے اور واجب الاحترام لوگوں کی خدمت وخبر گیری کرنے پر دلیل ہے، جیسے والدین اور اساتذہ ہیں یا حج کرنا ہجرت کرنے یا کسی عالم یا عابد کی زیارت کرنے کی دلیل ہے، اور کبھی حج کرنا غیر شادی شدہ کے شادی کرنے کی دلیل ہوتا ہے، اور بادشاہ کا حج کرنا دشمنوں کے مضبوط ہونے اور باغیوں کے رسوا ہونے اور کسی عظیم کفریہ ملک کو فتح کرنے کی دلیل ہے اور کبھی حج کرنا جہاد پر جانے کی دلیل ہوتا ہے۔ اگر وہ طالب علم ہے تو اپنی مراد حاصل کرے گا۔ اگر فقیر ہے تو مستغنی ہوگا، اگر مریض ہے تو وفات پائے گا، اگر گنہگار ونافرمان ہے تو توبہ تائب کرے گا، اگر شادی شدہ ہے تو زوجہ کو طلاق دے گا، اگر کافر ہے تو مسلمان ہوگا، اگر سفرِ حج کے لئے سوار ہوکر نکلا ہے تو جس پر مرکوب (سواری) دلالت کرتا ہے اس کے ہاتھ سے مذکورہ تمام امور پر اس کو نصرت ومدد عطا ہوگی، اگر خالص النسب اونٹ پر سوار ہو تو اسی طرح کے آدمی سے صحبت رکھے گا، کیوں کہ ایسا اونٹ معزز لوگوں کی سواری ہے، اگر اونٹ کو پکڑ کر چلا ہے تو امن وسلامتی کے ساتھ کوئی عورت حاصل ہوگی، اور اگر ہاتھی پر سوار ہوا ہے تو بادشاہ کی ہمنشینی میں حج کرے گا، اگر پیدل سفر کیا ہے تو ایسی قسم میں مبتلا ہوگا جس میں کفارہ ادا کرنا واجب ہوتا ہے اور کبھی حج کرنا رزق، مالِ غنیمت، سفر سے واپسی، سختی کے بعد کشادگی، بیماری سے صحت اور اور اس حالت سے بری ہونے کی دلیل ہوتا ہے جس میں انسان مبتلا ہو، اگر اپنے ساتھ زادِ راہ بھی اٹھایا ہے تو یہ تقویٰ کی دلیل ہے، اور کبھی فقیر کے لئے زادِ راہ کے اٹھانے اور مقروض کے قرض کی ادائیگی پر دال ہوتا ہے، اور خواب میں جس نے حج کا ارادہ کیا مگر حج کا کوئی عمل نہیں کیا تو وہ کسی کام اور حاجت کی خاطر بادشاہ کا رخ کرے گا، جو خواب میں دیکھے کہ وہ اکیلا حج کے ارادہ سے نکلا ہے اور لوگ اس کو الوداع کر رہے ہیں اور انا للہ پڑھ رہے ہیں تو یہ اس کی وفات پر دلیل ہے۔

**۶۱۹۔ الحجاب (دوپٹہ):** دیکھئے الخمار (دوپٹہ)

## ۶۲۰۔ الحجّار (سنگ تراش):

خواب میں سنگ تراش کا دیکھنا اکابرین کے قریب ہونے، لڑائی جھگڑے، گالی گلوچ اور جماعتوں کی متفرق ہونے کی دلیل ہے، اور سنگ تراش قساوتِ قلبی کے علاج معالجہ سے باخبر شخص کی دلیل ہے۔

## ۶۲۱۔ الحجامة (پچھنے لگانا):

خواب میں پچھنے لگانے والا ایسا شخص ہے جو لوگوں کی دستاویزات لکھتا ہے، اور پچھنے لگانے والا لوگوں کے

Marfat.com

معاملات میں خود مختار آدمی پر دلیل ہے جیسے سلطانِ وقت، عالم، حاکم اور طبیب (ڈاکٹر) اور وثیقہ نویس وغیرہ، اگر کوئی شخص خواب میں پچھنے لگانے والے کو دیکھے کہ اس نے اس کو پچھنے لگائے ہیں تو اگر وہ خون کی وجہ سے مظلوم ہو یا جہاد میں ہو تو قتل ہوگا، اور اس کا خون بہے گا، اگر وہ مریض ہے تو کسی طبیب کے ہاتھ پر شفا پائے گا، اگر کسی مال میں مطلوب ہو تو اس کو حاکم کے ہاتھ سے ادا کرے گا، اگر نکاح کی رغبت رکھتا ہو تو نکاح ہوگا۔ اور پچھنے لگانے والا شخص دیکھنا تکالیف ومصائب اور امراض کے دور ہونے پر دلیل ہے، اور اس کا دیکھنا نفع کے بعد خسارہ ونقصان اٹھانے کی دلیل ہے، اگر خواب میں وہ اپنی والدہ یا گھر کے کسی فرد کے لئے حجّام (پچھنے لگانے والا) بن جائے تو اپنی والدہ کی نافرمانی کرے گا، یا اس کی نافرمانی کرے گا جس نے اس کو پچھنا لگایا ہو، جو خواب میں دیکھے کہ دوسرے کو یا خود کو پچھنا لگاتا ہے تو کوئی ولایت حاصل ہوگی یا کوئی امانت کا بار ڈالا جائے گا، اگر پچھنے لگانے والا بوڑھا ہو تو وہ خواب والے شخص کا دادا ہے، اگر وہ معلوم بوڑھا ہو تو وہ اس کا دوست ہے، اگر وہ جوان ہو تو یہ شرط نامہ کی لکھی ہوئی تعداد ہے۔ اگر کسی بادشاہ یا کسی آدمی کو پچھنے لگائے ہیں تو وہ ان پر غالب آئے گا، اور جس نے کسی بوڑھے کو پچھنے لگائے ہوں تو اس کی شان بلند ہوگی، اگر کسی نوجوان کو پچھنے لگائے ہیں تو دشمن پر غلبہ پائے گا، اور اہلِ تعبیر کہتے ہیں پچھنے لگانا مرض کے ختم ہونے کی دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ نقصان مال کی دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ جو خواب میں پچھنے لگانے والے کو دیکھے کہ اس نے اس کو پچھنے لگائے ہیں تو اس کا مال منفعت میں جائے گا، اگر پچھنے لگائے ہیں اور خون نہیں نکلا ہے تو اس نے مال دفن کیا ہے جس کا پتہ معلوم نہیں ہے، یا ایسے شخص کو امانت سونپی ہے جو اسے وہ امانت واپس نہیں لوٹائے گا، اور اگر پچھنے لگانے سے خون نکلا ہے تو اس سال اس کا جسم وبدن درست رہے گا، اگر پچھنے لگانے والا آلہ ٹوٹ گیا ہے تو وہ اپنی بیوی کو طلاق دے گا یا وہ وفات پائے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ جو خواب میں دیکھے کہ اس نے پچھنے لگائے ہیں تو نفع ہوگا خواہ وہ قیدی ہو، اور جو شخص دیکھے کہ وہ پچھنے لگاتا ہے تو جیل سے نجات پائے گا، اگر نشتر (آلہ پچھنا) کا نشان اپنی گردن پر دیکھے تو یہ اس کے خلاف گواہی کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ وہ کسی انسان کو پچھنے لگاتا ہے حالانکہ وہ پچھنے لگانے والا نہیں ہے (یعنی پیشہ ور حجام نہیں ہے) تو وہ شر وفساد سے نجات پائے گا، یا کسی انسان یا سلطان کے خوف وخطرہ سے مامون رہے گا، اور سینگیاں چورڈاکو اور سینگی کے اوزار ان چوروں کی چابیاں ہیں، اگر کسی دولت مند نے پچھنے لگائے ہیں تو تاوان وغیرہ میں وہ سونا نکالے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ پچھنے لگانا ایسی تلخ دوا پینا ہے جس پر وہ صبر کرے، جیسا کہ آلہ حجامت کے لگنے کی تکلیف پر صبر کیا جاتا ہے حتی کہ صحت حاصل ہوگی، اگر ایک عورت دوسری عورت کو پچھنے لگائے تو وہ اس سے محبت کرتی ہے، بشرطیکہ حجامت (پچھنے لگانا) اسکا پیشہ نہ ہو، اگر کسی ایسے شخص کو پچھنے لگائے جس سے خوف رکھتا ہے تو اس کے شر سے محفوظ رہے گا، اور کبھی پچھنے لگانا محجوم (جس کو پچھنے لگائے گئے ہوں) کا مالِ حرام خرچ کرنے یا حاجم (پچھنے لگانے والا) کا مال کمانے پر دلیل ہوتا ہے، اگر ان دونوں میں سے کسی کا روزہ ہو تو افطار کرلے گا یا ایسا فعل کرے گا جو مفسدِ صوم ہے، اگر خواب دیکھنے والے نے خواب میں درد سر کی وجہ سے یا

Marfat.com

آنکھ کی درد کی وجہ سے پچھنے لگائے ہیں تو یہ تکلیف سے شفا پانے کی دلیل ہے، اور کبھی پچھنے لگانا جواب دینے میں سکوت اختیار کرنے اور زبان روکنے پر دلیل ہوتا ہے۔

## ۶۲۲۔ اَلحَجَر (پتھر):

خواب میں پتھر موت کی دلیل ہے، اور کبھی پتھر سخت دل، غافل جاہل اور بے کار آدمی کی دلیل ہوتا ہے، اہلِ حکمت جاہل شخص کو حجر (پتھر) کے ساتھ تشبیہ دیتے ہیں، جو شخص دیکھے کہ وہ پتھروں کا مالک ہوا ہے تو کسی آدمی پر فتح یاب ہوگا یا کسی عورت سے شادی کرے گا، جو خواب دیکھے کہ وہ خود پتھر بن گیا ہے تو اس نے اپنے پروردگار کی نافرمانی کی ہے، اس کا دل سخت اور دین فاسد ہوگا، اگر مریض ہے تو وفات پائے گا، ورنہ فالج کے مرض میں مبتلا ہوگا، آسمان سے زمین کے تمام عالم یا جوامع پر پتھر کا گرنا ہر سخت دل آدمی پر دلیل ہے، اگر پتھر ٹوٹ گیا ہو پھر اس کے ٹکڑے مختلف گھروں کی طرف اڑ کر گئے ہوں تو یہ اس علاقہ میں مصائب کے متفرق ہونے پر دلیل ہے اور جس گھر میں پتھر کا ٹکڑا داخل ہوا ہو وہاں مصیبت نازل ہوگی ، اور لوگ اگر قحط سالی میں مبتلا ہوں تو انھیں قحط سالی کے دوام اور انجام کا خوف ہوگا، پتھر ایک شدت ومصیبت ہے جو ایک جگہ نازل ہوگی اور یہ مصیبت پتھر کے بڑے ہونے اور بھاری ہونے کے مطابق ہے، اگر بہت سے پتھر مخلوق پر پھینکے گئے ہیں تو یہ آسمانی عذاب کے نازل ہونے کی دلیل ہے، وہ آسمانی عذاب وباء یا ٹڈیوں یا اولوں یا آندھی یا تباہی وغیرہ کی صورت میں آئے گا، جو دیکھے کہ وہ پتھروں کو یا پہاڑوں کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرتا ہے تو وہ کسی دشوار کام کا ارادہ کرے گا، جو شخص دیکھے کہ وہ پتھر پر سوار ہے اگر وہ کنوارا ہے تو شادی ہوگی، جو شخص دیکھے کہ اس نے اپنی گردن میں پتھر لٹکائے ہیں تو وہ شر وفساد اور فکر وغم سے دوچار ہوگا، جو یہ دیکھے کہ اس نے عصا پتھر پر مارا ہے اور اس سے پانی نکلا ہے تو اگر وہ فقیر ہے تو مستغنی ہوگا ، اگر غنی ہے تو مالداری میں اضافہ ہوگا، یا خوشگوار مبارک رزق ملے گا، اور کسی وقت یہ پتھر عابد زاہد اور خوف خدا رکھنے والے لوگوں کی دلیل ہوتا ہے، اگر بادشاہ خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس پتھر ہیں تو یہ اس کے مال کی کثرت پر دلیل ہے، اگر عابد شخص دیکھے کہ اس کے پاس پتھر ہیں تو اس کے شہر میں اس کی کرامت ظاہر ہوگی، اگر خواب میں پتھر پر مارا ہے تو کسی تہمت میں مبتلا ہوگا جس سے وہ بری ہے، خصوصاً جبکہ وہ پتھر بھاگا ہو اور وہ اس کے پیچھے پیچھے چلے، اور حجر (پتھر) کسی انسان کو تصرف سے روکنے پر بھی دلیل ہے، اور پتھر کبھی حشرات الارض کے بلوں کی دلیل ہوتا ہے۔

## ۶۲۳۔ حِجارۃ الطّواحین (چکّی کا پاٹ):

چکی کا پاٹ علماء، اولاد اور ازواج واموال کی دلیل ہے، جو شخص ان میں سے کسی چیز کا مالک ہوا ہو تو یہ دشمنوں پر مال واسلحہ کے ذریعہ عزت ونصرت پانے کی دلیل ہے، جو شخص چکی کے پاٹ کی طرح کے پتھروں کا مالک ہوا ہو جیسے پانی اور کولہو کے پتھر ہوتے ہیں تو اسے کسی جلیل القدر انسان سے فائدہ حاصل ہوگا جیسے والد وسردار، استاذ اور بھائی، زوج،

Marfat.com

قرابتدار اور دوست وغیرہ ہیں، اور کبھی اس کی تعبیر بہت زیادہ سفر کرنے والے آدمی کے ساتھ ہوتی ہے جو شخص پتھر اٹھائے اور اس میں سے ایک بیکار پائے تو اسی پتھر کے ہلکے یا ثقیل ہونے کے بقدر کسی سخت دل آدمی کی سختیاں برداشت کرے گا، اور مفید پتھر جیسے سبز پتھر جو آنکھ اور کان کی درد کے لئے نافع ہیں ان کا دیکھنا اطباء، علماء اور جاہ ومنصب اور کسب ومعاش والے حضرات کی دلیل ہے۔

## ۶۲۴۔ الحَجرُ (دور ہونا): دیکھئے الحبّ (محبت کرنا)

## ۶۲۵۔ الحِجر (گھوڑی): دیکھئے الخیل (گھوڑا)

## ۶۲۶۔ حجرِ اسماعیل علیہ السلام:

جو خواب میں دیکھے کہ وہ اس حجر میں ہے اسے ایسا لڑکا عطا ہوگا جو اس کی کفالت کرے گا اور دنیوی امور میں اس کی اعانت کرے گا، اور اگر وہ مالدار ہے تو مالی تصرفات سے وہ روک دیا جائے گا۔

## ۶۲۷۔ الحجر الاسود (حجرِ اسود):

حجرِ اسود خواب میں دیکھنا حج کی دلیل ہے، جو خواب میں دیکھے کہ وہ حجرِ اسود کے ٹکڑے کرتا ہے تو وہ یہ چاہتا ہے کہ لوگ اس کی رائے پر جمع ہوں، اگر دیکھے کہ لوگوں نے حجرِ اسود کو گم پایا ہے اور اس کو تلاش کرتے ہیں پھر اس کو اس کی جگہ میں پالیتے ہیں تو یہ ایک ایسا آدمی ہے جو تمام لوگوں کو گمراہی پر سمجھتا ہے اور وہ خود ہدایت پر ہے، اور کبھی یہ خواب کسی منفرد علم کی دلیل ہوتا ہے جس کو وہ طلباء سے چھپاتا ہے، جو دیکھے کہ اس نے حجرِ اسود کو مس کیا ہے تو وہ حجازی امام کی اتباع کرے گا، اگر دیکھے کہ اس نے اس کو اکھاڑا ہے اور خاص اپنے لئے بنالیا ہے تو دوسرے مسلمانوں کے علاوہ اکیلا وہ خود دین میں کوئی بدعت نکالے گا، اگر دیکھے کہ اس نے حجرِ اسود کو نگل لیا ہے تو وہ لوگوں کو دینی اعتبار سے گمراہ کرے گا، اگر دیکھے کہ اس نے حجرِ اسود سے مصافحہ کیا ہے تو وہ حج کرے گا، نیز یہ خواب خلفاء اور بادشاہوں کے بیعت لینے یا امام عالم کے ہاتھ پر توبہ کرنے کی دلیل ہے، اور کبھی یہ خواب عہدیداران کی خدمت پر دلیل ہوتا ہے جیسے حکام ہیں۔

## ۶۲۸۔ حجر المنجنیق (منجنیق کے پتھر):

خواب میں منجنیق (پتھر پھینکنے والی مشین) قاصد ہے، اگر کوئی شخص دیکھے کہ بادشاہ نے کسی کی طرف پتھر پھینکا ہے تو وہ کسی سخت دل قاصد کو اس کی طرف روانہ کرے گا، جو شخص دیکھے کہ وہ اپنی قوت آزمانے کے لئے پتھر اٹھاتا ہے تو وہ طاقتور قوی سخت دل آدمی سے مقابلہ کرے گا، اگر پتھر اٹھالیا ہے تو غالب ہوگا، اگر اٹھانے سے عاجز ہوا ہے تو مغلوب ہوگا، جو دیکھے کہ وہ کسی انسان کی طرف پتھر پھینکتا ہے تو پھینکنے والا اس شخص کے خلاف کسی امرِ حق میں سخت دل کے ساتھ بددعا کرے گا، جو شخص عورتوں کو پتھر پھینکتے دیکھے تو جادوگر لوگ اس سے مکر وفریب کریں گے۔

Marfat.com

## ۶۲۹۔ الحجر المنحوت (تراشیدہ پتھر):

اگر خواب میں پتھر بنایا جائے تو یہ عزت واقبال، طولِ آرزو اور خوف سے امن پانے، پاکدامن ازواج اور موجب الفت حضرت کی دلیل ہے جیسے عالم، طبیب اور علم نجوم کا ماہر، اگر خواب میں تراشیدہ پتھروں کی جگہ پختہ اینٹیں دیکھے تو یہ ذلت، زوالِ منصب یا زوجہ کے بدلنے یا صاحبِ تعبیر کی وفات کی دلیل ہے، اور نرم پتھروں (سنگِ مرمر) کی جگہ سخت پتھر ذلت وفاقہ کی دلیل ہے، اگر خواب میں سنگِ مرمر لگی ہوئی قبریں پتھروں کی بن گئیں ہوں تو یہ خواب میت کے حال کے متغیر ہونے یا اس کے ورثاء کے حال کے بدلنے کی دلیل ہے۔

## ۶۳۰۔ الحجفة (چمڑے کی ڈھال): دیکھئے الدرقة (چمڑے کی ڈھال)

## ۶۳۱۔ الحجل (چکور):

چکور کا دیکھنا چور یا راز کو چھپانے والے شخص کی دلیل ہے۔ دیکھئے القبحة (چکور)

## ۶۳۲۔ الحجلة (چکور):

خواب میں چکور پرندہ آزاد اچھی عورت کی دلیل ہے، یا خوبصورت گفتگو والے شخص کی دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ چکور کا گوشت کپڑے ہیں، جو دیکھے کہ اسے نر چکور حاصل ہوئے ہیں تو اس کو مبارک لڑکا عطا ہوگا، جس سے انسیت زیادہ ہوگی، جس کی وجہ سے اس کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں گی، اگر خواب میں مادہ چکور پائی ہے تو اسے حسین عورت ملے گی، اور اگر اس کی اہلیہ حاملہ ہو تو لڑکی جنے گی، جو شخص دیکھے کہ اس نے چکور ذبح کی ہے تو وہ باندی کی بکارت زائل کرے گا، جو دیکھے کہ وہ چکور پرندہ کی کھال اتارتا ہے تو وہ کسی عورت کو کوئی بات تلقین کرے گا۔

## ۶۳۳۔ الحدّ (حد):

خواب میں جو حد کا مطالبہ کرنے یا اس سے حد کا مطالبہ کیا گیا ہو تو یہ قرض اور مطالبۂ قرض کی دلیل ہے، اور کبھی حد انسان کے حد کے وقت رک جانے کی دلیل ہوتا ہے، یا کنوارے کی شادی ہو جانے اور اس کے پاکدامن ہونے کی علامت ہے۔

## ۶۳۴۔ الحدأة (چیل):

خواب میں چیل دیکھنا گمنام، شدید قوت وشوکت رکھنے والے، متواضع، بڑے ظالم اور صاحبِ اقتدار بادشاہ کی دلیل ہے، کیونکہ اس کی صلاحیت بہت زیادہ ہے، نیز وہ چیل اڑنے میں زمین سے قریب اور شکار کرنے میں کم خطا کار ہوتی ہے، خواب میں جو شخص چیل کا مالک ہوا ہو اور اس کا شکار کرتا ہو تو اسے مملکت یا اموال حاصل ہوں گے، جو دیکھے کہ جنگلی چیل اس کے ہاتھ لگی ہے اور نہ اس کو شکار کرتا ہے اور نہ ہی اس کو سدھاتا ہے اور یوں دیکھے جیسے وہ اس کے ہاتھ میں پکڑی ہوئی ہے تو

Marfat.com

اسے فرزند حاصل ہوگا، اور وہ لوگوں کے مقام کو اس وقت تک نہیں پہنچے گا حتی کہ بادشاہ بنے گا، اگر دیکھے کہ وہ چیل اس حالت پر اس سے چلی گئی ہے تو لڑکا مردہ پیدا ہوگا، یا زیادہ عرصہ نہیں رہے گا حتی کہ وہ وفات پائے گا، اور چیل کے بچے اولاد ہے، اور مادہ چیل قوم عصبہ کی عورتیں ہیں، اور ایک چیل ایسی عورت ہے جو خیانت کرتی ہے اور بے حیا اور بے پردہ ہے، اور چیل ان چوروں پر دلیل ہے جو خفیہ طور پر چوری کرتے ہیں اور راہزنی کرتے ہیں، اور چیل ان مکاروں اور دھوکہ بازوں کی دلیل ہے جو اپنے ملنے والوں سے مال کو چھپاتے ہیں، اور چیل قتل وقتال کی بھی دلیل ہے، اور چیل محترم آدمی یا بدکار عورت کی دلیل ہے۔

## ۶۳۵۔ الحدبة (کبڑا پن):

جو خواب میں دیکھے کہ وہ کبڑا ہے تو اس کو مالِ کثیر اور اپنے قرابتداروں اور اولاد سے مضبوط بادشاہت حاصل ہوگی، اور اس کے علاوہ اسے فطانت وذہانت عطا ہوگی، اور کبڑا پن ایک امر شہرت اور قرض ہے جو اس کے ذمہ پر جمع ہوگا اور اس کی ادائیگی سے عاجز ہوگا، اس لئے کہ پشت بوجھ اٹھانے کی جگہ ہے، یا کوئی اور بوجھ ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ کبڑا پن طویل حیات کی دلیل ہے، اور بعض اولاد سے تعبیر کرتے ہیں۔

## ۶۳۶۔ الحدَث (بے وضو ہونا):

خواب میں اگر دیکھے کہ اسے حدثِ اصغر (بے وضو ہونا) لاحق ہوا ہے تو اس کے غم دور ہوں گے، اگر صاحب مال ہے تو مال میں اضافہ ہوگا، اگر بے وضو شخص دیکھے کہ پاخانہ کی جگہیں بہت زیادہ ہیں اور اس کا سفر کا اردہ ہے تو سفر پر نہیں جائے گا، اگر براز (پاخانہ) کیا ہے تو وہ اپنا کچھ مال عافیت میں خرچ کرے گا، اگر بول کیا ہے تو وہ اپنا اکثر مال خرچ کرے گا، اگر دیکھے کہ اس نے ایک جگہ حاجت کی ہے اور اس کو مٹی میں چھپایا ہے تو وہ مال زمین میں دفن کرے گا۔

## ۶۳۷۔ الحدس (اندازہ لگانا): دیکھئے الخرص (اندازہ لگانا)

## ۶۳۸۔ الحدّاد (لوہار):

خواب میں لوہا دیکھنا عظیم بادشاہ یا لوہار کے کام میں مہارت وقدرت کے مطابق بارعب بادشاہ کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ لوہار لوہے سے جو چاہتا ہے بنالیتا ہے تو اس کو عظیم بادشاہت حاصل ہوگی، جو خواب میں خود کو لوہار دیکھے اور لوہا اس کیلئے نرم ہوگیا ہے، اور اس لوہے سے مختلف سامان بناتا ہے اور وہ شخص بادشاہت کی اہلیت رکھتا ہے تو اس کو بادشاہت ملے گی، اور نامعلوم لوہار عظیم بادشاہ یا لوہے کے کام میں قدرت وطاقت کے مطابق بادشاہ کی دلیل ہے، اگر خواب میں کہا گیا کہ فلاں شخص کا مقدمہ لوہار کے پاس پیش کیا گیا ہے اور وہ شخص باعافیت ہو تو کسی حادثہ ومصیبت میں گرفتار ہوگا جو اسے بادشاہ یا پناہ گاہ کی طرف لے جائی گی، جو خواب مین لوہار بن گیا ہو تو مذکورہ امور میں سے جو اس کی شان کے لائق ہیں حاصل کرے گا، اور لوہار ہر اس شخص پر دلیل ہے جن کا معاش آگ سے وابستہ ہے جیسے باورچی، نان بائی اور تانبا فروش

Marfat.com

وغیرہ، جو لوہار کے پاس آکر اس کے پاس بیٹھے تو اگر وہ مریض ہے یا میت ہے تو آگ کی طرف جائے گا، خصوصاً جب اس کے کپڑے سیاہ ہوں اور جیل میں جائے گا، اس لئے کہ اہل عرب قیدیوں کو حداد (لوہار) کا نام دیتے ہیں۔

## ۶۳۹۔ الحدید (لوہا):

خواب میں ہاتھ میں لوہا دیکھنا مال وقوت کی نشانی ہے، اور لوہے کا پکڑنا ضعف کے بعد عزت کی دلیل ہے، جو یہ دیکھے کہ لوہا کھاتا ہے تو جہاں بھی ہوگا کامیاب ہوگا، اگر لوہا روٹی کے ساتھ کھایا ہے تو وہ مدارات کرے گا اور معیشت کی وجہ سے دشواری اٹھائے گا، اگر لوہے کو دانتوں سے چبایا کاٹا ہے تو یہ غیبت اور ضرر ہے، اگر خواب میں بہت سا لوہا یا سیسہ یا پیتل ہاتھ لگا ہو تو اسے دنیا کا مال ومتاع حاصل ہوگا۔ اور من چاہی قوت حاصل ہوگی، جو لوہے کو دیکھے کہ وہ اس کے لئے نرم ہوگیا ہے تو اسے بادشاہت اور وسیع رزق حاصل ہوگا۔ جو دیکھے کہ اس نے لوہے کو سانچہ میں ڈھالا ہے تو وہ استطاعت والا کام کرے گا، جو دیکھے کہ وہ لوہے کو پگھلاتا ہے تو وہ لوگوں کی آبرو ریزی کرے گا اور ان کی غیبت کرے گا، اور لوہے سے جو کچھ بنایا یا تیار کیا گیا ہو اس کا دیکھنا انسان کی منفعت اور قوت کی دلیل ہے، بسولا، بیلچہ اور کلہاڑی وغیرہ انسان کے خادم یا مزدور کی دلیل ہے، اور ان چیزوں میں جو صلاح وفساد دیکھی جائے تو اس کی تاویل وتعبیر اسی کی طرف لوٹتی ہے۔ خواب میں جو لوہے کا مالک بنا ہو تو اسے مشقت سے رزق حاصل ہوگا، کیونکہ لوہے کو کان سے نکالنے میں مشقت اٹھانا پڑتی ہے، اور لوہے میں شدید ہیبت اور طاقت ہے، جیسا کہ فرمانِ الٰہی ہے:

وَاَنْزَلْنَا الْحَدِيْدَ فِيْهِ بَأْسٌ شَدِيْدٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ (الحدید۔۲۵)

"یعنی ہم نے لوہے کو پیدا کیا ہے، جس میں شدید ہیبت ہے اور
اس کے علاوہ وہ لوگوں کے اور بھی طرح طرح کے فائدے ہیں۔"

اور منافع سے مراد سامان، برتن اور وہ اشیاء ہیں جن سے لوگ فائدہ اٹھاتے ہیں، اور بأس سے مراد لوہے کو اپنے ہاتھ میں نرم کر کے مرضی کی چیزیں بنانا ہے، چاہے کلہاڑی بنالے یا تلوار یا چھری وغیرہ، لوہا تکالیف ومصائب اور تصرف سے منع کرنے کی دلیل ہے، اور کبھی لوہے کا دیکھنا مشکل کے آسان ہونے یا اس بدعمل آدمی کی دلیل ہے جو جہنمیوں جیسے اعمال کرتا ہے۔

## ۶۴۰۔ حدیقة البیت (گھر کا باغیچہ):

گھر کا باغیچہ دیکھنا مردوں وعورتوں کی عفت وپاکدامنی اور مال واولاد کے حلال ہونے کی دلیل ہے، اور کبھی باغیچہ شدید حرص اور طالب کو علم سے روکنے کی دلیل ہے، اور کبھی باغیچہ ان پوشیدہ اعمال کی دلیل ہوتا ہے جن سے ہر آدمی

Marfat.com

واقف نہیں ہوسکتا ہے، جیسے روزہ، نماز تہجد وغیرہ اور گھر کا باغیچہ کبھی زہد، ورع، پرہیز گاری اور اللہ تعالیٰ کی تسبیح وتقدیس کی دلیل ہوتا ہے، اور کبھی عزیز واقارب سے نکاح ہونے نہ کہ غیروں سے ہونے کی دلیل ہوتا ہے، اور گھر کا باغیچہ کبھی گھر میں موجود کسی کے جنون یا خسارہ وتکلیف ومشقت کی دلیل ہوتا ہے۔

## ۶۴۱۔ الحِذاء (جوتا): دیکھئے النعل (جوتا)، الخف (موزہ) اور الزربول (بوٹ)

## ۶۴۲۔ الحذّاء (جوتا ساز):

خواب میں جوتا بنانے والا وہ شخص ہے جو عورتوں کے امور کا ذمہ دار ہو، ان عورتوں کو مزین اور تیار کرتا ہو، اس لئے کہ جوتا ساز جوتوں کو ٹھیک کرتا ہے، اور خواب میں جوتے عورتیں ہیں، بعض کہتے ہیں کہ جوتا ساز غلام باندیوں کو فروخت کرنے والا شخص ہے۔

## ۶۴۳۔ الحذر (ڈر):

خواب میں ڈر نفاق یا راہِ حق سے اعراض یا قرآنِ کریم کے بھولنے یا اس کا کچھ حصہ بھولنے کی دلیل ہے۔

## ۶۴۴۔ الحذق (ماہر ہونا): دیکھئے الدّرایة (ماہر ہونا)

## ۶۴۵۔ الحرّ (گرمی):

جو شخص خواب میں گرمی محسوس کرے جبکہ یہ خواب سردیوں میں پیش آیا ہے تو یہ خواب فوائد، رزق اور اعلیٰ عمدہ کپڑوں کی دلیل ہے، اور خواب میں گرمی کا احساس گرمیوں میں ہوا ہے تو اس کے برعکس پر دلیل ہے، اور خواب میں کھانے یا پینے کی کوئی گرم چیز دیکھنا مشقت آمیز تکلیف دہ رزق کی دلیل ہے، اور کبھی یہ خواب کسبِ حرام اور برکات کے مٹ جانے کی دلیل ہوتا ہے، جو خواب میں میّت کو دیکھے کہ وہ گرم پانی سے غسل کرتا ہے یا گرم پانی پیتا ہے تو وہ میّت دوزخ میں ہے۔

## ۶۴۶۔ الحراس (چوکیدار): دیکھئے العسس (چوکیدار)

## ۶۴۷۔ الحراسة (پہرہ داری):

جو خواب میں دیکھے کہ کوئی شخص اس کی پہرہ داری کرتا ہے، تو یہ امور کی دشواری اور عسرت کے حاصل ہونے اور کوئی مرض پیش آنے کی دلیل ہے، اور خواب میں پہرہ داری عزت وولایت اور محروس (جس کی پہرہ داری کی جائے) کے خوف وخطرہ سے مامون ہونے اور پہرہ دار کے حق میں غم فکر اور تکلیف کی علامت ہے۔

## ۶۴۸۔ الحرب (لڑائی اور جنگ کرنا):

خواب میں جنگ کرنے والے کا جنگ کرنا دھوکہ فریب کی دلیل ہے، اور جنگ کرنا قیمتوں کی گرانی کی دلیل ہے، جو خواب میں دیکھے کہ اہل شہر باہم دست وگریباں ہیں تو ضروری اشیاء کی قیمتیں بلند ہوں گی، اگر دیکھے کہ لوگ بادشاہ سے

Marfat.com

لڑتے ہیں تو رعیت کم ہوں گے، اور بادشاہوں کے درمیان لڑائی اور جنگ فتنہ وفساد یا وباء کی دلیل ہے اور بادشاہ اور رعایا کے مابین جنگ غلہ کی گرانی کی دلیل ہے، اور لڑائی جنگ اضطراب و بے چینی یا فتنہ وفساد اور وباء یا طاعون کی علامت ہے، اور جنگ اور اس سے پیدا ہونے والے حالات تمام لوگوں کے مضطرب و پریشان ہونے کی دلیل ہے، سوائے سپہ سالاروں اور اہلیانِ لشکر کے اور جس کا کام اسلحہ وہتھیار کا ہو تو ان کے حق میں یہ خواب خیر و بھلائی اور آسودہ حالی کی دلیل ہے۔

## ۶۴۹۔ الحرباء ة (گرگٹ):

خواب میں گرگٹ دیکھنا بادشاہ کا وزیر یا اس کا خلفیہ ونائب ہے جو بادشاہ سے جدا نہیں ہوتا ہے، دن رات اس کی صحبت میں رہتا ہے، اس کا ہمنشین رہتا ہے، جنگجو ہے جو لوگوں میں اشتعال انگیزی کرتا ہے، اور گرگٹ ایسا آدمی ہے جو تمام امور میں باعزم ہے، اور گرگٹ بے کاروں کی خدمت یا دینی فتنہ یا مجوسی عورت کی دلیل ہے اس لئے کہ گرگٹ سورج کے نکلنے پر نکلتا ہے اور غروب ہونے پر چھپ جاتا ہے اور ہمیشہ دھوپ میں گھومتا پھرتا رہتا ہے، اور گرگٹ میت پر رونے کی بھی دلیل ہے۔

## ۶۵۰۔ الحربة (نیزہ): دیکھئے المزراق (نیزہ)۔

## ۶۵۱۔ الحراثة (کھیتی باڑی):

خواب میں کھیتی باڑی شادی کی علامت ہے، جو دیکھے کہ وہ دوسرے کی زمین میں کھیتی کر رہا ہے، اور وہ اس صاحب کو پہچانتا ہے تو وہ اس کی بیوی سے شادی کرے گا، اور حارث (کاشتکار) بہترین اعمال کرنے والا آدمی ہے۔

## ۶۵۲۔ الحرذون (نرگوہ):

خواب میں نرگوہ دیکھنا آزاد لوگوں کی دلیل ہے، اور کبھی اس کا دیکھنا کمائی میں حرص وطمع کرنے اور مزاج وعادت کے مختلف ہونے کی دلیل ہوتا ہے۔

## ۶۵۳۔ الحُرُش (ایک دریائی جانور):

جو خواب میں دیکھے کہ وہ دریائی جانور کو کھاتا ہے تو اس تک رزق مشقت کے ساتھ پہنچے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ یہ دریائی جانور ایسا آدمی ہے جس کا باطن اس کے ظاہر سے بہتر ہے۔

## ۶۵۴۔ الحرمل (اسپند):

(یہ ایک بوٹی ہے جو دوا کے طور پر استعمال ہوتی ہے اور اس سے دھونی دی جاتی ہے۔) حرمل خواب میں دیکھنا مال یا مال فاسد کی دلیل ہے۔

Marfat.com

## ۶۵۵۔ الحریر (ریشمی کپڑا):

ریشمی کپڑا دیکھنا عشق کی دلیل ہے، جو بادشاہ ریشمی کپڑا پہنتا ہے وہ متکبر ہے، اگر میت کے اوپر ریشمی کپڑا دیکھے تو وہ جنتِ نعیم میں ہے، اور زرد اور سرخ ریشم مرض کی دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ یہ دونوں رنگ کے ریشم لڑائی میں مردوں کی زینت ہے، اور فقہاء کے حق میں ریشمی کپڑے ان کے طالبِ دنیا ہونے اور ان کا لوگوں کو بدعت کی دعوت دینے کی دلیل ہے، اور غیر فقہاء کا ریشمی کپڑے پہننا اس بات کی دلیل ہے کہ وہ جنتیوں والے اعمال کرتے ہیں، اور وہ ان اعمال کے سبب ریاست کے مقام کو پہنچیں گے، نیز ریشمی کپڑا شریف عورت سے نکاح کرنے اور خوبصورت باندی رکھنے کی دلیل ہے اور ریشم بنانے والا کو دیکھنا خوشیوں کی دلیل ہے، کیونکہ اس کے پاس بہت سے خوش کن رنگ ہوتے ہیں اور کبھی اس کا دیکھنا مشکل امور سے واقف کار آدمی کی دلیل ہوتا ہے، نیز غموں اور تکلیفوں کو دور کرنے والے پر دلیل ہے۔

## ۶۵۶۔ الحزّام (پٹی کسنے والا):

اس کا خواب میں دیکھنا سفروں کی، مال دولت کا ذخیرہ کرنے اور بخل کی علامت ہے، اور کبھی اس کا دیکھنا حصولِ علم میں جدوجہد اور پختگی پیدا کرنے کی دلیل ہوتا ہے۔

## ۶۵۷۔ الحزر (اندازہ لگانا): دیکھئے الخرص (اندازہ لگانا)

## ۶۵۹۔ الحزن الشدید (شدید غم): دیکھئے الولہ (شدید غم)

## ۶۶۰۔ الحساب (محاسبہ ہونا):

خواب میں میت کا محاسبہ اس کے مبتلائے عذاب کی دلیل ہے، اور خواب میں اگر کسی سے خرچ شدہ یا حاصل شدہ چیز کا آسان حساب لیا گیا اور وہ بیداری کی حالت میں مسافر ہو تو یہ سفر میں حصولِ فائدہ کی دلیل ہے، اور اپنے وطن باسلامت واپس لوٹنے کی دلیل ہے، اگر خواب میں کسی نے اپنا محاسبہ کیا تو یہ رجوع الی اللہ اور توبہ کرنے کی دلیل ہے، جو خواب میں دیکھے وہ حساب کتاب کے لئے قریب ہوا ہے اور اس سے آسان حساب لیا گیا ہے تو اس کی بیوی نیک دیندار اور اس پر شفیق و مہربان ہے، اگر دیکھے کہ اس سے سخت حساب کتاب لیا گیا ہے تو خسارہ پائے گا۔

## ۶۶۱۔ الحسد (حسد کرنا):

خواب میں حسد کرنا فساد کی دلیل ہے، ہر حاسد فاسد ہے، اور حسد حاسد کے فساد اور محسود (جس سے حسد کیا گیا ہو) کے صلاح (نیک ہونے) کی دلیل ہے، اور خواب میں حسد کرنا حاسد کے فقر و فاقہ کی دلیل ہے، اور کبھی یہ حسد بیری، تکبر، سحر و جادو اور شر و فساد کی دلیل ہوتا ہے، اور محسود کے لئے زیادتی رزق کی دلیل ہے۔

Marfat.com

## ٦٦٢۔ الحسک (کینہ رکھنا):

کینہ خواب میں نفاق اور چغلخوری کی دلیل ہے،

## ٦٦٣۔ الحسنۃ (نیکی کرنا):

جو خواب میں دیکھے کہ وہ کوئی نیک عمل کرتا ہے تو وہ فساد سے توبہ کرے گا یا صلہ رحمی کرے گا، یا مسکین فقیر کو صدقہ دے گا، اگر دیکھے کہ وہ اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہے تو وہ جہنم سے نجات پائے گا، اگر اپنے اہل شہر کو دیکھے کہ وہ مسکینوں کو کھانا کھلاتے ہیں یا نیکی کا کام کرتے ہیں یا اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے ہیں تو اگر وہ کسی فکر و پریشانی میں مبتلا ہیں تو رجوع الی اللہ کی وجہ سے وہ پریشانی دور ہوگی، جو دیکھے کہ وہ کثرت سے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء بیان کرتا ہے تو وہ میراث پائے گا، اگر کوئی شخص خواب میں کوئی نیک کام کرے جیسے راستہ سے تکلیف دہ چیز ہٹا دینا، نیکی کا حکم یا برائی سے منع کرنا وغیرہ تو یہ خواب تجارتی نفع، ادائیگی قرض اور خوف سے امن کی دلیل ہے، اور خواب میں نیکی پر انعام ظالموں کے معزول ہونے اور انصاف پسند لوگوں کے والی وحکمران بننے کی دلیل ہے۔

## ٦٦٤۔ الحشرجۃ (حالتِ نزع): دیکھئے النزع (حالتِ نزع)

## ٦٦٥۔ الحشرۃ (کیڑا): دیکھئے الدودۃ (کیڑا)

## ٦٦٦۔ الحشیش (گھاس):

گھاس خواب میں دیکھنا دینی صلاح و درستگی کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ گھاس اس کی ہتھیلی کی پشت پر اگتی ہے تو وہ موت کا شکار ہوگا، اور اس کی قبر پر گھاس اُگے گی، اگر دیکھے کہ گھاس کسی بے محل جگہ میں اگتی ہے جیسی مسجد، گھر وغیرہ تو یہ رشتہ داری پر دلیل ہے، اور جس پر گھاس اُگی ہو تو وہ خوشحالی اور خیر سے ہمکنار ہوگا، اگر لوگوں کے ہاتھوں میں گھاس دیکھے تو یہ اس سال کی خوشحالی کی دلیل ہے، اور جسم میں گھاس کا اگنا مالداری کا فائدہ دینا ہے، اگر معضر جگہ میں گھاس اُگی ہے تو یہ مکروہ حالت کی علامت ہے، مگر یہ کہ وہ شخص مریض ہو تو یہ اس کی موت کی نشاندہی ہے، اور گھاس معاش ہے، اور جانور چوپائے دنیا کے ان مالوں کی طرح ہے جن سے انسان اپنے پروردگار کا تقسیم کردہ رزق حاصل کرتا ہے، جو انسان دیکھے کہ جیسے وہ گھاس کے اندر ہے اس کو جمع کرتا ہے یا کھاتا ہے تو اگر وہ فقیر ہے تو غنی ہوگا، اور اگر غنی ہے تو [redacted]اری میں اضافہ ہوگا، اگر دنیا سے بے رغبت ہے تو دنیا کی طرف لوٹے گا اور اس وجہ سے فتنہ سے دو چار ہوگا، اور مباح گھاس گندہ رزق اور حقیر زندگی ہے، اور خواب میں گھسیارا دیکھنا تکالیف وتفکرات کے دور ہونے کی دلیل ہے، اور کبھی پولیس کے آدمی پر دلیل ہوتا ہے۔

## ٦٦٧۔ الحصیٰ (کنکریاں):

خواب میں کنکریاں دیکھنا مردوں اور عورتوں کی دلیل ہے، نیز چھوٹے بچوں، دراہم اور حج کرنے اور رمی جمار (حج

Marfat.com

میں کنکریاں مارنا) کرنے کی دلیل ہے، نیز کنکریاں شدت وقساوت (سخت ہونا) قلبی اور تہمت تراشی اور گالی گلوچ کرنے کی دلیل ہے، خواب میں جوشخص دیکھے کہ ایک پرندہ آسمان سے اترا ہے اور کچھ کنکر لے کر اڑ گیا ہے اور یہ واقعہ مسجد میں ہوتو مسجد کا کوئی نیک آدمی وفات پائے گا، اگر صاحب خواب مریض ہو اور وہ نیک ہو یا اس جامع مسجد میں نماز پڑھتا ہوتو صاحب خواب میت ہے، اگر اس پرندہ کا کنکر اٹھانا کسی گرجے سے ہوتو یہ مریض کے فساد سے کنایہ ہے، اور اگر پرندہ نے کنکریاں اس کے گھر یا نامعلوم جگہ سے اٹھائی ہوں تو صاحب خواب کا لڑکا فوت ہوگا، اور جوشخص چند کنکر اٹھا کر اپنے کپڑے میں باندھ لے یا ان کو نگل لے اور اس کا کنکر اٹھانا مسجد سے ہو یا عالم کے گھر سے یا مجلسِ ذکر سے ہوتو وہ علم اور قرآن کو یاد کرے گا، اور جس قدر کنکر اٹھائے ہیں اسی قدر ذکر اور بیان سے اُس کو نفع ہوگا، اگر کنکر بازار سے اٹھائے ہیں تو یہ دنیا کے فوائد اور درہم ہیں جو اس کو تجارت سے ملیں گے، یا صدقہ کی دلیل ہے، اور اگر کنکر درخت کے پیچھے سے اٹھائے ہیں تو یہ عطائے سلطانی ہیں بشرطیکہ اس کا خادم ہو، یا بحری فوائد ہیں بشرطیکہ وہاں تجارت کرتا ہو، یا علم کی دلیل ہے جو وہ کسی عالم سے حاصل کرے گا، اگر وہ کنکر مالدار بیوی کی طرف سے بطور ہدیہ دیئے گئے ہوں تو اگر اولاد نہ ہوتو اولاد سے نوازا جائے گا۔ اور خواب میں جو شخص دریا میں کنکریاں پھینکے تو اس کا مال ختم ہوگا، اگر کسی کنوئیں میں کنکریاں پھینکی ہیں تو نکاح یا خادم غلام کے خریدنے میں مال نکالے گا، اگر کسی حیوان مثلاً شیر، چیتے، بندر، ٹڈی کوے وغیرہ کو کنکریاں ماری ہیں اور یہ حج کے دنوں میں ہوتو رمی جمار کرے گا اس لئے کہ رمی جمار کی اصل اور بنیاد یہ ہے کہ جبریل علیہ السلام نے آدم علیہ السلام کو حکم دیا تھا کہ شیطان کو کنکریاں ماریں جس وقت وہ شیطان ان کے سامنے آیا تھا لہٰذا وہ عمل سنت قرار دے دیا گیا، اور اگر یہ کام حج کے دنوں میں نہ ہوتو اس کا حیوان کو کنکر مارنا کسی دشمن یا فاسق کو بددعا دینے یا سبّ وشتم کرنے یا مخالف کا گواہی دینا ہے، اگر ان کے علاوہ کبوتر اور کسی مسلمان کو کنکریاں ماری ہیں تو وہ آدمی بڑا گالی دینے والا، غیبت کرنے والا اور نیک لوگوں اور پاکدامن عورتوں کے حق میں زبان دراز ہے، اور کنکریاں لوگوں میں علماء کی علامت ہے، بعض کہتے ہیں کہ کنکریاں مارنا نافرمان کے لئے توبہ کی اور کافر کے لئے ہدایت کی علامت ہے، اور کبھی کنکریاں گواہی کی دلیل ہوتی ہیں، اس لئے کہ کنکریوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے دستِ مبارک میں تسبیح کہی تھی، اور کبھی کنکریوں سے مرض مراد لیا جاتا ہے جیسے ریت سے لیا جاتا ہے، اور کنکریاں اہل معاش کے حق میں ان چیزوں کی دلیل ہے جن سے وہ ناپ تول کرتے ہیں یا جس سے کام لیا جاتا ہے، اور کنکریاں سخت کلامی کی بھی علامت ہیں، اور کنکریوں کی کثرت مشغول آدمی کا کوئی مشغلہ اور مصروفیت ہے، جو خواب میں دیکھے کہ اس کے کان میں کنکر ہے جس کو اس کے کان نے نکالا ہے اور پھینکا ہے تو وہ کوئی سخت بات سن کر ناگوار ہوگا۔

## ۶۶۸۔ حصى الجمرات (جمرات کی کنکریاں):

خواب میں اگر کوئی انسان جمرات کی رمی کرے (حج کے دنوں میں جو تین مقامات پر رمی کرتے ہیں) تو یہ ایسے قرض کی ادائیگی کی دلیل ہے جس کی مقدار سات درہم یا سات دینار یا سات سو ہو، نیز یہ خواب دشمن پر فتح یاب ہونے اور

Marfat.com

نیک عمل کی دلیل ہے، اور جمرہ خواب میں کھانا یتیم کا مال کھانا ہے، اور رمی جمار قرض ساقط ہونے اور روزہ ونماز ادا کرنے کی دلیل ہے۔

## ۶۶۹۔ الحصاد (کھیتی کی کٹائی):

خواب میں کھیتی کی کٹائی مشکل کے آسان ہونے اور جلد حاصل ہونے والا رزق ہے، اور کسی وقت اس کا دیکھنا ہلاکت وبربادی اور وعظ ونصیحت کی دلیل ہوتا ہے، جو دیکھے کہ ایک کھیت کاٹا جارہا ہے اور یہ ایسے علاقہ میں ہو جہاں لڑائی ہے تو اس لڑائی میں اتنے لوگ ہلاک ہوں گے، جتنی اس نے درانتی سے کھیتی کاٹی ہے، اور اگر یہ خواب ایسے علاقہ میں ہو جہاں لڑائی وغیرہ نہیں ہے اور وہ کھیتی کی کٹائی بڑی جامع مسجد میں یا تجارت گاہوں کے درمیان یا متفرق گھروں کے اوپر ہو تو یہ اللہ تعالیٰ کی مسلط تلوار ہے جو وباء یا طاعون کی شکل میں ظاہر ہوئی ہے، اور اگر یہ کٹائی کسی بازار میں ہو تو لوگوں کے فوائد زیادہ ہوں گے، اور آپس میں نفع مند کاروبار ہوگا، اگر یہ کٹائی کسی مجلس خیر میں ہو اور وہ لوگ بھی ایسے ہیں جو نفس کشی کرتے ہیں تو یہ اجروثواب اور حسنات ہیں جسے ہر شخص حاصل کرتا ہے، اگر کھیت کی کٹائی بے وقت ہو تو یہ قتل وقتال یا موت کی دلیل ہے، اگر سرسبز کھیت کی کٹائی ہو تو یہ نوجوان کی موت ہے، اور سفید کھیت کی کٹائی بوڑھوں کی موت کی علامت ہے، جو خواب میں کٹے ہوئے کھیت میں چلا ہے تو وہ مجاہدین کی صفوں کے درمیان چلے گا۔

## ۶۷۰۔ الحصّاد (کھیت کاٹنے والا):

کھیت کاٹنے والے کو خواب میں دیکھنا فتنوں پر دلیل ہے، اگر کھیتی کاٹنے والے سرسبز کھیت میں آئے ہیں تو یہ نزول آفت کی دلیل ہے، اور کبھی ان کا دیکھنا کھیتی کاٹنے کے وقت کے علاوہ میں دشمن، خسارہ اور فناء کی دلیل ہوتا ہے۔

## ۶۷۱۔ الحصار (محاصرہ کرنا):

خواب میں محاصرہ کرنا امور میں ثابت قدمی اور استقلال کی دلیل ہے، اور کبھی محاصرہ مشرکین کے خلاف مدد ہونے، انھیں گرفتار کرنے اور ان کو تباہ وبرباد کرنے کی دلیل ہوتا ہے۔

## ۶۷۲۔ الحصان (گھوڑا): دیکھئے الخیل (گھوڑا)

## ۶۷۳۔ الحصبة (خسرہ کا مرض):

خسرہ کا مرض خواب میں ہونا مال ودولت کی دلیل ہے، جو خواب میں دیکھے کہ اسے خسرہ کا مرض لاحق ہے تو اسے سلطان سے مال حاصل ہوگا اور اس کے ہلاک وبرباد ہونے کا خطرہ ہے، اور خسرہ کا مرض کھیت میں کسی آفت وحادثہ کی علامت ہے۔

Marfat.com

## ۶۷۴۔ الحصیر (چٹائی):

چٹائی کا خواب میں دیکھنا خادم کی دلیل ہے، نیز حاکم وسلطان کی مجالس کی علامت ہے، جو دیکھے کہ وہ چٹائی پر بیٹھا ہے وہ کوئی ایسا کام کرے گا جس پر اسے حسرت وندامت اٹھانا پڑے گی، جو دیکھے کہ وہ چٹائی میں لپٹا ہوا ہے تو اسے حسرت وشرمندگی ہوگی یا اسے پیشاب کی رکاوٹ ہوگی، اور کبھی چٹائی بچھونے کی دلیل ہوتی ہے۔

## ۶۷۵۔ الحصیری (چٹائی فروش):

خواب میں اس کا دیکھنا پارچہ باف یا ٹائل پتھر لگانے والے یا نقشہ ساز اور انجینئر پر دلیل ہے۔

## ۶۷۶۔ الحصین (قلعہ):

خواب میں قلعہ دیکھنا سچائی پر اعتماد کی دلیل ہے۔ اس لئے کہ کہا گیا ہے کہ سچائی ایک قلعہ ہے، اور کبھی قلعہ اس کے صاحب کی یا اس جماعت کی دلیل ہوتا ہے جس میں لشکر یا دشمن ہوں، اور کبھی قلعہ علم اور قرآن اور ان چیزوں کی دلیل وعلامت ہوتا ہے جس کے ذریعہ شیطان اور اس کے لشکر سے حفاظت حاصل کی جاتی ہے جیسے اسمائے عظیمہ، عبادت خانے ہیں، اور قلعہ کے گنبد اس کے امراء ہیں اس کی گیلریاں اس کے چوکیدار یا لشکر ہیں اور اس کی تیر اندازی کی جگہیں اس کے جاسوس ہیں، اور اس کے دروازے اس کے دربان ہیں، اور اس کی چوٹی اس کے وزیر ہیں، اور اس کی بنیاد اس کے اہل واقارب یا خرچ کئے جانے والے خزانے ہیں، اگر دیکھے کہ گویا وہ قلعہ کے اندر ہے اور وہ بادشاہت کے لائق ہے تو بادشاہ ہوگا، اگر کنوارا ہے تو شادی ہوگی، یا اولاد سے نوازا جائے گا، اگر کافر ہے تو مسلمان ہوگا، یا اپنے گناہوں سے توبہ کرے گا اور اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرے گا، اور قلعہ اسلام کی دلیل ہے، جو خود کو قلعہ کے اندر دیکھے تو اسے دین کے کام کی اور صلاح ودرستگی عطا ہوگی، اور قلعہ پر متمکن ہونے کے بقدر اپنے گناہوں سے باز آئے گا، اگر بیداری کے عالم میں قلعہ پانی میں ہو اور خواب میں اس کو غیر آباد ویران جگہ میں دیکھے تو دشمن اور اس کے ملک پر قابو پائے گا، اور اگر (بیداری میں) قلعہ غیر آباد جگہ میں ہو اور خواب میں اس کو پہاڑ پر یا پانی کی جگہ میں دیکھے تو دشمن نامراد ہوکر لوٹے گا، جو خواب میں دیکھے کہ اس نے قلعہ تعمیر کیا ہے تو وہ اپنے دشمنوں سے محفوظ رہے گا، یا اپنی شرمگاہ کو حرام سے بچائے گا، اور اپنی جان ومال کو بلا ومصیبت اور ذلت سے بچائے گا، جو دیکھے کہ اس کا قلعہ یا اس کا گھر یا محل ویران ہوا ہے تو یہ اس کے دین ودنیا کے فساد کی دلیل ہے، یا اس کی اہلیہ کی موت کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ گویا وہ قعلہ کے ایک کنارے پر بیٹھا ہے تو بھائی یا رئیس یا فرزند سے فائدہ حاصل کرے گا اور اس کی وجہ سے نجات پائے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ قلعہ ایک مضبوط آدمی کی نشاندہی کرتا ہے جس پر کوئی قدرت وطاقت نہیں رکھتا، جو خواب میں قلعہ کو دور سے دیکھے تو یہ اس کی بلندئ ذکر ومقام اور پاکدامنی وعفت کی دلیل ہے۔

## ۶۷۷۔ الحض (ابھارنا): دیکھئے الحث (ابھارنا)

Marfat.com

## ۶۷۸۔ الحطب (لکڑی):

خواب میں لکڑی چغلخوری ہے، جو خواب میں دو لکڑیاں یا تین لکڑیاں دیکھے کہ انھیں جلانے کے لئے آگ میں ڈالا ہے تو کسی موقع پر سخت ودرشت کلام ہوگا جو بڑھتا جائے گا، اور لکڑیوں میں آگ لگانا اور جلانا کسی انسان کو حاکم کے پاس لیجانا ہے، اور کبھی لکڑیاں اٹھانا تکلیف وہ بات اور لوگوں کی عزت وآبرو میں عیب نکالنا ہوتا ہے، اگر خواب میں اپنے پاس لکڑیاں دیکھے تو یہ رزق، حاجات کے پورا ہونے، میراث اور معطل اور بے کار وقف کے مال پر دلیل ہے، اگر لکڑیاں ایسی ہوں کہ انھیں کھولنے اور توڑنے کی ضرورت ہوتی ہو تو مشقت یا شروفساد کے ساتھ رزق حاصل ہونے کی علامت ہے، اگر لکڑیاں تیار شدہ ہوں تو یہ قرب سلطان اور مشکل امر کے آسان ہونے کی دلیل ہے، اور کبھی لکڑیاں کند ذہنی، یا موجود ہوکر بخل کرنے کی دلیل ہے، اس لئے کہ اہل عرب کا مقولہ ہے کہ فلاں شخص حطبہ ہے یہ اس وقت بولتے ہیں جب وہ بخیل یا کند ذہن ہو، اور لکڑیوں کا گٹھا مختلف قسم کے مال ہیں، جو شخص بے کار ہو اور اپنے پاس لکڑیوں کا گٹھا دیکھے تو وہ کسی جلیل القدر آدمی کی خدمت کرے گا۔ اور مریض کا لکڑیاں جمع کرنا اس کے علاج ومعالجہ اور صحت یابی کی دلیل ہے، اور خواب میں ہر وہ لکڑی جو اس کے پھل کی طرف منسوب ہو وہ اس پھل کے انجام کے خراب ہونے کی دلیل ہے، اور خواب میں جو شخص لکڑیاں آگ کی طرف آگے کرے تو یہ قرب الٰہی یا چھوٹے کو کسی مؤدب کے قریب کرنے یا مقروض کو حاکم کے سامنے پیش کرنے یا مریض کو طبیب کے پاس لے جانے کی دلیل ہے، اگر لکڑیوں میں آگ بھڑک اٹھی ہے تو اس کا قرب قبول ہوگا، اس کا چھوٹا بچہ کامیاب ہوگا، اور مقروض پر غلبہ حاصل ہوگا، اگر خواب میں لکڑیاں کھائی ہیں تو مال حرام کھائے گا یا بیداری میں اسے لکڑی کے ساتھ مارا جائے گا، اور جس کے پاس کشتی ہو اور خواب میں دیکھے کہ وہ جل گئی ہے یا اس کی لکڑیاں جل گئیں ہیں تو اس کی کشتی غرق ہوگی، اور درخت کے تنہ کا باقی ماندہ حصہ (درخت کاٹنے کے بعد جو ہوتا ہے) اپاج پن، نقل وحرکت چھوڑ دینے کی دلیل ہے، اور گوشت بھوننے والے، موچی اور گوشت فروش کے ٹکڑے فائدہ اور معاش کی دلیل ہے، اور یہ سب اس وقت ہے جب یہ ٹکڑے سیدھے ہموار مناسب بنے ہوئے ہوں، اگر ایسے نہ ہوں تو یہ عورت اور کاریگر کے بڑھے پن اور کجروی اور فائدہ کے معطل اور ختم ہونے کی دلیل ہے۔

## ۶۷۹۔ الحطّاب (لکڑہارا):

خواب میں لکڑ ہارا دیکھنا ورثاء کی دلیل ہے، اس لئے کہ لکڑ ہارا ان درختوں میں تصرف کرتا ہے جو ختم ہو چکے ہوتے ہیں، اور کبھی اس کا دیکھنا فوائد ونفع کی دلیل ہوتا ہے، خصوصاً سردیوں کے موسم میں، اور لکڑہارا دیکھنا کبھی ایک بات کو ادھر ادھر نقل کرنے اور گناہ وبوجھ پر دلیل ہوتا ہے، اور لکڑ ہارا چغل خوروں کا سردار ہے۔

## ۶۸۰۔ الحُطمة (جہنّم): دیکھئے جہنم

Marfat.com

## ٦٨١۔ الحظيرة (جانوروں کا باڑا): دیکھئے الزريبة (جانوروں کا باڑا)

## ٦٨٢۔ الحفر (کھودنا):

جو خواب میں دیکھے کہ وہ زمین کھودتا ہے تو کھودنے کے برابر مال حاصل ہوگا، اور جس قدر اس نے خشک مٹی پائی ہے مال ملے گا، اور اگر مٹی تر ہو تو وہ کسی انسان سے مال پر حیلہ مکر کرے گا مگر سوائے مشقت کے کچھ حاصل نہ ہوگا، اور یہ مشقت مٹی کی رطوبت کے برابر ہوگی، اور کھودنا مکر وفریب ہے، یا کھودنے والے کے قتل کی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ وہ زمین کھود کر اس سے مٹی نکالتا ہے تو اگر وہ مریض ہے یا اس کے پاس کوئی مریض ہے تو یہ اس کی قبر ہے، اگر وہ مسافر ہے تو یہ اس کے سفر کی علامت ہے، اور مٹی اس سفر کی کمائی ہے، جو دیکھے کہ اس نے کنواں یا پانی کی نالی کھودی ہے یا کھودنے سے اس کو پانی کے جاری کرنے کا خیال ہوا ہے، اگر یہ خاص اپنے لئے تھا تو یہ خاص معیشت ہے اور اگر پانی کھودی ہوئی چیز میں جاری کیا تھا تو یہ اس کی معیشت کی دشواری کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ وہ جس زمین کو کھودتا ہے اسے کھا رہا ہے تو جس قدر کھایا ہے اسی قدر اس کو مال حاصل ہوگا، جو مال اسے مکروفریب سے حاصل ہو وہ ضرر ونقصان کا باعث ہوگا، جو دیکھے کہ وہ گڑھے میں ہے تو وہ اپنی بیوی کو طلاق دے گا، اگر دیکھے کہ وہ گڑھے کے اوپر ہے اور اس میں نہیں اترا ہے تو اس کی بیوی سے لڑائی ہوگی مگر پھر دونوں باہم صلح کرلیں گے، جو دیکھے کہ وہ چھوٹے گڑھے سے باہر نکلا ہے تو اگر مریض یا قیدی ہے تو اس مرض یا جیل سے نکل آئے گا، جو دیکھے کہ وہ کسی گڑھے میں غائب ہوجاتا ہے جس گڑھے سے نکلنے کی راہ یا روشندان نہیں ہے تو گڑھے کی گہرائی اور وسعت کے برابر اس کے ساتھ کسی مسئلہ میں دھوکہ فریب ہوگا، جو دیکھے کہ وہ گڑھے میں گر گیا ہے اور اس کو مدد کے لئے پکارتا ہے جو اس کو وہاں سے نکال دے اور نکالنے کیلئے کوئی نہیں آتا ہے تو یہ اس کا گڑھا ہے، اور گڑھے سفر قریب کی دلیل ہیں، اور گڑھا دھوکہ کا سبب ہے، اور گڑھا حرفت وصنعت کی بھی علامت ہے، اور گڑھا نادار اور بے پردہ عورت کی دلیل ہے، اور کبھی گڑھا خوف سے پر امن ہونے اور مصائب سے خلاصی پانے کی دلیل ہوتا ہے، خصوصا جو شخص گڑھے میں چھپ گیا ہو وہ دشمن سے خلاصی پائے گا، اگر گڑھے میں عمدہ کھانا یا شیریں پانی پائے یا ستر ڈھانکنے کے لئے کپڑا پائے تو اسے ایسی جگہ سے رزق حاصل ہوگا کہ اسے گمان وخیال بھی نہ ہوگا یا وہ اس شخص کے ساتھ مصالحت کرے گا جو اس کو دھوکہ دیتا رہا ہے۔

## ٦٨٣۔ الحفّار (کھودنے والا):

خواب میں اس کو دیکھنا کسی دشوار امر میں مبتلا شخص کی دلیل ہے، جو تا حیات اس مشکل سے راحت نہیں پائے گا، اور اس کے بارے میں اس کا سوال کرنا اس کے لئے وبال جان بنے گا، اور نجات قبر کا ذریعہ بنے گا، جو دیکھے کہ وہ تحت الثریٰ (تر مٹی) کھدائی کرتا ہے تو وہ بے معنی اور فضول باتوں میں الجھتا ہے۔

Marfat.com

## ۶۸۴۔ حفّار الجبال (پہاڑوں کی کھدائی کرنے والا):

وہ ایک ایسا آدمی ہے جو عظیم اور دشوار کام کو مسلسل کرتا رہتا ہے۔

## ۶۸۵۔ حفّار الآبار (کنوئیں کھودنے والا):

مکار اور دھوکہ باز آدمی ہے، اپنے مکر میں بڑا ہوشیار، کینہ پرور، بغض وعداوت کو چھپانے والا ہے، اور اس کا دیکھنا جیلر (جیل کے افسر) اور قبیح امور کا پوشیدہ رکھنا ہے۔

## ۶۸۶۔ حفر الخشب (لکڑیاں تراشنا):

خواب میں لکڑیاں تراشنا ایسا آدمی ہے جو منافق لوگوں سے معاملات کرتا ہے اور ان سے دھوکہ فریب کے ذریعہ مال ہتھیاتا ہے۔

## ۶۸۷۔ الحفاء (ننگے پاؤں ہونا):

خواب میں برہنہ پا ہونا مشقت کی دلیل ہے، جب یہ دیکھے کہ اس نے جوتے اتارے ہیں اور ننگے پاؤں چلا ہے تو اس کو ولایت حاصل ہوگی، اور بعض کہتے ہیں کہ ننگے پاؤں ہونا غموں کے دور ہونے کی دلیل ہے اور بعض کہتے ہیں کہ یہ خواب زوجہ کی طلاق یا اس کی موت کی علامت ہے، جو دیکھے کہ اس نے ننگے پاؤں سفر کیا ہے تو اتنا قرض چڑھے گا کہ اس کو ادا کرنے سے عاجز آجائے گا، جو دیکھے کہ وہ ایک جوتے میں چلتا ہے تو وہ اپنے شریک سے جدا ہوگا۔

## ۶۸۸۔ الحفظ (ذکر کرنا):

خواب میں ذکر وتسبیح یا نبویؐ یا ربانی قصیدے اور مدح سرائی گمراہی کے بعد ہدایت پانے، محتاجی کے بعد رزق حاصل ہونے، غموں کے دور ہونے، عزت اور مایوسی کے بعد اولاد ہونے، شدت کے بعد کشادگی کی دلیل ہے، اگر خواب میں خوش کن آواز کے ساتھ تسبیح یا شعر گوئی کی ہے تو بلند درجہ ومقام اور عظیم شہرت پائے گا، اگر اس قابل ہے، ورنہ لوگوں کے درمیان شر وفساد میں مشہور ہوگا۔

## ۶۸۹۔ الحفظة (اعمال لکھنے والے فرشتے):

خواب میں ان کا دیکھنا امانت دار بڑے علماء کی دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ جو شخص خواب میں کراماً کاتبین فرشتے دیکھے اسے دنیا وآخرت میں بشارت دی جائے گی، اور اگر وہ متقی ہے تو اس کا انجام جنت ہوگا اور اگر وہ ایسا نہیں ہے تو اسے اللہ تعالیٰ کے اس ارشادِ عالی سے ڈرنا چاہئے۔

Marfat.com

وَاِنَّ عَلَیْکُمْ لَحَافِظِیْنَ کِرَامًا کَاتِبِیْنَ یَعْلَمُوْنَ مَا تَفْعَلُوْنَ (الانفطار۔۱۰)

یعنی اور تم پر تمہارے سب اعمال یاد رکھنے والے معزز لکھنے والے مقرر ہیں جو تمہارے سب اعمال کو جانتے ہیں۔

## ۶۹۰۔ الحقّ (حق بات):

جو شخص خواب میں حق بات سنے یا دیکھے جیسے نور کا ظاہر ہونا یا قرآن پاک کی سماعت تو یہ اتباع ہدایت اور باطل سے اعراض کی دلیل ہے، اور خواب میں حق کی ادائیگی سفر سے واپسی کی دلیل ہے۔

## ۶۹۱۔ الحقة (برتن):

خواب میں برتن محل ہے، جو خواب میں دیکھے کہ اس کو برتن ملا ہے اس میں موتی ہیں تو اسے ایسا محل ملے گا جس میں خدّام اور باندیاں ہوں گی، اور اشنان بوٹی کا برتن تفکرات کے دور ہونے اور قرض کی ادائیگی کی دلیل ہے، اور یمنی برتن اولاد یا زوجہ حافظہ کی دلیل ہے، اور کبھی یہ برتن مجلد دوگتوں والی کتاب کی دلیل ہوتا ہے، اور عورتوں کا برتن تکلیف و پریشانی کی دلیل ہے، اور کبھی تنگ حالی میں مبتلا شخص کے لئے کشادہ حالی کی دلیل ہوتا ہے، نیز یہ برتن خوشیوں، اولاد وازواج کی دلیل ہے، اور شیشہ کا برتن بے وفا دوست کی علامت ہے، اور وحشی جانور کا برتن خادم اور باندی ہے۔

## ۶۹۲۔ حکّاک الفصوص والجواهر (نگینہ ساز):

خواب میں اس کو دیکھنا مؤدب آدمی اور لوگوں کے علم وحکمت کے مقاصد کو جاننے والے پر دلیل ہے، اور کبھی اس کا دیکھنا شر وفساد لڑائی جھگڑے اور تردد اور سفر کی دلیل ہوتا ہے، اور نگینہ ساز ایسا آدمی ہے جو لوگوں سے بدکلامی کرتا ہے۔

## ۶۹۳۔ الحکّة (خارش):

خواب میں خارش ہونا فقر واحتیاج کے لازم ہونے کی دلیل ہے، اگر خارش کے ساتھ خون یا پیپ ہو تو اپنے مقصود کو پہنچے گا، ورنہ اس کی مشقت اور محتاجگی طویل ہوگی، جو دیکھے کہ وہ اپنے جسم پر خارش کرتا ہے تو وہ اپنے اقرباء کے احوال کا جائزہ لے گا، اور ان سے مشقت پہنچے گی، اگر خارش ختم نہیں ہوئی ہے تو اسے ایسا امر پیش آئے گا جو اس کو عاجز کر دے گا اور اس کی طاقت وبرداشت نہیں رکھے گا، اور اگر خارش ختم ہوگئی ہے تو اسے مشقت سے مال حاصل ہوگا، جو خواب میں راستہ میں یا لوگوں کے مجمع میں خارش دیکھے تو اس کو مال کے علاوہ فکر وپریشانی پہنچے گی اور اس کی اس میں تشہیر ہوگی۔

## ۶۹۴۔ الحلّاب (گوالا):

خواب میں گوالا دیکھنا رزق، فائدہ، حسنِ سیاست اور نرم گوئی کی دلیل ہے، اور گائے کا دودھ دوہنے والا ایسے

Marfat.com

آدمی کی علامت ہے جو عاملین سے مال کا مطالبہ کرتا ہے۔

## ۶۹۵۔ الحلاج (روئی دھنکنے والا):

خواب میں پنبہ کو دیکھنا عالم یا اس حاکم کی دلیل ہے جس کے ہاتھ پر امور انجام پاتے ہیں اور کبھی اس کا دیکھنا اس نقاد کی دلیل ہوتا ہے جو کھرے کھوٹے سکوں کی جانچ پڑتال کرتا ہے۔

## ۶۹۶۔ الحلاق (حجام):

خواب میں حجام (نائی) دیکھنا ایسا شخص ہے جو ناداروں، ضعیفوں کو نفع اور مالداروں کو نقصان پہنچاتا ہے، اور اس کا دیکھنا اس شرطی (پولیس مین) کی دلیل ہے جو لوگوں کے مال شر وفساد اور لڑ جھگڑ کر غصب کرتا ہے، اگر خواب میں کسی حیوان کے بال کاٹے جو بال کاٹنے کی حاجت رکھتا ہے تو یہ حیوان یا اس کے مالک کیلئے خیر وراحت کی دلیل ہے، اگر حاجت نہ تھی اور کاٹے ہیں تو پھر یہ تعبیر نہیں ہے، اور جو شخص خواب میں اپنے سر کے بال مونڈ دے تو یہ بیداری میں صاحب خواب کی کسی عادت پر محمول ہے، اور بال چھوٹے کرنے کی بھی یہی تعبیر ہے، اگر دیکھے کہ اس نے اپنے سر کے بال مونڈے ہیں تو وہ اطاعتِ الٰہی کے متعلق مالی تاوان دے گا، اگر حلق (سر مونڈنا) گرمی کے دنوں میں ہو اور یہ اس کی عادت ہو تو اس کو فائدہ حاصل ہوگا، اور کبھی حجامت کا پیشہ راحت وسکون اور سر اور آنکھ کی تکلیفوں سے شفا پانے کی دلیل ہے، اور اگر حلق (سر مونڈنا) سردی کے زمانہ میں ہو تو پھر تکالیف ومصائب اور امراض کی دلیل ہے، اور بے موقع جگہ میں حلق حادثہ وآفت اور خسارہ نقصان کی دلیل ہے، اور سر کا حلق (مونڈنا) ادائے امانت، خوف سے امن پر دلیل ہے، اور اس طرح حج میں حلق کروانا ادائے قرض کی علامت ہے، اور اس کے علاوہ فتح وکامرانی نصیب ہوگی، اور قصر کرنا (بال چھوٹے کروانا) خوف سے امان کی علامت ہے، اگر حج کے علاوہ دنوں میں حلق کرایا ہے تو یہ اس کے سوا صلاح ودرستگی کی دلیل بھی ہے، اگر اس کا صاحب قرض یا کسی پریشانی میں مبتلا ہو تو وہ پریشانی دور ہوگی، اور بعض کہتے ہیں کہ اگر بے موسم حلق کرایا ہے اور وہ رئیس ومالدار ہو تو فقیر ہوگا، اور اگر مقروض ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے قرض کی ادائیگی کی صورت پیدا فرمادیں گے، اور کبھی یہ خواب اس کے پردہ راز کے کھل جانے اور اس کے رئیس کے مکر وحیلہ یا موت کے سبب معزول ہوجانے کی دلیل ہے۔ اگر وہ ان لوگوں میں سے ہے جو اسلحہ وہتھیار بند ہوتے ہیں تو اس کا رعب ودبدبہ جاتا رہے گا، اور اگر وہ مالدار ہے تو مال میں کمی آئے گی، اگر مقروض ہے تو قرض ادا ہوں گے، اگر خواب میں خود کو سر مونڈا ہوا دیکھے تو وہ اپنے دشمنوں پر غالب آئے گا، اور قوت وعزت پائے گا، اگر اپنا سر مونڈا ہے تو کوئی امانت ادا کرے گا، جو دیکھے کہ جیسے وہ اپنے سر کے بال کاٹتا ہے تو وہ اپنے مقام ومرتبہ سے گرے گا، اگر دیکھے کہ گویا وہ اپنے سر کا حلق کرتا ہے تو وہ بیمار ہوگا، جو دیکھے کہ جیسے اس کا سر حلق شدہ ہے، اور حلق اس کی عادت ہے تو یہ اس کے صالح ہونے کی علامت ہے، جو دیکھے کہ گویا وہ اپنے ہاتھ سے اپنے سر کا حلق کر رہا

Marfat.com

ہے تو وہ اپنا قرض ادا کرے گا، جو خواب میں کسی عورت کا سر حلق شدہ دیکھے تو اس کو طلاق دے گا یا خود وفات پائے گا یا اس کو جدا کرے گا، اگر عورت دیکھے کہ اس کے شوہر نے اس کے بال کاٹے ہیں یا اس کے سر کا حلق کیا ہے تو یہ خواب شوہر کا اس عورت کو اس کے گھر میں روکنے اور ٹھہرانے کی دلیل ہے، جیسا کہ آپ جانتے ہوں گے کہ پرندہ کے پر جب کاٹ دیئے جائیں تو وہ اپنے گھونسلہ میں مستقر ہو جاتا ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ عورت اگر شوہر کا حلق کرے تو وہ اپنی پردہ دری کرے گی، اگر شوہر نے خواب میں اس عورت کے بال کاٹے یا دینی صلاح کی بنیاد پر اس کا حلق کیا اور اس کے پاس خیر پر قابلِ استدلال وجہ جواز موجود ہے تو یہ اس عورت کے قرض کی ادائیگی اور اس کے پاس موجود امانت کے ادا ہونے کے دلیل ہے، جبکہ یہ سارا کچھ حرم میں دیکھے، جو خواب میں اپنی بیوی کی لٹیں کٹی ہوئی دیکھے تو وہ عورت کبھی بھی اولاد نہیں جنے گی، اور جس نے اپنے بال کاٹے اس کی قوت میں کمی آئے گی، جو اپنی نصف داڑھی حلق شدہ دیکھے تو وہ محتاج ہوگا، اور اس کی شان وشوکت جاتی رہے گی، اگر اس کو کسی نامعلوم انجان جوان نے مونڈا ہے تو اس کا مقام ومرتبہ ایسے دشمن کے ہاتھوں ختم ہوگا جسے یہ پہچانتا ہے یا اس کے ہمنام یا ہم مثل کے ہاتھوں ختم ہوگا، اگر وہ مونڈنے والا بوڑھا شخص ہو تو اس کی وجاہت کسی غالب زبردست آدمی کے ہاتھوں ختم ہوگی، جس کی کوئی اصل نہیں ہوگی، اگر دیکھے کہ اس کی داڑھی حلق شدہ ہے تو یہ اسکی معیشت میں اور کشتیوں اور جہازوں میں مالی حیثیت ومرتبہ کے ختم ہونے کی دلیل ہے اور حلق (مونڈنا) نتف (اکھاڑنے) سے زیادہ آسان ہے وبہتر ہے، کبھی بال اکھاڑنے میں اس کے بعض کاموں کے درست ہونے کا پتہ چلتا ہے لیکن یہ اس وقت ہے جب چہرہ عیب دار نہ ہوا ہو، مگر یہ صلاح ودرستگی اس کے لئے مشقت آمیز ہے، اگر داڑھی کو مٹھی میں لیکر مشت سے زائد بال کاٹے ہوں تو یہ ایسا آدمی ہے جو اپنے مال کو پاک صاف رکھتا ہے، اور جو شخص دیکھے کہ اس نے اپنے چچا کی داڑھی پکڑی ہے اسے کاٹتا جاتا ہے حتیٰ کہ اس داڑھی کو جڑ سے اکھاڑ دیتا ہے تو وہ اپنے چچا کی میراث کھائے گا، اور اس کے سوا اس کا کوئی اور وارث نہیں ہوگا، اگر داڑھی کا کچھ حصہ پکڑا ہے تو اسی قدر اس کا وارث ہوگا، اور داڑھی کا مونڈنا مال ومنصب کے ختم ہونے یا دھوکہ فریب یا کھیت میں حادثہ وآفت پہنچنے یا تیار ہونے سے قبل ہی کھیت کے اکھاڑنے یا فرزند کے مرنے یا زوجہ کے اچانک وفات پانے کی دلیل ہے، جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ جس طرح بیداری میں اپنے سر کا حلق کرتا ہے اس طرح خواب میں کر رہا ہے اور اس کو پسند کر رہا ہے اور لوگوں کے درمیان چلتا ہے تو وہ مستغنی ہوگا، اور اپنے اہل وعیال کی خبر گیری کرے گا، اور اگر وہ ان لوگوں میں سے ہو جو اپنے بالوں کو بڑھاتے ہیں ان کو مونڈتے نہیں ہیں اور وہ جنگ میں ہو تو قید ہوگا اور اس کا سر کاٹا جائے گا، اور اگر وہ امن کی حالت میں ہو تو اس کا مال جاتا رہے گا، اور اس کی بے حرمتی ہوگی، یا وہ اپنے رئیس سے جدا ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ جو شخص حج یا جہاد میں ہو اور دیکھے کہ وہ اپنا سر مونڈتا ہے تو یہ اس کے گناہوں کے کفارہ اور قرضوں کی ادائیگی اور فکر وغم کے دور ہونے کی دلیل ہے، اور اگر سر کا حلق ان اوقات کے علاوہ میں ہو اور موسم سردی کا ہو تو وہ اپنی ریاست سے معزول ہوگا یا اس کا مال جاتا رہے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ اگر اس کا باپ ہو تو وہ وفات پائے گا اور اس کا مال جاتا رہے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ اگر اس کی ماں ہو تو وہ

Marfat.com

وفات پائی گی، اگر عورت دیکھے کہ اس بنے اس کے سر کا حلق کیا ہے یہ اس کی موت یا اس کے خاوند کی موت یا اس عورت کی بے حرمتی کی دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ اس عورت کو اپنے شوہر سے خیر حاصل ہوگی، جو دیکھے کہ اس کے مونچھیں حلق شدہ ہیں یا ان کو صاف کیا ہے تو اسے خیر (مال) حاصل ہوگی، اگر خواب میں اپنی داڑھی اور سر دونوں کو حلق شدہ دیکھے اور وہ مریض ہو تو شفا ہوگی، اگر مقروض ہو تو قرض ادا ہوگا، اگر مغموم ہو تو غم دور ہوگا، جو دیکھے کہ اس نے اپنی گدی کے بال مونڈے ہیں تو اس کا قرض ادا ہوگا اور کسی کو اس کی خبر بھی نہیں ہوگی، جو دیکھے کہ وہ اپنے پیٹ کے بال مونڈتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو اتنا مال عطا فرمائے گا جس کے ذریعہ وہ اپنے قرض کو ادا کرے گا اور اپنی حالت درست کرے گا، جو دیکھے کہ اس نے بال صاف کرنے والا پاؤڈر استعمال کیا ہے تو اس پاؤڈر نے اس کے زیر ناف بال مونڈ دیئے ہیں، تو وہ اگر مالدار ہے تو اس کا مال و جاہ جاتا رہے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ اس کا مال کسی زمین جائداد کے خریدنے میں ضائع ہوگا، اور اگر فقیر ہے تو مستغنی ہوگا اور پریشانی دور ہوگی، اور اگر اس پاؤڈر نے (جو استعمال کیا تھا) کچھ بالوں کو تو صاف کر دیا اور کچھ کو نہیں کیا ہے تو کچھ غم دور ہوں گے اور کچھ باقی رہیں گے اور کچھ مال جائے گا، کچھ نعمت و سلطنت زائل ہوگی، اور کچھ باقی رہے گی، جو دیکھے کہ اس نے زیر ناف بال استرے سے مونڈے ہیں وہ اپنی بیوی سے خیر پائے گا، اگر یہ خواب عورت دیکھے تو اپنے شوہر سے خیر (مال وغیرہ) پائی گی۔

## ۶۹۷۔ الحلال (حلال کمانا):

خواب میں حلال کمانا گنہگاروں کا توبہ کرنا، کافر کا مسلمان ہونا اور اس کا عکس حرام کا اہتمام کرنے پر دال ہے۔

## ۶۹۸۔ الحلاوی (مٹھائی):

خواب میں مٹھائی دیکھنا حلم و بردباری، عقد نکاح، تجدید منصب، اولاد کی دلیل ہے، اور مٹھائی مہربان اچھا سلوک کرنے والا آدمی ہے جبکہ قیمت نہ لی ہو، اگر اس کی قیمت لی ہے تو وہ کلام کو مال پر فوقیت دے گا، اور مٹھائی شیریں لطیف اور خلیق صاحب کلام کی دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ مٹھائی علوم تصنیف کرنے والے پر دلیل ہے، اور ایک قول یہ ہے کہ وہ ایسا آدمی ہے جو لوگوں کے درمیان عداوت ڈالنے اور چغلخوری کا شوق رکھتا ہے۔

## ۶۹۹۔ حَلَبُ الحیوان (جانور کا دودھ دوھنا):

خواب میں جانور کا دودھ دوھنا حسن معاشرت، مداہنت (منافقت) سیاست، حصول رزق اور محلوب (جس کا دودھ دوہا گیا ہو) کی شان وحیثیت پر دلیل ہے، اگر خواب میں غلام دیکھے کہ وہ اپنے آقا کی گائے کا دودھ دوہا ہے تو وہ اپنے آقا کی بیوی سے نکاح کرے گا، اور جو دیکھے کہ وہ گائے کا دودھ دوھتا ہے اور اس دودھ کو پیتا ہے تو اگر فقیر ہے تو مستغنی ہوگا اور عزت ہوگی، اور شان بلند ہوگی اور اگر مالدار ہے تو مالداری اور عزت میں اضافہ ہوگا، جو دیکھے کہ وہ اونٹنی کا

Marfat.com

دودھ دوھتا ہے تو سلطان سے مال پائے گا، اگر (دودھ کی بجائے) خون دوہیا ہے تو مال حرام حاصل ہوگا، اور دودھ دوہنے کی تعبیر مکروفریب ہے، اونٹنی کا دودھ دوہنا سرزمین عرب کی اور خالص النسب اونٹنی کا دودھ نکالنا سرزمین عجم کی دلیل ہے، اگر اونٹنی کا دودھ نکالا تو خون نکلا تو وہ سلطان کی سلطنت میں خیانت کرے گا، اگر زہر نکلا ہے تو وہ حرام مال کا جرم کرے گا، اگر اس سے دودھ نکالا ہے تو اسے رزق حلال اور تجارتی فائدہ حاصل ہوگا، اور جس قدر تھن سے دودھ نکالا ہے اسی قدر دنیا اس کے پاس آئی گی، اور بعض کہتے ہیں کہ جو اونٹنی کا دودھ نکالے اور اس دودھ کو پی لے تو اس کا کسی نیک صالح عورت سے نکاح ہوگا، اور اگر پہلے سے شادی شدہ ہے تو اس کے ہاں مبارک فرزند تولد ہوگا۔

## ۷۰۰۔ الحُلبة (میتھی):

خواب میں میتھی دشوار مال ہے، اور اس کے علاوہ محنت ومشقت ہوگی۔

## ۷۰۱۔ الحلزون (گھونگھا):

گھونگھے (ایک آبی جانور ہے جس کی پشت پر سیپ نما خول ہوتا ہے) کا دیکھنا ایک مقام سے دوسرے مقام کی جانب منتقل ہونے کی دلیل ہے۔

## ۷۰۲۔ الحلف (حلف اٹھانا):

جو خواب میں دیکھے کہ اس نے کسی آدمی کے حق میں حلف اٹھایا ہے تو وہ آدمی اس کو دھوکہ دے گا، جو دیکھے کہ اس نے سچا حلف اٹھایا ہے تو وہ کامیابی سے ہمکنار ہوگا، اور کوئی سچی بات کرے گا، اور اس کی زبان سے کوئی بات رضائے خداوندی والی جاری ہوگی، اور طلاق کی قسم کھانا غرور اور سلطان کی جانب سے پریشانی پہنچنے کی علامت ہے، اگر دیکھے کہ جھوٹی قسم کھائی ہے تو وہ رسوائی سے دوچار ہوگا، اور کوئی بڑا گناہ کرے گا، اور ندامت وذلت سے دوچار ہوگا، اور لوگوں کی نظر میں بے حیثیت ہوگا، اگر مجازاً حلف اٹھایا ہے یا اس کے حق میں کسی نے حلف اٹھایا ہے تو یہ دھوکہ فریب کی دلیل ہے، اگر خواب میں صلیب کی یا ستاروں کی یا بحر ودریا کی قسم کھائی تو یہ ضلالت یا منافقت کی طرف میلان یا کلام میں تحریف (ردوبدل) کی دلیل ہے، اگر اللہ تعالیٰ یا باعثِ کفارہ چیزوں کا حلف اٹھایا ہے تو یہ اتباعِ حق اور اقتداءِ سنّت کی دلیل ہے۔

## ۷۰۳۔ الحَلفاء (عیشہ پودہ):

خواب میں عیشہ پودہ اس شخص کے لئے بہتری کی دلیل ہے جو اس کے نام سے مشارکت کا ارادہ رکھتا ہے، اور عیشہ پودہ (ایک نوکدار پتے دار پودہ) مریض کے لئے اس کی وفات کی دلیل ہے۔

## ۷۰۴۔ الحلق (حلق):

جو خواب میں دیکھے کہ اس کے حلق سے بال یا دھاگہ نکلتا ہے، پس اس نے اس کو کھینچا مگر وہ نہیں ٹوٹا اور وہ پورا

Marfat.com

نہیں نکلا ہے تو اس کی حیات طویل ہوگی، اور رئیس سے اس کی مخالفت (جھگڑا) طول پکڑے گا، اور اگر وہ وزیر ہے تو اس کا علم زیادہ ہوگا، اور انسان کا حلق گھر کی نالی اور اس کے کنوئیں کی دلیل ہے۔

## ۷۰۵۔ الحلَق (بالی): دیکھئے القرط (بالی)

## ۷۰۶۔ الحَلْقة (حلقہ):

خواب میں حلقہ دینِ اسلام ہے، لہٰذا جو خواب میں دیکھے کہ اس نے حلقہ پکڑا ہے تو وہ دین کو مضبوطی سے تھامنے والا ہے، اور دروازہ کا حلقہ (کڑا) دربان یا گھر کے محافظ یا پہریدار کتے کی دلیل ہے، اگر حلقہ (کڑا) سونے یا چاندی کا ہے تو یہ عزت ورفعت اور ملوکیت کی دلیل ہے، اور دروازہ کا حلقہ دربان، قاصد اور ڈرانے والے کی طرح ہے، جو شخص خواب میں اپنے دروازے کے دو حلقے (کڑے) دیکھے تو اس پر دو شخصوں کا قرض ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے اپنے دروازہ کا حلقہ اکھاڑا ہے تو وہ بدعت میں مبتلا ہوگا۔

## ۷۰۷۔ الحلقوم (حلق): دیکھئے الحلق (حلق)

## ۷۰۸۔ الحلم (بردباری):

خواب میں جس قدر بردباری کی ہے اسی قدر اس کی قدر وعظمت بلند ہوگی، لیکن اگر بردباری کے لائق نہیں ہے تو یہ گناہوں یا کسی شدید مرض کے نزول کی دلیل ہے۔

## ۷۰۹۔ الحل المعقَّد (گرہ کا کھلنا):

خواب میں گرہ کا کھلنا یا کھولنا رزق کی، مشکل امر کے آسان ہونے یا سحر جادو کے باطل اور ختم ہونے کی دلیل ہے۔

## ۷۱۰۔ الحَلواء (حلوا):

خواب میں حلوا دین میں اخلاص، قیدی کی رہائی، مسافر کی واپسی، مریض کی شفاء، کنوارے کی شادی، پسندیدہ چیز، توبہ، علم قرآن اور رزقِ حلال کی دلیل ہے، اور منّ (وہ غذا جو بنی اسرائیل پر نازل ہوتی تھی) یعنی میٹھا گوند اور جو چیزیں اس سے بنائی جاتی ہیں نعمت وبرکت کی دلیل ہیں، اور موسمی حلوا موسم کے آنے یا تجدید ولایت کی دلیل ہے، تلا ہوا حلوا ناز کرنے، جھوٹ بولنے اور شریں کلام پر دلیل ہے، اور بھنا ہوا حلوا فائدہ مند شرکت ہے، اور شریں کلام معمولی رزق یا حقیر عہدہ ومنصب کی دلیل ہے، اور منہ کی بو کا خوشبودار ہونا رفعت وبلندی اور پریشانیوں اور بیماریوں کے ختم ہونے کی دلیل ہے، یاد رکھئے کہ ہر وہ حلوا جس کے تناول کرنے سے مرض میں اضافہ ہو خواب میں اس کا کھانا امراض میں زیادتی کی

Marfat.com

دلیل ہے، اِلّا یہ کہ وہ میٹھی چیز پھلوں کے مربیات اور جوس وغیرہ میں سے ہو، کبھی حلوا بیماریوں سے شفایابی کی دلیل ہوتا ہے، خواب میں فالودہ پاس آنا یا اس کو کھانا خیر کی علامت نہیں ہے، اس لئے کہ یہ چیز مرض فالج کی دلیل ہے، وہ حلوا جو تمام کھانے کی چیزوں سے تیار شدہ ہوتا ہے وہ چار چیزوں سے بنتا ہے، شہد، شکر، منّ اور کھجور، اگر کوئی شخص ان میں سے کوئی چیز کھائے تو یہ پاکیزہ اور خوش کن زندگی اور ہر خطرے سے نجات کی دلیل ہے، جس خطرے کی بنیاد طمع اور حرص ہو، اور حلوہ رزق حلال اور پاکیزگیِ کلام کی دلیل ہے، اور یہ حلوہ مؤمنوں کے حق میں ایمان کی حلاوت (شیرینی) اور فاسق فاجر آدمی کے لئے دنیا کی حلاوت (ذائقہ) کی دلیل ہے۔

## ۱۱۷۔ الحمّٰی (بخار):

خواب میں بخار ادائے قرض کی دلیل ہے۔ اس لئے کہ بخار گناہوں کے لئے کفارہ ہے، اور کبھی یہ بخار ڈرانے دھمکانے کی دلیل ہوتا ہے، اگر بخار قرض کی دلیل ہو تو کبھی وہ قرض تین سو ساٹھ درہم ہوں گے، اس لئے کہ (جیسا کہ بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے) ایک دن کا بخار ایک سال کے گناہوں کا کفارہ ہوتا ہے، اور سال میں تین سو ساٹھ دن ہوتے ہیں، اور کبھی بخار اعلیٰ لباس کی دلیل ہوتا ہے، جبکہ وہ بخار ٹھنڈا (لرزہ والا) اور گرمیوں میں ہو یا سردیوں میں گرم ہو، اور کبھی بخار ازواج یا اولاد یا شرکاء کی طرف سے اضطراب و بے چینی کی دلیل ہوتا ہے، اور بخار وعدہ کے وفا ہونے کی بھی دلیل ہے، اس لئے کہ بخار ہر مومن کے لئے آگ سے حصّہ ہے، خواب میں جس کو آپ بخار کی حالت میں دیکھیں تو وہ شخص ایسے کام میں مبتلا ہے جو اس کے دین میں فساد اور بگاڑ پیدا کرے گا، اور بخار ملک الموت کا قاصد ہے، اور اس کا نذیر (ڈرانے والا) ہے جو اس کے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان اصلاح کرتا ہے، اگر دیکھے کہ ہر روز اسے بخار ہوجاتا ہے تو وہ گناہوں پر اڑا ہوا ہے، اور اگر بخار وقفہ سے ہوا ہے تو یہ ایک ایسے گناہ کی علامت ہے جس پر اسے سزا دی گئی ہے اور اس نے اس سے توبہ کرلی ہے، اور اگر بخار ہر چار دنوں کے بعد ہوتا ہے تو اسے سزا دی گئی ہے اور اس نے کئی بار توبہ کی ہے، اور کپکپی کا بخار ذلت ورسوائی ہے، اور سخت حرارت والا بخار اسے جلدی سے باطل امر کی طرف لے جاتا ہے، جو خواب میں دیکھے کہ وہ بخار کی حالت میں ہے اور مرگیا ہے یا اس کو کفن دیا گیا ہے تو وہ کسی گناہ وجرم پر مصر (اڑا ہوا) ہے یا اللہ تعالیٰ کے سامنے جری ہے، چنانچہ یہ خواب اس کو وارننگ ہے تاکہ وہ توبہ کرلے، جو خود کو بخار کی حالت میں دیکھے تو اس کی عمر دراز ہوگی اور اس کا جسم وبدن صحیح وتندرست ہوگا، اور مال کثیر ہوگا، لوگ اس میں طمع وحرص رکھیں گے، اور اس کے پاس پناہ لیں گے، کبھی بخار اس حمام سے کنایہ ہوتا ہے جس میں صاحب خواب جاتا ہے چنانچہ اس کو تکلیف وپریشانی اور پیاس لگے گی۔

## ۱۱۷۲۔ الحماحم (خوشبودار پودہ): دیکھئے الریحان (خوشبودار پودہ)

Marfat.com

## ۱۳۱۔ الحمار (گدھا):

خواب میں گدھا دیکھنا غلام، اولاد یا زوجہ کی دلیل ہے، اور کبھی سفر، علم کی دلیل ہوتا ہے جیسے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

"کمثل الحمار یحمل اسفارًا" (الجمعۃ۔۵)

اگر اپنے گدھے کو خواب میں بیداری کی حالت کے خلاف پایا تو یہ عبادت میں سستی کاہلی کی دلیل ہے۔ حضرت ذوالنون مصری رحمہ اللہ تعالیٰ سے مروی ہے کہ انھوں نے فرمایا: جب میں اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرتا ہوں تو مجھے یہ نافرمانی اپنے گدھے اور خادم کے اخلاق سے معلوم ہوجاتی ہے، اور گدھا عالم بےعمل کی بھی دلیل ہے، یا یہودی کی علامت ہے، اور گدھا دیکھنا ان چیزوں کی دلیل ہے، جنھیں انسان روندتا ہے جیسے بوٹ، بستر، وغیرہ، اور خواب میں خچر یا گدھے کا مالک ہونا یا ان پر سواری کرنا مال یا اولاد کی زینت کی دلیل ہے، اور گدھا معیشت میں مالدار عورت، کثیر خیر والی اور نسل والی اور مسلسل نفع حاصل ہونے کی دلیل ہے، اور اتان اور اتانہ کے الفاظ اتیان سے ماخوذ ہیں، گدھا اور گدھی کی آواز سننا شر اور تکلیف کی دلیل ہے، نیز ولدالزنا یا ظہورِ جنّات کی دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ گدھے کی آواز کا سننا ظالموں کے خلاف دعا کی دلیل ہے، اور گدھا دیکھنا انسی کی دوڑ دھوپ اور جدوجہد کرنے کی دلیل ہے، خواہ اسے موٹا دیکھا ہو یا لاغر، اگر گدھا بڑا ہو تو یہ عزت و رفعت کی دلیل ہے۔ اگر گدھا عمدہ چلنے والا (تیز رفتار) ہے تو دنیا کے فائدہ کی دلیل ہے، اگر گدھا خوبصورت ہے تو یہ اس کے صاحب کے جمال کی علامت ہے، اگر گدھا سفید ہے تو یہ اس کے صاحب کی زینت و آرائش کی دلیل ہے، اگر گدھا لاغر و کمزور ہے تو یہ اس کے صاحب کے فقر و احتیاج کی علامت ہے، اگر موٹا تازہ ہے تو یہ اس کے صاحب کا مال ہے، اگر کالا ہے تو یہ اس کی خوشی اور سرداری کی دلیل ہے، نیز بادشاہت، مقام و مرتبہ رعب و ہیبت و سلطنت کی دلیل ہے، اور سبز گدھا پرہیزگاری اور دین کی علامت ہے، امام ابن سیرین رحمہ اللہ تعالیٰ گدھے جانور کو باقی تمام جانوروں پر فوقیت دیتے ہیں، اور پھر کالے گدھے کو (تعبیر کے اعتبار سے) پسند کرتے ہیں، اور زین سمیت گدھا دیکھنا عزت دار اولاد کی دلیل ہے اور گدھے کی دم کا لمبا ہونا اس کے بعد اس کی دولت کا باقی رہنا ظاہر کرتا ہے، اور گدھے کا مرنا اس کے صاحب کی موت یا اس کی عمر کی درازی کی دلیل ہے، اور گدھے کا کھر اس کے مال کے سہارے و گذارے کی دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ خواب میں جس کا گدھا مرجائے تو اسکا مال جاتا رہے گا، یا اسکی دکان گرے گی یا وہاں سے نکال دیا جائے گا، یا اس کا خادم غلام فوت ہوگا، یا اس کا والد یا دادا جو اس کی پرورش کرتا تھا فوت ہوگا، یا پھر اس کا وہ آقا مرے گا جو اس سے محبت رکھتا تھا یا جس نے اس کو فروخت کیا تھا یا جو اسے چھوڑ کر سفر پر گیا ہے، اگر عورت ہو تو اس کو اس کا خاوند طلاق دے گا یا اس کا شوہر فوت ہوگا، یا وہ خاوند اس عورت کے مکان سے کوچ کرے گا، اگر خواب میں دیکھے کہ گدھا مسجد کے اوپر یا اذان دینے کی جگہ یعنی مینارہ پر رینگا ہے تو کوئی کافر اپنے کفر کی دعوت دے گا یا کوئی بدعتی اپنی بدعت کی دعوت دے گا، اور اگر اس نے اسلام جیسی اذان دی ہے تو اسلام قبول کرے گا، اور حق کی طرف دعوت دے گا، اور اس میں

Marfat.com

کوئی نشانی اور عبرت کی بات ہوگی، جو خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس کچھ گدھے ہیں تو اس کے پاس کچھ جاہل لوگ ہیں۔ اور جو گدھے پر سوار ہوا ہو اور اسے صحیح طور پر لیکر چلا ہو تو اس کی جدوجہد صحیح اور ٹھیک ہوگی، اور جس نے خواب میں گدھے کا گوشت کھایا ہو تو اسے مال و دولت حاصل ہوگی، اگر خواب میں دیکھے کہ کوئی گدھا ہے جو بغیر مار پٹائی کے نہیں چلتا ہے تو وہ دعا (مانگنے) کے ذریعہ ہی کھائے گا، جو شخص خواب میں دیکھے کہ اس کا گدھا خچر کی صورت میں تبدیل ہوگیا ہے تو اس کا سامانِ معیشت اور جدوجہد سفر سے حاصل ہوگی، اور اگر اس کا گدھا گھوڑے کی شکل میں تبدیل ہوگیا ہو تو اس کا سامان معیشت سلطان سے حاصل ہوگا، اور اگر کسی درندہ کی شکل بن گیا ہو تو اس کا سامان معیشت ظالم بادشاہ سے حاصل ہوگا، اور اگر اس کا گدھا مینڈھے کی شکل اختیار کرگیا ہو تو اس کا سامان معیشت عزت وآبرو کے ساتھ حاصل ہوگا، جو دیکھے کہ اس نے اپنے گدھے کو اٹھایا ہے تو یہ قوت کی علامت ہے جو اس کو اللہ تعالیٰ عطا فرمائیں گے یا فرمائی ہوئی ہے، خواب میں جو گدھے کی لید جمع کرے تو اس کے مال میں اضافہ ہوگا، اور جو گدھے سے کشتی لڑے تو وہ اپنے عزیز واقارب سے بغض رکھتا ہے اور مسافر کے لئے گدھے کا دیکھنا سست رفتاری سے حاصل ہونے والا مال ہے، اور فرمانبردار گدھا اس کے صاحب کا مال و دولت کے حاصل کرنے کے لئے خوب کوشش اور سرگرمی دکھانا ہے، خواب میں جو گدھے کا مالک ہوا ہو یا اس کو اپنے گھر میں لایا ہو تو اللہ تعالیٰ ہر خیر اس تک پہنچائیں گے اور اس کو ہر غم فکر سے نجات بخشیں گے، اور جو ایسا گدھا خریدے جس کی دونوں آنکھوں کی روشنی جاتی رہی ہو تو اسے ایسا مال حاصل ہوگا جس کی جگہ اسے معلوم نہیں ہے، صرف گدھے کی آواز ناپسندیدہ امر ہے، گدھا اصل میں انسان کی کوشش سرگرمی اور حصہ کی دلیل ہے اور گدھی خادم یا انسان کی تجارت یا اس کی بیوی ہے، جو اپنی گدھی کو خواب میں حاملہ دیکھے تو اس کی بیوی یا باندی حاملہ ہوگی، اگر خواب میں گدھی نے ایسا بچہ جنا ہو کہ اس کی جنس ایسا بچہ نہ جنتی ہو تو یہ غیر کا لڑکا ہے، ہاں اگر کوئی علامت ایسی ہو کہ جو اس بات پر دلالت کرے کہ وہ اس کی جنس سے ہے تو پھر یہ لڑکا غیر کا نہیں ہے، خواب میں جو گدھی کا دودھ پیئے تو وہ معمولی مرض میں مبتلا ہوگا، لیکن پھر اس مرض سے بری ہوگا، جس کی گدھی نے بچہ جنا ہو تو اس کے لئے رزق کے دروازے کھول دیئے جائیں گے، پھر اگر وہ بچہ نر ہے تو مذکر ملے گا اور اگر مادہ ہے تو یہ اس کے بردبار ہونے کی دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ جو خواب میں ایسی گدھی پر سواری کرے جس کا کوئی بچہ نہ ہو تو لاولد عورت سے نکاح کرے گا، اور اگر اس گدھی کا بچہ ہو تو وہ اولاد والی عورت سے شادی کرے گا، اگر دیکھے کہ اس نے گویا اپنے ہاتھ میں گدھے کا سرکش بچہ پکڑا ہے تو وہ اپنی اولاد کی طرف سے پریشانی میں مبتلا ہوگا، اور اگر وہ بچہ سرکش نہ ہو تو اسے بدیر منفعت حاصل ہوگی، اور بعض کہتے ہیں کہ گدھی جاہ ومنصب کے نقصان کے ساتھ اضافہ مال کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ وہ گدھے پر اچھی سواری کرتا ہے یا سواری سے ڈرتا ہے تو وہ دھوکہ دے گا اور دکھاوا کرے گا، اگر فقیہ (عالمِ دین) دیکھے کہ وہ گدھے پر سوار ہے اور اس کے جسم پر چوغا (مشائخ کا لباس یا سبز چادر جسے وہ اوڑھتے ہیں) نہیں ہے، تو اسے ریاست حاصل ہوگی، اور سبق میں سستی کرتا ہے، اور گدھی مال ہے جو اسے

Marfat.com

کھیت سے حاصل ہوگا، اور گدھی لاولد عورت سے نکاح کرنے سے کنایہ ہوتا ہے، جو دیکھے کہ وہ گدھے کے بچہ پر سوار ہے تو وہ اولاد یا عورت کی طرف سے غم میں مبتلا ہوگا، اور جس کا گدھا مرگیا ہو(خواب میں) اس کے مال مین اضافہ ہوگا، گدھے کا مرنا یا لاغر ہونا اس کے صاحب کے محتاج ہونے کی دلیل ہے، اور گدھے سے نیچے اترنا اور اس کو بیچنا بھی فقر کی علامت ہے، جو شخص دیکھے کہ اس نے گدھا ذبح کیا ہے تاکہ اس کا گوشت کھائے تو اسے تنگی کے بعد رزق میں وسعت حاصل ہوگی، جو گدھا کھانے کے علاوہ کسی اور مقصد کے لئے ذبح کرے تو اس کا معاش خراب ہوگا، اگر اپنے گدھے کی بہت سی دمیں دیکھے تو یہ وسعتِ رزق کی نشانی ہے، جو دیکھے کہ اس کے کچھ گدھے ہیں تو خیر وسعادت میں کثرت ہوگی، اگر اپنے گدھے کو کانا یا کمزور نگاہ دیکھے تو وہ معاشی نقصان سے دوچار ہوگا، جو دیکھے کہ وہ گدھے کی شکل میں تبدیل ہوگیا ہے تو اسے ایسی مصیبت پہنچے گی جو اس کی خرد وعقل کو برباد کردے گی، اور نیک کام کم ہوں گے۔

## ۱۴ا۷۔ الحمّار (گدھے والا):

گدھے والے کا دیکھنا امور کے نگران وذمہ دار کی دلیل ہے، نیز اس کا دیکھنا سواری اور سفروں کی دلیل ہے، یا پھر مشکل امر کے آسان ہونیکی دلیل ہے۔

## ۱۵ا۷۔ حمار قبان (گھن):

گھن (کیڑا جو لکڑی کو کھاجاتا ہے) کا دیکھنا نفس کی حقارت وذلت، پست ہمتی اور خسیس لوگوں کی نقل اتارنا اور تعداد میں ان کا مقابلہ کرنے پر دلیل ہے۔

## ۱۶ا۷۔ الحمار الوحشی (جنگلی گدھا):

جنگلی گدھا خواب میں دیکھنا معصیت کی دلیل ہے، جو شخص دیکھے کہ وہ اس پر سوار ہوا ہے اور اس کی پشت سے گرگیا ہے تو اس کو معصیت سے بچنا چاہئے، جنگلی گدھا اگر خواب میں مانوس ہوا ہو تو یہ خیر کی دلیل ہے، اور اگر صاحب خواب پالتو گدھے کو خواب میں دیکھے کہ وہ جنگلی ہوگیا ہے تو یہ ضرر ونقصان کی علامت ہے، اور جنگلی گدھا زوجہ کی یا سختی اور برا سلوک کرنے والی اولاد کی دلیل ہے، نیل گائے کی بھی یہی تعبیر ہے مگر اس کا دیکھنا اولاد پر بہت زیادہ شفقت اور ہمدردی کرنے کی علامت ہے، جو شخص فرمانبردار جنگلی گدھے پر سوار ہوا ہو تو یہ معصیت کی دلیل ہے لیکن اگر وہ گدھا سرکش ہو اور دیکھے کہ اس نے اس کو زمین پر گرایا ہے اور اس پر منہ زور ہوا ہے تو وہ کسی معصیت کی وجہ سے سختی، فکر وپریشانی اور خوف میں مبتلا ہوگا، اور جو جنگلی گدھے پر سوار ہوا ہو تو وہ راہِ حق کو چھوڑ کر راہِ باطل اختیار کرے گا، اور جماعتِ مسلمین سے الگ ہوجائے گا۔

Marfat.com

## ۷۱۷۔ الحماسة (غیرت): دیکھئے النخوة (غیرت)

## ۷۱۸۔ اَلحمّال (قُلی):

جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ وزنی بوجھ اٹھائے ہوئے ہے، تو وہ اس سامان کے اٹھانے کے بقدر فکر پریشانی سے دوچار ہوگا، اور قلی وہ شخص ہے جو لوگوں کی تکلیفیں برداشت کرتا ہے، اور ان کی حاجتیں پوری کرتا ہے اور وہ قلی فکرمند اور پریشان آدمی کی دلیل ہے۔

## ۷۱۹۔ الحمام (کبوتر):

خواب میں کبوتر دیکھنا امانت دار قاصد اور مخلص دوست اور مانوس محبوب کی دلیل ہے، اور کبھی اس کا دیکھنا پاک دامن اور رازوں کی حفاظت کرنے والی زوجات کی دلیل ہوتا ہے، اور کبھی اس کا دیکھنا موت کی دلیل ہوتا ہے، نیز کبوتر عیال دار عورت یا کثیر النسل آدمی کی دلیل ہوتا ہے، جو اپنے اہل خانہ پر متوجہ رہتا ہے، اور کبوتر کا دیکھنا نوحہ بازی کی دلیل ہے، اور پالتو کبوتری حسین عربی عورت ہے، اور کبوتری کے انڈے لڑکیوں یا باندیوں کی دلیل ہے، اور کبوتری کی جگہ عورت کا مجمع ہے، اور کبوتری کے بچے بیٹے ہیں، کبوتری کی آواز آدمی کا کسی عورت کو ملامت کرنا ہے، اور سفید کبوتری دین ہے، اور سبز کبوتری پرہیزگاری ہے، اور سیاہ کبوتری سردار ہیں، اور چتکبری (سیاہ سفید رنگ والی) کبوتری مل جل کر رہنے والے لوگ ہیں، خواب میں جس کی کبوتری اس سے بھاگ گئی ہو اور واپس نہ لوٹی ہو تو وہ اپنی بیوی کو طلاق دے گا یا وہ وفات پائے گا، اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس اڑنے والے کچھ کبوتر ہیں تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس کے پاس کچھ بیویاں اور باندیاں ہیں جن پر وہ خرچ نہیں کرتا ہے، اگر کبوتری کا پر کاٹا ہو تو وہ اپنی بیوی کو قسم دے گا کہ اس کے گھر سے باہر نہ نکلے، اور کبوتری ایک عربی باندی ہے، اور امام ابن سیرینؒ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے منقول ہے کہ کبوتری ایک خبر کی علامت ہے جو کہیں دور سے آئے گی۔ اور کبوتری محبوب عورت ہے آزاد ہو یا باندی، جو خواب میں یہ دیکھے کہ اس نے کبوتری ذبح کی ہے تو وہ کنواری عورت سے شادی کرے گا، اور ایک کبوتری باندی کے فرزند کی دلیل ہے، جو یہ دیکھے کہ اس نے کبوتری کا گوشت کھایا ہے تو وہ دلال ہوگا، اور چند کبوتر بچوں سمیت دیکھنا اپنی اولاد کے ساتھ قیدی عورت کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ اس نے چند کبوتریاں شکار کی ہیں تو اس کو معزز لوگوں سے مال حاصل ہوگا، اور بعض کہتے ہیں جو شخص خواب میں کبوتر دیکھے تو وہ اللہ تعالیٰ سے جو کچھ مانگے گا اللہ تعالیٰ اس کو عطاء کریں گے، اگر دیکھے کہ اس کے گھر میں کبوتری ہے تو اگر صاحب خواب کنوارا ہے تو اس کا کسی حسین اور محبت کرنے والی عورت سے نکاح ہوگا، اور گھر کی مالکن کا اس کے خاوند سے اتفاق ہوگا، اگر خواب میں دیکھے کہ ایک کبوتری نے اس پر چھلانگ لگائی ہے یا اسے لیکر اڑی ہے تو اسے سرور وخوشی اور مال ودولت حاصل ہوگی، بعض کہتے ہیں کہ جو دیکھے کہ وہ کبوتری بن گیا ہے تو وہ اپنے دشمنوں کا مال کھائے گا، اور کبوتری غیر متوقع خبر

Marfat.com

اور کتاب (خط) کی دلیل ہے، کیوں کہ خبر کتاب (خط) میں نقل ہوتی ہے، کبوتری سختی میں مبتلا شخص کے لئے خوشخبری ہے، اور جب کبوتری اس کے پاس اڑتی ہوئی آئی تو یہ اس کے گمشدہ شخص کے بارے میں بشارت ہے، اور اگر کبوتری اس پر آ کر گری ہے تو یہ موت کی علامت ہے، خصوصاً اس وقت جب کہ وہ جنگلی کبوتری ہو، اور اس کے سر کے پاس آ کر روئی بیٹی ہو، اور کبھی کبوتری سبزی یا پودہ کی دلیل ہوتی ہے۔ اور سبز کبوتر زیادہ بہتر ہے، خواب میں جو شخص کبوتری کی آنکھ میں نقص دیکھے تو یہ اس کی زوجہ کے دینی واخلاقی نقص کی علامت ہے، جو دیکھے کہ وہ کبوتری کی طرف پتھر پھینکتا ہے تو وہ کسی عورت پر تہمت تراشے گا یا اس کو بدگوئی کا پیغام بھیجے گا، خواب میں جس کو کبوتری کے کچھ انڈے ہاتھ لگے ہوں تو اس کو عورتوں سے مال اور مؤنث اولاد حاصل ہوگی، جو دیکھے کہ وہ پالتو کبوتر شکار کرتا ہے تو وہ عورتوں سے کوئی حرام شے حاصل کرے گا، جو دیکھے کہ وہ کبوتری کو کچھ کھلاتا ہے تو وہ کسی عورت کو کوئی بات تلقین کرے گا اور سکھائے گا، جو خواب میں کوئی کبوتری یا کوئی پرندہ اپنے سر کے اوپر دیکھے یا اپنے کندھے پر بیٹھا دیکھے یا دیکھے کہ وہ پرندہ اس کی گردن سے باندھا ہوا ہے تو یہ اس کے اعمال کی دلیل ہے جو وہ جانتا ہے یا اس کا مالک حقیقی، اگر پرندہ کالا اور بدشکل تھا تو یہ اس کی بداعمالیوں اور فساد دین کی دلیل ہے، اور اگر وہ پرندہ رنگ کا سفید اور خوش منظر ہے تو یہ اس کے اچھے اعمال اور صلاحِ دین کی دلیل ہے، خواب میں جو دیکھے کہ کبوتر کے پر یا اس کا گوشت اس کے ہاتھ لگا ہے تو اسے درہم (پیسے) اور خیر کثیر حاصل ہوگی۔

## ۲۰۷۔ الحمّام (غسل خانہ):

غسل خانہ میں خواب کے اندر داخل ہونا عورتوں کی جانب سے عارضی غم وفکر کی علامت ہے، اس لئے کہ غسل خانہ گناہوں کی جگہ ہے، اور لفظ حمام حمیم (آبِ گرم) سے مشتق ہے، اگر خواب میں کوئی شخص غسل خانہ میں گرم پانی استعمال کرے تو اسے عورتوں کی طرف سے پریشانی پہنچے گی یا وہ بیمار ہوگا، بعض کہتے ہیں کہ گرم پانی سے غسل کرنا اچھا ہے، اس لئے کہ وہ حمام میں ہے، اگر صاحب خواب غمزدہ ہو اور خواب میں غسل خانہ میں داخل ہوا ہے تو غم دور ہوں گے، اگر غسل خانہ میں بیٹھنے کی جگہ بنائی ہے تو وہ کسی عورت سے گناہ کا کام کرے گا، اور اس کا معاملہ مشہور ہوگا، اس لئے کہ غسل خانہ کشفِ عورت (ستر کھولنے) کی جگہ ہے، اگر خواب میں غسل خانہ تعمیر کیا ہے تو وہ کوئی بے حیائی کرے گا اور اس کی بے حیائی پھیلے گی، اگر غسل خانہ گرم اور اچھا ہو تو اس کے اہل، اس کے سسرال اور اس کی عورت کے قرابتدار اس سے اتفاق رکھتے ہیں، اور اس پر شفیق اور اس کے معاون ہیں، اگر غسل خانہ ٹھنڈا ہو تو پھر یہ مذکورہ لوگ آپس میں میل جول نہیں رکھتے ہیں، اور اس کو ان سے کوئی نفع نہیں ہوتا ہے، اگر حمام شدید گرم ہو تو وہ سخت طبیعت لوگ ہوں گے، ان کے سخت طبیعت ہونے کی وجہ سے کوئی خوشی کی بات ان سے نہیں دیکھے گا، اگر خواب میں دیکھے کہ وہ گرم گھر کے اندر ہے اور پانی اپنے مقام سے نکل آیا ہے اور وہ اس کو روکنا اور بند کرنا چاہتا ہے مگر وہ پانی نہیں بند ہوتا ہے، تو کوئی آدمی اس کی بیوی سے خیانت کا ارتکاب کرے گا، اور وہ اس کو منع کرنے کی کوشش کرے گا مگر نہیں کر سکے گا، اگر حوض اور تالاب پانی سے بھر گیا ہو اور پانی

Marfat.com

گرم گھر سے درمیان والے گھر کی طرف چلا ہے تو وہ اپنی بیوی پر غضبناک ہوگا، جو دیکھے کہ وہ غسل خانہ میں داخل ہوا ہے تو یہ لرزہ کا بخار ہونے کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ اس نے گرم گھر سے گرم پانی پیا ہے یا اس پر گرم پانی ڈالا گیا ہے یا اس نے گرم پانی کے ساتھ غسل کے طریقہ سے ہٹ کر غسل کیا ہے تو بقدر گرم ہونے یہ امور غم فکر اور مرض اور جنات کی طرف سے خوف وگھبراہٹ کی دلیل ہے، اور اگر درمیانے گھر سے گرم پانی پیا ہے تو یہ موسم سرما کا بخار ہے، اور اگر ٹھنڈے گھر سے پیا ہے تو یہ ذات الجنب کا مرض ہے، اگر دیکھے کہ اس نے ٹھنڈے پانی سے غسل کیا ہے تو یہ اس کی تندرستی کی علامت ہے، اگر خواب میں حمام، غسل کرنا اور بال صفا پاوڈر کا استعمال امور جمع ہوں تو غسل کرنے اور پاوڈر استعمال کرنے کو تو لے لو اور حمام کو چھوڑ دو، کیوں کہ تاویل وتعبیر میں یہ زیادہ قوی ہے۔ اگر کسی محلہ میں کوئی مجہول اور نامعلوم حمام خواب میں دیکھے تو وہاں کوئی عورت موجود ہے جس کے پاس لوگ آتے ہیں، جو دیکھے کہ وہ حمام (غسل خانہ) تعمیر کرتا ہے تو اس کی حاجات پوری ہوں گی، نیز حمام جہنم کی دلیل ہے، اور حمام کا نگران اور ذمہ دار جہنم کے خازن (داروغہ) کی دلیل ہے، اور حمام حاکم کے گھر اور حمام کا نگران اس کے قاضی کی دلیل ہے، اور حمام عورت کی بھی دلیل ہے اور حمام کا نگران وذمہ دار اس عورت کا شوہر یا عقد کرنے والا ہے، اور حمام زانیہ (بدکار) پر دلیل ہے، اور اس کا سرپرست دیوث اور بے غیرت آدمی ہے، اور حمام قید خانہ اور اس کا سرپرست دیکھنا جیلر کی دلیل ہے، اور حمام دریا اور اس کا نگران کشتیوں کے رئیس اور مدبر کی دلیل ہے، اور کبھی حمام (غسل خانہ) کا دیکھنا شریر اور دشمنوں کے گھروں پر دلیل ہوتا ہے، خواب میں اگر خود کو حمام میں دیکھے یا کوئی دوسرا اس کو خواب میں حمام کے اندر دیکھے تو وہ جہنم اور جحیم میں ہے، اگر اس کے علاوہ اس نے غسل بھی کیا ہو اور سفید کپڑے پہنے ہوں جو کہ اسکی عادت کے خلاف ہے اور کسی ایسی سواری پر سوار بھی ہوا ہو جو اس کے لائق نہیں ہے تو یہ اس کے غسل کفن اور اس کی جنازہ کی چارہ پائی کی علامت ہے، اور اگر یہ خواب موسم سرما میں دیکھا ہے تو اس پر فالج کا خطرہ ہے، اور اگر دیکھے کہ وہ گرم گھر میں داخل ہوتا ہے تو مذکورہ تعبیر کے برخلاف تعبیر ہوگی، اور خواب میں متوسط گھر میں مریض کا بیٹھنا اس کی علت وبیماری کے متوسط ہونے پر دال ہے، اگر مذکورہ کوئی بات نہ ہو تو اگر وہ آدمی کنوارا ہے تو اس کی شادی ہوگی، یا وہ ولیمہ میں یا جنازہ میں حاضر ہوگا، اور اس میں شور وغل اور فکرات ومصائب موجود ہوں گی، جیسے وہ شخص جو حمام میں ہو، ورنہ اس کو عورتوں کے سبب غم پہنچے گا، اور کبھی یہ باتیں جمع ہو جاتی ہیں تو اس کو حاکم کے پاس مال دنیا کے سبب غم پہنچے گا کیوں کہ اس میں پانی اور پسینہ نکلتا ہے، اور کبھی پسینہ خصوصاً فکر وغم مشقت اور مرض کی دلیل ہے، اگر وہ خواب میں برہنہ بدن ہے تو زوجہ کے ساتھ کوئی امر واقع ہوگا جبکہ اسے حمام کی اجازت دی گئی ہو، اور اگر حمام میں کپڑوں میں ہے تو کسی اجنبی عورت یا محرم عورت جیسے والدہ، بیٹی اور بہن ان کی طرف سے کوئی امر پیش آئے گا، جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ حمام کے دروازہ یا اس کی چھوٹی کھڑکی یا روشندان کی طرف سے حمام میں داخل ہوا ہے یا اس کے ساتھ شیر یا کوئی درندہ یا وحشی جانور یا کوا یا سانپ ہے تو یہ ایک عورت ہے جس پر وہ تہمت لگائے گا، اور وہ اس عورت کے پاس کچھ شریر اور فاجر

Marfat.com

لوگوں کی ہمراہی میں بیٹھے گا، اور حمام (غسل خانہ) فوجی قلعہ اور چھاؤنی اور علوم کے اداروں، مساجد اور بازاروں کی بھی دلیل ہے، اور حمام فاسق کے حق میں تو بہ تائب ہونے اور گمراہ شخص کے ہدایت پانے، فقیر کے مالدار ہونے اور مریض کے شفاء پانے کی دلیل ہے، اور اگر صاحب خواب غیر شادی شدہ ہے تو شادی کرے گا اور اگر فقیر ہے تو مستغنی ہوگا، اگر کپڑے پہنے ہوئے پانی سے غسل کیا ہے تو کسی بدکار عورت کے حسن میں مبتلا ہوگا، اور اس کی وجہ سے اپنا دین وایمان خراب کرے گا، اور اس عورت کی وجہ سے مقروض ہوگا، اگر خواب میں حمام میں کوئی میت دیکھے اور وہ حرارت کے گھر میں ہے تو وہ کسی عمل میں مطلوب ہے، خصوصاً جبکہ میلے کچیلے کپڑے پہنے ہو یا ستر کھلا ہوا ہو، اگر خواب میں دیکھے کہ وہ حمام سے باہر نکلا ہے اور اس کے جسم پر خوبصورت پوشاک ہے یا پاکیزہ خوشبو میں معطر ہے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے ساتھ عفوودرگزر اور نرمی کا معاملہ کریں گے، جو خود کو دن میں دیکھے کہ ستاروں نے اس کو گھیر رکھا ہے یا اس کے سر کے اوپر ہیں تو وہ حمام میں داخل ہوگا، اگر خواب میں شدید حرارت (گرمی) یا شدید برودت (سردی) محسوس کرے تو جس حمام میں داخل ہوگا اس میں اس کو کوئی سختی اور تکلیف پیش آئے گی، اگر حمام میں مردوں کے ساتھ عورتیں بھی مخلط (ملی ہوئی) ہوں تو یہ حالات کے بدلنے، عادات کے خراب ہونے اور بدعات وشبہات میں پڑنے کی دلیل ہے، اور کبھی یہ خواب اس علاقہ میں خاص وصف کی دلیل ہوتا ہے حتیٰ کہ مردوں کا عورتوں کے ساتھ اختلاط ہوگا اور وہ اپنے عیوب پر مطلع ہوں گے، اگر حمام کا پانی دیکھے کہ وہ خون بن گیا ہے اور لوگ اس کو اپنے جسموں پر ڈالتے ہیں تو یہ بادشاہ کے لوگوں کے مال میں ظلم وزیادتی کرنے یا علماء کے عوام پر ممنوعات کو جائز بنا کر ظلم وناانصافی کرنے کی دلیل ہے، جیسے روزہ کے دن افطار کرنا یا یوم شک کو روزہ رکھنا یا وقوف عرفات کسی اور دن میں کرنا یا قبل از زوال نماز جمعہ ادا کرنا وغیرہ' اور کبھی حمام نصاریٰ کے عبادت خانہ کی دلیل ہوتا ہے، اس لئے کہ حمام جن وشیاطین کے مقامات ہیں، اور حمام کا دیکھنا کسی کنوارے کے حق میں شادی ہونے کی علامت ہوتا ہے، خواب میں جو شخص حمام کو اپنا مسکن بنائے تو وہ گناہوں پر مصر ہے، جو خواب میں حمام میں داخل ہوا اور غسل کر کے وہاں سے باہر آیا ہو تو وہ عورت یا قرض کے فکر وپریشانی سے نجات پائے گا، اور تاریک حمام قید خانہ ہے، اور حمام کا پیشہ ایسی عورت ہے جس میں کوئی خیر وبھلائی نہیں ہے۔

## ۲۱۷۔ الحَمَّامی (حمام والا):

خواب میں حمام والے کو دیکھنا قرض کی ادائیگی، فکرات وتکلیفات کے دور ہونے، امور کے نفاذ اور طہارت وپاکیزگی کی دلیل ہے، اور کبھی یہ خواب مرض یا تنگی ودشواری کی علامت ہوتا ہے۔ جو خواب میں دیکھے کہ وہ حمام والا یا حمام میں قائم ہے جبکہ وہ حمام میں لوگوں کا خادم نہیں ہے تو وہ ایسا دلال ہے جس سے نفع نہیں اٹھایا جاتا، اگر اس کے جسم پر سفید کپڑے ہوں تو وہ لوگوں کے تفکرات کو دور کرے گا۔

Marfat.com

## ۷۲۲۔ الحمأة (سیاہ کیچڑ):

خواب میں سیاہ کیچڑ دیکھنا خیر کی دلیل ہے، خصوصاً جبکہ پانی نہ پائے، یا فقیر ہو تو یہ خواب فقر کی راہ کے بند ہونے اور رزق کی آسانی کی دلیل ہے، اور جو شخص غیر شادی شدہ ہو اور وہ سیاہ کیچڑ دیکھے تو اس کی شادی ہوگی، اور اس کے سسرالی رشتہ دار بنیں گے، اور سیاہ کیچڑ ادنی زندگی کی دلیل ہے، خواب میں سیاہ کیچڑ سے جو نفع ونقصان حاصل ہو تو یہ اس کے سسرال کے رشتہ داروں کی طرف منسوب ہوگا، اور سیاہ کیچڑ غم وفکر اور ہولنا کی ہے، جو دیکھے وہ سیاہ کیچڑ میں داخل ہوتا ہے تو وہ غم وفکر میں مبتلا ہوگا، اس لئے کہ اس کا رنگ سیاہ ہوتا ہے، اور سیاہ کیچڑ اموال کی زیادتی، نفع کے اسباب اور خیر وسیادت کی صورت پر دلیل ہے۔

## ۷۲۳۔ الحمائل (تلوار کی پیٹی): دیکھئے السیف (تلوار)

## ۷۲۴۔ الحمد (تعریف کرنا): دیکھئے الشکر (شکر کرنا)

## ۷۲۵۔ حمرة اللون (رنگ کا سرخ ہونا):

خواب میں سرخ رنگت وجاہت و وقار کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ اس کا چہرہ سرخ ہے اور چمکدار ہے تو وہ دنیا میں باوجاہت (باوقار) اور قابل تعریف ہوگا، بعض کہتے ہیں کہ اگر سرخی کے ساتھ سفیدی ہو تو وہ عزت وفرحت پائے گا، جو دیکھے کہ اس کا چہرہ سرخ رنگ سے لتھڑا ہوا ہے جیسے عورتوں کے چہرے ہوتے ہیں، تو وہ بدکاری کرے گا، اور رسوا وبدنام ہوگا، جو دیکھے کہ اس کا چہرہ اور جسم سرخ ہوگیا ہے تو وہ طویل غم فکر میں مبتلا ہوگا اور کامیابی دور ہے، اور رنگ کا سرخ ہونا مریض کی عافیت یابی اور مسافر کی واپسی کی دلیل بھی ہے۔

## ۷۲۶۔ الحمص (چنا):

خواب میں چنے مشقت سے حاصل ہونے والا مال ہے، جس نے خواب میں گرم چنے کھائے تو وہ رمضان مبارک میں اپنی بیوی کا بوسہ لے گا۔

## ۷۲۷۔ الحمض (ترش پودا):

خواب میں یہ دیکھنا بیماریوں سے شفا یابی کی دلیل ہے، اور کبھی اس کا دیکھنا ریا کاری اور منافقت کی دلیل وعلامت ہوتا ہے، کیوں کہ اس کا اوّل خوشگوار اور آخر ترش ہوتا ہے۔

Marfat.com

## ۷۲۸۔ الحمق (احمق):

خواب میں جو حماقت کی صفت کے ساتھ متصف ہوا ہو تو یہ رزق کی دلیل ہے، اور کبھی حمق (احمق ہونا) قمح (گندم) کی دلیل ہوتا ہے کیوں کہ قمح حمق کا عکس (الٹ) ہے ورنہ اس میں کوئی خیر نہیں ہے۔

## ۷۲۹۔ حمل الانسان (انسان کا اٹھانا):

اگر خواب میں کوئی وزنی شے اٹھائی ہو تو یہ برے ہمسایہ کی دلیل ہے، اور کبھی وزنی شے کا اٹھانا گناہوں کی علامت ہوتا ہے، اور عورت کے حق میں ثقیل (وزنی) بوجھ حمل کی دلیل ہے، یا شریر خاوند کی علامت ہے، جو دیکھے کہ وہ کوئی باوزن شے اٹھاتا ہے تو یہ اذیت کی علامت ہے جسے وہ برے ہمسایہ کی طرف سے برداشت کرے گا، اور گردن یا کندھے پر کوئی شے اٹھانا گناہوں کی دلیل ہے، اور نوزائد بچہ کو کچھ اٹھانا محمول شے (اٹھائی ہوئی چیز) کے لئے راحت کا سبب ہے اور حامل (اٹھانے والے) کیلئے تکلیف ومشقت کا ذریعہ ہے، جو خواب میں دیکھے کہ وہ لکڑیوں کا گٹھا اٹھاتا ہے تو وہ غیبت اور چغل خوری کا گناہ اپنے سر لیتا ہے، اور جھوٹی باتیں اِدھر اُدھر پھیلاتا ہے۔

## ۷۳۰۔ حمل البعیر (اونٹ کا بوجھ): دیکھئے الوسق (پیمانہ وسق)

## ۷۳۱۔ حمل المرأۃ (عورت کا حمل):

خواب میں عورت کا حاملہ ہونا اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ وہ اپنے امور کو پابندی سے بجالاتی ہے، اور اس سے مال اور بڑھنے والی زیادتی اور فخر وعزت اور حسن تعریف حاصل کرے گی، اگر خواب میں کوئی آدمی دیکھے کہ اسے حمل ہے تو یہ ایک بھاری غم وفکر کی دلیل ہے جو لوگوں سے پوشیدہ ہے اور اس کے بڑھنے اور ظاہر ہونے کا خدشہ ہے، اور حمل صاحب خواب کے لئے دنیا کی زیادتی کی دلیل ہے، صاحب خواب خواہ مرد ہو یا عورت، اور حاملہ عورت کا دیکھنا غم وتکلیف اور پوشیدہ امور کی نشاندہی کرتا ہے، اور خواب میں مردوں کا حاملہ ہونا عالم کے حق میں علم کی زیادتی پر دلیل ہے، کبھی اس کے غم وفکر اور دشمن کے قریب ہونے اور کبھی عشق وجنون کی دلیل ہوتا ہے، اور کبھی اس شخص پر دلیل ہوتا ہے جو مرد وعورت کو ایک ہی مقام پر جمع کرتا ہے، یا کوئی شے بے محل بوتا ہے یا اس کے گھر میں چور وغیرہ آئیں گے، یا اس کے گھر میں کوئی شے چھپائی جائے گی یا کوئی چیز چوری کی جائے گی، اور اس کو اس کے صاحب سے مخفی رکھا جائے گا، اور مرد کا خواب میں حاملہ ہونا اس بات کی دلیل ہوتا ہے کہ وہ اپنی جان کو ہلاک کرے گا، اور کبھی اس کی تعبیر یہ ہوتی ہے کہ وہ اپنے ہاں ایسے اجنبی اموات کو دفن کرے گا جو اس پر گراں ہوں گے، یا وہ کذاب ہے محال چیز کا مظاہر کرے گا یا وہ اپنے ایمان اور فاسد اعتقاد کو پوشیدہ رکھتا ہے، اور کنواری کا حاملہ ہونا کبھی ایسی تکلیف پر دلیل ہوتا ہے جو اس کی سبب اس کے اہل کو پہنچے گی، یا پھر کوئی برا

Marfat.com

واقعہ اس کے محل میں رونما ہوگا، چور یا آتشزدگی کا واقعہ وغیرہ، یا کوئی شخص اس کے امر کو مشتبہ کرے گا، یا اس کے مناسب کوئی سامان تیار ہوگا، یا کوئی ایسا شخص اس سے عقد کرے گا جو اس کے جوڑ کا نہیں ہے، یا اس کا پردہ بکارت شادی سے قبل زائل ہوگا، اور بانجھ عورت یا نرینہ جانور کا حاملہ ہونا قحط سالی، خیر کی قلت، فتنوں کی کثرت کی دلیل ہے جو لٹیروں چوروں کی جانب سے پیش آئیں گے، جو شخص اپنی عورت کو حاملہ دیکھے تو وہ سامانِ دنیا کا امیدوار ہے، جو خود کو حاملہ دیکھے تو یہ خواب مال و دنیا کی زیادتی کی علامت ہے، اور وہ ہر حال میں مردوں اور عورتوں کے مناسب موافق ہے، اور بڑھیا کا حاملہ ہونا اسلحہ و ہتھیار کا مرکز ہے، اس لئے کہ وہ فتنہ ہے اور بعض کہتے ہیں کہ اس کا حاملہ ہونا بیکاری کی علامت ہے، اور ایک قول یہ ہے کہ یہ خواب قحط سالی کے بعد خوشحالی کی دلیل ہے اور بے خاوند عورت اور اسی طرح کنواری لڑکی جب خواب میں دیکھے کہ گویا وہ حاملہ ہے تو وہ دونوں نکاح کریں گی۔

## ۷۳۲۔ حملۃ العرش (حاملینِ عرش فرشتے):

خواب میں ان کا دیکھنا عزت وقوت، اتفاق والفت ومحبت کی دلیل ہے اور اعتقاد کی سلامتی اور بادشاہ کے خواص لوگوں کے قرب کی دلیل ہے۔

## ۷۳۳۔ الحنّاط (گندم فروش):

خواب میں اس کا دیکھنا مالدار آدمی پر دلیل ہے، اور اگر گندم فروشی کی اس کو احتیاج نہ ہوئی ہو تو وہ شریف ہے، اگر وہ اس کی بیع کا محتاج ہوا ہے تو ذلت سے دوچار ہوگا، اگر حاکم دیکھے کہ وہ گندم فروشی کرتا ہے تو یہ خواب اس کی معزولی کی دلیل ہے، نیز اسکے اور اس کے بھائی کے مابین جدائیگی کی دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ گندم فروش ایک بادشاہ ہے کہ دوسرے بادشاہ اس کے تابعدار ہیں، یا ایسا تاجر ہے جو دیگر تاجروں کا سردار ورئیس ہے، یا عالم ہے جس کو اجر دیتے ہیں، جو دیکھے کہ جیسے اس نے گندم فروش سے کچھ گندم خریدی ہے تو وہ سلطان سے ولایت طلب کرے گا، اگر دیکھے کہ اس نے گندم فروخت کی ہے مگر قیمت کو نہیں دیکھا ہے تو وہ دنیا سے بے رغبت ہے اور اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا قدردان ہے، جو دیکھے کہ گویا وہ گندم کا مالک ہوتا ہے اور اس کو نہ مس کرتا ہے اور نہ اس کی طرف احتیاج رکھتا ہے تو وہ مقام ومرتبہ پائے گا، اس لئے کہ گندم بہترین طعام ہے، اگر دیکھے کہ اس نے حصول گندم کی سعی وکوشش کی ہے، اور اس کی طرف احتیاج یا اس کو مس کیا ہے تو ذلت ورسوائی اور خسارہ ونقصان سے دوچار ہوگا، اگر حاکم ہے تو معزول ہوگا، اور گندم فروش کا دیکھنا عسر (تنگی) کے بعد یُسر (آسانی) سچے وعدہ، رزق اور نیک اعمال کی دلیل بھی ہے۔

## ۷۳۴۔ الحنان (رحمت وشفقت): دیکھئے الرحمۃ (رحمت وشفقت)

Marfat.com

## ۷۳۵۔ الحنّاء (مہندی):

خواب میں مہندی آدمی کا اپنے کام کے لئے تیار ہونا ہے، اور مہندی مال واولاد کے حق میں زینت ہے۔

## ۷۳۶۔ الحِنّائی (مہندی فروش):

اس کا خواب میں دیکھنا نفع مند ادویات یا بشارت وفرحت اور حنان وشفقت کی دلیل ہے۔

## ۷۳۷۔ الحنطة (گندم):

خواب میں گندم بامشقت عمدہ مال ہے، جو دیکھے کہ اس نے گندم خریدی ہے تو اسے مال وخوشحالی حاصل ہوگی اور اولاد میں زیادتی ہوگی، اگر خواب میں سلطانِ وقت کو دیکھے کہ وہ اپنے ہاتھ سے گندم کو ہلاتا ہے تو طعام کے نرخ بڑھیں گے، جو دیکھے کہ وہ گندم بوتا ہے تو وہ کوئی رضائے الٰہی والا عمل کرے گا، اور اگر دیکھے وہ برابر گندم بیچتا ہے تو جہاد کی نعمت ملے گی، جو دیکھے کہ اس نے بیجی تو گندم لیکن اُگے جَو تو اس کا ظاہر اس کے باطن سے اچھا ہے، اور اگر اس کی بجائے خون پیدا ہوا ہو تو وہ سود کھاتا ہے، اگر خواب میں تر وتازہ گندم کھائی ہے تو یہ عبادت کی درستگی کی دلیل ہے، اور سبز بالی خوشحالی ہے، اور خشک بالی قحط سالی ہے، اور ہاتھ میں یا برتن یا کھلیان میں بالیوں کا مجموعہ ایسا مال ہے جس کو اس کا مالک کسی دوسرے کے کسب سے حاصل کرے گا، اگر دیکھے کہ کٹے ہوئے کھیت میں پڑی ہوئیں متفرق بالیاں اٹھاتا ہے اور اس کے مالک کو پہچانتا ہے تو اس کو کھیت کے مالک کی طرف سے متفرق پائدار خیر حاصل ہوگی، اگر کوئی شخص دیکھے کہ وہ بے وقت کھیت کاٹتا ہے تو یہ اس محلہ میں موت کی اور فتنہ وفساد کی دلیل ہے، اگر بالیاں زرد ہوں تو یہ بوڑھے لوگوں کی موت کی دلیل ہے، اور اگر سبز ہوں تو یہ جوانوں کی موت یا قتل کی علامت ہے، جو شخص خشک بالی کھائے تو اس میں خیر کا کوئی پہلو نہیں، جو خواب میں گندم دیکھے تو اسے بادشاہ سے خیر ودولت حاصل ہوگی، اور گندم سے نکلے ہوئے دانے مالِ حرام ہے، جو شخص خواب میں جَو کے بدلہ گندم بیچے تو وہ شعر کے بدلہ قرآن لے گا، اور بستر میں پڑی گندم عورت کا حمل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ جو دیکھے کہ وہ خشک یا پکی ہوئی گندم کھاتا ہے تو وہ ناگوار صورت سے دوچار ہوگا، جو دیکھے کہ اس کا پیٹ یا منہ یا جلد خشک گندم سے بھری ہوئی ہے تو یہ فنائے عمر کی دلیل ہے، بصورت دیگر جس قدر گندم باقی ہے اسی قدر عمر کا حصہ باقی ہے، جو دیکھے کہ اس نے سر سبز اور تازہ گندم کھائی ہے تو وہ صالح شخص ہے اور دین کے معاملہ میں درویش ہے۔

## ۷۳۸۔ الحنظل (اندرائن پھل):

خواب میں اس کا دیکھنا غم وفکر کی دلیل ہے، اس کا درخت بے دین، بزدل اور بے صبر آدمی کی دلیل ہے۔

Marfat.com

## ۷۳۹۔ الحنک (تالو):

خواب میں انسان کا تالو دو زوجہ یا دو شریک یا دو بیٹوں کی دلیل ہے۔

## ۷۴۰۔ حنوط الموتی (مُردوں کی خوشبو):

غم والم میں مبتلا شخص کا خواب میں اس کو دیکھنا فرحت کا سبب، اور فاسق و بے دین کے حق میں تو بہ و تائب ہونے کی علامت ہے، اگر دیکھے کہ وہ ایسے آدمی سے استعانت لیتا ہے جو اس کے لئے یہ خوشبو خریدتا ہے تو وہ اس سے اچھے موقع پر مدد لے گا، اور اپنی پریشانی کی اس سے التجاء کرے گا، حنوط خوشبو میت کی نجاست اور بدبو دور کرتی ہے، اور غالیہ (مشک کافور اور عنبر سے مرکب خوشبو) اور کافور حسنِ تعریف ہے اور میت کی حنوط اس کی عمدہ ثناء اور صفائی دل کی دلیل ہے۔ اور کبھی یہ حنوط حسنِ سلوک کی دلیل ہوتا ہے۔

## ۷۴۱۔ الحنین للوطن (وطن کا اشتیاق):

یہ خواب میں ازواج کی جدائیگی یا احباب کی علیحدگی اور فقر کے بعد غنٰی (مالداری) کی دلیل ہے، اور اگر وطن کے اشتیاق کے ساتھ نوحہ بازی آہ وبکاء بھی ہو تو اس خواب میں خیر کی کوئی بات نہیں ہے۔

## ۷۴۲۔ الحوالة (قرض کی غیر کی طرف منتقلی):

خواب میں ایسا دیکھنا حالات کی تبدیلی پر دال ہے، خیر سے شر کی طرف اور شر سے خیر کی طرف، اور کبھی یہ حوالہ محیل کے حق میں نقصان اور محال علیہ کے حق میں فائدہ کی دلیل ہوتا ہے، جیسے کہا جاتا ہے کہ حوالہ وہ ہے کہ خیر وشر دونوں جس کے لئے جاری ہوں۔

## ۷۴۳۔ حضرت حوّاء علیہا السلام:

خواب میں ان کا دیکھنا کھیتی میں برکت، میوے علیھما پھلوں اور اولاد کے ثمرۂ انتاج اور صنعتی فوائد کی دلیل ہے، جیسے پارچہ بافی، زراعت اور لوہاری وغیرہ۔ اور کبھی حضرت آدم وحواء علیہما السلام کا خواب میں دیکھنا اعلیٰ مقام سے ادنیٰ مقام پر جانے کی دلیل ہوتا ہے، نیز لغزشات اور خوفناک صورت حال میں مبتلا ہونے، حاسدوں کے اظہار خوشی اور پڑوسیوں سے تکالیف ومصائب پیش آنے کی دلیل ہے، اور ان دونوں کا دیکھنا اولاد وازواج سے تکلیف اٹھانے، معذرت وتوبہ کے قبول ہونے اور مافات پر نادم ہونے کی دلیل ہے، اگر کوئی عورت حضرت حواء علیہا السلام کو خواب میں دیکھے تو غم والم میں مبتلا ہوگی، یا پھر وہ شدید آزمائش میں مبتلا ہوگی، اس لئے کہ حضرت حواء علیہا السلام اوّل خاتون ہیں جو حیض میں مبتلا ہوئیں، یا وہ عورت حمل اور ولادت میں مبتلا ہوگی، یا اسے نیک صالح اولاد نصیب ہوگی، اگر اپنے خاوند سے جدا ہے یا

Marfat.com

غائب ہے تو اس کے پاس واپس لوٹ آئے گی، یا اسے رزق حلال اپنی محنت سے حاصل ہوگا، یا اس کی نسل میں کوئی ایسا شخص ہوگا جو خون ریزی کرے گا، اور حرام کردہ جان کو قتل کرے گا، جو حضرت حواء علیہا السلام کو دیکھے تو وہ کسی عورت کی بات سے دھوکہ کھائے گا، جو حضرت حواء علیہا السلام کو خوبصورت چہرہ میں دیکھے تو یہ اس کی ماں ہے اس لئے کہ حضرت حواء علیہا السلام امّ المسلمین ہیں، اگر وہ کسی پریشانی میں ہے تو وہ دور ہوگی، اور اگر اس نے کسی عورت کی بات کو نافذ العمل کیا تو پشیمان ہوگا اور اس کی ریاست ختم ہوگی۔

## ۷۴۴۔ الحوت (مچھلی):

خواب میں مچھلی دیکھنا قسم کی دلیل ہے، کبھی اس کا دیکھنا صالحین کی عبادت گاہ اور عابدین کی مسجد پر دال ہوتا ہے، اور کبھی غم والم، زوال منصب اور نزول غضب کی دلیل ہوتا ہے، اور حضرت یونس علیہ السلام کی مچھلی کو دیکھنا خائف کیلئے امن وسلامتی کے حصول اور فقیر کے لئے مالداری کی دلیل ہے، اور کرب وبلا میں متبلا شخص کے لئے کشادہ حالی کی دلیل ہے، اور بادشاہت کے لائق شخص کے لئے حصول بادشاہت کی علامت ہے، حضرت یوسف علیہ السلام کا قید خانہ، اصحاب کہف کا کہف ورقیم (غار) اور حضرت نوح علیہ السلام کا تنور خواب میں دیکھنا بھی مذکورہ تعبیر پر دال ہے۔

## ۷۴۵۔ الحوض (حوض):

خواب میں حوض شریف نافع اور سخی آدمی ہے، اگر خواب میں حوض مال سے بھرا ہوا دیکھے تو اسے سخی اور شریف آدمی سے عزت وکرامت حاصل ہوگی، اگر حوض سے وضو کیا ہے تو وہ بحکم خداوندی غم وفکر سے نجات پائے گا، اگر اس سے پانی پیا ہے تو اس کو کریم النفس بادشاہ سے رزق ملے گا۔

## ۷۴۶۔ الحوقلة (لاحول ولاقوۃ کہنا):

خواب میں کثرت سے لاحول ولاقوۃ کہنا اس چیز کے ڈرانے پر دلیل ہے جو اس قول کا تقاضا ہے، اس طرح اناللہ وانا الیہ راجعون خواب میں کہنا بھی اس قول کے مقتضی کے ڈرانے پر دال ہے، اور کبھی مصیبت کی دلیل ہوتا ہے۔

**۷۴۷۔ الحَوَل (بھینگا پن):** خواب میں بھینگا پن عہد شکنی یا کلام شکنی کی دلیل ہے۔

**۷۴۸۔ الحَول (سال):** دیکھئے السنة (سال) نیز دیکھئے العام (سال)

## ۷۴۹۔ الحیا (حیاوشرم):

خواب میں شرم وحیا اللہ تعالیٰ کے احسان فرمانے یا بے حیائی کے ارتکاب سے روکنے پر دلیل ہے، حیاوشرم ایمان ورزق میں اضافہ کی دلیل ہے، کبھی یہ حیاوشرم نافرمان کے لئے ہدایت اور کافر کے لئے اسلام کی علامت ہوتا ہے۔

Marfat.com

## ۷۵۰۔ الحیرۃ (حیرانگی):

خواب میں حیرانگی وتر ڈدغفلت اور راہ ضلالت کی طرف شیطان کے مائل کرنے کی دلیل ہے، خواب میں تمام ادیان میں حیرانی انکار کی دلیل ہے، خواب میں جو شخص اپنے لئے نہ کوئی دین ومذہب پہچانے اور نہ کوئی قبلہ جس کی جانب وہ نماز پڑھے تو اگر وہ آدمی دینی امور میں مشغول ہے تو وہ ان دینی امور میں متردد ہوگا، اگر خواب میں نماز پڑھنے کے لئے کوئی جگہ ڈھونڈتا ہے مگر کوئی جگہ نہیں پاتا تو اگر وہ حصول علم یا کسی نیکی کے حصول میں ہے تو اس کے لئے علم کا حصول، اس کا حفظ ودرس دشوار ہوگا، اور اگر وہ حاکم ہے تو وہ جس علاقہ کی ولایت کا طلبگار ہے اس کا حصول اس کے لئے امرِ مشکل ہوگا، اور اگر وہ تاجر ہے تو تجارتی امور میں دشواری پیش آئے گی، اگر بازاری ہے تب بھی یہی تعبیر ہے۔

## ۷۵۱۔ الحیض (حیض):

اگر خواب میں کوئی مرد خود کو حالت حیض میں دیکھے تو وہ کسی امرِ حرام کا مرتکب ہوگا، اگر عورت کو خود کو اس حالت میں دیکھے تو وہ کسی گناہ وغیرہ میں مبتلا ہے، اگر عورت نے غسلِ حیض کیا ہے تو وہ گناہ سے توبہ کرے گی، اور اس کا غم فکر دور ہوگا، اگر حیض سے ناامید عورت خواب میں حیض دیکھے تو اسے فرزند عطا ہوگا، جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے "فضحکت فبشرناھا باسحاق" (الھود:۷۱) یعنی وہ ہنسی تو ہم نے اس کو اسحاق کی خوشخبری سنائی، اب لغت میں ضحک حیض کے معنی میں بھی آتا ہے، اگر عورت خواب میں خود کو مستحاضہ دیکھے تو وہ کسی گناہ میں مبتلا ہے، اور اس سے نکلنا چاہے گی، مگر خلاصی حاصل نہیں ہوگی، اس لئے کہ یہ اس کی طبیعت بن گئی ہے لہٰذا اس گناہ کو مشقت کے بعد ہی چھوڑ سکے گی، اگر توبہ بھی کرے گی تو توبہ پر ثابت اور قائم نہیں رہ سکے گی، اگر مرد یہ خواب دیکھے تب بھی یہی تعبیر ہے، جو عورت دیکھے کہ اس کا زوج حالت حیض میں اس سے صحبت کرتا ہے تو وہ اور اس کا زوج اس شہر سے باہر جائیں گے، اور بعض کہتے ہیں کہ اگر مرد خواب میں خود کو حالت حیض میں دیکھے تو یہ اس کے جھوٹے ہونے کی نشانی ہے، اگر خواب میں اپنی بیوی کو حالت حیض میں دیکھے تو اس عورت پر اس کی زوج کے امور بند ہوں گے، بعض کہتے ہیں کہ حیض حجامت (سینگی کھنچوانا) یا فصد لگوانا ہے، ایک قول یہ ہے کہ حیض شیطان ہے، جو خواب میں شیطان کو دیکھے وہ حیض کو دیکھے گا، اور حیض دینی نقص وعیب اور صوم وصلوٰۃ میں کی کوتاہی کی دلیل ہے، بعض کہتے ہیں کہ حیض مرض ہے، اور شادی شدہ ناامیداز حیض عورت اگر خواب میں استحاضہ (بیماری کا خون) دیکھے تو یہ زوج پر دلیل ہے، اگر وہ حیض والی ہے تو یہ خواب خون کے اخراج پر دلیل ہے۔ یہی تعبیر ہے سلس البول مرض میں مبتلا شخص کے خواب کی جب وہ خود کو استحاضہ میں دیکھے، اور کبھی حیض واستحاضہ سختی وتکلیف اور زوجین میں تفریق پر دال ہوتا ہے، اور کبھی بانجھ کا حیض اولاد کے حمل اور حاملہ کا حیض دیکھنا ولادتِ فرزند کی دلیل ہے، اگر آدمی خود کو خواب میں حالت حیض میں دیکھے تو وہ حلال مال حاصل کرے گا، جو اپنی اہلیہ کو دیکھے کہ وہ حیض میں مبتلا ہوئی ہے تو اس کی صنعت (کاروبار) کو نقصان ہوگا۔

Marfat.com

## ۷۵۲۔ الحیّة (سانپ):

خواب میں سانپ دشمن یا خزانہ یا عورت اور یا پھر اولاد ہے، اور اژدھا (لمبا اور موٹا سانپ) اگر دیکھا ہے تو اگر اس سے ڈرا نہیں ہے تو یہ اس شخص کی قوت و رعب کی دلیل ہے، اور سانپ مالدار دشمن کی دلیل ہے، اس لئے کہ زہر کی تعبیر مال ہے، اگر دیکھے کہ اس نے اپنے گھر میں سانپ داخل کیا ہے تو اس کا دشمن اس کے ساتھ دھوکہ بازی کرے گا، جو دیکھے کہ اس نے سانپ کو پکڑا ہے تو دشمن کی طرف سے با امن طریقہ سے اس کو مال ملے گا، اگر سانپ کو مار ڈالا ہے تو دشمن پر غالب آئے گا، اگر اس کے ہاتھوں پر خون بہا ہے تو اس کا دشمن مرے گا اور اس کے مال کا وارث ہوگا، اگر اس کو سانپ نے ڈسا ہے تو دشمن کا جرمانہ حاصل کرے گا، اگر سانپ کو جلایا ہے تو سلطان اپنے دشمنوں کو قتل کرے گا اور ان پر غالب آئے گا، اگر سانپ اڑا ہے تو لوگ سفر کریں گے، اور چھوٹے سانپ کی تعبیر چھوٹا لڑکا ہے، جو سانپ کو قتل کرے تو یہ چھوٹے لڑکے کی وفات کی دلیل ہے، اگر خواب کے اندر کچھ سانپ بازار میں قتل کئے جاتے دیکھے تو فساد و لڑائی ہوگی اور اس میں کامیابی دشمن کو ہوگی، اگر سلطان نے کچھ سانپ شکار کئے ہیں تو وہ اپنے دشمنوں کو دھوکہ دے گا، اور سانپ شاہی آدمی ہے جو کہ ظالم بڑا فریبی کینہ ور اور بدشکل ہے، اور سیاہ رنگ کے سانپ زہر اور دھوکہ کے اعتبار سے زیادہ خطرناک ہیں، اور سفید رنگ کے سانپ کمزور دشمن ہیں، خواب میں اگر سانپ بڑے نرم انداز میں کلام کرے تو سرور و خوشی یا دشمن سے خیر کا حصول ہوگا اور لوگ اس پر متعجب ہوں گے، اگر سانپ نے دھمکی آمیز لہجہ میں بات کی ہے تو دشمن پر کوئی ظلم و زیادتی ہوگی، الا یہ کہ کلام کے علاوہ اس نے ڈسا ہو یا زہر ڈالا ہو، کیوں کہ فعل قول سے زیادہ قوی ہے، تو ایسی صورت میں فعل کو لیں گے قول کو ترک کر دیں گے، اور مآل کار کامیابی اس کو ہوگی جس پر زیادتی کی گئی ہو اور وہ دشمن کے چنگل سے نجات پائے گا، اگر خواب میں دیکھے کہ ایک سانپ کبھی ایک جگہ سے نکلتا ہے اور کبھی واپس وہیں چلا جاتا ہے تو یہ شیطان ہے جو اس کو پریشان کرتا ہے، اگر سانپ سے منازعت (جھگڑا) کی ہو تو وہ کسی طاقتور دشمن سے قتال کرے گا، اور اس سے خوف زدہ ہوگا حتی کہ دونوں پھر جدا ہو جائیں گے، اور جو ان میں غالب آیا ہے (یعنی سانپ سے منازعت میں جو غالب آیا ہوگا) وہی پھر کامیاب ہوگا، اگر اس سانپ نے اس کو ڈسا ہے تو وہ ایسی مصیبت میں مبتلا ہوگا جس سے وہ نجات نہیں پائے گا، جو خواب میں دیکھے کہ اس نے اپنے بستر پر سانپ کو مار ڈالا ہے تو اس کی بیوی فوت ہوگی، جو خواب میں اپنی گردن میں لپٹے سانپ دیکھے اور پھر اس کے تین ٹکڑے کر دے تو وہ اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے گا، اگر اس کے دو ٹکڑے کئے ہیں تو وہ اپنے دشمن سے انصاف کرے گا، اور اگر سانپ کے تین ٹکڑے کئے ہیں تو وہ اپنے دشمن سے جھگڑے گا اور اس پر فتح یاب ہوگا، اور اس کے تین دشمن اس کے ماتحت ہوں گے، رئیس آدمی، غنی آدمی اور صاحب اولاد آدمی، اگر خواب میں سانپ کا کچا گوشت کھایا ہے تو اپنے دشمن اور اس کے مال پر غلبہ حاصل ہوگا، اور اگر سانپ کا پکا ہوا گوشت کھایا ہے تو وہ اپنے دشمن پر غالب آئے گا، اور اس سے مال حلال حاصل کرے گا، اگر سانپ کا زہر اس کو پہنچا ہے پس وہ اس سے پھول گیا ہے تو وہ دشمن سے جھگڑے گا اور دشمن سے ناگوار حالت پیش آئے گی، اور عظیم مال حاصل ہوگا، اگر زہر نے اپنا کام کیا

Marfat.com

اور اس کے گوشت اور ہڈیوں میں پھیل گیا تو وہ دشمن سے جنگ کرے گا اور اس کی اولاد مختلف شہروں میں متفرق ہوگی، اگر اس سے مرگیا ہے تو وہ دشمن سے قتال کرے گا اور دشمن اس کو قتل کردے گا، اور سانپ کے دانت دشمن کی قوت اور اس کے شدتِ مکر کی دلیل ہے، اگر دشمن نے سانپ کی شکل اختیار کی ہے تو وہ ایک حال سے دوسرے حال کی طرف گامزن ہوگا، اور مسلمانوں کا دشمن بنے گا، اگر اپنے گھر کو سانپوں سے بھرا ہوا دیکھے اور حال یہ ہے کہ ان سانپوں سے خوف زدہ نہیں ہے تو وہ اپنے گھر میں مسلمانوں کے دشمنوں اور خواہش پرست لوگوں کو دیکھے گا، اور آبی سانپ مال ہے، اگر اپنی جیب یا آستین میں چھوٹا سفید سانپ دیکھے اس سے ڈرانہ ہو تو یہ مال ہے، اگر خواب میں کچھ ملائم سانپ حاصل ہوئے ہوں یا ان کا مالک بنا ہو جہاں وہ چاہتا ہے وہ اس کی اطاعت کرتے ہیں اور ان کا کوئی زہر نہیں ہے تو اس کو چاندی یا سونے کے ڈلے یا اکسیر حاصل ہوگا، جس کو وہ پھر خزانہ بنالے گا، اگر سانپ کو دیکھے کہ وہ اس کے پیچھے چلتا ہے تو یہ دشمن ہے جو اس کو دھوکہ دینا چاہتا ہے، اگر سامنے کی جانب یا اردگرد گھومتا اور چلتا ہے تو یہ دشمن ہیں جو اس کو نقصان پہنچاتے ہیں مگر ان دشمنوں کے لئے نقصان پہنچانا ممکن نہیں ہے، اگر سانپ دیکھے مگر اس کو غور سے نہ دیکھا ہو اور اس سے بھاگا ہو تو وہ دشمن سے مامون رہے گا اور اس پر غالب آئے گا، ہر ان دیکھی چیز کا خوف اس چیز سے امن وحفاظت کی علامت ہوتا ہے جس سے وہ خوف وخطر رکھتا ہے، اور اگر سانپ کو غور سے دیکھا ہو اور اس سے خوف زدہ بھی ہوا ہو تو وہ دشمن کی طرف سے خوف کا شکار ہوگا اور وہ اس کو نقصان نہیں پہنچا سکے گا، اگر سانپ کو کھینچا ہے تو وہ دشمن کا مال حرام طریقہ سے غصب کرے گا، اور دشمن پر غالب آئے گا، اگر مردہ سانپ دیکھے تو اللہ تعالیٰ اس کے دشمن کو ہلاک کریں گے، اس کو خود اس کی تکلیف نہیں کرنی پڑے گی۔ اگر کچھ سانپ دیکھے کہ اس کے گھر میں داخل ہوتے ہیں اور گھر سے باہر نکلتے ہیں مگر کوئی ضرر نہیں پہنچاتے تو یہ اس کے گھر کے اور عزیز واقارب میں سے دشمن افراد ہیں، اور سانپ کا گوشت دشمن کا حلال مال یا دشمن کا تریاق ہے، جو دیکھے کہ اس کو سانپ کی سونے کی کھال حاصل ہوئی ہے تو اس کو شاہانِ کسریٰ کے خزانوں میں سے کوئی خزانہ ملے گا، اگر کچھ سانپوں کو دیکھے کہ ایک گوشہ میں باہم لڑتے ہیں اور ان میں بڑا سانپ قتل ہوگیا ہے تو وہ اس علاقہ کا مالک ہوگا، اگر کسی سانپ کو دیکھے کہ وہ بلندی کی طرف چڑھتا ہے تو اسے راحت اور فرحت وسرور حاصل ہوگی، اگر سانپ کو بلندی سے اترتے دیکھے تو اس جگہ کا رئیس وفات پائے گا، اگر دیکھے کہ وہ سانپ سے ہم کلام ہے تو مغرور دشمن ظاہر ہوگا، اگر دیکھے کہ وہ سانپ کا گوشت کھاتا ہے تو وہ سرور ومنفعت اور عزت ومقام حاصل کرے گا، اگر دیکھے کہ سانپ زمین سے نکلا ہے تو یہ اس جگہ پر عذاب کے وقوع کی علامت ہے، اگر دیکھے کہ سانپ نے اس کو نگل لیا ہے تو سلطنت حاصل ہوگی، جو شخص خواب میں اپنے سر کے اوپر سانپ دیکھے تو بادشاہوں کے سامنے اس کی شان بلند ہوگی، جو دیکھے کہ وہ سانپوں کے درمیان چلتا اور ان کو پھلانگتا ہے، تو یہ خواب بہت زیادہ بارش کی دلیل ہے جس بارش سے نالے بھی بہنے لگیں گے، جو خواب میں سینگوں والا سانپ دیکھے تو اس کو وزارت ملک کی حاصل ہوگی اگر اس کا اہل ہو، اگر تاجر ہو تو اس کی تجارت میں نفع ہوگا، اور کبھی سانپ دیکھنا کفار اور بدعتیوں کی دلیل ہوتا ہے، اور کبھی زانیوں کی، اور کبھی سانپ سلطان کی علامت ہوتا ہے، جو شخص دیکھے کہ وہ بڑے بڑے

Marfat.com

جماعت کی شکل میں سیاہ سانپوں کا مالک ہوا ہے تو وہ لشکروں کی قیادت سنبھالے گا، اور ملک عظیم حاصل کرے، اور آبی سانپ مال ہے، اور سانپ سیلاب، حکومت اور حیات کی بھی علامت ہے، جو دیکھے کہ اس نے سانپ کو مار ڈالا ہے تو وہ کسی عورت سے نکاح کرے گا، جو دیکھے کہ ایک سانپ گھر سے نکلا ہے تو وہ گھر ویران ہوگا اور اس گھر کے باشندے فنا ہوں گے، جو دیکھے کہ کچھ سانپ اس کے منہ سے نکلے ہیں تو اگر وہ مریض ہے تو موت کا شکار ہوگا، اگر دیکھے کہ سانپ اس کے منہ میں داخل ہوا ہے تو وہ اپنے دشمن پر غالب ہوگا، جو شخص خواب میں دیکھے کہ سانپ اس کی ناک یا پشت سے نکلا ہے تو اس کے ہاں اولاد ہوگی، اگر سانپ اس کے کان یا پیٹ سے نکلا ہے تو وہ کسی معصیت کا ارتکاب کرے گا، اور پیٹ کے سانپ عزیز واقارب کی نشاندہی کرتے ہیں، اگر ایسا کوئی سانپ دیکھا ہوتو وہ ایسے شخص سے علیحدگی اختیار کرے گا جس کے ساتھ مل کر وہ کھاتا تھا، اور جو شخص دیکھے کہ وہ اپنے ہاتھ کے ذریعہ اپنے مقعد سے کچھ سانپ نکال کر زمین پر ڈالتا ہے تو وہ اپنے اہل بیت اور عزیز واقارب کی جانب سے کسی مصیبت سے دوچار ہوگا، اور گھریلو سانپ پڑوسی ہیں اور جنگل کے سانپ رہزن ہیں، اور سانپ شر وفساد اور حسد، حیلہ ومکر دھوکہ بازی اور عداوت کے اظہار کی دلیل ہے۔

Marfat.com

# ﴿باب الخاء﴾

## ۷۵۳۔ الخابیة (مٹکا): دیکھئے الجونة (چمڑے کا مٹکا)

## ۷۵۴۔ الخاتم (انگوٹھی):

خواب میں انگوٹھی حفظ وامان، سلطان، زوجہ اولاد اور اسکے جوہر کے بقدر اعمال کی دلیل ہے، نیز مال وباندی کی دلیل ہے، جوخواب میں سونے کی انگوٹھی دیکھے اور اس کی بیوی حاملہ ہوتو لڑکا جنے گی، اور سلطان کے لئے انگوٹھی اس کی بادشاہت اور اس کا نگینہ اس کے احکامات کا نفاذ اور انگوٹھی کے کندہ شدہ نقش اس کے مقاصد اور مرادیں ہیں، اگر کوئی شخص دیکھے کہ اس کی انگوٹھی کا نگینہ گر گیا ہے تو اس کا لڑکا فوت ہوگا، یا کوئی مالی فقدان ہوگا، اور انگوٹھی کا ٹوٹنا زوجہ کی طلاق پر دلیل ہے،اور انگوٹھی گھر یا جانور کی خریداری یا ولایت کی دلیل ہے، اگر انگوٹھی سونے کی ہے تو وہ مرد کے لئے ذلّت ہے، جو دیکھے کہ اس نے لوہے کی انگوٹھی پہنی ہے تو یہ خیر پر دلیل ہے جو اسے مشقت اٹھانے کے بعد حاصل ہوگی، اگر انگوٹھی سونے کی تھی اور اس کا نگینہ بھی ہے تو یہ زیادہ اچھا ہے، اگر انگوٹھی بلا نگینہ ہوتو یہ بے نفع اعمال کی دلیل ہے، اور ہاتھی دانت کی انگوٹھی عورتوں کے لئے قابل تعریف ہے، جو دیکھے کہ اس نے چاندی کی انگوٹھی پہنی ہے اور جہاں چاہتا ہے اسے جاری کرتا ہے تو اسے سلطنت حاصل ہوگی، اس لئے کہ سلیمان علیہ السلام کی منجانب اللہ حاصل ہونے والی بادشاہت ان کی انگوٹھی میں تھی، جو دیکھے کہ اس نے خلیفہ کی انگوٹھی پہنی ہے تو اس کو عظیم حکومت حاصل ہوگی، اگر وہ مولی ہے اور اس کا باپ زندہ ہے تو اس کا باپ انتقال کرے گا، اگر اس کا باپ نہیں ہے تو اس کا امر حلاف تمنا کی طرف بدل جائے گا، جسے خواب میں انگوٹھی ملی ہوتو عجم سے یا صاحب اولاد لڑکے کی طرف سے اس کو مال پہنچے گا، یا وہ نیک عورت سے شادی کرے گا، یا باندی خریدے گا، جو اپنی انگوٹھی کے نگینہ کو ہلتا ہوا دیکھے تو اس کا عہدہ سلطنت معزولی کے قریب پہنچ گیا ہے، اگر دیکھے کہ اس کی انگوٹھی اتر گئی ہے اگر والی وحاکم ہے تو معزول ہوگا یا اس کی بادشاہت ختم ہوگی، یا اپنی بیوی کو طلاق دے گا، اگر یہ خواب عورت دیکھے تو یہ اس کے شوہر کی یا اس کے قریب آدمی کی وفات پر دلیل ہے، اگر کوئی انسان دیکھے کہ انگوٹھی کا حلقہ ٹوٹ گیا ہے اور ختم ہوگیا ہے اور صرف نگینہ باقی ہے تو اس کی سلطنت جاتی رہے گی، لیکن اس کا ذکر وہیبت باقی رہے گا، اگر وہ انگوٹھی سونے کی تھی تو اس کی سلطنت میں بدعت آجائے گی اور وہ دینی پریشانی اور ملکی خیانت سے دوچار ہوگا، اپنی رعایا پر ظلم کرے گا، اگر انگوٹھی تنگ ہے تو وہ مسلط عورت سے راحت پائے گا یا مشقت آمیز مملکت سے نجات پائے گا، یا اس کے غم دور ہوں گے، جو بادشاہ کی جانب سے پہنچے ہوں، اگر اس نے انگوٹھی عاریۃً (مانگ کر) لی ہے تو وہ ناپائیدار شئے کا مالک ہوگا، اگر کچھ انگوٹھیاں بازار میں بکتی دیکھے تو یہ رؤسائے زمانہ کی املاک کی خرید وفروخت ہے، اگر دیکھے کہ آسمان انگوٹھیاں برساتا ہے تو اس سال بیٹے پیدا ہوں گے، اگر

Marfat.com

کنوارا شخص دیکھے کہ اس نے انگوٹھی پہنی ہے تو اس کی مالدار اور کنواری عورت سے شادی ہوگی، اگر انگوٹھی سونے کی تھی تو وہ ایسی عورت ہے جس کا مال ختم ہو چکا ہے، اگر خنصر (چھنگلی) میں انگوٹھی پہنی پھر اس چھنگلی سے اتار کر بنصر (ساتھ والی) میں پہن لی پھر اس سے نکال کر وسطی (درمیان والی انگلی) میں ڈال لی تو وہ اپنی بیوی سے برا سلوک کرتا ہے یا کرے گا، اگر دیکھے کہ خنصر (چھنگلی) میں موجود انگوٹھی کبھی بنصر میں اور کبھی وسطی میں آجاتی ہے تو اس کی بیوی اس سے خیانت کرے گی، اگر اپنی انگوٹھی دراہم (پیسے) کے عوض یا آٹے یا تل کے بدلہ میں فروخت کی ہے تو وہ بیوی سے حسنِ کلام یا مال کے عوض علیحدگی اختیار کرے گا، اور نگینہ اولاد ہے اگر دیکھے کہ اس کی انگوٹھی کا نگینہ کسی جوہر کا ہے تو یہ جاہ ومنصب کے ساتھ سلطنت، مال کثیر اور عزت کی دلیل ہے، اگر انگوٹھی کا نگینہ زمرد کا ہو اور وہ سلطان ہے تو وہ طاقتور شجاع بہادر سلطان ہے، اگر اس کا نگینہ گھونگھے کا ہو تو یہ کمزور ذلیل بادشاہ کی دلیل ہے، اگر نگینہ سبز یاقوت کا ہے تو اس کے ہاں مومن عالم اور فہیم لڑکا پیدا ہوگا، اور لکڑی کی انگوٹھی منافق عورت کی دلیل ہے، اگر عورت کو انگوٹھی دی گئی ہو تو وہ نکاح کرے گی یا اس کے ہاں اولاد ہوگی، جو مرد سونے کی انگوٹھی پہنے تو سلطان اس کو قید کرے گا یا اس کو خوف یا شدت یا غم یا ذلت پہنچے گی، یا کوئی انسان اس کی اولاد یا بیوی پر غضبناک ہوگا اور بعض اہل تعبیر کہتے ہیں کہ انگوٹھی کا حصول حسین عورت اور خیر کثیر کے حصول کی دلیل ہے یا وہ خوشکن خبر سنے گا، اور جو شخص خواب میں دو نگینوں والی انگوٹھی پہنے ایک نگینہ ہتھیلی کی باہر جانب اور دوسرا اندر کی جانب ہو اور دو نگینوں میں کندہ نقش ایک دوسرے کے خلاف نہیں ہے تو وہ شخص ظاہری اور باطنی دو حکومتوں کا والی ہوگا، اور جس نے عقیق کی انگوٹھی پہنی تو اس کا فقر وافلاس دور ہوگا، بادشاہ سے انگوٹھی لینا اس کے رہائش گھر یا حصول چاندی یا نکاحِ خاتون کی دلیل ہے، اور زاہد وعابد شخص کا اللہ تعالیٰ سے انگوٹھی لینا ہر برائی سے حفظ وامان کی دلیل ہے، اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم یا عالم دین سے انگوٹھی لینا حصول علم کی بشارت ہے، یہ سب اس صورت میں ہے جب انگوٹھی چاندی کی ہو، اگر سونے کی ہو تو اس میں کوئی خیر کی بات نہیں ہے، یہی تعبیر ہے اگر انگوٹھی لوہے کی ہو کیونکہ وہ اہلِ نار کا زیور ہے اور یہی حکم ہے کہ اگر انگوٹھی تانبے کی ہو کیونکہ اس میں لفظ نحس (نحوست) ہے، اور رانگ کی انگوٹھی کمزور سلطنت کی علامت ہے، کسی بادشاہ کے ہاتھ خاتمِ سلیمانی ہو تو یہ اس کی مملکت کی وسعت، شہروں کی فتح اور مقاصد کی برآری ہے، یا وہ بادشاہت سے ایک مرتبہ نکل جائے گا اور پھر دوبارہ بادشاہ بن جائے گا، اگر وہ جنات کے استحضار سے عیش وعشرت رکھتا ہے تو اس کو وسیع رزق حاصل ہوگا، جو شخص دیکھے اس نے اپنی انگوٹھی اپنی قوم کو بھیجی ہے اور قوم نے اس کو رد کر دیا ہے تو وہ قوم سے خطاب کرے گا مگر قوم اس کو مسترد کر دے گی، جو دیکھے کہ اس کی انگوٹھی شدید طریقہ سے اتار لی گئی ہے تو اس کی سلطنت جاتی رہے گی، جو دیکھے اس کی انگوٹھی ضائع اور گم ہوگئی ہے تو کوئی ناپسندیدہ چیز اس کے زیر سلطنت یا زیر ملکیت ان کے پاس آئے گی۔

## ۷۵۵۔ الخاتن (ختنہ کرنے والا):

Marfat.com

خواب میں اس کو دیکھنا پوشیدہ امور کے منکشف ہونے اور عیوب سے مطلع ہونے کی دلیل ہے۔

## ۷۵۶۔ الخامی (روئی کا کپڑا بیچنے والا):

خواب میں اس کا دیکھنا سفر و مقام میں حالات کے متوسط ہونے کی دلیل ہے، مریض کے لئے اس کا دیکھنا موت کی اور باعافیت کے لئے ابتلاء وسختی کی دلیل ہے، کبھی اس کا دیکھنا قید خانہ کی دلیل ہوتا ہے۔

## ۷۵۷۔ الخان (مسافر خانہ):

خواب میں مسافر خانہ دیکھنا نکاحِ متعہ کی دلیل ہے، کبھی اس کا دیکھنا اس چیز پر دلیل ہوتا ہے جو اجرت پر دی جاتی ہے جیسے گھر سواری اور جانور وغیرہ، سرائے اور مسافر خانے میں مریض کا خواب میں قیام کرنا موت کی علامت ہے، یا زوجہ یا باندی یا سواری کے جانور کی وجہ سے جو غم وفکر لاحق ہے وہ دور ہوگا، اگر صاحب خواب شادی شدہ ہے تو اس کو ایسی اولاد نصیب ہوگی جو اس کے کاروباری کام میں اس کی اعانت کرے گی، اگر وہ نافرمان ہے تو توبہ کرے گا، گمراہ ہے تو ہدایت پائے گا اور ایمان وہدایت حاصل کرے گا، خان فندق (سرائے) کو بھی کہتے ہیں چنانچہ آدمی کا فندق اس چیز پر دلالت کرتا ہے جس پر اس کا گھر دلالت کرتا ہے، کبھی عالم دنیا پر بھی دلالت کرتا ہے کیوں کہ یہ منزلِ سفر ہے، کبھی مقبرہ کی دلیل ہوتا ہے، کیوں کہ یہ بھی اس کی منزل ہے جو گھر سے سفر کر کے آیا ہے، اپنے وطن سے دوسرے علاقہ کو نکلا ہے جو دیکھے کہ جیسے وہ ایک مسافر خانہ سے دوسرے مسافر خانہ کے لئے نکلتا ہے اور نکلتے وقت سواری پر سوار ہوا ہے تو اگر مریض ہے تو اسی طرح اٹھائے ہوئے نکلے گا، اگر دوستوں کی جماعت کو کسی مجہول فندق (سرائے) میں دیکھے کہ وہ اس میں قیام کرتے ہیں تو وہ لوگوں کی نظر میں صائب الرائے ہوگا۔

## ۷۵۸۔ الخانقاہ (خانقاہ):

خواب میں بزرگوں کی خانقاہ دیکھنا سفر و زہد و ورع و پرہیز گاری اور تلاوت کلام پاک اور کسب وپیشہ کو ترک کرنے کی دلیل ہے، اسی طرح خانقاہ دیکھنا گنہگار کے توبہ کرنے کافر کے ہدایت پانے اور غموم وافکار کے دور ہونے پر دلیل ہے، کبھی اس کا دیکھنا مرض خناق کی علامت ہوتا ہے۔

## ۷۵۹۔ الخانی (سرائے کا مالک):

خواب میں اس کا دیکھنا عہد شکنی، خیانت یا مریض کی موت کی دلیل ہوتا ہے، اور اس کا دیکھنا مشقت کے بعد حصولِ راحت اور وحشت کے بعد اُنسیت کے حصول کی دلیل ہے۔

Marfat.com

## ۷۶۰۔ الخبّاز (نان بائی):

خواب میں نان بائی دیکھنا خوف وخطر سے اطمینان اور خوشحال زندگی کی دلیل ہے، کبھی اس کا دیکھنا اولاد ومحبت کی دلیل ہوتا ہے، نان بائی شفیق عادل سلطان ہے، سفید آٹا پکانے والا خوشحال زندگی رکھنے والا صاحب ہے جو لوگوں کو عمدہ رزق کا راستہ بتاتا ہے، جو خواب میں خود کو نان بائی دیکھے تو اس کو عظیم مال اور خوشحالی ملے گی، اگر دیکھے کہ اس نے نان بائی سے قیمت دیئے بغیر روٹی خریدی ہے تو نان بائی وہ سلطان ہے جو نیک اعمال پر قادر ہے، اگر اس سے بے ضرر چیز کی التجاء کی ہے تو وہ سلطان لوگوں کو حلال وجوہِ منافع بتائے گا، اگر نان بائی سے روٹی لی ہے تو زندگی سے فائدہ حاصل کرے گا۔ اور اس کا غم دور ہوگا ، اگر نان بائی ایسا ہو جو سلطان کی طرف منسوب ہو تو لوگوں کی بے بسی کی وجہ سے وہ نفع رساں آدمی ہے، اور اس کے بعض معاملات میں خباثت ہے کیونکہ نان بائی کا واسطہ وتعلق آگ سے ہوتا ہے، اگر کوئی ایسا آدمی جو نان بائی نہیں ہے خواب میں دیکھے کہ وہ نان بائی ہے روٹیاں پکاتا ہے اور تمام لوگوں کو درہموں کے عوض بیچتا ہے، تو وہ لوگوں سے بدسلوکی کرتا ہے، نان بائی رزق کے بارے میں شور وشغب کرنے والا صاحب ہے، ہر ایسی صنعت جس کا آگ سے تعلق ہو تو وہ لڑائی فساد ہے۔

## ۷۶۱۔ الخباء (خیمہ):

خیمہ خواب میں دیکھنا نفاق یا اعمالِ بد کے چھپنے پر دلیل ہے، نیز دیکھئے الفسطاط (خیمہ)

## ۷۶۲۔ الخبز (روٹی):

اس کی مختلف تعبیرات ہیں، چنانچہ سفید روٹی خوشگوار رزق اور خوشحال زندگی کی دلیل ہے، سیاہ روٹی تنگ حال زندگی کی علامت ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ ہر روٹی چالیس سال پر دلیل ہوتی ہے، بعض کہتے ہیں کہ روٹی مالی معاملہ کی دلیل ہوتی ہے، صاحبِ خواب کی حالت کے مناسب وہ مال ہزار یا سو یا دس ہوگا، کڑوی روٹی تلخ زندگی اور میٹھی روٹی قیمتوں کی گرانی پر دلیل ہے جبکہ وہ شہد یا شکر کی طرح ہو، اور جس نے روٹی نجاست کے ساتھ کھائی تو وہ شہد موم سمیت کھاتا ہے، یا کھائے گا، اور سب سے اچھی روٹی (تعبیر کے اعتبار سے) گول اور پکی ہوئی روٹی ہے، کیوں کہ وہ اسلام کی دلیل ہے، جو دین کا ستون، روح کا قوام اور نفس کی حیات ہے، کبھی یہ روٹی حیات کی اور اس مال کی دلیل ہوتی ہے جس کے ساتھ روح کا قیام ہے، اور کبھی روٹی سوال اور ملامت کی دلیل ہوتی ہے، اور کبھی اس تربیت کرنے والی ماں کی دلیل ہوتی ہے، جس کے ساتھ دین کی صلاح اور عورت کی حفاظت وابستہ ہے، اور صاف اور چھنے ہوئے آٹے کی روٹی صاف خالص زندگی، خالص علم اور سفید خوبرو عورت کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ وہ لوگوں کے یا غرباء ومساکین کے درمیان روٹیاں بانٹتا ہے، اور وہ اگر طالب علم ہے تو وہ اتنا علم حاصل کرے گا جتنے کا وہ محتاج ہے، اگر وہ واعظ وخطیب ہے تو یہ روٹیاں اس کے مواعظ ووصایا ہیں، مگر یہ کہ جن لوگوں نے اس سے صدقہ لیا ہے، وہ اس سے مرتبہ میں اونچے ہوں گے، کیونکہ صدقہ لوگوں کا میل وکچیل ہے، اور جو

Marfat.com

خواب میں کسی مردہ کو دیکھے کہ اس نے اس کو روٹی دی ہے تو یہ مال ورزق ہے جو اسکے پاس دوسرے کے ہاتھ سے آئے گا، جو بادل کے اوپر یا چھت کے اوپر یا کھجور کے درختوں کے اوپر روٹیاں دیکھے تو وہ غلو (حد سے تجاوز) سے کام لیتا ہے، تمام طعاموں کا یہی حکم ہے، اگر دیکھے کہ جیسے وہ قدموں سے زمین گاہتا ہے تو یہ عظیم آسودہ حالی کی دلیل ہے جو تکبر وغرور تک پہنچائی گی، جو میت کو دیکھے کہ اس نے روٹی پکڑی ہے یا وہ روٹی آگ میں یا بیت الخلاء میں یا تاریک جگہ میں گری ہے، اور وہ بے کار شخص ہے تو یہ بدعت کی علامت ہے جس کی طرف وہ دعوت دیتا ہے، اگر اس کی بیوی مریضہ ہوتو وفات پائے گی، اور اگر وہ بیوی دین کے اعتبار سے کمزور ہوتو دین کو خراب کرے گی، جو دیکھے کہ وہ روٹیاں پکاتا ہے تو وہ دائمی منفعت کے حصول کے لئے طلب معاش کی سعی کرتا ہے، اگر اس نے جلدی سے روٹی پکائی ہے تو حکومت حاصل ہوگی اور مال کا مالک ہوگا، اور بعض معبرّین کہتے ہیں کہ ایک روٹی خوشحالی، برکت اور موجودہ رزق ہے، دوسرا اس کی سعی کرے گا، اگر صرف بہت سی روٹیاں دیکھیں ہیں ان کو کھایا نہیں ہے، تو بھائیوں سے ملاقات ہوگی، اگر اس کے پاس جو کی روٹی ہوتو یہ تنگ حال زندگی کی علامت ہے، اگر روٹی خشک ہوتو وہ مشکل سے گزارہ کرے گا، اگر خواب میں اسے روٹی کے ٹکڑے دیئے گئے ہیں اور اس نے ان کو کھایا ہے تو یہ اختتامِ عمر اور اجل کے پورا ہونے کی دلیل ہے، اگر اس نے لقمہ لیا ہے تو وہ حریص آدمی ہے، کنوارے شخص کا روٹی دیکھنا زوجہ کی دلیل ہے، اور سلطان کا صاف ستھری پکی ہوئی روٹی دیکھنا اس کے عدل وانصاف پر دلیل ہے، اور صنعت کار کا روٹی دیکھنا اس کی صنعت کی خوبی کی دلیل ہے، اور مکئی اور چنے کی روٹی تنگ زندگی اور نرخوں کے گراں ہونے کی دلیل ہے، اگر روٹی خواب میں کوڑی پر دیکھے تو نرخوں میں ارزانی ہوگی، اور وسیع اور کشادہ روٹی رزقِ وسیع اور عمرِ طویل ہے، اور روٹی غم کے دور ہونے کی بھی علامت ہے، اور جس کو جو کی روٹی کھانے کی عادت نہ ہو اس کا جو کی روٹی دیکھنا تنگیٔ حال اور گرانیٔ قیمت کی دلیل ہے، اس لئے کہ گراں فروشی کے وقت جو کی روٹی کھائی جاتی ہے، اور گرم روٹی نفاق اور مشتبہ رزق ہے، اس لئے کہ آگ کا کچھ حصہ اس میں موجود ہے، جو شخص خواب میں اپنی پیشانی پر لگی ہوئی روٹی دیکھے تو یہ اس کی حاجت مندی اور ناداری کی علامت ہے، اور خراب اور گھن دار روٹی مال کثیر ہے جو اپنے مالک کو نہ نفع دیتا ہے اور نہ ہی اس کی زکوٰۃ ادا کی جاتی ہے، اور گرم راکھ میں پکائی ہوئی روٹی کھانا تنگ حال زندگی کی دلیل ہے اس لئے کہ مجبور اور بیتاب آدمی ہی اس کو پکاتا ہے، جو دیکھے کہ وہ بلا سالن کے روٹی کھاتا ہے تو وہ تنہا بیمار ہوگا اور تنہا ہی موت کا شکار ہوگا، اور وہ روٹی جو پکی نہ ہو وہ شدید بخار پر دلیل ہے اور سفید آٹے کی روٹی فقراء کے لئے مرض اور امیدوں کے حاصل نہ ہونے کی دلیل ہے، اور ایک قول یہ ہے کہ یہ روٹی اولاد کی دلیل ہے اور چپاتی (پھلکا) کھانا وسعت رزق کی دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ روٹی کا پتلا ہونا عمر کی کمی یا قلیل نفع کی دلیل ہے، اور جو شخص دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں دو چپاتیاں ہیں اور ان دونوں کو کھاتا ہے تو وہ دو بہنوں کو نکاح میں جمع کرے گا، اور روٹی کثیر نفع ہے، اور کیک بسکٹ وغیرہ جسم کی صحت وتندرستی اور گھن دار روٹی ارزانی کی دلیل ہے، اگر اس روٹی کے بازو ہوں تو نرخوں میں گرانی آئے گی، اور روٹی کے ٹکڑے خوشحالی وسعت اور اطمینان بخش کسب ومعاش کی دلیل ہے، اور روٹی زوجہ یا اولاد یا کامل شال یا درہم کی بھی علامت ہے، اور خشک روٹی فقر وفاقہ کی دلیل ہے جیسے چورہ چورہ

Marfat.com

کی ہوئی روٹی کی تعبیر ہے، اور کیک سفر کی دلیل ہے اور جو اس کو نہ کھا سکتا ہو اس کے پاس اس کا آنا شدت، تکلیف وغم کی دلیل ہے، اور چپاتی سفر ہے، اور کبھی چپاتی تنگدست کے کشادہ دست ہونے پر دال ہوتی ہے، اور تازہ بتازہ روٹی عزت اور خشک روٹی شر کی دلیل ہے اور گھن زدہ روٹی فسادِ دین، ارتداد اور حالِ زوجہ کے فساد پر دال ہے اور روٹی کے مختلف ٹکڑے صدقہ کے سبب بہت سے منافع یا ریاکاری کی دلیل ہے، اور روٹی کے بیچ کا حصہ علمِ نافع اور قول وعمل میں اخلاص کی دلیل ہے اور روٹی کا پاپڑ ریاکاری، نفاق اور تعریف میں مبالغہ آمیزی کرنے کی دلیل ہے۔

## ۷۶۳۔ الختان (ختنہ):

خواب میں ختنہ نجاستوں سے طہارت وپاکیزگی اور سرور وخوشی کی دلیل ہے، جو خواب میں دیکھے کہ وہ مختون ہے یا فصد لگائی ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو گناہوں سے پاک کر دیں گے۔ اگر صاحب خواب جوان اور کنواری عورت ہو تو اس کی شادی ہو گی یا اسے حیض آئے گا، ختنہ زوجہ سے رجوع کرنے پر دلیل ہے، کبھی ختنہ بلندیٔ ذکر یا تفریق زوجہ یا اولاد یا دین کی دلیل ہوتا ہے، جو خواب میں خود کو غیر مختون دیکھے تو وہ طلبِ مال کی خاطر اسلام کو ترک کرے گا۔

## ۷۶۴۔ الخَتم (مہر):

اگر مہر سانچہ میں ڈھلی ہوئی ہو یا کسی جن کے ہاتھ میں ہو یا وہ مہر کانوں یا آنکھوں یا منہ یا دلوں پر لگائی گئی ہو تو یہ اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کی دلیل ہے، اگر اپنے ہاتھ میں مہر دیکھے کہ اس کے ساتھ کسی مال یا غلہ پر مہر لگاتا ہے اور وہ ولایت وحکومت کا اہل ہے تو والی ہوگا، فقیر ہے تو مستغنی ہوگا۔

## ۷۶۵۔ الخدّ (رخسار):

دونوں رخسار اس چیز پر دلالت کرتے ہیں جن سے انسان تجمّل اور محبت کرتا ہے، کبھی ان کا دیکھنا اس شخص پر دلیل ہوتا ہے جو ان کو چومتا ہے، خواب میں دونوں رخساروں میں جو حالت پیش آئے وہ حالتِ تقبیل کے فساد پر دلیل ہوگا، کبھی رخسار ذلت ومسکنت کی دلیل ہوتا ہے جبکہ وہ غبار آلود ہو، اور رخسار اربابِ دین کے لئے عنداللہ زیارت ورفعت کی دلیل ہے اس لئے کہ رخسار تہجد گزاروں کی علامات میں سے ہے۔

## ۷۶۶۔ الخداع (دھوکہ):

جو خواب میں دیکھے کہ کوئی اس کو دھوکہ دیتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسکی نصرت وتائید فرمائیں گے، اور دھوکہ باز مقہور ومغلوب ہوگا، اور دھوکہ کھانے والا منصور۔

## ۷۶۷۔ الخدر (اعضاء کی بے حسی):

Marfat.com

جو خواب میں دیکھے کہ اس کا ہاتھ یا جسم کا کوئی حصہ بے حس وحرکت ہے تو جس کی طرف یہ عضو منسوب ہے وہ اس کو اس بات میں رسوا کرے گا جس کی وہ امید رکھتا ہے۔

## ۷۶۸۔ الخدش (خراش):

خواب میں خراش ہونا مالی نقصان کی دلیل ہے، جو کسی کو دیکھے کہ اس کو خراش لگائی ہے اور نوچا ہے تو وہ اس کا مالی نقصان کرے گا، یا اپنے کسی قرابتدار کا، اگر خراش میں کوئی ورم یا پیپ یا خون وغیرہ ہو تو خراش کرنے والا مخدوش (جس کو خراش کی گئی ہے) کے بارے میں کوئی بات کہے گا اور مخدوش کو (خراش زدہ) بعدازاں مال حاصل ہوگی بشرطیکہ ورم یا پیپ وغیرہ بھی اس میں ہو، جو خواب میں اپنی پیشانی کو خراش زدہ اور نوچی ہوئی دیکھے تو وہ جلد وفات پائے گا، خراش ان برے وصف کی دلیل ہے جس کے ساتھ انسان متصف ہوتا ہے جیسے بخل فسق اور کفر وغیرہ، اور خراش گفتگو میں طعن وتشنیع پر بھی دلیل ہے۔

## ۷۶۹۔ خدمة الفقراء والصّالحين (فقراء وصالحین کی خدمت وتواضع):

اگر کوئی شخص خود کو خواب میں دیکھے وہ فقراء وصالحین کی خدمت بجالاتا ہے، ان کے ساتھ تواضع سے پیش آتا ہے، اور ان کے سامنے حکم کی بجا آوری میں کھڑا ہوتا ہے، تو یہ عنداللہ حظِ وافر (عظیم حصہ) ''حسنِ خاتمہ اور صالحین کی رفافت یابی کی دلیل ہے، یا پھر اس کا مرتبہ بلند ہوگا۔

## ۷۷۰۔ الخراب (ویرانی):

خواب میں ویرانی اور تباہی اہل کی متفرق پریشانیوں اور ان کی موت کی دلیل ہے، اور شہر کی ویرانی اس کے بادشاہ کی موت یا ظلم کی دلیل ہے، جیسے بادشاہ کی موت شہر کی ویرانی کی دلیل ہوتی ہے، جو خود کو ویران جگہ میں دیکھے وہ ایسی قوم سے دو چار ہوگا جن پر اس کو طاقت حاصل نہیں ہوگی، جو خواب میں دیکھے کہ کوئی شہر زلزلہ وغیرہ سے ویران وبرباد ہوا ہے تو کسی کے خلاف قتل کا فیصلہ ہوگا، جو خواب میں آباد بستی کو ویران دیکھے ان کے کھیت بےکار ومعطل پڑے ہیں تو کوئی گمراہی یا مصیبت اس بستی کے اہلیان کو پہنچے گی، اور اگر اس کو آباد وشاد دیکھے تو یہ بستی والوں کے دیندار ہونے کی دلیل ہے، جو شخص دیکھے کہ دنیا ویران ہوگئی ہے اس کے کھیت ومکانات اجڑ گئے ہیں، اور خود کو ویرانی میں دیکھے مگر اس کی سواری اور لباس اچھی ہئیت کا ہے تو یہ دنیا ہے جو اس کو ضلالت سے حاصل ہوگی، جو گھر کی دیواروں کو سیلاب سے تباہ ویران دیکھے تو یہ اس کی بیوی کی وفات پر دلیل ہے، جو دیکھے اس کا گھر اس پر آگرا ہے اور وہاں گرد وغبار بھی ہے تو یہ مرض خسرہ ہے، کبھی چھت کے گرنے کی تعبیر مصیبت ہوتی ہے، جو خواب میں ویران جگہ کو دیکھے کہ وہ دوبارہ درست وآباد ہوگئی ہے تو یہ اس کے صاحب کے دینی صلاح اور ضلالت سے ہدایت کی طرف رجوع کرنے کی دلیل ہے، جو اپنے گھر یا محل یا کمرہ کی کوئی چیز اندر کی

Marfat.com

جانب گرتے دیکھے تو اگر کوئی اس کا غائب ہے تو آجائے گا، اگر خواب میں ہوانے گھر کو منہدم کیا ہے تو یہ خواب اس جگہ پر ظالم وجابر بادشاہ کے ہاتھوں کسی کی موت کی دلیل ہے، اور جو شخص دیکھے کہ وہ کوئی گھر یا پرانی عمارت گراتا ہے تو وہ شروفساد اور پریشانی میں مبتلا ہوگا، جو دیکھے کہ اس کا گھر اس پر منہدم ہوکر گرا ہے یا اس کا کچھ حصہ منہدم ہوا ہے تو کوئی انسان اس گھر میں مرے گا یا اس کا صاحب کسی مصیبت یا برے حادثہ سے دوچار ہوگا، اگر عورت دیکھے کہ اس کے گھر کی چھت گرگئی ہے تو یہ اس کے خاوند کی موت کی دلیل ہے، جو شخص دیکھے کہ اس کے گھر کا ستون ٹوٹ گیا ہے یا گرگیا ہے تو وہ خود یا گھر کا کوئی فرد جو اس کے لئے مشکل کا باعث ہے وفات پائے گا، بہرحال کوئی چیز ہو گھر ہو یا دیوار اس کا ٹوٹنا یا گرنا تعبیر کے لحاظ سے مصیبت پر دال ہوتا ہے، اگر سلطان دیکھے کہ اس کا گھر منہدم ہوگیا ہے تو یہ بہرحال اس کی معزولی کی علامت ہے۔

## ۱۷۷۔ الخرّاط (خراد کا کام کرنے والا):

اس کا خواب میں دیکھنا شروفساد، راحت، اسفار یا شادی ہونے یا کثرتِ نسل کی دلیل ہے، اور خرادیا ایسا آدمی ہے جو منافق لوگوں سے معاملہ کرتا ہے اور ان کے اموال چراتا ہے۔

## ۲۷۷۔ الخُرج (توشہ دان):

خواب میں توشہ دان دیکھنا دو بھائی یا دو زوج یا والدین یا دو شریک پر دلیل ہے، کبھی توشہ دان سفر کی دلیل ہوتا ہے، جو دیکھے کہ اس کے پاس توشہ دان ہے یا اس نے خریدا ہے یا بطور ھبہ اس کو دیا گیا ہے تو یہ غموں اور فکروں سے نجات وخلاصی کی دلیل ہے۔

## ۳۷۷۔ الخَردل (رائی):

خواب میں رائی زہر ہے، جو شخص دیکھے کہ وہ رائی کے دانے کھاتا ہے تو اسے کوئی تلخ چیز پلائی جائے گی یا ردی خراب لقمہ لے گا، بعض کہتے ہیں کہ بامشقت طور پر عمدہ مال حاصل ہوگا۔

## ۴۷۷۔ الخرز (گھونگھے):

خواب میں گھونگھے مال یا خدمت ہے، جو دیکھے اس کو گھونگھے ملے ہیں تو اس کو خدمت یا اپنے کسی شغل سے مال حاصل ہوگا، جو خواب میں اپنی انگوٹھی کا نگینہ گھونگھے کا دیکھے جو یاقوت سے مشابہ ہے تو وہ بلند رتبہ کا دعویدار ہے حالانکہ وہ بلند رتبہ نہیں ہے، جو خواب میں گھونگھے کے نگینہ والی انگوٹھی پہنے تو ایسی شے کا مالک ہوگا جس پر فقر کا اندیشہ رکھے گا، اور گھونگھے رذیل وکمینہ دوست ہے۔

## ۵۷۷۔ الخرزی (گھونگھے بنانے والا):

Marfat.com

خواب میں اس کا دیکھنا دراصل وہ آدمی ہے جو عورتوں کے امور کا ذمہ دار اور مہتمم ہے، اس لئے کہ وہ گھونگھے بناتا ہے، اور گھونگھے کی تعبیر عورت ہے۔

## ۷۷۶۔ الخَرَس (گونگا پن):

خواب میں گونگا ہونا فسادِ دین اور بہتان تراشی ہے، جو خواب میں دیکھے کہ وہ گونگا ہے تو وہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو برا بھلا کہتا ہے، یا معزز لوگوں کی غیبت کرتا ہے، یا وہ فاسق شخص ہے، اور گونگا جاہل کی بھی دلیل ہے، اور گونگا حکومت سے برطرفی کی دلیل ہے، اور گونگا ہونا عورت کے لئے بہتر ہے، جو دیکھے کہ اس کی زبان بند ہوگئی ہے تو اسے فصاحت وفقاہت ورزق اور دشمن پر غلبہ حاصل ہوگا۔

## ۷۷۷۔ الخرستان (زچہ کا کھانا):

خواب میں زچہ کا کھانا پاک عورت کی دلیل ہے۔

## ۷۷۸۔ الخرص (اندازہ لگانا):

خواب میں اندازہ لگانا برا یا اچھا کلام ہے یا خوش کن یا تکلیف دہ بات کی دلیل ہے۔

## ۷۷۹۔ الخرنوب (کیرب کا درخت):

کیرب کا درخت خواب میں دیکھنا مریض کی موت یا اس کے جسم کے خراب ہونے کی دلیل ہے، خواہ اس کو کھایا ہو یا نہ کھایا ہو، اور کیرب کا درخت ویرانی اور تباہی کی دلیل ہے، یا اس کی تعبیر سیاہ فام لونڈیاں ہے۔

## ۷۸۰۔ الخروف (دنبہ):

خواب میں دنبہ اپنے والدین کے فرمانبردار لڑکے کی دلیل ہے، خواب میں جس کو دنبہ مینڈھا بطور ھبہ دیا گیا ہو اور اس کی بیوی حاملہ ہے تو یہ خواب فرمانبردار فرزند کی بشارت ہے، جو دیکھے کہ اس نے دنبہ ذبح کیا ہے تو اس کا لڑکا مرے گا یا گھر کے کسی فرد کا لڑکا وفات پائے گا۔

## ۷۸۱۔ الخزّ (ریشمی کپڑا):

خواب میں ریشمی کپڑے مال کثیر ہے، جو خواب میں اپنے جسم پر ریشمی کپڑے دیکھے تو وہ حج کرے گا، اگر کپڑا سرخ ہو تو یہ دنیا ہے جو اسکے لئے ثابت ہوگی، اور زرد کپڑا دنیا مع حرص ہے۔

Marfat.com

## ۷۸۲۔ الخزانة (الماری):

خواب میں الماری آدمی کی بیوی ہے، جو دیکھے کہ اس کی الماری ٹوٹ گئی ہے تو اس کی بیوی وفات پائے گی، اور الماری باندی کی دلیل ہے، الماری رازوں کی حفاظت اور امور کی پوشیدگی اور پاکدامن زوجات کی دلیل ہے، بعض کہتے ہیں کہ لیل ونہار دو خزانے ہیں جوان میں کوئی چیز رکھے اس کو پالے گا۔

## ۷۸۳۔ الخزم (چھلا):

خواب میں ناک میں ڈالے جانے والا چھلا ظلم وغفلت کی دلیل ہے، کبھی اس کی تعبیر نفع کا تعطل ہوتی ہے، اگر اونٹ وغیرہ کی ناک میں چھلا ڈالا ہے تو یہ رزق یا غلبہ بر دشمنان کی دلیل ہے۔

## ۷۸۴۔ الخسارہ (خسارہ ہونا):

اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اسے کسی کام میں خسارہ ہوا ہے جبکہ دوسرے کو اس میں نفع ہوتا ہے تو یہ فسادِ اعتقاد یا بعد از ہدایت کفر کی دلیل ہے۔

## ۷۸۵۔ الخسف (زمین میں دھنسنا):

خواب میں زمین میں دھنسنا سلطان کی طرف سے دھمکی کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ وہ زمین میں دھنس گیا ہے تو اس کو عذاب پہنچے گا، زمین کی کسی جانب میں دھنسنا شدید مرض کی دلیل ہے جو وہاں لوگوں کو پہنچے گا، یا وہ لوگ شدید ٹھنڈک یا قحط یا خوف وغیرہ میں مبتلا ہوں گے، جو دیکھے کہ وہ زمین میں دھنس گیا ہے اور وہ شریر ہے تو یہ سزا ہے جو اس پر اتر رہی ہے یا سفرِ بعید کی دلیل ہے۔

## ۷۸۶۔ الخسوف (چاند گہن): دیکھئے الکسوف (سورج گہن)

## ۷۸۷۔ الخشّاب (لکڑی فروش):

خواب میں اس کا دیکھنا منافقوں کے سردار کی دلیل ہے، نیز اس کا دیکھنا آبادی یا نفاق کی علامت ہے۔

## ۷۸۸۔ الخشب (لکڑی):

خواب میں لکڑی نفاق ہے، بعض کہتے ہیں کہ لکڑی ایسے آدمی کی دلیل ہے جس کے دین میں نفاق ملا ہوا ہے اور اس کا ظاہر اس کے باطن سے بہتر ہے، اور تر لکڑی کی تعبیر بچوں سے کی جاتی ہے، وہ شخص جو کشتی میں ہو اس کا لکڑی دیکھنا کشتی پر دال ہے۔

Marfat.com

## ۷۸۹۔ الخشخاش (پوست کا پودہ):

خواب میں اس کا دیکھنا خوشگوار مال ہے، جو دیکھے کہ اس نے اس کو کھایا ہے تو اسے خوشگوار مال حاصل ہوگا۔ اور پوست کا دیکھنا پھیلے ہوئے نشانات ہیں۔

## ۷۹۰۔ الخشن (کھردراپن):

اگر کوئی شخص خواب میں کھردرا (سخت) لباس یا سخت کلام یا کھردرا ماکول (کھانا) دیکھے اور صاحب خواب آسودہ حال اور مالدار لوگوں میں سے ہے تو یہ خواب زوالِ منصب، تغیر احوال اور قلتِ رزق کی دلیل ہے، مگر یہ کہ وہ اس کو اپنی عمدہ چیزوں پر فضیلت دیتے ہوں تو پھر یہ خواب ان کی تواضع اور قناعت کی دلیل ہوگا، اگر اس کو فضیلت نہیں دیتے ہیں تو پھر یہ خواب اللہ تعالیٰ کی ناراضگی پر دلیل ہے، اور سخت کلامی دو آپس میں محبت کرنے والوں کے درمیان نفرت ہونے کی دلیل ہے۔

## ۷۹۱۔ الخصام (جھگڑا):

خواب میں آپس میں لڑنے جھگڑنے کی تعبیر صلح وصفائی اور آپس میں صلح وصفائی رکھنے کی تعبیر غم وپریشانی اور فتنہ وفساد ہے، جو دیکھے کہ وہ بادشاہ سے جھگڑتا ہے تو اس کو خوشی اور قوت حاصل ہوگی، کبھی باہم جھگڑنا آیاتِ الٰہیہ میں بحث ومباحثہ کرنے پر دلیل ہوتا ہے، اور کبھی ذمیوں کے ظلم کی دلیل ہوتا ہے۔

## ۷۹۲۔ الخصم (دشمن): دیکھئے العدوّ (دشمن)

## ۷۹۳۔ الخصومة (جھگڑا): دیکھئے الخصام (جھگڑا)

## ۷۹۴۔ الخصیّ (خصی ہونا):

جو خواب میں خود کو خصی (آختہ شدہ) دیکھے اور وہ ارادہ رکھتا ہے کہ کسی کے پاس اپنا کوئی راز یا مال رکھوائے تو وہ ایسا نہیں کر سکے گا، جو خود کو خصی دیکھے تو اس نے کوئی شہادت (گواہی) چھپائی ہے، جو دیکھے کہ وہ خصی کی حالت میں بدل گیا ہے یا اپنے کو خصی کیا ہے تو وہ اپنے مدمقابل کے سامنے ذلت ورسوائی اٹھائے گا، اگر مجہول (نامعلوم) خصی دیکھے جس میں صالحین جیسی کوئی علامت اور حکماء جیسی کوئی بات موجود ہے تو فرشتوں میں کوئی فرشتہ ہے جو ڈرانے یا خوشخبری سنانے آیا ہے، اگر معلوم خصی ہو (جو اس نے خواب میں دیکھا ہے) تو وہ خود اس کی ذات ہے، جو دیکھے کہ وہ خصی بن گیا ہے تو اس کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہدایت ملے گی، جو خواب میں خود کو خصی دیکھے تو اسے عبادت کا مقام ودرجہ اور شرمگاہ کی عفت حاصل ہوگی، اور سفید رنگ کا خصی رحمت کا فرشتہ ہے، اور سیاہ خصی اور حبشی عذاب کا فرشتہ ہے، پہلا بشارت اور دوسرا فکر وغم ہے۔

Marfat.com

اور خصی کا دیکھنا زوالِ نعمت یا عدمِ تکلف اور بد باطنی کی دلیل ہے اور خصی کا دیکھنا فرشتوں کی دلیل ہے، اس لئے کہ خصی کی شہوت کی خواہش ختم کردی جاتی ہے۔

## ۷۹۵۔ الخصیتان (خصیتین): دیکھئے الأنثیان (خصیتین)

## ۷۹۶۔ الخضاب (خضاب کرنا):

خواب میں رنگنا پردہ پوشی اور چھپانا ہے، داڑھی کو رنگنا ریاکاری اور اعمال کے ذریعہ دھوکہ فریب دینا ظاہر کرتا ہے، اور اس شخص کا خضاب کرنا جس کو وہ مناسب ہے نعمتوں کے اظہار، دشمنوں کی تذلیل کی دلیل ہے، نیز خوف سے پرامن ہونے کی دلیل ہے، اور جس کو خضاب لائق ومناسب نہیں ہے اس کا خضاب کرنا اندوہ وغم، قرض اور ترکِ احباب کی دلیل ہے، اور عورت کے سر کے خضاب کا حکم (تعبیر) داڑھی کے خضاب کے حکم کی طرح ہے، اور سفید بالوں کا خضاب (رنگنا) کرنا قوت وجاہ کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ اس نے مہندی سے ان بالوں کو رنگا ہے تو یہ سنّت ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے، اگر سر کا خضاب کیا نہ کہ داڑھی کا تو وہ اپنے رئیس کا مال چھپائے گا، اگر دونوں کو رنگا ہے تو وہ اپنا فقر واحتیاج پوشیدہ رکھتا ہے اور جاہ ومنصب کا طالب ہے، اگر بالوں نے خضاب کو قبول کیا ہے (یعنی رنگ نے اثر دکھایا ہے) وہ قناعت سے آراستہ ہوگا پھر منکشف ہوگا، اگر دیکھے کہ مہندی کا خضاب کیا ہے اور خضاب نے رنگ پکڑا ہے تو وہ جاہل غافل آدمی ہے، لیکن وہ توبہ کرے گا، اور گمراہی کو چھوڑے گا، اگر کوئی آدمی دیکھے کہ اس کی انگلیاں مہندی سے رنگین ہیں تو وہ کثرت سے تسبیح کرتا ہے، اگر اپنی ہتھیلی کو رنگی ہوئی دیکھے تو اسے معیشتی خوشگواری حاصل ہوگی، اگر خواب میں اپنے دائیں ہاتھ کو رنگین دیکھے تو وہ کسی آدمی کو قتل کرے گا، اگر اپنے دونوں ہاتھوں کو رنگین دیکھے تو وہ خیر یا شر یا حرفت وصنعت یا اپنے مال وکسب کو ظاہر کرے گا، اگر اپنے دونوں ہاتھوں کو مہندی سے منقش دیکھے تو وہ کسی ضرورت یا قلت معاش کی وجہ سے گھر کا کوئی حیلہ وتدبیر کرے گا، اور اس پر اس کا دشمن خوشی کا اظہار کرے گا، یا ممکن ہے کہ اس کے ہاتھ کی کمائی وکسب مشہور ہو اور اس کو ذلت حاصل ہو، اگر عورت اپنے ہاتھ کو منقش دیکھے تو وہ جائز امر میں اپنی زینت کی تدبیر اختیار کرے گی، اگر نقش سونے کے ہوں تو یہ ادب سے حاصل شدہ تدبیر ہے، اگر مٹی کے نقش ہیں تو یہ اللہ تعالیٰ کی تسبیح ہے، اگر عورت اپنے ہاتھ مہندی سے رنگین دیکھے تو اس کا شوہر اس سے حسن سلوک کرتا ہے، اگر عورت دیکھے کہ اس نے ہاتھوں کو رنگا مگر رنگ نہیں چڑھا تو اس کا شوہر اس کی محبت کا اظہار نہیں کرتا ہے، اگر عورت دیکھے کہ اس کے ہاتھ منقش ہیں بعض بعض سے مختلط ہے تو اسے اپنی اولاد سے تکلیف پہنچے گی، اگر آدمی کا ہاتھ سونے سے منقش ہو تو وہ کوئی حیلہ وتدبیر استعمال کرے گا، اور اس میں اس کا مال ختم ہوگا یا اس کی معیشت جاتی رہے گی، اگر عورت اپنا ہاتھ سونے سے رنگین دیکھے تو وہ اپنا مال اپنے شوہر کو دے گی حتی کہ وہ اس کو کھالے گا، اور اس کو اس کے خاوند سے فرحت وقوت اور حکومت حاصل ہوگی، جو اپنے دونوں پاؤں کو رنگین دیکھے اور ان کو منقش کیا ہے تو

Marfat.com

وہ اپنے اہل کے ساتھ واقع ہوگا، اگر عورت یہ خواب دیکھے تو وہ اپنے شوہر کے ساتھ واقع ہوگی، رنگا ہوا ہاتھ خراب معیشت ہے، اور خواب میں جس نے اپنا ہاتھ بدبودار لاش میں رنگا ہو تو وہ فتنہ برپا کرے گا، جو خواب میں اپنے دونوں ہاتھ رنگ زدہ دیکھے تو اس کے ہاتھ میں جو کچھ ہے وہ ہلاکت کے قریب پہنچ چکا ہے، جو اپنے ہاتھ میں خضاب دیکھے اور اس پر کپڑے کے ٹکڑے باندھے ہوئے ہیں تو وہ لڑائی میں مغلوب ہوگا اور دشمن سے عاجز آئے گا، اور خضاب مرد و عورت کے لئے زینت وفرحت ہے جب تک کہ معمول سے متجاوز نہ ہو، اور خضاب اعمال اور طاعات کے مخفی رکھنے اور لوگوں کی نظر سے فقر وافلاس پر پردہ ڈالنے کی دلیل ہے، اور کبھی تصنع (بناوٹ) اور ریا کاری کی دلیل ہوتا ہے جبکہ مسلمانوں کے طریقہ کےخلاف خضاب کیا ہو، اور ہاتھوں اور پاؤں کو رنگنا اپنے گھر، غلام واموال کو نامناسب امر سے مزین کرنے کی دلیل ہے جیسے ریشم پہننا، اور لڑکوں کے لئے سونا استعمال کرنا، لیکن عورتوں کے لئے یہ سرور وخوشی، خوش لباسی کی دلیل ہے اس لئے کہ یہ خوشی کے مواقع میں ان کا سامانِ زینت ہے، کبھی ہاتھوں میں خضاب کا لگا ہونا سفر یا سیر کی دلیل ہوتا ہے، اگر ہاتھوں اور پاؤں میں خضاب اپنی جگہ سے متجاوز ہوگیا جیسے عورتیں کرتی ہیں تو بقدر تجاوز نال یا رفیق کی طرف سے شدید خوف سے دو چار ہوگا، جو دیکھے کہ وہ مہندی کے علاوہ کا خضاب کرتا ہے تو اسے کوئی ناگوار امر پیش آئے گا، اور بالوں کا سیاہ رنگ سے خضاب بدحالی اور بداعمالی کی دلیل ہے، اس لئے کہ کہا جاتا ہے کہ پہلا وہ شخص جس نے سیاہ خضاب لگایا وہ فرعون تھا۔

## ۷۹۷۔ حضرت خضر علیہ السلام:

خواب میں حضرت خضر علیہ السلام کی زیارت قیمت کی گرانی کے بعد ارزانی کی دلیل ہے، نیز خوشحالی، کثرت نعمت اور شدت ومصیبت سے محفوظ ہونے کی علامت ہے، جو شخص ان کی زیارت کرے اس کی عمر طویل ہوگی۔ اور وہ حج بیت اللہ کرے گا۔

## ۸۰۰۔ حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ:

جو حضرت عمرؓ کی زیارت کرے تو اس کی عمر طویل ہوگی، نیک اعمال کرے گا اور حق گو ہوگا، جو حضرت عمرؓ کی زیارت کرے اور ان سے مصافحہ کرے تو اسے وسیع دنیا، فراست وصیانت حاصل ہوگی، جو ان کو ترش رو اور غصہ کی حالت میں دیکھے تو وہ طالب جزاء، امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرتا ہے، اور جو شخص ان کو قحط زدہ شہر وعلاقہ میں دیکھے تو وہاں کثرت سے بارش ہوگی، اگر اس علاقہ میں جور وظلم ہوگا تو عدل وانصاف پھیلے گا، اور جو شخص یہ دیکھے کہ حضرت عمرؓ نے اس کو درہ سے مارا ہے یا کوئی سزا دینے کی دھمکی دی ہے تو اس کو چاہئے کہ جس گناہ میں مشغول ہے اس سے باز آجائے، جو دیکھے کہ وہ حضرت عمرؓ کی صورت میں متصور ہوگیا ہے تو ممکن ہے کہ وہ شہادت کی موت حاصل کرے، اگر ان کو کسی لشکر میں دیکھا تو اسے ورع وپرہیز گاری اور خشیت الٰہیہ کی دولت حاصل ہوگی، اور وہ امانتدار ہوگا، اور جو ان کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ دیکھے تو وہ خیر

Marfat.com

عظیم حاصل کرے گا، حضرت عمرؓ کا دیکھنا اس بات کی نشاندہی ہے کہ اس کے زمانہ میں حق قائم ہے اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر (یعنی نیکی کا حکم اور برائی سے منع کرنا) کا سلسلہ شائع ہے، اور کبھی ان کی زیارت عداوت کے بعد صلح ودوستی اور بغض کے بعد محبت والفت کی دلیل ہوتی ہے، نیز دنیا کے حصول پر قدرت وطاقت رکھنے کے باوجود دنیا سے بے رغبتی اور لا تعلقی کی دلیل ہے، اگر صاحب خواب بادشاہ ہے تو وہ جیسے مناسب سمجھے گا علاقے فتح کرے گا اور وہاں دین کو قائم کرے گا۔

## ۸۰۱۔ الخطاف (ابابیل):

خواب میں ابابیل مال اور مبارک آدمی یا مبارک عورت یا قاری لڑکا ہے، جو شخص خواب میں ابابیل پکڑے تو وہ حرام مال حاصل کریگا، جو یہ دیکھے اس کا گھر ابابیلوں سے بھرا ہوا ہے تو یہ مال کے حلال ہونے کی دلیل ہے، بعض کہتے ہیں ابابیل پرندہ مومن، مؤدب، متقی اور پرہیز گار آدمی ہے، جو خواب میں دیکھے کہ اس نے ابابیل پکڑی ہے تو وہ کسی عورت پر ظلم کرے گا، اور جو یہ دیکھے کہ وہ ابابیل کا گوشت کھا رہا ہے تو وہ کسی لڑائی جھگڑے میں پڑے گا، اور جو یہ دیکھے کہ کچھ ابابیلیں اس کے گھر سے باہر نکلیں ہیں تو اس کے عزیز واقارب اس سے جدا ہوں گے، ابابیل اور شارک مغنّی لوگوں کی دلیل ہے، اور خواب میں ابابیل پرندہ موت اور بہت زیادہ غم کی دلیل ہے نیز ابابیل اعمال، حرکات اور استغناء میں خیر کی دلیل ہے، اور ابابیل کو خاص شکل میں دیکھنا شادی کے معاملے میں خیر کی دلیل ہے، اس لئے کہ خواب اس بات کی دلیل ہے کہ صاحب خواب ایسی عورت سے شادی کرے گا جو گھر کا نظام سلیقے اور تدبیر سے چلاتی ہے، اور جو شخص دیکھے کہ وہ ابابیل بن گیا ہے تو چور اس کے پاس آئیں گے، اور ابابیل امن وراحت کی دلیل ہے، اور جو یہ دیکھے کہ اسے ابابیل ملی ہے تو وہ وحشت سے مامون ہوگا، اُسے راحت حاصل ہوگی، اور ابابیل کا مرنا عملِ خیر پر متنبہ کرنا ہے۔

## ۸۰۲۔ خطأ اللسان (زبان کی لغزش): دیکھئے زلات اللسان (زبان کی لغزش)

## ۸۰۳۔ الخطّي (نیزہ): دیکھئے الرمح (نیزہ)

## ۸۰۴۔ الخطیب (خطیب):

خواب میں خطیب کا دیکھنا طہارت وپاکیزگی، خشوع وخضوع، گناہوں سے توبہ، آہ وبکاء، بلند مرتبہ، درازی عمر، اور مسلمانوں کے حکمرانوں کے ساتھ حسن سلوک کی دلیل ہے، اور خطیب امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی دلیل ہے، نیز فرح وسرور اور موسم حج میں اجتماع کی دلیل ہے، اگر کنواری عورت خطیب کو دیکھے تو اس کی شادی ہوگی، اور اگر کنوار آدمی اس کو خواب میں دیکھے تو یہ اپنے لئے پیغام نکاح کی سعی وکوشش کرنے کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ وہ خطیب بنا ہے اور وہ عہدہ ومنصب کا اہل ہے تو اپنے مناسب منصب کا متولی ہوگا، اگر خواب میں خطابت کی شرائط پر قائم رہا ہے تو وہ اپنے منصب میں ذلیل ہوگا، اگر سیاہ کے بدلہ سفید لباس پہنا تو اس کا مرتبہ بلند ہوگا، اور رزق میں زیادتی ہوگی، اور اگر سیاہ پہنا

Marfat.com

ہے اور خطبہ نہیں دیا یا وہ خواب میں بیٹھا ہوا ہو تو وہ اپنے ہمعمروں پر غالب وحاکم ہوگا، یا اس پر ایسی آفت کا نزول ہوگا جو اس کے رسوائی کا ذریعہ بنے گی، جو دیکھے کہ وہ ایام حج میں خطبہ دیتا ہے اور جبکہ وہ خطبہ کا اہل نہیں ہے اور نہ ہی اسکے گھر کا کوئی فرد، تو وہ لوگوں میں اپنے ہمنام یا ہم مثل کی طرف رجوع کرے گا، یا کوئی بلا ومصیبت پہنچے گی، یا اس کا ذکر خیر منتشر ہوگا، جو دیکھے کہ اس نے خطبہ اور نماز اچھے طریقہ سے ادا کی ہے اور لوگوں کی نماز کو پورا کیا ہے اور لوگ اس کا خطبہ توجہ سے سنتے ہیں تو وہ والی وحاکم بنے گا لوگ اس کی اطاعت کریں گے، اور اگر اسے پورا نہیں کیا ہے تو اس کی حکومت ناتمام ہوگی اور معزول ہوگا، جو غیر مسلم کو خطبہ دیتے دیکھے تو یا وہ مسلمان ہوجائے گا یا جلدی وفات پائے گا، اگر عورت دیکھے کہ وہ خطبہ دیتی ہے اور وعظ ونصیحت کرتی ہے تو وہ قوت حاصل کرے گی اور اگر اس عورت کے خطبہ میں کلام حکمت ودانائی کے خلاف ہو تو وہ رسوا ہوگی اور وہ عورتوں کے ناپسندیدہ فعل میں شہرت پائی گی، اگر حاکم خواب میں دیکھے کہ اس کے خطبہ کا سلسلہ درمیان میں ہی منقطع ہوا ہے اور خطبہ کو تمام نہیں کیا ہے تو اس کی حکومت ختم ہوگی، اگر عورت دیکھے کہ وہ خطبہ دیتی ہے تو اس کی شادی کسی نیک صالح انسان سے ہوگی، اگر عورت نے خواب میں جمعہ کے دن اس طرح خطبہ دیا جیسے خطیب خطبہ دیتا ہے تو اس کا خاوند اس کو طلاق دے گا اور وہ عورت ولد زنا لائے گی۔

## ۸۰۵۔ الخطیئة (گناہ): دیکھئے الذنب (گناہ)

## ۸۰۶۔ الخف (موزہ):

خواب میں موزہ دیکھنا مال، خادم اور مصائب سے حفاظت کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ اس نے دو موزے پہنے ہیں تو وہ بحری سفر کرے گا، اور تنگ موزہ کا پہننا غم فکر، تنگی اور مطالبہ قرض کی دلیل ہے، اور کبھی تنگ موزہ پاؤں میں پڑی بیڑی کی دلیل ہوتا ہے، اگر دیکھے کہ اس نے تنگ موزہ پاؤں سے اتارا ہے تو اس کا غم فکر اور تنگی دور ہوگی، اور خواب میں چوغے سمیت موزہ پہننا جاہ ومنصب کی زیادتی اور وسعتِ رزق کی دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ سردیوں کی آمد پر موزہ دیکھنا خیر کی دلیل ہے اور سردیوں کے جانے اور گرمیوں میں موزہ دیکھنا غم وفکر کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ اس کا موزہ کنوئیں میں گرگیا ہے یا جل گیا ہے تو اس کی بیوی وفات پائے گی، اور نیا موزہ اگر تنگ ہو تو یہ مطالبہء قرض کی علامت ہے اور اگر کشادہ ہو تو یہ فکر وغم ہے، اور موزہ عجمی کا خاموش مال یا سفر کی علامت ہے، اگر صرف موزہ دیکھا ہے اس کو پہنا نہیں ہے تو وہ عجمی اقوام سے مال ودولت حاصل کرے گا، اور جو خواب میں وسیع موزہ پہنے تو وہ سفر بعید یا قریب کرے گا یا وہ کنواری سے شادی کرے گا، اگر موزہ پھٹا ہوا ہو تو یہ عورت کے ثیبہ (بے کنواری اور شوہر دیدہ) ہونے کی دلیل ہے، اگر موزہ کنوئیں میں گرگیا ہو یا ضائع اور گم ہوگیا ہو تو وہ اس کو طلاق دے گا، اگر موزہ فروخت کیا ہے تو وہ وفات پائے گی، اگر اس کے دونوں موزے چوری ہوئے ہوں تو وہ دو مصیبتوں میں مبتلا ہوگا، اگر اس کے موزہ پر بھیڑیے یا لومڑی نے جھپ لگائی ہے

Marfat.com

تو یہ دو فاسق ہیں جو اس کی بیوی کے پیچھے پڑے ہیں، اگر نعل دار (جوتے کی شکل کا) موزہ پہنا ہے تو اسے اپنی بیوی کی جانب سے فائدہ حاصل ہوگا، اگر ایسا موزہ پہنا ہے جس کے نیچے کپڑے کا ٹکڑا لگا ہے تو وہ ایسی عورت سے شادی کرے گا جس کے پاس اولاد ہوگی، اور جس کا پرانا موزہ گم ہوا ہو تو اس کی قرض کی پریشانی دور ہوگی، اور موزہ کی تعبیر مویشیوں سے بھی کی جاتی ہے لہٰذا موزہ میں جو بھی نئی بات پیدا ہوئی ہو تو وہ مویشیوں میں پیدا ہوگی، جس کا ایک موزہ گم ہوا ہو تو اس کا نصف مال جاتا رہے گا، اگر دونوں موزے جاتے رہے ہوں تو کل مال جاتا رہے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ پرانا موزہ قرض وقید ہے، اور موزہ زوجہ کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ اس کو موزہ ملا ہے تو یہ آخرت سے غافل ہوکر دنیا کی اور فرائض سے لاپرواہ ہوکر نوافل کی مشغولیت پر دال ہے، نیز کثرت عیش سے یکسر ہوکر قلت عیش میں مشغول ہونے کی علامت ہے، اور اونٹ کا خف (پاؤں) مال کی تھیلی یا سمندر یا مختلف امور کی خوب اور اچھی تیاری کرنے کی دلیل ہے۔

## ۸۰۷۔ الخفارة (پہرہ داری): دیکھئے الحراسة (پہرہ داری)

## ۸۰۸۔ الخفّاش (چمگادڑ):

خواب میں چمگادڑ دیکھنا پرہیز گار آدمی کی دلیل ہے اور چمگادڑ بیکاری یا خوف کی دوری کی دلیل ہے، حاملہ عورت کے لئے اس کا دیکھنا خیر کی دلیل ہے اس لئے کہ چمگادڑ بچے دیتی ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ خواب میں چمگادڑ جادوگر عورت یا ظالم محروم آدمی کی دلیل ہے۔

## ۸۰۹۔ الخفّاف (موزہ ساز): دیکھئے الحذّاء (جوتا ساز)

## ۸۱۰۔ الخفیر (پہرہ دار):

اس کا خواب میں دیکھنا شیطان اور اس کے لشکر سے امن وسلامتی، نماز اور پوشیدہ طور پر صدقہ دینے کی دلیل ہے، کبھی اس کا دیکھنا کتے کی بھی علامت ہوتا ہے، اسلئے کہ کتا بھی افراد خانہ کی آنے والوں سے حفاظت اور پہرہ داری کا کام کرتا ہے۔

## ۸۱۱۔ الخلّ (سرکہ):

خواب میں سرکہ بابرکت مال، طویل حیات اور قلتِ خواہشات کی دلیل ہے، اور جو شخص خواب میں روٹی کے ساتھ اس کو کھائے تو یہ اس کے لئے خوشی ومسرت کی دلیل ہے، اور سرکہ کی تلچھٹ قلیل النفع اور کمزور وبے قدر مال ہے، سرکہ اور اس کی تشتری خراب باندی ہے، اگر کوئی شخص دیکھے کہ وہ سرکہ پیتا ہے تو یہ اس کے اہل خانہ کی عداوت کی دلیل ہے، جو اس سے نفرت کا سلوک کرتا ہے، اور قیدی کا سرکہ پینا رہائی کی دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ سرکہ میں سے جو اصل ہو وہ رزق

Marfat.com

وبرکت کی دلیل ہے اور جو چیز سرکہ بنائی گئی ہے وہ مشقت صرف کرنے اور مشقت آمیز سعی وکوشش کی دلیل ہے، کبھی سرکہ زوجہ یا اولاد یا عمل میں خلل ونقص کی دلیل ہوتا ہے، کبھی خوف سے امن اور تکلیف دہ امور اور دشمنوں کے دفع ہونے کی دلیل ہوتا ہے، کبھی سرکہ عبادت اور اس کی مشقت برداشت کرنے کی دلیل ہوتا، کبھی سرکہ دوست کی دلیل ہوتا ہے۔

## ۸۱۲۔ الخلاص (خلاصی حاصل ہونا): دیکھئے النجاۃ (نجات حاصل ہونا)

## ۸۱۳۔ الخلاف (بید کا درخت):

خواب میں اس کا دیکھنا ایسے آدمی کی دلیل ہے جس سے اس کے گھر والے محبت کرتے ہیں لیکن اس کی طرف سے ان کو کوئی نفع نہیں پہنچتا اور وہ اپنوں کی مخالفت اور غیروں (دشمنوں) سے قرب رکھتا ہے۔

## ۸۱۴۔ الخِلال (خلال):

خواب میں خلال جھاڑو کی دلیل ہے، خلال جس سے دانتوں کا خلال کیا جاتا ہے رزق، طہارت توبہ اور استغفار کی دلیل ہے، اور اس کا دیکھنا مزدور یا اولاد یا نفع رساں لڑکے کی دلیل ہے۔

## ۸۱۵۔ الخلالی (خلال فروش):

خواب میں خلال ساز یا فروش دیکھنا ایسے شخص کی دلیل ہے جو اپنے گھر کے افراد کا مال کھاتا ہے اور ان کے مال میں کمی کا سبب بنتا ہے، اس لئے کہ خلال جھاڑو کی طرح ہے اور دانت اس کے گھر کے لوگ ہیں، اور دانتوں کو صاف کرنا ان کے اموال کی صفائی ہے، اور خلال فروش امراض سے شفایابی اور اتباع سنت کی دلیل ہے، کبھی اس کا دیکھنا دوستانہ تعلق قائم کرنے والے یا وعدہ خلاف شخص کی دلیل ہوتا ہے۔

## ۸۱۶۔ الخلخال (پازیب):

خواب میں پازیب دیکھنا بیٹا ہے، جو دیکھے کہ اس کے پاؤں میں سونے کی پازیب ہے تو وہ بیمار ہوگا یا دینی خطا میں مبتلا ہوگا، اگر پازیب عورت نے پہنی ہو تو وہ خوف وخطر سے مامون ہوگی، اگر وہ بے خاوند ہے تو اس کی کریم وسخی سے شادی ہوگی، وہ اس سے اچھا برتاؤ کرے گا، جو دیکھے کہ اس کے پاؤں میں سونے یا چاندی کی پازیب ہے تو قید وبند یا غم وحزن میں مبتلا ہوگا، کہا جاتا ہے کہ دونوں پاؤں کی پازیب ان کا پابند ہونا ہے، مرد کے لئے سوائے مالا، ہار انگوٹھی اور بالی کے اور کوئی دوسرا زیور خواب میں دیکھنا نامناسب ہے، عورت اپنی پازیب میں جو خوبی یا خرابی دیکھے تو یہ اس کے زوج کے متعلق ہوگی، اگر اس کا زوج نہ ہو تو یہ پازیب کی خوبصورتی اور خوب ہیئتی کے بقدر لوگوں میں اس کی زینت ہے، اور پازیب خواب میں دیکھنا رفعت وبلندی، وسعت وعزت اور حسن وجمال کی دلیل ہے۔

Marfat.com

## ۸۱۷۔ الخُلد (چھچھوندر):

خواب میں اس کو دیکھنا اندھے پن، حیرانگی وسرگردانی، پوشیدگی اور راہ کی تنگی کی دلیل ہے، اگر کسی میت کے ساتھ یا اس کے پاس چھچھوندر کو دیکھا گیا ہو تو یہ دوزخ کی آگ ہے جیسا کہ فرمانِ الٰہی ہے:

"وذوقوا عذاب الخلد بما کنتم تعملون" (السجدۃ:۱۴)

یعنی اپنے اعمال کے سبب ہیشگی کا عذاب چکھو،

یا وہ جنتی ہے اور جنت الخلد میں سکونت رکھتا ہے، اور چھچھوندر فقیر نابینا آدمی ہے،

بعض کہتے ہیں کہ وہ فاسقوں میں سے مکرباز ہے، کبھی اس کا دیکھنا مقام میں ثابت قدمی کی دلیل ہوتا ہے۔

## ۸۱۸۔ الخلعة (خلع کرنا):

خواب میں آدمی کا اپنی عورت سے خلع کا معاملہ کرنا جدائی بسبب وفات یا معزولی یا سفر کی دلیل ہے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے "هن لباس لکم وانتم لباس لهم" یعنی وہ عورتیں تمہارا لباس اور تم ان کا لباس ہو، یہاں پر بھی عورت اپنا لباس اس کے لباس سے اتار دیتی ہے، اور کبھی خلع کا معاملہ بشرطِ واپسی بیع کی دلیل ہوتا ہے، اور کبھی ارتداد از اسلام کی علامت ہوتا ہے، اور خِلعه (بطور انعام دیا ہوا پوشاک) معزول کے حق میں حکومت اور حاکم ووالی کے لئے معزولی اور برطرفی کی دلیل ہے، یا پھر خِلعه اپنی نفاست کے مطابق باندی کی دلیل ہے۔

## ۸۱۹۔ الخَلَف (اولاد): دیکھئے العَقِب (اولاد)

## ۸۲۰۔ الخلیج (خلیج):

خلیج متوسط دریا یا متوسط راستہ یا متوسط الحال آدمی کی دلیل ہے۔

## ۸۲۱۔ الخلیفة (جانشین):

خلیفہ وہ ہے جس کے علم یا صنعت کی وجہ سے لوگ اس کے پاس آتے ہوں یا وہ شخص جس کو حاکم اپنا جانشین بنائے، اگر انسان خواب میں خلیفہ دیکھے یا خود کو ایسا دیکھے تو یہ اسکی حسنِ حالت اور حسنِ انجام کی دلیل ہے، اور جانشین امورِ دین اور شریعت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم پر قائم ہے، اس میں جو نقص وزیادتی دکھائی دی ہو وہ اس پر قائم (موجود) ہونے کی دلیل ہے، اور جانشین کا دیکھنا آفات کی دوری اور درجات کی بلندی پر دلیل ہے، اگر صاحب خواب سے کوئی وعدہ کیا ہوگیا ہو تو وہ پورا ہوگا، اور اپنی توقعات کو حاصل کرے گا، اور خواب میں نااہل کا لوگوں کا سردار بننا رعایا کے حالات کے خراب ہونے کی دلیل ہے، نیز حق سے خروج اور ظلم کی طرف میلان کی علامت ہے، خواب میں جابر اور ظالم حاکم کی موت اہل ملک کے لئے امن وراحت کی دلیل ہے، اور جانشین کا دیکھنا صاحب خواب کی آبرو ریزی کی دلیل ہے اور حاکم ووالی اور

Marfat.com

عالم پر کوئی اختیار نہیں ہوگا، نیز ہر وہ شخص جو دوسرے کی بہ نسبت رتبہ درجہ میں بلند ہو اس پر دلیل ہے، جانشین کا دیکھنا اولاد کی بھی دلیل ہے، کبھی جانشین کا دیکھنا سنّت اور قیامِ سنّت (سنّت کی پابندی) دین وتقویٰ، گوشہ نشینی، اعتکاف، نفلی عبادت اور صدقِ مقال (راست بازی)، باطن کی ذکر وتوبہ سے آبادی، گناہوں سے کنارہ کشی، کافر کے قبول اسلام اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر جیسے امور کی دلیل ہے، اگر جانشین خواب میں وفات پا گیا ہو تو یہ نقص وخرابی کی دلیل ہے، اگر خواب میں خود صاحب خواب خلیفہ وجانشین بن گیا ہو اور وہ جانشینی کا اہل ہے تو جانشین بنے گا، حاکم بننے کا اہل ہے تو حاکم بنے گا، جس عہدہ کی اہلیت ولیاقت رکھتا ہے وہی ہوگا، ورنہ وہ قید ہوگا، یا مریض ہوگا یا سفر بعید کرے گا، یا اپنے حق یا حقوق اللہ کی ادائیگی سے تخلف کرے گا، جو خواب میں دیکھے کہ اللہ تعالیٰ نے اس کو زمین میں خلیفہ بنایا ہے تو اگر وہ ولایت کی اہلیت رکھتا ہے تو عہدہِ خلافت اس کو حاصل ہوگا، ورنہ وہ ایسے فتنہ سے دوچار ہوگا جس میں خونریز ہلاک وتباہ ہوں گے، اور اہل علم وتقویٰ نجات پائیں گے، اگر دیکھے کہ وہ خلیفہ یا امام وقت بنا ہے تو اسے عزت ومقام ملے گا، اگر دیکھے کہ وہ خلیفہ وجانشین بن گیا ہے تو اگر خلافت کا حقدار ہے تو بہتر ورنہ ذلت سے دوچار ہوگا، اس کے امور متفرق ہوں گے حتّی کہ اس کے خدمت گار اس پر غالب آجائیں گے، اور اس کے دشمن اس پر خوشی کا اظہار کریں گے، اگر دیکھے کہ اس نے خلفیہ وجانشین کو قتل کیا ہے تو وہ کسی امرِ عظیم کا طالب ہے اور اس کو حاصل کر لے گا۔

## ۸۲۲۔ الخليق (لائق): دیکھئے القمين (لائق)

## ۸۲۳۔ الخليّة (شہد کی مکّھیوں کا چھتّا):

خواب میں چھتّے کا دیکھنا مالک کی زوجہ، اور شہد کی مکھیاں اس زوجہ کی نسل اور اس کا شہد اس کا مال ہے، کبھی یہ چھتّا قلعہ کی علامت ہوتا ہے، اور اس کی مکھیاں اہلِ قلعہ اور اس کا شہد اس کا مال ہے، کبھی یہ چھتّا تفکّرات اور مصائب سے خلاصی پانے کی دلیل ہوتا ہے۔

## ۸۲۴۔ الخَمّار (شراب فروش):

خواب میں اس کا دیکھنا عمدہ وبہترین زندگی کے حصول اور بیماریوں سے برات کی دلیل ہے، کبھی اس کا دیکھنا نجس اشیاء کے بیچنے والے پر دلیل ہوتا ہے جیسے بندر، خنزیر وغیرہ، اور خمار ہونا مالدار اور حرام کسب والے شخص کی دلیل ہے، اور نبیذ بنانے والے کا دیکھنا ایسے آدمی کی نشاندہی کرتا ہے جو خود غرضی کی خاطر لوگوں کو باطل اور غلط امور پر ابھارتا اور اکساتا ہے۔

## ۸۲۵۔ الخمار (دوپٹہ):

خواب میں دوپٹہ اور اوڑھنی عورت کا زوج ہے، وہ عورت کے لئے پردہ اور زینت ہے، اگر عورت دیکھے کہ اس کے سر پر پھٹی ہوئی چادر یا کپڑا ہے تو اس کے دشمن باطل طریقہ اور دھوکہ سے اس کو زوج سے علیحدہ کرنا چاہیں گے، اگر

Marfat.com

دوپٹہ پرانا اور سیاہ ہے تو اس کا خاوند فقیر اور بے سمجھ ہے، اور دوپٹہ میں کوئی نئی بات پیدا ہونا عورت کی اس کے زوج کے بارے میں مصیبت ہے، اگر اس کا زوج نہیں ہے تو یہ عورت کے مال کے بارے نقصان یا اس کے سرپرست چچا یا بھائی کے بارے میں مصیبت کا عندیہ ہے، اگر کوئی آدمی دیکھے کہ اس نے اوڑھنی اوڑھی ہے تو اسے خادمہ باندی ملے گی، اگر عورت دیکھے کہ اس نے بر سرِ محفل اپنے سر سے اپنا دوپٹہ وغیرہ اتارا ہے تو وہ ایسے امر میں مبتلا ہوگی جس سے اس کی حیاو شرم جاتی رہے گی، اگر عورت دیکھے کہ اس کا دوپٹہ گم ہوگیا ہے یا جاتا رہا ہے تو اس کا زوج اس سے جدائی اختیار کرے گا، اور اگر دوپٹہ واپس آگیا ہے تو اس کا زوج اس کے پاس واپس آئے گا، اور دوپٹہ انسان کا دین ہے۔

## ۸۲۶۔ الخمّارة (شراب کی دکان): دیکھئے الحانة (شراب خانہ)

## ۸۲۷۔ الخمو (شراب):

خواب میں شراب مالِ حرام ہے، جو دیکھے کہ وہ شراب نوشی کرتا ہے تو وہ بہت بڑے گناہ میں مبتلا اور وسیع رزق حاصل کرے گا، جو دیکھے کہ وہ شراب نوشی کرتا ہے اور اس کے جامِ شراب کے لینے میں کوئی اس پر غالب یا جھگڑنے والا نہیں ہے تو اسے حرام مال ملے گا، بعض کہتے ہیں کہ بلکہ حلال مال حاصل ہوگا، اور اگر اس سے کوئی جھگڑنے والا ہے تو وہ اس سے گفتگو اور خصومت میں نزاع کرے گا، اگر خواب میں دیکھے کہ اس کو نہرِ شراب حاصل ہوئی ہے تو وہ دنیوی فتنہ سے دو چار ہوگا، اگر اس نہر میں داخل ہوا ہے تو بقدر حصول فتنہ میں مبتلا ہوگا، اور شرکت یا شادی کا متمنی اگر شراب دیکھے تو یہ اس کے امتزاج کے سبب اس کے موافق ہے، اور والی وحاکم کا شراب پینا اس کی معزولی کی دلیل ہے، اور پانی ملی شراب مال کی دلیل ہے، جس کا کچھ حصہ حلال اور کچھ حرام ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ اس کی تعبیر اشتراکی مال ہے، جو دیکھے کہ وہ شراب کشید کرتا ہے تو وہ خادمِ سلطان ہوگا، اور اس کے ہاتھوں عظیم امور انجام پائیں گے، جو خواب میں دیکھے کہ اسے محفلِ شراب میں دعوت دی گئی ہے جس میں کثیر تعداد میں پھل میوے ہیں تو اسے جہاد کی دعوت دی جائے گی اور اس میں شہادت کے حصول کا کہا جائے گا، خواب میں شراب فتنہ وفساد، عداوت وبغض کی علامت ہے، کبھی شراب کا دیکھنا بیماریوں سے شفاء اور کبھی بسبب دیوانگی یا غم والم زوالِ عقل کی دلیل ہوتی ہے۔ اگر صاحب خواب کسی سے خصومت رکھتا ہے تو یہ اس کا مدمقابل باطل دشمن ہے کیونکہ وہ جری اللسان ہے، اور اگر وہ بیکار ہے تو کسی کی خدمت کرے گا، اگر فقیر ہے تو مستغنی ہوگا، غیر شادی شدہ ہے تو شادی ہوگی، مریض ہے تو بیماری سے شفا پائے گا، اگر لوگوں کے روبرو محفل شراب وکباب میں شراب پیتا ہے تو یہ ان لوگوں کے ارتداد، اپنے ولی الامر سے عہد شکنی یا باہم محاربت (لڑائی) اور حلف شکنی کی دلیل ہے، اگر شراب نوش عالم ہے تو اس کے علم میں زیادتی ہوگی کیوں کہ انسان کو پینے کے وقت فکر پیش آتی اور واقع ہوتی ہے، پھر شراب نوشی کی ہر قسم کی الگ تعبیرات ہیں اگر شراب انگور کی ہے تو یا صاحب خواب بے موسم اور بے وقت انگور کھائے گا یا کسی نقص وعیب میں پڑے گا، اس لئے کہ

Marfat.com

لفظ عیب لفظ عنب (انگور) کی تصحیف (تبدیل شدہ) ہے یا پھر اس کی تعبیر رزقِ حلال ہے، اگر شراب خرید کردہ ہو یا اس کی کشید کا ذمہ دار ہوا ہو تو وہ کسی موجبِ لعنت خوف وخطر سے دوچار ہوگا، اور شراب کذب بیانی، بیہودہ گوئی، افشائے راز اور بدکاری کی دلیل ہے، شراب کے دیگر مترادف الفاظ بھی قابل اعتبار ہیں مثلاً عقار (شراب) بدکار عورت کی دلیل ہے، سلاف (شراب) خواب میں پینا والدین کی نافرمانی یا کوئی جائیداد فروخت کرنے کی دلیل ہے اور روح (شراب) خواب پینا دین وقرض کی دلیل ہے، اور عجوز (شراب) نوشی مال یا اولاد کی رحلت یا اگر وہ دقت و مشقت میں ہے تو وہ راحت پائے گا، صاحب خواب کا مدہوش ہونا کسی بڑھیا پر دلیل ہے یا ایسی ہی عورت سے شادی کرے گا، اور خواب میں شراب نوشی پینے والے کی کند ذہنی اور اس کی جہالت کی دلیل ہے، اگر خواب میں کسی میت کو دیکھا جائے کہ وہ شراب نوشی کررہا ہے تو وہ دارِ آخرت میں نعمت وراحت پارہا ہے، اس لئے کہ شراب اہلِ جنت کی شراب ہے، لیکن اگر شراب نوشی کی عادت اور ان کے اصرار پر موت آئی ہے یا وہ اپنی زندگی میں شراب نوشی کو حلال سمجھتا تھا تو پھر یہ نعمت آخرت (شرابِ طہور) اسے نصیب نہیں ہوگی، اور شادی ونکاح کے متمنّی کے لئے شراب خیر کی دلیل ہے کیوں کہ اس میں پانی کا امتزاج اور اختلاط ہے۔

## ۸۲۸۔ الخمول (گمنام):

خواب میں آدمی کا گمنام ہونا اچھے ارادہ سے ہٹنے یا رزق کے ختم ہونے اور اجل (زندگی) کے اختتام پذیر ہونے کی دلیل ہے۔

## ۸۲۹۔ الخِناق (گلہ گھونٹنے کی رسّی وغیرہ):

جوخواب میں دیکھے کہ اس کا گلہ گھونٹا جارہا ہے اور اسے کوئی علت (بیماری) ہے تو وہ کسی ظلم وزیادتی کے ارتکاب کی وجہ سے سزا یافتہ ہوگا، اگر وہ فوت ہوا ہے تو مقہور وفقیر ہوگا، اگر مرنے کے بعد زندہ ہوا ہے تو وہ محتاج ہوگا اور اللہ تعالیٰ اس کو بدلہ دیں گے اور وہ مستغنی ہوگا، اگر کوئی شخص دیکھے کہ وہ اپنا گلہ لٹکا کر گھونٹ رہا ہے تو یہ غم وحزن کی دلیل ہے، خواب میں گلہ گھونٹنا مطالبۂ قرض کی بھی دلیل ہے۔

## ۸۳۰۔ الخُناق (خناق مرض):

خواب میں خناق مرض لاحق ہونا انسان کے آرام دہ گھر یا دکان کے تعطل کی دلیل ہے۔

## ۸۳۱۔ الخنثی (ہیجڑا):

خواب میں ہیجڑا کا دیکھنا دورخے (دوغلہ) آدمی کی دلیل ہے، اگر وہ شادی شدہ ہے تو اپنی زوجہ سے علیحدگی اختیار کرے گا، یا اپنی والدہ سے جدا ہوگا۔

Marfat.com

## ۸۳۲۔ الخنجر (خنجر):

جو شخص دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں خنجر ہے تو اسے مال واستغناء حاصل ہوگی۔

## ۸۳۳۔ الخندق (خندق):

خواب میں خندقیں اور کھائیاں ان محافظین اور سپاہیوں کی دلیل ہے جو ملک وشہر کی حفاظت کرتے ہیں، اگر قلعہ ملک کی دلیل ہو تو اس کے سپاہی اس کے لوگ اور مال ہیں، اگر علم کی دلیل ہو تو خندقیں ان علماء کرام کی دلیل ہے جو علم کے محافظ اور قائم کرنے والے ہیں، اگر قلعہ زوجہ کی دلیل ہو تو خندق اس زوجہ کا ولی اور سرپرست ہے، اور اگر اولاد کی دلیل ہو تو خندق اس کے والد یا والدہ ہے، اگر خواب میں قلعہ دیکھے یا بغیر خندق کے کوئی شہر دیکھے تو یہ ناجائز امور کے حلال جاننے کی دلیل ہے، جیسے زکوٰۃ کی عدم ادائیگی، مال ودولت کا ضیاع، علم کا ضیاع وفقدان یا دشمنوں کی حملہ آوری یا برائی کا حکم اور نیکی سے ممانعت وغیرہ۔

## ۸۳۴۔ الخنزیر (خنزیر):

خنزیر خواب میں دیکھنا ملعون، طاقتور دشمن ہے، مصائب کے وقت انتہائی گھبرانے والا اور بے وفا دشمن ہے، اگر کوئی دیکھے کہ وہ خنزیر پر سوار ہوا ہے تو اسے مالِ کثیر حاصل ہوگا، اگر دیکھے کہ وہ اسکا گوشت کھاتا ہے تو وہ دیدہ دانستہ حرام کھائے گا، اگر اس کا گوشت پکا ہوا کھایا ہے تو اسے ناجائز تجارتی فائدہ ہوگا، اگر گوشت بھنا ہوا ہو تو بھی یہی حکم ہے، جو خواب میں دیکھے کہ وہ خنزیر کی طرح سے چلتا ہے تو اسے جلدی کوئی آنکھ کی ٹھنڈک (خوشخبری) ملے گی، اور خشکی کا خنزیر مسافر کے حق میں شدید بارش اور ٹھنڈک کی دلیل ہے، اور اہلیانِ بستی کے حق میں تنگی اور شدت کی حصول کی دلیل وعلامت ہے اور درخت لگانے والے کے حق میں اس کا دیکھنا اس بات کی دلیل ہے کہ وہ کام مناسب طور پر نہیں ہوگا، اور کسی عورت سے شادی کا ارادہ رکھنے والے کے حق میں اس کا دیکھنا اس بات کی علامت ہے کہ وہ عورت اس کے موافق نہیں ہوگی، اور خنزیر کا گوشت دیکھنا تمام لوگوں کے لئے اچھا ہے، جو خواب میں اپنے بستر پر خنزیرہ دیکھے تو یہ خنزیرہ یہودی عورت ہے، اور خنزیر کی اولاد دیکھنا پریشانیوں کی علامت ہے، اور پالتو گھریلو خنزیر دیکھنا خوشحالی اور حاجات کے پورا ہونے کی دلیل ہے، جو شخص خواب میں خنزیر دیکھے تو وہ قوم یہود ونصاری کا والی ہوگا، اور اپنی زوجہ سے خصومت (لڑائی جھگڑے) کا اردہ رکھنے والا اگر خنزیر یا خنزیرہ خواب میں دیکھے تو وہ زوجہ کو طلاق دے گا، کبھی خنزیر یہودی یا نصرانی آدمی کی دلیل ہوتا ہے، اور کبھی اس کا دیکھنا شر وفساد، تکبر وغرور اور مال حرام کی علامت ہوتا ہے، اور مادہ خنزیر کثرتِ غسل کی دلیل ہے، اگر خواب میں کوئی ضرر ونقصان پہنچا ہو تو کسی نصرانی سے اذیت پہنچے گی، جو دیکھے کہ اس کو خنزیر حاصل ہوا ہے تو اسے شدید قوت وشوکت والے آدمی پر قدرت وقابو حاصل ہوگا، خواب میں خنازیر کا مالک ہونا بہت سے اموال کی ملکیت کی علامت ہے، جو دیکھے کہ وہ خنزیر بنا ہے تو اس کو دینی ذلت وکمزوری کے ساتھ مال وخوشحالی حاصل ہوگی، خنزیر قوی، باا ثر، فاسق اور حرام پیشہ ور آدمی ہے، جو خنزیر پر سوار ہوا ہو تو اسے سلطنت حاصل ہوگی اور دشمن پر غلبہ ہوگا، جو دیکھے کہ وہ خنزیر سے قتال کرتا

Marfat.com

ہے تو وہ ظالم دشمن پر غالب آئے گا، جو دیکھے کہ وہ خنزیر کا گوشت کھاتا ہے تو اسے حرام مال حاصل ہوگا یا کسی گناہ کا ارتکاب کرے گا، جو خواب میں چھوٹے خنازیر دیکھے کہ اس کے گھر یا کمرہ میں داخل ہوئے ہیں تو اس کے پاس سلطان کی خدمت آئے گی اسے چاہئے کہ محتاط رہے، جو دیکھے کہ اس نے اپنے گھر سے خنازیر کو بھگایا ہے تو وہ بادشاہ کا عمل ترک کرے گا۔

## ۸۳۵۔ الخنفس (سیاہ بھونرا): دیکھئے الجُعَل (سیاہ بھونرا)

## ۸۳۶۔ الخنفساء (بھونرا):

خواب میں بھونرا قابلِ نفرت ناپاک انسان ہے، نر بھونرا شریروں کے خادم کی دلیل ہے، اور مادہ بھونرا نفاس والی عورت کی موت پر دلیل ہے، اور بھونرا جھگڑالو عورت کی علامت ہے جس میں کوئی خیر کی بات نہیں، جو دیکھے کہ اس کو بھونرا ملا ہے تو اسے عورت ملے گی، جو دیکھے کہ بھونرا بچھو بن گیا ہے تو یہ دشمن ہے اور اس کے ساتھ خلافِ عداوت امر کا گمان کیا جائے گا۔

## ۸۳۷۔ الخوخ (آڑو):

خواب میں شیریں اور میٹھا آڑو کھانا حسبِ منشاء خواہشات کے حصول کی دلیل ہے، کڑوا آڑو کھانا خوف کی علامت ہے، آڑو کا درخت غنی، بہادر خطرناک اور آزمائش کے وقت ثابت قدم رہنے والا آدمی ہے، آغازِ عمر میں کثیر مال جمع کرے گا، اور حالتِ شباب میں مرے گا، اور بے موسم و بے وقت آڑو مرضِ شدید ہے، اور جو خواب میں درخت سے آڑو اتارے تو اسے کسی آدمی سے مال حاصل ہوگا، شہتوت کے سوا آڑو اور اس سے مشابہ پھل بر موسم دیکھنا لذت اور فریب کی دلیل ہے، اور بے موسم دیکھنا باطل اور مشقت کی علامت ہے، خواب میں آڑو دیکھنا تلافی مافات کی خوشخبری کی دلیل ہے، نیز گزشتہ شر و فساد کے اعادہ سے ڈرانے کی علامت ہے، نیز آڑو بھائی برادر اور جلیل و جمیل صاحب کی دلیل ہے۔

## ۸۳۸۔ الخوذة (خُود):

خواب میں خود (لوہے کی ٹوپی جو جنگی پہنتا ہے) دشمن سے امن پانے اور مال و زوجہ کی دلیل ہے، اور لوہے کی بنی خود سر کے جدا کرنے یا خوف سے پر امن ہونے یا سر کے دردوں سے محفوظ ہونے کی علامت ہے، جو خواب میں اپنے سر پر خود دیکھے تو وہ مالی نقصان سے مامون ہوگا، اگر خود قیمت دار ہو تو مالدار خوبصورت عورت کی دلیل ہے، اگر بے قیمت ہے تو یہ قبیح عورت کی دلیل ہے، جو اپنے سر پر خود دیکھے تو وہ عظیم وسیلہ حاصل کرے گا، اور خود ایک لیڈر شخص ہے جو خُود پہننے والے سے مکارہ کو دور کرے گا، خود بادشاہ کے لئے حکومت، غیر شادی شدہ کے لئے زوجہ اور دشمنوں کے لئے عزت و ہیبت کی دلیل و علامت ہے۔

## ۸۳۹۔ الخوف (خوف وخطرہ):

خواب میں خوف امن کی دلیل ہے، یا توبہ کی علامت ہے، ہر خائف تائب ہونے والا ہے، بعض کا قول ہے کہ

Marfat.com

جو خود کو خائف (خوفزدہ) دیکھے تو اسے ریاست حاصل ہوگی، جو دیکھے کہ وہ خوف کا منتظر ہے تو وہ قتال کرے گا، جو دیکھے کہ وہ خوفزدہ ہے اور کوئی کہنے والا اسے کہتا ہے کہ نہ ڈرو کیوں کہ نہ تم مرو گے اور نہ زندہ رہ سکتے ہو تو وہ نابینا ہو جائے گا۔

## ۸۴۰۔ الخولي (معاملات کا منتظم):

اس کا خواب میں دیکھنا علم اور ذکر اللہ کی دلیل ہے، کبھی اس کا دیکھنا خانقاہ، فقراء کی قیام گاہ اور مساجد کے خادم کی دلیل ہوتا ہے۔

## ۸۴۱۔ الخیار (کھیرا):

خواب میں کھیرا رنج وغم کی نشانی ہے، جو خواب میں کھیرا کھائے تو وہ دشوار گزار معاملہ میں دوڑ دھوپ کرے گا، کھیرا برموسم دیکھنا رزق کی اور بے موسم دیکھنا مرض کی علامت ہے، اگر کوئی شخص کھیرے کو مضبوط دیکھے تو یہ غمزدہ اولاد ہے، جو دیکھے کہ وہ کھیرے کھاتا ہے اور اس کی بیوی اگر حاملہ ہے تو لڑکی پیدا ہوگی، اگر کھیرا کسی لوہے سے کاٹا جائے تو مریض کے حق میں یہ بہتر ہے، اپنے پاس آنے والے کے لئے کھیرا خیر ومنفعت کی دلیل ہے۔ نیز دیکھئے العجور (ککڑی کی ایک قسم) دیکھئے القثاء (ککڑی)"۔

## ۸۴۲۔ الخیّاط (درزی):

خواب میں درزی دیکھنا الفت ومحبت اور لوگوں کے درمیان اتحاد واتفاق کی دلیل ہے، کبھی اس کا دیکھنا کاتب اور عقدِ نکاح کرنے والے کی دلیل ہے یا تلافی مافات یا اپنے کئے پر نادم ہونے کی علامت ہے، اگر درزی نے کوئی شئے اپنے لئے سی ہے تو وہ اپنے لئے دین کی درستگی وصلاح میں دنیا کی صلاح ودرستگی کرے گا، اگر دیکھے کہ وہ سیتا ہے مگر سلیقہ سے نہیں سیتا ہے تو وہ متفرق کو جمع کرنا چاہے گا مگر استطاعت نہیں رکھے گا، اگر دیکھے کہ وہ کسی عورت کے لئے کوئی کپڑا سیتا ہے تو آزمائش سے دوچار ہوگا۔

## ۸۴۳۔ الخیانة (خیانت):

مالداروں کی طرف سے خواب میں خیانت کا ظہور ان کے محتاج ہونے کی دلیل ہے، خیانت بدکاری کی بھی دلیل ہے۔

## ۸۴۴۔ الخیط (دھاگا):

خواب میں دھاگا حجت ودلیل ہے، جو شخص دیکھے کہ اس نے دھاگا پکڑا ہے تو وہ شخص اپنے حق کے لئے حجت ودلیل کا محتاج ہے، اور گرہ لگے ہوئے دھاگے سحر وجادو ہے، سفید دھاگا فجر کی اور سیاہ دھاگا رات کی دلیل وعلامت ہے۔

Marfat.com

## ۸۴۵۔ الخیل (گھوڑا):

عربی زبان میں گھوڑے کے چند نام ہیں۔ مثلاً یہ ہیں، الجیاد، جوکہ الجواد کی جمع ہے، الفرس، الحصان، المہر، الکدیش، البرذون، الحجر، خواب میں جو شخص اپنے پاس گھوڑے دیکھے تو یہ وسعتِ رزق، دشمن کے خلاف مدد و غلبہ کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ وہ گھوڑے پر سوار ہے اور حال یہ ہے کہ وہ گھوڑے کی سواری کے لائق ہے تو وہ عزت وجاہ اور مال و دولت پائے گا، یا وہ رجلِ سخی ہے، یا وہ سفر کرے گا، اس لئے کہ سفر فرس سے مشتق ہے، اور اگر وہ حصان (گھوڑا) ہو تو اپنے دشمن سے محفوظ ہوگا، اگر وہ مہر (گھوڑا) ہو تو جمیل اولاد عطا ہوگی، اگر برذون (گھوڑا) ہو تو یوں زندگی بسر کرے گا کہ نہ تو مستغنی ہوگا اور نہ فقیر، اور اگر وہ حجر (گھوڑا) ہو تو اگر غیر شادی شدہ ہے تو مال و نسل والی عورت سے شادی کرے گا، اور اصیل گھوڑا غیر اصیل کی نسبت عمدہ ہے، گھوڑا دیکھنا کبھی خوبصورت عمارت والے گھر کی دلیل ہوتا ہے، اور سیاہی مائل سفید گھوڑا دشمنوں کے خلاف عزت و نصرت کی دلیل ہے، اس لئے کہ وہ فرشتوں کے گھوڑوں میں سے ہے، اور سیاہ رنگ کا گھوڑا غم و فکر ہے، سرخی مائل بھورے رنگ کا گھوڑا جس کے پاؤں سفید ہوں علم و ورع اور دین کی دلیل ہے، اور کمیت رنگ (گہرا سرخ رنگ) والا گھوڑا اگر دیکھے کہ اس پر سواری کی ہے تو وہ شراب نوشی کرے گا، کیوں کہ یہ اس کے ناموں میں سے ہے، اور خواب میں جو شخص کسی غیر کی سواری پر سوار ہوا ہو تو وہ اس کے مقام کو پہنچے گا یا اس کے طریقہ پر عمل کرے گا، خصوصاً جبکہ وہ سواری مشہور ہو، اور وہ اس سواری کے لائق ہو، اور حجر گھوڑی زوجہ ہے، اگر حجر (گھوڑی) سے اُترا ہے اور اس پر سواری کا ارادہ نہیں کیا ہے، اس کی لگام کو نکال کر چھوڑ دیا ہے تو وہ اپنی زوجہ کو طلاق دے گا، اور اگر دوبارہ سواری کا ارادہ تھا، اور کسی درپیش امر کی وجہ سے اترا تھا تو اگر وہ زین سمیت ہو تو پھر شاید اس کی بیوی کو ماہواری ہوگی، پس وہ اس سے باز رہے، اگر اس کا حجر (گھوڑی) سے اترنا کسی دوسرے پر سوار ہونے کے لئے تھا تو دوسری سواری کے بقدر کسی اور عورت کو بھی منکوحہ بنائے گا یا باندی بنائے گا، اگر گھوڑی سے اترتے وقت گھوڑے سے نفرت کرتے ہوئے پاپیادہ بھاگا ہے یا اترتے وقت زمین پر خون کا بول (پیشاب) کیا ہے تو وہ اس زوجہ سے زنا کی وجہ سے اعراض کرنے والا ہے، اور حجر (گھوڑا یا گھوڑی) معاملہ، مال اور آمدنی کی دلیل ہے، اور سیاہ حجر (گھوڑی) متدین نیک نام اور مالدار عورت ہے، اور سیاہ سفید داغوں والی گھوڑی مال و جمال میں مشہور عورت ہے، اور سرخی مائل بھوری رنگ کی گھوڑی فرحت و نشاط والی عوت ہے، اور سیاہی مائل سفید گھوڑی دین والی عورت ہے، اور جو شخص دیکھے کہ وہ بغیر زین اور لگام والی سواری پر سوار ہوا ہے تو وہ کسی غیر پاکدامن عورت سے نکاح کرے گا، اور سیاہی مائل سفید گھوڑا سلطان ہے، جو دیکھے کہ وہ سیاہی مائل سفید گھوڑے پر سوار ہوا ہے تو وہ متدین عورت سے نکاح کرے گا، اور سیاہ جانور و چوپایہ عزت ہے، اور سرخی مائل بھورا لڑائی ہے، جو رکاب کے بغیر زین لگا ہوا گھوڑا دیکھے تو یہ مستورات ہیں جو کسی مجمع یا شادی میں جمع ہیں، جو دیکھے کہ وہ چند گھوڑوں کا مالک بنا ہے یا ان کو چرایا ہے تو وہ ایک قوم کا والی ہوگا، جو خواب میں گھوڑا دیکھے تو وہ اپنے بھائیوں میں مقبول ہوگا، اور خواب میں فرس (گھوڑا) آدمی ہے یا شہسوار کا فرزند یا تاجر یا ایسا عامل ہے جو اپنے عمل و تجارت میں صاحبِ فراست ہے، اور فرس (گھوڑا) شریک ہے، جو دیکھے کہ اس کا گھوڑا ہے جو اپنے گھر میں

Marfat.com

مرا ہے تو یہ آدمی کی ہلاکت ہے، اگر دیکھے کہ وہ سفید ہاتھ پاؤں والے گھوڑے پر سوار ہوا ہے اور وہ اس پر آہستہ آہستہ چلتا ہے اور کپڑے بھی ایسے زیب تن ہیں جو سواری کے لائق ہیں تو اسے لوگوں میں عزت وشرف یا سلطنت حاصل ہوگی، اور دشمن اس کے خلاف کوئی برا ارادہ نہیں کر سکے گا، اگر صاحب خواب تاجر ہے تو وہ امانتدار ہے اور اس کی زندگی پرسکون رہے گی، اگر وہ گھوڑا سیاہ رنگ کا ہے تو وہ عظیم المنزلت اور صاحب قدر ہے، اس لئے کہ یہ خواب مال وسلطنت اور سیادت پر دال ہے۔ اگر گھوڑا کمیت رنگ (گہرا سرخ رنگ) والا ہے تو یہ شخص لہو ولعب میں بہت آگے جنگ وجدل میں بہت سخت اور خونریز ہے، اگر وہ گھوڑا سرخی مائل بھورا ہے تو یہ مرتبہ کے ساتھ مرض کی علامت ہے، اس لئے کہ وہ فرشتوں کے سرخی مائل بھورے گھوڑے ہیں، ابن سیرین رحمہ اللہ تعالیٰ خواب میں سرخی مائل بھورا رنگ پسند نہیں کرتے تھے، فرماتے تھے کہ یہ لڑائی کی علامت ہے، اگر گھوڑا سیاہ سفید داغوں والا ہے تو یہ شہوت وخواہش ہے اور ساتھ ساتھ وہ دولت ہے جس کی وہ تمنا کرتا ہے، اگر اس پر سوار ہوا ہے اور راستہ بھی طے کیا ہے تو یہ غالب خواہش ہے جس کے پیچھے لگے گا اور اس میں اس کا مال ختم ہوگا اور معصیت ہے جس کا ارتکاب کرے گا، اور راستہ طے کرنا معصیت میں مشقت اٹھانا ہے، اور شہسوار کا دیکھنا اس بات کی دلیل ہے کہ اس کی حاملہ بیوی نرینہ اولاد جنے گی، اگر دور سے شہسوار کو دیکھے تو یہ خیر وعزت اور بشارت ہے، جو شخص دیکھے کہ وہ گھوڑے سے نیچے اترا ہے اور حال یہ ہے کہ وہ والی وحاکم ہے تو ایسا عمل کرے گا جس پر اسے ندامت اٹھانا ہوگی، اگر گھوڑے سے نیچے اتر کر اس کو چھوڑ کر کسی اور کام میں مشغول ہوا ہے تو یہ اس رسوائی کے ساتھ معزولی کی علامت ہے، اور گھوڑی شریف عورت ہے، اور منہ زور گھوڑا دیوانہ آدمی ہے، اور ٹھوکر کھانے والا گھوڑا امور میں غافل وست آدمی ہے، اور گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی اور اس کی دُم سلطنت کے شرفاء کی دلیل ہے، اور گھوڑے کا آگے نہ بڑھنا اور حرکت کم کرنا سلطان کی قدرت وطاقت کی کمی اور اس کے دشمن کے غلبہ کی علامت ہے، اور گھوڑے کی دُم کے بالوں کا زیادہ ہونا اپنی اولاد کی کثرت کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ اس کے گھوڑے کی دُم کٹی ہوئی ہے تو وہ موت کا شکار ہوگا، اور کوئی نسل نہیں چھوڑے گا اور اس کا ذکر ونام ختم ہو جائے گا۔ اگر دیکھے کہ اس کی دُم جڑ سے کٹی ہوئی ہے تو اس کی اولاد واتباع اس سے قبل وفات پائیں گے، اگر اس کے گھوڑے نے اس سے نزاع کیا ہے اور وہ سلطان ہے تو کوئی شریف قائد یا معزز لڑکا اس کے خلاف خروج کرے گا، اگر وہ تاجر ہے تو اس کا شریک اس پر خروج کرے گا، اور گھوڑے کا کودنا کسی امر میں رجحان ومیلان کی دلیل ہے، اور اس کا چھلانگ لگانا جلدی حاجات کے پورا ہونے کی علامت ہے، اگر دیکھے کہ وہ گھوڑے کو (رسّی سے) پکڑ کر چلا ہے تو وہ معزز آدمی کی خدمت کا طلب گار ہے، اور گھوڑے پر بے محل سوار ہونے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ گھوڑا شہرت اور مشہور سلطان ہے، جو شخص دیکھے کہ وہ گھوڑے پر سوار ہوا ہے جس کے دو پَر ہیں جن کے ساتھ وہ اڑتا ہے تو اگر وہ اہل بیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں سے ہے تو خلافت اس کو حاصل ہوگی، وگرنہ اسے ملک عظیم حاصل ہوگا، اور اگر وہ اس کا متحمل نہیں ہے تو وہ کسی لڑکے کے ساتھ آزمایا جائے گا، یا کسی عورت پر فریفتہ ہوگا جو اس کی تابعداری اور اطاعت کرے گی، جو دیکھے کہ گویا وہ سیاہی مائل سفید گھوڑے پر سوار ہوا ہے تو اگر وہ کنوارا ہے تو شادی ہوگی، اگر گھوڑے کا گوشت کھایا ہے اور وہ شخص صاحبانِ سلطان میں سے ہے تو اپنے دشمن پر غلبہ پائے گا، اگر تاجر ہے تو اسے نفع ملے گا، اور کہا گیا ہے کہ جو شخص

Marfat.com

دیکھے کہ وہ گھوڑے پر سوار ہوا ہے تو اگر وہ سپاہی یا شریف آدمی ہے تو مال غضب کرے گا، اگر گھوڑے کو دیکھے کہ اس نے اس کو کاٹا ہے تو وہ لشکر کا قائد بنے گا، اگر دیکھے کہ اس نے گھوڑے کو قتل کر دیا ہے تو اسے قوت وعزت اور مال ونعمت حاصل ہوگی، اور جو شخص خواب میں دیکھے کہ کچھ شہسوار ہوا میں اڑ رہے ہیں تو قریب ہے کہ بادشاہوں کے مابین لڑائیاں واقع ہوں، اور اس علاقہ میں کوئی فتنہ اور خصومت پیش آئے، اور آبی گھوڑا ہوائی حیوان ہے، اور یہ ناممکن ہے کہ حالت بیداریؑ میں آبی گھوڑا موجود ہو، خواب میں اسکا دیکھنا جھوٹی امید اور ناتمام عمل کی دلیل ہے، اور گھوڑے کے گوشت کا کھانا لوگوں میں اچھا اور نیک نام پاتا ہے، جو خواب میں ایسے گھوڑے پر سوار ہو جس کے ہاتھ پاؤں لوہے کے ہیں تو وہ وفات پائے گا، اور سانڈ گھوڑا سلطان اور عزت ہے اور برذون گھوڑی (جو نسل چلانے کے لئے رکھی جائے) باندی یا آزاد (جو باندی نہ ہو) شریف عورت ہے، اگر دیکھے کہ وہ گھوڑے سے مقابلہ کرتا ہے تو وہ حصول دنیا میں مشغول ہوگا اور اس کے بارے میں توبہ کی امید ہے، جو خواب میں خود کو گھوڑے کے اوپر دیکھے اور گھوڑا بے زین ولگام ہے اس کی پشت ننگی ہے، تو وہ عظیم معصیت کا مرتکب ہوگا، جو دیکھے کہ وہ اپنے گھوڑے سے نیچے اُترا ہے اور کسی دوسرے کے گھوڑے پر سوار ہوا ہے تو وہ ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف منتقل ہوگا، اور دو حالتوں کے درمیان زمانہ یا وقفہ اتنا ہوگا جتنا دو گھوڑوں کے درمیان، جو دیکھے کہ وہ اپنے گھوڑے سے اُترا ہے تو وہ اپنے کام سے علیحدہ ہوگا اور کوئی دوسرا اس کام کو کرے گا، جو دیکھے کہ وہ گھوڑے پر بیٹھا ہے اور وہ اس کو پسند کرتا ہے تو وہ فی سبیل اللہ تعالیٰ قتال کرے گا، جو خود کو گھوڑے پر دیکھے اور اس کے پاس نیزہ ہے اور لوگوں پر اٹھاتا ہے تو یہ ایسا آدمی ہے جو کہ لوگوں سے مانگتا ہے اور مانگنے میں اصرار کرتا ہے، اور اگر اس کے پاس ہتھیار ہے تو اسکے دشمن کسی مکروہ عمل سے اس کی سلطنت تک نہیں پہنچ سکیں گے، جو دیکھے کہ اس کا گھوڑا غرق ہوا ہے یا کسی نے اس کو ذبح کیا ہے یا سیلاب اس کو لے گیا ہے تو مریض عنقریب موت کے حوالہ ہوگا، جو دیکھے کہ اس کا گھوڑا کانا ہے اور اس کی بینائی کمزور ہے تو یہ اسکی معیشت کے بارے میں امور کا اختلاط ہے، جو دیکھے کہ وہ مردہ گھوڑے کے اوپر ہے تو وہ غم وحزن سے دوچار ہوگا لیکن پھر اس سے خلاصی حاصل ہوگی، جو دیکھے کہ اس نے اپنے گھوڑے کو فروخت کیا ہے تو یہ اپنے اختیار سے اپنے عمل سے نکلنا ہے، جو دیکھے کہ اس نے اپنا گھوڑا ذبح کیا ہے اور وہ اس کا گوشت کھانا نہیں چاہتا ہے تو وہ سلطان سے حاصل شدہ اپنی معیشت خود ہی خراب کرے گا، جو دیکھے کہ کوئی نامعلوم گھوڑا ایسی زمین میں یا گھر میں داخل ہوا ہے جس کا مالک معلوم نہیں ہے تو اس مقام پر کوئی شریف آدمی داخل ہوگا جس کا رتبہ ومقام اس گھوڑے کے رتبہ کے بقدر ہوگا، جو دیکھے کہ کوئی نامعلوم گھوڑا اس کی جگہ سے نکلتا ہے تو کوئی بڑا آدمی موت یا سفر کی وجہ سے چلا جائے گا، جو دیکھے کہ کچھ شہسوار شہروں میں گھوڑے دوڑا رہے ہیں اور اس طرح کسی زمین یا محلہ میں داخل ہوتے ہیں تو یہ بارشیں اور سیلاب ہیں جو کہ اس جگہ پر ہوں گی، جو دیکھے کہ وہ کسی معلوم آدمی کا ردیف (سواری پر پیچھے سوار ہے) تو وہ اس آدمی کے ذریعہ اپنے دینی یا دنیوی امر تک پہنچے گا جو امر اس کو مطلوب ہے یا وہ اس آدمی کا تابع یا شریک یا اسکے بعد اس کا جانشین ہوگا، لیکن اگر وہ آدمی نامعلوم ہے تو وہ بہر حال دشمن ہے، جو شخص دیکھے کہ ایک گھوڑے نے اس کو روندڈالا ہے یا اس کے اوپر وہ گھوڑا اچلا ہے تو وہ اپنی حکومت یا اپنے کام سے برطرف ہوگا، یا اس کو ذلت وناگواری کا سامنا کرنا ہوگا، لوگ اس کو اپنی زبان (یعنی کلام) سے ڈسیں گے، جو برذون گھوڑی (جو نسل چلانے کے

Marfat.com

لئے رکھی جائے) پر سوار ہوا ہو یا اس کا مالک ہوا ہو یا اس کو خرید کیا ہو تو اگر غیر شادی شدہ ہے تو شادی ہوگی اور زوجہ بڑی مبارک اور شریف ہوگی، اگر اس گھوڑی کا بچھڑا بھی ہو تو اس عورت سے اولاد ہوگی، اور اگر وہ شادی شدہ ہے یا ان میں سے ہے جو نکاح کے منتظر نہیں ہوتے تو اس کو جائیداد وغیرہ کا نفع ملے گا، جو دیکھے کہ اس کی برذون گھوڑی مرگئی ہے یا چرالی گئی ہے یا گم ہوگئی ہے تو یہ کوئی حادثہ اور واقعہ ہے جو اسکی بیوی کے ساتھ ہوگا، جو دیکھے کہ اس کی برذون گھوڑی حاملہ ہے تو یہ مال ومعیشت میں اضافہ کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ وہ برذون گھوڑی کا دودھ پیتا ہے تو سلطان اس کو اپنے قریب کرے گا، اور اس کو اس سے خیر حاصل ہوگی، جو گھوڑی کے بال بہت زیادہ دیکھے تو اس کے مال واولاد میں اضافہ ہوگا، اگر وہ سلطان ہے تو اس کا لشکر زیادہ ہوگا، اور خصی گھوڑا خادم کی دلیل ہے، اور بغیر رسی کے چوپایہ زانیہ عورت ہے، اس لئے کہ ایسا چوپایہ جیسا اور جہاں چاہتا ہے چلتا ہے، اور ایلچی کا گھوڑا اگر خواب میں دیکھے کہ اس پر سوار ہوا ہے تو یہ اجل قریب کی علامت ہے، اور کبھی گھوڑے کی کمزوری جاہ ومنزلت کے ضعف کی دلیل ہوتی ہے۔

## ۸۴۶۔ الخیمۃ (خیمہ):

خواب میں خیمہ سفر یا قبر یا زوجہ یا گھر پر دلیل ہے، اور خیموں کی کثرت ابر وبادل کی دلیل ہے، جو شخص دیکھے کہ اس پر خیمہ کھڑا کیا گیا ہے تو اگر وہ سلطان ہے تو اس کی سلطانیت میں زیادتی واضافہ ہوگا، اگر سپاہی ہے تو والی بنے گا، اگر تاجر ہے تو سفر کرے گا اور خیر ومرتبہ اور خوبصورت جاریہ حاصل ہوگی، اگر اپنے خیمہ کے مقابلہ میں ایک سفید خیمہ دیکھے تو یہ ایسا شخص ہے جو امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرتا ہے، اور عظیم گناہ سے توبہ کرے گا، جو شخص اپنے خیمہ میں چاند کو دیکھے تو وہ سلطان کے گھر سے ملنے والی جاریہ سے عشق کرے گا، اور خواب میں اگر خیمہ کا مالک ہوا ہے یا اس کے لئے وہ لگایا گیا ہے تو یہ حصول مملکت کی دلیل ہے، اگر وہ ملوکیت کے قابل نہ ہو تو سلطان کی جانب سے عزت ملے گی، اون یا بالوں کا خیمہ اور گنبد خیمہ کے علاوہ ہے، اور سفید خیمے شہداء کی قبور ہیں، اور اسی طرح سبز خیمے بھی، جو خیمہ سے جدا ہونے کے لئے نکلے تو وہ اپنی سلطنت سے نکلے گا، اپنے مددگاروں سے الگ کردیا جائے گا، جو دیکھے کہ اس کے خیمے لپیٹ دیئے گئے ہیں تو یہ اسکی عمر کے اختتام اور سلطنت کے زوال کی دلیل ہے، اور گنبد عورت ہے، دیکھئے **الفسطاط** (خیمہ)

## ۸۴۷۔ الخیمی (خیمہ ساز):

خواب میں خیمہ ساز کو دیکھنا نقل وحرکات اور اسفار (سفر کی جمع ہے) کی دلیل ہے، کبھی اس کا دیکھنا مقبروں یا غیر شادی شدہ کی شادی پر دلیل ہے۔

Marfat.com

# باب الدّال

## ۸۴۸۔ الداء (بیماری): دیکھئے المرض (بیماری)

## ۸۴۹۔ داء الثعلب (سر کے بال گرنے کی بیماری): دیکھئے مرض الثعلب (سر کے بال گرنے کی بیماری)

## ۸۵۰۔ داء الفیل (فیل پا کی بیماری): دیکھئے مرض الفیل (فیل پا کی بیماری)

## ۸۵۱۔ دابۃ الأذن (کان کا کیڑا): خواب میں اس کا دیکھنا رؤساء کے دشمن شخص کی دلیل ہے۔

## ۸۵۲۔ دابۃ الارض:[1]

خواب میں دابۃ الارض کا خروج اس بات کی دلیل ہے کہ صاحب خواب بادشاہوں کی خبروں کا تجسس (ٹوہ لگانا) کرتا ہے۔ کبھی دابۃ الارض کا عالمِ خواب میں ظہور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر، اہل توحید کی نصرت ومدد اور اہلِ نفاق کی خوشی کی دلیل ہے۔

## ۸۵۳۔ الدار (گھر):

خواب میں گھر آدمی کی دنیا ہے، جو شخص دیکھے کہ اس کا نیا گھر ہے جس میں تمام لوازمات موجود ہیں تو اگر فقیر ہے تو مستغنی ہوگا، اگر غمزدہ ہے تو غم دور ہوں گے، اگر کسی جگہ کا عامل ہے تو گھر کی خوبصورتی کے بقدر دولت وحکومت حاصل ہوگی، اگر کسی گناہ میں مبتلا ہے تو توبہ کرے گا، اس لئے کہ گھر کی وسعت اس کی دنیا، علم اور سخاوت کی وسعت سے عبارت ہے، اور گھر کی تنگی اس کے بخل اور گھر کی جدت اس کی عمل کی تجدید، اور گھر کی گارے وغیرہ سے لیپ اس کا دین، گھر کی مضبوطی اس کی تدبیر، اس کے کمرے اس کی عورتیں ہیں، اور لوہے کا گھر عمر طویل ہے، اگر خواب میں نامعلوم گھر میں داخل ہوا ہے اور اس میں مردے دیکھے ہیں تو یہ دارِ آخرت ہے، اگر دیکھے کہ وہ گھر میں داخل ہوا ہے اور باہر نہیں نکل سکا ہے تو وہ فوت ہوگا، اگر گھر مٹی گارے سے لیپ شدہ ہے تو یہ اس کا آخرت کا حسنِ حال ہے، اگر گھر چونے یا اینٹ کا ہو تو یہ آخرت کے حالِ بد کی علامت ہے، اگر خواب میں گھر میں داخل ہوا اور اس سے باہر نکلا ہے تو یہ کسی مرض کی وجہ سے موت کے کنارے پہنچنے کی دلیل ہے، لیکن پھر اس مرض سے نجات پائے گا، اور گھر جب منفرد ہو اور اس میں مردے دیکھے تو اس گھر کے تمام افراد وفات پائیں گے، اگر اپنے گھر سے غصہ کی حالت میں نکلا ہے تو وہ گرفتار ہوگا، اگر دیکھے کہ کوئی شخص اس کے گھر میں داخل ہوا ہے تو وہ اس کے راز میں شامل ہوگا، اگر وہ فاسق ہے تو وہ شخص اس کی بیوی یا معیشت میں خیانت کا مرتکب ہوگا، اور امام عادل کی نسبت گھر مسلمانوں کی سرحدات میں سے ایک سرحد ہے، جو دیکھے کہ اس کا گھر منہدم ہوا ہے تو اگر وہ امام عادل کا گھر ہے تو

---

(۱) دابۃ الارض: زمینی جانور جو علامات قیامت میں سے ہے، مکہ مکرمہ میں کوہ صفا سے نکلے گا۔

Marfat.com

• یہ مسلمانوں کی کسی سرحد میں خلل اندازی کی دلیل ہے، اور معلوم یا نامعلوم جگہ میں گھر کی تعمیر زوجہ کی دلیل ہے، اگر وہ کنوارا ہے، جو خواب میں دور سے کوئی گھر دیکھے تو یہ دور کی دنیا ہے جسے وہ حاصل کرے گا، اگر ایسے گھر میں داخل ہوا جو مٹی گارے سے تعمیر شدہ ہے، دوسرے گھروں اور مکانات سے منفرد اور الگ نہیں ہے تو یہ دنیا ہے جسے وہ از روئے حلال حاصل کرے گا، اگر وہ گھر چونے کا بنا ہے تو یہ حرام دنیا ہے، اور خواب میں ان عمارتوں اور مکانات سے باہر نکلنا اپنی دنیا یا اپنی مملوکہ چیز سے دست بردار ہونا ہے، اگر دیکھے کہ وہ ایک نئے گھر میں داخل ہوا ہے اور وہ شخص مالدار ہے تو مالداری میں اضافہ ہوگا، اگر فقیر ہے تو مستغنی ہوگا بشرطیکہ اس گھر کا مالک یا رہائشی گھر میں متمکن ہوا ہو، اور جو یہ دیکھے کہ اپنے پرانے گھر میں ہے پھر وہ گھر منہدم ہوگیا ہے تو وہ کسی قرابت دار سے میراث پائے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ جو شخص خواب میں گھر بنائے تو اس کا کوئی رشتہ دار یا کوئی اولاد فوت ہوگی، اور جو اپنا گھر بیچے تو وہ اپنی زوجہ کو طلاق دے گا، اگر اپنے لئے خواب میں خوبصورت گھر دیکھے تو اس کا عمل صالح ہے، اگر گھر تنگ بدصورت تھا تو یہ اعمالِ بد کی دلیل ہے اور دار (گھر) کبھی مدارات (خاطر تواضع) کی دلیل ہوتا ہے، اور دار (گھر) کبھی گردشِ زمانہ پر دلیل ہوتا ہے، اور آدمی کا گھر اس کے جسم جان اور ذات کی بھی دلیل ہے، اس لئے کہ گھر کی معرفت اس کے ساتھ اور اس کی معرفت گھر کے ساتھ ہوتی ہے، اور گھر آدمی کی عزت و بزرگی اور اس کے اہل کا ستر ہے، اور گھر کبھی اس مال کی دلیل ہوتا ہے جس سے اس کی وابستگی ہے، کبھی اس کے کپڑوں کی علامت ہوتا ہے، جب گھر سے اس کا جسم مراد ہو تو گھر کا دروازہ اس کا چہرہ ہے، اگر گھر سے مراد اس کی زوجہ ہو تو اس کا دروازہ اس کی شرمگاہ ہے، اگر دیکھے کہ وہ گھر میں جھاڑو دیتا ہے تو اس کو غم پہنچے گا یا ناگہانی طور پر مال ملے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ گھر میں جھاڑو دینا زوالِ غم کی نشانی ہے اور بعض کا خیال ہے کہ گھر کا منہدم ہونا گھر کے مالک کی موت کی علامت ہے، اور جو شخص دیکھے کہ وہ نئے گھر کو منہدم کرتا ہے تو وہ شر و فساد اور غم و فکر سے دوچار ہوگا، جو خواب میں گھر فروخت کرے یا خریدے تو اسے خیر کثیر حاصل ہوگا، جو دیکھے کہ اس کے گھر کا صحن یا اس کی چھت معروف طریقہ سے زائد وسیع ہوئی ہے تو یہ اس کی دنیوی وسعت اور زندگی کا حصہ ہے، اگر مریض خواب میں دیکھے کہ وہ گھر سے اس طرح سے باہر کو آیا ہے کہ خاموش ہے کسی سے بات چیت نہیں کرتا ہے تو یہ اس کی موت پر دلیل ہے۔

## ۸۵۴۔ دار السلام (جنّت): دیکھئے الجنّۃ (جنّت)

## ۸۵۵۔ دارۃ الشمس والقمر (سورج و چاند کا دائرہ):

خواب میں سورج و چاند کا دائرہ امور کے ذمہ داران کا ملک میں آنے اور اجتماع کرنے کو ظاہر کرتا ہے، یا پھر بلا و آفت اور معززین پر مختلف طرح کے پیچیدہ مشکلات کا اترنا ہے۔

## ۸۵۶۔ الدالیۃ (انگور کی بیل): دیکھئے الکرم (انگور کی بیل)

Marfat.com

## ۸۵۷۔ دانیال علیہ السلام:

جو شخص دانیال علیہ السلام کو خواب میں دیکھے تو وہ تعبیرِ خواب کا امام ہوگا یا وزیر بنے گا اور علم حاصل ہوگا، اور جابر بادشاہ سے اذیت پائے گا، جو دیکھے کہ جیسے اس نے اپنے کندھے پر دانیال علیہ السلام کو اٹھایا ہے اور اٹھا کر کسی دیوار پر رکھا ہے یا انھوں نے کلام کیا ہے یا اس کو کوئی بشارت سنائی ہے یا انھوں نے اس کو اپنے دستِ مبارک سے شہد چٹوایا ہے تو وہ امامِ تعبیر بنے گا۔

## ۸۵۸۔ داؤد علیہ السلام:

جو خواب میں حضرت داؤد علیہ السلام کی زیارت کرے تو اسے قوّت وسلطنت حاصل ہوگی، کسی غلطی میں پڑے گا، پھر نادم ہو کر زاہد بنے گا، کسی ظالم بادشاہ کی وجہ سے مصیبت میں گرفتار ہوگا، لیکن پھر اللہ تعالیٰ اس کو نجات دیں گے، اس ظالم پر غالب ومنصور ہوگا، اور اللہ تعالیٰ اس کو ملک ومرتبہ سے نوازیں گے، اور بعض کہتے ہیں کہ جو شخص حضرت داؤد علیہ السلام کو خواب میں دیکھے تو وہ اس علاقہ کا حاکمِ عادل یا رئیسِ فاضل یا منصف قاضی وحکیم ہوگا، اور اگر اس علاقہ کا رئیس ظالم ہو تو اللہ تعالیٰ اس کو بدل کر رئیس عادل لے آئیں گے، اور اگر قاضی جابر وظالم ہو تو اللہ تعالیٰ اس کی جگہ پر عادل قاضی لائیں گے، اور حضرت داؤد علیہ السلام کی زیارت خلافت کی دلیل ہے، کبھی ان کی زیارت عورتوں کی آزمائش میں پڑنے یا تلاوت وتسبیح اور قرأت میں خوش آوازی اور خوش الحانی کی دلیل ہے، اور ان کی زیارت خواب میں گناہوں کے چھوڑنے اور توبہ تائب ہونے، رجوع الی اللہ کرنے اور قبولیت توبہ کی علامت ہے، کبھی ان کی خواب میں زیارت لوہے سے بننے والی اشیاء ہتھیار وغیرہ کی دلیل ہوتی ہے، اگر صاحب خواب یہ چیزیں بناتا ہے تو اسے اس سے گراں قدر نعمت وفائدے حاصل ہوں گے، یا اس کے مصائب آسان ہوں گے، کبھی ان کی زیارت حسنِ انجام کی دلیل ہوتی ہے، جو شخص دیکھے کہ وہ حضرت داؤد علیہ السلام کی شکل وصورت میں بدل گیا ہے یعنی اس کی صورت داؤدی ہوگئی ہے یا اس نے ان کا کوئی لباس پوشاک پہنی ہے تو اگر وہ لائق قضاء وحکومت ہے تو یہ عہدہ حاصل کرے گا، اگر لائق حکومت نہیں ہے تو اگر اس کی صنعت ومعیشت لوہے کی ہے یا لوہے سے تعلق رکھتی ہے تو مالی فوائد ہوں گے، اگر ان میں سے کوئی امر نہ ہو تو اگر وہ صاحب خواب نیک صالح آدمی ہے تو اسے زیادتی خیر، کثرتِ آہ وبکاء اور خشوع وحزن وغم کی بشارت دی گئی ہے، اور اگر وہ ظالم جابر ہے یا ان کو دیکھے کہ اس کو خبردار کرتے ہیں یا ان کو ترش رو دیکھے تو اسے چاہئے کہ وہ اللہ تعالیٰ سے ڈرے اور اپنے احوال کی اصلاح کرے۔

## ۸۵۹۔ الدایۃ (دایہ):

خواب میں دایہ کا دیکھنا پوشیدہ اشیاء کے ظہور اور مریض کی موت پر دلیل ہے اور دایہ نصیحت وخیر خواہی کی بات پر

Marfat.com

بھی دلیل ہے، اس لئے کہ یہ اس کے ناموں میں سے ایک ہے، اور کبھی اس کا دیکھنا ہولناک امور کی جانب توجہ یا قیدی کی رہائی اور مصائب وتکالیف کے دور ہونے کی دلیل ہوتا ہے اور کبھی دابہ کا دیکھنا فتنہ وفساد کے بھڑکنے اور آہ وبکاء کی دلیل ہوتا ہے، اور کبھی خسارہ ونقصان کی علامت ہوتا ہے۔

## ۸۶۰۔ الدَّبّ (آہستہ آہستہ چلنا):

خواب میں آہستہ آہستہ چلنا چوری کی یا کسی انسان یا حیوان کی خبروں کے تجسس کی دلیل ہے۔

## ۸۶۱۔ الدُّبّ (ریچھ):

خواب میں ریچھ دیکھنا فتنہ وآفت والے پر دلیل ہے، کبھی اس کا دیکھنا مکروفریب یا بھاری بدن عورت یا قید ہونے اور قید خانہ کی دلیل ہوتا ہے، خواب میں ریچھ دیکھنا احمق دشمن اور مخالف چور ڈاکو کی علامت ہے جو فتنہ وفساد کا حیلہ ڈھونتا ہے، جو خواب میں ریچھ پر سوار ہوا ہو تو اگر ولایت کی اہلیت رکھتا ہے تو خسیس اور گھٹیا ولایت حاصل ہوگی، ورنہ خوف ورنج میں مبتلا ہوگا لیکن پھر نجات ہوگی۔ ریچھ عورت اور سفر کی علامت بھی ہے، بعض کہتے ہیں کہ ریچھ زانیہ عورت ہے، لہٰذا جو اس ریچھ پر سوار ہوا ہوا سے چاہئے کہ بدکاری سے اجتناب کرے۔

## ۸۶۲۔ الدبّاب (ریچھ والا):

یہ وہ شخص ہے جو ریچھ کا شکار کرتا ہے اور اس کو آداب سکھاتا ہے اور نقل اتارنا اور رقص سکھاتا ہے، اس شخص کو دیکھنا خواب میں اصحابِ جہل یا مغنیہ عورتوں کو آداب سکھانے والے آدمی کی دلیل ہے۔

## ۸۶۳۔ الدبّاغ (دباغت دینے والا):

دباغت دینے والا خواب میں دیکھنا حجام کی دلیل ہے، کیوں کہ حجامت (سینگی لگوانا) میں شفاء ہے، جو کسی طبیب کو دیکھے کہ وہ کھالوں کو دباغت دینے والا بن گیا ہے تو یہ اس طبیب کی مہارت کی دلیل ہے، نیز ان لوگوں کی کثرت کی علامت ہے جو اس کے ہاتھوں شفایاب ہوتے ہیں، مگر یہ کہ وہ دیکھے کہ اس کی دباغت خراب ہے تو پھر وہ طبیب جاہل وفریب کار ہے، اور دباغت دینے والا مصلح شخص یا طبیب یا فوت شدگان کے ترکہ میں تصرف کرنے والا ہے، یا اس کا دیکھنا تفکرات وپریشانیوں کی دلیل ہے، اور دباغت دینے والا ظالم آدمی ہے۔

## ۸۶۴۔ الدبدبة (چاپ):

خواب میں گھوڑے وغیرہ کی ٹاپوں کی آواز تاجر مالدار لوگ ہیں، لوگ جن کی طرف دیکھتے ہیں، اسلئے کہ وہ دیناروں کے مالک ومحافظ ہیں، اور خواب میں ٹاپوں کی آواز یا چاپ مالدار مگر بخیل قوم کی علامت ہے۔

Marfat.com

## ۸۶۵۔ الدبر (دُبر):

خواب میں دبر کی تعبیر نکاح ومال سے کی جاتی ہے، جو دیکھے کہ اس کی دبر بند ہوگئی ہے تو وہ وفات پائے گا، دبر ذلیل آدمی ہے، بعض اہل تعبیر کہتے ہیں کہ دبر بانسری اور ڈھول بجانے والا آدمی ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ دبر کوئی ایک محرم ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ دبر ایسا آدمی ہے جو رازوں کو چھپاتا ہے، جو کسی آدمی کی دبر دیکھے تو اس کو اس سے نقصان ہوگا، اور دبر کا کٹنا رشتہ ناطے کا کٹنا اور ختم ہونا ہے، جو کسی شخص کی دبر دیکھے تو وہ ترش رو کو دیکھے گا، اگر دبر سے خون یا براز نکلا ہے تو اسی قدر اس کا مال نکلے گا، اور براز کا غیر معتاد جگہ (خلافِ جگہ) سے نکلنا مال کے غیر مصلحت موقع میں نکلنا ہے، اور بعض کہتے ہیں دبر بیوقوف آدمی ہے، اور نامعلوم عورت کی دُبر دنیا کا مؤخر ہونا ہے، جو دیکھے کہ اس کی دُبر سے کیڑا نکلتا ہے تو وہ اپنے عیال سے جدا ہوگا، اگر دبر سے خون نکلا ہے تو یہ اولاد کی اولاد ہے، اور دُبر سے نکلے خون سے لت پت ہوا ہو تو یہ مال حرام ہے، جس کی دبر یا پیٹ سے کیڑے کا ٹکڑا نکلا ہے تو وہ مجرد (کنواری) قوم سے جدا ہوگا، اور وہ اس کے عیال کا مال کھاتے تھے، اور دبر انسان کا صندوق یا تھیلا یا خزانہ گاہ یا اس کا مال خانہ یا دکان یا نشست گاہ ہے، خواب میں دبر کبھی اس چیز پر دلیل ہوتی ہے جسے وہ بیداری میں لپیٹتا ہے جیسے پردہ، پائجامہ یا جس پر وہ بیٹھتا ہے جیسے چٹائی یا جس پر وہ سواری کرتا ہے جیسے زین یا چوپایہ، اور کبھی دبر اس کے صاحب کی اطاعت اور معصیت کی دلیل ہوتی ہے، اور کبھی دبر لوہار کی دھونکی کی دلیل ہوتی ہے، یا ان پرنالوں کی دلیل ہوتی ہے جو گھر کے گند وغیرہ کو لے جاتا ہے، اور دبر اس وحشتناک گھر پر دلیل ہے جس کی کوئی شخص زیارت نہیں کرتا، یا اس شور زمین کی دلیل ہے جس میں نہ کوئی بیج بوتا ہے اور نہ ہی کاشتا ہے، نیز اس شخص کی علامت ہے جو اپنے شر اور جہالت کی وجہ سے لوگوں سے دور ہٹا ہے، یا دبر بدعت وفسق وفجور کے مقام پر دلیل ہوتی ہے، اور کبھی بدبودار منہ کی دلیل ہوتی ہے، اور کبھی فرحت ومسرت کی علامت ہوتی ہے، اگر خواب میں دبر سے کوئی ردی زیادتی ظاہر ہوئی ہے تو یہ خواب میدان کارزار سے پشت پھیرنے کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ اس کی دبر سے مور نکلا ہے تو اس کے ہاں خوبرو بیٹی پیدا ہوگی، اگر مچھلی نکلی ہے تو بدرو بیٹی پیدا ہوگی، اگر دبر سے جوئیں یا کیڑے نکلے ہیں تو قریبی رشتہ دار اس کے عیال سے علیحدگی اختیار کریں گے، اگر سانپ کی مانند کوئی چیز نکلی ہے تو یہ ہر حال میں غریب عیال ہے۔

## ۸۶۶۔ الدّبور (پچھوا ہوا): دیکھئے الریح (ہوا)

## ۸۶۷۔ الدّبوس (گُرز):

خواب میں گرز محتاجی ہے، اگر بغیر عصا کے لوہا ہو تو یہ بے فائدہ خدمت ہے، یا بلا سامان عورت ہے، گرز موافقت رکھنے والا بھائی یا نرینہ اولاد یا خادم ہے جو اپنے صاحب کا دفاع کرتا ہے۔

Marfat.com

## ۸۶۸۔ الدجاجة (مرغی):

خواب میں مرغی بے وقوف، احمق، صاحبِ جمال عورت ہے، بعض کہتے ہیں کہ مرغی باندی یا خادمہ ہے جس نے خواب میں مرغی ذبح کی تو اس کی کنواری عورت سے شادی ہوگی، اور جس نے خواب میں اس کا شکار کیا اسے حلال خوشگوار مال حاصل ہوگا، اور جس نے مرغی کا گوشت کھایا تو اسے عجمی قیدیوں سے مال نصیب ہوگا، خواب میں جو شخص مرغی کو یا مورنی کو دیکھے کہ وہ اپنے گھر میں آواز نکال رہے ہیں تو وہ صاحبِ فسق وفجور اور مبتلائے بلا وآفت ہے، بعض کہتے ہیں کہ مرغی اور اس کے پُرنفع مند مال ہے، اور جو شخص دیکھے کہ اس نے کالی مرغی ذبح کی ہے تو اس کا کنواری سے نکاح ہوگا، اور مرغی کبھی اس عورت کی دلیل ہوتی ہے جو یتیموں کی پرورش اور ان کی صدقات کی خاطر سعی وکوشش کرتی ہے، اور وہ نافع عورت ہے، مرغیاں کم درجہ اور کم مرتبہ عورتیں ہیں، اور انڈوں پر بیٹھی مرغی نشاط والی اور عمدہ عورت ہے، اور نجاست والی مرغی اصل کے اعتبار سے ردی اور خسیس عورت ہے، مرغی کے بچے اولادِ زنا ہے، کبھی مرغی اولاد والی عورت پر دلیل ہوتی ہے، مرغی کا مریض کے پاس آنا صحت وعافیت کی علامت ہے، اور مرغ کی بانگ اور چوزے شر وفساد یا موت کی دلیل ہے، مرغی کا آنا کبھی کسی مرض کی اطلاع یا زوالِ غم اور خوشی کی دلیل ہے، نیز اظہارِ نعمت کی علامت ہے، اور چوزے اولاد یا خوش کن پوشاک ہے، یا سختی کے دور ہونے کی نشانی ہے، جو اپنے گھر میں کثیر تعداد میں مرغ مرغیاں دیکھے تو یہ ریاست ومالداری اور خوف وخطر کے دور ہونے کی دلیل ہے۔

## ۸۶۹۔ دجّال:

خواب میں دجّال دھوکہ باز ظالم بادشاہ ہے، جو اپنی بات پوری نہیں کرتا ہے، اور اس کے برے پیروکار ہیں، خواب میں خروجِ دجّال دشمن کے تسلط اور زمین میں اس کا پھیلنا ہے، نیز کافر کے شہروں میں سے کسی شہر کے فتح ہونے پر دلیل ہے، نیز دجّال کا دیکھنا سحر وجادو، جھوٹ اور اس کی صحبت، بلا ومصیبت کی دلیل ہے، اور وہ مقامات جہاں سے خواب میں دجّال گزرا وہ جگہیں ظلم وزیادتی، پریشانیوں اور تکلیفوں کی دلیل ہے۔

## ۸۷۰۔ الدجلة (دریائے دجلہ): دیکھئے نھر دجلة (دریائے دجلہ)

## ۸۷۱۔ الدخان (دھواں):

خواب میں دھواں ہولناکی اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے عذاب کی دلیل ہے، نیز بادشاہ کی طرف سے عقوبت (سزا) کی علامت ہے، جو خواب میں دیکھے کہ اس کے گھر یا دکان سے دھواں نکلتا ہے تو اس کو رسوائی، بخار اور خوف وخطرہ کے بعد خیر وخوشحالی حاصل ہوگی، اور یہ چیز بادشاہ کی طرف سے ہوگی، اگر دھواں ایسی ہانڈی کے نیچے ہو جس میں گوشت پکایا

Marfat.com

جاتا ہوتو یہ خوف کے پہنچنے کے بعد فرحت وخیر اور خوشحالی کی دلیل ہے، اگر کسی چیز کا دھواں ایسا ہو کہ اس کی بدبو نہ ہوتو یہ خوف وخطر ہے، جس کے بعد ذلت ورسوائی ہوگی، جو دیکھے کہ دھوئیں نے اس کو سایہ کیا ہے تو اسے بخار ہوگا، گرمی اور سردی میں دھوئیں کی حرارت پہنچنا غم وفکر کی دلیل ہے، اور دھوئیں کا دیکھنا خوفِ عظیم اور قتال شدید ہے، اگر دھواں بھڑکتا ہوتو یہ تیز رفتار قتل وغارت ہے جس کا لوگ شکار ہوں گے، اگر دھواں نہ بھڑکا ہوتو بغیر لڑائی کے مجمع اور بغیر قتال کے فتنہ ہے، خواب میں اگر دھوئیں نے لوگوں کو اذیت پہنچائی ہے اور ان کی آنکھوں پر چھا گیا ہے تو یہ بات ظلم وزیادتی اور تکالیف ومصائب یا قحط سالی یا فناء کے ذریعہ عذابِ خداوندی ہے، اور کبھی دھواں اس جہت سے مختلف خبروں کی دلیل ہے جس جہت وجانب سے وہ دھوں ظاہر ہوا۔

## ۸۷۲۔ الدُخن (باجرا):

خواب میں باجرا اس مال کی دلیل ہے جو دیگر اموال کے ساتھ ملا ہوا ہو، تمام بیج اور دانوں کا یہی حکم ہے، بعض کہتے ہیں کہ باجرا مسکنت (عاجزی) اور مال کے ختم ہونے کی دلیل ہے یا باجرا صرف اس کے لئے اچھا ہے (دیکھنا) جس کا روزگار آگ سے وابستہ ہو۔

## ۸۷۳۔ دخول الدار وغیرھا (گھر وغیرہ میں داخل ہونا):

جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ کسی شخص کے گھر میں داخل ہوا ہے تو وہ اس شخص کی دنیا پر غالب ہوگا، جو دیکھے کہ وہ امام وحاکم کے گھر داخل ہوا ہے اس میں اطمینان وسکون کے ساتھ ٹھہرا ہے تو یہ اس حاکم کے خاص امور میں مداخلت کرے گا، اور امام وحاکم کا کسی جگہ داخل ہونا اس مقام میں نزولِ برکت وعدل کی دلیل ہے، اگر وہ حاکم ظالم ہے تو اس کا کسی جگہ داخل ہونا فتنہ وفساد اور مصائب کی دلیل ہے، لیکن اگر وہ اس جگہ داخل ہونے کا عادی ہے تو پھر کوئی پریشانی کی بات نہیں، جو دیکھے کہ وہ جنت میں داخل ہوا ہے تو وہ انشاء اللہ جنت میں داخل ہوگا، اور یہ خواب بسبب نیک اعمال آگے بھیجنے کے اس کے لئے خوشخبری ہے، جو دیکھے کہ وہ جہنم میں داخل ہوا ہے اور پھر اس سے نکلا ہے تو یہ شخص اہلِ کبائر ومعاصی میں سے ہے، اور یہ خواب اسے ڈراتا ہے تاکہ وہ گناہوں سے باز آجائے اور توبہ کرلے، اور بعض کہتے ہیں کہ جو شخص بھی خواہ وہ مومن ہو یا کافر خواب میں جہنم میں داخل ہوا ہو تو اسے بخار ہوگا، محتاجی پیش آئے گی، اور قید ہوگا، اگر وہ شخص بازاری ہے تو کبیرہ گناہ کرے گا یا کافر فاجر لوگوں سے میل ملاپ رکھے گا، اور بعض اہلِ تعبیر کہتے ہیں کہ حاجی کا جنت میں داخل ہونا اس امر کی دلیل ہے کہ وہ اپنے حج کے افعال پورا کرے گا، اور کعبہ تک رسائی ہوگی، اگر وہ کافر ہے تو دولت اسلام سے نوازا جائے گا، اگر مریض مومن ہے تو مرض سے شفایاب ہوگا، اگر کافر ہے تو کفر سے خلاصی ہوگی، اور اگر غیر شادی شدہ ہے تو شادی ہوگی، اور اگر وہ فقیر ہے تو مستغنی ہوگا، یا میراث میں حصہ پائے گا، جو خواب میں اپنے گھر

Marfat.com

میں داخل ہوا جس کی عمارت، جگہ، افراد اور مٹی نامعلوم ہے اور وہ گھر دوسرے گھروں سے منفرد ہے، خصوصاً جب اس میں مردوں کو بھی دیکھے جن کو وہ پہچانتا ہے تو یہ عالمِ آخرت ہے لہٰذا وہ وفات پائے گا، اگر اس گھر میں داخل ہوکر پھر باہر آ گیا ہے تو وہ موت کے کنارہ پہنچے گا لیکن پھر نجات حاصل ہوگی، جو شخص خواب میں خود کو دارِ آخرت میں دیکھے اور وہ مریض ہو تو وہ آخرت میں دنیا کے فتنوں اور شرور سے محفوظ ہوکر سلامتی کے ساتھ پہنچے گا، اور اگر مریض نہ ہو تو یہ خواب عمل کے قدر ومرتبہ کی دلیل ہے جیسے حج یا جہاد یا زہادت (دنیا سے بے رغبتی) یا عبادت یا علم یا صدقہ یا صلہ رحمی یا مصیبت پر صبر کی علامت ہے، جو دیکھے کہ وہ عالمِ آخرت میں داخل ہوتا ہے اور وہاں کی چیزیں دیکھتا ہے تو خوشحال کے حق میں یہ خواب اس بات کی دلیل ہے کہ وہ علم پر عمل کرے گا اور اس کی استطاعت ہوگی، نیز مضرت و بے کاری کی دلیل ہے، اور جو خوفزدہ یا غمزدہ یا پریشان ہو اس کے حق میں مذکورہ خواب خوف وغم اور پریشانی کے دور ہونے کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ وہ آخرت میں جانے کے بعد وہاں سے واپس لوٹا ہے تو وہ حالت مسافرت سے اپنے شہر لوٹے گا، اگر درمیان میں زمانہ اور وقت طویل ہوا ہے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ وہ مسافرت کی حالت میں رہے گا، اور خواب میں مکہ مکرمہ میں داخل ہونا گنہگار کے حق میں توبہ کی، کافر کے حق میں اسلام کی اور غیر شادی شدہ کے لئے شادی کی دلیل ہے، اگر صاحب خواب کا کسی کے ساتھ جھگڑا ہو تو یہ خواب مخاصمت میں اس کی مدد وغلبہ کی دلیل ہے، اور مکہ مکرمہ میں داخل ہونا خوف سے مامون ہونے کی دلیل ہے، خواب میں جو مقامِ ابراہیم علیہ السلام میں داخل ہوا ہو تو اگر وہ خائف ہے تو مامون ہوگا، مقامِ ابراہیم علیہ السلام میں داخل ہونا منصبِ جلیل سنبھالنے کی بھی دلیل ہوتا ہے، جیسے بادشاہت یا افادۂ علم کے درپے ہونے یا اپنے والد یا والدہ کی وراثت کا وارث ہوگا، اور خواب میں بیت اللہ اور مسجد حرام میں داخل ہونا گھر میں دلہن کے ساتھ داخل ہونے کی دلیل ہے، اور خواب میں مسجد حرام میں داخل ہونا خوف سے مامون ہونے اور وعدہ کی سچائی کی علامت ہے، اور بازار میں داخل ہونا حصول رزق کی کوشش کرنا ہے، اور گھر میں داخل ہونا شادی نکاح کے ارادہ پر دلیل ہے، اور مسجد میں داخل ہونا گناہوں سے دستبرداری کی دلیل ہے، گرجا گھر وغیرہ میں داخل ہونا فسادِ دین کی علامت ہے۔

## ۸۷۴۔ الدُّرّاج (تیتر):

اس کلمہ کے دو معنی ہیں، ہر ایک کی تعبیر الگ ہے، پہلے معنی (تیتر) کے اعتبار سے اس کی تعبیر فارسی عورت ہے، بعض کہتے ہیں کہ تیتر خواب میں غلام ہے، لہٰذا جو دیکھے کہ اس نے تیتر پکڑا ہے تو اس کی فارسی عورت سے شادی ہوگی، یا بادشاہ سے غلام ملے گا یا مال ملے گا، تیتر دھوکہ باز آدمی ہے، جو شخص دیکھے کہ اسے تیتر ہاتھ لگا ہے تو اسے خائن دھوکہ باز عورت ہاتھ لگے گی، جس میں کوئی خیر کا پہلو نہیں ہے، اور دوسرے معنی (لباس) کے اعتبار سے اس کی تعبیر قوت، چوٹی اور پشت ہے، نیز حسین وجمیل عورت ہے، جو دیکھے کہ اس نے لباس تہبند کے ساتھ اوڑھا ہے اور پھر سوگیا ہے تو اس کی کسی

Marfat.com

عورت سے شادی ہوگی، اگر موتیوں کا لباس دیکھے تو اس کی بیوی کتاب اللہ کی حافظہ ہے۔

## ۸۷۵۔ الذُرّاعة (کوٹ):

خواب میں کوٹ دیکھنا عورت یا غم والم سے نجات کی دلیل ہے، اگر کاتب دیکھے کہ اس کے بدن پر کوٹ ہے اور ہاتھ میں قلم وکاغذ ہے تو وہ خدمت شاہی کی وجہ سے فقر واحتیاج سے مامون رہے گا۔

## ۸۷۶۔ الدُرابة (مہارت):

خواب میں کام کی مہارت آدمی کا مال ہے، اور کام کی مہارت ادب سکھانے والے کے حق میں اس کی جماعت پر اور کاریگر کے حق میں اس کی کاریگری اور مساعدت پر یا اس کے ماتحت اور زیرِ حفاظت اہل خانہ کی دلیل ہے جو اس کی ضروریات کا خیال رکھتے ہیں، یا مہارت اس کے سرمایہ یا معارف اور اس کے وہ اصحاب ہیں جن کے ساتھ وہ اظہار مہربانی کرتا ہے۔

## ۸۷۷۔ الدرب (گلی یا راستہ):

گلی راستہ کا حکم شہر کے دروازہ کی طرح ہے، جو شخص خواب میں دن کے وقت گلی یا راستہ بند دیکھے تو یہ اس شہر میں کسی ایسے واقعہ کی دلیل ہے جو بابِ شہر کی بندش کا باعث ہوگا، کبھی گلی یا راستہ تاجر کی تجارت یا والی کی ولایت یا صنعت کار کی صنعت میں دخل دینے کی دلیل ہوتی ہے، اور جو خواب میں گلی یا راستہ کھلا ہوا دیکھے تو وہ کسی عمل میں مداخلت کرے گا۔

## ۸۷۸۔ الدَرج (سیڑھی):

خواب میں سیڑھی رفعت وبلندی کے اسباب کی دلیل ہے، نیز دنیا وآخرت میں سر بلندی کی علامت ہے، اور سیڑھی کبھی سفر کے مراحل اور مسافروں کی ان منازل کی دلیل ہے جہاں وہ درجہ بدرجہ اور مرحلہ وار قیام کرتے ہیں، اور سیڑھی کبھی عمر کے ان ایام کی نشانی ہوتی ہے جو انتہاء تک پہنچاتے ہیں، اور سیڑھی کبھی گھر کے خادم اور غلام کی علامت ہوتی ہے، خواب میں جو نامعلوم سیڑھی پر چڑھا ہے اور سیڑھی کے آخر تک پہنچا ہے تو اگر وہ مریض ہے تو وفات پائے گا، اور سیڑھی سے اُترنا سفر سے واپسی کی دلیل ہے اگر وہ مسافر ہے، اور اگر رئیس ہے تو اپنی ریاست (سرداری) سے اُترے گا یعنی اپنے عمل سے معزول ہوگا، اگر وہ (صاحب خواب) سوار ہے تو پا پیادہ چلے گا، اور اگر اس کی بیوی بیمار ہے تو جاں بحق ہوگی، اگر مریض دیکھے کہ وہ سیڑھی سے نیچے معلوم جگہ پر یا اہل خانہ کے پاس اترا ہے تو وہ بیماری سے شفایاب ہوگا، اگر مریض کا سیڑھی سے اترنا نامعلوم مقام کی طرف ہو جس مقام کو وہ نہیں جانتا یا مردہ لوگوں کے پاس ہو جنہیں وہ جانتا ہے تو اس کی تعبیر بھی مذکورہ تعبیر کی طرح ہے، اور اگر وہ گڑھے میں یا گہرے کنوئیں میں اتر کر شیر کے پاس گیا جس نے ان کو شکار کیا ہے یا پرندہ کے پاس جس نے اس کو اچک لیا تو یہ سیڑھی دارِ اصل اسکی عمر کے ایام ہیں، سیڑھی اگر کچی اینٹوں کی ہو تو

Marfat.com

وہ نیک صالح شخص ہے، اگر پکی اینٹوں کی ہے تو یہ مکروہ امر ہے، بعض اہل تعبیر کہتے ہیں کہ سیڑھی اصل میں چند نیک عمال ہیں پہلی نماز، دوسرا روزہ، تیسری زکوٰۃ، چوتھا صدقہ، پانچواں حج بیت اللہ، چھٹا جہاد فی سبیل اللہ اور ساتواں قرآن پاک، اور ہر سیڑھی نیک اعمال پر دال ہے، جبکہ وہ سیڑھی کچی اینٹوں یا مٹی گارے کی ہو، لیکن اگر سیڑھی پکی اینٹوں کی ہے تو یہ کوئی خیر کی بات نہیں، مٹی گارے کی سیڑھی والی کے لئے دین کے ساتھ ساتھ رفعت وعزت کی علامت ہے، اور تجارت کے لئے دین کے ساتھ نفع کی دلیل ہے، اگر سیڑھی پتھروں کی ہو تو یہ سنگدلی کے ساتھ رفعت وبلندی کی دلیل ہے، اگر لکڑی کی ہو تو یہ ریاکاری ومنافقت کے ساتھ رفعت وبلندی کی علامت ہے، اگر سیڑھی سونے کی ہے تو اس کا صاحب خیر وخوشحالی اور حکومت حاصل کرے گا، اور اگر چاندی کی ہو تو اسے ہر زینہ کے بقدر باندیاں حاصل ہوں گی، اور اگر پیتل کی ہو تو اسے دنیا کا مال ومتاع حاصل ہوگا، خواب میں جو شخص سیڑھی چڑھے تو اسے فہم وفراست اور ذہانت حاصل ہوگی، جس کی وجہ سے وہ بلند مرتبہ بنے گا، اور بعض کا قول ہے کہ سیڑھی زاہد عابد آدمی کی دلیل ہے، جو اس کے قریب ہوا ہو اسے عبادت وسرفرازی ملے گی، ہر طرح کی سیڑھی والی کے حق میں ولایت وحکومت کی علامت ہے، اور تعمیر شدہ سیڑھی معاملات کی آسانی وسہولت کی دلیل ہے، اگر لکڑی کی سیڑھی عمارت بن گئی ہو تو یہ امور میں ثابت قدمی اور قابل ستر چیز کے مستور ومخفی ہونے کی دلیل ہے، اور سیڑھی پر چڑھنا رفعت وبلندی ہے، جس کو چڑھنے والا بتدریج حاصل کرے گا، اور زینے جنت کے منازل ودرجات ہیں، جو سیڑھی کے جتنے زینے چڑھے تو وہ اسی قدر سال زندہ رہے گا، اور پانچ زینے پانچ نمازیں ہیں، ان زینوں میں جو کوئی نقص پیدا ہوا ہو وہ درحقیقت نمازوں میں نقص وکوتاہی ہے۔

## ۸۷۹۔ الدُّرج (صندوقچہ):

خواب میں کتاب کا صندوق دیکھنا اس مجلّد کتاب پر دلیل ہے جو کلام کے جواہر پر مشتمل ہو، یا مالدار زوجہ کی یا کنواری عورت کے حق میں مالدار مرد کی علامت ہے، اور دیگر صندوقچے جیسے عطار وغیرہ کا ہوتا ہے ان کا دیکھنا نفع وفائدہ اور حاجات کے پورا ہونے اور اس کے بقدر متفرق امور کے جمع کرنے کی علامت ہے، اور کاغذوں کا پلندہ اس کی عمرِ طویل ہے، اور بشارت وخوشخبری ہے، جو ایسا صندوق دیکھے جس میں موتی یا جواہرت جڑے ہوں تو یہ خوشی اور خوشخبری ہے۔

## ۸۸۰۔ الدرع (زرہ):

خواب میں زرہ دشمن سے حفاظت کی دلیل ہے، جو شخص دیکھے کہ وہ زرہ بناتا ہے تو وہ قلعہ تعمیر کرے گا، جو خواب میں اپنے جسم پر زرہ دیکھے تو وہ قلعہ ہے، جو دیکھے کہ اس نے زرہ پہنی ہے تو اسے کسی محفوظ علاقہ میں عظیم سلطنت حاصل ہوگی، نیز وہ متزلزلی سے پُرامن اور ہر غم سے نجات پائے گا، اگر وہ تاجر ہے تو یہ تجارتی فضل ومرتبہ ہے اور امن وحفاظت، اگر سچا ہے تو وہ کریم شخص ہے، اعانت چاہنے والوں کی اعانت کرتا ہے، پناہ چاہنے والوں کو پناہ دیتا ہے، اور زرہ کا پہننا ایک نعمت

Marfat.com

ہے جو اسے کسی آدمی سے حاصل ہوگی، نیز اچھے برے حال میں محفوظ رہے گا، اور ہر مکار کے مکروہ دھوکہ سے نجات پائے گا، جو شخص دیکھے کہ اس کے بدن پر لوہے کی زرہ ہے تو یہ اس کے دین کی حفاظت واستحکام ہے، بعض کہتے ہیں کہ زرہ کا پہننا مال وملک کے حصول کی دلیل ہے، زرہ خوف سے پرامن ہونے، مال ومنفعت اور زوجہ کی پاکدامنی کی دلیل ہے، اور عورت کے حق میں زرہ نقاب ہے یا زوج ہے جو اس کو چھپاتا ہے، اور زرہ عطائے سلطانی کی دلیل ہے، زرہ پہننا مددگار بھائی یا شفیق بیٹے کی دلیل ہے، بعض کا قول ہے کہ زرہ مال وملک ہے، بعض کہتے ہیں کہ جو ہتھیار جسم کو ڈھانکتے اور بچاتے ہیں جیسے زرہ، ڈھال، بازو بند، خود وغیرہ ان کا دیکھنا لباس وکپڑوں کی دلیل ہے، اور لوہے کے دو بازو بند اس کے دو قرابتدار ہیں، جو دیکھے کہ اس نے دو بازو بند پہنے ہوئے ہیں تو وہ اپنے کسی رشتہ دار آدمی کے ہاتھوں قوی ومضبوط ہوگا، اور بعض کا خیال ہے کہ اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ دو قوی اور عظیم آدمیوں کی صحبت اختیار کرے گا، اور کبھی اس کی تعبیر وتاویل اس کے بھائی یا بیٹے سے ہوتی ہے، جو شخص دیکھے کہ اس نے لوہے کے دو بازو بند پہن رکھے ہیں تو یہ اولاد اور سفر میں قوّت وہمّت کی دلیل ہے۔

## ۸۸۱۔ الدرقة (چمڑے کی ڈھال):

جو زرہ کی تعبیر ہے وہی اس کی ہے، اور اس میں زیادہ احتیاط ہے، جو دیکھے کہ اس نے چمڑے کی ڈھال خریدی ہے تو اسے عورت ملے گی یا چمڑے کی ڈھال اس چیز سے حفاظت وامن کی دلیل ہے جس سے آدمی خوف رکھتا ہے۔

## ۸۸۲۔ الدَرَن (میل کچیل):

خواب میں میل کچیل قرض کی یا مرض یا بامشقت سفر کی دلیل ہے، اور جسم وبدن پر میل کچیل کی علامت ہے، اور درن (میل کچیل) اشتقاق کی وجہ سے ہم مثل، نردکھیل یا ہر شاذ ونادر فن کی دلیل ہے، اور جسم اور چہرہ پر میل دیکھنا کثرت گناہ کی دلیل ہے۔

## ۸۸۳۔ الدِرة (دُرّہ):

خواب میں دُرّہ (جس سے مارا جاتا ہے) ولایت وحکمرانی ہے، جو سلطان کو دیکھے کہ اس کے پاس درہ ہے تو وہ اس کو کوئی ولایت دے گا، نیز دُرّہ کی ملکیت ادب، اتباعِ سنّت اور عزّت ومنصب کی دلیل ہے۔

## ۸۸۴۔ الدُرّة (بڑا موتی):

خواب میں بڑا موتی دیکھنا حاملہ کے حق میں نرینہ اولاد ہے، چنانچہ جو خواب میں اپنی زوجہ کو دیکھے کہ اس نے اسکو موتی دیا ہے تو اس کے ہاں نیک صورت نرینہ فرزند پیدا ہوگا، اگر وہ موتی بے ضو ہے (روشنی اس کی نہیں تھی) مادینہ اولاد ہے، اگر خواب میں اپنی زوجہ سے موتی لیا ہے اور اس کو لیکر صندوق میں چھپایا ہے یا کوئی کپڑا اس پر ڈال دیا ہے تو یہ بھی

Marfat.com

مادینہ (مؤنث) اولاد ہے، اور عورت کے حق میں موتی خیر کی بات ہے، اگر عورت شادی شدہ نہ ہوتو موتی اس کی شادی پر دلیل ہے، اگر وہ بے اولاد ہوتو یہ خواب ظاہر کرتا ہے کہ اس کے ہاں عنقریب اولاد ہوگی، اگر وہ عورت خاوند والی ہے اور خواب میں وہ جنتی ہے تو یہ مالداری کی دلیل ہے، جو شخص خواب میں جواہر کو شیشہ کے عوض خریدے یا تبدیل کرے یا سیپیوں کے بدلہ میں گھر خریدے یا بدلے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ وہ آخرت کے مقابلہ میں دنیا کو، طاعت کے مقابلہ میں معصیت کو پسند کرتا ہے اور ترجیح دیتا ہے، یا وہ اپنے دین سے پھر جائے گا، اور موتی قرآنِ کریم، علم، خوبصورت کلام، لڑکے لڑکیاں اور مال اولاد کی دلیل ہے، جو شخص دیکھے کہ وہ موتی میں سوراخ کرتا ہے تو وہ قرآنِ پاک کی درست تفسیر کرتا ہے یا کرے گا۔

## ۸۸۵۔ الدرهم (درہم):

خواب میں اگر درہم (روپے پیسے) حاملہ عورت کے پاس ہوں تو یہ اولاد کی دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ دراہم ذکر وتسبیح پر دال ہیں، دراہم کبھی دردناک ضرب کی دلیل ہوتے ہیں، بعض کا خیال ہے کہ خواب میں دراہم ملنا بیداری میں اتنی ہی تعداد میں دراہم کے حاصل ہونے کی دلیل ہے، اگر دراہم تھیلی یا بٹوے یا جیب وغیرہ میں ہوں تو اس کے پاس کوئی راز رکھا جائے گا جس کی وہ اپنے صاحب کے لئے حفاظت کرے گا، اور دراہم کلام کی دلیل ہے، اگر درہم عمدہ اور کھرے ہوں تو یہ علم، خوش کلامی، حاجت کے پورا ہونے یا نماز کی دلیل ہے، اور دراہم کی تعداد نیک اعمال کی تعداد ہے، اور کشادہ دراہم کشادہ دنیا کی دلیل ہے، جو خواب میں اپنے بازو پر درہم باندھے ہوئے دیکھے تو یہ صنعت ہے جسے وہ حاصل کرے گا، اور جو خواب میں دیکھے کہ اس کے کسی انسان کے ذمہ کچھ دراہم ہیں تو یہ اس کے ذمہ اس کی سچی شہادت (گواہی) ہے، اگر اس شخص نے وہ دراہم اس کو ٹوٹے ہوئے دیئے تو وہ گواہی سے انحراف کرے گا، اور جو خواب میں دیکھے کہ اس نے صحیح درہم گنوایا ہے تو وہ کسی جاہل کو نصیحت کرے گا، اور وہ جاہل اس کی نصیحت نہیں سنے گا، اس لئے کہ اس نے صحیح کلام ضائع کردیا ہے، اور دراہم ودنانیر (روپے پیسے) کی آواز سننا خوش کلامی کی دلیل ہے، اور بے نقش درہم محتاط کلام کی دلیل ہے، اور وہ درہم جن میں صورتیں بنی ہوں ان کا دیکھنا ان کے اٹھانے والے اور ڈھالنے والے کے بدعت پر دلیل ہے، اور کاٹے ہوئے (ٹکڑے ہوئے) دراہم نہ ختم ہونے والی خصومت (جھگڑا) ہے اور درہم لینے کا خواب درہم دینے سے بہتر ہے، جو خواب میں اپنے پاس دس درہم دیکھے پھر وہ پانچ ہو گئے ہوں تو اسی حد تک اس کے مال میں کمی واقع ہوگی، اگر پانچ درہم ہوں جو پھر دس بن گئے ہوں تو اسی حد تک اس کے مال میں اضافہ ہوگا، اور صاف ستھرے دراہم صاحب خواب کی صفائی دین اور ہر انسان کے ساتھ حسنِ معاملہ کی دلیل ہے، خواب بکھرے پڑے درہم خوش کلامی ہے، جو خواب میں دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں درہم (چاندی کا سکہ) ہے جو پھر تھوڑی دیر میں فلس (تانبے کا سکہ) بن گیا ہے تو وہ افلاس کا شکار ہوگا، اور اگر اس کے ہاتھ میں فلس ہو جو پھر دراہم بن گیا ہوتو اسے نفع، خیر ونصیحت حاصل ہوگی، اگر خواب میں

Marfat.com

درہم نصف ہوگیا ہوتو اس کے نصف مال میں خسارہ ہوگا، اگر درہم مربع (چوتھائی) رہ گیا ہوتو بھی یہی تعبیر ہے، اگر خواب میں دراہم (چاندی کا سکہ) دینار (سونے کا سکہ) بن گیا ہوتو وہ کمائے گا، اگر درہم سونے کا ایک ٹکڑا بن گیا ہوتو یہ مال ہاتھ سے جانے کی دلیل ہے، اور درہم کا موجود ہوجا سرور ونفع کی دلیل ہے، اور کھوٹے ردی درہم دھوکہ فریب، کذب، جھوٹ، حرام معیشت اور کبیرہ گناہوں کے ارتکاب کی دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ خواب میں جسے عمدہ کھرے دراہم دیئے گئے ہوں تو اس پر رویا جائے گا، اگر خود اس نے کسی کو دراہم دیئے ہیں وہ اس پر روئے گا، خواب میں جو دیکھے کہ اس کے دراہم گم ہوگئے ہیں یا چوری ہوگئے ہیں تو اس کی اولاد کو کوئی شکایت وتکلیف ہوگی، یا اسے کوئی ناگوار امر پیش آئے گا، جو دیکھے کہ دراہم اس کے ہاتھ سے اس طرح جاتے رہے ہیں کو واپسی کی کوئی صورت نہیں ہے یا اس سے چھینے گئے ہیں تو اس کی اولاد فوت ہوگی، خواب میں جو درہم چرائے اور انہیں صدقہ کرے وہ ان سنی بات نقل کرے گا، بعض اہل تعبیر کہتے ہیں کہ خواب میں دراہم شر کی دلیل ہے، اور ردی کھوٹے درہم اور سکہ پر لگی ہوئی مہر وغیرہ برے کلام کی دلیل ہے، اور دراہم مرہم ہے جن سے دلوں کے زخم کا علاج کیا جاتا ہے اور غمزدہ کے غم کو دور کیا جاتا ہے، نیز فکر وپریشانی دلیل ہے، اگر دراہم کھوٹے ہوں تو یہ قول وفعل میں خیانت ودھوکہ، نفاق اور عمل میں ریاکاری کی دلیل ہے اور واضح صاف دراہم ولایت وحکومت، صوبہ وضلع اور جمع شدہ مال ہے، اور نیز درہم حبس (قید ہونا) اور ضرب یا بیع وشراء کی دلیل ہے، نیز خوف سے امن یا رزق میں وسعت کی علامت ہے، اگر دراہم (چاندی کے سکے) دنانیر (سونے کے سکے) کے ساتھ ملے ہوئے ہوں تو یہ قبولیت دعا، قضائے حاجات اور شفائے امراض کی دلیل ہے، اور جعلی یا کھوٹے درہم ردی، اور گھٹیا کلام یا ایسا خادم ہے جس میں کوئی خیر نہیں ہے، اور دراہم کبھی مشکل صورت سے حاجات کے پورا ہونے کی دلیل ہوتے ہیں۔

## ۸۸۶۔ الدریاق (تریاق):

خواب میں تریاق (دوا) خوف سے مامون ہونے کی دلیل ہے، ایک شخص امام ابن سیرین رحمہ اللہ تعالیٰ کے پاس آیا اور اس نے کہا کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ ایک سانپ نے میرے ہاتھ کے انگوٹھے کو ڈس لیا جس سے وہ انگوٹھا متورم ہوگیا، پھر میں نے تریاق لیا اور اسے اپنے منہ میں رکھ لیا جس سے درد جاتا رہا اور میں ٹھیک ہوگیا، تو یہ سن کر ابن سیرین رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ تو ایسا آدمی ہے جس کا فاجر لوگوں سے میل جول ہے، ان کو تریاق اچھا نہیں لگا، اور فرمایا کہ میں دیکھتا ہوں کہ تو نے ایک ایسی چیز سے پناہ چاہی ہے جس کے بارے میں معلوم نہیں کہ وہ کیا ہے۔

## ۸۸۷۔ الدَسْت (پیتل کی دیگ):

خواب میں دیگ اعلیٰ منصب کی دلیل ہے۔

## ۸۸۸۔ دعامة البیت (گھر کا ستون):

خواب میں گھر کا ستون (جس پر چھت کھڑی کی جائے) مال یا زوجہ ہے۔

Marfat.com

## ۸۸۹۔ الدُعا (دعا):

خواب میں دعا کرنا بیداری کی حالت میں عبادت یا نماز کی دلیل ہے، نیز دعا حصول مقصد اور اولاد کی دلیل ہے، اگر خواب میں دعا خوب شدت اور چیخ وپکار کے ساتھ ہو تو یہ فتنوں اور مصائب کی علامت ہے، کبھی دعا بارش کی قلت کی دلیل ہوتی ہے جبکہ دعا چیخ وپکار کے ساتھ ہو، اگر دعا نماز کی دلیل ہو اور وہ دعا معروف ہو تو وہ نماز فرض نماز ہے، اگر دعا خفیف اور آہستہ آواز میں ہو تو مبارک اولاد نصیب ہوگی، اگر چند لوگوں کو دعا میں مجتمع (جمع ہوئے) دیکھے تو یہ اولاد کا جمع ہونا ہے، نیز عزت ونعمتوں میں ترقی وبرکت کی اور زوالِ بدبختی کی دلیل ہے، اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے دعا سے اجتناب کیا ہے تو وہ محروم ہوگا، جو دیکھے کہ وہ اللہ تعالیٰ سے دعا کر رہا ہے یا اس کو پکارا جاتا ہے تو اسے خیر ونعمت ملے گی، اور نیز دعا قضائے حاجات کی دلیل ہے، بعض کہتے ہیں کہ دعا قبولیت کی علامت ہے خصوصا جبکہ دعا اللہ تعالیٰ کے گھروں میں سے کسی گھر میں مانگی ہو جیسے مسجد، اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے اندھیرے میں دعا کی ہے تو وہ غم وپریشانی سے نجات پائے گا، اگر دیکھے کہ وہ کسی شخص کو پکارتا ہے تو وہ خوف سے اس کے سامنے عاجزی کا اظہار کرے گا۔

## ۸۹۰۔ الدعموص (پانی کا سیاہ کیڑا):

پانی کا سیاہ کیڑا (جو تالابوں میں پانی کم ہونے پر دکھائی دیتا ہے) گورکن خسیس ملعون آدمی ہے، اس لئے کہ وہ نیچے تک پہنچا ہوتا ہے۔

## ۸۹۱۔ الدعوۃ للطعام (دعوتِ طعام):

خواب میں طعام کی دعوت کسی خیر کے کام پر جمع ہونے کی دلیل ہے، جو خواب میں دیکھے کہ وہ ایک قوم کی دعوت کا ارادہ کرتا ہے تو وہ ایسے کام میں دخل دے گا جس پر اسے ملامت کیا جائے گا اور اس سے شکایت کی جائے گی، اگر دیکھے کہ اس نے دعوت کا اہتمام کیا ہے اور اس دعوت میں لوگ حاضر ہوئے ہیں، اور لوگوں کو دیکھا کہ وہ کھانے سے فارغ بھی ہوئے ہیں تو وہ ان کا رئیس بنے گا، اگر وہاں کوئی غمزدہ یا مریض ہو تو شفا پائے گا، اگر دیکھے کہ اس نے دعوت تیار کی ہے تو اس کا غائب واپس آجائے گا، جو شخص دیکھے کہ وہ لوگوں کو ضیافت کے لئے بلاتا ہے تو وہ باعثِ ندامت وملامت امر میں پڑے گا، جو دیکھے کہ اسے نامعلوم مجلس کی طرف دعوت دی گئی ہے جس مجلس میں بہت سے پھل میوے ہیں اور پینے کی اشیاء ہیں تو اسے جہاد کی دعوت دی جائے گی اور وہ اس میں شہادت حاصل کرے گا، خواب میں دعوت ولیمہ ملامت وندامت کی دلیل ہے۔

## ۸۹۲۔ الدغدغۃ (گدگدی):

جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ کسی آدمی کو گدگداتا ہے تو وہ اس کے اور اس کی صنعت کے درمیان حائل ہوگا۔

Marfat.com

## ۸۹۳۔ الدف (طبلہ):

خواب میں طبلہ یا ڈف فکر وغم اور مصیبت کی دلیل ہے، طبلہ پاس ہونا شہرت کی نشانی ہے، اگر طبلہ وغیرہ کسی بچی کے ہاتھ میں ہوتو وہ مشہور ظاہر خیر ہے، طبلہ مشہور باطل آواز ہے، اگر طبلہ کسی آدمی کے پاس ہوتو اس کی وجہ سے اسکا ہر مقرب شخص شہرت پائے گا، اگر طبلہ کسی عورت کے پاس ہوتو یہ مشہور امر یا لوگوں میں مشہور سنت (طریقہ) اور لہو ولعب کے آلات جیسے باجا، بانسری وغیرہ اور مغنیات (گانا گانے والیاں) سب کی سب اس گھر کے افراد کے لئے مصیبت کی علامت ہے، دف (ڈف طبلہ وغیرہ) کبھی نکاح اور کبھی غائب شخص کی آمد کی دلیل ہوتی ہے۔

## ۸۹۴۔ الدفء (گرمی): دیکھو الحرّ (گرمی)

## ۸۹۵۔ دفاع عن العرض (عزت وآبرو کا دفاع):

اس کی تعبیر امر بالمعروف اور نہی عن المنکر، نیز صلہ رحمی اور محصن (شادی اور پاکدامن) ہے"۔

## ۸۹۶۔ الدفتر (رجسٹر):

خواب میں رجسٹر صاحب خواب کی زندگی کا انتظام اور قدیم اشیاء کی یاد آوری کی دلیل ہے، اور بادشاہوں کے رجسٹر ان کے اضلاع وخزائن کی دلیل ہوتا ہے۔ رجسٹر کا دیکھنا رزق وفوائد کی علامت ہے، کبھی رجسٹر کا دیکھنا اندوہ غم اور ضرب وتعلیق کی دلیل ہوتا ہے۔

## ۸۹۷۔ الدفن (دفن کرنا):

خواب میں جو دیکھے کہ وہ مردہ ہے اور اس کو دفن کیا گیا ہے تو وہ سفر دراز کرے گا، اور اسے مال ودولت حاصل نہیں ہوگا، اور جو دیکھے کہ وہ مرے بغیر ایک قبر میں دفنایا گیا ہے تو اگر دفنانے والے کو جانتا پہچانتا ہے تو وہ اس پر ظلم یا قہر وجبر یا حبس کر کے ظلم کی ابتداء کرے گا، اگر دیکھے کہ وہ اس کے بعد قبر میں مرگیا ہے تو وہ اسی مصیبت میں مرجائے گا، اور اگر قبر میں (دفنانے کے بعد) نہیں مرا ہے تو وہ اس ظلم وجبر وحبس وغیرہ سے نجات پائے گا، اگر دیکھے کہ اسے قبر کے گڑھے کے حوالہ کردیا گیا ہے تو وہ ہلاکت کے حوالہ ہوگا، اگر اس کو لحد میں اتارا گیا ہے تو اسے گھر حاصل ہوگا، اگر اس پر مٹی بھی برابر کردی گئی ہے تو اسی قدر مال حاصل ہوگا، اہل تعبیر کہتے ہیں کہ قبر میں دفن ہونا فساد دین ہے سوائے اس کے کہ وہ دفن کے بعد قبر سے باہر نکل آیا ہو، اگر دیکھے کہ اس پر مٹی ڈالی گئی ہے اور لوگوں نے اپنے ہاتھ جھاڑ لئے ہیں تو وہ توبہ سے ناامید ہے، خواب میں طلوع آفتاب کے بعد یا دوپہر کے وقت یا بوقت مغرب دفن ہونا امر بالمعروف ونہی عن المنکر کی دلیل ہے، اور زندہ شخص کا دفن ہونا مکر ودھوکہ ہے، کبھی فقر کے بعد استغناء اور کنوارے پن کے بعد شادی شدہ ہونے اور وحشت کے

Marfat.com

بعد انسیت پیدا ہونے کی دلیل ہوتا ہے، اور میت کا زندہ کو دفن کرنا قرض میں مستغرق ہونے کی دلیل ہے، اور میت کا دوسری بار دفن کرنا اس سے سرزد برائی سے چشم پوشی برتنے کی دلیل ہے، اور میت کا میت کو دفن کرنا عزیز و اقرباء کے مابین اتحاد، یکجہتی، مودت ومحبت کی دلیل ہے، دفن کرنا کبھی قید خانہ، یا مرض یا نکاح یا رہن یا ودیعت وامانت رکھنے کی دلیل ہوتا ہے، جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ فوت ہوگیا ہے یا دفن کیا گیا ہے تو وہ توبہ کے راستہ پر نہیں ہے، اگر دیکھے کہ وہ قبر سے باہر نکلا ہے تو وہ توبہ کرے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ دفن ہونا یا کرنا نکاح کی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ وہ بلا موت کے دفن کیا گیا ہے تو وہ قید ہوگا اور اس پر تنگی کی جائے گی۔

## ۸۹۸۔ الدفوفي (طبلہ باز):

خواب میں اس کا دیکھنا فرحت ومسرت کی دلیل ہے، اگر خواب میں کسی مریض کے پاس گیا ہے اور اس پر طبلوں کے ذریعہ نوحہ کیا گیا ہے تو امکان ہے کہ وہ مریض تندرست ہو اور لوگ اس کی ضیافت میں جمع ہوں۔

## ۸۹۹۔ دفينة الجاهلية (جاہلیت کا دفینہ):

خواب میں جاہلیت کا دفینہ وخزانہ دیکھنا مال غنیمت اور رزق حلال کی دلیل ہے، یا پھر میراث کی علامت ہے، اور یا ولدِ زنا یا لقیط (یافتہ بچہ) کی دلیل ہے، اس لئے کہ وہ غیر کا حاصل کیا ہوا ہے۔

## ۹۰۰۔ الدّق (تپ دق):

خواب میں تپ دق ہونا فتنہ انگیزی اور نزاع کی دلیل ہے۔

## ۹۰۱۔ الدّقاق (ریزے وٹکڑے):

خواب میں ریزے اصلاح کرنے والا ہے، اور خواب میں سونے اور قلعی کے ریزے اور ٹکڑے دیکھنا راحت وسکون، شر (برائی) کے کسب اور خصومت ونزاع کی دلیل ہے، یا جس چیز کے درست ہونے کی امید ہو اس کے خراب ہونے کی علامت ہے، نیز ریزے اور ٹکڑے اہل شر وفساد پر سونے چاندی کا مال خرچ کرنے، افترا پردازی اور کذب بیانی کی دلیل ہے، ریزے اور سامان والے ایسے لوگ ہیں جنہوں نے اپنے دین پر دنیا کو ترجیح دی ہے، جبکہ انھوں نے اس کی قیمت لی ہو، لیکن اگر انھوں نے یہ ریزے بلا ثمن وقیمت فروخت کئے ہیں اور ان کی بیع بھی خلاف شرع نہیں تھی تو وہ پھر ایسے ہیں جو اپنے دین کے معاملہ کو اپنی دنیا پر ترجیح دیتے ہیں، اور وہ اللہ تعالیٰ کے شکر گزار ہیں، اور اگر انھوں نے وہ ریزے قیمت کے ساتھ فروخت کئے ہیں تو وہ اپنے دین کو خراب وبرباد کر رہے ہیں، اور لڑ جھگڑ کر رزق حاصل کرتے ہیں، اور صحت کو خیر ومعیشت پر فوقیت دیتے ہیں۔

Marfat.com

## ۹۰۲۔ الدقیق (آٹا):

خواب میں بلا شبہ گندم کا آٹا رزق اور چاول کا نعمت اور سفید آٹا جوان کنواری عورت کے لئے برابر کا زوج ہے، آٹا کبھی عالمِ جلیل، سفر و مال، مضبوط تعداد، مستحکم قلعہ، دین وہدایت اور امراض سے شفایابی کی دلیل ہوتا ہے، اور گندم کے ماسوا چیز کا آٹا امراض سے شفایابی کی علامت ہے، اور آٹے کا کھانا فقر واحتیاج ہے، اور گندم کا آٹا جمع شدہ مال وعیال ہے، آٹے کا گوندھنا اقرباء کی طرف سفر کی علامت ہے، جو شخص دیکھے کہ وہ جو کا آٹا گوندھتا ہے تو وہ مردِ مومن ہوگا، اور اسے دشمنوں پر غلبہ وحکومت حاصل ہوگی۔

## ۹۰۳۔ الدقیقی (آٹا فروش):

خواب میں اس کا دیکھنا موجودہ رزق، ظہورِ حق اور مشقت کے بعد راحت کی دلیل ہے۔

## ۹۰۴۔ الدک (گرانا اور ہموار کرنا):

خواب میں پہاڑ یا کسی جگہ کا زمین بوس ہونا ذکر کی کمی یا وعدہ کے ایفاء ہونے کی دلیل ہے۔

## ۹۰۵۔ الدکّان (چبوترہ):

خواب میں گھر کے دروازہ پر چبوترہ دیکھنا گھر کے مالک یا صاحب خواب کی بیوی کا دوست ہے، جو دیکھے کہ وہ چبوترہ پر بیٹھا ہے تو اسے عزت ورفعت اور تبہ وولایت حاصل ہوگی، اگر وہ اس کا اہل ہے۔

## ۹۰۶۔ الدکّۃ (ازار بند):

دیکھئے التکّۃ (ازار بند)

## ۹۰۷۔ الدلاّل (دلالی کرنے والا):

خواب میں دلال کا دیکھنا اس شخص پر دلیل ہے جو خیر یا شر کی دلالت (رہنمائی) کرتا ہے، یا دلال عقد نکاح کرنے والے کی دلیل ہے، اگر نامعلوم وغیر معروف دلال کسی مریض کے پاس آئے تو یہ مریض کی موت کی دلیل ہے۔

## ۹۰۸۔ الدُلب (چنار کا درخت):

چنار کا درخت خواب میں دیکھنا خاندانی، کثیر العیال، بدخلق غیر نافع آدمی کی دلیل ہے، درخت چنار کے تنہ کی موٹائی اس شخص کا خاندان اور اس کی جڑیں اس کے اصول کے دلیل ہے، چنار کا پھل ملنا اس بات کی نشانی ہے کہ اسے اسی قدر کسی آدمی سے مال حاصل ہوگا، درخت چنار کے کانٹے ملنا ناگوار امر ہے، بعض کہتے ہیں کہ چنار کا اور جھاؤ کا درخت اس

Marfat.com

شخص کے لئے خیر کی دلیل ہے جو لڑائی میں جانے کا ارادہ رکھتا ہو اور باقی لوگوں کے اعتبار سے مسکنت اور فقر کی دلیل ہے۔

## ۹۰۹۔ الدلفین (دلفین مچھلی):(۱)

جو تعبیر مگر مچھ کی ہے وہی دلفین مچھلی کی ہے، اور کبھی اس کا دیکھنا حیلہ ومکر، جاسوسی کرنے اور خفیہ طور پر حالات معلوم کرنے کی دلیل ہے، یا پھر بارش وشبنم کی کثرت کی دلیل ہے۔

## ۹۱۰۔ الدلو (ڈول):

خواب میں ڈول کی تعبیر وہ شخص ہے جو حیلہ مکر سے مال نکالتا ہے، اگر کسی شخص کو دیکھے کہ وہ برتن کے علاوہ کسی چیز میں پانی انڈیلتا ہے تو یہ مال کی نشانی ہے جو نہیں رہے گا یا وہ مال ہی جاتا رہے گا یا اس کے فوائد ختم ہوں گے، اگر کسی باغ کو ڈول سے سیراب کیا ہے تو اسے عورت حاصل ہوگی، اگر پھر اس باغ نے پھل دیئے تو باغ کے پھلوں کے برابر اس عورت سے اولاد حاصل ہوگی، اگر خواب میں پرانا کنواں دیکھے اس کنوئیں سے اونٹ یا کسی جانور یا لوگوں نے پانی کھینچا ہے تو وہ نیک اور اچھے اعمال کرتا ہے، اور وہ خود چرواہے کی طرح ہے جو کنوئیں سے پانی نکال کر اپنے مال مویشیوں کو دیتا ہے، جو دیکھے کہ وہ پرانے کنوئیں میں ڈول لٹکاتا ہے اور کسی حیوان کو پانی پلاتا ہے تو وہ اپنی قوت ونشاط کے بقدر دینی یا دنیوی عمل میں ریاکاری کرتا ہے، اگر دیکھے کہ وہ خاص اپنے لئے کنوئیں میں ڈول لٹکاتا ہے تو وہ دنیوی مصلحت کی خاطر عمل کرتا ہے، اور جو دیکھے کہ وہ کنوئیں سے ڈول کھینچتا ہے اور اس کے ساتھ غسل کرتا ہے، تو اگر وہ قید ہے تو نجات ہوگی، اور مال وخوشحالی ملے گی، اور جو کنوئیں میں ڈول لٹکائے اور حال یہ ہے کہ اس کی اہلیہ حاملہ ہے تو نرینہ اولاد نصیب ہوگی، اگر اس کی بیوی حاملہ نہ ہو تو یہ شخص رزق کا طالب ہے، اگر ڈول میں پانی نکالا ہے تو رزق حاصل ہوگا، اگر اس کا سفر میں سامان ہو تو اس تک پہنچے گا، اور اگر اس کا کوئی مریض ہو تو شفا پائے گا، اگر وہ قید ہے تو نجات پائے گا، جو خواب میں دیکھے کہ وہ کنوئیں پر کھڑا ہے اور اس کے ہاتھ میں ڈول ہے جسے وہ بھرنا چاہتا ہے تو یہ خیر کی علامت ہے، اور مال حاصل ہوگا، اور کنواں کبھی عورت کی علامت ہوتا ہے، اگر ڈول سے پانی کھینچنے والا طالب علم ہو تو وہ کنواں اس کا وہ استاد ہے جس سے اس نے علمی استفادہ کیا ہے، اور جو پانی اس نے جمع کیا ہے وہ اس کا نصیب وحصہ ہے۔

## ۹۱۱۔ الدم (خون):

خواب میں خون مال حرام ہے، جو خواب میں دیکھے کہ وہ خون میں لت پت ہے تو وہ مال حرام یا عظیم گناہ میں مبتلا ہے، اگر خواب میں کرتہ پر خون اس طرح سے دیکھے کہ اس کی اصل معلوم نہ ہوتی ہو تو اس کی ایسے مقام پر تکذیب ہوگی کہ اسے احساس نہ ہوگا، اگر خواب میں اپنے کرتہ کو بلی کے خون سے ملوث دیکھے تو کوئی چور لٹیرا اس کی تکذیب کرے گا، اور اس پر غلط

(۱) جو ڈوبنے والے کی جان اس طرح بچاتی ہے کہ اسے اپنی کمر پر چڑھا کر تیرنے کا موقع دیتی ہے۔

Marfat.com

الزام لگائے گا، اگر خواب میں اس کا کرتہ کسی درندہ کے خون سے لتھڑا ہو تو ظالم غاصب بادشاہ اس پر الزام دھرے گا، اور اگر اس کا کرتہ دنبہ اور مینڈھے کے خون سے ملوث ہوا ہو تو طاقتور مالدار شریف آدمی اس کی طرف غلط بات منسوب کرے گا، اور اس کے بعد اسے خون اور خون کے جلدو جسم پر بہنے کے برابر حرام مال حاصل ہوگا، اگر کوئی غائب ہو تو وہ اپنے سفر سے باسلامت واپس لوٹ آئے گا، جو دیکھے کہ خون اس کے جسم سے نکلتا ہے اور اس نے اپنے بدن کے زخم کو دیکھا ہے تو اسے جسمانی صحت، مالی ترقی ملے گی، اگر کوئی غائب ہو تو وہ سلامتی کے ساتھ واپس لوٹ آئے گا، اور اسے خیر وسرور اور خوشی حاصل ہوگی، اگر خواب میں دیکھا کہ اس نے کسی انسان کا خون پیا ہے تو اسے مال ومنفعت حاصل ہوگی، اور وہ ہر بلا وفتنہ اور مصیبت سے نجات پائے گا، بعض کہتے ہیں کہ جو دیکھے کہ وہ خون کے کنوئیں میں گر پڑا ہے تو وہ حرام مال میں مبتلا ہوگا، جو خواب میں خون کی وادی دیکھے تو وہاں اس کی خونریزی ہوگی، جو دیکھے کہ اس کے جسم سے بغیر فصد وزخم اور بلا حجامت (سینگی لگوانے) کے خون نکلا ہے تو اگر اس کے پاس مال ہو تو اسی خون کے بقدر مال اس کے ہاتھ سے نکلے گا، اگر فقیر ہے تو اسی قدر مال حاصل ہوگا، خواب میں کسی گھڑے وغیرہ میں خون نظر آنا حائضہ عورت کی دلیل ہے، اگر گھڑے کا سرا کسی کپڑے سے بندھا ہوا دیکھے تو یہ حیض کا روکنا ہے، اور خون اپنے صاحب کی حیات، قوت اور مال کی دلیل ہے، نیز اس شخص کی دلیل ہے جو اس کی معاونت اور مدد کرتا ہے جیسے کفیل وضامن اور بادشاہ وغیرہ، نیز خون ساتر بدن لباس وپوشاک اور متعلقہ تعریف ومذمت کی دلیل ہے اور خون اس نطفہ کی دلیل بھی ہے جس کے خروج سے وہ کمزور ہوتا ہے، کبھی خون کا پینا مال حرام کی دلیل ہے، اگر خواب میں خون حد سے زیادہ نکلا ہو تو یہ بات معاونین کی طرف سے حصول نفع کے ناممکن ہونے کی دلیل ہے، جیسے والد، اولاد اور شریک ہیں، یا مال میں نقصان ہوگا، یا اپنا کوئی لباس بیچے گا، یا زوجہ وغیرہ سے علیحدگی اختیار کرے گا، نیز انسان کا خون اس کے اس شیطان کی دلیل ہے جو خون کی طرح اس کے جسم میں گردش کرتا ہے، اور وہ اس کے گھر میں دشمن کی مانند ہے، اور خون کا حد سے زیادہ نکلنا تکلیف ومصیبت ہے، اور خواب میں ضرورت کے وقت خون کا خروج راحت وسکون اور زوال غم ہے، اور کنواری عورت کے حق میں خونِ حیض نکاح کی اور حاملہ کے حق میں اسقاط کی اور حیض کے خون سے ناامید عورت کے حق میں مرض کی علامت ہے، جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ خون میں لتھڑا ہوا ہے تو اسکے ہاتھ سے حرام مال نکلے گا۔

## ۹۱۲۔ الدماغ (دماغ):

خواب میں دماغ انسان کا مخفی جمع شدہ اور ذخیرہ کردہ مال ہے، جو خواب میں دیکھے کہ اس کا بہت بڑا دماغ ہے تو وہ شخص عقلمند ہے، اگر دیکھے کہ اس کا دماغ نہیں ہے تو وہ جاہل ہے، اگر اپنا دماغ یا کسی ہڈی کا مغز یا گودا کھایا ہے تو وہ اپنا مال کھائے گا، جو شخص دیکھے کہ اس نے کسی کا دماغ کھایا ہے تو وہ جلدی موت کا شکار ہوگا، یا اس کا مال کھائے گا، دماغ کبھی دین، قلبی اعتقاد اور پوشیدہ عمل کی دلیل ہوتا ہے۔

## ۹۱۳۔ الدمع (آنسو):

خواب میں اگر آنسو ٹھنڈے ہوں تو خوشی کی علامت ہے، اور اگر گرم ہوں تو غم وحزن کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ آہ

Marfat.com

وبکاء (رونے) کے بغیر اس کے چہرہ پر آنسو ہیں تو اس کے حسب ونسب (خاندان) کو مطعون کیا جائے گا، اور اس پر حکم جاری ہوگا، اگر دیکھے کہ آنسو اس کی آنکھوں میں چلتے ہیں تو وہ دین کے معاملہ میں حلال مال جمع کرتا ہے جس کا اظہار وہ نہیں چاہتا ہے، اگر آنسو اس کے چہرہ پر بہے ہوں تو اس کا قلب انفاقِ مال سے خوش ہوگا، اور جمائی کے وقت نکلنے والے آنسو بلا سبب معمولی نقصان ہے، اور خواب میں روشنی یا سورج یا آگ دیکھنے کے وقت آنسو نکلنا روشنی یا سورج یا آگ کی دلالت کی جہت سے خسارہ کی علامت ہے، اور آنسو کبھی تنہائی، مسافرت، شدت اور شوقِ احباب کی دلیل ہوتا ہے۔

**۹۱۴۔ الدمّل (پھوڑا پھنسی):** خواب میں جو اپنے جسم پر پھوڑا پھنسی دیکھے تو یہ حصول مال کی دلیل ہے۔

**۹۱۵۔ الدُملج (پہنچی):**

عورتوں کے حق میں پہنچی زینت وجمال اور فخر کی علامت ہے، اور مردوں کے حق میں قوت وطاقت کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ اس نے چاندی کی دو پہنچیاں پہنی ہیں تو اس کے بھائی اس کو رسوا کریں گے، اور انکی طرف سے ناخوشگوار امر دیکھے گا، اور شدت سے دوچار ہوگا۔

**۹۱۶۔ الدمنة (کوڑا خانہ):** دیکھئے المزبلة (کوڑا خانہ)

**۹۱۷۔ الدن (مٹکا):** دیکھئے الزیر (مٹکا)

**۹۱۸۔ دنیا:**

خواب میں دنیا عورت ہے، جیسا کہ خواب میں عورت دیکھنا دنیا کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ جیسے وہ تارکِ دنیا ہوا ہے تو وہ اپنی زوجہ کو طلاق دے گا، جو خواب میں دیکھے کہ سارا عالم تباہ ہوگیا ہے اور اس کے ہوا اور کوئی نہیں بچا ہے تو وہ بصارت سے محروم ہوگا، اگر دیکھے کہ دنیا اس کے لئے مناسب حال ہوگئی ہے جو طلب کرتا ہے حاصل ہوجاتا ہے تو وہ ہلاک ہوگا اور محتاج ہوگا، خواب میں دنیا دیکھنا لہو ولعب (کھیل تماشہ) غرور وتکبر، حیلے مکر، عہد شکنی، مشقت، بدبختی اور وعدہ خلافی کی دلیل ہے، کبھی دنیا دیکھنا زوجہ، مال اور اولاد کی دلیل ہوتی ہے، نیز کھیت جانور چوپائے اور ان سے حاصل ہونے والے فوائد کی علامت ہوتی ہے، اور دنیا کا دیکھنا خواب میں گھر، ویرانے، خسیس عورت کی دلیل ہے، نیز دنیا امراض، تنگ حالی، ذلت ورسوائی، معزولی، ولایت وحکومت، نصرت وہدایت اور منافق عورت کی دلیل ہے، کبھی دنیا کا خواب میں دیکھنا قرآن کریم کی دلیل ہوتا ہے، اس لئے کہ قرآن پاک دنیا کا بدر ہے۔

**۹۱۹۔ الدهّان (مالشی):**

مالشی ایسا شخص ہے جو پوشیدہ طور پر اعمال کرتا ہے اور ان کے ساتھ آرائش کرتا ہے، اور مالشی دیکھنا اس کے حسن

Marfat.com

عمل و اعتدال کی دلیل ہے، مالشی کا دیکھنا چاپلوسی، عبارت آرائی، وعدہ خلافی اور کذب بیانی کی دلیل بھی ہے۔ مالشی کا دیکھنا عزت و سلطنت (غلبہ وقوت) کی بھی دلیل ہے۔

## ۹۲۰۔ الدھقان (سوداگر):

خواب میں سوداگر دیکھنا ایسا آدمی ہے جو ہر ملنے والے اور معاملہ کرنے والے کو مزین کرنے والا ہے، جبکہ وہ قیمت نہ لے۔

اور یہ بھی ممکن ہے کہ یہ صاحب خواب دنیا میں کسی مکروہ صورت سے دوچار ہو اور اس میں اسے کوئی فائدہ حاصل ہو جائے۔

## ۹۲۱۔ الدھلیز (دہلیز):

خواب میں دہلیز صاحب اختیار خادم ہے، اور دہلیز محافظ یا دربان ہے، یا ایسا عمل ہے، جو جنت یا جہنم تک پہنچاتا ہو یا وہ سواری ہے جو منزل مقصود تک پہنچائے، کبھی دہلیز قبر کی بھی دلیل ہوتی ہے، اس لئے کہ قبر جنت یا جہنم کی دہلیز ہے، اور کبھی دہلیز مریض کے چلنے یا لنگڑے کی علامت ہوتی ہے، دہلیز کی وسعت وحسن حسنِ عاقبت کی اور اس کی تنگی وظلمت انجامِ بد کی دلیل ہے۔

## ۹۲۲۔ الدھن (تیل):

خواب میں روغن زیتون کے علاوہ ہر طرح کا تیل رنج وغم کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ اس نے سر کے بالوں کو تیل لگایا ہے تو مغموم ہوگا اگر تیل مقدار سے متجاوز ہوا ہو اور بہہ گیا ہو، اور اگر معلوم مقدار سے متجاوز نہ ہوا ہو تو یہ زینت و آرائش کی علامت ہے، اگر تیل بدبودار ہو تو یہ بدبو کے بقدر قباحت وبرائی کی دلیل ہے، خواب میں جس نے کسی آدمی کے سر پر ایسی جگہ تیل لگایا جس جگہ کو وہ ناپسند کرتا ہے تو جس کو تیل لگایا ہے اسے چاہئے کہ تیل لگانے والے کے مکروفریب سے احتراز کرے، جو خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس تیل کی شیشی ہے اور اس نے اس سے تیل لیکر اپنے جسم پر لگایا یا لوگوں کو لگایا ہے تو وہ چغلخور یا جھوٹا فریب کار قسمیں کھانے والا شخص ہے، اگر خواب میں دیکھے کہ اس کا چہرہ تیل زدہ ہے تو یہ زمانہ بھر روزہ رکھنے والا شخص ہے، اور خواب میں چنبیلی کے تیل کا استعمال حسنِ تعریف، اور لوگوں میں عمدہ پاکیزہ خوشبو کی دلیل ہے، اگر خواب میں تیل کسی ورم (سوجن) یا درد کی وجہ سے استعمال کیا ہو تو یہ آپس میں اصلاح کی دلیل ہے، بدبودار تیل بری تعریف ہے، بعض کہتے ہیں کہ بدبودار تیل بدکار عورت یا فاسق شخص ہے، خواب میں کسی پانی کے برتن میں تیل محفوظ اور جمع کرنا بلا مشقت حصول مال کی علامت ہے، اگر تیل میں خوشبو یا مشک ہو تو یہ اس میں غیر موجودگی اچھی تعریف ہے، بعض کہتے ہیں کہ خواب میں جو سر کے بالوں کو تیل لگائے وہ اپنے رئیس کو دھوکہ دے گا۔

Marfat.com

## ۹۲۳۔ الدوال (رہٹ):

خواب میں رہٹ دیکھنا نصرت ومدد، عہد کی پاسداری اور شرائط کی پابندی کی علامت ہے۔

## ۹۲۴۔ الدواۃ (دوات):

خواب میں دوات دیکھنا اس کی قیمت کے حساب سے عزت ورفعت اور حکومت کی دلیل ہے، نیز دوات زوجہ اور مال کی علامت ہے، دوات خادمہ، منفعت اور نکاح کی دلیل ہے، اور اولاد کی جانب سے کسی حالت کی علامت ہے، جو دیکھے کہ وہ دوات سے لکھتا ہے تو وہ خادمہ خریدے گا، جو دیکھے کہ اسے دوات ملی ہے تو وہ کسی قرابتدار یا عورت یا کسی اور سے جھگڑے گا، جو خواب میں دیکھے کہ اس نے دوات خریدی ہے تو وہ ایسی عورت سے شادی کرے گا جس کے ساتھ وہ خوشی کا ایک دن بھی نہیں دیکھے گا، دوات کبھی پھوڑے پھنسی کی اور قلم لوہے کی اور سیاہی پیپ کی دلیل ہے اس کے لئے جو جسم کی کسی جگہ کو دیکھے کہ وہ دوات بن گیا ہے، دوات دوا کی بھی دلیل ہے اگر کوئی مریض دوات دیکھے تو وہ علاج کی طرف توجہ دے گا اور انشاء اللہ ٹھیک ہوجائے گا۔

## ۹۲۵۔ الدواء (دوا):

خواب میں دوا دینی صلاح ودرستگی ہے، خواب میں جو شخص بدن کی اصلاح کے لئے دوا پیے تو وہ اپنے دین کی اصلاح کرے گا، خواب میں دوا لینا علم، نصیحت اور علم سے منتفع ہونے کی دلیل ہے، خواب میں دوا نہ لینا راہ حق سے ہٹنے اور گمراہی کی طرف چلنے کی دلیل ہے، اگر خواب میں لذیذ خوشبودار دوا لی ہے تو یہ خواب کنوارے کے حق میں شادی کی اور بے اولاد کے لئے اولاد نصیب ہونے کی اور فقیر کے حق میں مستغنی ہونے کی علامت ہے، کبھی دوا دوات کی دلیل ہوتی ہے جس سے لکھا جاتا ہے، جیسے دوات دوا کی علامت ہے، چاٹی جانے والی دوا توحید، شہادتین کے اقرار اور کسی کی طرف سے نفع کے حصول کی دلیل ہے، اور سفوف (پھنکی جانے والی) دنیا کی حرص وطمع کی دلیل ہے، اور پی جانے والی دوا رزق کی اور نگلی جانے والی دوا گنہگار کے حق میں توبہ کی اور کافر کے حق میں مسلمان ہونے اور ہدایت پانے کی اور جاہل کے متعلق علم کی دلیل ہے، اور وہ دوا جو عورتیں حیض وغیرہ کے لئے استعمال کرتی ہیں اس کا خواب میں دیکھنا کنواری عورت کے حق میں نکاح ہونے کی اور بے اولاد کے حق میں اولاد نصیب ہونے کی علامت ہے، اور بتی کا استعمال خبروں کی جاسوسی کرنے اور رازوں پر مطلع ہونے کی علامت ہے، جو دیکھے کہ وہ مسہل دوا پیتا ہے تاکہ اس سے وہ مرض سے شفاء پائے تو جس قدر اس سے فائدہ ہوا ہو اسی قدر وہ اپنے دین کی اصلاح کرے گا، اگر دوا کارگر نہ ہوئی ہو تو دینی صلاح ناتمام اور زوال پذیر ہوگی، جو دیکھے کہ وہ دوا پینے کے نتیجہ میں صحت کا خواہش مند ہے تو وہ اپنی دنیا کو سنوارے گا، جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ اپنی آنکھوں کا علاج کرتا ہے تو وہ اپنے دین کی اصلاح کرے گا، خواب میں ہر زرد رنگ کی مشروب دوا مرض کی دلیل ہے،

Marfat.com

اور ہر سہل مشروب یا ماکول (کھائی جانے والی) دوا شفائے مرض کی اور تندرست کے حق میں ضرر ونقصان سے حفاظت کی علامت ہے۔ اور ہر بد ذائقہ دوا معمولی مرض کی علامت ہے جس کے بعد صحت ہوگی، بعض کہتے ہیں کہ خوشذائقہ سہل مشروب اور ماکول دوا مالداروں کے حق میں تو اچھی ہے لیکن ناداروں کے حق میں بُری ہے، اور دوا کے ذریعہ علاج اور بغیر دوا کے تعبیر کے اعتبار سے مختلف ہے۔

## ۹۲۶۔ الدودة (کیڑا):

خواب میں کیڑا دیکھنا بیٹی ہے، اور پیٹ کے کیڑے انسان کی اولاد ہے جو اس کے مال سے کھاتی ہے، خواب میں دبر کے راستہ سے کیڑوں کا نکلنا اس کے پوتوں کی دلیل ہے، جو خواب میں دیکھے کہ اس کے منہ سے کیڑا نکلتا ہے تو اس کے افراد خانہ اس کو دھوکہ فریب دینا چاہتے ہیں، اور وہ شخص یہ بات جانتا ہے، اور ان کے مکروفریب سے نجات پائے گا، جو دیکھے کہ اس کے عمل کے بغیر اس کے پیٹ سے کیڑا نکلتا ہے تو وہ شریر قوم سے اجتناب کرے گا، اور اسے اس وجہ سے مقام ومرتبہ اور طہارت وتقویٰ حاصل ہوگا، اور جسم سے کیڑے کا نکلنا زوالِ غم ہے، اور پیپ کا نکلنا بھی زوالِ غم وفکر کی نشانی ہے اور کیڑا گھر کا کوئی دشمن ہے، اور ریشم کے کیڑے بادشاہ کی رعایا ہے، بعض کہتے ہیں کہ ریشم کے کیڑے تاجر کے گاہک کی علامت ہے، جو ان میں سے کوئی چیز دیکھے اسے مال دولت حاصل ہوگا، بعض کہتے ہیں کہ ریشم کے کیڑے حرام مال کی دلیل ہے۔

## ۹۲۷۔ الدولاب (چرخی):

خواب میں یہ دیکھنا مال کے خزانچی کی دلیل ہے، بعض کا قول ہے کہ یہ آلہ اگر خواب میں گھومتا دیکھے تو سفر کی دلیل ہے، اگر خواب میں یہ آلہ ٹوٹ گیا ہو یا رک گیا ہو تو معیشت ٹھپ ہوگی اور سفر ختم ہوگا، بعض کہتے ہیں کہ یہ آلہ تجارتوں کی گردش اور سفری احوال کے منتقل ہونے کی علامت ہے، اگر اس کی آواز خوش کن اور دل پسند ہو تو یہ خبریں قرآن کریم ہے جس کی صاحب خواب سماعت کرتا ہے، اور رہٹ پر چرخی کی آواز سننا آہ وبکاء ہے، ریشم اور سوت کی چرخی پاکیزہ رزق اور کنوارے کے حق میں نکاح کی دلیل ہے۔

## ۹۲۸۔ الدیباج (ریشمی کپڑا):

خواب میں ریشمی جوڑوں کا مالک ہونا دیندار متقی آدمی کی دلیل ہے، اور اسے ریاست (سرداری) حاصل ہوگی یا اس کی شریف جمیل اور نبیل (ہوشیار دانا) عورت سے شادی ہوگی، خواب میں لپیٹا ہوا ریشمی کپڑا خریدا ہے تو وہ باندی خریدے گا یا خوبصورت باندیاں اپنی ملک میں لائے گا، خواب میں جو دیکھے کہ اس نے ریشمی کپڑا پہنا ہے تو وہ اندلسی کنواری عورت سے شادی کرے گا، اور علماء وفقہاء کے بارے میں دیباج وریشم دنیا میں مشغولیت اور اس کی فکر اور لوگوں کو دعوت بدعت دینے کی دلیل ہے۔

Marfat.com

## ۹۲۹۔ الدیر (راہب خانہ):

جو تعبیر عیسائیوں کے عبادت خانہ (گرجے) کی ہے وہی راہب خانہ کی ہے، راہب خانہ دیکھنا زوالِ فکر وغم اور مصائب سے خلاصی حاصل ہونے کی دلیل ہے، اور اگر صاحب خواب مریض ہے تو وفات پائے گا۔

## ۹۳۰۔ الدیک (مرغ):

خواب میں مرغ دیکھنا گھر کے مالک کی دلیل ہے، جیسے مرغی گھر کی مالکن کی دلیل ہوتی ہے، نیز مرغ غلام کی علامت ہے، خواب میں جس کو اس کے بچے (چوزے) دیئے گئے ہوں تو اس کے ہاں مملوک لڑکے کی پیدائش ہوگی، بعض کہتے ہیں بلکہ اسکی تعبیر مملوک (غلام) کی نسل اولاد سے جنگجو آدمی کی دلیل ہے، بعض کہتے ہیں کہ اس کی تعبیر بداخلاق آدمی ہے، جو کبھی تو خوش کلامی اختیار کرتا ہے اور کبھی بدکلامی، اور بعض کہتے ہیں کہ مرغ محبت والے لڑکے کی دلیل ہے، خواب میں مرغ کا پکڑنا اس کے اور دوسرے آدمی کے مابین اصلاح کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ اس نے مرغ ذبح کیا ہے تو وہ اذان کا جواب نہیں دیتا ہے، بعض کا قول ہے کہ خواب میں مرغ کو دیکھنا حکمت میں اضافہ کی یا علماء سے متفع ہونے اور ان کی صحبت اختیار کرنے کی دلیل ہوتا ہے، جو دیکھے کہ وہ مرغ بن گیا ہے تو وہ جلد فوت ہوگا، جو دیکھے کہ مرغ نے اس کو ایک یا دو ٹھونگیں ماری ہیں تو عنقریب ایک عجمی آدمی اسے قتل کرے گا، سفید مرغ مؤذن ہے، بعض کہتے ہیں کہ جو دیکھے کہ وہ مرغ بن گیا ہے تو وہ مملوک (غلام) یا اوقات سے واقف مؤذن بنے گا، نیز مرغ خطیب، قاری کی دلیل ہے، کبھی مرغ اس شخص کی علامت ہوتا ہے جو دوسروں کو تو نیکی کا حکم دیتا ہے لیکن خود اس پر عمل نہیں کرتا، اس لئے کہ مرغ نماز کی یاد دہانی تو کراتا ہے پر خود نماز نہیں پڑھتا ہے، مرغ کبھی پہرہ دار کی دلیل ہوتا ہے، جو خواب میں دیکھے کہ مرغ اس کے گھر داخل ہوا ہے اور جو کے دانے اس نے اٹھائے ہیں تو مؤذن اس کی کوئی چیز چرائے گا، نیز مرغ بلند ہمت اور خوش آواز آدمی کی دلیل ہے، اور چھوٹے مرغے چھوٹے مملوک یا بچے یا مملوک (غلام) یا اولاد ہے، اسی طرح مادہ چوزے غلام یا باندی یا خادمہ کی دلیل ہے، خواب میں مرغ کا مالک بننا نرینہ اولاد نصیب ہونے کی علامت ہے، اور وہ مملوک یا گھر خریدے گا، یا اس کا غائب شخص واپس آئے گا یا اس کے بارے میں کوئی خبر آئے گی، خواب میں سرخ مرغ ملنا جھگڑے خبیث غلام کے حاصل ہونے کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ وہ مرغ سے لڑتا ہے تو اس کا عجمی آدمی سے نزاع ہوگا، اگر مرغ کی طرف سے کوئی ناگوار امر پہنچا ہو تو اسی قدر عجمی آدمی کی طرف سے اس کو کوئی ناخوشگوار امر پیش آئے گا۔

## ۹۳۱۔ الدّین (قرض):

خواب میں قرض ذلت ورسوائی ہے، جو خواب میں دیکھے کہ اس نے قرض یا کوئی حق چکایا ہے یا ادا کیا ہے تو وہ شخص صلہ رحمی کرتا، مسکینوں کو کھانا کھلاتا ہے اور دینی ودنیوی مشکلات دور ہوں گی اور سہل ہوں گی، بعض کہتے ہیں کہ ادائے

Marfat.com

حق سفر سے واپسی کی نشانی ہے، جو خواب میں دیکھے کہ وہ قرض میں جکڑا ہے اور وہ اس کا معترف ہے اور بیداری میں اس کو نہیں جانتا تو یہ اس کو گھیرے ہوئے گناہوں کا نتیجہ ہے، اور اعمالِ بد کے جمع ہونے کی نشانی ہے جن کی دنیا میں اس کو سزا ہوگی۔

## ۹۳۲۔ الدینار (دینار):

خواب میں دینار (سونے کا سکہ) دیکھنا علم اور دینِ حنفی کی دلیل ہے، ایک دینار خوبرو لڑکے کی دلیل ہے، اور دنانیر خزانہ، حکمت، ولایت اور ادائے شہادت ہے، جو دیکھے کہ اس نے دینار گنوا دیا ہے تو اس کا بیٹا فوت ہوگا یا فرض نماز ترک کرے گا، درہم و دنانیر اللہ تعالیٰ کی مہر، ابلیس کے تیر اور بنی آدم کے اضطرار و بے چینی کی دلیل ہے، اور بہت زیادہ دنانیر کا پاس آنا امانتوں اور نمازوں کی دلیل ہے، اور لوگوں پر دنانیر تقسیم کرنا ادھار ہے جو ادھار دوسروں کو دیتا ہے، اگر اپنے ہاتھ میں دینار دیکھے تو اس نے کسی شخص کو امین بنایا تھا پس وہ شخص وہ چیز لے آیا ہے، اور خوب صاف دینار دین کی کمی اور کذب وجھوٹ کی دلیل ہے، اور دیناروں کو خواب میں بکھیرنا ایسے شخص کی علامت ہے جو جھوٹی اور بری باتیں سنتا ہے، دینار کلام کی بھی دلیل ہے، اور کبھی غم وفکر کی علامت ہوتا ہے، اور پانچ دینار نمازِ پنجگانہ کی دلیل ہے، جس نے ایک دینار ضائع کیا وہ ایک نماز ترک کرے گا، جو دیکھے کہ وہ دینار کو نگلتا ہے تو وہ امانت میں خیانت کا مرتکب ہے، امام ابن سیرین رحمہ اللہ تعالیٰ سے منقول ہے کہ دینار کی تعبیر کتاب سے ہوگی کیونکہ اس کی دونوں جانب لکھا ہوتا ہے، اور دینار ناداروں کے حق میں خیر کے قریب ہونے کی دلیل ہے، اور کبھی دینار لوگوں میں دورنے شخص کی دلیل ہوتا ہے، یا اس صاحب کی علامت ہے جس کا دوسرے کے ساتھ تعلق پائیدار نہ ہو، خواب میں دینار دیکھنا محبوب یا معاونت ومساعدت اور خوش کن خبروں کی کبھی دلیل ہوتا ہے، اور دینار علوم وایمان یا ہدایت اور سلطان کی خدمت کی دلیل ہے، اور معلوم العدد (جن کی تعداد معلوم ہو) دنانیر علم اور ہاتھ کی کمائی کی دلیل ہے، خصوصاً جب ان کی تعداد جفت ہو، کہا جاتا ہے کہ خواب میں دوسرے کو دنانیر دینا یا ہاتھ سے جاتے رہنا زوالِ غم ورنج کی علامت ہے، اور خواب میں دنانیر لینا امانت کا ذمہ دار ہوگا، جو دیکھے کہ اسے معلوم ومتعین دنانیر حاصل ہوئے ہیں تو اسی قدر وہ رنج وغم میں مبتلا ہوگا، اور اگر دنانیر مجہول ہوں یعنی ان کی تعداد معلوم نہ ہو تو اس کا غم والم شدید تر اور قوی تر ہوگا، جو خواب میں دیکھے کہ کسی آدمی نے اس کو دنانیر دیئے ہیں تو وہ مظلوم آدمی ہے، اگر خواب میں کسی جگہ زمین پر دنانیر پڑے پائے تو یہ کسی کے ساتھ شدید حرب وقتال اور خصومت ونزاع ہونے کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ اس کو نقش والے دنانیر دیئے گئے ہیں تو گھر کی طرف سے کوئی ناگوار یا فکر انگیز بات پیش آئے گی۔ اگر دیکھے کہ مردہ نے اس کو دنانیر دیئے ہیں تو وہ ظلم سے محفوظ ہوگا، اگر دیکھے کہ اس نے اس کو دنانیر دینا چاہا ہے اور اس نے اس سے کچھ نہیں لیا ہے تو اس کو چاہیئے کہ ظالم ومظلوم بننے سے احتراز کرے۔

Marfat.com

# ﴿باب الذال﴾

## ۹۳۳۔ ذباب (مکھی):

خواب میں مکھی طعنہ زن، خسیس، ضعیف مسکین آدمی ہے، اور جو کچھ مکھی کے پیٹ میں ہے وہ خسیس کمینہ آدمی کی طرف سے مال کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ مکھی اس کے جوف (پیٹ) میں داخل ہوئی ہے تو وہ بے وقوف لوگوں سے میل ملاپ رکھتا ہے، اور ان سے ناپائیدار حرام مال حاصل کرے گا، اگر خواب میں دیکھے کہ مکھی اس کے سر پر اڑ رہی ہے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اس کا دشمن طاقت و مکر میں کمزور ہے، اور وہ کسی سردار کی جانب سے اس پر غالب آنا چاہتا ہے وہ اس کو دھمکی دے گا لیکن وہ نہ اس سے ڈرے گا اور نہ گھبرائے گا، جو دیکھے کہ مکھی اس پر گری ہے اور وہ سفر کا ارادہ رکھتا ہے تو سفر پر نہیں جائے گا، جو دیکھے کہ وہ مکھیاں کھاتا ہے تو وہ حرام مال کھائے گا، اگر دیکھے کہ مکھیاں اس کے منہ میں ہیں تو چور ڈاکو اس کی طرف آئیں گے، اگر دیکھے کہ مکھیاں اس کے کسی مال پر آ گری ہیں تو اسے چاہئے کہ وہ چوروں سے اس مال کو بچائے، اگر خواب میں دیکھے کہ مکھی یا بھڑ یا مچھر یا شہد کی مکھی اس کے کان میں داخل ہوگئی ہے تو یہ خیر و برکت اور عزت و حکومت کی دلیل ہے، اور خواب میں مکھی مارنا حصولِ راحت و صحت کی علامت ہے، جو شخص خواب میں دیکھے کہ اسکے گھر میں بہت سی مکھیاں جمع ہیں تو وہ دشمن ہیں جن سے کوئی ناخوشگوار صورت دیکھے گا، مسافر اگر دیکھے کہ مکھیاں اس کے سر پر گری ہیں تو اس کا مال جاتا رہے گا، اور مکھیاں سخت جھگڑالو دشمن اور کمزور لشکر ہے، کبھی مکھیوں کا دیکھنا رزقِ حلال پر لوگوں کے جمع ہونے کی دلیل ہوتا ہے، اور جو کسی بیماری میں مبتلا ہو اس کے حق میں دوا و علاج کی علامت ہے، کبھی ان کا دیکھنا برے اعمال اور ان چیزوں میں پڑنے کی علامت ہے جو باعثِ اذیت و ملامت ہیں۔

## ۹۳۴۔ الذبّاح (ذبح کرنے والا): دیکھئے الجزّار (قصاب)

## ۹۳۵۔ الذبح (ذبح کرنا):

خواب میں ذبح کرنا نافرمانی اور ظلم و زیادتی ہے، جو دیکھے کہ وہ ذبح کیا گیا ہے تو اسے چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ کی پناہ ڈھونڈے، جو خواب میں ایک قوم ذبح شدہ دیکھے تو یہ امور کی تکمیل میں خیر کی دلیل ہے، جو خواب میں دیکھے کہ اس نے ایک شخص کو ذبح کر دیا ہے یا کوئی دوسرا شخص اس کو ذبح کرتا ہے تو یہ خواب بھی امور کی تکمیل کی دلیل ہے، اور جو شخص کسی کو دیکھے کہ اس کو کوئی ذبح کرنے والا ذبح کرتا ہے تو ذبح شدہ ذبح کرنے والے سے خیر حاصل کرے گا، اور اگر وہ قید ہے تو رہائی ہوگی، اگر خوفزدہ ہے تو امن حاصل ہوگا، اور اگر وہ غلام ہے تو آزاد ہوگا، قیدی ہے تو قید سے خلاصی ہوگی، امیر ہے تو امارت میں اضافہ اور زیادتی ہوگی، جو شخص دیکھے کہ وہ کسی انسان کو ذبح کرتا ہے تو وہ اس پر ظلم کرے گا، یہی حکم ہے ہر

Marfat.com

ناجائز ذبح کا، یعنی فاعل مفعول پر ظلم کرے گا، جو خواب میں اپنے کسی محرم رشتہ دار کو ذبح کرے تو وہ اس سے تعلق ترک کرے گا، خواب میں اگر غلام ذبح ہوا ہے تو یہ اس کی آزادی کی دلیل ہے، اور پریشان غمزدہ اگر دیکھے کہ وہ ذبح ہوا ہے تو اس کا غم دور ہوگا، اور ذبح ہونا نکاح شادی کی بھی دلیل ہے، اور خواب میں وہ چیز ذبح کرنا جو عورتوں پر دلیل ہوتی ہے جیسے دنبی، کبوتر وغیرہ اس کی تعبیر نکاح ہے، اور گردن کے پچھلے حصہ (گدی) میں سے کوئی حصہ ذبح کرنا پچھلے حصہ (دبر) میں آنے (یعنی لواطت) کی دلیل ہے، جو خواب میں ذبح شدہ شخص دیکھے اور معلوم نہ ہو کہ اس کو کس نے ذبح کیا ہے تو وہ بدعتی آدمی ہے جس نے کوئی بدعت ایجاد کی ہے، یا جھوٹی گواہی دینے والا ہے، اور ماں باپ کو ذبح کرنا ان کی نافرمانی اور ایذارسانی کی دلیل ہے، اگر دیکھا کہ اس نے چھوٹے بچہ کو ذبح کیا ہے اور اس کو بھوننا چاہا ہے لیکن وہ پکا نہیں ہے تو اس میں اس کے ماں باپ کا ظلم ہے، اگر کوئی انسان دیکھے کہ سلطان نے ایک آدمی ذبح کیا ہے اور اس کو صاحب خواب کی گردن پر رکھا ہے تو وہ سلطان کسی پر ظلم کرے گا، اور اس سے اس چیز کا مطالبہ کرے گا جس کے دینے کی وہ طاقت نہیں رکھتا ہوگا، اور اس اٹھانے والے سے یہ مطالبہ کیا جائے گا، اگر مذبوح کا سر اس کے پاس ہو تو اسے پکڑا جائے گا اور اس کی طرف سے غم والم اس کو پہنچے گا، لیکن تاوان یا جرمانہ اس کے صاحب پر ہوگا، جو خواب میں ایک آدمی یا ایک قوم ذبح شدہ دیکھے تو وہ قوم گمراہ بدعتی اور خواہش پرست ہے، جو خواب میں خود کو ذبح کرتے دیکھے تو اس کی بیوی حرام ہے، اور خواب میں ذبح کرنے پر خون نکلنا ظلم ونافرمانی ہے، اگر خون نہیں نکلا ہے تو یہ کرامت واعزاز اور صلہ رحمی کی دلیل ہے۔

## ۹۳۶۔ الذر (ذرّات):

خواب میں ذرّات کا شمار کرنا یا پکڑنا ظلم وزیادتی اور فتنہ کی دلیل ہے، اور خواب میں ذرات عدد کے اعتبار سے ذریت (نسل)، لشکر، مال اور زندگی کی درازی کی دلیل ہے، نیز ذرات ضعیف کمزور لوگوں کی بھی دلیل ہے، بعض کہتے ہیں کہ ذرات دیکھنا اللہ تعالیٰ کے لشکروں میں سے ایک لشکر ہے۔

## ۹۳۷۔ الذراریح[1] (زہریلا پردار کیڑا):

اگر کوئی بدعمل شخص اس کیڑے کو خواب میں دیکھے تو یہ کیڑا خساست اور ردی پن کی دلیل ہے، اور مجہول الحال کا دیکھنا خیر کی علامت ہے، اور عطاروں اور دیگر تمام لوگوں کی بہ نسبت اس کا دیکھنا مضرت ونقصان کی دلیل ہے۔

## ۹۳۸۔ الذراع (گز):

خواب میں بالشت، مساحت (پیائش) اور ذراع (ایک ہاتھ) سفر کی دلیل ہے اور سفر بقدر گز اور بالشت ہوگا، قلت وکثرت کے اعتبار سے، خواب میں جو شخص بالشت کے ذریعہ کوئی کپڑا، دیوار یا زمین پیائش کرے تو وہ کسی بستی کی

Marfat.com

طرف سفر کرے گا، اگر کسی زمین کی پیمائش باع (دونوں بازؤوں کے پھیلانے کے برابر) کے ذریعہ کی ہے تو وہ حج یا جہاد یا طویل سفر کرے گا، اور ہاتھ کا ذراع (بازو) غم وحزن کی دلیل ہے، اور دونوں ذراع (بازو) پر بال دیکھنا قرض کی دلیل ہے جو اس پر لازم ہے، جو خواب میں ایک عورت کو دیکھے جس نے آستینیں چڑھا رکھی ہیں تو یہ دنیا ہے۔

## ۹۳۹۔ ذرق الطائر (پرندہ کا بیٹ کرنا):

خواب میں پرندہ کا بیٹ کرنا لباس وپوشاک کی دلیل ہے، کیونکہ وہ کپڑے میں پھیلتی ہے، اور کبھی گدھ اور عقاب کا بیٹ کرنا خلعت شاہی کی علامت ہوتا ہے۔

## ۹۴۰۔ الذرۃ (چیونٹی):

خواب میں چیونٹی دیکھنا مالِ کثیر، کم منفعت اور گمنامی کی دلیل ہے۔

## ۹۴۱۔ الذعر (خوف وگھبراہٹ): دیکھئے الفزع (خوف وگھبراہٹ)

## ۹۴۲۔ الذقن (ٹھوڑی):

خواب میں ٹھوڑی کا دیکھنا قبیلہ کے سردار اور کثیر نسل والے شخص کی دلیل ہے، جو خواب میں دیکھے کہ اس کی ٹھوڑی لمبی ہوگئی ہے تو وہ شور وغل اور لایعنی (فضول) کلام کرنے والا بنے گا، اور بعد از قوت مضمحل اور کمزور ہوگا، اور ٹھوڑی ظاہری مال سے انسان کے آراستہ ہونے یا معاون ومددگار والد یا خدمت گزار خادم کی دلیل ہے، یا منصبِ جلیل (عظیم) کے حصول کی دلیل ہے، کبھی ٹھوڑی وضو کامل اور پورا کرنے کی علامت ہوتی ہے۔

## ۹۴۳۔ عضو تناسل:

خواب میں عضو تناسل مال، اولاد اور عمر کی دلیل ہوتا ہے۔

## ۹۴۴۔ الذکور من النّاس (مرد):

خواب میں مرد دیکھنا وسعت وفضیلت کی دلیل ہے، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں مرد کو عورت پر فضیلت بخشی ہے، اللہ تعالیٰ نے فرمایا "فللذکر مثل حظ الانثیین"(۱)

## ۹۴۵۔ ذکر اللہ:

اگر کوئی شخص خواب میں زہد وعبادت، دعا اور تلاوت قرآن کریم جیسی مجلس میں ذکر اللہ ہوتے دیکھے تو یہ اس بات

(۱) سورۃ النساء:۱۷۶۔

Marfat.com

کی دلیل ہے کہ وہ جگہ بقدرِ قرأت اور بصحتِ قرأت آباد واستوار رہے گی، جو دیکھے کہ وہ بکثرت ذکر اللہ کرتا ہے تو وہ اپنے دشمنوں پر غالب آئے گا، اور خواب میں وعظ ونصیحت کرنے والا خیر خواہ آدمی ہے لوگوں کو گناہوں سے بچاتا ہے، اگر وہ تاجر ہے تو وہ لوگوں کو خسارہ ونقصان سے بچاتا ہے، جو دیکھے کہ وہ اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتا ہے جبکہ وہ اس کے لائق واہل نہیں ہے تو وہ مرض وغم میں مبتلا ہوگا، اور اللہ تعالیٰ سے حالات کی کشادگی کی دعا کرے گا، اگر خواب میں کوئی نیکی کی یا حکمت ودانائی کی بات کہی ہے اور وہ اس کے ذکر کرنے میں صادق (سچا) ہے تو حالات اس کے کشادہ ہوں گے، اور وہ مرض سے بری ہوگا، اور حالت تنگی سے حالت کشادگی کی جانب جائے گا، اور قرض سے خلاصی ہوگی یا ظالم کے خلاف منصور ہوگا، لیکن اگر خواب میں بجائے نیکی کے بدی کی بات کہی ہے تو حالات دشوار ہوں گے اور وہ مضحکہ خیز اور قابلِ استہزاء کوئی بات کہے گا۔

## ۹۴۶۔ الذل (ذلیل ہونا):

جو خواب میں خود کو ذلیل وکمتر دیکھے تو وہ معزز ومنصور ہوگا، ہر ذلیل منصور ہے، اور ذلت وخواری فقر وافلاس، بخل اور دینی نقص کی دلیل ہے۔

## ۹۴۷۔ الذم (مذمت کرنا):

خواب میں مذمت کرنا بے حیائی کے ارتکاب، کتاب اللہ اور سنتِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اعراض کرنے کی دلیل ہے۔

## ۹۴۸۔ الذَّنب (گناہ):

خواب میں گناہ قرض کی علامت ہے، جو خواب میں بہت سے گناہ مجتمع دیکھے تو یہ قرض ہیں، اور خواب میں گناہ کا اعتراف کرنا عزت وشرف (مقام) کی دلیل ہے، اور گناہ کا ارتکاب قرض کا ارتکاب ہے، جیسا کہ خواب میں قرض گناہ کے ارتکاب کی علامت ہوتا ہے۔

## ۹۴۹۔ الذَنَب (دُم):

خواب میں دُم متابعت کی دلیل ہے، جو خواب میں دیکھے کہ اس کی دُم ہے تو کچھ لوگ اس کے تابع ہوں گے، اس لئے کہ دُم اپنے صاحب کے تابع ہوتی ہے۔

## ۹۵۰۔ الذہب (سونا):

خواب میں سونا دیکھنا ناپسندیدہ امر ہے، بعض کہتے ہیں کہ سونا غم کی علامت ہے جو خواب میں دیکھے کہ اس نے سونے کی کوئی چیز پہنی ہے تو وہ بے جوڑ اور غیر کفو میں سسرالی رشتہ وتعلق قائم کرے گا، اور خواب میں سونے کا ڈلا ملنا ای

Marfat.com

قدرِ غم وفکر آنے کی دلیل ہے یا سلطان اس پر غضبناک ہوگا یا اس پر تاوان وجرمانہ لاگو کرے گا، اگر دیکھے کہ وہ سونے کو پگھلاتا ہے تو کسی امر مکروہ میں خصومت ہوگی، اور لوگ اس کی آبروریزی کریں گے، جو دیکھے کہ اس کو سونے کا ایک ٹکڑا دیا گیا ہے تو اسے ریاست وسلطنت ملے گی، اگر خواب میں صحیح دنانیر پائے ہیں تو وہ بادشاہ کا چہرہ دیکھے گا اور صحیح سالم واپس لوٹے گا، اگر دیکھے کہ اس نے سونے کو ڈھالا ہے تو شر وہلاکت سے دوچار ہوگا، اگر دیکھے کہ اس کا گھر سونے کا ہے تو وہ گھر آتشزدگی میں مبتلا ہوگا، جو شخص اپنے ہاتھ سونے کے دیکھے تو وہ ہاتھ بے حس وحرکت ہو جائیں گے، اور جو دیکھے کہ اس کی آنکھیں سونے کی ہیں تو اس کی بینائی جاتی رہے گی، اگر (گلہ وغیرہ) میں سونے یا چاندی یا جواہرات یا گھونگھے کا ہار پہنا دیکھے تو اسے ولایت وحکومت ملے گی، اور وہ امانت کا بار اٹھائے گا، اور سونا دیکھنا خوشی وفرحت، رزق، نیک اعمال اور ازالہء غم کی دلیل ہے، نیز اولاد وازواج اور علم وہدایت کی علامت ہے، خواب میں سونے کا چاندی میں تبدیل ہو جانا اولاد وازواج اور اموال وخدام کی حالت کے بدلنے یعنی زیادتی سے کمی ونقصان کی طرف جانے کی دلیل ہے، جیسا کہ خواب میں چاندی کا سونے میں تبدیل ہو جانا مذکورہ افراد واشیاء میں حسنِ حالت کی دلیل ہوتا ہے، اور سونے وغیرہ سے بنا ہوا کپڑا وغیرہ تقربِ الٰہی کی دلیل ہے، اور سونے سے ملمع کرنا اہلِ دنیا یا اہلِ آخرت کے اعمال کے ساتھ مشابہت اختیار کرنے کی دلیل ہے، اور خالص سونا اور چاندی اخلاص، صفائی نیت اور درست عہدوپیمان کی دلیل ہے۔ سونے چاندی اور تانبے پیتل کی تاریں رزقِ مسلسل کی دلیل ہے۔

## ۹۵۱۔ الذهبي (سونا فروش):

خواب میں اس کو دیکھنا فرحت وخوشی کی دلیل ہے، کبھی اس کا دیکھنا اس شخص کی دلیل ہوتا ہے جو حق کو باطل کے ساتھ ملاتا ہے۔

## ۹۵۲۔ الذؤابة (چوٹی):

خواب میں سر کی چوٹی حاملہ کے حق میں مبارک نرینہ فرزند ہے، اور جو خواب میں سر پر چوٹی دیکھے اس کے حق میں یہ مال ودولت کی دلیل ہے، اور چوٹی باندی ہے، اور عورت کے سر کی چوٹی اگر لمبی ہو تو یہ اس کے لئے اولاد کی علامت ہے، اگر عورت دیکھے کہ اس کے سر کے بال گھنے ہیں تو وہ ایسا کام کرے گی جس کی وجہ سے اسکی شہرت ہوگی، اگر لوگوں نے اس کو دیکھا ہے تو یہ اس صاحبہ کی رسوائی کی دلیل ہے، اور عورت کے سر کے بالوں کا سیاہ ہونا اس کے شوہر کے حسنِ حال اور اس کے نزدیک اس کے مقام ومرتبہ ہونے کی دلیل ہے، اگر عورت خواب میں دیکھے کہ وہ برہنہ سر ہے تو اس کا شوہر غائب ہے اس کی طرف واپس نہیں لوٹے گا، اگر اس کا زوج نہ ہو تو وہ کبھی بھی شادی نہیں کرے گی، اگر عورت خواب میں اپنے بال سیاہ چمکدار دیکھے تو وہ اپنے زوج کے مال سے مستغنی ہوگی۔

Marfat.com

## ۹۵۳۔ الذئب (بھیڑیا):

خواب میں بھیڑیا دیکھنا چور ڈاکو دشمن کذّاب اور ظالم شخص ہے، خواب میں جو شخص اپنے گھر میں بھیڑیا دیکھے تو چور ڈاکو اس کے گھر میں داخل ہوں گے، اور جو اپنے خواب میں بھیڑیا دیکھے تو وہ کسی آدمی پر تہمت والزام لگائے گا جبکہ وہ اس تہمت سے بری ہے، اگر دیکھے کہ بھیڑیا بیل کی شکل میں تبدیل ہو گیا ہے تو چور لڑکا انصاف پسند اور کریم الاخلاق بن جائے گا، اور بعض اہل تعبیر کہتے ہیں کہ جو خواب میں بھیڑیا دیکھے تو وہ اپنے رئیس سے کوئی اچھی بات سنے گا یا اسے خیر حاصل ہوگی، اور بھیڑیا سال کے دنوں پر دلالت کرتا ہے اس لئے کہ بھیڑیئے ایک راستہ پر برابر طریقہ سے ایک دوسرے کے پیچھے چلتے ہیں، جو شخص خواب میں بھیڑیئے کو دیکھے کہ وہ مانوس جانور جیسے بھیڑ دنبہ وغیرہ کی طرح ہو گیا ہے تو وہ چور ہے جو کہ توبہ کرے گا، جو شخص دیکھے کہ وہ خواب میں بھیڑیا بن گیا ہے تو اسے سرور وفرحت حاصل ہوگی، اور بھیڑیا ظالم بادشاہ یا کمزور چور یا جھوٹا آدمی ہے، جو دیکھے کہ وہ ایک بھیڑیئے کا علاج کرتا ہے تو وہ کسی کا علاج معالجہ کرے گا، اور بھیڑیئے کا دیکھنا کذب وجھوٹ حیلہ وفریب اور اہل کے ساتھ عداوت ومکر وفریب کرنے کی علامت ہے، خواب میں کتے اور بھیڑیئے کا جمع ہونا کذب وجھوٹ اور دھوکہ فریب کی دلیل ہے۔

## ۹۵۴۔ الذیل (دُم):

دیکھئے الذنب (دُم)

Marfat.com

# ﴿باب الراء﴾

## ۹۵۵۔ الرابية (ٹیلہ): دیکھئے التل (ٹیلہ)

## ۹۵۶۔ الراجل (پیادہ): دیکھئے الرجل (آدمی)

## ۹۵۷۔ الراح (شراب): دیکھئے الخمر (شراب)

## ۹۵۸۔ الراحلة (سواری کا جانور): دیکھئے الجمل (اونٹ)

## ۹۵۹۔ الراحة (راحت وسکون):

خواب میں تھکاوٹ ومشقت کے بعد راحت ہونا فقیری کے بعد مالداری کی دلیل ہے، اگر صاحب خواب مریض ہے تو راحت ہونا اجل قریب آنے کی دلیل ہے، کبھی راحت تکلیف کی علامت ہوتی ہے۔

## ۹۶۰۔ الرأس (سر):

خواب میں سر دیکھنا انسان کی ریاست اور اصل سرمایہ کی دلیل ہے، جو شخص دیکھے کہ اس کا سر پہلے سے بڑا ہوا ہے تو یہ اس کے والد ہیں، اور سر کا بڑا ہونا رتبہ ومقام کے زیادہ ہونے اور سر کا چھوٹا ہونا مرتبہ کے کم ہونے کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ اس کے دو یا تین سر ہیں تو اگر وہ دشمنوں سے برسر پیکار ہے تو ان پر غالب رہے گا، اور اگر فقیر ہے تو مستغنی ہوگا، اور اگر مالدار ہے تو اس کی نیک ومحمود اولاد ہوگی، اور اگر غیر شادی شدہ ہے تو شادی ہوگی، اور مراد حاصل ہوگی، جو دیکھے کہ وہ برہنہ سر ہے تو اس کی نافرمانی ہوگی، اور جو دیکھے اس کا سر ذلت سے جھکا ہوا ہے تو وہ مشقت والزام میں طویل زندگی گزارے گا، قصہء ہاروت وماروت اس پر دال ہے، اگر دیکھے کہ اس کا سر جھکا ہوا ہے اور وہ نیچے کو جھکا ہوا ہے تو وہ اپنی خطاؤں کا معترف اور اصلاح حال کی طرف متوجہ ہے، نیز یہ خواب زندگی کی درازی کی علامت ہے، اگر لوگوں کے سامنے یا سلطان کے سامنے اپنا سر جھکا ہوا دیکھے تو اس نے کسی گناہ کا ارتکاب کیا ہے جس پر وہ نادم وشرمندہ ہے، اور توبہ تائب ہونے کی رغبت رکھتا ہے، جو دیکھے کہ اس کا سر الٹا ہوا ہے تو یہ اس شخص کے بارے میں جو سفر کا ارادہ رکھتا ہے اس بات کی دلیل ہے کہ وہ کسی رکاوٹ کے باعث سفر پر نہیں جاسکے گا، نیز اس پر دلیل ہے کہ اس کی آرزو جلد پوری نہیں ہوگی، اور مسافر کے حق میں یہ خواب سفر سے واپسی یعنی اپنے علاقہ واپس آنے کی دلیل ہے، جو شخص دیکھے کہ اس کا سر بڑا ہوگیا ہے تو وہ اپنی قوم کا سردار ہوگا، اور جو دیکھے کہ اس کا سر چھوٹا ہوگیا ہے اور وہ رئیس تھا تو ریاست سے معزول ہوگا، جو دیکھے کہ اس کا سر بغیر ضرب (مار) کے کاٹا گیا ہے اور وہ غلام تھا تو آزاد ہوگا، اور سر اصل سرمایہ کی دلیل ہے، اور کٹے ہوئے سر دیکھنا مال ودولت کی دلیل ہے، جو خواب میں اپنے ہاتھ میں کسی آدمی کا سر دیکھے تو وہ اپنے مرتبہ کے اعتبار سے ہزار دینار یا ہزار درہم یا سو درہم کی قیمت کی کوئی چیز حاصل کرے گا، اور

Marfat.com

خواب میں جس کا سر شیر کے سر کی طرح ہوگیا ہو تو اسے بادشاہت ملے گی، اگر خواب میں اس کا سر گدھے کے سر یا کتے کے سر کی طرح ہوگیا ہو تو اسے مشقت پیش آئے گی، جو اپنے سر کو دیکھے کہ پتھروں سے کوٹا گیا ہے تو وہ نماز عشاء سے غفلت برتتا ہے، اور جو شخص دیکھے کہ اس کا سر کسی پرندہ کے سر کی طرح ہوگیا ہے تو وہ کثیر سفر کرے گا، اگر کوئی انسان خواب میں اپنے سر یا گردن میں کوئی تکلیف اور پھوڑا زخم دیکھے تو یہ تمام لوگوں میں پھیلے ہوئے مرض کی علامت ہے، اور جو کسی بھی چوپائے کی طرح اپنا سر دیکھے تو وہ تکلیف ومصیبت اور غلامی سے دو چار ہوگا، جو خواب میں دیکھے کہ اس کا سر ہاتھی یا شیر یا چیتے یا بھیڑیئے جیسا ہوگیا ہے تو اسے دشمنوں پر غلبہ، ریاست حاصل ہوگی اور بلند رتبہ امور سے مستفید ہوگا، اگر اپنے سر کو خوشبو دار تیل لگا ہوا دیکھے تو یہ اس کی خوش نصیبی کی دلیل ہے، اگر خواب میں اپنے ہاتھ میں کٹے ہوئے سر دیکھے تو یہ خواب لوگوں کے تابع دار ہونے کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ جیسے اس نے کسی انسان کا کچا سر کھایا ہے تو وہ رئیس کی غیبت کرے گا، اور کسی رئیس سے مال حاصل کرے گا، اگر دیکھے کہ اس نے پکا ہوا سر کھایا ہے تو یہ اس آدمی کا رأس المال (اصل سرمایہ وپونجی) ہے جبکہ وہ معروف ہو ورنہ یہ اس کا مال ہے جسے خود وہ کھاتا ہے، اگر دیکھے کہ جیسے اس نے اپنا سر اپنے ہاتھ سے پکڑا ہے تو یہ حصول مال کی دلیل ہے جس کا اکثر دیت کے برابر اور اقل ہزار درہم ہیں، اور یہ خواب اس شخص کے اور مقروض آدمی کے درمیان صلح وصفائی واقع ہونے کی دلیل ہے، اور جو اپنے سر کو دیکھے کہ وہ اپنی جگہ سے بغیر کسی ضرب کے دور چلا گیا ہے پھر اس کو اس جگہ سے اٹھایا ہے تو اس کی ریاست زائل ہوگی، اگر دیکھے کہ اس کا سر کاٹا گیا ہے اور اس نے پھر اس سر کو پکڑ کر اپنی جگہ رکھ دیا ہے اور وہ پہلے کی طرح صحیح سالم ہوگیا ہے تو وہ جہاد میں شہید ہوگا، نیزہ یا لکڑی پر سر بلند شان رئیس کی دلیل ہے، اور جو شخص خواب دیکھے کہ لوگوں میں سے کسی کا سر کسی برتن کے اندر ہے اور اس پر خون ہے تو وہ مرد رئیس ہے جس پر وہاں جھوٹی تہمت لگائی جائے گی یا اس کے پاس جھوٹی خبر آئے گی، اس لئے کہ خون اس جگہ جھوٹ سے کنایہ ہے، سارے جسم میں سر اشرف حصہ ہے لہٰذا اس کا دیکھنا ریاست کے حصول کی دلیل ہے، اور کبھی سر شہرت یافتہ مرتبہ ومقام یا تربوز کے سرے یا غلام کے سر کی دلیل ہوتا ہے، کبھی سر بادشاہ کے خزانہ اور قلعہ کی اور کبھی بادشاہ کے تاج کی دلیل ہوتا ہے، اور متحارب شخص کے بارے میں خود کی دلیل ہے، اور سر دیکھنا ڈھانپنے والی چیزیں مثل عمامہ، ٹوپی، چھت کی علامت ہے، اور سر کبھی کیل ووزن اور پیمائش کی دلیل ہوتا ہے، اس لئے کہ سر محل عقل ہے جو اشیاء میں تمیز کرتا ہے، لینے اور دینے کا تعلق اسی کے ساتھ ہے، اور سر کبھی حمام وتنور کی دلیل ہوتا ہے، نیز ہر اس جگہ کی دلیل ہے جس میں کسی مقصد کی خاطر آگ بھڑکائی جاتی ہے، اور کبھی سر ستون والے لمبے خیمہ کی دلیل ہوتا ہے، اور عالم کا سر اس کے علم پر، صنعت کار کا اس کی صنعت پر اور سر ذکر جمیل اور موت وحیات کی علامت ہے، اور سر کا اپنی مقدار سے بڑا ہونا یا خوبصورت ہونا عزت ورفعت اور رزق کی دلیل ہے، کبھی سر کا بڑا ہونا وافر علم یا حکمت ودانائی یا عقل کی علامت ہوتا ہے، اور سر کا چھوٹا ہونا زوال منصب، قلت مال اور مبتلائے جہالت کی دلیل ہے، اور اگر خواب میں متعدد سر ہوگئے ہوں تو اولاد ونسل نصیب ہوگی یا مفید علوم یا املاک یا جائیداد زمین یا اولاد یا مال واتباع سے بہرہ مند ہوگا، بصورت دیگر فقیری مفلسی میں اضافہ ہوگا، اور نفع میں کمی آئے گی، اور خواب میں سر کا فقدان اس بات کی دلیل ہے کہ وہ کثرت ہموم وافکار کی وجہ سے شعور واحساس کے بغیر چلتا ہے،

Marfat.com

اگر خواب میں اپنے ہاتھ سے اپنا سر کاٹا ہے تو وہ کسی بری تدبیر سے خودکشی کرے گا، یا وہ شخص وضو پورا نہیں کرتا یا سجدہ پورا نہیں کرتا ہے، یا اپنے سے برتر سے قطع تعلق کرے گا، یا اپنے والد یا سردار سے خیانت کا مرتکب ہوگا، اور جو شخص دیکھے کہ اس کا سر اپنی جگہ سے ہٹ گیا ہے اور دور ہوگیا ہے تو اس کا سرمایہ ودولت زوال کا شکار ہوگی جس کے بل بوتے پر اس کا سامان زندگی قائم ہے، یا وہ اپنا سر مونڈائے گا یا گرمی میں اپنی ٹوپی یا عمامہ ہٹائے گا، یا اپنا کمرہ گرائے گا، اگر وہ غلام ہے تو اس کا آقا اسے بیچ دے گا، جو دیکھے کہ اس کا سر اس کے ہاتھ میں ہے اور وہ اسے دیکھ رہا ہے تو یہ صاحب خواب کی راس المال (سرمایہ) کے بارے میں تدبیر کی علامت ہے، جو دیکھے کہ وہ اپنے سر کو لے گیا ہے تو وہ کسی مرض میں مبتلا ہوگا، اگر کوئی دیکھے کہ اس کی گردن اڑائی گئی ہے اور سر اس جگہ سے دور ہوا ہے تو اگر وہ غلام ہے تو آزادی ملے گی، اور اگر پریشان حال ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی پریشانی دور فرمادیں گے، اور اگر وہ مقروض ہے تو اس کا قرض ادا ہوگا، یا پھر اسے عظیم مال ودولت حاصل ہوگا، اگر اس نے مارنے والے کو پہچانا ہے تو اس سے خیر کثیر حاصل ہوگا، جو شخص دیکھے کہ وہ اپنے سر سے کلام کرتا ہے تو اسے خیر حاصل ہوگی، اگر کوئی شخص دیکھے کہ کسی شہر یا محلہ میں یا کسی دروازہ پر یا گھر میں لوگوں کے سر مقطوع (کٹے ہوئے) پڑے ہیں تو اس مقام پر لوگوں کے روٴساء (سردار) آئیں گے اور جمع ہوں گے، اگر دیکھے کہ وہ ان تمام سروں کو کھاتا ہے یا کچھ کو کھاتا ہے یا دوسروں کو کھلاتا ہے تو اسے اُن روٴساء اور عظماء (سردار لوگ) سے مال ودولت حاصل ہوگا، اور جو شخص خواب میں دیکھے کہ کسی بادشاہ یا حکمران کی گردن اڑائی جارہی ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو پریشانیوں اور فکرات سے نجات دلائیں گے، اور اس کے تمام امور میں عون ونصرت فرمائیں گے، اگر بادشاہ دیکھے کہ وہ اپنی رعایا کی گردنیں اڑاتا ہے تو وہ مجرموں سے درگزر کرے گا اور غلاموں کو آزاد کرے گا، غلاموں کے حق میں گردن اڑانا آزادی کی دلیل ہوتا ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ جو شخص دیکھے کہ ایک حاکم کے حکم پر یا رہزنی کی وجہ سے یا لڑائی میں اس کی گردن اڑائی جارہی ہے، تو جس کے والدین بقید حیات ہوں اور ان کی اولاد ہو ان کے حق میں یہ خواب مذموم ہے، اسلئے کہ سر کو والدین کے ساتھ تشبیہ دی جاتی ہے، کیوں کہ والدین اس کی حیات کے سبب ظاہری ہیں، اور تاجروں اور ارباب اموال کے بارے میں یہ خواب اموال کے زوال کی دلیل ہے، اور مسافروں کے حق میں سفر سے واپسی کی علامت ہے، اور لڑنے والوں کے حق میں غلبہ کی دلیل ہے، اگر کوئی ایسا شخص جو صاحب اولاد بھی ہو اور سفر پر جانے کی استطاعت نہ رکھتا ہو اس کا اپنا سر اپنے ہاتھ میں دیکھنا اچھا ہے، اگر دیکھے کہ اس کے ہاتھوں میں اس کا سر ہے اور جبکہ اس کا طبعی طور پر ایک اور سر بھی ہے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ وہ درپیش مشکلات وآفات کا مقابلہ کرتا ہے اور اپنے زیر علاقہ خراب امور کی اصلاح کرتا ہے، اگر سلطان خواب میں اپنا سر بڑا دیکھے تو یہ اس کی سلطنت کی قوت وزیادتی کی دلیل ہے، اگر خواب میں اپنا سر مینڈھے دنبے کے سر کی طرح دیکھا تو وہ عدل کرے گا، اگر کتے کے سر کی طرح دیکھا ہے تو وہ جور وظلم کرے گا، اور اپنی رعایا سے احمقانہ سلوک کرے گا، اگر دیکھے کہ اس کا سر گدھے کے سر کی طرح ہوگیا ہے تو وہ نماز میں امام سے پہلے اپنا سر اٹھاتا ہے جیسا کہ حدیث نبوی میں وارد ہوا ہے، یا وہ جاہل اور احمق بنے گا، اگر دیکھے اس نے گائے یا بکری کی کوئی سری خریدی ہے تو وہ رئیس اور استاذ سے استفادہ وانتفاع کرے گا، اگر دیکھے کہ وہ بکری یا گائے یا اونٹ کی سری کچی کھاتا ہے تو وہ رئیس کی

Marfat.com

غیبت کرے گا، اور اگر وہ سری پکی ہوئی یا بھنی ہوئی تھی تو وہ رؤساء سے مالی استفادہ کرے گا، یا اپنا رأس المال (اصل دولت) کھائے گا، اور خواب میں بکری کی سری دیکھنا راس المال ہے جس کا اکثر دس ہزار درہم اور اقل ایک ہزار درہم ہیں، اور دماغ (بھیجہ) کھانا دفن شدہ مال ہے، اور آنکھوں کا کھانا رؤساء کے ذاتی اموال ہیں، اور جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ بکری کے سری پائے کھاتا ہے تو اسے مالِ وعزت حاصل ہوگی، ممکن ہے یہ چیز بذریعہ وراثت حاصل ہو۔

## ۹۶۱۔ الرآس (سریاں بیچنے والا):

خواب میں اس کا دیکھنا اس شخص پر دلیل ہے، جو لوگوں کے رؤسِ اموال (اصل سرمایہ ودولت) میں تصرف کرتا ہے جیسے صرّاف وغیرہ، اور اس کا دیکھنا کبھی موت کی یا مصائب میں مبتلا ہونے کی دلیل ہوتا ہے، اگر سریاں مجہول سی ہوں اور اپنے بالوں، سینگوں اور خون کے ساتھ ہوں تو یہ خواب علماء کے ختم ہونے اور رؤسا کے چھٹ جانے کی دلیل ہے، خصوصاً سریوں کا بیچنے والا اگر چھری لگانے والا یا شدید القوت ہو، اور سریاں بیچنے والا سلطنت یا صنعت یا تدبیر کے اعتبار سے لوگوں کا مالک اور ان پر غلبہ پانے والا ہے، اور سریاں بیچنے والے کی تعبیر وتاویل سلطان سے بھی کی جاتی ہے۔

## ۹۶۲۔ رأس جالوت (رأس جالوت):

جو خواب میں خود کو راس جالوت دیکھے تو وہ مکّار آدمی ہے جو لوگوں کو مکروفریب اور دھوکہ بازی کی دعوت دیتا ہے، جو دیکھے کہ خواب میں اس کا نام رأس جالوت رکھا گیا ہے جبکہ وہ اس بات کو ناپسند کرتا ہے تو اس پر دھوکہ بازی ومکروفریب کاری یا کسی تکلیف دہ بات کا الزام لگے گا، جبکہ وہ اس سے بری ہے۔

## ۹۶۳۔ الراعي (چرواہا):

خواب میں چرواہا صاحب ولایت وحکومت ہے، نیز بچوں کو تعلیم دینے والے اور متولی وحاکم کی دلیل ہے، جو خواب میں دیکھے کہ وہ دیہاتی ہے اور بکریاں چراتا ہے لیکن چرانے کی جگہ پہچانتا نہیں ہے تو وہ قرآن پاک پڑھتا ہے اور اس کے معانی اچھی طرح سمجھتا نہیں ہے، اور بختی اونٹ چرانے والا عجم کا والی وحاکم ہے، اور چرواہا اپنی رعایا کا حاکم ووالی ہے اور ان کی مصلحت میں اپنی مقدور بھر کوشش صرف کرتا ہے، اگر خواب میں خود کو چرواہا دیکھے تو جس قدر بکریاں دیکھی ہیں اسی قدر لوگوں کی ولایت ملے گی، نیز چرواہے کو دیکھنا بلند رتبی اور رعایا پر عدل وانصاف کے ساتھ حکمرانی کرنے کی دلیل ہے اِلّا یہ کہ خنزیروں کو خواب میں چراتا ہو کیونکہ اس صورت میں یہ خواب کافروں اور بدعتیوں کے ساتھ میل ملاپ اور ان کی معاشرت اختیار کرنے کی علامت ودلیل ہے۔

## ۹۶۴۔ الراقي (جھاڑ پھونک کرنے والا):

خواب میں اگر جھاڑ پھونک کرنے والا اپنے عمل میں اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتا ہے تو وہ ایسا آدمی ہے جو لوگوں کے

Marfat.com

درمیان صلح صفائی کراتا اور ان کی پریشانیاں دور کر کے ان کو راحت پہنچاتا ہے، اور اگر وہ اپنے دم جھاڑ میں اللہ تعالیٰ کا پاک نام نہیں لیتا ہے تو اس کا کلام باطل ہے، اور سانپوں کا عامل غدار آدمی ہے برے لوگوں سے تعلق رکھتا ہے۔

## ۹۶۵۔ الران (لمبا موزہ):

جو شخص خواب میں لمبا موزہ پہنے تو وہ والیوں میں سے ایک والی ہے، کیوں کہ وہ اپنے ملک پر ولایت کرتا ہے، اگر یہ موزہ غیر والی نے پہنا ہے تو اس کی مالدار عورت سے شادی ہوگی، جس عورت کا کوئی قریبی نہیں ہوگا۔

## ۹۶۶۔ الراھب[1] (راہب):

خواب میں خود کو راہب (پادری وغیرہ) دیکھنا بدعتی ہونے کی دلیل ہے جو بدعت میں حد سے بڑھ گیا ہے، بعض کہتے ہیں کہ جو دیکھے کہ وہ راہب بن گیا ہے تو اس کی اچھی تعریف ہوگی، لیکن اس کے حالات دشوار ہوں گے، اور تمام امور میں اسے خوف وذلت کا سامنا ہوگا، نیز راہب اس بات کی دلیل ہے کہ وہ مکار دھوکہ باز بدعتی ہے۔

## ۹۶۷۔ الراووق (شراب کا بڑا برتن):

خواب میں اس کا دیکھنا خلاصہء دین اور علم کی دلیل ہے، یا بانسری اور گانے گیت کی علامت ہے، یا بدعت وفساد کی جگہوں پر حاضر ہونے کی دلیل ہے، اور اس کا دیکھنا راست گو آدمی کی علامت ہے جو حق بات کہتا ہے اور بداخلاقی کو پسند نہیں کرتا ہے۔

## ۹۶۸۔ الروایۃ (روایت کرنے والا):

خواب میں اس کا دیکھنا امام فی الروایۃ کی دلیل ہے، کبھی اسکا دیکھنا رزق کی یا سفر کی دلیل ہوتا ہے، اور سلطان کے حق میں اس کا دیکھنا آباد صوبہ وضلع کی دلیل ہے جہاں سے عدل وانصاف کے ساتھ مال عظیم جمع ومحفوظ کیا جاتا ہے۔ اور تاجر کے بارے میں یہ خواب آسودگی وانصاف کے ساتھ عمدہ تجارت ہے، اور صنعت کار کے حق میں وسیع عظیم اور بلند کام ہے، اور خواب میں کوئی چیز یاد کرنا علم ورزق اور صنعت میں حصہ کے حصول کی دلیل ہے۔

## ۹۶۹۔ الرایۃ (جھنڈا):

خواب میں جھنڈا معلوم ومشہور امر اور ریاست ہے، اور جھنڈا عالم یا امام وحاکم یا فطین شجاع زاہد یا سخی غنی یا ایسا غالب طاقتور شخص ہے جس کی اقتداء وپیروی کی جاتی ہے، اگر جھنڈا سرخ ہے تو وہ آدمی ایسی چیز دیکھے گا جس سے اسے خوشی ہوگی، اور اگر جھنڈا سیاہ رنگ کا ہے تو سردار بنے گا، اور عورت کے حق میں جھنڈا شوہر کی دلیل ہے، خواب میں بہت

(۱) راہب: تارک الدنیا عیسائی جو عبادت کے لئے اپنی عبادت گاہ میں یکسو ہو کر رہتا ہے۔

Marfat.com

سے عَلَم دیکھنا بارش کی دلیل ہے، اگر وہ علم سیاہ رنگ کے ہیں تو وہ عالم ہے اور اگر سفید ہیں تو وہ غیور ہے شادی نہیں کرے گا، اور اگر وہ علم سرخ رنگ کے ہیں تو یہ لڑائی ہے، اور اگر زرد ہیں تو یہ لشکر میں وبا پھیلنے کی دلیل ہے، اور اگر وہ جھنڈے سبز ہیں تو وہ خشکی کا سفر ہے، اور جو جھنڈا دیکھے تو وہ اپنے امور میں درست راہ پائے گا، اور غم وحزن سے نکلے گا، اور مسدود امور مفتوح ہوں گے اور اس کا شرح صدر ہوگا، بعض کہتے ہیں کہ جو خواب میں جھنڈا دیکھے وہ اپنے علاقہ میں قابلِ ذکر ہوگا، اگر عورت دیکھے کہ اس نے تین جھنڈے دفن کئے ہیں (گاڑے ہیں) تو وہ معزز لوگوں میں سے تین ازواج (شوہروں) سے شادی کرے گی، جو مرتے جائیں گے، اور خواب میں جھنڈا شادی کی بھی علامت ہے، اور حاملہ کے حق میں نرینہ اولاد کی دلیل ہے، اور بڑا جھنڈا ہوائیں اور بارشیں ہیں، اور جھنڈے والے کی قاضی سے بھی تفسیر وتعبیر کی جاتی ہے، اور عہدۂ قضا کے طالب (خواہشمند) کا جھنڈا اٹھانا اس عہدہ کے حصول کی دلیل ہے، مزید دیکھئے العَلَم اور اللواء۔

## ۹۷۰۔ الرباط (سرحدوں کی حفاظت کرنا):

اس لفظ کے دو مفہوم ہیں۔(۱) رباط فی سبیل اللہ (جہاد میں سرحدات کی حفاظت کرنا) اس خواب کی تعبیر اللہ تعالیٰ کے احکامات کی بجا آوری، اطاعت کی پابندی، اتباعِ سنّتِ شریفہ، اور اللہ تعالیٰ سے خوف وڈر رکھنا ہے، اگر کوئی مریض یا غائب شخص دیکھے کہ وہ رباط (سرحدی مقام) یا میدانِ جہاد سے واپس لوٹا ہے تو یہ مریض کا مرض سے شفایابی اور غائب کا واپس آنے کی دلیل ہے۔(۲) رباط السکن (قیام گاہ) اس دوسرے معنی کے اعتبار سے فی سبیل اللہ جہاد میں قیام کرنے کی دلیل ہے، نیز نماز کی پابندی کرنے کی علامت ہے، اور بایں معنی رباط لذّات وخواہشاتِ نفس سے باز آنے اور رکنے کی دلیل ہے، اور رباط میں خلوت گزینی اس جماعت کے لوگوں کی دلیل ہے جو وہاں قیام پذیر ہیں، مثلاً چالیس آدمیوں کی خلوت رتبہ ومقام اور ایفائے عہد کی دلیل ہے۔

## ۹۷۱۔ الرباعیة (رباعی دانت):

دیکھئے السن (دانت)

## ۹۷۲۔ الربّان (جہاز کا کپتان):

خواب میں اس کا دیکھنا بعید سفروں، مال ودولت، نفع بخش تجارت گاہوں اور حبشیوں کے ساتھ معاشرت اختیار کرنے کی دلیل ہے۔

## ۹۷۳۔ الربیع (موسم بہار):

موسم بہار خواب میں دیکھنا دراہم کی دلیل ہے، بعض کہتے ہیں کہ ایسے لڑکے دلیل ہے جس کی عمر طویل نہیں ہوگی یا ایسی عورت کی جس کا رشتۂ ازدواج دائمی نہیں ہوگا، یا ایسی حکومت کی علامت ہے جس کو بقا نہیں ہے یا سریع الزوال فرحت کی دلیل ہے۔

Marfat.com

**۹۷۴۔ الرتي (رفو کرنا):** دیکھئے الرفاء (رفوگر)

**۹۷۵۔ الرتبة (رتبہ ومقام):**

مسکنت والوں کے حق میں رتبہ ومقام کا خواب میں حصولِ زوجہ یا معیشت یا ایسے نیک عمل کی دلیل ہے، جس کو اللہ تعالیٰ رفعت عطا فرمائیں گے۔

**۹۷۶۔ الرُتیلاء (کیڑے مکوڑے):**

خواب میں کیڑے مکوڑے دیکھنا فسادی اور موذی عورت کی دلیل ہے جس کا لوگ اس سے ارادہ رکھتے ہیں، اور خواب میں کیڑے مکوڑے دیکھنا بدشکل، سخت طعنہ زن، حقیر قاتل دشمن کی علامت ہے۔

**۹۷۷۔ رجعة المرأة المطلقة (مطلقہ عورت سے رجوع کرنا):**

خواب میں اس کی تعبیر عافیتِ مریض یا سابقہ دین ومذہب یا صنعت وپیشہ کی طرف رجوع کرنے کی دلیل ہے۔

**۹۷۸۔ الرجفة (کانپنا):** دیکھئے الرعشة (کانپنا) نیز دیکھئے القشعریرة (کانپنا)

**۹۷۹۔ الرَّجُل (آدمی):**

خواب میں اگر آدمی شناسا ہو تو وہ آدمی وہ خود ہے یا اس کا ہمنام یا ہم نظیر ہے، اور خواب میں جو شخص معروف آدمی دیکھے تو وہ اس سے یا اس کے ہمنام یا ہم مثل سے کسی چیز کی امید رکھتا ہے، اگر اس نے اس سے اپنی پسندیدہ چیز لے لی ہے تو وہ اپنی امید وآرزو کو پالے گا، اگر اس آدمی سے نئی قمیص لی ہے اور وہ آدمی عہدیداروں میں سے ہے تو وہ اس سے عہدۂ ولایت حاصل کرے گا، اور اگر اس سے رسّی لی ہے تو یہ عہد کی علامت ہے، اس لئے کہ اہل عرب عہد کو حبل (رسّی) کہتے ہیں، اور خواب میں اولاد آدم کو دیکھنا عزت وکرامت کی دلیل ہے، اور ہر طبقہ کی مستقبل تعبیر وتاویل ہے، چنانچہ بادشاہوں کا دیکھنا نصرت ومدد کی، حکام کا دیکھنا محاکمہ (فیصلہ) کی، والیوں کا دیکھنا خوف وخطرات کی، لشکر کا دیکھنا سفروں کی، صنعت کاروں کو دیکھنا ان کی صنعتوں اور رزق کی دلیل ہے، اور عورتوں کا خواب میں دیکھنا فتنہ وفساد کی، اور صالحین کو دیکھنا عبادت وزہد کی علامت ہے، اور کبھی بنی آدم کا خواب میں دیکھنا ان کے ماسوا ان چیزوں کی دلیل ہوتا ہے جس کا ذکر اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے، فرمانِ الٰہی ہے ”وما من دابة في الأرض ولا طائر يطير بجناحيه إلا امم أمثالكم“ (الانعام ۳۸) یعنی اور جتنے قسم کے جاندار زمین پر چلنے والے ہیں اور جتنے قسم کے پرند جانور ہیں کہ اپنے دونوں بازوؤں سے اڑتے ہیں ان میں کوئی قسم ایسی نہیں جو تمہاری طرح کے گروہ نہ ہوں، لہٰذا نیک صالح شخص کا خواب میں دیکھنا مفید جانوروں یا پرندوں کی دلیل ہے، جیسا کہ صالح ومفید جانوروں اور پرندوں کا دیکھنا مغلوب الخیر آدمی کی دلیل ہوتا ہے، کیونکہ بنی آدم

Marfat.com

میں بعض عادات ایسی ہیں جو وحوش وطیور کے مشابہ ہیں یا پھر بنی آدم کو دیکھنا کٹی ہوئی کھیتی کی دلیل ہے، اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے ''واللہ أنبتکم من الأرض نباتا'' (نوح:۱۷) یعنی اور اللہ نے تم کو زمین سے ایک خاص طور پر پیدا کیا۔ اور اولادِ آدم کو خواب میں دیکھنا بوجہ اختلاف کسب کسب ومعاش میں شبہات یا عجیب عمارت یا عمدہ صنعت کی دلیل ہے۔

## ۹۸۰۔ الرِّجل (پاؤں):

خواب میں پاؤں دیکھنا آدمی کے وجود وبقاء کا سامان ہے، اور دونوں پاؤں مسرّت ومضرّت کی حالتوں میں اس کا سامانِ زندگی ہے، اگر دیکھے کہ اس کے دونوں پاؤں آسمان کی جانب اوپر کو چڑھے ہیں اور اس سے بعید ہوئے ہیں تو اس کے والدین وفات پائیں گے، اگر دیکھے کہ اس کے دونوں پاؤں کمزور ہوگئے ہیں تو اس کو مالی رسوائی ہوگی، اگر دیکھے کہ وہ اپنے پاؤں کے ساتھ بدکاری کرتا ہے تو وہ عورتوں کے پیچھے چلتا ہے، اگر دیکھے کہ وہ برہنہ پا چلتا ہے تو اسے مشقت وتکان پہنچے گی، جو دیکھے کہ وہ کسی انسان کا پاؤں کھاتا ہے تو اسے اللہ تعالیٰ کا قرب و وسیلہ حاصل ہوگا، اور اس کے امور کامیابی سے سرانجام پائیں گے، اور اس کی تمام دینی ودنیوی حاجات پوری ہوں گی، جو دیکھے کہ اسکے دونوں پاؤں جلتے ہیں تو اس کی مملوک چیز میں تغیر وتبدل آئے گا، جو دیکھے کہ اس کے بہت سے پاؤں ہیں تو یہ خواب مسافر کے حق میں اور ریاست کے ذمہ دار کے لئے خیر ومنفعت کی دلیل ہے، اور ملاحوں کے بارے میں کثیر نفع کے علاوہ سفر کی دلیل ہے، اور فقراء کے متعلق غیر متوقع اچھی چیزوں کے ملنے اور پائے جانے کی علامت ہے، اور مالداروں کے حق میں سقم ومرض کی دلیل ہے، اور آنکھ کے مریض کے بارے میں بینائی ختم ہونے کی علامت ہے، شریر لوگوں کے حق میں مذکورہ خواب غم وحزن، ملامت اور قید ہونے کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ اس کا ایک پاؤں پتھر بن گیا ہے تو وہ خشک ہوجائے گا اور اس پاؤں سے نفع نہیں اٹھائے گا، جو شخص دیکھے کہ اس نے بادشاہ کو دونوں پاؤں سے روندا ہے تو اسے چلتے ہوئے دونوں پاؤں سے ایسا دینار ملے گا جس پر بادشاہ کی صورت ہوگی، اگر دیکھے کہ اس کا پاؤں کٹ گیا ہے تو اس کا نصف مال جاتا رہے گا، اور دونوں پاؤں والدین ہیں، جس کے پاؤں برابر ہوئے ہوں یا پاؤں کی انگلیاں زیادہ ہوگئی ہوں تو اسے قوت وعزت اور طاقت حاصل ہوگی، اگر دیکھے کہ اس کے دونوں پاؤں قطع (کٹنا) ہوگئے ہیں تو اس کا سارا مال جائے گا، یا وہ وفات پائے گا، جو شخص خواب میں دیکھے کہ اس کا پاؤں یا ٹانگ ٹوٹ گئی ہے تو اسے چاہئے کہ وہ سلطان کی قربت ہرگز اختیار نہ کرے اور وہ علاقہ چھوڑ دے اور اللہ تعالیٰ سے عافیت مانگے، اور بعض کہتے ہیں کہ اگر وہ صاحب خواب مریض ہے تو یہ خواب اس کی موت کی نشانی ہے، جو شخص خواب میں اپنے ایک پاؤں کو دوسرے پاؤں سے زیادہ طویل دیکھے تو وہ سفر اختیار کرے گا، اور اسے تعاون حاصل ہوگا، اگر وہ مالدار ہے تو بیمار پڑے گا، اس لئے کہ مالدار اس شخص کا محتاج ہوتا ہے جو اس کے امور انجام دے، اور بادشاہ کا پاؤں اس کے آدمیوں کی دلیل ہے، اگر خواب میں بادشاہ دیکھے کہ اس نے کسی دوسرے بادشاہ کا پاؤں کاٹ ڈالا ہے تو وہ اپنے آدمیوں میں سے کچھ غلاموں کو پکڑے گا، جو خواب میں دیکھے کہ اس کے چار پاؤں ہیں تو اگر

Marfat.com

وہ فقیر ہے تو سفر پر روانہ ہوگا اور خوشحالی ملے گی، اور اگر مالدار ہے تو بیمار ہوگا، اور کبھی یہ خواب عمر کے درازی کی دلیل ہوتا ہے، اور مریض کے حق میں موت کی علامت ہے، جو دیکھے کہ وہ ایک پاؤں کے بل چلتا ہے تو یہ بات اس کے نصف مال یا نصف عمر کے ختم ہونے کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ وہ تین پاؤں کے بل چلتا ہے تو وہ اس وقت وفات پائے گا جب عصا لیکر چلے گا یا تو عمر رسیدگی اور طولِ عمر کی بناء پر اور یا پھر کسی علت و بیماری میں مبتلا ہونے کی وجہ سے، اور قاضی اور والی اگر خواب میں دیکھیں کہ ان کے بہت سے پاؤں ہیں جن کے بل وہ چلتا ہے تو وہ معزول ہوگا اور وکلاء کے سہارے ہی چل سکے گا، اور خواب میں پاؤں لوہے کے دیکھنا طولِ عمر اور مال و معیشت میں حسنِ حال کی دلیل ہے، اور پاؤں شیشے کے دیکھنا قلتِ عمر اور ضعفِ قدرت کی دلیل ہے، اور پاؤں اگر سونے کے دیکھے تو وہ کسی جرم و تاوان میں مال ختم کرنے کی سعی کرے گا، اور اگر چاندی کے دیکھے تو وہ عورتوں کی طلب میں سعی کرے گا، اگر پاؤں پیتل کے دیکھے تو اپنے پاؤں افلاس میں لگائے گا، اگر سیسہ کے دیکھے تو یہ پردہ (حائل چیز) یا فالج میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے مگر یہ کہ خواب میں کوئی بات خیر پر دال ہو تو اس صورت میں وہ اللہ تعالیٰ کی مرضیات میں پاؤں استعمال کرے گا، یا ان پاؤں کے ساتھ فی سبیل اللہ وقوف کرے گا، اگر اپنے پاؤں کا گوشت دیکھے کہ وہ ختم ہوگیا ہے تو یہ اس کی عمر رسیدی کی دلیل ہے، اور پاؤں کی انگلیاں نیک اعمال کی دلیل ہیں، جو دیکھے کہ اس کے پاؤں درد میں مبتلا ہوئے ہیں تو اس نے برائیوں کا ارتکاب کیا ہے، اور اس پر عقوبت (سزا) نازل ہوئی ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ پاؤں میں الم و درد ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف منتقل ہونے اور تبدیل ہونے کی دلیل ہے۔

## ۹۸۱۔ الرجم (سنگ ساری):

جو شخص خواب میں دیکھے کہ اس نے کسی پر سنگ باری کی ہے تو وہ کسی انسان کو سب و شتم کرے گا، اور سنگ ساری (پتھر مارنا) عزت مجروح کرنے اور آبروریزی کی دلیل ہے اِلّا یہ کہ وہ رجم (سنگ باری) بطورِ حد کے ہو تو دریں صورت یہ خواب سنگسار رشدہ کا گناہوں سے پاک صاف ہونے کو ظاہر کرتا ہے۔

## ۹۸۲۔ الرجوع من السفر (سفر سے واپس لوٹنا):

اس کی تعبیر حق واجب کی ادائیگی ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ یہ خواب (یعنی سفر سے لوٹنا) غموں سے چھٹکارا پانے، برائیوں سے نجات اور نعمت کے حصول کی دلیل ہے، اور کبھی یہ خواب صاحب خواب کا گناہوں سے توبہ کرنے کو ظاہر کرتا ہے، کیونکہ توبہ کا معنی ہی یہ ہے الرجوع عن المعصية یعنی گناہ سے لوٹنا یعنی باز آنا۔

## ۹۸۳۔ الرحي (چکی):

خواب میں چکی تنگی کے بعد کشادگی، فقیری کے بعد مالداری اور کنوارے کے حق میں زوجہ اور کنواری کے حق میں

Marfat.com

زوج کی دلیل ہے، اور جس گھر میں چکی چلانے کی عادت نہیں ہے وہاں چکی کا دیکھنا تکالیف، خصومت اور غلبہ کی دلیل ہے، اگر چکی میں روٹی یا گوشت یا شہد پیسا ہے تو یہ اس گھر کے افراد کے فساد وریا کاری کی دلیل ہے، اگر چکی میں گندم یا جو یا کوئی نفع مند چیز پیسی ہے تو یہ خواب معاملات کے آسان ہونے، رزق کے حاصل ہونے اور امراض سے شفا پانے اور گھر کے افراد کی ضروریات کے ذمہ دار کا خوشحال ہونے کی دلیل ہے، اگر شہر کے وسط میں یا مساجد میں بڑی چکی کا نظر آنا حرب ولڑائی کی دلیل ہے، جبکہ وہ شہر ویران و بے آباد ہو، خصوصاً اس صورت میں جب چکی آگ یا پتھروں کو پیستی ہو، بصورتِ دیگر چکی طاعون کی علامت ہے، خصوصاً جب وہ چکی متعفن ہو یا نرم گوشت یا پانی و مٹی کو پیستی ہو، بعض کہتے ہیں کہ چکی کا چلنا ور گھومنا سفر کی دلیل ہے، اگر چکی بغیر گندم وغیرہ کے گھومی ہو تو یہ مشقت درپیش ہونے کی دلیل ہے، اگر چکی ٹیڑھی ہو کر گھومی ہو تو اشیاء کے نرخ بڑھیں گے، جو خواب میں دیکھے کہ اس کی چکی ہے جو چرخی کے ساتھ چلتی اور گھومتی ہے تو اس کا دیکھنا کثرتِ رزق کی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ چکی بغیر پیسنے کے گھومتی ہے تو یہ سفر کی نشانی ہے، اور چکی کا بلا سبب گھومنا صاحبِ خواب کی اجل کے قریب آنے کی دلیل ہے، اور ہتھ چکی دو فاسق شریک آدمی ہیں جو اپنے علاوہ کے لئے درست ہونے کو تیار نہیں ہیں، جو شخص دیکھے کہ وہ اپنے ہاتھ سے چکی گھماتا ہے اور اس چکی کے ذریعہ کچھ پیستا ہے تو وہ اپنے دین ومعیشت کے بارے میں اپنے ہاتھ پر بھروسہ کرتا ہے، اور جس قدر اس سے آٹا نکلا ہے اسی قدر عیش وزندگی اور رزق حاصل ہوگا، اور چکی ردی اور خراب امور کی بھی نشاندہی کرتی ہے، نیز امانتدار خادموں کی بھی دلیل ہے، بعض اہلِ تعبیر کہتے ہیں کہ چکی خاوند اور سسرالی رشتہ دار کی دلیل ہے، جو اپنے ہاتھ میں چکی دیکھے تو اسے مارا جائے گا اور قید ہوگا، جو چکی دیکھے کہ وہ ٹوٹ گئی ہے اور وہ قیدی ہے تو وہ قید خانہ سے نجات پائے گا، اور اگر وہ غمزدہ ہے تو اس کے غم دور ہوں گے، اور اگر کسی خطرے میں ہے تو نجات ہوگی یا وفات ہوگی، جو دیکھے کہ اس کے پاس چکی ہے جو غلہ پیس رہی ہے آبِ جاری کے ساتھ یا بغیر پانی کے تو اس کا معاش دوسرے کی محنت سے وابستہ ہے، اگر دیکھے کہ چکی کا پاٹ ٹوٹ گیا ہے تو چکی کا مالک وفات پائے گا، اگر چکی دیکھے کہ پتھروں کو پیستی ہے تو خوف وخطر پیش آئے گا، اور چکی دیکھنا خوف کی دلیل بھی ہے، اور جو خواب میں چکی خریدے تو کنوارا ہے تو شادی کرے گا یا اپنے بیٹے یا بیٹی کی شادی کرائے گا، یا خادم خرید کرے گا یا اہلِ سفر ہو تو سفر کرے گا، اور ہوا کی چکی عارضی خصومت پر دال ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ چکی کا ٹوٹنا پریشانیوں کے دور ہونے کی دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ اس کی موت کی علامت ہے، اور زعفران کی چکی فرحت ومسرت، حالات کی درستگی اور اچھی تعریف کی دلیل ہے، یا صفراوی مادہ کی وجہ سے مرض کی دلیل ہے، اور پن چکی (Water Mill) اور پون چکی (Wind Mill) سلطان کے خادم یا اس کا دربان ہے، یا مشکلات آسان ہوں گی، اور کشتیوں کے چلنے اور بارش کے برسنے کی دلیل ہے، اور ہتھ چکی راحت واطمینان اور کشادہ حالی کی دلیل ہے، یا پھر شر وفساد یا باندی کی علامت ہے یا زوجہ، معیشت اور رزق کی دلیل ہے اگر کامل التعداد ہو تو وہ چکی جلدی سفر اور امور کی انجام دہی کی دلیل ہے، اور چکی بڑی فسادی اور پھٹو عورت کی بھی دلیل ہے۔

Marfat.com

## ۹۸۴۔ الرحال (پالان):

خواب میں اونٹ کا پالان دیکھنا نکاحِ متعہ اور آسانی کی جانب میلان کی دلیل ہے، کبھی اس کا دیکھنا اولادِ زنا کی دلیل ہوتا ہے، اور جانور کا کجاوہ یا پالان دیکھنا جلیل وعظیم متاع وسامان کی دلیل ہے، اور پالان سفر، رحلت اور انتقال کی دلیل ہے، اور پالان ساز مالدار لوگوں کی آزاد عورت ہے۔

## ۹۸۵۔ الرحمة (رحمت وشفقت کرنا):

جو خواب میں رحیم شخص کو دیکھے کہ وہ ضعیف پر رحم کرتا ہے تو بلاشبہ اس کا دین قوی اور درست ہے، اگر خود کو مرحوم دیکھتا ہے تو اس کی مغفرت ہوگی، اور جو شخص خواب میں دیکھے کہ رحمتِ خداوندی کا اس پر نزول ہو رہا ہے تو اسے نعمت نصیب ہوگی، اگر خواب میں خود کو شادان وفرحان اور رحیم المزاج دیکھے تو وہ قرآن کریم حفظ کرے گا۔

## ۹۸۶۔ الرخام (سنگِ مرمر):

خواب میں سنگ مرمر دیکھنا عزت وبلند قدری، مال ودولت اور خوبصورت ازواج اور غلام باندیوں کی دلیل ہے، اور اس کا دیکھنا فقیری کے بعد مالداری کی دلیل ہے، اور وہ شادی یا باندی کرے گا یا غلاموں کی خریداری کرے گا نیز فائدہ بخش تجارت گاہوں کی دلیل ہے، یا اسے علم وشعر اور صالح اولاد نصیب ہوگی جبکہ وہ حالت بیداری میں اس کا اہل ہو، یا اسے منصب جلیل حاصل ہوگا، اور وہ چیزیں جو سنگِ مرمر سے بنائی جاتی ہیں جیسے حوض تالاب، ستون بنیاد اور دہلیز وغیرہ خواب میں ان کا مالک ہونا یا زیرِ تصرف ہونا وغیرہ غم وحزن کے زوال کے دلیل ہے، نیز فرحت وخوشی، شریف عورتوں، خوبصورت اولاد، بلند وبالا مساکن (گھر) اور رزق کی دلیل ہے، اور سنگِ مرمر کی قبریں اچھی آخرت، ثنائے جمیل اور نیکی کے اوقات کی دلیل ہے، اور وہ سنگِ مرمر جو ایک دوسرے کے اوپر لگے جڑے ہوئے ہوں ان کا دیکھنا خوبصورت کتابت اور گراں مہر سے نکاح کرنے کی دلیل ہے، اور سنگ مرمر کا مٹکا جمیل وحسین عورتوں اور جلیل منصب رکھنے والیوں کی دلیل ہے۔

## ۹۸۷۔ الرخاء (آسودہ حالی):

اس کی تعبیر شدت کے بعد آسانی وکشادگی، ادائے قرض اور تکالیف ومصائب کی دوری کی دلیل ہے۔

## ۹۸۸۔ الرخ[1] (سیمرغ):

لفظ الرخ کے دو مفہوم ہیں، پہلے معنی (سیمرغ) کے اعتبار سے عجیب وغریب واقعات اور دور دراز کے اسفار کی دلیل ہے، یا پھر اس کا دیکھنا بیہودہ گوئی کی دلیل ہے، اور دوسرے معنی (شطرنج کا مہرہ) کے اعتبار سے اس کا دیکھنا معاملات

(۱) ایک خیالی پرندہ جس کے مختلف اوصاف بیان کیے جاتے ہیں۔

Marfat.com

میں استقامت کی دلیل ہے، کبھی اس کا دیکھنا ستر اور ناگہانی موت، راست گوئی کی دلیل ہوتا ہے، اور حاملہ کے حق میں اس کا دیکھنا بیٹی کی ولادت پر دلیل ہے۔

## ۹۸۹۔ الرخمة (گدھ):

گدھ کو رات کے وقت دیکھنا (خواب میں) احمق اور بداخلاق آدمی کی دلیل ہے، اور دن کے وقت دیکھنا مرض کی علامت ہے، اور جو دیکھے کہ اس نے گدھ پکڑی ہے تو وہ لڑائی کے درپے ہے جس میں بہت زیادہ خون بہے گا، یا وہ شدید بیمار ہوگا، جو خواب میں بہت سی گدھیں دیکھے کہ کسی شہر میں اتری ہیں تو ایک لشکر اس اہلِ شہر کا مہمان ہوگا، اگر مریض اپنے گھر میں گدھیں دیکھے تو وہ یا تو وفات پائے گا، یا اس بیماری سے موت کے کنارہ پہنچ جائے گا، اور دباغت دینے والوں اور کمہاروں کے حق میں خیر ومنفعت کی دلیل ہے، اور مریضوں اور اطباء کے حق میں شر کی دلیل ہے، اور گدھ دشمنوں اور بے فائدہ لوگوں کی دلیل ہے، نیز ان لوگوں کی علامت ہے جو مُردوں کو غسل دیتے ہیں یا جو لوگ قبرستان میں ٹھکانہ بناتے ہیں، اور گدھ چوروں، وحشت وجدائی اور آباد چیز کی ویرانی اور بیہودہ فحش کلام کی دلیل ہے۔

## ۹۹۰۔ الرّداد (دوہرانے والا):

خواب میں اس کو دیکھنا رہزن، کام کے اختتام یا مسافر کو روکنے، معاصی کو ترک کرنے اور باقی ماندہ سامان کی دلیل ہے۔

## ۹۹۱۔ الرداء (چادر):

اگر خواب میں سفید رنگ کی نئی چادر دیکھی ہے تو یہ انسان کی عزت وجاہ کی علامت ہے، اور اگر چادر باریک وپتلی ہے تو یہ اس کے دین کی کمزوری کی دلیل ہے، اس لئے کہ چادر انسان کا دین اور اس کی آرزوئیں ہیں، اگر موسم سرما میں چادر اوڑھی ہے تو وہ شیخی باز اور بہ تکلف آراستہ ہونے والا ہے، حالانکہ وہ فقیر ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ چادر خسیس عورت ہے، اگر خواب میں دیکھے کہ اس کی چادر یا پرانا چوغا گم ہوا ہے تو وہ فقر سے مامون رہے گا اور لوگوں کے سامنے فخر کرے گا، اور جو شخص دیکھے کہ اس کے بدن پر نئی یمنی چادر ہے یا اس کے کنارے پھٹے ہوئے ہیں تو وہ قرآن کریم کا کچھ حصہ سیکھے گا اور پھر اسے بھول جائے گا، اگر عورت خواب میں چادر دیکھے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اس کا زوج اس کے ساتھ اچھا سلوک نہیں کرتا ہے، اور چادر آدمی کی امانت ہے، اس لئے کہ چادر کی جگہ گردن کا پہلو ہے اور گردن جائے امانت ہے۔ نیز دیکھئے الکساء (چادر)

## ۹۹۲۔ الرداءة (برائی): دیکھئے السّوء (برائی)

Marfat.com

۹۹۳۔ الرزّاز (چاول فروش):

خواب میں چاول فروش دیکھنا اس ولی الامر کی دلیل ہے جو اپنی شدید طاقت ومعرفت کے ذریعہ حق کو باطل سے نکالتا ہے۔

۹۹۴۔ رزالدجاج (تیج پات): دیکھئے الشبت (تیج پات[1])

۹۹۵۔ الرزّۃ (لوہے کا کنڈا):

خواب میں لوہے کا کنڈا دیکھنا مالی عقد جیسے سو ہزار وغیرہ کی دلیل ہے، اور رزّہ (کنڈا) کبھی رزیہ (بلا ومصیبت) کی دلیل ہوتا ہے، خواب میں کنڈے کا اپنی جگہ سے اکھاڑنا مصیبت کی دلیل ہے، اور اس کی تجدید یا اس کو توڑنا عصمت اور مال یا علم کی حفاظت ہے، اور یہ کنڈا کبھی ازار بند کے ساتھ شلوار پہننے کی دلیل ہوتا ہے۔

۹۹۶۔ الرزیّۃ (بلا ومصیبت):

خواب میں بلا ومصیبت مریض کی وفات، قید خانہ، فقر وافلاس اور نابینا ہونے کی دلیل ہے، کبھی یہ خواب یعنی مصیبت دیکھنا بشارت اور اس کے دشمن کی راحت پر دلیل ہوتی ہے جو اس کے غم وپریشانی سے خوش ہوتا ہے۔

۹۹۷۔ الرسالۃ (خط):

خواب میں کسی کی جانب خط ارسال کرنا یا دوسرے کی طرف سے خط آنا منصبِ جلیل کی دلیل ہے، اگر اس خط میں کوئی خیر کی بات ہو جیسے امر بالمعروف یا نہی عن المنکر تو وہ خط حاجت روائی اور بلند شانی کی دلیل ہے، اور خواب میں بشارت (خوشخبری) والا خط آنا پوشیدہ امر میں حسنِ انجام کی دلیل ہے یا پھر اسے مال یا اولاد یا زوجہ عطا ہوگی، اگر خواب میں قاصد کو مارا یا جھڑکا یا اس کا نقصان کیا ہے تو یہ دین سے مرتد ہونے یا بدعت وضلالت کی دلیل ہے، ممکن ہے کہ وہ بصورتِ قتل وفات پائے۔

۹۹۸۔ الرسّام (نقشہ ساز):

خواب میں نقشہ ساز دیکھنا کلمہ قبول کرنے یا صاحبِ رائے یا صاحبِ انساب وجائیداد اور ہر علم میں شریک شخص کی دلیل ہے، اور نقشہ ساز صاحبِ امر ونہی ہے یا وہ انجینئر ہوگا۔

۹۹۹۔ الرسوم (نشانات): دیکھئے آثار الدیار (کھنڈرات)۔

(۱) خوشبودار پتے جو کھانے میں ڈالے جاتے ہیں۔

Marfat.com

## ۱۰۰۰۔ الرشاش (چھینٹیں):

خواب میں چھینٹیں دیکھنا بارشوں کی دلیل ہے، کبھی اس کی تعبیر احوال کی اصلاح، بے خوابی کے مرض اور غم وحزن ہوتی ہے۔

## ۱۰۰۱۔ الرشح (زکام): دیکھئے الزکام (زکام)

## ۱۰۰۲۔ الرصاص (سیسہ):

خواب میں سیسہ حقیر کسب ہے، کبھی اس کا دیکھنا اس بات کی دلیل ہوتا ہے کہ اس کا صاحب بڑا دلیر بہادر ہے، یا ان میں سے ہے جو بات کرنے میں شرماتے نہیں ہیں اور کام کرنے کے وقت توقف نہیں کرتے ہیں، اور خواب میں سیسہ (ایک قسم کی دھات) دیکھنا کبھی عام اور ادنیٰ درجہ کے لوگوں کی دلیل ہوتا ہے، جو دیکھے کہ اس نے سیسہ حاصل کیا ہے تو وہ مال ہے جسے وہ مجوسیوں سے حاصل کرے گا، اور خواب میں جو پگھلنے والا سیسہ لے تو اسے چاہئے کہ اپنے قبضہ میں جو کچھ ہے مال وغیرہ اس کی حفاظت کرے تاکہ وہ ختم نہ ہو، اگر سیسہ جامد (جماہوا) تھا تو پھر اسکے مال کے متعلق کوئی خوف وخطر نہیں ہے، جو شخص دیکھے کہ وہ سیسہ پگھلاتا ہے تو وہ کسی کمزور امر میں مخاصمت (جھگڑنا) کرے گا اور لوگوں کی آبروریزی کرے گا، اور سیسہ ان چیزوں کی بھی دلیل ہے جو اس سے بنائی جاتی ہیں، اور سیسہ فروش خواب میں دیکھنا صاحب نقص وخرابی کی دلیل ہے۔

## ۱۰۰۳۔ الرضاع (دودھ پینا):

خواب میں دودھ پینا حاجتمندی، یتیمی، تلف وہلاکت اور مزاج کی تبدیلی کی دلیل ہے، اگر کوئی عورت دیکھے کہ وہ کسی انسان کو دودھ پلاتی ہے تو یہ خواب دونوں پر دنیا یا جسم کے بند ہونے کی دلیل ہے، اس لئے کہ دودھ پلانے والی قید خانہ کے مثل ہے حتیٰ کہ وہ شیر خوار اس کی چھاتی کو چھوڑ دے، جو دیکھے کہ وہ دودھ چھڑانے کے بعد کسی بچے کو دودھ پلاتا ہے تو وہ قید ہوگا یا بیمار ہوگا یا دروازہ دنیا کا اس پر بند ہوگا، او جو کسی شکار کو دودھ پلائے یا اس کا دودھ پیے تو وہ کسی سختی میں مبتلا ہوگا، پھر اللہ تعالیٰ وہ سختی دور فرمادیں گے، جو شخص دیکھے کہ اس کی دونوں چھاتیوں میں دودھ ہے تو اگر کسی نے وہ دودھ نہیں پیا ہے تو وہ شخص دنیا کی زیادتی کی طرف مائل ومتوجہ ہے اور اس کی تدبیر کرتا ہے، اگر وہ دودھ دوسرے کسی کو پلایا ہے تو پلانے والے کے لئے اس میں خیر کی کوئی بات نہیں ہے، اگر عورت دیکھے کہ کسی آدمی نے اس کا دودھ پیا ہے تو وہ شخص اس عورت کا مال دودھ کے بقدر اس کی ناگواری کے باوجود لے گا، اور مریض جب خواب میں دیکھے کہ وہ دودھ پیتا ہے تو وہ اپنے مرض سے شفایاب ہوگا۔

Marfat.com

## ۱۰۰۴۔ الرضخ (ٹکر مارنا):

جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ پتھر پر ٹکر مارتا ہے تو وہ شخص نوم وغفلت کا شکار ہے، عشاء کی نماز نہیں پڑھتا ہے۔

## ۱۰۰۵۔ الرضراض (چھوٹی کنکریاں):

خواب میں چھوٹی کنکریاں (جو پانی کی نالی میں پڑی ہوتی ہیں) دیکھنا کسی شغل وکام یا بدبختی کی دلیل ہے۔

## ۱۰۰۶۔ رضوان علیہ السلام:

رضوان علیہ السلام جنت کے خازن (داروغہ) ہیں، خواب میں ان کی زیارت دائمی خوشی کی دلیل ہے، جیسا کہ ان کی زیارت بادشاہ کے خازن اور اس کے قاصدِ بخیر نیز ایفائے عہد، قضائے حاجات اور دعا کی قبولیت کی دلیل ہوتی ہے، اور جس پر اس کا سلطان غضبناک ہو تو اس کا رضوان علیہ السلام کو دیکھنا اس سلطان کی رضا حصولی کی دلیل ہے، خصوصاً اس صورت میں جب رضوان علیہ السلام نے اس کو جنت کا کچھ پھل وغیرہ دیا ہو یا بہشتی لباس پہنایا ہو یا وہ اس کی طرف متوجہ ہوں یا وہ اس سے خوش ہوں تو یہ سب باتیں رضائے خداوندی اور اس پر ظاہری باطنی نعمتوں کے اظہار کی دلیل ہے، رضوان علیہ السلام کا دیکھنا نعمت وخوشحالی اور رضائے الٰہی کی علامت ہے، جو دیکھے کہ جیسے وہ جنت میں ہے اور فرشتے اس کو سلام کر رہے ہیں، اور ہر بابِ جنت سے اس کے پاس آ رہے ہیں تو اللہ تعالیٰ اس کی مغفرت فرمائیں گے اور اس کے گناہ درگزر فرمائیں گے اور وہ طویل صبر سے خیر کو پہنچے گا، اور خواب میں رضوان علیہ السلام کی زیارت زوالِ غم وفکر، شرح صدر اور خوشحال زندگی کی دلیل ہے۔

## ۱۰۰۷۔ الرطب (پکی ہوئی تازہ کھجور):

خواب میں اپنے موسم میں تازہ کھجور دیکھنا آباد علاقہ میں ولایت کے حصول کی دلیل ہے، اور بے موسم کھجوریں کھانا مرض کی دلیل ہے، اور تاجر کے حق میں تازہ کھجوریں اس کی تجارت کی علامت ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ بلکہ تازہ کھجوریں کھانا ایسا رزق ہے جس سے آنکھیں ٹھنڈی ہوں، اور تازہ کھجوریں نرینہ اولاد کی بشارت ہے، نیز دشمنوں پر غلبہ اور جنون سے حفاظت کی دلیل ہے، اور تازہ کھجوریں رزقِ حلال، شفاء اور کشادگی کی دلیل ہے، اور بے موسم تازہ کھجوریں کھانا حصولِ شفاء وبرکت اور کشادہ حالی کی دلیل ہے۔

## ۱۰۰۸۔ الرُّعاف (نکسیر):

خواب میں بہت زیادہ پتلی بہنے والی نکسیر پھوٹنا مالِ حرام کے حصول کی دلیل ہے، اور اگر نکسیر سخت ہو تو یہ ساقط ہونے والا بچہ ہے (ناتمام بچہ)، اس لئے کہ نطفہ کے بعد بچہ علقہ (جما ہوا خون) کی صورت میں ہوتا ہے، اور جو دیکھے کہ

Marfat.com

اس کے نکسیر پھوٹی ہے اور وہ اعتقاد ویقین رکھتا ہے کہ نکسیر اس کے لئے فائدہ مند ہے تو اسے اپنے رئیس سے خیر ودولت حاصل ہوگی، جس سے وہ متمول (مالدار) اور خوش حال ہوگا، اور اگر وہ نکسیر کو مضر خیال کرتا تھا تو رئیس سے حاصل شدہ مال اس کے لئے وبالِ جان ثابت ہوگا، اور ضرر ونقصان درپیش ہوگا۔ اگر ایسا شخص جسے نکسیر پھوٹی ہے خود رئیس ہو تو وہ قوت ضعف اور خون کی کثرت وقلت کے مطابق اپنے بدن وجسم میں بہتری دیکھے گا، اور ایک دو قطرے ناک سے خون نکلنا منفعت کی دلیل ہے، اگر خون کے اخراج کے بعد اس کی قوت ختم ہوئی ہے تو وہ محتاج ہوگا، اس لئے کہ ضعف (کمزوری) فقر واحتیاج کی دلیل ہے، اور اگر اس کے اخراج سے قوی ہوا ہے تو پھر مستغنی ہوگا، اس لئے کہ قوت انسان کی مالداری کی علامت ہے، اگر نکسیر سے اس کے کپڑے بھر گئے ہیں یا لتھڑے ہیں تو اسے مکروہ مال اور گناہ حاصل ہوگا، لیکن اگر کپڑے ملوّث نہیں ہوئے ہیں تو پھر وہ گناہ سے نکل آئے گا، اگر دیکھے کہ نکسیر کا خون راستہ میں ٹپکتا ہے تو وہ زکوٰۃ ادا کرے گا اور اسے کشادہ راستہ میں صرف کرے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ جو شخص دیکھے کہ اس کی ناک سے خون جاری ہے تو اسے خزانہ اور عظیم مال حاصل ہوگا، بعض کہتے ہیں ناک سے خون کا جاری ہونا خیر کی علامت ہے جو رئیس کی جانب سے آئی گی، بعض کہتے ہیں کہ نکسیر بے گمان جگہ سے غم وفکر اور تکلیف کی دلیل ہے، اگر صاحب خواب نکسیر سے راحت محسوس کرتا ہے تو اس صورت میں اس کی نکسیر شہرت ولباس کی دلیل ہے، بعض کہتے ہیں کہ نکسیر حصولِ خزانہ کی دلیل ہے۔

## ۱۰۰۹۔ الرعد (گرج چمک):

خواب میں بغیر بارش کے گرج چمک خوف کی دلیل ہے، گرج چمک سلطان کی طرف سے وعید وتہدید (ڈرانے دھمکانے) کی دلیل ہے، کبھی گرج چمک اچھے وعدوں اور عظیم حکموں کی دلیل ہوتی ہے، اور کبھی طبلوں اور ڈھولوں کی آواز پر دلیل ہوتی ہے، اور خواب میں اگر بادل کے گرجنے چمکنے کی آواز سنی ہے تو وہ قرض کی ادائیگی کرے گا، اگر وہ مریض ہے تو شفا ہوگی، اگر قیدی ہے تو جیل سے رہائی ملے گی، اور مسافر کے حق میں بادل کی گرج چمک بجلی اور بارش خوف کی اور مقیم کے حق میں طمع وحرص کی دلیل ہے، اور بادل کی گرج چمک شرطی (پولیس مین) اور عظیم ملک کی دلیل ہے، اور جو خواب میں کسی شہر علاقہ میں زور دار گرج سنے تو وہ لوگ حادثاتی طور پر مریں گے، اور ان کے مابین فتنہ وقتال واقع ہوگا، اور گرج کی آواز خصومت وجدال (لڑائی جھگڑے) کی دلیل ہے، جیسے یہ دینی نقصان اور مالی خسارہ کی دلیل ہوتی ہے، اگر بادل کی گرج کے ساتھ بارش بھی دیکھی ہے اور حال یہ ہے کہ لوگ بارش کے محتاج ہیں تو یہ خوشحالی ہے جو ان اہل محلہ کو حاصل ہوگی، اور بغیر بجلی کے گرج سننا دھوکہ فریب اور کذب بیانی کی کوشش پر دال ہے، اور جو خواب میں گرج چمک سنے تو وہ سلطان سے کوئی ناگوار بات سنے گا، جب بادل کی گرج کے ساتھ اندھیرا اور بجلی کی کڑک ہو تو ایسی صورت میں گرج سننا خیر کی دلیل نہیں ہے، کیونکہ یہ صورت دیت سے پھرنے پر دال ہے، خصوصاً جب اسکے ساتھ زلزلہ بھی ہو، اور بر وقت گرج سننا بشارت اور خیر وبرکت کی دلیل ہے، اور بے وقت کی گرج کسی لشکر میں جہاد کے لئے یا فتنہ میں نقل وحرکت کی دلیل ہے، اور

Marfat.com

بادل کی گرج چمک کبھی تسبیح وتہلیل (سبحان اللہ اور لا الہ الا اللہ کہنا) کی دلیل ہوتی ہے، اور کبھی اس کا سننا امراض کی یا خوشی کے باعث ڈف کی آواز سننے کی دلیل ہے، اگر گرج کی آواز سننے والا شخص عاصی (گنہگار) ہے تو وہ رجوع الی اللہ کرے گا، اگر کافر ہے تو اسلام لائے گا، کبھی گرج کا سننا بہرہ پن کی دلیل ہوتا ہے، اور بادل کی گرج چمک کے حکم کے بارے میں اہل علم کہتے ہیں کہ اگر خواب میں بادل کی گرج کی آواز ماہِ اکتوبر کے پہلے روز سنی ہے تو یہ خواب بلادِ شام میں موت کی دلیل ہے، اور اگر اس ماہ کے پہلے چھ ایام میں سنی ہے تو غلہ سستا ہوگا، اور مصر میں پھل میوے اور مشروبات کی کثرت ہوگی، اور اگر اس ماہ اکتوبر کے آخر میں گرج سنی ہے تو بلادِ شام میں وبا واقع ہوگی، اور اگر خواب میں گرج کی آواز ماہ نومبر میں سنی ہے تو مصر اور بربر (ایک قوم ہے جو شمالی افریقہ کے پہاڑوں میں آباد ہے) کی زمین میں خیر کی کثرت ہوگی، اور ملکِ شام میں کفار کے دوشہر فتح ہوں گے، یا دُم دار ستارہ ظاہر ہوگا، اور ملکِ شام میں گرفتاری عمل میں آئے گی یا عرب کا کوئی بادشاہ وفات پائے گا، اور پرندے ہلاک ہوں گے، اور بجانبِ مشرق ظلم واقع ہوگا، اور ایسی بارش برسے گی جس سے نہ نفع ہوگا نہ ضرر، اور اگر گرج کی آواز ماہ دسمبر کے دس دنوں میں سنی ہے تو یہ اندلس میں عظیم لوگوں کی موت کی دلیل ہے اور سلطانِ وقت ظلم کرے گا، اور فساد وتباہی کی کثرت ہوگی، اگر یہ خواب اس ماہ کے سات دنوں میں ہوتو موسم سرما بہت سرد اور سخت ہوگا، اور بہار کا موسم اچھا بہتر ہوگا، اور اگر خواب میں گرج کی آواز ماہ جنوری کے چھ ایام میں سنی ہے تو ارضِ عراق پر زلزلوں اور خسوف (زمین میں دھنسنے) سے ایک امرِ عظیم واقع ہوگا، یا گائے مویشی فنا ہوں گے، اور غلہ کثیر ہوگا، اگر یہ خواب اس ماہ کے آخر میں آیا ہوتو وہ سورج گہن سے محتاط رہے گا، نیز کسی مغربی بادشاہ کے انتقال کی دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ ایک ستارہ ظاہر ہوگا اور وہ ایک بڑے شہر کی ویرانی سے ڈرے گا، اور ملک شام میں مرض اور آشوب چشم واقع ہوگا، اگر خواب میں بادل کی گرج ماہ فروری کے پہلے روز سنی ہے تو یہ زمین کی زرخیزی اور نشوونما کی دلیل ہے، اور ارضِ یاجوج میں وبا اور امراض واقع ہوں گی، اور موت کا وقوع سمندر کے جزیروں میں ہوگا، اور مکہ مکرمہ میں نرخ اشیاء کے کم ہوں گے، اور ملک حبشہ میں خوف وگھبراہٹ پیدا ہوگی، اور اگر گرج کی آواز اس ماہ کے آخر میں سنی ہے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ بادشاہِ مغرب اپنے ملک سے دوسرے ملک میں جائے گا، اگر خواب میں بادل کے گرج کی آواز ماہ مارچ کے چھ ایام میں سنی ہے تو یہ خواب گندم اور انگور کے سوا باقی چیزوں میں خوشحالی وخیر کی دلیل ہے، روغن زیتون کی کثرت ہوگی، تاجر حضرات پرامن ہوں گے، اور بادشاہ لڑائی کی غرض سے اپنے شہر سے دوسرے شہر جائے گا اور باظفر ہوگا، اور وہ شہر اس کے کنٹرول میں ایک مدت تک رہے گا، اور وہ کچھ دن نہروں اور درختوں کے درمیان رہے گا، پھر ملک روم چلا جائے گا، اور حجر الاصم مقام کو فتح کرے گا، اور روساء، اکابر اور قائدین کی ایک جماعت مقتول ہوگی، اور ارضِ شام زرخیز وخوشحال ہوگا، اور اگر اس ماہ کے آخر میں گرج کی آواز خواب میں سنی ہے تو ٹڈیوں کی کثرت ہوگی، بکریوں گائیوں کی موت بکثرت ہوگی، اور اگر خواب میں گرج کی آواز ماہ اپریل کی اکیسویں تاریخ کو سنی ہے تو یہ انگور اور زمین کی زرخیزی خوشحالی، بارشوں کی

Marfat.com

کثرت اور پھلوں کے حصول کی دلیل ہے، اور رومی لوگ اپنے ملک سے نکل کر جہاد کریں گے، اگر یہ خواب ماہ اپریل کے شروع میں آیا ہوتو ماہ مارچ میں خوف وگھبراہٹ واقع ہوگی، اور روم کے درمیان فساد برپا ہوگا، ان کا بادشاہ مرجائے گا، اور وہ شکست کھائیں گے، اور ان میں طاعون کا مرض پیدا ہوگا، اور ملک شام کید ومکر سے محفوظ رہے گا، اور مصیبت دوسروں کی زمین میں خروج کرے گی، پھر وہاں وہ لوگ فساد مچائیں اگے، اور اگر خواب میں گرج کی آواز اس ماہ کے چار ایام میں سنی ہے تو یہ گندم اور انگور کی عمدگی اور وسعت کی دلیل ہے، اور لوگوں کے درمیان اختلاف واقع ہوگا، اور بہت زیادہ امراض، اور کھلیان پر بھی خوف ہے، اگر گرج کی آواز کا سننا اس ماہ کی گیارہویں تاریخ کو ہوتو لوگ زلزلوں اور تکلیفوں سے دوچار ہوں گے، اور اگر اس ماہ کی تیرہویں تاریخ کو ہوتو لوگ شدید مہنگائی میں مبتلا ہوں گے، اگر سترہ تاریخ کو آواز سنی ہوتو بادشاہ اور ان کے وزراء آپس میں بغض وعداوت رکھیں گے، اور اس ماہ کی بائیس تاریخ کو ہوتو خطرناک شدید مرض واقع ہوگا، اور تیسوئیں تاریخ میں خوشحالی اور آسانی کی دلیل ہے، اور پچیس تاریخ میں سننا شدید گران بازاری کی دلیل ہے، اور اگر گرج کی آواز اس ماہ کی انتیس تاریخ کو سنی ہوتو یہ خیر وسرور اور کشادگی کی دلیل ہے، اور اگر خواب میں بادل کی گرج سنی ہے اور یہ خواب ماہ مئی کے نو دنوں میں دیکھا ہے تو یہ یمامہ میں باعزت لوگوں کی وفات کی دلیل ہے، اور ترکی لوگ موت کا شکار ہوں گے، نیز بکریاں بھی، اور بارش کثیر ہوگی، اور اچھے باغات بکثرت ہوں گے، اگر اس ماہ کے درمیانہ عشرہ میں خواب وقوع پذیر ہوا ہوتو شدید امراض پیدا ہوں گے، اور اگر خواب میں سنی جانے والی گرج ماہ جون کے دس دنوں تک میں ہوتو یہ خواب ارضِ مصر میں معززین اور علماء کے انتقال کی دلیل ہے، اور اشیاء کے نرخ کم ہوں گے، اور اموال میں اضافہ ہوگا، اور بروبحر کے شکار بکثرت ہوں گے، اور اگر خواب میں سنی جانے والی بادل کی گرج ماہ جولائی کے چھ ایام تک میں ہوتو ماہ دسمبر میں بارش ہوگی، اور کھیت میں اضافہ وترقی ہوگی، اور روم کے عظیم لوگ وفات پائیں گے، اور یمن میں نرخ گرجائیں گے، اور ارضِ عجم میں لڑائی اور جنگ ہوگی، اور ارض مصر میں از جانب بادشاہ شر وفساد برپا ہوگا، اور ان کو عیال وقیدی بنایا جائے گا، اور مشرق سے بادشاہ آئے گا وہ ان کو اٹھا کر قیدی بنا کر اپنے ملک لے جائے گا، اگر یہ خواب اس ماہ کے آخر یا اس ماہ کے باقی ماندہ سات دنوں میں دیکھا ہوتو یہ تمام ارض میں سلامتی کی دلیل ہے، اور ارضِ حبشہ اور ارضِ بصرہ میں قیمتیں کم ہوں گی، اور سواد الفرات تک زمین عمدہ ہوگی، اور بعض پھل جیسے کیلا، کھجور آفت زدہ ہوں گے، اور گندم کی کثرت ہوگی، اور اگر خواب سال کے آخر میں ہوتو لوگوں کے بادشاہ کے قتل کا خوف ہے، اور اگر خواب میں سنی جانے والی گرج کی آواز ماہ اگست میں ہوتو یہ خواب اہلِ شام، اہلِ جرجان اور اہلِ آذر بیجان کے حق میں خیر وبہتری کی علامت ہے، ٹڈیاں کم ہوں گی، اور قومِ خزر اور یاجوج وماجوج کے بادشاہ موت کا شکار ہوں گے، اور ان کے مابین قتل وقتال واقع ہوگا، اگر اس ماہ کے آخر میں خواب ظاہر ہوا ہوتو ارضِ مصر میں خوشحالی آئے گی اور اس کا دریائے نیل خوب بہے گا، اور قحط، موت اور گرانی کے بعد اشیاء کے نرخ کم ہوں گے، یا یہ خواب جماعتوں کی تفریق کی دلیل ہے، اور اگر خواب میں گرج کی آواز سنی ہے اور

Marfat.com

یہ خواب ماہ ستمبر میں آیا ہے یعنی اس ماہ کے آٹھ دنوں کے اندر تو بارش کثیر ہوگی، اور سال کے آغاز میں قحط واقع ہوگا اور اختتام سال خوشحالی آئے گی، اور ارض کوفہ اور وادیٔ بصرہ میں ٹڈیاں ہوں گی، اور لوگ شدید بھوک میں مبتلا ہوں گے، اور مسلمان قلعے فتح کریں گے، اور رومیوں اور ترکیوں کے درمیان قتل وقتال طویل مدت کے لئے ہوگا، ملکِ شام خوشحال ہوگا اور اس کے پھل وغلہ محفوظ رہے گا، اور اگر اس ماہ کی دسویں تاریخ کو خواب آیا ہے تو یہ بجانب مغرب رواں سال قلتِ مطر (بارش کی کمی) کی دلیل ہے، واللہ تعالیٰ أعلم وبغيبه أحكم۔

## ۱۰۱۰۔ الرعدة (کانپنا): دیکھئے الرعشۃ (کانپنا) نیز دیکھئے القشعریرۃ (کانپنا)

## ۱۰۱۱۔ الرعشة (کانپنا):

جو خواب میں دیکھے کہ اس کا سر کانپ رہا ہے تو اسے اپنے رئیس سے عزت حاصل ہوگی یا وہ اس پر غضبناک ہوگا، جو اپنا دایاں ہاتھ دیکھے کہ وہ کانپ رہا ہے تو اس کی معیشت دشواری کا شکار ہوگی، اگر دیکھے کہ اس کی ران کانپ رہی ہے تو خاندان کی جانب سے کوئی خبر اس کے پاس آئے گی، اگر کوئی دیکھے کہ اس کی پنڈلیاں کانپ رہی ہیں تو اس کے مال میں تنگی آئے گی۔

## ۱۰۱۲۔ رعي النجوم (گھاس چرانا):

جو خواب میں دیکھے کہ وہ گھاس چراتا ہے تو وہ لوگوں کا والی بنے گا، اور جو شخص یہ دیکھے کہ وہ بھیڑوں کا ریوڑ چراتا ہے تو وہ عرب کے لوگوں کا والی ہوگا۔

## ۱۰۱۳۔ الرغیف (روٹی):

خواب میں روٹی دیکھنا وسیع رزق ہے، اور خواب میں روٹیاں کھانا متوسط الحال معیشت کی دلیل ہے، اور جو خواب میں دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں دو پتلی روٹیاں ہیں اس سے بھی کھاتا ہے اور اس سے بھی کھاتا ہے تو وہ ایسا آدمی ہے جو نکاح میں دو بہنوں کو جمع کرتا ہے اور خواب میں روٹی کی ٹکیہ قلیل نفع کی دلیل ہے۔

## ۱۰۱۴۔ الرف (الماری):

خواب میں الماری دیکھنا راز دار، پردہ پوش اور جلیل القدر زوجہ کی دلیل ہے، اگر خواب میں الماری دیکھے جس کے اوپر کوئی عمدہ سامان ہو تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اس کے ہاں ذہین فطین متفرق علوم وفنون سے واقف فرزند پیدا ہوگا، یا پاکدامن عورت کی دلیل ہے جو بذاتِ خود شریف ہونے کے علاوہ اس کی راز دار ہے، کبھی الماری امانت دار اور کام کرنے والے شریک اور اس کے نفع کی دلیل ہوتی ہے۔

Marfat.com

## ۱۰۱۵۔ الرفّاء (رفوگر):

خواب میں رفوگر کو دیکھنا ہدایت وصلاح، طب وعلاج اور بیماریوں سے شفایابی کی دلیل ہے، اور رفوگر کبھی پارچہ باف اور کشیدہ کار (ایمبرائڈر) کی دلیل ہوتا ہے، اور جو شخص دیکھے کہ اس کی اہلیہ کی ستر سے کپڑا ہٹ گیا ہے اور اس نے رفو کے ذریعہ اسے ڈھانپ دیا ہے تو وہ اس اہلیہ پر بُرا الزام لگائے گا، پھر بلا عذرُ معذرت کرے گا، جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ کپڑے میں رفو کرتا ہے تو وہ اپنے کسی قریبی رشتہ دار سے جھگڑے گا، اور ایسے لوگوں کے پاس بیٹھے گا جن میں خیر کی کوئی بات نہیں، اور رفوگر مختلف خصومتوں والا ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ رفو کرنا گناہ سے باز آنے کی دلیل ہے، اور ایک قول یہ ہے کہ باطل اَمر سے اظہارِ براَت کی علامت ہے۔

## ۱۰۱۶۔ الرفس (لات مارنا):

خواب میں لات مارنا انکار کی دلیل ہے، اور جو شخص دیکھے کہ ایک آدمی اسے لات مارتا ہے تو وہ اس کو فقر ومحتاجی کی عار دلائے گا، اور اس کے سامنے اپنے مال سے فخر وتکبر کرے گا۔

## ۱۰۱۷۔ الرق (لکھنے کا پتلا چمڑا):

خواب میں لکھنے کا پتلا چمڑا دیکھنا قَسم کی علامت ہے جو قَسم صاحبِ خواب کھاتا ہے اور اس کا بائع دیکھنا علم وہدایت اور نقل اتارنے کی دلیل ہے۔

## ۱۰۱۸۔ الرقاقة (پتلی روٹی): دیکھئے الرغیف (روٹی)

## ۱۰۱۹۔ الرقّام (نقش ونگار بنانے والا):

خواب میں اس کا دیکھنا تیل فروش اور مصوّر یا نقشہ ساز کی دلیل ہے، اور جو خواب میں نقش ونگار بنانے والا بن گیا ہو تو وہ کاتب ہوگا یا قمار بازی جیتے گا۔

## ۱۰۲۰۔ الرقبة (گردن):

خواب میں گردن رُقبیٰ (گھر جائیداد وغیرہ جو اس شرط پر دی جائے کہ اگر معطی لہ پہلے مرجائے گا تو پھر اس پر معطی کا قبضہ دوبارہ ہوجائے گا) کی دلیل ہے یا پھر گردن آزادی کی دلیل ہے، اگر اپنی گردن میں غلام دیکھے تو اس کی ملکیت دائم رہے گی، اور اگر اس کی گردن سے غلام الگ ہوگیا ہے تو یہ اس کی آزادی کی علامت ہے۔

## ۱۰۲۱۔ الرقص (رقص کرنا):

خواب میں رقص کرنا مصیبت ہے، اور جو شخص کسی دوسرے کے لئے رقص کرے تو وہ مصیبت میں اس کے ساتھ

Marfat.com

شریک ہے، اور گھر میں اکیلے رقص کرنا فرحت (خوشی) اور شکم سیری کی دلیل ہے، اس لئے کہ رقص شکم سیری اور فخر وتکبر ہی سے ممکن ہے، اور مریض کا خواب میں رقص کرنا اضطراب و بے چینی کے زیادہ ہونے کی دلیل ہے، اور بچہ کا رقص کرنا قابل تعریف نہیں ہے بلکہ اس کے گونگے ہونے کا خطرہ ہے، اس لئے کہ گونگا اپنے ہاتھ سے اشارہ کرتا ہے اور بچہ بھی جب رقص کرتا ہے تو اپنے ہاتھ سے اشارہ کرتا ہے، اور بلند جگہ پر رقص کرنا خوف کی دلیل ہے، جو شخص دیکھے وہ اپنے گھر کے اندر رقص کرتا اور اس کے ارد گرد صرف اہل خانہ ہیں، ان کے ساتھ کوئی اجنبی نہیں ہے تو یہ سب لوگوں کے لئے خیر کی علامت ہے، اور جو خواب میں دیکھے کہ اس کی اہلیہ یا اس کا بیٹا یا اس کا کوئی قرابتدار رقص کر رہا ہے تو یہ خیر کی دلیل ہے، نیز زیادہ فرحت وعزت کی دلیل ہے، اور مریض کا رقص کرنا مرض کے طویل ہونے کی دلیل ہے وہ مریض خواہ مرد ہو یا عورت، اور عورت کا رقص کرنا خواہ وہ مالدار ہو یا نادار بہت بڑی رسوائی کی دلیل ہے، اور کشتی میں بحری سفر کرنے والے کا رقص کرنا کوئی شدت پیش آنے کی دلیل ہے، اور فقیر کا خواب میں رقص کرنا عارضی مالداری کی دلیل ہے، اور بادشاہوں کا رقص کرنا اس بات کی دلیل ہے کہ انھیں مارا جائے گا۔

## ۱۰۲۲۔ رقعة الشطرنج (شطرنج کی تختی):

خواب میں شطرنج کی تختی دیکھنا دنیا کا پست وبالا ہونا ہے، اور زندہ رہنے والوں کا زندہ رہنا اور مرنے والوں کے مرنے پر دال ہے، اور اس کا دیکھنا اعتدالی وکجروی اور صلح وجنگ کے ظہور کی دلیل ہے، نیز حسد، فتنوں اور بغض وکینہ اور مالداری وناداری کی دلیل ہے۔

## ۱۰۲۳۔ الرقیق (غلام): دیکھئے العبد (غلام)

## ۱۰۲۴۔ الرقیّة (جھاڑ پھونک کرنا):

خواب میں صاحب خواب اگر دیکھے کہ وہ مریض پر جھاڑ پھونک میں قرآن وسنت سے ثابت شدہ اوراد پڑھتا ہے تو یہ بات تکالیف سے محفوظ ہونے اور غموں اور پریشانیوں کے دور ہونے کی دلیل ہے، اور اگر اس کے خلاف اوراد پڑھتے دیکھے تو یہ کذب بیانی اور اعمال میں ریاکاری کی دلیل ہے، اگر صاحب خواب صنعت کار ہے تو اپنی صنعت میں لوگوں کو دھوکہ دے گا اور ان سے درست بات چھپائے گا، اگر وہ حاکم ہے تو باطل اور غلط فیصلہ کرے گا، جو دیکھے کہ وہ دوسرے کو دم جھاڑ کرتا ہے یا اسے جھاڑ پھونک کیا جا رہا ہے تو سوائے وہ تعویذ اور دم جس میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا قرآن کریم کی کوئی آیت مرقوم ہو باقی جھاڑ پھونک باطل اور کذب ہیں۔

## ۱۰۲۵۔ الرکاب (رکاب):

لفظ رکاب کے تین مفہوم ہیں: پہلا معنی زین کی رکاب کے خواب میں رکاب اگر زین سے الگ وعلیحدہ ہو تو یہ

Marfat.com

غلام لڑکا ہے، اور زین سمیت رکاب دیکھنا قابل اعتماد لڑکا ہے، علماء فن تعبیر کہتے ہیں کہ اس کی تعبیر گھر کا سامان ونظام ہے، یا وہ چٹائی اور جوتی وغیرہ جس پر پاؤں رکھا جاتا ہے، اور دو رکاب دو زوجہ یا دو لڑکے یا دو غلام کی دلیل ہے، اور رکاب عمدہ مال ودولت اور ریاست ہے، اور رکاب خوبصورت بچی کی دلیل ہے، اور رکاب کا لوہے کا ہونا قوت کی اور سیسہ کا ہونا امور کی کمزوری کی اور اگر سونا لگی ہوئی چاندی کا رکاب ہو تو یہ خوبصورت غلام باندیوں کی دلیل ہے، اور خواب میں زین کے لئے ایک یا دو رکابوں کا حصول ایک خادم یا دو خادموں کے حصول کی دلیل ہے، اور جو شخص دیکھے کہ اس کی رکاب ٹوٹ گئی ہے یا چوری ہوگئی ہے تو اس کا خادم وفات پائے گا یا اس کو وہ بیچ دے گا، دوسرا معنی سواری کا اونٹ: خواب میں اس کا دیکھنا نرمی کا سلوک کرنے اور محنت ومشقت سے مقاصد کے حصول کی دلیل ہے۔ تیسرا معنی شاہی محل کی سواری: خواب میں اس کا دیکھنا سفر، بروبحر میں نقل وحرکات اور شفائے امراض کی دلیل ہے۔

## ۱۰۲۶۔ الرکبة (گھٹنا):

خواب میں گھٹنا آدمی کی معاشی محنت وکاوش ہے، اور گھٹنے کی کھال کا مضبوط ہونا اس کی معیشت کے مضبوط ہونے کی دلیل ہے، اور اس کی کھال اگر اتری ہوئی ہے تو وہ معاشی کدوکاوش سے دوچار ہوگا، اگر دیکھے کہ گھٹنے کی کھال سخت ہے اور اس میں ورم اور میل کچیل ہے تو اسے معاشی محنت سے مال وصول ہوگا اور محنت ومشقت سے حاصل شدہ کچھ مال جاتا رہے گا، اور دونوں گھٹنے بدن کی قوت وحرکت اور عمدگی علم کی دلیل ہے، اگر خواب میں دیکھے کہ دونوں گھٹنے صحیح ہیں اور قوی ہیں تو یہ بات سفر یا نقل وحرکت یا اعمال کی دلیل ہے جو وہ کرے گا، نیز جسمانی وبدنی صحت کی علامت ہے، اور گھٹنوں میں درد والم یا کوئی علت دیکھنا گھٹنوں کے بھاری ہونے کی دلیل ہے، اگر صاحب خواب مریض ہے تو یہ خواب اس کی وفات کی دلیل ہے، اور مسافر کے حق میں گھٹنا اس کی سواری، رکاب اور جانور کی دلیل ہے، اور دو گھٹنوں کی تعبیر بھائیوں اور شریکوں سے اور کبھی غلاموں سے کی جاتی ہے، اور رکبة (گھٹنے) سے کبھی کربة (مصیبت) کا اشتقاق ہوتا ہے، اور گھٹنا کبھی رکوع وسجود پورا کرنے کی دلیل ہوتا ہے، اور گھٹنا کبھی انسان کے لینے دینے، حرکت وسکون اور مسافر ومقیم ہونے اور مال وغیرہ جمع کرنے اور صرف کرنے کی دلیل ہوتا ہے، اور جو خواب میں دیکھے کہ اسکا گھٹنا بڑا ہوگیا یا اسکی ہڈی سخت ہوگئی ہے اور وہ کسی بلا ومصیبت میں گرفتار ہے تو اللہ تعالیٰ وہ مصیبت دور فرمادیں گے، اور گھٹنا کبھی نماز کی پابندی اور اس کی شرائط کی بجا آوری کی دلیل ہوتا ہے، اگر گھٹنے کو دیکھے کہ وہ کریک ہوگیا ہے یا ٹوٹ گیا ہے یا اس میں خون پیپ پھوڑا وغیرہ بن گیا ہے تو یہ خواب اس کی حرکت کے معطل ہونے کی دلیل ہے، اگر وہ مسافر ہے تو سفر منقطع ہوگا، اور اگر کسی کے ساتھ مودت ودوستی کا تعلق ہے تو وہ ختم ہوگا یا سواری اور جانور کے تعطل پر دلیل ہے۔

## ۱۰۲۷۔ الرکوب (سوار ہونا):

خواب میں کسی جانور یا سواری پر سوار ہونا خواہشات پر غلبہ وقابو پانے کی دلیل ہے، اور تمام چوپاؤں کی سواری

Marfat.com

عزت وسلطنت ہے، اگر دیکھے کہ وہ گھوڑے پر سوار ہوا ہے اور سواری اچھی طرح نہیں آتی ہے تو خواہش سوار ہوگی، اگر سواری اچھی طرح کی ہے اور اس کو قابو کیا ہے تو وہ اذیت سے محفوظ رہے گا، اگر دیکھے کہ وہ کسی کی گردن پر زبردستی سوار ہوا ہے تو وہ وفات پائے گا، اور مرکوب (جس پر سواری کی گئی ہو) اس کا جنازہ بطورِ طاقت کے اٹھائے گا، اور اگر اس کی خوشدلی سے سوار ہوا ہے تو مرکوب اس کا بار اور اذیت اٹھائے گا۔

## ۱۰۲۸۔ الرکوع (رکوع کرنا):

جو شخص خود کو خواب میں دیکھے کہ وہ حالت رکوع میں ہے اور رضائے الٰہی کی خاطر نماز پڑھی ہے تو وہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کا فرمانبردار ہے اور غرور وتکبر سے بیزار ہے، اور اللہ تعالیٰ کے فرائض وحدود قائم کرتا ہے، اور صلوٰۃ کثرت سے پڑھتا ہے، اور اس کی دینی ودنیوی تمنائیں پوری ہوں گی، اور وہ اپنے دشمن پر ظفریاب ہوگا، جو شخص خواب میں خود کو نماز میں دیکھے کہ وہ رکوع نہیں کرتا ہے حتی کہ اس کا وقت ختم ہو جاتا ہے تو وہ زکوٰۃ ادا نہیں کرتا ہے، اور رکوع کرنا کبھی طولِ عمر کی دلیل ہوتا ہے، اور عورت کا خواب میں کامل وپورا رکوع کرنا اس کی توبہ پر دال ہے۔

## ۱۰۲۹۔ الرکوۃ (چمڑے کا پانی پینے کا برتن):

خواب میں اس کا دیکھنا زہد وعبادت، فرزند وخادم، سفر ورفیق اور دین ودنیا کے معین ومددگار کی دلیل ہے، اور سلطان کے حق میں چمڑے کا برتن آباد علاقہ اور تاجر کے حق میں اس کی تجارت کی دلیل ہے۔

## ۱۰۳۰۔ الرماد (راکھ):

خواب میں راکھ دیکھنا آتشزدہ حرام مال ہے، بعض کہتے ہیں کہ راکھ سلطان کی جانب سے حاصل ہونے والا رزق ہے، جو خواب میں راکھ دیکھے تو وہ سلطانی معاملہ میں تگ ودو کرے گا لیکن اس کو سلطان سے سوائے مشقت وتھکاوٹ کے کچھ حاصل نہ ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ راکھ باطل کلام یا غیر نافع علم ہے، اور راکھ غم وحزن اور آشوب چشم یا ہدایت کے بعد ضلالت وگمراہی کی دلیل ہے، کبھی راکھ فتنہ وفساد کی آگ کے بجھنے اور امن از خوف کی دلیل ہوتی ہے، اور تنور میں جمع شدہ راکھ اموالِ صدقہ کی دلیل ہے۔

## ۱۰۳۱۔ الرمال (ریت):

خواب میں ریت دیکھنا حیلہ گیری، چور بازاری، غلام باندیوں اور سفر سے حاصل شدہ فوائد ومنافع کی دلیل ہے، اور خواب میں ریت مال کی علامت ہے جبکہ زیادہ نہ ہو، اور زیادہ ریت دین ودنیا کی مشغولیت کی دلیل ہے اور جو دیکھے کہ اس کا ہاتھ ریت میں ہے تو وہ کسی دنیوی امر میں ملتبس ہوگا، اور خواب میں ریت کی کثرت وزیادتی تاویل کے اعتبار سے

Marfat.com

عذاب کی دلیل ہے، اور اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے ریت پھانکی ہے یا جمع کی ہے یا اٹھائی ہے تو وہ مال اکٹھا کرے گا، اور اسے خیر حاصل ہوگی، اگر خواب میں ریت میں چلا تو وہ دینی یا دنیوی کام میں مشغول وگھرا ہوا ہے، اور ریت میں دوڑنا قیود کی علامت ہے، اور ریت موت وحیات اور ناداری ومالداری کی دلیل ہے، کبھی ریت میں چلنا غم وحزن کی دلیل ہوتا ہے، نیز خصومت وظلم برداشت کرنے کی علامت ہوتا ہے، اور ریت محنت ومشقت اور کدو کاوش کی دلیل ہے، اور عورت کا ریت میں چلنا خیر کی دلیل نہیں ہے، کیونکہ عورت کا یہ خواب اس کے بیوہ ہونے کی دلیل ہے، آدمی اگر خواب میں ریت میں دشواری کے ساتھ چلے تو اس کی بھی یہی تعبیر ہے یعنی یہ اس کے لئے اچھائی کی بات نہیں ہے، اور بے کار شخص کا سرخ ریت دیکھنا منصبِ جلیل کی دلیل ہے، اور سفید ریت اصحابِ اوقات واہلِ نجوم کے لئے رزق کی دلیل ہے، اور زرد ریت مریض کی توبہ اور حسنِ حال کی دلیل ہے اور درختوں ونباتات کی جڑوں میں مجتمع ریت رزق کی دلیل ہے۔

## ۱۰۳۲۔ الرمان (انار):

خواب میں انار بے مشقت سہل رزق ہے، اور شیریں انار جمع شدہ مال ہے، اور انار عورت کی یا آباد علاقہ کی اور مال واولاد کی دلیل ہے، اور انار صاحب خواب کی حالت کے مطابق ہزار درہم یا سو یا دس دراہم کی دلیل ہے، اور سلطان کے حق میں انار کی تعبیر شہر سے کی جاتی ہے، چنانچہ انار کو توڑنا شہر فتح کرنا، انار کے چھلکے شہر کی فصیل اور انار کے دانے شہر کے لوگ اور انار کا گودا اس کا مال ہے، اور خواب میں انار کے چھلکے کھانا مرض سے خلاصی کی دلیل ہے، اور انار کی تفسیر مقفل صندوق سے کی جاتی ہے، کبھی انار شہد کی مکھیوں کے چھتہ کی دلیل ہوتا ہے، اور انار کے دانوں کا سفید ہونا درہم کی اور سرخ ہونا دنانیر کی دلیل ہے، جب انار کی تعبیر عورت سے ہو تو وہ عورت صاحبِ جمال ہے، اگر وہ انار صحیح سالم ہے تو وہ عورت کنواری ہے، اور اگر انار ٹوٹا ہوا ہے تو وہ ثیبہ (شوہر دیدہ) ہے، اور متعفن انار پاکدامن عورت ہے، اور ترش انار مالِ حرام ہے، بعض اہل علم کہتے ہیں کہ اس کی تعبیر غم والم ہے، اور اگر خواب میں انار بیچا ہے تو وہ ایسا انسان ہے جس نے دنیا کو آخرت کے مقابلہ میں پسند کیا ہے، اور ایسا مبہم الذوق انار جس کے بارے میں نہ شیریں ہونے کا علم ہے اور نہ ہی ترش کا اس کا دیکھنا شیریں انار کی طرح ہے، اور درخت انار دیندار اور رعب دار آدمی ہے، اور اس کے کانٹے اس کو معاصی وفواحش (برے کاموں) سے مانع چیز ہے، اگر وہ سلطان ہے تو دیگر سلاطین پر غالب ہوگا، اگر وہ تاجر ہے تو اس کی تجارت میں اضافہ ہوگا، اور درخت انار کا خواب میں کاٹنا خوف وگھبراہٹ پر دلالت کرتا ہے، بعض کہتے ہیں کہ شیریں انار بامشقت رزقِ حلال اور ترش انار فکر وتکلیف کی دلیل ہے۔

## ۱۰۳۳۔ الرمح (نیزہ):

خواب میں نیزے دیکھنا تنازعات، خصومات اور لڑائیوں کی دلیل ہے، اور عزت پر الزام تراشی اور کسب حرام کی دلیل

Marfat.com

ہے، نیز صاحب خواب کا اپنے مقابل پر غالب ہونے کی دلیل ہے، اور نیزے ولایت وحکومت کی وسعت میں بادشاہ کے ہم نظیر کی دلیل ہے، اور نیزے اس مصلح (اصلاح کرنے والا) شخص کی دلیل ہیں جو منافقین اور کجرو لوگوں کی اصلاح اور ان کو تادیب کرنے والا ہے، اور نیزے عظیم مقاصد اور بڑی غنیمتوں کے حصول کی دلیل ہے، اور خواب میں نیزہ لکڑیوں میں سے ایک لکڑی، خطی جگہ کے نیزہ اور قنی نیزہ کی دلیل ہے، اور نیزہ عورت یا اولاد یا سچی گواہی یا سفر کی دلیل ہے، جو خواب میں دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں نیزہ ہے تو اس کے ہاں غلام لڑکا پیدا ہوگا، اگر نیزہ میں لوہے کا پھل لگا ہو تو اس کا فرزند لوگوں کا سر پرست ہوگا، اور نیزہ کا ٹوٹنا اولاد کی کوئی علت و بیماری ہے، ہر ایسا ٹوٹنا جس میں جبر (درستگی) نہ ہو وہ خیر پر دلیل نہیں ہے، اور جو شخص سواری پر سوار ہو اور اسکے ہاتھ میں نیزہ ہو تو وہ باعزت ورفعت سلطان ہے، اگر نیزہ سلطان کی طرف منسوب ہو پھر ٹوٹ گیا ہو تو اس کی سلطنت کے بارے میں کوئی واقعہ رونما ہوگا، اگر بھائی کی طرف منسوب ہو تو وہ اس کے متعلق مصیبت ہے، یہ اس صورت میں ہے جب ٹوٹ گیا ہو اور اسے پھینک دیا ہو اور اس کی درستگی ناممکن ہو، اگر اس کی درستگی ممکن ہو تو یہ مرض کی علامت ہے جس سے وہ شفا پائے گا، یا وہ معتزولی کے قریب پہنچے گا پھر صلح ہو جائے گی، اور نیزہ کا ضیاع اور گم ہونا اس کے بھائی یا بیٹے کی موت ہے، برچھی کا بھی یہی حکم ہے، اور نیزہ بھائی یا اپنے صاحب کی مدافعت کرنے والا صاحب ہے، اور جو اپنے ہاتھ میں نیزہ دیکھے اور وہ اسے لے کر بازار میں چلتا ہے تو اسے نرینہ اولاد عطا کی جائی گی، اگر نیزہ کو دروازہ کے پیچھے کیا ہے یا اپنے ہاتھ سے اس کو چھپایا ہے تو اس کی بیوی بیٹی جنے گی، اور بغیر لوہے کے نیزہ حاملہ کے حق میں بیٹی کی دلیل ہے، اور اسی بیٹی کو نیزہ کی گرہ کی تعداد کے برابر بیٹیاں عطا ہوں گی، جبکہ خواب دیکھنے والے نے ان کو شمار کیا ہو، جو سلطان کو دیکھے کہ اس نے اس کو نیزہ دیا ہے تو وہ اس کو ولایت کا عہدہ دے گا، اگر نیزہ جھنڈا ہو تو یہ باشہرت ولایت ہے، اور جو کسی انسان کو دیکھے کہ وہ اسے نیزہ مارتا ہے تو وہ اس کو اپنی زبان سے اذیت دے گا، اور اس کی آبروریزی کرے گا، اگر بادشاہ خواب دیکھے کہ اس کا نیزہ اتنا لمبا ہوا ہے کہ حد سے تجاوز کر گیا ہے تو وہ اپنی رعایا پر ظلم کرتا ہے، جو دیکھے کہ اسے نیزہ مارا گیا ہے اور اس سے خون بہا ہے تو مارنے والے کی طرف سے جو تکلیف پہنچی ہے اس پر اسے اجر ملے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ اس کی تعبیر یہ ہے کہ اسے جسمانی صحت ملے گی اور مال میں کثرت ہوگی، اور اگر کوئی غائب شخص ہو تو وہ اپنے گھر سلامتی کے ساتھ لوٹ آئے گا، اور جو دیکھے کہ وہ نیزہ سے زخمی ہوا ہے اور زخم بہت زیادہ ہوا ہے تو زخمی شدہ کو زخمی کرنے والے سے حرام مال حاصل ہوگا، اور نیزہ کا گوشت یا کسی عضو کو کاٹ دینا اور کاٹ کر وہ حصہ فاعل کے ہاتھ میں آ گیا ہو تو زخمی کو جارح سے قرض کے سلسلہ میں مکروہ مال ملے گا، اور جو شخص دیکھے کہ اس نے اپنے نیزہ کے ساتھ دشمنوں سے قتال کیا ہے تو اسے حرام مال کا حصول ہوگا۔

## ۱۰۳۴۔ الرَّمَد (آشوبِ چشم):

خواب میں آشوب چشم (آنکھ کا دکھنا) معاشی کمی یا غفلت کی دلیل ہے، اور آشوب چشم دینی نقص کی علامت ہے، اور جو دیکھے کہ اس کی آنکھیں دکھی ہیں تو اس کے والدین بیمار ہوں گے، اور آنکھ میں درد ودکھ دیکھا تو وہ راہ حق پر نہیں ہے، خدشہ ہے کہ وہ اپنے دین کو خراب کرے، اور آشوب چشمی اس کے نابینا ہونے کے قریب ہونے کی دلیل ہے، اگر آنکھ کی

Marfat.com

تکلیف سے اس کی بینائی اور نظر کو نقصان نہیں ہوا ہے تو اس کے دین کے بارے جو بات کہی جائے گی وہ اس سے بری ہے، بینائی کا ہر نقصان دین کے نقصان کی دلیل ہے، اور جو شخص اپنی آنکھوں میں دکھ درد دیکھے تو اولاد کی جانب سے غم وحزن پیش آنے کی دلیل ہے، اور آنکھ کا دکھنا درد کرنا ضرر وغم کی دلیل ہے۔

## ۱۰۳۵۔ الرمکۃ (برذون گھوڑی):

خواب میں برذون گھوڑی (جو نسل چلانے کے لئے رکھی جائے) دیکھنا باندی یا آزاد شریف عورت ہے، اگر اس پر سوار ہوا ہے تو وہ کسی عورت سے گناہ کا کام کرے گا، اور برذون گھوڑی عورت کی دلیل ہے مگر یہ کہ وہ عورت عجمی ہے، اور برذون گھوڑی ادب میں معروف لوگوں کی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ وہ اس گھوڑی پر سوار ہوا ہے یا اس کا مالک ہوا ہے یا اسے خریدا ہے اور وہ صاحب خواب غیر شادی شدہ ہے تو اس کی مبارک شریف عورت سے شادی ہوگی، اگر برذون گھوڑی سیاہ رنگ کی ہے تو وہ عورت مالدار شریف ہوگی، اور اگر گھوڑی سیاہی مائل سفید ہو تو وہ عورت جمیل ہوگی، اگر سرخ ہے تو وہ عورت دین وسرداری والی ہے، اگر گھوڑی سفید سرخی مائل ہے تو وہ عورت دیندار ہے، اگر زرد رنگ کی ہے تو وہ عورت دردوں اور تکلیفوں والی ہے، اور جو شخص دیکھے کہ اس کی گھوڑی مرگئی ہے یا چوری ہوگئی ہے یا گم ہوگئی ہے تو یہ صورت اس کی بیوی کو پیش آئے گی، جو دیکھے کہ اس نے اپنی گھوڑی چھوڑ دی ہے یا اس سے نیچے اتر آیا ہے تو وہ اپنی بیوی سے موت یا طلاق کی صورت میں علیحدہ ہوگا یا وہ اپنی بستی یا گھر سے نکل جائے گا، اور جو دیکھے کہ اس کی گھوڑی بہت بچے جننے والی ہے تو یہ بات اس کے مال کی زیادتی پر دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ وہ گھوڑی کا دودھ پیتا ہے، تو سلطان اس کو اپنا مقرب بنائے گا اور اسے اس سے خیر حاصل ہوگی۔

## ۱۰۳۶۔ الرَّمَل (مونڈھے ہلاتے ہوئے تیز چلنا):

خواب میں رمل کرنا اہل وعیال کے لئے تگ ودو کرنے کی دلیل ہے۔

## ۱۰۳۷۔ الرمي (تیر وغیرہ چلانا):

جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ منجنیق (پتھر پھینکنے کی مشین) کے ذریعہ پتھر پھینکتا ہے تو یہ دھوکہ فریب کی علامت ہے، کبھی یہ خواب علماء کی توہین وتذلیل یا پاکدامن عورتوں پر تہمت بازی اور کسی کے دین پر الزام لگانے کی دلیل ہوتا ہے، کبھی یہ خواب فتنہ وفساد کی علامت ہوتا ہے، اور خواب میں تیر اندازی اغراض کی وجہ سے کسی کی عزت وآبرو پر اتہام لگانے کی دلیل ہے، اگر تیروں میں لوہے کے پھل بھی ہوں تو یہ آسودہ حالی کی دلیل ہے جس سے مقصود کا حصول ہوتا ہے، اور اگر تیر میں پھل نہ لگا ہو تو یہ نامرادی کی دلیل ہے، خواب میں جس نے تیر اندازی کی اور نشانہ ٹھیک لگا ہے تو اسے تقرب الٰہی کی حاجت حاصل ہوگی، اگر دنیوی حاجت ہو تو دنیا کا رتبہ حاصل ہوگا، جو خواب میں لوگوں کی دو جماعتیں دیکھے کہ ایک

Marfat.com

جماعت دوسری پر تیر اندازی کرتی ہے تو درست نشانہ باز جماعت حق بات کی وجہ سے جھگڑتی ہے اور جس کا نشانہ خطا ہوا ہے تو وہ اس خصومت میں باطل اور غلط بات کرتے ہیں، جو دیکھے کہ وہ لوگوں پر تیر چلاتا ہے تو وہ ان پر ردی اور غلط الزام تراشی کرتا ہے، جو دیکھے کہ وہ تیراندازی کرتا ہے لیکن اس کا نشانہ خطا جاتا ہے تو وہ بدزبان ہے لوگوں کی عزتوں پر حملہ کرتا ہے، اور جو دیکھے کہ وہ ایک نشانہ پر تیر پھینکتا ہے اور وہ خطا نہیں جاتا ہے تو وہ خط یا قاصد کے بھیجے جانے سے اپنی مراد حاصل کرے گا، اور جو کسی شخص پر تیر اندازی کرے اور وہ تیر اسے نہیں لگا ہے تو وہ باطل کلام اس پر تھوپے گا، جو خواب میں دیکھے کہ وہ ایک پہاڑ پر مشرق ومغرب کو تیر اندازی کرتا ہے اور اس کے کپڑے بھی نئے اور سفید ہیں تو اگر بادشاہت کی اہلیت رکھتا ہے تو ملک وسلطنت حاصل ہوگی، اور تیر اس کی وہ تحریر ہے جسے وہ اپنے خطوط میں جاری کرتا ہے، اور اس کے احکامات کی دلیل ہے، اور خواب میں غلیل چلانا رجم (سنگساری) کی دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ شہر میں غلیل چلانا اس پر تہمت ہے، شکار کی غرض سے خشکی میں تیر اندازی غنیمت اور کسب کی دلیل ہے، اور خواب میں جسے تیر لگا ہو اور اس سے خون بھی بہا ہو تو اسے عظیم آدمی سے فائدہ حاصل ہوگا، اور جس کے قلب میں تیر لگے ہوں تو یہ خوبصورت لڑکے یا خوبصورت لڑکی کو دیکھنے کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ وہ منجنیق کے ذریعہ دشمن کے کسی قلعہ پر پتھر پھینکتا ہے تو یہ نیک کلام ہے جو وہ زبان سے نکالتا ہے یا دعا کی دلیل ہے جو وہ اللہ تعالیٰ سے مانگتا ہے۔

## ۱۰۳۸۔ الرھن (رہن رکھنا):

جو خواب میں خود کو کسی جگہ گروی رکھا ہوا دیکھے تو اس نے بہت زیادہ گناہوں کا ارتکاب کیا ہے گویا اس کا نفس ان گناہوں کی وجہ سے گروی رکھا ہوا ہے، اور جو خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس کوئی چیز رہن (گروی) رکھوائی گئی ہے تو قریب ہے کہ وہ دوسرے پر کوئی ظلم کرے، اور راہن (رہن رکھنے والا) اس سے رہن کا مطالبہ کرے اور اس سے رہن چھڑالے، اور رہن شے کے ثبوت اور دوام سے ماخوذ ہے، اور رہن ارتکاب گناہ، برائیوں سے مطلع ہونے یا جس کام میں انسان مشغول رہے اس پر دال ہے، کبھی رہن محبت کی ابتلاء وآزمائش کی دلیل ہوتا ہے حتی کہ اس کا دل محبت میں مشغول شخص کے پاس بطور رہن رکھ دیا گیا ہے، اگر خواب میں حقیر چیز پر نفیس اور عمدہ چیز رہن رکھی ہے تو وہ حقیر شخص کی محبت میں مبتلا ہوگا، اور اس سے اس کی قدر وعظمت جاتی رہے گی، اور خواب میں رہن رکھنا کبھی راہن ومرتھن (رہن رکھنے والا اور جس کے پاس رہن رکھوایا جائے) کے ساتھ بدگمانی کی دلیل ہوتا ہے، کبھی رہن سفر کی دلیل ہوتا ہے۔

## ۱۰۳۹۔ الرواس (سریاں بیچنے والا): دیکھئے الرآس (سریاں بیچنے والا)

## ۱۰۴۰۔ الروث (لید):

خواب میں گھوڑے کی لید شریف آدمی کی طرف سے حاصل ہونے والا مال ہے، جو دیکھے کہ وہ جھاڑو سے لید

Marfat.com

صاف کرتا ہے تو اسے شریف آدمی سے مال حاصل ہوگا، اور بکری کی مینگنی بھی مال کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ وہ لید پر بیٹھا ہے تو اسے بعض اقارب سے مال ملے گا۔

## ۱۰۴۱۔ الروض (سرسبز باغ):

خواب میں جو شخص سرسبز باغ دیکھے جس کی اصلیت معلوم نہ ہو تو وہ دین واسلام کی دلیل ہے، زمین کی ہر سبز چیز کی یہی تعبیر ہے، بعض کہتے ہیں کہ جو خواب میں باغ دیکھے اسے اچانک کوئی ضرر پہنچے گا، اور اگر میت کو خوبصورت باغ میں دیکھا گیا ہے تو وہ جنّت میں ہے، اور باغ دنیا، اس کی زینت اور مالدار زوجہ کی دلیل ہے، اور مجہول سرسبز باغ کبھی تو ہر مقدّس مقام کی دلیل ہوتا ہے جس میں اللہ تعالیٰ کی اطاعت کی جاتی ہو، جیسے نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کا روضہ مبارک، ذکر کے حلقے، مجالسِ خیر اور قبورِ صالحین وغیرہ، اور کبھی سرسبز باغ قرآن پاک اور علم وحکمت کی کتاب کی دلیل ہوتا ہے، اور کبھی جنّت کی دلیل ہوتا ہے، خواب میں سرسبز باغ سے شور زمین کی طرف جانا سنّت چھوڑ کر بدعت یا کسی معصیت کے ارتکاب کی دلیل ہے، جو خواب میں خود کو سرسبز باغ میں دیکھے اور اس باغ میں سے پھل وغیرہ کھاتا ہے اور زمانہ حج کا ہو یا اس باغ میں اذنِ عام ہو تو وہ حج کرے گا، اگر یہ خواب کافر دیکھے تو وہ مشرّف بہ اسلام ہوگا، اگر گنہگار دیکھے تو توبہ تائب ہوگا، بصورتِ دیگر یہ خواب کسی بھی عملِ خیر کے بجالانے کی دلیل ہوگا، جیسے نماز جمعہ یا جنازہ کے ہمراہ جانا وغیرہ۔

## ۱۰۴۲۔ الروم (رومی لوگ):

خواب میں رومی لوگ دیکھنا اپنی مراد کو پانے کی دلیل ہے، اور کبھی ان کا دیکھنا نصرت اور رسوائی کی دلیل ہوتا ہے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے، ’’الم غلبت الروم فی ادنی الارض ، وھم من بعد غلبھم سیغلبون ، فی بضع سنین، للہ الا مر من قبل ومن بعد‘‘ (الروم :۳) یعنی اہل روم ایک قریب کے موقع میں مغلوب ہوگئے اور وہ اپنے مغلوب ہونے کے بعد عنقریب تین سال سے لیکر نو سال تک کے اندر اندر غالب آجاوینگے۔

## ۱۰۴۳۔ الرؤیا (خواب): دیکھئے الحُلم (خواب دیکھنا)

## ۱۰۴۴۔ الریّ (سیراب ہونا):

خواب میں پیاس کے بعد پانی سے سیراب ہونا تنگی کے بعد آسانی، حاجت روائی اور ناداری کے بعد مالداری یا توبہ اور شفاءِ مریض اور علم وعمل میں نقصان کی تلافی کی دلیل ہے، اور سیراب ہونا دین کی صلاح اور حیات میں استقامت واستقلال کی دلیل ہے۔

## ۱۰۴۵۔ الریاء (دکھاوا): خواب میں دکھاوا بیداری کی حالت میں شے حرام کی دلیل ہے۔

Marfat.com

## ۱۰۴۶۔ الریب (شک): دیکھئے الظن (گمان وشک)

## ۱۰۴۷۔ الریباس (چقندر جیسی ایک کھٹی میٹھی سبزی):

اگر یہ سبزی میٹھی ہوتو دوست یا قرابتدار کی طرف سے حصولِ منفعت کی دلیل ہے، اور کھٹی ہونے کی صورت میں ندامت وشرمندگی کی دلیل ہے۔

## ۱۰۴۸۔ الریح (ہوا):

خواب میں ہوا فی ذاتہ سلطان کی دلیل ہے کیونکہ ہوا کو اپنے سے کم درجہ مخلوقات پر قوت وغلبہ حاصل ہے، کبھی ہوا سلطان کی بادشاہت اور اس کے لشکر، اس کے احکامات اور اس کے اہل لشکر ومددگار لوگوں کی دلیل ہوتی ہے، اور ہوا کبھی سلیمان علیہ السلام کے خادم کی دلیل ہوتی ہے، ہوا کبھی عذاب وآفت کی علامت ہوتی ہے کیونکہ وہ ہیجان کے وقت شدت اختیار کرتی ہے، خصوصاً جبکہ وہ ہوا مغربی (پچھوا) ہو اس لئے کہ اسی پچھوا ہوا سے قومِ عاد ہلاک کی گئی، اور نیز اسلئے کہ یہ ایسی ہوا ہے جو بارش نہیں لاتی ہے، کبھی ہوا خوشحالی، رزق اور نصرت وظفر (کامیابی) کی دلیل ہوتی ہے، خصوصاً جبکہ وہ ہوا ان ہواؤں میں سے ہو جو مینہ بارش لاتی ہیں کیونکہ اس ہوا میں نباتات کی صلاح ونما موجود ہوتی ہے، ایسی ہوا کو صبا اور عرب (یعنی مشرقی یا پروا ہوا) کہتے ہیں، نیز صبا کا نام قبول بھی ہے، کیوں کہ صبا (پروا ہوا) دبور (پچھوا ہوا) کے مقابلہ میں ہے، کبھی ہوا لوگوں کے امراض وعلل جیسے زکام، دردسر وغیرہ کی دلیل ہوتی ہے، جو خواب میں دیکھے کہ ہوا نے اسے اٹھا کر ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کیا ہے لیکن اس کو کوئی خوف وگھبراہٹ نہیں ہے اور نہ ہی اندھیرا ہے نہ دھند وغیرہ تو وہ لوگوں پر بادشاہت کرے گا جبکہ اس کا اہل ہو، اور اگر ہوا نے اس کو اٹھایا ہے اور دوسری جگہ لے گئی ہے اور وہ خائف، مضطرب بے چین اور گھبرایا ہوا ہے یا اس میں ظلمت واندھیرا غبار وغیرہ ہے تو اگر وہ کشتی میں ہے تو وہ ٹوٹے گی، اگر کسی بیماری میں مبتلا ہے تو وہ بیماری بڑھے گی، ورنہ وہ حوادثات ومصائب کا شکار ہوگا، یا سلطان یا حاکم کے اوامرا سے نکالیں گے، اگر ہوا کو دیکھے کہ وہ درختوں کو اکھارتی، دیواروں کو گراتی اور حیوانوں یا انسان یا غلہ کو اڑاتی پھرتی ہے تو یہ لوگوں میں عظیم بلاد مصیبت کے ظہور کی دلیل ہے جیسے طاعون یا شمشیر زنی یا فتنہ یا غارتگری یا گرفتاری یا زہریلی ہوا وغیرہ، اور ہوا اگر بادل کی گرج چمک کے ساتھ ہوتو یہ قوت کے ساتھ جابر بادشاہ کی دلیل ہے، اور خواب میں جس کو ہوا ایک جگہ سے دوسری جگہ اٹھا کر لے جائے تو اسے سلطنت ملے گی، یا ایسے سفر پر روانہ ہوگا جس سے واپسی نہیں ہوگی، اور نرم ونازک صاف ستھری ہوا خیر وبرکت کی دلیل ہے، اور تند وتیز ہوا سلطان کے جور وظلم اور گرد وغبار کے ساتھ ہوا حرب ولڑائی کی دلیل ہے اور ریاح (ہوائیں) اللہ تعالیٰ کی طرف سے بشارت کی دلیل ہے، اور ہوا کبھی اس مقام سے برکت کے چلے جانے کی دلیل ہوتی ہے، اگر ہوا میں چیخ بھی ہوتو یہ عذاب وشدت کی دلیل ہے، اگر سلطان خواب دیکھے کہ وہ قتال کے لئے جاتا ہے اور ہوا

Marfat.com

اس کے آگے آگے بڑھتی ہے تو وہ اس قتال میں غالب ہوگا، اور اگر ہوا اس کے سامنے سے آتی ہے تو وہ مغلوب ہوگا، اگر دیکھے کہ تند و تیز ہوا کسی جگہ پر بھڑکی ہے تو اس جگہ کے اہلیان اس ہوا کی طاقت وقوت کے بقدر خوف وشدت سے دو چار ہوں گے، اگر اس ہوا نے درختوں کو اکھاڑ پھینکا ہے تو بادشاہ اس جگہ کے لوگوں پر غضب ڈھائے گا اور انھیں تباہ و برباد کرے گا، اور صبا ہوا (مشرقی ہوا جسے پروا ہوا بھی کہتے ہیں) رحمت کی علامت ہے، اگر خواب میں سخت ہوا دیکھے کہ وہ چلی ہے تو یہ مصیبت کی علامت ہے، اگر ہوا نے کھجوروں کے درخت اکھاڑ دیئے ہیں تو اس زمین کے لوگ بادشاہ کے ہاتھوں قتل ہوں گے، اور جنوبی ہوا اس جگہ پر بلاو مصیبت یا مرض یا موت کے وقوع کی دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ اس کی تعبیر رزق اور بارش ہے، اگر خواب میں ہوا کو سکون وآرام کے ساتھ چلتے دیکھے تو یہ بدلوگوں سے موافقت کی دلیل ہے جو صاحبِ رائے نہیں ہیں، اور عمدہ اچھی ہوا کا معلوم جانب سے چلنا اچھی خبروں اور رحمت کی دلیل ہے، نیز ہوا حاجات کی طلب کی دلیل ہے، اور صبا ہوا (مشرقی ہوا) نصرت ومدد کی اور دبور ہوا (مغربی ہوا) رسوائی وشرمندگی کی دلیل ہے، اور صبا ہوا کبھی غموں اور پریشانیوں کے دور ہونے اور شفاءِ امراض کی دلیل ہوتی ہے، اور پاکیزہ عمدہ ہوا کبھی نفع بخش اسفار (سفر کی جمع) کی دلیل ہوتی ہے، اور خواب میں سرخ ہوا دیکھنا والدین کی نافرمانی اور ان کو ستانے کی دلیل ہے۔

## ۱۰۴۹۔ الریحان (خوشبودار پودا):

خوشبو دار پودوں کی تعبیر ان کی بو اور استعمال کے لحاظ سے مختلف ہوتی ہے، چنانچہ خوشبودار پودے غموں کے دور ہونے، نیک عمل اور سچے وعدہ کی دلیل ہیں، اگر خواب میں میت نے زندہ کو خوشبودار پودا دیا ہے یا اس کے پاس دیکھا ہے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ وہ جنتی ہے، اور کنوارے کے حق میں خوشبودار پودا شادی ہونے اور زوجہ کے حق میں اولاد کی دلیل ہے، یا ثنائے جمیل یا کسی علم سے متصف ہونے کی علامت ہے، خواب میں خوشبودار پودے کا کسی انسان کو ملنا غم فکر کی دلیل ہے، کبھی یہ خواب مرض کی دلیل ہوتا ہے، کیونکہ یہ چیز مریض کو پیش کی جاتی ہے، خواب میں پانی اور سبزے کا جمع ہونا زوالِ غم وفکر کی نشانی ہے، اور حماحم (چوڑے پتے دار پودینہ) خواب میں دیکھنا خیر کی دلیل نہیں ہے، اس لئے کہ اسی سے حمام اور حم (موت) کے الفاظ ماخوذ ہیں، خواب میں حماحم کا مریض کے پاس آنا اس کی موت کی دلیل ہے، تمام خوشبودار پودے اجل کے قریب ہونے کی علامت ہے، کبھی ان کا دیکھنا وباء کی دلیل ہوتا ہے، اور ریحان سحری (ایک قسم کا پودینہ) دیکھنا اس مکتوب پر دلالت کرتا ہے جس کی طرف انسان محتاج ہوتا ہے، اور ریحان (خوشبودار پودہ) اگر اپنی جگہ میں اُگنے والا ہو تو یہ ذکرِ جمیل اور پرمسرت کلام کی دلیل ہے، اور خوشبودار پودے کا عرق نرینہ اولاد ہے، اگر کوئی والی وحاکم اپنے سر پر ریحان کا تاج دیکھے تو وہ معزول ہوگا، اور خوشبودار پودے بیچنے والا صاحب غم والم انسان ہے، اور خواب میں خوشبودار پودے کٹے ہوئے دیکھنا غم وحزن کی دلیل ہے، اور اگر اپنی جگہوں میں دیکھے گئے ہیں تو پھر وہ راحت واطمینان یا خاوند یا فرزند کی دلیل ہے، جو شخص خواب میں دیکھے کہ زمین کی کسی جانب سے خوشبودار پودہ آسمان کی طرف اٹھایا گیا ہے تو یہ اس

Marfat.com

مقام کے عالم کی وفات کی دلیل ہے، اور خواب میں خوشبو دار پودہ فرزند کی بھی دلیل ہے جبکہ باغ میں اُگا ہو، اور اگر اپنے گٹھے میں جمع ہو تو عورت کی دلیل ہے، اور اگر کٹا ہوا ہو اور بے محل پھینک دیا گیا ہو اور اس کی خوشبو نہ ہو تو مصیبت کی دلیل ہے، بعض کہتے ہیں کہ خوشبودار پودہ عورت ہے، پودے کی خوبصورتی اس عورت کی خوبصورتی ہے، اور اس کی خوشبو خاوند کی اس سے محبت ہے، اور خواب میں کسی آدمی کے گھر میں خوشبو دار پودے کا پھیلا ہوا اور لگا ہوا دیکھنا اس کی ثناء وتعریف کی دلیل ہے، اگر خواب میں ایک انسان نے دوسرے کی طرف خوشبو دار پودا پھینکا اور دوسرے آدمی نے اسکو جلدی سے پکڑ لیا ہے تو پکڑنے والا حزن غم میں مبتلا ہوگا، جو دوسرے کو خواب میں مسجد میں بیٹھا ہوا دیکھے اور اس کے اردگرد خوشبو دار پودے ہیں تو یہ اس کی غیبت اوران برائیوں کی دلیل ہے جو لوگ اس کے متعلق ذکر کرتے ہیں حالانکہ وہ برائیاں اس میں نہیں ہیں، اور خوشبو دار پودوں کا بیچنے والا ایسا آدمی ہے جو مصائب پر راضی اور قضاوتقدیر پر صابر ہے۔

## ۱۰۵۰ا۔ الریش (پرندہ کا پَر):

خواب میں پرندہ کا پَر مال کی دلیل ہے، کبھی پَر جاہ ومرتبت کی دلیل ہوتا ہے، اس لئے کہ اہل عرب کہتے ہیں فلان طار بجناح غیرہ کہ فلاں دوسرے کے پَر اور بازو سے اڑا، اور کبھی پَر کھیت جھونپڑی کی دلیل ہوتا ہے، اور کبھی پرندہ کا پَر تیز دھار چیز (چھری، تیر وغیرہ) کے پھل اور کبھی لباس کی دلیل ہوتا ہے۔

## ۱۰۵۱ا۔ الریم (ہرن): دیکھئے الظبیة (ہرنی)

## ۱۰۵۲ا۔ الرئة (پھیپھڑا):

خواب میں عضوِ تنفس (پھیپھڑا) روح کا محل ہے، جس کا پھیپھڑا متعفن ہوا ہو اس کی عمر مفقود (ختم) ہوگی، پھیپھڑا غضب کا بھی محل ہے اور اس کی تعبیر عورت سے کی جاتی ہے، جو شخص دیکھے کہ اس کا پھیپھڑا سیاہ ہوگیا ہے تو یہ بات ذرائع آمدن کے رائیگاں اور ضائع ہونے کی دلیل ہے، اور پھیپھڑے کا درست ہونا عمر کی درازی کی دلیل ہے، اور پھیپھڑے کا خراب ہونا عمر کی کمی کی دلیل ہے۔

## ۱۰۵۳ا۔ الرئیس (سردار): دیکھئے الخلیفة (جانشین) نیز دیکھئے السلطان (بادشاہ)

Marfat.com

# باب الزای

## ۱۰۵۴۔ الزاد (توشہ):

خواب میں مسافر کا اپنے ساتھ توشہ اٹھانا تقویٰ کی دلیل ہے، اور فقیر کا توشہ اٹھانا اس کے مالدار ہونے کی دلیل ہوتا ہے، اور مقروض کا زادِ راہ اٹھانا اُدائے قرض کی دلیل ہوتا ہے۔

## ۱۰۵۵۔ الزاغ (کوّے کی ایک قسم):

اس کا خواب میں دیکھنا لہو ولعب اور سیادت وسطوت (سرداری اور غلبہ) والے شخص کی دلیل وعلامت ہے۔ نیز اس کوّے کا دیکھنا فقراء قوم اور مشارکت کو پسند کرنے والی قوم کی دلیل ہے۔

## ۱۰۵۶۔ الزامر (گیت گانے والا):

خواب میں اس کا دیکھنا بے فائدہ کلام کی دلیل ہے، خوشی کا گیت گانے والا دیکھنا فرحت وسرور کی دلیل ہے، اور امیر وحاکم کا گویا خواب میں دیکھنا لشکروں کو تیار کرنے کی دلیل ہے، گیت گانے والا شخص ایسے آدمی کی بھی دلیل ہے جو موت کی یا قتل کی خبر سنانے والا ہے، یا یہ کہ وہ زانی انسان ہے، اور گیت گانا نوحہ باز عورت یا بچے سے محروم رونے والی عورت کی دلیل ہے۔

## ۱۰۵۷۔ زانی اور زانیہ:

خواب میں زانیہ سے معاملہ کرنا دنیا اور اس کے طلبگار ہیں، اگر طلبگار دین وصلاح اور علم میں معروف ہیں اور وہ صالحین کی سے ہئیت وشکل اور حسن اخلاق رکھتے ہیں ایسے لوگ خواب میں اگر دیکھیں کہ گویا کہ وہ ایک زانیہ کے پاس آتے جاتے ہیں تو وہ عالم کے پاس علم کے لئے بار بار جاتے ہیں، اور جس قدر اس زانیہ عورت سے حصول ہوا ہے اسی قدر اسے نصیب علم ہوگا، جو خواب میں ایک آدمی کو ایک عورت کے ساتھ دیکھے تو وہ آدمی دنیا کا طلبگار اور اس عورت کا زوج ہے، جو دیکھے کہ اس نے زنا کیا ہے تو وہ حج کرے گا، جو دیکھے کہ اس نے کسی جوان عورت سے بدکاری کی ہے تو وہ اپنا مال نامعلوم مقام میں رکھے گا، اور خواب میں کسی زانیہ سے زنا کرنا شر وفساد اور فتنہ پیش آنے کی دلیل ہے، جو شخص دیکھے کہ وہ زنا کی جگہ کی طرف گیا ہے اور وہاں سے نکل نہیں سکا ہے تو وہ جلدی موت کا شکار ہوگا، جو دیکھے کہ وہ دوسرے کی زوجہ کے ساتھ شب باشی (رات گزارنا) کرتا ہے اور اس کا شوہر بھی اس کے پاس ہے اور وہ برا بھی نہیں محسوس کرتا ہے تو وہ زوج ... نے امور خانہ کا وکیل بنائے گا۔

Marfat.com

## ۱۰۵۸۔ الزُبد (مکھن):

خواب میں مکھن شکم مادر میں جنین کی دلیل ہے، اور مکھن جمع شدہ، بڑھنے والا، لذیذ اور کثیر النفع مال ہے مکھن از قسم غنیمت رزق ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ خواب میں جو مکھن کھائے اللہ تعالیٰ مقدس سرزمین کی اسے زیارت نصیب کرائیں گے، مکھن خوشحالی، کسب ومعاش اور فائدہ ومنفعت کی دلیل ہے، نیز بیداری میں اس سہولت کے حصول کی دلیل ہے جس کا وہ طالب ومشتاق ہے۔ خواب میں بے فائدہ چیز عظیم املاک یا اس باغ پر دلیل ہے جس سے پھل چنے جائیں یا ان علماء کی دلیل ہے جن سے نفیس علم حاصل کیا جائے، اور زباد خوشبو رزق اور کھالوں سے حاصل شدہ نفع مند تجارت ہے، زباد کو اگر آگ پر ڈالا گیا ہے تو یہ عنبر کی دلیل ہے، اور پانی کی جھاگ خواب میں دیکھنا غیر مفید اور بے قیمت چیز کی دلیل ہے، اور اس کا صاحب اس پر متعجب ہے۔

## ۱۰۵۹۔ الزبدیّة (مٹی کی رکابی):

خواب میں مٹی کی رکابی اس کی زوجہ یا گھر کی معیشت ہے، خواب میں اگر رکابی خوبصورت یا بلند قیمت ہوئی ہو تو یہ بات مدلول کے رتبہ ومقام کی دلیل ہے، مٹی کی رکابیوں کا بیچنے والا خواب میں دیکھنا آسودہ حالی، امن وسکون اور سفر نہ کرنے کی دلیل ہے، لیکن اگر پیتل کی رکابیوں کا بیچنے والا خواب میں دیکھا جائے تو وہ سفر کے لئے تیاری کی دلیل ہے۔

## ۱۰۶۰۔ زبرباجه (زبرباجہ):

اگر زعفران کے بغیر ہو تو نافع ہے اور اگر زعفران کے ساتھ ہو تو مرض کی دلیل ہے، یہی حکم ہے اس کا جس میں زرد رنگ ہو۔

## ۱۰۶۱۔ الزبرجد (قیمتی پتھر):

خواب میں زبرجد (ایک قیمتی پتھر ہے جو زمرد کے مشابہ ہوتا ہے، زیادہ مشہور سبز رنگ کا ہوتا ہے) ایک مہذب، دیندار، متقی پرہیزگار صاحب حسب ونسب شجاع بہادر آدمی ہے، زبرجد جب مال کی دلیل ہو تو وہ مال حلال پاکیزہ ہے، اور زبرجد پتھر علم کی خالص بات اور نیکی کی دلیل ہے۔

## ۱۰۶۲۔ الزبل (گوبر لید):

خواب میں گوبر لید کھانا یا جمع کرنا مال کی علامت ہے، اور حلال پرندوں کی لید وغیرہ مال حرام کی دلیل ہے، اور وہ گوبر جو آگ بھڑکانے کے کام آتا ہے رزق کی علامت ہے، خصوصاً جب وہ خشک ہو اور لوگوں کے گوبر کی کثرت حرکات سے رکنا اور لوگوں کے گوبر سے لتھڑنا مرض یا خوف کی دلیل ہے، اور یہ گوبر اس کے لئے خیر کی دلیل ہے جس کے افعال

Marfat.com

قبیح (برے) ہوں، اور گائے کا گوبر صرف کسانوں کے لئے خیر کی دلیل ہے، اور کوڑا کرکٹ خواب میں دیکھنا فقراء کے حق میں دلیلِ خیر ہے، اس لئے کہ وہ بہت سی چیزوں اور فضلات کا مجموعہ ہے، مالداروں کے لئے بہتر نہیں ہے، کبھی اس خواب کی تعبیر زوجہ کے حمل یا کثرتِ مال کی دلیل ہوتی ہے، خواب میں جھاڑو دینے والا محروم آدمی ہے، اس کا دیکھنا دوسرے کی راحت رسانی میں اپنی جان کو مشقت میں ڈالنے کی دلیل ہے، اور کبھی اس کا دیکھنا جلد مالداری اور جلد فقیری کی دلیل ہوتا ہے، اور جھاڑو دینے والا کثرت سے مال جمع کرنے والا شخص ہے۔

## ۱۰۶۳۔ الزبور (کتابِ زبور):

خواب میں کتابِ زبور دیکھنا آہ وبکاء، نوحہ بازی، توبہ وخشیت اور عبادت اور قلوب کی موافقت اور خوش الحانی میں نصیب وحصّہ پانے کی دلیل ہے۔

## ۱۰۶۴۔ الزبیب (کشمش):

خواب میں کشمش مطلق نافع رزق ہے، وہ رزق خاص نہیں ہے کسی بھی جنس کا ہوسکتا ہے، اور کسی بھی رنگ کا خواہ وہ سیاہ رنگ کا ہو یا سرخ یا سفید۔

## ۱۰۶۵۔ الزج (نیزے کے نچلے حصّہ کا لوہا):

خواب میں اس کا دیکھنا ایسے امور میں داخل ہونے کی دلیل ہے جن سے نکلنا آسان نہ ہو، کبھی اس کی تعبیر موت ہوتی ہے۔

## ۱۰۶۶۔ الزجاج (شیشہ):

خواب میں شیشہ غم فکر کی دلیل ہے، اور اس کی تاویل یہ ہے کہ وہ عورتوں کے جواہرات میں سے ہے، خواب میں شیشہ دیکھنا شے کے ظہور و وضوح کی دلیل ہے جو اس پر مخفی ہے، کیوں کہ شیشہ کوئی شے مخفی نہیں چھوڑتا ہے، اور رنگین شیشوں سے جو چیزیں بنائی جاتی ہیں وہ مال، اولاد اور ازوج میں شبہات کی دلیل ہے، نیز ریاکاری اور نفاق کی دلیل ہے، اور جس سے علاج کیا جاتا ہے وہ علماء اور حکماء کی دلیل ہے، خواب میں جو شخص شیشہ خریدے یا شیشہ کے بدلہ جوہر یا سیپی کے بدلہ موتی کو لے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ وہ آخرت کے مقابلہ میں دنیا کو پسند کرتا ہے، یا طاعت کے بجائے معصیت کو چاہتا ہے، یا وہ اپنے دین سے برگشتہ ہونے والا ہے۔

## ۱۰۶۷۔ الزجّاج (شیشہ ساز):

خواب میں شیشہ ساز اپنی جان و مال پر غرور، احمقوں کے ساتھ دوستی کی دلیل ہے، شیشہ ساز رومی باندیوں کا

Marfat.com

دلاّل ہے۔

**۱۰۶۸۔ الزحار (پیچش):** دیکھئے الزحیر (پیچش)

## ۱۰۶۹۔ الزحف (گھسٹنا):

خواب میں لڑائی کے اندر گھسٹنا حزن وغم اور طلبِ علم ومال میں اخلاص کی دلیل ہے، کبھی اس کی تعبیر حج کی تیاری کرنے یا موسمِ حج کے آنے کی دلیل ہوتا ہے، اگر کوئی شخص خود اکیلا خواب میں گھسٹا ہوتو وہ اپنی جان یا مال ایسے امر میں جھونکے گا جس کی وہ طاقت نہیں رکھتا ہے۔

## ۱۰۷۰۔ زُحل سیّارہ:

خواب میں زحل سیارہ دیکھنا قہر وسلطنت کی دلیل ہے، یہ اس وقت ہے جب وہ چاند سے متصل ہو، اور زُحل عذابِ ملک کا صاحب ہے، کبھی زحل سیارہ فقر وخسارہ اور شدائد ومشکلات کی دلیل ہوتا ہے۔

## ۱۰۷۱۔ الزحیر (پیچش):

خواب میں عورت کا پیچش میں مبتلا ہونا دردِزہ کی دلیل ہے۔

## ۱۰۷۲۔ الزر (بٹن):

خواب میں بٹن عصمت اور عقدِ صحیح ہے، کبھی بٹن مال یا رزق کی دلیل ہوتا ہے خصوصاً جبکہ بٹن سونے یا چاندی کا ہو، کاج اور بٹن مرد اور عورت پر دلیل ہے، جو دیکھے کہ اس نے کاج میں بٹن لگایا ہے تو اگر وہ غیر شادی شدہ ہے تو اس کی شادی ہوگی، ورنہ وہ متفرق امر کو جوڑے گا۔

## ۱۰۷۳۔ الزرّاد (زرہ ساز):

خواب میں زرہ ساز دیکھنا مشکل امور کے آسان ہونے اور میانہ روی پر مساعدت اور معاونت کی دلیل ہے، غیر شادی شدہ کے لئے شادی کی دلیل ہے، زرہ ساز لوگوں کو علم وادب کی تعلیم دینے والا آدمی ہے، لوگوں کو اچھے اخلاق کی طرف رہنمائی کرتا ہے، اور اس میں نفاق ہوگا۔

## ۱۰۷۴۔ الزرافة (زرافہ):

خواب میں زرافہ خیر کی دلیل نہیں ہے، اس کا دیکھنا مال میں آفت یا خوبصورت عورت یا عجیب وغریب خبروں سے واقفیت کی دلیل ہے، زرافہ کی تعبیر ایسی عورت سے کی جاتی ہے جو زوج کے ساتھ ثابت قدم رہتی ہے۔

Marfat.com

## ۱۰۷۵۔ الزراق (شکاری پرندہ):

بادشاہ کا شکاری پرندہ دیکھنا شر وفساد اور قتل وقتل یا جماعتوں کی تفریق کی دلیل ہے۔

## ۱۰۷۶۔ الزربول (بوٹ):

بوٹ پہننا زوجہ یا چوپایہ سواری یا سفر یا منصب کی دلیل ہے، نیز دیکھئے الخف (موزہ) اور دیکھئے النعل (جوتا)

## ۱۰۷۷۔ الزریبة (مویشیوں کا باڑہ):

خواب میں مویشیوں کا باڑہ رزق، فوائد، اور منافع کی دلیل ہے، کبھی باڑہ اس تھیلی یا الماری وغیرہ کی دلیل ہوتا ہے جس میں مال محفوظ رکھا جاتا ہے، کبھی باڑہ خود صاحب خواب کے گھر کی دلیل ہوتا ہے جس میں اس کے اہل خانہ خادم ملازم جمع ہوتے ہیں۔

## ۱۰۷۸۔ الزرزور (شارک):

خواب میں شارک پرندہ صابر، زاہد، ضعیف مسلمان آدمی ہے، اس کا طعام حلال ہے، اور شارک صاحب اسفار (سفر کی جمع) آدمی ہے، جو دیکھے کہ اس کو شارک ملی ہے تو ایسا ہی آدمی اس کے ہاتھ لگے گا، اگر دیکھے کہ اس نے شارک کا گوشت کھایا ہے یا اس کے پر اکھاڑے ہیں تو اسے خیر حاصل ہوگی، اور شارک کبھی اچھے اعمال کو برے اعمال کے ساتھ ملانے یا ایسے شخص کی دلیل ہوتا ہے جو نہ تو نادار ہے اور نہ ہی مالدار، اور نہ بلند رتبہ ہے اور نہ کم رتبہ، شارک کبھی حقارت اور ادنیٰ سامانِ زندگی پر کفایت وقناعت کرنے اور لہو ولعب کی دلیل ہوتا ہے۔

## ۱۰۷۹۔ الزرع (زمین میں بیج بونا):

خواب میں جو شخص دیکھے کہ اس نے زمین میں بیج بویا ہے تو اس کی بیوی حاملہ ہوگی، اور کھیت کا جلنا بھوک اور قحط کی علامت ہے، جو دیکھے کہ وہ سبز کھیت میں دوڑتا ہے تو وہ نیکی اور عبادت کے کاموں میں دوڑ دھوپ کرتا ہے، اور وہ نہیں جانتا کہ آیا وہ عبادت اس کی قبول بھی ہورہی ہے یا نہیں، اور جو دیکھے کہ اس نے زمین میں بیج ڈالا ہے تو اگر شادی شدہ ہے تو اولاد ہوگی، غیر شادی شدہ ہے تو شادی ہوگی، اور صاحب غلہ کے لئے آمدنی میں اضافہ ہوگا، اور سلطان کے لئے اس کی مملکت میں وسعت ہوگی، اور سبز کھیت عمر طویل کی دلیل ہے، اور خشک کھیت اجل قریب آجانے کی دلیل ہے، اور گندم کا کھیت نیکی وفرمانبرداری اور دگنا اجر وثواب والے صدقہ کی دلیل ہے، اور خوشہ گندم جیسے دگنا اجر کی دلیل ہے اسی طرح شدت ومشکلات کی بھی دلیل ہے، اور جو خیر کی دلیل ہے، اور زمین میں بیج بونا عمل کی دلیل ہے، جو خواب میں دیکھے کہ وہ قابل زراعت زمین میں ہے تو وہ ایسا عمل کرتا ہے جس کی کل کو مکمل طور پر خیر کی توقع اور امید وہ رکھتا ہے، خواب میں بے

Marfat.com

محل جو شخص زراعت کرے تو وہ زنا کرے گا، اور خواب میں بے وقت کھیتی کا کاٹا جانا اس علاقہ ومحلہ میں موت کے واقع ہونے یا حرب ولڑائی ہونے کی دلیل ہے، اور خواب میں کھیت کے درمیان چلنا مجاہدین کی صفوں کے درمیان چلنے کو ظاہر کرتا ہے، اور اگر دیکھے کہ اس کا ایک معروف کھیت ہے تو یہ اس کا دنیوی یا دینی عمل ہے، اور کھیت عورت کی بھی دلیل ہے اس لئے کہ عورت میں بھی بیج ڈالا جاتا ہے، ہل چلایا جاتا ہے، پھر وہ حاملہ ہوتی ہے اور بچہ جنتی ہے اور وقتِ حصاد اور نباتات کے زمین سے مستغنی ہونے تک دودھ پلاتی ہے، چنانچہ اس کے خوشے اس کی اولاد یا اس کا مال ہے، کبھی کھیت بازار کی دلیل ہوتا ہے، اور اس کے خوشے بازار کے رزق ہیں، اور کھیت کبھی میدان جنگ کی دلیل ہوتا ہے، اس کے خوشے جنگ کے سپاہی اور لشکر ہے، اور اس کا حصاد (کٹنا) تلوار ہے، کھیت کبھی دنیا کی دلیل ، علامت ہوتا ہے، اس کے خوشے لوگوں کی جماعت ہے، چھوٹے بڑے اور بوڑھے ادھیڑ عمر، اور کھیت کبھی ہر اس جگہ کی دلیل ہوتا ہے جس میں آخرت کے لئے کھیتی باڑی کی جائے اور اس میں اجر وثواب کے اعمال کئے جائیں جیسے مساجد، ذکر کے حلقے ، سرحدات کی حفاظت وغیرہ۔

## ۱۰۸۰۔ الزرقطه (بھڑ): دیکھئے الزنبور (بھڑ)

## ۱۰۸۱۔ الزرفین (لوگوں کا حلقہ):

خواب میں لوگوں کا حلقہ دیکھنا زوجین کے مابین عصمت، دو شریکوں کے درمیان عقدِ شرکت اور دو دشمنوں اور مقابلوں کے درمیان صلح صفائی کرنے کی دلیل ہے، کبھی ان امور کی دلیل ہوتا ہے جس سے دین کا اتمام ہوتا ہے جیسے نماز کی پابندی، زکوٰۃ کی ادائیگی اور اعتقادات کی سلامتی وغیرہ۔

## ۱۰۸۲۔ الزعتر (خوشبودار پودا): دیکھئے الریحان (خوشبودار پودا)

## ۱۰۸۳۔ الزعرور (سرخ پھل دار درخت):

اگر اس درخت کے پھل زرد رنگ کے خواب میں دیکھے تو زرد رنگ کی شدت کے بقدر مرض کی علامت ہے، اور سبز رنگ کے پھل مرض نہیں ہیں، سیب، بیر اور لیموں کے سوا ہر زرد رنگ کا پھل علامتِ مرض ہے، کیوں کہ ان کی زردی جوہری قوت کے سبب مضر نہیں ہے۔

## ۱۰۸۴۔ الزعفران (زعفران):

خواب میں اگر زعفران جسم یا کپڑے پر اثر انداز نہ ہوا ہو تو یہ اچھی تعریف اور ذکرِ خیر کی دلیل ہے، اس لئے کہ زعفران از قسم خوشبو ہے، اور اگر زعفران کسی میں اثر انداز ہوا ہو تو یہ مرض کی دلیل ہے، اور زعفران پیسنا مرض کی علامت ہے، بعض کہتے ہیں کہ زعفران دیکھنا اچھا ہے جبکہ صاحب خواب کے جسم کو نہ لگی ہو، اگر دیکھے کہ اس نے زعفران کو پیسا ہے

Marfat.com

تو وہ ایسا کام کرے گا جس سے وہ متعجب ہوگا۔

**۱۰۸۵۔ الزغزغة (گدگدی کرنا):** دیکھئے الدغدغة (گدگدی کرنا)

**۱۰۸۶۔ الزغلي (دھوکہ باز):**

خواب میں دھوکہ باز کو دیکھنا زنا بدکاری، تنگی، اور ردی اور برے اعمال پوشیدہ اور راز میں رکھنے کی دلیل ہے۔

**۱۰۸۷۔ الزفاف (شادی):** دیکھئے الزواج (شادی)

**۱۰۸۸۔ الزفت (تارکول):** دیکھئے القار (تارکول)

**۱۰۸۹۔ الزق (مشک):**

خواب میں پانی کی مشک دیکھنا حلم (بردباری) کے ظرف یا مال کی دلیل ہے، خواب میں مشک خسیس کمینہ آدمی ہے، خواب میں شہد کی مشک حاصل ہونا خسیس آدمی سے حصولِ غنیمت کی علامت ہے، اور پیٹرول کی مشک خواب میں حاصل ہونا کافر شریر آدمی سے حرام مال ملنے کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ اس نے مشک کے اندر پھونک ماری ہے تو اس کے ہاں فرزند پیدا ہوگا۔

**۱۰۹۰۔ الزُقاق (گلی کوچہ):**

خواب میں گلی کوچہ میں داخل ہونا کسی طرف جھکاؤ کی وجہ سے شبہات میں پڑنے کی دلیل ہے، جیسے راہِ حق سے ہٹنا، کبھی اس کی تعبیر قسم میں حانث ہونے اور کفاروں کے ساتھ ہوتی ہے، گلی کوچے کبھی صنعتی راستوں کی دلیل ہوتے ہیں۔

**۱۰۹۱۔ الزکام (زکام):** خواب میں زکام مسافر کے لئے سُست خبر کی دلیل ہے۔

**۱۰۹۲۔ زکوٰۃ:**

خواب میں زکوٰۃ مال کی زیادتی واضافہ کی دلیل ہے، جو خواب میں دیکھے کہ وہ اپنے مال کی زکوٰۃ ادا کرتا ہے تو یہ خواب اس سال مال میں نمو، زیادتی اور کثرت کی دلیل ہے، مال کی زکوٰۃ خیر کی اور دشمنوں سے محفوظ ہونے کی دلیل ہے، کبھی زکوٰۃ شب بیداری (نماز تہجد) اور بکثرت نفلی روزے رکھنے کی دلیل ہوتی ہے، اور زکوٰۃ کا خواب میں نکالنا ادائے قرض، کثرتِ فوائد، رفعت ومنزلت اور دفعِ مصائب کی دلیل ہے، خواب میں جو دیکھے کہ وہ مالِ زکوٰۃ لوگوں میں تقسیم کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے تمام کام آسان کریں گے، اُسے توبہ نصیب ہوگی، جو دیکھے کہ اس نے صدقہ فطر ادا کیا ہے تو وہ بکثرت نماز وتسبیح پڑھتا ہے، اگر اس کے ذمہ قرض ہے تو وہ ادا کرے گا، اس سال وہ کسی مرض اور بیماری میں مبتلا نہیں ہوگا،

Marfat.com

خواب میں صدقہ فطر فائدہ کی دلیل ہے، اور معدن کی زکوٰۃ خواب میں ادا کرنا اولاد کی زیادتی (بڑھنے) یا زوجہ کی بشارت ہے، اگر صاحب خواب فقیر ونادار ہے تو یہ خواب اس کے اعمالِ صالحہ کی عنداللہ مقبولیت کی دلیل ہے، اگر وہ فاسق ہے تو تو بہ نصیب ہوگی، اور اللہ تعالیٰ اس کو حلال مال عطا فرمائیں گے، اگر وہ کافر ہے تو مشرف بہ اسلام ہوگا۔

## ۱۰۹۳۔ زکریا علیہ السلام:

خواب میں جو شخص زکریا علیہ السلام کی زیارت کرے اللہ تعالیٰ اس کو بڑھاپے کے وقت متقی پرہیزگار نیک صالح سردار فرزند عطا فرمائیں گے، اور اللہ تعالیٰ صاحبِ خواب کی زوجہ کو اس قابل بنادیں گے۔

## ۱۰۹۴۔ زلابیة (جلیبی):

خواب میں جلیبی دیکھنا لہو ولعب سے حاصل ہونے والا مال ہے، اور ہلاکت وضرر سے نجات کی علامت ہے، جلیبی ندامت اور افسوس کی دلیل ہے، کبھی جلیبی فرحتوں اور مسرتوں کی دلیل ہوتی ہے۔

## ۱۰۹۵۔ الزلباني (جلیبی بیچنے والا):

خواب میں اس کا دیکھنا شدائد ومشکلات سے خلاصی ونجات کی بشارت ہے، یا پھر اس کا دیکھنا شر وفساد اور تکلیف کی دلیل ہے۔

## ۱۰۹۶۔ زلات اللسان (زبان کی لغزش):

خواب میں زبان کی لغزش قدموں کے پھسلنے اور اس کے برعکس کی دلیل ہے، اور قدموں کا پھسلنا کبھی ارتکاب کردہ امر کے زوال کی دلیل ہوتا ہے، کبھی اس کی تعبیر طالب علم کو نسیان اور سہو پیش آنے کے ساتھ ہوتی ہے۔

## ۱۰۹۷۔ الزلحفة (کچھوا): دیکھئے السلحفاۃ (کچھوا)

## ۱۰۹۸۔ الزلزلة (زلزلہ آنا):

خواب میں زلزلہ آنا سلطان کی طرف سے خوف کی دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ زلزلہ عظیم بادشاہ کی جانب سے پیدا ہونے والے حادثہ کی دلیل ہے، اگر زلزلہ عام ہے تو وہ حادثہ بھی عام ہوگا، اگر خواب میں پہاڑوں میں سے کوئی پہاڑ دیکھا گیا کہ وہ لرز رہا ہے یا متزلزل ہوا ہے یا اپنی جگہ سے سرک کر پھر دوبارہ اپنی جگہ ٹھہر گیا ہے تو یہ اس جگہ کے سلطان کی دلیل ہے، جو شخص دیکھے کہ ایک زمین زلزلہ اور بھونچال سے دوچار ہوئی ہے، جس کی وجہ سے ایک جماعت زمین میں دھنس گئی ہے اور دوسری محفوظ رہی ہے تو اس علاقہ کا سلطان اس جگہ آئے گا اور وہاں کے باشندوں کو سزا دے گا، اور بعض

Marfat.com

کہتے ہیں کہ یہ خواب شدید مرض کی دلیل ہے، اور کسی زمین پر زلزلہ کا آنا اس جگہ کی رعایا پر سلطان کے ظلم کرنے کی دلیل ہے، جو خواب میں دیکھے کہ زمین زلزلہ سے دوچار ہوئی ہے اور آسمان مضطرب ہوا ہے تو اس علاقہ کے اہلیان سلطان کی وجہ سے عذاب میں مبتلا ہوں گے، اور جانی مالی سقم اور امراض سے دوچار ہوں گے۔ اگر کوئی شخص خواب میں زمین کو حرکت کرتے دیکھے تو یہ بات صاحب خواب کے امور اور اس کی زندگی کی حرکت وروانی کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ زمین زلزلہ سے دوچار ہوئی ہے تو اس جگہ پر سلطان کی طرف سے کوئی بلا وآفت نازل ہوگی، یا وہ مقام ٹڈیوں، یا قحط یا خوف شدید یا دیگر آفات سے دوچار ہوگا، اور خواب میں زلزلہ دیکھنا خوف وگھبراہٹ، جھوٹی اور بری خبروں اور پریشان کن خبروں کی دلیل ہے، اگر حاملہ عورت خواب میں زلزلہ آتے دیکھے تو وہ اپنا حمل وضع کرے گی، اور زلزلہ وبھونچال کبھی لوگوں کے اضطراب اور بے قراری کی دلیل ہوتا ہے، اگر اس سے دیواریں منہدم ہوئی ہوں تو حقیقی موت کا وقوع ہوگا، کبھی زلزلہ صاحب خواب کی موت کی دلیل ہوتا ہے، خواب میں بنجر اور خشک زمین کا زلزلہ کا شکار ہونا زراعت کے ذریعہ اس زمین کی نشوونما اور عمدگی کی دلیل ہے، اور کبھی یہ خواب بنجر اور بے آباد زمین کے آباد ہونے کی دلیل ہوتا ہے، اور زلزلہ بحری سفر یا رقص وسرور یا بحری سفر معطل کرنے کی دلیل ہوتا ہے، کبھی زلزلہ ازواج کی تکلیف کی علامت ہوتا ہے، اگر زلزلہ کسی باغ میں آیا ہو تو یہ بات نباتات کی کثرت اور موسم گرما کے پھلوں کی کثرت کی دلیل ہے، نیز زلزلہ بستی والوں کے فتنوں کی دلیل ہے، خواب میں اگر زلزلہ دیکھا ہے اور یہ خواب ماہ مئی میں تھا تو یہ خواب لوگوں کے مابین قتل وقتال اور مسلسل فتنوں کی دلیل ہے، اگر خواب میں دیکھا جانے والا زلزلہ ماہ جون میں واقع ہوا ہے تو یہ شریر لوگوں کی ہلاکت کی دلیل ہے، اگر یہ خواب دن کے وقت دیکھا تو یہ علماء کے مناصب کی تجدید کی دلیل ہے، اگر خواب میں زلزلہ اور بھونچال کی کیفیت دیکھی ہے اور یہ خواب ماہ جولائی میں آیا ہے تو یہ خواب عظیم الشان آدمی کی وفات پر دلیل ہے، اور اگر ماہ اگست میں خواب زلزلہ دیکھا ہے تو یہ دشمن کی علامت ہے جو اس جگہ پر آئے گا، اور یہ خواب اگر ماہ ستمبر میں آیا ہے تو یہ اجنبی آدمی کی دلیل ہے جو اس جگہ پر آئے گا، اور اس جگہ مختلف تکلیفیں پیدا ہوں گی آخر کار وہ فنا ہوں گی، اور اگر زلزلہ کا خواب ماہ اکتوبر میں وقوع پذیر ہوا ہو تو یہ مرض اور حاملہ عورتوں کی سلامتی کی دلیل ہے، اگر یہ خواب ماہ نومبر میں پیش آیا ہے تو یہ حاملہ عورتوں کے اسقاط حمل کی دلیل ہے، اور ماہ دسمبر میں اگر یہ خواب آیا ہے تو یہ شدید مرض کے پیدا ہونے اور دشمن سے با امن ہونے کے علاوہ موت کی دلیل ہے، اگر یہ خواب ماہ جنوری میں آیا ہے تو یہ جوانی کی موت کی دلیل ہے، اور ماہ فروری میں زلزلہ کا خواب بھوک وافلاس اور سقوط حمل کی علامت ہے، اور ماہ مارچ میں زلزلہ کی کیفیت خواب میں دیکھنا زندگی کی کشادگی اور آسودہ حالی کی دلیل ہے۔

**۱۰۹۹۔ الزلة (ٹھوکر لگنا):** دیکھئے العثرۃ (ٹھوکر لگنا)

**۱۱۰۰۔ الزمارة (بانسری):** دیکھئے الزمر (بانسری بجانا)

Marfat.com

## ۱۱۰۱۔ الزمام (لگام):

خواب میں لگام مال ونعمت کے علاوہ اطاعت وفرمانبرداری کی دلیل ہے۔

## ۱۱۰۲۔ الزمانة (اپاہج پن):

خواب میں اپاہج پن سفر معطل کرنے اور ہاتھ سے کمانے کی دلیل ہے، اور اپاہج پن مقصود ہدف سے عاجز ہونے کی علامت ہے۔

## ۱۱۰۳۔ الزمر (بانسری بجانا):

خواب میں بانسری بجانا بہت عمدہ خبر کی دلیل ہے، اور بانسری کی آواز سننا خواب میں موت کی اطلاع کی دلیل ہے، اگر وہ خود بانسری بجانے والا ہوتو وہ کسی انسان کو موت کی خبر دے گا، اور بعض اہل علم کہتے ہیں کہ جو شخص خواب میں اپنے ہاتھ میں بانسری دیکھے اور اپنی انگلیاں بانسری کے سوراخوں پر رکھی ہیں تو وہ شخص قرآن کریم سیکھتا ہے اور جو کچھ پڑھتا ہے اسے جانتا ہے، اور خواب میں سلطان کی جانب سے بانسری ملنا حصولِ امارت وحکومت کی دلیل ہے، نیز فتنوں سے نجات اور ورع (پرہیز گاری) اور گوشہ نشینی کی دلیل ہے۔

## ۱۱۰۴۔ الزمرد (زمرد پتھر):

زمرد (سبز ہیرا) شہادت اور ان چیزوں کی دلیل ہے جو جنت کے محلات میں نزول کی دلیل ہیں، جو دیکھے کہ اسے زمرد ملا ہے تو اسے نیک صالح بھائی یا بہت سے صالحین بھائی یا باتہذیب نرینہ اولاد یا علمِ نافع یا حلال طیب مال حاصل ہوگا۔

## ۱۱۰۵۔ آبِ زمزم:

جو شخص خواب میں دیکھے کہ اس نے آبِ زمزم پیا ہے تو یہ امراض سے شفاء کی دلیل ہے، خاص طور پر جب اس نے کسی متعین کام کے لئے پیا ہو جیسے وہ آبِ زمزم حصولِ مال یا طلبِ علم کے لئے پیتا ہے تو اسے وہی چیز حاصل ہوگی۔

**۱۱۰۶۔ الزمزمة (خوفناک آواز):** اس کی تعبیر کسی بدعت میں داخل ہونا ہے۔

## ۱۱۰۷۔ الزنی (زنا اور بدکاری):

خواب میں زنا خیانت کی دلیل ہے، اور مجہول زانیہ معلوم زانیہ سے تعبیر کے اعتبار سے بہتر ہے، اور زنا چوری کی بھی دلیل ہے، اس لئے کہ زانی چور کی طرح چھپتا ہے، جو خواب میں زانیہ عورت دیکھے کہ اس کی طرف متوجہ ہوئی ہے اور برے کام

Marfat.com

کے لئے اس کو ورغلاتی ہے تو یہ حرام مال کے حصول کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ اس نے جوان خوبصورت عورت کے ساتھ زنا کیا ہے تو وہ اپنا مال محفوظ جگہ میں رکھے گا، جو دیکھے کہ اس نے زنا کیا اور اس پر حدِ زنا قائم کی گئی ہے اور وہ سلطان ہے تو اس کی سلطنت قوی ہوگی، اور اگر صاحب خواب ولایت کا اہل ہے تو والی ہوگا، اور اسے خلعت سلطانی سے نوازا جائے گا، اور اسے قابل رشک مرکز حاصل ہوگا، جو شخص دیکھے کہ اس نے کسی معلوم انسان کی بیوی سے زنا کیا ہے تو وہ اس کا کچھ مال لینے کا ارادہ رکھتا ہے، خواب میں جو شخص یہ آیت پڑھے "الزانية والزاني فاجلدوا كل واحدٍ منهما مائة جلدة" (النور:۲) تو وہ شخص زانی ہے۔

## ۱۱۰۸۔ الزنانیر (شہد کی مکھی): دیکھئے النحل (شہد کی مکھی)

## ۱۱۰۹۔ الزنار (زُنّار):(۱)

نصرانیوں کی زنار تعبیر کے اعتبار سے اولاد کی دلیل ہے جو دیکھے کہ اس کی زنار ٹوٹ گئی ہے تو اس کا لڑکا فوت ہوگا، خواب میں نصرانی کا زنار پہننا عبادت وبندگی اور قبول واطاعت کی نشانی ہے، اور دیگر غیر مسلمین کا زنار پہننا شہرت اور اہل خیر کے پختہ عزم اور دین کی نصرت کی دلیل ہے، اور زنار کبھی زنا اور نار (آتشِ دوزخ) کی دلیل ہوتا ہے، اور کبھی متوسط عمر کی علامت ہوتا ہے، خواب میں اگر زنار نئے کپڑوں کے اوپر دیکھا تو یہ اولاد کی دلیل ہے، اور اگر کپڑوں کے نیچے ہو تو یہ دین ودنیا کے فساد کی دلیل ہے۔

## ۱۱۱۰۔ الزنبور (بھڑ):

خواب میں بھڑ دیکھنا متحارب دشمن ہے، بھڑ کبھی معمار، ماہرِ کار، انجینئر، رہزن اور صاحبِ کسب وحرام کی دلیل ہے، اور بھڑ دیکھنا خطرناک، بے وقوف، طعنہ زن جنگجو اور جدل وقتال میں ثابت قدم آدمی کی علامت ہے، جو شخص دیکھے کہ کسی بستی یا شہر میں بھڑیں داخل ہوئی ہیں تو وہاں باہیبت اور شجاع بہادر لشکر داخل ہوں گے، اور لوگوں سے علانیہ لڑیں گے، بعض کہتے ہیں کہ بھڑ باطل اور غلط بات پر جھگڑنے والا آدمی ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ بھڑیں طعنہ زن اور خونریز لوگوں کی دلیل ہے، اور بھڑ برے آدمی کی علامت ہے، جو دیکھے کہ اس نے بہت سی بھڑوں سے مقابلہ کیا ہے تو وہ رذیل اور بے قدر وقیمت لوگوں کا مقابلہ کرے گا۔

## ۱۱۱۱۔ الزنبیل (ٹوکری):

خواب میں ٹوکری دیکھنا اس صاحب خانہ کی دلیل ہے جو افراد خانہ کی ضروریات پوری کرنے کی سعی وکوشش میں لگا رہتا ہے اور ان کی فرمائشیں پوری کرتا ہے، کبھی ٹوکری زوجہ یا خادم یا اولاد کی دلیل ہوتی ہے، اور رسی کی ٹوکری با اعتماد قلی ہے، نیز غلام کی بھی علامت ہے۔

(۱) زُنّار: وہ پٹی جسے نصرانی کمر اور پیٹ پر باندھتے ہیں۔

Marfat.com

**۱۱۱۲۔ الزنجیر (زنجیر):** دیکھئے السلسلۃ (زنجیر)

**۱۱۱۳۔ الزَّند (چقماق سے آگ نکالنا):**

خواب میں آگ بھڑکا نا نفع بخش ہونے اور درست ہونے تک کسی کام کی تفتیش کرنے کی دلیل ہے، جو شخص خواب میں دیکھے کہ اس نے سینک حاصل کرنے کے لئے آگ بھڑکائی ہے تو وہ سنگدل، ذی سلطنت اور قوی وجبار آدمی سے معاونت حاصل کرے گا، خواب میں اگر عورت دیکھے کہ اس نے آگ بھڑکائی ہے اور وہ آگ بھڑک گئی ہے تو وہ بیٹا جنے گی، جو دیکھے کہ اس نے ایک پتھر کو دوسرے پتھر سے رگڑ کر آگ نکالی ہے تو اس سے آگ نکل آئی ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ دو فاسق آدمی باہم شدید قتل وقتال کریں گے، بعض کہتے ہیں کہ چقماق سے آگ نکالنے پر آگ کا نکل آنا اور بھڑک جانا غیر شادی شدہ شخص کی شادی کی دلیل ہے، اگر آگ شعلہ زن ہوئی ہوتو زوجہ حاملہ ہوگی، اگر آگ نے کپڑے یا جسم کو جلایا ہے تو یہ ضرر ونقصان کی نشانی ہے جو گھر کے مال، سامان یا جسم پر اثر انداز ہوگا، اگر آگ نے قرآن پاک کو جلایا ہے تو یہ دین کے بارے میں طعنہ زنی اور عیب کی دلیل ہے۔

**۱۱۱۴۔ زنزلخت (ازدرخت):** دیکھئے ازدرخت

**۱۱۱۵۔ الزھد (دنیا سے بے رغبتی):**

خواب میں زہادت اور دنیا سے عدم دلچسپی لوگوں کے محبوب بننے کی دلیل ہے، جیسا کہ حدیث پاک میں وارد ہے کہ تم لوگوں کے پاس جو کچھ ہے اس سے بے رغبت ہوجاؤ لوگ تم سے محبت کریں گے۔

**۱۱۱۶۔ الزھر (پھول):**

خواب میں پھول لذت وخیر کی دلیل ہے، جو شخص اپنے سر پر پھولوں کا تاج دیکھے تو وہ شادی کرے گا، اور بے موسم پھول دیکھنا حصول غم وفکر کی دلیل ہے، اور مختلف رنگوں کے پھول دنیا اور دنیا کی رونق اور متاع کی دلیل ہے، اور پھول عورتوں کے لئے حمل کی بشارت اور زوال غم وفکر کی علامت ہے، اور خواب میں پھول خوبصورت عورت ہے، خواب میں جو پھول دیکھے وہ ایسی عورت کو پیام نکاح دے گا جس کے ساتھ اس کی کوئی قرابت یا رشتہ ناطہ نہیں ہے، اور خواب میں پھول لہو ولعب (کھیل تماشہ) حرص، ہنسنے، تصویر اور خوبصورت لباس کی دلیل ہے، خواب میں جسے پھول ملے ہوں تو اس کا نفس یا تو مذکورہ اشیاء کی طرف مائل ہوگا، یا پھر وہ دینے والے سے ملے گا، یا وہ شادی کرے گا یا باندی یا مغنیہ (گانے والی) خریدے گا، اور پھول بادشاہ کی بیوی ہے، بعض کہتے ہیں کہ پھول اجنبی عورت ہے، لہٰذا جو خواب میں پھول دیکھے تو اگر وہ کنوارا ہے تو وہ غیر جنس (دوسری قوم خاندان) عورت سے شادی کرے گا۔

Marfat.com

## ۱۱۱۷۔ الذھو (خود پسندی): دیکھئے العُجب (خود پسندی)

## ۱۱۱۸۔ الزواج (شادی):

خواب میں شادی عنایت منجانب اللہ ہے، کبھی شادی کرنا گرفتاری، قرض اور غم و فکر کی علامت ہوتی ہے، اور خواب میں مجہول اور نامعلوم عورت سے شادی کرنا اجل (موت) کے قریب ہونے کی دلیل ہوتا ہے، نیز ایک گھر سے دوسرے گھر منتقل ہونے کی علامت ہوتا ہے، اگر صاحب خواب امارت (حکومت) کے لائق ہے تو ولایت ملے گی، یا لائق الشان منصب حاصل ہوگا، اور حسبِ عادت رخصتی منصب یا اچھی شہرت کی دلیل ہے، اور شادی کی تعبیر حرفت (پیشہ) کے ساتھ بھی کی جاتی ہے، چنانچہ جو شخص دیکھے کہ اس نے کسی عورت سے شادی کی ہے پھر وہ عورت مرگئی ہے تو وہ شخص کوئی حرفت اختیار کرے گا مگر سوائے کام کرنے اور تکلیف و مشقت برداشت کرنے کے کچھ حاصل وصول نہیں ہوگا، جو شخص دیکھے کہ اس نے یہودی عورت سے شادی کی ہے تو وہ کسی ایسے پیشہ میں لگے گا جس سے اس کو گناہ حاصل ہوگا اور وہ معاصی پر جری (دلیر) ہوگا، اور جو دیکھے کہ اس نے نصرانی عورت سے شادی کی ہے تو وہ کسی باطل اور غلط پیشہ میں سعی و کوشش کرے گا، اور اگر ایسی عورت مجوسی (آتش پرست) ہو تو وہ بغیر دین کے حرفت ہے، اور جو زانیہ سے شادی کرے تو وہ زانی ہے، اور جو خواب میں زبان دراز عورت سے شادی کرے تو وہ ثقیل قید میں مقید ہوگا، اور جو خواب میں کتیا سے شادی کرے تو وہ خسیس اور گھٹیا امر کا مالک ہوگا، جو کسی انسان کو دیکھے کہ اس نے کسی عورت سے شادی کی ہے اور اسکو اپنے پاس لایا ہے تو اسے مال حاصل ہوگا، جو خواب میں اپنی زوجہ کو دیکھے کہ اس نے کسی حمام والے آدمی سے شادی کی ہے تو وہ عورت بخار میں مبتلا ہوگی، اور جو سلطان کی زوجہ سے شادی کرے تو اسے بادشاہت حاصل ہوگی اگر اس کا اہل ہے ورنہ کوئی اور ولایت ملے گی، جو مردہ عورت سے شادی کرے تو اسے ناپید امر میں کامیابی ہوگی جس سے وہ مایوس ہو چکا تھا، اور مریض عورت اگر خواب میں شادی کرے اور نہ زوج کو دیکھا نہ اس کو پہچانا ہے تو وہ مریضہ موت کا شکار ہوگی، یہی تعبیر ہے مریض آدمی کی کہ اگر وہ خواب میں دیکھے کہ اس نے شادی کی ہے اور نہ عورت کو دیکھا ہے اور نہ اس کو پہچانا ہے تو وہ مریض وفات پائے گا، اور جو اپنی والدہ کی شادی کرائے وہ اپنی جائیداد فروخت کرے گا، اگر حاملہ عورت دیکھے کہ اس نے شادی کرلی ہے تو وہ لڑکی جنے گی، اگر حاملہ عورت کو دلہن کی طرح تحفہ دیا گیا ہو تو وہ لڑکا جنے گی، اگر بیٹے والی عورت دیکھے کہ اس نے شادی کی ہے تو وہ اپنے بیٹے کی شادی کرائی گی، اگر خواب میں کنواری یا شادی شدہ عورت شادی کرے تو اسے خیر حاصل ہوگی، اگر کوئی عورت مردہ آدمی سے شادی کرے تو اس کے کام بکھریں گے اور متفرق ہوں گے، اور جو دیکھے کہ اس نے عورت سے شادی کی ہے حالانکہ اس کی زوجہ یا زوجات ہیں تو اسے اس عورت کی ہیئت اور جمال کے بقدر خیر و سلطنت حاصل ہوگی جبکہ اس عورت کو دیکھا اور پہچانا ہو، اگر اس نے اس کو نہیں پہچانا ہے اور وہ عورت اس کے لئے تجہیز و تکفین کرتی ہے تو یہ اس کی موت کی دلیل ہے، یا اس آدمی کے ہاتھوں کسی شخص کی موت کی علامت ہے، جو شخص دیکھے کہ اس نے کسی نامعلوم بوڑھے شخص کی بیٹی سے نکاح کیا ہے تو اسے خیرِ کثیر حاصل ہوگی، اگر عورت دیکھے کہ اس نے نامعلوم بوڑھے سے شادی کی ہے تو اسے خیر کثیر حاصل ہوگی، اگر وہ

Marfat.com

عورت مریضہ ہے تو مرض سے شفاء ہوگی، جو شخص دیکھے کہ اس نے اپنی کسی محرم مردہ عورت سے شادی کی ہے تو وہ اس سے صلہ رحمی کرتا ہے، اگر وہ محرم عورت زندہ ہو (یعنی مردہ نہیں بلکہ زندہ محرم عورت سے شادی کی ہے) تو وہ اس سے قطع رحمی (رشتہ ناطہ توڑنا) کرتا ہے، اور جو دیکھے کہ اس نے کسی محرم عورت سے شادی کی ہے تو وہ اپنے اہل کا سردار ہوگا، اور خواب میں زوجہ شریک یا دشمن یا جابر بادشاہ یا جھگڑالو دشمن وحریف یا بادشاہ ہے، اور ہر وہ راحت یا مشقت یا خیر یا شر جس پر زمین دلالت کرتی ہے پس اسی کے مثل زوجہ کے لئے زیادہ مناسب ہے، کیوں کہ اس کی اس پر دلالت ہے۔

## ۱۱۱۹۔ نبی کریم ﷺ کی زوجاتِ مکرّمات:

خواب میں نبی کریم ﷺ کی زوجاتِ مبارکہ کی زیارت امہات (والدہ) کی دلیل ہے، نیز خیر وبرکات اور بنات (بیٹیوں) کی علامت ہے، بسا اوقات زوجاتِ کریمہ کی زیارت ایک دوسرے پر غیرت کرنے اور کسی راز کے افشاء یا چھپانے کے سبب قسم کھانے کی دلیل ہوتی ہے، اگر خواب میں کوئی عورت حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی زیارت کرے تو اُسے بلند درجہ، نیک شہرت، اور شوہر اور والدین کے سامنے حظ ونصیب حاصل ہوگا، اگر اس نے حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کو دیکھا تو ان کا دیکھنا مکر وفریب پر دلیل ہے، اگر عورت نے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کو دیکھا تو یہ بات سعادت اور نیک اولاد کی دلیل ہے، اور رسول اللہ ﷺ کی صاحبزادی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو دیکھنا والدین اور زوج کے فقدان کی دلیل ہے، حضرت حسن رضی اللہ عنہ اور حضرت حسین رضی اللہ عنہ کو دیکھنا فتنہ فساد اور حصولِ شہادت کی دلیل ہے، یا مختلف سفروں اور بے وطن ہونے کی دلیل ہے، نیز اس بات پر دلیل ہے کہ صاحب خواب جامِ شہادت نوش کرے گا، اور جو مرد نبی مکرم ﷺ کی کسی بھی زوجہ مطہّرہ کو خواب میں دیکھے تو اگر وہ کنوارا ہے تو نیک صالح عورت سے شادی کرے گا، اسی طرح اگر کوئی عورت کسی بھی زوجہ مطہّرہ کو دیکھے تو یہ اس بات کی دلیل وتعبیر ہے کہ اسے نیک صالح خاوند ملے گا جو اس کو کفایت کرے گا۔

## ۱۱۲۰۔ الزئبق (پارہ):

خواب میں پارہ (ایک رقیق دھات) امرِ ناتمام کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ اس نے کسی شخص کو پارہ دیا ہے یا اس کا مالک ہوا ہے تو وہ کسی انسان سے وعدہ خلافی کرے گا، اگر خواب میں پارہ کھایا ہے تو وہ خود اس وعدہ خلافی سے دو چار ہوگا، جو دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں پارہ کا کچھ حصّہ ہے تو وہ اپنے دین کے بارے مذبذب اور متردد ہے اور اپنی خواہشات کا تابع اور خائن (خیانت کرنے والا) ہے امانتدار نہیں ہے۔

## ۱۱۲۱۔ الزیت (روغن زیتون):

خواب میں روغن زیتون رزق اور حلال مال ہے، روغن زیتون کی مالش کرنا شفاء ہے، اور جو دیکھے کہ اس نے روغن زیتون نوش کیا ہے تو یہ سحر وجادو یا مرض کی دلیل ہے، اور زیتون کا تیل علم وبرکت نور وہدایت اور رزقِ حلال کی دلیل

Marfat.com

ہے، اور زیتون کے علاوہ شلغم اور بن اپنا مال ہے جس پر شبہ غالب ہے، روغن زیتون آنکھوں کا نور یا دلوں کا نور ہے، یا شکستہ چیز کے واقع ہونے کی دلیل ہے، اگر عمدہ روغن زیتون خواب میں ردی اور خراب ہوگیا ہے تو یہ عہد شکنی کی دلیل ہے، اور اگر ردی روغن زیتون عمدہ ہوگیا ہے تو یہ حسنِ معاملہ دلیل ہے۔

## ۱۱۲۲۔ الزیّات (روغن زیتون بیچنے والا):

خواب میں اس کا دیکھنا علم وہدایت اور کافر کے مسلمان ہونے، اربابِ علم کی خدمت کرنے اور بادشاہوں کے قرب کی دلیل ہے۔

## ۱۱۲۳۔ الزیادۃ (زیادتی): دیکھئے العلاوۃ (زیادتی)

## ۱۱۲۴۔ الزیتون (درخت زیتون):

خواب میں درخت زیتون مال ومتاع ہے، اور درخت زیتون مبارک اور اپنے اہل کے لئے نفع رساں آدمی ہے، اور بعض اہل علم کہتے ہیں کہ درخت زیتون شریف عورت یا رئیس ولد یا ولایت کی دلیل ہے، اور زرد رنگ کا زیتون دین کے بارے فکر وپریشانی ہے، اور درخت سے زیتون کا نچوڑنا حصولِ برکت وخیر کی دلیل ہے، اور زیتون خواب میں دیکھنا غلاموں کے لئے ان کی مار پٹائی کی دلیل ہے، اس لئے کہ زیتون پر جب ضرب لگائی جاتی ہے تب وہ پھل گراتا ہے، بعض کہتے ہیں زیتون دیکھنا فکر وغم ہے، جو خواب میں روغن زیتون سے درخت زیتون کو سیراب کرے تو وہ اپنی ماں سے شادی کرے گا، یہی تعبیر ہے جب انگور کی بیل کو سرکہ سے سیراب کرے، یا مٹی کی صورت میں زمین پر بول کیا ہو، اور درخت زیتون مال ومتاع ہے، اور زیتون شریف عورت ہے، خواب میں زیتون ملنا یا اس کا مالک ہونا یا اس کا کھانا خیر وبرکت کی دلیل ہے، اور زیتون کے پتے اتحاد کی رسی کو مضبوطی سے پکڑنے کی دلیل ہے، نیز صالحین اور بہترین لوگوں کی دلیل ہے، زیتون کا پھل مکمل خوشی کے ساتھ بافراغت نعمت ورزق کی دلیل ہے، اور جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ زیتون کا تیل نکالتا ہے تو یہ تکان ومشقت کی دلیل ہے، اور زیتون نورِ ایمان، ہدایتِ گنہگاراں، تلاوتِ قرآن، شکستہ چیز کے جوڑنے اور فقیر کے لئے مال کی دلیل ہے۔

## ۱۱۲۵۔ الزیر (مٹکا):

خواب میں مٹکا زوجہ یا گھر کے سربراہ یا خزانہ گاہ یا دکان یا اس کی حاملہ زوجہ کی دلیل ہے۔

## ۱۱۲۶۔ الزینۃ (آرائش):

خواب میں زینت وآرائش فقر اور فسادِ حال کی دلیل ہے، جو خواب میں دنیا کو دیکھے کہ وہ اس کے لئے مزین اور آراستہ ہوئی ہے، جو کچھ بھی طلب کرتا ہے اسے حاصل ہوجاتا ہے تو وہ محتاج ہوگا اور برباد ہوگا، اور ایسے شہروں میں زینت وآرائش جہاں زینت وآرائش غیر معروف ہو تمام لوگوں کے لئے خیر کی دلیل ہے۔

Marfat.com

# ﴿باب السین﴾

## ۱۱۲۷۔ الساج (گول چادر، ساکھو کا درخت):

لفظ ساج کے دو مفہوم ہیں، پہلے مفہوم (گول مخمل کی چادر) کے اعتبار سے اس کی تعبیر بخار کے ساتھ مختلف امراض کی دلیل ہے، اور دوسرے مفہوم (ساکھو کا درخت) کے اعتبار سے اس کی تعبیر یعنی خواب میں درخت ساکھو دیکھنا بادشاہ یا عالم یا شاعر یا نجومی کی دلیل ہے۔

## ۱۱۲۸۔ الساحر (جادوگر):

خواب میں جادوگر فتنہ پرداز آدمی ہے، اگر سیب کے ذریعہ سحر وجادو کیا ہے تو وہ اپنے بیٹے کو فتنہ میں ڈالے گا، اگر فراش کے ذریعہ کیا ہے تو اپنی بیوی کو فتنہ میں ڈالے گا۔

## ۱۱۲۹۔ السارق (چور): خواب میں چور ذلیل کذاب انسان ہے۔

## ۱۱۳۰۔ الساطور (بُغدا):

خواب میں بغدا (قصابوں کے پاس جو چوڑا چھرا ہوتا ہے) قوی، شجاع بہادر آدمی ہے، جو آسان اور دشوار امور میں فرق اور خصومتوں کو ختم کرتا ہے۔

## ۱۱۳۱۔ الساعد (بازو):

جو خواب میں دو بازو دیکھے تو وہ دو بازو دو دوست یا دو قرابتدار یا دو بھائی یا دو بالغ لڑکے یا دو شریک جو ایک دوسرے کے لئے نفع کا باعث اور باہم معاون ہیں، کی دلیل ہے، جو کسی شخص کو دیکھے کہ اس کے دونوں بازو چھوٹے ہیں تو یہ شجاعت و بہادری اور خود پسندی کی دلیل ہے۔

## ۱۱۳۲۔ الساعة الرملية (ریت گھڑی):

یہ شیشہ کی گھڑی ہے اس میں ریت ہوتی ہے، اور یہ دونوں الگ الگ ہیں جن کی تعبیر دو لڑکے یا دو بھائی یا دو شریک ہیں، اور ریت گھڑی میں کوئی چیز پیدا ہونا مذکورہ لوگوں میں خیر یا شر کی دلیل ہے، ریت گھڑی کبھی صاحب خواب کی زینت و جمال کی دلیل ہوتی ہے، ایک مرتبہ ایک آدمی نے مجھ سے پوچھا، اس نے کہا کہ میں نے خواب میں ریت گھڑی دیکھی ہے تو میں نے اس سے کہا کہ تو نے کسی عورت کو پیامِ نکاح دیا ہے اور تو اس سے شادی کا ارادہ رکھتا ہے، اس لئے

Marfat.com

کہ ریت گھڑی زوج کی علامت ہے، چنانچہ اوپر والی جانب مرد اور نیچے والی جانب عورت کی دلیل ہے۔

## ۱۱۳۳۔ الساعة الزمانية (زمانی ساعت):

اور شب وروز کی زمانی ساعت دیکھنا اس ساعت کے زمان ووقت کے بقدر حصولِ دراہم یا دنانیر کی دلیل ہے۔ جیسے یوم جمعہ کی ساعت اور دعا وذکر کے اوقات ہیں۔

## ۱۱۳۴۔ الساعور (آگ جلانے والا):

دیکھئے وقّاد النّار (آگ جلانے والا)

## ۱۱۳۵۔ الساعي (سعی وکوشش کرنے والا):

اس کی تعبیر دعوت دینے والا ہے، یا صاحبِ اخبار جیسے ڈاکیا کی دلیل ہے، یا خیر اور نیک کام کی دوڑ دھوپ کرنے والے کی دلیل ہے۔

## ۱۱۳۶۔ الساق (پنڈلی):

خواب میں پنڈلی انسان کی عمر اور اس کی معاشی پوزیشن ہے، اگر دیکھے کہ اس کی پنڈلی لوہے کی ہے تو اس کی عمر طویل ہوگی، اگر اپنی پنڈلیاں شیشہ کی دیکھے تو اس کی اجل قریب ہے، اگر دیکھے کہ اس نے ایک پنڈلی اٹھائی اور ایک پنڈلی لمبی کی ہے پھر دونوں پنڈلیاں ایک دوسرے سے مل گئی ہیں تو اس کی اجل قریب آچکی ہے یا ہولناک اور دشوار گزار حالت اس کے قریب آگئی ہے، اگر کسی عورت کی پنڈلی دیکھی پھر اس عورت کو پہچانا ہے تو اس کی شادی کرے گا، یا کسی اور عورت سے شادی کرے گا، اور اگر عورت خواب میں اپنی پنڈلیاں کھولے تو یہ اس کے حسنِ دین اور پہلے سے جس خیر پر ہے اس کی دلیل ہے، جو اپنی پنڈلیوں پر بہت زیادہ بال دیکھے تو وہ قرضوں کے بوجھ تلے دبے گا اور قید خانہ میں موت آئی گی، جو اپنی پنڈلی کو ٹیڑھی دیکھے تو وہ زانی بنے گا، اور پنڈلی انسان کا مال اور اس کی معیشت ہے، جو دیکھے کہ اس کی پنڈلی لوہے کی ہے تو طولِ عمر کے ساتھ اس کا مال باقی رہے گا، اگر اس کی پنڈلی لکڑی کی ہو تو وہ اپنے رزق اور معاش کی طلب وتلاش میں کمزور پڑے گا، اگر اپنی پنڈلی کو ٹھیکری کی دیکھے تو وہ کچھ عرصہ نہ گزارے گا کہ موت کا شکار ہوگا یا اس کا مال جاتا رہے گا، اگر اس کی اولاد یا جانور چوپائے یا ملک ہو تو ان میں سے کچھ جاتا رہے گا، اگر اپنی پنڈلی کو دیکھے کہ وہ ناقص ہوئی ہے تو یہ اس کے بااعتماد مال میں نقص وعیب کی دلیل ہے، یا پھر یہ اس کی عمر میں نقص کی علامت ہے، خواب میں جو شخص ایک پنڈلی کے بل چلا ہو تو اس کا نصف مال جاتا رہے گا، جو دیکھے کہ اس کی دونوں پنڈلیاں کٹی ہوئی ہیں تو اس کا سارا مال جاتا رہے گا، یا یہ اس کی موت کی دلیل ہے مگر یہ کہ خواب میں کوئی ایسی بات ہو جو خیر کی علامت بنتی ہو تو وہ کسی جانور کی سواری کرنے یا کشتی کی سواری یا کسی خیر اور نیک کام کے اہتمام کرنے یا دوست کے اچھا سلوک کرنے کی دلیل ہے، اور ساق (پنڈلی) ساق یسوق (جانور کو ہانکنا) سے مشتق ہے، جیسے قدم (پاؤں) قدم یقدم (آنا) سے اور کعب (ٹخنہ) کاعب (ابھرا ہوا

Marfat.com

پستان) سے اور عقب (ایڑی) اعقاب (امور کا آخر) سے ماخوذ ہے، اور جو خواب میں موٹی اور خوبصورت پنڈلی دیکھے تو یہ اس چیز کے اچھے ہونے کی دلیل ہے جو وہ خود بیان کرے یا کوئی اس سے بیان کرے، اور عورت کی پنڈلی پر بالوں کا کثیف اور گنجان ہونا ذلت اور حیلہ مکر کی دلیل ہے، یا رازوں کے ظاہر ہونے اور ضلالت کے بعد ہدایت حاصل ہونے کی دلیل ہے، پنڈلی کبھی شدت کی دلیل ہوتی ہے، اگر دونوں پنڈلیاں کسی چیز میں لپٹی ہوئی دیکھے تو یہ خوف اور بلا کی دلیل ہے، اور پنڈلی کا کھلنا ترکِ صلوٰۃ اور عزت کے بعد ذلت کی دلیل ہے۔

## ۱۱۳۷۔ الساقیة (آبپاشی کی نہر):

خواب میں آبپاشی کی نہر رزق کے جاری ہونے کی جگہ اور اس کے سبب کی دلیل ہے جیسے دکان، سفر اور صنعت، اور کبھی آبپاشی کی نہر زخموں کی دلیل ہوتی ہے اس لئے کہ وہ نہر باغات کی سیرابی کے ساتھ ساتھ اپنی جگہ میں پانی کھینچتی ہے، کبھی اس نہر کی تعبیر مشک اور پیالہ ہوتی ہے، اور کبھی سفر کے سیدھے راستہ کی دلیل ہوتی ہے، اور کبھی حلق کی علامت ہوتی ہے اس لئے کہ وہ جسم کا ساقیہ (آبپاشی کی نہر) ہے، اور آبپاشی کی نہر کبھی مخلوق کی حیات وزندگی کی دلیل ہوتی ہے، اگر وہ نہر عام ہو، اگر وہ نہر خاص ہو تو پھر اس کے بانی کی حیات کی دلیل ہے، اور اس نہر کا ملکیت میں آنا حیاتِ طیبہ (پاکیزہ عمدہ زندگی) کی دلیل ہے بایں شرط کہ اس کا پانی اپنی زیر زمین محدود جگہ سے آگے جاری نہ ہوتا ہو اور بہتا نہ ہو، لیکن اگر اس کا پانی دائیں بائیں سمت کو بہتا اور جاری ہوا ہے تو یہ حزن وفکر اور آہ وبکاء کی دلیل ہے، اسی طرح اگر آبپاشی کی نہر مکانات اور گھروں کے وسط سے چلتی ہو تو یہ بھی حیات طیبہ کی نشانی ہے جبکہ اس کا پانی صاف شفاف اور شیریں ہو، اور بعض کا خیال ہے کہ آبِ جاری کا مالک ہونا حصولِ ریاست ومنفعت کی دلیل ہے۔ جو شخص خواب میں کوڑا کرکٹ سے بھری چھوٹی ندی دیکھے اور اس ندی کو دھوئے اور اس کے گند وغیرہ کو نکال دیا ہو تو وہ حقنہ استعمال کرے گا، جو خواب میں دیکھے کہ اس کی ٹانگوں سے پانی چلتا ہے تو وہ مرضِ استسقاء (پیٹ کی ایک بیماری جس میں پیٹ کی تجویف پانی سے بھر جاتی ہے اور پیٹ پھول جاتا ہے) سے دوچار ہوگا، خواب میں جو شخص دیکھے کہ شہر کے خارج سے ندی کا صاف پانی آتا ہے اور کھائی کی شکل میں شہر کے اندر جاتا ہے اور لوگ اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء بیان کررہے ہیں اور پانی پیتے ہیں اور اس سے اپنے برتن بھرتے ہیں تو اگر وہ لوگ کسی بلا ومصیبت میں گرفتار ہیں تو وہ بلا دور ہوگی اور اللہ تعالیٰ ان کی زندگی لمبی کریں گے، اور اگر وہ تنگ حالی میں ہیں تو اللہ تعالیٰ ان کو دائمی نعمت اور آسودہ حالی عطا فرمائیں گے، اگر نہر کا پانی گدلا یا کھارا یا اس سے نکلنے والا پانی لوگوں کے لئے مضر ہے تو یہ برائی ہے جو لوگوں پر آئی گی، اور ان میں عام بیماری پھیلے گی جیسے سردیوں میں نزلہ زکام اور گرمیوں میں بخار یا مسافروں کے متعلق بری خبر آنے کی دلیل ہے، جو آبپاشی کی نہر دیکھے کہ اس کے باغ کی طرف چلتی ہے تو اگر وہ کنوارا ہے تو اس کی شادی ہوگی، یا باندی خرید کر اس سے شادی کرے گا، اگر اس کی زوجہ یا باندی ہو تو وہ اس سے حاملہ ہوگی، جبکہ اس زوجہ یا باندی نے اس کی زمین یا اس کے باغ سے پانی پیا ہو، اور گھر میں خون کی ندی اس گھر کی عورت کے فساد کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ آبپاشی کی نہر اپنی جگہ سے چلی ہے اور لوگوں کو ضرر پہنچایا ہے تو یہ بری خبر کے آنے

Marfat.com

کی دلیل ہے، اس نہر کی تعبیر کبھی عورت کے ساتھ ہوتی ہے، جو دیکھے کہ اس نے آبپاشی کی نہر قطع کی ہے تو یہ اس کے اور ایک عورت کے مابین قطع تعلقی کی دلیل ہے، بعض کہتے ہیں کہ جو دیکھے کہ اس نے آبپاشی کی نہر کو پیچھے چھوڑا ہے تو وہ وفات پائے گا، جو دیکھے کہ وہ اس نہر سے پانی کھینچتا ہے تو اسے خیر حاصل ہوگی اور حیاتِ طیبہ حاصل ہوگی، جو دیکھے کہ وہ آبپاشی کی یا مطلق نہر سے شیریں پانی پیتا ہے تو وہ عیشِ لذیذ اور حیاتِ طویل پائے گا، اگر پانی اس کا گدلا یا کڑوا ہے تو اس کی زندگی خوف وفکر یا شدت سے دوچار ہوگی، اور بعض کہتے ہیں کہ جس قدر پانی پیا ہے اسی قدر مرض میں مبتلا ہوگا، اور آبپاشی کی نہریں (چھوٹی ندیاں) جسم کی رگوں کی بھی دلیل ہیں جس میں گردشِ خون جسم کی نشوونما کا سبب بنتی ہے۔

## ۱۱۳۸۔ سام ابرص (چھپکلی):

خواب میں چھپکلی برے انسان کی دلیل ہے جو چغلخوری اور طعنہ زنی کے ذریعہ لوگوں کے درمیان فساد مچاتا ہے، اور ان میں بغض وعداوت ڈالتا ہے، اور ان کو برائی سکھاتا ہے اور اچھائی سے منع کرتا ہے، اور چھپکلی فقر وافلاس یا حزن وملال یا بے وقعت انسان ہے، جب چھپکلی مریض کے پاس آئے تو وہ وفات پائے گا اس لئے کہ سام ابرص سے سام بمعنی موت ماخوذ ہے۔

## ۱۱۳۹۔ السائح (سیّاح):

خواب میں سیاح علوم اور بادشاہوں کے امور کا طالب ہے۔

## ۱۱۴۰۔ السایس (سائس):

خواب میں سائس کا دیکھنا رئیس آدمی کی دلیل ہے جو مالدار اور مدبّر ہے، اور سائس (نگران مویشی) میں کوئی خیر کی بات نہیں نہ اس کے نام میں، اس لئے کہ وہ نر جانور کو مادہ پر جفتی کے لئے چھوڑتا ہے، سائس (Groom) کبھی صاحبِ غلام یا دیوّث اور بدکاری کا دلال ہے، اور سائس امور ومعاملات کا والی اور منتظم ہے اس لئے کہ سائس سیاست سے مشتق ہے۔

## ۱۱۴۱۔ السائل (سوالی):

خواب میں سوالی (مانگنے والا) طالبِ علم آدمی ہے، اگر خواب میں جو مانگا مل گیا ہے تو وہ علم حاصل ہوگا، اور اس کا جھکنا اور تواضع کرنا (عاجزی سے پیش آنا) ظفر یابی ہے، اور مانگنے والے حزن وغم اور فکر کی دلیل ہے جو نفس کو پیش آئے گی، اگر دیکھے کہ لوگ اس سے کچھ مال لیتے ہیں تو وہ لوگ مضرت اور بہت بڑی شدت ومصیبت سے دوچار ہوں گے، نیز صاحب خواب کی وفات کی دلیل ہے، یا اس سے مقصد رکھنے والے کی موت کی علامت ہے، اگر سائلوں کو اپنے گھر یا اپنی بستی کی طرف آتے دیکھے تو یہ گھر کے بگڑے ہوئے معاملہ کی دلیل ہے، اگر گھر کی کوئی چیز انھوں نے آکر لے لی ہے تو یہ بہت بڑی مضرت کی علامت ہے، اور سائل (مانگنے والا) متعلم اور مسؤل (جس سے مانگا گیا ہو) عالم کی دلیل ہے، جو خواب میں دیکھے کہ وہ مانگتا ہے مگر کوئی کچھ نہیں دیتا ہے تو وہ ذلیل وخوار ہوگا۔

Marfat.com

## ۱۱۴۲۔ السبّ (گالی دینا):

خواب میں گالی دینا قتل کی دلیل ہے، اور ذمیوں اور دیگر کفار کو گالی دینا لوگوں کے درمیان وسیع میدان کی دلیل ہے، خواب میں اگر انسان ایسے شخص کو گالی دے اور برا بھلا کہے جس کی اطاعت وفرمانبرداری واجب اور ضروری ہے تو یہ والدین کی نافرمانی اور اللہ تعالیٰ کی اطاعت سے اعراض کرنے یا خواب میں جس کو برا بھلا کہا اس کی فرمانبرداری سے اعراض کی علامت ہے۔

## ۱۱۴۳۔ السباحة (تیراکی):

جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ سمندر میں تیرتا ہے اور وہ اس سے واقف ہے تو اس واقفیت میں اپنی حاجت کو پہنچے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ تیراکی حبس وگرفتاری ہے، لہٰذا جو دیکھے کہ وہ سمندر میں تیرتا ہے تو محبوس (گرفتار) ہوگا اور اسے اس حبس میں تنگی ودشواری ہوگی، اور اس حبس میں تیراکی کی صعوبت وسہولت اور خشکی کے قریب ہونے کے بقدر گرفتار رہے گا، اگر دیکھے کہ وہ ایک وادی میں سیدھا تیرتا ہے اور مقام مقصود کو پہنچ جاتا ہے تو وہ جابر ظالم بادشاہ کے عمل میں مداخلت کرے گا، اور اس سے اپنی حاجت کا مطالبہ ہوگا جو وہ پورا کرے گا، اور اللہ تعالیٰ اس کو اس وادی میں جاری ہونے کے بقدر امن دیں گے، اگر وہ اس سے خوفزدہ ہوا ہے تو وہ سلطان سے خوف زدہ ہوگا، اگر خواب میں سمندر کی گہرائی میں اترا ہے اور اس میں خوب طریقہ سے تیراکی کی ہے تو وہ ایک بڑے مسئلہ یا میں بڑی ولایت میں داخل ہوگا، اور مملکت پر متمکن ہوگا اور قوت وعزت حاصل ہوگی، اگر سمندر کی ظاہری سطح پر تیرا ہے تو وہ توبہ کرے گا، اور گناہ سے باز آئے گا، اگر سمندر و دریا میں تیراکی کی ہے اور اس کا پانی گدلا تھا تو وہ بادشاہ کے کام میں مداخلت کرے گا، اور وہ کام مضطرب ہوگا اور بادشاہ اس پر غضبناک ہوگا، اگر سمندر عبور کیا ہے تو وہ نجات پائے گا، اگر ڈرتے ہوئے تیراکی کی ہے تو وہ خوف وحبس یا مرض میں مبتلا ہوگا، اور خشکی سے دوری کے بقدر یہ مرض وغیرہ طویل ہوگا، اگر اس نے خیال کیا ہے کہ وہ نجات نہیں پائے گا تو وہ اس غم فکر میں وفات پائے گا، اگر اپنی تیراکی میں جری ہے تو وہ اس عمل سے سالم ومحفوظ رہے گا، اگر خواب میں سلطان کو دیکھے کہ وہ سمندر میں تیرنے کا ارادہ کرتا ہے اور سمندر ٹھاٹھیں مارتا ہے تو وہ کسی بادشاہ سے مقابلہ کرے گا، اگر اس نے تیراکی کے ذریعہ سمندر کو طے کیا ہے تو وہ بادشاہ قتل ہوگا، ہر وہ سمندر دریا جو خشک ہوگیا ہو تو وہ بعض دولت کے خاتمہ کی دلیل ہے، اور اگر دیکھے کہ اس کا پانی لوٹ آیا ہے تو یہ دولت کے لوٹ آنے کی علامت ہے، اگر دیکھے کہ وہ کسی نہر یا بحیرہ میں تیرتا ہے اور اس کا گلہ مچھلی کی مانند گھٹتا جارہا ہے اور اسے زمین پر ڈال دیا گیا ہے تو اسے پانی میں کوئی شدت (پریشانی) پیش آئی گی جیسے مچھلی کو خشکی میں پیش آتی ہے، جو دیکھے کہ وہ تیرتا ہے تو وہ اپنے مدمقابل سے جھگڑے گا اور اس پر غالب ومنصور ہوگا، جو شخص دیکھے کہ وہ تیراکی کے ذریعہ سمندر میں داخل ہوا ہے حتی کہ پھر وہ کچھ نہیں دیکھتا ہے تو یہ اس کی ہلاکت وتباہی کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ پانی نے اس کو ڈبو دیا ہے حتی کہ اس میں مرگیا ہے تو وہ شہادت کی موت مرے گا، اور سمندر یا دریا

Marfat.com

میں پانی کے اوپر چلنا حسنِ دین اور صحتِ یقین کی دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں بلکہ وہ مشکوک امر میں یقین کرتا ہے، یا کرے گا اور بعض کہتے ہیں بلکہ وہ پر خطر سفر کرے گا، اور جو دیکھے کہ پانی اپنی سطح پر چلتا ہے تو اسے سلطان سے کوئی بلا ومصیبت پہنچے گی۔

## ۱۱۴۴۔ السبّاک (سونے چاندی کی ڈھلائی کرنے والا):

خواب میں اس کا دیکھنا عمّال کو پھیلانے والے کی دلیل ہے اور جو راز کی حفاظت اور عہدہ وپیمان پر قائم نہیں رہتا ہے، کبھی اس کا دیکھنا اس نقاد کی دلیل ہوتا ہے جو کھرے کھوٹے میں امتیاز کر لیتا ہے یا اس حاکم کی دلیل ہے جو حق وباطل کے درمیان فرق کرتا ہے، اور ڈھلائی والا اپنی صنعت وپیشہ میں منہمک آدمی کی دلیل ہے، نیز خوابوں کی تفسیر بیان کرنے والے کی دلیل ہے، اس لئے کہ وہ اچھے برے خوابوں میں تمیز کرتا ہے، نیز دھوبی کی دلیل ہے، اور ڈھلائی کرنے والا ایسا آدمی ہے جس کے متعلق بُری بات کہی جاتی ہے، بعض کہتے ہیں کہ ڈھلائی والا ایسا آدمی ہے جو ولایت کا متولی وذمہ دار ہے۔

## ۱۱۴۵۔ السُبحة (تسبیح):

خواب میں دانے والی تسبیح نیک صالح خاتون ہے یا حلال معیشت ہے، اور تسبیح کا مالک ہونا یا تسبیح کے ذریعہ سبحان اللہ وغیرہ پڑھنا نافع عساکر (لشکر) ہیں۔

## ۱۱۴۶۔ السبع (درندہ): دیکھئے الاسد (شیر)

## ۱۱۴۷۔ سبوسج (گلیم):

خواب میں گلیم پہننا عزت، فرحت، مسرت اور رزق کی دلیل ہے، اور غیر شادی شدہ کے لئے شادی ہونے کی دلیل ہے۔

## ۱۱۴۸۔ السبی (گرفتاری):

خواب میں لڑائی کے اندر مشرکین کو گرفتار دیکھنا رازوں کے کھلنے اور خبروں پر مطلع ہونے کی دلیل ہے، اور گرفتاری کبھی بلا ومصیبت، امراض اور ناراضگی کی دلیل ہوتی ہے، اگر مسلمانوں نے کافروں کو گرفتار کیا ہے تو یہ بات ان کے لئے فوائد اور رزق کی دلیل ہے، اور اگر کافروں نے مسلمانوں کو گرفتار کیا ہے تو یہ ان کی کمزوری اور حالات کے بگاڑ کی دلیل ہے۔

## ۱۱۴۹۔ السبیل (راستہ): دیکھئے الدرب (گلی یا راستہ)

Marfat.com

## ۱۱۵۰۔ الستر (پردہ):

خواب میں پردہ امور کی پردہ پوشی کی دلیل ہے، کبھی پردہ راز پوشیدہ رکھنے والے رفیق کی دلیل ہوتا ہے، نیز اس زوجہ کی دلیل ہے جو انسان کے احوال پر پردہ ڈالتی ہے اور اس کو غیر عورت کی طرف نظر بازی سے بچاتی ہے۔ اگر صاحب خواب معلّم ہے تو اس زوجہ یا اولاد یا گھر کی بلند شانی کی دلیل ہے جس پر وہ دلالت کرے، اور نامعلوم پردہ خواب میں دیکھنا غم وفکر کی علامت ہے، اگر دکان کے دروازہ پر پردہ لگا ہو تو یہ معاشی پریشانی کی دلیل ہے، اور اگر گھر کے دروازہ پر لٹکا ہو تو یہ دنیوی فکر وغم کی دلیل ہے، اور پرانا پردہ عارضی غم وفکر کی دلیل ہے، اور پھٹا ہوا پردہ فرحت وخوشی کے حصول کی دلیل ہے، اور سیاہ پردہ مالی فکر وپریشانی کی دلیل ہے، اور مسجد کے دروازہ پر پردہ دیکھنا دینی اعتبار سے پریشانی کی دلیل ہے، اور خواب میں بعینہ معروف ومعلوم پردہ دکھائی دینا نہ مضر ہے اور نہ فائدہ مند، اور بے موقع وبے محل پردے دیکھنا حزن وغم کی دلیل ہے، اور باموقع دیکھنے کی کوئی تاویل وتعبیر نہیں، خواب میں جو شخص دروازہ کے علاوہ یا داخل ہونے یا بری جگہ میں پردہ دیکھے تو یہ شدید فکر وغم اور قوی خوف کی دلیل ہے، مگر انجام کار خیر وعافیت کی طرف لوٹتا ہے، اور جس قدر پردہ بڑا اور کمزور ہو وہ زیادہ قوی اور زیادہ شدید غم ہے، اور جو پتلا ہو وہ زیادہ ہلکا اور کمزور فکر وغم ہے، اگر دیکھے کہ وہ پردہ کاٹا گیا ہے یا گم ہوا ہے تو اس کے ذہن سے غم وحزن دور ہوگا، اور غیر شادی شدہ شخص کا پردہ دیکھنا اس بات کی دلیل ہے کہ وہ ایسی عورت سے شادی کرے گا جو اس کے لئے گناہوں سے پردہ (رکاوٹ) کا باعث بنے گی، نیز فقر وحاجت سے، اور بے خاوند عورت کا مذکورہ خواب دیکھنا یہی حکم رکھتا ہے، اور گھر کے دروازہ پر پردہ لگا ہونا عورتوں کی جانب سے فکر وپریشانی کی دلیل ہے، اور بوسیدہ پردہ جلد زائل ہونے والی پریشانی ہے، اور نیا پردہ طویل غم وفکر ہے، اور لمبائی میں پھٹا ہوا پردہ جلدی کرنے والا شخص ہے، اور چوڑائی میں پھٹا ہوا پردہ آبروریزی کی دلیل ہے، اور سیاہ پردہ بادشاہ کی جانب سے پریشانی کی دلیل ہے، اور سفید پردہ یا سبز پردہ انجام بخیر شخص کی دلیل ہے، اگر کوئی مطلوب شخص یا خوفزدہ یا بھاگنے والا یا روپوش آدمی تخت پر پردہ دیکھے تو یہ اس کے مستور ہونے کی دلیل ہے، اور جب پردہ بڑا ہو تو فکر وغم بھی بڑا، عظیم اور زیادہ سخت ہوگا، اور خواب میں پردوں کی کثرت حالات کی دشواری کی دلیل ہے، کبھی پردے مختلف امور میں پردہ پوشی کی دلیل ہوتے ہیں، اور خواب میں پردہ کا کھلنا یا ہٹنا رسوائی اور شرمندگی کی دلیل ہوتا ہے۔

## ۱۱۵۱۔ السجادۃ (جائے نماز):

خواب میں جائے نماز پاکدامن عورت یا کوئی دینی منصب ہے۔

## ۱۱۵۲۔ السجن (جیل):

خواب میں جیل دیکھنا قرض کے لازم ہونے کی دلیل ہے جبکہ وہ شرع (قانون) کی جیل ہو، اگر وہ سلطان کی جیل ہو تو وہ نفاق یا برائی کے سبب تکلیف اور پریشانی کی دلیل ہے، اور مجہول ونامعلوم جیل دنیا کی دلیل ہے، اور جیل

Marfat.com

تکلیف دہ زوجہ یا خاموشی کی دلیل ہے، نیز بیہودگی سے زبان کو روکنے کی دلیل ہے، کبھی جیل دشمنوں کی طرف سے دھوکہ فریب، تہمتوں، قبر وقرض اور امراض کے سبب ترکِ سفر یا کم ہمتی کی دلیل ہوتی ہے، اور جیل فقر وحاجت اور عدمِ راحت وسکون کی دلیل ہے، اور خواب میں جیل میں داخل ہونا عمرِ طویل اور دوستوں کے ساتھ جمع ہونے کی دلیل ہے، اور جیل غم وحزن کی دلیل ہے، خواب میں جو اپنے لئے جیل اختیار کرے وہ گناہ سے محفوظ ہوگا، اور جو شخص دیکھے کہ وہ جیل سے باہر نکلا ہے تو وہ مرض سے نجات پائے گا، اگر قیدی خواب میں دیکھے کہ جیل کے دروازے کھلے ہیں تو وہ قید خانہ سے نجات پائے گا، یہی تاویل ہے اگر قیدی جیل میں کسی روشندان سے روشنی اندر آتے دیکھے یا دیکھے کہ جیل کی چھت گر چکی ہے، اور جیل (قید خانہ) مسافر کی عافیت اور مریض کی موت کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ وہ سلطان کی جیل میں بندھا ہوا ہے تو وہ مکروہ صورت حال سے دو چار ہوگا، یا وہ کسی غم میں مبتلا ہے جس کے دور ہونے کی امید ہے، اگر قیدی دیکھے کہ وہ جیل سے باہر نکلا ہے تو وہ اس سے نکلے گا، اگر وہ مسافر ہے تو اس کے لئے جیل اس کی غفلت ولا پرواہی کی دلیل ہے، اگر وہ مریض ہے تو یہ جیل اس کے مرض کے طویل ہونے کی دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ جو شخص دیکھے کہ وہ جیل میں ہے تو یہ مقبول دُعا کی دلیل ہے، نیز غم وفکر سے نکلنے کی دلیل ہے، قصہ یوسف علیہ السلام اس پر شاہد ہے، جو دیکھے کہ وہ نامعلوم جیل میں ہے اور اس سے نہیں نکلا ہے تو یہ اس کی قبر ہے، جو دیکھے کہ وہ نامعلوم جیل سے نکلا ہے یا تنگ گھر سے نکل کر وسیع کشادہ میدان میں پہنچا ہے اور وہ مریض یا غمزدہ ہے تو یہ خواب راحت وکشادگی کی دلیل ہے، جو شخص دیکھے کہ وہ اپنے گھر میں جکڑا اور بندھا ہوا ہے تو اس کو خیر حاصل ہوگی یا اپنے اہل میں خیر دیکھے گا، جو دیکھے کہ وہ کسی نامعلوم گھر کے اندر قید کیا گیا ہے تو وہ ایسی عورت سے شادی کرے گا جس سے مال واولاد کا استفادہ ہوگا، جو دیکھے کہ وہ جکڑا ہوا ہے اور وہ کسی سختی میں مبتلا ہے تو وہ خوفزدہ امر سے نجات حاصل کرے گا، جو دیکھے کہ وہ جیل تعمیر کرتا ہے تو وہ بھاگنے والے امام سے ملاقات کرے گا، اہل علاقہ اس کو پسندیدہ راستہ کی طرف لوٹائیں گے، اور جیل موت کی بھی دلیل ہے، کبھی جیل تصرف اور نہوض (اٹھنے) سے مانع مرض کی دلیل ہوتی ہے، اور کبھی غرور وتکبر کی علامت، یا جہنم کی دلیل ہوتی ہے اس لئے کہ جہنم بھی نافرمانوں اور کافروں کی جیل ہے، اگر کسی میت کو خواب میں جیل کے اندر دیکھے اور وہ میت کافر ہو تو یہ خواب جہنم کی دلیل ہے، اور اگر وہ میت مسلمان ہو تو وہ باقی ماندہ گناہوں کے سبب جہنم میں قیدی ہے، اگر کوئی شخص خود کو جیل کے اندر دیکھے اور وہ کشتی یا خشکی میں مسافر ہو تو یہ ایسا امر ہے جو اس کو بارش یا آندھی یا دشمن یا بادشاہ کے کسی امر سے باز رکھتا ہے، اور اگر وہ مسافر نہیں ہے تو وہ ایسی جگہ پر داخل ہوگا جس میں وہ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرے گا جیسے کفر وبدعات کا گھر یا زنا کا اڈہ یا شراب خانہ، اور جیلر (جیل کا داروغہ) خواب میں دیکھنا اصل میں گورکن شخص کی دلیل ہے۔

**۱۱۵۳۔ السَجَنجَل (شیشہ)**: دیکھئے المرآۃ (شیشہ)

Marfat.com

## ۱۱۵۴۔ السجود (سجدہ کرنا):

جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ رکوع، سجدہ اور اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے نماز پڑھتا ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کے لئے خضوع (عاجزی) اختیار کرتا ہے، اور تکبر سے بری ہے، اور اللہ تعالیٰ کے فرائض وحدود قائم کرتا ہے، اور دین ودنیا کی تمنا وآرزو سرعت وجلدی سے حاصل ہوگی، اور دشمنوں پر فتحیابی حاصل ہوگی، بعض کا قول ہے کہ جو خواب میں دیکھے کہ اس نے اللہ تعالیٰ کے لئے سجدہ کیا ہے تو وہ دشمن پر غالب ہوگا، اور اس کی مغفرت ہوگی، اور سجدہ کرنے والا گنہگار ہے، اگر وہ سجدہ کرے تو اپنے گناہ سے توبہ کرے گا، اور نادم ہوگا اور ڈر وخوف سے خلاصی ہوگی، اور حاجت پوری ہوگی، اور اس کے گناہوں سے درگزری ہوگی، اور وہ شخص جس کے گناہ سے درگزر کیا گیا ہو اس کی زندگی طویل ہوگی، اگر وہ دیکھے کہ اس نے غیر اللہ کو سجدہ کیا ہے یا اس نے سجدہ کے ارادہ کے بغیر اپنا چہرہ گرایا ہے تو وہ ذلیل وخوار ہوگا، جبکہ وہ کسی نزاع یا خصومت ولڑائی میں ہو، اگر وہ تجارت میں مشغول ہے تو خسارہ ہوگا، اگر اس کی کوئی حاجت ہے تو وہ پوری نہیں ہوگی، اگر خواب میں کسی پہاڑ پر اللہ تعالیٰ کے سامنے سجدہ ریز ہوا ہے تو وہ طاقتور آدمی پر ظفریاب ہوگا، اگر وہ کسی ٹیلہ یا باغ میں ہو تو وہ بلند شان آدمی کے سامنے جھکے گا جو اس کو رسوا کرے گا، اور خواب میں سجدہ کرنا اللہ تعالیٰ پر ایمان اور گنہگار کے لئے توبہ کی دلیل ہے، اور خواب میں رکوع وسجدہ کرنا حج بیت اللہ کی بھی دلیل ہوسکتی ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے'' وطھر بیتی للطائفین، والقائمین، والرکع السجود'' (الحج:۲۶) یعنی میرے گھر کو طواف کرنے والوں، قیام کرنے والوں اور رکوع سجدہ کرنے والوں کے لئے پاک کرو۔ اور کبھی سجدہ کرنا اتباع سنّت اور جنت میں نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رفاقت کی دلیل ہوتی ہے، اور خواب میں سجدہ کرنا کامیابی وغلبہ کی دلیل ہے، نیز گناہ سے توبہ کی مالی کامیابی اور طول حیات اور خطرات سے نجات کی دلیل ہے، اور سجدہ کرنا نصرت ومدد اور امور میں صلاح ودرستگی کی دلیل ہے، اور سجدہ کرنا کبھی اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ نعمت کی دلیل ہے جو یہ خواب دیکھنے والے کو حاصل ہوگی، جو دیکھے کہ سونے کی اینٹ نے چاندی کی اینٹ کو سجدہ کیا ہے تو بلند درجہ آدمی کم درجہ آدمی کے سامنے جھکے گا اور اس کا تابع ہوگا، اور اگر خواب میں صلیب کو سجدہ کیا ہے تو وہ آلاتِ لہو ولعب باجا، سارنگی وغیرہ کے بجانے کے بارے میں منافقوں کا تابع ہوگا۔

## ۱۱۵۵۔ سجودُ التلاوۃ (سجدۂ تلاوت):

خواب میں اگر کوئی شخص سورۂ اعراف کا سجدہ تلاوت کرے تو وہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی پابندی کرتا ہے، اور اس کا مقام بلند ہوگا، اور اگر سورۂ رعد کا سجدہ کیا ہے تو یہ طاعت وفرمانبرداری کی پابندی سے نوازنے کی دلیل ہے، اور اگر سورۂ مریم کا سجدہ کیا ہے تو یہ نعمت وفراخی اور دنیا وآخرت میں بلند رتبی کی دلیل ہے، اور اگر خواب میں سورۂ حج کا پہلا سجدہ تلاوت ادا کیا ہے تو یہ وعظ ونصیحت اور غفلت کے سبب خوف ودہشت کی دلیل ہے، اور اگر سورۂ حج کا دوسرا سجدہ کیا ہے تو یہ طاعت وفرمانبرداری کی ترغیب اور امر بالمعروف ونہی عن المنکر کی دلیل ہے، اور اگر سورۂ فرقان کا سجدہ کیا ہے

Marfat.com

تو یہ سرکشی اور گناہ کی طرف متوجہ ہونے کی دلیل ہے، اور اگر وہ کسی لغزش پر ہو تو یہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ حسنِ ظن اور حسنِ اعتقاد کی دلیل ہے، اور اگر سورۂ نمل کا سجدہ کیا ہے تو یہ بلندیٔ ذکر، اور اہل بدعت کے سامنے اچھی شہرت کی دلیل ہے، نیز بادشاہوں کے پاس بات کے جاری ہونے اور ان کے سامنے سچے ہونے کی دلیل ہے، اور اگر سورہ الم تنزیل کا سجدہ کیا ہے تو یہ اللہ تعالیٰ پر ایمان اور خوفِ خداوندی اور اس کے فضل کی رغبت وشوق، توبہ اور نماز کی پابندی کی دلیل ہے، اور اگر اس نے سورۂ ص کا سجدۂ تلاوت ادا کیا ہے تو یہ رجوع الی اللہ، اچھی سنت وعادت کے اپنانے اور تجدیدِ نعمت کی دلیل ہے جس کا شکر وہ نہیں کرسکتا، اور اگر سورۂ فصلت کا سجدہ کیا ہے تو یہ اللہ تعالیٰ کے احکامات اور ولی الامر (سربراہ) کے اوامر کے بجالانے کی دلیل ہے، اور اگر خواب میں سورۂ نجم کا سجدہ کیا ہے تو یہ گنہگار کے لئے توبہ تائب ہونے، گناہوں کا قلع قمع کرنے اور ممنوعات سے اجتناب کی دلیل ہے، نیز عبادتِ الٰہی کی علامت ہے، اور اگر سورۂ انشقاق کا سجدہ کیا ہے تو یہ معاصی اور گناہوں سے زجر وتنبیہ کی دلیل ہے، اور اگر سورۂ اقراء کا سجدہ کیا ہے تو یہ توبہ کرنے، گناہ اور افعالِ لہو چھوڑنے کی دلیل ہے جو افعال دوزخ کا سبب ہیں۔

## ۱۱۵۶۔ سجود الشکر (سجدۂ شکر):

خواب میں سجدۂ شکر بجالانا بلاومصیبت دور ہونے، رزق کی تجدید اور سجدۂ شکر بجالانے والے صاحب خواب کو جزا وبدلہ دینے کی دلیل ہے، اگر اس نے اللہ تعالیٰ کے لئے سجدۂ شکر کیا ہے اور وہ ادھیڑ عمر اور تکلیف میں ہے اور اس کی کمر مڑی ہوئی نہیں ہے تو وہ مال ونعمت سے قوی ومضبوط ہوگا اور مستغنی وبے نیاز ہوگا اور بہت بوڑھا نہیں ہوگا۔

## ۱۱۵۷۔ السحاب (بادل):

خواب میں بادل اسلام کی دلیل ہے جس سے لوگوں کی حیات اور نجات وابستہ ہے، اور بادل رحمتِ خداوندی کا سبب ہے، کیونکہ بادل پانی کو اٹھاتا ہے جس کے ساتھ مخلوق کی حیات وابستہ ہے، اور بادل کبھی علم وفقہ اور حکمت وبیان کی دلیل ہوتا ہے، کیونکہ بادل میں باریک حکمت ہے، بادل کبھی عساکر (لشکروں) کی دلیل ہوتا ہے، کیوں کہ وہ پانی کو اٹھاتے ہیں جو پانی اس مخلوق کی دلیل ہے جن کی تخلیق پانی سے ہوئی ہے، اور بادل زمین کے علاوہ پانی میں چلنے والی کشتیوں کی بھی دلیل ہے، اور کبھی بادل حاملہ عورت کی دلیل ہوتا ہے، اور کبھی بارش کی علامت ہوتا ہے، اس لئے کہ یہ اس کا سبب ہے، اگر بادل سیاہ ہو یا اس کے ساتھ بجلی ہو تو یہ بادشاہ کے عوارض، اس کے عذاب اور احکام کی دلیل ہے، جو شخص اپنے گھر میں بادل دیکھے تو وہ اگر کافر ہے تو مسلمان ہوگا، اگر مومن ہے تو نعمت حاصل ہوگی، یا اس کی زوجہ حاملہ ہوگی اگر اس کی رغبت رکھتا ہے، اگر خواب میں خود کو بادل کے اوپر سوار دیکھے تو اگر وہ کنوارا ہے تو نیک عورت سے شادی ہوگی، یا حج نصیب ہوگا اگر اس کا امیدوار ہے، بصورت دیگر علم وحکمت میں شہرت پائے گا اگر اس کا طالب ہے، اگر خواب میں بادل کو پے درپے واضح صورت میں آتے دیکھے اور لوگ

Marfat.com

بارش کے منتظر ہیں تو لوگ جس چیز کی توقع وامید رکھتے ہیں وہ چیز اس علاقہ میں آئی گی، اگر کوئی انسان دیکھے کہ بادل کسی زمین پر گرا ہے تو یہ سیلاب وبارش یا ٹڈی یا قطا پرندہ یا چڑیا ہے، اگر بادل میں کوئی ایسی چیز ہو جو مکروہ وپریشانی کا سبب ہو جیسے گرم ہوا، سخت آندھی، آگ، پتھر سانپ بچھو وغیرہ تو یہ غارت وتباہی کی نشانی ہے جو لوگوں پر آئی گی، یا ٹڈیوں اور آفات کی دلیل ہے جو نباتات کے لئے نقصان دہ ہوگی، یا مذاہب وبدعات کی علامت ہے جو لوگوں کے اندر پھیلیں گی، بعض کہتے ہیں کہ بادل عظیم بادشاہ یا رحیم شفیق سلطان یا عالم یا حکیم کی دلیل ہے، اگر خواب میں کسی نے بادل کھایا ہے تو وہ کسی آدمی کے حلال مال یا اس کی حکمت ودانائی سے نفع اٹھائے گا، اگر بادل پر سوار ہوا ہے تو اس کی محنت وکاوش حکمت سے ہوگی، اگر بادل سیاہ ہے تو یہ سیادت، مروّت اور سرور کے ساتھ حکمت ودانائی کی دلیل ہے، اگر بادل کے ساتھ کوئی ہولنا کی ہو تو اسے حکیم قوی آدمی بے خوف پہنچے گا، اگر دیکھے کہ اس نے بادل پر گھر بنایا ہے تو اسے حکمت ورفعت کے ساتھ ساتھ اچھی دنیا حاصل ہوگی، اگر دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں بادل ہے اور اس سے بارش کا پانی ٹپکتا ہے تو اسے حکمت حاصل ہوگی، اور اس کی زبان سے حکمت کے کلمے جاری ہوں گے، اگر خواب میں بادل کا ٹکڑا دیکھا کہ وہ بلند ہوا اور اس پر سونے کی بارش کی ہے تو وہ کسی حکیم ودانا آدمی سے امور دنیا کے آداب سیکھے گا، اگر بادل میں بارش نہ ہو اور وہ شخص ولایت وحکومت کی طرف منسوب ہو تو وہ ایسے والی ہے جو عدل وانصاف نہیں کرتا ہے، اور اگر وہ تجارت سے تعلق رکھتا ہے تو وہ جو بیچتا ہے پورا نہیں کرتا ہے، اگر وہ عالم ہے تو اس کی یہ خواب اس بات کی علامت ہے کہ وہ اپنے علم میں بخل سے کام لیتا ہے، اگر اس خواب کا دیکھنے والا کاریگر ہے تو وہ اپنی صنعت (پیشہ) کا ذخیرہ کرتا ہے جبکہ لوگ اس کے محتاج ہیں، اور بادل ایسے سلاطین ہیں جو لوگوں پر مہربان ہیں، جو شخص دیکھے کہ آسمان سے بادل اترا ہے اور اس نے عام بارش برسائی ہے تو امامِ وقت اس جگہ عادل امیر بھیجے گا، اگر وہ بادل سیاہ تھا اور اس نے بارش برسائی ہے تو والی عادل ہوگا، اگر وہ بادل سفید ہے اور وہ برسا ہے تو وہ عادل اور مبارک والی ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ بادل اپنے وقت میں دیکھا جائے تو یہ خیر وبرکت اور مال ونعمت کے حصول کی دلیل ہے، اگر بادل دیکھے کہ وہ اپنے وقت پر برستا ہے تو اللہ تعالیٰ اس شہر میں رزق کی وسعت پیدا کریں گے، اگر وہاں کے لوگ زیرِ قحط ہوں تو اللہ تعالیٰ ان کو اس قحط سے نکال دیں گے اور ان پر فراخی کریں گے، اگر سیاہ بادل بغیر بارش کے دیکھے تو یہ حصول منفعت کی دلیل ہے، کبھی یہ خواب سخت ٹھنڈا اور حزن وغم کی دلیل ہوتا ہے، اگر بے وقت سرخ بادل دیکھے تو اس شہر کے اھلیان کرب وبلا یا فتنہ یا مرض میں مبتلا ہوں گے، اگر خواب میں دیکھے کہ بادل زمین سے آسمان کی طرف بلند ہوا اور اٹھا ہے تو یہ خیر وبرکت کی دلیل ہے، اگر صاحب خواب سفر کا ارادہ رکھتا ہے تو وہ تمام ہوگا، اگر اندھیرا کرنے والا بادل دیکھے تو اسے غم وفکر لاحق ہوگا، اور اس کے تمام معاملات ٹھپ ہوکر رہ جائیں گے، اور خواب میں سفید بادل عمل کی دلیل ہے، اور وہ بادل جسے کوئی شخص خواب میں یوں دیکھے جیسے وہ زمین سے آسمان کی جانب اٹھ رہا ہے تو یہ سفر کی دلیل ہے اور مسافر کے بارے میں یہ خواب سفر سے واپسی کی دلیل ہے، نیز پوشیدہ اشیاء کے ظہور کی دلیل ہے، اور سرخ بادل بے کاری کی دلیل ہے، اور تاریک بادل غم کی دلیل ہے، اور سیاہ بادل سخت ٹھنڈا یا حزن وملال کی دلیل ہے، سرخ

Marfat.com

بادل کبھی لشکر کی دلیل ہوتا ہے، جو اس شہر میں فروش ہوگا اور وہاں دھوکہ فریب کی صورت پیدا ہوگی، اور جو شخص دیکھے اس نے بادل سے کوئی چیز لی ہے تو اسے حکمت کے بارے میں شے عظیم حاصل ہوگی، یا وہ زراعت وحراثت کثرت سے کرے گا، اور جو دیکھے کہ وہ بادل پر سوار ہوا ہے یا اس پر چلا ہے تو وہ ساری حکمت حاصل کرے گا، جو خواب مین بادل کو دیکھے کہ اس نے سورج کو ڈھانپ دیا ہے اور چھپادیا ہے تو بادشاہ بیمار ہوگا یا مقہور ومغلوب ہوگا یا اپنی سلطنت سے معزول ہوگا، حضرت جعفر صادق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جو اپنی قمیص بادل کی دیکھے تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کو نعمت شامل ہوئی ہے اور بادل خوف وغم وتکلیف کے زوال اور کرامات کے ظہور کی دلیل ہے، اس لئے کہ یہ چیزیں وہ ہیں جو استسقاء (طلب باراں) کے وقت اولیاء کرام کے لئے ظاہر ہوتی ہیں، اور بادل کبھی الفت ومحبت کی دلیل ہوتا ہے، دلیل اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے "ألم تر أن اللّٰه يزجي سحاباثم يؤلف بينه "(النور:۴۳) یعنی کیا تجھے معلوم نہیں کہ اللہ تعالیٰ ایک بادل کو دوسرے کی طرف چلتا کرتا ہے پھر ان کو باہم ملادیتا ہے۔

## ۱۱۵۸۔ السحّار (جادوگر): دیکھئے الساحر (جادوگر)

## ۱۱۵۹۔ السحب (بادل): دیکھئے الغیوم (بادل)

## ۱۱۶۰۔ السِحر (سحر وجادو):

خواب میں سحر وجادو فتنہ وغرور ہے، لہٰذا جو دیکھے کہ وہ جادو کرتا ہے یا اس پر جادو کیا گیا ہے تو وہ آدمی اس کی بیوی کے درمیان باطل طریقہ سے تفریق (جدائی) ڈالتا ہے، اور خواب مین سحر وجادو کفر کی بھی دلیل ہے، اور سحر وجادو زوجہ کے فراق (علیحدگی) کی دلیل ہے، اگر سحر جنات کی طرف سے ہوتو وہ مکر وحیلہ مین شدید اور قوی ہے۔

## ۱۱۶۱۔ السَحَر (سحری کا وقت):

خواب میں جو شخص سحری کا وقت دیکھے تو وہ موجبِ استغفار گناہ میں مبتلا ہوگا، کیوں کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے "وبالا سحار هم يستغفرون "(الذاریات:۱۸) یعنی وہ وقتِ سحر استغفار کرتے ہیں۔

## ۱۱۶۲۔ السحور (سحری کا کھانا):

خواب میں روزہ دار کا سحری رکھنا دشمنوں کے فریب دھوکے اور گنہگار کے لئے توبہ اور کافر کے لئے ہدایت اور رزقِ یسیر کی دلیل ہے۔

## ۱۱۶۳۔ السخرية (مذاق کرنا):

خواب میں استہزاء اور مذاق اڑانا غبن اور خسارہ کی دلیل ہے، لہٰذا جو دیکھے کہ اس سے مذاق کیا گیا ہے تو وہ

Marfat.com

معاملہ میں خسارہ پائے گا اور اس کے ساتھ غبن ہوگا۔

## ۱۱۶۴۔ السخلة (بکری کا بچہ):

خواب میں بھیڑ بکری کا بچہ انسان کا بچہ ہے، لہٰذا اگر دیکھے کہ اس نے بکری کا بچہ ذبح کیا ہے اور اس کا گوشت کھایا ہے تو اس کا بچہ موت کا شکار ہوگا، یا اس کے عزیز واقرباء میں سے کوئی بچہ موت کے حوالہ ہوگا، اور جو شخص دیکھے کہ وہ بکری کے بچہ کا گوشت کھاتا ہے تو اسے قلیل مال حاصل ہوگا، اور جو دیکھے کہ وہ بکری کے بچوں کا ایک گلہ چراتا ہے تو ایسی پریشانی سے دوچار ہوگا جس میں اس کے لئے مقام ومرتبہ ہوگا۔

## ۱۱۶۵۔ اَلسخونة (گرمی): دیکھئے الحرّ (گرمی)

## ۱۱۶۶۔ السدّار (بیری کے پتے بیچنے والا):

خواب میں اس کا دیکھنا امراض سے شفاء اور گناہوں سے طہارت وپاکی حاصل ہونے کی دلیل ہے، اگر وہ مریض کے پاس آیا ہو تو وہ وفات پائے گا۔

## ۱۱۶۷۔ السدر (بیری کا درخت):

خواب میں بیری کا درخت کریم النفس اور باپردہ عورت ہے، اور بیری کا درخت کریم النفس، خاندانی اور فاضل شخص ہے، جو یہ درخت دیکھے تو وہ بلند شان ہوگا اور اسے ورع وتقوی اور علم حاصل ہوگا، اور جو بیری کھائے تو وہ سخت بیمار ہوگا، اور جو دیکھے کہ وہ بیری کے درخت پر چڑھا ہے تو اسے غم وشدت سے دوچار ہونا پڑے گا۔

## ۱۱۶۸۔ سدرة المنتہیٰ:(۱)

خواب میں اس کا دیکھنا تمام وعدہ شدہ مقاصد کے حصول کی دلیل ہے۔

## ۱۱۶۹۔ سدة البیت أو المسجد (گھر یا مسجد کی چارپائی):

خواب میں اس کا دیکھنا ان چیزوں کی دلیل ہے جسے انسان پہنتا ہے اور اس سے زینت اختیار کرتا ہے یا اس مال کی دلیل ہے جو اس کی حالت پر پردہ ڈالتا ہے، اور یہ تخت اور چارپائی کبھی پیٹ میں ہوا کی رکاوٹ کی دلیل ہوتا ہے، اور کبھی بات کو آگے پھیلانے اور چھپانے کی دلیل ہوتا ہے، اور کبھی یہ چارپائی خوبصورت، کامل الصفات، کامل قد وقامت، کبیر الشان اور کثیر النسل عورت کی دلیل ہوتی ہے، اگر مریض دیکھے کہ اسے چارپائی پر اٹھایا جارہا ہے تو یہ اس کی جنازہ کی چارپائی ہے۔

(۱) سدرۃ المنتہیٰ: عرش کے دائیں جانب ساتویں آسمان پر ایک مقام ہے، ملائکہ کی آگے رسائی نہیں۔

Marfat.com

## ۱۱۷۰۔ سذاب (بدبودار پودا):(۱)

خواب میں اس کا ہر میٹھا اور کچھا سو دینار یا سو درہم کے برابر ہے یہ صاحب خواب کے قدر کے مطابق ہے۔

## ۱۱۷۱۔ السر (راز):

خواب میں راز شادی کی علامت ہے، اور جو شخص خواب میں دیکھے کہ اس نے کسی عورت کے پاس راز امانت رکھا ہے تو وہ اس سے شادی کا ارادہ رکھتا ہے، اس لئے کہ اہل عرب نکاح کو سر (راز) کہتے ہیں۔

## ۱۱۷۲۔ سراب القفر (سراب):(۲)

خواب میں سراب ناتمام امرِ باطل ہے، جو خواب میں سراب دیکھے اور وہ کسی چیز کی طمع وامید رکھتا ہے تو وہ اس سے محروم ہوگا یعنی وہ چیز اس کو حاصل نہیں ہوگی، اور خواب میں سراب نفاق اور دین میں کفر کی دلیل ہے، یا دنیا اور دنیا کی رونق کی طرف میلان کی علامت ہے، اور کبھی سراب انسان کو حاصل نہ ہونے والی تمنا و آرزو کی دلیل ہوتا ہے، اگر صاحب خواب گواہ ہو تو وہ جھوٹا گواہ ہے، یا عالمِ بدعت ہے، اور سراب بسا اوقات بے حقیقت خبر کی دلیل ہوتا ہے، اور کبھی سراب جھنڈے کے اس جگہ پر ظاہر ہونے کی دلیل ہوتا ہے جہاں سراب دیکھا گیا۔

## ۱۱۷۳۔ السرّاج (زین ساز):

خواب میں زین ساز کو دیکھنا غیر شادی شدہ کے لئے شادی کی اور منصب کے حصول کی دلیل ہے، جیسے یہ خواب سفر اور ایک گھر سے دوسرے گھر منتقل ہونے کی دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ زین ساز لڑکیوں کا دلال ہے، اس لئے کہ زین مرد کے بیٹھنے کی جگہ ہے عورت یا باندی کے مانند۔

## ۱۱۷۴۔ السِراج (چراغ):

خواب میں حاملہ عورت کا چراغ دیکھنا عالم لڑکے کی پیدائش کی دلیل ہے، اور چراغ مریض کے لئے زوجہ کی نشانی ہے، اگر مریض دیکھے کہ چراغ بجھ گیا ہے تو وہ وفات پائے گا، اور جو خواب میں چراغ درست کرے اور وہ پھر روشنی دینے لگے اور اس کا کوئی مریض ہو تو وہ روبصحت ہوگا، اور کمزور ہلکی روشنی والا چراغ حاملہ کے حق میں لڑکی کی دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ چراغ پوشیدہ اشیاء کے ظہور کی دلیل ہے، اور جو اپنے گھر کے چراغ کو روشنی دینے والا مضبوط اور درست دیکھے تو یہ گھر کے سربراہ کے درست ہونے کی دلیل ہے، اور اگر گھر کے چراغ کو کمزور دیکھے تو یہ سربراہ کی کمزور حالت ہے، اور

(۱) سذاب: ایک بدبودار پودا ہے جس کے پتے پودینہ کی طرح ہوتے ہیں۔

(۲) سراب: وہ ریت جو دوپہر کو جنگل میں دھوپ کی شدت سے پانی جیسی معلوم ہو۔

Marfat.com

جو دیکھے کہ اس کا چراغ بجھ گیا ہے تو یہ گھر کے سربراہ کی بُری حالت اور مشتبہ امر کی دلیل ہے، یا اس کی موت یا اس کے لڑکے کی موت یا اس کے والدین یا اس کی بیوی کی موت کی دلیل ہے، اگر خواب میں مریض دیکھے کہ وہ چراغ لے کر آسمان کی طرف چڑھتا ہے اور پھر واپس زمین کی طرف لوٹتا ہے تو یہ اس کی روح ہے جو اوپر کو چڑھتی ہے، جو شخص دیکھے کہ اس نے چراغ سے آگ لی ہے تو اسے علم و رفعت حاصل ہوگی، اگر دیکھے کہ وہ اپنے منہ سے چراغ بجھاتا ہے تو وہ حق بجانب آدمی کے معاملہ کو رد کرے گا، اور جو دیکھے کہ وہ چراغ لیکر دن میں چلتا ہے تو وہ بہت زیادہ دیندار اور راہِ استقامت پر قائم ہے، اگر دیکھے کہ وہ چراغ لے کر رات کے وقت چلتا ہے تو وہ شب بیدار ہے، جس کے ہاتھ میں بجھا ہوا چراغ یا شمع یا آگ ہو اور وہ شخص سلطان ہے تو وہ معزول ہوگا، اگر وہ تاجر ہے تو خسارہ ہوگا، اگر نیک صالح ہے تو اس کا مال جاتا رہے گا، اور چراغ کی بتی اگر روشن نہ ہو تو وہ غم کی دلیل ہے۔

## ۱۱۷۵۔ السُرادق (پنڈال):

خواب میں پنڈال سلطان ہے، اگر کوئی انسان پنڈال دیکھے تو وہ اپنے سلطان کے مقابلہ پر غالب آئے گا، پنڈال بادشاہ کی اور خیمے بھی اسی کی دلیل ہے مگر یہ کہ وہ اس سے کم ہے، اور گنبد خیمہ سے کم ہے، اور خیمہ گنبد سے کم ہے، اور نامعلوم خیمے، شامیانے اور گنبد کا رنگ اگر سبز یا سفید ہو تو یہ تندرستی، مرتبہ شہادت کے حصول یا شہداء وصالحین کے مزارت کی زیارت یا بیت المقدس کی زیارت کی دلیل ہے۔

## ۱۱۷۶۔ السِرار (سرگوشی کرنا):

جو خواب میں کسی آدمی کو دیکھے کہ اس نے امیر و حاکم کے ساتھ اس کے راستہ میں سرگوشی کی ہے تو وہ امیر وفات پائے گا، اور اس کا اس سے سرگوشی کرنا اس کی جان کے ضیاع کی دلیل ہے، اس لئے کہ ارم ذات العماد والے عاد کے ساتھ یہی کچھ ہوا تھا جب ان کے پاس موت کا فرشتہ انسانی صورت میں آیا تھا اور اس سے سرگوشی کی اور اس کی روح کو قبض کرلیا۔

## ۱۱۷۷۔ السرّاق (چور): دیکھئے السارق (چور)

## ۱۱۷۸۔ السرامیذی:

کرایہ پر دینے والے، ملاح اور عقدِ نکاح کرنے والے کی دلیل ہے۔

## ۱۱۷۹۔ سَرَب الارض (تہہ خانہ):

خواب میں تہہ خانہ مکر و فریب ہے، لہٰذا جو کسی شخص کے لئے تہہ خانہ کھودے تو وہ اس کے ساتھ دھوکہ کرے گا، اگر

Marfat.com

تہہ خانہ کھودنے والا خود اس میں داخل ہوا ہے تو مکروفریب اس پر لوٹ آئے گا، جو شخص دیکھے کہ وہ تہہ خانہ میں داخل ہوا ہے اور اسے آسمان دکھائی نہیں دیا ہے تو چور اس کے پاس آئیں گے اور اس کا سامان لوٹ کر لے جائیں گے، اگر وہ مسافر ہے تو اس کے ساتھ رہزنی ہوگی، اگر خواب میں تہہ خانہ کے اندر نماز کے لئے وضو کیا ہے تو سامان چرانے والوں پر غالب آئے گا، اگر اس کے ذمہ قرض ہے تو اللہ تعالیٰ ادائیگی کی صورت پیدا فرمادیں گے، اگر وہ گنہگار ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول فرمائیں گے، اگر قیدی ہے تو اللہ تعالیٰ قید سے اس کو رہائی دلائیں گے۔

## ۱۱۸۰۔ السَرْج (زین):

خواب میں گھوڑے کی زین کا مالک ہونا اس بات کی دلیل ہے کہ وہ تین عورتوں سے شادی کرے گا، اور زین عورت یا جانور یا سلطان یا مال ہے، جو دیکھے کہ وہ زین پر سوار ہوا ہے تو وہ تمام امور میں منصور ہوگا اور تمام حالات میں ظفر یاب ہوگا، اور جو دیکھے کہ اس کی زین ٹکڑے ٹکڑے ہوئی ہے تو یہ اس کی ہلاکت یا اس کی اہلیہ کی ہلاکت کی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ وہ زین اتارتا ہے تو وہ اپنی بیوی سے خلع کرے گا یا اس کو طلاق دے گا۔

## ۱۱۸۱۔ السرجین (گوبر لید): دیکھئے الروث (لید)

## ۱۱۸۲۔ السرجان (بھیڑیا): دیکھئے الذِئب (بھیڑیا)

## ۱۱۸۳۔ السرداب (تہہ خانہ): دیکھئے سرب الارض (تہہ خانہ)

## ۱۱۸۴۔ السرطان (کیکڑا):

خواب میں کیکڑا بہت زیادہ مکروفریب والے آدمی کی دلیل ہے کیوں کہ اس کے آلات زیادہ ہوتے ہیں، ایسے آدمی کی دلیل ہے جو پرہیبت، کمزور ہمت اور دشوار صحبت وملاقات ہو، اور جو خواب میں کیکڑے کا گوشت کھائے تو اسے دور زمین سے خیر حاصل ہوگی، بعض کہتے ہیں کہ کیکڑے کا دیکھنا حرام مال کے حصول کی دلیل ہے۔

## ۱۱۸۵۔ السرقة (چوری):

خواب میں محفوظ مقام سے چوری ہونا زنا اور ربا (سود) کی دلیل ہے، اگر چور معروف معلوم ہو تو وہ مسروق منہ (جس سے چرایا گیا ہو) سے علم یا کوئی حرفت (پیشہ) یا مفید بات کا استفادہ کرے گا، اور اگر نامعلوم چور دیکھا ہے جو اس کے گھر میں داخل ہوا اور اس کی تھال چوری کی ہے تو اس کی بیوی فوت ہوگی، اور ایک قول یہ ہے کہ چوری قابل تعریف چیز ہے، یہ خیر کی دلیل ہے مگر اس کے لئے دلیلِ شر ہے جو دھوکہ دہی کا ارادہ رکھتا ہو، جو خواب میں دیکھے کہ وہ چور

Marfat.com

بنا ہے یا چوری کرتا ہے تو اس کے بارے میں چوروں کا خدشہ ہے، اور جو دیکھے کہ وہ چوری کرتا ہے تو وہ زنا کرتا ہے یا جھوٹ بولتا ہے، اس لئے کہ جیسے چور چھپتا ہے اسی طرح زانی بھی چھپتا ہے۔

**۱۱۸۶۔ السرموجة (بوٹ):** خواب میں بوٹ زوجہ یا چوپایہ یا منصب کی دلیل ہے۔

## ۱۱۸۷۔ السُرّۃ (ناف):

خواب میں ناف صاحب خواب کی والدہ یا والد کی دلیل ہے، یا اس کے کسب ومعاش کی دلیل ہے، یا اس کی صنعت وحرفت ہے جو وہ کرتا ہے، اور ناف کبھی اس کی زوجہ یا اس کی باندی یا اس کی سربمہر تھیلی ہے، اگر دیکھے کہ اس کی ناف کھل گئی ہے اور وہ مریض تھا تو یہ اس کی موت کی دلیل ہے، اور سُرَّہ (ناف) مسرت اور سر (راز) کی بھی دلیل ہے، اور جو شخص دیکھے کہ اس کی دو نافیں ہیں تو اسے دو خوبصورت بچیاں ملیں گی، اور ناف آدمی کی بیوی ہے، اور جو خواب میں ناف میں درد تکلیف دیکھے تو وہ اپنے والدین یا اپنے شہر کو کھوئے گا، اگر وہ حالتِ مسافرت میں ہو تو یہ خواب اس کے شہر واپس لوٹنے کی دلیل ہے۔

## ۱۱۸۸۔ السرو (سرو کا درخت):

سرو کا درخت خواب میں دیکھنا خوبصورت عورت یا ایسے آدمی کی دلیل ہے جس کا قول عمل کے خلاف ہو، بسا اوقات اس کا دیکھنا سفر یا رات کے وقت چلنے پر دلالت کرتا ہے، اور سرو کا درخت اولاد یا طولِ حیات یا ولدِ عزیز کی دلیل ہے۔

## ۱۱۸۹۔ السروال (پائجامہ):

خواب میں پائجامہ عجمی عورت ہے، جو نئے پائجامہ کا مالک بنا ہو تو وہ عجمی کنواری عورت سے شادی کرے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ نیا پائجامہ پہننا عفت وپاکدامنی ہے، اور جو شخص قمیض کے بغیر پائجامہ خواب میں پہنے تو اس کے بارے فقر کا خدشہ ہے، یا وہ عجم کا سفر کرے گا، اس لئے کہ پائجامہ عجمیوں کا لباس ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ خواب میں پائجامہ پہننا اپنی حالت کی صلاح ودرستگی ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ پائجامہ خسیس عورت یا عجمی باندی ہے، اگر پائجامہ اس کے مالک کے علاوہ سے خرید کیا ہے تو وہ کسی عورت سے بغیر ولی وسرپرست کے شادی کرے گا، جو دیکھے کہ اسے پائجامہ دیا گیا ہے تو اس کی شدت وپریشانی دور ہوگی، اور بعض کہتے ہیں کہ پائجامہ خواب میں دیکھنا حصولِ ولایت (حکمرانی) کی دلیل ہے۔

## ۱۱۹۰۔ السرور (خوش ہونا):

خواب میں خوش ہونا آہ وبکاء کی دلیل ہے، بسا اوقات خوشی کشادگیِ حال کی دلیل ہوتی ہے، اور جو دیکھے کہ وہ مسرور اور خوش ہے تو وہ غم والم سے دوچار ہوگا۔

Marfat.com

## ۱۱۹۱۔ السریر (چارپائی):

خواب میں چارپائی بستر کے بغیر دیکھنا سفر کی نشانی ہے، کیونکہ اس لفظِ سفر میں سیر کا لفظ موجود ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ چارپائی زوجہ ہے، جو دیکھے کہ وہ چارپائی پر ہے تو جو چیز اس کے ہاتھ سے نکل چکی تھی وہ اس کے پاس واپس آجائے گی، اگر وہ سلطان ہے تو اس کی سلطنت کمزور ہوگی پھر مضبوط ہوجائے گی، اگر دیکھے کہ وہ چارپائی پر ہے اور اس پر بستر بھی ہے تو اسے منافقوں کے سامنے رفعت وبلندی اور مقام نصیب ہوگا، اگر اس کے پاؤں میں جوتا ہو تو وہ منافق لوگوں کے ہمراہ سفر پر روانہ ہوگا، جو شخص دیکھے کہ وہ اچھی جگہ میں چارپائی پر بیٹھا ہے تو اسے رفعت و دولت اور عزت ملے گی، چارپائی اور تمام وہ چیزیں جن کے اوپر سویا جاتا ہے وہ صاحب خواب کی زوجہ اور غلاموں کی دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ چارپائی اس چیز کی دلیل ہے جس سے آدمی خوش ہوتا ہے، نیز ہر سواری اس چیز پر دلالت کرتی ہے جیسے زوجہ، کشتی، ڈولی اور جنازہ کی چارپائی، اس لئے کہ وہ اموات کی چارپائی ہے، اور خواب میں جس کی چارپائی ٹوٹ گئی ہو تو اگر بادشاہ ہو تو اس کی بادشاہت جاتی رہے گی، اگر حاکم ہے تو معزول ہوگا، اگر زوجہ نافرمان ہو تو زوجہ سے علیحدگی ہوگی، اگر زوجہ بیمار ہو تو وہ وفات پائے گی، یا اس کا زوج خود مریض ہو، اور کبھی چارپائی کی اگلی جانب زوج کی اور پچھلی جانب زوجہ کی دلیل ہوتی ہے، اور جو خواب میں خود کو ایک نامعلوم چارپائی پر دیکھے اور اس چارپائی پر بستر بھی ہو تو اس کی بادشاہ سے ملاقات ہوگی، ورنہ وہ بلند شان مجلس میں بیٹھے گا، اگر وہ کنوارا ہے تو اس کی شادی ہوگی، اگر اس کی زوجہ حاملہ ہے تو لڑکا جنے گی، اگر دیکھے کہ وہ ایسی چارپائی پر بیٹھا ہے جس پر بستر نہیں ہے تو وہ موت کا شکار ہوگا یا سفر پر روانہ ہوگا، اگر وہ مریض ہے تو وفات ہوگی، اگر دیکھے کہ وہ چارپائی پر بیٹھا ہے اور اس کے ساتھ کوئی عورت ہے تو وہ اس عورت کے ساتھ سرور وخوشی کی حالت میں ہے، ممکن ہے دونوں کے درمیان اختلاف اور شر پیدا ہو، اگر بے خاوند عورت دیکھے کہ وہ ایک چارپائی اپنے گھر کو اٹھالے جاتی ہے تو اس کی شادی ہوگی، جو شخص دیکھے کہ اس کی چارپائی کھڑی کی جاتی ہے اور وہ مریض تھا تو یہ خواب مرض سے شفایابی کی دلیل ہے۔

## ۱۱۹۲۔ سریر المیت (میّت کی چارپائی):

دیکھئے المنقلة (مردے کی چارپائی)

## ۱۱۹۳۔ السطح (مکان کی چھت):

خواب میں مکان کی چھت دیکھنا بلند رتبہ عورت ہے، بعض کہتے ہیں کہ بلند رتبہ آدمی ہے، اور جو خواب میں مکان کی چھت کے اوپر دوڑا ہو تو اسے سلطان کی طرف سے مصیبت پہنچے گی، اور موسم گرما میں چھتوں پر قیام راحت وسکون، لباس، زوالِ غم وفکر وامراض اور رازوں کے کھلنے کی دلیل ہے۔

## ۱۱۹۴۔ السعال (کھانسی):

خواب میں کھانسی شکوہ شکایت کی دلیل ہے، لہٰذا جو شخص دیکھے کہ وہ کھانستا ہے تو وہ ایسے انسان سے شکایت

Marfat.com

کرے گا جس کا سلطان سے تعلق ہے، اگر خواب میں کھانسا ہے اور اسے اچھو لگا ہے تو وہ وفات پائے گا، بعض کہتے ہیں کہ کھانسی اس بات کی دلیل ہے کہ وہ کسی انسان کی شکایت کا قصد وارادہ کرتا ہے لیکن شکایت نہیں کرتا ہے۔

## ۱۱۹۵۔ السعتر (خوشبو دار پودا):

دیکھئے الریحان (خوشبو دار پودا)

## ۱۱۹۶۔ السعفة (کھجور کی شاخ):

خواب میں کھجور کی شاخ طہارت وپاکیزگی یا کنگھی کرنے والی خادمہ یا ختنہ کرنے کا پیشہ ہے۔

## ۱۱۹۷۔ السعوط (ناک میں ڈالنے کی دوا):

خواب میں ناک میں ڈالنے کی دوا ستر یا بیٹے یا والدہ سے کوئی حاجت یا عقل کا نقصان ہے، اور جو شخص دیکھے کہ وہ ناک میں دوا ڈالتا ہے تو اس کا غصہ اپنی انتہاء کو پہنچے گا۔

## ۱۱۹۸۔ السعی (صفا مروہ کے درمیان سعی کرنا):

خواب میں صفا ومروہ کے درمیان سعی کرنا آپس کی صلاح وبہتری کی دلیل ہے، اگر وہ دلال ہے تو اپنے قول میں انصاف کرے گا، یا اپنی زوجات کے درمیان عدل کرے گا یا والدین کے درمیان انصاف کرے گا، اگر صاحب خواب مریض ہے تو مرض سے افاقہ ہوگا، اور رزق کی تلاش میں دوڑ دھوپ کرے گا۔

## ۱۱۹۹۔ السعیر (جہنم):

دیکھئے جھنم

## ۱۲۰۰۔ السغب (بھوک):

دیکھئے الجوع (بھوک)

## ۱۲۰۱۔ السفّ (پھانکنا):

خواب میں ریت مٹی پھانکنا ارباب حکومت کے لئے رشوت، طمع حرص اور فقر وفاقہ کی دلیل ہے۔

## ۱۲۰۲۔ السفر (سفر کرنا):

خواب میں سفر کرنا لوگوں کے اخلاق وعادات کا منکشف ہونا ہے، اگر وہ مسافر فقیر ہے تو مستغنی ہوگا، اور جو دیکھے کہ اس نے سفر کیا ہے تو وہ ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف منتقل ہوگا، اور خواب میں سفر سے واپسی بھی توبہ تائب ہونے اور گناہوں سے باز آنے کی دلیل ہوتی ہے، یا حاجت روائی کی علامت ہوتی ہے، اور جو شخص دیکھے کہ اس نے پیدل سفر کیا ہے تو یہ اس پر غالب قرض کی علامت ہے، اور جو دیکھے کہ وہ نامعلوم گھر کی جانب منتقل ہوا ہے تو وہ سفر پر روانہ ہوگا، اگر مریض خواب میں دیکھے کہ وہ دور علاقہ یا نامعلوم گھر کی طرف سفر کرتا ہے تو یہ اس کی موت کی دلیل ہے۔

Marfat.com

## ۱۲۰۳۔ السِفر (کتاب): دیکھئے الکتاب (کتاب)

## ۱۲۰۴۔ السفرجل (بہی دانہ):

خواب میں بہی مرض ہے اور جو دیکھے کہ وہ بہی پھل کھاتا ہے اور وہ مریض تھا تو شفا ہوگی، اگر تندرست نے بہی کھائی ہے تو اسے ہدایت ملے گی، اگر وہ تاجر ہے تو تجارت میں نفع ہوگا، جو دیکھے کہ وہ بہی نچوڑتا ہے تو وہ تجارت کے سلسلہ میں سفر کرے گا اور بہت زیادہ نفع حاصل کرے گا، اور بہی کا درخت عقلمند ہوشیار آدمی ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ خواب میں بہی ردی چیز ہے کیوں کہ اس کے سبب قبض پیدا ہوتی ہے، اور سبز رنگ کی بہی زرد رنگ سے بہتر ہے، اور بہی سفرِ جلیل (عظیم) کی دلیل ہے، اور بہی کبھی بخل وکنجوسی اور رازوں کی پاسداری کی دلیل ہوتی ہے کیونکہ بہی سے قبض ہوتی ہے اور بہی دانہ جلیل وجمیل عورت کی دلیل ہے، اور اکثر مفسرین (معبّرین) نے بہی کو اچھا نہیں سمجھا ہے، اور وہ کہتے ہیں کہ بہی مرض ہے اس لئے کہ اس کا رنگ بہت زیادہ زرد ہوتا ہے، نیز اس میں قبض ہوتی ہے، اور یہ بہی سفر کی دلیل ہے، اہل تعبیر کی ایک جماعت کہتی ہے کہ بہی واقع ہونے والا سفر ہے، بعض نے کہا ہے کہ بہی ایسا سفر ہے جس میں کوئی بھلائی نہیں، اور بعض کہتے ہیں کہ خواب میں بہی کسی بھی حال میں دیکھنا اچھا ہے۔

## ۱۲۰۵۔ السفرة (دسترخوان): دیکھئے المائدة (دسترخوان)

## ۱۲۰۶۔ السَفَط (ٹوکری):

خواب میں ٹوکری لوگوں کے اسرار (رازوں) کی حفاظت کرنے والی عورت ہے۔

## ۱۲۰۷۔ السفنجة (ہنڈی):

جو شخص خواب میں دیکھے کہ اس نے ایک آدمی کو مال دیا ہے تاکہ وہ اس کے لئے ایک ہنڈی (ڈرافٹ، چیک) لکھ دے ایک شہر سے دوسرے شہر کی طرف تو وہ کسی آدمی سے کوئی چیز ادھار خریدے گا جس میں وہ تجارت اور نفع مندی کی امید رکھتا ہے۔

## ۱۲۰۸۔ السفه (بے وقوف ہونا):

خواب میں بے وقوفی جہالت ہے، لہٰذا جو دیکھے کہ اس نے لوگوں کے سامنے کوئی بے وقوفی کی ہے تو یہ اس کے فسادِ دین پر دلیل ہے، اسی طرح اگر دیکھے کہ اس نے اپنا فسادِ دین کیا ہے تو وہ لوگوں کے سامنے بے وقوفی کرے گا، اور خواب میں بے وقوفی دشمنوں اور بلند شانی ومرتبی کی دلیل ہے جبکہ بے وقوفی کسی ذمی کا فریا بدعتی کے سامنے ہو۔

Marfat.com

## ۱۲۰۹۔ السفود (گوشت بھوننے کی سیخ):

خواب میں گوشت بھوننے کی سیخ دیکھنا سلطان کی طرف سے حاجات کے پورا ہونے اور متوسط خیر ورزق اور راحت کی دلیل ہے، اور یہ سیخ گھر کے سربراہ کی علامت ہے، بعض کہتے ہیں کہ یہ سیخ سخت جان خادم ہے جو اپنی مراد کو پہنچتا ہے اور اس کے پاس ایک قوم مختلف فنون میں تربیت حاصل کرے گی۔

## ۱۲۱۰۔ السفینۃ (کشتی):

جو شخص کسی غم فکر و خوف یا مرض یا تنگی یا قحط میں مبتلا ہو اس کے لئے کشتی نجات کی دلیل ہے، اگر خواب میں خشکی پر کشتی دیکھے تو وہ بھی نجات ہے، اگر زمین پر کشتی کو کھینچا ہے تو وہ قیادت کرے گا اور دین میں منافقت کرے گا، اگر نیک لوگوں کے ساتھ کشتی میں سوار ہوا ہے تو وہ راہ ہدایت کی اتباع کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ اس کی بخشش فرمائیں گے، اگر کشتی سے نکلا ہے تو سعادت مند اور دشمن سے نجات پائے گا، اگر معزول آدمی خواب میں دیکھے کہ وہ کشتی میں سوار ہوا ہے تو وہ کسی بادشاہ کی جانب سے ولی وذمہ دار بنے گا، اور اس کی ولایت کی جگہ کشتی کی مضبوطی اور اس کی وسعت اور خشکی سے دوری کے بقدر ہوگی، اور جو شخص معرض ہلاکت میں ہو اور خواب میں دیکھے کہ وہ کشتی میں سوار ہوا ہے تو کشادگی کا زمانہ اور نجات کا وقت اس کے لئے آئے گا، اگر خواب میں کشتی ڈوب گئی ہے اور وہ کشتی کے تختہ کے ساتھ اٹکا ہے تو سلطان اس پر غضبناک ہوگا اگر وہ والی ہے، اگر دیکھے کہ وہ کشتی میں پانی کے اندر مر گیا ہے تو وہ لوگوں کے ہاتھوں میں مرے گا، اگر دیکھے کہ وہ دریا میں کشتی کے اندر ہے تو وہ بادشاہ اعظم کے کام میں مداخلت کرے گا، اور بعض کہتے ہیں کشتی تعبیر کے لحاظ سے غم فکر یا مرض یا حبس (قید ہونا) یا حائل امر ہے جو اس کے درمیان حائل اور رکاوٹ ہے، اور اگر کشتی غرق ہوئی ہے اور اس کے تختے بھی ڈوب گئے ہیں تو یہ اس کے لئے والد یا چچا کے بارے میں مصیبت پیش آنے کی دلیل ہے، بعض کہتے ہیں کہ اگر دیکھے کہ کشتی ڈوب گئی ہے تو یہ سلامتی سے سفر کی علامت ہے، اور خالی کشتی تجارتی نفع ہے، جو شخص دیکھے کہ وہ ایسی کشتی میں ہے جو لوگوں سے بھری ہوئی ہے تو یہ بھی سفر کی سلامتی کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ وہ ٹھہری ہوئی کشتی میں ہے جو چل نہیں رہی تو یہ بادل ہے، اگر کشتی کو رسیوں سے روکا ہے اور وہ شخص سلطان سے تعلق رکھتا ہے تو وہ خواص کا قرب حاصل کرے گا اور ان سے تعلق رکھے گا، اور جو کشتی کی رسیاں پکڑے تو یہ اس کے حسن دین اور بے خطر آدمی سے میل جول کی دلیل ہے، اور جو خواب میں دیکھے کہ ایک بڑی کشتی ہے جو کہ کھڑی ہے تو وہ اس سال میں وسیع الرزق ہوگا، اگر دیکھے کہ وہ اپنے اہل وعیال اور دوستوں کے ہمراہ کشتی میں سوار ہوا ہے تو اسے عزت وجمال اور خیر وبرکت حاصل ہوگی اور دشمنوں کے ہاتھوں سے نجات پائے گا، اگر دیکھے کہ اس نے کشتی سے دریا عبور کیا ہے تو وہ کسی خطرے میں پڑے گا جس کی وجہ سے اسے غم لاحق ہوگا، اگر کوئی انسان دیکھے کہ وہ کشتی میں بڑے مزے سے نرم چلتا ہے تو یہ تمام لوگوں کے لئے خیر کی دلیل ہے، اگر دیکھے

Marfat.com

کہ اس کو کوئی پریشانی پیش آئی ہے تو یہ کسی غم والم میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ کشتی ٹوٹ گئی ہے تو یہ تمام لوگوں کے لئے دلیلِ شر ہے، سوائے اس شخص کے جو گرفتار یا غلام ہو ان کا کشتی ٹوٹتی دیکھنا غلامی اور قید سے رہائی کی دلیل ہے، اگر کوئی دیکھے کہ وہ دریا میں کشتی چلانے کی طاقت نہیں رکھ رہا ہے تو یہ حبس (قید ہونا) کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ وہ دریا سمندر کے کنارہ پر ہے اور سمندر میں کشتی کو دیکھتا ہے جو دھیرے دھیرے چل رہی ہے تو یہ خواب ہر طرح کے آدمی کے لئے خیر کی دلیل ہے، اور سفر کی دلیل ہے، اگر خواب میں کشتیاں دیکھے جیسے وہ اوپر کو چڑھتی ہیں تو یہ سست رفتار خیر کی دلیل ہے، اگر ان کو جلدی سے نیچے کو اترتے دیکھے تو یہ خیر کی سرعت وجلدی کی دلیل ہے، اور کشتی کے رسّے اصحابِ دین اور اشیاء کے ساتھ تمسک (گرفت وپکڑ) کی دلیل ہے، اور کشتی کا بادبان کشتی چلانے والے ملاّح کی دلیل ہے، اور چپو کشتی کے چلنے اور صاحب سفینہ (کشتی والے) کی اولاد کی دلیل ہے، اور کشتی کا سامنے والا حصہ کشتی کے مالک کی دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ جو دیکھے کہ وہ کشتی میں سوار ہوا ہے تو وہ ناگہانی طور پر نقصان وخسارہ سے دوچار ہوگا، اور جو کشتی میں کوئی چیز پائے تو وہ طالبِ مال کے لئے ثروت ودولت اور غیر شادی شدہ کے لئے شادی ہونے کی دلیل ہے، اور جو خود کو خواب میں کشتی میں دیکھے اور ہوا چلتی ہو اور دریا یا سمندر خشک ہوا پڑا ہو اور پھیلا ہوا ہو تو اسے اعلیٰ ریاست اور قوی سلطنت حاصل ہوگی اور موجودگی اور عدم موجودگی میں لشکر اس کی اطاعت کرے گا، جو کشتی کو خون پر چلتی دیکھے تو یہ زنا کی دلیل ہے، اگر اپنی کشتی دیکھے کہ وہ ٹوٹ گئی ہے اور اس کے تختے الگ الگ ہو گئے ہیں تو اس کی والدہ فوت ہوگی، اور جو دیکھے کہ اس نے کشتی خریدی ہے اور وہ کنوارا ہے تو شادی ہوگی، یا باندی خریدے گا، اور کشتی کا چپو اپنے ہاتھ میں دیکھنا علم کی دلیل ہے، اور ہوا میں چلتے کشتی دیکھنا کشتی کے سوار کی موت کی دلیل ہے، جو کشتی میں مرگیا ہو تو وہ اخروی عذاب سے نجات پائے گا، اور دنیا میں خوف سے نجات ہوگی، اور جو دیکھے کہ کشتی چھید (سوراخ ہونا) گئی ہے تو یہ کشتی کے سوار کی نجات کی دلیل ہے، اس کی دلیل فرمان الٰہی ہے ''أخر قتها لتغرق اهلها'' (الکہف: ۷۱) یعنی آپ نے کشتی میں اس لئے سوراخ کیا ہے تاکہ آپ اس کے اہل کو غرق کردیں۔ چنانچہ وہ کشتی بادشاہ کے ہاتھ سے بچ نکلی جو کشتیوں کو غصب کرلیا کرتا تھا۔ اور بعض کہتے ہیں کہ سفینہ (کشتی) سمینہ (موٹی) عورت ہے، اس لئے کہ اہل عرب موٹی عورتوں کو کشتیوں کے ساتھ تشبیہ دیتے ہیں، اور کشتی اس اسلام کی دلیل ہے جو انسان کو فتنہ فساد اور جہالت سے نجات دیتا ہے، اور بسا اوقات کشتی اس پل صراط کی دلیل ہوتی ہے جس پر سے اہل ایمان گزر کر جہنم سے نجات پائیں گے، اگر مریض خواب میں مردوں کے ساتھ کشتی میں سوار ہوا ہے تو یہ خواب دنیا کے فتنوں سے خلاصی کی دلیل ہے، اگر وہ مریض نہیں ہے کوئی اور ہے جس نے یہ خواب دیکھا ہے کہ وہ کشتی میں سوار ہوا ہے تو وہ طالب علم ہے جو کسی عالم کی صحبت میں بیٹھا ہے اور علم حاصل کیا ہے جو علم اسے جہالت سے بچاتا ہے، دلیل موسیٰ علیہ السلام کا خضر علیہ السلام کے ساتھ کشتی میں سوار ہونا ہے، اگر یہ خواب مقروض دیکھے تو اس کا قرض ادا ہوگا اور غم دور ہوگا، اگر کوئی بھی طالب علم دیکھے کہ اس کی کشتی خشکی کی طرف نکلی ہے اور اس پر چلی ہے تو وہ اپنے علم کے مطابق

Marfat.com

بدعت یا فسق وفجور یا نفاق کی طرف نکلا ہے، اگر وہ طالب علم نہیں ہے تو پھر ہوسکتا ہے کہ وہ اپنی زوجہ کی طلاق میں حانث ہوجائے یا اس کی صنعت وکاروبار مندا پڑ جائے، اور رزق دشوار ہوجائے پھر وہ رزق ایسی جگہ سے تلاش کرے جہاں سے اس کے لئے مناسب نہیں ہے، اور ہوا میں چلنے والی کشتی سواری ہے، اور مریض کے حق میں یہ خواب جنازہ کی چارپائی کی دلیل ہے، اور کشتی کی رسی پکڑنا حسنِ دین اور صحبتِ صالحین کی دلیل ہے، اور خواب میں کشتی والد، والدہ، استاد، زوجہ اور چوپایہ کی دلیل ہے، اور کشتی دیکھنا خوف ورجا (امید) کی دلیل بھی ہے کیوں کہ سوار کو کشتی کے سہارے نجات کی بھی امید ہوتی ہے اور غرق ہونے کا خوف بھی جان کو لگا ہوتا ہے، اور کبھی کشتی مسجد یا بازار یا اہلِ بیت رضی اللہ عنہم سے محبت ودوستی کی دلیل ہے، اس لئے کہ اہلِ بیت کشتیِ نجات ہیں، اور کشتی شراب خانہ کی بھی دلیل ہے جیسے کشتی خود اس انسان یا دشمن سے سلامتی اور فقیر کے غنی ہونے کی دلیل ہوتی ہے، اگر کشتی سمندر میں غرق ہوگئی ہے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ وہ اہل دوزخ میں سے ہے، اگر اس کی کشتی لوہے کی یا تانبے کی بن گئی ہے تو یہ مدلول کی طولِ عمر کی دلیل ہے، اگر کشتی کا کچھ حصہ لوہے کا یا کچھ حصہ لکڑی کا بن گیا ہو تو کشتی جس پر دلالت کرتی ہے اس میں اس کو شبہ پیش آئے گا، اگر دیکھے کہ اس نے کشتی کو کھایا ہے یا نگلا ہے تو اس کشتی کی قیمت کھائے گا، اگر دیکھے کہ کشتی نے اس سے کوئی جائز امر بیان کیا ہے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ وہ شخص جاہل لوگوں سے حکمت حاصل کرے گا، اور کشتیِ نوح علیہ السلام کا خواب میں دیکھنا فرحت ومسرت اور نزولِ بارش کی دلیل ہے، اس بات کی دلیل نہیں کہ وہ ظالم ہیں، کیونکہ اس کا دیکھنا قحط وبلا کی دلیل ہے، اور حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی دیکھنا مشکلات سے نجات اور مسافروں کے لئے سمندر میں غرق ہونے سے سلامتی یا کنوارے کے لئے شادی کی دلیل ہے، نیز کشتیِ نوح علیہ السلام منصبِ جلیل اور دشمن کے خلاف نصرت ومدد کی دلیل ہے۔

## ۱۲۱۱۔ السُّقاطة (دروازہ کی چٹخنی):

خواب میں دروازہ کی چٹخنی دیکھنا دروازہ کا محافظ کتے یا عجمی لڑکے کی دلیل ہے۔

## ۱۲۱۲۔ السقاء (پانی پلانے والا):

خواب میں پانی پلانے والا نیک ومتقی آدمی ہے، اس لئے کہ وہ اجر وثواب کے اعتبار سے افضل عمل کرتا ہے، اور اس کے ہاتھ سے خیر کثیر جاری ہوگا جبکہ اس نے پانی دوسرے کو پلایا یا فراہم کیا ہو اور اس پر اجرت نہ لی ہو، پانی پلانے والا دیکھنا اپنے علم سے سینوں اور دلوں کو شفا دینے والا شخص ہے، جانوروں کو پانی پلانے والا سفر کے فوائد کی دلیل ہے، نیز لوگوں میں خیر بھلائی کی سعی وکوشش کرنے والے شخص کی علامت ہے، پیالوں اور کوزوں سے پانی پلانے والا نیک اعمال کرنے والا دیندار ہے جیسے عالم اور واعظ، اور وہ شخص جو مشکیزوں اور مٹکوں کے ذریعہ پانی پلاتا ہے اس کا دیکھنا اصل میں اموال اور امانات کے بارے میں امانتدار ہونے کی دلیل ہے۔

Marfat.com

## ۱۲۱۳۔ سقر (جہنم): دیکھئے جہنم

## ۱۲۱۴۔ السقطة (ٹھوکر لگنا): دیکھئے العثرۃ (ٹھوکر لگنا)

## ۱۲۱۵۔ السقطی (خراب چیزیں بیچنے والا):

خواب میں اس کا دیکھنا جھوٹی اور بے سروپا باتیں جاننے والا شخص ہے، اور خراب چیزیں بیچنے والا خواب میں دیکھنا ان ہی چیزوں پر دلالت کرتا ہے جن پر جوہری دلالت کرتا ہے، یعنی جواہرات اور احجار (پتھروں) کی مختلف اقسام بیچنے کی دلیل ہے جیسے مونگا، عنبر اور عقیق اور اس کے مشابہ دیگر قیمتی پتھر۔

## ۱۲۱۶۔ السقف (چھت):

خواب میں چھت بلند رتبہ آدمی ہے، اگر خواب میں چھت دیکھے کہ وہ اس پر گرنے کو ہے تو اسے بلند درجہ آدمی کی طرف سے خوف پہنچے گا، اگر چھت کا شہتیر ٹوٹ گیا ہے تو یہ بات گھر کے مالک کی کسی آفت کے نزول کی وجہ سے موت کی دلیل ہے اور جو شخص دیکھے کہ اس کے گھر کی چھت سے پانی ٹپکتا ہے تو اس گھر میں قریب ہے کہ میت یا مریض کا حادثہ پیش آئے، اور جو دیکھے کہ وہ اپنی چھت کے اوپر ہے اور چھت سے نیچے اترنا چاہتا ہے مگر وہ اس کی طاقت نہیں رکھتا ہے تو وہ قید ہوگا، جو خواب میں چھت دیکھے کہ اس پر آگری ہے تو وہ عذاب میں مبتلا ہوگا، جو خواب میں اپنی چھت کے نیچے ستارے دیکھے تو اس کی چھت خراب و ویران ہوگی۔

## ۱۲۱۷۔ سقنقور (ریت کی مچھلی):

خواب میں اس کا دیکھنا اس امامِ عالم کی دلیل ہے جس کی تاریک حالات میں اقتداء کی جاتی ہے۔

## ۱۲۱۸۔ السقوط (گرنا):

خواب میں اگر گرنا اوپر سے نیچے کو ہو تو یہ احوال کے بدلنے کی دلیل ہے یعنی حالتِ خیر سے شر کی طرف یا ایک زوجہ سے دوسری کی طرف یا ایک پیشہ سے دوسرے پیشہ کی طرف یا ایک شہر سے دوسرے شہر کی طرف منتقلی یا ایک مذہب سے دوسرے مذہب کی طرف جانے کی دلیل ہے، اگر خواب میں نیچے آنے والی چیز پاکیزہ عمدہ طعام ہو یا نیک قوم ہو تو یہ حسنِ حالت کی دلیل ہے، اگر خواب میں ویران جگہ یا کسی درندہ کے پاس اُترا ہے تو یہ برے انجام کی دلیل ہے، ہوسکتا ہے کہ مالی بخل اور کنجوسی کی دلیل ہو، اللہ تعالیٰ کا ارشادِ عالی ہے ''وما یغنی عنه ماله إذا تردی'' (اللیل:۱۱) یعنی اس کا مال اس کے کام نہیں آئے گا جب وہ نیچے گرے گا (یعنی جہنم میں)۔ اور جو خواب میں گھر کی چھت سے گرا ہو اور اس کا ہاتھ یا

Marfat.com

پاؤں ٹوٹ گیا ہو تو وہ جانی یا مالی نقصان سے دو چار ہو گا یا اس کے دوست کو نقصان پہنچے گا یا سلطان کی طرف سے اس کو کوئی ناگوار امر پیش آئے گا۔

## ۱۲۱۹۔ سقوط الاسنان (دانتوں کا گرنا):

خواب میں دانتوں کا گرنا اس کی عمر کے دراز ہونے کی دلیل ہے نہ کہ اس کے ہم عمر دیگر لوگوں کی، اگر دیکھے کہ اس کے سارے دانت گر گئے ہیں تو وہ طویل زندگی گزارے گا، اگر دیکھے کہ اس کے سارے دانت گر گئے ہیں اور ان کو دوبارہ آتے نہیں دیکھا تو اس کے اہل خانہ اس سے پہلے وفات پائیں گے یا بیمار ہوں گے، اور جو شخص دیکھے کہ اس کے اوپر والے دانت ن کے ہاتھ میں آ گرے ہیں تو یہ حصولِ مال کی دلیل ہے، اگر وہ دانت اس کی گود میں گرے ہیں تو یہ نرینہ اولاد ہے، اگر یہ دانت زمین پر گرے ہیں تو یہ موت کی مصیبت ہے، اور جو شخص دیکھے کہ اس کے نیچے والے دانت گر گئے ہیں تو وہ غم والم اور فکر و پریشانی میں مبتلا ہوگا، اور اگر مقروض خواب میں دیکھے کہ اس کے دانت گر گئے ہیں تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ وہ اپنا قرض ادا کر دے گا، اگر دیکھے کہ اس کا دانتوں میں سے ایک دانت گر گیا ہے تو وہ اپنے تمام قرض ایک ہی دفعہ ادا کرے گا، اور اگر اس کے سارے دانت گرے ہیں تو اس گھر کے تمام اصحاب ہلاک ہوں گے، اور جو شخص دیکھے کہ اس کے دانت گر رہے ہیں اور وہ اپنے ہاتھ سے ان کو پکڑتا ہے تو یہ اس کی اولاد کی موت کی دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ خواب میں دانتوں کا گرتے دیکھنا اس کے بعض دوستوں کو مضرت پیش آنے کی دلیل ہوتا ہے، اگر دیکھے کہ اس کا سامنے کا دانت گر گیا ہے تو وہ لڑکے یا بھائی یا بہن سے فائدہ حاصل کرے گا، اور ایک دانت کا گرنا اگر بغیر علاج معالجہ کے ہو اور اپنے ہاتھ سے اس دانت کو پکڑا ہو تو اگر اس کے ہاں کوئی حاملہ عورت ہے تو وہ عورت اس کے پاس لڑکا لائے گی، ورنہ بھائی یا قرابتدار سے مصالحت (صلح صفائی) کرے گا جس سے پہلے وہ رشتہ و تعلق ترک کر چکا تھا، اور بعض کہتے ہیں کہ دانتوں کا گرنا ایک مانع امر ہے جو اس کو اپنے ارادہ سے منع کرتا اور باز رکھتا ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ یہ قرضوں کی ادائیگی کی دلیل ہے، اگر وہ دانت جو گرے ہیں ان کو پکڑا ہے تو ہوسکتا ہے کہ وہ کوئی غلط بات کرے اور اس پر شرمندہ ہو اور اس بات کو چھپائے، اور دانتوں کا گرنا اربابِ مجاہدہ کے لئے مفلسی ومحتاجی کی دلیل ہوسکتا ہے، اور جو دیکھے کہ اس کے دانت گر گئے ہیں اور اس کے لئے کھانا دشوار ہو گیا ہے تو وہ محتاج ہوگا۔

## ۱۲۲۰۔ السقي (سیراب ہونا): دیکھئے الشرب (پینا)

## ۱۲۲۱۔ السکاک (سکے ڈھالنے والا): دیکھئے ضارب النقود (سکے ڈھالنے والا)

## ۱۲۲۲۔ السکاکيني (چاقو چھری بنانے والا):

خواب میں اس کا دیکھنا ایسے آدمی کی دلیل ہے جو لوگوں کو مہارت اور کاریگری سکھاتا ہے، چاقو چھری بنانے والے کو خواب میں دیکھنا وقار اور سکینہ یا شر وفساد والے شخص کی دلیل ہے، یا پھر اس کا دیکھنا اس ناظم الامور کی دلیل ہے جس

Marfat.com

کے ہاتھ سے امور پایہ تکمیل کو پہنچتے ہوں۔

## ۱۲۲۳۔ السکباج (گوشت سرکہ سے تیار شدہ کھانا):

جو خواب میں دیکھے اس نے مصالحوں اور گائے کے گوشت سے سکباج تیار کیا ہے اور پکایا ہے اور وہ اس میں سے کھاتا ہے تو یہ باعزت ذومنفعت کام کرنے والوں کے مال سے حاصل ہونے والی حیاتِ طیبہ (پاکیزہ وعمدہ زندگی) پر دلیل ہے، اگر سکباج بکری کے گوشت سے تیار کیا ہو تو یہ حلال طریقہ سے اچھی زندگی اور معزز لوگوں کی جانب سے عزت واکرم والی حیاتِ طیبہ کی دلیل ہے، اگر سکباج چڑیوں کے گوشت سے تیار کیا ہو تو اسے سلطان یا بادشاہ کی طرف سے اعلیٰ عمدہ حیاتِ طیبہ حاصل ہوگی، اگر پرندوں کے گوشت سے تیار کیا ہے تو یہ ولایت یا تجارت یا معزز لوگوں کے ساتھ کسبِ حلال کی دلیل ہے، اور سکباج مرض کی بھی دلیل ہے، مگر یہ کہ جب چڑیوں کے گوشت کا ہو کیونکہ وہ ولایت اور حاجت روائی کی دلیل ہوتا ہے۔

## ۱۲۲۴۔ السُکّر (شکر، چینی):

خواب میں شکر خوشیوں، امراض سے شفاء اور زوالِ غم والم اور امیدوں کے حصول کی دلیل ہے، اگر شکر زوجہ کی دلیل ہو تو وہ زوجہ جمیل وخوبصورت ہے، اگر لڑکے کی دلیل ہو تو وہ لڑکا ذہین، جلیل القدر اور عالم ہے ہر صاحبِ فن اس کے فن میں مشارکت کرتا ہے، اگر شکر مال کی دلیل ہو تو وہ مال حلال وطیّب ہے، اگر شکر علم کی دلیل ہو تو وہ علم بدعت سے محفوظ ہے، اور شکر چینی مال ودولت کی دلیل ہوتی ہے، اور شکر کا ایک ٹکڑا دوست یا لڑکے کا بوسہ لینا ہے، اور بہت زیادہ شکر قیل وقال (بحث) کی دلیل ہے، ابن سیرین رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ شکر کے بیچنے میں کوئی خیر نہیں ہے، اور مصری قول وعمل میں اخلاص کی دلیل ہے، یا پھر امراض کی دوری اور شفایابی کی دلیل ہے، کبھی کشادگی اور نباتات کے ذریعہ سے رزق یا نزول بارش کی دلیل ہوتی ہے۔

## ۱۲۲۵۔ السکرجة (طشتری):

خواب میں طشتری (رکابی) باندی یا خادمہ یا غلام یا خادم ہے، اور طشتری بچی، خادمہ اور پروردہ (بیوی کی لڑکی) کی دلیل بھی ہوتی ہے۔

## ۱۲۲۶۔ السُکر (نشہ):

خواب میں نشہ ومدہوشی غم وحزن کی دلیل ہے، اور نشہ اترانا ہٹ وتکبر کے ساتھ ساتھ ہمیشہ کی مالداری ہے، اگر کسی نبیذ کے پینے سے نشہ ہوا ہے تو ہر حال میں سلطان ہے، اگر خواب میں مدہوشی اور نشہ کی کیفیت پیدا ہوئی ہو اور اپنے کپڑے

Marfat.com

پھاڑتے ہوں تو وہ متکبر آدمی ہے، اپنے نفس کو قابو نہیں کر پاتا ہے اور اس میں ضبط وتحمل نہیں ہے، اور جو خواب میں کسی کو دیکھے کہ وہ شراب نوشی کرتا ہے اور اس کی وجہ سے اس کو نشہ پیدا ہوا ہے تو وہ حرام مال حاصل کرے گا، اور اس ملک سے سلطنت ملے گی، اور شراب کا نشہ سلطان ومال ہے، اور غیر شراب کا نشہ خوف شدید ہے، اور نشہ مردوں اور عورتوں کے لئے ردی چیز کی دلیل ہے، اس لئے کہ وہ بہت زیادہ جہل کی دلیل ہوتا ہے، اور نشہ خائف کے لئے دلیلِ خیر ہے، اور نشہ کے بغیر مدہوشی ظاہر کرنا ایسی چیز کے دعویٰ کی دلیل ہے جس کی وہ قدرت وطاقت نہیں رکھتا ہے اور جس کی کوئی حقیقت نہیں ہے، یا پھر اس پر کسی مصیبت کا نزول ہوگا جو اس کو فکر مند کرے گی وہ اس مصیبت سے حالت مدہوشی میں لوٹے گا حالانکہ وہ مدہوش نہیں ہوگا، اگر وہ شخص اہلِ صلاح (یعنی صالح ونیک) میں سے ہے تو اللہ تعالیٰ کی محبت کا نشہ اس پر غالب آئے گا۔

## ۱۲۲۷۔ السکری (شکر بیچنے والا):

خواب میں شکر بیچنے والا خوش مزاج اور باکمال آدمی ہے، اگر شکر بیچی ہے تو وہ لوگوں کو اچھی عمدہ بات سنائے گا اور لوگ اس کو اس سے زیادہ عمدہ اور خوش مزاجی سے جواب دیں گے۔

## ۱۲۲۸۔ السکۃ (گلی یا راستہ):

دیکھئے الدرب (گلی یا راستہ)

## ۱۲۲۹۔ السکین (چھری چاقو):

خواب میں چھری مکان کا خادم ہے، اور اپنے اہل خانہ کو نفع پہنچانے کے لئے توجہ دینے کی دلیل ہے جیسے گھر کا مالک ہوتا ہے، اور چھری کی تیزی اس کے امر کے نفاذ اور اس کی نقل وحرکت کی دلیل ہے، اگر عورت دیکھے کہ اس کے پاس چھری ہے یا کسی عورت کو اس نے چھری دی ہے تو یہ اس عورت کی مشہور آدمی سے محبت کی دلیل ہے، اور قلم کی چھری کاتب کی اور ذبیحہ جانوروں کی چھری قصاب کی دلیل ہے، اور سپاہی کی چھری قوت وخدمت کی دلیل ہے، اور چھری حجت ودلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ خواب میں چھری دیکھنا خادم کے ہاتھوں حصولِ قوت ومال کی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ اس نے چھری نگلی ہے تو وہ اپنے بیٹے کا مال کھائے گا، اور خواب میں چھری نرینہ اولاد ہے، بعض کہتے ہیں کہ جو اپنے ہاتھ میں چھری دیکھے تو اسے دو سو درہم حاصل ہوں گے، اس لئے کہ یہ مال کا نصاب ہے، اور کبھی فقیر کے لئے چھری کی تعبیر پچیس درہم کے ساتھ کی جاتی ہے، اور جو اپنے ہاتھ میں چھری دیکھے اور حال یہ ہے کہ وہ کسی مقدمہ میں مبتلا ہے تو وہ غالب ہوگا اور اس کے حق میں حجت وبرہان (ثبوت ودلیل) ثابت ہوگا، اس لئے کہ چھری ہتھیار میں سے ہے، اور دشمن سے بچاتی ہے، اور جو شخص دیکھے کہ اس کو چھری دی گئی ہے اور اس کے پاس سوائے اس کے اور کوئی ہتھیار نہیں ہے تو اس کو خیر اور رزق حاصل ہوگا، جو دیکھے کہ اس نے چھری سے ذبح کیا ہے تو جو چیز جانور پرندہ وغیرہ اس نے ذبح کیا ہے وہ ہاتھ لگے گا، جو دیکھے کہ اس نے اپنے ہاتھ چھری سے ذبح کئے ہیں تو وہ ایسی چیز دیکھے گا جس سے اس کو تعجب ہوگا، اور جو دیکھے کہ وہ چھری یا خنجر

Marfat.com

اس کے دستہ میں ڈالتا ہے تو وہ کسی عورت سے شادی کرے گا، اور خواب میں جو چھری حاصل کرے تو اگر کنوارا ہے تو زوجہ حاصل ہوگی۔ اگر اس کی حاملہ عورت ہوتو اس کا لڑکا آفات سے محفوظ رہے گا، اگر چھری تیز ہے تو گواہ عادل ہے اور اگر تیز نہیں ہے یا دندانوں والی ہے تو اس کے گواہ کی جرح ہوگی، اگر چھری چاقو کو میان میں رکھا گیا ہے تو وہ دلیل وجحت حاصل کرے گا، یا اس کی گواہی مسترد ہوگی بوجہ کسی واقعہ کے جو گواہی کے سوا اس سے ظاہر ہوگا۔

## ۱۲۳۰۔ السِلاح (اسلحہ وہتھیار):

خواب میں اسلحہ نصرت ومدد، دشمنوں پر فوقیت وغلبہ اور شفائے امراض کی دلیل ہے، جو خواب میں خود کو مسلّح دیکھے اور وہ غیر مسلّح قوم کے درمیان میں موجود ہو تو وہ ان کا رئیس ہوگا، کمالِ اسلحہ کے بقدر، اگر دیکھے کہ لوگ اس کی طرف دیکھ رہے ہیں جبکہ وہ مسلّح ہے تو لوگ اس سے حسد اور غیبت کرتے ہیں، اگر وہ لوگ بوڑھے ہوں تو وہ اس کے دوست ہیں، اگر وہ لوگ جوان ہیں تو وہ اس کے دشمن ہیں اور جو خواب میں خود کو مسلّح دیکھے اور وہ اسلحہ کے استعمال کی طاقت رکھتا ہو تو یہ اس کے کمال اور مقاصد کے حصول کی دلیل ہے، اور مریضوں کے لئے اس کی موت کی دلیل ہے، ممکن ہے یہ خواب دین کی صلاح ودرستگی کی دلیل ہو، اگر وہ صاحب خواب خائف یا مریض ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو شفا دیں گے، اگر وہ مسافر ہے تو اپنے گھر باسلامت لوٹ آئے گا، اور جو دیکھے کہ اس کا اسلحہ وہتھیار اس سے سلب (چھینا) کیا گیا ہے تو یہ اس کی سلطنت وقوت کی کمزوری کی دلیل ہے، اور اسلحہ وہتھیار اس زوجہ کی دلیل ہے جس کی وساطت سے آدمی شیطان کے اثرات سے بچتا ہے۔

## ۱۲۳۱۔ السلاّح (اسلحہ فروش):

خواب میں اسلحہ فروش اور اسلحہ ساز دیکھنا جابر سلطان کی دلیل ہے۔

## ۱۲۳۲۔ السلاف (شراب): دیکھئے الخمر (شراب)

## ۱۲۳۳۔ السلّال (ٹوکریاں بنانے والا):

خواب میں اس کو دیکھنا پارچہ باف یا درزی یا گھر تعمیر کرنے والے (راج مستری) یا انجینئر کی دلیل ہے، کبھی اسکا دیکھنا گورکن کی دلیل ہوتا ہے جو مُردوں کو قبروں میں چھپاتا ہے۔

## ۱۲۳۴۔ السلام (سلام کرنا): دیکھئے التحیة (سلام کرنا)

## ۱۲۳۵۔ السلبة (برہنگی):

خواب میں برہنہ ہونا سلب (چھیننے) یا رزق یا عمرِ طویل یا غیر شادی شدہ کے لئے شادی کی دلیل ہے۔

Marfat.com

۱۲۳۶۔ السلجم (شلغم): دیکھئے اللفت (شلغم)۔

۱۲۳۷۔ السلح (پرندہ کا بیٹ کرنا): دیکھئے ذرق الطائر (پرندہ کا بیٹ کرنا)

## ۱۲۳۸۔ السلخ (کھال اتارنا):

جو شخص خواب میں دیکھے کہ اس کی کھال اتاری گئی ہے تو اسے خیر حاصل ہوگی یا وہ ایسی عورت سے شادی کرے گا جو اپنا مال اس کو دے دیگی، اور بعض کہتے ہیں کہ جو دیکھے وہ اپنی کھال اتارتا ہے یا وہ خود اترتی ہے تو وہ اپنے مال سے جدا ہوگا اور وہ اس سے جاتا رہے گا، اگر وہ مریض ہے تو یہ اس کی موت کی اور دنیا سے گزرنے کی دلیل ہے۔

## ۱۲۳۹۔ السلحفاۃ (کچھوا):

خواب میں کچھوا ایسی عوت ہے جو زینت و آرائش اور عطر لگاتی ہے (یعنی میک اپ کرتی ہے)، اور اپنے نفس کو مردوں کے سامنے پیش کرتی ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ کچھوا قاضی القضاۃ (چیف جسٹس) ہے، اس لئے کہ سمندر میں جتنے جانور ہیں ان میں یہ کچھوا سب سے زیادہ علم وورع رکھنے والا ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ کچھوا عالم آدمی ہے، اگر خواب میں کسی شہر یا بستی میں کچھوے کو باعزت دیکھا جائے تو اس جگہ کے اہل علم باعزت ہیں، اگر کچھوے کو کوڑا خانہ میں دیکھے تو وہاں کوئی عالم جاہلوں کے درمیان علم ضائع کر رہا ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ کچھوا عابد آدمی ہے اور کچھوے کا گوشت کھانا بے گمان جگہ سے مال یا علم کی دلیل ہے یا اسے خیر یا منفعت و فائدہ اور مال و دولت ملے گا، اور جو دیکھے کہ وہ کچھوے کا مالک ہوا ہے یا اس کو اپنے گھر لایا ہے تو وہ کسی عالم شخص کے حاصل کرنے میں کامیاب ہوگا، اگر خواب میں کچھوا دیکھے کہ وہ راستہ میں پھینکا ہوا ہے تو اس جگہ علم مطروح (پھینکا گیا) ہوگا، یعنی ناقدری ہوگی، اگر خواب میں کچھوا کسی برتن یا کپڑے میں محفوظ دیکھے تو اس جگہ پر عالم عزیز القدر اور بلند مرتبت ہے، بعض کہتے ہیں کہ کچھوا مکر و فریب کی دلیل ہوتا ہے، نیز جاسوسی، پوشیدگی، شر و برائی اور اسلحہ جمع کرنے کی دلیل ہے۔"

## ۱۲۴۰۔ السلسلۃ (زنجیر):

خواب میں زنجیر طویل العمر اور مال حلال دائمی طور پر رکھنے والی عورت ہے، کبھی زنجیر دھمکی و تنبیہ کی دلیل ہوتی ہے، اور خواب میں زنجیر دیکھنا معصیت (گناہ) کی دلیل ہے جبکہ زنجیر کو اپنے ہاتھ یا گردن میں دیکھے، جو شخص خواب میں زنجیر اپنی گردن میں دیکھے تو وہ بد خلق عورت سے شادی کرے گا، اور زنجیر امور طے ہونے کی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ وہ زنجیر سے بندھا ہے تو وہ فکر و غم سے دوچار ہوگا، اور جو خواب میں ٹوٹی ہوئی زنجیر دیکھے اور وہ مظلوم ہے تو اس کی مدد ہوگی، اور ٹوٹی ہوئی زنجیر اس بادشاہ کے عدل و انصاف کی دلیل ہے جو اس شہر میں دیکھا گیا ہے۔

Marfat.com

## ۱۲۴۱۔ السلطان (بادشاہ):

خواب میں سلطان دیکھنا اللہ تعالیٰ کی ذات کی دلیل ہے، اور بادشاہ کی رضامندی اور ناراضگی اللہ تعالیٰ کی رضا اور اس کی ناراضگی کی دلیل ہے، اگر خواب میں بادشاہ بلاسبب ترش رو دیکھے تو صاحب خواب اپنی نماز میں محدث (بے وضو) ہے یا اس کے دین میں فساد ہے، اگر بادشاہ کو خوش دیکھے تو اسے دین و دنیا کی خیریں حاصل ہوں گی، جیسا کہ اس کو رفعت و بلندی اور حال کی درستگی حاصل ہوگی، اگر دیکھے کہ اللہ تعالیٰ نے اس کو زمین پر سلطان مقرر کیا ہے تو اسے عزت و بزرگی ملے گی اور اس کو امامت یا خلافت نصیب ہوگی اگر اس کا اہل ہو، لیکن اس کی اولاد اس امامت کی وارث نہیں ہوگی، اگر دیکھے کہ اس نے خلیفہ کو قتل کیا ہے تو وہ امرِ عظیم کا طالب ہے اور، اس کے حصول میں کامیابی ہوگی، جو دیکھے کہ وہ عظیم سلاطین و ملوک میں سے ایک آدمی بن گیا ہے تو اس کو دین کی دولت ملے گی' اور جو دیکھے کہ وہ بادشاہ کی شکل میں بدل گیا ہے حالانکہ وہ اس کا لائق نہیں ہے تو وہ جلدی فوت ہوگا، اگر بادشاہت کا اہل ہے تو اسے دولت وقوت اور ریاست حاصل ہوگی، اور جو دیکھے کہ وہ بادشاہ بن گیا ہے جبکہ وہ بیداری میں مریض ہے تو اس کا خواب اس کی موت کی دلیل ہے، اگر وہ تندرست جسم ہے تو یہ اس کے اقرباء کی ہلاکت اور ان سے جدائی کی دلیل ہے، اگر وہ مکار یا فاجر ہے تو یہ خواب اس کی گرفتاری اور قید ہونے کی دلیل ہے، اگر خواب میں غلام دیکھے کہ وہ بادشاہ بنا ہے تو یہ اس کی غلامی سے آزادی کی دلیل ہے، اگر فلسفی یا نجومی دیکھے کہ وہ بادشاہ بنا ہے تو یہ ان کے لئے پسندیدہ خواب ہے اور دلیلِ خیر ہے، اگر خواب میں دیکھے کہ وہ ایک جماعت کا رئیس ہے تو یہ غم وحزن اور خسارہ ونقصان کی دلیل ہے، اور عورت کا ہر طرح کی ریاست (لیڈری) دیکھنا اس کی موت کی دلیل ہے، ہر وہ ریاست جو مردوں کیلئے موزوں نہیں اگر اس کو کوئی آدمی دیکھے تو یہ اس کی موت کی دلیل ہوگی، اور جو دیکھے کہ وہ بادشاہ ہوگیا ہے اور لوگوں کی نظروں میں بڑا بن گیا ہے تو یہ مراد کے حصول کی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ وہ کسریٰ (شاہِ فارس) ہوگیا ہے تو اس کو مالِ کثیر اور ملکِ کبیر ملے گا، اور جو دیکھے کہ بادشاہ نے نرم انداز اور حکمت و دانائی کے طریقہ سے اس کی سرزنش کی ہے تو یہ دونوں کے درمیان صلح کی دلیل ہے، اگر عادل بادشاہ سے مخاصمت کی ہے تو۔ اس کے پاس اس کی حاجت پوری ہوگی، اگر دیکھے کہ وہ ایک سواری پر بادشاہ کا ردیف (پیچھے سوار) ہے تو وہ اس کا تابعدار ہوگا یا اس کی زندگی میں یا مرنے کے بعد اس کے امور کا جانشین ہوگا، اگر بادشاہ کے ساتھ کھایا ہے تو اسے شرف و مرتبہ حاصل ہوگا، اگر خواب میں بادشاہ کے گھر میں داخل ہوا ہے تو وہ عورتوں کے امور کا متولی و ذمہ دار ہوگا اور اس کے لئے دنیا وسیع ہوگی، اگر بادشاہ کے گھر میں سجدہ کی حالت میں داخل ہوا ہے تو عفو و درگز اور ریاست حاصل ہوگی، اگر بادشاہ کے گھر کا دروازہ دیکھے کہ اپنی جگہ سے ہٹ گیا تو اس کا کوئی عامل (کام کرنے والا) اپنے وظیفہ سے دستبردار ہوگا، یا بادشاہ ایک اور عورت سے شادی کرے گا، اگر کوئی انسان دیکھے کہ بادشاہ نے اس کو اپنا نائب بنایا ہے تو یہ عزت و شرف کی دلیل ہے، اگر والی دیکھے کہ اس کو کوئی عہدہ اور ذمہ داری ملی ہے تو یہ اس کے معزول ہونے کی دلیل ہے، اسی طرح اگر والی شیشہ میں دیکھے تو یہ بھی اس کی معزولی کی علامت ہے، اسی طرح اگر وہ دیکھے کہ اس نے اپنی بیوی کو طلاق دے دی ہے تو بھی

Marfat.com

وہ معزول ہوگا، اگر کوئی شخص خود کو بادشاہ کے ساتھ سویا ہوا دیکھے تو وہ شخص بادشاہ کے ساتھ ایسا میل جول رکھتا ہے جس پر وہ دل میں کینہ وکھوٹ رکھتا ہے۔ اگر دیکھے کہ بادشاہ پیدل چلتا ہے تو وہ کوئی راز پوشیدہ رکھتا ہے اور وہ دشمن پر فوقیت وغلبہ پائے گا، اگر بادشاہ دیکھے کہ اس کی رعایا (پبلک) نے اس کی تعریف کی ہے تو اس کے ذکر وتعریف کا چرچا ہوگا اور اس کے احسان کا ظہور ہوگا اور وہ اپنے دشمن پر غلبہ پائے گا، اگر سلطان دیکھے کہ اس کی رعایا اس کے سامنے دنانیر بکھیرتی ہے تو رعایا اس سے مکروہ کلام سنے گی، اگر رعایا نے اس کے سامنے دراھم بکھیرے ہیں تو وہ رعایا اس سے اچھا کلام سنے گی، اگر رعایا نے کوئی مسکر (نشہ آور) چیز اس کے سامنے رکھی ہے تو وہ اس سے نرم کلام سنے گی، اگر رعایا نے بادشاہ کو پتھر مارے ہیں تو وہ اس سے سخت کلام سنے گی، اگر بادشاہ نے ان کو آگ میں پھینکا ہے تو وہ بادشاہ ان کو کفر و بدعت کی طرف دعوت دیتا ہے، اگر بادشاہ دیکھے کہ اس کے دو سینگ ہیں تو اسے مشرق ومغرب کی بادشاہت حاصل ہوگی، اس کی دلیل قصہ ذوالقرنین ہے، اور وہ عادل، منصف اور فاتح ہوگا، اگر بادشاہ دیکھے کہ لوگ اس کو سجدہ کرتے ہیں تو وہ لوگ بادشاہ کے سامنے تواضع وعاجزی کرتے ہیں، اگر بادشاہ دیکھے کہ لوگ اس پر نماز پڑھتے ہیں تو وہ اس کی اچھی تعریف کرتے ہیں۔ اگر سلطان دیکھے کہ وہ اپنی ملکہ کی رائے پر عمل کرتا ہے تو اس کی بادشاہت ختم ہوگی یا وہ عظیم غم میں مبتلا ہوگا، اگر اس نے ملکہ کی رائے کی مخالفت کی ہے تو وہ نجات پائے گا، اگر سلطان دیکھے کہ اس نے بادشاہ سے قتال کیا ہے اور اس کو پچھاڑ دیا ہے تو مغلوب ہی غالب آئے گا، اگر اس نے شیر سے قتال کیا ہے اور اس کو پچھاڑ دیا ہے تو وہ غاصب بادشاہ پر غالب آئے گا، اگر بادشاہ دیکھے کہ وہ گھوڑے پر سوار ہوا ہے تو اس کو ولایت حاصل ہوگی، اگر بادشاہ خادم کو دیکھے کہ وہ اس کو کھلاتا پلاتا ہے تو وہ ایسی بادشاہت حاصل کرے گا جو اس کی نہیں ہوگی، اگر باندی نے اس کو کھلایا ہے تو اسے سرور کے ساتھ بادشاہت ملے گی، اگر بادشاہ دیکھے کہ غلام نے اس کو ایک لقمہ کھلایا ہے تو وہ اپنے دشمن سے مصیبت سے دوچار ہوگا، اگر اس نے وہ لقمہ نگل لیا ہے تو وہ دشمن کے مکر وچال سے نجات پائے گا، اگر اس نے لقمہ سے پرہیز کیا ہے تو وہ فوت ہوگا، اگر بادشاہ خواب دیکھے کہ وہ ایک دسترخوان سجاتا اور تیار کرتا ہے تو ایک باغی قوم اس سے عناد وعداوت رکھے گی لیکن وہ ان پر غالب رہے گا، اور عادل بادشاہ کے ساتھ شریکِ طعام (ہم نوالہ) ہونا دین ودنیا کی خیر وشرف کے حصول کی دلیل ہے، اگر بادشاہ دیکھے کہ وہ خود اپنی طرف سے سلطنت سے دستبردار ہوا ہے تو وہ ایک کام کا ارتکاب کرے گا جس پر پھر اسے ندامت اٹھانی ہوگی، اگر دیکھے کہ وہ بادشاہ ہے دوسروں کے ساتھ بازاروں میں چلتا ہے تو یہ اس کی تواضع وعاجزی کی دلیل ہے، اگر بادشاہ دیکھے کہ وہ بغیر وضو کے نماز پڑھتا یا ایسی جگہ میں نماز پڑھتا ہے جہاں نماز نہیں ہوتی جیسے کوڑا خانہ، قبرستان تو وہ ایسے امر کا طالب ہے جو اس کے ہاتھ سے چھوٹ چکا ہے، اگر دیکھے کہ وہ مریض ہے تو یہ اس کے دینی مرض اور رعایا پر ظلم وزیادتی کرنے کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ بادشاہ نے لوگوں کی گردنوں پر حملہ کیا ہے تو یہ اس کی سلطنت کی قوت اور فسادِ دین کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ بادشاہ فوت ہوگیا ہے اور دفن نہیں ہوا ہے تو یہ بھی اس کے فسادِ دین کی علامت ہے، اگر بادشاہ فوت ہوا ہو اور دفن بھی ہوا ہو اور لوگ اس کے پاس سے واپس ہوئے ہوں تو یہ ناامیدی ومایوسی کی دلیل ہے، اور جو

Marfat.com

خواب فوت شدہ بادشاہ کے زندہ ہونے کے متعلق دیکھا جائے وہ اس بادشاہ کے اختتام کی دلیل ہے، جو خواب میں عادل بادشاہ کو دیکھے کہ وہ کسی جگہ داخل ہوتا ہے تو اس جگہ کو رحمتِ خداوندی نے ڈھانپ رکھا ہے، اگر وہ جگہ ایسی ہو جہاں جانا بیداری کے عالم میں ناپسندیدہ ہے تو پھر یہ خواب مصیبت کی دلیل ہے اور جو شخص دیکھے کہ وہ بادشاہوں کے دروازوں پر آتا جاتا ہے تو وہ عطیہ کے حصول میں کامیابی حاصل کرے گا، اگر دیکھے کہ وہ بادشاہ کے پاس گیا ہے تو اسے شرف و مقام اور خوشی حاصل ہوگی، جو دیکھے کہ اس نے بادشاہ سے مخاصمت (جھگڑا) کی ہے تو اس کو سرور وخوشی، خیر اور آنکھ کی ٹھنڈک حاصل ہوگی، اور فوت شدگان بادشاہوں کو خواب میں دیکھنا ان چیزوں پر دلالت کرتا ہے جو انہوں نے اپنے بعد پیچھے چھوڑی ہیں، اور بادشاہ کا دیکھنا دشمنوں کے خلاف نصرت وغلبہ اور فسق و فجور کی دلیل ہے، مجہول اور نامعلوم بادشاہ دیکھنا آگ، سمندر اور نیند کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ بادشاہ کسی بُری اور خراب حالت میں ہے تو یہ بادشاہ کی رعایا کے متعلق بری تدبیر کی دلیل ہے، اور بادشاہ دیکھنا ڈھلے ہوئے دراہم یا دنانیر کی دلیل ہے، جو خواب میں امیر یا بادشاہ دیکھے تو ہوسکتا ہے کہ وہ لوگوں کی عزتوں پر مسلط ہو، اور جو شخص دیکھے کہ وہ بادشاہ سے معانقہ کرتا ہے یا اس سے مصافحہ کرتا ہے تو اس کا حال اس کے پاس درست ہوگا، اور جو دیکھے کہ وہ بادشاہ سے جھگڑتا ہے تو وہ قرآن سے مجادلہ (جھگڑنا) کرے گا، اس لئے کہ لغت میں سلطان حجت کو کہتے ہیں، اگر مریض دیکھے کہ نامعلوم بادشاہ نے اس کی تلاش میں کسی کو بھیجا ہے تو یہ فرستادہ ملک الموت ہے اور بادشاہ وہ اللہ تعالیٰ ہیں، اور جو دیکھے کہ بادشاہ نے اس کی ٹوپی لی ہے تو وہ اس کا مال لے گا، اگر دیکھے کہ بادشاہ حالتِ نزع میں ہے تو وہ شخص مصیبت زدہ ہے، اور جو دیکھے کہ بادشاہ مجنون و دیوانہ ہے تو وہ غمزدہ ہے، اور جو دیکھے کہ بادشاہ اپنی مجلس سے یکطرف ہوا ہے تو یہ اس کی سلطنت کے زوال یا نقصان کی دلیل ہے، اور جو شخص دیکھے کہ بادشاہ کا منبر ٹوٹ گیا ہے یا اس نے اپنی نماز مکمل نہیں کی ہے یا اس سے اس کی شمشیر (تلوار) چھین لی گئی ہے یا اس کا گھر منہدم ہوگیا ہے یا اس کو بیل نے سینگ مارا (ٹکر ماری) ہے یا اس کو کسی جانور نے پیروں تلے روندا ہے تو یہ تمام باتیں سلطنت سے اس کی معزولی کی دلیل ہیں، اور بادشاہ کے سیاہ کپڑے قوت کی زیادتی اور سفید کپڑے رونق کے اضافہ اور گناہ سے نکلنے کی دلیل ہے اور کاٹن کے کپڑے تقویٰ، پرہیزگاری اور تواضع عاجزی کی دلیل ہے، اور اون کے کپڑے برکت کی کثرت ہے، اگر جاسوس دیکھے کہ وہ بادشاہ بن گیا ہے تو اس کا مخفی حال ظاہر ہوگا، اگر عورت دیکھے کہ وہ بادشاہ ہے تو وہ بے عزت و بدنام ہوگی، اگر وہ عورت مریض ہے تو وفات پائے گی، اگر بادشاہ کی آنکھ میں اندھاپن دیکھے تو اس کی قوم کی خبریں اس سے پوشیدہ اور مخفی رہیں گی۔

## ۱۲۴۲۔ السلعة (سر کا زخم):

جو خواب میں دیکھے کہ اس کے جسم میں زخم ہے تو اسے مال و دولت حاصل ہوگا۔

## ۱۲۴۳۔ السلق (چقندر):

خواب میں چقندر خیر و رزق کی دلیل ہے، اور پکانے سے پہلے چقندر کھانا دین کی دلیل ہے، نیز شبہات پیش

Marfat.com

آنے یا حائضہ عورتوں کے پاس آنے کی دلیل ہے، اور چقندر عزت و آبرو پر حملہ کرنے کی دلیل ہے۔

## ۱۲۴۴۔ السلّم (سیڑھی): دیکھئے الدّرَج (سیڑھی)

## ۱۲۴۵۔ السلوی (بٹیر):

خواب میں بٹیر اللہ تعالیٰ کی طرف سے رزق کی دلیل ہے، اور بٹیر رفعِ غم والم اور ایفائے عہد کی دلیل ہے، کبھی بٹیر کا خواب میں دیکھنا کفرانِ نعمت (نعمت کی ناشکری)، زوالِ منصب اور تنگ زندگی کی دلیل ہے۔

## ۱۲۴۶۔ سلیمان علیہ السلام:

خواب میں حضرت سلیمان علیہ السلام کی زیارت بادشاہت یا عہدۂ قضاء کی دلیل ہے، اور ممکن ہے کہ سرکش لوگ اس کے مطیع ہوں گے اور اس کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے عظیم درجہ و مرتبہ اور آخرت میں حُسنِ انجام کی دلیل ہے، اور کبھی ان کی زیارت عورتوں کی جانب سے آزمائش کی دلیل ہے، اگر صاحب خواب والی ہے تو معزول ہوگا، اور ہوسکتا ہے کہ وہ حلیہ تدبیر کے ذریعہ مال دار شریف عورت سے شادی کرے، اور اگر صاحبِ خواب کا رزق پرندوں یا حضورِ جنّات کے ذریعہ یا بتلوں کے عمل سے وابستہ ہے تو اس ذریعہ سے بڑا رزق پائے گا، یا دشمنوں پر غلبہ و نصرت و مدد ہوگی، اور جو حضرت سلیمان علیہ السلام کو خواب میں دیکھے تو اللہ تعالیٰ کی نعمت ظاہر ہوگی، یا پھر ان کی زیارت لغات کے علم یا مریض کی سلامتی کی دلیل ہے، اس لئے کہ ان کے نام میں جیسے "امان" ہے اسی طرح "سلیم" ہے، اور جیسا کہ ابراھیم علیہ السلام کے لفظ میں "ابراء" (بری کرنا) موجود ہے، لیکن حضرتِ نوح علیہ السلام کی زیارت اس کے برخلاف ہے، کیوں کہ ان کی خواب میں زیارت مریض کی موت کی دلیل ہے، اس لئے کہ نوح کے لفظ سے "ناح ینوح" (نوحہ کرنا) ماخوذ ہے، بہرحال خواب میں جو ان کی نافرمانی کرے تو وہ چغلخور ہے، اگر وہ مریض ہے تو وفات ہوگی، اور خواب میں خاتمِ سلیمانی (سلیمان علیہ السلام کی انگوٹھی) کا مالک ہونا ولایت کی تجدید کی دلیل ہے، اور سلیمان علیہ السلام کی زیارت کثرتِ اسفار کی دلیل ہے اور اس کو ایسی ولایت (حکومت) حاصل ہوگی جس میں دوست دشمن سارے اس کی فرمانبرداری کریں گے، اور سلیمان علیہ السلام کی خواب میں زیارت کسبِ مال اور حصولِ ملک و سلامتی و خیر کی دلیل بھی ہے۔

## ۱۲۴۷۔ السم (زہر):

خواب میں زہر مال ہے۔ لہٰذا جو دیکھے کہ اس نے زہر پیا ہے جس سے وہ پھول گیا ہے اور متورم (سوج) ہوگیا ہے تو پھولنے اور متورّم ہونے کے بقدر مال و دولت حاصل ہوگا، اگر زہر لینے میں پیپ زخم وغیرہ نہیں دیکھا ہے تو مصیبت وغم سے دوچار ہوگا، اور خواب میں زہر قاتل موت کی دلیل ہے، اور زہر پینا فکر و پریشانی ہے، اور جو دور سے دیکھے کہ جیسے

Marfat.com

اس نے زہر پیا ہے تو وہ غلامی سے آزاد ہوگا یا شادی کرے گا، اور جو شخص دیکھے کہ وہ دوسرے کو زہر پلاتا ہے تو وہ کسی عورت سے زنا کرے گا، اس لئے کہ زہر خفیہ طور پر پیا جاتا ہے اور اسی طرح زنا بھی خفیہ طور پر ہوتا ہے، اور جو دیکھے کہ وہ زہر پیتا ہے تو اس کی زندگی طویل ہوگی۔

**۱۲۴۸۔ السماحۃ (درگزر کرنا):** دیکھئے العفو (درگزر کرنا۔

## ۱۲۴۹۔ السماط (غریب آدمی):

خواب میں غریب آدمی ٹیکس جمع کرنے والا آدمی ہے، اس لئے کہ وہ لوگوں سے ان کا مال لیتا ہے، اور غریب آدمی وہ آدمی ہے جو یتیموں کا مال ظلماً کھاتا ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ کرب ومصیبت دور کرنے والا ہے۔

## ۱۲۵۰۔ السماع (سننا):

خواب میں قرآنِ کریم کی سماعت یا حضور نبی اکرم ﷺ کی تعریف وتوصیف سننا یا کوئی خطاب وحکم سننا ہدایت، رجوع الی اللہ اور توجہ الی اللہ کی دلیل ہے، اور اگر اس کے علاوہ کوئی چیز سنی ہو تو وہ ایسا ہے جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے "وان تدعھم الی الھدی لا یسمعوا" (الاعراف:۱۹۸) یعنی اگر آپ ان کو ہدایت کی طرف بلائیں گے تو وہ نہیں سنیں گے، خواب میں چوری چوری سننا جھوٹ اور چغل خوری ہے، ہوسکتا ہے اس کا صاحب سلطان کی طرف سے کسی ناگوار امر سے دوچار ہو اور جو دیکھے کہ وہ سنتا ہے اور وہ والی ہے تو معزول ہوگا، اگر دیکھے کہ وہ کسی انسان کی طرف کان دھرتا ہے تو وہ اس کو رسوا کرنے اور بے عزت کرنے کا ارادہ رکھتا ہے، اور جو دیکھے کہ وہ چند اقوال سنتا ہے اور ان میں سب سے اچھے قول کی پیروی کرتا ہے، تو اسے بشارت ملے گی، اور جو دیکھے کہ وہ سنتا ہے اور بہرہ پن کا دکھاوا کرتا ہے تو وہ کاذب وجھوٹا ہے اور اس کا عادی ہے۔

## ۱۲۵۱۔ السمانی (بٹیر):

خواب میں بٹیر دیکھنا زراعت وکاشتکاری کے ذریعہ حاصل شدہ رزق وفوائد کی دلیل ہے، اور وہ مشتبہ رزق اور لہو ولعب کے بارے گفتگو اور فضول خرچی کی دلیل ہے، اور کبھی بٹیر دیکھنا ایسے جرم کی دلیل ہوتا ہے جو قید اور پھانسی کا سبب ہو۔

## ۱۲۵۲۔ السماء (آسمان):

اگر خواب میں آسمان سے آگ گری ہو تو لوگ امراض، اموات، چیچک یا گران بازاری سے دوچار ہوں گے یا پھر ٹڈیاں نباتات کو نقصان پہنچائیں گی، اور آسمان کبھی سلطان یا اس کے محل کی دلیل ہوتا ہے، خواب میں جو آسمان پر سیڑھی یا رسی کے ذریعہ چڑھا ہو تو اسے بادشاہت کی بلندی حاصل ہوگی، اور اگر سیڑھی اور رسی کے بغیر چڑھا ہے تو سلطان کی طرف سے اس کو خوف پہنچے گا، اور اس کے دل میں غرور آئے گا۔ اگر خواب میں آسمان تک پہنچ گیا ہے تو امر کی انتہاء کو پہنچے گا، اگر بیداری

Marfat.com

میں وہ مریض تھا اور آسمان تک پہنچنے کے بعد واپس زمین پر نہیں آیا تو وہ اس بیماری سے جاں بحق ہوگا، اور خواب میں آسمان کے قریب ہونا قربِ الٰہی کی دلیل ہے، لیکن یہ نیک اعمال اور طاعات کرنے والوں کے لئے تعبیر ہے، اور کبھی اس کی تعبیر امام سلطان، عالم، والد، زوج اور آقا کے قریب ہونے کے ساتھ ہوتی ہے اور آسمان سے زمین پر گرنا سلطان کی جاں بحقی (وفات) کی دلیل ہوسکتا ہے اگر وہ مریض ہو اور آسمان سے گرنا بنجر بے آباد زمین کی دلیل بھی ہوتا ہے اور اہلِ عرب بارش کو بھی سماء (آسمان) کہتے ہیں، اس لئے کہ وہ آسمان سے نازل ہوتی ہے، اگر آسمان کسی انسان پر گرا ہو اور وہ انسان بیداری میں مریض تھا تو فوت ہوگا، اور جو آسمان پر چڑھا ہو اور پھر آسمان میں داخل ہو ہو تو شہادت حاصل ہوگی اور اللہ تعالیٰ کے اکرام سے نوازا جائے گا، آسمانِ دنیا چاند کی جگہ ہے اور چاند کی تعبیر وزیر ہے، اگر دیکھے کہ وہ دوسرے آسمان پر ہے تو اسے ادب، ذہانت اور ریاست حاصل ہوگی، اس لئے کہ دوسرا آسمان عطارد کا ہے، اگر دیکھے کہ وہ تیسرے آسمان پر ہے تو اسے نعمت، باندیاں، زیورات اور خوشی حاصل ہوگی، اس لئے کہ تیسرا آسمان زہرہ کا ہے، اگر دیکھے کہ وہ چوتھے آسمان پر ہے تو اسے اقتدار، ملک اور ہیبت حاصل ہوگی، اس لئے کہ چوتھا آسمان سورج کا ہے۔ اگر دیکھے کہ وہ پانچویں آسمان پر ہے تو اسے پولیس کی ولایت یا قتال حاصل ہوگا، اس لئے کہ پانچواں آسمان مریخ کا ہے، اگر دیکھے کہ وہ چھٹے آسمان پر ہے تو اسے فقہ، عہدہ قضاء اور زہد و عبادت عطا ہوگا، اور وہ عقلمند ہوگا، اس لئے کہ چھٹا آسمان مشتری کا ہے، اور جو دیکھے کہ وہ ساتویں آسمان پر ہے تو اسے زمین اور کاشتکار حاصل ہوں گے، اس لئے کہ ساتواں آسمان زحل سیارہ کا ہے، اگر دیکھے کہ وہ ساتویں آسمان کے اوپر ہے تو اسے عظیم رفعت بلندی ملے گی لیکن وہ ہلاک ہوگا، اگر خواب میں دیکھے کہ آسمان کا رنگ سبز ہوا ہے تو کھیتی زیادہ ہوگی، اگر زرد ہوا ہے تو کھیت میں مرض زیادہ ہوگا، اگر آسمان سے بکریاں نکلی ہیں تو یہ مالِ غنیمت ہے، اگر آسمان سے کوئی درندہ نکلا ہے تو لوگ بادشاہ کے جور و ظلم میں مبتلا ہوں گے، اگر آسمان کے دروازے کھلے ہوں تو بارشیں زیادہ ہوں گی، اگر انسان دیکھے کہ اس نے آسمان چرایا ہے وراس کو چھپالیا ہے تو وہ مصحف شریف (قرآن پاک) چرائیگا اور چرا کر اپنی بیوی کو دے گا، اگر دیکھے کہ وہ آسمان میں گھومتا پھرتا ہے پھر اس سے نیچے اترتا ہے تو وہ علم نجوم سیکھے گا اور قابل ذکر شخص بنے گا، جو دیکھے کہ آسمان کی کسی رسی سے لٹکا ہوا ہے تو اسے دین کے بارے سلطنت ملے گی، اگر دیکھے کہ وہ رسی ٹوٹ گئی ہے تو اس کی یہ سلطنت ختم ہوگی، اور جو خواب میں دیکھے کہ آسمان اس کے سامنے اس کی موجودگی میں تعمیر ہورہا ہے تو وہ جھوٹی گواہی دے گا۔ اس کی دلیل اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے "ماأشهد تم خلق السموت والأرض" (الکھف:۵۱) یعنی تم آسمان وزمین کی تخلیق کے وقت موجود نہیں تھے، جو دیکھے کہ وہ آسمان سے زمین پر آگرا ہے تو وہ عظیم گناہ کا مرتکب ہوگا، اور جو دیکھے کہ آسمان سے روشنی نکلی ہے تو یہ اس جگہ کے لوگوں کی ہدایت کی دلیل ہے، اگر اندھیرا نکلا ہو تو یہ ان کی ضلالت کی دلیل ہے، اور آسمان شہر، ملک، قلعہ، گھر، زوجہ، ولد، والدہ اور استاذ اور ان مقامات کی دلیل ہے جہاں سے نفع کی امید کی جاتی ہے، اور خواب میں آسمان کی طرف جھانکنا قسم کی دلیل بھی ہوتا ہے کیوں کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: "والسماء ذات الحبك" (الذاریات:۷) یعنی قسم ہے آسمان کی جو راستوں والا ہے، نیز فرمانِ خداوندی ہے "والسماء والطارق" (الطارق:۱) یعنی قسم ہے آسمان کی اور رات کو آنے والے کی' نیز پروردگارِ عالم نے فرمایا: "والسماء ذات

Marfat.com

البروج" (البروج:۱)قسم ہے برجوں والے آسمان کی۔ آسمان کبھی عجیب عمارت کی دلیل ہوتا ہے، اور کبھی آسمان وسیع ہونے کی وجہ سے سمندر کی دلیل ہوتا ہے، نیز اس لئے کہ اس میں اللہ تعالیٰ کی مخلوقات ہیں، اور آسمان خواب میں دیکھنا سر سے اوپر کی ہر چیز کی دلیل ہوتا ہے۔ جیسے ٹوپی، چھت، نیز اس چیز کی دلیل ہوتا ہے جس کے سبب دشمنوں سے بچا جائے جیسے سلطان، اور آسمان پر چڑھنا جدل، لڑائی اور حاسدین اور دشمنوں کی طرف سے تکالیف کی دلیل ہے، اور آسمان کبھی قید خانہ کی دلیل بھی ہوتا ہے، اور آسمان پر چڑھنا بلند ہمتی کی دلیل بھی ہے۔

## ۱۲۵۳۔ سمرۃ اللون (گندمی رنگ):

خواب میں گندمی رنگ اختلافِ نسب کی دلیل ہے۔

## ۱۲۵۴۔ السمسار (دلال):

دلال خواب میں دیکھنا وہ آدمی ہے جو سخاوت کا دعویدار ہے اور کثیر بخشش کا حکم دیتا ہے۔

## ۱۲۵۵۔ السمسم (تِل):

خواب میں تل رزقِ حلال ہے، اسی طرح تلوں کا تیل عزت وقوت کے ساتھ مال ہے، تمام اناجوں دانوں کی یہی تعبیر ہے جو دیکھے کہ وہ زمین میں تل بوتا ہے تو اسے ولایت وتجارت، زہد ونفع اور فرحت وخوشی ملے گی، اور بعض کہتے ہیں کہ تل اور رائی کے دانے صرف اطباء کے لئے خیر کی دلیل ہیں اور باقی لوگوں کے لئے مرض کی دلیل ہیں، جو شخص تل دیکھے تو اسے ضرر لاحق ہوگا اس لئے کہ وہ سم مکرر ہے۔

## ۱۲۵۶۔ السمک (مچھلی):

خواب میں اگر مچھلی کی تعداد کا علم ہو تو وہ مچھلی عورتیں ہیں، اگر اس کی تعداد معلوم نہ ہو تو وہ مال وغنیمت ہے، اور حوت (مچھلی) بادشاہ کا وزیر ہے، اس لئے کہ سمندر کی تعبیر بادشاہ کے ساتھ ہوتی ہے اور مچھلی بادشاہ کا لشکر ہے، اگر مچھلی تازہ اور زندہ ہو تو یہ کنواری بچی کی دلیل ہے، اور جو شخص دیکھے کہ وہ بڑی مچھلی شکار کرتا ہے تو یہ خیر ومنفعت کی دلیل ہے، اور نرم چھلکے والی مچھلی اس شخص کیلئے خیر کی دلیل ہے جو دھوکہ کا ارادہ رکھتا ہے، اور براؤن رنگ کی مچھلی شادی کا ارادہ رکھنے والے کے لئے خیر کی دلیل ہے، اور مردہ مچھلی دریا کے اندر دیکھنا ردی اور خراب ہونے کی دلیل ہے، اور پوری نہ ہونے والی امید کی دلیل ہے، جو خواب میں اپنے بستر پر ایک مچھلی دیکھے تو یہ خواب دریا کا سفر کرنے والے یا مریض آدمی کے لئے ردی اور خرابی کی دلیل ہے، اور گدلے پانی سے مچھلی شکار کرنا شدید پریشانی پہنچنے کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ وہ زندہ مچھلی کھاتا ہے تو بادشاہ کے مرتبہ کو پہنچے گا، اگر نمکین مچھلی کھاتا ہے تو شدت سے دوچار ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ اگر مچھلی کی تعداد چار کو پہنچے تو وہ عورتیں ہیں۔ اگر چار سے زیادہ ہوں تو وہ اموال وغنائم (غنیمتیں) ہیں، اور تلی ہوئی مچھلی دعا کی قبولیت کی دلیل ہے اور بعض کہتے ہیں کہ بھنی ہوئی مچھلی حصولِ علم کے لئے سفر کے علامت ہے، اور جو دیکھے کہ مچھلی فروش سے مچھلی خریدتا ہے تو وہ باندی خریدے گا یا کسی عورت سے شادی کرے گا، اگر مچھلیاں شیریں دریا سے کھارے دریا کی

Marfat.com

طرف منتقل (جانا) ہوتی ہوں اور کھارے دریا کی مچھلیاں شیریں دریا کی طرف جاتی ہوں تو یہ منافقت کی دلیل ہے، اور چھوٹی بڑی مچھلیاں خوشیوں کی فکر اور غم کی دلیل ہے، اگر اس پر آسمان سے بھنی ہوئی مچھلی اتری ہے تو یہ خواب اس کیلئے قبولیت دعا، دشمنوں پر غلبہ اور مرتبہ کی بلندی کی بشارت ہے، اور مچھلی کا دیکھنا ممکن ہے کہ غم والم اور مرض کی دلیل ہو۔

## ۱۲۵۷۔ السمّاک (مچھلی فروش):

خواب میں اس کا دیکھنا شر و فساد، لڑائی جھگڑے اور غم و فکر کی دلیل ہوتا ہے، یا تنگیِ حال کے بعد کشادگی کی دلیل ہوتا ہے، اور تازہ مچھلیاں بیچنے والا غلام لونڈیوں کا دلال ہے، نیز جواہرات اور موتیوں کا بیچنے والا ہے، نیز اس کا دیکھنا رزق، مالِ حلال، علم اور کدو کاوش اور حیلہ و تدبیر کی دلیل ہے، جو خواب میں مچھلی فروش سے مچھلی خریدے تو وہ باندی خریدے گا یا کسی عورت سے شادی کرے گا۔

## ۱۲۵۸۔ السمکری (گھریلو چیزیں بنانے والا):

خواب میں اس کو دیکھنا ادب کی تعلیم دینے والے، تیل فروش اور تصویر بنانے والے کی دلیل ہوتا ہے، کبھی اس کا خواب میں دیکھنا کذّاب (بہت بڑا جھوٹا) کی دلیل ہوتا ہے۔

## ۱۲۵۹۔ السمن (گھی):

خواب میں گھی علمِ نافع ہے اور جس عورت نے گھی کو اٹھایا ہو اس کے ساتھ وہ مکر کرے گا، اور گھی اہل والوں کے لئے فقہ و قرآن کی دلیل ہے، اور نفع مند اور ذریعۂ شفا ہونے کی وجہ سے علم الدواء (فارمیسی) کی دلیل بھی ہوتا ہے، اور گھی مال و آمدنی، نفع و خوشحالی و آسودہ حالی کی دلیل ہے، اور مریض اگر گھی کھائے تو یہ اس کی صحت کی دلیل ہے۔

## ۱۲۶۰۔ السمّان (گھی فروش):

خواب میں گھی فروش کو دیکھنا عالمِ کبیر، مختلف اوصاف و فضائل کا حامل اور علم و مال میں لوگوں کا شریک ہے، اس کا دیکھنا غیر شادی شدہ کے لئے مالدار اور خوبصورت عورت سے شادی کی دلیل ہے، اور گھی فروش صاحبِ ثروت آدمی ہے، اور گھی مال ہے لہٰذا جو دیکھے کہ وہ گھی فروشی کرتا ہے تو اس کو فائدہ حاصل ہوگا۔

## ۱۲۶۱۔ السمنة (موٹا ہونا):

جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ موٹا ہے تو اس کا مال بڑھے گا، اگر موٹا ہونے کے ساتھ وہ دیکھے کہ اس نے زرد رنگ کے کپڑے پہن رکھے ہیں تو وہ بیمار ہوگا اور پھر شفا پائے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ جسم کا فربہ ہونا عزت کی دلیل ہوتا ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ بدن کا بھاری اور فربہ ہونا دینی و ایمانی قوت کی دلیل ہے، اور بعض کا خیال ہے کہ موٹاپا برتری و بزرگی اور بلند شانی کی دلیل ہوتا ہے۔

Marfat.com

## ۱۲۶۲۔ السمور (نیولے کے مشابہ ایک جانور):

خواب میں یہ جانور کافر، ظالم چور شخص ہے، جو لوگوں سے میل جول نہیں رکھتا ہے، مالِ کثیر جمع کرتا ہے، اور کوئی بھی اس کی زندگی میں اس کے مال سے نفع نہیں اٹھاتا ہے مگر اس کی موت کے بعد۔

## ۱۲۶۳۔ السن (دانت):

خواب میں دانت اجل کی انتہاء ہے، اور کبھی دانت مال و دولت، جانوروں اور مزدوروں اور موت و حیات کی دلیل ہوتا ہے، اور دانت اسرار اور ودائع (امانتوں) کی دلیل ہے، اور دانت انسان کے اہلِ خانہ ہیں، چنانچہ اوپر والے دانت اس کے باپ کی جانب سے مرد ہیں، اور نیچے والے دانت اس کی ماں کی جانب سے عورتیں ہیں۔ سامنے والے دو دانت باپ اور چچا یا بہنیں اور لڑکے ہیں، اور رباعیہ (سامنے کے چار دانت) آدمی کے چچا کا بیٹا ہے، اور کچلی اس کے اہل خانہ کا سردار ہے، اور ضواحک (اگلے دانت کے قریب والی ڈاڑھیں) ماموں اور ماموں کی اولاد ہیں، اور ڈاڑھیں دادے ہیں، اور نیچے والے دو دانت ماں اور پھوپھی ہیں، یا دو بہنیں اور دو بیٹیاں ہیں، اور نیچے والے چار دانت چچا کی بیٹی یا پھوپھی کی بیٹی ہے، اور نیچے والی کچلی اس کے اہل خانہ کا سردار ہے، اور نیچے والی ڈاڑھیں اس کی خالہ کی بیٹی یا اس کے ماموں کی بیٹی ہے، اور اوپر اور نیچے والی ڈاڑھیں آدمی کے افرادِ خانہ میں کے دور کے رشتہ دار اور دادی ہے، اگر ان میں سے ایک دانت اپنی جگہ سے ہل گیا ہے تو یہ مرض کی دلیل ہے، اگر گر گیا ہے یا گم گیا ہے تو یہ موت کی دلیل ہے، اگر انسان اپنے بعض دانتوں کو دیکھے کہ ان کو کیڑا لگ گیا ہے تو وہ بلا و مصیبت میں مبتلا ہوگا، اگر دیکھے کہ اس کا سامنے والا دانت زیادہ طویل، زیادہ جمیل اور پہلے سے زیادہ سفید ہے تو اس کے باپ اور چچا کو مالی قوت و زیادتی حاصل ہوگی، اگر دیکھے کہ وہ اپنے دانتوں کا علاج کرتا ہے پھر ان کو اکھاڑ دیا ہے تو وہ اپنا مال جبر و اکراہ پر خرچ کرے گا یا وہ قطع رحمی (رشتہ ناطہ توڑے) گا، اگر خواب میں اپنے دانتوں میں زرد میل چڑھی دیکھے اور سیاہی تو یہ اس کے اہل خانہ کے متعلق کوئی عیب ہے، اگر اس کے دانت اپنی جگہ سے ہل گئے ہیں تو یہ اس کے عزیزوں کے مرض کی دلیل ہے، اگر اپنے دانتوں میں بدبو دیکھے تو یہ اس کے اہل خانہ کی بُری تعریف کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ اس کے دانت ٹوٹ گئے ہیں تو اس کا کوئی قریبی یا دوست وفات پائے گا، اور دائیں طرف کے دانت مردوں کی اور بائیں طرف والے دانت عورتوں کی دلیل ہے، دائیں طرف کے دانت عمر رسیدہ مرد و عورت کی دلیل ہے اور بائیں طرف والے دانت نوجوان مرد و عورت کی علامت ہے، اور اگلے دانت بچوں کی دلیل ہے، اور کچلیاں ادھیڑ عمر والوں کی دلیل ہے، اور چکی کے پاٹ عمر رسیدہ لوگوں کی دلیل ہے، اگر انسان دیکھے کہ اس کے دانت سونے کے ہیں تو یہ خواب پسندیدہ اور آتش زدگی کی دلیل ہے جو لوگوں کے گھروں میں واقع ہوگی یا یرقان بیماری کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ اس کے دانت شیشہ یا لکڑی کے ہیں تو یہ موت کی دلیل ہے جو اس پر غالب آئے گی، اگر دیکھے کہ اس کے دانت چاندی کے ہیں تو یہ ضرر و نقصان کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ اس کی کچلی میں دراڑ پڑی ہے تو اس کا بیٹا

Marfat.com

فوت ہوگا، اگر اکھڑنے کی جگہ میں کیڑا یا زیادہ کیڑے دیکھے تو یہ اولاد ہے جو خلاف کرتی ہے، اگر دیکھے اس کے بعض دانت لمبے ہوگئے ہیں تو وہ اپنے اہل سے جھگڑے گا، اگر دیکھے کہ اس کے سارے دانت اکھڑ گئے ہیں تو اسکے اہل خانہ اس سے پہلے وفات پائیں گے، اور جو اپنے دانتوں میں ڈاڑھوں کی طرح اونچ نیچ دیکھے تو اس کے اہل خانہ اس کو رسوا کریں گے، جو دیکھے کہ اس نے اپنے دانتوں میں خلال کیا ہے تو یہ اس کے اہل خانہ میں خلل وخرابی واقع ہونے کی دلیل ہے یا اس کے مالی نقصان کی علامت ہے، اگر دانتوں سے گوشت صاف کیا ہے تو وہ ایک قوم کی غیبت کرے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ دانت عورتوں کیلئے موتیوں کے ہار کی دلیل ہے، ابن سیرینؒ فرماتے ہیں کہ: خواب میں ڈاڑھ کا اکھڑنا لڑکے کی قطع رحمی کی دلیل ہے، اور دانتوں کی ترشی اس کے اہل خانہ کی حالت کے کمزور ہونے کی دلیل ہے، اور خواب میں ڈاڑھیں متقبعین ہیں، اور دانت کا اکھڑنا غائب کے آنے یا معزز کی موت کی دلیل ہے، اگر اپنے ہاتھ سے دانت اکھاڑے ہیں تو وہ اپنے مال میں خراب طریقہ سے تصرف کرے گا، یا اپنے اہل خانہ سے اچھے طریقہ سے رہن سہن نہیں رکھے گا یا کوئی برا کام کرے گا اور اس پر نادم ہوگا، اگر کسی نے اس کے لئے اس کے دانت اکھاڑے ہیں تو یہ اس کے رہن (گروی) یا بیچ کی طرف محتاج ہونے کی دلیل ہے اور خواب میں اکھاڑے ہوئے دانت کی تجدید کرنا مخالفت ومزاحمت اور خسارہ کے بعد نفع کی دلیل ہے۔

## ۱۲۶۴۔ السنارة (مچھلی کے شکار کا کانٹا):

دیکھے الشص (مچھلی کے شکار کا کانٹا)

## ۱۲۶۵۔ السنبلة (بالی):

خواب میں بالی (خوشہ) دیکھنا جمع شدہ اور دگنا ہونے والا مال ہے، اور تنے پر کھڑی سبز بالی رزق وخوشحالی ہے، اور خشک بالی قحط اور خشک سالی ہے، اور گیہوں کی بالیاں (خوشے) شدت یا سال، مہینے اور ایام کی دلیل ہے، اور کبھی بالی دنیا کے اموال اور خزانوں کی دلیل ہوتی ہے، جو خواب میں کھیت میں متفرق بالیاں اٹھائے جس کے مالک کو وہ پہچانتا ہو تو اپنے صاحب سے متفرق مال پائے گا۔

## ۱۲۶۶۔ السند (ہنڈی):

دیکھے السفنجة (ہنڈی)

## ۱۲۶۷۔ السندان (اہرن):

خواب میں اہرن دیکھنا معاملات میں صبر واستقلال کی دلیل ہے، نیز شر وفساد اور خصومات (جھگڑے) کی علامت ہے، کبھی اہرن اس چیز کی دلیل ہوتا ہے جس کے ذریعہ مقاصد تک پہنچا جاتا اور جایا جاتا ہے جیسے پُل، چوپایہ (سواری) اور چیل وغیرہ۔

## ۱۲۶۸۔ السنديان (شاہ بلوط کا درخت):

خواب میں اس درخت کا دیکھنا نفع بخش مال اور قائم شدہ عزت کی دلیل ہوتا ہے، کبھی اس کا دیکھنا غافل لوگوں

Marfat.com

سے یا جنگل بیابان میں جانے والوں کے ساتھ گزر بسر رکھنے کی دلیل ہوتا ہے۔

## ۱۲۶۹۔ السنط (ببول کا درخت):

خوب میں اس کا دیکھنا بخل اور شر اور دوزخیوں کے سے اعمال کرنے کی دلیل ہے۔

## ۱۲۷۰۔ السنة (سال):

خواب میں سال دیکھنا قحط سالی اور خشک سالی کی دلیل ہے، یا دین میں شک وشبہ کی دلیل ہے، یا سختی اور ڈرانے دھمکانے یا علم کی زیادتی کی دلیل ہے، اور خواب میں سال دیکھنا حالات کی تبدیلی کی دلیل ہے، اور سال کا دیکھنا فتنہ کی دلیل ہے، جو صاحب خواب اپنی ذات یا کسی دوسرے کے بارے میں دیکھے گا، اگر کوئی انسان سال دیکھے اور حال یہ ہے کہ لوگ قحط سالی میں مبتلا ہیں تو یہ خواب کثرتِ خیر کی دلیل ہے، اور خواب میں حاملہ عورت کا سال دیکھنا ولادت سے خلاصی حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

## ۱۲۷۱۔ السنّور (بلا):

خواب میں بلا جانور دیکھنا خادم کی دلیل ہے، بعض کہتے ہیں کہ اہل خانہ میں سے کسی کے چور ہونے کی علامت ہے اور بعض کہتے ہیں کہ بلی دیکھنا بری اور دھوکہ باز عورت ہے، خواب میں جس کو بلے نے کاٹا ہو یا نوچا ہو تو وہ بیمار ہوگا، اگر بلا وحشی (جنگلی) ہو تو وہ زیادہ سخت ہے، جو شخص دیکھے کہ اس نے اپنا بلا بیچ دیا ہے تو وہ اپنا مال خرچ کرے گا، اور جو خواب میں بلے کا گوشت کھائے تو وہ سحر سیکھے گا، اور جو دیکھے کہ وہ بلے کی شکل بن گیا ہے تو وہ چور بنکر زندگی گزارے گا، اور جو دیکھے کہ بلا کسی گھر میں داخل ہوا ہے تو اس گھر میں چور داخل ہوگا، اور خواب میں بلا کتاب کی بھی دلیل ہے۔ اس کی دلیل اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ''وقالوا ربنا عجل لنا قطنا قبل یوم الحساب'' (ص:۱۶) یعنی لوگ کہتے ہیں کہ اے ہمارے رب ہمارا حصہ ہم کو روزِ حساب سے پہلے دیدے، اور بلا کبھی زوجہ اور اولاد کے جفا اور ظلم، چوری اور خصومت (لڑائی جھگڑا) زنا، بے وفائی، چوری سے سننے، عیب جوئی اور شور وشغب کی دلیل ہوتا ہے، اور بسا اوقات بلا دیکھنا ولدِ زنا اور لقیط (راستہ میں پڑا ہوا بچہ) کی دلیل ہوتا ہے، اور بلا اس انسان کی دلیل ہے جو ڈانس اور رقص کی وجہ سے لوگوں کے دلوں میں پیارا ہو گیا ہو، اگر خواب میں بلا اور چوہا یا بھیڑیا اور بھیڑ متفق ومتحد ہوئے ہوں تو یہ نفاق اور چاپلوسی یا رعایا سے عدل وانصاف کی دلیل ہے اور بلی اس عورت کی دلیل ہوتی ہے جو اپنی اولاد کی تادیب وتربیت کا اشتیاق رکھتی ہے، اگر بلے نے کسی انسان کو نوچا ہو تو یہ لڑنے والے دشمن کی دلیل ہے، اور کستوری والی بلی (بلی کے مانند ایک جانور ہے جس کے اندر خوشبو کی ایک تھیلی ہوتی ہے اس میں سے خوشبودار مادہ نکال کر بطور عطر استعمال کیا جاتا ہے اس کو عربی میں زباد کہتے ہیں) خواب میں دیکھنا ایسے آدمی کی دلیل ہے جس کے اندر برے لوگوں کی سی علامات بھی ہوں اور اچھے لوگوں کی سی عادات بھی ہوں۔

## ۱۲۷۲۔ السنونو (ابابیل پرندہ):

دیکھئے الخطاف (ابابیل پرندہ)

Marfat.com

## ۱۲۷۳۔ السھر (بے خوابی):

خواب میں بے خوابی کی کیفیت دیکھنا تمام مخلوق میں سب سے زیادہ محبوب شخص کے کھوجانے کی دلیل ہے، جیسے اہلیہ، اولاد یا دوست وغیرہ، اور جو دیکھے کہ وہ بہت بے خواب اور بیدار ہے نیند کا غلبہ اس پر نہیں ہوتا ہے تو وہ اپنے دوست و احباب سے جدا ہوگا۔

## ۱۲۷۴۔ السھم (تیر):

خواب میں تیر دیکھنا خط و کتابت اور قاصد کی دلیل ہے، نیز دشمن کے خلاف نصرت و قوت حاصل ہونے کی دلیل ہے، خواب میں اگر عورت ترکش میں ٹوٹے ہوئے سرے والا ایک تیر دیکھے تو یہ اس کے خاوند کا اس سے اعراض و انصراف ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ جو اپنے ہاتھ میں تیر دیکھے تو اس کو ولایت، عزت اور مال حاصل ہوگا، اور کمان سے نکلنے والے تیر کا ٹوٹنا ادائیگی پیغام سے اس کی عاجزی کی دلیل ہے، اور عورت کے لئے تیر اس کا شوہر ہے، اگر دیکھے کہ کسی عورت یا باندی نے اس کو تیر مارا ہے اور اس کے دل کے جا لگا ہے تو یہ اس سے ہنسی اور دل لگی کرتی ہے چنانچہ وہ شخص اس سے محبت کرے گا۔

## ۱۲۷۵۔ السھو (بھول جانا):

خواب میں بھول جانا غم و فکر و تکالیف اور شے کو بے محل اور بے موقع رکھنے کی دلیل ہے۔

## ۱۲۷۶۔ السھولۃ (آسانی):

دیکھئے الیسر (آسانی)۔

## ۱۲۷۷۔ السواد (سیاہ ہونا):

خواب میں سیاہ ہونا سیادت و مال ہے، اور سیاہ لباس پہننا اس شخص کا جو سیاہ لباس کا عادی ہو سیادت و بزرگی کی دلیل ہے، اور جو اس کا عادی نہ ہو اس کا سیاہ لباس پہننا غم و حزن کی دلیل ہے، ور ابن سیرینؒ ہر طرح کی سیاہی کو مال قرار دیتے تھے، اور جو شخص خواب میں دیکھے کہ اس نے کالی اور پست قد عورت سے شادی کی ہے تو اس کا کالا پن اس عورت کے مال کی کثرت اور اس کا پست قد ہونا اس کی عمر کا کم ہونا ہے، اور جو دیکھے کہ کسی نے اس کو نوبی (مصر کے جنوبی حصہ میں واقع نوبی قوم) سیاہ فام غلام کا ہدیہ بھیجا ہے تو اس کو کوئلہ کی بوریاں ہدیۃً بھیجی جائیں گی، اور بعض کہتے ہیں کہ سیاہ رنگ خواب میں دیکھنا قابل تعریف نہیں ہے، کیونکہ اس کے لفظ میں (سواد میں) سوء (بمعنی برائی) مذکور ہے، اور بدن کا سیاہ ہونا سیادت کی دلیل ہے، اور اگر خواب میں سیاہ رنگ سفید ہوگیا ہو تو یہ خوبصورت تعریف، گناہوں کے ترک کرنے اور کفر کے بعد ایمان اختیار کرنے کی دلیل ہے، اگر اس کے ہاتھ سفید ہوئے ہوں نہ کہ بدن تو یہ خواب صالحین کے لئے کرامات کے ظہور، دشمن پر غلبہ، اکابرین کے قرب، شان کی بلندی کی دلیل ہے اور تمام سوڈانی سوددانی (سرداری و عظمت) کی دلیل ہے، اور حبشی حُبِّ شے (کسی چیز سے محبت) کی دلیل ہے۔

Marfat.com

## ۱۲۷۸۔ السوار (کنگن):

اگر کوئی مرد خواب میں اپنے ہاتھ میں کنگن دیکھے تو یہ تنگی کی دلیل ہے، اگر کنگن سونے یا چاندی کے ہوں تو وہ نیک صالح آدمی ہے نیک کاموں میں لگا ہوا ہے، اور جو اپنے ہاتھ میں سونے کے کنگن دیکھے تو اس کے ہتھکڑی پہنائی جائے گی، اگر خواب میں بادشاہ کو دیکھے کہ اس نے اپنی رعایا کے ہاتھوں میں کنگن پہنائے ہیں تو وہ ان کے ساتھ نرمی کرتا ہے، اوران کے معاملات میں انصاف سے کام لیتا ہے، اور لوگوں کو برکت اور کسب و معاش ملے گا، اگر بادشاہ کے ہاتھ میں کنگن پہنائے گئے ہیں تو یہ فتح کی نشانی ہے۔ جو اس کے ہاتھوں فتح ہوگی اور نیک نامی اور شہرت ہوگی، اور کنگن نرینہ اولاد یا خادم ہے اور عورت کے لئے کنگن نعمت و سرور ہے، اور خواب میں چاندی کے کنگن دیکھنا مال کے اضافہ کی دلیل ہے، اور مرد کا کنگن پہننا فکر و پریشانی اور عورت کے لئے زینت ہے، اگر کسی میت کو کنگن پہنے دیکھے تو وہ جنت میں ہے، اور کنگن غیر شادی شدہ کے حق میں شادی کی دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ چاندی کے کنگن خواب میں پہننا دین و تقویٰ کی دلیل ہے، اس لئے کہ کنگن اہل جنت کے زیورات میں سے ہے، اگر کنگن ہڈی یا ہاتھی دانت کے ہوں تو یہ باندیوں اور آزاد لوگوں میں سے رذیل اور کمینہ اشخاص کی دلیل ہے، یا پھر غمگین ہونے اور تسلی پانے کی دلیل ہے، کبھی کنگن شہر کے وقوعہ یا شہر میں آنے یا شہر سے باہر جانے والی چیز کی دلیل ہوتے ہیں،

## ۱۲۷۹۔ السواک (مسواک):

جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ مسواک کرتا ہے تو وہ مسواک کے استعمال کے مطابق رسول اللہ ﷺ کی سنتوں میں سے ایک سنت کو قائم کرتا ہے، اور وہ اپنے عزیز و اقارب کے ساتھ حسن سلوک کرنے والا اور ان کی مشقتوں کو برداشت کرنے والا ہوگا۔ اگر دیکھے کہ وہ پاخانہ مل کر مسواک کرتا ہے (یعنی دانتوں میں اسے ملتا ہے) تو وہ حرام مال کے ساتھ سنت کو قائم کرتا ہے، اگر دیکھے کہ وہ مسواک کرتا ہے اور اس کے دانتوں سے خون نکلتا ہے تو وہ اپنے گناہوں سے باز آئے گا یا وہ ایسا آدمی ہے جو لوگوں کے گوشت کو کھاتا ہے (غیبت کرتا ہے)۔

اور مسواک قول میں احتیاط اور کبھی گناہوں سے پاکی اور کفر کے بعد اسلام کی دلیل ہوتی ہے، اور کبھی ایسے عمل کی دلیل ہوتی ہے جو اللہ تعالیٰ کے قرب کا ذریعہ ہے، نیز وعدہ وفائی کی دلیل ہے، اور مسواک غیر شادی شدہ عورت کیلئے شادی کی دلیل ہے۔

## ۱۲۸۰۔ السوءۃ (شرمگاہ):

دیکھئے العورۃ (شرمگاہ)

## ۱۲۸۱۔ السئوال (سوال کرنا):

خواب میں سوال کرنا آثار (نشانات) کے پیچھے چلنے اور امور میں ثابت قدمی کی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ جیسے وہ

Marfat.com

سوال کررہا ہے تو وہ علم کا طالب ہے، اور اللہ تعالیٰ کی رضا کی خاطر تواضع اختیار کرتا ہے اس کا رتبہ بلند ہوگا۔

## ۱۲۸۲۔ السوبیا (سوبیا مشروب):(۱)

خواب میں سوبیا راحت وسکون، رزق اور پینے والے میں برائی پیدا ہونے کی دلیل ہے، اگر صاحب خواب غیر شادی شدہ ہے تو ممکن ہے کہ وہ مطلقہ عورتوں کی تحلیل کرنے والا ہو (یعنی زوجِ اوّل کے لئے حلال کرنے کی غرض سے مطلقہ سے نکاح کرے)۔

## ۱۲۸۳۔ السور (شہر کی فصیل):

خواب میں شہر کی فصیل زور آور لوگ یا طاقتور بادشاہ یا حفاظت کرنے والا رئیس ہے، کبھی شہر کی فصیل دیکھنا شہر کے عابد یا شہر کے عالم یا حق و باطل کے درمیان فاصل راستہ کی دلیل ہوتی ہے، اور کبھی گزرنے کی علامت ہوتی ہے، جب فصیل مال و دولت کی دلیل ہو تو یہ فصیل اس کے مقاصد، سامانِ حرب کی تیاری، اسلحہ و ذخائر ہیں، اگر فصیل ملک و بادشاہت کی دلیل ہو تو پھر اس کے مقاصد اس کی محافظت ہے، اور جو دیکھے کہ وہ شہر کی کسی فصیل میں ہے تو یہ دشمن سے امن یا خوف سے حفاظت کی دلیل ہے، اگر وہ کنوارا ہے تو شادی ہوگی، اور جو خواب میں شہر کی فصیل کو منہدم دیکھے تو اس شہر کا عامل فوت ہوگا یا اپنے عمل سے برطرف ہوگا۔ اگر دیکھے کہ اس نے فصیل کے اندر شگاف ڈالا ہے حتیٰ کہ پھر شہر میں شیر یا سیلاب آ گیا ہے تو اس شہر میں اسلام کی پوزیشن کمزور ہوگی، اور علم کا بازار ماند پڑے گا، اور نا معلوم فصیل اسلام، علم، قرآن پاک اور مال و امان اور پرہیز گاری و دعا کی دلیل ہے، نیز ہر اس چیز کی دلیل ہے جس سے تمام دشمنان اور تمام برائیوں سے حفاظت کی جاتی ہے اور محفوظ ہوا جاتا ہے۔

## ۱۲۸۴۔ قرآن کریم کی سورتیں:

خواب میں قرآن کریم کی سورتیں پڑھنا مریض کی موت کی دلیل ہے، اور سورت ولد یا زوجہ یا دراھم یا دنانیر ہیں، اور یہ سب کچھ سورت کی تعداد کے بقدر ہے۔

## ۱۲۸۵۔ سورۂ ابراہیم:

حضرت جعفر الصادق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے والد رضی اللہ عنہ نے مجھ سے یہ بیان کیا کہ انہوں نے حاجب بن عبداللہ سے خواب میں اس سورت کے پڑھنے والے کے متعلق پوچھا تو انہوں نے فرمایا کہ: میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو فرماتے ہوئے سنا ہے وہ فرماتی تھیں کہ وہ شخص تسبیح کرنے والوں اور رجوع الی اللہ کرنے والوں میں سے ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ یہ سورت دفعِ پریشانی کا سبب ہے اور اس کو اتنا اجر وثواب عطا ہوگا جتنی تعداد میں بت

---

(۱) السوبیا: اہل مصر کا ایک مشروب جو چاول اور شکر سے بنایا جاتا ہے۔

Marfat.com

پرست روزِ قیامت تک بت پرستی کریں گے، (یعنی قیامت تک کے بت پرستوں کی تعداد کے بقدر اجر ملے گا) اور دنیا میں وہ جس چیز سے ڈرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو اس سے نجات دیں گے، اور بعض کہتے ہیں کہ اس سورت کے پڑھنے والے کا دین اور معاملہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک اچھا ہوگا۔

## ۱۲۸۶۔ سورۂ احزاب:

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اگر خواب میں سورۂ احزاب کسی شخص کے سامنے پڑھی جائے تو وہ اپنے اہل خانہ سے حسد کرنے والا ہے، حضرت جعفر الصادق نے بھی ایسا ہی فرمایا ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ جو یہ سورت پڑھے وہ متقیوں میں سے ہے، اور حق گو ہے، باطل سے منحرف ہے، اور صالحین سے محبت کرنے والا ہے، اور وہ عذاب قبر سے مامون رہے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ اس کو کامیابی اور مدد ایسی جگہ سے حاصل ہوگی کہ وہ جانتا بھی نہیں ہوگا۔

## ۱۲۸۷۔ سورۂ احقاف:

اگر خواب میں کسی انسان کے سامنے سورۂ احقاف پڑھی گئی ہو تو وہ عجائباتِ قدرت کا طالب ہے، اور اللہ تعالیٰ کی عظمت وسلطنت میں غور وفکر کرنے والا ہے، بعض کہتے ہیں کہ وہ اپنے والدین کا نافرمان ہے لیکن پھر سچی توبہ کرے گا، اور والدین سے اچھا سلوک کرے گا۔ حضرت جعفر الصادق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ خواب میں جس نے سورۂ احقاف تلاوت کی ہو تو ملک الموت (موت کا فرشتہ) اس کے پاس اچھی صورت میں آئے گا، اور وہ اس کے ساتھ مہربانی سے پیش آئے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ ایسا شخص ایسی جگہ سے جہاں سے اسے خیر کی امید ہو غم وشدت پیش آئے گی۔

## ۱۲۸۸۔ سورۂ اخلاص:

خواب میں جو سورۂ اخلاص پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو وہ توحید باری تعالیٰ کا قائل ہے، اور اسے کبھی بھی اولاد نصیب نہیں ہوگی، اور بعض کہتے ہیں کہ ایسے کو اللہ تعالیٰ کا "اسمِ اعظم" حاصل ہوگا، اور اس کی دعا قبول ہوگی اور اس کا حال اچھا ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ اگر ایسا شخص خائف ہے تو باامن ہوگا، اگر مظلوم ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی مدد فرمائیں گے، اور بعض کہتے ہیں کہ ایسے شخص کو توبۃ نصوح (سچی خالص توبہ) اور ایمانِ صادق نصیب ہوگا۔

## ۱۲۸۹۔ سورۂ اسراء:

خواب میں جو سورۂ اسراء پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو وہ ایسا ہے جیسے امام نافعؒ اور ابن کثیرؒ نے فرمایا ہے یعنی اس پر مصیبت آئے گی یا اس پر تہمت والزام تراشی کا خدشہ ہے جبکہ وہ اس سے بری ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ ایسا شخص عند اللہ باوجاہت اور عند الناس متقی ہوگا، اور اس کا نافرمان لڑکا ہوگا جس کا انشاء اللہ بعد میں حال درست ہو جائے گا۔

Marfat.com

## ۱۲۹۰۔ سورۂ اعراف:

خواب میں جو یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو اسے کل علم میں سے ایک جزو عطا ہوگا، جیسا کہ امام نافعؒ وابن کثیرؒ نے فرمایا، اور حالتِ مسافرت میں فوت ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ مؤمن اور دین کا معترف ہوگا، اور اس کے قدم طورِ سیناء کو روندیں گے (یعنی اس پر چلیں گے)، اور بعض کہتے ہیں کہ جو یہ سورت پڑھے تو وہ سفر پر روانہ ہوگا اور وہ ابلیس اور اس کے مکاید (چالوں) سے محفوظ ہوگا، اور حضرت آدم علیہ السلام روزِ قیامت اس کی شفاعت کریں گے، اور بعض کہتے ہیں کہ سورۂ اعراف پڑھنا دشمن کی مصیبت پر خوشی کا اظہار اور اس کو بری حالت میں دیکھنا ہے۔

## ۱۲۹۱۔ سورۂ اعلیٰ:

حضرت جعفر الصادق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ خواب میں جو یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو وہ بکثرت تسبیح پڑھنے والا ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ آخرت کو دنیا پر ترجیح دیتا ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ اس پر نسیان (بھولنے) کا خدشہ اور حفظ (یاد رکھنے) کی امید ہے۔

## ۱۲۹۲۔ سورۂ انبیاء:

حضرت جعفر الصادق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ خواب میں جو یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو اللہ تعالیٰ اس کو حظِ عظیم (بڑا حصہ) عطا فرمائیں گے، اور بعض کہتے ہیں کہ اس کو انبیاء کا علم اور ان کی سی عاجزی عطا ہوگی، اور بعض کہتے ہیں کہ اسے شدت کے بعد کشادگی، تنگی کے بعد آسانی ملے گی اور اسے علم یا خشوع کی دولت ملے گی، اور بعض کہتے ہیں کہ اسے انبیاء علیہم السلام کی سی نماز اور دعا نصیب ہوگی، اور دشمنوں کے خلاف اس کی نصرت ہوگی، اور بعض کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اس کو امانت اور طاعات (نیک کام) پر توجہ عطا فرمائیں گے۔

## ۱۲۹۳۔ سورۂ انسان:

حضرت جعفر الصادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ خواب میں جو سورۂ انسان پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو وہ آلِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو خوش کرے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ اسے شکر، عبادت و پرہیزگاری نصیب ہوگی، اور وہ دوسرے کو اپنے پر ترجیح دے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ کثرت سے صدقہ کرنے والا ہے اور خوش خلق ہوگا، اور اسے سعادت حاصل ہوگی، اور اس کی زندگی خوشگوار ہوگی۔

## ۱۲۹۴۔ سورۂ الم نشرح:

حضرت جعفر الصادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جس نے سورہ الم نشرح پڑھی یا اس کے سامنے پڑھی گئی ہو تو وہ مختلف امراض، علتوں اور بیماریوں سے محفوظ ہوگا، اور ایک قول یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اسلام کے لئے اس کا سینہ کھول دیں گے،

Marfat.com

اورایک قول یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے امور اس کے لیے آسان کردیں گے اور اس کی پریشانیاں دور ہوں گی۔

## ۱۲۹۵۔ سورۂ انشقاق:

حضرت ابوبکر الصدیق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس نے یہ سورت پڑھی یا اس کے سامنے پڑھی گئی تو اس کے حق میں یا اس کے خلاف دعویٰ کیا جائے گا، اگر عورت نے یہ سورت تلاوت کی ہے تو اس کا خاوند اس کو طلاق دے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ اپنا محاسبہ کرے گا، اور اللہ تعالیٰ اس کو اس کا نامۂ اعمال قیامت کے روز دائیں ہاتھ میں عطا فرمائیں گے، اور ایک قول یہ ہے کہ یہ سال سرسبز اور شاداب ہوگا، اور اس کو صرف بنات (بیٹیاں) دی جائیں گی، اور وہ بلوغ سے قبل ہی فوت ہوں گی۔

## ۱۲۹۶۔ سورۂ انعام:

جو خواب میں سورۂ انعام پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو حضرت جعفر الصادق رضی اللہ عنہ، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اور امام کسائیؒ اور ابن فضالہؒ فرماتے ہیں کہ یہ سورت اہل وعیال کی سلامتی، بچوں کی حفاظت اور دنیا وآخرت میں رزق کے حصول کی بشارت ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ بلکہ اس شخص کو کثیر نعمتیں، بکریاں، مویشی، گائیں اور دوسرے جانور ملیں گے اور وہ دل کا سخی ہے۔ اللہ تعالیٰ دونوں جہاں کے امور اس کے لئے جمع کردیں گے، اور اس پر رحم فرمائیں گے، اور اس کو رزق دیں گے، اور ستر ہزار فرشتے اس کے لئے دُعا واستغفار کریں گے۔

## ۱۲۹۷۔ سورۂ انفطار:

جیسا کہ حضرت نافعؒ وابن کثیرؒ فرماتے ہیں کہ جو یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو وہ نماز میں سستی کرنے والا اور بے وقت ادا کرنے والا ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ اس کو سلطان کی صحبت ملے گی، اور بعض کہتے ہیں کہ اسے چاہئے کہ اپنے ہمسائیوں سے احتیاط کرے تاکہ وہ اس کو کسی قباحت پر اذیت نہ پہنچا سکیں۔

## ۱۲۹۸۔ سورۂ انفال:

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ جو یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو اسے عزت کا تاج پہنایا جائے گا، اور وہ کامیاب ہوگا، حضرت جعفر الصادق رضی اللہ عنہ نے بھی اسی طرح فرمایا ہے، لیکن انہوں نے مزید فرمایا کہ وہ دین کے اعتبار سے باسلامت ہوگا، ابن فضالہؒ فرماتے ہیں کہ وہ بادشاہ ہے تو منصور ہوگا، اگر عالم دین ہے تو متقی پرہیزگار ہوگا، اور بعض علماء فرماتے ہیں کہ اسے دشمنوں کے خلاف کامیابی ملے گی، اور ان سے مالِ غنیمت حاصل ہوگا اور بعض کہتے ہیں کہ اس کو غنیمت کا مال حلال ملے گا، اور نبی ﷺ روز قیامت اس کے لئے شفاعت فرمائیں گے۔

Marfat.com

**۱۲۹۹۔ سورۂ بروج:**

جیسا کہ حضرت جعفر الصادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جو سورۂ بروج پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو مسائل اور علم کی معرفت کی اللہ تعالیٰ اس کو محبت و رغبت دیں گے، اور بعض کہتے ہیں کہ اس کو علمِ نجوم دیا جائے گا، اور ایک قول یہ ہے کہ وہ ہموم و افکار سے نجات پائے گا۔

**۱۳۰۰۔ سورۂ بقرہ:**

حضرت نافعؒ و ابن کثیرؒ فرماتے ہیں کہ جو سورۂ بقرہ پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو اس کو طویل عمر، علم اور دین کی صلاح و بہتری عطا ہوگی، امام کسائیؒ بھی یہی فرماتے ہیں، اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ خواب میں جو یہ سورت تلاوت کرے تو وہ ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہوگا، اور جس جگہ منتقل ہوگا وہاں سعادت حاصل ہوگی، ابن فضالہؒ فرماتے ہیں کہ اگر خواب میں یہ سورت تلاوت کرے اور وہ عالم ہو تو اس کی عمر طویل ہوگی، اور حالت اچھی ہوگی، اور بعض علماء فرماتے ہیں کہ جو شخص سورۂ بقرہ خواب میں پڑھے تو وہ دین کو جمع کرنے والا اور ہر ثواب کے کام کی طرف جلدی کرنے والا اور طویل العمر ہوگا۔ شر اور برائی کم پیش آئے گی، اور تکلیفوں پر صبر کرنے والا ہوگا، خواب میں آیت الکرسی پڑھنا حافظے اور ذہانت کی دلیل ہے۔

**۱۳۰۱۔ سورۂ بلد:**

حضرت جعفر الصادق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جو شخص یہ سورۃ پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو وہ قسم کھائے گا اور وہ اس پر نادم ہوگا، اور ممکن ہے کہ وہ اس قسم میں جھوٹا ہو، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ یتیموں کی پرورش اور مسکینوں کو کھانا کھلائے گا اور رحم دل ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ اس کو خوف کے بعد امن حاصل ہوگا۔

**۱۳۰۲۔ سورۂ بینۃ:**

خواب میں جو یہ سورۃ پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو یہ سورۃ وعید اور بشارت کی دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ مشرکین کی ایک جماعت اس کے ہاتھ پر اسلام قبول کرے گی، اور بعض کہتے ہیں کہ فساد کے بعد ضمیر کی اصلاح حاصل ہوگی اور شک کے بعد یقین کی کیفیت حاصل ہوگی۔

**۱۳۰۳۔ سورۂ تحریم:**

حضرت جعفر الصادق اور ابن فضالہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ جو یہ سورۃ پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو وہ شخص ایک عورت سے دوچار ہوگا جو اس کو جسمانی یا مالی اذیت پہنچائے گی، اور وہ محارم (رشتہ داروں) سے اجتناب کرے

Marfat.com

گا۔ ان کے قریب نہیں ہوگا، اور ایسے کلام سے مطلع ہوگا جس پر اعتراض کیا گیا ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ اللہ تعالیٰ سے سچی اور خالص توبہ کرے گا۔

## ۱۳۰۴۔ سورۂ تغابن:

جو یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو وہ بعث بعد الموت (مرنے کے بعد زندہ ہونے) اور حشر نشر کے عقیدہ پر یقین رکھتا ہے، بعض کہتے ہیں کہ حادثاتی موت اس سے دور ہوگی، اور روزِ قیامت کے احوال (ہولناکیوں) سے مامون ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ ہدایت پر مستقیم (جما رہنا) رہے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ یہ خواب فرائض ترک کرنے پر اس کے لئے تنبیہ اور وعید ہے۔

## ۱۳۰۵۔ سورۂ تکاثر:

جو یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو وہ دنیا سے محبت کرتا ہے اور آخرت کو بھول چکا ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ یہ خواب رزق میں عسرت (تنگی) اور قرض کی کثرت کی دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ اس کے مال میں نقصان ہوگا اور وہ مال جمع کرنے سے غافل ہوگا۔

## ۱۳۰۶۔ سورۂ تکویر:

امام جعفر الصادق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جو یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے یہ سورت پڑھی جائے تو چوری میں اس کا حصہ ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ بجانبِ مشرق سفر کرے گا اور وہاں رزق ملے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ اس کو خشوع اور توبہ کی دولت نصیب ہوگی، اور اللہ تعالیٰ رسوائی سے اس کو بچائیں گے۔

## ۱۳۰۷۔ سورۂ توبہ:

حضرت نافعؒ وابن کثیرؒ فرماتے ہیں کہ جو یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو وہ صالحین سے محبت کرنے والا ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ اس وقت تک دنیا سے نہیں جائے گا جبتک کہ توبہ نہ کر لے، اور وہ لوگوں کے درمیان محبوب وپسندیدہ ہوگا، اور ایک قول یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے دین کی اصلاح فرمائیں گے، اور نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم قیامت کے دن اس کے حق میں اس بات کے گواہ ہوں گے کہ وہ نفاق سے بری ہے، اور دنیا میں منافقین کی تعداد کے برابر اسے اجر وثواب عطا ہوگا، فرشتے اس کے لئے دعاءِ استغفار کریں گے، اور اللہ تعالیٰ اس کو اخلاص کی دولت عطا فرمائیں گے۔

## ۱۳۰۸۔ سورۂ تین:

جو یہ سورت خواب میں پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو یہ حزن وغم اور وعید وتنبیہ ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ انبیاء علیہم السلام، اولیاء کرام اور اصفیاءِ عظام کا سا عمل حاصل ہوگا، بعض کہتے ہیں کہ اس کو رزق، برکت اور عمر کی

Marfat.com

درازی حاصل ہوگی، ممکن ہے کہ وہ کوئی قسم کھائے، اور جبکہ بعض کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ بجلدی اس کی حاجات پوری فرمائیں گے، اور اس کا رزق آسان کریں گے، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ علمِ نافع سیکھے گا، اور اللہ تعالیٰ اس کو دین و دنیا اور آخرت میں عافیت سے نوازیں گے۔

۱۳۰۹۔ سورۂ جاثیہ:

جو یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو اسے زھد (دنیا سے بے رغبتی) کی دولت ملے گی، اور وہ خشوع کرنے والوں میں سے ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ اللہ تعالیٰ کا خوف رکھتا ہے اور برائی سے نجات کی امید اس کے لئے کی جاتی ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اس کے عیوب کی پردہ پوشی فرمائیں گے، اور خوف دور فرمائیں گے، اور قیامت کے دن اس کا حشر با امن ہوگا۔

۱۳۱۰۔ سورۂ جمعہ:

جو شخص یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو اللہ تعالیٰ دنیا و آخرت میں حصہ و نصیب جمع کریں گے، اور جمعہ کے لئے آنے والے مسلمانوں کی تعداد کے برابر اسے اجر و ثواب عطا کیا جائے گا۔

۱۳۱۱۔ سورۂ جن:

حضرت جعفر الصادق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جو یہ سورت خواب میں پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو وہ رزق کی تنگی میں مبتلا ہوگا لیکن پھر اللہ تعالیٰ رزق میں وسعت و فراخی پیدا فرمائیں گے، اور جنات اس کے تابع ہوں گے، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ ظالم قوم کی تکلیفیں برداشت کرے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اس کو جنات کے شر سے حفاظت فرمائیں گے، اور بعض کہتے ہیں کہ اسے الہام اور دقیق نافع فہم عطا ہوگی۔

۱۳۱۲۔ سورۂ حاقہ:

جو شخص یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے اور وہ منبر پر کھڑا ہو تو اس کو اسلام میں بدعت نکالنے پر پھانسی ہوگی۔ ابن المسیبؒ فرماتے ہیں کہ اگر یہ سورت بیٹھ کر پڑھی ہو تو اس کو کوڑے لگیں گے، اور حضرت جعفر الصادقؒ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی بادشاہ یہ سورت خواب میں پڑھے تو اس کی بادشاہت زائل ہوگی۔ اگر کوئی گواہ اس کو پڑھے تو وہ اپنی گواہی سے رکے گا۔ اگر کوئی علیل (بیمار) اس کو پڑھے تو وہ وفات پائے گا، اگر کسی عورت نے یہ سورت تلاوت کی ہو تو اس کا شوہر اس کو طلاق دے گا، عبداللہ بن فضالہؒ وغیرہ اسی طرح فرماتے ہیں، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ کسی مصیبت میں مبتلا ہوگا اور اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول کریں گے، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ اپنے ہاتھ سے حق قائم کرے گا اور چالیس روز تک اس کو خیر حاصل ہوگی۔

Marfat.com

## ۱۳۱۳۔ سورۂ حج:

حضرت نافعؒ اور ابن کثیرؒ فرماتے ہیں کہ جو یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو اسے کئی بار حج نصیب ہوگا، اور ابن فضالہؒ فرماتے ہیں کہ اِلّا یہ کہ وہ مریض ہو کیونکہ وہ فوت ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ فریضۂ حج ادا کرے گا۔

## ۱۳۱۴۔ سورۂ حجر:

امام نافعؒ اور ابن کثیرؒ فرماتے ہیں کہ جو شخص یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو وہ مسکین ہو کر مرے گا، اور ابن فضالہؒ فرماتے ہیں کہ اگر وہ قاضی ہو تو اس کی موت قریب آ چکی ہے، اگر بادشاہ ہے تو وہ حُسنِ سیرت رکھتا ہے، اگر وہ تاجر ہے تو وہ اپنے اہل خانہ پر مہربانی کرے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ عند اللہ اور عند الناس قابلِ تعریف اور پسندیدہ ہوگا اور بعض کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اس کو اچھا رزق عطا کریں گے، اور مہاجرین وانصار کی تعداد کے برابر اجر دیں گے، اور بعض کہتے ہیں کہ سورۂ حجر کا پڑھنا معاصی اور گناہوں سے باز آنے کی دلیل ہے، اگر کوئی عالم اس کی تلاوت کرے تو وہ حالتِ مسافرت میں وفات پائے گا۔

## ۱۳۱۵۔ سورۂ حجرات:

جو شخص یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے کوئی اور پڑھے تو قرآن مجید میں موجود احکامِ الٰہی کی اتباع نصیب ہوگی، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ رشتہ داروں اور بھائیوں سے اچھا برتاؤ کرتا ہے، اور صلاح و نیکی میں لوگوں کو جمع کرتا ہے، اور اس کو اللہ تعالیٰ کے فرمانبرداروں اور نافرمانوں کی تعداد کے مطابق اجر حاصل ہوگا۔

## ۱۳۱۶۔ سورۂ حدید:

حضرت ابوبکر الصدیق رضی اللہ عنہ اور امام جعفر الصادقؒ فرماتے ہیں جو شخص یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو اس کو اللہ تعالیٰ کے دین کی قوت حاصل ہوگی، اور خوش اخلاق ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ اس کو نیکی، لوگوں کی تعریف اور جسمانی بدنی صحت عطا ہوگی، اور جبکہ بعض کہتے ہیں کہ اس کو مال و خیر حاصل ہوگی، اور ان لوگوں میں اس کا نام لکھا جائے گا جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ پر ایمان لائے ہیں۔

## ۱۳۱۷۔ سورۂ حشر:

خواب میں جو شخص یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو اللہ تعالیٰ اس کا حشر نیک لوگوں کے ساتھ فرمائیں گے، اور بعض کہتے ہیں کہ اس کو فسادِ دین کے بعد دین کی اصلاح و درستگی حاصل ہوگی، اور وہ فکر سے نکل کر کشادگی

Marfat.com

کی طرف آئے گا، اگر وہ مسافر ہے تو سفر سے واپس لوٹے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اس کے دشمنوں کو ہلاک و تباہ کریں گے، اور ایک قول یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو مال عطا کریں گے، اور قیامت کے دن اس کا حشر باامن کریں گے، اور حضرت جعفر الصادقؒ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اس کا قیامت کے روز اس حال میں حشر فرمائیں گے کہ اس سے راضی و خوش ہوں گے۔

## ۱۳۱۸۔سورۂ دخان:

جو یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو وہ دشمن سے نجات حاصل کرے گا، اور اس کو رفعت و بلندی ملے گی، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ جواہر کا طالب ہے، اور وہ مالداری سے نوازا جائے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ جابر لوگوں کے ظلم و غلبہ سے مامون رہے گا، اور قبر اور دوزخ کے عذاب سے محفوظ ہوگا، اور اس کا ایمان و یقین مضبوط و قوی ہوگا۔

## ۱۳۱۹۔سورۂ ذاریات:

جو شخص یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو اس کو زمین کی نباتات سے رزق حاصل ہوگا، اور اس کی اس شخص کے ساتھ موافقت ہوگی جو اس سے معاشرت رکھے گا۔

## ۱۳۲۰۔سورۂ رحمٰن:

جو شخص خواب میں سورہ رحمٰن پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو اللہ تعالیٰ اس کو حرمین شریفین میں سے کسی ایک کی جانب یا اسکندریہ کی طرف لے جائیں گے، اور بعض کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اس پر اپنی رحمت فرمائیں گے، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ قرآن کریم حفظ کرے گا، اور دین کی سمجھ بوجھ حاصل کرے گا، اور کثیر علم حاصل کرے گا، اگر اس کے دشمن ہوں تو وہ اس کو نقصان نہیں پہنچا سکیں گے، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ بیت المقدس سکونت اختیار کرے گا، اور ایک قول یہ ہے کہ اس کو دنیا کی نعمت حاصل ہوگی۔

## ۱۳۲۱۔سورۂ رعد:

جیسا کہ حضرت ابوبکر الصدیقؓ اور حضرت جعفر الصادقؒ فرماتے ہیں کہ جو شخص یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے یہ سورت پڑھی جائے تو اس کی موت قریب آ گئی ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ دعاؤں کو یاد کرنے والا ہوگا، اور وہ جلدی بوڑھا ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ سلطان کے خوف و خطر سے محفوظ رہے گا، اور بہت زیادہ اللہ تعالیٰ کے سامنے تضرع اور گڑگڑائے گا، اور ہر بادل کے وزن کے بقدر وہ اجر و ثواب سے نوازا جائے گا، جو اللہ نے قیامت کے دن تک پیدا کیا ہے، اور وہ اللہ تعالیٰ کے عہد کے مطابق ایمان والوں میں سے شمار ہوگا۔

Marfat.com

## ۱۳۲۲۔سورۂ روم:

حضرت نافعؒ اور ابن کثیرؒ فرماتے ہیں کہ جو یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائی تو اس کے دل میں نفاق ہوگا، اور ابن فضالہؒ فرماتے ہیں کہ اگر وہ عالم یا قاضی ہے تو وہ حافظ ہوگا، اور وہ ظالم ہوگا، اگر وہ تاجر ہے تو بڑا فائدہ اس کو حاصل ہوگا، اگر صاحب خواب بادشاہ ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے ہاتھ سے کفر کا ایک بہت بڑا شہر فتح کروائیں گے، اور اللہ تعالیٰ اس کے ہاتھ سے بہت سے لوگوں کو ہدایت دیں گے، اور بعض کہتے ہین کہ اس کو مال وغلمان (خادم) حاصل ہوں گے، اور اس کا وہ کام پورا ہوگا جس کا وہ ارادہ رکھتا ہے یا کسی سے خصومت ہوگی اور کامیابی اس کو حاصل ہوگی، اگر مسلمان جنگ میں ہوں تو وہ غالب ومنصور ہوں گے۔

## ۱۳۲۳۔سورۂ زخرف:

جوشخص یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو اس کا رزق قلیل ہوگا، اور وہ دنیا کی طلب سے کمزور پڑے گا، اور وہ زبان کا سچا ہوگا، دنیا کا حصہ کم حاصل ہوگا اور آخرت میں سعادت مند ہوگا، اور وہ ان میں سے ایک ہوگا جن کیلئے قیامت کے روز اعلان ہوگا کہ ”یاعبادی لا خوف علیکم الیوم ، ولا أنتم تحزنون“ (الزخرف:۶۸) یعنی اے میرے بندو! آج نہ تم پر خوف ہے اور نہ تم غمگین ہوں گے۔

## ۱۳۲۴۔سورۂ زلزلہ:

جوشخص خواب میں یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو شیطان مردود اس کو اس جگہ پر فتنہ میں ڈالے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اس کے ذریعے اہل ذمّہ کو ہلائے گا اور جھنجھوڑے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ اس کو رزق و مال حاصل ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ سلطان سے خوفزدہ ہوگا۔

## ۱۳۲۵۔سورۂ زمر:

جو یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو وہ کثیر علم حاصل کرے گا، بعض کہتے ہیں کہ وہ قیامت کے روز مومنوں کے ساتھ صفِ اول میں ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ اس کا خاتمہ اچھا ہوگا اور زیادہ زمانہ زندہ رہے گا۔

## ۱۳۲۶۔سورۂ سبا:

جو یہ سورت خود پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی گئی ہو تو وہ دنیا سے بے رغبت ہوگا، ممکن ہے کہ کوئی نعمت اس سے زائل ہو پھر واپس لوٹ آئے یعنی دوبارہ مل جائے، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ شجاع بہادر ہوگا، اسلحہ برداری پسند کرے گا۔

## ۱۳۲۷۔سورۂ سجدہ:

حضرت جعفر الصادق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جوشخص یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو وہ عقیدہ

Marfat.com

توحید میں قوی ومضبوط اور نفس کے اثرات سے سالم ومحفوظ ہوگا، بعض کہتے ہیں کہ وہ حالتِ سجدہ میں وفات پائے گا اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک فائز وکامران لوگوں میں سے ہوگا، بعض کہتے ہیں کہ دنیا میں وہ زہد (دنیا سے بے رغبتی) اور پرہیزگاری سے نوازا جائے گا، اور اس کو اس شخص کی طرح اجر ملے گا جو شبِ قدر میں عبادت کرے، اور اسے اللہ تعالیٰ کا قرب نصیب ہوگا، اور ایک قول یہ ہے کہ وہ نماز تہجد سے محبت رکھتا ہے۔

## ۱۳۲۸۔ سورۂ شعراء:

حضرت ابوبکر الصدیق رضی اللہ عنہ اور حضرت جعفر الصادق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جو شخص یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو اس کے رزق میں تنگی ہوگی اور بغیر تکلیف کے کوئی چیز حاصل نہیں ہوگی، اور بعض کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اس کو تہمت، دروغ گوئی اور گناہ سے محفوظ رکھیں گے، اور اس کو جھوٹ اور بدکلامی سے منزہ و پاک رکھیں گے۔

## ۱۳۲۹۔ سورۂ شمس:

امام نافعؒ اور امام ابن کثیرؒ فرماتے ہیں کہ جو خواب میں دیکھے کہ اس نے یہ سورت پڑھی ہے یا اس کے سامنے پڑھی گئی ہے تو وہ عادل بادشاہ کے ہمراہ کسی شہر، ملک میں پڑاؤ ڈالے گا یا تمام چیزوں میں وہ نصرت وظفریابی سے نوازا جائے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ اسے نیک لڑکا عطا ہوگا، اور وہ دنیا میں پرامن اور آخرت میں بے خوف ہوگا۔

## ۱۳۳۰۔ سورۂ شوریٰ:

جو یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی گئی ہو تو وہ طویل العمر ہوگا اور فرشتے اس کے لئے دعا واستغفار کریں گے، بعض کہتے ہیں کہ اس کے علم وعمل میں اضافہ ہوگا، اور ایک قول یہ ہے کہ وہ مرض سے نکل کر صحت وعافیت کی طرف آئے گا۔

## ۱۳۳۱۔ سورۂ ص:

جو یہ سورت خواب میں پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو اس کا مال زیادہ ہوگا اور وہ اپنی صنعت و پیشہ میں باکمال اور ماہر ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ سچی قسم کھائے گا، اور گناہ سے توبہ تائب ہوگا۔

## ۱۳۳۲۔ سورۂ صافات:

جو شخص یہ سورت خواب میں پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی گئی ہو تو اللہ تعالیٰ اس کو رب تعالیٰ کا فرمانبردار بیٹا عطا فرمائیں گے، اور بعض کہتے ہیں کہ سرکش شیاطین اس سے دور ہوں گے، اور ایک قول یہ ہے کہ اسے حلال معیشت نصیب ہوگی، نیز دو زریہ اولاد، دین وخیر، گناہوں سے طہارت و پاکی اور اللہ عزوجل کا خوف عطا ہوگا۔

Marfat.com

## ۱۳۳۳۔ سورۂ صف:

جیسا کہ حضرت جعفر الصادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جو دیکھے کہ اس نے یہ سورت پڑھی ہے یا اس کے سامنے پڑھی گئی ہے تو وہ بدعتی قوم کے پاس حاضر ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ جہاد کرے گا اور راہِ خداوندی میں شہادت کی موت مرے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ اس کو ثابت قدمی، مراقبہ، ایفائے نذر یا قسم کے امور حاصل ہوں گے۔

## ۱۳۳۴۔ سورۂ ضحیٰ:

امام نافعؒ اور امام ابن کثیرؒ فرماتے ہیں کہ جو شخص یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی گئی ہو تو اس کو خیر حاصل ہوگی۔ بعض کہتے ہیں کہ اس کو بعد از خوف امن حاصل ہوگا نیز نا امیدی کے بعد امید اور مایوسی کے بعد بشارت ملے گی، اگر وہ نادار ہے تو مالدار ہو جائے گا، ممکن ہے کہ اس کی اجل قریب ہو۔

## ۱۳۳۵۔ سورۂ طلاق:

جیسا کہ حضرت جعفر الصادق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جو یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو وہ بیٹوں اور بیٹیوں سے نوازا جائے گا، بعض کہتے ہیں کہ تسبیح و تہلیل کے کلمات اس کو الہام ہوں گے، اور ایک قول یہ ہے کہ وہ چوروں سے خائف ہے۔

## ۱۳۳۶۔ سورۂ طٰہٰ:

امام نافعؒ اور امام ابن کثیرؒ فرماتے ہیں کہ جو یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی گئی ہو تو وہ ساحروں (جادوگروں) سے دشمنی کرے گا، اور اللہ تعالیٰ اس کے ہاتھوں ان کے سحر و جادو کا خاتمہ کر دیں گے، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ نماز تہجد اور نیکی کے کام پسند کرتا ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ دینی غفلت کو تاہی کا شکار ہوگا، اور ایک قول یہ ہے کہ اگر وہ مسافر ہے یا اپنے گھر سے غائب ہے تو واپس آ جائے گا، اور اس کے ہاتھوں بعض شریر لوگ ہلاک ہوں گے، اور اللہ تعالیٰ اس کو دشمنوں پر نصرت و غلبہ عطا کریں گے، اور اس کا آسان تر حساب لیں گے، اور فرشتے اس سے مصافحہ کریں گے اور اس کے لئے دعا و استغفار کریں گے۔

## ۱۳۳۷۔ سورۂ طور:

جو شخص یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے یہ سورت پڑھی گئی ہو تو وہ بیت اللہ شریف کا مجاور ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ اسے لڑکا عطا ہوگا جو بلوغ سے قبل ہی فوت ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ اعمال صالحہ کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرے گا یا مبارک شادی ہوگی۔

Marfat.com

## ۱۳۳۸۔سورۂ عادیات:

جو شخص یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی گئی تو اگر وہ مسافر ہے تو رہزنی کا شکار ہوگا، اگر وہ مسافر نہیں ہے تو وہ دنیا کا مال و متاع پسند کرتا ہے یا گھوڑے اور بھیڑ بکریاں رکھنا اس کو پسند ہیں، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ اللہ تعالیٰ کا بکثرت ذکر کرتا ہے، اور اس کی عمر طویل ہوگی، اور اس کی اچھی تعریف ہوگی۔

## ۱۳۳۹۔سورۂ عبس:

حضرت جعفر الصادقؒ فرماتے ہیں کہ جو شخص یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو وہ دے کر احسان جتانے والا اور ناپسندیدہ سیرت و اخلاق کا حامل ہے، امام کسائیؒ نے بھی یوں ہی فرمایا ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ کثرت سے صدقہ و زکوٰۃ دیتا ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ اس کے اندر لوگوں کو حقیر اور ذلیل و کمتر سمجھنے کی صفت موجود ہے۔

## ۱۳۴۰۔سورۂ عصر:

جو خواب میں یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو یہ سورت وعید و بشارت پر دلالت کرتی ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ اس کو کثیر نفع اور خیر و دولت ملے گا، اور وہ دشمن پر غالب ہوگا، اور ایک قول یہ ہے کہ اسے صبر کی توفیق ملے گی، اور اس کے مشکل امور اس کے لئے آسان ہوں گے۔

## ۱۳۴۱۔سورۂ علق:

خواب میں یہ جو سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو وہ نرینہ اولاد سے نوازا جائے گا، اور وہ بندۂ صالح ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ قرآن کریم سیکھے گا اور اس کی تفسیر کرے گا، اور اس کو کسی انسان کی طرف سے دھمکی پہنچے گی۔

## ۱۳۴۲۔سورۂ ال عمران:

حضرت ابوبکر الصدیقؓ اور امام نافعؒ و امام ابن کثیرؒ فرماتے ہیں کہ جو یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو وہ اپنے اہل کے سامنے کم نصیب والا ہے، بڑھاپے کے وقت وہ لڑکے نعمت سے سرفراز ہوگا، اور کثیر سفر پیش آئیں گے اور بعض کہتے ہیں کہ وہ لوگوں کی نظروں میں پسندیدہ اور ہر عیب سے بری ہوگا، اور وہ غیر اہل دین سے جدال کرے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ اس کو رزق و برکت حاصل ہوگی، اس کا ذہن صاف شفاف اور دل پاک ہوگا۔

## ۱۳۴۳۔سورۂ عنکبوت:

حضرت جعفر الصادقؒ فرماتے ہیں کہ جو خواب میں یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی گئی ہو تو یہ اس کیلئے بشارت ہوگی کہ اللہ تعالیٰ اس کی آزمائش کریں گے اور وہ تا دمِ حیات اللہ تعالیٰ کی امان و پناہ میں رہے گا، اور اس کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ڈھال اور دشمنوں سے نجات حاصل ہوگی، اور اس کو مومنوں اور مومنات کی تعداد کے برابر اجر و ثواب

Marfat.com

حاصل ہوگا''۔

## ۱۳۴۴۔ سورۂ غاشیہ:

حضرت جعفر الصادق رضی اللہ عنہ، اور امام کسائی '' فرماتے ہیں کہ جو شخص یہ سورت خواب میں پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی گئی ہو تو اگر اس پر معیشت کی تنگی ہو تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے معیشت میں وسعت عطا کریں گے، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ علم و زہد سے نوازا جائے گا، اور وہ ایک قوم پر خرچ کرے گا لیکن وہ شکر گزار نہیں ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ اس کا مرتبہ بلند ہوگا، اور اس کا ذکر و نام اور علم پھیلے گا''۔

## ۱۳۴۵۔ سورۂ غافر:

جو شخص خواب میں یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی گئی ہو تو وہ سچا مومن ہے، اور اس کے ہاتھ سے خیر کثیر جاری ہوگی، اور اسے دنیا و آخرت میں رفعت و بلندی نصیب ہوگی، اور اس کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے معافی اور مغفرت کا پروانہ ملے گا''۔

## ۱۳۴۶۔ سورۂ فاطر:

جو یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو فرشتے اس کے لئے استغفار کرتے ہیں اور وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک پسندیدہ ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ مستجاب الدعوات (دعائیں قبول ہوں گی) ہوگا، اور جب دن قیامت کا ہوگا تو اس کو جنت کے آٹھوں دروازوں سے بلایا جائے گا اور کہا جائے گا کہ جس دروازہ سے چاہو داخل ہو جاؤ، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ دشمنوں کے خلاف ظفریاب اور منصور ہوگا''۔

## ۱۳۴۷۔ سورۂ فاتحہ:

جو شخص خواب میں سورۂ فاتحہ پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی گئی ہو تو اللہ تعالیٰ خیر کے اسباب و ابواب اس کے لئے کھول دیں گے، حضرت نافع، ابن کثیر، جعفر الصادق اور سعید بن المسیب رضی اللہ عنہم فرماتے ہیں کہ وہ ایک دعا کرے گا جو قبول ہوگی، امام کسائی '' نے بھی اسی طرح فرمایا ہے، امام کسائی '' مزید فرماتے ہیں کہ ''اس کو ایسا فائدہ حاصل ہوگا جس سے وہ مستغنی ہوگا''، اور حضرت ابوبکر الصدیق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ سورۂ فاتحہ کا قاری سات عورتوں سے شادی کرے گا، اور مقبول الدعا ہوگا، اور اس کی دلیل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فعل و عمل ہے کہ آپ سورۂ فاتحہ دُعا سے قبل اور دُعا کے بعد پڑھتے تھے، اور حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جو خواب میں اس سورت کی تلاوت کرے وہ اپنے دین کے لحاظ سے محفوظ ہوگا، لیکن اگر وہ مریض ہو تو اس کی اجل قریب آچکی ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ جو شخص یہ سورت خواب میں پڑھے تو اللہ تعالیٰ شر کے دروازے اس پر بند کر دیں گے اور خیر کے دروازے کھول دیں گے، اور بعض

Marfat.com

کہتے ہیں کہ خواب میں سورۂ فاتحہ پڑھنا حجِ بیت اللہ کی دلیل و علامت ہے''۔

## ۱۳۴۸۔ سورۂ فتح:

جو شخص یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو وہ بھائیوں اور عزیز و اقارب کے ساتھ حسنِ سلوک کرتا ہے، اور اس کو جہاد فی سبیل اللہ کی توفیق ہوگی، اور بعض کہتے ہیں کہ دنیا و آخرت کی سعادتیں اس کے لئے جمع ہوں گی، اور اس کی دعا قبول ہوگی اور تنگ حالی سے فراخ حالی کی طرف جائے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ خیر کے دروازے اس کے لئے کھولے جائیں گے، اور وہ اس شخص جیسا ہوگا جس نے نبی کریم ﷺ کے ہاتھ پر بیعت کی ہے۔

## ۱۳۴۹۔ سورۂ فجر:

جیسا کہ امام نافعؒ اور امام ابن کثیرؒ فرماتے ہیں کہ جو یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی گئی ہو تو وہ ایک سال بھی پورا نہ کر پائے گا کہ وفات ہوگی، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ ہیبت و رعب اور خوبصورتی سے نوازا جائے گا، اور وہ یتیموں اور مسکینوں سے محبت رکھتا ہے، اور اپنے لئے اور مومنوں کیلئے ایسی دعا کرے گا جس کے ذریعہ اللہ تعالیٰ اس کو نفع دیں گے۔

## ۱۳۵۰۔ سورۂ فرقان:

امام نافعؒ اور امام ابن کثیرؒ فرماتے ہیں کہ جو یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو وہ ان میں سے ہے جو حق بات کو پسند اور باطل کو ناپسند کرتے ہیں، اور اللہ تعالیٰ اسے بغیر حساب کے جنت میں داخل فرمائیں گے۔

## ۱۳۵۱۔ سورۂ فصلت:

جو شخص یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی گئی ہو تو وہ لوگوں کو ہدایت اور راہِ مستقیم کی طرف دعوت دیتا ہے، اور اس سورت کے حروف کی تعداد جتنا اجر و ثواب اور نیکیاں عطا ہوں گی، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ رضائے الٰہی کی خاطر علانیہ اور سراً اعمالِ صالحہ کرے گا۔

## ۱۳۵۱۔ سورۂ فلق:

جو شخص یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو یہ حُسنِ حالت اور دشمنوں پر غلبہ حاصل ہونے کی دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اس کا ذکر بلند کریں گے اور اللہ تعالیٰ کا ''اسمِ اعظم'' اسے عطا ہوگا، اور اس کی دعا قبول ہوگی، کوئی جن و انس اس کو ضرر نہیں پہنچا سکے گا، اور وہ حسد اور افکار و پریشانیوں کے شرور سے مامون ہوگا، ایک قول یہ ہے کہ اس کے حالات اس قدر اچھے ہوں گے کہ دوسرے حسد کریں گے۔

## ۱۳۵۳۔ سورۂ فیل:

جو شخص یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی گئی ہو تو وہ اپنے دشمنوں کے خلاف منصور ہوگا، اور بعض کہتے ہیں

Marfat.com

کہ اگر وہ بادشاہ ہے تو دشمن کے لشکروں کو شکست دے گا، اور اس کو فتح حاصل ہوگی، اور ایک قول یہ ہے کہ وہ حج کرے گا، اور ایک فتنہ پیدا ہوگا جس میں اللہ کے دشمن ہلاک ہوں گے، اور بعض کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اس کو دورانِ زندگی تہمت وخوف سے عافیت بخشیں گے۔

## ۱۳۵۴۔ سورۂ ق:

جو یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی گئی ہو تو اللہ تعالیٰ اس کو انبیاء علیہم السلام جیسے اعمال عطا کریں گے، اور بعض کہتے ہیں کہ اسے علم حاصل ہوگا اور اللہ تعالیٰ خیر کے دروازے اس پر کھول دیں گے، اور سکراتِ موت (موت کی سختی) اس پر آسان کردیں گے، اور اس کا رزق وسیع فرمائیں گے۔

## ۱۳۵۵۔ سورۂ قارعہ:

جو شخص یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو یہ بشارت وانذار (ڈرانے) کی دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ متقی پرہیز گار اور عابد وزاہد ہوگا۔

## ۱۳۵۶۔ سورۂ قدر:

جو یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی گئی ہو تو اس کے اعمال واحوال اچھے ہوں گے اور کثیر ثواب عطا ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ اس کو نصرت حاصل ہوگی، اور نیز گمان سے بھی کئی گنا زیادہ اعمال کی قبولیت حاصل ہوگی، اور وہ طویل زندگی گزارے گا حتی کہ عمر کے آخری حصہ کو پہنچے گا، اور اس کا مرتبہ بلند ہوگا، اور اسے شب قدر میں عبادت کرنے والے کی طرح اجر وثواب ملے گا۔

## ۱۳۵۷۔ سورۂ قریش:

جو شخص خواب میں یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی گئی ہو تو اگر وہ اہل ہدایت وامانت میں سے ہے تو یہ حجِ بیت اللہ کی دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ لوگوں کے درمیان اتحاد واتفاق پیدا کرتا ہے اور حاجتمندوں کو کھانا کھلاتا ہے اور اس کو بلامشقت رزق حاصل ہوگا، اور جس سفر کا اس نے پختہ ارادہ کیا ہے اس میں بہت زیادہ اس کو نفع ہوگا۔

## ۱۳۵۸۔ سورۂ قصص:

حضرت ابوبکر الصدیق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جو شخص یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے جنگل میں کسی زمینی چیز سے آزمایا جائے گا، اور حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ یہ آزمائش شہر میں ہوگی، اور بعض علماء فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو تورات وانجیل پڑھنے کا حکم اور خیر عطا فرمائیں گے، اور وہ بطریقِ حلال قارون کے خزانوں سے نوازا جائے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ اسے علم اور فہم حاصل ہوگا۔

Marfat.com

**۱۳۵۹۔ سورۂ قلم:**

جو شخص یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی گئی ہو تو وہ عجائباتِ قدرت کو دیکھے گا اور بعض کہتے ہیں کہ وہ بلاغت سے نوازا جائے گا، اور وہ عالمِ عاقل اور خوش اخلاق ہوگا اور بعض کہتے ہیں کہ وہ دشمنوں پر غالب ہوگا۔

**۱۳۶۰۔ سورۂ قمر:**

جو شخص یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی گئی ہو تو وہ قید ہوگا اور پھر قید سے رہا ہوگا، اور اللہ تعالیٰ اہل شر کے شر کو دور فرمادیں گے اور قیامت کے دن اس حال میں آئیگا کہ اس کا چہرہ چودھویں رات کے چاند کی طرح ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ شک وشبہ اس کا دور ہوگا، اور فسادِ دین کے بعد صلاح و درستگی پیدا ہوگی، اور حضرت جعفر الصادقؒ فرماتے ہیں کہ اس کے لئے غرق کا خدشہ ہے، اور ابن المسیبؒ فرماتے ہیں کہ اس کی جماعت کی طرف سے اس کو خوف ہوگا، اور ابن فضالہؒ فرماتے ہیں کہ وہ دنیا سے کسی آزمائش سے ہی رخصت ہوگا۔

**۱۳۶۱۔ سورۂ قیامہ:**

جیسا کہ حضرت جعفر الصادقؒ فرماتے ہیں کہ جو یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو وہ کریم النفس (سخی) ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ جھوٹی سچی قسموں سے اجتناب کرے گا، چنانچہ وہ نہ جھوٹی قسم کھائے گا اور نہ سچی، امام کسائیؒ بھی اسی طرح فرماتے ہیں، اور بعض کہتے ہیں کہ یہ مظلوم آدمی ہے لوگ اس پر جور وظلم کرتے ہیں اور امید ہے کہ یہ کامیاب ہوگا۔

**۱۳۶۲۔ سورۂ کافرون:**

جو یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو یہ بدعت پر دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ کافروں اور منافقوں سے عداوت رکھتا ہے اور ان سے جہاد کرے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ اسے خالص ایمان اور صالح دینداری حاصل ہوگی۔

**۱۳۶۳۔ سورۂ کہف:**

امام نافعؒ اور امام ابن کثیرؒ فرماتے ہیں کہ جو شخص یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو اس کی عمر طویل اور حال اچھا ہوگا، اور وہ اپنی زندگی میں بڑی سعادت سے نوازا جائے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ اتنی زندگی گزارے گا کہ زندگی سے اکتا جائے گا، اور وہ خصائل دین کو یاد رکھنے والا ہوگا اور وہ مالدار ہوگا، اور آرزوئیں و امیدیں پوری ہوں گی، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ دشمنوں اور مخالفوں کی طرف سے خوف سے دوچار ہوگا اور دشمنوں سے نجات ملے گی۔

**۱۳۶۴۔ سورۂ کوثر:**

جو شخص خواب میں یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی گئی ہو تو وہ اہل آخرت (صالحین) کی مجلس میں بیٹھے

Marfat.com

گا، اور اپنے دشمنوں پر غلبہ پائے گا، اور اسے مالداری حاصل ہوگی، اور دونوں جہانوں میں اس کو کثرت سے خیریں حاصل ہوگی۔

## ۱۳۶۵۔ سورۂ لقمان:

جو یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی گئی ہو تو اللہ تعالیٰ اس کو کتاب وحکمت سکھائیں گے، اور اس کو یقینِ خالص سے نوازیں گے۔

## ۱۳۶۶۔ سورۂ لیل:

امام نافعؒ اور ابن کثیرؒ فرماتے ہیں کہ جو یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی گئی ہو تو اس کا رزق قلیل ہوگا اور وہ شہادت واطاعت الٰہی اور شب بیداری سے نوازا جائے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ اس کا رزق تنگ ہوگا۔

## ۱۳۶۷۔ سورۂ ماعون:

جو شخص یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی گئی ہو تو وہ ان لوگوں میں سے ہے جو روزِ جزا کی تصدیق نہیں کرتے ہیں لیکن نیک کام سے باز رہتے ہیں، اور اپنے مال کی زکوٰۃ نہیں نکالتے، اور بعض کہتے ہیں کہ ایک جماعت اس کی مخالفت کرے گی اور یہ ان پر غالب آئے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ اس کے پڑوسی اس سے نفع اٹھائیں گے اور اس سے راضی ہوں گے۔

## ۱۳۶۸۔ سورۂ مائدہ:

جیسا کہ امام نافعؒ اور امام ابن کثیرؒ فرماتے ہیں کہ جو یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو وہ کریم النفس اور کھانا کھلانے کو پسند کرنے والا ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ بلکہ اسے یقین، عبادت اور خشوع کی دولت نصیب ہوگی، اور بعض کہتے ہیں کہ اس کی شان بلند ہوگی، اور یقین (ایمان) قوی ہوگا، اور تقویٰ پرہیزگاری خوب ہوگی، اور اللہ تعالیٰ اسکی دعائیں قبول فرمائیں گے، اور وہ نصیبہ ور ہوگا، اور یہود ونصاریٰ کی تعداد کے برابر اسے اجر عطا کیا جائے گا، اور وہ ایک ظالم قوم کی وجہ سے آزمائش میں مبتلا ہوگا اور اسے رزق اور برکت حاصل ہوگی۔

## ۱۳۶۹۔ سورۂ مجادلہ:

امام نافعؒ اور امام ابن کثیرؒ فرماتے ہیں کہ جو یہ سورت خواب میں پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو اس کو ایک رذیل اور خسیس قوم کی طرف سے اذیت کا سامنا کرنا ہوگا۔ اور ابن فضالہؒ فرماتے ہیں کہ اگر وہ عالم ہو تو پھر کوئی چیز اس کو نقصان نہیں پہنچائے گی، اور جبکہ بعض کہتے ہیں کہ وہ ادیان باطلہ (باطل مذاہب) کے لوگوں سے بحث ومجادلہ کرے گا اور حجت وغلبہ اس کو حاصل ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ مقبول دعا کے ذریعہ اس شخص سے نجات پائے گا جو اس کو طلب

Marfat.com

کرے گا۔

**۱۳۷۰۔ سورۂ محمد ﷺ:**

جو شخص سورہ محمد ﷺ پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو وہ قیامت کے دن لوائے محمد ﷺ (حضور ﷺ کے جھنڈے) کے نیچے ہوگا، اور دنیا میں حضور ﷺ کی سنت پر قائم ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ اپنے دشمن پر غالب اور لوگوں میں بلند مقام ہوگا اور وہ صاحبِ شرف و ذکر ہوگا۔

**۱۳۷۱۔ سورۂ مدثر:**

جو شخص خواب میں یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی گئی ہو تو وہ طویل زمانہ صائم بالنہار (دن کو روزہ رکھنے والا) ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ بڑا صابر اور پاک باطن ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ اس کی زندگی مکدر ہوگی، اور رزق تنگ ہوگا، اور ایک قول یہ ہے کہ وہ امر بالمعروف (نیکی کا حکم) اور نہی عن المنکر (برائی سے منع) کرتا ہے۔

**۱۳۷۲۔ سورۂ مرسلات:**

جیسا کہ حضرت جعفر الصادقؒ فرماتے ہیں کہ جو شخص یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی گئی ہو تو وہ اپنے اہل و عیال پر کریم اور غیور ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ اسے وسعت اور رحمت نصیب ہوگی، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ خوف سے مامون ہوگا۔

**۱۳۷۳۔ سورۂ مریم:**

حضرت عائشہ اور جعفر الصادق رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ جو یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی گئی ہو تو اللہ تعالیٰ اس کی پریشانی دور فرمائیں گے، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ جماعتِ محمد ﷺ میں ان انبیاء علیہم السلام کے ساتھ ہوگا جن کا اللہ تعالیٰ نے اس سورت میں ذکر فرمایا ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ انبیاء علیہم السلام کی سنتوں کو زندہ کرے گا، اور اللہ تعالیٰ اس کو صالحین سے محبت عطا کریں گے، اور اسے بزور و طاقت مال حاصل ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ اوّلاً سرگرداں و پریشان پھرے گا لیکن پھر راہِ ہدایت پائے گا۔

**۱۳۷۴۔ سورۂ مزمل:**

خواب میں جو یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے یہ سورت پڑھی جائے تو وہ قرآن کا قاری، شب بیدار اور نیک صالح ہوگا، اور اللہ تعالیٰ دنیا و آخرت کی سختی اس سے دور کر دیں گے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ وہ خوف و تنگی سے دوچار ہوگا لیکن پھر خوف ختم ہو جائے گا۔

Marfat.com

## ۱۳۷۵۔ سورۂ لہب:

جو یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو وہ ایسی جگہ میں اپنا مال خرچ کرے گا جہاں اللہ تعالیٰ راضی نہیں ہوتے ، اگر اس کے پاس مال نہ ہو تو وہ چغلخوری کا ارتکاب کرے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ منافق سے عداوت رکھے گا، اور اس سے لڑنے کا خواہشمند ہے، پھر اللہ تعالیٰ اس کو ہلاک کریں گے، تمام اہل خانہ کو دفنانے کے بعد ہی موت کا شکار ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ اسے توحید اور کم عیالداری حاصل ہوگی، اور ایسی عورت اس کو ملے گی جس میں کوئی خیر نہیں، اور بعض کہتے ہیں وہ مالی خسارہ سے دوچار ہوگا۔

## ۱۳۷۶۔ سورۂ مطففین:

جو شخص یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی گئی ہو تو یہ جھوٹے ایمان، باطل طریقہ اور نقصان کے ذریعہ مسلمانوں کے اموال ہتھیانے کی دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ اسے عدل و انصاف وقار و عظمت اور پورا ماپ تول جیسی صفات عطا ہوں گی، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ شخص ماپ تول میں ڈنڈی مارتا ہے انسے چاہئے کہ اس سے توبہ کرے۔

## ۱۳۷۷۔ سورۂ معارج:

جو شخص یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو اوائلِ عمر میں بدگو ہوگا اور اواخرِ عمر میں متقی ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ کثرت سے روزہ رکھنے والا ہوگا اور اپنے اور اپنے اہل خانہ کے خلاف شر کی بد دعا کرے گا لیکن پھر اس سے رجوع کرلے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ بے خوف و منصور ہوگا۔

## ۱۳۷۸۔ سورۂ ملک:

جو یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو وہ بادشاہ کی خدمت میں رہے گا اور اس سے فائدہ کا حصول ہوگا، نافعؒ اور ابن کثیرؒ فرماتے ہیں کہ وہ بادشاہ سے بہت سی چیزوں کا مالک ہوگا، اور موحد اور مخلوقات خداوندی میں غور وفکر کرے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ قبضِ روح کے وقت اللہ تعالیٰ کے عذاب سے نجات پائے گا اور اس کو خیر برکت اور خوشخبری ملے گی

## ۱۳۷۹۔ سورۂ ممتحنہ:

جیسا کہ حضرت جعفر الصادق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جو یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو اس کو آخر عمر میں اچھی توبہ کی توفیق ہوگی، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ امتحان میں مبتلا ہوگا اور اجر سے نوازا جائے گا، اور ہر شر وبرائی سے نجات ہوگی۔

Marfat.com

## ۱۳۸۰۔ سورۂ منافقون:

حضرت جعفر الصادق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جو یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی گئی ہو تو اس کی زوجہ سوکنوں سے دوچار ہوگی، اور بعض کہتے ہیں کہ اس سے شک و نفاق کا ظہور ہوگا، اور وہ عذر میں مبتلا ہوگا، اور وہ ایک قوم سے اختلاط رکھتا ہوگا جن کے اعتقاد سے وہ بری ہے۔

## ۱۳۸۱۔ سورۂ مؤمنون:

جو شخص یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی گئی ہو تو وہ عجیب مخلوق دیکھے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ اس کو حج کی سعادت حاصل ہوگی اور وہ بلند عالی درجات میں مومنوں کے ساتھ ہوگا، اور اسے نور و ایمان خالص صادق نصیب ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ اس کا ایمان قوی اور خاتمہ ایمان پر ہوگا، اور وہ عفت سے نوازا جائے گا، اور وہ بلا و مصیبت سے نجات پائے گا، اللہ تعالیٰ اس کو دنیا میں برہان عطا کریں گے اور فرشتے اس کو روح و ریحان (جنت کی نعمتوں) کی خوشخبریاں سنائیں گے، اور ان نعمتوں کی خوشخبری سنائیں گے جن سے آنکھیں اس کی ملک الموت کے سامنے ٹھنڈی ہوں گی۔

## ۱۳۸۲۔ سورۂ نازعات:

جیسا کہ حضرت جعفر الصادق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جو یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو وہ تجارت و صنعت میں حظ و فائدہ حاصل کرے گا اور اللہ تعالیٰ اس کے دل سے شک و خیانت نکال دیں گے، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ نماز کو اس کے وقت سے مؤخر کرتا ہے اور اس کی موت قریب ہے۔

## ۱۳۸۳۔ سورۂ ناس:

جو شخص یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے یہ سورت پڑھی گئی ہو تو وہ دشمنوں پر غالب ہوگا، بعض کہتے ہیں کہ وہ اپنی ذات سے جادوگروں کے سحر و جادو کو دور کرے گا، اور شیطان کے مکر و فریب اور وسوسہ کو دور کرے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ وساوس میں مبتلا ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ اس سورت کی تلاوت اہل خانہ کے اجتماع و اتحاد کی دلیل ہے اور لوگ اس سے باسلامت و محفوظ رہیں گے۔

## ۱۳۸۴۔ سورۂ نباء:

جو یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اس کے محاسن (خوبیاں) بیان کئے جائیں گے اور اللہ تعالیٰ مخلوق کے دل میں اس کی محبت ڈال دیں گے، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ عظیم الشان ہوگا، اور اس کا ذکر جمیل لوگوں میں منشور ہوگا، اور اسے دین کی ہدایت نصیب ہوگی، اور عمر اسکی طویل ہوگی، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ طالب علم ہے اور وہ علماء کرام کا قاصد و پیامبر ہوگا۔

Marfat.com

## ۱۳۸۵۔سورۂ نجم:

حضرت جعفر الصادق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جو شخص سورۃ نجم خواب میں پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو وہ ایسے لڑکے سے نوازا جائے گا جو رضائے خداوندی میں وفات پائے گا، اگر کوئی غائب ہو تو واپس آجائے گا۔

## ۱۳۸۶۔سورۂ نحل:

حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جو یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی گئی ہو تو وہ رزق کے معاملہ میں محفوظ ہوگا، اور حضرت جعفر الصادق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایسا شخص رسول اللہ ﷺ کی جماعت اور ان کے محبین میں سے ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ علماء میں سے ہوگا، اگر وہ مریض ہے تو شفایاب ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ اسے جسمانی صحت اور رزقِ حلال حاصل ہوگا، اور ایک قول یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو علماء اور صالحین کی محبت عطا فرمائیں گے، اور دنیا کی نعمتوں کا اللہ تعالیٰ اس سے حساب نہیں لیں گے۔

## ۱۳۸۷۔سورۂ نساء:

جو شخص یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو وہ ایسی عورت سے دوچار ہوگا جس کی معاشرت اچھی نہیں ہے، اگر وہ طالب علم ہے تو علم الفرائض میں فوقیت اور کمال حاصل ہوگا، حضرت جعفر الصادق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جو شخص یہ سورت خواب میں تلاوت کرے تو آخر عمر میں ایک ایسی عورت اس کے ساتھ ہوگی جس کی معاشرت اچھی نہیں ہے، اور ابن فضالہؒ فرماتے ہیں کہ وہ بہت زیادہ حاجتمند اور زبان زور ہوگا، حضرت کسائی، حضرت علی اور حضرت حمزہ رضی اللہ عنھم نے اسی طرح فرمایا ہے، اور دوسرے حضرات کہتے ہیں کہ وہ میراث تقسیم کرے گا اور آزاد عورتوں (جو غلام نہ ہوں) سے محبت رکھے گا، اور عمرِ طویل کے بعد وہ ان عورتوں کا وارث ہوگا اور وہ عورتیں اس کی وارث ہوں گی، اور وہ صاحبِ امان ہوگا۔

## ۱۳۸۸۔سورۂ نصر:

جو شخص یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو اگر وہ سلطان ہو تو بہت سے شہر فتح کرے گا، اور منصور ہوگا، اگر سلطان نہ تو اس کی وفات ہوگی، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ اپنے دشمنوں پر غالب ہوگا، اور شہداء کے ساتھ ہوگا، اور حضور نبی مکرم ﷺ کی رفاقت نصیب ہوگی، اور بعض کہتے ہیں کہ اس کا محبوب انسان اللہ کو پیارا ہوگا۔

## ۱۳۸۹۔سورۂ نمل:

امام نافعؒ اور ابن کثیرؒ فرماتے ہیں کہ جو یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی گئی ہو وہ اپنی قوم کا سردار ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ مقبول الدعا ہوگا، اور اس کو اتنی تعداد میں اجر عطا ہوگا جتنی تعداد میں لوگوں نے حضرت سلیمان اور

Marfat.com

انبیاء علیہم السلام کی تصدیق کی ہوگی اور اپنی قبر سے "لا الہ الا اللہ" پکارتا ہوا نکلے گا۔

۱۳۹۰۔ سورۂ نوح:

حضرت جعفر الصادق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جو یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو وہ بے حیائی کے کام چھوڑ دے گا، اور انصاف کو ظاہر و غالب کرے گا، اور دشمنوں پر غالب ہوگا۔

۱۳۹۱۔ سورۂ نور:

جیسا کہ حضرت جعفر الصادق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جو یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو وہ ان میں سے ہے جو نیکی کا حکم اور برائی سے روکتے ہیں کو اور فی اللہ (اللہ کیلئے) محبت کرتے ہیں، اور فی اللہ بغض رکھتے ہیں، اللہ تعالیٰ اس کے قلب اور قبر کو منور اور روشن کر دیں گے، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ بیمار ہوگا اور اسے تقویٰ و یقین کی دولت عطا ہوگی، اور جو شخص یہ سورت شروع سے پڑھے تو وہ ہم عمر ساتھی تلاش کرے گا، اور اسے ہر گزرے ہوئے اور موجود مومن و مومنہ کی تعداد کے برابر اجر عطا ہوگا۔

۱۳۹۲۔ سورۂ ہمزہ:

جو شخص یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی گئی ہو تو یہ انذار وعید کی دلیل ہے، لہٰذا اسے چاہئے کہ اللہ عزوجل سے ڈرے، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ دل کا صاف ہوگا اور مال جمع کرے گا، پھر اس کو نیک کام، صلہ رحمی اور خیر میں خرچ کرے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ چغل خوری کرے گا۔

۱۳۹۳۔ سورۂ ھود:

حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جو شخص سورۂ ھود پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی گئی ہو تو اس کے دشمن زیادہ ہوں گے، اور حضرت جعفر الصادق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ پردیس کو ترجیح دیتا ہے، اور وہ طویل العمر ہوگا اور زراعت و حراثت سے رزق ملے گا، نیز اللہ تعالیٰ کے ساتھ حسن ظن اور حسنِ یقین حاصل ہوگا، اور وہ حضرت نوح علیہ السلام کی تصدیق اور تکذیب کرنے والوں کی تعداد کے مطابق اجر و ثواب سے نوازا جائے گا، اور وہ قیامت کے روز عند اللہ شفاعت کرنے والوں میں سے ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ جو شخص یہ سورت تلاوت کرے تو وہ سفر پر روانہ ہوگا اور ہدایت و دنیا کا حصول ہوگا۔

۱۳۹۴۔ سورۂ واقعہ:

جو یہ سورت پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی گئی ہو تو حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ نہ تو دنیا میں محتاج ہوگا اور نہ آخرت سے غافل ہوگا۔ بعض کہتے ہیں کہ وہ سابقین الی الجنت میں سے ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ

Marfat.com

خوف سے پرامن ہوگا، اور اس کی دنیا اس کے لئے وسیع اور کشادہ ہوگی۔

**۱۳۹۵۔ سورۂ یٰسین:**

جو شخص خواب میں سورۂ یٰسین پڑھے یا اس کے سامنے تلاوت، کی جائے تو اللہ تعالیٰ اس کا حشر حضور نبی کریم ﷺ اور آپ ﷺ کی آلِ پاک کے گروہ اور جماعت میں فرمائیں گے، اور بعض کہتے ہیں کہ اس کو دنیا کی نعمتوں میں سے ایک نعمت حاصل ہوگی جس کی وجہ سے وہ لوگوں کے نزدیک اچھا شمار ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ پاک لوگوں میں سے ہے اور اس کا دین ریا اور دکھاوے سے پاک ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ قرآن کریم کی آیات بارہ مرتبہ (یعنی بارہ مرتبہ قرآن پاک) پڑھنے کے بقدر اس کو اجر وثواب عطا ہوگا، اس لئے کہ سورہ یٰسین قرآن کا قلب ہے۔

**۱۳۹۶۔ سورۂ یوسف علیہ السلام:**

امام نافعؒ اور امام ابن کثیرؒ نے فرمایا کہ جو شخص سورہ یوسف پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی جائے تو اس کے گھر سے اس کے بہت زیادہ دشمن ہوں گے، اور وہ حالت مسافرت میں مال ونعمت سے نوازا جائے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ اس پر ظلم کیا جائے گا جیسے حضرت یوسف علیہ السلام پر ظلم کیا گیا تھا، سفر پیش آئے گا پھر ایک علاقہ یا ملک کا بادشاہ بنے گا، بعج حسنِ یقین، ظہورِ جمال اور حسنِ صورت، اور بعض کہتے ہیں کہ اس کو ریاست اور مال و دولت حاصل ہوگی، اور اللہ تعالیٰ سکرات الموت (موت کی سختی) آسان کردیں گے، اور اسے خیر اور بشارت حاصل ہوگی، اور فقیری کے بعد مالداری، ذلت کے بعد عزت اور تنگی کے بعد کشادگی حاصل ہوگی۔

**۱۳۹۷۔ سورۂ یونس علیہ السلام:**

جیسا کہ حضرت ابوبکر الصدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جو شخص یہ سورت خواب میں پڑھے یا اس کے سامنے پڑھی گئی ہو تو اس کو کچھ مالی نقصان ہوگا، اور حضرت جعفر الصادق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ تنہائی کو پسند کرنے والا ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ علم اور حسنِ یقین سے نوازا جائے گا، اور اللہ تعالیٰ اس سے مکاروں کے مکر اور ساحروں کے سحر (جادو) کو دور کردیں گے، اگر کوئی مریض خواب میں یہ سورت تلاوت کرے تو اللہ تعالیٰ اس کو شفا دیں گے، اور بعض کا خیال ہے کہ وہ دنیا سے بے رغبت ہوگا۔

**۱۳۹۸۔ السوس (گھن):**

خواب میں گھن چغلخور آدمی ہے جو مالدار آدمیوں کی چغلخوری کرتا پھرتا ہے تا کہ ان سے منفعت کو ختم کردے، اگر مریض اپنے گھر میں گھن دیکھے یا اپنے جسم کے ساتھ لگی ہوئی دیکھے تو وہ فوت ہوگا، اور دروازہ یا چارپائی یا دسترخوان میں گھن دیکھنا علتوں اور بیماریوں کی نشانی ہے جو اس خواب کے دیکھنے والے پر آئیں گی، اور گھن کا کیڑا کثرت عیال اور

Marfat.com

قلت مال کی بھی دلیل ہوسکتا ہے کیونکہ مقولہ ہے کہ عیال مال کا گھن ہے، اور گھن گھر کا دشمن ہے۔

## ۱۳۹۹۔ السوسن (گلِ سوسن):(۱)

خواب میں گلِ سوسن مکروہ اور برائی کی دلیل ہے، اس لئے کہ لفظ سوسن کا ایک جزو سوء (برائی) ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ جو خواب میں گلِ سوسن دیکھے اور اس کو دیا گیا ہے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ یہ سال اس کے لئے برا ہوگا۔

## ۱۴۰۰۔ السوط (کوڑا):

خواب میں چمڑے کا کوڑا (چابک) حاجات کے پورا ہونے اور دشمن کے ذلیل ہونے کی دلیل ہے، اور اگر آسمان سے کوڑا نازل ہوا ہے تو یہ غضب و عذاب کی دلیل ہے، اور کوڑا سلطان ہے، اگر مارنے میں کوڑا ٹوٹ گیا ہے تو سلطنت ختم ہوگی، اور اگر کوڑا پھٹا ہے تو سلطنت بڑھے گی، اگر دیکھے کہ اس نے اپنے کوڑے سے اپنے گدھے کو مارا ہے تو وہ اپنی معیشت کے سلسلہ میں اللہ تعالیٰ سے دعا کرے گا، اگر کوڑا گھوڑے کو مارا ہے جس پر وہ سوار ہے تو وہ دشوار گزار مسئلہ میں اللہ تعالیٰ سے دعا کرے گا، اگر دیکھے کہ وہ کوڑے سے کسی آدمی کو مارتا ہے اور اس نے درد کو محسوس کیا ہے تو وہ فرمانبردار بنے گا، اور توبہ تائب ہوگا، اگر اس کو درد نہیں پہنچائی ہے تو وہ وعظ کو قبول نہیں کرے گا، اگر مارنے کے وقت اس سے خون بہا ہے تو یہ ظلم کی نشانی ہے، اگر خون نہیں بہا ہے تو یہ حق کی علامت ہے، اگر کوڑا مارا ہے جس سے اس کی جلد چر گئی ہے تو اس کا گناہ بڑھے گا، اگر مارتے وقت کوڑا ٹیڑھا ہوگیا ہے تو اس کی عقل ٹیڑھی ہے یا جس آدمی سے وہ معاونت لیتا ہے وہ غیر مستقل مزاج ہے، جو دیکھے کہ سلطان نے اس کو اپنے کوڑے سے مارا ہے تو یہ دراھم ہیں جو اسے کوڑوں کی تعداد کے مطابق حاصل ہوں گے۔

## ۱۴۰۱۔ السوق (بازار):

خواب میں بازار مسجد کی دلیل ہے جیسا کہ مسجد کا دیکھنا بازار کی دلیل ہوتا ہے، اور بازار کبھی اس لڑائی کی دلیل ہوتا ہے جس میں ایک قوم نفع اٹھائے اور دوسری قوم نقصان اٹھائے، یقیناً اللہ تعالیٰ نے جہاد کو تجارت کا نام دیا ہے فرمایا: "هل أدلكم على تجارة تنجيكم من عذاب اليم" (الصف: ۱۰) یعنی کیا میں تمہیں ایسی تجارت بتاؤں جو تم کو دردناک عذاب سے نجات دلائے، جو شخص خود کو مجہول و نامعلوم بازار میں دیکھے جس میں اس کا معاملہ بیع خراب ہوا ہو اور وہ شخص بیداری میں حالتِ جہاد کے اندر ہے تو وقت شہادت آئے گا مگر وہ پشت پھیر کر بھاگ نکلے گا، اگر وہ حج کی حالت میں ہے تو اس کا حج فوت ہوگا یا فاسد ہوگا، اگر وہ طالب علم ہے تو وہ علم سے تعطل کا شکار ہوگا یا وہ غیر اللہ کے لئے حاصل کرے گا، اگر مذکورہ امور میں سے کچھ نہ ہو تو مسجد میں اس کی نماز جمعہ فوت ہوگی، جو شخص خواب میں بازار کو لوگوں سے آباد دیکھے یا اس میں آتش زدگی دیکھے یا بازار کے اطراف میں خوشبو بھرا ہوا دیکھے تو اس کے اہل خانہ کو نفع اور نفاق پیش آئے گا، اگر خواب میں بازار والوں کو اونگھ کی حالت میں دیکھے یا وہاں کی

(۱) سوسن: ایک خوشبودار پودا۔

Marfat.com

دکانوں کو بند شدہ دیکھے یا مکڑی کو دیکھے کہ اس نے بازار کے اوپر جالا بنا ہوا ہے تو وہاں کساد بازاری ہوگی، اور بعض کہتے ہیں کہ بازار اصل میں دنیا ہے، جو بازار کو وسیع دیکھے تو اس کو وسیع دنیا حاصل ہوگی، اور بعض کہتے ہیں کہ بازار شور وشغب اور اضطراب و بے چینی کی دلیل ہوتا ہے بایں سبب کہ اس میں عوام الناس جمع ہوتے ہیں، اور وہ شخص جو بازار میں ہی زندگی گزارتا ہو تو، اس کے لئے بازار خیر کی دلیل ہے اگر خواب میں بازار منہدم ہو تو یہ بیکاری کی دلیل ہے، اور خواب میں بازار فوائد و رزق اور جدید لباس کی دلیل ہے، اور بازار کبھی کذب (جھوٹ) فسق و فجور اور غم و تکلیف کی دلیل ہوتا ہے، اور بازار ہر جمع ہونے والی جگہ کی دلیل ہوتا ہے جیسے مساجد، یہود و نصاریٰ کے عبادت خانے، اور وہ سمندر جوان مچھلیوں کی اقسام کو جامع ہوتا ہے جو ایک دوسرے کو کھاتی ہیں، اور درویشوں کے لئے بازار خوف وخطر میں مبتلا ہونے یا دنیا کی جانب میلان کی دلیل ہے، اور کبھی تواضع و عاجزی کی دلیل ہوتا ہے، اگر بازار میں اللہ کا بلند آواز سے ذکر کرتا ہے تو یہ اس کی دلیل ہے کہ وہ نیکی کا حکم اور برائی سے منع کرتا ہے، اور ہر بازار کی الگ تعبیر ہے چنانچہ کتابوں کا بازار دیکھنا ہدایت و توبہ کی دلیل ہوتا ہے، اور دواسازی کا بازار مریض کیلئے مرض سے شفا کی دلیل ہے، اور عطر کا بازار خوش کن خبریں اور اولاد و ازواج ہیں اور حلوے کا بازار ایمان و اسلام کی دلیل ہے، اور بیج کا بازار رفعت و بلندی، ازواج کی تجدید، منصب و رزق اور امور کی ستر پوشی کی دلیل ہے، اور زیورات کے بازار زینت و فرحت اور ازواج کی دلیل ہوتے ہیں، اور جواہرات کے بازار ذکر کے حلقوں اور علم کے اسباق سے زیادہ مشابہت رکھتے ہیں، اور صرافہ بازار نظم و نثر کے علم اور ناداری کے بعد مالداری کی دلیل ہے، نیز دار الحکومت کی دلیل ہے، اور تانبے بیچنے والوں کا بازار سرور و خوشی، تکالیف، سر دردی اور کنوارے کے حق میں شادی کی اور فرحتوں اور مسرتوں کی دلیل ہے، اور اسلحہ و ہتھیار کا بازار لڑائی اور دشمن پر غلبہ کی دلیل ہے، اور غلاموں کا بازار عزت و وجاہت یا عجیب و غریب خبروں کی دلیل ہے، اور کبھی یہ بازار جانوروں کے لیجانے کی دلیل ہوتا ہے، اور اون اور ریشم کا بازار فوائد و ارزاق کی دلیل ہوتا ہے، اور روئی کا بازار ترقی اور رزق اور باطل سے حق کے ظہور کی دلیل ہے، اور بیجوں کا بازار نسل و نفع اور کھیت سے حاصل شدہ فائدہ ہے، اور سبزیوں کا بازار تنگ زندگی اور افلاس کی دلیل ہے، اور مچھلی بازار رزق و مسلسل فوائد اور اہل و اقارب کے ساتھ ملنے اور اکٹھے ہونے کی دلیل ہے، اور گوشت کا بازار لڑائی کی جگہ کی دلیل ہے کیونکہ اس میں خون بہایا جاتا ہے، اور روغن زیتون، گھی اور شہد کا بازار شہوات کے اٹھنے اور امراض سے شفا کی دلیل ہے، اور قصابوں کا بازار تفکرات و تکالیف کی دلیل ہے، اور زینوں (گھوڑے وغیرہ کی زین) کا بازار خشکی کا سفر ہے، اور پھلوں کا بازار نیک اعمال، علوم اور اولاد ہیں، اور جائیداد کا بازار مال اور اسرار کی حفاظت ہے، اور گندم کا بازار آسودہ حالی اور خوف سے امن ہے، اور لکڑی کا بازار نفاق، تفرقہ بازی اور اجتماعیت ہے، اور لوہے کا بازار شر و فساد، جھگڑے، شدت اور لڑائی ہے یا پھر رزق اور نفع کی دلیل ہے، اور ریشم کا بازار عزت و مال اور عمل صالح ہے، اور شمع (موم بتی) کا بازار گنہگار کے لئے توبہ کی اور گمراہ کے لئے ہدایت کی دلیل ہے، اور موزوں کا بازار اسفار کی دلیل ہے یا مویشیوں کے یا غلام لونڈیوں کے بازار کی علامت ہے، اور خیموں کا بازار بھی اسفار کی علامت ہے یا میت کے کفنوں کے بازار کی دلیل ہے، اور حجاموں کا بازار تفکرات و تکالیف اور امراض کی دلیل ہے یا پھر گواہوں کے بازار کی دلیل ہے، اور طباخت (خوراک) کا بازار امراض سے شفا اور حاجات کے پورا ہونے کی دلیل ہے، اور بوتل شیشی کا بازار ریاکاری، نفاق اور چغلخوری کی دلیل ہے، اور ورق کا بازار مظلوم کی مدد اور ظالم سے انتقام کی دلیل ہوتا ہے۔

Marfat.com

۱۴۰۲۔السوء (برائی):

اگر خواب میں کوئی مبہم برائی دیکھے جو انسان کے علم میں ہو تو وہ برے خاتمہ اور دین سے پھر جانے کی دلیل ہوتی ہے۔

۱۴۰۳۔السویق (ستّو):

خواب میں ستو سفر، زہد و ورع (پرہیزگاری) کی دلیل ہے، اور خواب میں ستو پینا غلام کی آزادی یا بادشاہ کے قرب یا جیل سے خلاصی یا ایسے عمل صالح کی دلیل ہے جو جہنم سے آزادی کا باعث ہو، ستو آٹا اور پی جانے والی چیز دودھ وغیرہ گمشدہ چیز کی دستیابی کی دلیل ہے، اور خواب میں ستو دیکھنا خشکی کا سفر اور حسنِ دین کی علامت ہے۔

۱۴۰۴۔السیاج (باغ وغیرہ پر باڑ لگانا):

اگر خواب میں باغ کی باڑ باغ کے اندر تک پہنچی ہو تو یہ فسادِ دین، دنیا کا ضیاع، توبہ توڑنا، جاہلوں کو آگے کرنا اور عالموں کو پیچھے کرنا اور دین سے مرتد ہونا یا عامۃ الناس کا بلند مرتبہ ہونا اور خواص کا زوال پذیر ہونا، اور باغ پر باڑ کا لگا ہونا دین کی دلیل ہے، اور بقیہ درخت دین کے وظائف واعمال ہیں، اور باڑ کبھی بادشاہ کے قلعہ کی دلیل ہوتا ہے، اور باغ کبھی اس کے مالک کی دلیل ہوتا ہے، اور باڑ اس کے اہلِ خانہ اور اقارب ہیں، اگر باغ دنیا کی دلیل ہو تو اس کی باڑ اس کے اہلِ خانہ اور عزیز و اقارب ہیں، اور ممکن ہے کہ باڑ اس صاحب کے دین و عمل اور ان چیزوں کی دلیل ہو جو اس کو دنیا و آخرت کے عذاب سے بچاتی ہو۔

۱۴۰۵۔السیّاح (سیّاح): دیکھئے السائح (سیاح)

۱۴۰۶۔السیّاف (جلّاد): دیکھئے الجلّاد (جلاد)۔

۱۴۰۷۔السیاق (حالتِ نزع): دیکھئے النزع (حالتِ نزع)۔

۱۴۰۸۔السیخ (زمین میں دھنسنا):

خواب میں دھنسنا مشتبہ مال یا مشکوک النسب دوست ہے، اگر اس کی بیوی حاملہ ہے تو پھر یہ خواب نرینہ اولاد کی نشانی ہے۔

۱۴۰۹۔السید (سردار): دیکھئے السلطان (بادشاہ)

۱۴۱۰۔السیر (چلنا): دیکھئے المشی (چلنا)

۱۴۱۱۔السیرج (تلوں کا تیل): دیکھئے السمسم (تل) نیز الشیرج (تلوں کا تیل)۔

Marfat.com

## ۱۴۱۲۔ سیر الجلد (چمڑے کا تسمہ):

خواب میں تسمہ رزق یا اولاد یا غلام ہے یا پھر سفر کی دلیل ہے۔

## ۱۴۱۳۔ السیروان (شیروان):

خواب میں اس کو دیکھنا معاملات کو چلانے والا ہوشیار آدمی ہے۔

## ۱۴۱۴۔ السیف (تلوار):

خواب میں تلوار سلطان یا اولاد ہے، چنانچہ جو دیکھے کہ اس نے گلہ میں تلوار لٹکائی ہے تو بہت بڑی ولایت اس کے سپرد ہوگی، اگر دیکھے کہ تلوار بھاری ہوئی ہے اور اس کو زمین پر کھینچا ہے تو اس کی ولایت کمزور ہوگی، اور اگر دیکھے کہ تلوار کا پرتلہ ٹوٹ گیا ہے تو وہ ولایت سے معزول ہوگا، اور پرتلہ میں اس کی ولایت کی خوبصورتی ہے، اور جو دیکھے کہ اس نے اپنی بیوی کو تلوار کا پھل (اگلا نوک دار لوہا) دیا ہے یا اس عورت نے اس کو تلوار کا پھل دیا ہے تو یہ نرینہ اولاد کی نشانی ہے، اگر دیکھے کہ اس نے اپنی بیوی کو نیام میں رکھی ہوئی تلوار دی ہے تو بیٹی نصیب ہوگی، اگر دیکھے کہ اس نے چار تلواریں گلہ میں لٹکائی ہوئی ہیں تو اس کے ہاں چار لڑکے ہوں گے، اگر خواب میں اپنی تلوار سونتی ہے اور وہ زنگ والی ہے تو اس کی بیوی غلام جنے گی اور غلام قبیح (برا) ہوگا، اگر تلوار ٹوٹ گئی ہے تو یہ شکمِ مادر میں اس کے بیٹے کی موت کی دلیل ہے، اگر تلوار صاف چمکدار کاٹنے والی ہے تو اس کے کلام میں حلاوت (شیرینی) ہے اور وہ حق ہے، اور اگر تلوار زنگ آلود ہے تو اس کا کلام باطل ہے، اگر تلوار ثقیل اور وزنی ہو تو وہ ایسا کلام کرے گا جس کی وہ طاقت نہیں رکھتا ہوگا، اگر خواب میں اپنے ہاتھ میں سونتی ہوئی تلوار دیکھے اور وہ کسی مقدمہ میں مبتلا ہو تو وہ حق بجانب ہے، اگر اسے تلوار دی گئی ہے تو وہ بقولِ لقمان علیہ السلام عورت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ عورت تلوار کی طرح ہے، جو شخص دیکھے کہ اس نے دو یا تین تلواریں گلہ میں لٹکائی ہوئی ہیں اور وہ پھر ٹوٹ گئی ہیں تو وہ اپنی اہلیہ کو تین طلاقیں دے گا، جو دیکھے کہ اس نے تلوار سونتی ہے تو وہ ناجائز جگہ میں اپنی زبان کھولے گا، جو دیکھے کہ تلوار کا قبضہ ٹوٹ گیا ہے تو یہ اس کے باپ یا چچا کی موت ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ اس کی خالہ یا والدہ کی وفات ہے، اور جو دیکھے کہ اس کی میان کا نچلا لگا ہوا لوہا ٹوٹ گیا ہے تو وہ اس کا خادم یا تابعدار ہے، اور تلوار سے کھیلنا اس کی مہارت ہے، اگر ہوا آندھی کے ساتھ بہت سی تلواریں دیکھے تو یہ طاعون کا مرض ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ تلوار صاحب خواب کے غصہ کی دلیل ہوتا ہے اور جو دیکھے کہ اس نے تلوار ننگی ہے تو وہ اپنے دشمن کا مال کھائے گا، جو شخص دیکھے کہ تلوار نے اس کو نگل لیا ہے تو سانپ اس کو ڈسے گا، اور تلوار فتنہ ہے، اور تلوار کا غلاف عورت پر دلیل ہے، اگر غلاف ٹوٹ گیا اور تلوار صحیح سالم رہی ہے تو یہ حاملہ عورت کی موت اور اس کے بچہ کی سلامتی کی دلیل ہے، اور اگر تلوار ٹوٹ گئی ہے اور غلاف سالم رہا ہے تو وہ عورت باسلامت رہے گی اور بچہ فوت ہوگا، اگر دونوں ٹوٹ گئے ہوں تو دونوں فوت ہوں گے، اور تلوار کا دندانہ یا کند ہونا کلام میں عاجزی کی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ اس نے تلوار اس کے غلاف میں رکھی ہے اور وہ کنوارا ہے تو شادی کرے گا، جو خواب میں اپنے ہاتھ میں شیشہ کی تلوار دیکھے اور حال یہ ہے کہ بیوی حاملہ ہے تو ایسا بچہ ہوگا جو زندہ نہ رہے گا، جو خواب میں بہت بڑی تلوار دیکھے جو دنیا

Marfat.com

کی تلواروں جیسی نہیں ہے تو وہ فتنہ کی تلوار ہے، اگر تلوار ہوا میں چھپائی ہے یا آسمان پر چڑھی ہے یا سمندر دریا میں پھینکی گئی ہے تو فتنہ کی وہ آگ بجھے گی، اور جو دیکھے کہ ایک مارنے والے نے اس کو تلوار سے مارا ہے اور اس کے اعضاء کاٹ دیئے ہیں تو مارا ہوا شخص سفر پر روانہ ہوگا، اور جو شخص دیکھے کہ ایک آدمی نے اس کو بغیر کسی لڑائی جھگڑے کے تلوار ماری ہے تو وہ دونوں ضارب و مضروب رشتہ داری میں منسلک ہوں گے، اور تلوار رزق یا بادشاہت یا علم یا مجنون عورت کی دلیل ہے۔

## ۱۴۱۵۔ السیل (سیلاب):

خواب میں سیلاب دشمن کے حملہ کی دلیل ہوتا ہے جیسا کہ دشمن کا حملہ آور ہونا سیلاب کی دلیل ہوتا ہے، لہٰذا جو شخص بارش کا سیلاب دیکھے تو وہ کسی مرض یا تکلیف میں مبتلا ہوگا یا سفر پر روانہ ہوگا، اگر سیلاب دکانوں پر چڑھ آیا ہے تو وہ طوفان یا بادشاہ کا ظلم وستم ہے، اور جو دیکھے کہ وہ اپنے گھر میں آنے سے سیلاب کو روکتا ہے تو وہ دشمن سے مقابلہ کرے گا اور اس کو اس ضرر سے روکے گا جو اس کے اہل وعیال کو درپیش ہے، اگر سیلاب سے مکانات منہدم ہوئے ہوں یا درخت تلف ہو گئے ہوں یا مویشی اور جانور ہلاک ہوئے ہوں یا لوگ غرق ہوئے ہوں تو ایسا سیلاب دشمن کی خبر دیتا ہے، اگر سیلاب سے لوگ متنفع ہوئے ہوں تو یہ مسلسل بھلائیوں کی دلیل ہے، اور سیلاب بیہودہ گوئی اور کذب بیانی کی بھی دلیل ہوتا ہے، اگر دیکھے کہ سیلاب میں خون اور مردار چلتے ہیں تو یہ اللہ تعالیٰ کی ناراضگی اور غضب کی دلیل ہے، اور سیلاب دیکھنا نزول بارش کی دلیل ہے اور ممکن ہے کہ بے وقت سیلاب دیکھنا اس جانب سے بدعت کے وقوع کی دلیل ہو جہاں سے سیلاب آیا ہو، اور جو شخص دیکھے کہ سیلاب ایک قوم کے گھر میں آ پہنچا ہے اور ان کے اموال و مویشی ساتھ لے گیا ہے تو یہ دشمن کی علامت ہے جو اس قوم کی لوٹ مار کرے گا، اور سردیوں میں سیلاب انجان اور نافرمان قوم کی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ وہ اس سیلاب کے پانی سے خشکی کی طرف تیر کر نکلا ہے تو وہ ظالم بادشاہ سے نجات حاصل کرے گا، اگر وہ اس سیلاب کو عبور کرنے سے عاجز آیا ہے تو اسے چاہئے کہ حاکم کے پاس بیٹھنے سے اجتناب کرے اور اپنے رئیس کی نافرمانی نہ کرے، اگر سیلاب شہر میں آ پہنچا ہو تو اگر اس کا رنگ خون جیسا یا گدلا ہے تو یہ وباء کی دلیل ہے۔

## ۱۴۱۶۔ سینان (سینان درخت):

خواب میں اس کا دیکھنا راز اور بھید کی دلیل ہے جو اس کے اور دوسرے کے درمیان ہے، کوئی اور اس پر مطلع نہیں ہے۔

## ۱۴۱۷۔ السیوری (تسمہ ساز):

خواب میں اس کو دیکھنا چلنے اور امور کی انجام دہی کی دلیل ہے یا ہوسکتا ہے کہ پارچہ فروش (کلاتھ مرچنٹ) کی دلیل ہو۔

## ۱۴۱۸۔ السیوفی (تلوار ساز):

خواب میں اس کو دیکھنا دشمنوں پر غلبہ اور قاطع دلائل اور واضح بیان قائم کرنے کی دلیل ہے۔

Marfat.com

# ﴿باب الشین﴾

## ۱۴۱۹۔ الشاب (جوان مرد):

خواب میں جوان مرد آدمی کا دشمن ہے، اگر وہ سفید رنگ والا ہے تو وہ پوشیدہ دشمن ہے، اگر وہ گندمی رنگ ہے تو وہ مالدار دشمن ہے، اگر وہ سفید سرخی مائل ہے تو وہ بوڑھا دشمن ہے، اگر بہت سیاہ ہے تو دشمن امانتدار ہے، اگر وہ دھقانی رنگ کا ہے تو اس کا دشمن سخت مزاج ہے، اگر دیکھے کہ وہ جوان آدمی کے پیچھے چلتا ہے تو وہ اپنے دشمن پر غالب ہوگا، اگر جوان لڑکا اس کے پیچھے چلا ہے تو اس کا دشمن اس پر غالب ہوگا، اگر نا معلوم جوان شخص کو دیکھے اور اس سے نفرت کرے تو لوگوں کی نظر میں اس کا مبغوض دشمن ظاہر ہوگا، اگر نوجوان کو دیکھے کہ وہ اس کی طرف جھانکا ہے تو دشمن اس پر قابو پائے گا، اور بوڑھا آدمی خواب میں دیکھے کہ وہ جوان ہوگیا ہے تو وہ عظیم نقصان سے دوچار ہوگا، اور بالغ جوان دشمن ہے اور وہ مکر وفریب ہے یا برا دشمن ہے، اور جوان آدمی کا دیکھنا نقل وحرکت، قوت اور غلبۂ جہالت کی دلیل ہے یا پھر نعمت اور اللہ تعالیٰ کی شکر گزاری کی دلیل ہوتا ہے۔

## ۱۴۲۰۔ الشابة (جوان عورت):

خواب میں جوان عورت کسی بھی حالت میں دیکھنا عورت کی دشمن ہے، اور نا معلوم آراستہ جوان عورت خوش کن خبر سننے کی دلیل ہے، اور خوبرو جوان باندی دیکھنا خیر وکامیابی، فرحت وخوشی کی دلیل ہے، اور نا معلوم عورتیں معلوم وشناسا سے بہتر ہیں، اگر عورت مستورہ (پردے میں) ہو تو یہ دین کے ساتھ پوشیدہ خیر ہے، اگر وہ عورت متبرجہ (زیبائش وآرائش کرنے والی) ہو تو وہ خیر مشہور ہے، اگر وہ عورت نقاب ڈالنے والی ہے تو وہ خیر ملتبس ہے، اگر وہ برہنہ رو ہے تو خیر پھیلے گی، اور جوان ابھرے پستان والی قابل امید خیر ہے، اگر خواب میں ترش رو جوان لڑکی دیکھے تو وہ کوئی وحشت زدہ خبر سنے گا، اگر لاغر کمزور جوان عورت دیکھے تو وہ فکر وغم اور فقر وافلاس میں مبتلا ہوگا، اگر کوئی شخص برہنہ بدن جوان عورت دیکھے تو اسے تجارتی خسارہ اور رسوائی ہوگی، اگر دیکھے کہ اس نے کنواری نوخیز لڑکی حاصل کی ہے تو وہ جائیداد کا مالک ہوگا یا نفع مند تجارت کرے گا، اگر جوان لڑکی یا عورت خواب میں دیکھے کہ وہ بڑھیا کی شکل میں تبدیل ہوگی ہے تو اس کا یہ خواب اس کے دین کے اچھے ہونے کی دلیل ہے، اور اگر کوئی بڑھیا دیکھے کہ وہ جوان عورت کی طرح ہوگئی ہے اور اس کی قوت بحال ہوگئی ہے تو اس کے دین کے ارکان شدید اور مضبوط ہوں گے۔

## ۱۴۲۱۔ الشاذروان (شامیانہ):

خواب میں شامیانہ اپنی مناسب جگہ میں دیکھنا عزت ونرمی، زوال غم وفکر اور عمدہ اخبار کے سننے یا لذیذ وشیریں

Marfat.com

کلام کی دلیل ہوتا ہے یا ہوسکتا ہے کہ فضول خرچی کی دلیل ہو۔

## ۱۴۲۲۔الشارب (مونچھ):

خواب میں مونچھ مال کی دلیل ہوتی ہے، اور جوشخص دیکھے کہ وہ اپنی مونچھوں کے بال تراشتا ہے تو یہ سنت شریفہ میں اچھا عمل ہے، اگر دیکھے کہ اس کی مونچھ لمبی ہوگئی ہے تو وہ سنت میں مکروہ ہے، جوشخص اپنی مونچھ کوطویل دیکھے جو معمول کے خلافِ اورکھانے میں رکاوٹ کا باعث ہوتو یہ بدعت ہے، یا یہ خواب فکر وتکلیف کی دلیل ہے یا پھر وہ محرم عورتوں کو مارنے میں مشہور ہوگا، اور خواب میں مونچھوں اور داڑھی کو مونڈنا راحت وسکون وزوالِ فکر وغم کی دلیل ہے، اور اس عمل کو ناپسند سمجھنے والے کے حق میں زوالِ منصب وشہرت کی دلیل ہے، نیز فقر وخسارہ کی علامت ہے، اور مونچھوں کے بال زیادہ ہونا کبھی نشہ آور شے نوش کرنے یا زکوٰۃ نہ دینے کی دلیل ہوتا ہے۔

## ۱۴۲۳۔ الشارع (راستہ): دیکھئے الدرب (راستہ)

## ۱۴۲۴۔الشاش (ململ):

خواب میں اس کو دیکھنا اس کام سے رجوع کی دلیل ہے جس میں مشغول ہے۔

## ۱۴۲۵۔ شاہ الشطرنج (شطرنج کا بادشاہ): دیکھئے الشطرنج (شطرنج)

## ۱۴۲۶۔ الشاۃ (بکری):

خواب میں بکری دیکھنا عورت کی دلیل ہوتی ہے، اگرکوئی انسان دیکھے کہ اس کو بکری ہاتھ لگی ہے تو اسے عورت حاصل ہوگی، جوشخص دیکھے کہ بکری اس کے آگے چلتی ہے اور وہ خود اس کے پیچھے پیچھے چلتا ہے اور وہ اس کے ہاتھ نہیں لگ رہی ہے تو وہ کسی عورت کا پیچھا کرے گا مگر وہ اس کو حاصل نہیں ہوگی، اور جو دیکھے کہ وہ بکری کا دودھ دوہتا ہے تو اسے اس سال کے اندر خیر حاصل ہوگی نیز دیکھئے الغنم (بکری)۔

## ۱۴۲۷۔ الشاہین (شاہین پرندہ):

خواب میں پرندہ شاہین بے وفا ظالم بادشاہ ہے۔ درجہ اور مرتبہ میں شاہین باز سے کم ہے، جو خواب میں شاہین کی شکل میں تبدیل ہوگیا ہو وہ والی بنے گا پھر جلدی ہی ولایت سے معزول ہوگا۔

## ۱۴۲۸۔ الشاویش (سارجنٹ):

خواب میں اس کو دیکھنا عزت ورفعت یا مؤذن کی دلیل ہے۔

## ۱۴۲۹۔ الشبابۃ (بانسری بجانا): دیکھئے الزمر (بانسری بجانا)۔

Marfat.com

## ۱۴۳۰۔ الشبت[1] (تج پات):

جو خواب میں اپنے ہاتھ میں تج پات دیکھے تو اسے ایک امر پیش آئے گا جو مستقبل میں دکھائی دے گا۔

## ۱۴۳۱۔ الشبر (بالشت):

خواب میں بالشت فنِ تعمیر (انجینئرنگ) اور جدید امر کی تفصیل کی، اور بالشت پرکار اور پرکار بالشت کی دلیل ہوتی ہے۔

## ۱۴۳۲۔ الشبع (سیر ہونا):

خواب میں شکم سیر ہونا بے قراری کی دلیل ہے، لہٰذا جو دیکھے کہ وہ شکم سیر (پیٹ پڑا) ہے تو اس کے حالات تبدیل ہوں گے اس کی دنیا کی حالت بگڑے گی یا موت کی دلیل ہے، اور خواب میں شکم سیر ہونا حصولِ معاش اور مال کی واپسی کی دلیل ہے، بعض کہتے ہیں کہ بھوکا ہونا شکم سیری سے اور سیراب ہونا پیاسا ہونے سے بہتر ہے۔

## ۱۴۳۳۔ الشبکۃ (جال و پھندا):

خواب میں شکاری کا جال مکر و فریب ہے، نیز رزق و علم، امیدوں کا پورا ہونا ہے، اور جال کا مالک ہونا دشمنوں پر غلبہ پانے کی دلیل ہے۔ اگر خواب میں صاحب خواب جال یا پھندے میں آ گیا ہو تو اس کے جیل جانے یا بیمار ہونے کا خدشہ ہے، اور غلاموں کے حق میں جال یا پھندا ان کی تکان و مشقت و شدت کی دلیل ہے جس میں وہ مبتلا ہیں، اور جال و پھندا مسافر کے لئے سفر سے واپسی کی دلیل ہے خصوصاً جبکہ سفر بحری ہو، اور جال یا پھندا مغموم شخص کے لئے فکر و غم اور قوت کی زیادتی کی دلیل ہے، اور شکاری کے لئے خیر و منفعت کی دلیل ہے، اور وہ شخص جس نے کوئی شے مفقود کی ہو اس کے حق میں جال و پھندا خیر کی دلیل ہے۔

## ۱۴۳۴۔ الشبہ (پیتل):

خواب میں پیتل جمع کرنا نصاریٰ کی جانب سے حاصل ہونے والا مال ہے، اور جو شخص اس کو پگھلائے تو وہ دنیا کے مال و متاع میں جھگڑے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ جو خواب میں پیتل دیکھے تو وہ مخالفین و معاندین سے بدکلامی اور بہتان سنے گا۔

## ۱۴۳۵۔ الشتم (گالی گلوچ):

خواب میں گالی گلوچ کرنا بدزبان کے لئے عزت اور جس سے بدزبانی کی گئی اس کی ذلت کی دلیل ہے، مگر یہ کہ کم درجہ شخص بلند مرتبہ آدمی کو برا بھلا کہے تو یہ مصیبت و آفت کی دلیل ہے جو دوسرے مظلوم کی طرف سے بدزبان پر نازل

(۱) الشبت: خوشبودار پتے جو کھانے میں ڈالے جاتے ہیں۔

Marfat.com

ہوگی، جو کسی انسان کو دیکھے کہ وہ اس کو گالی دیتا ہے تو اسے بدزبان کی طرف سے اذیت پہنچے گی لیکن بالآخر وہ اس پر غالب ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ یہ مشتوم (جس کو گالی دی گئی) کا شاتم (گالی دینے والا) پر حق کی دلیل ہے۔

**۱۴۳۶۔ الشجار (جھگڑا):** دیکھئے الخصام (جھگڑا)۔

**۱۴۳۷۔ الشجاعة (شجاعت و بہادری):** دیکھئے الجسارة (جسارت کرنا)

**۱۴۳۸۔ الشجرة (درخت):**

درخت عورتوں کی دلیل ہوتے ہیں، نیز مختلف الاخلاق مردوں کی علامت ہوتے ہیں۔ خواب میں درختوں کا دیکھنا باہم لڑائی جھگڑے کی دلیل ہے، اور مجہول و نامعلوم درخت فکر و غم کی دلیل ہوتے ہیں خصوصاً جب ان کو رات کے وقت دیکھے، اگر وہ شخص کسی امرِ بدعت پر کاربند ہے تو اس بدعت سے باز آئے گا، اگر کافر ہے تو اسلام قبول کرے گا، اور وہ درخت جو مشموم (سونگھی جانے والی چیز) کے ساتھ مخصوص ہیں جیسے مہندی کا اور گلاب کا پودا تو وہ صالحین اور علم بے عمل یا قول بے فعل کی دلیل ہے، اور جو درخت مشموم و مطعوم (سونگھی اور کھائی جانے والی چیز) کے ساتھ خاص ہیں یعنی جن کا پھل کھایا اور سونگھا جاتا ہے جیسے درخت نارگی (مالٹا) درخت لیموں اور درخت کباد (ایک تلخ قسم کی نارنگی) تو ان کا دیکھنا ظاہر و باطن کی صلاح و درستگی اور علم و عمل اور قول و فعل کی دلیل ہوتا ہے، اور ان درختوں کا دیکھنا جن کا پھل صرف کھایا جاتا ہے سونگھا نہیں جاتا جیسے درختِ خرما (کھجور کا درخت) اور درختِ اخروٹ یہ ان سرداروں کی دلیل ہے جن سے بغیر محنت و مشقت صرف کرنے کے کچھ حاصل اور اخذ نہیں ہوتا، اور وہ درخت جن کے پھل نہ کھائے جاتے ہیں اور نہ پھول سونگھے جاتے ہیں جیسے سرو کا درخت اور چنار کا درخت ان کا خواب میں دیکھنا بخل و کنجوسی کی دلیل ہے، اور پت جھڑ درخت مالداری اور ناداری، فراموشی اور یاداشی اور غم اور خوشی کی دلیل ہے، اور جن درختوں کے پتے نہیں جھڑتے ان کا دیکھنا طویل عمر، دوامِ رزق، مالداری اور دین پر ثابت قدمی کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ وہ درختوں پر لیٹا ہے تو اس کی اولاد کثیر ہوگی، اور جو خواب میں درخت لگائے اور وہ زمین میں اٹک کر پھنس گیا ہے اور وابستہ ہوگیا ہے تو وہ ایک قوم سے رشتہ داری قائم کرے گا، اور اس کو شرف و مقام ملے گا، اور وہ درخت جس کا کوئی پھل نہیں ہوتا اس کا دیکھنا سخت اور بھاری بھر کم آدمیوں کی دلیل ہے جن کے پاس نہ کوئی مال ہے، اور نہ ان کے پاس خیر ہے، اور کانٹے دار درخت دیکھنا اس آدمی کی دلیل ہے جس کے مقاصد کا حصول دشوار ہو، اور جو دیکھے کہ اس نے درخت کاٹا ہے تو اس کی بیوی وفات پائے گی، اگر درخت خشک ہوگیا ہے تو وہاں کوئی مریض اللہ کو پیارا ہوگا، اور درخت کی چھال برکت ہے، جو دیکھے کہ وہ ایک باغ میں درخت لگاتا ہے تو اس کے ہاں اولاد ہوگی، اور جو شخص دیکھے کہ درختوں نے پہاڑ کا احاطہ کیا ہوا ہے تو اس علاقہ کی نسل زیادہ ہوگی، اور وہ درخت جو گھر کے سامنے کی جانب ہوتا ہے وہ موالی (غلاموں) کی دلیل ہے، اور وہ درخت جس کے قریب اللہ تعالیٰ نے حضرت

Marfat.com

موسیٰ علیہ السلام سے کلام فرمایا تھا اس کا دیکھنا قربِ الٰہی عزوجل کی دلیل ہے، اور درخت اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کی دلیل بھی ہیں اور خشک درخت ہدایت و رزق ہے، اور خواب میں لوگوں کے ہمراہ درخت کے نیچے بیٹھنا رضائے خداوندی کی دلیل ہے، اگر صاحب خواب کافر ہے تو مشرف بہ اسلام ہوگا، نافرمان ہے تو توبہ تائب ہوگا اور شجرہ طوبیٰ (جنت کا درخت) خواب میں دیکھنا حسنِ انجام کی دلیل ہے، اور شجرہ طیبہ (اچھا و عمدہ درخت) جیسے درخت کھجور کلمۂ طیبہ (اچھی بات) کی دلیل ہے، اور شجرۂ خبیثہ (برا درخت) جیسے اندرائن وہ کلمۂ خبیثہ (بری بات) کی دلیل ہے جو دیکھے کہ وہ ایک درخت سے اس کے پھل کے علاوہ چیز چنتا ہے تو وہ غیر حلال طریقہ سے مال اخذ کرتا ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ درخت کاٹنا مرض کی نشانی ہے جس سے کاٹنے والا اور اس کے اہل خانہ دوچار ہوں گے۔

## ۱۴۳۹۔ الشح (کنجوسی کرنا):

خواب میں کنجوسی کرنا خوف و خطر میں پڑنے کی دلیل ہوتی ہے۔

## ۱۴۴۰۔ الشحاذ (بھکاری): دیکھئے الکداش (بھکاری)۔

## ۱۴۴۱۔ الشحرور[1] (کستورا پرندہ):

وہ خواب میں دیکھنا کاتبانِ سلطان میں سے ایک کاتب و ادیب ہے، اور کستورا پرندہ (Black bird) ذہین و فصیح لڑکے یا مکتب کے بچہ کی دلیل ہے جو اچھی ہیئت والا ہو۔

## ۱۴۴۲۔ الشحم (چربی):

حلال جانوروں کی چربی رزقِ مسلسل اور مفید لباس کی دلیل ہے، اور حرام جانوروں کی چربی مالِ حرام، زنا اور دین سے ارتداد کی دلیل ہے۔ اور وہ چربی جس سے علاج معالجہ کیا جاتا ہے اس کا دیکھنا شفاء کی دلیل ہے، اور کبھی چربی فرحت و سرور اور شفاءِ مریض کی دلیل ہوتی ہے اور چربی جمع کرنا خالص مال ہے، مشقت کے بغیر کوئی چیز اس کو نہیں چھوڑتی۔

## ۱۴۴۳۔ الشحناء (بغض و عداوت):

خواب میں بغض و کینہ دیکھنا منصبِ جلیل کی دلیل ہے۔

## ۱۴۴۴۔ شداد السراویل (ازار بند): دیکھئے الھمیان (ازار بند)

## ۱۴۴۵۔ الشدّۃ (سختی): دیکھئے القسوۃ (سختی)۔

## ۱۴۴۶۔ الشر (برائی): دیکھئے السوء (برائی)

(۱) الشحرور: طوطے جتنا ایک پرندہ جو پنجرے میں پالا جاتا ہے۔ انگریزی میں Blackbird کہتے ہیں۔

Marfat.com

## ۱۴۴۷۔ الشری (سرخ پھنسیاں):

یہ ایک خونی مرض ہے (خون کے جوش سے جسم پر سرخ دانے نکل آتے ہیں جن کی وجہ سے خارش اور تکلیف ہوتی ہے) خواب میں یہ سرخ پھنسیاں جلدی مالداری اور بخوشی جلد حاصل ہونے والا مال ہے، اور یہ پھنسیاں ظلم وزیادتی اور جلد سزا کی دلیل ہے۔

## ۱۴۴۸۔ الشراب (مشروب):

خواب میں ہر زرد رنگ کا مشروب مرض کی علامت ہے، اگر کوئی مشروب پیا ہے اور حال یہ ہے کہ وہ اس کو پسند نہیں کر رہا ہے اور نہ گلہ سے اترتا ہے تو وہ معمولی سا بیمار ہوگا پھر شفاء ہوگی، اگر کوئی انسان دیکھے کہ وہ شہد یا سیب یا مورد (ایک خوشبودار پھلدار پودا) کا مشروب اور شربت نوش کرتا ہے تو یہ خواب مالداروں کے لئے خیر کی اور ناداروں کے لئے شر کی دلیل ہے، اورسیب کا مشروب منفعت ہے، خواب میں کوئی مشروب کسی علت کی وجہ سے پینا اس علت کے زوال کی دلیل ہے اگر علت موجود ہو، وگرنہ اس کا پینا اس علت کے پیدا ہونے کی دلیل ہوگا، اور قبض کشا دوائی پینا عزت و اکرام یا رازوں کو ظاہر کرنے والے کی دلیل ہے، اور وہ مشروب جو دردسر کو دور کرتا ہے وہ دشمن کے ساتھ بظاہر میٹھا بننے اور نرم روی کرنے اور حسنِ سیاست سے خصومت دور کرنے کی دلیل ہے، اور جو مشروب رنگ کو ظاہر کرتا ہے فرحت وخوشی اور اصلاحِ حال کی دلیل ہے، اور عرقِ گلاب اور شربتِ شہد وعدہ کرنے پر عدم اعتماد کی دلیل ہے۔

اور خواب میں مجہول و نامعلوم مشروب نوش کرنا زیادہ یقین اور ایفائے نذر کی دلیل ہوتا ہے خصوصاً جبکہ وہ مشروب خوشبودار ہو، اور اگر وہ مشروب بدبودار ہو تو یہ کفرانِ نعمت اور ارتداد از دین کی دلیل ہے، اگر دیکھے کوئی کہ میت زندہ شخص کو لذیذ خوشبودار مشروب دیتا ہے تو وہ اس کو اصل میں نیکی کا حکم اور برائی سے منع کرتا ہے اور نیز اس بات پر دال ہے کہ وہ میت جنتی ہے اور ممکن ہے کہ مجہول مشروب اہلِ حق اور اصحابِ عنایت کے مشروب (نیک سلسلہ ونسبت) کی دلیل ہوتا ہے، اور جام مشروب ہوسکتا ہے جام موت کی دلیل ہو۔

## ۱۴۴۹۔ الشَرَاباتی (جرابیں بنانے والا):

خواب میں اس کو دیکھنا اقبال وسرور یا ولایت ومعزولی، مال و دولت اور بلند واعلیٰ مناصب کی دلیل ہے۔

## ۱۴۵۰۔ شرابی (ماشکی):

خواب میں ماشکی دیکھنا ایمان وتوحید اور گنہگار کا توبہ کرنا ظاہر کرتا ہے۔

## ۱۴۵۱۔ شراریب (ٹوپی وغیرہ کا پھندنا):

خواب میں یہ دیکھنا اتباع اور عزت ومال ہے۔

Marfat.com

## ۱۴۵۲۔ شراریبی (پھندنے بنانے والا):

خواب میں یہ دیکھنا شرو برائی اور مشتق ہونے کی وجہ سے ریبہ (شک وشبہ) کی دلیل ہے، کبھی اس کا دیکھنا کثرتِ نسل کی دلیل ہوتا ہے۔

## ۱۴۵۳۔ الشراع (کشتی کا بادبان):

خواب میں بادبان سلطان ہے، چنانچہ جو دیکھے کہ اس کے لئے بادبان کھڑا کیا گیا ہے تو اسے سلطنت وعزت و شرف ورفعت نصیب ہوگی۔

## ۱۴۵۴۔ الشراء (خریدنا):

جو شخص دیکھے کہ اس نے باندی خرید کی ہے تو وہ کوئی تجارت کرے گا، اگر دیکھے کہ وہ باندی مرگئی ہے تو اس کو تجارت میں سوائے مشقت وغم کے کچھ حاصل نہ ہوگا۔ اور خواب میں ثروت و دولت بیع کی دلیل ہے۔

## ۱۴۵۵۔ شرائح اللحم (گوشت کے پارچے): دیکھئے اللحم (گوشت)

## ۱۴۵۶۔ الشرائحی (گوشت کے پارچے بنانے والا):

خواب میں اس کو دیکھنا لڑائی فساد جھگڑے، جمعیت متفرق ہونے اور حلال کا حرام میں خلط ملط ہونے، سود اور قضائے حاجات کی دلیل ہے۔

## ۱۴۵۷۔ الشرب (پینا):

خواب میں مجہول مشروب یا آبِ شیریں کا پینا علم وہدایت اور ذوق کی دلیل ہے، اور خواب میں ٹھنڈا میٹھا پانی پینا سوائے اس پانی کے عادی کے ہر طرح کے آدمی کے لئے خیر کی اور حصولِ مالِ حلال کی دلیل ہے۔

## ۱۴۵۸۔ الشرر (چنگاری):

خواب میں چنگاری کلامِ بد ہے، چنانچہ جو شخص دیکھے کہ اس کے اوپر چنگاریاں گرتی ہیں تو وہ صاحبِ سلطنت آدمی سے کلامِ بد سنے گا، اگر چنگاریاں بھڑک اٹھی ہیں تو وہ کلام زیادہ ہوگا اور بڑھے گا، اگر چنگاریوں کا دھواں بھی دیکھے تو یہ امر بہت بڑا ہے، اور دھواں جہاں بھی ہو ہولناکی ہے، اگر چنگاریوں نے کپڑے معمولی سے جلادیے ہیں تو اس کا دشمن اس سے بدکلامی کرے گا جس سے وہ اس کو جلائے گا پر وہ اس پر صبر کریگا، اور جو چنگاریوں کو دیکھے کہ اس پر زیادہ ہوگئی ہیں تو یہ عذاب کے پہنچنے کی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ آگ کی چنگاری ایک قوم کے بیچ گری ہے تو ان کے درمیان بغض و عداوت پیدا ہوگی، اور چنگاریاں اولاد کی بھی دلیل ہیں، اگر چنگاریوں نے جلایا ہو تو یہ شر وفساد اور پے درپے تکالیف ہیں۔ اور چنگاریاں کبھی تو ان برے اعمال کی دلیل ہوتی ہیں جو انسان کو دوزخ اور اس کی چنگاریوں کی مستحق بنادیتی ہیں۔

Marfat.com

## ۱۴۵۹۔ الشرطي (سپاہی):

خواب میں پولیس مین یا سپاہی ملک الموت ہے، اور ایک قول یہ ہے کہ سپاہی ہولناکی وغم وفکر ہے، اور پولیس کا اپنے معاونین کے ہمراہ آنا حزن وغم اور گھبراہٹ، عذاب وخطر اور شریر صاحب سلطنت آدمی اور مکروفریب کی دلیل ہے۔

## ۱۴۶۰۔ الشرفة (کنگرہ عمارت):

اگر شہر کی اعلی فصیل والی وحاکم کی دلیل ہو تو کنگرے اس حاکم کے خدام ومتبعین ہیں اگر شہر کی فصیل مال کی دلیل ہو تو کنگرے رات کے وقت مال کی نگہبانی کرنا ہے، اگر فصیل بادشاہ کی دلیل ہو تو کنگرے اس کے اسلحے وذخائر ہیں۔

## ۱۴۶۱۔ شرک الصید (شکار کا جال): دیکھئے الصید (شکار کرنا)

## ۱۴۶۲۔ الشرکة (شریک ہونا):

خواب میں شریک ہونا سرور وخوشی ہے یا پھر اللہ تعالیٰ سے ڈرنے پر بیعت کرنا ہے یا ایسے کام پر معاہدہ کرنا ہے جس کا نفع دنیا میں اس کو حاصل ہو، اور شرکت فقیر کے غنی ہونے کی دلیل ہے، جبکہ وہ فقیر خواب میں اپنے سے بلند مرتبہ شخص کے ساتھ معاملہ شرکت کرے، اور جو دیکھے کہ اس سے ایک معلوم آدمی نے شرکت کی ہے تو وہ دونوں کسی نامعلوم امر کو آپس میں دو حصوں میں تقسیم کریں گے، اور شرکت محبت میں اخلاص اور عہد وپیان میں صدق وسچائی کی دلیل ہے۔

## ۱۴۶۳۔ الشروال (شلوار):

خواب میں شلوار حصولِ ولایت کی دلیل ہے۔

## ۱۴۶۴۔ الشصّ (مچھلی کے شکار کا کانٹا):

خواب میں مچھلی کے شکار کا کانٹا مکر وفریب کی دلیل ہوتا ہے، ان تمام آلات واوزار کا یہی حکم اور تعبیر ہے جن سے شکار کیا جاتا ہے۔

## ۱۴۶۵۔ الشطرنج (شطرنج):

خواب میں شطرنج گھٹیا قسم کے لوگوں سے میل جول رکھنے کی دلیل ہے، شطرنج بادشاہ کے لئے بہت بڑے شہر اور رحتوں اور مسرتوں کی دلیل ہے اور شطرنج نرد اور چوسر وغیرہ کھیل کھیلنا، دھوکہ فریب اور نزاع وجھگڑے کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ وہ شطرنج کھیلتا ہے تو اس کے لئے دنی اور گھٹیا عدد ہے، اور وہ شطرنج جس کے ساتھ نہیں کھیلا جاتا معزول لوگ ہیں، اور وہ شطرنج جس کے ساتھ کھیلا جاتا ہے والی وحاکم حضرات ہیں، اگر کھیلنے والے نے خواب کے اندر اپنے مقابل سے پیادہ لیا ہے تو وہ پیادہ لے گا، اگر گھوڑا لیا ہے تو وہ شاہسوار لے گا، اور اگر کھیلنے والا ہاتھی کو لے تو وہ عجمی بادشاہت حاصل کرے گا، اور جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ شطرنج کھیلتا ہے تو وہ قتل وقتال اور منازعت کی کوشش کرے گا، اور خوب میں شطرنج بے

Marfat.com

بنیاد اور باطل کلام ہے، اگر دیکھے کہ وہ یہ کھیل کھیلتا اور غالب آتا ہے تو اس نے غالب آنے میں جو بات مدمقابل کی طرف سے دیکھی ہے وہ حالت بیدار میں دیکھے گا، اور شطرنج لڑائی عداوت، رازوں پر اطلاع، ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف منتقلی، مزاج وطبیعت میں انحراف اور اسفار کی دلیل ہے، اور شطرنج میں بادشاہ کو خواب میں دیکھنا بادشاہ کی دلیل ہے۔

## ۱۴۶۶۔الشعاب (گھاٹی):

خواب میں گھاٹی وہ آدمی ہے جو ہر طرح کے لوگوں خواہ اعلیٰ رتبہ ہو یا ادنیٰ اور گھٹیا ان کے معاملات کا متولی و ذمہ دار ہے، جو لوگوں کے دلوں میں محبت پیدا کرتا ہے ان کو بہت زیادہ نفع پہنچانے والا، ان کی اصلاح کرنے والا اور شرف و مقام رکھنے والا ہے۔

## ۱۴۶۷۔شعب الجبل (پہاڑ کا راستہ):

دیکھئے الطریق (راستہ)

## ۱۴۶۸۔الشعث (پراگندہ بال):

خواب میں جو خود کو پراگندہ بال دیکھے تو یہ مالی حرص اور بخل کی دلیل ہے۔

## ۱۴۶۹۔الشعر (بال):

خواب میں سر کے بال مال اور عمر کی درازی ہے، چنانچہ جو اپنے سر کے بال دیکھے کہ وہ دراز ہو گئے ہیں تو اس کی عمر طویل ہوگی، اگر دیکھے کہ اس کے سیدھے (غیر گھونگھریالے) بال گھونگھریالے ہو گئے ہیں تو وہ کم درجہ ہوگا اگر اس کا عکس ہو (یعنی گھونگریالے بال سیدھے ہو گئے ہوں) تو اس کے رئیس کا مال متفرق ہوگا، اور خواب میں بالوں کی کثرت اس کا مال ہے اگر وہ فقیر ہے تو یہ اس کے ذمہ واجب قرض ہیں، اگر خواب میں کسی کے بال گھونگھریالے بن گئے ہوں تو یہ مال یا ازواج یا لباس کا معاوضہ ہے، جو خواب میں اپنے بال لمبے دیکھے تو یہ قابل تعریف ہے خصوصاً عورتوں کے حق میں، اور چوٹیاں (لٹیں) انسان کے ذمہ قرضوں کی دلیل ہیں، مونچھ اور بغل کے بال دور کرنا قرضوں کی ادائیگی، غموں کی دوری اور سنت کی پیروی کی دلیل ہے، اور چوٹی بنانا معاملات کے استحکام اور مال کی حفاظت کی دلیل ہے، جو خواب میں اپنے بال بے محل اُگے ہوئے دیکھے تو وہ پریشانی میں مبتلا ہوگا، اور زمانہ حج میں سر کے بال مونڈنا امن سلامتی کی دلیل ہے، بعض کہتے ہیں کہ بال اکھاڑنا صاحب خواب کے قرض کی ادائیگی کی دلیل ہے، اور اگر سپاہی دیکھے کہ اس کے بال لمبے ہوئے ہیں تو اس کے ہتھیار زیادہ ہونگے، جو شخص خواب میں اپنے بال گھوڑے کے بالوں کی طرح دیکھے تو اگر وہ چور ہے تو گرفتار ہوگا، اور اگر اس کے بال خنزیر کے بالوں جیسے ہو گئے ہیں تو وہ شدائد و مشکلات سے دوچار ہوگا، اور مغموم شخص کے لئے بالوں کی کثرت اس کے غم کی زیادتی کی دلیل ہے، اور مسرور شخص کے لئے بالوں کی کثرت اس کے سرور کی زیادتی کی دلیل ہے، اور عورت کے بالوں کا سیاہ ہونا اس کے شوہر کا اس سے محبت کرنے کو ظاہر کرتا ہے، اگر عورت دیکھے کہ اس نے اپنے بال

Marfat.com

کھولے ہیں تو اس کا خاوند اس سے غائب ہوگا، اگر عورت دیکھے کہ وہ ہمیشہ سے کھلے سر ہے تو اس کا خاوند اس کے پاس واپس نہیں آئے گا، اگر وہ عورت بے خاوند ہے تو وہ کبھی بھی شادی نہیں کرے گی، اور بغل کے بالوں کا لمبا ہونا حاجت کے حصول، عزت واکرام اور دین کی صحت کی دلیل ہے، اگر ان بالوں میں جوئیں ہوں تو یہ کثرتِ عیال کی دلیل ہے، جو خواب میں اپنے سر کے بال دیکھے کہ کم ہوگئے ہیں تو یہ فکر وغم کی نشانی ہے، اگر کسی کو دیکھے کہ وہ اپنے بال اکھاڑتا ہے تو یہ مالی مصیبت ہے، اور جو دیکھے کہ اس نے اپنے بالوں کو تیل لگایا ہے تو یہ اس کے لئے زینت ہے، اور جو شخص دیکھے کہ وہ اپنے سر سے جوئیں نکالتا ہے تو وہ اپنے بعض عیوب پر مطلع ہوگا، اور جو خواب میں ایسی جگہوں پر بالوں کو اُگتے دیکھے جہاں پر بال نہیں اُگا کرتے ہیں تو یہ اس کے ذمہ قرض کی کثرت کی دلیل ہے، اگر بال اس کی ہتھیلی میں اُگے ہیں تو یہ منفعت کی دلیل ہے، اور کبھی ایسا ہوتا ہے کہ سر کے بال کھیت، مال و جاہ اور کنواری عورت کے لئے خاوند کی اور کنوارے شخص کیلئے بیوی کی دلیل ہوتے ہیں، اگر اپنے بالوں کو گوندھا ہے تو یہ عمل مال جمع کرنے کی دلیل ہے، اگر سر سے جوئیں نکالی ہیں تو یہ اپنی زمین سے فسادیوں کو نکال باہر کرنے کی دلیل ہے، اور بالوں کی خوبصورتی نیک اعمال کی دلیل ہوتی ہے، اور بیمار عورت کا اپنے بالوں کو گوندھنا (چوٹی بنانا) اس کی موت کی دلیل ہے، اور آدمی کے بال اس کی زینت، حفاظت کا سبب اور دائمی مال ہے، اگر اپنے جسم کے بال سفید دیکھے ہیں اور حال یہ ہے کہ وہ شخص غنی ہے تو وہ مالی خسارہ سے دوچار ہوگا، اگر عورت دیکھے کہ اس کے بال چمکدار اور سیاہ ہیں تو یہ شوہر کے مال کے سبب اس کے استغناء (مالدار ہونے) کی دلیل ہے

**۱۴۷۰۔ شعر أشفار العينين (آنکھوں کی پلکیں):** دیکھئے هدب العين (آنکھ کی پلکیں)۔

**۱۴۷۱۔ الشعر (شگاف):** دیکھئے الثلم (شگاف)۔

**۱۴۷۲۔ شعر:**

جو خواب میں دیکھے کہ وہ شعر گوئی کرتا ہے اور اس کے ذریعہ مال کماتا ہے تو وہ جھوٹی گواہی دیتا ہے، اگر شعر سنا ہے تو وہ ایسی مجالس میں بیٹھتا ہے جس میں حق بات نہیں کہی جاتی ہے، اور خواب میں شعر کلامِ باطل ہے، اور کبھی شعر و شاعری زوالِ منصب (عہدہ) اور نقصِ دین کی علامت ہوتی ہے، اگر خواب میں بیہودہ اشعار کہے ہیں جیسے کسی انسان کی ہجو کرنا تو یہ تہمت کی دلیل ہے، اگر شعر تعریف پر مبنی ہیں تو اگر مالدار ہے تو محتاج و نادار ہوگا، خواب میں شاعر کو دیکھنا سخن سازی، برائی کا حکم اور نیکی سے منع کرنے کی دلیل ہے، نیز جھوٹے دعویٰ یا زنا اور شراب نوشی کی دلیل ہے، اگر صاحبِ خواب خواب میں شاعر بن گیا ہو تو اسے علم وہدایت اور منصبِ جلیل حاصل ہوگا، اور خواب میں شاعر گمراہ شخص ہے جس کے قول وفعل میں یکسانیت نہیں ہے، اور ہر وہ شخص جو شعر کی طرف منسوب ہے وہ ایسے شخص کی علامت ہے جو دنیا کو دین پر ترجیح دیتا ہے۔

Marfat.com

## ۱۴۷۳۔الشعری (شعری ستارہ):

خواب میں اس کا دیکھنا امر باطل کی دلیل ہے، اس لئے کہ اس کی اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر پرستش کی جاتی ہے، اور شعری ستارہ ایسی عورت ہے کہ جس کے دین میں بھی کوئی خیر کی بات نہیں ہے اور نہ اس کے احوال اچھے ہیں۔

## ۱۴۷۴۔الشعری الیمانیۃ (شعری یمانیہ): دیکھئے الکلب (کتا)۔

## ۱۴۷۵۔الشعوذۃ (شعبدہ بازی):

خواب میں شعبدہ بازی غرور وفتنہ کی دلیل ہے۔

## ۱۴۷۶۔شعیب علیہ السلام:

خواب میں حضرت شعیب علیہ السلام کا دیکھنا اصل میں اس کا ایسی قوم کے مابین معاملہ کی دلیل ہے جو ماپ تول میں کمی کرتی ہے، وہ قوم اس کو اذیت پہنچاتی ہے اور اس کے معاملات میں نقصان کرتی ہے مگر بالآخر وہ شخص اس قوم پر غلبہ حاصل کرے گا، اور اس کو بیٹیاں نصیب ہوں گی جن بیٹیوں سے اسے خوشی حاصل ہوگی۔

## ۱۴۷۷۔الشعیر (جو):

خواب میں جو کم مشقت، پاکیزہ، جلد حاصل ہونے والا رزق ہے، اور جو دیکھے کہ اس نے جو کے بدلہ میں گندم بیچے ہیں تو وہ ایسا شخص ہے جو قرآن کریم کو فراموش کر بیٹھا ہے اور شعر وشاعری میں مشغول ہوگیا ہے، اور جو دیکھے کہ وہ جو کو حاصل کرتا ہے تو اسے عالم لڑکا عطا ہوگا لیکن اس کی عمر کم ہوگی، اور بعض کہتے ہیں کہ جو جسمانی صحت کے متعلق مال کی دلیل ہے، اور جو کی خریداری عظیم بادشاہ ہے، اور جو بروقت کاشا مال کی دلیل ہے، جو اس کے پاس پہنچے گا، اور جو خواب میں جو بوئے تو وہ ایسا عمل کرے گا جو رضائے الٰہی کا باعث ہے، اور وہ مال جمع کرے گا یا سلطان سے خیر حاصل ہوگی اور تازہ جو خوشحالی ہے، اور جو صحت وعافیت کی دلیل ہے کیونکہ لفظ شعیر (جو) میں خیر کا استشعار (احساس) ہے۔

## ۱۴۷۸۔الشغف (محبت): دیکھئے الحب (محبت)۔

## ۱۴۷۹۔الشغل (مشغول ہونا):

خواب میں جو دیکھے کہ وہ کسی کام میں مشغول ہے تو وہ کنواری عورت سے شادی کرے گا، دلیل یہ فرمان باری تعالیٰ ہے "ان اصحاب الجنۃ الیوم فی شغل فاکھون" (یٰس:۵۵) یعنی بے شک اہل جنت اس دن اپنے مشغلوں میں خوش دل ہوں گے۔

## ۱۴۸۰۔الشفاعۃ (شفاعت کرنا):

خواب میں شفاعت کرنا عزت ووجاہت کی دلیل ہے، بعض کہتے ہیں کہ یہ اجر یا دھوکہ کی دلیل ہے، جو خواب

Marfat.com

میں قیامت کا منظر دیکھے اور یہ بھی دیکھے کہ لوگ اس کے پاس حصولِ شفاعت کے لئے آتے ہیں تو یہ حالات کے توقف کی دلیل ہے کیوں کہ اللہ تعالیٰ نے شفاعت کا حق خصوصی طور پر سیّد المرسلین حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کو عطا فرمایا ہے اور آپ ﷺ کو روزِ قیامت ''شفیع المذنبین'' بنایا ہے۔

## ۱۴۸۱۔الشفعة (شفعہ):

خواب میں حقِ شفعہ دشمنوں کے ساتھ صلح۔ کنوارے کے لئے شادی کی دلیل ہے یا پھر شفعہ مال و اولاد کی دلیل ہے۔

## ۱۴۸۲۔الشفر (پلکوں کی جڑ):

اس کی تعبیر دین کی حفاظت ہے، چنانچہ جو اس میں حسن و جمال دیکھے وہ دین کے جمال و حسن کی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ اس کی پلکوں کی جڑیں سفید ہوگئی ہیں تو یہ سر یا آنکھوں یا کانوں کی بیماری کی دلیل ہے جس سے وہ دوچار ہوگا، یا بہرہ پن کی دلیل ہے۔

## ۱۴۸۳۔الشفرة (دھار):

دھار کی تعبیر زبان اور عورت سے کی جاتی ہے، کبھی دھار رزق اور معیشت کی دلیل ہوتی ہے، اور قلم کی نوک باادب لڑکے کی دلیل ہے جس پہ حسد کیا جاتا ہے، جو قلم کی نوک اپنے ہاتھ میں دیکھے تو اسے خوبصورت فرزند عطا ہوگا، جو اپنے ہاتھ میں قلم کی نوک دیکھے تو جدا ہونے والی عورت اس کے پاس واپس آئے گی۔

## ۱۴۸۴۔الشفع (جوڑا):

یہ دین و دُنیا میں حُسنِ انجام کی دلیل ہے، یا پھر یہ قبولیتِ شفاعت اور وصیت کی دلیل ہے۔

## ۱۴۸۵۔الشفق (شفق):(۱)

خواب میں شفق (شام کی سرخی) دیکھنا قسم کی دلیل ہوتا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ''فلا أقسم بالشفق'' (الانشقاق:۱۶) یعنی میں شفق کی قسم کھاتا ہوں، یا پھر شفق بادشاہوں اور نوابوں سے حرکات کے ظاہر ہونے کی دلیل ہے۔

## ۱۴۸۶۔الشفقة (رحمت و شفقت): دیکھئے الرحمة (رحمت و شفقت کرنا)

## ۱۴۸۷۔الشفة (ہونٹ):

خواب میں ہونٹ آدمی کا مددگار ہے، نیچے والا ہونٹ اوپر والے سے زیادہ بہتر ہے، اور دونوں ہونٹ عورت، اولاد اور رشتہ دار کے قائم مقام ہیں، جو خواب میں اپنا ہونٹ کٹا ہوا دیکھے تو وہ شخص عیب گیر اور نکتہ چین ہے، اور ہونٹ کا

(۱) الشفق: وہ سرخی جو اُفق میں غروبِ آفتاب کی جگہ ظاہر ہوتی ہے اور عشاء سے کچھ پہلے تک رہتی ہے۔

Marfat.com

زوال (نیچے گرنا) زوالِ نعمت کی دلیل ہے، اگر نیچے والا ہونٹ زائل (نیچے گر گیا) ہوگیا ہوتو اس کی بیوی فوت ہوگی یا وہ اس کو طلاق دے گا، اور شفہ کی جمع شفاہ ہے اس مناسبت سے ہونٹ امراض سے شفاء کی دلیل ہے، دونوں ہونٹ کبھی غلام ، چوکیدار، دربان، دروازے اور تالے کی دلیل ہوتے ہیں، اور دونوں ہونٹ علم و ہدایت ، کھانے ، خوشی ، غم اور راز چھپانے کی دلیل ہے، اور دونوں ہونٹ بانسری بجانے والے، بگل بجانے والے، بوتلیں بنانے والے اور اس جیسے کام کرنے والوں کی معیشت کی دلیل ہیں جس کام میں پھونکا جاتا ہو، اور ہونٹوں کی باریکی اور سرخی فصاحت و ہدایت اور ہونٹوں کی سختی کند ذہنی اور بیوقوفی کی دلیل ہے، اور ہونٹوں کی سیاہی یا نیلا پن کبھی مریض کی موت کی دلیل ہوتا ہے اس لئے کہ یہ موت کی علامات میں سے ہے، اور دونوں ہونٹ بند ہونے کی صورت میں پلکوں یا نہر اور کنوئیں کے دونوں کناروں کی دلیل ہے۔

## ۱۴۸۸۔الشق (زمین کا شگاف): دیکھئے الصدع (زمین کا شگاف)

## ۱۴۸۹۔الشقراق (سبز ہدہد):[1]

خواب میں سبز ہدہد یا بدشگونی کا پرندہ دیکھنا مال و جمال والی حسین عورت کی دلیل ہے۔

## ۱۴۹۰۔الشقرة (بھوراپن):

خواب میں بھوراپن رذالت اور کمینہ پن کی دلیل ہے۔

## ۱۴۹۱۔الشقة (کپڑے کا ٹکڑا):

خواب میں جو دیکھے کہ وہ کپڑے کا ٹکڑا لپیٹتا ہے یا خریدا ہے، یا اسے ہبہ کیا گیا ہے تو وہ کسی دور دراز سفر پر روانہ ہوگا، کیونکہ فرمانِ خداوندی ہے" ولکن بعدت علیهم الشقة "(التوبہ:۴۲) یعنی لیکن لمبی ہوگئی ان پر مسافت، اور جو دیکھے کہ وہ کپڑا بنتا ہے یا لپیٹتا ہے یا پھیلاتا ہے تو وہ سفر کرے گا۔

## ۱۴۹۲۔الشقیق (سگا بھائی):

سگا بھائی خواب میں دیکھنا آگ کی دلیل ہے کیونکہ وہ سرخ ہوتی ہے یا پھر درد شقیقہ (آدھے سر کا درد) یا سگے بھائی کی دلیل ہے۔

## ۱۴۹۳۔الشک (شک کرنا): دیکھئے الظن (شک کرنا)

## ۱۴۹۴۔الشکر (شکر کرنا):

خواب میں اللہ تعالیٰ کا شکر کرنا فکر و غم سے نجات کی دلیل ہے، لہٰذا جو دیکھے کہ وہ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتا ہے تو وہ فکر و غم سے نجات پائے گا اور اس کو مال و قوت خیر و خوشحالی اور ثواب حاصل ہوگا، اور وہ موحد (توحید پرست) ہوگا،

(۱) الشقراق: فاختہ یا ہدہد کے برابر ایک پرندہ جس میں سفید سرخ اور سبز تینوں رنگ ہوتے ہیں، اس سے بدشگونی لی جاتی ہے۔

Marfat.com

اگر غیر مسلم ہے تو مسلم ہوگا، اگر منافق ہے تو مخلص بنے گا، اور اگر وہ مسلمان ہے تو شریف ومعزز آدمی کی صحبت حاصل کرے گا۔

## ۱۴۹۵۔الشک (شک کرنا):

خواب میں شک کرنا منافقت اور مکر وفریب کی دلیل ہے۔

## ۱۴۹۶۔شلغم:

خواب میں شلغم دیہاتی، طاقتور اور صاحبِ فضیلت عورت ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ شلغم غم وحزن کی دلیل ہے۔

## ۱۴۹۷۔شلل (شل ہوجانا):

جو خواب میں دیکھے کہ اس کے ہاتھ شل ہوگئے ہیں (یعنی سوکھ کر بے حس وحرکت ہوگئے ہیں) تو وہ کوئی بڑا گناہ کرے گا، اور دایاں ہاتھ شل ہوا ہے تو وہ ضعیف پر ظلم کرے گا، اور اگر بایاں ہاتھ شل ہوا ہے تو اس کا بھائی یا بہن فوت ہوگی، اگر اس کا انگوٹھا سوکھ گیا ہے تو اس کے والد مصیبت میں مبتلا ہوں گے، اور اگر اس کی انگشتِ شہادت سوکھ گئی ہے تو اس کی بہن تکلیف میں مبتلا ہوگی، اگر درمیانی انگلی سوکھ گئی ہے تو اس کا بھائی مصیبت سے دوچار ہوگا، اور اگر چھنگلی سوکھ گئی ہے تو اس کی بیٹی آزمائش میں مبتلا ہوگی، اور اگر چھنگلی کے ساتھ والی انگلی سوکھی ہے تو اس کی ماں مصیبت میں مبتلا ہوگی، اور بعض کہتے ہیں کہ جو شخص خواب میں اپنا دایاں ہاتھ دیکھے کہ وہ شل ہوگیا ہے تو اس کی معیشت وکاروبار موقوف ہوگا۔

## ۱۴۹۸۔الشم (سونگھنا):

جو خواب میں عمدہ خوشبو سونگھے تو اسے معمولی مرض پیش آئے گا، اور بدبو سونگھنا ردی اور خراب کلام یا فکر وغم لاحق ہونے کی دلیل ہے۔

## ۱۴۹۹۔الشماس (پادری): دیکھئے الراھب (راہب)

## ۱۵۰۰۔الشماع (موم بتی بنانے والا):

خواب میں اس کو دیکھنا خوشی اور فرحت اور مریض کے لئے موت کی دلیل ہے، کبھی اس کا دیکھنا ہدایت وعلم کی اور کبھی امراض اور مالی نقصان کی دلیل ہوتا ہے۔

## ۱۵۰۱۔الشمس (سورج):

خواب میں سورج عظیم بادشاہ یا خلیفہ یا امیر یا باپ ہے، اور جو دیکھے کہ وہ سوج کی شکل میں تبدیل ہوگیا ہے تو اسے بادشاہت ملے گی، اگر اسے خواب میں زنجیر کے ساتھ لٹکا ہوا سورج ملا ہو تو والی یا حاکم بنے گا اور عدل وانصاف کرے گا، اگر دھوپ میں بیٹھا ہے اور سورج کے قریب ہوا ہے تو اس کو بادشاہ سے مال ونعمت اور قوت وتائید ملے گی،

Marfat.com

اگرسورج کی شعاع کوروشن کیا ہے تو وہ ایسے علم سے نوازا جائے گا جس کے سبب اس کا مشرق ومغرب میں چرچا ہوگا، اگرخواب میں سورج کو صاف روشن دیکھا اور وہ حاکم ہے تو اسے ولایت کی قوت حاصل ہوگی، اگر سورج اس کے گھر میں طلوع ہوا ہے تو شادی ہوگی، اگر یہ خواب عورت دیکھے تو اس کی شادی ہوگی، یہ خواب تاجر دیکھے تو اس کی تجارت میں نفع ہوگا، اورسورج کی روشنی بادشاہ کا عدل اوراس کا رعب ہے، اگرسورج کو دیکھے کہ وہ سورج اس سے باتیں کرتا ہے تو اسے خلیفہ سے رفعت حاصل ہوگی۔ چاند کی بھی یہی تعبیر ہے۔ اگرسورج کو دیکھے کہ اس کے سر پر نکلا ہے تو اس کو عظیم امر حاصل ہوگا، اگر اس کے قدموں پر طلوع ہوا ہے تو اسے کثیر زراعت حاصل ہوگی، اگر خواب دیکھے کہ سورج اس کے پیٹ پر طلوع ہوا ہے تو برص کے مرض میں مبتلا ہوگا، اگر اس کے سینہ پر نکلا ہے تو وہ بیمار ہوگا، اور جو شخص دیکھے کہ سورج غروب یا غائب ہوا ہے اور وہ شخص اس کے پیچھے چلتا ہے تو وہ وفات پائے گا، اگرسورج کو دیکھے کہ اس سے آگ نکلی ہے جس نے سورج کے گرد چاندوں کو جلا دیا ہے تو بادشاہ اپنے حاشیہ برداروں کو دور ہٹائے گا، اگر دیکھے کہ سورج سرخ ہے تو یہ اس کی مملکت کے فساد و بگاڑ کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ سورج زرد ہو گیا ہے تو وہ بیمار ہوگا۔ اگر سیاہ ہے تو وہ مغلوب ہوگا، اگر دیکھے کہ سورج غروب ہو گیا ہے تو اس کا مطلوب امر پورا ہو چکا ہے۔ اگرسورج کے ساتھ دھوکہ کیا ہے تو وہ بادشاہ کے ساتھ دھوکہ کرے گا، اگرسورج زمین پر آگرا ہے تو اس کے والد وفات پائیں گے، اگر دیکھے کہ سورج گھر میں طلوع ہوا ہے تو اسے عزت و وجاہت اور کرم وشرف حاصل ہوگا، اور جو دیکھے کہ اس نے سورج کو نگل لیا ہے تو وہ فوت ہوگا، اگرسورج کو اپنی حالت سے متغیر دیکھے تو کوئی فتنہ رونما ہوگا، اگر دیکھے کہ سورج مغرب کی جانب سے طلوع ہوتا ہے تو یہ پوشیدہ اشیاء کے ظہور کی دلیل ہے، اگر وہ مریض ہے تو شفاء ہوگی، اگر سفر میں ہے تو واپسی ہوگی، اگر خواب میں انسان دیکھے کہ سورج تاریک ہے، اندھیرا اس پر چھایا ہوا ہے تو یہ تمام لوگوں کے لئے خرابی کی دلیل ہے، چنانچہ یہ خواب بیکاری یا مرض یا شدت کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ سورج اس کے بستر پر اترتا ہے اور اس کو ڈراتا ہے تو یہ مرضِ شدید کی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ سورج نے اس پر انوارات پھیلائے ہیں تو وہ خلیفہ کا مصاحب اور متعلق بنے گا، اورسورج کی گرمی جب سخت ہو اور اس کو پہنچی ہو تو یہ سلطان کی طرف سے پریشانی پہنچنے کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ وہ سورج سے بھاگتا ہے تو وہ اپنی زوجہ سے یا سلطان سے یا کسی امرِ مکروہ سے راہِ فرار اختیار کرے گا، اگر خواب میں دیکھے کہ بادل نے سورج کو ڈھانک لیا ہے تو بادشاہ کو کوئی حادثہ پیش آئے گا، اور اگر سورج زمین پر طلوع ہوا ہو تو یہ قحط یا آشفتگی کی دلیل ہے، اورسورج دیکھنا کسی وقت ایسے عالم کی دلیل ہوتا ہے جس کی وجہ سے ہدایت حاصل کی جائے، اگرسورج کو گہن لگے دیکھے یا اس پر دھواں یا گرد وغبار نظر آئے تو یہ بھی کسی حادثہ کے رونما ہونے کی دلیل ہے مرض، غم فکر وغیرہ، اور سورج کا غروب ہونا کبھی قیدی کا قید خانہ سے نکلنے کے بعد دوبارہ قید خانہ جانے کی دلیل ہوتا ہے، اور خواب میں تمام اطراف میں سورج و چاند کا دیکھنا غم یا خوف یا شکست پیش آنے کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ اس نے سورج کو یا چاند کو سجدہ کیا ہے تو وہ عظیم گناہ کا ارتکاب کرے گا، اور

Marfat.com

سورج رزق و ہدایت، اتباعِ حق اور شفاءِ امراض کی بھی دلیل ہے، یا پھر سفر کی علامت ہے، اور بسااوقات سورج اس شخص کی دلیل ہوتا ہے جس کا شمس کے ساتھ نام رکھا گیا ہو جیسے شمس الدین، جس طرح بدر (چودھویں کا چاند) بدر الدین پر دلیل ہوتا ہے، سورج چاند اور ستارے دیکھنا بلا و مصیبت یا قید خانہ یا اہل خانہ کی طرف سے حسد کی دلیل ہے، اور سورج کا دیکھنا چراغ کی دلیل بھی ہے، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: "وجعل الشمس سراجاً" (نوح:١٦) یعنی سورج کو چراغ بنایا، اور خواب میں سورج کا مغرب کی جانب سے طلوع ہونا خوف وگھبراہٹ اور رعایا پر بادشاہ کے تسلط یا غائب کے آنے یا دین سے پھر جانے اور توبہ کرنے والوں کے فسق و فجور کی دلیل ہے۔ جو خواب میں سورج کو دیکھے کہ اس نے کھیت کو جلا دیا ہے یا سورج کی گرمی وحرارت نے لوگوں کو ضرر پہنچایا ہے تو یہ امراض و وباء اور بڑوں کی طرف سے ظلم و زیادتی کی دلیل ہے۔

## ۱۵۰۲۔ شمع دان

خواب میں شمع دان کنوارے کے لئے زوجہ کی اور شادی شدہ کے لئے فرزندِ جمیل کی دلیل ہے۔

## ۱۵۰۳۔ الشمعة (موم بتی)

خواب میں موم بتی سلطان یا بلند مرتبہ کریم النفس فرزند کی دلیل ہے۔ موم بتی کا گڑھا مالِ حلال ہے جو مشقت کے بعد اس تک پہنچے گا حتی کہ اس سے شہد کا استخراج کرے گا، اور موم بتی غیر شادی شدہ کی نسبت سے زوجہ پر دلیل ہے، کبھی موم بتی ولایت وحکومت یا نیک صالح شخص کی دلیل ہوتی ہے۔ اگر وہ شادی شدہ ہے تو موم بتی ولایت کی دلیل ہے، اور موم بتی جاہل کے لئے ہدایت اور فقیر کے لئے غنا (مالداری) کی دلیل ہے۔

## ۱۵۰۴۔ الشمل (اجتماعیت)

خواب میں اجتماعیت پیدا ہونا شادی کی دلیل ہے، چنانچہ جو دیکھے کہ وہ اپنے محبوب کے ساتھ بیٹھا ہوا ہے تو وہ شادی کرے گا، اسی طرح اگر جوان عورت دیکھے کہ وہ اپنے محبوب کے ساتھ بیٹھی ہوئی ہے تو وہ شادی کرے گی، اور جو دیکھے کہ اس کی شیرازہ بندی ہوئی ہے اور اسے دنیا کی قدرت حاصل ہوئی ہے تو اس کے امور ناقص اور احوال متغیر ہوں گے، اور جو شخص دیکھے کہ اس کے محبوب نے اس کی زیارت کی ہے تو اس کو فرحت وخوشی حاصل ہوگی۔

## ۱۵۰۵۔ الشمم (بلندی)

خواب میں اس شخص کا بلندی دیکھنا جو لوگوں کی نظروں میں بڑائی اور بلندی چاہتا ہے حقارت اور مرتبہ سے نزول کی دلیل ہے۔

Marfat.com

## ۱۵۰۶۔ الشنف (کان کی بالی): دیکھئے القرط (کان کی بالی)۔

## ۱۵۰۷۔ الشنق (پھانسی دینا)

خواب میں پھانسی شہرت و شماتت (مصیبت زدہ پر خوش ہونا) یا بلند قدر ہونے کی دلیل ہے، یا پھر تہمت والزام تراشی اور آبروریزی کی دلیل ہے مگر یہ کہ پھانسی کسی حد (سزا) کے طور پر ہو اس صورت میں ادائے قرض کی دلیل ہوگی۔

## ۱۵۰۸۔ الشهادة (گواہی دینا)

خواب میں گواہی دینا عہدہ برآ ہونے، نذر پوری کرنے، پیغام پہنچانے اور قرض ادا کرنے کی دلیل ہے۔ اگر خواب میں گواہی چھپائی ہے یعنی نہیں دی ہے تو یہ امانت میں طمع و حرص، کینہ و بغض اور گناہوں پر دلیری کی دلیل ہے، یا مرض کی علامت ہے، اور خواب میں عدل و انصاف کے ساتھ گواہی دینے والا ایسا شخص ہے جو دشمنوں پر غلبہ پاتا ہے اور بات کی وضاحت کرتا ہے اور شک وشبہ کو دور کرتا ہے۔

## ۱۵۰۹۔ شہد

خواب میں شہد (جو موم سے ابھی جدا نہ کیا گیا ہو) حلال میراث یا شرکت کا مال یا رزق ہے اس لئے کہ آگ اس کو مس نہیں کرتی، جو خواب میں اپنے سامنے شہد دیکھے تو اس کے پاس جامع اور رفیع علم ہے۔ وہ لوگوں کو ترغیب دیتا ہے کہ وہ اس سے علم کا سماع کریں، اگر دیکھے کہ وہ لوگوں کو شہد کھلاتا ہے تو وہ خوش الحانی سے قرآنِ کریم پڑھتا ہے، اور شہد کا کھانا کبھی لڑائی میں شہادت کے حصول کی دلیل ہوتا ہے، اور شہد اعمال میں اختلاط کی دلیل ہے، اور صاف شدہ شہد صالح اور خالص اعمال کی دلیل ہے، یا پھر رزقِ حلال یا گھر کی غصب کردہ چیز کی دلیل ہے، کبھی صاف شہد شفائے امراض کی اور کبھی شہد شہادت (گواہی) کی دلیل ہوتا ہے جو شہادت وہ خود دوسرے کے لئے دے یا اس کے لئے دی جائے۔

## ۱۵۱۰۔ الشهر (مہینہ)

جب خواب ماہِ محرم میں ہو تو یہ خواب صحیح ہے خطا نہیں ہے۔ خواب محرم الحرام کے مہینہ میں دیکھنا جیل سے رہائی اور خلاصی اور امراض سے شفاء کے حصول کی دلیل ہے، اگر صاحب خواب اپنی قوم برادری سے کنارہ کش ہوا ہو یا اپنے شہر سے چلا گیا ہو تو وہ واپس وہاں آجائے گا، یہ قصہء یونس علیہ السلام پر قیاس کیا گیا ہے، کیونکہ وہ مچھلی کے پیٹ سے نکل کر اپنی قوم کے پاس واپس آئے تھے، یا وہ عظیم فتنہ دیکھے گا جیسا کہ امام عادل کی وفات یا عالم کا ظہور، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے اس مہینہ میں آدم و حواء علیہما السلام کی تخلیق فرمائی، اگر صاحب خواب گنہگار ہے تو اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرے گا، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے اس مہینہ میں آدم علیہ السلام کی توبہ قبول فرمائی، اگر صاحب خواب شرف و مقام کا امیدوار ہے تو

Marfat.com

اس کی امید پوری ہوگی اسے مقام و مرتبہ حاصل ہوگا، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے اس مہینہ میں ادریس علیہ السلام کو بلند مرتبہ و مقام عطا کیا، اگر وہ بحری سفر میں ہے تو وہ خود بھی اور اس کے ہمراہی بھی نجات پائیں گے، اس لئے کہ کشتی نوح اسی مہینہ جودی پہاڑ پر آکر ٹھہری تھی۔ اگر صاحب خواب اولاد کی آرزو رکھتا ہے تو وہ نیک اولاد سے نوازا جائے گا۔ اس لئے کہ اس مہینہ میں ابراہیم و موسیٰ علیہما السلام پیدا ہوئے۔ اگر صاحب خواب کسی تنگی میں مبتلا ہے تو وہ تنگی ومشکل دور ہوگی، یا دشمن سے نجات ملے گی، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے اس مہینہ میں ابراہیم علیہ السلام کو نمرود کی آگ سے نجات بخشی تھی، یا پھر صاحب خواب بدعت و ضلالت سے رجوع کرے گا اور گناہوں کو ترک کرنے کے ساتھ ساتھ رجوع الی اللہ کرے گا، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے اس مہینہ میں داؤد علیہ السلام کی توبہ قبول فرمائی۔ اگر صاحب خواب اپنی ولایت سے معزول ہوا ہو تو وہ دوبارہ برسر اقتدار و منصب آئے گا، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے اسی مہینہ میں بادشاہت سلیمان علیہ السلام کو لوٹائی تھی، اگر وہ فقیر یا مریض ہے تو اپنے مرض سے شفا پائے گا اور اللہ تعالیٰ اس کو غنی فرما دیں گے، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے اسی مہینہ میں ایوب علیہ السلام سے تکلیف کو دور کیا تھا، یا پھر صاحب خواب کوئی قاصد اور پیغام رساں بھیجے گا، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے اس مہینہ میں موسیٰ علیہ السلام سے کلام فرمایا تھا، یا کافروں کا کوئی شہر یا ملک مسلمانوں کے ہاتھوں فتح ہوگا، اور اگر خواب ماہِ صفر میں دیکھا گیا ہو تو یہ پسندیدہ نہیں ہے، اور کسی فکر و شدت میں مبتلا شخص کا اس مہینہ میں خواب دیکھنا بے ضرر ہے، اگر وہ مریض ہو شفاء وصحت حاصل ہوگی، اور ربیع الاول کے مہینہ میں خواب دیکھنا تجارتی نفع و برکت اور سرور و خوشی کی دلیل ہے، یا پھر نیک لڑکا عطا ہوگا، اگر لوگ کسی شدت میں مبتلا ہوں تو وہ شدت ان سے دور ہوگی، اگر لوگ مظلوم ہوں تو ان کی مدد کی جائے گی کیونکہ ربیع الاول کے مہینہ میں سرکارِ دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت ہوئی ہے، یا پھر لوگ بابرکت جہاد کریں گے، اس لئے کہ اس ماہ میں غزوہ دومۃ الجندل ہوا تھا، اور ربیع الثانی کے مہینہ کا خواب اگر خیر پر دال ہو تو وہ مؤخر ہے اگر شر کی دلیل ہو تو وہ بجلدی ہے۔ اور اس میں خواب دیکھنا انسان کا اپنے دشمن پر غلبہ پانے یا عالم فرزند نصیب ہوگا چنانچہ اسی ماہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ پیدا ہوئے، اور جمادی الاولیٰ میں خواب دیکھنا اس بات کی دلیل ہے کہ اس مہینہ میں بیع و شراء (خرید و فروخت) کی رغبت نہیں ہوگی، اور اس مہینہ میں خواب دیکھے تو بیٹی یا زوجہ مفقود ہوگی، کیوں کہ اس مہینہ میں فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کی وفات ہوئی ہے، اور جمادی الآخرہ کا مہینہ اگر خیر کی دلیل ہو تو وہ مؤخر ہوگی، اور ماہ رجب میں خواب دیکھنا رفعِ مرتبت کی دلیل ہے، اس لئے کہ اسی مہینہ میں نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کو آسمانی معراج ہوئی۔ اور ماہ شعبان میں خواب اگر خیر کی دلیل ہے تو صحت و ترقی اور خیر میں اضافہ و کثرت ہوگی، یا پھر امور و معاملات کے ذمہ داران معزول ہوں گے، اور ماہِ رمضان میں عسرت و تنگی، فحش کاموں اور بخل و کنجوسی کے دروازے بند ہو جاتے ہیں، اور اس میں خیر کے خواب زیادہ آتے ہیں، اور اس ماہ میں خواب خیر و برکت، امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی دلیل ہے۔ اگر وہ طالب علم ہے تو وہ علم اسے حاصل ہوگا، اس لئے کہ اس مہینہ میں نزولِ قرآن شریف ہوا ہے۔ اگر وہ دردِ

Marfat.com

سر کا مریض ہے تو افاقہ ہوگا کیونکہ اس میں شیاطین زنجیروں میں جکڑے جاتے ہیں، اور خواب ماہِ شوال میں مشکلات سے خلاصی اور فرحت و سرور کی دلیل ہے، اس لئے کہ شوال کا چاند عید وخوشی کی نوید لاتا ہے، نیز اس ماہ میں بنائے کعبہ اور غزوۂ خندق کے واقعات پیش آئے، اور ذی القعدۃ کے مہینہ میں خواب اگر سفر کی دلیل ہو تو وہ سفر نہ کرے، اگر یہ فکر وغم کی دلیل ہو تو اسے چاہئے کہ فکر و پریشانی سے بچے، اور ذوالحجہ کے مہینہ میں خواب اگر سفر کی دلیل ہو تو وہ سفر کرے اور امور میں وسعت اختیار کرے کیوں کہ یہ مبارک مہینہ ہے اس میں عید الاضحیٰ اور قربانی کے ایام ہیں، اور اس مہینہ میں عمر بن الخطاب اور عثمان بن عفان رضی اللہ عنہما کی وفات ہوئی ہے۔

## ۱۵۱۱۔ الشھوۃ (شہوت)

خواب میں شہوت اس شخص کے لئے جو شہوت میں کامیاب ہوا ہو اہلِ دوزخ کے افعال پر دلیل ہے۔

## ۱۵۱۲۔ شہید

خواب میں شہداء میں سے کسی شہید کو زندہ حالت میں دیکھنا اس بات کی دلیل ہے کہ اس کی سنت اور طریقہ زندہ ہے یا وہ اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرتا ہے۔

## ۱۵۱۳۔ الشوّاء (گوشت بھوننے والا)

خواب میں وہ آزاد، غلام بچوں بچیوں کو ادب سکھانے والا اور ان کو صنعت و پیشہ کی تعلیم دینے والا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ وہ گوشت بھوننے والے کے پاس پکا ہوا گوشت خریدنے کے لئے جاتا ہے تو اگر اس کا لڑکا ہے تو وہ اس کو کسی معلم و مؤدب کے پاس بھیجے گا تا کہ وہ اسکو تعلیم و ادب سکھائے، اور جو خود کو گوشت بھوننے والا دیکھے تو وہ ظلم و زیادتی کے ساتھ بادشاہ کا مال نکالنے پر مامور ہوگا، اور گوشت بھوننے والے کی تاویل و تعبیر کبھی طبیب و جراح کے ساتھ کی جاتی ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ گوشت بھوننے والا جیل کا داروغہ (افسر) یا جیل خانوں، لکڑی اور لوہے میں لوگوں کو سزا دینے والا ہے، اور گوشت بھوننے والا دیکھنا قید کرنے اور اموال لوٹنے کی دلیل ہے، یا پھر اس کا دیکھنا خوشیوں اور غیر شادی شدہ حضرات کی شادی و بیاہ کی دلیل ہے۔

## ۱۵۱۴۔ الشِواء (بھنا ہوا گوشت)

خواب میں گوشت بھوننا معیشت کے بارے میں بشارت وخوشخبری ہے، اگر وہ گوشت ناپختہ ہو تو وہ فکر و پریشانی کی دلیل ہے، اور بھنا ہوا موٹا دنبہ یا بچھڑا مالِ کثیر ہے، اگر وہ دنبہ وغیرہ لاغر ہو تو وہ مال قلیل اور مشقت سے حاصل شدہ رزق ہے، اور خواب میں جو بھنا ہوا دنبہ کھائے تو وہ اپنی اولاد کی کمائی سے کھائے گا، یا کھاتا ہے، اور بھنی ہوئی گائے

Marfat.com

خائف کے لئے امن کی دلیل ہے، اگر اس کے ہاں کوئی حاملہ ہو تو وہ نرینہ اولاد جنے گی، اور بھنا ہوا بچھڑا رزق اور خوشحالی ہے، اور بھنا ہوا بکری کا بچہ کھانا نرینہ اولاد کی دلیل ہے، اور ہر ایسی چیز جو بیداری کی حالت میں آگ کو پیش آتی ہے وہ خواب میں گناہ والا رزق ہے، اور بھنا ہوا اونٹ نرینہ اولاد ہے۔ اور وہ خوف سے امان یا وہ مؤدب ولد ہے، جو دیکھے کہ بھنے ہوئے اونٹ کا ہاتھ اس سے کلام کرتا ہے تو وہ ہلاکت سے نجات پائے گا، اور بھنے ہوئے یا پکے ہوئے پرندوں کا گوشت حصولِ مال کی دلیل ہے جس میں کوئی دھوکہ فریب نہیں ہے، اور بھنا ہوا پہلو عورت سے تعبیر کیا جاتا ہے اس لئے کہ حواء علیہا السلام آدم علیہ السلام کے پہلو سے پیدا کی گئیں تھیں، اور پختہ بھنی ہوئی دستی عورت کا رزق ہے وہ اس کے ساتھ فریب کرے گا، اگر وہ ناپختہ ہو تو وہ غیبت ہے، اور جو خواب میں بھنا ہوا گوشت کا ٹکڑا خریدے تو وہ مزدور اجرت پر لے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ گوشت بھوننا غم وحزن یا مالِ حرام ہے، اور جو شخص دیکھے کہ اس نے مینڈھا بھونا ہے تو وہ بیمار ہوگا، یا بادشاہ اس کو سزا دے گا یا قید خانہ کی دلیل ہے، اور جو دنبی کو بھونے تو اس کی بیوی یا ماں بیمار ہوگی، اور جس نے بکری کا بچہ بھونا تو اس کا بیٹا یا غلام چیچک میں مبتلا ہوگا، اور کبھی گوشت کا بھوننا تنگی سے نکلنے اور دشمن پر غلبہ کی بشارت ہوتا ہے جب کہ بھنی ہوئی چیز بچھڑا ہو، اگر بھنی ہوئی چیز اونٹ ہو تو یہ عزت وفرحت، عافیت مرض، غیر شادی شدہ کی شادی اور مسافر کی واپسی کی دلیل ہے، اور بھنا ہوا گوشت چغلخور یا زوالِ نعمت، قید خانہ اور اموال کی لوٹ کی دلیل ہے۔

## ۱۵۱۵۔ الشوب (حرارت): دیکھئے الحر (گرمی)۔

## ۱۵۱۶۔ الشوح (دیودار کا درخت)

خواب میں یہ درخت وحشت کی علامت ہے جو اس کو پہنچی ہے یا پہنچے گی۔

## ۱۵۱۷۔ الشوحة (چیل): دیکھئے الحداۃ (چیل)۔

## ۱۵۱۸۔ الشوک (کانٹا)

خواب میں کانٹا سخت مزاج اکھڑ آدمی ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ کانٹا قرض یا فتنہ ہے، جو دیکھے کہ وہ کانٹوں پر چلتا ہے تو وہ اصل میں مطلوب قرض میں ٹال مٹول کرتا ہے، اور کانٹے جاہل لوگ ہیں، جن کا نہ دین ہے اور نہ دنیا، اور بعض کا قول ہے کہ کانٹے تکالیف کی دلیل ہیں، اس لئے کہ کانٹوں میں حدت (تیزی) ہوتی ہے، اور کانٹا سخت ہونے کی وجہ سے حزن وغم کی دلیل بھی ہے، اور کانٹا عشق اور برے لوگوں کی طرف سے ظلم وزیادتی کی دلیل ہے، اور کانٹے مضرتوں کی دلیل ہیں جو مضرتیں مستورات کے سبب پیش آسکتی ہیں۔

## ۱۵۱۹۔ الشونیز (کلونجی) دیکھئے الحبة السوداء (کلونجی)۔

Marfat.com

## ۱۵۲۰۔ الشیب (بالوں کی سفیدی)

خواب میں بالوں کی سفیدی نوجوانوں کے لئے وقار وعظمت نیز طولِ عمر اور ضعف وفقر کی دلیل ہے، خواب میں جو شخص اپنی داڑھی کے بال سفید دیکھے ابھی مکمل سفید نہیں ہوئی ہے تو یہ قوت و وقار کے لئے زیادہ عمدہ و بہتر ہے، اور خواب میں جس کے سر کے بال سفید ہو گئے ہوں اور اس کی حاملہ بیوی ہو تو اس کے ہاں نرینہ فرزند پیدا ہوگا، اگر عورت سر کے بال سفید دیکھے تو اس کا خاوند اس کو کسی باندی یا زوجہ کی وجہ سے غیرت دلائے گا، اور ایک قول یہ ہے کہ سر کے بالوں کا سفید ہونا غائب کے آنے یا مہمان کی آمد کی دلیل ہے، اور جسم کے بالوں کا سفید ہونا مالداروں کے لئے مالی خسارہ کی دلیل ہے، اور نادار کے لئے ایسے قرض کی دلیل ہے جس کی ادائیگی اس کے لئے ناممکن ہے، اور نامعلوم عورت کے بالوں کا سفید ہونا اس بات کی دلیل ہے کہ کھیت خشک ہو چکا ہے، اور اہل لشکر کے بالوں کا سفید ہونا فرار ہونے اور مریض کے بالوں کا سفید ہونا اس کی موت کی دلیل ہے، اور خائف کے لئے بالوں کا سفید ہونا حاکم یا بادشاہ سے امان کی دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ عورت کے بالوں کی سفیدی برا کلام ہے جو وہ عورت اپنے شوہر کے عزیزوں سے سنے گی، یا طلاق کی دلیل ہے، جو اپنی داڑھی کو دیکھے کہ وہ سفید ہو گئی ہے تو اس کا دین یا مال برباد ہوگا، ابن سیرین رحمہ اللہ تعالیٰ اس شخص کے لئے بالوں کا سفید ہونا پسند نہیں کرتے تھے جس کے بال سفید نہ ہوئے ہوں، اور فرماتے تھے کہ بالوں کی سفیدی نقصانِ مال کی دلیل ہے خصوصاً جب کہ بال لمبے ہوں، اگر دیکھے کہ اس نے سفید بال اکھاڑے ہیں تو وہ سنت کی خلاف ورزی کرتا ہے اور شیوخ و بزرگان کی توقیر نہیں کرتا ہے، اور داڑھی کا سفید ہونا دوری اور جفا و زیادتی کی دلیل ہے۔

## ۱۵۲۱۔ الشیخ (بوڑھا)

خواب میں بوڑھا شخص سعادت و منزلت کی دلیل ہے، اگر عورت خواب میں بوڑھا شخص دیکھے تو یہ اس کی دنیا ہے، اگر جوان آدمی دیکھے کہ وہ بوڑھا بن گیا ہے تو اسے علم و ادب حاصل ہوگا، اور نامعلوم بوڑھا عزت و جاہ کی دلیل ہے، اور بوڑھا یہودی دشمن کی دلیل ہے جو انسان کو ہلاک کرنے کا ارادہ رکھتا ہے، اور بوڑھا نصرانی ایسا دشمن ہے جس کی دشمنی مضر نہیں ہے، اور بوڑھا کافر دیرینہ عداوت رکھنے والا دشمن ہے، اگر بوڑھا دیکھے کہ وہ جوان ہو گیا ہے تو یہ اس کی قوت اور وسعتِ رزق کی دلیل ہے، اگر بوڑھا شخص دیکھے کہ اس کی ماں نے اس کو جنا ہے تو اگر وہ مریض ہے تو یہ اس کی موت کی دلیل ہے، اگر وہ فقیر ہے تو وسعت ہو جائے گی، اور نیک صالح بوڑھا عزت و مقام، رزق و برکت اور عمر طویل کی دلیل ہے، اور انتہائی بوڑھا شخص وہم کی دلیل ہے، اور بوڑھے کو دیکھنا عجز وضعف، کم ہمتی اور سستی کی دلیل ہے۔

## ۱۵۲۲۔ شیث علیہ السلام

خواب میں جو شخص ان کو دیکھے تو اس کو نعمت وسرور و اولاد اور بحکمِ الٰہی حیاتِ طیبہ حاصل ہوگی، اور بعض کہتے ہیں

Marfat.com

کہ عظیم امور اس کے سپرد ہوں گے۔

## ۱۵۲۳۔ الشیح (شیح نامی گھاس)

خواب میں یہ گھاس مشتبہ مال اور بنایا ہوا دوست ہے، اگر حاملہ عورت یہ گھاس خواب میں دیکھے تو وہ نرینہ اولاد جنے گی۔

## ۱۵۲۴۔ الشیرج (تِلوں کا تیل)

خواب میں تلوں کا تیل دنیا و آخرت کے جمع ہونے کی دلیل ہے، اس کی آگ ہدایت اور تلے ہوئے تل عظیم المرتبت کی دلیل ہے، اور اس کا کھانا اور اس کا تیل رزق و راحت و رفعت ہے، تلوں کا تیل عملِ صالح اور علمِ نافع کی دلیل ہے۔

## ۱۵۲۵۔ شیطان

خواب میں شیطان دین و دنیا کا دشمن، مکّار، دھوکہ باز، حریص متکبر، لاپرواہ اور لااُبالی شخص ہے، اور شیطان کا دیکھنا شہوت، جھوٹ، شیخی بگھارنے کی دلیل ہے، جو شیطان کو دیکھے کہ وہ اس کو مخبوط الحواس بناتا ہے تو وہ سود کھاتا ہے، اور جو دیکھے کہ شیطان اس کے پیچھے چلتا ہے تو اس کا دشمن اس کو دھوکہ فریب دے گا، اور جو دیکھے کہ وہ شیطان سے سرگوشی کرتا ہے تو وہ اپنے کسی دشمن سے سرگوشی کرے گا۔ اور جو شخص دیکھے کہ شیطان اس کے اوپر اترا ہے تو وہ تہمت تراشے گا اور گناہ کا کام کرے گا، اور جو دیکھے کہ وہ شیاطین پر سرداری کرتا ہے اور وہ شیاطین اس کے تابع فرمان ہیں تو اس کو ریاست و شرافت اور ہیبت و وجاہت حاصل ہوگی، اور جو دیکھے کہ اس نے شیطان کو قید کیا ہے تو اسے قوت و نصرت حاصل ہوگی، اور جو دیکھے کہ وہ شیطان سے عداوت کرتا ہے تو وہ مردِ مؤمن، صادق اور اللہ تعالیٰ کا مطیع و فرمانبردار ہے، جو شیطان کو مسرور اور خوش دیکھے تو وہ نفسانی خواہشات میں مشغول ہے، اور شیطان کا دیکھنا جاسوسوں اور چوری سے سننے والوں کی دلیل ہے یا پھر اس کا دیکھنا عیب گیری، نکتہ چینی اور بدگوئی کی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ وہ خواب میں شیطان بن گیا ہے تو وہ لوگوں سے ترش روئی اختیار کرے گا اور ان کو اذیت پہنچانے میں جلدی کرے گا۔

Marfat.com

# ﴿باب الصاد﴾

## ۱۵۲۶۔ الصابون (صابن)

صابن خواب میں حصول مال کی دلیل ہے، اور صابن کا ٹکڑا غم زدہ کو تسلی دینے والا آدمی ہے، جو صابن سے کپڑے دھوئے تو وہ شفا پائے گا یا توبہ کرے گا یا اس کے غم دور ہوں گے اور قرض ادا ہوں گے، اور صابن کا ٹکڑا کبھی زوالِ غم کی دلیل ہوتا ہے اس لئے کہ صابن کا ٹکڑا میل کو دور کرتا ہے، اور میل کی تعبیر غم ہے۔

## ۱۵۲۷۔ الصارف (پھیرنے والا): دیکھئے الرداد (دھرانے والا)۔

## ۱۵۲۸۔ الصاع (صاع پیمانہ): دیکھئے المد (مُد پیانہ)۔

## ۱۵۲۹۔ الصافر (سیٹی بجانے والا پرندہ)

خواب میں اس پرندہ کو دیکھنا حیرانگی و پوشیدگی اور باقدر وعظمت لوگوں کی طرف میلان و جھکاؤ اور دشمن کے خوف کی علامت ہے۔

## ۱۵۳۰۔ صالح علیہ السلام

جوخواب میں ان کی زیارت کرے تو اس کو بے عقل قوم کی طرف سے غم و پریشانی پہنچے گی، لیکن بالآخر ان پر غالب آئے گا، جو صالح علیہ السلام کو دیکھے تو وہ اپنے قول میں سچا ہے لیکن اس کے دشمن اس پر مسلط ہوں گے پھر وہ ان پر غالب و کامران ہوگا۔

## ۱۵۳۱۔ صالحین

خواب میں جو اللہ تعالیٰ کے محبوبین کی زیارت کرے تو یہ سنت کی زندگی ہے، اور صالحین اپنے اصحاب کے لئے ناصح اور مبارک ہیں، اور جو دیکھے کہ وہ کسی نیک صالح شخص کی شکل کا سا ہو گیا ہے تو وہ اس کے طریقہ اور جماعت کا جانشین ہوگا، اور وہ اس صالح شخص کے مقام و مرتبہ کے بقدر دنیا کی بعض پریشانیوں میں مبتلا ہوگا، پھر وہ اپنے دشمنان پر غالب آئے گا، اور جو کسی علاقہ میں کسی فوت شدہ نیک آدمی کو زندہ حالت میں دیکھے تو اس علاقہ کے باشندے خوشحالی، فرحت اور اپنے والی وحاکم سے عدل وانصاف کو پائیں گے۔

## ۱۵۳۲۔ صانع السیوف (تلوار ساز) دیکھئے طباع السیوف (تلوار ساز)۔

Marfat.com

## ۱۵۳۳۔ الصائغ (زرگر)

خواب میں زرگر دیکھنا ریاکاری، جھوٹ فریب اور دھوکہ کی دلیل ہے، اور کبھی اس کا دیکھنا شعر گوئی یا جھوٹ سے مزین کلام کی دلیل ہوتا ہے، اور کبھی اس کا دیکھنا علم وہدایت فرحت وخوشی، شادی بیاہ اور اولیاء کی دلیل ہوتا ہے، اور زرگر شریر کذّاب آدمی ہے جس میں کوئی خیر نہیں، اور نامعلوم زرگر کا خواب اصل میں وہ شخص ہے جو جھوٹی باتیں بناتا اور گھڑتا ہے، اگر زرگر کو دیکھا جائے کہ وہ سونے چاندی میں جواہر کو جوڑتا ہے تو وہ لوگوں میں پرخطر چیز میں اتحاد پیدا کرتا ہے جس کی ابتداء شر سے اور اختتام خیر پر ہوگا۔

## ۱۵۳۴۔ الصبا (مشرقی ہوا): دیکھئے الریح (ہوا)۔

## ۱۵۳۵۔ الصبّاغ (رنگ ریز)

خواب میں رنگ ریز تہمت و بہتان لگانے والا ہے۔ ہوسکتا ہے کہ اس کے ہاتھوں خیر جاری ہو، خواب میں رنگ ریز دیکھنا معاصی اور گناہوں سے توبہ کرنے کی دلیل ہے جب کہ اس نے خواب میں سفید چیز کو سبز رنگ سے رنگا ہو، اگر سفید چیز کو سیاہ رنگ سے رنگا ہو تو یہ دین وایمان سے مرتد ہونے کی دلیل ہے۔

## ۱۵۳۶۔ الصبّان (صابن ساز)

خواب میں اس کا دیکھنا قرآن و ذکر، زوالِ غم و تکلیف اور ادائے قرض کی دلیل ہے، اور صابن ساز یا صابن فروش تہمت و بہتان والا شخص ہے۔ جو شخص صابن ساز کو دیکھے تو اگر وہ گھر میں ہے تو وہ ایسا شخص ہے جو اس گھر میں وفات پائے گا۔

## ۱۵۳۷۔ صبح

خواب میں صبح وعدہ وفائی کی دلیل ہے، اور جو خواب میں صبح کو دیکھے اور وہ ردی اور خراب حالت میں ہے تو یہ اس کے کفر یا معصیت کی دلیل ہے، اور اہل کھیت کا صبح کو دیکھنا خسارہ ہے، اور جو دیکھے کہ اس کی کوئی چیز گم گئی ہے جسے اس نے طلوع صبح کے وقت پایا ہے تو وہ گواہوں کی گواہی سے جس بات کا دعویدار ہے اس کو اپنے قرض دار پر ثابت کرے گا، اور جو صبح کو دیکھے کہ وہ ظاہر اور نمودار ہوئی ہے اور وہ مریض ہے تو موت یا عافیت کے ذریعہ اس کا مرض ختم ہوگا، اگر لوگوں کے ساتھ صبح کی نماز پڑھی ہے تو سفر پر روانہ ہوگا یا حج کے لئے جائے گا یا اگر فوت ہوا تو جنت میں جائے گا، اگر یہ خواب مذکور قیدی دیکھے تو وہ قید خانہ سے نکلے گا، اگر یہ خواب اس کی ناشزہ (نافرمان) بیوی دیکھے تو دونوں جدا ہوں گے، اس لئے کہ نہار (دن) زوجین اور محبوبین کے درمیان تفریق کرتا ہے، اگر یہ خواب غافل گنہگار دیکھے تو وہ اپنی غفلتوں سے

Marfat.com

تائب ہوگا، اگر مذکورہ خواب تاجر دیکھے جس کا کاروبار مندا ہو گیا ہو تو اس کی تجارت چلے گی اور رزق مضبوط ہوگا، اگر یہ خواب عامۃ الناس دیکھے اور وہ کسی شدت یا حصار یا قحط یا فتنہ میں مبتلا ہوں تو وہ لوگ ان تمام مصائب سے نکل آئیں گے اور نجات پائیں گے۔

## ۱۵۳۸۔ صبر کرنا

خواب میں صبر کرنا رفعت و بلندی اور خوشخبری ہے، اور صبر مصائب کے وقوع سے ڈرانے کی دلیل ہے، کبھی صبر کرنا حسنِ عاقبت کی دلیل ہوتا ہے جس کا وہ اندیشہ رکھتا ہے، اور جو شخص دیکھے کہ اس نے کسی تکلیف یا شدت پر صبر کیا ہے تو وہ رفعت و شان و خیر و حسنِ حال اور سلامتی و عافیت و ظفریابی سے نوازا جائے گا۔

## ۱۵۳۹۔ الصبرۃ (ایلوا)

خواب میں ایلوا (ایک کڑوے پودے کا عرق) غم و حزن، زندگی، جدائیگی اور تکلیف کی دلیل ہے اس کے لئے جو خواب میں ایلوے کو کھائے یا اس کو سونگھے، کیونکہ وہ کڑوا ہوتا ہے۔

## ۱۵۴۰۔ الصّبیّ (بچہ)

خواب میں بچہ اٹھانا غم و فکر کی دلیل ہے، اور قریب البلوغ بچہ بشارت ہے، جب لوگ حالت شدت میں ہوں اور شہر کا محاصرہ کیا گیا ہو اور کوئی خواب دیکھے کہ خوبصورت بچہ شہر میں داخل ہوا ہے یا آسمان سے اترا ہے یا زمین سے نکلا ہے تو بشارت قریب ہے، اور بالغ بچہ عزت و قوت ہے، جو خواب میں خود کو بچہ دیکھے ایک مدرسہ میں پڑھتا ہے تو اگر قرآن سیکھتا پڑھتا ہے تو اس گناہ سے توبہ کرے گا جو گناہ کا کام وہ کرتا ہے، اگر کوئی عالم دیکھے یا والی کہ وہ مدرسہ میں پڑھتا ہے تو وہ نادانی کا کام کرے گا یا عزت سے ذلت کی طرف لوٹے گا، جو دیکھے کہ وہ بے ریش ہے تو وہ اپنی والدہ سے میراث پائے گا، اگر فقیر دیکھے کہ وہ بچہ ہے جسے اس کی ماں نے جنا ہے تو اسے مالداری اور رزق حاصل ہوگا، اگر مریض دیکھے کہ وہ بچہ ہے تو وہ وفات پائے گا، جو خواب میں اپنا چہرہ شیشہ میں بچہ کے چہرہ کی طرح دیکھے اور حال یہ ہے کہ اس کی بیوی حاملہ ہے تو اس کی بیوی اس کے مشابہ بچہ جنے گی، اور خواب میں چھوٹا بچہ اٹھانا فکر و پریشانی ہے، اور بچہ کمزور دشمن ہے، اگر دیکھے کہ اسکی اولاد ہے جو اس کے لئے پیدا ہوئی ہے تو یہ غم و فکر کی نشانی ہے، اگر اولاد مذکر ہو تو انجام بخیر ہوگا، اگر اولاد مؤنث ہو تو انجام برا ہوگا، اور اگر بڑی عمر کا شخص دیکھے کہ وہ شیر خوار بچہ کی شکل کا ہو گیا ہے تو وہ کوئی جہالت کا کام کرے گا، جس میں اس کی مروت جاتی رہے گی، اگر وہ کسی شدید پریشانی یا تنگی میں مبتلا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو دور فرما دیں گے، اور چھوٹے بچے چھوٹی پریشانیوں کی دلیل ہوتے ہیں، اور جو دیکھے کہ اس کی گود میں بچہ ہے جو چیختا چلاتا ہے تو وہ سارنگی بجائے گا، کبھی چھوٹے بچے دیکھنا خوشیوں اور زینت یا مال کے سبب فتنہ یا ادنیٰ زندگی پر قناعت یا اسباب سے عاجزی و بے بسی کی دلیل ہے۔

Marfat.com

## ۱۵۴۱۔ الصبية (بچی)

خواب میں چھوٹی بچی دیکھنا عزت وخوشحالی، ترقی وزیادتی اور تنگی کے بعد آسانی کی دلیل ہے، اور شیر خوار بچی اچھی تعریف اور وقوعِ خیر اور امید کردہ خیر و بھلائی کی دلیل ہے، جو چھوٹی بچی دیکھے یا اس کو اٹھائے یا چھوٹی بچی اس کے ہاں پیدا ہوئی ہے تو اگر وہ شخص قیدی یا فقیر یا مقروض ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے فکر وغم کو دور فرمائیں گے، اور کشادگی عطا کریں گے، اگر ان میں سے کوئی بات نہ ہو تو چھوٹی بچی غم وحزن وفکر ہے، اور چھوٹی بچی دیکھنا اس کی دنیا ہے، اگر حاملہ عورت دیکھے کہ وہ چھوٹی بچی ہے تو وہ اپنے مشابہ بچی اٹھائے گی، اور جو دیکھے کہ اس کے ہاں لڑکا پیدا ہوا ہے حال یہ ہے کہ اسکی اہلیہ حاملہ ہے تو وہ لڑکی جنے گی، اور جو دیکھے کہ وہ بچی کو اٹھائے ہوئے ہے تو یہ بچہ کو اٹھانے سے بہتر ہے، اور جو شخص دیکھے کہ وہ چھوٹا بچہ بن گیا ہے اور وہ بچہ نہالچہ (پوتڑے) میں ہے تو بیمار ہوگا یا قید ہوگا، اگر وہ شخص فقیر ہے تو ناکارہ عمر تک زندہ رہے گا۔

## ۱۵۴۲۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم:

دیکھئے اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم (صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم)۔

## ۱۵۴۳۔ الصحبة (صحبت اختیار کرنا) دیکھئے المصاحبة (صحبت اختیار کرنا)۔

## ۱۵۴۴۔ الصحف (صحیفے)

خواب میں صحیفے دیکھنا گواہوں یا ائمہ ہدایت کی دلیل ہے، اللہ جل شانہ کا فرمان ہے، "أم لم ينبأ بما في صحف موسىٰ و ابراهيم الذي وفّى" (النجم:۳۶) یعنی کیا اس کو اس مضمون کی خبر نہیں جو موسیٰ کے صحیفوں میں ہے اور نیز ابراہیم کے جنہوں نے احکام کی پوری بجا آوری کی۔ اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: "ان هذا لفي الصحف الأولى صحف ابراهيم و موسىٰ" (الأعلیٰ:۱۹) یعنی بے شک یہ مضمون اگلے صحیفوں میں بھی ہے یعنی ابراہیم اور موسیٰ کے صحیفوں میں۔ اور خواب میں صحیفے دیکھنا علم و ہدایت اور درست خبروں کی دلیل بھی ہے۔

## ۱۵۴۵۔ الصحفة[1] (بڑا برتن)

خواب میں بڑا برتن دیکھنا انسان کا رزق ہے، چنانچہ جو شخص دیکھے کہ وہ برتن صاف کرتا ہے اور چاٹتا ہے تو اس کا رزق ختم ہو گیا ہے اور اس کی اجل آپہنچی ہے، جو خواب میں ایک بڑے برتن کے گرد کثیر مجمع دیکھے تو وہ لوگ ایک زمین پر جمع ہوں گے، اگر وہ لوگ لڑائی والے ہوں تو یہ ان کا اس کے لئے جمع ہونا ہے، اور جو دیکھے کہ وہ بڑے برتن یا گھڑے میں

(۱) الصحفة: کھانا کھانے کے لئے پھیلا ہوا بڑا برتن جو پانچ آدمیوں کے لئے کافی ہو۔ منہ

Marfat.com

پیشاب کرتا ہے تو وہ اہلیہ سے وطی کرے گا، اور خواب میں بڑا برتن دیکھنا آدمی کا دوست ہے، اور جو خواب میں بڑا برتن اپنے ہاتھ میں دیکھے تو وہ اپنے دوست سے ملے گا۔

## ۱۵۴۶۔ الصحّة (تندرستی)

خواب میں جسمانی صحت بیماری کی دلیل ہے اس لئے کہ یہ اس کی ضد ہے، یا پھر صحت نعمت کی دلیل ہے۔

## ۱۵۴۷۔ الصحو (بیداری): دیکھئے الیقظة (بیداری)۔

## ۱۵۴۸۔ الصحیفة (لکھا ہوا کاغذ)

خواب میں لکھا ہوا کاغذ لینا اس کے لئے بشارت اور فرحت ہے، اگر دیکھے کہ ایک عورت نے اسکو لکھا ہوا کاغذ دیا ہے تو وہ کشادگی کی توقع رکھتا ہے، اگر اس عورت نے نقاب ڈالا ہوا ہے اور وہ کاغذ کھلا ہوا ہے تو یہ مشہور خبر ہے، اور جو اپنے ہاتھ میں لپیٹا ہوا کاغذ دیکھے تو اس کے لئے موت کا خطرہ ہے، جو اپنے بائیں ہاتھ میں لکھا ہوا کاغذ دیکھے تو وہ اپنے کئے پر نادم و شرمسار ہوگا، جو دیکھے ایک لکھا ہوا کاغذ اسے دیا گیا ہے اور اس کے اندر ایک لپیٹا ہوا ورقہ ہے تو یہ لڑکی ہے جو اسے دی گئی ہے، جو خواب میں لکھے ہوئے کاغذ کو دیکھے لیکن اسے پڑھا نہیں تو یہ میراث کے حصول کی دلیل ہے، اور قیامت میں کھلے ہوئے نامہء اعمال دیکھنا حسنِ یقین اور اللہ تعالیٰ کے احکامات کی تصدیق کرنے کی دلیل ہے۔ دیکھئے القرطاس (کاغذ)۔ نیز دیکھئے الکتاب (کتاب)۔

## ۱۵۴۹۔ الصخرة (چٹان)

خواب میں چٹان صابر عورتیں ہیں، اور ثابت قدمی، احتیاط اور طولِ عمر کی دلیل ہے، اور چٹان کبھی نسیان (بھول) کی دلیل ہوتی ہے، دلیل اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: "اذ أوینا الی الصخرة فانی نسیت الحوت" (الکہف: ۶۳) یعنی جب ہم اس پتھر کے قریب ٹھہرے تھے سو میں اس مچھلی کو بھول گیا۔ اور چٹان فسق و فجور اور ظلم و زیادتی کی دلیل ہے، اور چٹان اس شخص کی دلیل ہے جو اس صخر (چٹان) کے نام سے موسوم ہو، اور شہر میں چٹانوں کی کثرت آسانی کی دلیل ہے اس لئے کہ صخر کا عکس (الٹ) رخص (آسانی) ہے، اگر چٹان جاہ و منصب کی دلیل ہو تو وہ منصب طویل المدت ہوگا، اگر زوجہ کی دلیل ہو تو وہ زوجہ صبر و قناعت کرنے والی ہوگی، اور چٹان بسا اوقات ان چیزوں پر دلالت کرتی ہے جو چیزیں اس سے بنائی جاتی ہیں جیسے بت، اور پہاڑوں کے پاس چٹانیں دیکھنا سنگدل اور منزلت و مرتبت والے لوگ ہیں، جب پہاڑ بادشاہ کی دلیل ہو تو اردگرد کی چٹانیں نیز اس کے اردگرد کے درخت اس بادشاہ کے قائد ہیں، اور چٹانیں غافل، جاہل اور سنگدل لوگوں کی دلیل ہیں۔

Marfat.com

## ۱۵۵۰۔ الصد (روکنا)

خواب میں روکنا کفر کی دلیل ہے۔

## ۱۵۵۱۔ الصدی (آواز بازگشت)

خواب میں یہ دیکھنا ریاکار آدمی کی دلیل ہے جو کہ دن کو عبادت اور خشوع کا اظہار کرتا ہے اور رات کے وقت چوری اور لوگوں کو اذیت پہنچانے کا گناہ کرتا ہے، بعض کہتے ہیں کہ وہ راہزن آدمی ہے کثیر اموال جمع کرتا ہے اور کسی سے ملتا نہیں ہے۔

## ۱۵۵۲۔ الصداع (دردِ سر)

جو خواب میں دیکھے کہ وہ دردِ سر میں مبتلا ہے تو اس کو چاہیئے کہ توبہ کرے یا صدقہ خیرات کرے یا نیکی کا کام کرے یا جس گناہ میں مشغول ہے اس سے باز آجائے۔ اس کی دلیل فرمانِ خداوندی ہے: "أوبه أذى من رأسه، ففدية من صيام أوصدقة أونسك" (البقرة:۱۹۶) یعنی یا اس کے سر میں کچھ تکلیف ہو تو وہ فدیہ دے روزے سے یا خیرات دے دینے سے یا ذبح کر دینے سے۔ اور دردِ سر اس تکلیف کی دلیل ہے جس پر سر دلالت کرتا ہے، اور وہ اس کا سردار ہے، بعض کہتے ہیں کہ دردِ سر گناہ ہے جس سے توبہ لازمی اور واجب ہے۔

## ۱۵۵۳۔ الصُداق (عورت کا مہر)

خواب میں جو شخص ایسا مہر ادا کرے جو حالت بیداری میں معلوم نہیں ہے یہ اس کے ذمہ کسی فریضہ کی ادائیگی کی دلیل ہے جیسے روزہ، نماز یا حج۔

## ۱۵۵۴۔ الصدر (سینہ)

خواب میں سینہ کا کشادہ اور خوبصورت ہونا کافر کے لئے دولتِ اسلام کی اور گنہگار کے لئے توبہ تائب ہونے کی دلیل ہے، نیز طاعت و فرمانبرداری کے لئے انشراحِ صدر کی دلیل ہے، اور سینہ مشکل کے آسان ہونے یا سینہ کا خوبصورت ہونا ایثار و قربانی (ترجیح) کی دلیل ہے یا پھر سینہ اس چیز کی دلیل ہے جو اس میں پوشیدہ ہے جیسے علم، ملل یا ہدایت یا گمراہی، اور سینہ مہمان یا بیوی یا منصب ہے، اور سینہ کا تنگ ہونا گمراہی ہے، اگر ذمی (کافر) دیکھے کہ اس کا سینہ تنگ ہے تو اسے مالی خسارہ ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ سینہ کی کشادگی سخاوت اور اس کی تنگی بخل ہے، اور جو دیکھے کہ اسکا سینہ بدل کر پتھر کا ہوگیا ہے تو وہ سخت دل ہوگا، اور سینہ کی کشادگی ظلم کی بھی دلیل ہے، اور سینہ خوشی غمی کی جگہ ہے، لہٰذا جو اپنے سینہ کو کشادہ دیکھے تو اسے خوشی ملے گی، اور جو اپنے سینہ کو تنگ دیکھے تو اسے تنگی اور غم ملے گا۔ اور بعض کہتے ہیں کہ سینہ کی کشادگی اسلام کی اور

Marfat.com

اس کی تنگی سرکشی کی دلیل ہے، اگر کافر اپنا سینہ کشادہ دیکھے تو وہ مسلمان ہوگا اور اسے تجارتی نفع ہوگا، اور جو اپنے سینہ میں درد دیکھے تو اس نے گناہ کیا ہے اور اسے اس گناہ پر سزا دی گئی ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ اللہ تعالیٰ کی اطاعت کے علاوہ کاموں میں اسراف کرتا ہے، اگر کوئی شخص اپنے سینہ میں ابھارپن دیکھے تو اگر وہ غیر شادی شدہ ہے تو شادی ہوگی یا وہ عشق کرے گا اور رسوائی اٹھائے گا۔

## ۱۵۵۵۔ الصدع (زمین کا شگاف)

خواب میں زمین کا شگاف مسافر سے ملاقات کی دلیل ہے کیوں کہ وہ اسکو ناپسند کرتا ہے۔
دیکھئے اللق (زمین کا شگاف)۔

## ۱۵۵۶۔ الصدغ (کنپٹی)

خواب میں دونوں کنپٹیاں دو شریف بیٹے ہیں، لہٰذا ان کنپٹیوں میں کوئی اچھائی یا برائی دیکھنا دو بیٹوں کے بارے میں کوئی بات پیش آنے کی دلیل ہوگی، اور کنپٹی بیماریوں سے شفاء کی دلیل ہے، جو مریض دیکھے کہ اس کی کنپٹی لوہے کی ہوگئی ہے اور اسے بیداری میں کنپٹی کی شکایت ہے تو یہ شفاء کی دلیل ہے، اور کنپٹی کو مال سے بھی تعبیر کیا جاتا ہے۔

## ۱۵۵۷۔ الصدف (سیپی)

خواب میں سیپی دیکھنا حاملہ عورت کے لئے سقوطِ حمل کی دلیل ہے۔

## ۱۵۵۸۔ الصدق (سچ بولنا)

خواب میں سچ بولنا ایمان کی اور ایمان سچائی کی دلیل ہے، جو کافر دیکھے کہ اس نے سچ بولا ہے تو وہ مومن ہوگا، اور جو مومن دیکھے کہ وہ ایمان لایا ہے تو وہ سچائی اختیار کرے گا، اور یہ تعبیر از قسم مقلوبات ہے، اور خواب میں سچائی مکر و فریب سے نجات ہے، بعض کہتے ہیں کہ سچائی قلعہ ہے۔

## ۱۵۵۹۔ الصدقة (صدقہ کرنا)

خواب میں صدقہ کرنا بلا و مصائب کے دور ہونے، عافیتِ مریض اور رزق و خیر کی دلیل ہے، اور صدقہ صدق (سچائی) کی دلیل ہے، کیوں کہ صدقہ سے ھاء حزف کر دی جائے تو صدق ہی ہوتا ہے، اگر انسان خواب میں ایسا صدقہ کرے جو کہ جائز ہے تو وہ صدقہ مروی (منقول) حدیث کی صداقت کی دلیل ہے، اگر خواب میں ناجائز چیز صدقہ کی جیسے شراب، خنزیر مردار وغیرہ تو وہ اپنے مال یا دوسرے کے مال میں غلط تدبیر کرے گا، اگر خواب میں اچھا صدقہ دیا اور وہ مویشی پالتا ہے تو اس میں برکت ہوگی۔ اگر اس کا کوئی کھیت ہو تو اس میں برکت و ترقی ہوگی، اگر بدکار عورت پر صدقہ کیا ہے تو ہو

Marfat.com

سکتا ہے کہ وہ عورت توبہ کرلے، اگر چور کو صدقہ دیا ہے تو یہ اس کے چوری سے باز آنے کی دلیل ہے، اور صدقہ کرنا کسی وقت حاسد اور دشمنوں کو ذلیل و رسوا کرنے کی دلیل ہوتا ہے، اور پوشیدہ طور پر صدقہ کرنا گناہوں کی بخشش یا بادشاہ یا علماء کے قرب کی دلیل ہے، اور جو لوگوں کے سوال کرنے پر صدقہ کرتا ہے تو اگر وہ عالم ہے تو وہ لوگوں کو تعلیم دیتا ہے، اگر تاجر ہے تو دوسرا بیع میں اس سے فائدہ مند ہوگا، اگر وہ صنعتکار ہے تو وہ ملازم کو صنعت سکھاتا ہے۔ اگر خواب میں مسکین کو کھانا کھلایا ہے تو وہ خائف آدمی ہے باامن ہو جائے گا اور پریشانیوں سے نجات ملے گی، اور مسکین کی تعبیر آزمانے والا ہے، اور صدقہ خیرات کرنا تسبیح، قبور کی زیارت اور نیک اعمال کی دلیل ہے۔

## ۱۵۶۰۔ الصدمة (صدمہ و مصیبت)

خواب میں پریشان کن صدمہ پیش آنا اولاد کی جدائی یا مالی خسارہ کی دلیل ہے۔

## ۱۵۶۱۔ ابوبکر الصدیق رضی اللہ عنہ

خواب میں ان کا دیکھنا خلافت و امامت، ہم عصروں پر فوقیت اور وافر نصیب وحصہ کی دلیل ہے، خواب میں ان کی زیارت مال و اولاد کے ذریعہ انفاق فی سبیل اللہ اور ان کی زیارت غلام کی آزادی، حصولِ شہادت، صدقِ مقال (سچ بولنے) اور صائب الرائے ہونے کی دلیل ہے، اور ان کی زیارت بعض اولاد کی جانب سے تکلیف پہنچنے اور مشکلات سے نجات، جہاد فی سبیل اللہ، حج بیت اللہ اور دشمنوں پر غلبہ اور علم کی دلیل ہے، جو خواب میں ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی زیارت کرے وہ بندگانِ خدا کی شفاعت سے نوازا جائے گا، اور جو دیکھے کہ وہ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے ساتھ بیٹھا ہوا ہے تو وہ حق کی اتباع کرتا ہے اور وہ متبعِ سنت اور امتِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا ناصح اور خیرخواہ ہوگا۔

## ۱۵۶۲۔ الصّدّیقون[1] (صدیقین علیہم السلام)

خواب میں صدیق فرشتہ کو دیکھنا بشارت، خوشی، وعدہ وفائی، موت وحیات اور سفر وشادی اور اولاد و عزت ونصرت کی دلیل ہے، ان کا دیکھنا بادشاہوں کی زبان کا ترجمان اور ان کے اسرار سے مطلع شخص کی دلیل ہے، کبھی ان کی زیارت شرافت، علمِ کشف اور کتابوں کے دیکھنے کے عادی ہونے کی دلیل ہوتا ہے جیسے کاتب ہوتا ہے۔

## ۱۵۶۳۔ الصراحیة (خالص شراب)

خواب میں خالص شراب غلام یا باندی یا ایسی بلند مرتبہ عورت ہے جو دھوکہ فریب سے واقف نہیں ہے۔

## ۱۵۶۴۔ الصراخ (چیخ وشور)۔ دیکھئے الصیاح (چیخ وشور)۔

Marfat.com

## ۱۵۶۵۔ الصراط (پل صراط)

خواب میں پل صراط پر چلنا بحری سفر کی دلیل ہے، اگر وہ پل ٹوٹ گیا ہے تو ہلاک و خسارہ اٹھائے گا، اور پل صراط علم و توحید اور اتباعِ سنّت کی دلیل بھی ہے، اور پل صراط راستہ ہے، چنانچہ جو دیکھے کہ اس کے قدم اس پل سے پھسلے ہیں تو وہ راہِ حق سے پھسلے گا، اور جو دیکھے کہ وہ پل صراط پر ہے تو وہ دین پر قائم ہے، اور جو دیکھے کہ وہ پل صراط پر چلا ہے اور اس کے قدم نہیں پھسلے ہیں تو وہ امرِ عظیم سے دوچار ہوگا اور اس میں محفوظ رہے گا، اور جو دیکھے کہ اس کے قدم اس پل صراط سے پھسلے ہیں تو وہ کسی گناہ کے کام میں پڑے گا اور راہِ حق سے دور ہوگا۔

## ۱۵۶۶۔ الصراع (کشتی کرنا)

جو خواب میں دیکھے کہ ایک انسان نے اس کو پچھاڑ دیا ہے تو اس کا مال تلف ہوگا، خواب کے اندر جو کشتی میں مغلوب ہوا ہو وہ بیداری میں غالب ہوگا، اگر دو بادشاہوں نے آپس میں کشتی کی ہے لڑائی کے ارادہ سے تو مغلوب غالب ہوگا، اور جو دیکھے کہ دو آدمی باہم کشتی کرتے ہیں ایک نے پھر دوسرے کو پچھاڑ دیا ہے تو پچھاڑا ہوا حالت کے اعتبار سے افضل ہے، اور کشتی کرنا خصومت و جھگڑا ہے۔ اگر عورت دیکھے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے کشتی لڑی ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو زمین پر گرا دیا ہے اور آپؐ اس کے سینہ پر بیٹھے ہیں تو اس کا شوہر وفات پائے گا، اور یہ عورت کسی اور آدمی سے شادی کرے گی، اور کشتی پچھاڑ ہوئے کے مرض کی دلیل ہے، یا پھر مریض کے مرض سے عافیت پانے کی دلیل ہے، اور جو دیکھے خواب میں کہ جن نے اس کو پچھاڑا ہے تو وہ شخص سود کھاتا ہے یا سحر کا عمل کرتا ہے یا اس کا مال و دولت جاتا رہے گا اور مغموم ہوگا۔

## ۱۵۶۷۔ الصرّاف (صراف): دیکھئے الرآس (سریاں بیچنے والا)

## ۱۵۶۸۔ الصرّام (چمڑا فروش)

خواب میں اس کو دیکھنا لوگوں کے درمیان میراث کے بارے میں صلح کرانے والا آدمی ہے اس لئے کہ حیوانات کے چمڑے بھی میراث ہیں۔

## ۱۵۶۹۔ الصرح (بلند عمارت)

خواب میں بلند عمارت کذب و جھوٹ، تکبر، تباہی و بربادی یا پھر ہدایت و اسلام کی دلیل ہے۔

## ۱۵۷۰۔ الصرد (سردی برداشت کرنے والا)

خواب میں اس کا دیکھنا دورخے، خوش کلام اور بدمزاج کی دلیل ہے۔

Marfat.com

## ۱۵۷۱۔ الصرة (تھیلی)

تھیلی راز ہے، جو دیکھے کہ اس نے کسی آدمی کے پاس تھیلی یا بیگ امانت کے طور پر رکھوایا ہے جس کے اندر مال ہے تو وہ اس کے پاس راز رکھے گا، اگر اس نے اس تھیلی کو کھولا ہے تو وہ راز کو محفوظ نہیں رکھتا ہے۔

## ۱۵۷۲۔ الصریر (دروازہ کی چرچراہٹ)

خواب میں دروازہ کی چرچراہٹ شر ہے جو چوکیدار یا دربان سے یا زوجین کے درمیان پیش آئے گا، یا راز کے افشاء کی دلیل ہوسکتا ہے، اور کاتب کے قلم کی ورق پر آواز و چرچراہٹ صاحبانِ علم کے لئے ان کے درجات کی بلندی اور لوگوں میں ان کی اچھی شہرت کی دلیل ہے۔

## ۱۵۷۳۔ الصریمة (رات کا حصہ)

خواب میں اگر مریض پر رات کا حصہ آئے تو اس کی عمر ختم ہوگی، یا اس شخص کی عصمت کی دلیل ہے جس پر رات کا ٹکڑا یا حصہ دلالت کرے۔

## ۱۵۷۴۔ الصعقه (بجلی کی کڑک چمک)

خواب میں کسی جگہ پر کڑک دار بجلی کا گرنا عذاب کی دلیل ہے، اور کڑک موت ہے، اور بجلی کا جلانا امراض اور افواہوں کی دلیل ہے، اگر کڑک نے کوئی نفع مند چیز جلائی ہے تو یہ کساد بازاری کی دلیل ہے، اور بجلی کی کڑک گناہوں کے مرتکب کے لئے انذار و وعید ہے، نیز خسارہ و نقصان ہے، اور بجلی کی کڑک ان حادثات و مصائب کی دلیل ہے جو پروردگار جن پر چاہتا ہے پہنچاتا ہے جیسے ٹڈی کا حملہ، نیز سردی، ہواؤں، بیماریوں، چیچک، وبا، بخار اور ذات الجنب کی دلیل ہے۔ بجلی کی کڑک کبھی ایک امرِ عظیم کی دلیل ہوتی ہے جو بادشاہ کی طرف سے پیش آئے گا جس میں ہلاکت و بربادی یا خسارہ ہوگا، اور بجلی کی کڑک ظالم بادشاہ کے آنے کی دلیل ہوتی ہے، اور کبھی بعض مشہور حوادثات جیسے آتشزدگی، بری موت، مکانات کا منہدم ہونے اور چوروں کی دلیل ہوتی ہے، چنانچہ جو دیکھے کہ بجلی کی کڑک اس کے گھر میں گری ہے اور وہ مریض ہے تو فوت ہوگا، اگر کوئی غائب ہے تو اس کی موت کی خبر اس کے پاس آئے گی، اور پولیس والے اس پر حکمرانی کریں گے، جو خواب میں بجلی کی کڑک دیکھے کہ گھروں میں گرتی ہے تو ممکن ہے لوگ باغی ہوں، اگر بجلی مویشیوں کے مالکان اور باغات میں گرتی ہے تو یہ حوادثات اور عشر و ٹیکس والے ہیں، اور اس جگہ میں ظلم و فساد اور شدید خوف پھیلے گا، اور جو بجلی دیکھے کہ ایک شہر میں گری ہے اور اس نے اس کی زمین جلا ڈالی ہے تو یہ بادشاہ ہے جو اس شہر میں آئے گا، جس کی طرف سے فساد اور شدید مہنگائی سامنے آئے گی۔

Marfat.com

## ۱۵۷۵۔ الصعلکة (فقیر ہونا)

خواب میں فقیر ہونا اذیت ناک فقر و افلاس اور کفر کی دلیل ہے۔

## ۱۵۷۶۔ الصعود (چڑھنا)

جو خواب میں بلندی کی طرف چڑھے تو اسی بلندی کے بقدر اس کا نزول ہوگا، یا پھر یہ کسی نفس پر ظلم کی دلیل ہے، اور جو خواب دیکھے کہ وہ آسمان پر چڑھا ہے حتی کہ آسمان کے ستاروں تک جا پہنچا ہے پھر وہ خود ستاروں میں سے ستارہ بن گیا ہے تو اس کو ولایت اور عظیم و اعلی ریاست حاصل ہوگی، اگر خواب میں پہاڑ پر چڑھا ہے تو یہ غم اور سفر ہے، اور چڑھنا رفعت و بلندی اور اترنا خساست ہے، اگر گھاٹی پر چڑھا ہے تو یہ بلندی اور مشقت کے ساتھ سلطنت ہے، اور انسان کا خواب میں کسی پہاڑ، گھاٹی ٹیلہ وغیرہ پر چڑھنا اپنے مطلوب کے حصول کی دلیل ہے، اور سیدھا چڑھنا مشقت ہے اس میں خیر نہیں ہے۔

## ۱۵۷۷۔ الصعوة (چھوٹی چڑیا)

یہ خواب میں دیکھنا غلام یا باندی یا عورت یا مال ہے۔

## ۱۵۷۸۔ الصفّار (پیتل کا کام کرنے والا)

یہ خواب میں دنیا کا مال و متاع رکھنے والا صاحب ہے، جو پیتل دیکھے کہ اہرن پر کوٹا جا رہا ہے تو وہ لڑائی جھگڑے میں پڑے گا، اور جو شخص شادی کا ارادہ رکھتا ہو اور وہ خواب میں پیتل کی کوئی چیز دیکھے تو وہ عورت زبان دراز ہے، اور پیتل کا کام کرنے والا لوگوں کو فریب دیتا ہے، اور وہ جھگڑے والا ہے، اگر دیکھے کہ وہ ٹھٹھیروں جیسا کام کرتا ہے اور وہ شخص شادی کا ارادہ رکھتا ہے تو وہ عورت زبان دراز ہونے کے ساتھ خوش خلق ہے۔

## ۱۵۷۹۔ الصفح (درگزر کرنا) دیکھئے العفو (معاف کرنا)۔

## ۱۵۸۰۔ الصفحة (کاغذ) دیکھئے القرطاس (کاغذ)۔

## ۱۵۸۱۔ الصفر (پیتل)

خواب میں پیتل یہودیوں کی جانب سے مال کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ وہ پیتل کو پگھلاتا ہے تو وہ دنیا کے مال و متاع کے بارے میں جھگڑا کرے گا، اور بے آبرو ہوگا، اور بعض کہتے ہیں جو خواب میں پیتل دیکھے تو وہ برا کلام سنے گا اور اس پر بہتان باندھا جائے گا، اور پیتل دنیا کے مال و متاع پر فخر کرنے والا آدمی ہے، اور جو پیتل سے کوئی چیز بنائے تو وہ

Marfat.com

مال ومتاع کا طالب ہے۔

## ۱۵۸۲۔ الصفرد (چکاوک)[1]

چکاوک پرندہ خواب میں دیکھنا مالدار، شریف، جمیل وحسین عقلمند اور معزز عورت ہے۔ اور جو چکاوک کا مالک ہوا ہو وہ عورت یا باندی کا مالک ہوگا۔

## ۱۵۸۳۔ صفرة اللون (زرد رنگ)

جو خواب میں دیکھے کہ اس کے چہرہ کا رنگ زرد ہے تو وہ بیمار ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ آخرت میں بلند مقام ہوگا اور مقربین میں سے شمار ہوگا، اور خواب میں چہرہ کا زرد ہونا ذلت اور حسد کی دلیل ہے، اور چہرہ کی زردی کبھی نفاق کی دلیل ہوتی ہے، اور بعض کہتے ہیں چہرہ کا زرد ہونا عبادت اور رات کے تہجد کی دلیل ہوتا ہے، کبھی زرد ہونا عشق اور محبت کی بھی ہوتا ہے، اور زرد رنگ خشوع اور مراقبہ کی دلیل ہے، اور کبھی زرد ہونا خوف کی دلیل ہوتا ہے، اور جو خواب میں اپنا چہرہ سفید اور جسم زرد دیکھے تو اس کا ظاہر اس کے باطن سے بہتر ہے، اور اگر اس کا جسم سفید اور چہرہ زرد ہے تو اس کا باطن اس کے ظاہر سے بہتر ہے، اور چہرہ اور جسم دونوں کا زرد ہونا مرض کی دلیل ہے، اور چہرہ کا زرد ہونا حزن وغم کی دلیل ہے جس سے صاحب خواب دوچار ہوگا، اور تمام کپڑوں کا زرد ہونا مرض اور کمزوری کی دلیل ہے، سوائے ریشم اور اون کے کپڑوں اور دیباج کے جبہ کا زرد ہونا کیونکہ وہ فسادِ دین کی دلیل ہے۔

## ۱۵۸۴۔ الصفصاف (بید کا درخت) دیکھئے الخلاف (بید کا درخت)۔

## ۱۵۸۵۔ الصفع (تھپڑ مارنا)

خواب میں تھپڑ مارنا زجر وتوبیخ، اور معمولی بخشش پر احسان جتانے کی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ وہ دوسرے انسان کو ازراہِ مذاق تھپڑ مارتا ہے تو وہ اس پر فضل واحسان کرے گا، اگر ایک بادشاہ دوسرے بادشاہ کو تھپڑ مارے دونوں کے درمیان عداوت ہے تو جسے تھپڑ مارا گیا ہے وہ تھپڑ مارنے والے پر غالب آئے گا، اس لئے کہ اس نے اس پر زیادتی کی ہے۔ دیکھئے اللطم (طمانچہ مارنا)۔

## ۱۵۸۶۔ الصفوف (صفیں)

خواب کے اندر صفیں دیکھنا قلوب کی موافقت اور دشمن سے ٹکراؤ کی دلیل ہے، یا پھر نمازیوں کی صفوں کے ساتھ وابستہ رہنے کی دلیل ہے۔

---

(۱) چکاوک: ایک پرندہ بزدلی میں ضرب المثل ہے۔

Marfat.com

## ۱۵۸۷۔ الصفیر (سیٹی)

خواب میں سیٹی مشرکین کے اخلاق و عادات اپنانے کی دلیل ہے، تالیاں بجانے کی بھی یہی تعبیر ہے، اور سیٹی کبھی رہائش گاہوں کے تعطل اور خالی ہونے کی علامت ہوتی ہے کیونکہ یہ ان چیزوں میں سے ہے جس سے لوگ منتشر ہوتے ہیں۔

## ۱۵۸۸۔ الصقر (شکرا)

خواب میں شکرا (شکاری پرندہ) نرینہ اولاد اور رفیع المرتبت، پرہیبت اور شریف ظالم بادشاہ ہے، اور جو دیکھے کہ شکرا اسکے پیچھے لگا ہے تو کوئی بہادر آدمی اس پر غضبناک ہوگا، اور شکرا ظالم، طاقتور آدمی کی دلیل ہے، اور شکرا دیکھنا حصولِ غنیمت کی دلیل ہے، یہی تعبیر ہے ہر شکاری حیوان کی، اس لئے کہ وہ شکار اور غنیمت کے لئے ہی تخلیق ہوا ہے، اور شکرا عزت وسلطنت، دشمن پر غلبہ اور امیدوں کے پورا ہونے نیز مال و اولاد، ازواج و ممالیک (غلاموں)، صحت وتندرستی اور غموں کی دوری کی دلیل ہوتا ہے، یا پھر شکرا موت کی علامت ہے، کیوں کہ وہ ارواح کو شکار کرتی ہے، اور شکرا قید خانہ اور طعام میں تنگی کی دلیل ہے۔

## ۱۵۸۹۔ الصقیل (صقیل شدہ تلوار)

خواب میں اس کا دیکھنا زوالِ غم وفکر اور جہل کے بعد علم نیز ان صالحین کی رفاقت کی دلیل ہے جو اس کو اس کے ذاتی عیوب سے واقف کراتے ہیں۔

## ۱۵۹۰۔ الصکاک (زور سے مارنے والا)

وہ خواب میں حیلہ ساز انسان کی دلیل ہے۔

## ۱۵۹۱۔ صک الکتابۃ (دستاویز)

جو خواب میں دیکھے کہ اس کے خلاف دستاویز لکھی گئی ہے تو وہ احتجام (سینگی کھنچوانے) پر مامور ہوگا۔

## ۱۵۹۲۔ صک الوجہ (چہرہ پر طمانچہ مارنا)

خواب میں یہ دیکھنا نا امیدی کے بعد نرینہ اولاد کی دلیل ہے، دلیل فرمانِ الٰہی ہے "فصکت وجھھا" (الذاریات:۲۹) یعنی اس نے اپنے چہرہ پر طمانچہ مارا۔

## ۱۵۹۳۔ الصلابۃ (سختی) دیکھئے القسوۃ (سختی)۔

Marfat.com

## ۱۵۹۴۔ الصلات (عطیہ و انعام)

خواب میں حاجتمندوں کے لئے عطیہ و انعام دشمن کے ذلیل خوار ہونے اور رب تعالیٰ کی ناراضگی کے دور ہونے کی دلیل ہے، اس لئے کہ پوشیدہ طور پر صدقہ کرنا غضبِ خداوندی کی آگ کو بجھاتا ہے، لیکن اگر یہ انعام و احسان فاسقوں کے لئے ہو تو یہ مکروہ و ناپسندیدہ ہے۔

## ۱۵۹۵۔ الصلاۃ (نماز)

جو شخص دیکھے کہ وہ ایک باغ میں نماز پڑھتا ہے تو وہ اللہ تعالیٰ سے توبہ و استغفار کرے گا، اور اگر کھیت میں نماز پڑھی ہے تو اپنے دین کو درست کرے گا، اور اگر دیکھے کہ وہ کسی عذر کی وجہ سے بیٹھ کر نماز پڑھتا ہے تو اس کا عمل مقبول نہیں ہے، اگر پہلو کے بل نماز پڑھی ہے تو وہ بیمار ہوگا، اگر نماز پڑھی ہے اور مسجد سے نکلا ہے تو اسے خیر حاصل ہوگی، اگر سوار ہو کر نماز پڑھی ہے تو وہ شدید خوف سے دوچار ہوگا، اگر امام سواری پر نماز پڑھے اور اس کے ہمراہ کچھ لوگ ہوں اور وہ کسی جنگ کے اندر مصروف ہوں تو غالب ہوں گے، اگر خواب دیکھے کہ اس کی نماز چھوٹ گئی ہے اور وہ نماز پڑھنے کے لئے کوئی جگہ نہیں پاتا ہے تو وہ جس دینی یا دنیوی کام میں مشغول ہے وہ اس کے لئے دشوار ہوگا، اگر خواب میں قصداً یا انکاراً نماز ترک کی ہے اور اس کو قضا کرنے کی نیت کی ہے تو وہ دینِ اسلام کو خفیف سمجھتا ہے، اور رہا نماز کا سلام تو اس کے متعلق ہم کہتے ہیں کہ جو خواب میں دیکھے کہ اس نے سلام پھیرا ہے اور نماز مکمل کر کے نماز سے باہر آیا ہے تو وہ ہر فکر و غم سے نکلے گا، اور اس کا امر محبت کی طرف لوٹے گا، اگر اپنی دائیں جانب سلام پھیرا ہے تو یہ اس کے بعض کاموں کا درست ہونا ہے، اور اگر بائیں جانب سلام پھیرا ہے تو اس کے بعض کام اس کے لئے دشوار ہوں گے، اگر دائیں طرف سے پہلے بائیں طرف سلام پھیرا ہے تو یہ شر و فساد اور بدعت کی اتباع کی دلیل ہے، اور اگر سلام پھیرے، بغیر نماز سے کھڑا ہو گیا ہے تو یہ راس المال (اصل سرمایہ) ترک کرنے کی دلیل ہے، اگر خواب میں تندرست آدمی نے بیمار جیسی نماز پڑھی تو یہ قول و عمل میں تردد و اختلاف کی دلیل ہے، اگر خواب میں برہنہ نماز پڑھی ہے تو یہ روزہ میں فحش گوئی یا حرام مال کا صدقہ کرنے یا بدعت کی اتباع کرنے کی دلیل ہے، اور نماز میں کلام کرنا اپنی ہبہ شدہ یا صدقہ کردہ چیز واپس لینے کی دلیل ہے، اگر خواب میں جہر (بلند قرأت) کے موقع پر سراً قرأت کی یا اس کا عکس کیا ہے اور وہ شخص حاکم ہے تو ناانصافی کا فیصلہ کرے گا اور بدعت و ریاکاری کی طرف مائل ہوگا، خواب میں امام سے پہلے رکوع اور سجدہ کرنا والدین کی مخالفت یا مرض نسیان میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے، اگر عورت دیکھے کہ وہ مردوں کی امامت کرتی ہے تو وہ وفات پائے گی اس لئے کہ عورت امامت کے لائق نہیں ہے، اور یہ صورت اس کی موت کے وقت ہی ممکن ہے جب وہ نماز جنازہ کے لئے لوگوں کے آگے رکھی جائے گی، اور جو دیکھے کہ وہ نماز میں ہنستا ہے تو وہ نماز میں بہت زیادہ لہو و لعب کرنے والا ہے، اور جو دیکھے کہ وہ حالت نشہ میں

Marfat.com

نماز پڑھ رہا ہے تو وہ جھوٹی گواہی دیتا ہے، اور جو حالت جنابت میں نماز پڑھے تو وہ فاسد الدین ہے، اور جو دیکھے کہ وہ قبلہ کی جانب پشت کر کے نماز پڑھتا ہے تو اصل میں اس نے دین اسلام کو پس پشت ڈال دیا ہے، اور خواب میں فرض نماز حکومت یا ریاست اور ادائے امانت ہے اور ایفائے عہد کی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ وہ فرض کی دو رکعتیں پڑھتا ہے تو وہ سفر کرے گا، جو دیکھے کہ وہ صبح کی نماز پڑھتا ہے تو یہ وعدہ ہے جو کہ قریب ہے، اور جو صبح کی نماز پڑھے تو یہ قسم کی دلیل ہے جو وہ کھاتا ہے، اور جو شخص دیکھے کہ وہ ظہر کی نماز پڑھتا ہے اور اس نے نماز کو پورا کیا ہے تو وہ اپنی حاجت کا اظہار کرے گا، اس لئے کہ نماز کا مکمل کرنا انسان کے ارادہ کی تکمیل کی دلیل ہوتا ہے، اگر وہ مقروض ہو تو اس کا قرض ادا ہوگا اور اس کے رزق میں فراخی ہوگی، اور جو دیکھے کہ وہ صاف اور بے بادل موسم میں ظہر کی نماز پڑھتا ہے تو وہ کوئی عمل کرے گا اور اس میں اعتدال کی راہ اپنائے گا، اگر موسم بادل والا ہو تو وہ پریشانی والا عمل کرے گا، اور نمازِ ظہر توبہ کی بھی دلیل ہے، اس لئے کہ تحویل از بیت المقدس بجانب کعبہ کا عمل ظہر میں ہوا ہے، اور ظہر شیطان سے محاربت (لڑائی) کی دلیل بھی ہو سکتا ہے، اور عصر کی نماز اس کی قسم ہے جو وہ کھاتا ہے یا ایسا کام ہے جو مشقت و دقت کے بعد ہی پایۂ تکمیل ہوگا، اور عصر نصرت و ظفریابی یا پھر ہدایت و خیر کی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ وہ مغرب کی نماز پڑھتا ہے اور سورج غروب ہو چکا ہے تو اس کا مطلوب امر پورا ہوگا، اور مغرب کی نماز اعمال سے فراغت اور مشقت سے راحت یا والدین میں سے کسی ایک کی جدائیگی کی دلیل ہے یا اس بات کی نشانی ہے کہ وہ ایسے کام میں ہے جو کہ ختم ہو چکا ہے اور وہ چیز جلد پالے گا، اور عشاء کی نماز عمر کے اختتام کی دلیل ہے، اس لئے کہ عشاء انسان کا آخری عمل ہے اس کے بعد وہ نوم (نیند) کی تیاری کرتا ہے جو اس کی موت کے مشابہ ہے، یا وہ شخص ان کاموں کو جو اللہ تعالیٰ نے اس پر فرض کر دیئے ہیں بجا لاتا ہے جیسے اہل وعیال کے لئے کھانے پینے اور لباس کا اہتمام کرنا، اور جو دیکھے کہ وہ عشاء کی نماز پڑھتا ہے تو یہ عمل سفر کی تیاری یا شادی یا ایک مقام سے دوسرے مقام کی طرف منتقل ہونے کی علامت ہے، اور عشاء کی نماز بسا اوقات رتوندا ہونے اور نظر کے کمزور ہونے کی دلیل ہوتی ہے، اور زندگی کے فراخ ہونے کی دلیل ہوتی ہے اس لئے کہ عشاء اور فجر کے درمیان بُعد ہے، اور جو دیکھے کہ وہ عشاء کی نماز پڑھتا ہے تو یہ مکر وفریب ہے، اور خواب میں نمازِ چاشت شرک سے بری ہونے اور سچی قسم یا پھر سرور وخوشی کی علامت ہے، اگر دیکھے کہ وہ عشاء کی نماز پڑھتا ہے تو وہ اہل وعیال کی ذمہ داریوں کو سنبھالتا ہے جس کی وجہ سے اہل وعیال کے دل اس سے راحت محسوس کرتے ہیں، اور تحیۃ المسجد کی نماز عزیز و اقرباء اور مساکین پر خرچ کرنے کی دلیل ہے، اور خواب میں نمازِ غفلت پڑھنا پوشیدہ صدقہ کرنے کی دلیل ہے، اور خواب میں نمازِ جنازہ شفاعت یا فرض نمازوں میں نقص و کمی کی دلیل ہے جیسے قیام وقعود میں سہو ہو جانا، اور جو دیکھے کہ وہ میت کا نمازِ جنازہ پڑھتا ہے تو وہ اس کے لئے کثرت سے دعا و استغفار کرتا ہے، اور جو دیکھے کہ وہ نمازِ جنازہ پڑھتا ہے تو وہ فاسد الدین شخص کی شفاعت کرے گا، اور خواب میں نمازِ تراویح تکان و ادائے قرض کی دلیل ہے، اور جو شخص دیکھے کہ وہ لوگوں کے ہمراہ نمازِ تراویح پڑھتا ہے تو وہ لوگ اپنے

Marfat.com

رشتہ داروں کے ساتھ مروت و انسانیت کا سلوک کرتے ہیں، ان کی وحشت زائل ہوگی اور ان کا انشراحِ صدور ہوگا، اور خواب میں نمازِ استسقاء خوف وتنگی، قیمتوں کی گرانی اور معیشت کی کسادگی کی دلیل ہے، اور یہ نماز اس مقام پر حاکم یا سلطان کی جانب سے کوئی واقعہ رونما ہوگا، سورج اور چاند گہن اس شخص کے لئے راحت رسانی کی دلیل ہے جس پر یہ سورج اور چاند دال ہوں، یا پھر فاسق کی توبہ اور کافر کی ہدایت و اسلام یا عالم کی وفات کی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ وہ نفل نماز پڑھتا ہے تو یہ اس کے دین کی صلاح اور تمسک بالسنۃ (اتباع سنت) یا یہ کہ وہ امورِ آخرت بجالاتا ہے، اور نفل نماز خدمت یا مال کے ذریعہ لوگوں کے قلوب میں مودت وتقرب حاصل کرنے کی دلیل ہے، اگر صاحب خواب غیر شادی شدہ ہے تو شادی ہوگی، اگر شادی شدہ ہے تو دو نرینہ لڑکے عطا ہوں گے، جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے "ووھبنالہ اسحاق و یعقوب نافلۃ" (الانبیاء:۷۲) یعنی اور بخشا ہم نے اس کو اسحٰق اور یعقوب انعام میں۔

اگر اللہ تعالیٰ کی رضا کی خاطر نفل نماز پڑھی ہے تو اگر فقیر ہے تو مستغنی ہوگا اور خیر حاصل ہوگی، یا اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل ہوگا، یا وہ ایسی قوم کے درمیان الفت پیدا کرے گا جن کی خواہشات مختلف ہیں، اور خواب میں صلاۃ الرغائب (سنت نماز) موسموں کی دلیل ہے، اور نمازِ قضا ادائے قرض یا فاسق کی توبہ یا کافر کے اسلام یا ایفائے نذر کی دلیل ہے، اور بیٹھ کر نماز پڑھنا عجز وکسل اور میسر رزق پر قناعت کی دلیل ہے یا والد یا استاد کے بیمار ہونے کی تنبیہ ہے، اور خواب میں نمازِ توبہ واستغفار گناہوں کی بخشش کی دلیل ہے، اگر لوگوں نے نمازِ توبہ پڑھی ہے تو یہ نزولِ بارش کی دلیل ہے، اگر نمازی فقیر ہے تو مستغنی ہوگا، اگر بے اولاد ہے تو نرینہ اولاد نصیب ہوگی، اور خواب میں نمازِ تسبیح ہدایت، رزق کی فراوانی اور خیر کی رہنمائی کی دلیل ہے، اور نمازِ جمعہ نمازی کا ارادہ وخواہش یا فرحت وخوشی، عیدوں کی حاضری اور موسم وحج کی دلیل ہے، اور نمازِ جمعہ نمازِ قصر کی طرح سفر کی یا جلد کشادگی اور دوست سے ملاقات کی دلیل ہوتی ہے، اور خواب میں نمازِ عید ادائے قرض، شفائے مریض اور شدائد ومشکلات سے خلاصی اور زوالِ غم کی دلیل ہے، اور نمازِ عید الاضحیٰ امور کی تقلید، وصیت کی حفاظت اور ایفائے نذر ومنت کی دلیل ہے، یا عیدین کی نمازیں دشمنوں کے مقابلہ کی دلیل ہیں، اس لئے کہ دشمن کا مقابلہ تکبیر سے ہوتا ہے، اور جس کی کوئی شے کھو گئی ہو اور دیکھے کہ وہ عید میں ہے تو اس کی کھوئی ہوئی چیز واپس آجائے گی، اگر وہ عید عید الفطر ہو تو وہ تنگی سے نکلے گا اور وسعت حاصل ہوگی، اگر وہ عید الاضحیٰ ہو اور وہ غلام ہے تو آزادی ملے گی یا قیدی ہے تو قید سے نجات ملے گی، اگر وہ مقروض ہے تو قرض کی ادائیگی ہوگی، اور خواب میں نمازِ استخارہ حیرانگی واضطراب کی دلیل ہے، نیز حسن انجام کی دلیل ہے، اور خواب میں غائب کی نمازِ نفع کا حصول ہے۔

## ۱۵۹۶۔ الصَلب (سولی پر لٹکانا)

خواب میں مصلوب (جس کو سولی دی گئی ہو) کو رفعت اور ولایت حاصل ہوگی، اور جو دیکھے کہ اس کو سولی پر لٹکایا گیا ہے اور وہ ولایت کی اہلیت رکھتا ہے تو ولایت حاصل ہوگی، اگر سولی میں اس کی موت واقع ہوئی ہے تو اس کا دین

Marfat.com

ناقص ہے، اور اگر سولی دی گئی لیکن موت واقع نہیں ہوئی تو والی بنے گا اور اس کا دین محفوظ ہوگا اور وہ اپنی ولایت وحکومت میں عادل ہوگا، اور جو خواب میں مصلوب کا گوشت کھائے تو اسے اپنے رؤساء سے خیر حاصل ہوگی، اور اہل قضاء ومنبر کے لئے سولی پر لٹکنا خیر و رفعت کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ اسے مردہ حالت میں سولی دی گئی ہے تو فسادِ دین کے ساتھ اس کو دنیوی رفعت ملے گی، اگر زندہ حالت میں سولی دی گئی ہے تو پھر فسادِ دین نہیں ہوگا، اگر دیکھے کہ وہ مصلوب ہے اور نہیں جانتا کہ کب اس کو سولی دی گئی تو اس کی حاجات پوری ہوں گی، اور جو دیکھے کہ وہ شہر کی فصیل کے پاس مصلوب پڑا ہے اور لوگ اس کیطرف دیکھ رہے ہیں تو اس کو سلطنت و رفعت حاصل ہوگی، اور جو دیکھے کہ اس کو شہر میں سولی پر لٹکایا جاتا ہے تو یہ ریاست کی دلیل ہے، اور سولی فقراء کے حق میں خیر کی اور مالداروں کے حق میں شر کی دلیل ہے یعنی ان کے امور و معاملات کے خراب ہونے کی دلیل ہوتی ہے، اور غلاموں کے حق میں ان کی آزادی کی دلیل ہے۔

## ۱۵۹۷۔ الصُلب (کمر)

کمر قابل اعتماد مضبوط آدمی ہے، چنانچہ جو دیکھے کہ اس کی کمر مضبوط ہے تو اسے وقار نصیب ہوگا، اور جو اپنی کمر میں کمزوری یا طاقت دیکھے تو یہ بات اصل میں اس کی اولاد کی جانب رجوع کرتی ہے، جو اپنی کمر کو مضبوط دیکھے تو وہ عقل و دانش سے نوازا جائے گا، اور صُلب (کمر) کبھی صَلب کی دلیل ہوتی ہے، اور صَلب ہر چیز کی شدت اور سختی ہے، لہٰذا کمر کی قوت وشدت غیر شادی شدہ کے لئے کنواری زوجہ اور شادی شدہ کے لئے اولاد کی دلیل ہے۔

## ۱۵۹۸۔ الصلح (صلح کرنا)

صلح الفت ومحبت، گناہوں سے توبہ اور اللہ تعالیٰ کی مرضیات پر چلنے کی دلیل ہے، چنانچہ جو شخص دیکھے کہ وہ دشمن سے صلح کرتا ہے تو اس سے مخاصمت (جھگڑا) کرے گا، اگر خواب میں صلح کسی جان کے قتل یا شراب نوشی پر ہو تو یہ لوگوں کے درمیان عداوت وفساد کی دلیل ہے، اور لڑائی میں دو گروہوں کے مابین صلح خوف سے امن اور رزق کی زیادتی پر دلیل ہے۔

## ۱۵۹۹۔ الصلع (گنجا پن)

خواب میں گنجے پن میں مبتلا دیکھنا مال کے ضیاع اور لوگوں کی نظروں سے گرنے (یعنی وقار خراب ہونے) کی دلیل ہے۔

## ۱۶۰۰۔ الصلیب (صلیب)

خواب میں صلیب جھوٹ، چغل خوری اور زنا کی تہمت اور جھوٹی گواہی دینے کی دلیل ہے، یا پھر عظیم مرد کی دلیل ہے جو دین پر قائم ہے، چنانچہ جو دیکھے کہ اس کے پاس صلیب ہے تو شادی ہوگی یا اولاد نصیب ہوگی، یا صلیب نکاح فاسد یا

Marfat.com

فکرو پریشانی اور فتنوں کی دلیل ہے۔

## ۱۶۰۱۔ الصماخ (کان کا سوراخ)

جو خواب میں دیکھے کہ اس نے کان کے سوراخ سے کچھ نکالا ہے تو زہر کا تریاق اس کے ہاتھ لگے گا، اور سرکشوں کے مکر وفریب سے بچے گا، اگر اپنے کان میل یا پیپ سے صاف کئے ہیں تو یہ خوش کن خبروں کے آنے کی دلیل ہے۔

## ۱۶۰۲۔ الصمصام (تیز تلوار): دیکھئے السیف (تلوار)۔

## ۱۶۰۳۔ الصمغ (گوند)

خواب میں گوند ہر درخت کا فائدہ ہے۔

## ۱۶۰۴۔ الصمم (بہراپن)

خواب میں بہراپن فسادِ دین، راہِ حق سے کنارہ کشی، دھمکی یا پھر راحت کے فقدان کی دلیل ہے۔

## ۱۶۰۵۔ الصناج (جھانجھ بجانے والا)

یہ دنیا کے مال ومتاع میں مغرور ومتکبر آدمی ہے۔

## ۱۶۰۶۔ الصنان (بدبو)

خواب میں انسان کا بدبو سونگھنا دردِ سر، بری خبروں، راز کے افشاء اور کینہ وبغض کے زوال کی دلیل ہے، اور بدبو مشقت کے بعد راحت ملنے اور قرض کی ادائیگی کی دلیل ہے۔

## ۱۶۰۷۔ صندوق

خواب میں صندوق عورت یا خوبرو باندی ہے، اور صندوق آدمی کے گھر یا اس کی زوجہ یا دکان کی دلیل ہوتا ہے، اور صندوق غیر شادی شدہ کے حق میں شادی کی اور فقیر کے لئے مالدار ہونے کی دلیل ہے، اور سفری صندوق سفر یا سفیر کی دلیل ہے۔

## ۱۶۰۸۔ الصنم (بُت)

خواب میں بت بولنے والا خود ساختہ مجسمہ ہے، اور بت غدار، خوبصورت اور بدسیرت انسان ہے، اگر بت لکڑی کا ہو تو وہ اپنے دین کے ذریعہ ظالم منافق بادشاہ کا قرب حاصل کرے گا، اگر بت ایندھن کا ہو تو وہ دین میں جدال (جھگڑے)

Marfat.com

کا خواہش مند ہے، اگر بت چاندی کا ہو تو وہ ایسا کام کرے گا جس کے ذریعہ خیانت یا تکبر کے طور پر کسی عورت یا عجمی باندی کا قرب حاصل کرے گا، اگر بت سونے کا ہو تو وہ اپنے دین میں کوئی مکروہ ناپسندیدہ عمل کرے گا، اگر بت لوہے کا یا پیتل یا سیسہ کا ہو تو وہ اپنے دین کے ذریعہ دنیا اور اس کا مال و متاع حاصل کرے گا، اور اپنے رب کو بھول جائے گا، اور بت دیکھنا سفر کرنے کی بھی علامت ہے، اور خواب میں مجسمے اولاد کی دلیل ہیں، اور جو دیکھے کہ وہ بت پرستی کرتا ہے تو یہ اس امر کی دلیل ہے کہ وہ کسی باطل کام میں مشغول ہے، اور بت زمانہ اور معاملات میں ثابت قدمی کی دلیل بھی ہو سکتا ہے۔

## ۱۶۰۹۔ الصنوبر (صنوبر کا درخت)

خواب میں صنوبر کا درخت ایسے آدمی کی دلیل ہے جو عالی مرتبت اور قلیل المال ہو کیونکہ اس درخت کا پھل کم ہوتا ہے، نیز جو کنجوس اور قلیل الخیر ہو، کیونکہ کووں اور الووں کی جگہ ہونے کیوجہ سے چور وہاں ٹھہرتے ہیں۔

## ۱۶۱۰۔ صہر الانسان (ازدواجی رشتہ دار)

جس کا بیداری میں ازدواجی رشتہ دار نہ ہو اس کا خواب میں ایسا رشتہ دار دیکھنا دشمنوں کے خلاف نصرت و مدد ہونے اور خوف سے امن حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

## ۱۶۱۱۔ الصھریج (پانی کا حوض)

خواب میں پانی کا حوض زوجہ کی دلیل ہے کیونکہ حوض میں پانی رکھا جاتا ہے، یا پھر ہر اس چیز کی دلیل ہے جس میں مال وغیرہ رکھا جاتا ہے جیسے تھیلی، الماری، صندوق اور زیرزمین غلہ کا گودام وغیرہ، اور پانی کا حوض ہر راز دان کی دلیل ہوتا ہے جیسے شریک اور اولاد، اگر زیتون کا حوض پانی کا ہو گیا ہو تو یہ کساد بازاری کی دلیل ہے، اور اگر پانی کا حوض زیتون کا ہو گیا ہو تو یہ اس کے اہل کے غنی ہونے کی دلیل ہے، اور گھوڑوں اور مسجد کے حوض اس کے امور کے ناظم یا اس کے امام کی دلیل ہے، اگر کنواں حوض بن گیا ہو تو یہ اس کے اہل کے متوسط الحال ہونے کی دلیل ہے، اگر پانی کا حوض گھی یا شہد یا دودھ کا ہو گیا ہے تو یہ زوجہ کے حمل کی دلیل ہے، اور حوض مشکل کے آسان ہونے، عزت و منصب جلیل کی دلیل ہے، نیز خوف سے امن کی علامت ہے۔

## ۱۶۱۲۔ صھوبة اللحیة (داڑھی کا بھورا ہونا)

خواب میں بھوری رنگ کی داڑھی فتنہ کی دلیل ہے، خصوصاً جب کہ خواب میں سفیدی مائل ہوں۔

## ۱۶۱۳۔ الصوّاف (اون فروش)

خواب میں اس کو دیکھنا موسم سرما میں فوائد و منافع کے حصول کی دلیل ہے، اور موسم گرما میں ھموم و غموم کی دلیل ہے۔

Marfat.com

## ۱۶۱۴۔ الصوت (آواز)

خواب میں آواز انسان کی شہرت اور اس کا ذکر ہے، اور جو دیکھے کہ وہ اپنی آواز کو بلند کرتا ہے تو وہ کسی منکر (برائی) کے بارے میں ایک قوم پر مسلط ہوگا، پس اگر دیکھے کہ اس نے کسی انسان کی آواز سنی ہے تو اس کو ولایت حاصل ہوگی، اگر کسی حیوان سے انسان کی آواز سنے تو یہ کثیر منافع کی دلیل ہے خصوصاً جب کہ وہ کلام اس کا پسندیدہ ہو، یا کہی گئی بات حق اور درست ہو، اگر اپنی آواز عالم کی آواز سے زیادہ بلند کی ہو تو وہ گناہ کا ارتکاب کرے گا، اور کمزور آواز خوف و ڈر ہے، اور آواز کی پستی تواضع و عاجزی ہے، اور پولیس اور حاکموں کی آواز کا پست یا کمزور ہونا ان کی معزولی کی دلیل ہے، اور دراہم کی آواز بادشاہوں میں سے دراہم ڈھالنے والوں کے درمیان فتنہ کی دلیل ہے، اور دراہم کا سننا وعدہ وفائی اور دنانیر کا سننا (یعنی آواز سننا) خوش کن خبریں ہیں، اور پیسوں کا سننا تکلیف دہ خبریں ہیں، اور بعض کہتے ہیں کہ دراہم و دنانیر کی آواز خوبصورت کلام کی دلیل ہے، اور جانوروں کی آواز فکرات اور خوفناکیاں ہیں، چنانچہ خواب میں بکری کی آواز کریم النفس آدمی کی طرف سے اچھے سلوک کی دلیل ہے، بکری کے بچہ اور دنبہ کی آواز سرور و خوشی، خوشحالی اور خیر ہے، گھوڑے کا ہنہنانا شریف آدمی یا بہادر سپاہی کی طرف سے حصولِ ہدیہ کی دلیل ہے، اور گدھے کا رینگنا ظالموں کے خلاف دعا کی دلیل ہے، خچر کی آواز شبہات میں غور و خوض اور واقع ہونے کی دلیل ہے، بچھڑے، بیل اور گائے کی آواز فتنہ میں پڑنے کی دلیل ہے، اور اونٹ کا گڑگڑانا تکان اور سفرِ عظیم کی دلیل ہے جیسے سفر حج و جہاد، اور شیر کا دھاڑنا وعید و تنبیہ سرگردانی اور ظالم بادشاہ سے خوف و ہیبت کی دلیل ہے، اور کتے کا بھونکنا ندامت و شرمندگی، نافرمانی، لایعنی کلام اور ظلم کی دوڑ دھوپ کی دلیل ہے، اور چیتے کی آواز تکبر اور دلال ہے، اور کبوتر کی آواز (غرغروں کرنا) نوحہ بازی یا نکاح یا مسلمان قاریہ شریف باپردہ عورت ہے، ابابیل کی آواز فائدہ مند کلام یا قرآنِ کریم کا سماع یا واعظ کا وعظ ہے، اور مینڈک کا ٹرانا گانے یا چوکیدار کی آوازیں یا عالم آدمی کے کام میں دخل دینے کی دلیل ہے، بعض کہتے ہیں کہ اسکی تعبیر قبیح کلام ہے، اور سانپ کا پھنکارنا لڑائی دھوکہ اور ڈرانے کی دلیل ہے، نیز وعید، دشمن کی طرف سے زیادتی کی دلیل ہے، اور بلی کا میاوں میاوں کرنا شور و غل چغلخوری، عیب گیری اور نکتہ چینی کی دلیل ہے، اور چوہے کی آواز الفت و اجتماع اور رزق کی دلیل ہے، نیز فاسق نقب زن آدمی سے ضرر پہنچنے یا چوری کی دلیل ہے، اور ہرن کی آواز شوقِ وطن کی دلیل ہے، اور بھیڑیئے کی آواز چوری پر ڈرانے کی اور لومڑی کا چیخنا بھاگنے اور منتقل ہونے پر ڈرانے کی دلیل ہے، نیز جھوٹے شخص کی طرف سے بغض و کینہ اور تکلیف پہنچنے کی دلیل ہے، اور گیدڑ کا بھونکنا خیر و شر کے بارے میں اہم امور ہیں، خنزیر کی آواز مالدار اور احمق دشمنوں پر غلبہ حاصل ہونے کی دلیل ہے، اہل تعبیر نے پانی کے چلنے، مور اور مرغی کی آواز کو ناپسند قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ یہ غم حزن کی دلیل ہے، اور کوے کی آواز جدائیگی اور موت کی خبر ہے، ہر ایسی آواز جس کا سننا قبیح ہو غم و الم کی دلیل ہے، اور اچھی آواز سرور و خوشی ہے، نیز دیکھے الہاتف (غیبی آواز)۔

Marfat.com

## ۱۶۱۵۔ الصور (صور پھونکنا)

اسرافیل علیہ السلام کا صور پھونکنا نجات کی دلیل ہے، اور صور پھونکنے کی آواز سننا حق ہے، خواب میں صور پھونکنا دہشت انگیز خبروں کی دلیل ہے، اگر صاحب خواب مریض ہو اور صور پھونکنا سنے تو شفاء ہوگی، اگر قحط سالی پھیلی ہو تو وہ دور ہوگی، اور اشیاء کے نرخ کم ہوں گے، یعنی ارزانی اور کشادگی ہوگی، اور جو خواب میں نفخہء ثانیہ (دوسرا نفخہ) سنے تو یہ کسب و معاش جاری ہونے یا راز کے ظاہر ہونے اور مریضوں کے شفایاب ہونے یا قیدی کے رہا ہونے یا مسافروں کے ساتھ جمع ہونے کی دلیل ہے۔

## ۱۶۱۶۔ الصوص (چوزہ) دیکھئے الدجاجۃ (مرغی)۔

## ۱۶۱۷۔ الصوف (اُون)

جو شخص خواب میں دیکھے کہ اس نے اون کے کپڑے پہنے ہیں تو یہ جمع شدہ عمدہ کثیر مال کی دلیل ہے، اون سے زیادہ بہتر کپڑوں کی اور کوئی نوع نہیں ہے، اور جو دیکھے کہ وہ اون پر سویا ہے تو اس کو اپنی بیوی کی طرف سے مال عظیم حاصل ہوگا، اور اون کا جلنا فسادِ دین اور ضیاع مال ہے، اگر عالم دیکھے کہ اس نے اونی کپڑے پہنے ہیں تو وہ دنیا سے بے رغبت ہوگا اور لوگوں کو بھی دنیا سے بے رغبتی اختیار کرنے کی دعوت دے گا، اور جو خواب میں کتے کو اونی لباس پہنے دیکھے تو آدمی خسیس الطبیعت ہے کسی شریف آدمی کے مال سے متمول بنے گا، اگر شیر کو اونی لباس پہنے دیکھے تو بادشاہ ظالم ہے لوگوں کے اموال غصب کرتا ہے، اور خواب میں صوف (اون) صفاء (صفائی) کی دلیل ہے، لیکن اگر اون موٹا کھردرا ہو جو پہننے والے کے لائق نہ ہو وہ فقر و ذلت کی دلیل ہے۔

## ۱۶۱۸۔ الصولجان (بلا)

خواب میں احمق لڑکا ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ بلکہ منافق آدمی ہے، اور جو دیکھے کہ وہ بلے کے ساتھ گیند کو مارتا ہے تو وہ عورت یا منافق آدمی سے جھگڑے گا، اور صولجان (بلا) سے جان (جنات) مشتق ہے، اور بلا دیکھنا کسی وقت ضرر و نقصان اور حرب (لڑائی) کی دلیل ہوتا ہے، اور جو اپنے ہاتھ میں بلا دیکھے کہ اس کے ساتھ مارتا ہے تو اس کو اس کا مطلوب بغیر استقامت کے حاصل ہوگا۔

## ۱۶۱۹۔ الصوم (روزہ)

خواب میں روزہ نذر ماننے کی دلیل ہے اور نذر ماننا روزہ کی دلیل ہے، اور جو روزہ دار کو خواب میں دیکھے کہ اس نے افطار کیا ہے تو وہ مریض ہوگا یا کسی مسلمان کی غیبت کرے گا، اگر اس نے بھولے سے افطار (روزہ توڑنا) کیا ہے تو وہ

Marfat.com

اچھے رزق سے نوازا جائے گا، اور جو دیکھے کہ اس نے روزہ رکھا ہے تو اس کو عزت و توبہ حاصل ہوگی یا قسم کا کفارہ دے گا، یا حج کرے گا یا نرینہ اولاد عطا ہوگی، اگر خواب میں خود کو ماہِ رمضان میں روزہ دار دیکھے اور وہ امی (اَن پڑھ) ہے تو قرآن حفظ کرے گا، اگر یہ مذکورہ خواب غمزدہ شخص دیکھے تو اللہ تعالیٰ اس کے غم دور فرمائیں گے، اگر مریض ہو تو اللہ تعالیٰ اس کو شفاء عطا فرمائیں گے، اگر گمراہ ہے تو ہدایت پائے گا، اگر وہ مقروض ہے تو اس کا قرض ادا ہوگا، اور جو دیکھے کہ اس نے ماہِ رمضان میں قصداً روزہ افطار کیا ہے تو وہ کسی آدمی کو قصداً قتل کرے گا، اور قوانین اسلام میں سے ایک قانون ضائع کرے گا، اور جو دیکھے کہ وہ رمضان المبارک کے مہینہ میں بے روزہ دار ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کی اطاعت کا سفر کرے گا، اور روزہ مریض کی موت کی دلیل ہو سکتا ہے یا فرحت و خوشی یا اللہ تعالیٰ کے لئے اخلاص کی دلیل ہے، اگر روزہ دار خواب میں مریض ہو تو یہ اس کی شفاء کی دلیل ہے، اگر روزہ افطار کیا ہے تو یہ حرام اشیاء کے ارتکاب کی دلیل ہے، اور خواب میں رمضان کا روزہ خوف سے امن یا ادائے قرض اور لوگوں کی توبہ کی دلیل ہے، اور شوال کے چھ ایام کے روزے، نماز کی اصلاح یا زکوٰۃ کی ادائیگی یا کردہ زیادتی پر ندامت کی دلیل ہے، پیر اور جمعرات کا روزہ صلہ رحمی اور رشتہ داروں سے محبت کرنے کی دلیل ہے۔ ایامِ بیض کے روزے قرض کی قسطیں کرنے یا قرآن کی تلقین کرنے کی دلیل ہے، اور دسویں محرم کا روزہ پرہیزگاری، دنیا سے بے رغبتی اور حج کی دلیل ہے اور یومِ عرفہ کا روزہ صدقات کی قبولیت کی دلیل ہے۔ اور خواب میں عشرہ ذی الحجہ کے روزے اس بات کی دلیل ہیں کہ اس کی عمر کا خاتمہ اچھا ہوگا یا وعدہ کے ایفاء ہونے کی دلیل ہے، اور خواب میں یوم عاشورہ کا روزہ نیک کام کرنے اور فتنوں کے پیش آنے اور ان سے محفوظ ہونے کی دلیل ہے۔ نیز اجتماع گاہوں اور عیدوں کی دلیل ہے۔ اگر اس کی بیوی حاملہ ہے تو نیک لڑکا جنے گی اور حلال مال نصیب ہوگا۔ اور خواب میں ماہِ رجب کا روزہ بلند رتبہ لوگوں کی خدمت کی دلیل ہے۔ اور خواب میں شعبان کا روزہ تجارتی نفع حاصل کرنے کے لئے اہل قافلہ سے پیشگی ملاقات کرنے کی دلیل ہے، اور خواب میں یوم شک کا روزہ معاصی اور گناہوں کے ارتکاب کی دلیل ہے، اور خواب میں قضاء روزہ قیدی کی رہائی، گناہ گار کی توبہ اور قرضوں کی ادائیگی کی دلیل ہے، اور خواب میں نذر کا روزہ حاجات کا پورا ہونے اور فرحت اور خوشی کی دلیل ہے، اور خواب میں صومِ دہر اس بات کی دلیل ہے کہ وہ مشقت آمیز سنت اپنائے گا۔ یا پھر وہ بہت زیادہ خاموش رہنے والا ہوگا، اگر خواب میں ایک دن روزہ رکھا ایک دن افطار کیا ہے تو وہ یا تو آزاد اور باندی کو جمع کرے گا (یعنی ایک غلام اور ایک غیر غلام عورت اپنی ملکیت میں لائے گا) یا مسلمان اور غیر مسلم عورت کو ایک ساتھ رکھے گا، اور خواب میں مفسدِ صوم کوئی فعل کرنا عہد شکنی اور آخرت کے مقابلے میں دنیا کی محبت کو ترجیح دینا اور موجبِ کفارہ کوئی کام کرنے کی دلیل ہے جیسے قسم وغیرہ، اور روزہ کے بعد افطار کرنا مریض کی شفاء کی دلیل ہے، اور جو خود کو صائم الدھر دیکھے اور وہ نیک لوگوں میں سے ہے تو یہ گناہوں سے اجتناب کی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ وہ رمضان کی قضا کرتا ہے تو وہ بیمار ہوگا، اور جو نفلی روزہ رکھے تو وہ اس سال بیمار نہیں ہوگا، اور جو دیکھے کہ اس نے غیر اللہ کے لئے

Marfat.com

روزہ رکھا ہے دکھاوے اور شہرت پسندی کی خاطر تو وہ اپنے مطلوب کو نہ پا سکے گا۔

## ۱۶۲۰۔ الصومعۃ (راہب کا عبادت خانہ)

یہ خواب میں خلوت، گوشہ نشینی اور حسنِ سیرت کی دلیل ہے، اور کبھی اس کا دیکھنا امراض، اور پسندیدہ کھانے پینے کی اشیاء ترک کرنے کی دلیل ہوتا ہے، اگر صاحبِ خواب بیمار ہے تو وفات پائے گا، اور خواب میں اپنا عبادت خانہ تعمیر کرنا مقام و مرتبہ کے حصول اور بلند مرتبے کی دلیل ہے، اور راہب کا عبادت خانہ وحشت، اجنبیت اور دوست و احباب سے بائی کاٹ کی دلیل ہے، اور یہ عبادت خانہ بادشاہ اور رئیس کی دلیل بھی ہے۔

## ۱۶۲۱۔ الصیاح (چیخ و پکار)

جو خواب میں دیکھے کہ وہ ایک قوم پر چیخ رہا ہے تو اس کو حکومت حاصل ہوگی اس لئے کہ کلامِ عرب میں صیحہ دولت کو کہتے ہیں، اور جو خواب میں اکیلا چیخا تو اس کی طاقت ختم ہوگی اور قوت کمزور ہوگی، اور چیخنا بلا و مصیبت کے پیش آنے کی دلیل ہے جیسے مکان کا منہدم ہونا یا غرق ہونا یا بیمار ہونا۔

## ۱۶۲۲۔ الصیّاد (شکاری)

خواب میں شکاری ایسا آدمی ہے جو عورتوں کی طرف میلان رکھتا ہے اور ان کے حاصل کرنے کا حیلہ بہانہ کرتا ہے۔ یا پھر شکاری مویشی فروش یا صاحبِ حمام یا معلمِ کتاب کی دلیل ہے، اور درندوں کا شکاری عظیم مکار بادشاہ ہے جو دوسرے بادشاہوں کو دھوکہ دیتا ہے، باز، شکرے، باشہ کا شکاری عظیم بادشاہ ہے۔ پرندوں اور چڑیوں کا شکاری ایسا تاجر شخص ہے جو معزز لوگوں کو دھوکہ فریب دیتا ہے، اور جنگلی جانوروں کا شکاری ایسا آدمی ہے جو عجمی لوگوں کے ساتھ مکر کرتا ہے، اور مچھلی کا شکاری عورتوں اور باندیوں کو جمع کرنے والا ہے، اور شکاری کا دیکھنا قرض خواہوں پر غلبہ کی دلیل ہے۔

## ۱۶۲۳۔ الصیبان (جوؤں کے انڈے)

خواب میں جوؤں کا پڑنا فسادی لوگ ہیں چنانچہ جو اپنی خواب میں جوئیں پڑی دیکھے اور وہ انہیں دور کرنے کی طاقت نہیں رکھتا ہے تو ایک فسادی قوم اس کی بیوی کے پیچھے لگے گی اور وہ ان لوگوں کو روک نہیں سکے گا۔

## ۱۶۲۴۔ الصید (شکار کرنا)

خواب میں شکار کرنا غنیمت کی دلیل ہے، چنانچہ جو دیکھے کہ اس نے ہرن یا خرگوش یا گورخر یا پہاڑی بکرے کو شکار کیا ہے تو اس کو مال و غنیمت حاصل ہوگا، اگر دیکھے کہ اس نے پرندہ یا گائے پر تیر چلایا ہے شکار کے علاوہ کسی اور مقصد سے تو وہ کسی عورت یا باندی پر تہمت لگائے گا، اور جو دیکھے کہ شکاری کتے شکار کے لئے نکل رہے ہیں تو یہ ہر طرح کے آدمی کے

Marfat.com

لئے خیر کی دلیل ہے، اگر ان کو شکار سے واپس لوٹتے دیکھے تو یہ خوف وگھبراہٹ کے دور ہونے کی دلیل ہے، اگر ان کو شہر میں داخل ہوتے دیکھے تو یہ خواب بیکاری کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ وہ دریا سے تازہ شیریں مچھلی شکار کرتا ہے تو یہ حلال ذریعہ اور اس میں کوشش کرنے کی دلیل ہے، اور شکار کرنا مرد کے لئے اپنی رائے وکوشش پر حیلہ سازی کی دلیل ہے، اگر وہ غیر شادی شدہ ہے تو شادی ہوگی، اگر شادی شدہ ہے تو نرینہ اولاد عطا ہوگی، اور غلام کا شکار کرنا اس مال وغیرہ کی دلیل ہے جو وہ اپنے آقا سے حاصل کرتا ہے، اور چھوٹے بچہ کا شکار کرنا اس علم یا ہنر و پیشہ کی دلیل ہے جو وہ یاد رکھتا ہے یا جو چیز وہ اپنے والدین سے وراثۃً پاتا ہے اس کی دلیل ہے، اور شکار کا جال خواب میں دیکھنا دھوکہ فریب کی دلیل ہے، چنانچہ جو دیکھے کہ وہ جال میں پھنس گیا ہے تو وہ فریب میں پڑے گا، اور جو خواب میں جال لگائے اور کوئی وحشی جانور یا پرندہ شکار کرے تو اس کو حیلہ ومکر سے رزق حاصل ہوگا۔

## ۱۶۲۵۔ الصید لانی (دوا فروش)

خواب میں اس کا دیکھنا عالم و مؤلف آدمی کی دلیل ہے؛ اس لئے کہ جیسے علم دین کو درست کرتا ہے اسی طرح دوائیں بدن کو درست کرتی ہیں۔

## ۱۶۲۶۔ الصیرفی (صرّاف)

وہ خواب میں دیکھنا ایسا عالم ہے جو دنیا کے سامان کے لئے ہی علم سے فائدہ اٹھاتا ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ فقیہ ہے، اگر اس نے دینار قبضہ میں لئے ہیں اور دراہم واپس دیئے ہیں تو وہ ناگوار صورت سے دوچار ہوگا، صراف کا دیکھنا مالداری اور وسعتِ رزق یا فرائض (حصص) کی تقسیم کے عالم یا حساب کتاب کے ماہر کی دلیل ہے۔

Marfat.com

# باب الضاد

## ۱۶۲۷۔ ضارب المندل (عملِ حاضرات کا ماہر): دیکھئے المنجم (نجومی)

## ۱۶۲۸۔ الضأن (بھیڑ):

جوخواب میں اپنے گھر کے اندر بھیڑ دیکھے جس کی کھال اتاری گئی ہے تو اس گھر میں کوئی انسان فوت ہوگا، جو دیکھے کہ بھیڑ اس کے ہاتھ لگا ہے یا اس کا مالک ہوا ہے تو اس کو بڑی غنیمت حاصل ہوگی، جو دیکھے کہ وہ بھیڑ کا گوشت کھاتا ہے تو اس کو خیرِ کثیر حاصل ہوگی۔ دیکھو الغنم (بکری)

## ۱۶۲۹۔ الضب (گوہ):

خواب میں گوہ عربی بدوی آدمی ہے جو لوگوں کو مالی دھوکہ دیتا ہے، جو گوہ کو دیکھے وہ بیمار ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ گوہ خبیث ملعون شخص ہے، اس لئے کہ وہ مسخ شدہ میں سے ہے، اور گوہ وحشت زدہ آدمی ہے یا اس کا دیکھنا کسب ومعاش میں مشتبہ یا نسب کے مجہول ہونے کی دلیل ہے۔

## ۱۶۳۰۔ الضباب (دُھند):

خواب میں دھند اور کہر انسان کا دینی یا دنیوی کام میں ملتبس اور مشتبہ ہونا ہے، اور جو دھند کو دیکھے کہ اس پر گرتی ہے تو وہ کسی باطل اور غلط کام کا ارادہ رکھتا ہے اسے چاہئے کہ اللہ تعالیٰ سے ڈرے، اور اس بارے میں دعا کا اہتمام کرے، اور دھند فتنہ ہے جو لوگوں کو گھیرے گا اور قتل وقتال ہے جو لوگوں کے درمیان واقع ہوگا۔

## ۱۶۳۱۔ الضبع (بجّو):

بجوخواب میں دیکھنا ظالم دشمن ہے، اور مادہ بجو خسیس بوڑھی جادوگر عورت ہے، اور جو دیکھے کہ وہ مادہ بجو کا گوشت کھاتا ہے تو وہ لاعلمی میں سحر و جادو سے دوچار ہوگا، اگر اس مادہ بجو پر سوار ہوا ہے تو شادی کرے گا، اور لنگڑی مادہ بجو جادوگر عورت یا نامعلوم آدمی کی بیوی ہے، نیز بے کار اور دھوکہ باز لوگوں کی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ وہ بجو پر سوار ہوا ہے تو اس کو سلطنت حاصل ہوگی، بجو کا دیکھنا رازوں کے منکشف ہونے اور لایعنی کاموں میں پڑنے کی دلیل ہے، اور بجو خنثیٰ مشکل (ہیجڑا) کی دلیل ہوسکتا ہے، اگر زوجہ یا باندی کی دلیل ہوتو وہ بدصورت ہے، اور مادہ بجو دھوکہ باز بدعورت ہے، اور جو دیکھے کہ اس نے مادہ بجو پر تیر چلایا ہے تو وہ کسی عورت کو پیغام بھیجے گا، اگر اس کو پتھر مارا ہے تو وہ اس عورت پر تہمت لگائے گا، اگر اس کو تلوار سے مارا ہے تو اس سے زبان درازی کرے گا، اور جو خواب میں مادہ بجو کا دودھ پیئے تو وہ عورت اس کے

Marfat.com

ساتھ دھوکہ اور خیانت کرے گی، اور جو دیکھے کہ اس نے مادہ بجو کو نیزہ مارا ہے تو وہ اس عورت سے ازدواجی رشتہ قائم کرے گا، اور جو دیکھے کہ اس کو بجو کی کھال ملی ہے یا اس کے بال یا ہڈیاں ہاتھ لگی ہیں تو اس کو کسی عورت کا مال ملے گا۔

**۱۶۳۲۔ الضجیج (شور و غل مچانا):** خواب میں شور و غل مچانا فتنہ کی یا کسی اہم معاملہ کی دلیل ہے۔

## ۱۶۳۳۔ الضحک (ہنسنا):

خواب میں ہنسنا فرحت و خوشی کی دلیل ہے بایں شرط کہ ہنسنا نہ قہقہہ کے ساتھ ہو اور نہ گدی کے بل چت لیٹ کر ہو، اگر ایسا ہو تو یہ آہ و بکاء کی دلیل ہے، اگر ہنسنا مزاح سے ہو تو یہ بیداری میں مزاح کرنے والے کی عدم مروت (باادب نہ ہونے) کی دلیل ہے، اگر ہنسا نقل اتارنے کی وجہ سے ہو تو یہ خوف خطر میں پڑنے کی دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ جو دیکھے کہ وہ ہنس رہا ہے تو اس کو لڑکے کی خوشخبری ملے گی، اور جو اپنے ہنسنے کو تبسّم کی کیفیت سے دیکھے تو وہ نیک و صالح ہے، اور جو زمین کو دیکھے کہ وہ ہنستی ہے تو اس جگہ میں خوشحالی ہوگی، اور اگر میت کو ہنستا ہوا دیکھے تو وہ میت جنت میں انعامات میں ہے، اور ہنسا خفت اور بے وقوفی کی دلیل ہے، اور خصوصاً صاحبانِ اقتدار کے لئے ان کی معزولی کی دلیل ہے۔

## ۱۶۳۴۔ الضد (مخالف):

خواب میں اگر مخالف میت ہو تو زندہ کے لئے بڑا نصیب و حصہ ہے، اگر زندہ ہو تو میت کے لئے نصیب و حصہ ہے، اس لئے کہ ضد کا حسن ضد سے ظاہر ہوتا ہے۔

## ۱۶۳۵۔ الضرّ (جسمانی تکلیف):

جو خواب میں دیکھے کہ وہ جسمانی تکلیف میں مبتلا ہے تو یہ ہولناکی ہے، اور خواب میں جسمانی تکلیف ہونا امید کے پورا ہونے کی دلیل ہے۔

## ۱۶۳۶۔ ضرّاب النقود (سکّے ڈھالنے والا):

وہ خواب میں ایسا آدمی ہے جو خوش کلامی کرتا ہے اور اگر اس نے اس پر اجرت نہ لی ہو تو وہ شخص ذکرِ خیر والا ہے، اگر اس نے اس پر اجرت لی ہے تو وہ ریاکار یا چغلخور ہے، اور جو دیکھے کہ وہ سکے ڈھالتا ہے اور وہ ولایت کا اہل ہے تو اسے ولایت (حکومت) حاصل ہوگی، اور اس کا دیکھنا بادشاہ کے نائب یا خطیب یا نقشہ نویس یا کاتب کی دلیل ہوتا ہے، اور اس کا دیکھنا کبھی موجب حد فعل کی دلیل ہوتا ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ سکے ڈھالنے والا نمازوں کی محافظت کرنے والا اور امانتوں کو ادا کرنے والا ہے۔

Marfat.com

## ۱۶۳۷۔ الضرّاط (گوز مارنے والا):

خواب میں گوز مارنے والا برا کلام یا مصیبت ہے جو گوز مارنے والے پر نازل ہوگی، یا حماقت یا فحش کلام کی دلیل ہے۔

## ۱۶۳۸۔ الضرب (مارنا):

خواب میں کوڑوں سے مارنا بدکلامی ہے، اگر اس سے خون بہا ہو تو یہ مالی خسارہ ہے، اور درّے سے مارنا مردہ کام کا زندہ ہونا ہے، اور تلوار سے مارنا دشمن پر غلبہ کی دلیل ہے، اور بغلیں بجانا عزیز و اقارب کے درمیان لڑائی کی دلیل ہے، اور مارنا خیر و بھلائی ہے جو مضروب کو حاصل ہوگی، اگر دیکھے کہ بادشاہ اس کو مارتا ہے تو وہ اس کو لباس پہنائے گا، اگر اس نے اس کی پشت پر مارا ہے تو وہ اس کا قرض ادا کرے گا، اور اگر اس نے اس کی سرین پر مارا ہے تو وہ اس کی شادی کرائے گا، اور مارنا وعظ و نصیحت ہے، جو دیکھے کہ وہ کسی شخص کے سر کی چوٹی پر وار کرتا ہے تو وہ اس کے رئیس کے ازالہ کا ارادہ کرتا ہے، اگر اس نے اس کی آنکھ کی پلک پر مارا ہے تو وہ اس کی دینی ہتک کرنا چاہتا ہے، اگر اس نے اس کی پلکوں کی برمی اکھاڑ دی ہے تو وہ اس سے بدعت چاہتا ہے، اگر اس کی کھوپڑی پر مارا ہے تو مارنے والے کو اپنی امید و خواہش حاصل ہوگی، اور مارنا دعا ہے، لہٰذا جو دیکھے کہ وہ گدھے پر سوار ہے اور اس کو مار رہا ہے تو وہ اللہ تعالیٰ سے سوال اور دعا کے بعد ہی کچھ کھاتا ہے، اگر دیکھے کہ اس نے کسی شخص کو مارا ہے تو وہ اس کے خلاف بددعا کرتا ہے، اور عورت کے سوا ماتحت کا مارنا ضارب کی منفعت کا سبب ہے، اگر دیکھے کہ وہ خود مضروب ہے تو یہ خیر کی دلیل ہے، بشرطیکہ مارنے والے فرشتے یا کوئی مردہ نہ ہو، اور تسمہ سے مارنا دلیلِ شر و برائی ہے اس لئے کہ وہ چمڑے کا ہوتا ہے، اور ڈنڈے سے مارنا بھی یہی حکم رکھتا ہے، اگر دیکھے کہ وہ دوسرے کو مارتا ہے تو یہ اس کے لئے اس سے زیادہ نافع ہے کہ دوسرا اس کو مارے، بعض کہتے ہیں کہ مارنا اس بات کی تعبیر ہے کہ مارنے والا مارے ہوئے کو ادب سکھاتا ہے، اور خواب میں مارنا سفر ہے، اور جو دیکھے وہ زمین پر مارتا ہے تو وہ سفر کرے گا، اور خواب میں جسے سو کوڑے مارے گئے ہوں تو اس نے زنا کیا ہے یا اس کا ارادہ رکھتا ہے، اگر چالیس کوڑے لگے ہیں تو یہ شراب کی اور اگر اسی کوڑے لگے ہیں تو یہ پاکدامن عورتوں پر تہمت لگانے کی دلیل ہے، اگر میت کو دیکھے کہ اس نے اس کو مارا ہے اور میت غصہ کی حالت میں ہے تو مضروب نے کسی گناہ کا ارتکاب کیا ہے یا اس کا عزم کیا ہے، اسلئے کہ وہ میت دار الحق میں ہے اور جو اللہ کی رضا ہے وہی اس کی رضا ہے، اور زندہ کا مردہ کو مارنا اس کی دینی قوت کی دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ جو دیکھے کہ میت نے اس کو مارا ہے تو اس کو سفر سے خیر حاصل ہوگی، اور بعض کہتے ہیں کہ میت کا مارنا اس کے قرض کے ادا ہونے کی دلیل ہے، اور سردیوں میں انسان کو بغیر درد اور چوٹ کے مارنا لباس کی دلیل ہے، اور جو حیوان ضرب کا مستحق ہو اس کو مارنا تادیب ہے، اور غیر مستحق حیوان کو مارنا جہالت اور زیادتی ہے۔

Marfat.com

## ۱۶۳۹۔ ضرب العنق (گردن اُڑانا): دیکھئے قطع الرأس (سر کاٹنا)

## ۱۶۴۰۔ الضرس (ڈاڑھ):

دانت جس کی دلیل ہوتے ہیں جیسے اہل واولاد اور ازواج ان سے خیانت ہوگی یا پھر وہ اپنے اہل واولاد کو ایسی پریشانی میں ڈالے گا جوان کو متغیر الحال کرے گی، اور خواب میں ڈاڑھیں قوم کے بڑے لوگ ہیں اور انسان کی جو ڈاڑھیں گرتی ہیں وہ مالی یا جانی نقصان کی دلیل ہیں، اور جو دیکھے کہ اس کی ڈاڑھ اکھڑ گئی ہے تو وہ فوت ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ اگر اس کے ذمہ قرض ہو تو اللہ تعالیٰ اس کا قرض ادا کروادیں گے، یا اگر اس کے پاس کوئی امانت ہو تو وہ صاحب امانت کو وہ امانت پہنچا دے گا، اور جو دیکھے کہ اس کی کوئی ڈاڑھ درد میں مبتلا ہوئی ہے تو وہ اپنے اقارب سے قبیح کلام سنے گا۔

## ۱۶۴۱۔ الضرّة (سوکن):

خواب میں سوکنوں کا دیکھنا امراض اور اندھا پن کی دلیل ہے، یا پھر سوکن برے عمل، انکشافِ راز اور غم والم کی دلیل ہے۔

## ۱۶۴۲۔ الضریر (نابینا): دیکھئے الاعمیٰ (نابینا)

## ۱۶۴۳۔ الضعف (کمزور ہونا):

خواب میں کمزوری طاقت ہے، چنانچہ جو دیکھے کہ وہ کمزور ہے تو وہ قوی ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ جو دیکھے کہ وہ کمزور جسم ہے تو اس کا دین کمزور ہوگا یا اللہ تعالیٰ کے بتائے ہوئے احکامات وفرائض میں کوتاہی وسستی کرے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ خواب میں کمزوری نکاح پر عدمِ صبر کی دلیل ہے کیونکہ اللہ جل شانہ فرماتے ہیں ''وخلق الإنسان ضعیفا'' (النساء: ۲۸) مراد یہ ہے کہ اس کو جماع پر صبر نہیں ہے، اور جو دیکھے وہ اپنے جسم کے اعتبار سے کمزور ہے تو وہ غم وحزن کا شکار ہوگا۔

## ۱۶۴۴۔ الضغث (گھاس کا گٹھا):

یہ خواب میں دیکھنا کفارۂ یمین (قسم کا کفارہ) کی دلیل ہے، یا گھاس کا مٹھا مال جمع کرنے کی دلیل ہے۔

## ۱۶۴۵۔ الضفدع (مینڈک):

مینڈک خواب میں عبادت گزار اور اطاعتِ خداوندی میں خوب کوشاں شخص کی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ وہ مینڈکوں کے ساتھ ہے تو وہ اپنے ہمسایوں اور رشتہ داروں کے ساتھ اچھا سلوک کرنے والا ہے، اور جو دیکھے کہ وہ مینڈک کا

Marfat.com

گوشت کھاتا ہے تو اسے اپنے ہمسایوں اور رشتہ داروں سے قلیل نفع حاصل ہوگا، اور خواب میں مینڈک دھوکہ باز جادوگر قوم کی دلیل ہے، اور مینڈک کھانا حصولِ مملکت کی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ مینڈکیں شہر وملک سے نکلی ہیں تو اس شہر سے عذاب نماز اور دعا سے اٹھالیا جائے گا، اور مینڈکوں کا شکار ہمعمر اور ہمرتبہ اصحاب کا غلبہ ہے، اور مینڈکیں سلاطین کے دروازوں پر متعین پہرہ داروں یا فقیر زاہد قسم کے اہلِ تسبیح کی دلیل ہیں، اور مینڈکیں شور وغل والے عوام ہیں، اور جو دیکھے کہ مینڈک اس کے ہاتھ لگی ہے تو وہ آزاد نیک فاضل آدمی سے میل جول رکھے گا، اور جو دیکھے کہ مینڈکوں کی ایک جماعت ایک زمین یا علاقہ میں آئی ہے تو عذابِ خداوندی اس جگہ پر آئے گا تا آنکہ اللہ تعالیٰ اس عذاب کو دور فرمادیں، اور بعض کہتے ہیں کہ مینڈک دیندار پاک، آزاد اور خدا خوف عورت ہے جو کسی کو اذیت نہیں پہنچاتی ہے۔

## ۱۶۴۶۔ الضفر (بالوں کو گوندھنا):

خواب میں بالوں کو گوندھنا عورتوں کے لئے بہت اچھا ہے، نیز ان مردوں کے لئے بھی بہتر ہے جو اسکے عادی ہوں، اور باقی لوگوں کا بال گوندھنا ان کے امور کا مغلق و پیچیدہ ہونا ہے، اور کثیر قرضدار ہونے یا پھر پریشانی کی دلیل ہے۔

## ۱۶۴۷۔ الضفیرۃ (سر کی چوٹی): دیکھئے الذؤابۃ (چوٹی)

## ۱۶۴۸۔ الضلال (بھٹکنا):

خواب میں اگر انسان راستہ سے بھٹک گیا ہو اور راستہ سیدھا ہو تو یہ حق وہدایت سے اعراض کی دلیل ہے، اگر راستہ ٹیڑھا ہو اور اس سے بھٹکا ہو تو یہ حصولِ رشد واستقامت کے لئے مالداری سے روکنے کی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ وہ راہ سے بھٹکا ہے تو وہ کسی باطل کام میں مشغول ہے، پھر اگر راہِ ہدایت پالیا ہے تو فلاح پائے گا۔

## ۱۶۴۹۔ الضلع (پسلی):

خواب میں پسلی عورت ہے، اس لئے کہ عورت پسلی سے تخلیق ہے، اور پسلیاں ذریعہء بچاؤ ہیں کیونکہ پسلیوں کے ساتھ پیٹ ہے، جیسے خیمہ اور اس کا ستون، اور پسلیاں اہل وعیال اور مرتبہ وعمر میں مختلف اور الفت ومحبت میں یکساں عزیز واقارب ہیں، اور پسلیاں پوشیدہ اعمال کی دلیل ہیں، جو خواب میں اپنی پسلیاں جلد کے نیچے سے کھلی ظاہر ہوئی دیکھے تو ان پسلیوں پر کسی تکلیف کا اندیشہ ہے، اگر خواب میں پسلیاں بڑی ہوگئی ہیں یا ان کا گوشت سخت ہوگیا ہے تو یہ رزق اور امراض سے شفاء کی دلیل ہے، اگر خواب میں خود کو بلا پسلیاں دیکھے تو بیداری میں اہل واولاد یا مال کا فقدان ہوگا، یا پھر وہ کسی کام کو درست خیال کرے گا حالانکہ وہ غلط ہے، اگر دیکھے کہ وہ اپنی پسلیاں کھاتا ہے تو وہ اپنے اہل واقارب پر بوجھ بنے گا، یا اپنے گھر کی لکڑیاں فروخت کرے گا یا وہ چیز بیچے گا جو گرمی سردی سے اسے چھپاتی ہے۔

Marfat.com

## ۱۶۵۰۔ الضم (کھینچنا):

جوخواب میں حلال پاکیزہ ماکول (کھانے کی چیز) اپنی طرف کھینچے تو یہ حلال وسہل رزق کی دلیل ہے، اگر ایسا ماکول نہ ہوتو پھر یہ تعبیر نہیں ہے، اگر اپنی طرف کوئی لباس کھینچا ہے تو اگر غیر شادی شدہ ہے تو شادی ہوگی، اگر کوئی سواری کھینچی ہے تو یہ منصب ہے جس سے وہ خوش ہوگا۔

## ۱۶۵۱۔ الضمان (ضمانت):

ضمانت خواب میں مضمون شے کے التزام کی دلیل ہے، اگر مضمون شے (جس کی ضمانت دی گئی ہو) اچھی ہے جیسے صدقہ جس کا دوسرے کی جانب سے ضامن ہوا ہو یا حاجت روائی یا مصیبت زدہ کی امداد تو یہ اس کی خیر کے کاموں میں جلدی کرنے اور اس میں تعاون کرنے کی دلیل ہے، اگر خواب میں مضمون شے شراب یا مالِ حرام ہوتو یہ خسارہ اورفقروفاقہ کی دلیل ہے، اس لئے کہ ضامن ذمہ دار ہوتا ہے، اور خواب میں کسی چیز کی ضمانت دینا بیداری میں نقصان کی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ وہ کسی آدمی کی طرف سے کسی شے کا ضامن بنا ہے تو وہ اس آدمی کے آداب میں سے ادب سیکھے گا، اورضمانت کبھی ندامت ہوتی ہے۔

## ۱۶۵۲۔ الضواحک (ڈاڑھ): دیکھئے السن (دانت)

## ۱۶۵۳۔ الضوء (روشنی):

خواب میں روشنی دیکھنا علم یا قاصد کی دلیل ہے، اور ممکن ہے کہ ضیاء (روشنی)، شمس (سورج) اور بدر (چودہویں کا چاند) وغیرہ ان لوگوں کی دلیل ہو جوان مذکورہ ناموں سے موسوم ہیں۔

## ۱۶۵۴۔ الضیاء (روشنی): دیکھئے النور (روشنی)

## ۱۶۵۵۔ الضیاع (مفقود ہونا):

جوخواب میں کسی اہل علم کو مفقود پائے تو لوگ اس کے علم سے نفع اٹھائیں گے، اور اس کا ذکر پھیلے گا، اور کبھی فقدان کم نصیبی کی دلیل ہوتی ہے، اور جو دیکھے کہ اس کے سارے کپڑے چھین لئے گئے ہیں تو یہ درپیش شر کے دور ہونے کی دلیل ہے۔

## ۱۶۵۶۔ الضیافۃ (مہمان نوازی):

خواب میں مہمان نوازی خیر پر اجتماع کی دلیل ہے، چنانچہ جو دیکھے کہ وہ قوم کو ضیافت پر بلاتا ہے تو وہ ان کا سردار بنے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ مہمان نوازی غائب کے آنے کی دلیل ہوتی ہے۔

Marfat.com

## ۱۶۵۷۔ الضیعة (غلہ اگانے والی زمین):

خواب میں ایسی زمین رزق وخیر کی دلیل ہوتی ہے اس لئے کہ بندہ کا سہارا ایسی زمین سے وابستہ ہوتا ہے، خواب میں غلہ والی زمین کو جو غرق یا حرق (جلنے) کی آفت پہنچے تو یہ اس زمین کی پیداوار یا پھلوں کی کمی کی دلیل ہے، اور ایسی زمین معیشت ورزق یا مددگار زوجہ یا اہل وعیال کی محنت وکاوش پر صابر زوج کی دلیل ہے، اگر اس زمین سے اچھا اضافہ حاصل ہوا ہو تو یہ برکت ورزق اور ترقی کی دلیل ہے، اور غلہ اگانے والی زمین ممکن ہے کہ عمر کو غفلتوں اور لذات میں ضائع وبرباد کرنے کی دلیل ہو۔

## ۱۶۵۸۔ الضیف (مہمان):

خواب میں مہمان نرینہ اولاد کی بشارت ہے، اور جو مہمانوں کو دیکھے اور اس کے ہاں کوئی حاملہ عورت نہیں ہے تو اسے جلدی رزق حاصل ہوگا۔

## ۱۶۵۹۔ ضیق النَفَس (سانس کی تنگی):

سانس کی تنگی خواب میں محسوس کرنا آزردگی اور اکتاہٹ کی دلیل ہے۔

Marfat.com

# ﴿باب الطاء﴾

## ۱۶۶۰۔ الطاحون (چکی):

گندم پیسنے والی چکی اس گہوارۂ علم کی دلیل ہے، جس میں حق کا باطل سے امتیاز کیا جاتا ہے، نیز حاکم کے گھر کی دلیل ہے کیوں کہ اس میں آمدنی وخرچ ناپ تول اور عدل وانصاف کے کام ہوتے ہیں، اور ایسی چکی رزق وفائدہ اور زوجین کی دلیل ہے، کیونکہ چکی کے ایک پتھر کو دوسرے سے جوڑا جاتا ہے اور دونوں سے پھر آٹا نکلتا ہے، (اسی طرح یہاں بھی ہے)، اور چکی غم وتکلیف یا رہٹ کی دلیل ہے کیونکہ اس میں بھی چرخی گھومتی ہے، اگر چکی لوگوں کو پیستی ہے تو یہ فتنہ وفساد اور جانوں کے ضیاع کی دلیل ہے، اور چکی نے خواب میں وہ چیز پیسی جو کھائی نہیں جاتی ہے تو یہ گراں بازاری اور قحط زدگی کی علامت ہے، اگر چکی کا آٹا زیادہ ہوا ہے اور اس کا مخزن (جمع کرنے کی جگہ) بھر گیا ہے تو یہ رزق، اشیاء کی ارزانی اور امراض سے شفاء کی دلیل ہے، اور اشنان، خطمی اور حنا (بوٹیوں کے نام) کی چکی طہارت، امراض کے خاتمہ، غموں کے دور ہونے اور قرضوں کی ادائیگی کی دلیل ہے۔

## ۱۶۶۱۔ الطاسۃ (نیزہ کی ضرب):

یہ خواب میں عورت یا فرزند یا نیک لڑکی کی دلیل ہے۔

## ۱۶۶۲۔ طاعون:[1]

خواب میں طاعون کی بیماری خارش ہے، چنانچہ جو دیکھے کہ وہ طاعون میں مبتلا ہوا ہے تو وہ خارش زدہ ہوگا اور جو دیکھے کہ اسے خارش ہوئی ہے تو وہ طاعون میں مبتلا ہوگا، اگر کسی شہر میں طاعون دیکھا گیا ہو تو یہ بادشاہ کی طرف سے عذاب ہے، یا پھر قبر یا لڑائی یا بدعت کی دلیل ہے، کیونکہ طاعون میں ہلاکت وموت ہوتی ہے، اور جو دیکھے کہ طاعون علاقہ میں آیا ہے تو وہاں خارش پیدا ہوگی۔

## ۱۶۶۳۔ الطاق (روشندان):

جب روشندان کشادہ ہو تو وہ عورت کی حسنِ سیرت کی دلیل ہے، اور تنگ روشندان اس کی بدخلقی کی دلیل ہے، آدمی جب دیکھے کہ وہ روشندان میں بیٹھا ہے تو وہ اپنی بیوی کو برملا طلاق دے گا، اور گھر کے روشندان کھڑکیاں ان محافظین کی دلیل ہیں جو رازوں سے مطلع ہیں، یا غموں کے دور ہونے اور تجدیدِ راحت کی دلیل ہے، اور جو خواب میں اپنے پاس رنگین شیشوں کے روشندان دیکھے تو یہ درختوں کے لگانے اور پھلوں کے پکنے کی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ وہ محراب دار روشندان میں بیٹھا ہے تو وہ شادی کا عزم کئے ہے۔

(۱) ایک وبائی بیماری جلد میں پھوڑے کی طرح خطرناک ورم ہو کر انسان مر جاتا ہے۔

Marfat.com

## ۱۶۶۴۔علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ:

خواب میں ان کی زیارت دشمنوں پر نصرت کی دلیل ہے، اگر انھیں کسی جگہ میں دیکھا جائے اور لوگ ان کو سجدہ کرتے ہیں تو یہ لوگوں کے فتنہ پر جمع ہونے کی دلیل ہے، اگر عالم ان کو دیکھے تو اسے علم وجلال اور قوت حاصل ہوگی، جو شخص ان ائمہ کرام رضی اللہ عنہم کو خواب میں دیکھے تو غالب امکان ہے کہ وہ شہادت کی موت مرے گا، اگر صاحب خواب بادشاہ ہے تو قلعہ فتح کرے گا، اور ان کی زیارت خلافت، شاق اسفار (مشقت آمیز سفر) اور کرامات کے اظہار کی دلیل ہے، اور جوان کی زیارت کرے وہ علم وکرم اور شجاعت وزہد سے نوازا جائے گا، اور جوان کو زندہ حالت میں دیکھے تو اس سے حسد کیا جائے گا، اور جوان کی کسی جگہ زیارت کرے تو امکان ہے کہ اس جگہ فتنہ واقع ہو۔

## ۱۶۶۵۔الطاھی (باورچی): دیکھئے الطباخ (باورچی)

## ۱۶۶۶۔طاولة الزھر (نردکھیل): دیکھئے النرد (نردکھیل)

## ۱۶۶۷۔الطاؤوس (مور):

خواب میں مور عجمی، حسین، مالدار اور منحوس عورت ہے، اور نر مور عجمی بادشاہ ہے، جو دیکھے کہ مور اس کو ملا ہے یا اس کی ملکیت میں آیا ہے تو وہ عجمی بادشاہ پر قدرت حاصل کرے گا، اور جو دیکھے کہ اس نے مادہ مور کو قابو کیا ہے تو اس کو مال واولاد حاصل ہوگی، اور مور سرگردانی اور حسن وجمال پر خود پسندی کی دلیل ہے، اور مور دیکھنا کسی وقت چغلخوری، غرور وتکبر اور جھوٹ، زوالِ غم اور نعمتوں سے نکل کر محرومی کی طرف جانے کی دلیل ہوتا ہے، نیز کشادگی سے تنگی کی طرف جانے کی علامت ہے، اور جو دیکھے کہ وہ مور کا گوشت کھاتا ہے تو اس کی بیوی وفات پائے گی اور وہ اس کے مال کا وارث ہوگا، اور جو دیکھے کہ اس کو مادہ مور کا پَر ملا ہے تو اس کو عورت سے یا عورت کی بدولت مال ملے گا، اور جو دیکھے کہ اسے مور کے بچے ملے ہیں تو اس کو اس عورت کی اولاد سے مال حاصل ہوگا۔

## ۱۶۶۸۔الطبّاخ (باورچی):

خواب میں اس کو دیکھنا فرحت وخوشی کی دلیل ہے، اور بازار کا باورچی دیکھنا نفع کے کام پر لگنے کی دلیل ہے، اور سفر کا باورچی دیکھنا قرب کے حصول اور ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقلی یا ایک حال سے دوسرے حال کی طرف جانے کی دلیل ہے، باورچی اور ہر وہ شخص جو آگ سے تعلق رکھتا ہے شر وفسادات اور کلام والے ہیں، اور باورچی شادی کا ارادہ رکھنے والے کیلئے خیر کی دلیل ہے، اور مریض کے لئے پکانا قابلِ تحسین نہیں ہے اس لئے کہ یہ جان کے تلف ہونے کی تیاری ہے، اور باورچی لوگوں کو اسباب معیشت پر آمادہ کرنے والا شخص ہے۔

Marfat.com

**۱۶۶۹۔ طباع السیوف (تلوار ساز):** وہ خواب میں علم وادب کے فنون سے واقف آدمی کی دلیل ہے۔

**۱۶۷۰۔ الطبّال (ڈھول بجانے والا):**

خواب میں اس کو دیکھنا صاحبِ اخبار یا مرضِ قولنج کی دلیل ہے، اور ڈھول بجانے والا بادشاہ کا تابع ہے، بعض کہتے ہیں کہ ڈھول والا باطل خبروں والا ہے۔

**۱۶۷۱۔ الطباھجة (گوشت کے پارچے):**

جوخواب میں دیکھے کہ وہ لوگوں کو گوشت کے پارچے (ٹکڑے) کھلاتا ہے تو وہ تجارتی استفادہ کے لئے مال صرف کرتا ہے، اور گوشت کے پارچوں کی دعوت دینے والا کسی شخص کو مغلوب کرنے کے لئے دعوت سے مدد لیتا ہے۔

**۱۶۷۲۔ الطبخ (پکانا):**

اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس نے آگ پر کوئی چیز پکائی ہے اور وہ چیز پک گئی ہے (تیار ہوئی ہے) تو اس کی مراد حاصل ہوگی، اور وہ لوگوں کی زبانوں کی زد میں آئے گا، اور پکانا نفع مند چیز کا زوروں پر آنے کی دلیل ہے، اگر پکی ہوئی چیز تیار ہوگئی (یعنی کھانے کے قابل ہوگئی ہے) تو یہ رزق ہے، ہریسہ (گھی اور شکر ملا کر بنایا گیا حلوا) اور عصیدہ (حریرہ) کے سوا تمام کھانے رزق ہیں، اگر پکا ہوا کھانا بکری کا گوشت ہوتو یہ شرف وعزت کے ساتھ حیات طیبہ ہے، اگر پکی ہوئی چیز درندہ کا گوشت ہوتو یہ خوف وجبر کے ساتھ ظالم قوم پر حکومت ہے، اگر وہ کھانا جو تیار کیا کتے کا گوشت ہے تو یہ خسیس حکومت ہے، اگر اس کے ساتھ چکناہٹ ہوتو حرام مال حاصل ہوگا، اگر بغیر چکناہٹ کے ہوتو محرومی اور افلاس کے ساتھ معمولی کسب ہے، اگر تیار کردہ شے پرندہ کا گوشت ہوتو یہ حکومت یا تجارت یا معزز مالداروں کے ساتھ کسبِ حلال کی دلیل ہے، اگر وہ درندہ صفت پرندے کا گوشت ہوتو یہ تجارت یا ظالم قوم کی جانب سے حکومت نیز حرام مال کی دلیل ہے۔

**۱۶۷۳۔ الطبق (بڑی پلیٹ):**

یہ خواب میں آدمی کا دوست ہے، پلیٹ شدت یا لڈیوں کی دلیل ہوتی ہے، اور عورت کے لئے پیٹ عظیم مرد ہے اور مردوں کے لئے عظیم عورت کی دلیل ہے۔

**۱۶۷۴۔ الطبقی (پلیٹ والا):** وہ خواب میں ایسا آدمی ہے جو لوگوں کے راز افشاء کرتا ہے۔

**۱۶۷۵۔ الطبل (ڈھول بجانا):**

ڈھول بجانا خواب میں باطل اور غلط خبر ہے، اور ڈھول والا عیب گیر آدمی یا شراب فروش ہے، اگر ڈھول کے

Marfat.com

ساتھ رقص وشور بھی ہو تو اس کا دیکھنا مصیبت کی دلیل ہے، اور ہیجڑے کا ڈھول بجانا کثیر عیبوں والی عورت ہے، اور عورتوں کا ڈھول بجانا باطل کاموں میں تجارت کی دلیل ہے، اور جلوس کے ڈھول کی آواز جھوٹی خبر یا اللہ تعالیٰ کی ہر حال میں حمد وستائش کرنے والا آدمی ہے، اور قافلہ میں حاجیوں کا طبل بجانا رہنما آدمی ہے جو راستوں کی رہنمائی کرتا ہے، اور نمازیوں کے طبل کی بھی یہی تعبیر ہے۔

## ۱۶۷۶۔ الطبیب (طبیب):

خواب میں طبیب عالم ہے جیسا کہ مفتی اور عالم کی تعبیر طبیب سے ہوتی ہے، چنانچہ اگر دیکھے کہ طبیب نے اس کا علاج معالجہ کیا ہے تو اسے جسمانی صحت حاصل ہوگی، جس کا طبیب فوت ہوگیا ہو تو اس کی ماں فوت ہوگی، خواب میں اگر طبیب مریض کے پاس آیا ہو تو وہ اپنی بیماری سے شفاء پائے گا، اگر طبیب تندرست کے پاس آیا ہو تو وہ بیمار ہوگا خصوصاً جب طبیب نے اس کو نفع بخش چیز بیان کی ہو، اور طبیب کا دیکھنا کبھی پناہ گاہوں سے نکالنے کی دلیل ہوتی ہے جیسا کہ قابض دشمنوں کو ان کی کمین گاہوں سے باہر نکالا جاتا ہے، طبیب دیکھنا جھاڑو دینے والے، گندگی دور کرنے والے، عیب گیر اور نکتہ چین کی دلیل ہے، نیز خبروں کی جاسوسی کرنے والے کی علامت ہے، اور جو دیکھے کہ وہ طبیب بن گیا ہے تو اس کو منصب حاصل ہوگا، اور طبیب ہر اصلاح کرنے والے اور دین و دنیا کے امور کی مداوات (علاج و درستگی) کرنے والوں کی دلیل ہے، جیسے فقیہ عالم، حاکم واعظ، مؤدب اور دباغ جو حیوان کی کھالوں کو ٹھیک کرتا ہے، طبیب حجّام (سینگی لگانے والے) کی دلیل ہے کیونکہ حجامت (سینگی کھنچوانے) میں بھی شفاء ہے، جو طبیب کو دیکھے کہ وہ کفن بیچتا ہے تو اس طبیب سے احتراز کرنا چاہئے، اور جو طبیب کو دیکھے کہ وہ کھالوں کو دباغت دینے والا بن گیا ہے تو یہ اس کی مہارت اور اس کے ہاتھ سے زیادہ تعداد میں لوگوں کے شفاء پانے کی دلیل ہے، اِلّا یہ کہ خواب میں دیکھا جائے کہ اس کی دباغت خراب ہے تو یہ اس کے جاہل اور دھوکہ باز ہونے کی دلیل ہے۔

## ۱۶۷۷۔ الطحال (تلی):

جو خواب میں تلی کو قوی دیکھے تو اس کے خزانہ کا مال محفوظ ہے، اور اس کو کشادگی حاصل ہوگی، اور جو دیکھے کہ اس کی تلی بڑی ہے تو یہ اس کی مراد کے خراب ہونے اور سوداوی مرض (مالیخولیا کا مرض) کے غلبہ کی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ اس کی تلی میں درد ہوا ہے تو وہ مال کو خراب کرے گا، جس مال کے ساتھ اس کا اور اس کے اہل خانہ کا سہارا وابستہ ہے۔

## ۱۶۷۸۔ الطحّان (آٹا پیسنے والا):

خواب میں آٹا پیسنے والا وہ شخص ہے جو اپنی اور اپنی دنیا کی اصلاح میں مشغول ہے، اور آٹا پیسنے والے کا خود کو دیکھنا اس بات کی دلیل ہے کہ وہ اپنی ذات کی کفالت کا ذمہ دار ہے، پس اگر دیکھے کہ وہ اس قدر آٹا پیستا ہے جو اس کے

Marfat.com

لئے کافی ہے تو اس کی معیشت بقدرِ کفایت ہے، اگر آٹا پیسنے والا نوجوان ہو تو اس کا رزق اس کے دشمن کی معاونت سے متعلق ہے، اگر بوڑھا ہے تو اس کی معیشت اس کے دوست کی معاونت سے وابستہ ہے، اور آٹا پیسنے والا وہ شخص ہے جو لوگوں کو معیشت پر آمادہ کرتا ہے اور اس کا دیکھنا خصومت وتکلیف کی دلیل ہے، زعفران کا پیسنے والا خواب میں دیکھنا امراض، راز کے افشاء اور علم کا درس اور اس کا تکرار ہے، اور غلہ پیسنے والا دیکھنا زوالِ غم وتکلیف کی دلیل ہے۔

## ۱۶۷۹۔ الطحین (آٹا): دیکھئے الدقیق (آٹا)

## ۱۶۸۰۔ الطرادة (چھوٹا نیزہ):

خواب میں چھوٹا نیزہ رفعت وبلندی کی دلیل ہے، اور نیزہ کبھی مقصود سے ہٹنے کی دلیل ہوتا ہے، اور چھوٹا نیزہ سحر وجادو کی دلیل ہے، چنانچہ جو دیکھے وہ اس کے ساتھ کھیلتا ہے تو اس پر سحر وجادو ہوگا، یا باطل کاموں میں لگے گا، اور چھوٹا نیزہ دم منتر یا پختہ ارادہ کی دلیل ہے۔

## ۱۶۸۱۔ الطرّار (جیب کترا):

خواب میں جیب کترا فریبی عالم ہے، پس اگر انسان جیب کترے کو دیکھے کہ اس نے اس کی جیب سے دینار چھینے ہیں تو وہ اس سے حیلہ ومکر سے علم کا سماع کرے گا۔

## ۱۶۸۲۔ الطرائفي (لطیفہ گو):

خواب میں لطیفہ گو سارے غلاموں کو بیچنے والا ہے، لطیفہ گو کو دیکھنا خوش کلامی کے حصول اور تبحرِ علمی کی دلیل ہے۔

## ۱۶۸۳۔ الطرب (جھومنا):

خواب میں جھومنا غم وحزن کے لئے پکارنے کی دلیل ہے، اور جھومنا کند ذہنوں کے لئے یاد کرنے اور جلد سمجھنے کی اور اہلِ فقر کے لئے انفاقِ مال کی دلیل ہے، اور خواب میں جھومنا درست خبروں، امراض سے شفاء، گناہوں پر آمادگی، زنا کاری اور شراب خوری کی دلیل ہے، اور یہ جھومنا محبتِ الٰہی اور توجہ الی الباری کی دلیل ہے۔

## ۱۶۸۴۔ الطرخون[1] (عاقر قرحا کا پودا):

یہ خواب میں خسیس ضدی آدمی ہے، اور عاقر قرحا کا پودا خواب میں خیانت ہے۔

## ۱۶۸۵۔ الطرد (دھتکارنا):

خواب میں دھتکارنا حبس ہے، چنانچہ جو دیکھے وہ اپنے شہر سے دھتکارا جارہا ہے تو وہ قید ہوگا، اور جو دیکھے کہ وہ

(۱) طرخون: ایک بوٹی جو دوا کے طور پر استعمال ہوتی ہے۔ منہ

Marfat.com

جنت سے دھتکارا گیا ہے تو وہ فقر وافلاس کا شکار رہوگا، اور جو دیکھے کہ اس نے عالم کو دھتکارا ہے تو وہ ہولناک امر میں پڑے گا، اور اہلِ دین وصلاح کے لئے دھتکارنا اہلِ طاعت واشراف سے اعراض کی دلیل ہے، اور دھتکارنا دھتکارنے والے کے نقص وعیب کی دلیل ہے۔

## ۱۶۸۶۔ الطرش (اونچا سننا):

خواب میں اونچا سننا یا بہرہ پن دین میں نقص کی دلیل ہے، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے کفار کے حق میں فرمایا ہے ''صمّ بکم عمی'' (البقرۃ:۱۸) یعنی وہ بہرے گونگے اندھے ہیں۔

## ۱۶۸۷۔ الطرطور (طرطور):

اس کا خواب میں دیکھنا سفر، یا زوج کے ثقل کی وجہ سے حاملہ زوجہ اور عورت کے ثقل کی وجہ سے اٹھانے والے آدمی کی دلیل ہے۔

## ۱۶۸۸۔ الطرفاء (جھاؤ کا درخت):

خواب میں جھاؤ کا درخت منافق آدمی کی دلیل ہے جو مالداروں کو ضرر اور ناداروں کی مدد کرتا ہے۔

## ۱۶۸۹۔ الطرّۃ (کپڑے کا نقش ونگار):

خواب میں کپڑے پر نقش ونگار مال ومنفعت اور عزت وقوت کی دلیل ہے بشرطیکہ وہ نقش ونگار خوبصورت ہو، اور بعض کہتے ہیں کہ جو دیکھے کہ اس کے جسم پر نقش والا کپڑا ہے تو وہ خوبصورت عورت سے شادی کرے گا، اور کپڑے کا نقش ونگار بخل یا سخاوت کی دلیل ہے۔

## ۱۶۹۰۔ الطریق (راستہ):

خواب میں راستہ شریعت ہے، اور مختلف راہیں بدعات ہے، چنانچہ جو دیکھے کہ وہ کسی دوسرے راستہ پر چلتا ہے تو تو وہ اپنے دین کے اعتبار سے گمراہی میں ہے، اگر بادشاہ کے راستے ناہموار ہوں تو یہ اس کا عدل ہے جو اس جگہ میں پھیلا ہوا ہے، اور سیدھا راستہ اس کتابِ الٰہی اور سنتِ نبویؐ کی دلیل ہے جس کی پیروی کی جاتی ہے، اگر وہ گنہگار ہے تو تائب ہوگا، اگر وہ کافر ہے تو ہدایت ہوگی، اور مختلف راستے تذبذب اور حیرت کی دلیل ہے، اور متشابہ راستہ وہ ہے جو گمراہی، بدعت اور کفر کی طرف لیجاتا ہے اور راستہ صنعت کا طریقہ ہے، اور سمندری راستہ شدت سے نجات یا مملوک عورت یا کسب حلال یا وہ سچائی ہے کہ جب انسان اس کی اتباع کرتا ہے تو نجات پاتا ہے، اور پوشیدہ راستہ غرور اور بدعت ہے۔ اور

Marfat.com

پہاڑی راستہ خواب میں دیکھنا مکروفریب کی دلیل ہے، اور دو پہاڑوں کے درمیان کشادہ راستہ مشکلات سے نجات یا سفر کی دلیل ہے کیوں کہ فرمانِ الٰہی ہے "واللّٰہ جعل لکم الا رض بساطا لتسلکوا منھا سبلاً فجاجا" (نوح:۲۰) یعنی اور اللہ تعالیٰ نے زمین کو تمہارے لئے (مثل) فرش (کے) بنایا تاکہ تم اس کے کھلے رستوں میں چلو۔

## ۱۶۹۱۔ الطست (سلفچی):

خواب میں سلفچی (ہاتھ دھونے کا برتن) خادم یا باندی ہے، جو دیکھے کہ وہ تانبے کی سلفچی استعمال کرتا ہے تو وہ ترک سے باندی خریدے گا، اگر سلفچی چاندی کی ہے تو باندی رومی اور جمیل ہے، اگر شیشہ کی ہے تو باندی سلاوی قوم (بلگاریہ اور قسطنطنیہ کے درمیان ایک قوم) کی ہے، اگر سلفچی سونے کی ہو جسے استعمال کیا ہے تو وہ جمیل وحسین عورت ہے جو اتنے نان نفقہ کا مطالبہ کرتی ہے جو اس کی طاقت سے باہر ہے پس وہ مجبوراً خرچ کرتا ہے، اگر سلفچی شیشہ کی ہے تو وہ آزاد عورت (جو غلام نہ ہو) ہے وہ اس سے شادی کرے گا، اور نیک بخت ہوگا، اور سلفچی عزت ورفعت اور رزق ومال ہے۔

## ۱۶۹۲۔ الطسوتی (سلفچی ساز): خواب میں سلفچی ساز عورت کا دلال اور ان کا قائد ہے۔

## ۱۶۹۳۔ الطعام (کھانا):

خواب میں ہر زرد رنگ کا طعام کھانا مرض ہے، سوائے پرندوں کے گوشت کے، اور ہر سفید رنگ کا کھانا ترش کھانے سے بہتر ہے، اور خوشی کا کھانا بشارت ہے، اور ماتم (صدمہ) کا کھانا غموم وتکالیف ہے، اور جو کھانے کسی زمان (وقت) کے ساتھ مقید (خاص) نہیں ہوتے وہ رزق اور جاری رہنے والے فوائد ہیں، اور جو طعام زمان کے ساتھ مقید ہوتے ہیں جیسے بیگن، کدو تو وہ محدود وقت کے لئے رزق ہے، اور بادشاہوں کے کھانے عزت ورفعت ہے، اور کدو کھانا ہدایت اور اتباعِ سنّت کی دلیل ہے، علماء کے کھانے علم وہدایت اور برکت کی دلیل ہے، اور پولیس کے کھانے حرام کا حصول ہے، فقراء اور پرہیز گاروں کے کھانے تناول کرنا ہدایت وتوبہ کی دلیل ہے، اور دیہاتیوں کے کھانے سفر اور ایک حال سے دوسرے حال منتقلی کی دلیل ہے، اور گوشت کے ساتھ تیار کردہ کھانا فقیر کے لئے مالداری کی دلیل ہے، اور بغیر گوشت کے کھانا فاقہ یا عبادت کی دلیل ہے، اگر کھانا اچھے کھانے میں بدل گیا ہو تو یہ باطن کی صلاح کی دلیل ہے، اگر کھانا ترش ہوگیا ہو تو یہ ازواج یا اعمال کی تبدیلی کی دلیل ہے، اگر بذاتِ خود اچھا کھانا تیار کیا ہے تو منصب حاصل ہوگا، اور فقیری کے بعد استغناء حاصل ہوگی، اگر کسی اور نے اس کے لئے پکایا ہے تو ممکن ہے کہ اس کے ساتھ مکروفریب ہو، اور جو دیکھے کہ اس نے گرم سخت کھانا نگل لیا ہے تو یہ اس کی زندگی کے اجیرن اور مکدّر ہونے کی دلیل ہے، اور وہ ترش کھانا جو کھانے کے قابل نہ ہو وہ مرض والم کی دلیل ہے، اور جو شخص دیکھے کہ اس نے کھانا کھانے پر صبر اور اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کی ہے تو اس کو کشادگی حاصل ہوگی۔

Marfat.com

## ۱۶۹۴۔ الطعان (نیزہ باز):

خواب میں نیزہ بازی مصیبت اور مال ورجال (آدمیوں) کے ذریعہ اس کے دفعیہ کی دلیل ہے، یا پھر یہ دین پر طعن اور نیک لوگوں کے استہزاء کی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ وہ دوسرے انسان کو نیزہ یا تلوار یا لاٹھی مارتا ہے تو نیزہ زن اس مطعون (نیزہ جسے لگا ہو) کو کسی بات کا طعنہ دے گا جبکہ وہ زیادتی کرنے والا ہو، زیادتی کرنے والا ذلیل ہوگا، اور جو کسی قوم کو دیکھے کہ وہ ایک دوسرے کو نیزہ مارتے ہیں تو اس مقام پر مرض پیدا ہوگا یا کھانے کی اشیاء میں گرانی آئے گی۔

## ۱۶۹۵۔ الطغیان (سرکشی):

جو خواب میں دیکھے کہ اس نے سرکشی کی ہے تو یہ ردی اور خسیس افعال ہیں جو انسان کو جہنم کے قریب کر دیتے ہیں، سرکشی رسوائی کی دلیل ہے، ہر سرکش رسوا شدہ ہے، سرکشی فقر وافلاس اور فکر وپریشانی ہے جو سرکش پر آئے گی اسے مالی خسارہ ہوگا، سرکشی اموالِ غنیمت کے بعد فقر وافلاس کا حصول ہے۔

## ۱۶۹۶۔ الطفل (بچّہ):

خواب میں بچہ دیکھنا تکالیف وپریشانی اور جاہلوں کی خیر مدارات میں تکان ومشقت کی دلیل ہے، جو خواب میں چھوٹی بچی اٹھائے اور وہ شخص قیدی ہے یا فقیر یا مقروض یا تھکا ماندہ ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی مشکلات دور فرمائیں گے، وگرنہ بصورتِ دیگر یہ غم وفکر ہے اور خصوصاً جبکہ بچی منہ کی طرف سے پیدا ہوئی ہو تو وہ موت کی دلیل ہے۔

## ۱۶۹۷۔ الطفیٔ (بجھانا):

جو خواب میں آگ بجھائے وہ فتنہ کو بجھائے گا یا بدعت کا ازالہ کرے گا یا پھر شر انگیزی کی دلیل ہے کیوں کہ دھواں اور راکھ بجھانے سے اڑتا ہے، اگر صاحب خواب بحری سفر میں ہو تو غرقاب ہوگا اور پانی کی سطح پر تیرا کرے گا، اگر اس کا کوئی مسافر ہو تو اس کے پاس آ جائے گا یا اسکے متعلق خبر سنے گا۔

## ۱۶۹۸۔ الطلّ (شبنم): دیکھئے الندی (شبنم)

## ۱۶۹۹۔ الطلّاع (مدبرّ):

خواب میں مدبر کا دیکھنا سفروں کی دلیل ہے، بعض اوقات اس کا دیکھنا اس حجام کی دلیل ہوتا ہے جو لوگوں کے سر مونڈتا ہے، اور بعض صورتوں میں صاحبِ عشر، ٹیکس کے مال جمع کرنے والے یا قاصد یا ایک شہر سے دوسرے شہر سامان لانے والے کی دلیل ہے۔

Marfat.com

## ۱۷۰۰۔ طلاق:

خواب میں غیر شادی شدہ کا طلاق دینا اپنے کام سے علیحدگی کی دلیل ہے، اور شادی شدہ کا طلاق دینا اس کی معیشت کے بطلان یا اس کی موت کی دلیل ہے جبکہ وہ مریض ہو، اور جو دیکھے کہ اس نے اپنی بیوی کو طلاق دی ہے تو وہ مستغنی (بے احتیاج) ہوگا، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے'' وإن يتفرقا يغن الله كلا من سعته '' (النساء:۱۳۰) یعنی اگر دونوں جدا ہو جائیں تو اللہ تعالیٰ اپنی وسعت سے ہر ایک کو بے احتیاج کر دے گا۔ اگر دیکھے کہ اس نے اپنی بیوی کو طلاق رجعی دی ہے تو وہ اپنا کام اور پیشہ ترک کرے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ جو دیکھے کہ اس نے اپنی بیوی کو طلاق دی ہے تو وہ جس بادشاہ کے ساتھ ہے اس سے علیحدہ ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ اپنی سلطنت سے برطرف ہوگا، اور طلاق فقر وافلاس کی دلیل ہے، اس لئے کہ عورت مرد کی سلطان اور اس کی دنیا ہے، اور صاحبِ زوجہ اگر خواب دیکھے کہ اس نے اس کو طلاق دی ہے تو وہ عورت فوت ہوگی، اگر اس عورت کو آزاد کرے یا بیچے تو بھی یہی حکم ہے، اگر اس کو ایک طلاق دی ہے تو وہ عورت کی عافیت کی امید رکھتا ہے۔

## ۱۷۰۱۔ الطلب (تلاش کرنا):

تلاش کرنا اس علم یا عمل یا مال کی دلیل ہے جس سے لنسان شرف حاصل کرتا ہے، اور جو کسی کو دیکھے کہ وہ اس کو تلاش کرتا ہے تو وہ کسی فکر و غم میں مبتلا ہوگا، اور تلاش مطلوب کی دلیل ہے جب کہ وہ بھاگا نہ ہو تو وہ خوف سے مامون ہوگا، اور جو خواب میں بدصورت شخص کو دیکھے کہ وہ اس کو ڈھونتا ہے تو یہ ایک امر ہے جو اسے ناگوار ہوگا، اگر اس نے تلاش کے دوران اس کو پکڑ لیا ہے تو وہ خوف سے دوچار ہوگا۔

## ۱۷۰۲۔ طلع النخل (کھجور کا شگوفہ):

کھجور کا شگوفہ خواب میں دیکھنا رزق کی دلیل ہے، اگر مریض اس کو دیکھے تو یہ اس کی شفایابی کی دلیل ہے، اور شگوفہ مریض کی موت کی بھی دلیل ہے یا قیدخانہ یا تجارتی سامان کے سٹور اور ذخیرہ کرنے کی دلیل ہے، اور جو خواب میں کھجور کا گابھا (شگوفہ) دیکھے تو اس کا مقدر جاگنے والا ہے، اگر شگوفہ زرد ہوا ہو اور اس نے اس کو کھایا نہیں ہے تو صاحب سلطان کھجور کے صاحب سے ناراض ہوگا لیکن پھر اس سے راضی ہو جائے گا، اور شگوفہ حصولِ مال کی بھی دلیل ہے۔

## ۱۷۰۳۔ الطلل (کھنڈرات): دیکھئے آثار الدیار (کھنڈرات)

## ۱۷۰۴۔ الطنبور (ستار):

خواب میں ستار باجا دیکھنا لوگوں کی لغویات اور بے بنیاد باتوں کی دلیل ہے، اور زنا، جنات سے خدمت لینے اور

Marfat.com

سحر وجادو کی دلیل ہے، اور ستار رئیس آدمی ہے اور وہ غم وحزن ہے، اور ستار کبھی آدمی کے وعظ اور اس کا لوگوں کو زجر و توبیخ کرنے کی دلیل ہوتا ہے، اور ستار بجانا مصیبت ہے، اگر بادشاہ دیکھے کہ وہ ستار سن رہا ہے تو وہ لغو و بے فائدہ باتیں کرنے والے آدمی کی بات سنے گا۔

## ۱۷۰۵۔ الطنجرة (تانبے کی ہانڈی): دیکھئے القِدْر (مٹی کی ہانڈی)

## ۱۷۰۶۔ الطنجیر (کڑاہی):

بحری مسافر کا خواب میں کڑاہی دیکھنا غرق ہونے کی دلیل ہوتا ہے، اس لئے کہ جب تک وہ اس سمندر میں ہے غرق ہونے والا ہے، کڑاہی گھر کے سربراہ یا حاکم یا ناظر کی دلیل ہے۔

## ۱۷۰۷۔ الطنفسة (قالین): دیکھئے السجادة (جائے نماز)

## ۱۷۰۸۔ الطهيّ (پکانا): دیکھئے الطبخ (پکانا)

## ۱۷۰۹۔ الطوّاب (اینٹیں بنانے والا):

خواب میں اس کو دیکھنا غموم وتکالیف اور دوسروں کے لئے مال جمع کرنے اور ہر اس شخص کی دلیل ہے جس کی نسل زندہ نہ رہے۔

## ۱۷۱۰۔ الطوّاف (طواف کرنے والا):

جوخواب میں دیکھے کہ وہ خانہ کعبہ کا طواف کرتا ہے تو اگر وہ غلام ہے تو آزادی ملے گی، اور اگر گنہگار ہے تو جہنم سے آزادی ہوگی، اگر غیر شادی شدہ ہے تو شادی ہوگی، اگر بلند درجہ کا اہل ہے تو رفعت ومنزلت حاصل ہوگی، یا یہ خواب وفائے نذر کی دلیل ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں" ولیوفوا نذورھم ، ولیطوفوا بالبیت العتیق " (الحج:۲۹) یعنی اپنی نذروں کو پورا کرو اور خانہ کعبہ کا طواف کرو۔ جوخواب دیکھے کہ اس نے حج کیا ہے اور بیت اللہ کا طواف کیا ہے تو یہ خواب اس کی دینی صلاح اور راہِ دین پر استقامت کی دلیل ہے، اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے حصولِ ثواب کی علامت ہے، نیز خوف سے امن، قرض کی ادائیگی اور مسلمانوں کی امانتوں کی ادائیگی وسپردگی کی نشانی ہے، اور طواف کعبہ ایفائے نذر یا کفارۂ یمین (قسم کے کفارہ) کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ اس نے گھوڑی پر بیٹھ کر طواف کیا ہے تو وہ محرم عورت کے پاس آئے گا، اور خواب میں گلی کوچوں میں گھومنا پھرنا اس ناصح کی دلیل ہے جو لوگوں کے ساتھ خیر کا سلوک کرتا ہے اور شر سے بچاتا ہے۔

## ۱۷۱۱۔ الطوب (اینٹ):

خواب میں اینٹیں مالِ حلال ہے، اگر اینٹیں اولاد کی دلیل ہوں تو وہ ولد قلیل العمر یا ناتمام (جو میعاد سے پہلے

Marfat.com

پیدا ہو) ہوگا۔

## ۱۷۱۲۔ الطوفان (سیلاب): دیکھئے السیل (سیلاب)

## ۱۷۱۳۔ الطوق (طوق):

جوخواب میں اپنی گردن میں طوق دیکھے تو وہ بخیل ہے، اور طوق عورت کا اپنے شوہر سے حسنِ سلوک اور اس کے ہاتھ میں اس کے شوہر کا مال وغیرہ آنے کی دلیل ہے، اور عورت کے لئے طوق اس کا خاوند ہے، اگر طوق کشادہ اور چاندی کا ہوتو اس کا زوج سخی، حلیم المزاج اور غنی ہے، اگر طوق پتلا باریک ہوتو یہ اس کی بدحالی کی دلیل ہے، اگر طوق لوہے کا ہے تو وہ زوج قوی وطاقتور ہے، اگر طوق کے درمیان میں لکڑی ہوتو وہ آدمی منافق ہے، اگر خواب میں انسان کوطوق پہنایا گیا ہواور وہ تاجر ہے تو یہ خواب تجارتی نفع اور جاہ ومرتبت ہے۔ اگر وہ طوق کمزور ہے اور وہ شخص عالم ہے تو وہ کتمانِ علم (علم چھپانا) کرتا ہے، اگر خواب میں باندی خریدی جس کی گردن میں چاندی کا طوق ہے تو وہ نفع مند تجارت کرے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ طوق دین میں فساد اور اس کا پہننا بخل یا بادشاہت یا ولد وامانت کی دلیل ہے۔

## ۱۷۱۴۔ الطول (طویل ہونا):

جوخواب میں خود کوطویل دیکھے تو اس کا علم ومال بڑھے گا، اگر صاحب خواب بادشاہ ہے تو اس کی سلطنت قوی ہوگی اور وہ خوب سیرت ہوگا، اگر وہ تاجر ہے تو اس کی تجارت میں نفع ہوگا، اور جو دیکھے کہ اس کا قد حد سے زیادہ طویل ہوگیا ہے تو اس کی اجل قریب ہے، اگر بادشاہ دیکھے کہ اس کا قد وقامت طویل ہوگیا ہے تو یہ مملکت کے دوام اور دشمن کے خلاف نصرت کی دلیل ہے، اگر وہ بادشاہت کا خواہش مند ہے تو بادشاہت حاصل ہوگی، اور قد وقامت کا طویل ہونا زندگی کے طویل ہونے اور قد کا پست ہونا زمین سے قریب ہونے کی وجہ سے موت کی دلیل ہے، اور پست قد عورت کا طویل القامت ہونا فتنہ وفساد کی دلیل ہے، یا پھر بخل وکنجوسی کی دلیل ہے، اور اگر طویل القامت پست قامت ہوتو اس میں خیر نہیں ہے کیوں کہ یہ مرتبہ کا انحطاط یا اجل کے قریب ہونے کی دلیل ہے۔

## ۱۷۱۵۔ الطیّ (لپیٹنا): خواب میں لپیٹنا عفو ودرگزر، صبر وضبط یا اختتامِ رزق کی دلیل ہے۔

## ۱۷۱۶۔ الطیّان (گارا بنانے والا):

خواب میں گارا بنانے والا وہ شخص ہے جو لوگوں کے عیوب کی پردہ پوشی کرتا ہے، اگر خود کو دیکھے کہ گارا بناتا ہے تو وہ عمل صالح کرے گا، گارا بنانے والے کو دیکھنا امور کی شدت وسختی اور خود کو غیر کی مصلحت وفائدے میں تعب وتکان میں ڈالنے یا غموم وتکالیف میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔

Marfat.com

## ۱۷۱۷۔ الطیب (خوشبو):

خواب میں خوشبو اچھی تعریف ہے، اگر دھونی لی ہے تو یہ ہولنا کی وخطرنا کی کے ساتھ ساتھ اچھی تعریف ہے، اور خوشبو مریضوں کی بہ نسبت ان کی موت کی دلیل ہے، اور عورت اگر دیکھے کہ اس نے خوشبو لگائی ہے تو وہ نیک عمل میں حصے لے گی، اگر وہ بے خاوند ہے تو با خاوند ہوگی، اور مردوں کے لئے بھی خوشبو ذکرِ جمیل اور ثناءِ حسن کی دلیل ہے، اگر چور یا دھوکہ باز خوشبو لگائے تو وہ توبہ تائب ہوگا، اس لئے کہ خوشبو اس کے صاحب کی دلیل ہوتی ہے۔

## ۱۷۱۸۔ الطیر (پرندے):

خواب میں پرندہ عزت وسلطنت اور زینت ہے، اور تاجر کے لئے نفع مندی کی دلیل ہے، اور مجہول پرندہ ملک الموت کی دلیل ہے، اگر پرندہ نے کیڑا، پتا وغیرہ اٹھایا ہے اور ایسے گھر سے لیکر آسمان پر اڑ گیا ہے جہاں کوئی مریض ہے تو وہ مریض فوت ہوگا، پرندہ کو دیکھا کہ وہ اس کے اوپر آ گرا ہے تو یہ مسافر کی دلیل ہے، پرندہ کو اپنے سر پر یا مونڈھے پر دیکھنا عمل کی دلیل ہے، اگر وہ سفید ہے تو وہ عمل صاف شفاف ہے، اگر پرندہ رنگین ہے تو عمل مختلف ہے لیکن اگر اس کے ہاں کوئی حاملہ عورت ہو تو نر پرندہ دیکھنا لڑکے کی دلیل ہے، اگر پرندہ مادہ ہے تو وہ لڑکی کی دلیل ہے، اور بڑے پرندے بادشاہوں، رؤساء، علماء وانبیاء کی دلیل ہے، پانی کا پرندہ وہ اشراف ہیں جنہوں نے ریاست دو وجہ سے حاصل کی ہے، ایک پانی پر غلبہ اور دوسرے ہوا وفضاء پر غلبہ کی وجہ سے، جو پرندے گاتے ہیں یا چلاتے ہیں وہ غناء اور نوحہ والے ہیں، اور سیٹیاں بجانے والے پرندے، چڑیوں، بلبلوں اور چنڈولوں کو دیکھنا چھوٹے بچوں کی دلیل ہے، اور پرندوں کی جماعت کھانا اموال، دنانیر وسلطان کی دلیل ہے خصوصاً جب ان کی نگرانی کرتا ہو، جو پرندوں کو دیکھے کہ اس کے سر کے اوپر اڑتے ہیں تو اس کو ولایت وریاست حاصل ہوگی، اگر پرندوں کو دیکھے کہ اس کی جگہ پر اڑتے ہیں تو وہ فرشتے ہیں، جو پرندے کو دیکھے کہ آسمان سے آیا اور اس کے ہاتھوں میں آ گرا ہے تو یہ مضبوط بشارت ہے جس سے اس کا دل خوش ہوگا، اور بسا اوقات مجہول پرندہ انذار وتنبیہ اور وعظ ونصیحت کی دلیل ہے، اور پرندہ کا خوبصورت ہونا اس کے عمل کی خوبصورتی ہے، یا نیک پیغام آئے گا، اور اپنے پاس بدخلقت پرندہ دیکھنا برے عمل یا برے پیغام کی دلیل ہے، اور مجہول پرندہ رزق ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ کالے رنگ کے پرندے برائیوں کی دلیل ہے، اور سفید رنگ کے پرندے اچھائیوں کی دلیل ہے، اور رنگین پرندے مخلوط اعمال کی دلیل ہے۔

## ۱۷۱۹۔ الطیران (اُڑنا):

خواب میں اُڑنا سفر ہے، اگر اڑان گدی کے بل ہو تو یہ پرسکون سفر ہے، اور غیر مسافر کا اڑنا بیکاری ہے، جو ایک چھت سے دوسری چھت اڑ کر گیا ہے تو وہ بلند رتبہ آدمی سے دوسرے بلند رتبہ شخص کی طرف منتقل ہوگا، اگر عورت اپنے گھر سے کسی آدمی کے گھر اڑ کر گئی ہے جسے وہ پہچانتی ہے تو وہ اس آدمی سے شادی کرے گی، اور جو ایک آشنا گھر سے ناآشنا گھر کی طرف اڑ کر گیا

Marfat.com

ہے تو وہ فوت ہوگا کیونکہ وہ دارالآخرت ہے، اگر خواب میں قیدی اُڑا ہوتو وہ قید خانہ سے نکلے گا، اگر غلام دیکھے کہ وہ اُڑا ہے تو وہ آزادی کی نعمت پائے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ اگر خواب میں پرواز پروں کے ساتھ ہوتو یہ سفر کی نشانی ہے، اور جو خواب میں پرندہ کے ساتھ اڑتا ہوتو وہ غریب غرباء کی صحبت اختیار کرتا ہے، اور مغرور اگر دیکھے کہ وہ اُڑتا ہے تو اس کا خواب باطل ہے، جو خواب میں کسی انسان سے دوڑ کا مقابلہ کرے اور اڑ کر اس پر سبقت لے گیا ہو تو وہ اس پر غالب آئے گا، اور جو دیکھے کہ وہ پہاڑ کے اوپر اڑا ہے تو اسے سلطنت حاصل ہوگی اور اس سلطنت میں بلا مشقت بادشاہوں پر غالب آئے گا، اور جو خود کو پرواز کرتے دیکھے اور وہ اہلِ سلطنت ہے تو سلطنت حاصل ہوگی، اگر اڑتے ہوئے کسی چیز پر گر گیا ہے تو اس چیز کا مالک ہوگا، ورنہ دینی خطا کا شکار ہوگا، جو دیکھے کہ وہ آسمان کی فضا میں چھپ گیا ہے اور واپس نہیں لوٹا ہے تو وہ فوت ہوگا، اور جو اپنے گھر سے نامعلوم گھر اڑ کر گیا ہو تو وہ اپنے گھر سے اپنی قبر کی طرف جائے گا، اگر ہوا میں پرواز کی ہے تو اتنا بیمار ہوگا کہ موت کے کنارہ پر پہنچ جائے گا، اور جو بغیر پروں کے نیچی جگہ سے بلند جگہ اڑ کر گیا ہو تو یہ حصول خواہش کی دلیل ہے، اور جو شخص دیکھے کہ وہ ٹھیک سیدھا اڑتا ہے تو اس کے امور بلا مشقت ٹھیک ہوں گے، اور جو دیکھے کہ وہ اڑتا ہے اور اس کے دو پر ہیں تو یہ ہر طرح کے انسان کے لئے خیر کی دلیل ہے، اگر وہ غلام ہوتو آزاد ہوگا، فقیر ہے تو مستغنی ہوگا، جو دیکھے کہ وہ اپنی رغبت اور ارادہ سے اڑتا ہے تو یہ خیر کثیر کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ وہ اڑتا ہے اور اس طرح گھر سے باہر جاتا ہے تو یہ اس کی موت کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ وہ اڑنے کا ارادہ کرتا ہے مگر اڑنے کی طاقت نہیں ہورہی یا اڑتا ہے مگر اس کا سر زمین کی طرف اور پاؤں فضاء وہوا میں ہیں تو یہ شرِ کثیر کے پیش آنے کی دلیل ہے، اگر مریض دیکھے کہ وہ اڑتا ہے تو یہ اسکی موت کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ وہ اسٹریچر میں اڑتا ہے تو یہ مرضِ شدید کے پیش آنے کی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ وہ آسمان وزمین کے مابین اڑتا ہے تو بکثرت تمنا کرتا ہے، اور اڑنا طلبِ علم یا طلبِ فسق کی دلیل ہے، اور اڑنا بدفالی اور نحوست کی دلیل ہے، اگر پروں کے ساتھ پرواز کی ہے تو یہ عزت وسلطنت کے ساتھ سفر کرنے کی دلیل ہے، اگر بغیر پروں کے پرواز کی ہے تو شاق سفر کرے گا خصوصاً جب اچھے مقام سے پرواز اور بری جگہ پر اتراؤ ہو، اور اگر برے مقام سے اڑان اور اچھے مقام پر اتران ہوتو یہ مذکورہ تعبیر کے برعکس صورت کی دلیل وعلامت ہے۔

**۱۷۲۰۔ الطیطوی:** یہ خواب میں عورت ہے۔

## ۱۷۲۱۔ الطیلسان (چوغا):

خواب میں چوغا حیات، عزت، انسانیت، حکومت، صنعت اور سفر، بھائی اور اولاد کی دلیل ہے، چنانچہ جو خواب میں دیکھے اس نے چوغا اوڑھا ہے تو لشکروں کی قیادت کرے گا، اگر وہ اس کا اہل نہ ہوتو وہ اپنے اہل خانہ کا سردار بنے گا، اور گھر والوں کی ضروریات پوری کرے گا، بعض کہتے ہیں چوغا پہننا بری سفر ہے، اور جو اپنا چوغا اُتار دے اس کی وجاہت ختم ہوگی، اور جس کا چوغا پھٹ گیا ہو اس کا بھائی یا ولد فوت ہوگا، اور چوغا عہدہ یا منصب یا زبان کو لپیٹنا ہے اور بعض کہتے ہیں کہ چوغا عمدہ صنعت ہے جو صاحب صنعت کو غموں اور پریشانیوں سے بچاتی ہے، اور چوغا ادائے قرض کی علامت ہے۔

Marfat.com

## ۱۷۲۲۔ الطین (مٹی):

خواب میں مٹی مرض اور ذلت ہے، اور جس کا معاش مٹی گارے سے متعلق ہو تو یہ اس کے لئے خیر کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ اس نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر مبارک کی لپائی کی ہے تو وہ کسی مال کے ذریعے حج کرے گا، جو خواب میں دیکھے کہ وہ مٹی کھاتا ہے تو یہ مال ہے جسے وہ کھاتا ہے، اور عمارت کی مٹی رزق اور فائدہ ہے، اور مریض کے لئے مٹی موت کی علامت ہے۔

## ۱۷۲۳۔ الطیوزی (پرندے فروخت کرنے والا):

خواب میں اس کو دیکھنا غلام باندیوں کو فروخت کرنے والا ہے، اور اس کا دیکھنا غم وخوشی میں اکٹھے ہونے کی بھی دلیل ہوتا ہے۔

Marfat.com

# ﴿باب الظاء﴾

## ۱۷۲۴۔ ظبة السیف (تلوار کی دھار):

خواب میں تلوار کی دھار مال کی حفاظت، فضول خرچی اور راز کی پاسداری کی دلیل ہے۔

## ۱۷۲۵۔ الظبیة (ہرنی):

خواب میں ہرنی حسین عربی باندی ہے، لہٰذا جو دیکھے کہ وہ ہرنی کا مالک ہوا ہے تو وہ باندی سے فریب کرے گا، اگر ہرنی کو پتھر مارا ہے تو وہ باندی سے وطی کرے گا، اگر ہرنی کو تیر مارا ہے تو باندی پر تہمت لگائے گا، اگر دیکھے کہ اس نے ہرن پکڑا ہے تو وہ ہرن غلام ہے، اگر ہرن اس کے گھر میں آیا ہے تو اپنے بیٹے کی شادی کرے گا، اگر ہرنی نے اس پر چھلانگ لگائی ہے تو اس کی بیوی اس کی نافرمانی کرے گی۔

## ۱۷۲۶۔ الظرف (ہوشیاری):

خواب میں ہوشیاری ودانائی مقصود کے حصول یا ظرف ظریف (ہوشیار ودانا) کے معنی میں ہے، یا پھر ظرف (ہوشیاری) برتن کی دلیل ہے۔

## ۱۷۲۷۔ الظَفَر (کامیابی):

خواب میں کامیابی زیادتِ علم، راہِ خدا یا حصولِ رزق حلال کی دلیل ہے، اگر کنوارا ہے تو شادی ہوگی۔

## ۱۷۲۸۔ الظفر (ناخن):

خواب میں ناخن دشمنوں پر غلبہ کی دلیل ہوتا ہے، اور ناخنوں کا لمبا ہونا وسعتِ رزق یا ترک کرنے کی دلیل ہے، اس لئے کہ ناخنوں کا لمبا ہونا خلاف سنت ہے، اور ترک کرنا خلاف سنت ہے، اور ناخنوں کا لمبا ہونا قوت ومال اور دشمن سے محفوظ ہونے کی دلیل ہے، اور ناخنوں کا اتر جانا طاقت کے ختم ہونے کی دلیل ہے، جو اپنے ناخن دشمن کے ناخن سے طویل دیکھے تو وہ دشمن پر غالب آئے گا، اور ناخن تراشنا، اتباعِ سنت یا قرض میں مال کا نکلنا ہے، اور ناخنوں کا سفید ہونا حفظ وفہم کی دلیل ہے، اور ناخنوں کا اپنی مقدار کے اندر دیکھنا دین ودنیا کی صلاح وبہتری ہے، اگر ناخنوں کو تراشا ہے تو وہ صدقہء فطر دے گا، اور جو دیکھے کہ اس کا ناخن پنجہ بن گیا ہے تو وہ اپنے مدمقابل یا دشمن پر غالب آئے گا اگر وہ کسی جنگ یا لڑائی میں مصروف ہو۔

Marfat.com

## ۱۷۲۹۔ الظل (سایہ):

خواب میں گرمیوں میں سایہ دیکھنا راحت وسکون، فائدہ اور وجاہت ہے، اور سردیوں میں غم وتکلیف اور بدعت کی دلیل ہے، اور سایہ سلطان کی دلیل ہے کیونکہ سلطان زمین میں ظل اللہ ہے، اور سایہ عالم، عابد زاہد اور حافظ کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ اس نے سایہ کی جگہ میں ٹھکانا پکڑا ہے تا کہ گرمی سے راحت حاصل کرے تو وہ فکر وغم سے نجات پائے گا اور رزق حاصل ہوگا، اور عورت کا سایہ اس کا شوہر ہے، اور بے خاوند عورت اگر سایہ میں جگہ پکڑے تو اس سے معزز اور مالدار آدمی شادی کرے گا، اگر وہ سایہ کی جگہ میں ہو اور سردی محسوس کرے پھر دھوپ میں بیٹھ گیا ہو تو اس کا فقر واحتیاج دور ہوگا، اس لئے کہ سردی فقر کی علامت ہے۔

## ۱۷۳۰۔ الظلف (کُھر):

خواب میں کھر دیکھنا کدو کاوش، اور میاں بیوی کا اجتماع، والدہ اور اس کا لڑکا ہے۔

## ۱۷۳۱۔ الظلم (ظلم کرنا):

خواب میں ظلم کرنا تباہی میں جلدی اور گھروں کی بربادی کی دلیل ہے، اور ظلم اللہ تعالیٰ کے معاف فرمانے کی دلیل ہوسکتا ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ جو شخص دیکھے کہ وہ ظالم ہے تو وہ محتاج ہوگا۔ جو دیکھے کہ اس کا مظلوم اس کے خلاف بددعا کررہا ہے تو اسے چاہئے کہ اللہ تعالیٰ کی سزا وعذاب سے بچے، اور جو دیکھے کہ وہ مظلوم ہے اور اپنے ظالم کے خلاف بددعا کررہا ہے تو مظلوم ظالم پر غالب آئے گا۔

## ۱۷۳۲۔ الظلمت (اندھیرا):

خواب میں ظلمت واندھیرا ضلالت وگمراہی اور سرگردانی ہے، چنانچہ جو اندھیرے سے نکل کر روشنی میں آیا ہو تو اگر کافر تھا تو مسلمان ہوگا، گنہگار تھا تو تائب ہوگا، قیدی ہے تو رہائی ملے گی، اور ظلمت ظلم کی بھی دلیل ہے، چنانچہ جو ظلمت میں داخل ہوا ہو تو وہ ظالم ہے، اور جو ظلمت کو دیکھے تو ظلم کرے گا، اندھیرا دیکھنا قلب وبصر (دل ونگاہ) کی ظلمت کی دلیل ہے، یا پھر سوداوی مادہ کے غلبہ یا رات کی قصہ گوئی کو پسند کرنے یا سوڈانی اور ان کو دوسروں پر ترجیح دینے کی دلیل ہے۔

## ۱۷۳۳۔ الظلیم (مظلوم):

دیکھئے المظلوم (مظلوم) نیز دیکھئے النعامۃ (شتر مرغ)

## ۱۷۳۴۔ الظلماء (پیاسا ہونا):

خواب میں پیاسا ہونا جائیداد زمینوں اور مویشیوں کے مالکان کے حالات کے رک جانے کی دلیل ہے، اور فقر واحتیاج، کسب ومعاش والوں کے حال کے رک جانے اور غائب کے اشتیاق کی دلیل ہے۔

Marfat.com

## ۱۷۳۵۔ الظن (گمان کرنا):

خواب میں گمان کرنا گناہ ہے، دلیل اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے ''اِنّ بعض الظن اثم'' (الحجرات:۱۲) یعنی بعضے گمان گناہ ہوتے ہیں۔ دیکھئے الخرص (اندازہ لگانا)

## ۱۷۳۶۔ ظہار:

خواب میں ظہار کرنا موجبِ تکلیف رازوں کا انکشاف ہے، یا پھر یمین پر اور میدان جنگ سے پیٹھ پھیرنے کی دلیل ہے۔

## ۱۷۳۷۔ الظَهر (پشت):

پشت اس چیز کی دلیل ہے جو اس پر نمایاں وظاہر ہو، جیسے لباس، اور پشت گھر کے ظاہر حصہ یا شہر یا مذہب کی دلیل ہے، اور پشت کا ٹوٹنا خوف یا غم ہے، اگر دیکھے کہ اس کی پشت آگ سے داغی گئی ہے تو یہ اس کی اولاد اور حق اللہ کی خاطر اجتناب کرنے کی دلیل ہے، اور غلام کی پشت اس کا آقا ہے، پس اگر دیکھے کہ اس کی پشت ٹیڑھی ہوئی ہے تو وہ کسی مصیبت سے دوچار ہوگا، اگر اپنے دوست کی پشت دیکھے تو اس کا دوست اس سے منہ پھیرے گا، اگر اپنے دشمن کی پشت دیکھی ہے تو وہ اس کے شر سے مامون ہوگا، اگر اپنی بیوی کی پشت دیکھی اور وہ بوڑھی ہے تو دنیا اس سے منہ پھیرلی گی، اور اگر بیوی درمیانی عمر کی ہے تو وہ ایسے کام کا طالب ہے جو اسکے لئے دشوار ہے، اگر وہ بیوی جوان ہے تو وہ خیر کا منتظر ہے جو تاخیر سے آئی گی، اور پشت بڑھاپے کی دلیل ہے، اور جو اپنی پشت میں کسی تکلیف کے باعث ٹیڑھا پن دیکھے تو وہ محتاج اور بوڑھا ہوگا، اور پشت کا درد بھائی کی وفات کی دلیل ہے، اور پشت وہ آدمی ہے جس سے معاملات میں التجاء کی جاتی ہے اور وہ مال وجاہ والا ہے، اور بعض کہتے ہیں پشت برا (کپڑے کے اوپر لگا ہوا دوسرا کپڑا) یا لحاف یا کپڑے کی طہارت ہے، اور جو دیکھے کہ وہ اپنی پشت پر بھاری بوجھ لادتا ہے تو یہ عظیم قرض کی دلیل ہے، بعض کہتے ہیں کہ بھاری بوجھ برا ہمسایہ ہے، اور جو اپنی پشت کو دیکھے کہ ٹوٹ گئی ہے تو یہ اس کی قوت واقتدار کے ختم ہوتے یا ہلاک ہونے کی دلیل ہے، اور پشت پر بھاری بوجھ اٹھانا فکرات یا گناہ ہیں، اگر دیکھے کہ وہ لکڑیاں اٹھاتا ہے تو وہ غیبت اور چغلخوری کا بار اٹھاتا ہے، مریض دیکھے کہ اس کی کمر یا پشت ٹوٹ گئی ہے تو وہ وفات پائے گا، بعض کہتے ہیں کہ پشت پر بھاری بوجھ کثرتِ عیال اور قلتِ مال کی دلیل ہے، جو کبڑے شخص کو دیکھے تو یہ زیادتِ مال یا طولِ عمر کی دلیل ہے۔

## ۱۷۳۸۔ طہر البان العراقی (درختِ بید کا شگوفہ): دیکھئے درخت بید کا شگوفہ

Marfat.com

## ۱۷۳۹۔ الظہور (ظاہر ہونا):

خواب میں پوشیدہ چیز کا ظاہر ہونا وحشت کے بعد انسیت پیدا ہونے یا امیدیں ختم ہونے کے بعد لڑکا ملنے کی دلیل ہے، ہر ماکول وغیرہ جس کا خاص وقت ہوتا ہے اسے اس کے وقت اور موسم میں دیکھنا وعدہ وفائی، قضائے حاجات، دین کی درستگی، غائب کی آمد، قیدی کی رہائی یا حاملہ عورت کی دلیل ہوتا ہے، اور بے موسم اور بے وقت اس چیز کا دیکھنا قرض کی دلیل ہے۔

Marfat.com

# ﴿باب العین﴾

## ۱۷۴۰۔ العاتق (کندھا):

خواب میں کندھا آدمی کا دوست یا شریک یا مزدور ہے، اور کندھے کے گوشت کا خوبصورت ہونا قوت ومردانگی کی دلیل ہے، اور قیدیوں کے حق میں کندھا جیل میں زمانہ قیام کے طویل ہونے کی دلیل ہے حتی کہ ممکن ہے کہ وہ بیڑیوں کی مشقت برداشت کریں، اور کندھا اس بوجھ کی دلیل ہے جسے انسان اٹھاتا ہے، اگر اپنے کندھے پر بھاری بوجھ دیکھے تو یہ بوجھ اٹھانے کی دلیل ہے۔

## ۱۷۴۱۔ العاریة (مستعار لی ہوئی چیز):

جوخواب میں دیکھے کہ اس نے باقیمت چیز عاریۃً لی ہے تو یہ مستعار شے کی قیمت کے بقدر نقصان کی دلیل ہے، اور مجہول مستعار چیز دنیا کی بلندی کی دلیل ہے، مستعار چیز اس عار کی دلیل ہے جس سے فتنہ کے خوف سے تحفظ ضروری ہوتا ہے، اور جو دیکھے کہ اس نے کوئی شے مستعار لی ہے یا دی ہے اگر وہ شے پسندیدہ ہے تو اسے عارضی خیر حاصل ہوگی اور اگر وہ شے ناپسندیدہ ہے تو وہ عارضی طور پر ناگوار صورت سے دوچار ہوگا، اس لئے کہ مستعار شے کو بقاء حاصل نہیں ہوتی یعنی وہ عارضی طور پر ہوتی ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ جو کسی آدمی سے جانور چوپایہ عاریۃً (مانگ کر) لے تو عاریۃً دینے والا عاریۃً لینے والے کا بار اٹھائے گا۔

## ۱۷۴۲۔ عاشوراء (دسویں محرم):

جو آلِ نبویؐ میں سے کسی کو دیکھے کہ وہ عاشوراء کے دن میں ہے تو یہ اس کے لئے مصیبت ہے اور اس دن میں ان کے دشمنوں کو دیکھنا اس کے عکس کی دلیل ہے۔

## ۱۷۴۳۔ عاقد الزیجات (عقدِ نکاح کرانے والا):

خواب میں اس کو دیکھنا غیر شادی شدہ کے لئے شادی کی اور شادی شدہ کے لئے طلاق کی دلیل ہے۔

## ۱۷۴۴۔ مسلمان عالم:

جوخواب میں اس کو دیکھے تو یہ اس کے لئے بلند مرتبہ اور ذکرِ جمیل کی بشارت ہے، نیز جو کام کرتا ہے اس کام کی دلیل ہے، اور علماء کا دیکھنا زیادت علم کی دلیل ہے اس لئے کہ علماء اللہ کی زمین میں اللہ کے مقرر شدہ ناصح ہیں، اسی طرح

Marfat.com

حکماء وعظ میں زیادتی کی دلیل ہے، صالحین کا دیکھنا صلاح (نیکی) میں ترقی کی دلیل ہے، جو خود کو فقیہ عالم دیکھے تو اس سے مؤاخذہ ہوگا اگر ایسا نہیں ہے تو کسی مصیبت میں مبتلا ہوگا، جو کسی جگہ میں متقدمین علماء میں سے کسی کو دیکھے تو اللہ تعالیٰ اس جگہ کے اہلیان سے وہ شدت مصیبت اور قحط وغیرہ دور فرمادیں گے جس میں وہ مبتلا ہیں۔

## ۱۷۴۵۔ العام (سال):

خواب میں سال دیکھنا فتنہ کی دلیل ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے "أولا یرون أنهم یفتنون فی کل عام مرة أومرتین ، ثم لایتوبون ولا هم یذکرون " (التوبة:۱۲۶) یعنی اور کیا ان کو نہیں دکھلائی دیتا کہ یہ لوگ ہر سال میں ایک بار دوبار کسی نہ کسی آفت میں پھنستے رہتے ہیں (مگر) پھر بھی باز نہیں آتے اور نہ وہ کچھ سمجھتے ہیں۔ اگر لوگ قحط میں مبتلا ہوں تو سال کا دیکھنا خیر کی زیادتی کی دلیل ہے۔

## ۱۷۴۶۔ العامل (مزدور): دیکھئے الفاعل (مزدور)

## ۱۷۴۷۔ العانة (زیر ناف بال):

انسان کا زیر ناف بال مونڈنا یا صاف کرنا قرض اور غم کے ختم ہونے کی دلیل ہے، عورت کے زیر ناف بال باغ کے کھیت کی دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ یہ اس کی طلاق کی دلیل ہے، جو خواب میں اپنے زیر ناف جگہ کو دیکھے اور اس پر کوئی بال نظر نہ آئے تو وہ کوئی کام نادانی سے کرے گا تو پھر اُسے مالی تصرف سے روک دیا جائے گا، اور اگر اس جگہ پر بہت زیادہ بال ہوں تو اس کو کثیر مال حاصل ہوگا۔ اور دین میں فساد اور خرابی بھی، اور زیر ناف بال سنت اور اس کی اتباع کی دلیل بھی ہو سکتے ہیں، یا پھر بے سود نباتات کی دلیل ہے۔

## ۱۷۴۸۔ العاهل (شہنشاہ): دیکھئے السلطان (بادشاہ)

## ۱۷۴۹۔ عائشہ رضی اللہ عنہا:

خواب میں حضرت عائشہؓ کی زیارت خیر وبرکت کی دلیل ہے، اگر کوئی عورت ان کو دیکھے تو اُسے اونچا مرتبہ اور نیک شہرت حاصل ہوگی، نیز والدین اور شوہر کے سامنے مقام اور مرتبہ بھی ملے گا۔

## ۱۷۵۰۔ العباءة (چادر): دیکھئے الرداء (چادر)

## ۱۷۵۱۔ العبث (کھیلنا): دیکھئے اللعب (کھیلنا)

Marfat.com

## ۱۷۵۲۔ العبد (غلام):

خواب میں آزاد شخص کا خود کو غلام دیکھنا اور غلام بنانے والے کو پہچاننا یا تو اس کی دلیل ہے کہ وہ بیداری میں اپنے احسان سے کسی کو غلام بنائے گا اور یا پھر وہ اس قدر قرض کے بوجھ تلے دب جائے گا کہ وہ قرض خواہ کا غلام ہو جائے گا یا اس کے پاس مزدور بن جائے گا، اگر اس کے آقا نے اس کو بیچ دیا ہے تو عزت ورفعت ملے گی، یا وہ کسی ذلت ودھوکہ میں مبتلا ہوگا، یا قصہ یوسف علیہ السلام پر قیاس کرتے ہوئے اس کو خیر حاصل ہوگی، اگر غلام خواب میں آزاد بن گیا ہو تو یہ تنگی کے بعد آسانی ملنے، مشکلات سے خلاصی ہونے، قرض کی ادائیگی اور امراض سے شفاء کی دلیل ہے، خواب میں غلام فکر وغم ہے، خواب میں جو خود کو غلام دیکھے تو وہ پریشانی سے دوچار ہوگا، اگر دیکھے کہ اس کا سودا ہو رہا ہے تو وہ تنگی میں مبتلا ہوگا الا یہ کہ اس کی بیوی اس کو خریدے تو وہ قابلِ عزت ہوگا، اور بے خاوند عورت کا خواب میں باندی بننا شادی ہونے کی دلیل ہے اور اگر اپنی بیوی کو فروخت کرے تو اسکو طلاق دے گا، اگر اپنے دشمن کا مملوک غلام بنے تو وہ مغلوب وذلیل ہوگا، کیونکہ غلام اپنے آقاؤں کے نزدیک مغلوب ہوتے ہیں۔

## ۱۷۵۳۔ العبوس (ترش روئی):

جو خواب میں خود کو ترش رو دیکھے تو اس کے ہاں بیٹی پیدا ہوگی۔

## ۱۷۵۴۔ العتاب (سرزنش کرنا):

خواب میں کسی نبی یا ولی کی طرف سے سرزنش ہونا دوست کی طرف سے عتاب وسرزنش کی دلیل ہے، اس لئے کہ یہ اس کی توبہ اور گناہ سے رجوع کی دلیل ہے، عتاب محبت کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ وہ خود کو سرزنش کرتا ہے تو وہ کوئی کام کرے گا جس پر اسے ندامت ہوگی، اور خود کو ملامت کرے گا۔

## ۱۷۵۵۔ عتّال (قلی):

خواب میں قلی دیکھنا گناہ اور بوجھ اٹھانے کی دلیل ہے، اور مریض کا اس کو دیکھنا عافیت وسلامتی کی دلیل ہے۔

## ۱۷۵۶۔ العتبة (دروازہ کی دہلیز):

خواب میں دروازہ کی دہلیز آدمی کی بیوی ہے، جو دیکھے کہ اس نے اپنے گھر کی دہلیز اکھاڑ پھینکی ہے تو اس کی حکومت کا خاتمہ ہوگا، اگر گھر کے دروازہ کی دہلیز اکھاڑ دی ہے تو وہ اپنی بیوی کو طلاق دے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ دہلیز حکومت یا گھر کا سربراہ ہے چنانچہ جو دہلیز کو دیکھے کہ دروازہ سے اکھاڑ دی گئی ہے تو حاکم ہے تو معزول ہوگا، اگر دہلیز کو

Marfat.com

دیکھے کہ وہ اکھاڑ دی گئی ہے اور اس کی نگاہ سے غائب ہوگئی ہے تو گھر کا مالک وفات پائے گا، اگر صرف اکھڑی ہے نظروں سے غائب نہیں ہوئی ہے تو بیمار ہوگا اور پھر بیماری سے شفاء ہوگی، اور جو دہلیز کو بنائے تو وہ شادی کرے گا، اور دہلیز میں جو صورت وحالت پیدا ہو اس کی نسبت عورت کی طرف ہے۔

## ۱۷۵۷۔ العتق (آزاد کرنا):

خواب میں آزاد کرنا قربانی کی دلیل ہے، چنانچہ جو دیکھے کہ اس نے آزاد کیا ہے تو وہ قربانی کرے گا، اور جو اپنی بیوی کو آزاد کرے تو وہ اس کو طلاق دے گا، اگر غلام دیکھے کہ وہ آزاد کیا گیا ہے تو اس پر موت کا اندیشہ ہے، اور اگر وہ دیکھے کہ وہ فوت ہوا ہے تو آزادی حاصل ہوگی، اگر آزاد کردہ مریض ہو تو فوت ہوگا، اگر آزاد کنندہ گنہگار ہو تو تائب ہوگا، کافر ہو تو مسلمان ہوگا، اور اللہ تعالیٰ اس کے جسدِ خاکی کو جہنم کی آگ پر حرام کریں گے، اگر آزاد شخص دیکھے اسے آزاد کیا گیا ہے اور حال یہ ہے کہ وہ مقروض ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے قرض کی ادائیگی فرمادیں گے، اور اگر وہ گنہگار ہو تو اللہ تعالیٰ اس کے گناہ معاف کردیں گے۔

## ۱۷۵۸۔ العتمة (اندھیرا): دیکھئے الظلمة (اندھیرا)

## ۱۷۵۹۔ العت (گھن): دیکھئے السوس (گھن)

## ۱۷۶۰۔ العثرة (ٹھوکر لگنا):

جو شخص دیکھے کہ اس کے پاؤں کے انگوٹھے کو ٹھوکر لگی ہے تو یہ قرض کے جمع ہونے کی دلیل ہے، اور اگر اس سے خون نکلا ہے تو اسے حرام مال حاصل ہوگا، اور یا مالی مصیبت میں گرفتار ہوگا۔

## ۱۷۶۱۔ العجال (پہیہ):

خواب میں پہیہ دیکھنا برّی وبحری سفر کی علامت ہے، یا خیر وشر کی جلدی یا بازار اور قلی کی دلیل ہے۔

## ۱۷۶۲۔ العجّان (آٹا گوندھنے والا):

خواب میں اس کو دیکھنا رزق اور رعایا کی ضروریات کا اہتمام کرنے یا لوگوں کے محبوب بادشاہ کی دلیل ہے، اور عنبر کو گوندھنے والا خواب میں دیکھنا اچھی تعریف، انجینئر اور معمار کی دلیل ہے۔

## ۱۷۶۳۔ العجب (خود پسندی):

خواب میں خود پسندی ظلم کی دلیل ہے، ہر خود پسند ظالم ہے، اور میت کی خود پسندی اس بات کی دلیل ہے کہ وہ ان لوگوں میں سے ہے جس کی طرف اللہ تعالیٰ بروزِ قیامت نظرِ کرم سے نہیں دیکھیں گے، اور جو دیکھے کہ اس نے اپنی

Marfat.com

ذات یا اپنی مالداری یا قوت پر غرور کیا ہے تو وہ دوسرے پر ظلم کرے گا۔

## ۱۷۶۴۔ العَجُز (سرین):

خواب میں سرین آدمی کی بیوی ہے، جو اپنی سرین کو بڑا دیکھے تو وہ اپنی بیوی کے مال سے سردار ہوگا اور اس طرح اسے خیر حاصل ہوگی، جو کسی شخص کو دیکھے کہ اس نے اس کے سامنے اپنی سرین کھول دی ہے تو اس کو اس سے منفعت حاصل ہوگی، اور اگر اس کی دبر دیکھے تو وہ شخص اس سے پیٹھ پھیرے گا، جو دیکھے کہ وہ اپنی سرین یا دبر کے بل گھسٹتا ہے تو وہ اپنے تصرفات میں مجبور ہے۔

## ۱۷۶۵۔ العجل (بچھڑا):

خواب میں اگر گائے بچھڑا جنے تو یہ نرینہ اولاد کی دلیل ہے، اور بھنا ہوا بچھڑا قصہ ابراہیم علیہ السلام کے پیش نظر خوف سے امان حاصل ہونے کی دلیل ہے، اور بچھڑا قابلِ خیر لڑکا ہے، اور بچھڑا دیکھنا غم والم اور اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی بھی دلیل ہے، اگر عورت بچھڑا دیکھے تو یہ فرحت وسرور کی دلیل ہے، یا پھر فتنہ وفساد کی دلیل ہے، موٹا بچھڑا دشمن پر فتیابی کی بشارت ہے، اور خواب میں بچھڑے کا گوشت کھانا حصولِ مال کی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ وہ بچھڑے کو اٹھا کر اپنے گھر لے گیا ہے تو وہ فکر وپریشانی سے دوچار ہوگا۔

## ۱۷۶۶۔ العجلة (گھوڑا گاڑی):

گھوڑا گاڑی خواب میں صاحب خواب کی تدبیرِ زندگی کی دلیل ہے، جو خود کو گھوڑا گاڑی پر سوار دیکھے اور اس گاڑی کے نیچے آدمی ہوں تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ صاحب خواب ایک کثیر قوم پر سیاست وحکومت کرے گا، یا اس کے ہاں نیک اولاد پیدا ہوگی، گھوڑا گاڑی (چھکڑا) پر سواری عجمی سلطان کی طرف سے عزت حاصل ہونے یا شرف واعزاز پانے کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ وہ گھوڑا گاڑی کے پیچھے چلتا ہے یا وہ اس کے ساتھ متعلق ہے اور اس نے اس کو اٹھایا ہوا ہے تو وہ بادشاہ کے پیچھے چلے گا اور گاڑی پر قابو پانے کے بقدر اس بادشاہ پر قدرت حاصل کرے گا، اور جو دیکھے کہ وہ گھوڑا گاڑی پر سوار ہے اور اس گاڑی پر سامان وغیرہ لدا ہوا ہے اور وہ گاڑی عام سواری کی ہیئت وصورت جیسی نہیں ہے تو وہ غم وحزن سے دوچار ہوگا۔

## ۱۷۶۷۔ العجلة (جلدی کرنا):

خواب میں جلد بازی ندامت وشرمندگی ہے جیسا کہ ندامت جلد بازی کی دلیل ہے، چنانچہ جو دیکھے کہ وہ کسی کام میں جلدی دکھاتا ہے تو وہ اس کام میں شرمندہ ہوگا، اگر دیکھے کہ وہ نادم ہوا ہے تو وہ کسی کام میں جلد بازی کرے گا۔

Marfat.com

## ۱۷۶۸۔ العجم (اہل عجم):

عجمیوں کو خواب میں دیکھنا مشقت آمیز امور کی دلیل ہے، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے "ولو جعلناہ قرآنا أعجمیا لقالوا لو لا فصلت آیاتہ" (فصلت:۴۴) یعنی اگر ہم اسکو عجمی (زبان کا) قرآن بناتے تو یوں کہتے کہ اس کی آیتیں صاف صاف کیوں نہیں بیان کی گئیں۔ اور جو دیکھے کہ وہ عجمی ہوگیا ہے تو وہ ذلت واہانت سے دوچار ہوگا۔

## ۱۷۶۹۔ العجمۃ (گٹھلی): دیکھئے النواۃ (گٹھلی)

## ۱۷۷۰۔ العجۃ (انڈے کا آملیٹ):

یہ خواب میں عزت وفرحت ومسرت اور رزق کی دلیل ہے، اور غیر شادی شدہ کے لئے شادی ہونے کی دلیل ہے۔

## ۱۷۷۱۔ العجور (ککڑی کی ایک قسم): یہ خواب میں اپنے ماں باپ سے مشابہ لڑکا ہے۔

## ۱۷۷۲۔ العجوز (بوڑھی عورت):

خواب میں بوڑھی عورت عاجزی ہے، اور جانے والی دنیا ہے، یا آخرت کی علامت ہے اس لئے کہ وہ دنیا کی ضد ہے یا شراب کی دلیل ہوسکتی ہے کیونکہ شراب بھی عجوز کے معانی میں سے ہے، اور گائے کی بھی دلیل ہے کیونکہ گائے بھی عجوز کے معانی میں سے ایک ہے، اور بوڑھی عورت خواب میں دیکھنا حمل سے ناامیدی کے بعد حمل ہونے کی دلیل ہے، اور بوڑھی عورت مکروفریب، نکتہ چینی اور عیب گیری کی دلیل بھی ہے۔ اور بیمار بوڑھی عورت عاجزی ہے، اور پیاسی قحط ہے، اگر بوڑھی عورت چھوٹی بچی بن گئی ہو، تو قحط دور ہوگا، اگر نامعلوم بوڑھی عورت مریض کے پاس آئی ہو تو اس پر موت کے آنے کا خطرہ ہے، اور یہ خواب حاملہ کے لئے خیر کی دلیل ہے، بوڑھی عورت شور زمین جو کچھ نہ اگاتی ہو، کی دلیل ہے، اور خواب میں بدصورت بوڑھی عورت دیکھنا فتنہ وفساد کی دلیل ہے، اور کافر بڑھیا مالِ حرام ہے، اور مسلمان بڑھیا دیکھنا سُرور کے علاوہ مالِ حلال کی دلیل ہے، اور جو عورت بوڑھی عورت کی شکل اختیار کرگئی ہو تو اسے وقار ومقام حاصل ہوگا، اور نامعلوم بڑھیا قحط زدگی کی دلیل ہے، اور بدصورت بڑھیا ممکن ہے کہ قحط وفساد کے زوال کی دلیل ہو، اور لاغر کمزور بڑھیا قحط سالی ہے، اگر وہ موٹی ہوگئی ہو تو سال خوشگوار ہو جائے گا، اور سیاہ چہرے والی بڑھیا دنیا اور فکر وپریشانی اور وجاہت ومنزلت کا خاتمہ ہے، اگر بوڑھی عورت برہنہ ہو تو اس کی دنیوی رسوائی ہے، جو بڑھیا کو دیکھے کہ اس کے گھر میں آئی ہے تو یہ دنیوی اقبال وبلندی کی دلیل ہے، اگر اس کو دیکھے کہ اس کے گھر سے باہر نکلی ہے تو یہ دنیوی مقام کے خاتمہ کی دلیل ہے، اگر عورت دیکھے کہ وہ بوڑھی بن گئی ہے تو یہ اس کی دنیوی صلاح وبہتری کی دلیل ہے"۔

## ۱۷۷۳۔ العجوۃ (عجوہ کھجور) یہ خواب میں جمع شدہ اور پاکیزہ حلال مال ہے، اور یہ کھجور ہر بیماری کی دوا ہے"۔

Marfat.com

## ۱۷۷۴۔العجین (گوندھا ہوا آٹا وغیرہ)

خواب میں اس کا دیکھنا راحت کے قریب آنے، قیدی کی کشادگی کے انتظار یا حاملہ عورت کی دلیل ہے، اور گوندھا ہوا آٹا حصولِ مال کی دلیل ہے، اور گھر میں گوندھا ہوا آٹا دیکھنا تجارت میں مالی استفادہ کی دلیل ہے، اگر آٹا خمیرا اور ترش ہو تو یہ تجارتی خسارہ کی دلیل ہے، اور جو شخص دیکھے کہ وہ آٹا گوندھتا ہے تو اس کے پاس مسافر آئے گا، اگر کشادہ جگہ میں گوندھا ہے تو شادی ہوگی، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے حلال کو وسیع اور حرام کو تنگ قرار دیا ہے، اور اگر آٹے کا خمیر نہ اٹھا ہو تو یہ مالی تنگی اور خرابی کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ وہ جَو کا آٹا گوندھتا ہے تو وہ مومن مرد ہوگا، اور اسے حکومت اور دشمنوں پر برتری حاصل ہوگی"۔

## ۱۷۷۵۔العدّ (شمار کرنا)

جو خواب میں دیکھے کہ وہ پانچ ہزار شمار کرتا ہے تو وہ اپنے دشمنوں پر غالب ہوگا، اور نصرت کے اعداد ایک سو بیس ہیں، اور جو دیکھے کہ سات یا آٹھ شمار کرتا ہے تو وہ کسی فکر میں مبتلا ہوگا، اور جو دیکھے کہ وہ نو شمار کرتا ہے تو وہ دشوار کام میں مبتلا ہوگا، اور فسادی لوگوں سے میل جول رکھے گا، اور جو دیکھے کہ وہ دس شمار کرتا ہے تو وہ ایسے کام میں ہے جو کامل اور پورا ہو چکا ہے، پانچ کی دلیل ہے، اور چالیس کا عدد اس امر کی دلیل ہے کہ وہ ایسے کام میں ہے جس کا وعدہ اس سے کیا گیا ہے، اور جو تیس شمار کرے تو وہ جھوٹے وعدے میں مشغول ہے، کسی بھی چیز کا ایک عدد علمی تفرّد یا مال یا شادی یا ولد کی دلیل ہے، یا گمنامی کی دلیل ہے یا اس واحد وحق کی دلیل ہے جس کے ساتھ دوسرا کوئی نہیں ہے، اور دو دشمنوں پر نصرت کی دلیل ہے، اور تین وعدہ وفائی، چار قائم ہونے والی حجت و دلیل اور پانچ کا عدد دین میں شک کی دلیل ہے، چھ کی بھی یہی تعبیر ہے، اور چھ ممکن ہے کہ دشمن کے خلاف نصرت ہونے اور مدمقابل پر حجت کے قیام کی دلیل ہو، سات اور آٹھ کے عدد میں خیر نہیں ہے، اور دس کا عدد کفارۂ یمین (قسم کا کفارہ) ہے، اور جو دیکھے کہ وہ دراہم گنتا ہے جس میں اللہ تعالیٰ کا اسم مبارک لکھا ہے تو وہ تسبیح کرتا ہے، اگر دیکھے کہ اس نے دنانیر شمار کئے ہیں جس میں اللہ تعالیٰ کا اسم مبارک ہے تو وہ علمی استفادہ کرتا ہے، اگر موتی گنے ہیں تو وہ قرآنِ پاک کی سورتیں تلاوت کرتا ہے، اگر جواہرات گنے ہیں تو وہ علم یاد کرتا یا سیکھتا ہے، اگر اس نے گھونگھے گنے ہیں تو وہ لایعنی یا حقیر کاموں میں مشغول ہوگا، اگر موٹی گائیں شمار کی ہیں تو خوشگوار سال پیش آئے گا، اگر اونٹ مع سامان گنے ہیں اور وہ والی ہے تو وہ اپنے دشمنوں سے حاصل کرے گا، اگر دیکھے کہ اس نے بھینسیں شمار کی ہیں تو وہ شدت ومشقت سے دوچار ہوگا"۔

## ۱۷۷۶۔العِداء (عداوت) "دیکھئے الخصام (جھگڑا)"۔

Marfat.com

## ۱۷۷۷۔ العداوۃ (دشمنی)

جو شخص دیکھے کہ وہ کسی آدمی سے دشمنی کرتا ہے تو وہ اس کا مصاحب اور دوست ہوگا، اور اللہ تعالیٰ کے دشمنوں سے دشمنی رکھنا ایمان کی دلیل ہے اور ان سے دوستی و محبت رکھنا کتاب اللہ کی مخالفت اور سنّتِ نبویؐ سے اعراض و رجوع کی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ کسی شخص نے اس سے دشمنی ظاہر کی ہے تو وہ اس سے مصادقت (دوستی) رکھے گا، اور دشمنی پوشیدہ چیز کا اظہار ہے''۔

## ۱۷۷۸۔ العدد الزوجي (جفت عدد) دیکھئے الشفع (جوڑا)۔

## ۱۷۷۹۔ العدس (مسور)

خواب میں جب مسور اگنے والی ہو تو یہ مالِ حلال کی دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ غم فکر اور ادنیٰ رزق ہے''۔

## ۱۷۸۰۔ العدل (انصاف کرنا)

خواب میں ظالم بادشاہ کا عدل و انصاف کرنا رعایا (پبلک) کی فرحت و مسرت اور بادشاہ کا ان کی جان و مال کی حفاظت اور گھروں کی تعمیر کے سبب ان کا خوشی محسوس کرنے کی دلیل ہے، یا پھر اولاد اور زوجات کے درمیان عدل و مساوات کی دلیل ہے، اور جو عدل کرے اور وہ کسی گناہ میں مشغول ہو تو وہ اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرے گا۔

## ۱۷۸۱۔ العِدْل (بُوری)

خواب میں بوری دیکھنا سفر و حرکات کی دلیل ہے، اگر بوری اچھی خوبصورت ہو تو سفر راحت بخش ہوگا، اگر بوری پرانی یا پیوند زدہ ہو تو سفر با مشقت ہوگا اور قلیل النفع ہوگا۔

## ۱۷۸۲۔ عدۃ المرأۃ (عورت کا عدت گزارنا)

خواب میں عورت کا خود کو عدت گزار دیکھنا غم و الم، قبض یا مرض یا موجبِ عدت طلاق کی دلیل ہے، لیکن اگر خواب میں دیکھی جانے والی عدت، عدتِ وفات ہو تو وہ قطعی طلاق یا آدمی کی وفات یا ولد یا والدہ یا اس شخص کی دلیل ہے جس کا سوگ کیا جاتا ہے اور جس کی خاطر خوشبو، طرح طرح کی نعمتیں اور عمدہ پوشاک ترک کر دیا جاتا ہے۔

## ۱۷۸۳۔ العدوّ (دشمن)

خواب میں دشمن دیکھنا معاند اور ضد و عداوت رکھنے والے کے خلاف اپنے مرتبہ کی بلندی، منجانب اللہ تائید کے حصول اور مدمقابل کے مقابلہ میں نصرت و مدد ہونے کی دلیل ہے۔ جو کسی انسان کو دیکھے کہ وہ اس سے دشمنی کر رہا ہے تو

Marfat.com

وہ اس سے محبت کا تعلق رکھے گا، اور جو اس کو کسی شر سے ڈرائے دھمکائے تو اسے خیر حاصل ہوگی، اور جو اس سے خیر کا وعدہ کرے تو اس سے شر کا حصول ہوگا، اگر اس نے اس کو نصیحت کی ہے تو وہ اس کو دھوکہ دے گا، اور جو دیکھے کہ دشمن زمین میں آیا ہے تو وہ زمین سیلاب سے متاثر ہوگی، اگر دیکھے کہ دشمن نے اس سے خفیہ بات کی ہے تو وہ شدید پریشانی سے دوچار ہوگا، اور جو دیکھے کہ وہ دشمن کے پاس مرہون (رہن رکھا ہو) ہے، تو وہ گناہوں میں مبتلا ہوگا، اور جو دیکھے کہ دشمن کا گھوڑا اس کے شہر میں پاؤں مارتا ہے تو یہ بارش ہے جو اس شہر میں ہوگی، یا سیلاب وغیرہ ہے جو اس علاقہ میں تباہی مچائے گا۔

## ۱۷۸۴۔ العدوان (زیادتی کرنا) دیکھئے الخصام (جھگڑا)۔

## ۱۷۸۵۔ العِذار (رخسار)

خواب میں رخسار عذر قائم کرنے یا پھر طبیب اور خوشبودار پودے کی دلیل ہے، جیسے طبیب اور خوشبودار پودا رخسار کی دلیل ہے، رخسار واضح عذر ہے، نیز زیادتِ رزق یا آمدِ غائب کی دلیل ہے۔

## ۱۷۸۶۔ العذراء (کنواری)

خواب میں کنواری عہدیدار کے لئے تنگی کی دلیل ہے جیسے عورت تنگدستوں کے لئے کشادگی کی دلیل ہے، نیز دیکھئے البکر (کنواری عورت)۔

## ۱۷۸۷۔ العذرۃ (پاخانہ): دیکھئے الغائط (قضائے حاجت کرنا)۔

## ۱۷۸۸۔ العذل (ملامت کرنا) دیکھئے اللوم (ملامت کرنا)۔

## ۱۷۸۹۔ العرّاف (کاہن)

جو دیکھے کہ وہ کاہن (نجومی) کے پاس آیا ہے اور اس سے کچھ پوچھا ہے تو یہ شدید فکرات کے پیش آنے کی دلیل ہے، اس لئے کہ کاہن کے پاس جانے کی ضرورت کسی اہم ترین کام کے لئے ہی پڑتی ہے، اگر کاہن نے جواب میں کچھ نہ کہا ہو خاموش رہا ہو تو یہ ہر فعل اور ارادہ کے غلط ہونے کی دلیل ہے۔

## ۱۷۹۰۔ العرب (عربی لوگ)

خواب میں ان کو دیکھنا مشکل امور کے سہل ہونے کی دلیل ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں "وھذالسان عربی مبین" (النحل: ۱۰۳) یعنی یہ قرآن واضح عربی زبان میں ہے"۔

Marfat.com

## ۱۷۹۱۔ العَرَج (لنگڑا ہونا)

جو دیکھے کہ وہ لنگڑا ہے تو اسے علم وفہم اور دین میں گہرائی حاصل ہوگی، اور لنگڑا ہونا سفر کی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ اس کا دایاں پاؤں ٹوٹ گیا ہے یا (جوڑ سے) نکل گیا ہے یا کسی علت میں مبتلا ہوا ہے اور اس میں زخم ہے تو اس کا بیٹا بیمار ہوگا، اگر یہ حالت بائیں پاؤں میں دیکھے اور اس کی بیٹی ہو تو اس کا پیغامِ نکاح آئے گا، اور اگر اس کی بیٹی نہ ہو تو اس کے ہاں بیٹی پیدا ہوگی، اگر اس کا پاؤں ٹوٹ گیا ہو اور جب کہ وہ سفر کا ارادہ رکھتا ہے تو وہ نہ جا سکے گا۔ اگر پاؤں کا جوڑ اپنی جگہ سے ہٹ گیا ہے تو اس کی اہلیہ بیمار ہوگی، اگر ایک پنڈلی دوسری سے طویل ہوئی ہے تو اس کا سفر طویل نہیں ہوگا حتی کہ فوت ہوگا، جو خود کو لنگڑا یا اپاہج دیکھے یا اسکے دونوں پاؤں بھاری ہو گئے ہیں یا وہ سرین کے بل گھسٹتا ہے تو یہ مطلوب شے پر قدرت کے کمزور ہونے کی دلیل ہے، اور لنگڑا پن عمر و علم اور دین میں زیادتی کی بھی دلیل ہے، اگر اس نے کوئی قسم کھائی ہے تو وہ قسم سچی ہے، کیونکہ فرمانِ الٰہی ہے "ولا علی الاعرج حرج" (النور: ۶۱) یعنی لنگڑے پر بھی کوئی حرج نہیں ہے"۔ اگر دیکھے کہ وہ ایک ٹانگ سے چلتا ہے اور اس نے ایک پاؤں دوسرے پر رکھا ہے تو نصف مال اس کا بچے گا، لنگڑا پن حیلہ سازی، عذر کے ظہور اور مکر وفریب کی دلیل ہے۔

## ۱۷۹۲۔ العرس (شادی کرنا)

اگر شادی گانے بجانے کے ساتھ ہو تو اس شادی گھر میں کوئی شخص فوت ہوگا، جو دیکھے کہ وہ شادی کرتا ہے اور دلہن نظر نہیں آئی اور نہ اس کو پہچانتا ہے تو وہ فوت ہوگا، اگر دلہن کو دیکھا ہے یا اس کی خوبی اس کے سامنے بیان کی گئی ہے تو یہ دنیا ہے جو اس کے پاس آئے گی"۔ نیز دیکھئے الزواج (شادی)"۔

## ۱۷۹۳۔ ابن عرس (نیولا)

خواب میں اس کو دیکھنا ظالم بیوقوف کم مہربان آدمی کی دلیل ہے، چنانچہ جو دیکھے کہ نیولا اس کے گھر میں داخل ہوا ہے تو عنقریب اس گھر میں مکار آدمی داخل ہوگا"۔

## ۱۷۹۴۔ العرش (عرش)

خواب میں عرش کو اچھی حالت میں دیکھنا اعتقاد کی سلامتی کی بشارت ہے، اور ناقص صفت میں دیکھنا بدعت و ضلالت کی دلیل ہے، اور عرش اس خیر یا شر کی بھی دلیل ہے جس کا انسان ارتکاب کرتا ہے، اور عہدیدار کے لئے منصب جلیل کی دلیل ہے، عرش زوجہ، سواری، گھر اور دشمن کے خلاف مدد ونصرت ہونے کی دلیل ہے، عرش شعر بنانے کی دلیل ہے کیونکہ یہ اس کی وجہ اشتقاق ہے، اور عرش اچھی حالت میں دیکھنا عملِ صالح کی دلیل ہے، جو عرش کو دیکھے اور اللہ سبحانہ و

Marfat.com

تعالیٰ کو اس عرش پر قائم دیکھے تو یہ اس کے صحتِ یقین اور حسنِ دین کی دلیل ہے، اور اگر اس میں کوئی خلل و نقص دیکھے تو یہ خواہشاتِ نفس اور بدعات کی دلیل ہے، اسے چاہئے کہ اللہ تعالیٰ سے توبہ کرے، اور جو خواب میں خود کو عرش کے اوپر اور اپنے رب کو اس کے نیچے دیکھے اور وہ بادشاہت کا مستحق ہے تو وہ امامِ وقت کے خلاف سرکشی کرے گا اور زمین میں تکبر کرے گا، بصورتِ دیگر وہ اپنے والدین یا استاد کا نافرمان ہوگا، غلام ہو تو اپنے آقا کی خلاف ورزی کرے گا۔"

## ۱۷۹۵۔ العرض (پیش کرنا)

جو خواب میں دیکھے کہ اسے ایک لشکر میں پیش کیا جاتا ہے اور پیش کرنے والا اس سے ناراض ہے تو اس نے کوئی عظیم گناہ کیا ہے، اگر پیشی ہوئی ہے اور خیال کرتا ہے کہ پیش کرنے والا اس سے راضی ہے تو اللہ تعالیٰ اس سے راضی ہے، جو دیکھے اس کی پیشی ہوئی ہے اور رجسٹر میں اس کا نام درج ہو گیا ہے تو وہ ایسے امر کی تلاش کرے گا جس سے اس کو کفایت کی امید ہے، اگر روزی پائی ہے تو وہ مطلوب امر حاصل ہوگا۔

## ۱۷۹۶۔ عرفة (میدانِ عرفات اور یوم عرفہ)

جو خواب میں دیکھے کہ وہ یوم عرفہ میں ہے اگر اس کا کوئی غائب ہے تو وہ اس کے پاس خوش حالت میں آئے گا، اگر کسی انسان سے لڑائی ہو تو اس سے صلح ہوگی، عرفہ حج کی دلیل ہے، یا یوم جمعہ کی دلیل ہے، نیز بازار اور نفع بخش تجارت ہے، اور وقوفِ عرفات خیر سے شر کی طرف یا شر سے خیر کی طرف اس کا مقام و رتبہ منتقل ہوگا، یا اس کی عزیز چیز جیسے زوجہ یا عمدہ رہائش اس سے جدا ہوگی، یا دشمن کے خلاف نصرت ہوگی، اگر ان میں سے کچھ ہو تو عزت و شرف حاصل ہوگا، جو جدا ہوا وہ پھر سے ایک ساتھ ہوگا، دشمنوں کے خلاف نصرت ہوگی، اگر وہ گنہگار ہے تو اس کی توبہ قبول ہوگی، اگر اس کا کوئی مخفی راز ہو تو وہ ظاہر ہوگا، اور وقوفِ عرفہ جدا ہونے والے دوست کی ملاقات ہے، اور قبل از فجر رات کے وقت وقوفِ عرفات مطلوب و حاجت کے پورا ہونے کی دلیل ہے، اور فجر کے بعد اگر عرفات میں آیا ہے تو پھر مطلوب حاصل نہیں ہوگا۔

## ۱۷۹۷۔ العِرْق (رگ)

جو دیکھے کہ اس نے کسی عارضہ کی وجہ سے رگ کو بگاڑ دیا اور خراب کر دیا ہے تو یہ اس کے قریبی رشتہ دار کی موت کی دلیل ہے، اگر اس سے کم وجہ ہو تو یہ موت کے بغیر رشتہ داروں سے جدائیگی کی دلیل ہے، ابنِ آدم کی رگیں اس کا قوم و قبیلہ ہے، جب رگوں میں کوئی نقصان واقع ہو تو یہ موت یا مقاطعہ کے ذریعہ اقارب کی علیحدگی ہوتی ہے، اور فصد کے ذریعہ کھینچی ہوئی رگیں حیات، رزق اور خاندان کے بڑے لوگوں کی دلیل ہے، جو اپنے ہاتھ کی رگیں دیکھے کہ وہ خون کے ساتھ چلتی ہیں اور حال یہ ہے کہ وہ مالدار ہے تو اس کا مال جاتا رہے گا، اگر فقیر ہے تو حصولِ مال کی دلیل ہے۔

Marfat.com

## ۱۷۹۸۔ العَرَق (پسینہ)

مریض کو پسینہ آنا عافیت کی دلیل ہے اگر اس کی امید رکھتا ہو، وگرنہ وہ موت کا پسینہ ہے، پسینہ دنیا کی مضرت و تکلیف ہے، اور جو دیکھے کہ وہ پسینہ پھینکتا ہے تو اس کی حاجت پوری ہوگی، اور بغلوں کے پسینہ کی بدبو وباء کی دلیل ہے، اور پسینہ مال ہے۔ چنانچہ جو دیکھے کہ پسینہ اس کے جسم سے ٹپکتا ہے تو مال اس کے پاس سے نکلے گا، اور پسینہ دیکھنا تکان و مشقت پہنچنے کی بھی دلیل ہے۔

## ۱۷۹۹۔ العروس (دولہا، دلہن)

خواب میں دلہن کا مزین ہونا خوشگوار دنیا ہے، جو خواب میں خود کو دلہا بنے دیکھے لیکن اپنی بیوی کو نہ دیکھا ہے نہ پہچانا ہے اور نہ اس کی طرف منسوب کی گئی ہے اور نہ ہی نامزد کی گئی ہے تو وہ وفات پائے گا یا کسی انسان کو قتل کرے گا، جب دیکھے کہ اس نے شادی کی ہے تو عورت کے فضل و مرتبہ اور اس کے نام و جمال کی حیثیت کے بقدر سلطنت حاصل ہوگی۔

## ۱۸۰۰۔ عروق الصبّاغین (مجیٹھ)(۱) دیکھئے الفوّۃ (مجیٹھ)

## ۱۸۰۱۔ عروق صفر (زرد جڑ) یہ خواب میں مال مع مرض ہے۔

## ۱۸۰۲۔ العروۃ (دستہ)

خواب میں دستہ دین کی دلیل ہے، چنانچہ جو دستہ کو مضبوطی سے پکڑے تو وہ مضبوطی سے دین پر قائم ہے۔ دلیل یہ فرمانِ خداوندی ہے: "و یؤمن باللّٰہ فقد استمسك بالعروۃ الوثقی لا انفصام لھا" (البقرۃ: ۲۵۶) یعنی اور ایمان لائے ساتھ اللہ کے پس تحقیق پکڑ رکھا اس نے کڑا مضبوط، نہیں ٹوٹنا واسطے اس کے"۔ جو (کسی چیز کے) دستہ کو پکڑے اور اس میں اپنا ہاتھ داخل کرے تو اگر وہ کافر ہے تو مسلمان ہوگا اور دین پر مضبوطی سے عمل پیرا ہوگا، اگر بیدار ہوا اور اس کا ہاتھ اس میں ہو تو اس کی موت حالتِ اسلام پر ہوگی، دستہ اور بٹن زوج اور زوجہ کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ وہ دستہ میں کاج کرتا ہے تو اگر وہ غیر شادی شدہ ہے تو شادی ہوگی یا متفرق امور مجتمع ہوں گے۔

## ۱۸۰۳۔ العری (برہنہ ہونا)

خواب میں برہنہ ہونا باطن کی سلامتی اور موجبِ ندامت فعل کی دلیل ہے، اور جو شخص دیکھے کہ اس نے اپنے کپڑے اتارے ہیں تو اس کا دشمن ظاہر ہوگا اور وہ علانیہ دشمنی ظاہر نہیں کرے گا بلکہ بظاہر وہ محبت و خلوص کا معاملہ کرے گا، اگر خود کو کسی محفل میں برہنہ دیکھے تو رسوائی ہوگی، اور جو خود کو برہنہ دیکھے اور اس سے نہ خود متنبہ ہوا ہے اور نہ کوئی دوسرا آدمی

(۱) مجیٹھ: ایک دراز عمر بوٹی ہے جس کی ساق سرخ ہوتی ہے ریشم اور اون کی رنگائی اور بطور دوا استعمال کی جاتی ہے۔

Marfat.com

تو وہ کسی کام میں مبالغہ کرے گا اور مشقت اٹھائے گا، جو خود کو برہنہ دیکھے اور اسے لوگوں سے حیا وشرم آ رہی ہے اور ستر کو چاہتا ہے تو وہ خسارہ اٹھائے گا اور محتاج ہوگا، اگر لوگ اس کی شرمگاہ کو دیکھتے ہیں تو رسوائی ہوگی، اور برہنہ ہونا زوجہ کی طلاق یا اس کی موت کی دلیل ہے، جو برہنہ ہوا ہو اور وہ والی ہے تو معزول ہوگا، اگر مریض دیکھے کہ اس نے زرد رنگ کے کپڑے اتارے ہیں تو یہ شفاء کی دلیل ہے، سیاہ اور سرخ کپڑے کی بھی یہی تعبیر ہے، بعض کہتے ہیں کہ برہنہ ہونا تہمت و الزام سے بری ہونے کی دلیل ہے، غلام کا برہنہ ہونا آزادی ملنے کی دلیل ہے، خواب میں میت اگر برہنہ جسم دیکھی جائے، شرمگاہ مستور ہو اور وہ میت ہنس رہی ہو تو یہ اس کی نعمتوں میں ہونے کی دلیل ہے، اور غمزدہ خواب میں خود کو برہنہ دیکھے تو اس کا غم دور ہوگا، اور اہل عبادت کا برہنہ ہونا دین و صلاح میں زیادتی کی دلیل ہے، آدمی کا برہنہ ہونا حج کی دلیل ہے جب کہ خواب میں خیر کی کوئی دلیل ہو، برہنہ ہونا لباسِ جدید پہننے کی دلیل ہے، اگر مریض کے جسم سے کپڑے جبراً اتار لئے گئے ہوں تو وہ فوت ہوگا، عورت کا برہنہ ہونا اس کا گھر سے جدا ہونا ہے۔

## ۱۸۰۴۔ العریش (انگور کی بیل) دیکھئے الکَرْم (انگور کی بیل)۔

## ۱۸۰۵۔ العریف (قوم کا سردار)

خواب میں قوم کا سردار بدبختی ہے، بعض کہتے ہیں کہ قوم کا سردار وہ شخص ہے جو لوگوں کو صلاح و بھلائی میں لگاتا ہے۔

## ۱۸۰۶۔ العز (عزت)

خواب میں عزت ذلت ہے، جو خود کو خواب میں عزت دار دیکھے تو وہ ذلیل ہوگا۔

## ۱۸۰۷۔ عزرائیل علیہ السلام

خواب میں ان کی زیارت شہادت کی دلیل ہے، جو ان کو غصہ کی حالت میں دیکھے تو وہ بلا توبہ مرے گا، جو عزرائیل علیہ السلام سے کشتی کرے یا ان پر غالب آئے تو وہ مرض سے نجات پائے گا، اگر عزرائیل علیہ السلام اس پر غالب آئے ہوں تو وہ فوت ہوگا، بعض کہتے ہیں کہ عزرائیل علیہ السلام کو خواب میں دیکھنا طولِ عمر کی دلیل ہے کیونکہ عزرائیل علیہ السلام تمام مخلوق سے طویل عمر والے ہیں، بعض کہتے ہیں کہ جو عزرائیل علیہ السلام کو دیکھے تو وہ ضروری امر میں شامل ہوگا، بعض کہتے ہیں کہ ان کا دیکھنا خوفِ عظیم ہے، اور جس کی صورت عزرائیل علیہ السلام جیسی ہو گئی ہو تو وہ لوگوں پر غالب آئے گا اور اس کے ہاتھ سے بڑے بڑے کام سرانجام پائیں گے، جو دیکھے کہ وہ ملک الموت کو بوسہ دیتا ہے تو اس کو میراث حاصل ہوگی، عزرائیل علیہ السلام کا دیکھنا مجتمع چیزوں کا منتشر ہونا، مریض کی موت، منہدم ہونا، آشفتگی اور پریشان کن واقعات جو آہ و بکاء، چیخ و پکار کو لازم کریں، کی دلیل ہے، عزرائیل علیہ السلام کی زیارت کساد بازاری، بے روزگاری، تیز خانہ، علم کی فراموشی، نماز و زکوٰۃ کا ترک اور نرخوں کی گرانی کی دلیل ہے، اسرافیل و عزرائیل علیہما السلام کا خواب میں

Marfat.com

دیکھنا دشمنوں کی تذلیل، حشر و نشر کے منکرین کی تکذیب کی دلیل ہے۔

## ۱۸۰۸۔ العزل (معزول ہونا)

خواب میں منصب و عہدہ سے معزولی، زوجہ کی طلاق اور ایک صنعت سے دوسری صنعت کی طرف منتقلی کی دلیل ہے، بعض کہتے ہیں کہ معزولی عہد ہے، جیسے عہد معزولی ہے، اور معزولی حکومت ہے، اور جو خود کو دیکھے کہ وہ اپنے منصب سے معزول کر دیا گیا ہے اور اس کی جگہ پر بوڑھا شخص والی ہوا ہے تو اس کا کام مضبوط ہوگا، اگر اسکی جگہ پر جوان آدمی والی بنایا گیا ہے تو بعض دشمنوں کی طرف سے اس کی حکومت کو مکروہ صورت پیش آئے گی۔

## ۱۸۰۹۔ عُزیر علیہ السلام

خواب میں ان کی زیارت اپنے علم، کتابت اور حکمت کے ذریعہ ریاست کے حصول کی دلیل ہے۔

## ۱۸۱۰۔ العسس (رات کا پہرے دار)

خواب میں رات کا پہریدار دیکھنا تارکِ صلوٰۃ کے لئے نذیر (ڈرانے والا) ہے، چنانچہ اگر دیکھے کہ وہ پہریدار سے بھاگا ہے اور وہ اس کا پیچھا کرتا ہے اور پھر اسے پکڑ لیا ہے لیکن بالآخر پہریدار سے بچ نکلا ہے تو وہ رات کی نماز میں کوتاہی کرے گا مگر پھر توبہ کرے گا۔

## ۱۸۱۱۔ العسکر (لشکر)

خواب میں اگر لشکر کے ساتھ نبی یا بادشاہ یا عالم ہو تو یہ اہل توحید کے لئے نصرت کی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ لشکر کسی شہر یا علاقہ میں آتا ہے تو بارش اس جگہ ہوگی، بعض کہتے ہیں کہ لشکر مومنین کی نصرت و مدد اور ظالموں سے انتقام و بدلہ کی دلیل ہے۔

## ۱۸۱۲۔ العسل (شہد)

خواب میں شہد حلال میراث سے حاصل ہونے والا مال یا غنیمت یا شرکت کا مال ہے، دینداروں کا شہد دیکھنا دین کی حلاوت (مٹھاس)، تلاوتِ قرآن اور نیک اعمال ہیں، اور دنیاداروں کا دیکھنا بلامشقت غنیمت کا حصول ہے، شہد بصورتِ مشقت قلیل رزق ہے، اگر دیکھے کہ آسمان نے شہد برسایا ہے تو یہ دین کی صلاح کی دلیل ہے، عسل (شہد) عورت یا مرد کے عسیلہ (لذت جماع) کی بھی دلیل ہے جیسا کہ حدیث شریف میں ہے: "حتی تذوقی عسیلته و یذوق عسیلتك" (مجمع الزوائد ۴/۳۴۰) "شہد غم و الم، حسد اور حاسدین کے مکر سے اجتناب کی دلیل ہے، اس لئے کہ شہد مکھیوں، بھڑوں اور چیونٹیوں کو جمع کرتا ہے، اور آگ صاف شدہ شہد شدت کے بعد آسانی، مہینوں کے مکمل ہونے کے بعد اولاد ہونے اور عدت کے گذر جانے کے بعد زوجہ کی دلیل ہے، نیز زکوۃ کے ذریعہ پاک شدہ مال اور بدعت و شبہ سے پاک علم

Marfat.com

اور ایسی ہدایت کی دلیل ہے جس کے بعد ضلالت نہیں، اور صاف شہد مال و دولت ہے، بعض کہتے ہیں کہ صاف شہد مشقت سے حاصل شدہ مال ہے، اور شہد مرض سے شفاء ہے، بعض کہتے ہیں کہ شہد کھانا دوست کے معانقہ اور تقبیل (بوسہ لینا) کی دلیل ہے، اور روٹی کے ساتھ شہد کھانا غنیمت سے حاصل ہونے والی معیشت ہے۔

## ۱۸۱۳۔ العش (گھونسلا)

خواب میں گھونسلا اس کے گھر کی دلیل ہے جس پر پرندہ دلیل ہو، گھونسلا زوجہ کی بھی دلیل ہے، گھونسلا دیکھنا حاملہ عورت کے لئے ولادت کی دلیل ہے۔

## ۱۸۱۴۔ العشّار (عشر لینے والا)

خواب میں عشر لینے والا دوسرے کے امور میں دخل دینے والا ہے، عشر وصول کرنے والے کو دیکھنا مصائب و آفات کی دلیل ہے۔

## ۱۸۱۵۔ العشاء (عشاء کا وقت)

عشاء کا وقت حیلہ بازی، جھوٹ اور فتنہ و فساد قائم ہونے کی دلیل ہے، فرمانِ باری تعالیٰ ہے: "وجاء وا أباهم عشاء یبکون" (یوسف: ۱۶) یعنی "وہ اپنے باپ کے پاس عشاء کے وقت روتے ہوئے آئے"۔ خواب میں وقتِ عشاء ذکر و تسبیح کی بھی دلیل ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: "وسبّح بحمد ربك بالعشیّ والابکار" (غافر: ۵۵) یعنی صبح و شام اپنے رب کی حمد و تسبیح بیان کرو۔

## ۱۸۱۶۔ العشب (سبز گھاس): دیکھئے الحشیش (گھاس)۔

## ۱۸۱۷۔ العِشرة (میل جول): دیکھئے المصاحبة (میل جول رکھنا)۔

## ۱۸۱۸۔ العشق (عشق کرنا)

خواب میں عشق کرنا بلا و مصیبت ہے، چنانچہ جو خود کو عاشق دیکھے، وہ مصیبت میں گرفتار ہوگا، عاشق نیکی یا برائی کا مشتاق ہے، اور دل میں محبت اس کے لئے فتنہ ہے، اور اگر اپنے دل میں فتنہ دیکھے تو وہ محبت ہے، اگر خواب میں کسی آدمی کو دیکھے کہ وہ اس کو کہتا ہے کہ میں تجھ سے محبت کرتا ہوں تو وہ شخص اس سے نفرت کرتا ہے، عشق غم و حزن ہے، چنانچہ جو اپنے کو عاشق دیکھے تو وہ غم و فکر میں مبتلا ہوگا کیونکہ عاشق پریشان اور غمزدہ ہوتے ہیں، اور عشق کرنا بیداری میں آزمائش اور ایسی شہرت ہے جو لوگوں کو اس کی طرف مائل کردے، عشق فقر و احتیاج اور مریض کے لئے موت کی دلیل ہے، اور خواب میں کبھی مرنا عشق کی دلیل ہوتا ہے، خواب میں آشفتگی اور جسم کو داغنا عشق کی علامت ہے، خواب میں جنّت میں داخل ہونا

Marfat.com

محبوب سے وصال (ملنا) ہے، جس طرح جہنم میں داخل ہونا محبوب سے فصال (علیحدگی) کی دلیل ہوتا ہے، خواب میں محبت و شغف رکھنا غفلت اور دین میں نقص و عیب کی دلیل ہے۔

## ۱۸۱۹۔ العصا (لاٹھی)

خواب میں لاٹھی طاقتور حسب ونسب والا آدمی ہے، چنانچہ جو شخص خواب میں اپنے ہاتھ میں لاٹھی دیکھے تو وہ حسب ونسب والے منافق آدمی سے معاونت حاصل کرے گا، اور اپنے مقصود کو پہنچے گا، دشمن پر غلبہ پائے گا، اگر لاٹھی جوف دار ہو اور وہ اس پر ٹیک لگاتا ہے تو اس کا مال جاتا رہے گا، اگر دیکھے کہ لاٹھی ٹوٹ گئی ہے اور حال یہ ہے کہ وہ والی ہے تو معزولی ہوگی، اگر تاجر ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی تجارت کا خاتمہ کریں گے، اگر دیکھے کہ اس نے لاٹھی کو زمین پر مارا ہے تو جس جگہ پر وہ قیام پذیر ہے اس جگہ کے صاحب پر غلبہ حاصل ہوگا، اور جو دیکھے کہ اس کی شکل لاٹھی میں بدل گئی ہے تو جلدی وفات ہوگی، جو دیکھے کہ اس کی لاٹھی ٹوٹ گئی ہے تو شدید بیمار ہوگا، جو خواب میں دیکھے کہ وہ لاٹھی کے سہارے چلتا ہے تو یہ کشتی پر سوار ہونے کا عزم مصمم ہے، لاٹھی امر و نہی، دشمن کے خلاف نصرت اور حصولِ مقصد کی دلیل ہے، اگر لاٹھی کھجور کی شاخوں کی بنی ہو تو یہ تجرید (علیحدہ کرنے) کی دلیل ہے، اگر لاٹھی درخت بادام کی ہو تو یہ زوال کی دلیل ہے، اگر آڑو کی ہو تو یہ دین میں نفاق کی دلیل ہے، لاٹھی سانپ یا سحر و جادو کی دلیل بھی ہو سکتی ہے، جو دیکھے کہ اس نے کسی کو لاٹھی سے مارا ہے تو وہ اس سے زبان درازی کرے گا، اور جو دیکھے کہ اس نے کسی پتھر پر لاٹھی ماری ہے اور اس سے پانی پھوٹ پڑا ہے تو اگر فقیر ہو تو مستغنی ہوگا، اگر مالدار ہو تو مالداری میں اضافہ ہوگا، اور لاٹھی ممکن ہے کہ بددین آدمی ہو، کیونکہ لاٹھی لکڑی کی ہوتی ہے، اور لکڑی کی تعبیر منافق آدمی سے کی جاتی ہے۔

## ۱۸۲۰۔ العصّار (رس نکالنے والا)

خواب میں رس نکالنے والا مالدار آدمی ہے، اگر تلوں کا رس (تیل) نکالا ہے تو یہ مالی ترقی وزیادتی کی دلیل ہے، تلوں کا تیل وہ شخص ہے جو نیک لوگوں کا قرب حاصل کرتا ہے، اور لوگوں سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ بھی دنیا کی نعمتوں سے بے رغبتی برتیں، اخروٹ کا رس (نچوڑ) مالِ نامی (بڑھنے والا مال) اور کدو کاوش کرنے والا آدمی ہے، انگور کا رس دین میں فساد اور فتنوں کی دلیل ہے، زیتون کا نچوڑ (تیل) غموم و آلام دور ہونے کی دلیل ہے، رس نکالنے والے کو دیکھنا خواہشات کی جانب میلان، بدعات، ممنوعات کے ارتکاب یا اندھیروں سے روشنی کی طرف جانے اور رزق و فوائد کی دلیل ہے۔

## ۱۸۲۱۔ العصب (پٹھا)

پٹھے میں درد محسوس کرنا غم و حزن کی دلیل ہے، پٹھے کا کٹنا معاملات کے بکھر جانے کی دلیل ہے، اگر وہ مریض ہو تو اس کی عمر ختم ہو چکی ہے، پٹھا انسان کے قوام کا سردار ہے، وہ پرہیزگاری، رزق کے اسباب اور اہل خانہ میں سے

Marfat.com

عصبات کی دلیل ہے۔

## ۱۸۲۲۔ العصفر (کسم)(۱)

خواب میں کسم دیکھنا خوشی ہے جس میں موت کی خبر ہے، کیونکہ کسم زرد ہوتی ہے، اور کسم آدمی کا کسی کام پر وعدہ کی دلیل ہے، کسم لڑائی ڈھونڈنے کی دلیل بھی ہوسکتی ہے، اور خواب میں کسم بوٹی زمین میں بونا عظیم فوائد کی دلیل ہے۔

## ۱۸۲۳۔ العصفور (چڑیا)

خواب میں چڑیا کھیل تماشے اور حکایتیں سنانے والا آدمی ہے جس کی باتوں سے لوگ ہنستے ہیں، چڑا نرینہ اولاد کی بھی دلیل ہے، جو دیکھے کہ اس نے چڑیا ذبح کی ہے تو اس کے ہاں نحیف (کمزور) اولاد ہوگی جس کے فوت ہونے کا ڈر ہے، بعض کہتے ہیں کہ چڑیا جھگڑالو آدمی کی دلیل ہے جو صاحب ثروت و ریاست اور معاملات میں حیلہ ساز ہو، چڑیا حسین عورت کی دلیل ہے، چڑیوں کی آواز خوبصورت کلام یا علم کے پڑھنے کی دلیل ہے، اور بہت سی چڑیاں خواب میں اکٹھی کرنا بلامشقت اموال کا حصول ہے، چڑا عظیم المرتبت آدمی ہے، چنانچہ جو دیکھے کہ چڑا اس نے پکڑا ہے یا اس کی ملکیت میں آیا ہے تو وہ عظیم المرتبت آدمی پر قدرت وقابو پائے گا، جو دیکھے کہ چڑا ذبح کیا ہے تو وہ اس آدمی سے جو چاہتا ہے حاصل کرے گا، اگر دیکھا کہ اس نے چڑے کے پر اکھاڑے ہیں یا اس کا گوشت کھایا ہے تو اسے اس کا مال حاصل ہوگا، جو دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں یا اس کے پنجرہ میں چڑا ہے مگر پھر وہ چڑا اڑ گیا ہے اور واپس نہیں آیا ہے تو اس کا لڑکا فوت ہوگا، اور جو دیکھے کہ وہ چڑیوں کی آنکھوں پر زور سے مارتا ہے تو وہ بچوں سے دھوکہ ومکر کرتا ہے، اور جو دیکھے کہ چڑا حلقہ میں داخل ہوا ہے تو اگر اس کا بچہ ہو تو وہ کنوئیں میں گرے گا، جو دیکھے کہ وہ چڑیوں کا مالک ہوا ہے تو وہ متمول (مالدار) ہوگا اور پر خطر قوم کا والی ہوگا، چڑیوں کا دیکھنا باہمی اجتماعیت اور خوشیوں میں عزیز واقارب کے ساتھ محبت والفت یا معاصی، جدائیگی اور شکست کی دلیل ہے۔

## ۱۸۲۴۔ العصیان (نافرمانی کرنا): دیکھئے العقوق (نافرمانی کرنا)۔

## ۱۸۲۵۔ العصیدۃ (بتابہ)(۲)

گرمیوں میں خواب کے اندر بتابہ غموم وتکالیف ہیں، بتابہ عامل کی جانب سے پیش آمدہ غم ہے، اگر دیکھے کہ وہ نماز پڑھتا ہے اور ساتھ بتابہ کھاتا ہے تو وہ روزہ کی حالت میں بیوی کا بوسہ لے گا۔

---

(۱) کسم: زرد رنگ کی بوٹی جو رنگائی کے کام آتی ہے۔ منہ

(۲) بتابہ: آٹے اور گھی سے بنایا ہوا حلوہ۔ منہ

Marfat.com

## ۱۸۲۶۔ العصیر (نچوڑ)

جو خواب میں دیکھے کہ وہ انگور یا گنے کا رس نکالتا ہے تو خوشحالی حاصل ہوگی، اگر فقیر ہو تو مستغنی ہوگا، اگر دیکھے کہ لوگ ہر جگہ انگور اور زیتون کا نچوڑ نکالتے ہیں، حال یہ ہے کہ لوگ حالت شدت میں ہیں تو ان کو خوشحالی ملے گی اور شدت دور ہوگی، اگر اس جگہ کوئی مریض یا قیدی ہو تو وہ نجات پائیں گے، اگر یہ خواب طالب علم دیکھے تو دین کا فہم حاصل ہوگا، اور اگر یہ خواب غیر شادی شدہ دیکھے تو اس کی شادی ہوگی، اگر نچوڑ بہت زیادہ ہو اور اس کے ساتھ انجیر اور شراب ہو یا دودھ ہو تو سلطنت حاصل ہوگی، جو دیکھے کہ اس نے انگور کا رس نکالا ہے اور پھر اس کی شراب بنائی ہے تو اس کو بادشاہ کے سامنے رتبہ و مقام ملے گا اور حرام مال حاصل ہوگا، قصۂ یوسف علیہ السلام اس پر دال ہے۔

## ۱۸۲۷۔ العضّ (دانتوں سے کاٹنا)

خواب میں کاٹنا کینہ یا مکر ہے، بعض کہتے ہیں کہ دانتوں سے کاٹنا فرطِ محبت کی دلیل ہے۔ معضوض (کاٹا ہوا شخص) کوئی بھی ہو، کاٹنا آزمائش کی بھی دلیل ہے، جو کسی انسان کو دیکھے کہ وہ اپنی انگلیاں دانتوں سے کاٹ رہا ہے تو وہ کینہ ور آدمی ہے، کیوں کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: ”عضوا علیکم الانامل من الغیظ“ (آل عمران: ۱۱۹) ”یعنی کاٹتے ہیں اوپر تمہارے انگلیاں غصے سے، اور جو دیکھے کہ اس نے اپنی انگلیوں کو دانتوں سے کاٹا ہے تو وہ ندامت اٹھائے گا“، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ ظالم ہوگا کیونکہ فرمانِ خدائے عزوجل ہے: ”ویوم یعض الظالم علی یدیہ“ (الفرقان: ۲۷) یعنی جس دن ظالم اپنے ہاتھ دانتوں سے کاٹے گا، اور دانتوں سے کاٹنے پر خون کا نکلنا کسی گناہ کی آزمائش ہے، اور دانتوں سے کاٹنا فرطِ غضب (غصہ کی زیادتی) ہے، جو دیکھے کہ کسی انسان نے اس کو دانتوں سے کاٹا ہے تو اسے اوائلِ عمر میں فرحت و خوشی حاصل ہوگی۔

## ۱۸۲۸۔ العضادۃ (دروازہ کا بازو)

یہ خواب میں گھر کا رئیس اور سربراہ ہے، جو دیکھے کہ اس کے دروازے کا بازو اکھاڑا جا رہا ہے تو اس گھر کا سربراہ معزول ہوگا، اگر دروازہ کا بازو نظر سے غائب ہوگیا ہے تو یہ گھر کے رئیس کی وفات ہے۔

## ۱۸۲۹۔ العضد (بازو)

خواب میں بازو بھائی یا اولاد ہے، اگر بازو میں کوئی نقص دیکھے تو مصیبت ہے، اگر دیکھے کہ اس کا بازو ٹوٹ گیا ہے تو یہ صاحب خواب کی موت یا غم و شدت کی مصیبت ہے۔ بازو اس انسان کی دلیل ہے جو اس کے دینی و دنیوی کاموں میں مدد کرتا ہے اور جس سے وہ باعفت اور باعصمت ہوتا ہے جیسے زوجہ، دین اور باندی، اپنے بازو میں قوت دیکھنا اصل

Marfat.com

میں بھائی کی یا مالی قوت کی دلیل ہے، اور بازو کی قوت صنعت کی زیادتی ہے، بعض کہتے ہیں کہ بازو بالغ لڑکا ہے جو مشکلات (آڑے وقت) میں اپنے باپ اور بھائی کی مدد کرتا ہے، جو خواب میں دیکھے کہ اس کا بازو ناقص ہے تو وہ ضعیف العقل اور مغرور ہو جائے گا۔

## ۱۸۳۰۔ (عضوِ انسانی)

خواب میں عضوِ انسانی کی تعبیر اہل خانہ کے ساتھ کی جاتی ہے، لہٰذا اعضاء کا مقطوع (کاٹا جانا) ہونا اہل خانہ سے مفارقت (علیحدگی) یا ان سے مقاطعہ (قطع تعلق) کی دلیل ہے، اور اعضاء اس کی اولاد ہیں، جس کے اعضاء کاٹے گئے ہوں تو وہ سفر پر روانہ ہوگا یا اپنے اہل خانہ و اولاد یا قبیلہ سے دور ہوگا۔

## ۱۸۳۱۔ العطاس (چھینک مارنا)

خواب میں چھینک مارنا مشکوک امر کا ظاہر ہونا ہے، چنانچہ جو دیکھے کہ وہ چھینکتا ہے تو وہ مشکوک امر کی تصدیق کرنے والا ہے، اور چھینکنا مریض کی موت یا پریشان کن تکلیف و غم ہے، اگر صاحب خواب کسی پریشانی میں مبتلا ہے تو وہ پریشانی دور ہوگی، فقیر ہے تو مستغنی ہوگا اس لئے کہ لوگ چھینکنے والے کو چھینک کا جواب دیا کرتے ہیں اور اسے دعائے خیر دیتے ہیں، اور چھینکنا زکام اور غضب و غصہ اور ترش روئی کی دلیل ہے۔ اور جو خواب میں زور دار چھینک مارے تو اسے چاہیئے کہ اپنے دشمن سے احتیاط کرے، جب وہ دشمن اس سے مقابلہ یا محاربہ کرے، کیونکہ وہ دشمن پر غالب اور منصور ہوگا۔

## ۱۸۳۲۔ العطّار (عطر فروش)

خواب میں عطر فروش عالم یا عابد یا زاہد یا ادیب کی دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں عطر فروش کنگھی کرنے والی ہے، عطر فروش کو خواب میں دیکھنا ہدایت، مدح و تعریف کا حصول اور ذکرِ جمیل ہے۔

## ۱۸۳۳۔ العطاء (عطیہ)

خواب میں عطیہ دینے والے کے مرتبہ کی دلیل ہے، اگر زیادہ مستحق شخص کو تھوڑی چیز دی گئی ہو تو یہ کتاب اللہ اور سنتِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اعراض کی دلیل ہے۔ جو خواب میں مانگے اور اسے کچھ نہ دیا جائے تو یہ مخالفتِ دین کی دلیل ہے، اور ہر وہ شے جسے انسان خواب میں دیکھتا ہے اگر بادشاہ کے حکم سے اس شے کو لیا ہے تو یہ بادشاہ سے حصولِ منفعت کی دلیل ہے۔

## ۱۸۳۴۔ العطش (پیاسا ہونا)

خواب میں پیاسا ہونا دین میں فساد کی دلیل ہے، اور جو خواب میں خود کو پیاسا دیکھے اور نہر سے پانی پینے کا ارادہ کیا ہے مگر پانی نہیں پیا تو وہ پریشانی سے نجات پائے گا، اور جو دیکھے کہ وہ پانی پینا چاہتا ہے لیکن پی نہیں سکتا ہے تو یہ اس

Marfat.com

بات کی دلیل ہے کہ اس کی آرزو اور خواہش حاصل نہیں ہوگی، اور پیاسا ہونا فتنہ پردازوں کی عادات اپنانے کی دلیل ہے، اور جو خود کو پیاسا دیکھے تو وہ شادی کی حاجت رکھتا ہے۔

## ۱۸۳۵۔ العطف (مہربانی) دیکھئے الرحمۃ (مہربانی)۔

## ۱۸۳۶۔ العطوس (ناک میں ڈالنے کی دوا) دیکھئے السعوط (ناک میں ڈالنے کی دوا)۔

## ۱۸۳۷۔ العطیّۃ (انعام) دیکھئے الصلات (عطیہ وانعام)

## ۱۸۳۸۔ العِظَم (بڑا ہونا)

جو خواب میں دیکھے کہ وہ بڑا ہو گیا ہے حتی کہ اس کا بدن عام لوگوں کی ہیئت سے بہت عظیم ہو گیا ہے تو یہ اس کی موت کی دلیل ہے۔

## ۱۸۳۹۔ العظم (ہڈی)

خواب میں ہڈی مال ہے اور لباس کی بھی دلیل ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: "فکسونا العظام لحمًا" (المومنون:۱۴) یعنی "پھر ہم نے ہڈیوں پر گوشت چڑھایا"۔ ہڈیاں بڑے بڑے کاموں کی دلیل ہوتی ہیں۔ ہڈیوں کا مالک ہونا اسی قدر چوپائیوں یا مکانات یا دکانوں کا مالک ہونا ہے، اور فقیر آدمی کا ہڈیاں دیکھنا قرض اور ان فرائض کی دلیل ہے جن سے اس کا انتظام وابستہ ہے اور جو اسکا سہارا ہے، اور ہڈیاں اس قوت کی دلیل ہے جس سے جسم انسانی قائم ہے، اور ان لوگوں کی دلیل ہے جو انسان کی ضروریات میں معین اور مددگار ہوتے ہیں۔ جیسے اولاد و ازواج غلام یا باندی یا املاک یا سواریاں انسان کی مددگار ہوتی ہیں، اگر خواب میں ہڈی ٹوٹ گئی ہے اگر مریض ہو تو وفات پائے گا اور اگر تندرست ہو تو بیمار ہوگا۔ اور ہڈی تعظیم کی بھی دلیل ہے، کیونکہ انسان باعظمت ہے، ہڈیاں خواب میں دیکھنا برے اعتقاد یا کسی چیز کے ریزے جمع کرنے یا رازوں کے منکشف ہونا اور پوشیدہ امور پر مطلع ہونے کی دلیل ہے، اگر خواب میں اسکی ہڈی لوہے کی ہوگئی ہو تو طویل بیماری میں مبتلا ہوگا، اور اگر ہڈی ہاتھی دانت کی بن گئی ہو تو یہ حرام مال سے پیٹ بھرنے کی دلیل ہے، ہڈیاں دیکھنا پھل دار درختوں کی بھی دلیل ہے، اور ہڈی صحت و مرض کی بھی دلیل ہے۔

## ۱۸۴۰۔ عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو خواب میں دیکھنا علمی محفل جمانے، علم کی جمع و تدوین کا اہتمام کرنے، اللہ تعالیٰ اور اس کے بندوں کے سامنے تواضع اختیار کرنے کی دلیل ہے، زیارتِ عثمان رضی اللہ عنہ دشمن کے حملہ آور ہونے، ان کی طرف سے اذیت پہنچنے اور حصولِ شہادت کی دلیل ہو سکتی ہے، اور ممکن ہے کہ اسے رشتہ ازدواج کے سبب رزق و منصب

Marfat.com

اور اکابرین کا قرب حاصل ہو، اس لئے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ ذوالنورین اور دو صاحبزادیوں کے شوہر تھے، جو شخص حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو زندہ دیکھے تو وہ دیندار، جان و مال سے جہاد کرنے والا اور قرآن کی حفاظت، اور دشمنوں سے احتیاط برتتا ہے، اور حضرتِ عثمان رضی اللہ عنہ کو بہادر یا نیک یا مدینۃ الرسول صلی اللہ علیہ وسلم میں دیکھنا منافقت اور کھوٹ سے قلب کی سلامتی و برأت کی دلیل ہے، اگر ان کو تصرف اور بیع وشراء کرتے دیکھے تو صاحب خواب طالبِ دنیا اور خود کو علم سے آراستہ کرتا ہے، جو شخص حضرتِ عثمانؓ کو اپنے گھر میں شہید دیکھے تو آلِ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو سب وشتم کرتا ہے، اور اس کا قلب ان کی طرف مائل نہیں ہے، جو ان کو بازار میں دیکھے تو اس کا حشر شہداء و صالحین کے ساتھ ہوگا اور اسے علم حاصل ہوگا، اور جو ان کو اپنے گھر میں محصور دیکھے تو وہ عالمِ کبیر پر ظلم کرے گا، بادشاہ اگر دیکھے کہ اس کی صورت حضرتِ عثمان رضی اللہ عنہ کی طرح ہوگئی ہے یا ان کا لباس پہنا ہے تو اس کی رعایا اس کو قتل کرے گی، جو دیکھے کہ اس نے حضرتِ عثمان رضی اللہ عنہ کی صحبت اٹھائی ہے یا ان کے ہمراہ شریک ہوا ہے یا ان کے ساتھ سکونت اختیار کی ہے تو اس کو چاہئے کہ تلوار یا جیل یا عذاب کی صورت میں مصیبت برداشت کرنے کے لئے خود کو تیار کرلے، جو ان کو زندہ حالت میں دیکھے تو اسے حیاء و ہیبت سے نوازا جائے گا اور اس کے حاسدین زیادہ ہوں گے۔

## ۱۸۴۱۔ العفص (مازو کا درخت)(۱)

یہ خواب میں دیکھنا بڑھنے والا مال و دولت ہے۔

## ۱۸۴۲۔ العفو (عفو و درگذر)

خواب میں جو دیکھے کہ اس نے کسی گنہگار (مجرم) کو معاف کیا ہے تو وہ کوئی عمل کرے گا جس پر اللہ تعالیٰ اس کی مغفرت فرمائیں گے، اور جسے معاف کیا گیا ہے اس کی عمر طویل ہوگی، معافی مغفرت کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ کسی دوسرے شخص نے اس کو معاف کیا ہے تو اس کی عمر طویل ہوگی اور رفعت و بلندی ملے گی، قدرت کے باوجود معاف کرنا خشیت الٰہی اور خوفِ خدائے عزوجل کی دلیل ہے، خواب میں جسے اللہ تعالیٰ معاف کریں تو وہ تائب ہوگا اور ہدایت پائے گا اور اس کا انجام اچھا ہوگا۔

## ۱۸۴۳۔ العقاب (عُقاب)

خواب میں عقاب پرندہ طاقتور، زور آور اور صاحبِ اقتدار آدمی ہے، جس سے نہ دور کا امن میں ہو اور نہ قریب کا، اگر عقاب کسی آدمی کے گھر پر آکر گرا ہے تو وہ ملک الموت ہے، جو شخص دیکھے کہ اس نے عقاب پایا ہے تو وہ ذی قوت بادشاہ سے میل ملاپ رکھے گا خواہ وہ اس کی اطاعت کرے یا مخالفت، عقاب کے بچے بہادر لڑکا ہے جو بادشاہ سے اختلاط

(۱) مازو کا درخت: ایک درخت ہے اس کے پھل دوا کے بنانے میں استعمال ہوتے ہیں جس دوا سے سیال شے کو خشک کیا جاتا ہے۔ منہ

Marfat.com

رکھتا ہے، اور جو دیکھے کہ عقاب نے اپنے پنجہ سے اس کو مارا ہے تو وہ جانی و مالی شدت سے دوچار ہوگا، اور اس جگہ کے اہلیان بھی مصیبت میں گرفتار ہوں گے، اور عقاب کا گوشت کھانا حریص ہونے کی دلیل ہے، اور عقاب گمنام بادشاہ ہے، اور عقاب کو درخت پر بیٹھا دیکھنا خیر و برکت اور حصولِ نعمت کی دلیل ہے، اور عقاب کو ٹھیک سیدھا اڑتے دیکھنا تمام دشمنوں کے خلاف کامیابی کے حصول کی دلیل ہے اور جو شخص کوئی کام شروع کرنا چاہتا ہے اس کا عقاب کو کسی چٹان یا درخت یا کسی بلند جگہ پر دیکھنا خیر کی دلیل ہے، اور مسافر کا یا خائف شخص کا اس کو اس طرح دیکھنا شر کی دلیل ہے، جو عقاب کو دیکھے کہ اس کے سر پر گرا ہے تو وہ فوت ہوگا، جو دیکھے کہ وہ عقاب پر سوار ہوا ہے تو یہ کسی بادشاہ یا مالدار یا معزز شخص کی موت کی دلیل ہے، اور یہ خواب فقراء کے لحاظ سے مالداروں کی مصاحبت کی دلیل ہے، اور مسافر کے حق میں سفر سے واپسی کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ عقاب کو ڈراتا دھمکاتا ہے تو یہ بڑے شخص کے ڈرانے دھمکانے کی دلیل ہے، جو عقاب کو خواب میں دیکھے کہ وہ اس کے قریب ہوتا ہے اور اس کو کچھ دیتا ہے یا اس سے باتیں کرتا ہے تو یہ خیر و منفعت کے حصول کی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ عورت نے عقاب جنا ہے تو وہ ایک لڑکا جنے گی جو سپاہی یا قوم کا سردار بنے گا، اگر غلام مردہ عقاب کو دیکھے تو یہ اس کے آقا کی وفات کی دلیل ہے، اور چوروں لٹیروں اور دھوکہ باز لوگوں کا عقاب دیکھنا عِقاب (سزا) ملنے کی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ عقاب نے اس کو اٹھایا ہے اور اسے لے کر اڑ گیا ہے تو وہ شریف بنے گا یا دور کے سفر پر روانگی ہوگی، اور لڑائی میں موجود شخص کا عقاب دیکھنا دشمن کے خلاف نصرت و ظفریابی کی دلیل ہے، کیونکہ یہ علم نبوی تھا، عقاب کے پروں سے چونکہ تیر بنائے جاتے ہیں، اس لئے عقاب مالِ کثیر کی بھی دلیل ہے، اور مادہ عقاب خطا کار عورتیں ہیں۔

## ۱۸۴۴۔ العقاب (سزا) دیکھئے القصاص (جزاء سزا)۔

## ۱۸۴۵۔ عقاد الازرار (بساطی)

جو دلیل عقد نکاح کرانے والے کی ہے وہی بساطی (دھاگے بٹن وغیرہ بنانے والا) دیکھنے کی دلیل ہے، اور حاجتمندوں کا بساطی کو دیکھنا تنگدستی کی دلیل ہے۔

## ۱۸۴۶۔ العُقَار (شراب) دیکھئے الخمر (شراب)

## ۱۸۴۷۔ العَقّار (دوا) دیکھئے الدواء (دوا)۔

## ۱۸۴۸۔ العقاقیری (دوا فروش) دیکھئے الصیدلانی (دوا فروش)۔

## ۱۸۴۹۔ العَقب (اولاد)

خواب میں اولاد کی تعبیر اولاد سے کی جاتی ہے، جو دیکھے کہ وہ لاولد ہے تو وہ اپنے پیچھے کوئی ولد نہیں چھوڑے گا،

Marfat.com

جو اپنی ایڑی دیکھے کہ کٹ گئی ہے تو اسکی اولاد فوت ہوگی، بائیں ایڑی بنات (لڑکیوں) اور دائیں بنین (لڑکوں) کی دلیل ہے، ایڑی انسان کی دینی و دنیوی انجام کی دلیل ہوتی ہے، اور ایڑی انسان کے متروکہ مال و اولاد کی دلیل ہے، خواب میں ایڑی کا خوبصورت ہونا اعمالِ صالحہ کی دلیل ہے، اعقاب (ایڑی) عقاب (سزا) کی بھی دلیل ہے اس شخص کے لئے جو وضو کامل نہیں کرتا اور تمام اعضاء پر پانی نہیں بہاتا ہے۔ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے: "ویل للاعقاب من النّار" (رواہ البخاری) یعنی خشک ایڑیوں کیلئے جہنم کا عذاب ہے۔

## ۱۸۵۰۔ العقب (ایڑی)

جو شخص خواب میں اپنے پاؤں کی ایڑی ٹوٹی ہوئی دیکھے تو وہ کسی کام کے لئے کوشش کرے گا جس پر پھر اسے ندامت اٹھانا ہوگی۔

## ۱۸۵۱۔ العقبة (گھاٹی)

خواب میں جو شخص گھاٹی پر کسی کام سے چڑھے تو وہ اپنے قصد و ارادہ کے مطابق دنیا و آخرت کی تحصیل میں اپنے نفس کو مشقت میں ڈالے گا، اور گھاٹی سخت عورت یا اس جنگجو سخت آدمی کی دلیل ہے جو حیلہ بازی کے بغیر گرفتار نہ ہو سکے، اور خواب میں گھاٹی دیکھنا اس دوست یا شریک کی دلیل ہے جس سے مال و جان محفوظ نہ ہو، اور گھاٹی کبھی اس عمل کی دلیل ہوتی ہے جس کے ذریعہ انسان خطرات سے نجات پاتا ہے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد پاک ہے:

"فلا اقتحم العقبة، وما ادراك ما العقبة" (البلد: ۱۲،۱۳)

یعنی "وہ شخص (دین کی) گھاٹی میں سے ہو کر نہ نکلا، اور آپ کو معلوم ہے کہ گھاٹی (سے) کیا مراد ہے"

گھاٹیاں تکالیف، مشکلات اور خطرات یا عقاب و سزا اور تعلیمِ ادب یا اس جانور یا زوجہ یا باندی یا پل وغیرہ کی دلیل ہیں جنہیں انسان روندتا ہے۔

## ۱۸۵۲۔ العقد (گرہ لگانا)

گرہ لگانا عقدِ نکاح یا معاملہ تجارت کی دلیل ہے، رسّی کو گرہ لگانا دین کی علامت ہے، رومال کو گرہ لگانا حصولِ خادم کی دلیل ہے، شلوار میں ازار ڈالنا عورت کے ساتھ عقد کی دلیل ہے، دھاگے میں گرہ لگانا ولایت یا تجارت یا شادی جیسے کام کی مضبوطی کی دلیل ہے جس کی وہ خواہش رکھتا ہے، گرہ لگانا معاملات میں آسانی پیدا ہونے کی دلیل ہے، اگر گرہ نہ لگے تو پھر دشواری ہوگی، اور گرہیں دیکھنا عہد و پیمان کی بھی دلیل ہیں۔

Marfat.com

## ۱۸۵۳۔ العِقد (ہار)

خواب میں عورتوں کے لئے موتیوں کا ہار ان کی زینت و جمال ہے، اور موتی اور مونگے سے پرویا ہوا ہار موتیوں کی صفائی اور خوبصورتی کے بقدر پرہیز گاری خوف و ڈر اور حفظ قرآنِ کریم کی دلیل ہے، ہار میں جڑے جواہرات اس کے عمل کا جوہر ہے، عورت کا ہار اس کا شوہر یا اولاد ہے، اور مرد کا ہار اگر غیر شادی شدہ ہے تو شادی کرنا ہے۔ اگر اس کے ہاں حاملہ ہو تو وہ لڑکا جنے گی، اور تعبیر کے اعتبار سے پروئے ہوئے موتی اللہ کا کلام ہے، جو اپنے جسم پر بہت سے ہار دیکھے اور ان کے اٹھانے سے بے بس ہو رہا ہے تو وہ اپنے علم پر عمل کرنے سے کمزوری دکھا رہا ہے۔

## ۱۸۵۴۔ العَقر (زخم)

خواب میں پاؤں کا زخم مصیبت وغم اور تکلیف کے پیش آنے کی دلیل ہے، اگر انسان نے اس کو زخمی کیا ہے تو زخمی شدہ کو زخمی کرنے والے کی طرف سے تکلیف پہنچے گی۔

## ۱۸۵۵۔ العقرب (بچھو)

خواب میں بچھو چغلخور انسان کی طرف سے تکلیف و پریشانی پہنچنے کی دلیل ہے، بچھو لوگوں کے درمیان چغلخوری کرنے والا آدمی ہے، بچھو کا ڈسنا فائدہ ہے جو انسان کو حاصل ہوگا، اگر بچھو نے اس کو مارا ہے تو دشمن اس کی غیبت کرے گا، یا ناگوار حالت پیش آئے گی، بچھو کا اس کے گھر میں چلنا دشمن کی موت ہے، اگر بچھو کا پکا ہوا یا بھنا ہوا گوشت کھایا ہے تو اسے دشمن سے حلال میراث کی طرح مال حاصل ہوگا، اگر گوشت کچا ہو تو وہ مالِ حرام ہے، اگر اپنی قمیض یا دکان میں بچھو دیکھا تو وہ دشمن ہے اور کسب و معاش کی پریشانی ہے، اگر اس کو اپنے بستر پر دیکھا ہے تو وہ دشمن ہے اور گھریلو پریشانی ہے۔ اگر اپنے پیٹ میں بچھو دیکھے تو یہ کام کرنے والوں میں سے کسی کے دشمن ہونے کی دلیل ہے، اگر اس کی دبر سے بچھو نکلے ہیں تو یہ پوتوں کی طرف سے دشمنوں کی دلیل ہے، یا ان کے درمیان عداوت واقع ہوگی، جو کچا بچھو کھائے تو وہ فاسق کی غیبت کرے گا، بچھو ایسے آدمی کی دلیل ہے جو دوست دشمن کی پہچان نہیں رکھتا، اور بچھو غیبت کرنے والا کمزور ہمت دشمن ہے، بچھو کو مار ڈالنا دشمن پر غلبہ کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں بچھو ہے جو لوگوں کو ڈستا ہے تو یہ انسان ہے جو لوگوں کی غیبت کرتا ہے اور ایک دوسرے کو مشتعل کرتا ہے، جو بچھو کی طرح کوئی چیز دیکھے جب کہ وہ حقیقۃً بچھو نہیں ہے تو یہ ایک آدمی ہے جسے یہ اپنا دشمن خیال کرتا ہے حالانکہ وہ دشمن نہیں ہے، بچھو کا کاٹنا آدمی کی زبان اور چغلخور ہے۔

## ۱۸۵۶۔ العقعق (دیسی کوّا)

خواب میں دیسی کوّا (Magpee) برا آدمی ہے جسے نہ امانت داری کا پاس ہو نہ وفاداری کا خیال اور نہ کسی سے

Marfat.com

محبت کرتا ہو، ملعون ذخیرہ اندوز ہے جو مہنگائی کا انتظار کرتا ہو، یا پھر صاحبِ ثروت و دولت ہے، دیسی کوّا جس سے باتیں کرے تو غائب کے بارے میں کوئی خبر آئے گی، جو دیکھے کہ دیسی کوّا اس کے ہاتھ لگا ہے تو وہ دھوکہ باز فاسق آدمی کے ساتھ ملے گا، اور جو دیکھے کہ اس نے دیسی کوّے کا علاج کیا ہے تو وہ ایسے امر کو حل کرنے کے درپے ہوگا جو کہ پورا ہونے کو نہیں ہے۔

## ۱۸۵۷۔ العقوبة (سزا) دیکھئے القصاص (جزا سزا)۔

## ۱۸۵۸۔ العقوق (نافرمانی کرنا)

نافرمانی کرنا کبیرہ گناہ میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے جیسے اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک کرنا، ناحق کسی شخص کو قتل کرنا وغیرہ، فاسق فاجر لوگوں کی نافرمانی اور برے دوستوں سے ترکِ تعلق اللہ تعالیٰ سے ڈرنے اور ایسے عمل سے اس کا قرب ڈھونڈنے کی دلیل ہے جس سے وہ ذات راضی ہو۔

## ۱۸۵۹۔ العقیق (عقیق پتھر)[1]

عقیق فقر و افلاس کی دوری ہے، جیسا کہ نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام سے منقول ہے کہ آپ نے فرمایا: "العقیق ینفی الفقر" کہ عقیق فقر کو دور کرتا ہے، عقیق پہلا پتھر ہے جس نے اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کا اقرار کیا، جو خواب میں عقیق کی انگوٹھی پہنے تو وہ مبارک شے کا مالک ہوگا، عقیق اولاد و نسل اور دین و صلاح ہے، سفید عقیق سرخ سے بہتر ہے۔

## ۱۸۶۰۔ العقیقة (عقیقہ کرنا)

عقیقہ غائب کے آنے کی بشارت یا مریض کی عافیت کی دلیل ہے، یا قیدی کی رہائی ہے، عقیقہ اتباعِ سنت اور ایمان کی زیادتی پر دلیل ہے، اگر خواب میں وہ جانور ذبح کیا جو کہ بیداری میں ذبح کرنا جائز ہے تو یہ اس کے دنیا و آخرت کے معاملات کے اچھا ہونے کی دلیل ہے، اگر لوگوں کے لئے خنزیر ذبح کیا ہے یا ان کے سامنے کوئی مردار پیش کیا ہے حالانکہ اس کے حرام ہونے کا اسے علم ہے تو یہ پروردگار یا والدین کی نافرمانی کی دلیل ہے۔

## ۱۸۶۱۔ العکّام (اونٹ ہانکنے والا)

خواب میں اس کو دیکھنا طولِ عمر اور جھکنے کی دلیل ہے۔

## ۱۸۶۲۔ علاج الاورام (ورم کا علاج)

خواب میں ورم کا علاج غائب کا اپنے وطن واپس لوٹنا یا ناامیدی کے بعد اشیاء کا اپنی جگہ واپس آنا ہے، اور ورم کا

---

(۱) عقیق: سرخ رنگ کا قیمتی پتھر جس کے نگینے بنائے جاتے ہیں۔ منہ

Marfat.com

علاج کرنا زوالِ عہد و منصب کی دلیل بھی ہوسکتا ہے۔

## ۱۸۶۳۔ العلاف (چارہ فروش)

خواب میں چارہ فروش کریم النفس اور فضائل و خصوصیات رکھنے والا آدمی ہے، چارہ فروش کو دیکھنا مسافر فقراء کے رزق میں تصرف کرنے والا یا کسلمند (سست و کاہل) لوگوں کی دلیل ہے۔ دیکھئے الحناط (گندم فروش)

## ۱۸۶۴۔ العلاوۃ (زائد سامان)

خواب میں زائد سامان خبر رسانی، حاجت روائی اور گھر کے خادم کی بھی دلیل ہے۔

## ۱۸۶۵۔ العلق (بستہ خون)

خواب میں بستہ خون اس کیڑے کی مانند ہے جو انسانی جسم کو کھاتا ہے، بستہ خون اس کے اہل وعیال ہیں، جو شخص دیکھے کہ اس کی ناک یا دبر یا منہ سے بستہ خون خارج ہوا ہے تو اس کی بیوی کمالِ حمل سے قبل ہی ولد ساقط کرے گی، اور بستہ خون دشمنوں کی دلیل بھی ہے۔

## ۱۸۶۶۔ العِلک (گوند)

جو شخص خواب میں خود کو دیکھے کہ وہ گوند چباتا ہے تو وہ کوئی بے حیائی کے کام کا ارتکاب کرے گا، اس لئے کہ گوند چبانا قومِ لوط کے عمل میں سے ہے۔

## ۱۸۶۷۔ العِلم (علم)

جو خواب میں علم سے موسوم ہوا ہو تو یہ اس کے حق میں خوبصورت لڑکے کی خوشخبری ہے، اور کتاب اللہ یا سنت کا علم جاہل شخص کے حق میں رحمتِ خداوندی اور لطفِ الٰہی کی دلیل ہے، اور اگر سحر و جادو یا اس طرح کا علم سیکھا تو یہ اس کی بدعت و ضلالت کی دلیل ہے۔

## ۱۸۶۸۔ العَلم (عَلَم)

خواب میں عَلَم (جھنڈا) دیکھنا عالم زاہد آدمی کی دلیل ہے، یا ایسے غنی کریم کی دلیل ہے جس کی لوگ پیروی کرتے ہیں، اور سرخ رنگ کے عَلَم حرب ولڑائی کی دلیل ہیں، زرد رنگ کے عَلَم لشکروں میں بلا و مصیبت واقع ہونے کی دلیل ہیں، اور سبز رنگ کے عَلَم اچھے سفر کی علامت ہیں، سفید عَلَم بارش کی دلیل ہیں، اور سیاہ رنگ کے عَلَم قحط زدگی کی نشانی ہیں، کوئی متردد شخص اگر خواب میں عَلَم دیکھے تو یہ اس کی ہدایت کی دلیل ہے، اور عورت کا عَلَم دیکھنا زوج (خاوند) کی علامت ہے۔

Marfat.com

## ۱۸۶۹۔ بلند شانی

خواب میں بلند شانی مرتبہ کی پستی کی دلیل ہے، بعض عارفین کا قول ہے کہ بلند مرتبہ کو پسند کرنا ذلت و رسوائی کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ وہ کسی قوم پر بلند مرتبہ ہونے کا ارادہ کرتا ہے تو وہ تکبر کرے گا اور پھر ذلیل و رسوا ہوگا، اگر دیکھے کہ وہ شان و شوکت کو نہیں چاہتا ہے تو اسے رفعت و سرور حاصل ہوگی۔

## ۱۸۷۰۔ العِلیّۃ (بالاخانہ)

دیکھئے الغرفۃ (بالاخانہ)۔

## ۱۸۷۱۔ العمی (اندھا ہونا)

خواب میں اندھا پن دین کے بارے میں گمراہی ہے۔ اندھا ہونا مالداری بھی ہے، چنانچہ جو خواب میں دیکھے کہ وہ نابینا ہے تو وہ مستغنی ہوگا، اور جو دیکھے کہ وہ اندھا ہے تو وہ قرآنِ کریم بھول جائے گا، اگر دیکھے کہ کسی انسان نے اس کو اندھا کیا ہے تو وہ شخص اس کو گمراہ کرے گا، اگر کوئی کافر دیکھے کہ کسی نے اس کو اندھا کیا ہے تو وہ اسکا اعتقاد تبدیل کرے گا، اور اندھا ایسا فقیر آدمی ہے جو دین کے لئے مضر اعمال کرتا ہے، اگر کافر دیکھے کہ وہ نابینا ہے تو وہ کافر کسی غم و مصیبت یا فکر و پریشانی یا خسارہ سے دوچار ہوگا، اگر خود کو نابینا اور جدید لباس و ملبوس میں لپٹا ہوا دیکھے تو وہ موت کا شکار ہوگا، اور جو شخص دیکھے کہ وہ اندھا ہے تو اس کے ذمہ جہاد یا حج ہے، یا اسے علم و حکم (حکومت) حاصل ہوگی، حضرت اسحاق و یعقوب علیہما السلام کا واقعہ اس کی دلیل ہے، اگر نابینا شخص دیکھے کہ اس نے قبلہ کی طرف پشت کی ہے تو وہ کسی گمراہی میں مبتلا ہے، اور جو دیکھے کہ اس کی دونوں آنکھیں اندھی ہوگئی ہیں تو وہ اپنے اور اللہ کے درمیان قائم ستر چاک کرے گا، خواب میں جس کی بصارت ختم ہوگئی ہو تو وہ مالداری کے بعد فقیر ہوگا یا فقر کے بعد مالدار ہوگا یا اپنی عزیز چیز مال یا اولاد کو مفقود کرے گا، اور اندھا ہونا بہرہ پن یا دنیا کی حقارت یا راز کی پوشیدگی کی دلیل ہوتا ہے، مسافر اجنبی کا اندھا ہونا اس بات کی دلیل ہے کہ وہ اپنے وطن واپس نہیں لوٹے گا، قیدیوں کے حق میں اندھا پن خلاصی کی دلیل ہے، کیوں کہ لوگ اندھے آدمی پر رحم کھاتے ہیں اور اس کا ہاتھ پکڑ کر جہاں چاہتے ہیں لے جاتے ہیں۔

## ۱۸۷۲۔ العمامۃ (پگڑی)

خواب میں پگڑی آدمی کی وجاہت، شرافت و قوت اور ولایت ہے، چنانچہ جو دیکھے کہ اس کی پگڑی اتر کر اس کی گردن پر آگئی ہے تو وہ ولایت سے معزول ہوگا، اور اگر پگڑی اس کے سر کے اوپر سے اچک لی گئی ہو تو بھی یہی تعبیر ہے، اور اگر صاحب خواب والی و حاکم نہ ہو تو وہ اپنی زوجہ کو طلاق دے گا یا اس کا مال و جاہ جاتا رہے گا، اگر اپنی پگڑی کو دیکھے کہ وہ سونے کی ہوگئی ہے تو اس کی ولایت جانے والی ہے یا اس کی زوجہ یا مال و جاہ جانے کو ہے، اور جو دیکھے کہ کسی حاکم نے اس کو پگڑی پہنائی ہے (دستار بندی کی ہے) تو وہ کسی ولایت کا متولی ہوگا یا متقی زوجہ سے نکاح کرے گا، اور پگڑی

Marfat.com

نصرت و مدد کی بھی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ اس نے پگڑی پہنی ہے تو اس کی ریاست وضعت میں اضافہ ہوگا، اگر پگڑی ریشم اور اون کی بنی ہو تو مال میں اضافہ ہوگا، اگر پگڑی اون کی ہو تو ولایت اور دین میں صلاح حاصل ہوگی، اگر پگڑی خالص ریشم کی ہو تو یہ فسادِ دین کے ساتھ حکومت ہے اور اس کا مال بھی حرام کا ہے، اگر پگڑی کے اوپر ایک اور پگڑی باندھی ہے تو اسکی وجاہت میں زیادتی ہوگی اور ولایت میں استوارگی آئے گی، زرد رنگ کی پگڑی سر کی بیماری ہے اور سیاہ پگڑی سرداری ہے، اگر بادشاہ دیکھے کہ اس کی پگڑی گھر کی مانند ہے اور اس کی انتہاء پازیب کی طرح ہے تو وہ بادشاہت سے برطرف ہوگا، اگر وہ والی ہے تو اپنی ولایت سے معزول ہوگا، پگڑیاں عرب کے تاج ہیں، اور لفظ عمامہ عمی (اندھے پن) یا ھم (فکر وغم) کی دلیل ہے، خواب میں جو کوئی نماز بغیر عمامہ (پگڑی) کے پڑھے تو یا اس کے وضو میں شک ہے یا اس کے رکوع سجدہ میں نقص ہے، جو کسی مشرک کے سر پر پگڑی دیکھے تو وہ مسلمان ہوگا، کیونکہ وارد ہوا ہے کہ "مشرکوں اور ہمارے مابین فرق ٹوپیوں کے اوپر پگڑیاں پہننے سے ہوتا ہے"۔ جو صاحب سلطنت سے خوفزدہ ہو اور اس کو خواب میں خوبصورت پگڑی میں دیکھے تو وہ اس پر بردبار ہوگا اور وہ اس کے شر سے باامن ہوگا۔

## ۱۸۷۳۔ عمرہ کرنا

خواب میں عمرہ کرنا عمر کی انتہاء کی دلیل ہے، اور مریض کا اپنی عمر کی انتہاء کو پہنچنا ظاہر کرتا ہے، اور ممکن ہے کہ عمرہ عمرہ کرنے والے کے مال و عمر میں اضافہ کی دلیل ہو۔

## ۱۸۷۴۔ العمش (چوندھیانا)

خواب میں چوندھیانا محارم سے نگاہ پست رکھنے اور محرموں کو نہ دیکھنے یا اس کی حالت کی کمزوری کی دلیل ہے۔

## ۱۸۷۵۔ عمل کرنا

خواب میں ناقص اور ادھورا عمل بیکاری کی دلیل ہے، اور امید شدہ چیز سے مایوسی کی دلیل ہے، اور کامل عمل حیات کی دلیل ہے، جو شخص دیکھے کہ وہ اچھا کام کرتا ہے تو وہ آزاد عورتوں (جو لونڈی نہ ہوں) سے اولاد کا طالب ہے اور ان عورتوں سے اس کے لئے اولاد ہوگی، اور مالداروں اور طاقتوروں کے حق میں خیر کی دلیل ہے، نیز ملک و ریاست کے حصول کی دلیل ہے۔

## ۱۸۷۶۔ العمّة (پھوپھی)

خواب میں انسان کی پھوپھی اس کا کھجور کا درخت ہے، اگر اس کا کھجور کا درخت نہ ہو تو پھر پھوپھی اس کا کوئی عصبی رشتہ دار جیسے چچا اور باپ کی دلیل ہوگا، اور پھوپھی کبھی اس کی نعمت یا اس کے عمامہ پر دال ہے کیونکہ عمّة (پھوپھی)

Marfat.com

کا لفظ اور اصل نعمت اور عمامہ میں موجود ہے۔

## ۱۸۷۷۔ العمود (ستون)

خواب میں ستون دین ہے، جو دیکھے کہ آسمان سے ستون اترا ہے تو اللہ تعالیٰ اس پر عادل اور حلیم المزاج سلطان کی صورت میں اپنا فضل و احسان فرمائیں گے، جو غلام دیکھے کہ وہ ستون کے ساتھ مارا گیا ہے تو وہ فروخت ہوگا اور اس کی قیمت حاصل کی جائے گی، اگر وہ آزاد ہو تو خطرہ ہے کہ وہ اسیر ہو اور غلام کی طرح بیچا جائے، جو دیکھے کہ اس نے کسی ستون کی بنیاد سے ٹیک لگائی ہے یا اسے خریدا ہے تو وہ بوڑھی عورت سے سہارا لے گا اور عمر رسیدہ عورت سے شادی کرے گا، وجہ اس کی یہ فرمانِ خداوندی ہے: "والقواعد من النساء" (النور: ٦٠)، اور جو شخص دیکھے کہ ایک ستون اپنی جگہ سے مائل ہوا ہے اور وہ شخص والیِ وقت ہے تو اس کا عامل نفاق اور بغاوت کی جانب میلان رکھتا ہے، اور اگر وہ غلام ہے تو اس کا آقا اس سے نفرت و کراہت کرے گا یا اس کو فروخت کر دے گا، ستون ان اشخاص کی دلیل ہوتے ہیں جن پر اہم امور اور مشکلات کے دفع کرنے میں اعتماد کیا جاتا ہے، جو دیکھے کہ وہ چند ستونوں کا مالک بنا ہے اور حال یہ ہے کہ وہ ملوکیت کا اہل ہے تو بادشاہ بنے گا، اگر وہ عالم ہو تو اربابِ دین اس کے پاس جمع ہوں گے، اور ستون والد یا اولاد یا مال یا شریک یا چوپایہ یا زوجہ ہے، جو خود کو دیکھے کہ ستون بن گیا ہے تو وفات پائے گا، اور عمود (ستون) دموع (آنسو) ہے کیونکہ مادۂ اشتقاق پایا جاتا ہے، سنگِ مرمر کا ستون مال و دولت یا مرد یا شریف عورت ہے، اگر ستون پتھر کا ہو تو وہ جلد بدل جانے والا ہے اس میں استقلال نہیں ہے، اگر ستون لکڑی کا ہو تو وہ منافق ہے، اگر ستون مسجد کا ہو اور وہ اپنے مقام سے مائل ہوا ہو تو سلطان کا کوئی آدمی اس کی اطاعت سے نکلے گا (سرکش ہوگا)، اگر وہ کسی گرجا گھر کا ستون ہو تو یہ کسی کافر یا بدعتی کی ہلاکت کی دلیل ہے جیسے راہب اور خادمِ کنیسہ۔

## ۱۸۷۸۔ العناب (عناب دوا)

خواب میں عناب (یونانی دوا ہے) نافع، شریف، باعزت اور مشکلات کے وقت ثابت قدم رہنے والے آدمی کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ وہ عناب چوستا ہے تو وہ والی ہوگا دلیل اللہ تعالیٰ کا یہ ارشادِ پاک ہے: "الذی جعل لکم من الشجر الاخضر نارًا" (یٰس: ۸۰) علماء کہتے ہیں کہ اس سے عناب کا درخت مراد ہے، اور عناب کا درخت کامل العقل اور خوبرو شخص کی دلیل ہے، اور ممکن ہے کہ عناب عورت کی مہندی سے رنگین انگلیوں کی علامت ہو۔

## ۱۸۷۹۔ العناد (ہٹ دھرمی) دیکھو اللجاجۃ (ہٹ دھرمی)

## ۱۸۸۰۔ العناق (معانقہ کرنا)

جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ کسی زندہ شخص سے معانقہ کرتا ہے تو وہ اس سے معانقہ کی طوالت کے بقدر میل جول رکھے گا، اور اگر کسی مردہ سے معانقہ (گلے ملنا) کیا ہے یا اس سے کم میل جول رکھا ہے تو اس کی زندگی طویل ہوگی، اگر مردہ

Marfat.com

نے اس سے معانقہ کیا ہے تو وہ وفات پائے گا، اور جو دیکھے کہ وہ عورت سے معانقہ کرتا ہے تو وہ دنیا سے ہمکنار اور آخرت سے مایوس ہے۔

## ۱۸۸۱۔ العنب (انگور)

خواب میں انگور اچھا اور دائمی رزق ہے، اور بے وقت اور بے موسم انگور دیکھنا قبل از وقت حصولِ خیر کی دلیل ہے، یا پھر قبل از وقت حرام کے حصول کی علامت ہے، اور انگور کا خوشہ پکڑنا کسی عورت سے مالِ کثیر کے حصول کی دلیل ہے، سیاہ انگور عارضی رزق کی دلیل ہے، اور اس کے موسم میں اس کو دیکھنا فکر وغم ہے، اور بے موسم دیکھنا مرض ہے، اگر انگور لٹکے ہوئے ہوں تو یہ شدید خوف کی دلیل ہے، جس نے خواب میں بادشاہ کے دروازے سے سیاہ انگور اٹھائے اسے کوڑے لگیں گے، سفید انگور خیر و شفاء ہی کی دلیل ہیں اس لئے کہ حضرت نوح علیہ السلام سِل بیماری میں مبتلا ہوئے تھے تو اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف یہ وحی کی تھی کہ تم انگور کھاؤ چنانچہ انہوں نے ایسا کیا تو بیماری سے شفاء ہوگئی، سیاہ انگور قلیل نفع ہے، بعض کہتے ہیں وہ فکر وغم ہے، اور انگور اس کے موسم میں دیکھنا خیر کی دلیل ہے، نیز منافع کی علامت ہے جو عورتوں سے یا عورتوں کے سبب حاصل ہوں گے، خواب میں انگور کھانا شراب نوشی کی دلیل بھی ہوسکتا ہے، جس طرح شراب نوشی انگور خوری کی دلیل ہوتا ہے۔ اور انگور کھانا کریم شخص کی طرف سے ملنے والا رزق یا کسی عیب کی دلیل ہوتا ہے۔

## ۱۸۸۲۔ العنبر (عنبر)

خواب میں عنبر بڑے بلند مرتبہ اور صاحبِ علم آدمی سے حاصل ہونے والا مال و نفع ہے، اگر عنبر کو استعمال کیا گیا ہے تو یہ اچھی تعریف ہے، اور عنبر عظیم املاک یا اس باغ کی دلیل ہوسکتی ہے جس سے پھل چنا جائے یا علماء سے حاصل ہونے والے نفیس علم کی علامت ہے، اور عنبر بحری جہت سے حاصل ہونے والا نفع اور خیر کی دلیل ہے، جو خواب میں عنبر کو آگ پر ڈالے تو وہ اپنے دین میں کوئی بدعت نکالے گا یا اپنا مال و جاہ برباد کرے گا، اور شے کو بے محل رکھے گا۔

## ۱۸۸۳۔ العندلیب (بلبل)

خواب میں بلبل قاری یا مطرب (بے حد مگن) آدمی کی دلیل ہے، یا شیریں کلام لطیف عورت کی علامت ہے، اگر سلطان اپنے پنجرہ میں بلبل دیکھے جو خوش آواز ہو تو اس کا وزیر کامل مدبّر اور بہترین مشیر ہے۔

## ۱۸۸۴۔ العنز (بکری)

جو خواب میں دیکھے کہ بکری اس کے ہاتھ لگی ہے تو اسے باندی یا بدکار فاسد الدین عورت حاصل ہوگی، اور جس نے بکری پائی ہو تو اسے کشادہ رزق اور خیر و خوشحالی حاصل ہوگی۔ اگر عورت بکری دیکھے کہ اس کے گھر میں داخل ہوئی ہے تو

Marfat.com

کامل ایک سال اس کے گھر فقر و افلاس آئے گا، بکری کم تر خادم اور کام سے عاجز و بے بس عورت کی دلیل ہے، کیونکہ بکری فقیر کی طرح عاجز ہوتی ہے۔

## ۱۸۸۵۔ العنصل (جنگلی پیاز)

خواب میں جنگلی پیاز (جو بطورِ دوا استعمال کیا جاتا ہے) بیہودہ فاسق آدمی کی دلیل ہے جس کی قباحت و مذمت کی جاتی ہے۔

## ۱۸۸۶۔ العنفقة (ریش بچہ)(۱)

خواب میں ریش بچہ زوجہ یا باندی کی دلیل ہے، ریش بچہ آدمی کا وہ مددگار ہے جس پر وہ فخر کرتا ہے۔

## ۱۸۸۷۔ العنق (گردن)

خواب میں گردن جائے امانت ہے، اگر اپنی گردن کو پتلا دیکھا ہے تو وہ ظالم اور بارِ امانت اٹھانے سے عاجز ہے، جو اپنی گردن میں سانپ دیکھے جو لپٹا ہوا ہو تو وہ اپنے مال کی زکوٰۃ ادا نہیں کرتا ہے۔ اگر حاکمِ وقت اپنی گردن میں سختی دیکھے تو یہ اس کی قوتِ عدل اور اپنے دشمنوں پر قہر و غلبہ کی دلیل ہے، جو خواب میں اپنی گردن میں درد تکلیف دیکھے (یعنی محسوس کرے) تو وہ ادائے امانت یا معاشرت میں برا ہے، جو اپنی گردن کو دیکھے کہ وہ تلوار سے اڑائی گئی ہے تو اگر وہ مریض ہے تو شفاء ہوگی، اگر نوخیز بچہ نے اس کی گردن اڑائی ہے تو وہ وفات پائے گا، کیوں کہ نوخیز بچہ بادشاہ کے مشابہ ہے، اور جس کی گردن اڑائی گئی وہ پریشان حال ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی پریشانی دور فرمائیں گے، اگر وہ غلام ہے تو آزادی نصیب ہوگی، اگر اس کے ذمہ قرض ہے تو وہ ادا ہوگا، یہی تعبیر قیدی کی ہے کہ وہ جیل سے رہا ہوگا، اور گردن ولایت، گواہی، وصیت، زکوٰۃ اور قرض کی جگہ ہے، لہٰذا جو شخص دیکھے کہ اس کی گردن خوبصورت اور موٹی ہے جو اس کے بدن کے لائق ہے تو یہ عظیم منصب و عہدہ کی دلیل ہے، اگر وہ گواہ ہو تو وہ بری الذمہ ہوگا، اور اگر اس کے پاس کوئی امانت ہو تو اس سے خلاصی ہوگی، یا اس کے ذمہ جو قرض ہے وہ ادا ہوگا، اگر اپنی گردن پر پھوڑے، پیپ یا بہنے والا خون دیکھے تو یہ اپنی ذمہ داری میں مشغول ہونے کی دلیل ہے، اگر اپنی گردن میں کوئی لکھی ہوئی تحریر دیکھے تو یہ اس کے اور اللہ تعالیٰ کے مابین کسی ذمہ داری کے مشغول ہونے کی دلیل ہے، اگر اپنی گردن میں طوق پڑا دیکھے تو یہ جہنم پر دلالت کرتا ہے، اور میت کی گردن کا خوبصورت ہونا اس کے بری ہونے کی دلیل ہے۔ جس طرح مسافر کی گردن کا خوبصورت ہونا اس کے سفر سے صحیح سالم واپس آنے پر دلیل ہے۔ جو اپنی گردن میں رسی یا جواہرات یا موتیوں کی لڑی دیکھے تو یہ علم و فضل اور حق پر قائم ہونے کی دلیل ہے، اور اگر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھے کہ آپ نے اس کی گردن کو دبایا ہے تو یہ حقیقت میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو بڑے عہدہ سے ڈانٹا ہے، اور کبھی ادائے قرض کی دلیل ہوتا ہے اور کبھی مرض سے شفاء یابی پر، اور جو

(۱) یعنی وہ بال جو نچلے ہونٹ کے درمیانی حصہ میں نیچے کی جانب ہوتے ہیں۔ منہ

Marfat.com

اپنی گردن کو متوسط طور پر طویل دیکھے تو اس کے اخلاق اچھے ہوں گے، اور اگر وہ بہادر ہو تو اس کی بہادری میں اضافہ ہوگا، اگر وہ خبیث الطبیعت ہو تو کریم المزاج ہوگا، اور دو کندھے عورتوں کی امانت ہیں اور گردن مردوں کی امانتیں ہیں، اور جو شخص اپنی گردن پر کوئی پرندہ بیٹھا دیکھے پرندہ اگر سفید ہو تو یہ اس کا اچھا عمل ہے، اگر یہ سیاہ رنگ کا ہے تو یہ اس کا برا عمل ہے، جو اپنی گردن میں صحیفہ لٹکا دیکھے تو یہ اس کے حق اور قول و قرار پر قائم رہنے اور تلاوتِ قرآن کریم کی دلیل ہے۔

## ۱۸۸۸۔ العنقاء (عنقاء پرندہ)(۱)

خواب میں عنقاء پرندہ دیکھنا بلند مرتبہ بدعتی شخص کی دلیل ہے جو اہلِ ملت سے مصاحبت نہیں رکھتا، جو دیکھے کہ عنقاء پرندے نے اس سے کلام کیا ہے تو اسے خلیفہ سے مال و دولت ملے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ وہ وزیر بنے گا، اگر عنقاء کو دیکھے کہ اس نے کوئی چیز اس کے سامنے ڈالی ہے تو اسے اللہ تعالیٰ کی طرف سے رزق حاصل ہوگا، اگر دیکھے کہ وہ عنقاء پر سوار ہوا ہے تو وہ سربلند اور بادشاہ پر غالب آئے گا اور بے مثل ہوگا، اگر اس کا شکار کیا ہے تو وہ کسی آدمی کو دھوکہ دے گا، اگر اسکو فروخت کیا ہے تو اس پر ظلم کرے گا، جو دیکھے کہ اسکو عنقاء پرندہ حاصل ہوا ہے تو اس کی حسین جمیل عورت سے شادی ہوگی، اور عنقاء پرندہ کے بارے امکان ہے کہ بیہودہ گوئی پر دال ہو۔

## ۱۸۸۹۔ العنکبوت (مکڑی)

خواب میں مکڑی اس ملعون عورت کی دلیل ہے جو اپنے خاوند کے بستر پر نہ جاتی ہو، جو مکڑی کو دیکھے تو وہ فریب کار، کمزور اور سست آدمی کو دیکھے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ مکڑی پارچہ باف یا عابد زاہد آدمی ہے، جو خواب میں مکڑی کا گھر دیکھے تو وہ ضعیف و کمزور ہوگا، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: "وَاِنَّ اَوْھَنَ الْبُیُوْتِ لَبَیْتُ الْعَنْکَبُوْتِ" (العنکبوت:۴۱) یعنی بلاشبہ سب سے کمزور گھر مکڑی کا گھر ہے، اور مکڑی جادوگر عورت یا پارچہ بافی اور پٹائی کی دلیل ہوسکتی ہے۔

## ۱۸۹۰۔ العنّة (نامردی)

خواب میں نامردی اس بات پر دلیل ہے کہ اس کا صاحب ہمیشہ دنیا و مافیھا سے بے رغبت اور محفوظ رہے گا، اگر اس کی نامردی ختم ہوگئی ہے تو وہ دولت اور ذکر حاصل کرے گا۔

## ۱۸۹۱۔ العنّین (نامرد) دیکھئے الخصیّ (خصی ہونا)

## ۱۸۹۲۔ العوّاد (سارنگی بجانے والا)

خواب میں اس کو دیکھنا غموں پریشانیوں کے دور ہونے اور مسرتوں اور خوشیوں کی دلیل ہے، اور کبھی یہ خواب شکوہ

(۱) عنقاء: ایک خیالی پرندہ ہے۔

Marfat.com

شکایت اور نوحہ بازی کی دلیل ہوتی ہے۔

## ۱۸۹۳۔ العوّام (زبردست تیراک)

خواب میں تیراک وہ آدمی ہے جو سلطان کی خدمت میں اپنی جان مال جوکھوں میں ڈالے لیکن نفع کم ہو۔

## ۱۸۹۴۔ العوّامة (جلیبی) دیکھئے الزلابیة (جلیبی)۔

## ۱۸۹۵۔ العود (سارنگی)

خواب میں سارنگی امراض سے شفایابی اور انسان کے اچھے برے کام سے عود کرنے کی دلیل ہے، سارنگی غیر شادی شدہ کے حق میں زوجہ کی اور شادی شدہ عورت کے حق میں اولاد کی دلیل ہے، جو شخص دیکھے کہ وہ حاکم کے سامنے سارنگی بجاتا ہے تو اسے ولایت وسلطنت حاصل ہوگی، اور گانا بجانا جھوٹا کلام ہے، جو دیکھے کہ وہ اپنے گھر میں سارنگی بجاتا ہے تو وہ کسی مصیبت سے دوچار ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ یہ خواب غم پہنچنے یا اعلیٰ بادشاہت کی دلیل ہے، پوشیدہ شخص کے لئے سختی کی، فاسق کے لئے لوگوں کو فساد میں ڈالنے اور ظالم کے حق میں اپنی قوم پر ظلم وستم کی دلیل ہے۔

## ۱۸۹۶۔ عود ثقاب (دیاسلائی) دیکھئے الکبریت (دیا سلائی)

## ۱۸۹۷۔ عودة الغائب (غائب کا واپس آنا) دیکھو قدوم الغائب (غائب کا آنا)

## ۱۸۹۸۔ العودة من السفر (سفر سے واپسی) دیکھئے الرجوع من السفر (سفر سے واپس لوٹنا)

## ۱۸۹۹۔ العور (کانا ہونا)

خواب میں جو خود کو کانا دیکھے تو اس کے نصف مال یا نصف دین میں نقص واقع ہوگا، یا کوئی بڑا گناہ کرے گا اور اس کی نصف عمر ختم ہو چکی ہے، اسے چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ سے ڈرے اور بقیہ نصف عمر میں توبہ کرے، اور بعض کہتے ہیں کہ اگر اس کا بھائی یا بیٹا ہو تو وہ وفات پائے گا، اگر کوئی شخص دیکھے کہ وہ کانا ہے تو اگر وہ فاسق ہے تو اس کا نصف دین ختم ہوگا یا کسی پریشانی یا بیماری کا شکار ہوگا، جس کی وجہ سے وہ موت کے کنارہ پر پہنچ جائے گا، یا پھر اس کا کوئی ہاتھ یا ہونٹ یا بیوی یا بہن مبتلائے مصیبت ہوگی۔

## ۱۹۰۰۔ العورة (شرمگاہ)

جو شخص خواب میں دیکھے اس کے کپڑے اس کی شرمگاہ سے ہٹ گئے ہیں تو اس کی پردہ دری ہوگی، اور جو خواب میں اپنی شرمگاہ مکشوف (کھلی ہوئی) دیکھے اور اسے اس سے حیا آ رہی ہو تو وہ کسی خطا میں مبتلا ہوگا اور اسکے دشمن اس پر

Marfat.com

ہنسیں گے، اور اگر اس سے شرم نہیں آتی ہے تو وہ جس مرض یا کرب میں مبتلا ہے سالم رہے گا، اگر وہ مقروض ہو تو اللہ تعالیٰ اس کا قرض ادا فرمادیں گے، اگر خائف ہو تو امن پائے گا۔

## ۱۹۰۱۔ عورة الرجل (مرد کا ستر) دیکھئے الذکر (عضوِ تناسل)

## ۱۹۰۲۔ العوم (تیرنا) دیکھئے السباحة (تیراکی)

## ۱۹۰۳۔ العویل (واویلا کرنا) دیکھئے النواح (نوحہ بازی)

## ۱۹۰۴۔ العیّار (بے حیا آدمی)

خواب میں اس کو دیکھنا اس ساحر و جادوگر کی دلیل ہے جو اپنے کلام اور حیلوں سے لوگوں پر سحر و جادو کرتا ہے، نیز چوری، شعبدہ بازی اور مال و دولت میں تفریط (کوتاہی) کی دلیل ہے۔

## ۱۹۰۵۔ العیال (اہل وعیال)

خواب میں ان کو دیکھنا مالداری کی دلیل ہے، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: "وأن خفتم عيلةً فسوف يغنيكم الله من فضله" (التوبة: ۲۸) یعنی اگر تمہیں محتاجی کا ڈر ہو تو عنقریب اللہ تعالیٰ تم کو اپنے فضل سے مالدار کردے گا۔

**۱۹۰۶۔ عیب:** اس کی تعبیر برے اخلاق اور بری صفات ہے۔

## ۱۹۰۷۔ عیدالاضحیٰ:

خواب میں عیدالاضحیٰ سابقہ خوشی کا واپس لوٹنا اور ہلاکت سے نجات کی دلیل ہے، اس لئے کہ حضرت اسماعیل علیہ السلام نے عیدالاضحیٰ کو ذبح ہونے سے نجات پائی تھی، جو خود کو عیدالاضحیٰ کے موقع میں دیکھے اور غلام ہو تو آزادی ملے گی، اگر قیدی ہے تو نجات ہوگی، اگر مقروض ہے تو اس کا قرض ادا ہوگا۔

## ۱۹۰۸۔ عیدالفطر

جو اپنے آپ کو عیدالفطر کے موقع پر دیکھے تو وہ غموں سے نجات پائے گا، اور خوشی وخوشحالی نصیب ہوگی، اور اس کی توبہ قبول ہوگی، اگر مالی خسارہ ہوا ہو تو اللہ تعالیٰ اس کا عوض (بدلہ) عطا فرمائیں گے، خواب میں عید فرحت وخوشی کی علامت ہے، اور اگر کوئی شخص کوئی چیز مفقود پائے اور خواب میں اپنے کو عید کے موقع پر دیکھے تو مفقود شے واپس آجائے گی، اور عید معیشت میں وسعت وفراخی اور نفقہ کی کثرت کی دلیل ہے۔

Marfat.com

## ۱۹۰۹۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام

جو شخص حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو خواب میں دیکھے تو وہ مبارک ہے کثیر الخیر، کثیر السفر (زیادہ سفر کرنے والا) اور عبادت گزار آدمی ہے اور قلیل مال پر راضی ہونے والا ہے اور اسے معرفتِ طب نصیب ہوگی یا وہ اس سال کسی ناگوار امر میں مبتلا نہیں ہوگا، یا وہ عابد و زاہد اور زمین کی سیاحت کرے گا اور خوف سے نجات پائے گا، جو شخص ان کو بہت زیادہ دیکھے تو اسے علمِ طب عطا ہوگا، جو ان کو کسی مسجد یا شہر میں دیکھے اور حال یہ ہے کہ لوگ کسی شدت یا بلا و مصیبت میں گرفتار ہیں تو وہ اس سے نجات پائیں گے۔ کیوں کہ عیسیٰ علیہ السلام روح اللہ اور رحمۃ اللہ ہیں، اگر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ہمراہ ان کی والدہ (مریم علیہا السلام) بھی ہو تو اس جگہ پر کوئی بڑی نشانی ظاہر ہوگی، جو شخص دیکھے کہ وہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی صورت و شکل میں بدل گیا ہے (یعنی اس کی صورت ان جیسی ہو گئی ہے) یا اس نے ان کا کوئی لباس پہنا ہے اور وہ سلطان ہو تو اس کی سلطنت عظیم ہوگی، اگر وہ عالم ہو تو اس کو توفیق زیادہ ملے گی، اگر کوئی ان کو دیکھے اور وہ خوفزدہ تھا تو با امن ہوگا، حضرتِ عیسیٰ علیہ السلام کی زیارت عزت و برکت کی دلیل ہے، وہ جہاں بھی قیام کرے، اگر مریض ان کو دیکھے تو شفاء حاصل ہوگی، ان کی زیارت شے عجیب کے ظہور کی دلیل ہے جس سے لوگ متعجب ہوں گے، نیز عدل و انصاف، آسودہ حالی کی دلیل ہے، اگر کوئی حاملہ عورت ان کو خواب میں دیکھے تو اس کے ہاں طبیب لڑکا پیدا ہوگا، عیسیٰ علیہ السلام کی زیارت دین میں شک کی دلیل ہے، کیونکہ یہودیوں نے کہا کہ ہم نے ان کو (معاذ اللہ) قتل کر دیا اور سولی پر لٹکا دیا، (جب کہ) اللہ تعالیٰ نے فرمایا: "وماقتلوہ وما صلبوہ ولکن شبہ لھم" (النساء: ۱۵۷) اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا: "وقالت النصاری المسیح ابن اللّٰہ" (التوبۃ: ۳۰) نیز اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: "ما اتخذ اللّٰہ من ولد" (المومنون: ۹۱) یا پھر صاحب خواب پر کوئی اتہام (الزام) لگایا جائے گا جب کہ وہ اس سے بری ہوگا، یا اس کی طرف یا اس کی والدہ کی طرف جھوٹ بات منسوب کی جائے گی، اور ممکن ہے کہ ان کی زیارت بشارت کی دلیل ہو اس لئے کہ انہوں نے ہمیں نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بشارت دی تھی، یا ان کی زیارت قبولیت دعا یا ناراضگی و غضب کی دلیل ہے، کیوں کہ جن لوگوں نے دستر خوان کی فرمائش کی تھی اور پھر نہ اس پر ایمان لائے تھے اور نہ ہی حضرت موسیٰ علیہ السلام پر ان کی صورتیں خنزیروں کی شکل میں مسخ کر دی گئیں تھیں۔ جس طرح حضرتِ موسیٰ علیہ السلام کی قوم کی شکلیں بندروں کی صورت میں مسخ کر دی گئیں تھیں جنہوں نے یوم السبت (ہفتہ کے دن) کے بارے میں حد سے تجاوز کیا تھا، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی خواب میں زیارت مصر سے شام اور شام سے مصر آنے جانے کی بھی دلیل ہے، اگر صاحب خواب گمنام ہو تو یہ اس کے لئے حسنِ توفیق کی دلیل ہے، اس لئے کہ عیسیٰ علیہ السلام آخر زمانہ میں آسمان سے نزول فرمائیں گے، اور دجال کو قتل کریں گے، اور زمین کو عدل و انصاف سے بھر دیں گے، جیسا کہ وہ پہلے ظلم سے بھری ہوگی، یہ نزولِ عیسیٰ علیہ السلام خیر و برکات، ہلاکتِ کفار اور نصرتِ مومنین کی دلیل ہے۔

## ۱۹۱۰۔ عین الماء (چشمہ)

دیکھئے النبع (چشمہ)۔

Marfat.com

## ۱۹۱۱۔ العینان (آنکھیں)

خواب میں آنکھیں انسان کا دین اور اس کی بصیرت ہے جس کے ذریعہ وہ ضلالت وہدایت دیکھ سکتا ہے، جو اپنے جسم میں بہت سی آنکھیں دیکھے تو یہ دین وصلاح میں زیادتی کی دلیل ہے، اگر خواب میں کسی آدمی کو نفرت کی نگاہ سے دیکھے تو وہ اس کو فریب دے گا اور اس سے کینہ رکھے گا، اگر دیکھے کہ اس کی آنکھیں لوہے کی ہیں تو اس کی پردہ دری ہوگی اور وہ شدید پریشانی سے دوچار ہوگا، اگر دیکھے کہ اس کا پیٹ پھٹ گیا ہے اور اس کے اندر بہت سی آنکھیں نظر آئیں تو وہ زندیق (بے دین) ہے، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: "ماجعل اللّٰہ لرُجل من قلبین فی جوفه" (الاحزاب:۴) یعنی اللہ نے کسی آدمی کے دو دل نہیں بنائے۔ اگر اپنے کندھے پر آدمی کی سی یا چوپائے کی سی آنکھ دیکھے تو اس کو غیبی مال ملے گا، سیاہ آنکھ دین ہے، سیاہ زردی مائل آنکھ دین کی مخالفت ہے، نیلی آنکھ دینِ بدعت ہے، سبز رنگ کی آنکھ وہ دین ہے جو دوسرے ادیان کے خلاف ہو، بصارت کی تیزی سب لوگوں کے لئے پسندیدہ امر ہے، اور آنکھ کی کمزوری اس کی مالی احتیاج کی دلیل ہے، اس لئے کہ مال آنکھ کی طرح ہے، اگر اپنی دونوں آنکھوں کو دیکھے کہ وہ ختم ہوگئیں ہیں تو اس کی اولاد وفات پائے گی، اگر مجبور ہو تو ایسا شخص ملے گا جو اس کی معاونت کرے گا، اگر مسافر یا سفر کا خواہش مند یہ خواب دیکھے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ وہ وطن واپس نہیں لوٹے گا، جو اپنی آنکھوں کو کسی دوسرے انسان کی آنکھوں جیسا دیکھے تو یہ اس کی نگاہ ختم ہونے اور اس بات کی دلیل ہے کہ کوئی شخص اس کی رہنمائی کرے گا، جو دیکھے کہ اس کی آنکھیں اس کی گود میں گر گئیں ہیں تو اس کا بھائی، بیٹا وغیرہ فوت ہوگا، آدمی کی آنکھ اس کا لڑکا یا محبوب یا اس کا دین ہے، لہٰذا جو اپنی آنکھوں میں تکلیف دیکھے تو یہ اس کے دین کے نقص کی دلیل ہے، اور اندھا ہونا اس نقص کے زیادہ ہونے کی علامت ہوتا ہے، بادشاہ کی آنکھ اس کا جاسوس ہے، آنکھ کی تعبیر نگران اور پانی کے چشمہ کے ساتھ کی جاتی ہے، جو دیکھے کہ وہ اپنی آنکھوں کا علاج معالجہ کرتا ہے تو وہ اپنے دین کی اصلاح کرے گا یا مال کی اصلاح کرے گا، جو اپنی بصارت کو بہت تیز اور قوی خیال کرے اور دیکھے تو اپنے دین کے معاملہ میں اس کا باطن اس کے ظاہر سے بہتر ہے، اور جو اپنی آنکھوں میں سفیدی دیکھے تو وہ کسی غم میں مبتلا ہوگا، یا اس کا عزیز جدا ہوگا، اگر وہ غمزدہ ہو تو اللہ تعالیٰ اس کے غم وحزن دور کر دیں گے، جو اپنی آنکھوں میں نیلا پن دیکھے تو وہ مجرم ہے، اور جو دیکھے وہ کسی آدمی کی آنکھ کھاتا ہے تو وہ اس کا مال کھاتا ہے، جو دیکھے کہ اس کی آنکھوں کی پلکیں نہیں ہیں تو وہ اللہ کے احکامات اور دین کو ضائع کرتا ہے، اگر ان کو کسی انسان نے اکھاڑا ہے تو اس کا دشمن اسے رسوا کرے گا، اگر دیکھے کہ اس کی پلکوں کی جڑیں سفید ہوگئیں ہیں تو یہ مرض کی دلیل ہے، اور خوبصورت آنکھ دیکھنا سحر وجادو اور موت وحیات کی دلیل ہے، یا تمام عزیز واقارب اور اہل واولاد کی دلیل ہے، اور عین (آنکھ) نعی (موت کی خبر) کی بھی بوجہء اشتقاق لفظی کے دلیل ہے۔ اگر اس کے ہاں مریض اولاد یا زوجہ یا حبیب ہو تو مرض سے شفاء ہوگی، اگر کافر ہو تو مسلمان ہوگا، فقیر ہو تو مستغنی ہوگا، اور نگاہ اٹھانا شدت کی دلیل ہے، اگر آنکھ بدن کے کسی اور حصہ میں منتقل ہوگئی ہو تو یہ آفت کی دلیل ہے، بینائی کا زائل ہونا اللہ تعالیٰ کی طرف سے عذاب کے

Marfat.com

آنے کی دلیل ہے، دائیں آنکھ بیٹے کی اور بائیں آنکھ بیٹی کی دلیل ہے، اور آنکھ میں کنک (ذرات) پڑنا بیداری کی دلیل ہے، اگر آنکھوں میں سرخی دیکھے تو وہ کسی عارضہ کی بناء پر جو اسے پیش آئے گا غیظ وغضب کا شکار ہوگا، اور جو شخص دیکھے کہ اس کی آنکھ پھوڑی گئی ہے تو اس کی آنکھوں کی ٹھنڈک یعنی اسکا لڑکا اس سے دور ہوگا، اور خواب میں آنکھ کا پھوڑنا عمرِ طویل کی بھی دلیل ہے، اور آنکھ اکھاڑنا مصیبت کی بھی دلیل ہوسکتا ہے۔

Marfat.com

# ﴿باب الغین﴾

## ۱۹۱۲۔ الغاب (جنگل)

خواب میں جنگل وحشت وگھبراہٹ اور فسّاق وفجّار کے گھروں کی دلیل ہے۔

## ۱۹۱۳۔ الغادة (جوان عورت) دیکھو جوان عورت۔

## ۱۹۱۴۔ غار

غار خواب میں خائف کے لئے امن کی دلیل ہے، چنانچہ جو دیکھے کہ وہ دشمن سے بھاگتا ہے حتیٰ کہ ایک غار میں داخل ہو جاتا ہے تو وہ اپنے دشمن سے محفوظ ہوگا، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: "ثانی اثنین اذھما فی الغار" (التوبۃ)، اور غار وہ عورت ہے جو اس شخص کی طرف منسوب ہو جس پر پہاڑ دلالت کرتا ہے، اور غار غیرت سے ہے، اگر غار کے حروف الٹ دیئے جائیں تو راغ ہوگا جو روغان (کترانا) سے ماخوذ ہے، اور غار دوستوں کے نصیب کی دلیل ہے جیسا کہ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ غارِ ثور کا واقعہ اس پر دال ہے، اور جو دیکھے کہ وہ بادشاہ کی غار میں داخل ہوا ہے تو وہ بادشاہ کو دھوکہ دے گا۔

## ۱۹۱۵۔ الغازلة (سوت کاتنے والی)

سوت کاتنے والی عورت کو دیکھنا قناعت، اتباعِ سنّت اور امور کے استحکام کی دلیل ہے، اگر خواب میں عورت سوت کاتتی ہو اور کاتتے ہوئے کو توڑ دیتی ہو تو یہ عذابِ خداوندی اور اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کی دلیل ہے۔

## ۱۹۱۶۔ الغاسل (دھونے والا)

خواب میں دھونے والا جاہلوں کو ادب سکھانے والا یا ان لوگوں کی تربیت وتادیب کرنے والا جو نصیحت کو قبول نہیں کرتے، خواب میں اس کو دیکھنا مصائب وآلام کے دور ہونے اور تیاریِ سفر کی دلیل ہے۔

## ۱۹۱۷۔ الغاسول (صابن) دیکھئے الصابون (صابن)۔

## ۱۹۱۸۔ الغاشية (قیامت)

خواب میں قیامت نافرمانی اور عذاب کی دلیل ہے، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: "افامنوا أن تأتیھم غاشیة من عذاب اللّٰہ" (یوسف:۱۰۷) یعنی کیا وہ اس بات سے بے فکر ہو گئے ہیں کہ ان پر اللہ کا عذاب آئے۔ قیامت مال یا

Marfat.com

خادم یا عورت ہے۔

## ۱۹۱۹۔ الغالیة [1] (مرکب خوشبو)

یہ خوشبو خواب میں مال ومتاع ہے، اور بعض کا خیال ہے کہ اس کی تعبیر اعزاز وسیادت ہے، چنانچہ جو دیکھے کہ اس نے یہ خوشبو خوب ملی ہے تو اس کی اچھی تعریف ہوگی، یا اس پر دال ہے کہ وہ حج کرے گا اور اس کے ہاں نرینہ اولاد ہوگی، جو دیکھے کہ اس نے حاکم کے گھر میں یہ خوشبو لگائی ہے تو وہ تہمت والزام کی مصیبت میں گرفتار ہوگا جو اسے اس سے بلند مرتبہ کی طرف سے لگے گی، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: "ومن یغلل یأت بما غلّ یوم القیامة" (آل عمران:۱۶۱) یعنی "جو شخص خیانت کرے گا وہ اس خیانت والی چیز کو روز قیامت لے کر آئے گا"۔

## ۱۹۲۰۔ الغائط (پاخانہ کرنا)

اس کی تعبیر مال ہے، جو خواب میں پاخانہ کرے اور لوگ اس کی طرف دیکھ رہے ہوں تو اس کو رسوائی سے بچنا چاہئے، جو دیکھے وہ روٹی اور پاخانہ کھاتا ہے تو وہ روٹی اور شہد کھائے گا، اور بعض کی رائے یہ ہے کہ وہ خلاف سنت کام کرتا ہے، جس نے بستر پر ہی خواب کے اندر براز کر دیا ہو تو وہ اپنی بیوی کو طلاق دے گا یا طویل زمانہ تک بیمار ہوگا، پاخانہ مالِ حرام ہے کیونکہ وہ بدبودار ہوتا ہے، اور جو پاخانہ کرنے میں خوفزدہ ہوا وہ کسی پریشانی میں مبتلا ہوگا، جو بیت الخلاء میں گر گیا وہ قید ہوگا، اور جس نے اپنی ذات پر پاخانہ کیا وہ کسی گناہ میں مبتلا ہوگا، اور پاخانہ کا نکلنا گناہ سے نجات یا کمزور سفر کی دلیل ہے، اور براز سفر کی علامت ہے اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: "أو جاء احد منکم من الغائط" (النساء:۴۳) براز حاجت روائی کی بھی دلیل ہے، اور باطنی امراض کے زوال اور وساوس وخیالات اور امانتوں کی واپسی کی دلیل ہے، اور پاخانہ کھلے ظلم سے حاصل شدہ رزق ہے، اور جو دیکھے کہ اس کا براز بہت زیادہ ہے اور وہ سفر کا ارادہ رکھتا ہے تو سفر نہیں کرے گا، جو اپنے کپڑوں میں براز وحاجت کرے تو وہ فاحشہ (گناہ) کا ارتکاب کرے گا، اگر وہ بیت الخلاء میں ہو تو یہ غم کے دور ہونے اور قرض کے ادا ہونے کی دلیل ہے، اگر کوڑی پر پاخانہ کیا ہو تو یہ خیر اور غم کے دور ہونے کی دلیل ہے، اور پاخانہ کے ساتھ ملوث ہونا مرض یا خوف کی علامت ہے، اگر جنگل میں پاخانہ کیا ہے اور پرندے اس پاخانہ کو اٹھا لے گئے ہیں یا زمین نے اسکے پاخانہ کو پھینک دیا ہے اور وہ شخص مسافر ہے تو رہزن رہزنی کریں گے اور اس کا مال اڑا لیں گے، اور جو شخص دیکھے کہ اس کے پاخانہ میں کیڑے نکلتے ہیں جو سانپوں کے مشابہ ہیں تو اس کی عیال کثیر ہوگی اور ان کی طرف سے اس کے لئے دشمنی ظاہر ہوگی۔

## ۱۹۲۱۔ الغبار (گرد وغبار)

خواب میں گرد وغبار مال ہے کیونکہ غبار مٹی کا حصہ ہے اور مٹی کی تعبیر مال ہے، جو خواب میں آسمان وزمین کے

(۱) غالیة ایک خوشبو ہے جو کافور، عنبر اور مشک سے بنتی ہے۔ منہ

Marfat.com

درمیان گرد و غبار دیکھے تو یہ امرِ ملتبس (پیچیدہ مسئلہ) ہے، جس سے نکلنے کی راہ وہ نہیں معلوم کرے گا، جو دیکھے کہ وہ اپنے ہاتھ یا اپنے کپڑے گرد و غبار سے جھاڑتا ہے تو وہ محتاج ہوگا، اور بعض کہتے ہیں کہ طویل زندگی بسر کرے گا، جو خواب میں اپنے اوپر گرد و غبار پڑا دیکھے تو وہ سفر کرے گا، اگر گرد و غبار کے ساتھ ہوا، بجلی اور کڑک بھی ہو تو یہ قحط اور شدت کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ وہ گھوڑے پر سوار ہوا ہے اور اس نے گھوڑے کو دوڑایا ہے جس سے گرد و غبار اٹھا ہے تو وہ غرور و تکبر میں مبتلا ہوگا اور کسی غلط کام میں پڑے گا اور کوئی فتنہ بھڑکائے گا۔

## ۱۹۲۲۔ الغبیراء (فینسی پودا)

یہ خواب میں قلیل طعام کی دلیل ہے، اس کا درخت عجمی آدمی ہے، بعض کہتے ہیں اس کی تعبیر لوگوں کو نفع دینے والا آدمی ہے۔ اس کا پھل کھانا اور حاصل ہونا مال و دولت کی دلیل ہے۔

## ۱۹۲۳۔ الغداف (پہاڑی کوّا)

یہ خواب میں دیکھنا لڑکا یا غلام ہے، جو دیکھے کہ اسے پہاڑی کوّا ملا ہے یا اس کا مالک ہوا ہے تو اسے ولایت و سلطنت حاصل ہوگی، اور اگر اس کا اہل نہ ہو تو وہ حق بات لے کر آئے گا لیکن کوئی قبول نہیں کرے گا۔

## ۱۹۲۴۔ الغداء (دوپہر کا کھانا)

خواب میں دوپہر کا کھانا تکان کی دلیل ہے، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: "اتنا غداء نالقد لقینا من سفرنا ھذا نصبًا" (الکہف: ۶۲) جو دیکھے کہ وہ یہ کھانا تلاش کرتا ہے تو وہ تھکاوٹ سے دوچار ہوگا۔

## ۱۹۲۵۔ الغدر (دھوکہ دینا)

خواب میں دھوکہ اور غداری کرنا دین و دنیا کا نقص ہے، یا پھر چوری اور اس شخص کی حاجت مندی کی دلیل ہے جس کے ساتھ دھوکہ کیا گیا ہے، قیاس حضرتِ یوسف علیہ السلام کا قصہ ہے۔

## ۱۹۲۶۔ الغدیر (تالاب)

اس کی تعبیر دھوکہ و فریب میں آنا ہے۔

## ۱۹۲۷۔ الغراب (کوّا)

خواب میں کوّا عظیم صبر کرنے والا بھاری آدمی ہے یا بخیل اور خود پسند شخص ہے، جو کوّا بن گیا ہے اسے حرام مال حاصل ہوگا، کوّا نحوست ہے، جو دیکھے کہ کوئی کوّا اس کے ساتھ باتیں کرتا ہے تو اسے فاسق لڑکا ملے گا، ابن سیرین رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ بلکہ وہ شدید غم میں مبتلا ہوگا اور پھر وہ غم دور ہوگا، کوّا مسافرت اور احباب سے جدائی کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ وہ

Marfat.com

کوّے کا گوشت کھاتا ہے تو وہ چوروں سے مال لے گا، جو کوّے کو دیکھے کہ اس نے اس کو زخمی کیا ہے تو وہ سخت سردی میں ہلاک ہوگا، اور وہ تکلیف میں مبتلا ہوگا، خواب میں جسے کوّا دیا گیا ہو تو اسے خوشی حاصل ہوگی، سیاہ سفید داغوں والا کوّا درازیٔ عمر کی دلیل ہے، کیونکہ اس کوّے کی عمر طویل ہوتی ہے، جو خواب میں کوّا دیکھے کہ خانۂ کعبہ پر آگرا ہے تو یہ فاسق آدمی ہے جو کسی شریف عورت سے شادی کرے گا، جو دیکھے کہ اس کے ہاں سیاہ سفید داغوں والا کوّا پیدا ہوا ہے تو یہ اس کی آنکھوں کی ٹھنڈک ہے، جو اپنے گھر میں کوّے دیکھے تو اسے آخر عمر تک دولت وعزت حاصل ہوگی، کوّا غدار جنگجو آدمی ہے، اور کوّا معاش میں حرص وطمع کی بھی دلیل ہے، اور کوّا زمین میں پوشیدہ اشیاء اور مردوں کے دفن کرنے کی دلیل ہے، اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: "فبعث اللہ غرابًا یبحثُ فی الارض لیریہ کیف یواری سوأۃ اخیہ"۔ (المائدہ:٣١) یعنی اللہ تعالیٰ نے ایک کوّا بھیجا جو زمین میں کریدنے لگا تا کہ اس کو دکھائے کہ وہ اپنے بھائی کی نعش کیسے چھپائے۔ کوّا کبھی بے وطنی اور واقعات سے بدشگونی لینے اور مصائب وآلام کی دلیل ہوتا ہے، اور کھیت کا کوّا اس آدمی کی دلیل ہے جس میں اچھائی اور برائی ملی ہوئی ہو، اور کوّا فاسق کاذب آدمی ہے، جو اپنے گھر میں کوّا دیکھے تو اس جگہ میں فاسق انسان موجود ہے، جو خواب میں سیاہ سفید داغوں والا کوّا دیکھے تو وہ بیداری میں کوئی قابل تعجب چیز دیکھے گا، جو شخص خواب میں کسی جگہ پر کوّا دیکھے تو اس جگہ مسافر آدمی وفات پائے گا۔

## ١٩٢٨۔ الغرارۃ (بڑا تھیلا) دیکھئے العدل (بوری)

## ١٩٢٩۔ الغراء (خوب رو)

خواب میں خوبرو ماہر اور مشکل امور میں تجربہ رکھنے والا آدمی ہے، اور اس کی تعبیر وہ آدمی ہے جو لوگوں میں الفت پیدا کرتا ہے اور وہ صاحب الفت ہے۔

## ١٩٣٠۔ الغربال (چھلنی)

خواب میں چھلنی علم وعزت اور عہدہ ومنصب اور قوتِ تمیز کی دلیل ہے، نیز حق وباطل میں فرق کرنے کی دلیل ہے، چھلنی دراہم (روپے پیسے) پرکھنے والے کی طرح ہے اور کلام واعمال جمع کرنے والا ہے۔ اور وہ کسب ومعاش میں پرہیزگار ہے، اور چھلنی کی تعبیر کنگھی کے ساتھ کی جاتی ہے اگر ہم بالوں کی تعبیر جُو کے ساتھ کریں، اس لئے کہ کنگھی بالوں کی میل دور کرتی ہے، اسی طرح چھلنی بھی جُو (وغیر) کے گرد وغیرہ کو دور کر دیتی ہے۔

## ١٩٣١۔ الغرفۃ (بالاخانہ)

خواب میں بالاخانہ خوف سے باامن ہونے کی دلیل ہے، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: "وھم فی الغرفات آمنون" (سبا: ٣٧) اگر وہ غیر شادی شدہ ہے تو شادی ہوگی، اگر شادی شدہ ہو تو اولاد ہوگی یا زوجہ پر پابندی لائے گا، اور بالاخانہ اچھی دیندار عورت ہے، جو بالاخانہ دور سے دیکھے تو یہ رفعت، سیادت اور مسرت ہے، اگر بالاخانہ مٹی کا بنا ہو

Marfat.com

تو یہ دینی رفعت و سرور ہے، اگر مجہول (نامعلوم) بالاخانہ کی طرف چڑھ کر گیا ہے اور وہ خائف ہے تو باامن ہوگا، اگر مریض ہو تو جنت کی طرف لوٹے گا، وگرنہ رفعت و مسرت حاصل ہوگی، اور اپنی قوم کا علم یا امامت یا غلبہ کی وجہ سے سردار بنے گا، جو خواب میں خود کو نئے بالاخانہ میں دیکھے اور وہ فقیر ہو تو مستغنی ہوگا۔ اگر مالدار ہو تو مالی نقصان ہوگا، اگر اپنے آپ کو پرانے بالاخانہ میں دیکھے اور وہ مسکین ہو تو فقر و افلاس میں اضافہ ہوگا، اگر مالدار ہو تو مالداری میں اضافہ ہوگا، جو دیکھے کہ وہ بالاخانہ تعمیر کرتا ہے تو وہ کسی عورت سے شادی کرے گا۔

## ۱۹۳۲۔ الغرق (غرق ہونا)

جو دیکھے کہ وہ غرق ہوا ہے تو وہ دوزخ میں ہے، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: "مما خطیئاتھم أغرقوا فادخلوا نارًا" (نوح:۲۵) یعنی اپنے گناہوں کے سبب وہ غرق کئے گئے پس وہ جہنم میں داخل کئے گئے۔ اور جو شخص خود کو دیکھے کہ وہ غرق ہو رہا ہے تو وہ بڑے گناہوں کا ارتکاب کرے گا، اگر وہ غرق ہونے کے بعد مر گیا ہو تو اس کے متعلق کفر کا اندیشہ ہے، یا وہ کسی بدعت میں غرق ہوگا، اگر وہ نکل آیا ہو اور غرق نہ ہوا ہو تو وہ اپنے دنیوی امر میں دین کی صلاح کی طرف پہنچے گا، اگر اس کے بدن پر سبز کپڑے ہوں تو وہ علم و تقویٰ حاصل کرے گا، اگر غرق ہوا ہو اور دریا کی تہہ میں گھس گیا ہو تو بادشاہ اس پر غضبناک ہوگا یا اس کو سزا دے گا اور وہ اس سزا میں موت کے حوالہ ہو جائے گا، اگر کوئی کافر دیکھے کہ وہ دریا سمندر میں غرق ہوا ہے تو وہ ایمان لائے گا، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: "حتی اذا ادرکه الغرق قال آمنت انه لا اله الا الذی آمنت به بنو اسرائیل و أنا من المسلمین" (یونس:۹۰) یعنی جب وہ (فرعون) غرق ہونے لگا تو اس نے کہا کہ بنی اسرائیل جس ذات پر ایمان لائی ہے میں بھی اس پر ایمان لایا اس کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں مسلمان ہوتا ہوں۔ جو دیکھے کہ وہ پانی میں غرق ہو کر مرا ہے تو اس کا دشمن اس کو فریب دے گا، اور صاف پانی میں ڈوبنا مالِ کثیر میں ڈوبنا ہے۔

## ۱۹۳۳۔ الغَزال (ہرن)

خواب میں ہرن عورتیں یا خوبرو اولاد ہے، چنانچہ خواب میں جو ہرن شکار کرے یا بطورِ تحفہ کے دیا گیا ہو یا خرید کیا ہو تو اسے رزق حاصل ہوگا یا پھر اگر وہ کنوارا ہو تو شادی ہوگی یا اولاد نصیب ہوگی، اور جو دیکھے کہ اس نے ہرن پکڑا ہے تو اسے میراث اور خیرِ کثیر حاصل ہوگی، اگر ہرن ذبح کیا ہے تو باندی سے شادی کرے گا، اگر ہرن کو دیکھے کہ وہ اس پر کودا ہے تو اس کی بیوی اس کی نافرمانی کرے گی، اور جس کی ملکیت میں ہرن آیا ہو تو وہ حلال مال کا مالک ہوگا یا کریم الاخلاق آزاد عورت سے شادی کرے گا۔

## ۱۹۳۴۔ الغزّال (کاتنے والا)

خواب میں روئی وغیرہ کاتنے والا مرد یا عورت مسافر کی دلیل ہے، اس لئے کہ کاتنا سفر کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ

Marfat.com

وہ سوت وغیرہ کاتنے والا بن گیا ہے تو یہ ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف اس کے منتقل ہونے کی دلیل ہے۔

## ۱۹۳۵۔ غزال المسک (مشک خوشبو)

دیکھئے المسک (مشک خوشبو)

## ۱۹۳۶۔ الغزل (سوت کاتنا)

اگر عورت خواب میں دیکھے کہ وہ تیز تیز جلدی جلدی سوت کاتتی ہے تو اس عورت کا کوئی غائب شخص آئے گا، اگر سست سست کاتتی ہے تو وہ سفر پر روانہ ہوگی یا اس کا خاوند سفر کرے گا، اگر عورت نے روئی کاتی ہو تو وہ اپنا مہر اپنے شوہر کو معاف کرے گی، اگر اس نے کتان کاتا ہو تو وہ حکمت کا قصد کرے گی، اگر کاتا ہوا سوت باریک ہو تو یہ تنگی کا عمل ہے جس میں اسے مشقت ہوگی، اگر کاتا ہوا سوت موٹا سخت ہو تو یہ بانصرت سفر ہے، اور جو دیکھے کہ وہ اون یا بال وغیرہ کاتتا ہے تو وہ سفر کرے گا اور اسے خیر حاصل ہوگی، جو دیکھے کہ وہ کاتا ہوا سوت توڑتا ہے تو وہ عہد و پیمان توڑتا ہے۔

## ۱۹۳۷۔ الغزو (غزوہ کرنا)

خواب میں سمندری غزوہ کرنا فقر و احتیاج، نامرادی اور ہلاکت کے مقامات میں پڑنے کی دلیل ہے۔

## ۱۹۳۸۔ الغزولی (ہرن فروش)

خواب میں اس کو دیکھنا امور کے استحکام، نیک اعمال کے آغاز اور عورتوں کے عشق و محبت میں مشغول ہونے کی دلیل ہے۔

## ۱۹۳۹۔ الغسل (غسل کرنا)

خواب میں غسل کرنا گناہوں سے توبہ کرنے اور والدین یا احباب کے ساتھ حسنِ سلوک کا فریضہ ادا کرنے کی دلیل ہے، اگر سردیوں میں ٹھنڈے پانی سے غسل کیا ہے تو یہ مصائب و آلام اور امراض کی دلیل ہے، اور اگر سردیوں میں گرم پانی سے غسل کیا ہے تو یہ منافع و فوائد و شفاءِ امراض کی دلیل ہے، اور جو غیر شادی شدہ خواب میں عید کے لئے غسل کرے تو وہ شادی کرے گا۔ اگر سورج یا چاند گرہن کے لئے غسل کیا تو وہ کسی بڑے کام کا اقدام کرے گا یا اسے رنج پہنچے گا، اگر خواب میں غسل کرنے والا کافر ہو تو مشرف بہ اسلام ہوگا۔ اگر دیوانہ ہو تو شفاء ہوگی، اگر خواب میں احرام باندھنے یا دخولِ مکہ کے لئے غسل کیا ہے تو یہ فرحت و خوشی، غائبین سے ملاقات اور ادائے قرض کی دلیل ہے، اگر خواب میں طواف کعبہ یا رمی جمار (کنکریاں مارنے) کے لئے غسل کیا ہے تو بھی یہی حکم ہے، اور رمی جمار کا غسل دشمن کے خلاف نصرت کی بھی دلیل ہے، اور طواف کے لئے غسل طلب رزق کے لئے دوڑ دھوپ کرنے یا بزرگوں کی خدمت کی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ اس نے غسل کیا ہے اور نئے کپڑے پہنے ہیں تو اگر وہ مریض ہو تو اللہ تعالیٰ اس کو شفاء دیں گے، اگر مقروض ہو تو اللہ تعالیٰ اسے ادا فرما

Marfat.com

دیں گے، اگر قیدی ہو تو جیل سے نجات ہوگی، غمزدہ ہو تو اللہ تعالیٰ اس کا غم دور کر دیں گے، اگر اس نے حج نہ کیا ہو تو اسے حج کی سعادت نصیب ہوگی، اگر وہ فقیر ہو تو اللہ تعالیٰ اس کو غنی کر دیں گے، اگر معزول ہو (عہدہ سے) تو اللہ تعالیٰ دوبارہ ولایت دیں گے، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: "ھذا مغتسل بارد و شراب" (ص:۴۲) یعنی یہ چشمہ نکلا نہانے کو ٹھنڈا اور پینے کو، کیونکہ حضرت ایوب علیہ السلام نے جب غسل کیا اور نئے کپڑے پہنے تو اللہ تعالیٰ نے ان کے اہل و اولاد اور وہ تمام چیزیں جو جا چکی تھیں واپس کر دی تھیں، اگر خواب میں پرانے کپڑے پہنے ہیں تو اس کا غم دور ہوگا اور وہ فقیر ہوگا، اور جو دیکھے کہ وہ غسل کے لئے کسی حوض تالاب وغیرہ میں اترتا ہے اور وہ کنوارا ہے تو شادی ہوگی، اور جو دیکھے کہ اس نے گرم پانی سے غسل کیا ہے تو وہ فکر و غم سے دوچار ہوگا، اور خواب میں گرم پانی پینا پسندیدہ نہیں ہے، کیوں کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: "وسقوا ماءً حمیمًا فقطع امعاء ھم" (محمد:۱۵) ان کو گرم پانی پلایا جائے گا پس وہ ان کی آنتوں کو کاٹ دے گا۔ بعض کہتے ہیں کہ غسل کرنا شادی کرنا ہے، اگر نامعلوم عورت غسل کرے تو یہ بارش ہے جو آسمان سے نازل ہوتی ہے۔ صابن سے ہاتھوں کا دھونا ادائے قرض اور زوالِ غم و فکر کی دلیل ہے، اور کپڑے دھونا صلاحِ دین کی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ اس نے زرد کپڑا دھویا ہے اور اس کو زرد رنگ سے صاف کیا ہے تو مرض سے نجات ملے گی، اور بعض کہتے ہیں کہ کپڑے دھونا ادائے قرض کی دلیل ہوتا ہے، خواب میں مردہ کو غسل دینا بھی قرض کے ادا ہونے کی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ کوئی مردہ کسی شخص کو بلاتا ہے تاکہ وہ اس کے کپڑے دھوئے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ وہ مردہ اس شخص کی دعا یا صدقہ خیرات یا ادائیگیِ قرض یا نفاذِ وصیّت کا محتاج ہے جسے اس نے دیکھا ہے۔

## ۱۹۴۰۔ الغش (دھوکہ دینا)

خواب میں دھوکہ دینا دین سے مرتد ہونے کی دلیل ہے، اس لئے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "من غشنا فلیس منا" (رواہ مسلم فی الایمان) جو ہمیں دھوکہ دے وہ ہم میں سے نہیں ہے۔

## ۱۹۴۱۔ الغشاش (دھوکہ باز)

دیکھئے الزغلی (دھوکہ باز)۔

## ۱۹۴۲۔ الغشاوۃ (پردہ)

جو خواب میں دیکھے کہ اس کی آنکھوں پر سفید پردہ ہے تو وہ عظیم غم سے دوچار ہوگا، اور وہ صابر ہوگا، حضرت ایوب علیہ السلام کا واقعہ ان کی آنکھوں کے سفید ہو جانے کے متعلق اس کی دلیل ہے۔

## ۱۹۴۳۔ الغشیان (بیہوشی)

جو خواب میں دیکھے کہ وہ بیہوش ہو گیا ہے تو وہ غمناک امر میں مبتلا ہوگا۔

Marfat.com

## ۱۹۴۴۔ الغِضاب (آنکھ کا تنکا)

خواب میں آنکھ کا تنکا دیکھنا مغالطہ دینے اور شریر لوگوں کی عادات کی دلیل ہے۔

## ۱۹۴۵۔ الغضاۃ (جھاؤ کا درخت)

خواب میں جھاؤ کا درخت کمینہ سخت مزاج آدمی ہے، چنانچہ جو دیکھے کہ وہ جھاؤ کے درخت پر بیٹھا ہے تو وہ مسافر، سخت مزاج اور کمینہ آدمی سے تعلق رکھے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ جھاؤ کا درخت شریف طاقتور آدمی ہے۔

## ۱۹۴۶۔ الغضایری (1) (خالص مٹی بیچنے والا)

خواب میں اس کا دیکھنا غلام باندیوں یا جانوروں کو فروخت کرنے والے آدمی یا خیر و شر کی محفل لگانے کی دلیل ہے۔

## ۱۹۴۷۔ الغضب (غضبناک ہونا)

خواب میں غضبنا کی جیل ہے۔ چنانچہ جو دیکھے کہ وہ اپنے گھر سے غضبناک ہو کر نکلا ہے تو وہ قید ہوگا، اگر دنیا کی خاطر غضبناک ہوا ہو تو وہ اللہ تعالیٰ کے دین کو معمولی سمجھنے والا ہے۔ اگر اللہ تعالیٰ کے لئے غضبناک ہوا ہے تو اسے قوت و ولایت حاصل ہوگی۔

## ۱۹۴۸۔ غض البصر (نگاہ پست کرنا)

خواب میں نگاہ پست کرنا اللہ تعالیٰ کے اوامر (احکام) و نواھی (ممنوعات) کی پابندی کرنے کی دلیل ہے، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: "قل للمؤمنین یغضوا من ابصارھم و یحفظوا فروجھم" (النور:۳۰) یعنی مومنو سے کہہ دیجئے کہ اپنی نظریں نیچی رکھیں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں۔

## ۱۹۴۹۔ الغطاس (غوطہ خور)

خواب میں غوطہ خور جاسوس اور فوائد و رزق کی دلیل ہے۔

## ۱۹۵۰۔ غطیط النائم (خراٹے لینا)

خواب میں خراٹے لینا دشمن کا اس کو پکڑ لینا اور اس چیز کا منکشف ہونا جس کو وہ مخفی رکھنا چاہتا ہے، اور خوف سے امن کی دلیل ہے، کیونکہ خراٹے لینا نیند میں مستغرق ہونا ہے، اور نیند راحت و امن کی دلیل ہوتی ہے، اور جو شخص دیکھے کہ کوئی آدمی اپنی نیند میں خراٹے لیتا ہے تو خراٹے لینے والا غافل و لاپرواہ ہے۔

Marfat.com

## ۱۹۵۱۔ الغفران (بخشش ہونا)

خواب میں مستحقِ سزا کی بخشش ہونا صدقہ یا کفّارہ کی دلیل ہے، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشادِ پاک ہے: "قل للذین کفروا ان ینتھوا یغفرلھم ماقد سلف" (الانفال:۳۸) نیز فرمایا: "قل للذین آمنوا یغفروا للذین لایرجون أیام اللہ لیجزی قومًا بما کانوا یکسبون" (الجاثیۃ:۱۴)۔

## ۱۹۵۲۔ الغفلۃ (غافل ہونا) دیکھئے السھو (بھول جانا)۔

## ۱۹۵۳۔ الغلّ (ہتھکڑی ڈالنا)

اس کی تعبیر حرام کمائی ہے، اس لئے کہ فرمان الٰہی ہے: "وما کان لنبی أن یغل، ومن یغلل یأت بما غل یوم القیامۃ" (آل عمران:۱۶۱)، اور جو شخص دیکھے کہ اس کے ہتھکڑی لگی ہوئی ہے تو وہ اسلام کا دعویدار ہے حالانکہ وہ کافر ہے، اور جو دیکھے کہ اس کا ہاتھ گردن تک باندھا ہوا ہے تو اسے مال حاصل ہوگا (جس میں) وہ اللہ تعالیٰ کا حق ادا نہیں کرے گا، اگر دیکھے کہ اس کے دونوں ہاتھوں میں ہتھکڑی لگی ہے تو وہ بخیل ہے، اگر دیکھے کہ اس کا ہاتھ اس کی گردن تک باندھا ہوا ہے تو یہ گناہوں سے باز رہنے کی دلیل ہے، اور ہتھکڑی شادی ہے، نیز غیر صالح عمل کی دلیل ہے۔

## ۱۹۵۴۔ الغلاظۃ (سختی) دیکھئے القسوۃ (سختی)۔

## ۱۹۵۵۔ الغلاف (میان)

خواب میں میان شوہر یا غیر شادی شدہ عورت ہے، اور میان اس کے اونٹ کا بچہ ہے۔

## ۱۹۵۶۔ الغلافي (میان بنانے والا)

خواب میں میان بنانے والا کنوارے شخص کی شادی اور عورت کے حاملہ ہونے کی دلیل ہے، کیونکہ میان میں تلوار ایسی ہے جیسے پیٹ میں بچہ، اور اس کو دیکھنا امور کی پوشیدگی، رازوں کے مخفی ہونے اور مال کی حفاظت کی دلیل ہے۔

## ۱۹۵۷۔ الغلام (لڑکا)

خواب میں لڑکا دیکھنا دیکھنے والے کے لئے بشارت ہے، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: "یابشری ھذا غلام" (یوسف:۱۹) یعنی اے خوشخبری یہ لڑکا ہے۔ جو دیکھے کہ اس نے لڑکا جنا ہے تو وہ غم یا مرض میں مبتلا ہوگا، اگر لڑکی جنے تو کشادگی ہوگی، جو خواب میں چھوٹا بچہ اٹھائے وہ غم میں مبتلا ہوگا، جو حاملہ عورت لڑکا جنے تو اسے لڑکی کی خوشخبری ملے گی، اگر لڑکی جنے تو لڑکے کی خوشخبری ملے گی۔

Marfat.com

## ۱۹۵۸۔ الغلبة (غلبہ)

خواب میں اگر غلبہ کی کثرت ہو تو یہ خوشی یا ناخوشی کی دلیل ہے، اور غالب ہونا حیوانی دشمن کے غلبہ کی دلیل ہے، اگر ایک جنس کا ہو تو غالب مغلوب ہوگا۔

## ۱۹۵۹۔ الغلق (بند کرنا)

جو خواب میں دیکھے کہ اس نے نیا دروازہ بند کیا ہے تو اگر وہ غیر شادی شدہ ہو تو نیک عورت سے شادی ہوگی، یا پھر بقائے امر کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ اس نے تالا بند کیا ہے تو وہ کسی عورت سے شادی کرے گا، اور بند کرنا ایسی فتح ہے جس میں مکر وفریب ہو، اور جو دیکھے کہ اس کا دروازہ بند ہے تو وہ اپنی دنیا کی حفاظت کے بارے میں فیصلہ کرے گا، اگر دیکھے کہ وہ اپنے گھر کا دروازہ بند کرنے کا ارادہ کرتا ہے اور دروازہ بند نہیں ہوتا ہے تو وہ کسی کام سے عاجز اور بے بس ہوگا۔

## ۱۹۶۰۔ غم وحزن

خواب میں غم پریشانی کے بعد خوشی ہے، اور غم مرض اور اہل کی وجہ سے فکر و پریشانی یا اہل کا کوئی الزام لگانا ہے۔ غم فوائد ختم ہونے اور حرکات بند ہونے کی دلیل ہے۔ اگر غم ان میں سے کسی چیز میں بیداری کی حالت میں ہو تو خیر کی دلیل ہے اور مذکورہ تعبیر کے برعکس دلیل ہوگی، اور غم فکر سرور اور خوشی بھی ہے۔

## ۱۹۶۱۔ الغمّاز (نیزے کی آزمائش کرنے والا)

اس کی تعبیر کینہ ور آدمی ہے، اور جو دیکھے کہ وہ نیزے کی آزمائش کرنے والا آدمی بنا ہے تو وہ کسی سے مسرور ہوگا لیکن پھر آخر کار غمگین ہوگا۔

## ۱۹۶۲۔ الغمام (بادل) دیکھئے الغیوم (بادل)۔

## ۱۹۶۳۔ الغمد (تلوار کی میان) دیکھئے السیف (تلوار)۔

## ۱۹۶۴۔ الغنی (مالدار ہونا)

خواب میں مالدار ہونا فقیر ہونا ہے، چنانچہ جو خود کو مال دار دیکھے وہ محتاج ہوگا یا قناعت پسند بنے گا، اس لئے کہ قناعت اصل غنٰی (مالداری) ہے اور غنٰی کی تعبیر قناعت ہے۔

## ۱۹۶۵۔ الغناء (گانا)

اس کی تعبیر بے بنیاد کلام اور مصیبت ہے، گانا اگر خوبصورت آواز کے ساتھ ہو تو یہ نفع بخش تجارت کی دلیل ہے،

Marfat.com

اور آواز اگر خوبصورت نہ ہو تو یہ نقصان دہ تجارت ہے، گانا گانے والا حکیم (دانا) یا عالم یا واعظ یا خطیب ہے، خواب میں جو کسی مقام پر دیکھے کہ وہاں گانا گایا جارہا ہے تو وہاں کذب و جھوٹ واقع ہوگا جو دوست واحباب میں کسی حاسد کے حسد و مکر کی وجہ سے تفریق کا سبب بنے گا، خواب میں گانا شر و نزاع کی دلیل ہے کیونکہ رقص میں حرکات کا تبدل و تغیر ہوتا ہے، جو دیکھے کہ وہ خوبصورت آواز اور خوش الحانی کے ساتھ قصیدے خوانی کر رہا ہے تو یہ خواب خوش الحان، گلوکار اور موسیقار لوگوں کے لئے اچھی ہے، جو دیکھے کہ وہ ردی اور گھٹیا گاتا ہے تو یہ بیکاری اور فقیری کی دلیل ہے، جو خواب میں دیکھے کہ وہ راستہ میں چلا جارہا ہے اور گاتا جاتا ہے تو یہ خیر کی دلیل ہے، جو دیکھے وہ حمام میں گانا گاتا ہے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اس کا کلام غیر واضح ہے، جو شخص دیکھے کہ وہ بازار یا کھلی جگہ میں گاتا ہے تو یہ خواب مالداروں کے لئے شر کی دلیل ہے، نیز عیوب اور قبیح امور کی دلیل ہے جن میں وہ مبتلا ہوں گے، اور یہ گانا فقراء کے حق میں ان کے مختل الحواس ہونے (زوالِ عقل) کی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ وہ بازار میں گاتا پھرتا ہے جب کہ وہ متقی لوگوں میں سے ہے تو اس بازار میں کوئی فتنہ و فساد واقع ہوگا، بازار میں کم درجہ لوگوں کا گانا ان کے ناقص العقل ہونے کی دلیل ہے۔

## ۱۹۶۶۔ الغنم (بکریاں)

خواب میں بکریوں کا ریوڑ نیک صالح فرمانبردار رعایا (پبلک) ہے، بکریاں مالِ غنیمت، اولاد و ازواج، املاک، کھیت اور پھلدار درخت ہیں، اور بھیڑ مالدار، حسین جمیل، کریم النفس عورتیں اور پوشیدہ سامان ہے، بکریاں آوارہ اور عزت صرف کرنے والی عورتیں ہیں کیونکہ بکریوں کی شرمگاہ کھلی ہوتی ہے اور دنبے کی شرمگاہ چکی کی وجہ سے چھپی ہوتی ہے۔

جو شخص دیکھے وہ بکریاں ہانکتا ہے تو سفید رنگ کی بکریاں عجمی لوگ۔ اور سیاہ رنگ کی عرب کے لوگ ہیں، اگر بکریوں کی اون اور دودھ حاصل کیا ہے تو وہ لوگوں سے مال و دولت حاصل کرے گا، اگر خواب میں بکریاں ملکیت میں آئیں ہوں تو یہ حصولِ غنیمت کی دلیل ہے، بعض کہتے ہیں کہ بہت زیادہ بکریاں سیاستدان لوگ ہیں، جو دیکھے کہ اسے بکریاں ملی ہیں تو اسے ولایت و ریاست اور ملک و حکومت اور نعمت حاصل ہوگی، جو بکریوں کا ریوڑ دیکھے تو اسے دائمی خوشی حاصل ہوگی، جو خواب میں بکریوں کے سر اور ان کے پائے دیکھے تو اس کی عمر زیادہ ہوگی، جو خواب میں دیکھے کہ اس کی صورت بکری کی سی ہوگئی ہے تو اسے غنیمت حاصل ہوگی۔

## ۱۹۶۷۔ الغنیمة (مالِ غنیمت)

خواب میں مالِ غنیمت کا حصول کشادہ حالی، خوشی، رزق اور بامراد ہونے اور مال و دولت میں برکت ہونے کی دلیل ہے، نیز حاصل شدہ غنیمت کے مال میں اضافہ کی دلیل ہے، خواب میں جو شخص مالِ غنیمت میں سے پانچواں حصہ ادا کرے تو یہ پانچوں نمازوں کی پابندی کی دلیل ہے۔

Marfat.com

## ۱۹۶۸۔ الغوّاص (غوطہ لگانے والا)

غوطہ خور بادشاہ ہے، اگر خواب دیکھے کہ اس نے سمندر سے موتی نکالنے کے لئے سمندر میں غوطہ خوری کی ہے تو وہ بادشاہ کے کام میں دخل دے گا، اور اس سے باندی حاصل کرے گا جس کے بطن سے خوبصورت بیٹا پیدا ہوگا، یا کسی عالمِ دین سے علم حاصل کرے گا یا تاجر یا بادشاہ سے مال حاصل کرے گا، غوطہ لگانے والا پوشیدہ امور میں پڑنے والا آدمی ہے، خواب میں غوطہ خور کو دیکھنا اس عظیم عالم و پیشوا کی دلیل ہے جو مرشدین کے نقشِ قدم پر چلنے والا اور محققین کے حقائق کو ظاہر کرنے والا ہو۔

## ۱۹۶۹۔ الغوص (پانی میں غوطہ لگانا)

جو دیکھے کہ اس نے سمندر میں غوطہ لگایا ہے اور اس کو اس سمندر کی تہہ سے کیچڑ لگا ہے تو وہ بادشاہ کی طرف سے کسی غم پریشانی سے دوچار ہوگا، جو دیکھے کہ دریا میں غوطہ لگاتا ہے اور اس دریا سے باہر نکلنے کی طاقت نہیں پا رہا ہے تو وہ پیش آمدہ تکلیف برداشت نہیں کر سکے گا اور اس پر صبر نہیں کر سکے گا۔

## ۱۹۷۰۔ الغيّ (گمراہی)

خواب میں گمراہی اور بے راہ روی دینی فتنہ، راہِ راست سے اعراض کی دلیل ہے۔

## ۱۹۷۱۔ الغَیبۃ (غائب ہونا)

جب انسان خواب میں خود کو دیکھے کہ وہ زمین میں غائب ہو گیا ہے تو یہ دور دراز کے سفر کی دلیل ہے، مریض کا غائب ہونا موت کی علامت ہے۔ اہلِ محبت کے حق میں مراقبہ اور کشف ہے، جو شخص دیکھے کہ وہ زمین میں بغیر کھودے غائب ہو گیا اور اتنی گہرائی میں چلا گیا ہے کہ اسکا گمان ہے کہ اب وہ اوپر کو نہیں چڑھ سکتا تو وہ حصولِ دنیا سے مغرور ہے۔

## ۱۹۷۲۔ الغیبۃ (غیبت کرنا)

خواب میں غیبت کرنا برکات کے ختم ہونے کی دلیل ہے کیونکہ غیبت نیکیوں کو یوں کھا جاتی ہے جس طرح آگ لکڑیوں کو کھا جاتی ہے، اور جو دیکھے کہ وہ کسی انسان کی غیبت کرتا ہے اور یہ غیبت فقر کی وجہ سے ہو تو فقر و احتیاج میں مبتلا ہوگا، اگر کسی عیب کی وجہ سے ہو تو وہ عیب و برائی اس کی طرف راجع ہوگی، چنانچہ خواب میں غیبت کرنے کا نقصان غیبت کرنے والے کی طرف لوٹتا ہے، لہٰذا خواب میں جس چیز پر غیبت کی ہے وہ خود اس چیز میں مبتلا ہوگا۔

## ۱۹۷۳۔ الغیرۃ (غیرت)

خواب میں غیرت حرص کی دلیل ہے، چنانچہ جو خواب میں اپنے آپ کو غیرت مند دیکھے تو وہ حریص ہے، جو دیکھے

Marfat.com

کہ وہ کسی چیز پر غیرت کھاتا ہے تو وہ دینوی امور میں حریص ہے۔

## ۱۹۷۴۔ الغیظ (غیظ وغضب)

خواب میں غیظ وغضب (سخت غصہ) حادثاتی موت کی دلیل ہوتا ہے، چونکہ صاحبِ غیظ وغضب کی حالت غصہ کے وقت متغیر ہو جایا کرتی ہے۔ اس لئے بسا اوقات غیظ وغضب برائیوں کے ارتکاب اور امراض کی دلیل ہوتا ہے۔ جو دیکھے کہ وہ کسی شخص پر غضبناک ہے تو اس کا امرا سی پر لوٹے گا، اور اس کا مال جاتا رہے گا، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: "وردّ اللّٰہ الذین کفروا بغیظھم لم ینالوا خیرًا" (الاحزاب: ۲۵) یعنی اللہ تعالیٰ نے کافروں کو ان کے غصہ میں بھرا ہوا ہٹا دیا کہ ان کی کچھ مراد بھی پوری نہ ہوئی۔

اور غصہ فقر واحتیاج اور ضیاع مال ہے۔

## ۱۹۷۵۔ الغیلم (کچھوا) دیکھئے السلحفاۃ (کچھوا)۔

## ۱۹۷۶۔ الغیوم (بادل)

خواب میں بادل دیکھنا بحری سفر کی دلیل ہے اس لئے کہ بادل چلتا ہے اور آسمان وزمین کے مابین پانی کو اٹھاتا ہے، نیز بادل مومنین کی نصرت اور مریضوں کی موت کی دلیل ہے، کیوں کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: "ھل ینظرون الاّ أن یأتیھم اللّٰہ فی ظلل من الغمام والملائکۃ و قضی الامر" (البقرۃ: ۲۱۰) یعنی یہ لوگ صرف اس امر کے منتظر ہیں کہ حق تعالیٰ اور فرشتے بادل کے سائبانوں میں ان کے پاس (سزا دینے کے لئے) آئیں اور سارا قصہ ہی ختم ہو جائے۔ خواب میں ابر یا بادل پر سوار ہونا مرتبہ کے بلند ہونے اور تندرست ہو تو سفر کی دلیل ہے، غیر شادی شدہ ہو تو عظیم زوجہ سے شادی کی دلیل ہے، اور بادل کبھی غم کی دلیل ہوتا ہے کیونکہ غمامۃ (بادل) غم سے مشتق ہے۔

Marfat.com

# ﴿باب الفاء﴾

## ۱۹۷۷۔ فاختہ

خواب میں فاختہ پرندہ دیکھنا چھوٹا لڑکا ہے، بعض کہتے ہیں کہ غیر صالحہ عورت ہے، جو بہت جھوٹی اور زبان دراز ہو، اور اس کے دین میں نقص ہو، فاختہ گھر کی مالکن یا خوبرو اور بامروّت عورت کی دلیل ہے۔

## ۱۹۷۸۔ الفاخوری (کمہار)

دیکھئے الفخاری (کمہار)۔

## ۱۹۷۹۔ الفارۃ (چوہا)

خواب میں چوہا فاسق عورت ہے، بعض کہتے ہیں کہ یہودی ملعون اور نوحہ باز عورت ہے، یا یہودی آدمی یا نقب زن چور ہے، اور بہت زیادہ چوہے رزق کی دلیل ہیں، چنانچہ جو دیکھے کہ چوہے اس کے گھر میں کھیلتے ہیں تو اس کا رزق زیادہ ہوگا کیونکہ چوہے رزق والی جگہ ہی میں ہوتے ہیں، اور جس کے گھر سے چوہے نکل گئے ہوں تو وہاں برکت ونعمت میں کمی ہوگی، اور چوہے کا مالک ہونا خادم کا مالک ہونا ہے اس لئے کہ چوہے وہی کچھ کھاتے ہیں جو انسان کھاتا ہے اور خادم بھی اسی طرح وہی کھاتا ہے جو اس کا آقا کھاتا ہے، اور کالے وسفید چوہے دن ورات کی دلیل ہے۔ جو خواب میں چوہوں کو دیکھے کہ وہ کھود کرید کرتے ہیں تو وہ نقب زن چور ہے، محتاط رہے، اور چوہیا بدباطن عورت ہے، اور چوہے عورتیں ہیں جب کہ وہ مختلف رنگ کے نہ ہوں، اگر چوہے کو دیکھے خواہ سفید ہو یا سیاہ کہ وہ آتا جاتا ہے تو وہ طویل العمر ہوگا، سفید رنگ دن اور سیاہ رنگ راتیں ہیں، بعض کہتے ہیں کہ چوہے گھر کے افراد اور اہل وعیال ہیں، اور جو شخص دیکھے اس نے چوہے کو مار ڈالا ہے تو وہ بری عورت پر غالب آئے گا، اور جو دیکھے کہ اس نے چوہے کو تیر یا پتھر مارا ہے تو وہ کسی عورت کی بُری غیبت یا بُرا پیغام بھیجے گا، جو دیکھے کہ اس نے چوہیا کا شکار کیا ہے تو وہ کسی عورت کو فریب دے گا۔ جو شخص کسی خوف کی جگہ یا کنوئیں کے اندر بہت زیادہ چوہے دیکھے تو یہ نقصانِ عمر کی دلیل ہے، جو اپنے گھر میں بہت سے چوہے دیکھے تو اس گھر میں بری عورتیں آئیں گی، اور جو دیکھے کہ اس کو چوہے کی کھال ملی ہے تو اسے کسی بری عورت سے تھوڑا سا مال حاصل ہوگا۔

## ۱۹۸۰۔ الفاس (کلہاڑی)

خواب میں کلہاڑی دیکھنا امداد اور رزق کی دلیل ہے۔ اگر دردِ سر میں مبتلا ہو تو شفاء ہوگی، یا اسے گدی سے اوپر کے گڑھے میں سینگی کھنچوانے کی ضرورت پیش آئے گی، کلہاڑی نرینہ اولاد ہے، جو اپنے ہاتھ میں کلہاڑی دیکھے تو وہ وکیل یا وصی یا امین بنے گا، اور حسنِ دین اور دشمنوں کے خلاف نصرت حاصل ہوگی، بعض کہتے ہیں کہ کلہاڑی نقصان وتکلیف کی دلیل ہے، کلہاڑی غلام وخادم اور قوت ونصرت کی دلیل ہے، یا کلہاڑی کم عقل کافر کی دلیل ہے، بعض کہتے ہیں کہ کلہاڑی

Marfat.com

بیٹا ہے، بعض کا قول ہے کہ کلہاڑی امانت اور دینی قوت ہے۔

## ۱۹۸۱۔ فاطمہؓ بنت رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)

خواب میں ان کی زیارت ماں باپ اور ازواج کے فقدان (محرومی) کی دلیل ہے۔

## ۱۹۸۲۔ الفاعل (کام کرنے والا)

خواب میں کام کرنے والا مالداری اور ناداری یا سفر اور طلبِ معاش میں اِدھر اُدھر جانے یا کلام آراستہ کرنے اور گھڑنے کی دلیل ہے، یا پھر اس شخص کی دلیل ہے جو حلال کو حرام کے ساتھ خلط ملط کرتا ہے، جب خواب میں دیکھے کہ کام کرنے والا دیواروں کو اور گھروں کو اکھاڑ رہا ہے تو اس جگہ کے لوگ کسی وحشت میں مبتلا ہوں گے یا موت کا شکار ہوں گے، اگر خواب میں کدال سے زمین کھودتا ہے تو اس کا فعل اللہ تعالیٰ کا فعل ہے، کدال وہ آدمی ہے جو لوگوں کو اپنی جانب کھینچتا ہے۔

## ۱۹۸۳۔ الفأفاء (فا کی آواز نکالنا) دیکھئے النحوی (نحوی)۔

## ۱۹۸۴۔ فقر وفاقہ

خواب میں اللہ تعالیٰ سے فقر و حاجت کے متعلق سوال کرنا قبولیتِ دُعا کی دلیل ہے، کیونکہ صاحبِ قدر و منزلت سے اس کی رجا و امید ہوتی ہے۔

## ۱۹۸۵۔ الفاکھانی (پھل فروش)

خواب میں پھل فروش لوگوں کے اموال و اسرار کے امین آدمی کی دلیل ہے۔ اس کی تعبیر اچھی ہے جب کہ پھلوں پر قیمت وصول نہ کی ہو، خواب میں اس کو دیکھنا مفید اقرار نامے یا بادشاہوں کے واقعات بیان کرنے والا ہے، پھل فروش کو دیکھنا مال و اولاد، ازواج اور بالتاخیر حاصل ہونے والا نفع ہے۔

## ۱۹۸۶۔ الفاکھة (پھل)

خواب میں پھل شادی ہے اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: "ان اصحاب الجنة الیوم فی شغل فاکھون ھم و أزواجھم فی ظلال علی الأرائك متکئون" (یٰس: ۵۵، ۵۶) یعنی اہل جنت بے شک اس دن اپنے مشغلوں میں خوش دل ہوں گے، وہ اور ان کی بیویاں سایوں میں مسہریوں پر تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے۔

بعض کہتے ہیں کہ تازہ پھل و میوے عارضی رزق ہیں اس لئے کہ پھل جلدی خراب ہو جاتے ہیں، اور خشک پھل

Marfat.com

رزقِ کثیر ہے، بعض کہتے ہیں کہ فقراء کے حق میں پھل مالداری اور مالداروں کے حق میں اضافہء مال کی دلیل ہے، جو شخص دیکھے کہ پھل اس کے سامنے بکھیرے جاتے ہیں تو وہ نیک نامی میں مشہور ہوگا۔

## ۱۹۸۷۔ فالج

دیکھئے الشلل (شل ہو جانا)۔

## ۱۹۸۸۔ الفالوذج (فالودہ)

خواب میں فالودہ لطیف و حسین کلام ہے، اور بہت زیادہ فالودہ غلبہ کے ساتھ رزقِ کثیر کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ وہ فالودہ کھاتا ہے تو وہ شکار یا غنیمت کے مال سے رزق پائے گا اور سیادت و مسرت بھی، فالودہ فالج کی بیماری کی دلیل بھی ہوسکتا ہے۔

## ۱۹۸۹۔ الفامی (سبزی فروش)

خواب میں سبزی فروش امانتدار آدمی ہے جو لوگوں کے راز جانتا ہے جب کہ اس کے پاس اموال جمع ہوں، اگر سبزی فروش کے پاس اس کے تھیلے یا بوری میں خشک پھل ہوں تو یہ لوگوں کے اموال ہیں جو انہوں نے اس کو خفیہ طور پر امانۃً حفاظت کے لئے دیئے ہیں، کیونکہ تھیلی، بوری اور بٹوے کی تعبیر اسرار و رموز سے کی جاتی ہے، اگر ان میں سے کوئی چیز ظاہر ہوئی ہو تو راز منکشف ہوگا اور وہ سبزی فروش خیانت کرنے والا ہوگا، سبزی فروش کا دیکھنا معاملات کے پورا ہونے اور وعدے میں سچا ہونے کی دلیل ہے، نیز امراض و تکالیف اور پریشانیوں کے دور ہونے کی دلیل ہے۔

## ۱۹۹۰۔ الفانیذ (قند سفید)

اس کی تعبیر فرحت و خوشی اور سہولت والا رزق ہے۔

## ۱۹۹۱۔ الفتی (نوجوان)

خواب میں نوجوان دیکھنا نصیب، قبول اور دشمنوں کے خلاف نصرت و مدد کی دلیل ہے، حضرت ابراہیم علیہ السلام کے واقعہ پر قیاس ہے، کیونکہ انہوں نے بتوں کو توڑا تھا اور ان کا ستیاناس کیا تھا، چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: "قالوا سمعنا فتی یذکرھم یقال لہ ابراھیم" (الانبیاء: ٦٠) یعنی لوگوں نے کہا کہ ہم نے ایک نوجوان کو سنا ہے کہ ان کا ذکر کرتا تھا اسے ابراہیم کہا جاتا ہے۔ نوجوان کو دیکھنا اہل ظلم سے عداوت اور ان پر غالب آنے کی دلیل ہے، نوجوان دیکھنا حاجات کے پورا ہونے کی دلیل ہے، اس لئے کہ حدیث میں وارد ہے: "استعینوا علی قضاء حوائجکم بالوجوہ الصباح" یعنی اپنی حاجات کے پورا کرنے میں خوبرو لوگوں سے مدد حاصل کرو۔

Marfat.com

## ۱۹۹۲۔ الفتال (رسی بنانے والا)

خواب میں اس کا دیکھنا مکر و فریب اور سحر و جادو کی دلیل ہے، اس کا دیکھنا معاملات کی سہولت اور کنوارے کے لئے شادی کی دلیل ہے، اور رسی بنانے والے کو دیکھنا مسافر اور پارچہ باف کی دلیل ہے، یا پھر بحکم اسباب امور کا قطعی فیصلہ کرنے والا ہے جیسے ذی رائے اور مفتی، چنانچہ جو دیکھے کہ وہ رسی بٹتا ہے تو اگر وہ سفر کا اہل ہے تو سفر پر روانہ ہوگا۔

## ۱۹۹۳۔ الفتاة (جوان عورت) دیکھئے الشابة (جوان عورت)۔

## ۱۹۹۴۔ الفتح (کھولنا)

خواب میں تالے اور بند مقامات کھولنا مشکل کے آسان ہونے اور سہولتِ رزق کی دلیل ہے۔

## ۱۹۹۵۔ الفتر (گز) دیکھئے الذراع (گز)۔

## ۱۹۹۶۔ الفتق (پھاڑنا)

خواب میں کوئی چیز پھاڑنا جدائیگی یا کنواری زوجہ کی دلیل ہے۔

## ۱۹۹۷۔ الفتک (ہلاک کرنا)

خواب میں ہلاکت اس بات کی دلیل ہے کہ وہ دشمنوں میں سے ہے، یا پھر ٹڈی تباہی و بربادی مچائے گی یا آگ ہے جو تباہی مچائی گی یا سیلاب ہے جو غرق کرے گا۔ جس طرح دشمن اپنی تلوار سے ہلاک کرتا ہے۔

## ۱۹۹۸۔ الفتل (رسّی وغیرہ بٹنا)

جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ رسی یا دھاگہ بٹتا ہے یا اس کو اپنے اوپر یا تکلے وغیرہ پر موڑتا اور لپیٹتا ہے تو وہ بہرحال سفر کرے گا، اگر اس نے آسانی سے رسی وغیرہ بٹی ہے تو سفر با سہولت ہوگا، جو دیکھے کہ وہ اپنی داڑھی کے بال اکھاڑتا ہے اور اس کو رسی کی طرح بٹتا ہے تو وہ جھوٹی گواہی پر رشوت لیتا ہے، رسی وغیرہ بٹنا امور کے استحکام یا شرکت (حصہ داری) یا شادی کی دلیل ہے۔

## ۱۹۹۹۔ فتنہ

خواب میں فتنہ مال و اولاد ہے، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد پاک ہے: "انما اموالکم و اولادکم فتنة و ان اللّٰہ عندہ اجر عظیم" (الأنفال: ۲۸) یعنی تمہارے مال اور اولاد آزمائش ہیں اور اللہ تعالیٰ کے پاس بہت بڑا اجر ہے۔

Marfat.com

## ۲۰۰۰۔ الفتیلة (چراغ کی بتی)

خواب میں چراغ کی بتی منتظمہ ہے جو لوگوں کی خدمت کرتی ہے، اگر دیکھے کہ وہ بتی ساری جل گئی ہے تو وہ منتظمہ وفات پائے گی، اگر چراغ کی بتی سے انگاری روئی پر گری اور وہ جل گئی ہو تو وہ عورت کوئی خطا یا لغزش کھائے گی، جو شخص چراغ یا لالٹین کی بتی دیکھے کہ وہ بجھ گئی ہے تو اس جگہ پر مریض وفات پائے گا یا غائب شخص کی موت کی خبر آئے گی۔

## ۲۰۰۱۔ الفجاج (راستہ) دیکھئے الطریق (راستہ)۔

## ۲۰۰۲۔ الفجر (صبح صادق)

خواب میں صبح صادق نور و ہدایت ہے، جو خواب میں طلوعِ صبح صادق دیکھے تو اسے فرحت و سرور مسلسل حاصل ہوگا، اس لئے کہ فجر اندھیرے کے بعد اجالے کا نام ہے۔ جو دیکھے کہ اس کی کوئی چیز رات کی تاریکی میں کھو گئی ہے اور طلوعِ فجر کے وقت وہ چیز اسے مل گئی ہے تو اس کی کوئی چیز اس کے مقروض پر ہے جو اس سے انکار کرے گا پھر اس پر دو گواہ گواہی دیں گے تو پھر وہ معاملہ درست ہوگا اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: "وقرآن الفجر، ان قرآن الفجر کان مشهودا" (الاسرا:۷۸) یعنی فجر کے وقت قرآن پڑھو، بے شک فجر میں قرآن پڑھنا حاضری کا وقت ہے۔

## ۲۰۰۳۔ الفجل (مولی)

خواب میں مولی دیہاتی آدمی ہے۔ مولی حج اور رزقِ حلال ہے، بعض کہتے ہیں کہ جو اپنے ہاتھ میں مولیاں دیکھے تو وہ ایسا عمل کرے گا جس میں خیر ہوگی لیکن اس کا انجام باعثِ ندامت ہوگا۔

## ۲۰۰۴۔ الفجور (بدکاری)

خواب میں بدکاری کفر کی دلیل ہے، کیونکہ فرمانِ الٰہی ہے: "ولا یلدوا الا فاجرًا کفارًا" (نوح:۲۷) یعنی ان کے ہاں صرف فاجر اور کافر ہی اولاد پیدا ہوگی۔ حاملہ عورت کی بدکاری اس کی خلاصی ہے، اس کی بدکاری ولد ہے۔

## ۲۰۰۵۔ الفحام (کوئلہ فروش)

خواب میں اس کو دیکھنا تکالیف و آلام، فتنوں، چہرہ کا سیاہ ہونا اور جھوٹ کی دلیل ہے، کوئلہ فروش کی تعبیر سلطانِ جابر کے ساتھ کی جاتی ہے جو لوگوں کے اموال غصب کرتا ہے۔

## ۲۰۰۶۔ الفحم (کوئلہ)

خواب میں کوئلہ خطرناک آدمی ہے، بعض کا قول ہے کہ مالِ حرام ہے، اور ایک قول یہ ہے کہ سلطان سے حاصل

Marfat.com

ہونے والا رزق ہے، اور جو دیکھے کہ کوئلہ میں آگ سرایت کر گئی ہے تو وہ آدمی آزمائش میں مبتلا ہوگا، سلطان اس پر ظلم کرے گا اور اس کا مال غصب کرے گا، سردیوں میں کوئلہ کی تعبیر مال سے کی جاتی ہے، اور جو شخص دیکھے کہ ایک آدمی نے اس کو نوبی غلام ہبہ کیا ہے تو اس کے پاس کوئلے کے بورے بطورِ ہدیہ آئیں گے، بعض کہتے ہیں کہ جو چیز بھی آگ میں سلگائی جاتی ہے وہ فسق و فجور کی دلیل ہے۔

## ۲۰۰۷۔ الفخ (جال)

خواب میں جال مکار و فریب کار اور قلیل الدین آدمی ہے، چنانچہ جو دیکھے کہ وہ چڑیوں کے شکار کے لئے جال لگاتا ہے تو وہ کسی عظیم آدمی کے ساتھ مکر و فریب کرے گا، جب عورت دیکھے کہ وہ جال لگاتی ہے اور اس جال میں جب بھی کوئی پرندہ آتا ہے تو وہ اڑ جاتا ہے تو وہ اپنے شوہر سے حمل کی طالب ہے اور اس کا حمل قائم نہیں رہے گا۔

## ۲۰۰۸۔ الفخاری (کمہار)

خواب میں کمہار وہ آدمی ہے جو برتن اور پیالے بناتا ہے، اور وہ برتن وغیرہ خدام یا دیندار عورتیں ہیں، کمہار کا دیکھنا اپنے خاندان اور مال و جمال پر فخر کرنے پر دلالت کرتا ہے۔

## ۲۰۰۹۔ الفخامة (عظیم ہونا) دیکھئے العِظَم (بڑا ہونا)۔

## ۲۰۱۰۔ الفخذ (ران)

جو خواب میں اپنی ران میں نقص دیکھے تو اس کا کوئی قبیلہ نہیں ہے، جو اپنی ران میں درد دیکھے تو اس نے اپنے خاندان سے بدسلوکی کی ہے، جو دیکھے کہ گوشت کا ٹکڑا اس کی ران کے ساتھ جڑ گیا ہے تو اس کی جانب ایک لڑکا جو اسکا نہیں ہوگا منسوب کیا جائے گا، ران گھر کے افراد میں سے کسی فرد کی دلیل ہے، اور ران اس قبیلہ و خاندان کی دلیل ہے جس سے وہ تعلق رکھتا ہے، جو دیکھے کہ اس کی ران کاٹ دی گئی ہے تو وہ اپنی قوم قبیلہ سے جدا ہوگا اور مسافرت کی حالت میں وفات پائے گا، جو دیکھے کہ اس کی ران تانبے کی ہے تو اس کا قوم قبیلہ گناہوں پر جری ہے۔

## ۲۰۱۱۔ الفخر (فخر وغرور)

خواب میں فخر و غرور مال، کشادگیِ رزق اور ہاتھ و زبان کی دلیل ہے، اور انسان کا اپنے نفس کو مزکی سمجھنا اس کے گناہ کمانے کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ گویا نامعلوم نوجوان اس کو مزکی سمجھتا ہے تو اس کا دشمن اس کے تابع ہوگا، اگر نامعلوم بوڑھے کو دیکھے کہ وہ اس کو مزکی سمجھتا ہے تو اسے خوبصورت لڑکا نصیب ہوگا، اور اگر نوجوان اور بوڑھا معلوم وشناسا ہوں تو ان کے سبب عزت و ریاست حاصل کرے گا۔

Marfat.com

## ۲۰۱۲۔ الفرات (دریائے فرات) دیکھئے نهر الفرات (دریائے فرات)

## ۲۰۱۳۔ الفرار (بھاگنا)

خواب میں بھاگنا رجوع الی اللہ اور اللہ کی طرف انابت کی دلیل ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: "ففروا الی اللّٰه انی لکم منه نذیر مبین" (الذاریات:۵۰) یعنی اللہ کی طرف بھاگو بے شک میں اس کی طرف سے تمہیں کھلا ڈرانے والا ہوں۔ بھاگنا ولایت، امن وتوبہ اور موت ہے، چنانچہ جو دیکھے کہ وہ دشمن سے بھاگ رہا ہے اور اس سے خوفزدہ ہے تو اس سے امن ہوگا، اگر کوئی عالم فرار ہونے کو دیکھے تو اسے عہدۂ قضاء ملے گا اس لئے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو نبوت فرار کے بعد ملی، جو دیکھے کہ وہ بھاگتا ہے اور وہ خوفزدہ نہیں ہے تو وہ وفات پائے گا، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: "قل لن ینفعکم الفرار ان فررتم من الموت أو القتل" (الاحزاب:۱۶) یعنی آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) کہہ دیجئے کہ اگر تم موت یا قتل سے بھاگو گے تو بھاگنا تمہیں ہرگز فائدہ نہیں دے گا۔ اور خواب میں لشکر کا راہِ فرار اختیار کرنا نصرت کی دلیل ہے، اور کفار کا بھاگنا خود اس کا بھاگنا ہے اس لئے کہ فرمانِ خداوندی ہے: "وقذف فی قلوبهم الرعب" (الحشر:۲) یعنی اس ذات نے ان کے دلوں میں رعب ڈال دیا۔

## ۲۰۱۴۔ الفراسة (فہم وفراست)

جو خواب میں اپنے آپ کو فہیم و بافراست دیکھے اور پوشیدہ امر کو معلوم کرے تو خیر (مال وغیرہ) زیادہ ہوگی اور اس کو کوئی تکلیف نہیں پہنچے گی، کیونکہ فرمانِ الٰہی ہے: "ولو کنت اعلم الغیب لاستکثرت من الخیر وما مسنی السوء" (الاعراف:۱۸۸) یعنی اگر میں غیب کی باتیں جانتا تو میں بہت سے منافع حاصل کر لیا کرتا اور کوئی مضرتْ ہی مجھ پر واقع نہ ہوتی۔ اور فہم وفراست خیر (نفع) اور نجات کی دلیل ہے۔

## ۲۰۱۵۔ الفَراش (تتلی)

خواب میں تتلی دیکھنا جہالت اور بادشاہوں کی خدمت کا تجربہ نہ ہونے کی دلیل ہے، اور کبھی اسکا دیکھنا محبت اور خود کو ہلاکت میں ڈالنے کی دلیل ہوتا ہے، اور تتلی کا دیکھنا آتش پرستوں یا خوف وگھبراہٹ کی دلیل ہے، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان اس پر دال ہے: "یوم یکون الناس کالفراش المبثوث" (القارعة:۴) یعنی جس روز آدمی پریشان پروانوں کی طرح ہو جائیں گے، تتلی کمزور ضعیف دشمن کی دلیل ہے، کاشتکار کے لئے تتلی بیکاری اور شدت اور بری عورتوں کی موافقت کی دلیل ہے، ریشم کی تتلی ان نیک لوگوں کی دلیل ہے جو دوسروں سے اچھا سلوک کرتے ہیں اور ایذاء رسانی سے بچاتے ہیں، یا پھر قربِ مدت اور اختتامِ عمل کی دلیل ہے۔

Marfat.com

## ۲۰۱۶۔ الفِراش (بستر)

خواب میں بچھونا اور بستر عورت ہے، جس نے خواب میں اپنا بستر بیچ دیا وہ اپنی بیوی کو طلاق دے گا، اگر وہ بیمار ہو تو وفات پائے گی، اور بستر باندی ہے، اور وہ بستر راحت ہے، بچھونے کا نرم ہونا عورت کا اپنے شوہر کی فرمانبرداری اور اطاعت کرنا ہے، اور بچھونے کا وسیع ہونا اس عورت کے خوش خلق ہونے کی دلیل ہے، اور بستر کا نیا ہونا اس عورت کی نوجوانی کی علامت ہے، اگر بستر اون یا کاٹن یا بالوں کا بنا ہو تو وہ عورت مالدار ہے اگر بستر دیباج (ریشم کی قسم) کا ہو تو وہ عورت مجوسی ہے، اگر بچھونا سفید ہو تو عورت دیندار ہے، اگر بستر سیاہ رنگ کا ہے تو وہ کوئی ایسا عمل کرے گی جو اللہ تعالیٰ کو پسند نہیں ہے، اگر بستر سبز رنگ کا ہے تو وہ عورت عبادت گزار اور دیندار ہے، جو دیکھے کہ اس نے بستر خریدا ہے تو وہ کسی عورت سے شادی کرے گا، اگر وہ بستر نیا ہو تو وہ عورت حسین ہوگی، اگر بستر پھٹا ہوا ہے تو عورت فاسدہ غیر دیندار ہے، اگر دیکھے کہ اس کا بچھونا اپنی جگہ سے ہٹ گیا ہے تو وہ اپنی زوجہ کو طلاق دے گا، اگر دیکھے کہ اس کا بستر سلطان کے دروازہ پر پڑا ہے تو وہ بڑی ولایت حاصل کرے گا، بستر اولاد پر بھی دال ہے، اس لئے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشاد ہے: "الولد للفراش" (بخاری کتاب الحدود)، یعنی لڑکا صاحبِ فراش کا ہے۔ اور جو شخص دیکھے کہ اس کے بستر میں کوئی کمی زیادتی یا اچھائی یا خرابی ہے تو یہ اس کی بیوی کے بارے میں اشارہ ہے، اگر اپنے بچھونے کے ساتھ ایک اور بچھونا دیکھا ہے تو وہ ایک اور عورت سے شادی کرے گا، جو دیکھے کہ اس نے اپنا بستر لپیٹا ہے اور پھر اس کو ایک کنارہ پر رکھ دیا ہے تو وہ اپنی بیوی سے غائب ہوگا، جو خواب میں دیکھے کہ وہ بستر پر سویا ہوا ہے تو وہ خوف سے مامون ہوگا، یا پھر وہ دین سے غافل ہوگا کیونکہ نیند غفلت کی چیز ہے۔

## ۲۰۱۷۔ الفرّاش (بستر فروش)

فرش فروش اور فرش ساز کا خواب میں دیکھنا اس آدمی کی دلیل ہے جو عورتوں کے امور کا ذمہ دار ہو اور انہیں مزین کرتا ہے۔ بستر فروش غلام لونڈیوں کے دلال کی دلیل بھی ہے۔

## ۲۰۱۸۔ الفراق (جدائی): دیکھئے المفارقة (جدائیگی)۔

## ۲۰۱۹۔ الفرّان (نان بائی)

خواب میں نان بائی لوگوں کی مصالح وضروریات سے واقف یا ادب سکھانے والے یا جیلر کی دلیل ہے، یا اس کا دیکھنا دور ہوتے اور بھاگنے کی دلیل ہے، یا کثیر النسل آدمی کی دلیل ہے، غیر شادی شدہ کا خواب میں نان بائی کو دیکھنا شادی کی دلیل ہے، اور شادی شدہ کے لئے اولاد کی دلیل ہے، نان بائی کی ایک تعبیر خادمِ سلطان ہے، یا اطاعات وعبادت ترک کرنے اور نماز سے غفلت اور فکر وغم اور فقر کی دلیل ہے۔

Marfat.com

## ۲۰۲۰۔ الفراء (پوستین)

گرمیوں میں پوستین دیکھنا امراض و تکالیف و آلام کی دلیل ہے، اور سردیوں میں دیکھنا صحت و عافیت، نشاط و خوشی اور ازالہ فکر و غم کی دلیل ہے، سموز (نیولے کے مشابہ جانور) کی کھال اور گلہری کی کھال کی پوستین ظالم و غاصب آدمی کی دلیل ہے، اور لومڑی کی کھال کی پوستین مکار و چالاک آدمی کی دلیل ہے، چیتے کی کھال کی پوستین بھی غاصب ظالم آدمی کی علامت ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ سمور (نیولے کی طرح کا جانور) کی کھال کی پوستین سیادت (سرداری)، خباثت اور قلت دین کی علامت ہے اور گلہری کی کھال کی پوستین عزت و فخر اور بلا دین زینت ہے، جو دیکھے کہ وہ اپنی پوستین درست کرتا ہے تو غیر متوقع جگہ سے ناگوار امر پیش آئے گا، درندے کی کھال کی پوستین ظالم آدمی پر دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ یہ سیادت کی دلیل ہے۔

## ۲۰۲۱۔ الفَرْج (شرمگاہ)

خواب میں شرمگاہ اس شخص کے حق میں کشادہ حالی کی دلیل ہے جو مصیبت میں مبتلا ہو، اور غیر شادی شدہ کے لئے شادی کی اور روانگی سفر، شرکت کے انعقاد اور راز کے منکشف ہونے کی دلیل ہے، شرمگاہ جیل خانہ یا گھر کے اس دروازہ کی دلیل ہے جہاں سے آنے کا اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: "وأتوا البیوت من أبوابها" (البقرۃ: ۱۸۹) اور گھروں میں ان کے دروازوں سے آؤ۔ نیز محراب اور اس قبلہ کی دلیل ہے جس کی طرف رخ کیا جاتا ہے۔ شرمگاہ قبر یا تنور کی بھی دلیل ہے، نیز دھوکہ باز مکار کی دلیل ہے"۔

## ۲۰۲۲۔ الفرجار (پرکار) دیکھئے الشبر (بالشت)۔

## ۲۰۲۳۔ الفرح (اترانا)

خواب میں اترانا غم و حزن کی دلیل ہے، اس لئے کہ فرمانِ الٰہی ہے: "لاتفرح ان اللّٰہ لایحب الفرحین" (القصص: ۷۶) یعنی اترامت واقعی اللہ تعالیٰ اترانے والوں کو پسند نہیں کرتا۔ اترانا اطاعت (نیک کام) سے غفلت کی دلیل ہے، اگر اچھی خبر پر خوش ہوا ہے جیسے قیدی کا رہا ہونا یا مریض کا عافیت پانا تو یہ نیک سفر کی علامت ہے۔ خواب میں خوش ہونا اور اترانا فکر و پریشانی ہے چنانچہ جو دیکھے کہ وہ خوش ہوا ہے تو وہ غمناک ہوگا۔

## ۲۰۲۴۔ الفردوس (فردوس) دیکھئے الجنۃ (جنت)۔

## ۲۰۲۵۔ فرزان الشطرنج (شطرنج کی ملکہ)

خواب میں اس کا دیکھنا منصب جلیل کی دلیل ہے۔ نیز دیکھئے الشطرنج (شطرنج)۔

Marfat.com

## ۲۰۲۶۔ الفُرس (اہلِ فارس) دیکھئے العجم (اہلِ عجم)۔

## ۲۰۲۷۔ الفَرَس (گھوڑا) دیکھئے الخیل (گھوڑا)۔

## ۲۰۲۸۔ فَرَس الشطرنج (شطرنج کا گھوڑا)

خواب میں شطرنج کا گھوڑا دیکھنا مالی معاملات کی دلیل ہے، یا پھر قبضہ کے لئے حیلہ استعمال کرنے کی دلیل ہے، اور مریض کے لئے نزعِ روح اور موت کی دلیل ہے۔

## ۲۰۲۹۔ فرشاۃ الاسنان (دانتوں کا برش) دیکھئے السواک (مسواک)۔

## ۲۰۳۰۔ الفرصاد (شہتوت)

خواب میں شہتوت لوگوں کے مالی قرضوں کی دلیل ہے، شہتوت کا درخت کریم النفس اور کثیر المال آدمی ہے، اور جو دیکھے کہ وہ شہتوت کھاتا ہے تو وہ وسیع کمائی سے مال کھائے گا، اور سیاہ شہتوت دینار اور سفید شہتوت دراہم ہیں۔

## ۲۰۳۱۔ فرعون

خواب میں فرعون دشمنِ دین ہے، جو فرعون کو اچھے حال میں دیکھے تو یہ حاکم اور اس کی قوم کے برے حال کی دلیل ہے، جیسا کہ فرعون کو برے حال میں دیکھنا حاکم وقوم کے اچھے حال کی دلیل ہوتا ہے، جو دیکھے کہ وہ فرعون کی شکل میں متشکل ہو گیا ہے تو اسے قوت حاصل ہوگی اور اس کا دین خراب ہوگا۔

## ۲۰۳۲۔ الفرن (تنور)

گھر کا تنور گھر کے مالک یا خادم کی دلیل ہے، اور بازار کا تنور حاکم کے گھر اور اس مکتب کی دلیل ہے جس میں بچے تعلیم حاصل کرتے ہیں اور تنور قید خانہ اور حاجات کے پورا ہونے کی دلیل ہے، کبھی تنور فوائد ورزق اور شفاءِ امراض کی دلیل ہوتا ہے، تنور کا سامان وآلات اس کے اعوان و مددگار اور وہ بچے ہیں جن سے وہ اپنے کام میں مدد لیتا ہے، تنور کسب ومعاش کے مقام کی دلیل ہے، اور نامعلوم تنور سلطان کے گھر یا حاکم کے گھر کی دلیل ہے کیونکہ تنور میں آگ جلائی جاتی ہے، تنور بازار کی بھی دلیل ہے، خواب میں مریض اگر گندم یا جو تنور پر بھیجے تو وہ وفات پائے گا۔ اگر وہ مریض نہ ہو اور اسکے ذمہ سلطان کا عشر یا کرایہ یا بقیہ جرمانہ وغیرہ ہو تو وہ اسے ادا کر دے گا۔

## ۲۰۳۳۔ الفرنج (فرنگی)

خواب میں فرنگیوں (انگریزوں) کو دیکھنا فرار ونجات کی دلیل ہے۔

Marfat.com

## ۲۰۳۴۔ الفَرّوج (چوزہ)

خواب میں چوزہ دیکھنا چھوٹے غلام کی دلیل ہے، چوزے قیدی کی اولاد کی دلیل ہے، جو خواب میں چوزوں کی آواز سنے وہ فاسقوں کی آواز سنے گا، اگر دیکھے کہ وہ چوزوں کا گوشت کھاتا ہے تو ایک بڑے آدمی سے مال ملے گا، مادہ چوزے غلام، باندیاں اور خادمات ہیں۔

## ۲۰۳۵۔ الفرّی (بٹیر) دیکھئے السمانی (بٹیر)۔

## ۲۰۳۶۔ الفریک (گندم) دیکھئے الحنطة (گندم)۔

## ۲۰۳۷۔ الفرْیة (جھوٹ گھڑنا) دیکھئے الکذب (جھوٹ بولنا)۔

## ۲۰۳۸۔ الفزع (گھبراہٹ)

خواب میں گھبراہٹ خوشی کی دلیل ہے، بعض کہتے ہیں کہ اس کی تعبیر شر و فساد ہے، جو دیکھے کہ وہ خوف و گھبراہٹ سے مر گیا ہے تو وہ محتاج ہوگا اور وہ حقداروں کو ان کے حقوق نہیں پہنچاتا ہے۔

## ۲۰۳۹۔ الفساد (فساد) دیکھئے السوء (برائی)۔

## ۲۰۴۰۔ الفساء (ہوا خارج ہونا)

خواب میں ہوا خارج کرنا ذلت آمیز قبیح کلام ہے، جو خواب میں ہوا خارج کرے وہ غم میں مبتلا ہوگا، ہوا کا خروج راز کے افشاء کرنے اور دل کے کینہ و حسد کو دور کرنے کی دلیل ہے، نیز تکان کے بعد راحت، ادائے قرض اور بری خبروں کی دلیل ہے۔

## ۲۰۴۱۔ الفستق (پستہ کا درخت)

خواب میں پستہ کا درخت معزز شخص ہے، اور پستہ کا درخت خوشگوار مال ہے، سبز رنگ کا پستہ مشقت و تکلیف ہے اور خشک پستہ شر و فساد ہے، نمکین پستہ بر و بحر کا خوشگوار رزق ہے، یا پھر حاملہ کے قریب الولادت ہونے کی دلیل ہے۔

## ۲۰۴۲۔ الفسطاط (اون کا بنا ہوا خیمہ)

جو خواب میں دیکھے کہ اس نے اپنے اوپر خیمہ لگایا ہے تو اسے سلطنت حاصل ہوگی اور اس کے امور مستحکم ہوں گے، یا وہ شہداء کی قبور کی زیارت کرے گا، جو شخص جنگل بیابان میں خیمہ وغیرہ دیکھے تو وہ شہید ہے، خیمہ بادشاہت ہے، چنانچہ خیمہ اگر لپیٹا گیا ہے تو اس کی سلطنت ختم ہوگی اور اس کی عمر ختم ہوگی، جو خواب میں خیموں کا مالک ہوا ہو یا خیمہ کے

Marfat.com

کسی حصہ سے سایہ حاصل کیا ہے تو یہ عطاءِ نعمت کی دلیل ہے، اور مجہول و نامعلوم خیمے قبے وغیرہ کے رنگ اگر سفید یا سبز ہوں تو یہ شہادت اور نیکی کی دلیل ہے یا بیت المقدس کی زیارت کی دلیل ہے۔

## ۲۰۴۳۔ الفسقیّة (حوض)

خواب میں پانی کا حوض وہ فسق و فجور ہے جس سے انسان پرہیز کرتا ہے، لہٰذا اگر کہا جائے کہ اس میں برکت ہے تو پھر برکت ہوگی، کبھی حوض خوبصورت عورت کی دلیل ہوتا ہے، اگر حوض کے اندر کوئی مال ہو تو وہ مالدار عورت ہے، اگر اس کے اردگرد املاک و زمینیں ہوں تو وہ عورت اولاد اور خادموں والی ہے، بسا اوقات حوض اس شخص کی دلیل ہوتا ہے جو حاجات پورا کرنے کے لئے مستعد ہو، اگر حوض کے اندر پانی نہ ہو تو وہ عورت فقیر و بے فائدہ ہے، یا وہ بانجھ عورت ہے، حوض اس جگہ پر یا اس گھر کے رہنے والوں کا فسق و کرب میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔

## ۲۰۴۴۔ الفصاحة (فصیح ہونا)

جو خواب میں اپنے آپ کو دیکھے کہ وہ عجمی تھا پھر فصیح ہو گیا ہے تو اسے عزت و شرف اور بادشاہت حاصل ہوگی، حتی کہ اس کا ہم مثل کوئی نہ ہوگا، اگر وہ والی ہو تو دنیا حاصل ہوگی، اگر تاجر ہو تو قابل ذکر ہوگا۔ جو دیکھے کہ وہ ہر زبان میں باتیں کرتا ہے تو وہ دنیا کی ایک بڑی چیز کا مالک ہوگا، اور فصاحت عزت و حکومت ہے۔

## ۲۰۴۵۔ الفصاد (فصد لگانا)

خواب میں فصد لگانے والا کسی بات پر طعنہ لگانے والا ہے، اگر خواب میں کسی آدمی کو عرض میں فصد لگائی تو وہ مطعون ہوگا اور اس سے عداوت پیدا ہوگی، اور اگر طول میں فصد لگائی ہو تو وہ خوش گفتاری سے پیش آئے گا اور لوگوں کے درمیان الفت پیدا کرے گا، اور فصد زدہ شخص راحت و سکون اور شفاءِ امراض کی دلیل ہے۔ اگر خواب میں کسی عضو میں فصد لگائی گئی ہو تو وہ اس عضو میں حالت بیداری میں فصد کا محتاج ہوگا، اور جو شخص دیکھے کہ ایک جوان آدمی نے طول میں اس کی رگ سے فاسد خون نکالا ہے یعنی فصد لگائی ہے تو وہ دشمن سے کوئی مؤثر بات یا طعنہ سنے گا، اگر دیکھے کہ اس نے عرض میں اسے فصد لگائی ہے جس سے اس کی رگ کٹ گئی تو اس کا قریبی رشتہ دار فوت ہوگا، اگر فصد اس کے دائیں ہاتھ میں لگائی گئی ہو تو اس کا مال دگنا ہوگا، اور اگر بائیں ہاتھ میں فصد لگائی گئی ہو تو وہ اپنے شریک پر غالب آئے گا، اگر دیکھے کہ کسی شخص نے اس کو فصد لگائی ہے تو وہ کسی دوست سے کوئی بات سنے گا، چنانچہ اگر اس کی رگ سے خون نکلا ہے تو اس کو اجر ملے گا اور اگر اس سے خون نہیں نکلا تو اس کے متعلق کوئی حق بات کہی جائے گی، اور فصد لگانے والا گناہ سے خارج ہوگا، اگر کسی عالم نے اس کو فصد لگائی اور اس سے خون نکل کر کسی برتن میں جمع ہوا ہے تو وہ بیمار ہوگا، اور اگر اس نے اس کو فصد لگائی مگر خون نہیں دیکھا تو وہ اپنی بیوی سے کوئی بات سنے گا۔ اگر اس نے فصد لگائی اور اس رگ سے خون کا خروج ناپسند کیا تو وہ بیمار ہوگا اور اسے مالی نقصان ہوگا، اگر اپنی اہلیہ کو فصد لگائی تو وہ لڑکی جنے گی اگر طوالت میں کاٹی ہو، لیکن اگر عرض میں کاٹی ہو تو اس عورت کا اپنے عزیز و اقارب سے تعلق کی

Marfat.com

موت یا خیانت کی وجہ سے منقطع ہوگا، اور جو دیکھے کہ وہ فصد لگانے کا ارادہ کرتا ہے تو وہ گناہ سے تائب ہونے کا ارادہ کرے گا، اگر اس نے خیال کیا کہ خون اس پر غالب آیا ہے تو وہ کسی خواہش نفس اور بڑے گناہ میں پڑا ہے۔ اگر فصد سے نکلا خون سیاہ رنگ کا ہو تو وہ عظیم گناہ پر مصر ہے عنقریب اس گناہ سے تائب ہوگا فصد لگانا معاملہ کی تحریر میں مال کا خروج ہے، اس لئے کہ نشتر (جو فصد میں استعمال ہوتا ہے) وہ قلم کی طرح ہے اور خون سیاہی کی طرح ہے، کنواری اگر خواب میں فصد لگائی تو اس کی شادی ہوگی، بچہ کے لئے فصد ختنہ کی علامت ہے، قیدی کا فصد لگانا اس کی رہائی کی خوشخبری ہے، کیونکہ خون رگوں میں قید ہوتا ہے، حاملہ عورت کا فصد لگانا وضع حامل اور نفاس کی دلیل ہے۔ اگر حاملہ کا فصد لگانا وضع حمل کے مہینہ کے علاوہ ہو تو حمل ساقط ہوگا، مالدار کا فصد لگانا اس کے مال کی زکوٰۃ ہے، اور مجہول عورت کا فصد لگانا دیکھنے والے کے لئے حصول دنیا کی دلیل ہے۔

## ۲۰۴۶۔ الفصفصة (سبز سہ پتیا گھاس) دیکھئے القت (سبز سہ پتیا گھاس)۔

## ۲۰۴۷۔ الفصیل (اونٹنی یا گائے کا بچہ)

خواب میں اس کو دیکھنا شریف لڑکا ہے، چنانچہ جو دیکھے کہ اس کے پاس اونٹنی وغیرہ کا بچہ ہے تو اسے نرینہ اولاد نصیب ہوگی، اور بعض کہتے ہیں کہ اونٹنی اور گائے کے بچہ اور حیوانات کے ہر چھوٹے بچے کا مس کرنا غم وحزن کی دلیل ہے۔

## ۲۰۴۸۔ الفضّة (چاندی)

خواب میں چاندی جمع شدہ مال و دولت ہے، اور چاندی کا پکھلا ہوا ٹکڑا سفید خوبصورت لڑکی ہے، اس لئے کہ چاندی عورتوں کے زیورات میں سے ہے، اور جو دیکھے کہ وہ بہت سی چاندی نکالتا ہے تو اسے خزانہ ملے گا، اگر دیکھے وہ چاندی کو پگھلاتا ہے تو وہ اپنی اہلیہ سے جھگڑے گا اور بے آبرو ہوگا، اور چاندی کے برتن ارباب تجارت کی تجارت گاہیں یا ایسے اعمال صالحہ ہیں جو دخول جنت کا موجب ہیں، اللہ تعالیٰ کا ارشادِ پاک ہے: "ویطاف علیهم بآنیة من فضة وأکواب کانت قواریرا" (الدھر:۱۵) یعنی اور ان کے پاس چاندی کے برتن لائے جائیں گے اور آبخورے جو شیشہ کے ہوں گے۔ معمولی برتنوں کے ساتھ اعلیٰ برتن دیکھنا بدعت وفساد اور صاحب خواب کا شبہ وشک میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔

## ۲۰۴۹۔ الفظّ (سخت مزاج)

خواب میں اگر متولی کو سخت کلام ومزاج کہا گیا ہو تو وہ معزول ہوگا، اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: "ولو کنت فظا غلیظ القلب لانفضوا من حولك" (آل عمران:۱۵۹) یعنی اور اگر آپ تندخو سخت طبیعت ہوتے تو یہ آپ کے پاس سے سب منتشر ہو جاتے۔

## ۲۰۵۰۔ نیکی کا کام کرنا

جو شخص دیکھے کہ اس نے اطاعت خداوندی میں مال خرچ کیا ہے تو اسے مال و دولت ملے گا۔ اس لئے کہ اللہ

Marfat.com

تعالیٰ نے فرمایا: "وماتنفقوا من خیر یوف الیکم و أنتم لاتظلمون" (البقرۃ: ۲۷۲) یعنی اور جو کچھ مال خرچ کر رہے ہو یہ سب (یعنی اس کا ثواب) پورا پورا تم کو ملے جائے گا، اور تمہارے لئے اس میں ذرا کمی نہ کی جائے گی، اگر جنگ کے اندر ہے اور نیک کام نہیں کیا تو مدد نہیں ہوگی، اگر تجارت میں ہے تو خسارہ ہوگا۔

## ۲۰۵۱۔ بدی کا کام کرنا

اس کی تعبیر حالت بیداری میں تکلیف و پریشانی ہے۔

## ۲۰۵۲۔ الفقّاع (جَو کی شراب)

خواب میں جَو کی شراب بخیل آدمی سے بہ مشقت حاصل ہونے والا مال رزق ہے، یا حبیب سے ملاقات ہے، جَو کی شراب اور ہر زرد شراب پینا مرض کی دلیل ہے، یا پھر خادم کے رزق کی دلیل ہے۔

## ۲۰۵۳۔ الفقّاعي (جَو کی شراب بیچنے والا)

خواب میں اس کو دیکھنا ماشکی کی دلیل ہے کیونکہ اس کے پاس شیریں، تلخ اور ٹھنڈا گرم پانی ہوتا ہے، یا راز کے منکشف ہونے اور اس کے طلبگار کے لئے تکالیف یا اس کے قصد کرنے والے کے لئے راز محفوظ رکھنے کی دلیل ہے۔

## ۲۰۵۴۔ الفقر (فقیر ہونا)

خواب میں فقیری مالداری ہے، چنانچہ جو دیکھے کہ وہ فقیر ہے تو اسے طعامِ کثیر حاصل ہوگا، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: "رب انی لما أنزلت الی من خیرٍ فقیر" (القصص: ۲۴) یعنی اے میرے پروردگار (اس وقت) جو نعمت آپ مجھ کو بھیج دیں میں اس کا (سخت) حاجتمند ہوں۔ بعض کہتے ہیں کہ خیر سے جَو کی روٹی مراد ہے، اور جو شخص دیکھے کہ وہ فقیر و محتاج ہے لوگوں کے سامنے ہاتھ پھیلاتا ہے تو وہ کثیر الدعا ہوگا، اس لئے کہ سائل کثیر الدعا ہوتا ہے، خواب میں اگر سائل کو کچھ دیا گیا ہو تو بلا مشقت مال ملے گا، اس لئے کہ سوال کی مشقت و محنت رأس المال (سرمایہ) کے بغیر نفع اور بلا عطاء حصولِ مال ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ جو خود کو فقیر دیکھے تو اسے خیر حاصل ہوگی۔

## ۲۰۲۵۔ الفقوس (تربوز کی ایک قسم)

خواب میں یہ تربوز دیکھنا خوشگوار من پسند رزق ہے۔

## ۲۰۵۶۔ الفقیہ (فقیہ عالم)

خواب فقیہ عالم کو دیکھنا فطانت ذہانت اور علم کی دلیل ہے۔ اگر صاحب خواب گنہگار ہے تو اللہ تعالیٰ سے توبہ کرے گا، جاہل ہو تو ہدایت ملے گی، کافر ہو تو مسلمان ہوگا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا: "من یرد اللّٰہ بہ خیرًا

Marfat.com

یفقهه فی الدین" (رواہ البخاری فی الجہاد) یعنی اللہ تعالیٰ جس کے لئے بھلائی کا ارادہ فرماتے ہیں اس کو دین کی سمجھ بوجھ عطا فرما دیتے ہیں۔ اگر صاحب خواب شافعی المسلک ہو اور خواب میں دوسرے مذہب کی طرف منتقل ہو گیا ہو تو وہ رخصت وسہولت پر عمل کرے گا یا قرض لے گا یا صاحب فتنہ ونفاق ہو جائے گا یا ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہو گا۔

## ۲۰۵۷۔ فک رقبة (آزاد کرنا) دیکھئے العتق (آزاد کرنا)۔

## ۲۰۵۸۔ فک الشیٔ (الگ الگ کرنا)

خواب میں کوئی چیز الگ الگ کرنا جوڑنے اور علیحدہ کرنے کے درمیان وحشت کی دلیل ہے۔

## ۲۰۵۹۔ الفلاس (صراف)

خواب میں صراف دیکھنا ایسا آدمی ہے جو مالی نفع حاصل کرتا ہے جب کہ خواب کوئی چیز خیر کی دلیل ہو، اگر شر کی دلیل ہو تو مفلس ہو گا۔

## ۲۰۶۰۔ الفلس (پیسہ)

خواب میں پیسہ ریاکاری اور مخاصمت کے ساتھ کلام کی دلیل ہے۔ جو دیکھے کہ اس نے درہم نگلا ہے اور پیسہ کی صورت میں اس کو نکالا ہے تو وہ زندیق ہے، پیسے شور وغل اور شر ہے۔ اگر پیسے فقر وفاقہ کی حالت میں ہوں تو یہ حاجات کا پورا ہونا ہے، اور جو دینار نگلے اور اسے پیسہ کی شکل میں نکالے تو وہ اسلام لانے کے بعد کافر ہو گا، پیسہ کفر و دھوکہ ہے۔ خواب میں پیسے ملنا مشقت وتنگدلی کی دلیل ہے۔ پیسے تنگی، غم وحزن اور اس کلام کی دلیل ہے جس کا انجام غم ہو۔ پیسے بسا اوقات رزق یا شدت کے بعد کشادگی کی دلیل ہوتے ہیں۔ پیسے عدالتوں میں مفلس قرار دینے یا علماء کے مابین مناظروں میں ناکامی کی دلیل ہے۔

## ۲۰۶۱۔ الفلفل (مرچ)

جو دیکھے کہ وہ مرچ کھاتا ہے تو اسے زہر پلایا جائے گا یا کسی برے ارادہ میں مبتلا ہو گا، بعض کہتے ہیں کہ بلکہ بہ مشقت اچھا مال حاصل ہو گا، بہت زیادہ مرچیں مال ہیں جب کہ وہ کھائی نہ گئیں ہوں، اگر کچھ بھی کھائی گئیں ہوں تو یہ فکر و پریشانی ہے کیونکہ اس سے حلق جلتا ہے۔

## ۲۰۶۲۔ الفلک (ستاروں کا مدار)

جو خواب میں دیکھے کہ وہ پہلے فلک میں ہے تو وہ ظالم امیر یا چھوٹے وزیر کا مصاحب ہو گا، اور دوسرا فلک بادشاہ کا کاتب ہے، اور جو دیکھے کہ وہ تیسرے فلک میں ہے تو اس کی شادی ہو گی، اور جو چوتھے فلک کو خواب میں دیکھے تو وہ خلیفہ یا

Marfat.com

عظیم بادشاہ کا مصاحب ہوگا، اگر وہ اسکا اہل نہ ہو تو خوبصورت عورت سے شادی کرے گا، اور جو خواب میں پانچویں فلک کو دیکھے تو وہ بادشاہ کا صاحب جنگ دیکھے گا یا پرہیزگار آدمی دیکھے گا، اور جو خواب میں چھٹا فلک دیکھے تو اسے علم و فضل عطا ہوگا، اور وہ محتاط ہوگا، اور جو ساتواں فلک خواب میں دیکھے تو اس کی بادشاہ کے مصاحب سے ملاقات ہوگی، اور جو آٹھواں فلک دیکھے تو وہ عظیم بادشاہ کا مصاحب ہوگا، اور جو نواں فلک دیکھے تو وہ جلیل القدر آدمی کا مصاحب ہوگا، اور جس نے خواب میں دسواں فلک دیکھا جو کہ فلکِ محیط ہے تو وہ خلیفۂ اعظم یا ملکِ اعظم کو دیکھے گا، اگر خواب میں فلکِ کلی دیکھا تو وہ مقرب الی اللہ تعالیٰ ہوگا اور جاہ و منزلت حاصل ہوگی یا روئے زمین کے عظیم ترین بادشاہ کا مصاحب و مقرب ہوگا، اگر عورت دیکھے کہ وہ فلکِ اسفل (نیچے والا فلک) کے نیچے ہے تو اسکی امیرِ وقت کے کاتب سے یا اس کے کسی ملازم سے شادی ہوگی۔

## ۲۰۶۳۔ فلکۃ المغزل (چرخے کا ٹکڑا)

عورت اگر خواب میں دیکھے کہ اس کو چرخے کا ٹکڑا ملا ہے تو اس کی شادی ہوگی، اگر چرخے کا ٹکڑا ضائع ہو گیا ہے اور وہ عورت شوہر والی ہے تو اس کا شوہر اس کو طلاق دے گا، اگر عورت نے ٹکڑا چرخے کی طرف لوٹا دیا ہے تو اس کا زوج اس سے رجوع کر لے گا، اگر عورت دیکھے وہ اپنا سوت توڑتی ہے تو وہ اپنا وعدہ توڑے گی، چرخے کا ٹکڑا امور میں ثابت قدمی، مسافر کے لئے رہنمائی اور غیر شادی شدہ کے لئے شادی ہونے کی دلیل ہے۔

## ۲۰۶۴۔ الفلکی (ماہرِ فلکیات)

خواب میں اس کو دیکھنا عورتوں اور باندیوں کے دلال کی دلیل ہے۔

## ۲۰۶۵۔ الفم (منہ)

خواب میں منہ اس کے امور کا آغاز و اختتام اور صلاح و فساد کی دلیل ہے، نیز رزق کی جگہ اور سامانِ بقاء وغیرہ کی دلیل ہے، منہ سے جو خیر و شر کی بات نکلے اس کی تعبیر بھی وہی ہے، اور جو دیکھے کہ اس کے منہ پر قفل (تالا) لگا ہوا ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کا منکر ہے، منہ موت و حیات، کلام و مسکن (رہائش گاہ)، جیل و حمام، چکی، زوجہ، عبادت خانہ اور رزق کی دلیل ہے۔ اگر خواب میں مریض دیکھے کہ اس کا منہ بڑا ہو گیا ہے اور خوبصورت ہوا ہے تو یہ اس کی سلامتی اور زندگی کی دلیل ہے۔

## ۲۰۶۶۔ الفن (فن و ہنر)

خواب میں فن و ہنر امراض سے شفاء، خوف سے امن اور وحشت کے بعد انسیت کی دلیل ہے، یا پھر جمیل مقامات یا مختلف رنگ یا لباس یا خوبصورت چہروں کی دلیل ہے۔

## ۲۰۶۷۔ الفناء (فنا ہونا)

خواب میں فنا ہونا فوائد کے ختم ہونے کی دلیل ہے اور اہلِ طریق کے نزدیک فنا وجود و بقاء کی علامت ہے۔

Marfat.com

**۲۰۶۸۔ الفندق (ہوٹل)** دیکھئے بشخانات (ہوٹل)۔ نیز دیکھئے الخان (مسافر خانہ)۔

**۲۰۶۹۔ الفهاق (گردن کا زخم)**

جو شخص خواب میں دیکھے کہ اسے گردن کا زخم ہے تو وہ غضبناک ہوگا اور اپنی شان کے خلاف بات کرے گا، یا شدید بیمار ہوگا، مریض کے لئے گردن کا زخم موت کی اور غیر کے لئے رزق کی دلیل ہے۔

**۲۰۷۰۔ الفهد (تیندوا)**

اس کو دیکھنا عزت و رفعت کی دلیل ہے، نیز غضب و خصومت کے ساتھ ناز کرنے کی دلیل ہے، تیندوا متردد دشمن ہے جو نہ عداوت ظاہر کرتا ہے اور نہ ہی صداقت (دوستی)، جو خواب میں تیندوے سے لڑے وہ کسی انسان سے لڑے گا، جس کے پاس تیندوا ہو جس کے ساتھ وہ شکار کرتا ہے تو یہ رزق اور عزت کی دلیل ہے۔

**۲۰۷۱۔ الفؤاد (دِل)** دیکھئے القلب (دِل)۔

**۲۰۷۲۔ الفوطة (تولیہ)**

خواب میں تولیہ خادم کی یا پھر حج واحرام کی دلیل ہے۔

**۲۰۷۳۔ الفول (لوبیا):** دیکھو الباقلاء (لوبیا)۔

**۲۰۷۴۔ الفوّة (مجیٹھ)**(۱)

خواب میں مجیٹھ مال مع مرض کی دلیل ہے۔

**۲۰۷۵۔ الفیّال (ہاتھی بان)**

خواب میں ہاتھی بان شہزادوں کو ادب کی تعلیم دینے والے کی دلیل ہے۔

**۲۰۷۶۔ الفیروزج (فیروزہ)**

خواب میں فیروزہ (نیلے رنگ کا قیمتی پتھر) فتح و نصرت، طولِ عمر اور سعادتمندی کی دلیل ہے، اگر کوئی عورت دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں چھری ہے جس کا دستہ فیروزہ کا ہے تو اس کے ہاں طویل العمر لڑکا پیدا ہوگا۔

**۲۰۷۷۔ الفیل (ہاتھی)**

خواب میں ہاتھی عجمی بادشاہ ہے جو باہیبت، سخت دل، حرب و قتال سے واقف اور سامان اٹھانے والا ہے، چنانچہ جو

---

(۱) مجیٹھ: باریک لمبی اور سرخ رنگ کی ایک درخت کی جڑیں جو ریشم اور ان کی رنگائی میں استعمال ہوتی ہیں۔

Marfat.com

خواب میں ہاتھی پر سوار ہوا ہو یا ہاتھی کا مالک ہوا ہو تو کسی سلطان سے تعلق ہوگا اور بلند مرتبہ حاصل ہوگا اور عزت و رفعت کی طویل زندگی پائے گا، جو دن کے وقت ہاتھی پر سوار ہوا ہو تو وہ اپنی زوجہ کو طلاق دے گا یا پھر وہ مکر وفریب اور دھوکہ کرے گا اور اس کا دھوکہ فریب اسی پر لوٹے گا، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: "الم تر کیف فعل ربك باصحاب الفیل" (الفیل: ۱) کیا آپ کو معلوم نہیں کہ آپ کے رب نے ہاتھی والوں کے ساتھ کیا معاملہ کیا۔ نیز خواب میں ہاتھی ملعون آدمی ہے، اور جس نے رات کے وقت ہاتھی کی سواری کی ہو وہ بخیل اور ضخیم بادشاہ پر غلبہ پائے گا۔ اگر دیکھے کہ وہ اس کی زین پر سوار ہوا ہے اور وہ اس کا کہا مانتا ہے تو وہ ایک عجمی ضخیم آدمی کی بیٹی سے شادی کرے گا، اگر وہ تاجر ہے تو اس کی تجارت بڑھے گی، اگر دیکھے کہ وہ ہتھنی کا دودھ دوہتا ہے تو وہ ضخیم بادشاہ سے مکر کرے گا اور اس سے حلال مال حاصل کرے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ ہاتھی کثیر النعمۃ، صاحب جود وسخاء اور صابر ومتواضع بادشاہ ہے، اگر دیکھے کہ اس نے اپنی سونڈ سے مارا ہے تو اسے خیر و نعمت حاصل ہوگی، اگر اس پر سوار ہوا ہے تو ولایت و وزارت حاصل ہوگی، ہاتھی علماء و صالحین اور معززین کی دلیل ہے، نیز مشکلات، بدبختی اور مشقت کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ کسی علاقہ میں ہاتھی مقتول پڑا ہے تو بادشاہ قتل ہوگا یا وفات پائے گا، اور جو شخص دیکھے کہ ہاتھی اس کو دھمکاتا ہے تو یہ مرض کی دلیل ہے، اگر اس نے اس کو اپنے نیچے ڈالا اور وہ گر گیا تو صاحب خواب وفات پائے گا۔ عورت ہاتھی کو جس طرح بھی دیکھے اس کے حق میں خیر کی دلیل نہیں ہے، جو دیکھے کہ وہ ہاتھی سے باتیں کرتا ہے تو اسے بادشاہ سے خیر کثیر حاصل ہوگا، اگر دیکھے کہ ہاتھی نے اسے پیچھے سے لات ماری ہے تو وہ بادشاہ سے کوئی تکلیف پائے گا، اگر عورت خود کو ہاتھی پر سوار دیکھے تو یہ اس کی موت کی دلیل ہے۔ ہاتھیوں کی تعبیر قحط سالی کے ساتھ بھی کی جاتی ہے، اور جو دیکھے کہ وہ جنگ کے موقع پر ہاتھی پر سوار ہے تو وہ ہلاک ہوگا، اور جو دیکھے کہ اس نے ہاتھی کا گوشت کھایا ہے تو اسے سلطان سے مال و دولت ملے گا، اور یہی تعبیر ہے اگر ہاتھی کے اعضاء، اس کی جلد یا ہڈیاں حاصل کی ہوں، صالح ومتقی لوگوں کے لئے ہاتھی کا دیکھنا اچھا نہیں، اگر خواب میں ہاتھی طاعون زدہ شہر سے باہر دیکھا گیا ہو تو یہ زوال طاعون کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ اس نے ہاتھی کو قتل کیا ہے تو وہ عجمی آدمی پر غالب آئے گا، جو خواب میں چند لوگوں کو دیکھے کہ وہ ہاتھیوں پر سوار ہیں اور وہ حالت جنگ میں ہیں تو وہ مغلوب ہوں گے، اور کبھی ہاتھی کی سواری ظلم و کذب کی دلیل ہوتی ہے جو خواب میں ہاتھی کو ایک علاقہ سے دوسرے علاقہ آتے دیکھے تو وہ دراصل سلطان ہے جو ایک جگہ سے دوسری جگہ آتا جاتا ہے۔

## ۲۰۷۸۔ فیل الشطرنج (شطرنج کا ہاتھی)

خواب میں اس کا دیکھنا لہو ولعب کی دلیل ہے، اور اس شخص کے لئے جس کی حرکت کی امید ہو حاجت کے وقت اس کے اپاہج پن یا سعی وکوشش ترک کرنے کی دلیل ہے۔

## ۲۰۷۹۔ الفیئ (سایہ اصلی)

خواب میں سایہ اصلی بے مشقت حاصل ہونے والا مال غنیمت ہے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: "ما افاء اللہ علی رسوله من اهل القری فللّٰه و للرسول"۔ (الحشر: ۷)

Marfat.com

# ﴿باب القاف﴾

**۲۰۸۰۔ القابلة (دایہ)** دیکھئے الدایة (دایہ)۔

## ۲۰۸۱۔ قابیل

خواب میں جو قابیل کو دیکھے تو وہ سرکشی کرے گا اور ناحق کسی کو قتل کرے گا، اس لئے کہ فرمانِ الٰہی ہے: "فطوعت له نفسه قتل اخیه فقتله فاصبح من الخاسرین" (المائدہ:۳۰) سو اس کے جی نے اس کو اپنے بھائی کے قتل پر آمادہ کر دیا پھر اس کو قتل ہی کر ڈالا جس سے وہ بڑے نقصان اٹھانے والوں میں شامل ہوگیا۔ اور جو خواب میں قابیل کو دیکھے اور وہ قاتل نہ ہو تو وہ اپنے کئے پر نادم ہوگا، کیوں کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: "فاصبح من النادمین" (المائدہ:۳۱) یعنی سو وہ بڑا شرمندہ ہوا۔

## ۲۰۸۲۔ القار (سردی)

خواب میں سردی لباس اور حرارت سے حفاظت کی دلیل ہے، یا پھر صفت وخوبی کی دلیل ہے، یا مال و دولت کی دلیل ہے، اس لئے کہ امام ابن سیرین رحمہ اللہ تعالیٰ ہر سیاہ چیز کی تعبیر مال سے کرتے ہیں، (کیونکہ قار کا ایک معنی تارکول بھی ہے جو ایک کالا روغن ہے کشتیوں پر ملتے ہیں)، یا پھر نفع اور توبہ کی دلیل ہے، سردی ثابت قدمی کی بھی دلیل ہے، کیونکہ اہل عرب کہتے ہیں المقیر لایتغیر یعنی مقیر (تارکول) میں تغیر نہیں آتا۔

## ۲۰۸۳۔ القارورة (بوتل)

خواب میں بوتل لڑکا یا لڑکی ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ بلکہ اسکی تعبیر عورت ہے، کیونکہ حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا: "رفقا بالقواریر" عورتوں کے ساتھ نرم رویہ رکھو، بوتل عورت ہے جو راز کی حفاظت نہیں کرتی، یا پھر مرض کی دلیل ہے، یا زانیہ بدکار عورت کی دلیل ہے، پیشاب کی بوتل زانیہ عورت ہے، شراب کی بوتل خادمہ ہے جو اموات کے انتقال پر پریشان ہے، بوتلیں مختلف جنس کے لوگوں کی دلیل ہیں۔ بوتلیں چغل خوری، اسرار پر اطلاع اور بے وفا اور بے مروّت قوم کی دلیل ہیں، جو دیکھے کہ بوتل ٹوٹ گئی ہے تو اس کے گھر سے فتنہ وفساد دور ہوگا، ایک شخص نے مجھ سے کہا کہ میں نے گزشتہ رات خواب میں دیکھا کہ ہمارے عزیزوں میں سے ایک میت نے مجھ سے کہا کہ مجھے یہ بوتل دو جس میں شراب ہے تو میں نے وہ بوتل اسکو دے دی تو اس نے اس میں سے کچھ شراب پی پھر وہ مجھے دے دی تو میں نے اس شخص کو یہ تعبیر بتائی کہ یہ حاملہ عورت ہے جو موت کے کنارہ پہنچ جائے گی پھر اللہ تعالیٰ کے حکم سے ٹھیک ہو جائے گی، تو اس نے کہا کہ واقعی ایسا ہی

Marfat.com

ہوا کہ میری بہن کے ہاں ولادت ہوئی اور وہ عسرتِ ولادت کی جہ سے موت کے کنارہ پر پہنچ گئی تھی پھر اسے شفاء ہوگئی۔

## ۲۰۸۴۔ القارئ (قرأت کرنے والا)

قبرستان میں قرأت کرنے والے کو دیکھنا اس شخص کو نصیحت کرنے کی دلیل ہے جو نصیحت کو قبول نہیں کرتا ہے، نیز امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی علامت ہے، اور اہم امور میں قرأت کرنے والا عز و رفعت اور نیک شہرت کی دلیل ہے، اور جنازوں میں قرأت کرنے والا اعمال میں ریاکاری کرنے کی دلیل ہے۔

## ۲۰۸۵۔ القاص (قصہ گو)

خواب میں قصہ گو کو دیکھنا واقعات کی اطلاع اور درست و نادرست باتوں کو آگے نقل کرنے کی دلیل ہے یا پھر روایات بیان کرنے والے، واعظین، قراء کرام اور سربستہ راز سے واقفین کی دلیل ہے۔

## ۲۰۸۶۔ قاضی

جو خواب میں دیکھے کہ اسے عہدۂ قضاء دیا گیا ہے اور اس نے فیصلہ کرنے میں عدل و انصاف سے کام لیا ہے تو اگر وہ تاجر ہے تو انصاف پسند ہوگا، اگر بازاری ہے تو ماپ تول پورا کرے گا، اور اگر فیصلہ کرنے میں ظلم و ناانصافی سے کام لیا ہے تو اگر وہ والی ہو تو ولایت سے معزول ہوگا۔ اگر مسافر ہو تو وہ رہزنی سے دوچار ہوگا، اگر قاضی کو دیکھے کہ اس نے ترازو رکھی ہے اور ترازو کو جھکایا ہے تو وہ عنداللہ ماجور ہوگا، اگر ترازو کا ایک پلہ اوپر اٹھ گیا ہے تو یہ اس کے لئے معصیت پر تنبیہ ہے۔ اگر دیکھے کہ وہ ردی سکے تولتا ہے تو وہ جھوٹی گواہی کی سماعت کرے گا اور اس کے مطابق فیصلہ کرے گا، اور نامعلوم قاضی اللہ تعالیٰ ہے، جو شخص دیکھے کہ وہ قاضی یا حکیم یا صالح یا عالم بن گیا ہے تو اسے رفعت و شہرت اور زہد و علم حاصل ہوگا، اگر وہ ان امور کا اہل نہ ہو تو وہ کسی امر باطل میں مبتلا ہوگا، اگر وہ مسافر ہو تو رہزنی کا شکار ہوگا۔ جو خواب میں قاضی کا چہرہ ہشاش بشاش اور خوش خوش دیکھے تو اسے خوشخبری اور خوشی حاصل ہوگی، اگر مریض دیکھے کہ اس کے حق میں فیصلہ کیا جاتا ہے تو وہ مرض سے نجات پائے گا، اگر مریض دیکھے کہ اس کے خلاف فیصلہ کیا جاتا ہے تو وہ وفات پائے گا، اگر کوئی انسان کسی خصومت میں ہو اور خواب دیکھے کہ وہ حاکم کی جگہ پر بیٹھا ہے یا وہ خود حاکم ہے تو وہ غالب ہوگا۔ کیونکہ وہ اپنی ذات پر حکم نہیں لگاتا بلکہ دوسروں پر حکم لگاتا ہے، اور معروف و معلوم قاضی کی تعبیر طبیب کے ساتھ کی جاتی ہے۔

## ۲۰۸۷۔ القاعدة (عمارت کی بنیاد)

جو شخص خواب میں گھر وغیرہ کی بنیاد و ستون دیکھے تو یہ علماء ہیں یا ان کی وہ مجالس ہیں جہاں لوگ بیٹھتے ہیں یا ان کی سواریاں ہیں جن پر وہ علماء سوار ہوتے ہیں یا ان کی کشتیاں ہیں جن کے ذریعہ سفر کیا جاتا ہے، اور کبھی عمارت کے ستون

Marfat.com

عورتوں کی دلیل ہوتا ہے، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کا قول ہے: "والقواعد من النساء اللاتی لایرجون نکاحًا" (النور:۶۰) یعنی اور بڑی بوڑھی عورتیں جن کو (کسی کے) نکاح (میں آنے) کی کچھ امید نہ رہی ہو۔ عمارت کا ستون زوجہ کی بھی دلیل ہے اور کبھی دین کے قاعدہ کی دلیل ہوتا ہے، اور جامعات کے ستون و بنیادیں نیک لوگ ہیں، اور گھروں کی بنیادیں نیک اور پاکدامن عورتیں ہیں، گرجا گھروں کی بنیادیں غفلت شعار یا گمراہ لوگ ہیں۔

## ۲۰۸۸۔ القاعة (گھر کا صحن)

خواب میں گھر کا صحن راحت و سکون، فقر و فاقہ کے زوال اور نرم مزاج قلیل المشقت زوجہ یا منصبِ جلیل جو قلیل الخطیر ہو یا قریب الماخذ علم کی دلیل ہے، نیز فرمانبردار لڑکے اور خادمِ موافق اور نفع بخش مال کی دلیل ہے، یہ تعبیرات اس وقت ہیں جب کہ وہ صحن صاف ستھرا اور باترتیب ہو، لیکن جب صحن گندا تاریک یا اس میں حشرات موجود ہوں تو ساری خیر شر سے منعکس (الٹ) ہو جائے گی۔

## ۲۰۸۹۔ القالب (ڈھانچہ)

خواب میں ڈھانچہ اپنی اشکال پر دلالت کرتا ہے، چنانچہ سر کا ڈھانچہ اپنی بلند جگہ پر دلالت کرتا ہے، اور ٹانگ کا ڈھانچہ چلنے کی جگہ پر دلالت کرتا ہے۔

## ۲۰۹۰۔ القامة (قد و قامت)

خواب میں قد کا لمبا ہونا فتنہ کی دلیل ہے، یا شدید بخل اور طوالت کے اظہار کی دلیل ہے، طویل قد اگر قصیر (پست) دیکھا جائے تو یہ خیر کی دلیل نہیں، کیونکہ یہ مرتبہ کے انحطاط (زوال) یا اجل کے قریب ہونے کی دلیل ہے، جو خواب میں اپنا قد حد سے زیادہ طویل دیکھے تو اس کی اجل قریب آ گئی ہے کیونکہ وہ (بہ نسبت زمین کے) آسمان کے قریب ہوا ہے، یا اپنے مقام و مرتبہ سے گرنے کی علامت ہے، اگر صاحب ولایت خواب میں اپنے قد میں کوتاہی (پستی) دیکھے تو وہ ولایت سے معزول ہوگا، پست قد ہونا محاکمہ (فیصلہ) یا مخاصمہ (مقابلہ) سے عاجز آنے کی دلیل ہے۔ ولایت (حکومت) کے طالب اور بادشاہ کے لئے طویل قد ہونا امیدوں کا پورا ہونا ہے۔

## ۲۰۹۱۔ القائد (سربراہ)

خواب میں سربراہ لاابالی مشہور آدمی ہے، جو دیکھے کہ وہ لشکر کا سربراہ ہے تو اسے مال و وجاہت اور خیر حاصل ہوگی اگر اس کا اہل ہو، اگر اس کا اہل نہ ہو تو یہ اس کی موت کی دلیل ہے۔ اور اگر وہ فقیر ہو تو یہ اس کے اضطراب (بے چینی) کی دلیل ہے، اور غلام کے لئے اس کی آزادی کی دلیل ہے۔

Marfat.com

## ۲۰۹۲۔ القباقیبی (کھڑاؤں بنانے والا)

خواب میں اس کو دیکھنا زہد وتوبہ اور طہارت اور غیر شادی شدہ کے لئے شادی کی دلیل ہے۔

## ۲۰۹۳۔ القبّان (وزن کرنے کا آلہ)

خواب میں کانٹا (وزن کرنے کا آلہ) دیکھنا والد یا زوج یا علم وہدایت اور اتباعِ حق کی دلیل ہے، یا پھر حاکم کی دلیل ہے، کانٹا (steell yard) عظیم بادشاہ ہے اور اس کا کیل اس بادشاہ کی بادشاہت اور زندگی کا قوام (سہارا) ہے، اور اس آلہ کی سوئی اس کا راز دار ہے اور زنجیر اس کے غلام ہیں اور پلڑا اس کی سماعت اور نمبرّی (ترازو پر لگا ہوا گولا جس کے ذریعہ وزن کا نمبر معلوم کیا جاتا ہے) اس کا فیصلہ ہے جس کے ساتھ وہ مقدمات کا فیصلہ کرتا ہے اور اس کا حکم دینے میں عدل وانصاف سے کام لیتا ہے۔

## ۲۰۹۴۔ القباء (شیروانی)

خواب میں شیروانی قوت وطاقت ہے، چنانچہ جو دیکھے کہ اس نے دیباج یا ریشم وغیرہ کی بنی شیروانی زیب تن کی ہوئی ہے تو اس کی تاویل سلطنت ہے جو اس کو کپڑے کی رقت وجدت کے اعتبار سے بقدرِ قیمت حاصل ہوگی، شیروانی پہننے والے کے اعتبار سے کشادگی کی دلیل ہے اور قباء (چوغہ یا شیروانی) بقاء کی دلیل ہے۔

## ۲۰۹۵۔ قَبحة (کبک)[1]

خواب میں کبک حسین اور الفت نہ کرنے والی عورت ہے، اگر کوئی انسان بہت سی کبکیں شکار کرے تو وہ ایسے آدمیوں سے مالی استفادہ کرے گا جو سلطان سے وابستگی رکھتے ہیں۔ کبک کثیر عورتوں والا آدمی ہے اور اترانے والے لوگوں کی دلیل ہے، جو کبک کا گوشت کھائے تو اسے لباس وپوشاک حاصل ہوگا۔

## ۲۰۹۶۔ قبر

خواب میں قبر قید خانہ ہے اور قید خانہ قبر ہے، چنانچہ جو دیکھے کہ وہ قبر میں سکونت پذیر ہے اور وہ زندہ ہے تو وہ قید کیا جائے گا، خواب میں جو قبر بنائے تو وہ گھر تعمیر کرے گا، غیر شادی شدہ اگر خواب میں قبر کھودے تو اس کی شادی ہوگی، اور جو دیکھے کہ وہ قبر پر کھڑا ہے تو وہ کسی گناہ کا مرتکب ہوگا، دلیل اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: "ولا تصل علی احد منھم مات ابدا ولا تقم علی قبرہ" (التوبۃ:۸۴) اور ان میں کوئی مرجائے تو اس (کے جنازہ) پر کبھی نماز نہ پڑھے اور نہ اس کی قبر پر

(۱) کبک: چکور سے مشابہ ایک پرندہ۔ منہ

Marfat.com

کھڑے ہو جائیے۔ جو کسی زمین میں قبر کھودے جس میں کوئی دیوار نہیں ہے تو یہ دارِ آخرت ہے، اگر اس میں داخل ہوا ہے تو اسکی اجل آپہنچی ہے، اور معروف و معلوم قبریں امرِ حق ہے، اور مجہول و نامعلوم قبریں منافق قوم ہے، کیونکہ فرمانِ باری تعالیٰ ہے: "وما انت بمسمع من فی القبور" (فاطر:۲۲) اور آپ ان لوگوں کو نہیں سنا سکتے جو قبروں میں (مدفون) ہیں۔ جو چھت پر قبر کھودے تو اس کی عمر دراز ہوگی، جو خواب میں قبروں کی زیارت کرے تو وہ جیل کی زیارت کرے گا، اور قبروں پر بارش کا ہونا رحمتِ خداوندی ہے، قبریں اسفار، ازواج اور قید خانوں کی دلیل ہیں، جو دیکھے کہ وہ قبر بند کرتا ہے تو اس کی زندگی طویل ہوگی اور صحت قائم رہے گی، اور جو دیکھے کہ وہ بغیر موت کے ایک قبر میں دفن کیا گیا ہے تو وہ کسی مصیبت سے دوچار ہوگا یا اس کے امور میں تنگی پیش آئے گی، جو دیکھے کہ اس نے مردہ نکالنے کے لئے قبر کھودی ہے تو وہ اپنے راستہ کو تلاش کرتا ہے، اگر وہ مردہ عالم ہو تو اسے علم حاصل ہوگا، اگر وہ مردہ مالدار ہو تو مالداری حاصل ہوگی، اگر اس کی قبر تک پہنچا ہو اور اس کو زندہ حالت میں دیکھا تو یہ مالِ حرام کی دلیل ہے، اگر اس کو مردہ حالت میں پایا تو یہ مقصد اسے حاصل نہیں ہوگا، اور جو دیکھے کہ اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر مبارک کھودی ہے تو وہ سنتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم جو مٹ گئی ہوگی اس کو زندہ کرے گا، اگر ہڈیاں توڑی ہیں تو وہ بدعت و ضلالت کی جانب چلے گا، اور جو کسی کافر یا بدعتی یا کسی ذمی کی قبر کھودے تو وہ اہلِ ضلالت کا مذہب چاہے گا یا مکر و فریب کے ذریعہ حرام مال حاصل کرے گا، اگر قبر کھودنے کے بعد بدبودار نعش تک پہنچا ہے تو یہ مطلوب فساد تک پہنچنے پر دلالت کرتا ہے۔

## ۲۰۹۷۔ القبّرة (چنڈول) دیکھئے الطیر (پرندے)۔

## ۲۰۹۸۔ قبض الروح (روح قبض ہونا) دیکھئے الموت (مرنا)۔

## ۲۰۹۹۔ قبض النفس (خرچ سے ہاتھ کھینچنا)

یہ کشادہ دستی کی ضد ہے، یا مرض یا موت کی دلیل ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: "ثم قبضناه الینا قبضا یسیرا" (الفرقان:۴۶) یعنی پھر ہم نے اس کو اپنی طرف آہستہ آہستہ سمیٹ لیا۔ اور خواب میں اپنے ہاتھ میں کوئی چیز لینا تجدیدِ ملک یا زوج یا ولد کی دلیل ہے۔

## ۲۱۰۰۔ القبقاب (کھڑاؤں)

خواب میں کھڑاؤں (ایک جوتا جس کا تلا لکڑی کا اور تسمہ چمڑے وغیرہ کا ہوتا ہے) گنہگار کے لئے توبہ کی یا خصومت یا علم یا اس شخص کے راز کا افشاء کرنے کی دلیل ہے جو اس راز کو مخفی رکھنا چاہتا ہے، جو دیکھے کہ وہ شیشہ کے کھڑاؤں پہن کر چلتا ہے تو وہ چغل خور منافق خراب صحت والا ہے۔

Marfat.com

## ۲۱۰- القُبلة (بوسہ لینا)

خواب میں بوسہ لینا حاجت روائی اور دشمن پر فتحیابی کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ وہ کسی آدمی کا بوسہ لیتا ہے تو وہ اپنی جت میں کامیاب ہوگا، اگر دیکھے کہ اس نے غلام کا بوسہ لیا ہے تو اس غلام کے والد اور اس کے مابین دوستی کا تعلق ہے، ر باندی کا بوسہ لیا ہے تو اس باندی کے آقا سے دوستانہ تعلق قائم کرے گا، اگر آزاد عورت (جو کسی کی غلام نہ ہو) کا بوسہ لیا ہے تو اس کے شوہر سے خالص دوستی کرے گا، عالم آدمی اگر خواب میں خوبصورت عورت کا بوسہ لے تو وہ کلام اللہ کی تلاوت رتا ہے، اور جو دیکھے کہ اللہ تعالیٰ اس کا بوسہ لیتا ہے تو اس کا عمل عندالرب مقبول ہے، اور جو دیکھے کہ کسی معلوم میت کا بوسہ یا ہے تو وہ میت کے علم سے جو وہ اپنے پیچھے چھوڑ گیا ہے اس سے یا اس کے متروکہ مال سے یا کسی فعل سے جو وہ اپنی رگی میں کرگزرا تھا منتفع ہوگا، اور جو دیکھے کہ وہ نامعلوم میت کا بوسہ لیتا ہے تو اسے ایسی جگہ سے مال حاصل ہوگا کہ اسے ید بھی نہیں ہوگی، اگر میت نے اس کا بوسہ لیا ہے تو اسے میت یا اس کے پسماندگان سے خیر (مال وغیر) حاصل ہوگا۔

## ۲۱۰- القِبلة (قبلہ) دیکھئے الکعبة (کعبہ شریف)۔

## ۲۱۰- القبّة (گنبد)

خواب میں گنبد عورت ہے، چنانچہ جو شخص گنبد بنائے یا خریدے تو وہ باندی خریدے گا، اور جو گنبد گرائے اور حال ہے کہ اس کی بیمار بیوی ہے تو وہ فوت ہوگی، اگر وہ تندرست ہے تو اس کو طلاق دے گا، اور گنبد میں داخل ہونا یا اس کا لک ہونا ولایت وحکومت ہے، اگر بادلوں پر گنبد بنایا تو اسے زوجہ، قوت و رفعت حاصل ہوگی اور شہادت کی موت مرے گا، رنمدی گنبد باہیبت سلطان اور عز وشرف ہے، گھر میں گنبد عورت ہے۔

## ۲۱۰- القبو (تہ خانہ) دیکھئے سرب الارض (تہ خانہ)۔

## ۲۱۰- قبور رخامیّة (سنگ مرمر کی قبریں) دیکھئے الرخام (سنگ مرمر)۔

## ۲۱۰- القبول (بادِ صبا) دیکھئے الریح (ہوا)۔

## ۲۱۰- القت (سبز سہ پتیا گھاس)

یہ اور تمام وہ چیزیں جو جانور چوپائے کھاتے ہیں خواب میں دیکھنا رزقِ کثیر کی دلیل ہے۔

## ۲۱۰- القتال (قتال کرنا)

خواب میں مشرکین سے قتال کرنا دین کی کامیابی اور زوجہ پر غیرت کی دلیل ہے، اگر کوئی شخص لڑائی میں باغیوں ں سے ہوگیا ہو تو اس کے مرتد عن الاسلام ہونے یا مخالفتِ دین کا خطرہ ہے یا واجب الاطاعت امیر کی اطاعت سے نکلنے ترکِ صلوٰۃ کی دلیل ہے۔

Marfat.com

## ۲۱۰۹۔ القتل (قتل کرنا)

جو خواب دیکھے کہ وہ خودکشی کرتا ہے تو وہ خالص توبہ کرے گا، اور جو دیکھے کہ اس نے کسی انسان کو قتل کیا ہے تو وہ کوئی بڑا گناہ کرے گا، اور مقتول کو خیر و بھلائی حاصل ہوگی، اور ذبح کرنا ظلم ہے، اگر دیکھے کہ اس نے کسی شخص کو قتل کیا ہے تو وہ غم سے نجات پائے گا، کیونکہ فرمانِ الٰہی ہے: "وقتلت نفسًا فنجیّناك من الغمّ" (طٰہٰ:۴۰) یعنی تم نے (غلطی سے) ایک جان کو مار ڈالا پھر ہم نے تجھے غم سے نجات دی۔ اگر غلام دیکھے کہ اس کے آقا نے اس کو قتل کیا ہے تو وہ اسے آزاد کر دے گا، جو دیکھے کہ وہ قتل کیا گیا ہے لیکن اسے قاتل کا پتہ نہیں ہے تو وہ تارکِ شریعت انسان ہے، اگر قاتل کا علم ہو تو وہ اپنے دشمن پر غالب اور قاتل پر فتحیاب ہوگا، جو خواب میں کسی شخص کو قصداً اور ظلماً قتل کرے تو وہ عاصی (گنہگار) ہے اور جو قتلِ نفس کا اقرار و اعتراف کرے تو اسے ولایت حاصل ہوگی، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: "قال رب انی قتلت منهم نفساً فأخاف أن يقتلون" (القصص:۳۳) یعنی انہوں نے عرض کیا کہ اے میرے رب میں نے ان میں سے ایک آدمی کا خون کر دیا تھا سو مجھ کو اندیشہ ہے کہ کہیں وہ لوگ مجھ کو قتل کر دیں۔ اور بعض کہتے ہیں کہ جو شخص دیکھے کہ اس نے قتل کیا ہے تو اس نے نماز کا انکار کیا ہے یا نماز کو ترک کیا ہے، اور جو دیکھے کہ اس نے اپنی اولاد کو قتل کیا ہے تو اسے رزق حاصل ہوگا، اور جو دیکھے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں قتل کیا گیا ہے تو یہ نفع و تجارت اور وعدہ وفائی کی دلیل ہے۔

## ۲۱۱۰۔ القثاء (کھیرا)

خواب میں کھیرا عارضی بے قیمت رزق ہے، کھیرا صاحب خواب کی بیوی کے حاملہ ہونے کی دلیل ہے، کھیرا ککڑی خوشگوار من پسند رزق ہیں۔

## ۲۱۱۱۔ القدّ (قد) دیکھئے القامة (قد و قامت)۔

## ۲۱۱۲۔ القدح (پیالہ)

خواب میں پیالہ عورت یا خادم ہے، شیشہ کے پیالے مخفی اشیاء کے ظہور کی دلیل ہیں، بھرا ہوا پیالہ حاملہ عورت کی دلیل ہے، اگر پانی بکھر گیا ہے تو اس کا حمل ساقط ہوگا، اگر پیالہ ٹوٹ گیا ہے تو وہ عورت وفات پائے گی، جو اپنے ہاتھ میں پیالہ دیکھے جو اس کے ہاتھ سے گر کر ٹوٹ گیا ہو اور اس کا پانی اس کے ہاتھ میں باقی ہو تو اس کی بیوی کے ہاں لڑکا ہوگا اور وہ وفات پائے گی اور اس کا لڑکا زندہ باقی رہے گا، اگر پیالہ صحیح سالم رہا اور پانی اس کے ہاتھ سے چلا گیا تو لڑکا فوت ہوگا اور عورت سلامت رہے گی، پیالہ باندی ہے، اور پیالے عورتوں کا زیور ہے، شیشہ کے پیالے ٹوٹنے کے سبب کسی شدت و تکلیف کی دلیل ہیں۔ جو دیکھے کہ وہ پیالے کھاتا ہے تو وہ کسی بڑی مصیبت میں مبتلا ہوگا، جس کا پیالہ ٹوٹ گیا ہو اس کا ساقی (پلانے والا) موت کا شکار ہوگا۔

Marfat.com

## ۲۱۱۳۔ القدر (ہانڈی)

خواب میں ہانڈی کرسی پر بیٹھنے والا عالم ہے، ہانڈی اگر انگیٹھی پر ہو تو یہ مطلقہ عورت کی دلیل ہے، ہانڈی کا جوش عورت کی طلاق ہے، اور ہانڈی گھر کا سربراہ ہے، مریض کے گھر میں اگر ہانڈی ہو اور وہ جوش مارتی ہو اس کے نیچے آگ جل رہی ہو لیکن یہ معلوم نہیں کہ اس ہانڈی کے اندر کیا ہے تو چولہا اس کا فراش ہے، اور آگ کے شعلے اس کا کرب و بلا ہے، اور اس کا جوش اس کا قلق اور بے چینی کی کیفیت ہے، لہٰذا اگر آگ ختم ہوئی ہے تو اس کا مرض ختم ہوگا، اور ہانڈی دشمن پر قدرت و طاقت یا رضا بر قضاء کی دلیل ہے، ہانڈی عجمی عورت ہے، چنانچہ جو دیکھے کہ اس نے ہانڈی میں کچھ پکایا ہے تو اسے سلطان سے مالِ عظیم حاصل ہوگا، اور ہانڈی میں شوربہ اور گوشت کلام و تکرار کے ساتھ ساتھ عمدہ رزق ہے۔

## ۲۱۱۴۔ القدس (بیت المقدس)

جو خواب میں دیکھے کہ اس نے بیت المقدس میں نماز پڑھی ہے تو اسے وراثت کا مال ملے گا یا کسی نیک کام پر عمل کرے گا، جو دیکھے کہ وہ غیر قبلہ کی طرف نماز پڑھتا ہے تو وہ حج کرے گا، اگر دیکھے کہ اس نے بیت المقدس کے اندر چراغ جلایا ہے تو اولاد کی طرف سے تکلیف پہنچے گی یا اس کے ذمہ اس کی اولاد کے بارے میں نذر ہے جسے پورا کرنا اس پر لازم ہے۔

## ۲۱۱۵۔ القَدَم (پاؤں)

خواب میں پاؤں آدمی کی مالی زینت، اس کی ثابت قدمی اور اس کے نیک اعمال ہیں، پاؤں کی انگلیاں آدمی کی بیٹیوں، باندیوں اور غلاموں کی زینت ہے، پاؤں کی ہڈیاں اس کا وہ مال ہے جس پر اس کا اعتماد اور معیشت کا مدار ہے، دونوں قدموں پر اُگے ہوئے بال قرض ہے۔ دونوں پاؤں اس کے حال و سواری کی دلیل ہیں، اگر دونوں پاؤں کو مقطوع (کٹا ہوا) دیکھے تو اس کی سواری اور مال ہلاک و برباد ہوگا، اگر دیکھے کہ اس کا ایک زائد پاؤں ہے تو اس کی معیشت میں اضافہ ہوگا، اگر گنہگار دیکھے کہ اس کا پاؤں خوبصورت ہوا ہے تو یہ گناہ سے توبہ کی دلیل ہے اور یہ خواب کافر کے لئے اس کے مسلمان ہونے کی دلیل ہے، اور قدم امور و معاملات میں اقدام کرنے اور مراد کے مطابق حسنِ انجام کی دلیل ہے، اور بسا اوقات پاؤں کا حسین ہونا نماز کی تکمیل و اتمام کی دلیل ہوتا ہے۔

## ۲۱۱۶۔ القدوری (ہانڈیاں بنانے والا)

خواب میں اس کو دیکھنا طویل العمر آدمی کی دلیل ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: "وجفانٍ کالجواب وقدور راسیات" (سبأ: ۱۳) یعنی اور لگن جیسے حوض اور دیگیں جو ایک ہی جگہ جمی رہیں۔

## ۲۱۱۷۔ القدوم (کلہاڑہ)

خواب میں کلہاڑہ دیکھنا انسان کی حالت کے دوام پر دلیل ہے، کبھی کلہاڑہ معیشت، رزق و فوائد کی دلیل ہوتا

Marfat.com

ہے، کلہاڑہ آدمیوں کا احتساب کرنے والا اور ادب سکھانے والا آدمی ہے جو کجرو لوگوں کی اصلاح کرنے والا ہو، کلہاڑہ اس کے صاحب کے منہ، اسکے غلام و خادم کی دلیل ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ کلہاڑہ حریص آدمی کی دلیل ہے جو مال کو اپنی طرف کھینچتا ہو، بعض کہتے ہیں کہ زبان دراز عورت کی دلیل ہے۔

## ۲۱۱۸۔ قدوم الغائب (غائب کا آنا)

اس کی تعبیر شدت کے بعد کشادگی، مرض سے صحت یابی اور اپنے کام سے رجوع اور لوٹنے کی دلیل ہے۔

## ۲۱۱۹۔ القدید (سکھایا ہوا گوشت)

خواب میں یہ گوشت سفر یا معاملہ میں ٹال مٹول کرنے اور کوئی چیز بے محل رکھنے اور نماز یا زکوۃ بے وقت ادا کرنے کی دلیل ہے۔

## ۲۱۲۰۔ القذارۃ (گندگی) دیکھئے النجاسۃ (گندگی)۔

## ۲۱۲۱۔ القذف (پھینکنا) دیکھئے الرمی (تیر وغیرہ چلانا)۔

## ۲۱۲۲۔ القراب (تلوار کی میان) دیکھئے السیف (تلوار)۔

## ۲۱۲۳۔ القرابۃ (رشتہ داری)

خواب میں قرابت داری امانتدار بوڑھی عورت ہے جس کے پاس اموال امانۃً رکھوائے جاتے ہیں۔

## ۲۱۲۴۔ القرّاد (بندر کا تماشا دکھانے والا)

خواب میں اس مداری کو دیکھنا عجائب و ملاعب کے مرتبہ کی دلیل ہے۔

## ۲۱۲۵۔ القُراد (چیچڑی)

خواب میں چیچڑی رذیل دشمن ہیں۔

## ۲۱۲۶۔ قراصیا (خشک آڑو)

خواب میں سوکھا اور خشک آڑو وسیع اور جلد حاصل ہونے والا رزق ہے، نیز زوالِ امراض، فرحتوں اور مسرتوں کی دلیل ہے۔

## ۲۱۲۷۔ قرآنِ کریم

خواب میں قرآن کریم پڑھنا سرور و نصرت و شرف و مرتبت کی دلیل ہے، اگر مصحف کے بغیر تلاوتِ قرآن پاک

Marfat.com

کرتا ہے تو یہ ایسا شخص ہے جو حق کے معاملہ میں نزاع کرتا ہے اس کا دعویٰ برحق ہے، اور وہ خشوع رکھنے والا مؤمن ہے۔ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرتا ہے، اگر دیکھے کہ وہ تلاوتِ قرآن کرتا ہے اور اس کے مضامین واحکام کو سمجھ رہا ہے تو وہ عقلمند ہے، اگر دیکھے کہ اس کے سامنے قرآنِ کریم کی تلاوت ہو رہی ہے اور وہ اس کو قبول نہیں کر رہا ہے تو یہ سلطان کی طرف سے اذیت پہنچنے یا عذابِ خداوندی کی دلیل ہے۔ اگر امّی (ان پڑھ) دیکھے کہ وہ قرآن پڑھ رہا ہے تو وہ وفات پائے گا، اگر وہ دیکھے کہ وہ قرآنِ پاک ختم کرتا ہے تو اس کے لئے عنداللہ کثیر ثواب ہے اور اس کی تمنا پوری ہوگی، اور جو دیکھے کہ وہ ٹھیکری یا سیپی پر قرآن لکھتا ہے تو وہ قرآن کی تفسیر بالرائے کرے گا، اگر دیکھے کہ وہ قرآن کو زمین پر لکھتا ہے تو وہ زندیق (بے دین) ہے، بعض کہتے ہیں کہ تلاوتِ قرآن حاجات کا پورا ہونا اور حسنِ حال کی دلیل ہے، جو خواب میں متجرد قوم کو دیکھے کہ وہ قرآن پڑھ رہی ہے تو یہ خواش پرست قوم ہے جو اس کام کے لئے متجرد (فارغ) ہوئی ہے، غیر حافظ دیکھے کہ اس نے حفظ قرآن کیا ہے تو اسے بادشاہت ملے گی، جو دیکھے کہ وہ قرآنِ کریم کی سماعت کر رہا ہے تو اس کی سلطنت قوی ہوگی اور اس کا خاتمہ اچھا ہوگا اور اسے مکاروں کے مکر سے پناہ ملے گی، مریض دیکھے کہ وہ قرآن پاک کا کچھ حصہ تلاوت کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے شفاء دیں گے، کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: "وننزل من القرآن ماھو شفاء و رحمة للمؤمنین" (الاسراء:۸۲) یعنی اور ہم قرآن میں ایسی چیزیں نازل کرتے ہیں کہ وہ ایمان والوں کے حق میں شفاء اور رحمت ہے، تلاوتِ قرآن نیک اعمال کی کثرت اور بلندی درجات کی دلیل ہے۔

## ۲۱۲۸۔ القراءة (پڑھنا)

جو شخص خواب میں قرآن کریم کا کوئی حصہ تلاوت کرے وہ عزت و رفعت حاصل کرے گا، اگر گنہگار ہو تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول فرمائیں گے، اگر فقیر ہے تو مستغنی ہوگا، مقروض ہو تو قرض ادا ہوگا، اگر گواہ ہو تو سچی گواہی دے گا، اگر خوبصورت آواز میں قرآن پڑھا ہے تو اسے عزت وشہرت اور رفعت حاصل ہوگی۔ اگر قرآن پڑھا اور اس میں تحریف (تبدیلی) کی تو راہِ حق سے بھٹکے گا اور عہد میں خیانت کرے گا، اگر معلوم نہ ہو کہ کیا پڑھا ہے تو جھوٹی گواہی دے گا یا خوف لاحق ہوگا جس کا اسے علم نہیں ہے، مریض پر سورتوں کا پڑھنا اس کی موت کی دلیل ہے، جو شخص دیکھے کہ اس نے اپنا نامۂ اعمال قیامت کے روز پڑھا ہے جب کہ بیداری میں وہ ٹھیک طرح نہیں پڑھ سکتا تو یہ فقر کے بعد غنیٰ (مالداری) کی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ اس نے اپنے صحیفہ کا سرورق پڑھا ہے تو وہ میراث کا وارث ہوگا، اگر اس کی پچھلی جانب پڑھی ہے تو وہ مقروض ہوگا، اگر وہ اس کے پڑھنے میں ماہر ہے تو وہ والی و حاکم ہوگا، جو دیکھے کہ وہ اپنا نامۂ اعمال پڑھتا ہے تو وہ اپنے گناہوں سے اللہ تعالیٰ سے توبہ کرے گا۔

## ۲۱۲۹۔ القربان (قربانی)

خواب میں قربانی کرنا زوجہ یا اولاد یا نیک عمل ہے جسکے ذریعہ قرب خداوندی حاصل کیا جائے، نیز رنج و تکلیف یا

Marfat.com

عداوت اور گھر میں اختلاف و نزاع کی دلیل ہے۔

## ۲۱۳۰۔ القربۃ (مشکیزہ)

خواب میں پانی وغیرہ کا مشکیزہ سفر کی دلیل ہے، یا پھر عورت کی دلیل ہے جو حاملہ ہوگی اور پھر حمل ساقط ہوگا، نیز فقر و غنی کی دلیل ہے۔

## ۲۱۳۱۔ القرد (بندر)

خواب میں بندر ایسا آدمی ہے جس میں ہر عیب ہو، اگر بندر سے لڑا ہے، لڑائی میں اس پر غالب آیا ہے تو بیمار ہوگا پھر شفاء ہو جائے گی، اگر بندر اس پر غالب آیا ہو تو وہ لاعلاج مرض میں مبتلا ہوگا، بعض کہتے ہیں کہ بندر کبیرہ گناہوں کا مرتکب آدمی ہے، جو بندر کا گوشت کھائے تو کسی عیب میں مبتلا ہوگا جس سے برأت نہ ہوگی یا جدید کپڑے حاصل ہوں گے، جو شخص دیکھے کہ بندر نے اس کو کاٹا ہے تو کسی شخص سے خصومت و جھگڑا ہوگا، بندر مکار، دھوکہ باز جادوگر آدمی ہے اور بندر مرض کی دلیل ہے، بندر مغلوب دشمن ہے، جو خواب میں خود کو بندر پر سوار دیکھے تو وہ دشمن پر غالب آئے گا، اور جو دیکھے اسے بندر ہبہ کیا گیا ہے تو یہ دشمن کے غلبہ کی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ اس کے کندھے پر بندر ہے جو اس نے اٹھایا ہوا ہے تو اس کے گھر سے مسروقہ مال نکلے گا اور اس کی اس پر شہرت ہوگی، بعض کہتے ہیں کہ جو دیکھے کہ اس نے بندر اٹھایا ہے یا اس کا مالک ہوا ہے تو یہ بندر اس کے لئے نحوست ہے، اور بندر وہ آدمی ہے جس کی نعمت کبیرہ گناہ کے ارتکاب کی وجہ سے ختم ہو گئی ہو، بندر دشمنوں، معصیت اور موجبِ نفرت چیز میں پڑنے کی دلیل ہے جیسے خنزیر۔ بندر یہودیوں کی بھی دلیل ہے، بندر کا گوشت کھانا فقر و احتیاج کی دلیل ہے۔ بندر فقیر و نادار اور نعمت سے محروم آدمی ہے۔

## ۲۱۳۲۔ القرش (شارک مچھلی)

خواب میں اس کا دیکھنا بلند ہمتی اور اعلیٰ نسبی کی دلیل ہے، کیونکہ وہ مچھلی عالی و غالب رہتی ہے مغلوب نہیں ہوتی، اس مچھلی کو کلب البحر اور ''قریش'' بھی کہتے ہیں۔

## ۲۱۳۳۔ القرص (چٹکی بھرنا)

جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ کسی انسان کو چٹکی بھرتا ہے، تو چٹکی بھرنے والا اس مقروص (جسے چٹکی بھری گئی) کے مال میں حرص و طمع رکھتا ہے اور اس سے مال حاصل کرے گا، اگر اس کی ران پر چٹکی بھری ہے تو وہ اس کے خاندان کے مال میں طمع رکھتا ہے، اگر اسکے ہاتھ پر چٹکی بھری ہے تو اس کے بھائی کے مال پر نظر رکھتا ہے۔ اور سانپ یا بچھو کا کاٹنا مال حرام کمانے، انجام کے پختہ و مضبوط ہونے اور سزا کی دلیل ہے۔

Marfat.com

## ۲۱۳۴۔ القُرصة (گول چھوٹی روٹی) دیکھئے الرغیف (روٹی)۔

## ۲۱۳۵۔ القَرض (قرض)

خواب میں قرض قرض خواہ کا مقروض کو صدقہ کرنا اس کی احتیاج کی دلیل ہے، قرض گنہگار کے لئے توبہ کی اور کافر کے لئے اسلام قبول کرنے کی اور فقیر کے لئے مالداری کی دلیل ہے، اگر باقیمت چیز قرض دی تو یہ اللہ تعالیٰ سے حسنِ معاملہ کی دلیل ہے، قرض ایثار وقربانی کی دلیل ہے، جو شخص دیکھے کہ وہ لوگوں کو اللہ کی رضا کے لئے قرض دیتا ہے تو وہ جہاد میں مال خرچ کرتا ہے، مریض اگر دیکھے وہ قرض میں مطلوب ہے تو یہ شدت پہنچنے کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ اس نے اپنا مطلوبہ قرض لے لیا ہے تو یہ اس کی موت کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ جس کو قرض دیا گیا ہے وہ مر گیا ہے تو یہ غم وحزن سے خلاصی پانے کی دلیل ہے، غلام اگر اپنے قرض خواہ کو دیکھے تو یہ خواب غلام کے اپنے آقا کے سامنے بلند مرتبہ ہونے کی دلیل ہے۔

## ۲۱۳۶۔ القرط (بالی)

خواب میں اپنی زوجہ یا باندی کے کان میں بالی دیکھنا تجارت وکاروبار کی دلیل ہے، اگر حاملہ عورت اپنے کان میں دو بالیاں دیکھے تو اس کے حمل میں نرینہ ولد ہے، اگر چاندی کی بالی ہو تو وہ ولد نصف قرآن حفظ کرے گا، اگر بالی سونے کی ہو تو وہ سارا قرآن حفظ کرے گا، اگر کنواری عورت یہ خواب دیکھے تو اس کی شادی ہوگی، غلام کے کان میں بالی زینت ہے، عورت کے لئے بالی اس کا زوج ہے، اور اوپر والے حصہ کی بالیاں اس عورت کی اولاد ہے، خواب میں کسی عورت یا باندی کے کان میں نیچے والے حصہ کی بالیاں یا اوپر والے حصہ کی بالیاں دیکھنا آباد علاقہ میں تجارت کے پھیلنے کی دلیل ہے۔

## ۲۱۳۷۔ القرطاس (کاغذ)

جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ کاغذ پر لکھتا ہے تو وہ اپنے اور لوگوں کے مابین معاملہ کا منکر ہے، بعض کہتے ہیں کہ لکھنے والا مغموم ومصیبت زدہ آدمی ہے، اور وہ پریشانی میں ہے جس سے اسے نجات ملے گی، جو دیکھے کہ امامِ وقت نے اس کو کاغذ دیا ہے تو وہ اس امام سے کوئی شے تلاش کرے گا اور جب اس پر لوگوں کے امور مشتبہ ہوں گے اس وقت وہ چیز دستیاب ہوگی۔ خواب میں اپنے ہاتھ میں کاغذ دیکھنا حاجت وضرورت کے پورا ہونے پر دلیل ہے۔

## ۲۱۳۸۔ القرطق (کرتہ)

خواب میں کرتہ دیکھنا صاحب خواب کی کشادہ حالی کی دلیل ہے، چنانچہ جو دیکھے کہ اس نے کرتہ پہنا ہے اور اسے ولد کی توقع ہو تو بچی ہوگی۔ کیونکہ کرتہ تلوار کے نیچے پہنا جاتا ہے۔

Marfat.com

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: "الرِّجَالُ قَوَّامُونَ عَلَى النِّسَاءِ" (النساء:۳۴) یعنی مرد عورتوں پر حاکم ہیں۔ اور بعض کہتے ہیں کہ کرتہ ولد ہے۔

## ۲۱۳۹۔ القرطم (کڑ کے بیج) دیکھئے العصفر (کُسم)

## ۲۱۴۰۔ القَرْع (کدو)

خواب میں کدو عالم یا طبیب شخص ہے جو لوگوں کے قریب اور خفیف المشقت ہے، مریض کے لئے کدو شفاء کی دلیل ہے، چنانچہ جو شخص پکے ہوئے کدو کھائے تو اس کی مفقود شے مثلاً اس کا محبوب یا اولاد یا خود اس کی ذات یا قرض واپس آجائے گا، خواب میں کدو کچے کھانا جنات کے خوف میں مبتلا ہونے کی یا کسی انسان سے لڑنے جھگڑنے کی دلیل ہے، بعض کہتے ہیں کہ کدو کا درخت فقیر آدمی ہے جو شخص تربوز کے کھیت سے کدو توڑے تو مرض سے نجات ہوگی۔ قصہء یونس علیہ السلام اس پر دال ہے، اور کدو لعنت اور ملامت کی دلیل ہے۔ جو خواب میں پکے ہوئے کدو کھائے جس قدر اس نے کدو کھائے اس قدر علم محفوظ کرے گا، یا متفرق چیز جمع کرے گا، نیز خواب میں کدو دیکھنا رنج وغم، تنگی عیش یا مرض یا قید خانے کی دلیل ہے، کدو کھانا ذہنی صلاحیت اور ذہانت کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ اس نے کدو کچے کھائے ہیں تو یہ شر وفساد کی دلیل ہے، اور اگر پکے ہوئے کھائے اس کے ساتھ مصالحے بھی تھے تو یہ غم وحزن کی دلیل ہے، اگر بغیر مصالحے کے تھے تو یہ رزق ہے، یا پھر گم شدہ چیز مل جائے گی۔

## ۲۱۴۱۔ القَرَع (گنج کی بیماری)

اس کی تعبیر مال ہے جو رئیس سے حاصل ہو۔ جس سے نفع حاصل نہیں ہوگا سوائے مشقت اور تھکاوٹ کے۔ گنجی عورت قحط سالی ہے۔

## ۲۱۴۲۔ القُرْقُرَةُ (قراقر)

خواب میں قراقر گھر میں لڑائی فساد اور عزیز واقارب کے درمیان مقابلے کی دلیل ہے۔

## ۲۱۴۳۔ القُرْمة (درخت کا تنا)

خواب میں درخت کا تنا اپاہج پن یا حرکت نہ کرنے کی دلیل ہے، درخت کا تنا موچی، قصاب وغیرہ کے لئے فائدہ ومعاش کی دلیل ہے۔

Marfat.com

## ۲۱۴۴۔ القرموط (قرموط مچھلی)[1] دیکھئے السمک (مچھلی)۔

## ۲۱۴۵۔ قرن الحیوان (جانور کا سینگ)

خواب میں اسے دیکھنا قوت و منفعت کی دلیل ہے، جو دو سینگ دیکھے وہ مشرق و مغرب کا بادشاہ ہوگا، اور سینگ اس کے عزیزوں میں سے کوئی ایک ہے جس سے قوت و منفعت حاصل ہوگی، جو دیکھے کہ اس کے دو سینگ ہیں بیل وغیرہ کے سینگوں جیسے تو یہ اس کی قہراً موت کی دلیل ہے، سینگ سال و اسلحہ کی دلیل بھی ہے نیز جن چیزوں سے زینت اختیار کی جاتی ہے جیسے مال و اولاد اور عزت و وجاہت۔

## ۲۱۴۶۔ قرن المرأة (عورت کی زلف) دیکھئے الذؤابة (چوٹی)۔

## ۲۱۴۷۔ قِزنبیط (گوبھی) دیکھئے قنبیط (گوبھی)۔

## ۲۱۴۸۔ ذوالقرنین

خواب میں جو شخص ذوالقرنین کو دیکھے وہ اپنی کسی حاجت کے بارے کسی بڑے آدمی کا تقرب حاصل کرے گا جو اس کی وہ حاجت پوری کردے گا۔

## ۲۱۴۹۔ القروح (چیچک) دیکھئے الجدری (چیچک)۔

## ۲۱۵۰۔ القریش (شارک مچھلی) دیکھئے القرش (شارک مچھلی)۔

## ۲۱۵۱۔ القریة (بستی)

خواب میں بستی ہلاکت اور ظلم ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: "قالوا انا مهلكو اهل هذه القرية ان اهلها كانوا ظالمين" (العنکبوت:۳۱) یعنی ان فرشتوں نے کہا کہ ہم اس بستی والوں کو ہلاک کرنے والے ہیں (کیونکہ) وہاں کے باشندے بڑے شریر ہیں۔ جو دیکھے کہ وہ محفوظ بستی میں داخل ہوا ہے تو وہ کسی سے قتال یا کسی کو قتل کرے گا، جو دیکھے کہ وہ اپنے شہر کو پار کر کے کسی بستی میں جاتا ہے تو وہ ادنی امر کو اعلیٰ امر پر فوقیت دے گا، اگر دیکھے کہ وہ کسی بستی میں داخل ہوا ہے تو وہ سلطنت کا والی ہوگا یا کسی نیک عمل میں داخل ہوگا، اگر بستی سے باہر نکلا ہے تو وہ شدت سے نجات پائے گا، اگر آباد بستی کو ویران دیکھے تو یہ اہل بستی پر مصیبت کی دلیل ہے، بستی کو آباد دیکھنا دین کے صلاح کی دلیل ہے، معروف بستی خود اس کی ذات یا اس کے باشندوں کی دلیل ہے، نیز وہاں سے آنے والے پر دلیل ہے، بسا اوقات بستی ظلم و بدعت اور فساد کے گھر کی دلیل ہوتی ہے، اور بستی چیونٹیوں کے بل کی بھی دلیل ہے، اور چیونٹیوں کا بل بستی کی دلیل ہے، جس نے بستی منہدم کی یا اس کو تباہ و برباد کی

(۱) قرموط مچھلی: ایک دریائی مچھلی جو اندر سے سرخ ہوتی ہے۔

Marfat.com

ہے یا وہاں سیلاب آکر اس کو بہالے گیا ہے یا وہ بستی آتشزدگی کا شکار ہوئی ہے اور وہ بستی معروف و معلوم ہے تو سلطان وہاں ظلم وستم کرے گا، اور بستی کبھی ٹڈیوں، سردی، آفتوں اور وباء کی دلیل ہوتی ہے، اور جو شخص دیکھے کہ وہ بستی سے باہر نکلتا ہے تو یہ اس کے دین کی صلاح ہے، اور جو دیکھے کہ وہ بستی چھوڑ کر کسی شہر منتقل ہوتا ہے تو وہ مشقت سے راحت کی طرف منتقل ہوتا ہے اور خوف سے امن کی طرف، اگر اس کا عکس (الٹ) ہو یعنی شہر سے بستی کی طرف منتقل ہوا ہو تو تعبیر اس کے برعکس ہوگی۔

## ۲۱۵۲۔ القزّاز (ریشم فروش)

خواب میں اس کو دیکھنا قاصد، صاحبِ واقعات، دلوں کو جوڑنے والے اور لوگوں کے احوال کی اصلاح کرنے والے کی دلیل ہے، یا پھر کنوارے کی شادی کی دلیل ہے۔

## ۲۱۵۳۔ القسامة (حلف برداری)

اس کی تعبیر غموم و تکالیف، تہمتیں اور سخت قسمیں یا روزہ یا آزادی ہے۔

## ۲۱۵۴۔ القسم (قسم کھانا) دیکھئے الحلف (حلف اٹھانا)۔

## ۲۱۵۵۔ القسوة (سختی)

جو شخص خواب میں ذکر اللہ کے وقت یا اللہ کے نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کی حدیث مبارکہ کے ذکر کے وقت دل میں سختی محسوس کرے تو یہ معاصی (گناہوں) میں انہماک کی دلیل ہے۔

## ۲۱۵۶۔ القسيس (پادری) دیکھئے الراھب (راھب)۔

## ۲۱۵۷۔ القشعريرة (بدن کا لرزنا)

یہ خواب میں ہونا خوفِ باری تعالیٰ کی دلیل ہے۔

## ۲۱۵۸۔ أم قشعم (گِدھ) دیکھو النسر (گِدھ)۔

## ۲۱۵۹۔ القصاب (قصاب)

خواب میں قصاب (قسائی) دیکھنا موت کا فرشتہ ہے لہٰذا جو اس قصاب کو دیکھے اور اس سے چھری چاقو پکڑے تو وہ بیمار ہوگا اور پھر شفاء ہو جائے گی، اور جو دیکھے کہ اس نے اپنے باپ کو ذبح کیا ہے تو یہ نیک سلوک اور صلہ رحمی ہے جب کہ خون نہ دیکھے، اگر بادشاہ کو دیکھے کہ اس نے اپنی رعایا کو ذبح کیا ہے تو وہ ان پر ظلم کرتا ہے، بازاروں میں جو قسائی گوشت بیچتے ہیں خواب میں ان کو دیکھنا شدت و مضرّت کی دلیل ہے، اور مریضوں کے حق میں ان کا دیکھنا موت کی جلدی

Marfat.com

کی دلیل ہے، اور مالداروں کے حق میں مضرت پہنچنے کی دلیل ہے، خوف وگھبراہٹ والوں کے حق میں خوف وگھبراہٹ کی شدت کی دلیل ہے، اور مقروض کے حق میں ادائے قرض کی دلیل ہے، اور بعض اہل تعبیر کہتے ہیں کہ قصاب اصل میں سفاک اور خونریز شخص ہے، بعض کہتے ہیں کہ وہ تلوار والا ہے، مغموم اور قیدی کا قصاب کو دیکھنا خیر وفرحت کی دلیل ہے، اور جو قصاب کو قتل کرے وہ مرض سے نجات پائے گا، اور قسائی کشتی والے اور ورثاء اور یتیموں میں مال تقسیم کرنے والا ہے۔

## ۲۱۶۰۔ القصّار (دھوبی)

خواب میں دھوبی دیکھنا غموں، تکلیفوں اور دلوں کے کینے دور ہونے کی دلیل ہے، دھوبی کا دیکھنا طرب، وخوشی یا شادی کی دلیل بھی ہے، دھوبی کی تعبیر واعظ سے بھی کی جاتی ہے، بعض کہتے ہیں کہ دھوبی وہ آدمی ہے جس کے لئے صدقات جاری ہوتے ہیں یا جو کرب ومصیبت دور کرتا ہے۔

## ۲۱۶۱۔ القصاص (قِصاص لینا)

خواب میں مجرم سے قصاص اور بدلہ لینا عمرِ طویل کی دلیل ہے، اس لئے کہ فرمانِ ربّ العالمین ہے: "ولکم فی القصاص حیاة یا أولی الالباب" (البقرة: ۱۷۹) یعنی اے عقل والو! قصاص میں تمہارے لئے زندگی ہے۔ قصاص ان امور پر جبر واکراہ کی دلیل بھی ہوتا ہے جو انسان کو گناہوں سے پاک کرتے ہیں جیسے نماز، روزہ اور زکوٰۃ پر جبر (زبردستی) کرنا۔

## ۲۱۶۲۔ القصّاص (قصہ گو) دیکھئے الراویة (روایت کرنے والا)

## ۲۱۶۳۔ قصاص الاثر (نشانِ قدم پر چلنے والا)

خواب میں اس کا دیکھنا اسرار کے منکشف ہونے اور مخفی امور کے ظاہر ہونے یا علم کی اور علماء کے آثار کی اتباع کرنے والے کی دلیل ہے۔

## ۲۱۶۴۔ قصاص الدواب (جانوروں کی اون وغیرہ کترنے والا)

خواب میں اس کو دیکھنا حجام کی دلیل ہے، یا پھر اس کو دیکھنا شرور وفسادات اور بے جا مال خرچ کرنے کی دلیل ہے۔

## ۲۱۶۵۔ القصب (بانس)

خواب میں بانس دیکھنا رذیل اور کمینے لوگ ہیں، جو دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں بانس ہے اور وہ اس پر ٹیک لگائے ہوئے ہیں تو اس کی عمر سے تھوڑے دن باقی رہ گئے ہیں اور وہ محتاج ہوگا اور فقیر ہو کر مرے گا، بانس میانہ رو آدمی ہے جس کا کوئی دین نہیں اور نہ وفاداری، فارسی بانس دیکھنا تشبیہ، فیصلوں اور اعمال میں ریاکاری کی دلیل ہے، یا پھر خسیس (گھٹیا) مال کی دلیل ہے، اس کا حصول شر وتکلیف کی دلیل ہے، اگر بانس چاندی یا سونے یا زمرد کی شاخیں بن گیا ہو تو یہ نیک

Marfat.com

اعمال کی دلیل ہے جو جنّت اور جنّت کے محلات میں دخول، اس کے خیموں کے نیچے بیٹھنے اور پاکیزہ ازواج حاصل ہونے کا ذریعہ ہیں، بانس منافق قوم ہے اگر اس کی آواز خواب میں سنی گئی ہو تو یہ خصومت (جھگڑا) ہے، گنا دقت آمیز رزق ہے یا پھر شور وغل کی علامت ہے، یا پاکیزہ نسب اور علمِ جلیل کے شرف و مقام کی دلیل ہے، خواب میں بانس بے موقع لگا ہونا جگہ کی ویرانی اور احوال کے کھلنے کی دلیل ہے، اور اس کو چھلا ہوا دیکھنا قیدی کے رہا ہونے اور فوجی قلعہ سے اسیر کے چھوٹنے کی دلیل ہے نیز مریضوں کی سلامتی اور قبروں سے مردوں کو نکالنے کی علامت ہے۔

## ۲۱۶۶۔ قصب السکر (گنّا)

جو شخص دیکھے کہ وہ گنّا چباتا ہے تو وہ ایسے امر کی طرف لوٹے گا جس کے بارے میں کثرت سے کلام ہوگا، اور جو دیکھے کہ وہ گنے کو نچوڑتا (رس نکالتا) ہے تو اس کے مالک کو خوش حالی حاصل ہوگی جب تک کہ اس کو آگ نہ لگے، گنا بخیل آدمی سے حاصل شدہ مال ہے۔

## ۲۱۶۷۔ القصب الفارسی (فارسی بانس) دیکھئے القصب (بانس)۔

## ۲۱۶۸۔ القصد (میانہ روی)

صاحب خواب کے لائق و مناسب جو میانہ روی ہو وہ مراد ہے، بہر حال خواب مین میانہ روی دیکھنا غیر شادی شدہ کے لئے مناسب زوجہ یا اس کی معیشت یا ملت و مذہب جسے وہ اختیار کرتا ہے، اور جو دیکھے کہ وہ میانہ روی سے چلتا ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے تواضع اختیار کرتا ہے۔

## ۲۱۶۹۔ القصر (محل)

فاسق کے لئے محل تنگی، مشقت اور مال و جاہ میں نقصان کی دلیل ہے، اور پاکدامن کے لئے رفعت و بلندی اور ادائے قرض کی دلیل ہے، دور سے محل دیکھنا بادشاہت کی دلیل ہے، محل پاکدامن متقی پرہیزگار آدمی ہے جو شخص دیکھے کہ وہ محل میں داخل ہوا ہے تو وہ بڑے سلطان کے پاس جائے گا اور دین میں مخلص ہوگا، خواب میں دیندار کا محل دیکھنا نیک عمل کی دلیل ہے، جو خواب میں محل میں داخل ہوا ہو وہ شادی کرے گا، بعض کہتے ہیں کہ محل دیکھنا آٹھ صورتوں پر دلالت کرتا ہے۔ اس کی نعمتیں، مال و دولت، ولایت و حکومت، مرتبہ، ریاست، سلطنت، حصولِ مراد اور سرور و خوشی، جو خود کو جنت کے محلات میں سے کسی محل میں دیکھے تو اسے ریاست اور دشمن پر کامیابی حاصل ہوگی، یا خوبصورت لڑکی سے شادی ہوگی۔

## ۲۱۷۰۔ القصعة (بڑا پیالہ)

لکڑی کا پیالہ دنیا اور سفر سے حاصل ہونے والا مال ہے، بڑے پیالے اور سلفچیاں انسان کے معاشی حالات اور

Marfat.com

ان کی تدبیر پر دلالت کرتے ہیں، جو دیکھے کہ وہ پیالہ چاٹتا ہے تو اس کا رزق ختم ہونے کو ہے اور اس کی اجل آ گئی ہے۔ بڑا پیالہ عورت یا خادم ہے۔

## ۲۱۷۱۔ قضاء الدین (قرض ادا کرنا)

جو شخص دیکھے کہ اس نے کوئی حق یا قرض ادا کیا ہے تو وہ صلہ رحمی کرتا ہے یا مسکین کو کھانا کھلاتا ہے اور اس کے دنیا کے جو کام دشوار ہوئے ہیں وہ آسان ہو جائیں گے، یا تعاون کرنے یا گواہی دینے یا کفارہ یا حج یا زکوٰۃ کی دلیل ہے، بعض کہتے ہیں کہ حق کی ادائیگی سفر سے واپس آنے کی دلیل ہوتی ہے جس طرح سفر سے واپسی ادائے حق کی علامت و دلیل ہے۔

## ۲۱۷۲۔ قضاء وقدر

اگر انسان دیکھے کہ قضا و قدر اس کی جان یا اس کے مال پر جاری ہے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اسے کثیر اجر و ثواب حاصل ہوگا یا جس امر کا خوف ہے اس پر اقدام کرے گا اور اس کا انجام اچھا ہوگا، کیونکہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ واللہ، اللہ تعالیٰ اپنے بندے کے لئے جو فیصلہ بھی کرتے ہیں اس میں اس کی بہتری ہوتی ہے''۔

## ۲۱۷۳۔ القضیب (شاخ) دیکھئے الذکر (عضو تناسل)۔

## ۲۱۷۴۔ القط (بلا)

خواب میں بلا کتاب کی دلیل ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ''وقالوا ربنا عجل لنا قطنا قبل یوم الحساب'' (ص:۱۶) یعنی اور یہ لوگ کہتے ہیں کہ اے ہمارے رب ہمارا حصہ ہم کو روزِ حساب سے پہلے دے دے۔ بلا زوجہ کے لئے ظلم و زیادتی، اولاد و خصام (نزاع)، چوری و زنا، بے وفائی، چوری چوری سننے، طعنہ زنی اور عیب گیری کی دلیل ہے، بلا اس لقیط (راستہ میں گرا پڑا بچہ) کی دلیل ہے جس کا باپ معلوم نہ ہو، بلا اس آدمی کی بھی دلیل ہے جو لوگوں کے ساتھ نرم گوئی کرتا ہے اور لوگوں کے دلوں میں رقص و سرور کے ذریعہ محبت ڈالنے والا ہے۔

## ۲۱۷۵۔ قطار البول (پیشاب کے قطرے)

اس کی تعبیر مقروض کے مال کی قسطیں کرنا ہے۔

## ۲۱۷۶۔ القطان (روئی کا تاجر)

خواب میں روئی کا تاجر مال و مشقت والا شخص ہے۔

Marfat.com

## ۲۱۷۷۔ القطاۃ (بھٹ تیتر)

خواب میں اس کو دیکھنا الفت ومحبت اور صدق وفصاحت کی دلیل ہے، بھٹ تیتر خودبین اور خوبصورت عورت ہے۔

## ۲۱۷۸۔ القطائف (مخملی چادر)

خواب میں مخملی چادر مال ولذت مع سرور وخوشی یا خوشگوار رزق ہے۔

## ۲۱۷۹۔ القطران (تارکول)

اس کی تعبیر وہ آدمی ہے جو مفسدین کو روکتا ہے کیونکہ یہ تارکول کیڑوں کو ختم کرتا ہے۔ جو شخص تارکول کو جسم پر لگائے وہ معاصی میں مبتلا ہوگا، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے جہنمیوں کے حق میں فرمایا ہے: "سرابیلھم من قطران و تغشی وجوھھم النار" (ابراہیم: ۵۰) یعنی ان کے کرتے قطران کے ہوں گے اور آگ ان کے چہروں پر لپٹی ہوگی۔

## ۲۱۸۰۔ قطع الرأس (سر کاٹنا)

غلام کے لئے آزادی کی دلیل ہے، نیز سر کاٹنا ترکِ صلوٰۃ یا ارتداد عن الدین کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ اس کی گردن اڑائی گئی ہے اور وہ مغموم ہے تو اس کا غم دور ہوگا اگر مقروض ہے تو قرض ادا ہوگا، اگر گردن اڑانے والے کو جانتا ہے تو اس سے خیرِ کثیر حاصل ہوگی، اگر مریض ہو تو شفاء ہوگی، اگر حج نہیں کیا ہے تو حج کرے گا، اگر دیکھے کہ بادشاہ نے اپنی رعایا کی گردنیں اڑائی ہیں تو وہ مجرموں کو معاف کرے گا، اگر دیکھے کہ اس کی گردن بحکمِ حاکم یا راستہ میں یا جنگ میں اڑائی جاتی ہے تو اس کے والدین فوت ہوں گے، اگر یہ خواب وہ شخص دیکھے جس کے خلاف قتل کا حکم لگایا گیا ہے تو یہ اس کی نجات کی دلیل ہے، اور سرمایہ کاروں اور صرافوں کے اعتبار سے یہ مذکورہ خواب ان کے سرمایہ کے زوال کی دلیل ہے، اور مسافروں کے حق میں سفر سے واپسی کی دلیل ہے، اور آپس میں خصومت رکھنے والوں کے حق میں غلبہ کی دلیل ہے۔

## ۲۱۸۱۔ قطع الید (ہاتھ وغیرہ کا کٹنا)

خواب میں ہاتھ کا کٹا ہونا ترکِ صلوٰۃ یا مالداری کی وجہ سے سوال سے بے نیازی یا توبہ کی دلیل ہے، اور ہاتھ اور پاؤں کا مخالف جانب سے کٹا ہونا دین میں فساد وخرابی کی دلیل ہے، زبان کا مقطوع ہونا حجت و دلیل کے ختم ہونے یا سوال سے زبان روکنے کی وجہ سے احسان کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ اس کے اعضاء کٹے ہوئے ہیں تو وہ سفر کرے گا اور اپنے اہل وعیال اور قبیلہ خاندان سے دور ہوگا۔

Marfat.com

## ۲۱۸۲۔ القطن (روئی)

خواب میں روئی اون سے کم مال و دولت ہے، روئی دھنا گناہوں سے پاک ہونے کی دلیل ہے، اور روئی کا پودا متواضع آدمی ہے۔

## ۲۱۸۳۔ القطیعة (قطع تعلق)

خواب میں ان لوگوں سے قطع تعلق کرنا جن کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے صلہ رحمی کا حکم دیا ہے ضلالت و گمراہی کی دلیل ہے، قطع تعلقی ادائے جذبہ کی بھی دلیل ہے، یا ایسے امر کی دلیل ہے جو بے تعلقی اور ترکِ تعلق کا سبب ہوتا ہے، حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا "لا تقاطعوا ولا تدابروا" (بخاری فی الادب)، یعنی آپس میں قطع تعلق نہ کرو اور دشمنی بھی نہ کرو۔

## ۲۱۸۴۔ القعب (لکڑی کا بڑا پیالہ)

اس کی تعبیر وہ باندی یا لڑکی ہے جس کے ہاتھ سے کثیر خیرات جاری ہوں۔

## ۲۱۸۵۔ القعود (بیٹھنا)

خواب میں بیٹھنا نامرادی اور عاجزی کی دلیل ہے، عورت کا بیٹھنا اس کا شادی میں سستی کرنا ہے۔

## ۲۱۸۶۔ القفا (گدی)

گدی شکر و مذمت، بلندی و پستی، ذلت یا عزت کی دلیل ہے، گدی اثر کی اتباع کرنے کی دلیل ہے، اگر گدی پر وہ چیز جو خیر پر دلالت کرتی ہے پیدا ہو جیسے اس کا سخت ہونا یا سفید ہونا یا اچھی خوشبو دار ہونا تو وہ جس کام کے درپے ہے اسکو بجالانے کی دلیل ہے گویا کہ وہ دشمن کو پیٹھ نہیں دکھاتا، اگر متولی ہے تو اسکا مرتبہ بلند ہوگا یا اس کا قرض ادا ہوگا، اگر اپنی گدی پر پھوڑے و زخم دیکھے تو یہ اس کی نامرادی اور ذلت کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ اس کی گدی موٹی اور سخت ہوگئی ہے تو وہ اس چیز کو برداشت کرنے پر طاقت رکھتا ہے جو چیز اللہ تعالیٰ نے اس کے لئے مقدر کر دی ہے۔

## ۲۱۸۷۔ القفّاص (پنجرے بنانے والا)

خواب میں اس کا دیکھنا معمار (مستری)، درزی اور شادی کی دلیل ہے، یا ادب سکھانے والے یا داروغہ جیل یا جلاد کی دلیل ہے۔

Marfat.com

## ۲۱۸۸۔ القفّال (قفل ساز)

خواب میں قفل ساز دلال ہے، اس کا دیکھنا راز چھپانے اور کنوارے کی شادی ہونے کی دلیل ہوتا ہے، قفل ساز دشوار کاموں کو آسان کرنے کی بھی دلیل ہے۔

## ۲۱۸۹۔ القفر (بے آب وگیاہ زمین)

اس کی تعبیر وتاویل سالن کا نہ ملنا ہے، حضور علیہ السلام نے فرمایا ''جس گھر میں سرکہ نہیں وہ ویران اور خالی گھر ہے''۔ بے آب وگیاہ زمین فکر وغم کی بھی دلیل ہے۔

## ۲۱۹۰۔ القفز (چھلانگ لگانا)

خواب میں ایک ٹانگ سے چھلانگ لگانا ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونے کی دلیل ہے، اگر چھلانگ لمبی ہو تو وہ سفر کرے گا، جو شخص ایک ٹانگ سے چھلانگ لگائے دوسری ٹانگ میں تکلیف یا مرض کی وجہ سے تو نصف مال میں نقصان ہوگا اور دوسرے نصف حصہ کے ساتھ مشقت سے گزر اوقات کرے گا۔

## ۲۱۹۱۔ القفص (پنجرہ)

خواب میں پنجرہ جیل ہے، یا بچہ کے جھولے کی دلیل ہے، پنجرہ گھر ہے، جو دیکھے کہ اس نے اپنا سر پنجرہ میں داخل کیا ہے اور بازار میں چلتا ہے تو وہ اپنا گھر فروخت کرے گا اور اس پر گواہ قائم کرے گا، پنجرہ معاملات کے منعقد ہونے اور ایک دوسرے سے جوڑنے ملانے کی دلیل ہے، نیز پنجرہ شادی کی بھی دلیل ہے۔

## ۲۱۹۲۔ القفل (تالا)

خواب میں قفل (تالا) امانتدار آدمی ہے، بعض کہتے ہیں کہ تالا کنواری عورت کی دلیل ہے، اگر قیدی خواب دیکھے کہ اس نے تالا کھول دیا ہے تو وہ قید خانہ سے نجات پائے گا، مغموم تالا کھولے تو اس کا غم دور ہوگا، تالا حجت وقوت اور عدت ہے، تالا ایک ایسا شخص ہے جس پر امانات کی حفاظت کے سلسلہ میں اعتماد کیا جاتا ہے،
ہر چیز کا بند کرنا فکر وغم اور ہر چیز کا کھولنا کشادگی کی دلیل ہے، لوہے کے تالے اسرار ورموز کے کھلنے اور علم کی دلیل ہے، تالے غفلت کی بھی دلیل ہے، فرمانِ خداوندی ہے: ''أفلا یتدبرون القرآن أم علی قلوب اقفالها'' (محمد:۲۴) یعنی یہ لوگ قرآن میں غور کیوں نہیں کرتے کیا ان کے دلوں پر تالے پڑے ہیں۔ قفل (تالا) کفیل وضامن ہے، لوہے کے قفل اپنے مدلول کی حفاظت پر دلیل ہیں، نیز دینِ متین کی دلیل ہیں، یا پھر عزت ورفعت کی دلیل ہیں، لکڑی کے تالے منافقت، کلام

Marfat.com

میں تر ددا ور قبولِ رشوت کی دلیل ہیں۔

## ۲۱۹۳۔ القفیز (قفیز پیمانہ)[1]

یہ پیمانہ خواب میں دیکھنا غم وفکر یا کشادگی کی دلیل ہے۔ نیز قفیز رازوں کی حفاظت کرنے والا شخص ہے۔

## ۲۱۹۴۔ القلاح (دانتوں پر جما ہوا زرد میل): دیکھئے السِنّ (دانت)۔

## ۲۱۹۵۔ القلادۃ (ہار)

عورتوں کے لئے ہار ان کا حسن و جمال ہے، جو شخص دیکھے کہ اس نے سونے، موتیوں اور یاقوت کا ہار پہنا ہوا ہے تو وہ مسلمانوں کے کسی کام کا متولی ہوگا، مرد کے لئے ہار حسین عورت کے ساتھ شادی کی دلیل ہے جب کہ اس ہار کے ساتھ چاندی کے سکے ہوں، ہار اگر جواہر اور چاندی کا ہو تو یہ مال کے ساتھ ساتھ جامع ولایت وحکومت ہے، اگر ہار لوہے کا ہو تو یہ طاقتور ولایت ہے، ہار اگر پیتل کا ہو تو یہ دنیا کا مال ومتاع ہے، گھونگے کا ہار کمزور ولایت ہے، عورت کے لئے ہار مال ہے جو اس کے شوہر نے اس کے پاس امانت رکھا ہے، حاملہ عورت کے لئے ہار نرینہ اولاد ہے، اگر ہار ٹوٹ گیا ہو تو والی معزول ہوگا، شادی شدہ عورت کے لئے ہار ولد اور کنواری کے لئے شوہر کی دلیل ہے، اگر خواب میں اپنے جسم پر کئی ہار دیکھے جس کو اٹھانے سے وہ کمزور ہو رہا ہے تو وہ اپنے علم پر عمل کرنے میں کمزور ہوگا۔

## ۲۱۹۶۔ القلّاح (السی اکھاڑنے والا/کشتیوں کے بادبان بیچنے والا)

السی اکھاڑنے والے کو دیکھنا امور میں تغیر وتبدل، اور انسان کا ایک صنعت چھوڑ کر دوسری صنعت اختیار کرنے یا ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونے کی دلیل ہے، اور کشتیوں کے بادبان بیچنے والے کو دیکھنا اسفار اور حصولِ رزق اور شادی کے لئے امور کی تیاری کرنے کی دلیل ہے۔

## ۲۱۹۷۔ القلانسی (ٹوپیوں والا)

خواب میں ٹوپیوں والا لوگوں کو جس قدر ٹوپیاں پہناتا ہے اس قدر صاحبِ ریاست ہوگا۔

## ۲۱۹۸۔ القلاّء (کڑاھی میں کھانا پکانے والا)

خواب میں اس کو دیکھنا شرور وفساد، نمازوں کو ضائع کرنے اور خواہشات کی پیروی کرنے کی دلیل ہے، نیز نکتہ چینی اور عیب گیری کی دلیل ہے۔

---

(۱) قفیز: ایک قدیم پیمانہ ہے ایک سو چوالیس گز، ایک گز ایک ہاتھ بھر کا۔

Marfat.com

## ۲۱۹۹۔ القلب (دِل)

خواب میں دل آدمی کی شجاعت، جرأت، جود وسخا اور ذہانت ونرمی واخلاق ہیں، اگر اپنے دل میں گھبراہٹ دیکھے تو اسے حق کی ہدایت ہوگی، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: "حتی اذا فزع عن قلوبھم قالوا ماذا قال ربکم قالوا الحق" (سبا: ۲۳) یعنی یہاں تک کہ جب ان کے دلوں سے گھبراہٹ دور ہو جاتی ہے تو ایک دوسرے سے پوچھتے ہیں کہ تمہارے پروردگار نے کیا حکم فرمایا وہ کہتے ہیں کہ حق بات کا حکم فرمایا۔ دِل جسم کا بادشاہ ہے، اس کے دین و دنیا کے امور کو قائم رکھنے والا ہے، نیز اس کے ظاہر و باطن کے امور کو بھی، جو شخص دیکھے کہ اس کا دل اس کے سینہ سے باہر نکلا ہے تو دین میں مخلص ہوگا، بعض کہتے ہیں کہ دلوں کی تعبیر عورتوں سے کی جاتی ہے، جو دیکھے کہ اسکا دل ٹکڑے ٹکڑے ہوا ہے اور وہ مریض ہو تو مرض سے شفاء ہوگی، اور دل صاحب خواب کی زوجہ کی بھی دلیل ہے اس لئے کہ زوجہ ہی مرد کی تمام مملوکہ اشیاء کے لئے مدبّرہ ہے، دل انسان کا دین اور اس کی ذہانت ہے، چنانچہ جو اپنے دل کی آنکھ دیکھے تو یہ اصل میں اس کی فطانت وفہم اور صلاحِ دین اور خوش کلامی ہے، دلِ انسان کا امیر وسردار ہے، اور جو دیکھے کہ اسکا دل اس کے سینہ سے اچک لیا گیا ہے تو اس کا دل خوفزدہ ہوگا یا فسادِ دین کی نشانی ہے، جو شخص اپنے دل کو سیاہ دیکھے تو وہ گنہگار اور گمراہ ہے رشد و ہدایت سے دور ہے، اگر اپنے دل کو پارہ پارہ دیکھے اور دیکھنے والا اہلِ خشیت و زہد میں سے ہو تو اس کا قلب متعلق مع اللہ ہے، خوف خدا کی وجہ سے کوئی چیز اسے غافل نہیں کرتی ہے، دل تدبیر کا محل ہے، سلطان کا دل اس کا لشکر ہے، جو دیکھے کہ اس کا دِل دھڑکتا ہے تو وہ نزاع یا سفر یا شادی کو ترک کرے گا۔

## ۲۲۰۰۔ قلعہ

خواب میں قلعہ دیکھنا غم فکر ختم ہو کر کشادگی حالی کے آنے کی دلیل ہے، چنانچہ جو دیکھے کہ وہ قلعہ میں داخل ہوا ہے تو اسے دین میں پرہیزگاری نصیب ہوگی، جو دور سے قلعہ دیکھے تو وہ سفر پر روانہ ہوگا اور اس کا مقام بلند ہوگا، جو دیکھے کہ وہ قلعہ کے اندر محفوظ ہوا ہے تو وہ غالب ومنصور ہوگا، قلعہ گناہوں کا اقلاع (زوال) ہے، قلعہ کی تفسیر عظیم آدمی سے بھی کی جاتی ہے بعض کہتے ہیں کہ جو خواب میں قلعہ فتح کرے اس کی کنواری سے شادی ہوگی۔

## ۲۲۰۱۔ القلق (بے چینی)

خواب میں قلق اور بے چینی ندامت اور استغفار کی دلیل ہے، چنانچہ جو دیکھے کہ اسے بے چینی اور آزردگی لاحق ہوئی ہے تو وہ نادم اور استغفار کرنے والا ہے اپنے نفس کو گناہ کے صدور پر توبیخ وملامت کرتا ہے۔

## ۲۲۰۲۔ القلقاس (اَروی)

خواب میں اَروی شدت جھیلنے کی دلیل ہے۔

Marfat.com

## ۲۲۰۳۔ قلم

خواب میں قلم علم، امر و نہی اور اولاد ہے، اگر کاتب دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں قلم یا ورق ہے تو وہ بادشاہ کی خدمت کے سبب فقر و احتیاج سے مامون ہے، قلم ہر چیز کا منتظم ہے، بعض کہتے ہیں کہ کاتب کا ولد ہے، اور جو شخص دیکھے اسے قلم حاصل ہوا ہے تو اسے علم نصیب ہوگا، اگر قلم سے لکھا ہے تو قلم سے جو علوم لکھے ہیں وہ مراد ہوں گے، اور قلم ولایت (حکومت) ہے، جو اپنے ہاتھ میں ایک قلم دیکھے اور اس کی ایک جانب میں ایک قلم موجود ہے تو وہ بھائی ہے جس کے ساتھ ملے گا، اگر اس کی والدہ حاملہ ہو تو بھائی جنے گی، قلمیں دیکھنا کفالت ہے، جو اپنے ہاتھ میں قلم دیکھے اور یہ قلم اس نے سلطان سے لیا ہے تو اسے رفعت و منزلت حاصل ہوگی، قلم مع دولت نرینہ اولاد ہے، اور قلم ہاتھ میں دیکھنا قسم کی علامت ہے جو وہ کھاتا ہے، اس لیے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے "ن والقلم وما یسطرون" (القلم:۱) یعنی قسم ہے قلم کی اور (قسم ہے) ان (فرشتوں) کے لکھنے کی۔ اگر خواب میں کاتب دیکھے کہ اس کے قلم کو کوئی بات پیش آئی ہے تو یہ اس کی معیشت و حرفت (پیشہ) کے متعلق بات ہوگی، قلم جود و سخاء، یا دشمن پر غلبہ کی دلیل ہے۔ خواب میں قلمِ قدرت دیکھنا قسم کھانے کی دلیل ہے، قلم کا دیکھنا علم وحفظ اور عظیم صنعت یا پھر عمرِ طویل اور رزق کی دلیل ہے۔

## ۲۲۰۴۔ القلنسوۃ (ٹوپی)

خواب میں ٹوپی ریاست یا سفر یا شادی یا باندی ہے، چنانچہ جو دیکھے کہ اسے ٹوپی دی گئی ہے تو وہ کسی دور کے سفر پر روانہ ہوگا، اگر ٹوپی اپنے سر پر رکھی ہے تو سلطنت ملے گی، اگر ٹوپی کو میلا اور پھٹا ہوا دیکھے تو اس کے رئیس کو غم و حزن پہنچے گا، اس میلے پن کے بقدر، اگر ٹوپی اس کے سر سے گر گئی ہے تو یہ رئیس سے جدائی کی دلیل ہے اگر کسی نامعلوم نوجوان نے اس کے سر سے ٹوپی اتاری ہے تو یہ اس کے رئیس کی موت پر دلیل ہے، اور ٹوپی الٹی پہننا رئیس کی عادات میں تبدیلی کی دلیل ہے، اگر امامِ وقت کی ٹوپی میں کوئی آفت دیکھے تو یہ اصل میں اسلام اور مسلمانوں کے متعلق اشارہ ہے، جو اپنی ٹوپی میں میل کچیل دیکھے تو یہ گناہوں کی دلیل ہے جس کا اس نے ارتکاب کیا ہے، اگر عورت اپنے سر پر ٹوپی دیکھے تو اس کی شادی ہوگی، اگر وہ حاملہ ہو تو لڑکا جنے گی، سیاہ رنگ کی ٹوپی قضاء کا متولی ہونا ہے، جس کو سلطان ٹوپی دے تو وہ ولایت کا متولی ہوگا، جو اپنے سر پر سفید بالوں کی ٹوپی دیکھے تو اسے سلطنت حاصل ہوگی، جو لومڑی، گلہری یا سمور (نیولے جیسا جانور) کی کھال کی ٹوپی دیکھے تو اگر اس کا رئیس سلطان ہے تو وہ بڑا ظالم و غاصب ہے، اگر اس کا رئیس فقیہ و عالم ہے تو وہ خبیث الدین (دین میں برا) ہے، اگر اس کا رئیس تاجر ہے تو اس کی تجارت بری ہے، نیز ٹوپی زہد کی بھی دلیل ہے۔

## ۲۲۰۵۔ قلیل ہونا

خواب میں کثرت کے بعد کوئی شے قلیل ہو جائے تو یہ کسبِ حرام یا سود یا خسارہ کی دلیل ہے، بسا اوقات شے کی قلت

Marfat.com

اس کی زیادتی کی دلیل ہوتی ہے اس لئے کہ قلیل کثیر کی ضد ہے، اللہ تعالیٰ نے فرمایا "کم من فئة قليلة غلبت فئة كثيرة باذن الله" (البقرة: ۲۴۹) یعنی کثرت سے بہت سی چھوٹی چھوٹی جماعتیں بڑی بڑی جماعتوں پر خدا کے حکم سے غالب آ گئی ہیں۔

## ۲۲۰۶۔ القمار (جوابازی)

خواب میں قمار بازی امرِ باطل ہے، جو کسی انسان سے قمار بازی کرے اس پر غالب آئے وہ بیداری میں اس پر غالب آئے گا، قمار بازی فساد و نزاع ہے۔

## ۲۲۰۷۔ القماش (پارچہ فروش)

خواب میں پارچہ فروش کا پھاڑنا اور چیرنا طلاق کی دلیل ہے، نیز زوجِ ثانی کی صحبت کے بغیر حلال سمجھنا اور حلال کروانا ہے۔

## ۲۲۰۸۔ القماط (نہالچہ)

حاملہ عورت کا خواب میں اسے دیکھنا ولد کی دلیل ہے، یا پھر غلبہء دشمن کی دلیل ہے، جو خواب میں اپنی بیوی کو اس میں لپٹا ہوا دیکھے پھر اس کو کھول دے تو اس کو وہ طلاق دے گا، نہالچہ بھگوڑے غلام، مسافر اور مریض کسی کے حق میں قابل تعریف نہیں ہے۔

## ۲۲۰۹۔ القمح (گندم): دیکھئے الحنطة (گندم)۔

## ۲۲۱۰۔ القمر (چاند)

خواب میں چاند دیکھنا انصاف پسند بادشاہ، عالمِ کبیر یا جھوٹا آدمی ہے، جو اپنی گود میں چاند کو دیکھے وہ شادی کرے گا، اگر عورت دیکھے کہ چاند اسکے گھر واقع ہوا ہے اور اس نے اس کا کچھ حصہ پکڑ کر کسی کپڑے میں لپیٹ لیا ہے تو اس کے ہاں بیٹا ہوگا جو موت کا شکار ہوگا، اگر چاند کو سورج کے آگے چلتے دیکھے تو وزیر بادشاہ کے خلاف خروج (بغاوت) کرے گا، اگر کافرہ عورت دیکھے کہ چاند اس کی گود میں ہے تو وہ مسلمان ہوگی، اگر دیکھے کہ چاند زمین پر ہے تو اس کی والدہ فوت ہوگی، سورج و چاند والدین ہیں، خواب میں جو چاند میں اپنے چہرہ کی صورت دیکھے تو وہ فوت ہوگا، اگر اس کے ہاں حاملہ عورت ہے تو اسے نرینہ اولاد کی خوشخبری ملے گی، اگر بادشاہ خواب دیکھے کہ چاند تاریک ہو گیا ہے تو اس کی رعایا اسے اذیت دے گی، اگر دیکھے کہ چاند سورج بن گیا ہے تو اسے عزت یا خیر اور اپنے باپ یا بیوی سے مال حاصل ہوگا، چاند صاحب خواب کی اہلیہ، اس کے والدین یا اس کی بیٹی یا بہن یا اس کی تجارت یا عمل کی دلیل ہے، نیز چاند کشتی کی دلیل ہوتا ہے، کیونکہ ملاح دریا میں چاند کے حساب سے چلتے ہیں، نیز چاند سفر کی دلیل ہے اس لئے کہ وہ ہر وقت حرکت کرتا ہے، مریض کا خواب میں چاند دیکھنا

Marfat.com

ہلاکت کی دلیل ہے، جو شخص خواب میں دیکھے کہ چاند بادلوں میں چھپ گیا ہے تو یہ مرض کی دلیل ہے، یا مال کے جانے کی، جو خواب دیکھے کہ چاند اس سے ہمکلام ہے تو اسے ریاست حاصل ہوگی اگر حاملہ دیکھے کہ چاند اس کی گود میں ہے تو لڑکا ہوگا، اگر وہ عورت چاند کو ایسی جگہ دیکھے جہاں وہ نہیں پہنچ سکتی ہے تو وہ نرینہ اولاد کی خواہش مند ہے مگر یہ خواہش پوری نہیں ہوگی، جو دیکھے کہ وہ سورج کو یا چاند کو سجدہ کرتا ہے تو وہ عظیم گناہ کا ارتکاب کرے گا یا بادشاہ یا وزیر کی ناحق اطاعت کرتا ہے یا کرے گا، اور جو دیکھے کہ سورج اور چاند اسکو سجدہ کرتے ہیں تو اس کے ماں باپ اس سے راضی ہیں، جو دیکھے کہ چاند پھٹ گیا ہے تو یہ وزیر یا بادشاہ کی ہلاکت کی دلیل ہے، جو شخص دیکھے کہ چاند نے کسی رذیل کمینہ آدمی کا روپ اختیار کر لیا ہے تو وزیر معزول ہوگا، جس طرح سورج گرمی کے سبب پیدا ہونے والے امراض کی دلیل ہوتا ہے اسی طرح چاند سردی اور رطوبت کے سبب پیدا ہونے والے امراض کی دلیل ہوتا ہے، بسا اوقات چاند ہم نشین اور مانوس شخص کی دلیل ہوتا ہے، قمر (چاند) کبھی قمار بازی پر دلالت کرتا ہے، اور کبھی حلف اور قسم پر دلالت کرتا ہے، کیونکہ فرمانِ الٰہی ہے: "کلا والقمر" (المدثر:۳۲) یعنی بالتحقیق قسم ہے رات چاندنی کی۔ چاند کا دیکھنا آنکھ کے امراض سے شفاء کی دلیل ہوتا ہے۔ اگر چاند کو دیکھے کہ وہ پھٹ گیا ہے تو یہ آیتِ قدرت کی دلیل ہے، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: "اقتربت الساعة وانشق القمر" (القمر:۱) یعنی قیامت نزدیک آ پہنچی اور چاند شق ہوگیا۔ بدر کی راتوں میں چاند دیکھنا اچھی اور خیر کی دلیل ہے۔ قمر (چاند) کبھی نجوم کے عالم کی دلیل ہوتا ہے، جو شخص چاند کو برج حمل میں دیکھے تو یہ اکابر سے ملاقات کی اچھی دلیل ہے، معماروں کے لئے یہ خواب اچھا نہیں ہے، اگر چاند کو برجِ ثور میں دیکھا اور وہ (صاحب خواب) بڑی سفر کی آرزو رکھتا ہے تو وہ اس کیلئے اچھا نہیں ہے، اگر چاند کو برجِ جوزاء میں دیکھا تو یہ غلام حاصل کرنے کے لئے مذموم ہے اور جانور خریدنے کے لئے محمود ہے، اگر چاند کو برج سرطان میں دیکھے تو یہ شادی کے لئے اچھا ہے، اگر برجِ اسد میں دیکھا تو یہ شرکت، حصہ داری اور مالی اختلاط کے لئے مذموم ہے، اگر برجِ سنبلہ میں دیکھے تو یہ قوت خرچ کرنے کے لئے اچھا ہے، اگر چاند کو میزان میں دیکھے تو یہ اس کے لئے مذموم ہے، اگر برجِ عقرب میں دیکھے تو یہ حمام کے ذریعہ فائدہ حاصل کرنے کے لئے مستحسن ہے اور سفر کے لئے مذموم ہونے کی دلیل ہے۔ اگر قوس میں دیکھے تو درخت لگانے کے لئے مذموم ہے، اگر جدی میں دیکھے تو یہ اساس و بنیاد رکھنے کے لئے مذموم ہے؛ اگر برجِ دلو میں دیکھے تو یہ ہر طرح کی حرکت کے لئے مذموم ہے، اگر چاند کو برج حوت میں دیکھا ہے تو یہ خواب جھنڈے لگانے اور معاملات کے لئے عمدگی کی علامت ہے۔ جو شخص دیکھے کہ سورج چاند اور ستارے اپنے مقامِ فلک میں جمع ہیں تو اس کا قول بادشاہ کے نزدیک مقبول ہے، بصورتِ دیگر یہ چیزیں اس کے لئے مصیبت کی نشانی ہیں، اگر دائیں بائیں اور آگے پیچھے سورج چاند دیکھے تو یہ فکر و خوف یا ہزیمت (شکست) کی دلیل ہے اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے: "وجمع الشمس والقمر يقول الانسان يومئذ أين المفر" (القیامة:۹) یعنی اور اکٹھا کیا جائے گا سورج اور چاند، کہے گا آدمی اس دن کہاں ہے جگہ بھاگنے کی۔

Marfat.com

## ۲۲۱۱۔ القمری (قمری پرندہ)(۱)

خواب میں قمری پرندہ (Turtle-dove) دیکھنا قصیدہ خواں اور خوش آواز شخص ہے، جو شخص خواب میں قمری پرندہ کو دیکھے تو وہ خیر و اچھائی پائے گا، اگر وہ کسی غائب کا منتظر ہے تو وہ آجائے گا، اگر وہ حاجتمند ہو تو وہ حاجت پوری ہوگی، اگر اسے غم لاحق ہو تو وہ دور ہوگا، موسم بہار میں قمری دیکھنا حاجت روائی کی دلیل ہے، اور بہار کے علاوہ کسی دوسرے زمانہ میں قمری کو دیکھنا زمانہء ربیع (بہار کے وقت) تک حاجت وضرورت کے مؤخر ہونے کی علامت ہے، نیز قمری حاملہ عورت کے ہاں لڑکا ہونے کی دلیل ہے اور مادہ قمری دیندار عورت کی دلیل ہے، بعض کہتے ہیں کہ وہ صاحبِ نعمت کی اولاد ہے۔

## ۲۲۱۲۔ القمطر (کتابوں کا تھیلا): دیکھئے الدُرج (صندوقچہ)۔

## ۲۲۱۳۔ القمع (قیف)

خواب میں قیف محتاط، مدبّر اور دانا آدمی ہے جو لوگوں پر خوش اسلوبی سے خرچ کرتا ہے نہ اسراف کرتا ہے اور نہ ہی تبذیر (بے جا خرچ)۔

## ۲۲۱۴۔ قمع الخیاط (انگشتانہ): دیکھئے الکستبان (انگشتانہ)۔

## ۲۲۱۵۔ القمقم (گلاب پاش)

خواب میں گلاب پاش متولی کی معزولی، مریض کی عافیت، سفر اور صاحبانِ خصومت کے غلبہ کی دلیل ہے، یا پھر شادی وغیرہ کی خوشی پر دلیل ہے۔

## ۲۲۱۶۔ القمقمة (پیتل کا برتن)

خواب میں یہ برتن باندی یا عورت یا لڑکا ہے، بعض کہتے ہیں کہ یہ برتن وہ خازن ہے جس کے سپرد مال کیا گیا ہو تاکہ وہ اسے بہتر طریقہ سے خرچ کرے۔

## ۲۲۱۷۔ القمل (جوں)

خواب میں جوں دنیا مال کے ساتھ ہے، نئے کرتے میں جوں نئی ولایت ہے، اگر کرتہ پرانا ہو تو یہ قرض ہے جس کا اس پر خوف ہے، زمین میں جوئیں کمزور قوم ہے، اگر اس نے کاٹا ہے تو وہ قوم طعنہ زن اور ضعیف ہے، اگر جوں دیکھے کہ اس کے سینہ سے اتری ہے تو اسکا غلام یا لڑکا یا مزدور اس سے بھاگے گا، بادشاہ کے لئے جوئیں لشکر اور دشمن ہیں، اور

(۱) قمری کبوتر کی طرح کا ایک خوش آواز پرندہ، جسے انگریزی میں Turtle - dove کہتے ہیں۔

Marfat.com

وزیروں کے لئے انکے نوکر چاکر ہیں، پولیس کے لئے ان کے مددگار ہیں، علماء کے لئے ان کے شاگرد ہیں، بیماروں کے لئے بیماری کا لمبا ہونا ہے، اگر دیکھے کہ اس نے جوں کو زندہ حالت میں پھینکا ہے تو خلاف سنّت کام کرے گا، زیادہ تعداد میں جوئیں عذاب ہے، نیز جوئیں عیال و اولاد اور رذیل خسیس چغل خور قوم ہے یا یہ خیر و برکت و نعمت اور غموں فکروں سے خلاصی کی دلیل ہے، اگر کثیر تعداد میں جوئیں دیکھے تو یہ مرضِ طویل اور فقر و خسارہ کی دلیل ہے، ان کا مار ڈالنا مصیبت زدہ کی مصیبت کا دور ہونا اور شدت سے خلاصی پانا ہے، اور جو جوئیں کپڑے میں اٹھائے تو اس پر کھلا جھوٹ باندھا جائے گا، جسے جوں نے کاٹا ہے تو کمزور درجہ کے لوگ اس پر عیب لگائیں گے۔

## ۲۲۱۸۔ قمل الحنطة (گھن کا کیڑا)

اس کا دیکھنا عذاب ہے اس لئے کہ یہ موسیٰ علیہ السلام کے معجزات میں سے ہے۔

## ۲۲۱۹۔ القمیص (کرتہ)

خواب میں کرتہ انسان کا دین، زندگی، اس کا تقویٰ علم یا کوئی بشارت ہے، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کا قول ہے:
"اذهبوا بقميصي هذا فألقوه على وجه أبي يأت بصيرًا" (یوسف:۹۳) یعنی لے جاؤ کرتہ میرا یہ پس ڈال دو اس کو اوپر منہ باپ میرے کے آویگا بینا ہو کر۔ جب خواب میں آدمی کرتہ پہنے تو اس کی شادی ہوگی، عورت کے لئے کرتہ مرد ہے جس سے وہ شادی کرے گی، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: "هن لباس لكم وأنتم لباس لهن" (البقرة:۱۸۷) وہ تمہارا لباس ہیں اور تم ان کا لباس ہو۔ اگر خواب میں کرتہ پھاڑا ہے آدمی اپنی بیوی سے بے نیاز ہوگا اگر کرتہ پھٹ گیا تو بیوی سے جدائیگی ہوگی، نیا کرتہ پہننا اس کے دین کا حسن و جمال ہے، جو دیکھے کہ کرتے کا گریبان پھٹ گیا ہے تو اس پر بابِ فقر کھلے گا، جو دیکھے کہ اس کے بہت سے کرتے ہیں تو اس کے لئے آخرت میں اجرِ عظیم اور کثیر حسنات ہیں، سفید کرتہ دین ہے جو دیکھے کہ اسے ہدیہ میں کرتہ دیا گیا ہے تو یہ خیر کی خبر ہے، اور جو شخص دیکھے کہ اسکا کرتہ میلا پھٹا ہوا ہے تو یہ فقر و شدت اور فکر و پریشانی ہے، اگر عورت دیکھے کہ اس نے نیا اور کشادہ کرتہ پہنا ہے تو یہ اس کی عورت کے دین و دنیا کے اچھے ہونے کی دلیل ہے، یا اس کے زوج کے حسن حال کی دلیل ہے، سبز سفید کرتہ دین کی دلیل ہے، نیلا قابل تعریف نہیں، اور سرخ کرتہ شہرت پر دلیل ہے، زرد رنگ کا کرتہ مرض کی دلیل ہے، کپڑے میں گیلا پن ایسی چیز پر دلیل ہے جو اسے سفر سے روکے گی، اگر کپڑے کی تری خشک ہوگئی ہے تو سفر کی رکاوٹ دور ہوگی، جو شخص خواب دیکھے کہ اس نے بغیر گریبان اور کالر کا کرتہ پہنا ہے تو یہ اس کی موت کی دلیل ہے، جو شخص نشان زدہ کرتہ پہنے تو وہ حج کرے گا یا سفر پر روانہ ہوگا، اور جو دیکھے کہ ایک چھوٹا کرتہ پہنا ہے جو اس کی شرمگاہ کو نہیں چھپاتا ہے تو وہ دین میں کوتاہی کرے گا، اور لکڑی کا کرتہ پہننا بحری سفر کی دلیل ہے، اگر وہ مریض ہے تو موت کا خطرہ ہے، جو اپنے کرتے پر قرآن کی آیت لکھی ہوئی دیکھے تو وہ قرآن پر عمل کرنے

Marfat.com

والا ہے، سیاہ کرتہ غم وحزن ہے، جو الٹا کرتہ دیکھے تو اس کے حالت میں خلاف عادت تبدیلی واقع ہوگی، کرتہ آدمی کا گھر بھی ہے، جو دیکھے کہ اس کا کرتہ لسبائی میں پھٹا ہے تو اس کی پریشانی دور ہوگی، اگر چوڑائی میں پھٹا ہے تو یہ کلام ہے جو اس کی آبرو اور عزت کے متعلق کہا جائے گا (یعنی اس پر عیب و الزام لگے گا) مگر وہ اس سے بری ہوگا اگر کرتہ آگے سے پھٹا ہو تو جو بات اس کے متعلق کہی جائے وہ درست ہے اور اگر کرتہ پیچھے سے پھٹا ہو تو اس پر تہمت و الزام لگایا جائے گا جب کہ وہ بے قصور ہوگا، قصہء یوسف علیہ السلام اس پر دال ہے، جو شخص اپنا کرتہ بادل کا دیکھے تو یہ حصول نعمت کی دلیل ہے۔

## ۲۲۲۰۔ القمین (حمام کی بھٹی)

خواب میں حمام کی بھٹی فکرات تکالیف اور شبہات کی دلیل ہے۔ بھٹی بدکلامی واقع ہونے کی دلیل ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: "وانّ منھا لما یھبط من خشیۃ اللّٰہ" (البقرۃ: ۷۴) یعنی بعضے پتھر ایسے ہیں جو خدا تعالیٰ کے خوف سے نیچے لڑھک آتے ہیں۔ پختہ اینٹوں کی بھٹی ظلم و سرکشی اور شرک کی دلیل ہے، کیونکہ یہ فرعونیوں کی ایجاد ہے، حمام کی بھٹی جہنم اور اہل جہنم، جیل اور جیل کے قیدیوں کی دلیل ہے۔

## ۲۲۲۱۔ القن (غلام): دیکھو العبد (غلام)۔

## ۲۲۲۲۔ القنا (نیزہ): دیکھئے الرمح (نیزہ)۔

## ۲۲۲۳۔ القنّاص (شکاری): دیکھئے الصیّاد (شکاری)۔

## ۲۲۲۴۔ القناع (اوڑھنی): دیکھئے الخمار (دوپٹہ)۔

## ۲۲۲۵۔ القناۃ (پانی کی نالی)

خواب میں پانی کی نالی عورت یا مال یا عالم ہے، جو دیکھے کہ اس نے نالی جاری کی ہے تو اس کی شادی ہوگی یا خاص اپنے لئے دین و دنیا کا کوئی کام کرے گا، پانی کی نالیاں خدام یا غلام یا جانور ہیں، پانی کی نالی مقام رزق جیسے بازار دکان وغیرہ کی دلیل بھی ہوتی ہے، جو خواب میں کسی کھیت یا زمین سے پانی کی نالی منقطع کرے تو اس کے گھر سے خیر ختم ہوگی، اگر وہ شادی شدہ ہے تو اپنی بیوی کو طلاق دے گا یا اپنا وقف ختم کرے گا یا اپنا غلام آزاد کرے گا، جو اپنے گھر میں یا اپنے باغ میں پانی کی چلتی نالی دیکھے تو اگر وہ مغموم ہو تو اللہ تعالیٰ اس کے غم دور کریں گے یا اسے خیر حاصل ہوگی، اگر دیکھے کہ وہ نالی بند ہوگئی ہے تو اس کے معاشی راستے خراب ہوں گے، جو دیکھے کہ اس نے نامعلوم پانی کی نالی میں پیشاب کیا ہے یا اس نالی کی نجاست سے ملوث ہوا ہے تو حرام کا ارتکاب کرے گا یا خادم یا کسی عورت کے سبب کسی مشکل میں پھنسے گا، پانی کی نالی یہود و نصاریٰ کے عبادت خانہ کی بھی دلیل ہے، جو خواب میں پانی کی نالی کھودے اور اس میں پانی جاری نہیں کیا تو کسی دھوکہ میں پڑے گا۔

Marfat.com

## ۲۲۲۶۔ القنبرة (چنڈول): دیکھئے الطیر (پرندے)۔

## ۲۲۲۷۔ القنبیط (گوبھی)

خواب میں گوبھی دیہاتی نافع آدمی ہے اس کے مزاج میں تیزی ہے، اگر دیکھے کہ وہ گوبھی پکڑے ہے تو وہ دنیا کا طالب ہے مگر وہ اسے حاصل نہیں ہوگی۔

## ۲۲۲۸۔ القند (گنے کی شکر)

خواب میں گنے کی شکر تعب کے ساتھ ملنے والا رزق ہے، نیز فکر و تکلیف ہے، یا پھر جیل سے خلاصی یا امراض سے شفاء یا حاملہ کے لئے شدت کے بعد کشادگی کی دلیل ہے، یا گنے کی شکر علم و قرآن اور صنعت کے کام میں لگنے کی شروعات ہے، قند مال و دولت کی بھی دلیل ہے۔

## ۲۲۲۹۔ القندیل (لالٹین)

خواب میں قندیل (لالٹین) پھیلا ہوا سایہ ہو تو یہ اولاد یا زوج کی دلیل ہے، اگر مجتمع ہو اس میں کشادگی نہ ہو تو یہ زوج یا زوجہ ہے جن کے مابین اولاد نہیں ہے، لالٹین علم کی، گنہگار کے لئے توبہ کی اور کافر کے لئے ہدایت کی دلیل ہے، قندیل کی تعبیر خواب یا قافلہ سے کی جاتی ہے کیونکہ ان دونوں چیزوں سے ظلمات (اندھیروں) میں روشنی وہدایت حاصل کی جاتی ہے، لالٹین خوبصورت لڑکا، رفعت و بلندی، شہرت و منفعت ہے، بعض کہتے ہیں کہ مساجد کی لالٹینیں دیکھنا علماء اغنیاء اور اصحاب تقوی و قرأت کی دلیل ہے، جو شخص دیکھے مسجد کی لالٹین بجھ گئی ہے تو مسجد کا عالم فوت ہوگا، لالٹین عورت ہے اور اس کی بتی اولاد ہے، لالٹینوں کی تاویل و تعبیر ستاروں سے بھی جاتی ہے، لالٹینوں کا ٹوٹنا اور بجھنا مریض کی موت کی دلیل ہے۔ اگر کوئی شخص آسمان سے ستارے پکڑے وہ مسجد سے لالٹین لے گا۔

## ۲۲۳۰۔ القنص (شکار کرنا)

خواب میں شکار کرنا غفلت کی دلیل ہے، بعض عارفین فرماتے ہیں کہ جو شکار کے پیچھے لگا وہ غافل ہوا، شکار کرنا خواہشات نفس کی اتباع کی دلیل ہے۔

## ۲۲۳۱۔ القنطار (کثیر مال)

خواب میں کثیر مال فقیر کے لئے مالداری کی دلیل ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے "زین للناس حب الشھوات

Marfat.com

من النساء والبنین والقناطیر المقنطرۃ من الذھب و الفضۃ" (آل عمران:۱۴) یعنی خوشنما معلوم ہوتی ہے (اکثر) لوگوں کو محبت مرغوب چیزوں کی (مثلاً) عورتیں، بیٹے اور لگے ہوئے ڈھیر سونے اور چاندی کے۔

## ۲۲۳۲۔ القنطرۃ (پُل)

خواب میں پل شبہات کی دلیل ہے، پل دنیا کی دلیل بھی ہے کیونکہ حدیث نبویؐ میں وارد ہے کہ "دنیا ایک پل ہے لہٰذا اس پل کو عبور کرو اس پر تعمیرات نہ کرو" پل غموں اور تکلیفوں کے دور ہونے کی دلیل ہے، پل پر سوار ہونا سواری پر سوار ہونے کی دلیل ہے، پل مالداری، درازی عمر یا مرض یا عہد شکنی کی دلیل ہے، پل وہ شخص ہے جس کے ذریعہ لوگوں کی ضروریات پوری ہوتی ہوں، یا وہ آدمی بادشاہ یا صاحب سلطنت یا حکم ہے، نامعلوم پل خصوصاً اگر قبرستان اور شہر کے درمیان میں ہو تو یہ دنیا کی دلیل ہے، پل کشتی یا پل صراط کی دلیل بھی ہے، اگر صاحب خواب مسافر ہو تو یہ خواب اختتام سفر کی علامت ہے، اور جو شخص خود پل بن گیا ہو تو اسے سلطنت حاصل ہوگی اور لوگ اس کے جاہ و منزلت کے محتاج ہوں گے، اور جو دیکھے کہ وہ لکڑی کا پل عبور کر رہا ہے تو وہاں منافق قوم ہے جن کے پاس وہ جائے گا۔

## ۲۲۳۳۔ القنفذ (سیہہ)

خواب میں خاردار جانور سیہہ دیکھنا تنگ دل، غصبناک اور کم مہربان آدمی ہے، خواب میں سیہہ دیکھنا دھوکہ فریب، پوشیدگی، تجسس، شر اور اسلحہ حاصل کرنے کی دلیل ہے۔

## ۲۲۳۴۔ القنوت (فرمانبرداری کرنا)

خواب میں فرمانبرداری مراد پوری ہونے، ہدایت و رزق اور اچھی تعریف کی دلیل ہے، جو خواب میں خود کو متواضع و فرمانبردار دیکھے تو وہ (حقیقت میں) فرمانبردار ہے۔

## ۲۲۳۵۔ القنوط (ناامیدی)

خواب میں رحمت خداوندی سے ناامیدی شرک یا قتل نفس یا پرخطر امر میں پڑنے کی دلیل ہے۔

## ۲۲۳۶۔ القنو (کھجوروں کا خوشہ)

خواب میں کھجوروں کا خوشہ مال جمع کرنے کی دلیل ہے، نیز عیال و اولاد کی شیرازہ بندی کرنے کی علامت ہے، کھجوروں کا گچھا آدمی کی قوم و قبیلہ کا ایک فرد ہے۔

Marfat.com

## ۲۲۳۷۔ القنینه (بوتل): دیکھئے القارورۃ (بوتل)۔

## ۲۲۳۸۔ القهرمان (امیر کا مبر منشی)

خواب میں آمد وصرف کا حساب رکھنے والا منشی دیکھنا حفاظت کرنے والا عالم ہے۔ حضرت یوسف علیہ السلام یہ کام کیا کرتے تھے۔

## ۲۲۳۹۔ القواریری (بوتلیں بنانے والا)

خواب میں بوتلیں بنانے والے کو دیکھنا خالص وصاف زندگی اور جاہلوں سے اچھا سلوک کرنے کی دلیل ہے، نیز رازوں کے ظاہر ہونے کی علامت ہے، نیز اسکو دیکھنا اس تاوان وجرمانہ کی دلیل ہے جو مجرم کے لئے خاص ہوتا ہے۔

## ۲۲۴۰۔ القوّاس (کمان ساز)

خواب میں کمان ساز کو دیکھنا طول عمر، شدت تکالیف اور نصرت بردشمنان کی دلیل ہے، بعض کہتے ہیں کہ کمان ساز امیرِ لشکر یا سلطان کی دلیل ہے۔

## ۲۲۴۱۔ القوباء (ایگزیما)(۱)

خواب میں ایگزیما مرض وہ مال ہے جس کا صاحب اپنی جان پر اس کے مطالبہ سے خوف زدہ ہے۔

## ۲۲۴۲۔ القود (خون کا بدلہ)

خواب میں قصاص انتظار کے ساتھ فرمانبرداری واطاعت ہے، اگر کسی آدمی نے اس سے قصاص لیا ہے پس وہ کسی آدمی کے قتل میں یا زخمی کرنے میں مطلوب ہے، اگر شیر یا حملہ آور پرندے نے اس سے قصاص لیا ہے تو یہ سلطان سے ذلت ورسوائی پہنچنے کی یا مرض کے سبب نزولِ آفت کی دلیل ہے۔

## ۲۲۴۳۔ القوس (کمان)

خواب میں کمان سفر، بھائی، عورت اولاد اور اللہ تعالیٰ کا قرب ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: "فکان قاب قوسین أو ادنی" (النجم:۹) یعنی پس دو کمانوں کے برابر فاصلہ رہ گیا بلکہ اور بھی کم۔ جو شخص کمان غلاف میں دیکھے تو اسکی اہلیہ حاملہ ہے جس نے اپنی بیوی کو کمان دی ہے اور وہ حاملہ تھیں تو اس کے ہاں بچی ہوگی، اگر اس کی زوجہ نے اس کو کمان

---

(۱) ایگزیما: اسے داد کا مرض بھی کہتے ہیں جس سے جسم پر خارش ہو کر چھلکے اترتے رہتے ہیں۔ منہ

Marfat.com

دی ہے تو اس کے حمل میں لڑکا ہے، اس لئے کہ لڑکا اپنے باپ کے سپرد ہوتا ہے حتیٰ کہ اپنے باپ کی دکان میں اسکے ساتھ ہوا کرتا ہے، اور عورت بیٹی کی پرورش کرتی ہے اور گھر میں وہ بچی ماں کے ساتھ وابستہ رہتی ہے، اور جو شخص دیکھے کہ اس کی کمان ٹوٹ گئی ہے اور اس کے پاس اور کوئی ہتھیار نہیں ہے تو اس کا بھائی یا ولد یا شریک یا دوست وفات پائے گا، جو شخص کمان کو اپنے ہاتھ میں ٹوٹی ہوئی دیکھے تو وہ اگر والی ہے تو ولایت سے معزول ہوگی، اگر تاجر ہو تو خسارہ ہوگا، کمان پھینکنا سفر ہے، جس نے خواب میں کمان میں تانت جوڑی ہے تو اس کی شادی ہوگی، اگر تانت کھولی ہے تو طلاق دے گا، سلطان کا دو کمانیں دینا حصولِ مرتبہ وامارت (حکومت) کی دلیل ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: "فکان قاب قوسین أو ادنی" یعنی پھر دو کمانوں کے برابر فاصلہ رہ گیا بلکہ اس سے بھی کم۔ توسین (دو کمانیں) آنکھ کے دو ابروؤں کی دلیل ہے، جس کی کمان ٹوٹ گئی ہو وہ سفر کرے گا، تیر اندازی یا تو کلامِ حق کی یا کلامِ باطل کی دلیل ہے، جو خواب میں کمان کو تانت لگائے اور اس کی تانت ٹوٹ جائے تو وہ اپنی زوجہ کو طلاق دے گا، یا اپنے عہدہ سے برطرف ہوگا، اگر تیر چلایا اور نشانہ خطا ہو گیا تو وہ اپنے زیرِ سلطنت ظلم کرے گا، اگر تیر ہدف (نشانہ) پر لگا تو اس کی تمنا پوری ہوگی، جو اپنے ہاتھ تانت لگی کمان دیکھے تو اس کے ہاں لڑکا پیدا ہوگا، جو دیکھے وہ اللہ کے راستہ میں تیر اندازی کرتا ہے تو اسے مرتبہ و مقام حاصل ہوگا، جنگل میں بندوق چلانا شکار اور حلال غنیمت ہے اور شہر میں جھوٹ کا الزام ہے، اگر دیکھے کہ اس نے بندوق چڑیا پر چلائی ہے تو وہ کسی بڑے آدمی پر جھوٹ کا الزام لگائے گا، اگر کبوتری پر چلائی ہے تو وہ اپنی بیوی پر تہمت و الزام لگائے گا۔ بندوق کی کمان کا مالک ہونا ظلم و زیادتی ہے، آدمی کی کمان جوڑوں کے امراض ہیں، تیر ساز کی کمان عمرِ طویل ہے، پر تلنے کی کمان فضول خرچی ہے، سوراخ کرنے والے کی کمان رزق اور فائدہ ہے، خرادیئے کی کمان کی بھی یہی تعبیر ہے۔

## ۲۲۴۴۔ قوس السحاب (آسمان کی کمان): دیکھو قوس قزح (دھنک)۔

## ۲۲۴۵۔ قوس قزح (دھنک)

خواب میں دھنک خوف سے امن کی دلیل ہے، اگر اس کو سرخ دیکھا ہے تو یہ اس سال غلبہء خون کی دلیل ہے، اگر اس کو زرد دیکھا تو یہ مرض کی دلیل ہے، اگر اسے سبز دیکھا ہے تو یہ قحط اور بادشاہ کے ظلم سے امن و سلامتی کی دلیل ہے، بعض کہتے ہیں کہ جو شخص خواب میں دھنک دیکھے تو وہ شادی کرے گا، کیونکہ شعراء دھنک سے عورت کو تشبیہ دیتے ہیں، اگر کوئی شخص دائیں بائیں دھنک دیکھے تو یہ خواب ناداروں کے لئے خوشحالی کی اور مالداروں کے لئے عارضی شدت کی دلیل ہے، آسمان کی کمان (دھنک یا قوس قزح) خواب میں دیکھنا عجیب امر کے ظہور کی دلیل ہے، یا لشکر میں کوئی حرکت پیدا ہوگی، اگر قوسِ قزح کے ساتھ گرج چمک بھی تھی تو دشمن ظاہر ہوگا اور لوگ اس سے ملاقات کی تیاری کریں گے۔

Marfat.com

## ۲۲۴۶۔ القولنج (قولنج مرض)(۱)

خواب میں جو قولنج کے مرض میں مبتلا ہوا ہو تو وہ اپنے اہل وعیال پر خرچ کرنے میں تنگی کرتا ہے اور بخل سے کام لیتا ہے، عورت کے لئے قولنج حمل ہونا ہے یا قولنج شریروں کی صحبت اور تکلیف دہ کلام ہے۔

## ۲۲۴۷۔ القوّۃ (طاقت کا ہونا)

خواب میں ضعف کے بعد قوت کا حصول مرض کے طویل ہونے کی دلیل ہے۔ البتہ خیر کی اور طول عمر کی امید ہے، اور جو دیکھے کہ اس کو زائد طاقت وقوت حاصل ہے تو یہ اس کی دین دنیا کی قوت ہے، بعض کہتے ہیں کہ جو خود کو خواب میں طاقتور دیکھے تو وہ ضعیف وکمزور ہے۔

## ۲۲۴۸۔ القیادۃ (قیادت کرنا)

جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ قیادت کرتا ہے اور اس نے زانیہ کو نہیں دیکھا تو وہ دلال آدمی ہے سامان کو سجاتا بجاتا ہے اور اسی کے ذریعہ زندگی کا سامان کرتا ہے، قیادت جھوٹی گواہی ہے، جو خواب میں دیکھے کہ وہ جھوٹی گواہی دیتا ہے تو وہ قیادت وسرداری کرے گا۔

## ۲۲۴۹۔ قیامت

خواب میں قیامت کا دیکھنا اس گناہ پر تحذیر (وارننگ) وتنبیہ ہے جس کا اس نے ارادہ کیا ہے، قیامت ظالم سے مظلوم کو عدل اور انصاف دلانا ہے، جو دیکھے کہ اکیلے اس پر قیامت قائم ہوئی ہے تو وہ وفات پائے گا، اور جو دیکھے کہ قیامت کے منظر میں کھڑا ہے تو وہ سفر پر روانہ ہوگا، جو دیکھے کہ تنہا اسی کا حشر ہوا ہے اور اس کی بیوی اس کے ہمراہ ہے تو وہ ظالم ہے، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: "احشروا الذین ظلموا وأزواجھم وما کانوا یعبدون" (الصافات:۲۲) یعنی جمع کرلو ظالموں کو اور ان کے ہم مشربوں کو اور ان معبودوں کو جن کی وہ عبادت کیا کرتے تھے۔ قیامت کی زمین شریف عورت یا شریف مرد ہے، اور صور کا پھونکے جانا صالحین کی نجات کی دلیل ہے۔ خواب میں قیامت دیکھنا قیامت کی علامات میں سے کسی علامت کے ظہور کی دلیل ہے جیسے خونریزی، منکرات کا ظاہر ہونا، جو دیکھے کہ قبریں شق ہوئی ہیں اور اس میں سے مردے نکل رہے ہیں تو عدل کا دور دورا ہوگا، اور جو دیکھے کہ قیامت قائم ہو چکی ہے اور قیامت کے ہولناک مناظر کو آنکھوں سے دیکھتا ہے پھر دیکھتا ہے کہ دنیا اپنی حالت کی طرف دوبارہ لوٹ آئی ہے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ عدل وانصاف کے بعد پھر ظلم کا راج ہوگا، اور جو دیکھے کہ اسکا حساب قریب آچکا ہے تو اس کا یہ خواب خیر کے کاموں سے غفلت اور حق

(۱) قولنج: ایک مرض کا نام ہے جس میں پسلی کے نیچے درد ہوتا ہے اور فضلات وریاح کا خروج دشوار ہوتا ہے۔

Marfat.com

سے اعراض کی دلیل ہے، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: "اقترب للناس حسابهم وهم في غفلة معرضون" (الانبیاء:۱) یعنی لوگوں کا حساب قریب آگیا ہے اور وہ غفلت میں پڑے اعراض کر رہے ہیں۔ اور جو دیکھے کہ اس کا سخت حساب کتاب ہوا ہے تو یہ خواب خسارہ ونقصان کے واقع ہونے کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ اللہ تعالیٰ اس سے حساب کتاب لے رہے ہیں اور اس کے اعمال میزانِ عمل میں رکھے گئے ہیں اور اس کی نیکیاں اس کی برائیوں پر غالب آئیں ہیں تو وہ شخص عظیم نیک کام میں مشغول ہے اور اس کے لئے عنداللہ ثواب عظیم ہے، اور اگر اس کی برائیاں اس کی نیکیوں پر راجح ہو گئیں ہیں تو اس کا دینی معاملہ خطرناک ہے، بعض کہتے ہیں کہ جو شخص دیکھے کہ قیامت قائم ہو چکی ہے تو وہ اپنے دشمنوں کے شر سے نجات پائیگا، یا لوگوں کے اندر کوئی فتنہ رونما ہوگا، اور جو خواب میں علاماتِ قیامت میں سے کوئی علامت دیکھے مثلاً صور کا پھونکے جانا، مردوں کا دوبارہ جی اٹھنا یا آفتاب کا مغرب سے طلوع ہونا وغیرہ تو اس کی تعبیر قیامت کے دن کی تعبیر کی طرح ہے، دجال کا خروج اس بات کی دلیل ہے کہ وہ صاحبِ بدعت وضلالت آدمی ہے، نفخ صور (صور کا پھونکنا) طاعون، وباء اور سلطان کی طرف سے ڈرانے کی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ اس نے اپنا نامہء اعمال دائیں ہاتھ میں پکڑا ہے تو وہ عزت و دولت اور صلاح سے سرفراز ہوگا، اگر نامہء اعمال بائیں ہاتھ میں پکڑا ہے تو گناہ، فقر و حاجت سے ہلاکت و برباد ہوگا، اور جو شخص دیکھے کہ وہ پل صراط پر سلامتی کے ساتھ ہے تو اس کی شدت، فتنہ اور بلا و مصیبت سے نجات ہوگی۔

## ۲۲۵۰۔ القیح (پیپ)

خواب میں پیپ بڑھنے والا مال ہے جو اسے حاصل ہوگا، اور اس سے اسکا صاحب مدد مانگتا ہے یا نفع حاصل کرنے والا ہے ہر ماہ اس سے مالی نفع حاصل کرتا ہے، بعض کہتے ہیں کہ جو دیکھے کہ اس کے بدن سے زخم وغیرہ کی وجہ سے پیپ نکلتی ہے تو اس پر تہمت لگے گی، پیپ اور جو فاسد مواد زخموں پھوڑوں سے خارج ہوتا ہے یہ حرام اموال ہیں، بعض کہتے ہیں کہ پھوڑے پھنسی کی پیپ کشادگی کی دلیل ہوتی ہے۔

## ۲۲۵۱۔ القید (بیڑی)

خواب میں بیڑی دین میں ثابت قدمی ہے، بیڑی عیال اولاد یا ترکِ سفر یا مرض کی بھی دلیل ہے، بیڑی خواب میں بیڑی ڈالنے والے کی طرف سے احسان کی دلیل ہے، چاندی کی بیڑی شادی کے معاملہ میں مضبوطی ہے، اگر بیڑی زرد پیتل کی ہو تو یہ بڑے کام میں ثابت قدمی کی علامت ہے، اگر بیڑی سیسہ کی ہو تو کسی کمزور امر میں ثابت رہنے کی دلیل ہے، اگر بیڑی رسی کی ہو تو یہ دین میں ثابت قدمی ہے، اگر لکڑی کی ہو تو یہ منافقت میں ثابت رہنا ہے، تاجر کے لئے بیڑی نہ چلنے والا سامان ہے، مغموم شخص کے لئے بیڑی دائمی فکر و غم کی علامت ہے، مریض کے لئے مرض کے طویل ہونے کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ وہ اللہ کے راستہ میں مقید (بندھا ہوا) ہے تو وہ اپنے عیال و اولاد کے معاملہ میں محنتی ہے، اور جو شخص دیکھے کہ وہ ایک شہر میں مقید ہے تو وہ اس شہر کو وطن بنائے گا، اگر دیکھے کہ وہ گھر میں مقید ہے تو وہ کسی عورت پر مبتلا ہے، اگر

Marfat.com

بیڑی تنگ ہو تو معاملہ اس پر تنگ ہوگا، مسرور اور خوش باش آدمی کے لئے بیڑی دوام سرور کی دلیل ہے، اگر بیڑی میں بندھا شخص دیکھے کہ ایک اور بیڑی کا اضافہ ہوا ہے تو اگر مریض ہے تو فوت ہوگا، اگر جیل کے اندر ہے تو طویل زمانہ جیل میں رہے گا، اور جو دیکھے کہ وہ مقید (بیڑی میں بندھا ہے) ہے اور اس نے سبز رنگ کا لباس پہنا ہوا ہے تو یہ اصل میں اس کا دین میں مقام و مرتبہ اور حصولِ ثواب کی علامت ہے، اگر لباس سفید رنگ کا تھا تو یہ دراصل اس کا علم و فقہ اور حسن و جمال میں مرتبہ و مقام ہے، اگر پہنا ہوا لباس سرخ ہے تو یہ اس کا لہو و لعب میں مقام کی نشاندہی ہے، اگر لباس زرد ہے تو یہ مرض میں اسکا درجہ ہے، اور جو دیکھے کہ وہ سونے کی بیڑی میں مقید ہے تو وہ ہاتھ سے گئے ہوئے مال کا منتظر ہے، جو شخص یہ دیکھے کہ وہ ایک اور آدمی کے ساتھ بیڑی میں جکڑا ہوا ہے تو یہ خواب کبیرہ گناہ کے ارتکاب کی دلیل ہے جس پر اندیشہ ہے کہ سلطان گرفت کرے، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: "وتری المجرمین یومئذٍ مقرنین فی الاصفاد" (ابراہیم:۴۹) یعنی اور تو مجرموں (کافروں) کو اس دن زنجیروں میں جکڑے ہوئے دیکھے گا۔ بیڑی اصل میں فکر اور فقر ہے۔

## ۲۲۵۲۔ القیراط (قیراط)(۱)

وزنِ قیراط اصل میں واجب الذمہ قرض کے سبب فکر و پریشانی لاحق ہونے کی دلیل ہے۔

## ۲۲۵۳۔ قیّم الحمام (حمام کا متولی)

خواب میں اس کو دیکھنا طہارت و پاکیزگی اور ادائے قرض کی دلیل ہے، حمام کا متولی شاہی دروازہ پر لوگوں کے کام کرنے کے لئے کھڑے رہنے والا ہے، یا داروغہ جیل یا گناہوں سے توبہ اور اصلاحِ حال کی دلیل ہے، یہود و نصاریٰ کے عبادت خانوں کا متولی و منتظم دیکھنا مال کے ضیاع، اعمال میں تفریط (کوتاہی) یا لہو و لعب والوں سے میل جول کی دلیل ہے، حمام کی متولیہ و منتظمہ عورت دیکھنا کنوارے کے لئے نادار و فقیر زوجہ کی دلیل ہے۔

## ۲۲۵۴۔ القیئ (قے)

جو شخص خواب میں دیکھے کہ اسے روزہ کی حالت میں قے (الٹی) آئی ہے اور پھر اس میں منہ ڈالا ہے تو اس کے ذمہ قرض ہے جسے وہ ادا کر سکتا ہے مگر ادا نہیں کرے گا جس کی بنا پر وہ گنہگار ہوگا، اگر قے خوش ذائقہ ہو تو یہ گمراہی سے خوشدلی کے ساتھ توبہ کرنے کی دلیل ہے، اگر قے بدذائقہ ہو تو اس کی توبہ بھی ناگواری سے ہوگی، نیز یہ بات بھی توبہ میں شامل ہے کہ اسکے صاحب نے ناحق طور پر جو چیز لی ہے وہ حقدار کو واپس کر دے یہ بھی گویا قے کی تاویل ہے، اگر خون کی قے کی ہے تو وہ گناہ سے یا مالِ حرام سے توبہ کرے گا، اگر شراب سے مدہوش ہوا اور قے کی تو وہ بخیل شخص ہے، اگر موتی نگل لیا اور قے شہد کی کی ہے تو وہ قرآنِ پاک کی تفسیر کرتا ہے، اور اگر دودھ کی قے کی ہے تو مرتد ہوگا، اگر منہ بھر کر صفراء (پت) کی قے کی

(۱) قیراط: ایک وزن ہے، درہم کے بارہویں حصہ کے برابر ہوتا ہے۔

Marfat.com

ہے تو وہ سزا کی وجہ سے گناہ سے باز آئے گا، اگر کھانے کی قے کی ہے تو وہ کسی انسان کو کوئی شے ہبہ کرے گا، اگر قے نگل لی ہے تو وہ اپنی ہبہ کردہ شے واپس لے گا، اور جو خواب میں بہت زیادہ قے کرے تو وہ وفات پائے گا یا ہلاکت کے قریب پہنچ جائے گا، اور جو شخص دیکھے کہ اس نے خون کی بہت زیادہ قے کی ہے تو یہ فقیر کے لئے مال و مولود (بچہ) یا غائب کی واپسی ہے، اگر دیکھے کہ اس کی آنتیں قے کے ساتھ باہر نکل آتی ہیں تو یہ لڑکے کی موت کی دلیل ہے، مریض کے بارے میں بھی موت کی دلیل ہے، اگر خواب میں مریض سانپ کی قے کرے (یعنی سانپ اگلے) تو وہ فوت ہوگا، اور اگر وہ تندرست ہو (اور یہ خواب دیکھے) تو دشمن سے علیحدگی ہوگی، بعض کہتے ہیں کہ قے مال فضول اڑانا ہے، اور فقراء کے لئے قے خیر کی دلیل ہے لیکن مالداروں کے لئے قابل ستائش نہیں ہے، بلکہ ان کے اموال کے حق میں مضر ہے، اور قے امانتیں ان کے مالکان کو واپس لوٹانے، رازوں کے افشاء ہونے اور داخلی اذیت کے زوال کی دلیل ہے، اگر (صاحب خواب) مریض ہو تو وفات پائے گا۔

Marfat.com

# ﴿باب الکاف﴾

## ۲۲۵۵۔ الکاتب (کاتب)

خواب میں کاتب حیلہ ساز ہے، اگر کاتب دیکھے کہ وہ ان پڑھ ہے تو اس کا حیلہ تدبیر، عقل یا دین جاتا رہے گا یا وہ فقیر ہوگا، اگر دیکھے (کاتب) کہ اس کا خط خراب ہے تو وہ توبہ کرے گا، اگر کوئی عام شخص دیکھے کہ وہ کاتب ہے تو وہ دوسرے کے امور کی فکر کرے گا اور اس سے اس کو بہت زیادہ تکان لاحق ہوگی، یہ خواب مریضوں کی بہ نسبت موت کی دلیل ہے، اور غلام کے حق میں اس کی صلاح و امانت کی دلیل ہے اور یہ کہ وہ عنقریب گھر کا سربراہ ہوگا، خواب میں بادشاہ کے کاتبوں کو دیکھنا بلند مرتبہ ہونے اور صلاح حال کی دلیل ہے، اگر بادشاہ کے کسی کاتب میں حقارت آئی ہو تو یہ مقام کے گرنے اور حال کے برا ہونے کی دلیل ہے، خواب میں انشاء پردازوں کو دیکھنا عزت و رفعت، حاجات کے پورا ہونے، بادشاہوں کے ساتھ اچھے سلوک، علم و فہم، فصاحت و رزق، اولاد و ازواج، آباء و اجداد اور غلاموں کی دلیل ہے، اور پیش کار (پرائیویٹ سیکرٹری) دیکھنا وارد ہونے والی خبریں ہیں، راستوں پر بیٹھے مضمون نویس خواب میں دیکھنا پولیس اور حجام کی دلیل ہے۔ خواب میں کرام کاتبین (فرشتے) دیکھنا دنیا و آخرت میں بشریٰ و یسریٰ (خوشخبری اور آسانی) کی دلیل ہے، نیز اگر صاحب خواب نیک متقی ہے تو اس کا خاتمہ جنتیوں جیسے اعمال پر ہوگا، بصورت دیگر اسے چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کو پیش نظر رکھے اور ڈرے "وأن علیکم لحافظین کراماً کاتبین یعلمون ماتفعلون" (الانفطار:۱۱) یعنی اور تم پر (اعمال) یاد رکھنے والے معزز لکھنے والے مقرر ہیں جو تمہارے سب اعمال کو جانتے ہیں۔

## ۲۲۵۶۔ الکاس (پیالہ)

خواب میں پیالہ عورتوں کے جواہر ہیں، چنانچہ جو دیکھے کہ اسے پیالہ میں پانی دیا گیا ہے تو یہ شکم مادر میں بچہ کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ پیالہ ٹوٹ گیا ہے اور پانی باقی رہا ہے تو یہ اس عورت کی موت اور اس کے پیٹ کے بچہ کی بقاء کی دلیل ہے، اگر پانی گر گیا ہے اور پیالہ باقی بچ رہا ہے تو یہ بچہ کی موت اور اس کی ماں کی سلامتی کی دلیل ہے، پیالہ کا ٹوٹنا ساقی (پلانے والا) کی موت کی بھی دلیل ہوتا ہے، اور مریض دیکھے کہ اسے پیالہ دیا گیا اور پیالہ میں موجود شراب یا پانی یا رائی کے دانے یا اندرائن پھل یا ایلوا پیا یا کھایا ہے تو یہ موت کا جام ہے۔

## ۲۲۵۷۔ الکاعب (نوجوان لڑکی): دیکھئے الصبیۃ (بچی)۔

## ۲۲۵۸۔ کاغذ: دیکھئے القرطاس (کاغذ)۔

## ۲۲۵۹۔ کاغذ فروش

خواب میں کاغذ فروش وہ آدمی ہے جو حیلہ بازوں کی مدد کرتا ہے۔

Marfat.com

## ۲۲۶۰۔ کافر

خواب میں کافر شخص دشمن ہے، جو خواب میں بوڑھے کافر کو دیکھے تو وہ دیرینہ دشمن ہے، کھلا بغض و عداوت رکھتا ہے، اور جو دیکھے کہ وہ خود کافر ہے اور اس کے سامنے شہد رکھا ہے اور وہ اس کو نہیں کھاتا ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا منکر یا ناشکرا ہے۔ جو دیکھے کہ وہ کافر کے مشابہ ہوگیا ہے تو اس کا عقیدہ اسی قسم کے کفار کے مطابق ہے، کفار کی کثرت عیال کی کثرت ہے، اور جو خواب میں خود کو کافر دیکھے اور کفر سے تائب نہیں ہوتا ہے تو وہ مقتول ہو کر مرے گا۔

## ۲۲۶۱۔ الکافور (کافور)

خواب میں کافور حسنِ تعریف ہے، کافور راز کے خالص ہونے اور اولاد کو اٹھانے کی دلیل ہے، کافور کا دیکھنا نیک اعمال اور نیک لوگوں کے ساتھ حشر ہونے کی دلیل ہے۔

## ۲۲۶۲۔ الکامخ (اچار)

خواب میں اچار خصومت اور فکر و پریشانی ہے، اگر اچار کھایا ہے تو پریشانی لاحق ہوگی، اگر نہیں کھایا بلکہ ہاتھ تک نہیں لگایا تو یہ مالی خسارہ کی دلیل ہے۔

## ۲۲۶۳۔ الکامخی (اچار والا)

خواب میں اچار چٹنی والا بہت زیادہ امراض اور بیماریوں والا شخص ہے۔

## ۲۲۶۴۔ الکانون (چولہا)

خواب میں لوہے کا چولہا قوت و طاقت والے گھرانے کی عورت ہے، اگر چولہا پیتل کا ہو تو پھر وہ دنیوی سامان و زینت والے گھرانے کی ہے، اگر چولہا لکڑی کا ہے تو ایسے سامان والے گھرانے کی ہے جن میں نفاق کا مرض ہے، اگر چولہا یا انگیٹھی چونے کی ہے تو فرعونیوں کے مشابہ گھرانے کی عورت ہے، اگر چولہا مٹی کا ہے تو دیندار گھرانے کی ہے، چولہا دولت کی بھی دلیل ہے، جو خواب میں چولہے یا تندور کے اندر آگ بھڑکتے دیکھے تو یہ خواب صاحب خواب کی اولاد کی دلیل ہے، چولہا گھر کے سربراہ کی دلیل بھی ہے، جو شخص دیکھے کہ وہ چولہے میں آگ جلاتا ہے مگر طعام نہیں ہے تو وہ ایک آدمی کو چغل خوری یا لڑائی پر آمادہ کرتا ہے، ہانڈی اگر گھر کی سربراہ عورت پر دلیل ہو تو چولہا اس کا شوہر ہے۔ چولہا بسا اوقات زوجہ پر اور ہانڈی زوج پر دلیل ہوتی ہے، وہ عورت اپنے کلام سے اس کو جلاتی ہے اور وہ اسکے جوش میں بے کل اور بے چین ہوتا ہے، چولہا جب آگ سے خالی ہو تو وہ فکر و تکلیف کی دلیل ہوتا ہے، جب اس کے اندر آگ ہو تو وہ حاجات پورا ہونے اور رزق کی دلیل ہے، چولہا چراغ، منبر اور نفاس والی کی چارپائی ہے، چولہا امور سرانجام پانے اور دشوار امر کے آسان ہونے کی دلیل ہے، چولہا کبھی والد یا والدہ یا حاملہ عورت یا گھر کی دلیل ہوتا ہے، کانون (چولہا) ماہِ کانون (دسمبر و جنوری کا مہینہ) کی بھی دلیل ہے،

Marfat.com

خواب میں چولہے کا دیکھنا یا اس کا ملکیت میں آنا غیر شادی شدہ کے لئے شادی ہو جانے کی دلیل ہے، کافر ہو تو اسلام قبول کرے گا، اگر فاسق ہو تو یہ تائب ہوگا، اس لئے کہ چولہا آگ کی جگہ ہے اور آگ کی تعبیر تخویف (ڈرانا) اور ہدایت ہے۔

## ۲۲۶۵۔ الکاھن (کاہن)(۱)

خواب میں کاہن کا دیکھنا ایمان اور دنیا و شبہات سے اعراض کرنے اور خالی ہونے کی دلیل ہے، اور کاہن وہ امام ہے جس کی علم کی وجہ سے پیروی کی جاتی ہو، کاہن مغرور و باطل شخص ہے، جو دیکھے کہ وہ کاہن بن گیا ہے تو یہ سبھی لوگوں کے لئے خیر کی دلیل ہے، نیز رفعت و شہرت کی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ وہ کاہنوں اور نجومیوں جیسا کلام کرتا ہے تو یہ دنیا کی بے حقیقت چیزیں ہیں، اور اس کی تصدیق کرنا دین سے ناواقفیت ہے۔

## ۲۲۶۶۔ الکبّاد (چکوترہ)

خواب میں چکوترہ امراض و تکالیف اور فکرات جھیلنا اور برداشت کرنا ہے، یا خوبصورت بے وقار عورت کی دلیل ہے۔

## ۲۲۶۷۔ الکبد (کلیجہ)

خواب میں جگر و کلیجہ بہادری کی جگہ ہے، چنانچہ جو دیکھے کہ اس کا کلیجہ بڑا ہے تو وہ رحیم دل اور بہادر ہے، اور جو دیکھے اس کا جگر زخمی ہوا ہے تو اسکا دفن شدہ مال ظاہر ہوگا، جگر غضب و رحمت کی جگہ ہے، جو خواب میں اپنا چہرہ کلیجہ میں دیکھے تو وہ وفات پائے گا، جو دیکھے کہ وہ کسی انسان کا کلیجہ کھاتا ہے تو اسے ذخیرہ شدہ مال ملے گا اور وہ اس سے کھائے گا، اگر جگر اور کلیجے کثرت سے ہوں تو یہ خزانے ہیں جو اس کے لئے کھولے جائیں گے بکری اور گائے وغیرہ کے جگروں کا یہی حکم ہے، جگر اولاد اور زندگی کی بھی دلیل ہے، جگر پر اگر چربی ہو تو یہ عورتوں سے حاصل شدہ مال ہے، جگر یا کلیجہ کھانا اولاد سے منفعت اور قوت کے حصول کی دلیل ہے، جو دیکھے اس کا جگر اسے تکلیف دیتا ہے تو اس نے اپنے دوست یا اولاد سے بدسلوکی کی ہے یا وہ کسی پریشانی سے دوچار ہوگا، جگر پر پھوڑا زخم ہونا فسق و فجور کی دلیل ہے، جو اپنا جگر کاٹے وہ وفات پائے گا، جگر امیر و بادشاہ کا باورچی ہے۔ پیٹ سے جگر کلیجہ کا باہر کو آنا ظلم کی دلیل ہے، اچھی تعبیر نہیں ہے، جگر ناحق مال ہے، جو دیکھے کہ وہ اپنا جگر کھاتا ہے تو اسے مال و دولت حاصل ہوگا اور اسے کھائے گا یا اپنی اولاد کا مال کھائے گا۔

## ۲۲۶۸۔ الکِبْر (تکبر): دیکھئے العجب (خود پسندی) نیز دیکھئے العِظَم (بڑا ہونا)۔

## ۲۲۶۹۔ الکبریت (ماچس)

خواب میں ماچس جھوٹا کذاب آدمی ہے، کیونکہ جب یہ چاندی سے مخلوط ہوتی ہے تو اس کا رنگ تبدیل کر دیتی ہے، نیز ماچس مالِ حرام ہے کیونکہ یہ بدبودار ہوتی ہے، اگر ماچس سے چراغ یا لالٹین جلا ہے تو یہ ہدایت و منفعت کی

(۱) کاہن: جو غیب دانی کا دعویدار ہو۔

Marfat.com

علامت ہے کیونکہ یہ جلد بھڑک جاتی ہے۔

## ۲۲۷۰۔ الکبش (مینڈھا)

خواب میں مینڈھا شریف طاقتور آدمی ہے، مینڈھا ذبح کرنا اور نہ کھانا عظیم شریف آدمی کے قتل یا دشمن کے قتل کی دلیل ہے، اگر کسی جگہ پر ذبح شدہ مینڈھا دیکھے تو اس جگہ لڑائی میں لوگ قتل ہوں گے، اگر مینڈھا ذبح کیا ہے تو بڑے دشمن پر غالب ہوگا، اگر مریض ہو تو شفاء ہوگی، اور جو دیکھے کہ وہ مینڈھے پر سواری کرتا ہے اور اسے جہاں چاہتا لئے پھرتا ہے تو وہ عظیم آدمی پر غالب ہوگا، اور جو دیکھے کہ اس نے مینڈھے کے دونوں سینگ یا ایک سینگ توڑا ہے تو وہ ایک بڑے آدمی پر برہمی کا اظہار کرے گا، جو دیکھے کہ وہ مینڈھے سے لڑتا ہے تو وہ بڑے آدمی سے جھگڑے گا، اور جو دیکھے کہ مینڈھا مر گیا ہے تو یہ عظیم آدمی کی موت کی نشانی ہے، اور جو دیکھے کہ مینڈھا ذبح کیا گیا ہے اور اس کا گوشت تقسیم کیا گیا ہے تو کوئی بڑا آدمی فوت ہوگا اور اس کا مال تقسیم ہوگا، اگر مینڈھا کھانے کے لئے ذبح کیا ہے تو اگر وہ صاحب خواب غلام ہے تو آزادی ملے گی، اسیر ہے تو نجات ہوگی، خوفزدہ ہے تو امن ہوگا، مقروض ہو تو قرض کی ادائیگی ہوگی، اگر اس نے حج نہیں کیا ہے تو حج کرے گا، مریض ہو تو اللہ تعالیٰ اس کو شفاء دیں گے، خواب میں جو شخص مینڈھا ذبح کرے اور اس کی کھال اتارے تو وہ اپنے دشمن کا مال لے گا، اگر اس کا گوشت کھاتا ہے تو اس کا مال کھائے گا، جو خواب میں اپنے گھر میں کھال اترا ہوا مینڈھا دیکھے تو اسکا کوئی عزیز وقریب فوت ہوگا، جو دیکھے کہ وہ مینڈھے کو بھونتا ہے تو اسے سلطان سے عذاب وسزا ہوگی یا جیل کی دلیل ہے، مینڈھا ولایت وحکومت کی دلیل بھی ہوتا ہے، جو دیکھے کہ اس کے پاس مینڈھوں کی سریاں لائی گئیں ہیں تو اس کے پاس اس کے دشمنوں کے سر لائے جائیں گے، مینڈھے کی اون مال ہے، مینڈھا مؤذن یا چرواہے کی دلیل ہے، مینڈھا لشکر کا قائد ہے، جو دیکھے کہ مینڈھا اس پر جست لگاتا ہے تو اسے دشمن سے تکلیف پہنچے گی، اگر مینڈھے اسے سینگ مارتے ہیں تو اذیت پہنچے گی، جو دیکھے کہ دنبی مینڈھا بن گیا ہے تو اس کی بیوی حاملہ نہیں ہوگی، اگر اس کی زوجہ نہ ہو تو اسے اپنے دشمن پر قوت وعزت ونصرت حاصل ہوگی، اور سیاہ رنگ کے مینڈھے عرب کی طرف اور سفید رنگ کے عجم کی طرف منسوب کئے جاتے ہیں۔

## ۲۲۷۱۔ الکبل (بیڑی لگنا)

جو خواب میں دیکھے کہ اسے بیڑی ڈالی گئی ہے تو یہ خواب شریروں کے حق میں ان کے قید ہونے اور باندھنے کی دلیل ہے، کیونکہ بیڑیاں پاؤں باندھنے کے لئے ہوتی ہیں، اور دیگر لوگوں کے حق میں اجنبیت یا سفر کی دلیل ہے۔

## ۲۲۷۲۔ کبة غزل (کاتے ہوئے سوت کا گولہ)

اصحابِ معاش کے لئے سوت کا گولہ فائدہ ورزق کی دلیل ہے یا پھر ہوشیار مزدور، غلام اور عمر طویل کی دلیل ہے۔

## ۲۲۷۳۔ الکبو (منہ کے بل گرنا)

خواب میں منہ کے بل گرنا ہدایت سے بھٹکنا ہے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد پاک ہے: "ومن جاء بالسیئة فکبت وجوھھم

Marfat.com

فی النار" (النمل:۹۰) یعنی جو شخص بدی (کفر و شرک) لائے گا تو وہ لوگ اوندھے منہ آگ میں ڈال دیئے جائیں گے۔

## ۲۲۷۴۔ کتاب

خواب میں کتاب دیکھنا قوت کی علامت ہے، چنانچہ جو دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں کتاب ہے تو اسے قوت حاصل ہوگی، اور کتاب مشہور خبر ہے۔ اگر کتاب غلام (لڑکے) کے ہاتھ میں ہو تو یہ بشارت ہے، اگر عورت کے ہاتھ میں ہو تو وہ عورت دستخط کرتی ہے، جو اپنے ہاتھ میں لپیٹی ہوئی کتاب دیکھے تو وہ عنقریب فوت ہوگا، اگر اپنی کتاب اپنے دائیں ہاتھ میں دیکھے تو اگر اس کا کسی آدمی سے جھگڑا وغیرہ ہے تو وہ اس پر وضاحت لائے گا۔ اگر کسی عذاب میں گرفتار ہے تو اس سے نجات ہو جائے گی، اگر تنگدست پریشان حال ہے تو اسکے معاملات آسان ہوں گے، اگر اپنی کتاب بائیں ہاتھ میں دیکھے تو اسے اپنے کئے پر پشیمانی ہوگی، دائیں ہاتھ میں کتاب سال کی خوشحالی ہے، کافر اگر اپنے ہاتھ میں مصحف شریف یا عربی کتاب دیکھے تو وہ رسوا ہوگا اور فکر وغم یا مصیبت میں مبتلا ہوگا، جو دیکھے کہ اس نے کتاب کو پھاڑا ہے تو اس کی پریشانیاں دور ہوں گی، فتنوں اور شرور سے خلاصی ہوگی اور خیر حاصل ہوگی، اسی طرح اگر مومن اپنے ہاتھ میں فارسی کتاب دیکھے تو وہ ذلت و مصیبت سے دوچار ہوگا، جو دیکھے کہ اس کے پاس مہر شدہ کتاب آئی ہے تو وہ بادشاہ کی اطاعت و فرمانبرداری کرے گا، اور اسے خیر اور ریاست و حکومت حاصل ہوگی جس میں ہر قریب و بعید اسکی اطاعت کرے گا، اگر صاحب خواب نے کسی عورت کو پیغامِ نکاح دیا ہے تو اس میں کامیابی ہوگی، جو سفید رنگ کی کتاب دیکھے اور اس میں کچھ لکھا ہوا نہ ہو اور کسی غائب شخص سے آیا ہے تو وہ شخص لاپتہ ہوگا، کتاب کبھی مانوس دوست کی دلیل ہوتی ہے، اور کبھی کتاب کشادہ حالی اور بیماریوں سے برأت کی علامت ہوتی ہے، اگر کتاب میں لکھی ہوئی عبارت مجہول ہو تو یہ صنعت میں دھوکہ بازی یا مجہول بچہ یا عمر رسیدہ عورت کی دلیل ہے۔

## ۲۲۷۵۔ الکُتّاب (مکتب): دیکھئے المدرسة (مدرسہ)۔

## ۲۲۷۶۔ الکتابة (لکھائی)

خواب میں لکھائی حیلہ بازی اور لکھنے والا حیلہ باز ہے، اگر دیکھے کہ اس کا خط (لکھائی) اچھا نہیں ہے برا ہے تو وہ توبہ کرے گا، جو دیکھے کہ وہ کسی صحیفہ پر لکھتا ہے تو وہ وارث ہوگا، اگر کاغذ پر لکھتا ہے تو وہ اپنے اور لوگوں کے مابین معاملہ سے انکاری ہے، ابن سیرین رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ جو دیکھے کہ وہ کچھ لکھتا ہے تو اسے حرام مال حاصل ہوگا اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: "فویل لهم مما کتبت ایدیهم وویل لهم مما یکسبون" (البقرة:۷۹) یعنی پس ان کے لئے بڑی خرابی ہوگی اس کی بدولت جس کو ان کے ہاتھوں نے لکھا تھا اور بڑی خرابی ہوگی ان کو اس کی بدولت (بھی) جس کو وہ وصول کر لیا کرتے تھے۔ اور جو شخص دیکھے کہ اس کی قمیض پر قرآن کی کوئی آیت لکھی ہوئی ہے تو وہ قرآن پر عمل پیرا شخص ہے، اگر قمیض پر تحریر لکھی ہوئی ہے تو اسے سینگی کھنچوانے کا کہا جائے گا، اگر اس پر کچھ لکھا گیا ہے مگر اسے معلوم نہیں ہے کہ اس

Marfat.com

میں کیا ہے تو اللہ تعالیٰ نے اس پر کوئی امر فرض کیا ہے مگر وہ اس کی ادائیگی میں سستی کرتا ہے، اور جو دیکھے کہ وہ کچھ لکھتا ہے تو وہ بیمار ہوگا اور اس کے مال میں کچھ کمی نہیں آئے گی، اور جو دیکھے کہ وہ کتابت سیکھتا ہے اور وہ شخص خوش نہیں تھا تو خوف وتعب سے ایک امر مستحسن حاصل ہوگا، اور اگر سیکھتا ہے اور وہ خوشخط ہے مگر خواب میں خوشخطی نہیں ہو رہی ہے تو یہ برا ہے کیونکہ یہ خواب خوف وتعب اور تعطیل (بیکار رہنا) کی دلیل ہے۔

## ۲۲۷۷۔ الکتان (کتان)

جوخواب میں دیکھے کہ اس نے کتان کی قمیض پہنی ہے تو اسے اچھی حلال معیشت حاصل ہوگی جس میں سے کچھ مال ذخیرہ کرے گا۔

## ۲۲۷۸۔ الکتانی (کتان فروش)

خواب میں اسکو دیکھنا ذلت اور عورتوں کی آزمائش میں پڑنے کی دلیل ہے، یا پھر تکالیف وفکرات اور تعب و مشقت کی دلیل ہے۔

## ۲۲۷۹۔ الکتبی (کتب فروش)

خواب میں کتب فروش (بک سیلر) دیکھنا فکرات کے دور ہونے، مشکلات کے حل ہونے، عجیب واقعات، غیر شادی شدہ کی شادی، فاسق کی توبہ اور کافر کے اسلام لانے کی دلیل ہے۔

## ۲۲۸۰۔ الکتف (کندھا)

خواب میں کندھا عورت ہے، بعض کہتے ہیں کہ دو کندھوں کی تفسیر قوت سے کی جاتی ہے، لہٰذا ان میں جو نقص و زیادتی پیدا ہو تو اس کی نسبت انسان کی قوت یا اس کی بیوی کی طرف ہوگی، خواب میں جو شخص اپنے کندھے کو دیکھنے کا ارادہ کرے مگر دیکھ نہ سکے تو وہ آنکھوں سے کانا ہوگا، جو اپنے کندھے پر بڑا بھاری بوجھ دیکھے جس کی وہ طاقت نہیں رکھتا ہے تو یہ معاصی اور گناہوں کا بوجھ ہے۔

## ۲۲۸۱۔ الکتمان (راز چھپانا)

خواب میں کوئی راز چھپانا علم کی اہلیت رکھنے والوں سے علم چھپانے کی دلیل ہے، راز کا چھپانا شریف الاصل ہونے کی دلیل ہے۔

## ۲۲۸۲۔ الکثرۃ (کثرت)

جو شخص خواب میں ہجوم کی کثرت اور شدت دیکھے اس کی جماعت کثیر ہوگی اور مرتبہ وسلطنت میں اضافہ ہوگا اور

Marfat.com

نام بلند ہوگا، اگر وہ تاجر ہے تو اس سے معاملہ کرنے والے زیادہ ہوں گے، اگر داعی ہو تو اس کے قبول کرنے والے کثرت سے ہوں گے۔

## ۲۲۸۳۔ الکحّال (آنکھ کا معالج)

دین کی اصلاح ودرستگی کرنے والا آدمی ہے، اللہ تعالیٰ اس کے ہاتھوں گمراہی سے ہدایت دیں گے اور وہ احباب میں اتفاق پیدا کرتا ہے۔ آنکھ کا معالج علم، انجام کار پر گہری نظر اور معاملات میں ہوشیاری و عقلمندی کی دلیل ہے۔ آنکھ کا معالج غوطہ زن اور غوطہ خور، کنوئیں بنانے والا، پانی کے چشمے درست کرنے والا اور سکّے پرکھنے والا آدمی ہے، آنکھ کا معالج نصیحت و خیر خواہی کرنے والے کی دلیل ہے اس شخص کے لئے جو اس سے مشورہ طلب کرے اور وہ اس کے سامنے رشد و ہدایت کی راہ واضح کر دے اور گمراہی سے دور رکھے، اور سرمہ فروش واقعات بیان کرنے والا شخص ہے۔

## ۲۲۸۴۔ الکحل (سرمہ لگانا)

خواب میں سرمہ لگانا مال وزیادتی ہے جو صلاح کی راہ کھولتی ہے، اور جو دیکھے کہ سرمہ اس کو اس کے ہاتھ میں دیا گیا ہے تو قلیل یا کثیر مال حاصل ہوگا، سیاہ فام آدمی اگر اس کو سرمہ لگائے تو یہ اچھا نہیں ہے، جو شخص دیکھے کہ وہ سرمہ لگانے کے لئے سرمہ لایا ہے تو وہ اپنے دین کی اصلاح کرتا ہے، اگر وہ کمزور نگاہ ہے تو یہ اس کی شفاء ہے، جو دیکھے کہ اس نے اثمد سرمہ لگایا ہے تو وہ دو عورتیں جمع کرے گا، اگر دیکھے کہ کسی شخص نے اس کو سرمہ لگا کر اسکو اندھا کر دیا ہے تو وہ اس کا کچھ مال حیلہ ومکر سے لے گا، کنواری اگر سرمہ لگائے تو اس کی شادی ہوگی، بیوہ کی بھی یہی تعبیر ہے، خون اور راکھ کو آنکھ میں لگانا فسق و فجور اور باطل نکاح ہے۔

## ۲۲۸۵۔ الکد (سخت محنت کرنا)

خواب میں سخت محنت وکوشش کرنا راحت وسکون کی دلیل ہے لہٰذا جو شخص دیکھے کہ سخت کام کرتا ہے تو اسے راحت حاصل ہوگی، محنت وکوشش متولی بننے کے لئے حیلہ سازی کرنے اور لوگوں کے مال ناجائز طریقہ سے کھانے کی دلیل ہے (لیکن یہ تعبیر اس وقت ہے) جب کہ صاحب خواب مالدار ہو، لیکن اگر وہ فقیر ہو تو یہ خرچے میں تنگی کرنے اور پاکدامنی کی دلیل ہے، سخت محنت وکاوش کسی پرخطر کام میں پڑنے کی بھی دلیل ہے۔

## ۲۲۸۶۔ الکواشی (راستوں سے کاغذ وغیرہ جمع کرنے والا)

خواب میں اسکو دیکھنا حلال وحرام مال جمع کرنے کی دلیل ہے۔

Marfat.com

## ۲۲۸۷۔ الکدیش (غیر اصیل گھوڑا): دیکھئے الخیل (گھوڑا)۔

## ۲۲۸۸۔ الکدح (بہت محنت کرنا): دیکھئے الکدّ (سخت محنت کرنا)۔

## ۲۲۸۹۔ الکذب (جھوٹ بولنا)

خواب میں جھوٹ بولنا جھوٹی گواہی، افترا پردازی اور ناکامی کی دلیل ہے، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: "ان الذین یفترون علی اللّٰہ الکذب لا یفلحون" (النحل:۱۱۶) یعنی بلاشبہ جو لوگ اللہ پر جھوٹ لگاتے ہیں وہ فلاح نہ پائیں گے۔ جھوٹ بیہودہ گوئی کی بھی دلیل ہے، اس کی غلطیاں اس کی درستگیوں سے زیادہ ہیں، جو شخص دیکھے کہ وہ اللہ تعالیٰ پر جھوٹ باندھتا ہے تو وہ عقل نہیں رکھتا ہے، کیونکہ فرمانِ باری تعالیٰ ہے: "یفترون علی اللّٰہ الکذب و اکثرھم لا یعقلون" (المائدہ:۱۰۳) یعنی وہ اللہ تعالیٰ پر جھوٹ لگاتے ہیں اور اکثر کافر عقل نہیں رکھتے۔

## ۲۲۹۰۔ الکرّ (حملہ کرنا)

کر کا لفظ فر کے مقابلہ میں استعمال ہوتا ہے۔ اگر کوئی انسان خواب میں اپنے دشمن پر بھاگنے کے بعد دوبارہ حملہ کرے تو یہ دشمن پر غالب آنے یا دل میں آنے جانے والے وساوس و خطرات ہیں، یا پھر حملہ کرنا ندامت، توبہ اور اچھائی کی طرف مراجعت کرنے کی دلیل ہے۔

## ۲۲۹۱۔ الکرّاث (گندنا)(۱)

خواب میں گندنا بہرے آدمی سے حاصل شدہ مال ہے، بعض کہتے ہیں کہ جو یہ کھائے وہ ناجائز حرام اور قبیح مال کھائے گا جیسے چوری اور ظلم کا مال، اگر گندنا پکا ہوا کھایا ہے تو وہ توبہ کرے گا اور مالِ حرام سے رجوع کرے گا، جس نے گندنا حاصل کیا تو وہ کوئی بات کرے گا جس پر اسے ندامت ہوگی۔

## ۲۲۹۲۔ الکرّاسۃ (کاپی): دیکھئے الدفتر (رجسٹر)۔

## ۲۲۹۳۔ الکراع (پائے)

خواب میں پائے یتیم کا مال ہے لہٰذا جو دیکھے کہ پائے میں جو کچھ ہے اسے چوسا ہے تو وہ یتیم کا مال کھاتا ہے، بعض کہتے ہیں کہ پائے کھانا شریف اور معزز لوگوں کا مال کھانا ہے۔

## ۲۲۹۴۔ الکراھیۃ (نفرت): دیکھو البغض (بغض و نفرت کرنا)۔

---

(۱) گندنا ایک بدبودار قسم کی ترکاری جس کی بعض قسمیں پیاز لہسن کے مشابہ ہوتی ہیں۔

Marfat.com

## ۲۲۹۵۔ الکراویا (زیرہ)

خواب میں زیرہ مال ہے جس سے دیگر اموال حلال و پاکیزہ ہوتے ہیں۔

## ۲۲۹۶۔ الکرب (رنج وغم)

خواب میں جو شخص خود کو مغموم اور رنجیدہ دیکھے تو اس نے کوئی گناہ کیا ہے جس پر وہ نادم ہے، جو دیکھے کہ اس کا رنج وغم دور ہو گیا ہے تو وہ اپنے گناہ سے توبہ تائب ہوگا۔

## ۲۲۹۷۔ الکرباج (کوڑا): دیکھئے السوط (کوڑا)۔

## ۲۲۹۸۔ کرسی

خواب میں کرسی سلطان سے حاصل ہونے والی رفعت و بلندی ہے، اگر کرسی لوہے کی ہے تو یہ قوت و کامیابی ہے، اگر لکڑی کی ہے تو یہ اس سے کم درجہ کی قوت وغیرہ ہے لیکن نفاق بھی، جو دیکھے کہ وہ کرسی پر بیٹھا ہے تو وہ وصی یا وکیل ہوگا اور اسے رفعت حاصل ہوگی۔ اگر کوئی غائب ہو تو اپنے گھر لوٹ آئے گا، اور کرسی منصب داروں کے لئے رفعت و بلندی، اولاد و ازواج اور بڑے مکانات کی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ اسے کرسی ملی ہے اور وہ اس پر بیٹھا ہے تو اس کی شادی ہوگی، بعض کہتے ہیں کہ اگر اس کے ہاں حاملہ عورت ہو تو بچہ جنے گی، بعض کہتے ہیں شہادت کی موت نصیب ہوگی، اور جو دیکھے کہ اسکی کرسی ٹوٹ گئی ہے تو یہ اس کی موت یا اس کی اہلیہ کی موت یا اس کی شان و شوکت ختم ہونے کی دلیل ہے۔ اور کرسی پر بیٹھنا سرور و خوشی اور مقام و مرتبہ کی دلیل ہے یا آخرت میں کامیابی پر دال ہے، مریض کے حق میں یہ خواب اچھا نہیں ہے، اور اہل علم کا اللہ تعالیٰ کی کرسی جو آسمانوں کے اوپر ہے خواب میں دیکھنا بلندیِ درجات اور اعلیٰ مناصب کی دلیل ہے، یا پھر حاملہ کے حق میں حمل کی شدت سے نجات و خلاصی کی دلیل ہے، کنوارے کے لئے یہ خواب شادی کی دلیل ہے اور شادی شدہ کے حق میں اولاد کی دلیل ہے، نیز سفر کی دلیل ہے، اور مریض کے حق میں موت کی چارپائی پر اس کو اٹھانے یا سواری کے جانور یا رہائشی مکان کی یا سنت کی پیروی کی دلیل ہے۔

## ۲۲۹۹۔ الکرفس (اجوائن)

خواب میں اجوائن سلطان سے حاصل شدہ مال ہے، اور وہ مالِ حلال ہے اس کا انجام اچھا ہے، اجوائن کفر کی بھی دلیل ہے کیونکہ یہ لفظ اس سے مشتق ہے، اجوئن رازوں کا انکشاف، ریاکاری اور اعمال کی بھی دلیل ہے۔

## ۲۳۰۰۔ الکرک (سمور کا کوٹ)

خواب میں سمور کا کوٹ دیکھنا لڑائی، دھوکہ بازی کی دلیل ہے، نیز اسکی حقارت و دناءت کی علامت ہے، یا پھر

Marfat.com

اپنے مال اور اولاد پر غلبہ کی دلیل ہے۔

## ۲۳۰۱۔ الکرکدن (گینڈا)

خواب میں گینڈا اعظیم بادشاہ ہے، چنانچہ جو دیکھے وہ گینڈی کا دودھ دوہتا ہے تو اسے عظیم بادشاہ سے مال ملے گا، جو دیکھے کہ وہ گینڈے پر سوار ہے تو وہ بادشاہ پر غالب آئے گا یا اس کے ساتھ غدر (دھوکہ) کرے گا۔

## ۲۳۰۲۔ الکرکی (سارس پرندہ)

خواب میں سارس(۱) (Crane) مسکین، ضعیف اور کمزور آدمی ہے اور جو دیکھے کہ اس نے سارس پرندہ پکڑا ہے اس کا بداخلاق قوم سے سسرالی رشتہ قائم ہوگا، سارس ایسے لوگوں کی دلیل ہے جو مشارکت اور اجتماعیت کو پسند کرتے ہیں، جو سارس کو دیکھے وہ دور کا سفر کرے گا، اور اگر مسافر ہو تو اپنے گھر صحیح سلامت واپس آئے گا، اگر دیکھے کہ سارس پرندہ شہر کے اردگرد اڑتا ہے تو اس سال شدید سردی اور سیلاب آئے گا، جس کے برداشت کی طاقت کوئی نہیں رکھ سکے گا، اگر سارس کا گوشت کھایا ہے تو چور سے یا خادم سے نفع حاصل ہوگا، اگر دیکھے کہ بہت سی سارس موسم سرما میں ایک جگہ جمع ہیں تو یہ چوروں، راہزنوں اور جنگجو دشمنوں کی دلیل ہے، اگر ان کو علیحدہ علیحدہ دیکھا ہے تو خیر کی دلیل ہے، جو سارس پر سوار ہوا ہو وہ محتاج ہوگا، جو دیکھے کہ اس کے پاس بہت زیادہ سارس ہیں تو اسے مال و ریاست حاصل ہوگی، سارس کا گوشت اور اس کے پر مسکین آدمی کا مال ہے، جو دیکھے کہ وہ سارسیں چراتا ہے تو وہ مسکین قوم کا متولی ہوگا، جو دیکھے کہ وہ سارس کا علاج کرتا ہے تو وہ مسکین آدمی کا علاج کرے گا، جو شخص دیکھے کہ وہ سارس (آبی پرندہ) کی آواز سنتا ہے تو جس پریشانی میں مبتلا ہے اس سے نکلے گا اور خیر حاصل ہوگی۔

## ۲۳۰۳۔ الکَرَم (سخاوت): دیکھئے الجود (سخاوت)

## ۲۳۰۴۔ الکرْم (انگور کی بیل)

خواب میں انگور کی بیل لگانا عز و شرف ہے، تمام درختوں کی یہی تعبیر ہے، انگور کی بیل کی تعبیر مالدار عورت سے بھی کی جاتی ہے، اور لٹکا ہوا خوشہ شریف کریم المزاج عورت ہے، اور بعض اہل تعبیر کہتے ہیں کہ انگور کی بیل کریم النفس آدمی ہے، جو انگور کی بیل سردیوں میں چڑھی ہوئی دیکھے تو اس کی تعبیر عورت ہے جس کا مال جاتا رہا ہے، جو انگور کی بیل اور اس کے پتے دیکھے تو وہ ایک قوم سے دین و طاعت کا نفع اٹھائے گا، انگور کا درخت اس شخص کے لئے خیر کی دلیل ہے جو شادی کا ارادہ رکھتا ہے کیونکہ انگور کی بیل باہم مخلط ہوتی ہے۔ انگور کی ٹٹی حسین مالدار نوکر چاکر والی عورت ہے، انگور کے باغ کی بھی یہی تعبیر ہے، جو انگور کی بیل دیکھے کہ اس کے سر کے اوپر اگی ہے تو اسکے سر میں پھوڑے زخم پیدا ہوں گے۔

---

(۱) سارس ایک آبی پرندہ ہے۔

Marfat.com

## ۲۳۰۵۔ الکرنب (بند گوبھی)

خواب میں بند گوبھی تندمزاج، سخت طبیعت دیہاتی آدمی ہے، جو شخص خواب میں اپنے ہاتھ کے اندر بند گوبھی دیکھے تو وہ کسی شے کی تلاش میں ہے جو اس کو حاصل ہونے سے رہی، بند گوبھی ہر طرح کے شخص کے لئے (تعبیر کے اعتبار سے) بُری ہے، خصوصاً عوام اور انگوروں کی دیکھ بھال کرنے والوں کے لئے، کرنب (بند گوبھی) کرب و بلا کی دلیل ہے۔

## ۲۳۰۶۔ الکرۃ (گیند)

خواب میں گیند مخاصمت (جھگڑے) اور اس دنیا کی دلیل ہے جسے ایک قوم ترک کر دے اور دوسری طلب کرے، گیند وغیرہ سفر اور نقلِ مکانی کی دلیل ہے، گیند آدمی کی دلیل ہے، لہٰذا اگر گیند چمڑے کی ہے تو وہ آدمی رئیس یا عالم ہے، گیند کے ساتھ کھیلنا مخاصمت کی دلیل ہے، اس لئے کہ گیند کے کھیل میں جب بھی اسے پکڑا جاتا ہے تو اسے زمین پر مارا جاتا ہے۔

## ۲۳۰۷۔ الکزبرۃ (دھنیا)

خواب میں دھنیا دین و دنیا میں نافع شخص ہے، خشک دھنیا ایسی چیز ہے جس سے اموال درست ہوتے ہیں، بعض کہتے ہیں کہ سبز اور خشک دھنیا (تعبیر میں) برابر ہیں۔

## ۲۳۰۸۔ الکساء (چادر)

چادر کا سردیوں میں دیکھنا گرمیوں سے زیادہ بہتر ہے، جو دیکھے کہ اس نے چادر اوڑھی ہے جب کہ چادر اوڑھنا اس کی عادت نہیں ہے تو وہ محتاج ہوگا، چادر رئیس آدمی ہے، چادر تاجر، فقیہ عالم اور امام کے لئے اس حرفت (پیشہ) کی طرح ہے جو اس کے لئے فقر و احتیاج سے امان اور شدائد سے بچانے کی دلیل ہوتی ہے، جو اپنی چادر میں میل کچیل دیکھے تو وہ اپنی معیشت میں برا ہے۔ اور اس معیشت میں اس کی شان و وجاہت خراب ہوگی، اور جو گرمیوں میں کسی کو چادر پہنے دیکھے تو وہ متکبر و خود پسند ہے، اور وہ پریشان حال ہے، اس لئے کہ گرمیوں میں گرمی کی تعبیر فکر و غم ہوتی ہے۔ لباس اور چادروں کی تعبیر رنگوں، قسموں اور اصلیت کے اعتبار سے مختلف ہوتی ہے، اگر عورت اپنے بدن پر مرد کا لباس دیکھے تو یہ خواب اس کے لئے دین و دنیا دونوں کے لحاظ سے اچھا ہے۔ اگر لڑائی کا لباس ہو تو اس کی تاویل اس کا شوہر یا منتظم ہے، اور اگر مرد اپنے جسم پر عورت کا لباس دیکھے تو وہ فکر و غم، خوفِ شدید اور ذلت و رسوائی سے دوچار ہوگا۔

## ۲۳۰۹۔ الکسّاب (بہت کمانے والا): دیکھئے الکدّاش (بہت کمانے والا)۔

Marfat.com

## ۲۳۱۰۔ الکستبان (انگشتانہ)

خواب میں انگشتانہ رزق و اولاد و زوجہ یا غلام یا چوپایہ یا سفر ہے، انگشتانہ تنگی اور تکلیف یا جانور کرایہ پر دینے والے کی دلیل ہے۔ اگر انگشتانہ بے محل جگہ میں رکھا ہے (یا پہنا ہے) تو یہ ترکِ صلوٰۃ کی دلیل ہے، میت کی انگلی میں انگشتانہ دیکھنا اس بات کی دلیل ہے کہ وہ آگ میں ہے، کیونکہ فرمانِ ربُ العالمین ہے: "ولھم مقامع من حدید" (الحج:۲۱) یعنی اور ان کے لئے لوہے کے گرز ہوں گے۔

## ۲۳۱۱۔ الکستیج (کُستی)(۱)

خواب میں کستی ولد ہے جو شخص دیکھے کہ اس کے (جسم کے) وسط میں کستی باندھا ہوا ہے تو وہ پرہیزگار ہوگا اور اللہ تعالیٰ کے دین کی مدد کرے گا، اگر کستی نئے لباس کے ساتھ دیکھے تو اسے نیک لڑکا عطا ہوگا، اگر دیکھے کہ کستی ٹوٹ گیا ہے تو اس کا لڑکا فوت ہوگا، اگر کستی کپڑوں کے نیچے دیکھے تو یہ دین و دنیا کے فساد کی دلیل ہے۔

## ۲۳۱۲۔ الکسوف (سورج گہن)

جو شخص خواب میں دیکھے کہ سورج گہن ہوا ہے تو یہ بڑے بادشاہ کو کوئی حادثہ پیش آنے کی علامت ہے، اگر چاند گہن ہوا ہے تو وزیر کو حادثہ پیش آئے گا، بعض کہتے ہیں کہ سورج گہن بیوی یا والدہ کی موت ہے، جو بادلوں کو دیکھے کہ انہوں نے سورج کو ڈھانپ لیا ہے یہاں تک کہ سورج کی روشنی جاتی رہی ہے تو بادشاہ بیمار ہوگا۔ اگر سورج کو دیکھے کہ وہ بادلوں میں حرکت کر رہا ہے اور اس سے باہر نہیں آتا تو وہ فوت ہوگا۔ سورج علماء میں سے ایک عالم ہے، بعض کہتے ہیں کہ جو دیکھے کہ بادلوں نے سورج کو چھپا دیا ہے تو بادشاہ کی ولایت وحکومت رعایا پر ظلم کرنے کی وجہ سے ساقط (ختم) ہوگی۔

## ۲۳۱۳۔ الکسوۃ (لباس): دیکھئے الکساء (چادر)۔

## ۲۳۱۴۔ الکشتبان (انگشتانہ): دیکھئے الکستبان (انگشتانہ)۔

## ۲۳۱۵۔ کشط الجلد (کھال اتارنا): دیکھئے السلخ (کھال اتارنا)۔

## ۲۳۱۶۔ الکشک (آشجو)(۲)

خواب میں آشجو اور ہر سفید رنگ کا کھانا رزق کی دلیل ہے سوائے ہریسہ (گھی اور شکر کا بنایا ہوا حلوا) اور عصیدہ (گھی اور آٹا ملا کر بنایا ہوا کھانا) کے، کیونکہ یہ دونوں طعام غم وفکر کی علامت ہیں، بعض کہتے ہیں کہ آشجو معمولی تکلیف کے اٹھانے کے ساتھ رزق کے حصول کی دلیل ہے، اور آشجو کے ثرید میں اگر چکناہٹ ہو تو کثیر النفع تجارت ہے۔

(۱) کُستی: موٹا دھاگہ جسے ذمی کپڑوں کے اوپر زنار کے نیچے باندھتے ہیں۔ (۲) آشجو: دودھ اور آٹے وغیرہ کا آمیزہ۔

Marfat.com

## ۲۳۱۷۔ کظم الغیظ (غصہ پی جانا)

خواب میں غصہ کو ضبط کرنا اچھی تعریف اور ہر ایک کے ساتھ حسنِ سلوک کی دلیل ہے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: "والکاظمین الغیظ والعافین عن الناس واللہ یحب المحسنین" (آل عمران: ۱۳۴) یعنی غصہ پینے والے ہیں لوگوں سے درگزر کرنے والے ہیں اور اللہ تعالیٰ نیکی کرنے والوں کو پسند کرتے ہیں۔

## ۲۳۱۸۔ الکعب (ٹخنہ)

خواب میں ٹخنہ جوئے باز لڑکا ہے، بعض کہتے ہیں کہ جو دیکھے کہ اس کا ٹخنہ ٹوٹ گیا ہے تو وہ وفات پائے گا یا وہ غم و مصیبت و بلاء یا شدت و آزمائش میں مبتلا ہوگا، جو دیکھے کہ اس کا ٹخنہ اور ایڑی کا پٹھا پست ہے تو اسے شجاعت و قوت اور جرات حاصل ہوگی، غیر شادی شدہ کے لئے ٹخنہ شادی کی دلیل ہے، اور ٹخنوں سے کھیلنا بے بنیاد کلام ہے، مریض اگر دیکھے کہ اس کا ٹخنہ ٹوٹ گیا ہے تو وہ وفات پائے گا، انسان کا ٹخنہ اس کا مال ہے، ٹخنہ کا زوال مال کا زوال ہے، جو اپنے ٹخنہ کو خوبصورت دیکھے تو یہ اس کے ارادہ کے بارے میں نیک اور مبارک فال ہے جیسے شادی، خریداری یا خادم یا چوپایہ کا ارادہ، جو شخص اپنے پاس ٹخنہ دیکھے تو وہ متعدد کنواریوں سے شادی کرے گا، کیونکہ فرمانِ الٰہی ہے: "انّ للمتقین مفازًا حدائق و أعنابا و کواعب أترابًا" (النباء: ۳۳) یعنی خدا سے ڈرنے والوں کے لئے بیشک کامیابی ہے، باغ اور انگور ہیں اور نوخواستہ ہم عمر۔

## ۲۳۱۹۔ کعبہ معظّمہ

خواب میں کعبہ شریف خلیفہ یا وزیر یا رئیس ہے، یا پھر اس کا دیکھنا اس میں داخل ہونے کی دلیل ہے، جو شخص کعبہ شریف دیکھے تو یہ ایک خیرِ مقدم یا مؤخر کی دلیل و اشارہ ہے، اگر دیکھے کہ وہ کعبہ معظّمہ کے اندر نماز پڑھتا ہے تو وہ دشمنوں سے مامون ہوگا اور اسے خیر حاصل ہوگی، اگر بیت العتیق میں داخل ہوا ہے تو وہ خلیفہ کے پاس آئے گا اور اگر بیت العتیق سے کچھ لیا ہے تو اس خلیفہ سے کچھ لے گا، اگر کعبہ کی دیواروں میں سے کوئی دیوار گری ہوئی دیکھے تو یہ خلیفہ کی موت کی دلیل ہے۔ کعبہ کی طرف دیکھنا خوف سے امن پانے کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ اس نے کعبہ سے انار چورایا ہے تو وہ محرم عورت کے پاس آئے گا، اگر دیکھے کہ وہ مکہ میں مردوں کے درمیان ہے جو اس سے سوال کرتے ہیں تو وہ شہادت کی موت مرے گا، اگر دیکھے کہ اس نے کعبہ میں حدث (بے وضوگی) کی ہے تو ایک بڑے امام کو مصیبت پیش آئے گی، اگر دیکھے کہ کعبہ اس کے گھر کے اندر ہے تو وہ ہمیشہ ذی سلطان اور لوگوں میں شہرت یافتہ رہے گا، جو دیکھے کہ وہ کعبہ شریف کے اوپر نماز پڑھتا ہے تو وہ دین سے مرتد ہوگا، جو دیکھے کہ وہ کعبہ کے راستہ سے بھٹکتا ہے تو وہ سنّتِ رسول کی مخالفت کرتا ہے، جو دیکھے کعبہ شریف (نعوذ باللہ) ویران ہوا ہے تو وہ نماز کا تارک ہے جو کعبہ شریف میں کوئی کمی یا زیادتی یا اپنی جگہ سے تبدیلی یا اس کی حالت میں تغیر دیکھے تو یہ دراصل امام کے متعلق اشارہ ہے، جو دیکھے اس نے کعبہ کا طواف کیا ہے یا حج کا کوئی رکن یا فعل ادا کیا ہے تو یہ

Marfat.com

اس کے دین کی صلاح و درستگی کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ اس کا رخ کعبہ کی جانب ہے تو وہ دین و دنیا کی اصلاح پر متوجہ ہے، کعبہ معظمہ مسجد اور جامع پر دلیل بھی ہے کیونکہ کعبہ اللہ کا گھر ہے، اگر دیکھے کہ کعبہ اس کا گھر بن گیا ہے لوگ اس کے پاس دوڑے آتے ہیں اور اسکے در پر ہجوم لگاتے ہیں تو اسے سلطنت یا علم حاصل ہوگا جسے وہ سکھائے گا یا اپنے علم پر عمل کرے گا، اگر یہ خواب دیکھنے والا غلام ہے تو اس کا آقا اس کو آزاد کرے گا، جو دیکھے کہ وہ کعبہ کے اردگرد طواف کرتا ہے یا کعبہ کے افعال میں سے کوئی فعل کرتا ہے تو وہ سلطان یا عالم یا عابد یا والد یا والدہ یا آقا کی دل و جان سے خدمت کرے گا۔

## ۲۳۲۰۔ الکعک (کیک)

خواب میں کیک سفر ہے، اور اس شخص کے پاس جانا جو کیک نہ کھا سکتا ہو فکر و غم اور شدت (سختی) کی دلیل ہے، اور جو کسی خیر یا شر میں ہو تو اسی کی طرف لوٹے گا، کیونکہ کیک کا اول حصہ آخری حصہ کی طرح ہوتا ہے۔

## ۲۳۲۱۔ الکعکی (کیک بنانے والا)

خواب میں اس کو دیکھنا اسفار، مال جمع کرنے اور شرور و فسادات کی دلیل ہے۔

## ۲۳۲۲۔ الکفاح (مقابلہ کرنا): دیکھئے الجہاد (جہاد)۔

## ۲۳۲۳۔ الکفّارۃ (کفارہ دینا)

خواب میں کفارہ دینا قضائے دین ہے جیسے روزہ، حج، آزادی، صدقہ یا واجب الذمہ مال، یا پھر جرمانہ کی دلیل ہے کیونکہ کفارہ میں طعام و لباس کا دینا ہوتا ہے۔

## ۲۳۲۴۔ الکفالۃ (کفالت)

جو شخص خواب میں کسی آدمی کی کفالت کرے تو یہ خواب رزق اور دشمنانِ خدا کے خلاف نصرت و مدد حاصل ہونے کی دلیل ہے، کفالت و ذمہ داری مطلقاً امور میں ثابت قدمی کی دلیل ہے خواہ وہ کفالت کرنے والا ہو یا جس کی کفالت کی گئی ہو (کوئی بھی ہو)، جو کسی انسان کو دیکھے کہ وہ اس کی کفالت کرتا ہے تو اسے اچھا رزق ملے گا۔

## ۲۳۲۵۔ کفر

خواب میں کفر مالداری یا ایسا مرض ہے جس سے مریض نہ نجات حاصل کرے گا اور نہ ہی اس کو کوئی دوا نفع دے گی، اور کفر ظلم کی علامت ہے بعض کہتے ہیں کہ کفر حق کا انکار ہے، اللہ تعالیٰ نے فرمایا: "قتل الانسان ما أکفرہ" (عبس: ۱۷) یعنی انسان پر خدا کی مار کہ وہ کیسا ناشکرا ہے۔ اکفرہ کا ایک معنی ہے انکار کیا، کفر مریضوں کا قریب الہلاکت ہونے کے بعد امراض سے عافیت پانے کی بھی دلیل ہے، نیز کفر دینی فتنہ اور جان کے قتل کی دلیل ہے۔

Marfat.com

## ۲۳۲۶۔ الکف عن الشر (برائی سے باز آنا)

خواب میں برائی سے رکنا اور باز آنا احکامِ الٰہی کو تسلیم کرنے اور دشمنوں کے خلاف نصرت حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

## ۲۳۲۷۔ ذوالکفل علیہ السلام

خواب میں ان کا دیکھنا کفالت اور امانت داری کی دلیل ہے۔

## ۲۳۲۸۔ کفن

خواب میں کفن ستر کا چھپانا ہے، یا کنوارے کی شادی کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ وہ کفن پہنتا ہے تو وہ زنا کی طرف مائل ہے اور اگر اس نے اپنا سر اور پاؤں نہیں ڈھانکے ہیں تو یہ فسادِ دین کی دلیل ہے، اگر میت پر کفن کم ہو تو یہ توبہ کے قریب ہونے کی دلیل ہے۔

## ۲۳۲۹۔ کف الید (ہتھیلی)

خواب میں ہتھیلی آدمی کی قوت ہے اور ہتھیلی کا کھولنا دنیا کی وسعت کی دلیل ہے اور ہتھیلی کا بند کرنا دنیا کی تنگی کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ اس کی ہتھیلی پر بال اگے ہیں تو وہ غم و قرض میں مبتلا ہوگا، بعض کہتے ہیں کہ وہ مال ہے جو اس کے ہاتھ سے چھوٹے گا، اگر ہتھیلی کے اوپر والے حصہ پر بال اُگے ہوں تو اس کی حالت قوی ہوگی یا اس کا مال جاتا رہے گا، جو اپنی ہتھیلی کو لٹکا ہوا دیکھے اور وہ شخص سلطان سے تعلق رکھتا ہے تو اسے خیر و منفعت حاصل ہوگی، اگر شکاری ہے تو بہت سے شکار حاصل ہوں گے، اگر زمین جائیداد والا ہے تو نفع ہوگا، جو دیکھے کہ اس کی ہتھیلی چھوٹی ہے تو وہ خود کمزور و بزدل ہوگا، اور ہتھیلی کاموں سے باز رہنے کی دلیل ہے، خوفزدہ کا ہتھیلی دیکھنا خوف کے دور ہونے کی دلیل ہے، جو اپنی ہتھیلی کو کشادہ اور خوبصورت دیکھے تو یہ وسعتِ رزق اور اس کے سخی ہونے کی دلیل ہے، اگر ہتھیلی کو بند شدہ دیکھے تو یہ اس کے بخل اور قلتِ خیر کی دلیل ہے، ہتھیلی کا خوبصورت ہونا شر اور برائی سے باز رہنے اور اللہ تعالیٰ کی نافرمانی نہ کرنے یا صدقہ سے باز آنے کی دلیل ہے، اور ہتھیلی کا حسین ہونا قبولیت دعا کی بھی دلیل ہے، ہتھیلی راحت ہے یعنی تعب و مشقت سے راحت و سکون یا دوسرے کے لئے راحت پیدا کرنا، بعض کہتے ہیں کہ ہتھیلی کا دیکھنا چھ وجوہ پر محمول ہے۔ زندگی، مال، ریاست، ولد، شجاعت اور حرام سے دوری۔

## ۲۳۳۰۔ الکل (تھکنا)

خواب میں زبان اگر مدح یا مذمت سے تھک گئی ہو اور موقع مقدمہ کا ہو تو حجت میں قاصر ہوگا اور خصومت میں مغلوب ہوگا، ورنہ فقیر اور لوگوں پر بوجھ بنے گا، یا اہل کلالہ (جو شخص مرنے کے بعد اپنے پیچھے نہ باپ چھوڑے اور نہ اولاد) میں سے ہوگا اسکی اولاد نہیں ہوگی۔

Marfat.com

## ۲۳۳۱۔ الکلام (کلام کرنا)

خواب میں انسان اگر مختلف زبانوں میں کلام کرے تو۔ اس بات کی دلیل ہے کہ وہ بڑا بادشاہ بنے گا، قصہ سلیمان علیہ السلام اس کی دلیل ہے، پرندوں کا صاحب خواب سے کلام کرنا بھی اس کی دلیل ہے کہ اسے عظیم بادشاہت حاصل ہوگی اور علم و فقہ بھی، تمام پرندوں کا کلام کرنا اچھا اور عمدہ ہے، لہٰذا جو دیکھے کہ پرندے نے اس سے کلام کیا ہے تو اس کی شان بلند ہوگی، اور جو دیکھے کہ سانپ نے اس سے عمدہ کلام کیا ہے تو اسے دشمن سے سرور وخوشی ملے گی، اور جو دیکھے کہ کسی چوپائے نے اس سے کلام کیا ہے تو وہ فوت ہوگا، کیونکہ فرمانِ الٰہی ہے: "واذا وقع القول علیهم أخرجنا لهم دابة من الأرض تکلمهم" (النمل:۸۲) یعنی جب وعدہ (قیامت کا) ان پر پورا ہونے کو ہوگا تو ہم ان کے لئے ایک جانور نکالیں گے کہ وہ ان سے باتیں کرے گا۔ اور جو یہ دیکھے کہ اس کے سر یا ناک نے باتیں کی ہیں تو ان اعضاء کی طرف منسوب چیز کو احتیاج اعضاء یا شدید مصیبت سے دوچار ہوں گے، اگر درخت نے اس سے باتیں کی ہیں تو اسے ایسی چیز حاصل ہوگی جس سے لوگ متعجب ہوں گے، خواب میں بچہ کا باتیں کرنا ہر اعتبار سے کلامِ حق کی دلیل ہے، کبھی بچہ کا کلام سننا خطرہ میں پڑنے کی دلیل ہوتی ہے، جمادات کا کلام کرنا صلح یا موعظت ہے، حیوانات کا کلام کرنا عذاب وغضب ہے، درختوں کا کلام کرنا بلندیٔ شان کی دلیل ہے، مُردوں کا کلام کرنا فتنہ ہے، جوارح و اعضاء کا کلام کرنا اہل کی طرف سے تکلیف کی دلیل ہے، نیز گناہ کے ارتکاب کی دلیل ہے، کسی بھی چیز کا کلام کرنا اگر کتاب اللہ یا سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مطابق ہو یا عقل کے خلاف نہ ہو تو وہ مقبول ہوگا اور کلامِ حق واجب الاتباع اور خیر کا باعث ہوگا، اور جو کلام کتاب اللہ یا سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف ہو تو وہ ممنوع الاتباع ہے اس سے اجتناب واجب ہے، اگر خواب میں اس کا کوئی عضو اس سے کلام کرے تو یہ اہل و اولاد یا عزیز و اقارب کے ساتھ خیر خواہی ہے جس کا کرنا ضروری ہے کیونکہ یہ لوگ قیامت کے روز عنداللہ گواہ ہوں گے اگر ان کے ساتھ خیر خواہی نہ کی گئی ہوگی، دیواروں کا کلام کرنا جدائیگی پر ڈرانے اور آثار سے انس رکھنے کی دلیل ہے اس لئے کہ مومن اس سے انس رکھتا ہے، درختوں کا کلام کرنا مشاجرت (مخالفت) کی دلیل ہے، خواب میں دشمن کا کلام کرنا ترکِ تعلق کی مدت کا ختم ہونا ہے اور دونوں میں سے جو کلام میں پہل کرنے والا ہو وہ مسبوق (جس سے پہلے کلام کیا گیا ہو) ہے، خواب میں اللہ تعالیٰ کا بندے سے کلام کرنا خصوصاً قیامت کے دن رفعِ درجات، قربِ والی ومتولی، نیک اعمال اور حسنِ سیرت کی دلیل ہے، نیز بادشاہ کے اپنی رعایا پر انعام واکرام کے ساتھ التفات وتوجہ کرنے کی دلیل ہے، اگر صاحب خواب درویشوں میں سے ہو تو وہ دنیا سے بے توجہی اور آخرت پر توجہ دے گا۔

## ۲۳۳۲۔ الکلأ (گھاس): دیکھئے الحشیش (گھاس)۔

## ۲۳۳۳۔ الکلب (کتا)

خواب میں کتا بے وقوف آدمی ہے، خواب میں اگر کتا بھونکتا ہے تو وہ خبیث الطبیعت اور بے عقل آدمی ہے، جو کتے کو

Marfat.com

دیکھے کہ اس نے اس کو کاٹا ہے تو اسے دشمن سے ضرر پہنچے گا، جو دیکھے کہ کتے نے اس کے کپڑے پھاڑ دیئے ہیں تو کوئی بے وقوف اس کی غیبت کرے گا۔ اگر اس کے بھونکنے کی آواز کو نہیں سنا ہے تو وہ دشمن ہے، اور کتیا کمینی عورت ہے، اور کتے کا پلا محبوب ولد ہے، اگر وہ پلا سفید رنگ کا ہو تو وہ ولد مؤمن ہے اگر سیاہ رنگ کا ہو تو وہ اپنے گھر کے افراد کا سردار ہوگا، بعض کہتے ہیں کہ کتے کا پلا لقیط (یافتہ بچہ) ہے جس کی بے وقوف شخص پرورش کرتا ہے، چرواہے کا کتا فائدہ ہے، گھر کا کتا ظالم دشمن ہے، سلوقی (گاؤں کا نام) کتا صاحب خواب کی سلطنت کی صلاحیت کی دلیل ہے، اور چینی کتا اس پر دال ہے کہ صاحب خواب عجمیوں سے میل ملاپ رکھتا ہے، جو دیکھے کہ اس نے کتا پکڑا ہے تو وہ خدام میں سے کسی آدمی سے صحبت رکھے گا، اگر دیکھے کہ کتے نے اس کو کاٹا ہے تو اسے مصیبت یا دوست یا خادم سے اذیت و شدت پہنچے گی۔ اگر دیکھے کہ وہ کتوں کے ساتھ شکار کرتا ہے تو اس کی خواہش پوری ہوگی، اگر دیکھے کہ وہ کتوں کو قتل کرتا ہے تو اسے دشمن پر غلبہ و کامیابی حاصل ہوگی۔ اور شکار کا کتا ہر طرح کے آدمی کے لئے خیر کی دلیل ہے، اگر شکاری کتے کو شکار سے واپس آتے دیکھے تو یہ خوف و گھبراہٹ کے دور ہونے اور بے کار ہونے کی دلیل ہے، اگر بھونکنے والی کتیا دیکھے تو یہ مضرت کی دلیل ہے اور کلب (کتا) بخار کی دلیل ہے کیونکہ شعری یمانیہ (ستارۃ) جسے کلب بھی کہتے ہیں وہ بخاروں کا سبب ہوتا ہے، اور ہر جنس کے کتے دیکھنا ذلیل قوم کی دلیل ہے، کھیل اور لڑانے والے کتے کشادگی اور لذت کی دلیل ہے، اور اود بلاؤ ناتمام کام اور جھوٹی امید کی دلیل ہے، اور جو دیکھے اس کی صورت کتے جیسی ہوگئی ہے تو اللہ تعالیٰ نے اس کو ایک علم سکھایا تھا لیکن اس نے تکبر کیا تو اللہ نے وہ علم اس سے چھین لیا۔ کتا کمزور دشمن یا بخیل آدمی ہے، جو دیکھے کہ کتا اس پر بھونکتا ہے تو وہ ایک بے اخلاق شخص سے ناگوار اور بری بات سنے گا، اور جو دیکھے کہ وہ کتے کا گوشت کھاتا ہے تو وہ اپنے دشمن پر غالب اور اس کا مال حاصل کرے گا۔ کتا پہریدار کی بھی دلیل ہے، کتیا کا دودھ پینا خوف کی دلیل ہے، اور جس نے کتے کو سر کے نیچے رکھا تو وہ کتا اس صورت میں دوست ہے، کتا بھکاری ہے، کتا نفس کی ذلت و دناءت اور کمینہ پن کی علامت ہے، کلب (کتا) بغیر ذخیرہ کرنے کے دنیا کی جانب راغب ہونے کی بھی دلیل ہے۔ شکاری کتا عزت و رفعت اور رزق ہے، جانوروں کی حفاظت کرنے والا کتا نیک غیرت مند ہمسایہ ہے جو اپنے گھر اور ہمسایہ پر غیور ہے، کتے سے دوستی و تعلق مالی خسارہ کی دلیل ہے، اور کتے کی مصاحبت چھپانے کی دلیل ہے، قصہء اصحاب کہف اس پر شاہد ہے، اور کتیا زوج کی حفاظت کرنے والی اور کثیر النسل عورت ہے، کتا بھی کفر اور اللہ تعالیٰ کی رحمت سے ناامیدی کی دلیل ہوتا ہے۔ اصحاب کہف کا کتا دیکھنا خوف و قید یا بھاگنے کی دلیل ہے، اس کو شہر میں دیکھنا تجدید ولایت کی دلیل ہے۔

## ۲۳۳۴۔ کلب البحر (شارک مچھلی):

دیکھئے القرش (شارک مچھلی)۔

## ۲۳۳۵۔ الکلّۃ (مچھر دانی)

خواب میں مچھر دانی اس زوجہ کے پاس آنے کی دلیل ہے جس سے اس کا زوج معاشرت رکھتا ہے، مچھر دانی غم کی بھی دلیل ہے کیونکہ مچھر دانی اپنی ماتحت چیز کو مغموم اور ڈھانک لیتی ہے۔

Marfat.com

## ۲۳۳۶۔ الکلیة (گردہ)

خواب میں گردہ دیکھنا معین و مددگار ہے اور دو گردوں میں سے ایک کا نہ پانا مددگار کا نہ پانا ہے، اور دونوں گردوں کا نہ پانا دل کی سختی کی دلیل ہے، دو گردے مالدار کی جگہ، درستگی، بیان و خطا کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ اس کے دونوں گردے کمزور ہیں تو یہ اس کے قلیل الرائے اور فقر و احتیاج ہونے کی دلیل ہے، گردے بھائیوں اور تمام اقرباء و اولاد کی دلیل ہے۔ دو گردے سلطان کے کام میں قوت طاقت رکھنے والا آدمی ہے، بعض کہتے ہیں کہ وہ سلطان کے مددگاروں میں سے ہے، دونوں گردے دیکھنا اچھے اور عمدہ واسطہ کی دلیل ہے نیز غم تکلیف دور ہونے اور خطروں سے سلامتی کی دلیل ہے، انسان کے دو گردے دو زوجہ یا والدین یا دو دوستوں کی دلیل ہیں۔

## ۲۳۳۷۔ الکمّ (آستین)

آستین کی تعبیر اس کا مال و دولت ہے۔ چنانچہ کھلی اور کشادہ آستین مال و متاع میں وسعت کی دلیل ہے، لمبی آستین کی بھی یہی تعبیر ہے، آستین کا پھاڑنا فقر و قلت کی دلیل ہے کیونکہ آستین کا پھاڑنا زوالِ نعمت کی دلیل ہے، آستین چھپانے کی جگہ ہوتی ہے۔

## ۲۳۳۸۔ الکمأة (کھنبی)

خواب میں کھنبی دیکھنا باوفا آدمی ہے معززین جس سے محبت کرتے ہیں، بعض کہتے ہیں کہ کھنبی خیر سے خالی عورت ہے، کھنبی جب بڑی ہو تو یہ عورتوں سے حاصل شدہ رزق ہے، اور جو دیکھے کہ وہ کھنبی کھاتا ہے تو وہ مالِ حلال کماتا ہے۔

## ۲۳۳۹۔ الکمثری (ناشپاتی)

خواب میں ناشپاتی اس تک پہنچنے والا مال و دولت ہے۔ ناشپاتی کا کھانا حصولِ مال و نعمت کی دلیل ہے، بعض کہتے ہیں کہ ناشپاتی مرض ہے، اور اس کی اصل مال مع مرض ہے، جسے خواب میں بہت سی ناشپاتیاں ملی ہوں تو وہ کثیر مال کا وارث ہوگا، بعض کہتے ہیں کہ ناشپاتی خیر کی دلیل ہے کیونکہ ناشپاتی کئی دنوں تک بلاتغیر باقی رہ سکتی ہے۔ اور ناشپاتی اس کے موسم میں کھانا زیادہ اچھا ہے اور غیر موسم میں کھانا مالِ حرام ہے، اور ناشپاتی کا درخت عجمی آدمی ہے جو گھر والوں (کی خیر مدارات) ان سے مال بٹورنے کے لئے کرتا ہے، اور ناشپاتی حاملہ کے لئے نرینہ اولاد کی اور کنواری کے لئے شادی کی دلیل ہے۔ ناشپاتی مریض کی موت اور اسے تحت الثری (زمین کے نیچے) دفنانے کی دلیل ہے اور بے وقت اور بے موسم ناشپاتی مرض و ورم کی دلیل ہے۔

## ۲۳۴۰۔ الکمر (نیچے گر کر پکنے والی کھجور)

خواب میں اس کھجور کا دیکھنا زوجہ کی دلیل ہے۔ خادموں کے لئے خدمت پر اور دوسروں کے لئے مال و زینت کی

Marfat.com

دلیل ہے۔

## ۲۳۴۱۔ الکمون (زیرہ): دیکھئے الکراویاء (زیرہ)۔

## ۲۳۴۲۔ الکمیت (سیاہ و سرخ رنگ والا گھوڑا)

خواب میں ایسا گھوڑا دیکھنا عزت و رفعت کی دلیل ہے، بعض کہتے ہیں کہ اس کی تعبیر مالدار عورت ہے، نیز دیکھئے الخیل (گھوڑا)۔

## ۲۳۴۳۔ الکناری (خوش آواز پرندہ): دیکھئے الطیر (پرندے)۔

## ۲۳۴۴۔ الکناسة (کوڑا کرکٹ)

جو شخص میلے گندے کام کرتا ہے اس کے لئے کوڑا کرکٹ دیکھنا خیر کی دلیل ہے، فقراء کے حق میں آسودہ حالی اور کثرتِ مال و متاع کی دلیل ہے اور مالداروں کے حق میں ان کی ریاست اور کثرتِ مال و متاع کی دلیل ہے۔

## ۲۳۴۵۔ الکنافة (سویّاں)

خواب میں سویاں علم و ہدایت کی دلیل ہے۔

## ۲۳۴۶۔ الکنانة (ترکش): دیکھئے السهم (تیر)۔

## ۲۳۴۷۔ الکُندر (لوبان)

خواب میں لوبان (جس کی دھونی دی جاتی ہے) علم و فقہ کی دلیل ہے۔

## ۲۳۴۸۔ الکنز (خزانہ)

جو خواب میں دیکھے کہ اسے خزانہ ملا ہے تو اسے علم ملے گا اگر وہ طالب علم ہے، اگر تاجر ہے تو تجارت و سخاوت سے نوازا جائے گا، اگر صاحب سلطنت ہو تو ولایت و عدل حاصل ہوگا، اور جو دیکھے کہ اسے خزانہ ملا ہے جس میں تھوڑا مال ہے تو وہ تھوڑی سی شدت سے دوچار ہوگا، اگر اس خزانہ میں کثیر مال تھا تو یہ غم و حزن کی دلیل ہے، اور ہوسکتا ہے کہ یہ صاحب خواب کی موت کی دلیل ہو، جو خواب میں خزانہ دیکھے وہ مستغنی ہوگا، اگر دیکھے کہ اسے عظیم مال حاصل ہوا ہے تو دنیا سے شہید ہو کر جائے گا، اگر بادشاہ دیکھے کہ وہ بہت زیادہ خزانوں کا مالک ہوا ہے اور اس پر خوش ہے تو یہ زوالِ ملک (بادشاہت) کی دلیل ہے، خزانہ کبھی میراث یا فکر و تکلیف کی دلیل ہوتا ہے، اور کبھی خزانہ بیاہی عورت کی دلیل ہوتا ہے یا اس مال کی دلیل ہوتا جسے انسان جمع کرتا اور زکوٰۃ نہ دیتا ہو، اور خزانہ نفع مند تجارت ہے، اور خزانہ صراف یا جوہری

Marfat.com

(جوہرساز وفروش) کی دلیل ہے، اگر انسان خواب میں خزانہ پائے اور وہاں کوئی اس کو خزانہ وصول کرنے سے روکنے والا ہو تو یہ بخیل اور زکوٰۃ نہ دینے والے شخص کی دلیل ہے، اگر وہ عالم ہے تو علم میں بخل کرتا ہے۔ اگر متولی ہے تو وہ رعایا پر عادل نہیں ہے، اگر خواب دیکھنے والی عورت ہے تو یہ اس کی صیانت (پاکدامنی) کی دلیل ہے، اور اگر وہاں کوئی شخص خزانہ سے روکنے والا نہ ہو تو وہ عورت مال بے جا خرچ کرتی ہے اور خزانہ شریف اور ہونہار لڑکے کی بھی دلیل ہے۔

## ۲۳۴۹۔ الکنس (جھاڑو دینا)

جو شخص گندگی کا کام کرتا ہو اس کے لئے جھاڑو دینا خیر کی دلیل ہے، جو شخص دوسرے کے گھر میں جھاڑو دے تو اس کا مال حاصل ہوگا، مالداروں کے لئے جھاڑو دینا فقر و احتیاج اور ان کے اموال میں نقص و کمی کی دلیل ہے۔

## ۲۳۵۰۔ الکنیس (یہودیوں کا عبادت خانہ): دیکھئے الدیر (راہب خانہ)۔

## ۲۳۵۱۔ الکنیسۃ (گرجا)

خواب میں گرجا علم و زہد اور بکاء و خشیت کی دلیل ہے، بسا اوقات گرجا فکر و غم جھوٹ و بہتان و تہمت یا بدعت و الفت اور لہو و لعب کی دلیل ہوتا ہے، نیز گرجا ظالم حاکم کی دلیل ہے جو شخص خواب میں گرجے میں داخل ہوا ہو اور وہ غیر شادی شدہ ہے تو شادی ہوگی یا اولاد نصیب ہوگی، یا ہدایت کے بعد گمراہ ہوگا، خصوصاً جب گرجے میں داخل ہو کر مورتیوں کو سجدہ بھی کرے، یا عیسائیوں کے عمل میں شریک ہوا ہو یا اس کے وسط میں زنار ہو، گرجا شیاطین کے ٹھکانیں ہیں، گرجے کا جدید و بلند ہونا دین میں کمزوری کی دلیل ہے، اگر کوئی شخص دیکھے کہ اس کا گھر گرجا ہے تو اس کے گھر بدعتی اور اہلِ معاصی جمع ہوتے ہیں، گرجا قبرستان، شراب خانہ، ناچ گانوں کے کلب اور جیل کی دلیل ہے، جو گرجے میں داخل ہو اور وہاں مردہ دیکھے تو وہ میت آگ میں ہے نافرمانوں کے ساتھ محبوس (قید) ہے۔

## ۲۳۵۲۔ الکنیف (بیت الخلاء)

خواب میں بیت الخلاء بیت المال (مال رکھنے کی جگہ) ہے، لہٰذا جو شخص اپنے بیت الخلاء میں جھاڑو دے تو وہ فقیر ہوگا، اگر بیت الخلاء سے (گندوغیرہ) بہنے لگے تو یہ فکر اور پریشانی ہے اور جو بیت الخلاء میں گر گیا ہو اور اس سے نہ نکلا ہو تو وہ قید ہوگا، اور بیت الخلاء خادم ہے جو گھر کی حفاظت کرتا ہے۔

## ۲۳۵۳۔ الکہف (غار)

خواب میں غار اس شخص کی دلیل ہے جس کے پاس انسان پناہ لیتا اور قیام کرتا ہے جیسے آقا، امام، والد، استاد اور

Marfat.com

زوجہ وغیرہ، غار اس شخص کے حق میں امور کو راز میں رکھنے کی دلیل ہے جو ان کو چھپانا چاہتا ہے، اور بے کار کے لئے خدمت اور بادشاہوں کے قرب کی دلیل ہے، نیز مشکلات سے نجات کی دلیل ہے، اگر صاحب خواب مریض یا قید ہو تو ان سے خلاصی ہوگی، یا پھر عمر طویل ہوگی اور خیر کثیر ہوگی، یہ دراصل اصحاب کہف کے واقعہ پر قیاس ہے۔

## ۲۳۵۴۔ الکوثر (نہر کوثر): دیکھئے نھر الکوثر (نہر کوثر)۔

## ۲۳۵۵۔ الکورۃ (علاقہ): دیکھئے الضیعۃ (غلہ اگانے والی زمین)۔

## ۲۳۵۶۔ الکوز (کوزہ)

خواب میں کوزہ باندی یا خادم یا غلام ہے، جو کوزے سے پانی پئے تو ان لوگوں کی جانب سے مالی فائدہ ہوگا، اگر دیکھے کہ کوزہ ٹوٹ گیا ہے تو یہ غلام باندیوں اور خادموں کی موت کی دلیل ہے۔

## ۲۳۵۷۔ الکوفیّۃ (سر پر لپیٹنے کا رومال)

خواب میں اسے دیکھنا مصائب سے بچاؤ کی دلیل ہے جیسے نزلہ و زکام میں نفع بخش ادویات، کبھی اس رومال کا دیکھنا شرور و آفات سے کفایت اور سر کو چھپانے والی چیزوں مثلاً خود، پگڑی وغیرہ کی دلیل ہوتا ہے۔

## ۲۳۵۸۔ الکوکب (ستارہ)

خواب میں ستارہ معززین لوگوں میں سے ہونے کی دلیل ہے، جو اپنے گھر میں روشن چمکدار ستارہ دیکھے اس کے پاس رئیس قسم کے لوگ جمع ہوں گے، اگر ستارہ اپنی منزل (گھر) میں دیکھے اور اس کی روشنی نہ ہو تو معزز لوگ کسی صدمہ و مصیبت کے موقع پر جمع ہوں گے، جو خواب میں دیکھے کہ ایک ستارہ آسمان سے گرا ہے اور ایک جگہ پر آکر ٹھرا ہے تو اس جگہ پر کسی معزز آدمی کے متعلق مصیبت پیش آئے گی، ستارے معزز سلاطین میں سے قوی تر سلطان، علماء میں سے سب سے بڑے عالم، عام لوگوں میں سے سب سے بڑے مالدار آدمی کی دلیل ہیں، جو اپنے گھر میں بہت زیادہ ستارے دیکھے تو وہ کثیر النسل ہوگا، جو خواب میں سات سیارات دیکھے تو یہ تجارت وصنعت اور علم وسلطنت کی دلیل ہے، جو روشن ستارہ دیکھے تو اسے فرحت وخوشی حاصل ہوگی اور لوگ اس کے تابع ہوں گے، اور جو دیکھے کہ آسمان سے ستارے ختم ہوگئے ہیں تو اگر مالدار ہے تو مال جاتا رہے گا، فقیر ہے تو وفات پائے گا، اگر اپنے سر کے اوپر ستارے دیکھے تو وہ قابل ذکر ہوگا اور اپنے ہم نظیروں (ہم عصروں) سے فائق ہوگا، اگر دیکھے کہ وہ ستارے پر سوار ہوتا ہے تو اسے سلطنت، ولایت، قوت، ریاست اور خیر ومنفعت حاصل ہوگی، اور جو چھت کے نیچے ستارے دیکھے تو یہ گھر کی ویرانی کی دلیل ہے تا آنکہ ان کی روشنی گھر کے اندر داخل ہو یا گھر والے کی موت کی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ وہ ستارے کھاتا ہے تو وہ لوگوں کے مال کھاتا ہے، جو

Marfat.com

ستاروں کو نگلے تو وہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو بُرا بھلا کہتا ہے، اور جو ستاروں کو چوستا ہے تو وہ علماءِ کرام سے علم سیکھتا ہے، جو ستاروں کو دیکھے کہ وہ بکھرے ہیں تو یہ بادشاہوں کی موت کی دلیل ہے یا لڑائی کی علامت ہے، اور جو دیکھے کہ ستارے آسمان سے زمین پر آگرے ہیں تو یہ کثیر قوم کی ہلاکت کی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ آسمان کے ستارے گر رہے ہیں تو وہ گنجا ہوگا اس کے سر کے بال گریں گے، اور جو دن کے وقت ستارے دیکھے تو یہ شہرت وفضیحت (بدنامی) کی دلیل ہے، اور صبح کا ستارہ دلہن کی شبِ زفاف کی دلیل ہے، چھوٹے اور کم روشنی والے ستارے غلام باندیوں اور عوام الناس کی دلیل ہے، جو خود ستارہ بن گیا ہو اسے مالداری حاصل ہوگی، اور جو ستارے موسم سرما پر دلالت کرتے ہیں وہ غم وحزن کی دلیل ہیں اور جو موسمِ گرما پر دلالت کرتے ہیں وہ خیر ومعیشت کی دلیل ہیں۔

## ۲۳۵۹۔ الکوّۃ (روشندان)

خواب میں روشندان اگر گھر میں بلند جگہ پر ہو تو یہ حصولِ عزت و بادشاہت کی دلیل ہے، اگر صاحب خواب مصیبت زدہ ہو تو مصیبت دور ہوگی، مریض ہو تو شفا ہوگی، غیر شادی شدہ ہے تو شادی ہوگی، جس گھر میں روشندان نہ ہو وہاں روشندان دیکھنا سلطان کی ولایت اور تاجر کی تجارت کی دلیل ہے۔

## ۲۳۶۰۔ الکی (جسم کو داغ دینا)

خواب میں پہلو پر داغ دینا زکوۃ نہ دینے کی دلیل ہے، داغ دینا سلطان سے پہنچنے والی مصیبت یا جدائی کی دلیل ہے، اگر اسے سونے یا چاندی (کو آگ میں تپا کر) داغ دیا گیا ہے تو یہ اس کے بخل کی دلیل ہے، اگر لوہے سے داغ دیا گیا ہے تو یہ معاصی اور گناہوں کی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ وہ کسی انسان کو آگ سے داغ دیتا ہے تو وہ داغ زدہ شخص سے بدکلامی کرے گا، اور جو دیکھے کہ اس نے رگوں میں سے کسی رگ کو داغا ہے تو اس کے ہاں بچی تولد ہوگی یا دہ شادی کرے گا، اور (آگ میں تپا کر) داغ دینا تکلیف دہ کلام ہے۔

## ۲۳۶۱۔ الکیّال (ناپنے کا پیشہ اختیار کرنے والا)

اس کی تعبیر سلطان ہے نیز ناپنے والا حاکم ہے، جو دیکھے کہ وہ غلہ ناپنے والے شخص کی شکل جیسا ہو گیا ہے اور وہ عہدۂ قضاء کا اہل ہے تو عہدۂ قضاء حاصل ہوگا، اگر اس عہدہ کا اہل نہ ہو تو وہ اپنے احوال درست کرنے والا، اقوال میں سچا اور خوش معاملہ اور حق کی اتباع کرنے والا ہے۔

## ۲۳۶۲۔ الکیر (لوہار کی بھٹی)

جو دیکھے کہ اس نے لکڑی کی بھٹی پائی ہے تو اس کا مرتبہ کم ہوگا اور بادشاہت جاتی رہے گی، اگر لوہار کی بھٹی کا

Marfat.com

مالک بنا ہے تو سلطنت و ولایت ملے گی، بشرطیکہ اسکا اھل ہو، ورنہ خیر و منفعت حاصل ہوگی، بھٹی میں اگر آگ ہو تو یہ حاجات کے پورا ہونے کی دلیل ہے اگر اس میں آگ نہ ہو تو یہ تکالیف اور فکرات کی دلیل ہے، سونے اور چاندی کی بھٹی توحید میں اخلاص اور عبادت کے لئے فراغت کی دلیل ہے، شیشہ کی بھٹی دھوکہ فریب کی دلیل ہے، لوہار کی بھٹی کثیرۃ الحمل (جسے حمل زیادہ ہو) اور سریعۃ الاسقاط (اور جلدی ساقط ہو جاتا ہو) عورت کی دلیل ہے، یا بہت زیادہ حساس آدمی کی دلیل ہے، یا پھر قید خانہ اور عقوبت خانہ کی دلیل ہے، اور لوہار کی بھٹی (دھونکنی) اگر لوہے کی ہو تو یہ معاملات کے آسان ہونے کی دلیل ہے۔

## ۲۳۶۳۔ الکیزانی (کوزے والا)

خواب میں اس کو دیکھنا نسل، اولاد سے محبت اور علم اور اس کو محفوظ رکھنے کی دلیل ہے۔

## ۲۳۶۴۔ الکیس (بٹوہ اور تھیلی)

خواب میں بٹوہ انسان کا جسم ہے، چنانچہ جو اس کو خالی دیکھے تو یہ بٹوہ کے مالک کی موت کی دلیل ہے، جو اپنے وسط (کمر) میں بٹوہ دیکھے تو اس کے پاس کثیر علم ہے جو اس نے اپنی عمر میں حاصل کیا ہے، اگر بٹوے میں دراہم (پیسے) ہوں تو وہ علم صحیح ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ بٹوہ اس (بٹوے) کے مالک کا راز ہے، اگر اس میں جو کچھ ہے وہ کھل گیا ہے تو وہ راز کھل جائے گا، جو دیکھے کہ اس کی تھیلی یا بٹوہ پھٹ گیا ہے تو وہ تھیلی اس کا جسم ہے اور اس کے اندر مال اس کی روح ہے، لہٰذا یہ خواب اس کی موت کی دلیل ہے، اور جو اپنی تھیلی میں دیمک دیکھے تو یہ اس کی موت کی دلیل ہے، جیسا کہ جنات کو حضرت سلیمان علیہ السلام کی وفات کا اس وقت علم ہوا جب دیمک نے ان کی لاٹھی کو کاٹ کر ختم کر دیا اور وہ نیچے آگرے، تھیلی اس کے مالک کے دل کی بھی دلیل ہوتی ہے۔

## ۲۳۶۵۔ الکیل (پیمانہ سے ناپنا)

خواب میں ناپنا علم و ہدایت، رزق و زوجہ اور فکر و غم اور فاقہ کی دلیل ہے، یوسف علیہ السلام کا اپنے برادران کے ساتھ واقعہ و قصہ اس پر دال ہے۔

Marfat.com

# ﴿باب اللّام﴾

## ۲۳۶۶۔ اللاّبن (دودھ والا)

خواب میں دودھ والا وہ آدمی ہے جو بقدرِ دودھ مال جمع کرنے والا ہے، اور جو شخص دیکھے کہ اس نے دودھ کو خشک کیا ہے اور اسے جمع کیا ہے تو وہ مال و دولت جمع کرتا ہے۔

## ۲۳۶۷۔ اللبأ (کھیس)

خواب میں کھیس (پیوسی) حاملہ کے خلاصی پانے کی دلیل ہے۔

## ۲۳۶۸۔ اللباب (خلاصہ)

خواب میں ہر چیز کا خلاصہ علمِ نافع، قول و عمل میں اخلاص اور نیک راز کی دلیل ہے۔

## ۲۳۶۹۔ اللبّاد (نمدہ ساز)

خواب میں نمدہ ساز صبر اور امور میں پختگی یا معیشت، رزق و فائدہ کی دلیل ہے۔

## ۲۳۷۰۔ لباس: دیکھئے الکساء (چادر)۔

## ۲۳۷۱۔ اللبّان (دودھ فروش)

خواب میں دودھ فروش دیکھنا علم، رزق حلال اور ہدایت و فطرت کی دلیل ہے۔

## ۲۳۷۲۔ اللبب (سینہ کا بالائی حصہ)

خواب میں سینہ کا بالائی حصہ اس دواء کی دلیل ہے جس سے سینہ ٹھیک و درست کیا جائے یا ملبوس (پہنی ہوئی چیز) کی دلیل ہے، سینہ کا بالائی حصہ کسی امر کو ضبط کرنے کی بھی دلیل ہے۔

## ۲۳۷۳۔ اللبط (لات مارنا): دیکھئے الرفس (لات مارنا)۔

## ۲۳۷۴۔ اللبلاب (عشق پیچہ کا پودا)(۱)

خواب میں یہ پودا طبیب ہے، چنانچہ جو اس پودے کو دیکھے وہ اپنی ذات کا علاج معالجہ کرتا ہے، عشق پیچاں برے خلاق اور خسیس ارادے ہیں۔

---

(۱) عشق پیچہ، ایک پودا جس کی بیل کھیتی پر چڑھتی ہے۔

Marfat.com

## ۲۳۷۵۔ اللَبَن (دودھ)

خواب میں دودھ اسلامی فطرت ہے اور دودھ مالِ حلال ہے، اور دھی مالِ حرام ہے کیونکہ دھی میں ترش پن اور گاڑھا پن ہوتا ہے، جو دیکھے دونوں چھاتیوں سے دودھ بہتا ہے تو دنیا اس کے پاس وافر آئے گی، انسان کا دودھ دودھ پلانے والے اور پینے والے کے لئے حبس اور تنگی کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ اس نے دودھ پلانے والی خریدی ہے تاکہ وہ اس کے بچہ کو دودھ پلائے تو وہ اپنی اولاد کی تربیت اپنے اخلاق کے مطابق کرتا ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ جو کسی عورت کا دودھ چوسے اسے مال و نفع حاصل ہوگا، جو دیکھے کہ اس نے گھوڑی کا دودھ پیا ہے تو سلطان اسے محبوب رکھے گا اور اس سے اسے خیر حاصل ہوگی، نیز عربی گھوڑی جو نسل چلانے کے لئے رکھی جائے جو شخص اس کا دودھ پیئے وہ بادشاہ سے ملاقات کرے گا، جانوروں کے دودھ سلطان سے حاصل شدہ مالِ حلال اور رزقِ طیّب ہے، اور دودھ مکر و فریب ہے، اونٹنی کا دودھ دوہنا اولاد و عیال ہیں اگر اس کا دودھ دوہیا تو دودھ خون کی شکل میں نکلا تو وہ اپنی سلطنت میں ظلم کرتا ہے، اگر زہر نکلے تو وہ حرام مال جمع کرتا ہے، دودھ پلانے والی عورت کا دودھ دینی فطرت ہے چنانچہ جو اس میں سے پیئے تو وہ فطرت دینی پر ثابت و قائم ہے، نماز روزہ رکھتا ہے، صدقہ زکوٰۃ دیتا ہے، اس کے پینے والے کے لئے مالِ حلال اور حکمت و دانائی کی دلیل ہے، بعض اہل تعبیر کہتے ہیں کہ جو دیکھے کہ اس نے اونٹنی کا دودھ دوہیا ہے اور وہ دودھ پیا ہے تو اس کی نیک عورت سے شادی ہوگی، اگر شادی شدہ ہو تو اس کے ہاں لڑکا ہوگا، اور جو دیکھے کہ اس نے گائے کا دودھ دوہیا اور پیا ہے وہ غلام ہے تو آزاد ہوگا، فقیر ہے تو مستغنی ہوگا۔ بکری وغیرہ کا دودھ عرب و عجم سے وصول شدہ مال ہے، جو دیکھے کہ اس نے بکری کا دودھ پیا ہے تو اسے خیر، راحت اور سرور حاصل ہوگا، شیرنی کا دودھ پینا مال اور دشمن پر غلبہ ہے، مادہ گدھ کا دودھ طاقتور کریم النفس دشمن پر نصرت و عزت حاصل ہونے کی دلیل ہے، مادہ چیتے کا دودھ پینا عداوت کا اظہار ہے، مادہ بھیڑیا کا دودھ خسارہ اور شدید خوف ہے، اور اس کا پینا معیشت کا نقصان ہے، بعض کہتے ہیں کہ وہ مال و سلطنت ہے، جو دیکھے کہ اس نے اس کا دودھ پیا ہے اسے ریاست حاصل ہوگی، مادہ خنزیر کا دودھ پینے والے کی عقل کا متغیر ہونا اور ختم ہونا ہے، کتیا کا دودھ پینے والے کے لئے شدید خوف ہے۔ نیز مال و دولت ہے جو اسے ظالم کے ہاتھ سے حاصل ہوگا، بعض کہتے ہیں کہ جو اس کا دودھ پیئے تو اسے اہل علاقہ پر قدرت و ریاست حاصل ہوگی۔ بعض کہتے ہیں کہ تمام وحشی جانوروں کا دودھ دین میں شک کی دلیل ہے۔ حمار وحشی (گورخر) کا دودھ مرض ہے جس کے بعد شفاء ہے، ہرنی کا دودھ قلیل رزق ہے، کاٹنے اور ڈسنے والے جانوروں کے دودھ دشمن سے صلح کی دلیل ہے، لومڑی کا دودھ تھوڑا سا مرض ہے، بعد میں شفاء ہوگی نیز تھوڑا رزق ہے، پالتو گدھے کا دودھ بھی قلیل مرض ہے، بلی کے دودھ کا بھی یہی حکم ہے، اور جو دیکھے کہ زمین سے دودھ نکلتا ہے تو یہ ظلم و فساد کے ظہور کی دلیل ہے جس میں خونریزی ہوگی، بکری کا دودھ عمدہ مال ہے، گائے کا دودھ مالداری ہے، خچر کا دودھ ہولناکی اور تنگی ہے، خنزیر کا دودھ مالِ عظیم ملنے کی دلیل ہے، مریض اگر کسی انسان کا دودھ پیئے تو یہ مرض سے شفاء کی دلیل ہے۔ کتے بلّے کا دودھ مرض یا

Marfat.com

خوف ہے، اور دودھ مال، عمر میں زیادتی، حمل، رازوں کے ظہور علم و توحید کی دلیل ہوتا ہے۔ بیماری کی دوا اور رزق کی بھی دلیل ہے، گائے، بکری اونٹ بھینس کا دودھ مالِ کثیر ہے، اور گاڑھا دودھ (دہی) فکر و غم ہے۔ وحوش و طیور کا دودھ حاصل ہونا مالِ قلیل کی دلیل ہے خصوصاً خرگوش اور گھوڑی کا دودھ، بلی اور لومڑی کا دودھ فسق و فجور ہے، آدمی کا دودھ امانت ہے جس کا صرف کرنا صرف اس امانت کے مالک کے لئے مناسب ہے، کسی مجہول وحشی جانور کا دودھ عزت اور مریض کے لئے نشاط کی دلیل ہے، نیز قید خانہ سے خلاصی و رہائی یا غصب شدہ مال کی دلیل ہے۔

## ۲۳۷۶۔ اللبن (اینٹیں)

خواب میں اینٹیں حاصل ہونے والا مال ہے، اور اینٹوں سے بنائی گئی عمارت حسنِ عمل اور دین کی دلیل ہے، اینٹ کی تفسیر خادم سے بھی کی جاتی ہے، لہٰذا جو دیکھے کہ اس نے بلند جگہ سے اینٹ پھینکی اور وہ ٹوٹ گئی ہے تو اس کا خادم فوت ہوگا۔ اور عمارت میں لگی اینٹیں عمارت والے کے قرابت دار اور اس کی اولاد ہے جس کے ساتھ وہ مضبوط ہوتا ہے، جو دیکھے کہ وہ ایک جگہ پر اینٹیں بناتا ہے تو اس کے کارندے زیادہ ہوں گے، جو خواب میں اینٹوں کا گھر تعمیر کرے اسے ریاست و ولایت حاصل ہوگی، جو دیکھے کہ وہ اینٹیں بناتا ہے تو اس پر موت کا خطرہ ہے، اور عمارت میں ایک اینٹ جماعت کا ایک فرد ہے۔

## ۲۳۷۷۔ اللبوۃ (شیرنی)

خواب میں شیرنی شریر اور آوارہ عورت ہے، اور شیرنی بادشاہ کی بیٹی ہے، لہٰذا جو شیرنی کا دودھ پیئے تو اسے سلطان سے مال ملے گا اور دشمن پر فتح حاصل ہوگی، اگر شیرنی کا گوشت کھایا ہے تو سلطنت اور بڑی بادشاہت ملے گی۔

## ۲۳۷۸۔ اللت (پیسنا اور باریک کرنا)

خواب میں غیر مناسب چیز کے ساتھ کوئی چیز پیسنا اور باریک کرنا شبہات اور مالی اشتباہ کی دلیل ہے۔

## ۲۳۷۹۔ اللثمۃ (بوسہ لینا) دیکھئے القبلۃ (بوسہ لینا)۔

## ۲۳۸۰۔ اللجاجۃ (اصرار کرنا)

خواب میں اصرار کرنا شر کی دلیل ہے جسے وہ کرے گا یا دیکھے گا، کیونکہ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”خیر عادت ہے اور شر لجاجت ہے“ (کشف الخفاء ۱/۴۷۶)، جو شخص دیکھے کہ وہ اصرار کرتا ہے تو وہ جس کام میں لگا ہوا ہے اس سے بھاگے گا، یا قتل و قتال یا خصومت و نزاع وغیرہ کی دلیل ہے، یا وہ سرکش آدمی ہوگا لوگ اس سے بھاگیں گے، کیونکہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: ”بَلْ لَجُّوا فِي عُتُوٍّ وَنُفُورٍ“ (الملک: ۲۱) یعنی بلکہ یہ لوگ سرکشی اور نفرت (عن الحق) پر جم رہے ہیں۔

Marfat.com

## ۲۳۸۱۔ اللجام (لگام)

خواب میں لگام بادشاہ کا منتظم ہے، جو خواب میں لگام سمیت ترکی گھوڑے پر سوار ہوا ہو تو اسے ایسی ولایت ملے گی جس میں کسی کا دخل عمل نہیں ہوگا، جو دیکھے کہ اس کے منہ کو لگام لگی ہوئی ہے تو وہ سلامت رہے گا، لایعنی اور فضول باتیں نہیں کرے گا، جو گھوڑے کی لگام دیکھے کہ وہ ٹوٹ گئی ہے تو اسکا غلام فوت ہوگا، لگام اس کے لئے عصمت وحفاظت کی دلیل ہے جس پر گھوڑا دلالت کرے، لگام بسا اوقات اس مال کی زکوٰۃ پر دلیل ہوتی ہے جو اس مال کی حفاظت کرتی ہے۔ جو شخص دیکھے کہ اس کے گھوڑے کی لگام گھوڑے کے سر سے گر گئی ہے یا اس کے ہاتھ سے چھوٹ گئی ہے تو اس کے امور معدوم اور احوال خراب ہوں گے یا اس کی زوجہ اس پر حرام ہوگی، جو خواب میں خود کو دیکھے کہ لگام لگی ہوئی ہے تو وہ گناہوں سے باز آنے والا ہے۔ لگام روزہ کی بھی دلیل ہے کیونکہ روزہ بھی ایک قسم کا منہ کو لگام دینا ہے۔

## ۲۳۸۲۔ اللجین (چاندی): دیکھئے الفضۃ (چاندی)۔

## ۲۳۸۳۔ اللحاف (لحاف)

خواب میں لحاف (رضائی) عورت ہے، جو دیکھے کہ اس نے رات کو لحاف لیا ہے تو کسی عورت سے شادی کرے گا، یا راحت وسکون حاصل ہوگا، اور لحاف راحت وقوت ہے، بعض کہتے ہیں کہ لحاف نفع بخش عورت ہے، لحاف امن و سکون کی دلیل ہے۔

## ۲۳۸۴۔ اللحّام (گوشت فروش)

خواب میں اس کو دیکھنا خوف سے امن وسلامتی، عصمت وحفاظت، خاموشی اور دشمن پر فتحیابی کی دلیل ہے، گوشت فروش وہ آدمی ہے جو لوگوں کو سفر پر آمادہ کرتا ہے۔

## ۲۳۸۵۔ اللحس (برتن کو چاٹنا)

خواب میں انگلی وغیرہ سے برتن چاٹنا معمولی رزق کی دلیل ہے۔

## ۲۳۸۶۔ اللحم (گوشت)

خواب میں گوشت کے بڑے بڑے ٹکڑے دیکھنا واضح شر ہے، یا پھر خوشگواری، رزق عاجل، شہوت کے اٹھنے اور راز کے ظاہر ہونے کی دلیل ہے، اور کوٹا ہوا اور باریک کیا ہوا گوشت کوٹنے پیسنے کے نتیجہ پر دال ہے، غیر شادی شدہ کے لئے یہ گوشت زوجہ کی دلیل ہے، حاملہ کے لئے ولد کی دلیل ہے، یا پھر یہ گوشت (یعنی کوٹا ہوا) حصہ داروں کے ساتھ مال کا

Marfat.com

لگانا اور ان کے باہمی فائدہ کے ظاہر ہونے کی دلیل ہے، خواب میں اگر گوشت پکا ہوا ہو تو وہ مال ہے لیکن کچا گوشت امراض و تکالیف ہے، قصائی سے اس کا خریدنا مصیبت ہے، تازہ گوشت موت ہے، جو دیکھے کہ وہ کسی انسان کا گوشت کھاتا ہے تو وہ اس کی غیبت کرتا ہے، اگر عورت اپنا گوشت کھائے تو وہ بدکاری کرتی ہے، لاغر گائے کا گوشت مرض کی دلیل ہے، سانپ کا گوشت دشمن سے حاصل شدہ مال ہے۔ درندوں کا گوشت سلطان سے حاصل شدہ مال ہے، حملہ آور پرندوں کا گوشت اور خنزیر کا گوشت مالِ حرام ہے، سکھایا ہوا گوشت مُردوں کی غیبت ہے، اونٹ کا گوشت طاقتور دشمن سے حاصل شدہ مال ہے، بعض کہتے ہیں کہ جو اونٹ کا گوشت کھائے تو اسے بادشاہ سے مال و منفعت حاصل ہوگا، گائے کا گوشت تعب و مشقت اور قلتِ عمل کی دلیل ہے، جو شخص اپنے گھر میں دیکھے کہ ایک بھیڑ کی کھال اتاری ہوئی ہے اور اس کے گوشت کے ٹکڑے کئے ہوئے ہیں تو وہ ایسے آدمی سے تعلق رکھے گا جس کو وہ نہیں پہچانتا ہوگا، اگر صرف بھیڑ کی کھال اتری دیکھے گوشت کے پارچے نہ بنے ہوں تو اچانک کوئی مصیبت آئے گی، اگر ذبح کردہ جانور موٹا ہو تو مال کا وارث ہوگا، جو دیکھے کہ وہ کچا گوشت کھاتا ہے تو یہ خیر کی دلیل ہے، اگر صرف ایسا گوشت دیکھا ہے کھایا نہیں ہے تو پھر یہ خواب اچھا نہیں ہے، اگر پکا ہوا گوشت کھایا ہے تو مال میں اضافہ ہوگا، اگر یہ گوشت کسی بوڑھے کی موجودگی میں کھایا ہے تو اس کی شان بلند ہوگی، گائے کا بھنا ہوا گوشت خوف سے امان ہے، بعض کہتے ہیں کہ اس کی تعبیر رزق و خوشحالی، مرغ کا گوشت عورتوں سے حاصل ہونے والی منفعت ہے، گوشت غصہ والوں کے لئے حلم و بردباری کی دلیل ہے۔ نیز امراض سے شفاء اور زوالِ غم و تکلیف کی دلیل ہے، اور وہ گوشت جس کی حرمت پر اتفاق ہے مالِ حرام کی دلیل ہے، پرندوں کا گوشت سفر سے حاصل شدہ فائدہ ہے، پرندوں کا گوشت جنت کی بھی دلیل و علامت ہے، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: "وفاكهة مما يتخيرون ولحم طير مما يشتهون" (الواقعۃ:۲۱) یعنی اور میوے جن کو وہ پسند کریں گے اور پرندوں کا گوشت جو ان کو مرغوب ہوگا۔ اور وحشی جانوروں کا گوشت رزقِ حلال ہے، اور اس خواب کی تعبیر خطرہ اور مشقت بھی ہے، مچھلی کا گوشت خوشگوار رزق ہے جو جلد ملنے والا اور حلال ہے، یا پھر بحری فائدہ یا سلطان کی دلیل ہے، انسان کا گوشت دشمن پر غلبہ ہے، مجہول و نامعلوم گوشت دیکھنا اسی طرح مجہول خون دیکھنا فتنہ و فساد اور غلبہ کی دلیل ہے، اگر کسی غیر حلال پرندے کا گوشت کھاتا ہے تو وہ ظالم اور مکار قوم کا مال کھاتا ہے۔ بطخ کا گوشت دینداروں سے حاصل ہونا والا نفع ہے، پرندوں کے بچوں کا گوشت تعب و مشقت سے حاصل ہونے والا مال ہے، انسان کا گوشت اس کے کسب و معاش، صحت و مرض یا مال یا دین و تقویٰ سے عبارت ہے، اور مجہول گوشت ہلاک شدگان کے ترکات ہیں، اگر آدمی کا گوشت خریدا ہے تو نہ چلنے والا سامانِ تجارت خریدے گا، جو اپنی ذات کا زائد گوشت کھائے تو حاصل شدہ نفع کھائے گا اور اصل سرمایہ باقی رکھے گا۔ اگر زائد کے علاوہ گوشت کھایا تو اصل سرمایہ میں زیادتی کرے گا یا اپنے کئے پر نادم ہوگا، اور پکا ہوا گوشت خواب میں فقیر کے لئے مالداری کی دلیل ہے، اور گوشت کے سوا کسی چیز کا پکا ہونا فقر و فاقہ ہے، اگر از خود اچھا کھانا پکایا ہے تو اسے منصب و عہدہ حاصل ہوگا یا فقر کے بعد استغناء (مالداری) حاصل ہوگی۔ اگر کسی اور نے اس کے لئے کھانا پکایا ہے تو ممکن ہے کہ وہ اس کو دھوکہ دے۔

Marfat.com

## ۲۳۸۷۔ اللحیۃ (داڑھی)

خواب میں مرد کے لئے داڑھی مالداری اور عزت ہے، اگر دیکھے کہ داڑھی لمبی ہوگئی ہے تو اسے مال و جاہ اور اچھی زندگی حاصل ہوگی۔ اگر دیکھے کہ داڑھی کے اطراف و جوانب طویل ہو گئے ہیں وسط کا حصہ طویل نہیں ہوا تو اسے مال حاصل ہوگا جو وہ دوسرے کے لئے تیار رکھے گا، اگر داڑھی اپنی مقدار سے زیادہ لمبی ہوگئی ہے تو یہ اس کے ذمہ قرض اور فکر وغم کی دلیل ہے۔ اگر اتنی لمبی ہوگئی ہے کہ زمین پر گرنے لگ گئی ہے تو وفات ہوگی۔ اہل تعبیر کہتے ہیں کہ خواب میں جس کی داڑھی طویل ہوگئی ہو اور اس کے بال زیادہ ہو گئے ہوں تو اس کی عمر و مال میں زیادتی (اضافہ) ہوگی، اگر داڑھی (لمبائی میں) ناف تک پہنچ گئی ہو تو وہ اللہ تعالیٰ کا فرمانبردار نہیں ہے، اگر ایک مشت سے زائد ہے تو وہ نرم برتاؤ کرنے والا آدمی ہے، اگر اپنی داڑھی کے بال نہایت سیاہ دیکھے تو وہ مستغنی ہوگا، اگر ان بالوں کا رنگ سیاہ یا سبز مائل ہے تو اسے بادشاہت حاصل ہوگی مگر یہ کہ وہ شخص سرکش اور جابر و ظالم ہو، کیونکہ فرعون کی داڑھی سیاہ سبز مائل تھی، اگر اس کا رنگ زردی مائل ہو تو اسے فقر وعلت حاصل ہوگی۔ اگر داڑھی کو سرخ و زرد رنگ کا دیکھے تو خوف و گھبراہٹ کا شکار ہوگا۔ اگر دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں کسی کی داڑھی ہے اور وہ اس کو (داڑھی کو) کھینچ رہا ہے تو وہ اس کا مال کم کرے گا اور کھائے گا۔ اگر نابالغ لڑکا دیکھے کہ اس کی داڑھی ہے تو وہ وفات پائے گا، بلوغ کو نہیں پہنچے گا، اگر اپنی داڑھی کو کم اور ہلکی دیکھے اور حال یہ ہے کہ اس کے ذمہ قرض ہے تو اس کو ادا کرلے گا، اگر غمزدہ ہو تو غم دور ہوگا، اگر دیکھے کہ اس کی نصف داڑھی نہیں ہے ختم ہوگئی ہے تو اس کا بعض مال و جاہ جاتا رہے گا، اگر اپنی داڑھی کو کٹا ہوا دیکھے تو اس کا مال ختم ہوگا۔ خواب میں جو اپنی داڑھی کو پکڑ کر مشت سے زائد حصہ کو کاٹ دے تو یہ آدمی ایسا ہے جو اپنے مال کی زکوٰۃ دیتا ہے، جو دوسرے کی داڑھی کاٹے تو اس کے مال میں یا اس کے بیٹے کے مال میں زیادتی و اضافہ کی دلیل ہے، بعض کہتے ہیں کہ عورت کی داڑھی اس بات کی دلیل ہے کہ اسکے ہاں بیٹا نہیں ہوگا، اگر عورت دیکھے کہ اس کی داڑھی ہے اور وہ شادی شدہ ہے تو وہ اپنے شوہر کو نقصان دے گی۔ اگر بے خاوند ہے تو کسی ایسے آدمی سے شادی ہوگی جو اس کو موافق ہوگا، اگر یہ خواب حاملہ عورت دیکھے تو اس کے ہاں نرینہ اولاد ہوگی، اگر وہ کسی خصومت (مقدمہ وغیرہ) میں ہو تو غالب ہوگی اور مردوں کے قائم مقام ہوگی، اور جو شخص دیکھے کہ وہ اپنی داڑھی کے بال اکھاڑتا ہے تو یہ مال ہے جسے وہ اپنے سامنے ضائع کرے گا، جو شخص خواب میں داڑھی اور سر کے بال (دونوں) مونڈے ہوئے دیکھے تو مریض ہو تو شفاء ہوگی، مقروض ہو تو قرض ادا ہوگا، پریشان حال ہو تو پریشانی دور ہوگی، جو شخص خواب دیکھے کہ اس کی داڑھی اس قدر طویل ہوئی ہے کہ اس نے اسے کات کر اور بن کر چادر وغیرہ بنائی ہے اور بازار میں فروخت کی ہے تو وہ جھوٹی گواہی دیتا ہے، داڑھی ہیبت و رعب ہے، داڑھی اس کی دکان، اس کے لباس اور نفع کی بھی دلیل ہوسکتی ہے، اگر غم سے اپنی داڑھی کاٹی ہے تو اس کا غم و فکر طویل ہوگا، داڑھی ایک قسم ہے جو کھائی جائے، اور وہ جھوٹ، سچ اور بخل و سخاوت پر دال ہے، داڑھی زوجہ کی بھی دلیل ہے، داڑھی میں سفید بال گناہ کے ارتکاب پر تنبیہ ہے، داڑھی کے سفید بال مرض اور عجز کی بھی دلیل ہے، اگر بیداری

Marfat.com

میں داڑھی سفید تھی اور خواب میں اسے سیاہ دیکھے تو یہ نشاط، قوت اور عزم و شدت کی دلیل ہے، اور اگر عام عادت سے ہٹ کر داڑھی لمبی ہوگئی ہے تو یہ لہو ولعب یا بلاوجہ اور بے جا مال خرچ کرنے کی دلیل ہے، داڑھی گنہگار کے لئے توبہ کی دلیل ہے، اگر وہ گمراہ ہو تو ہدایت حاصل ہوگی خصوصاً جب داڑھی میں سفید بال دیکھے، اور عورت کے داڑھی نکلنا مرد کی مشابہت، بے حیائی اور ممنوع امر کا ارتکاب ہے، اور چھوٹے بچہ کے لئے داڑھی عمر طویل ہے، اور داڑھی کو جو تنکا وغیرہ اٹک جائے اس کا دیکھنا اثر انداز برا کلام ہے یا زوجہ کے پیٹ میں ناتمام بچہ کے ہونے کی دلیل ہے۔

## ۲۳۸۸۔ اللدغ (ڈسنا)

خواب میں سانپ، بچھو وغیرہ کا ڈسنا امرِ ممنوع کے ارتکاب کی دلیل ہے۔

## ۲۳۸۹۔ اللسان (زبان)

خواب میں زبان اپنے صاحب کا ترجمان اور اسکے امور کا مدبر ہے، زبان گناہ کا مقام ہے، خواب میں اگر زبان میں طول وعرض کی زیادتی دیکھے تو یہ اس کی قوت اور مقدمہ میں کامیابی یا بیہودہ گوئی یا فصاحت و ادب کی دلیل ہے، اگر زبان بند ہوگئی ہے تو یہ اعمال ترک کرنے اور فقر واحتیاج کی دلیل ہے، اگر زبان پر سیاہ بال اگے ہیں تو یہ جلدی آنے والا شر ہے، اگر وہ بال سفید ہیں تو یہ دیر سے آنے والا شر ہے، اور زبان کمال وجحت اور ذکر ہے، جب سلطان خواب دیکھے کہ اس کی زبان کٹ گئی ہے تو اس کا ترجمان فوت ہوگا، جو اپنی بیوی کی زبان کٹی ہوئی دیکھے تو وہ زوجہ پاکدامن اور باپردہ ہے، اگر فقیر دیکھے کہ اس نے کسی فقیر کی زبان کاٹ دی ہے تو وہ اس پر غالب آئے گا، جو اپنی زبان کو دیکھے کہ تالو سے چپک گئی ہے تو وہ حق کا اور اس کے پاس امانۃً رکھے ہوئے جوہر کا انکار کرے گا، جو دیکھے کہ وہ اپنی زبان کو کھاتا ہے تو اسے اپنے کلام پر ندامت ہوگی جو وہ کرے گا۔ اگر وہ والی وحاکم ہو تو وہ اپنی زبان کے ذریعہ لوگوں کے مال کھائے گا، بعض کہتے ہیں کہ جو اپنی زبان کھائے وہ بہت زیادہ خاموش زبان، غصہ ضبط کرنے والا اور نیک سلوک کرنے والا ہے، جو اپنی زبان کو کالا دیکھے تو وہ اپنی زبان کے ذریعہ اپنی قوم پر سرداری کرے گا، اگر وہ رذیل لوگوں میں سے ہے تو وہ کذاب (جھوٹا) یا شاعر ہے۔ جو اپنی زبان کو کاٹے تو وہ اپنا غصہ پیتا ہے، یا کھانے میں وہ حریص ہے، جو اپنی زبان کو دیکھے کہ دو ٹکڑے ہوئی ہے تو وہ کذاب ہوگا، جو دیکھے کہ اس کی بہت سی زبانیں ہیں تو وہ اولاد سے نوازا جائے گا۔ جو شخص دیکھے کہ لوگ اس کی زبان چاٹتے ہیں تو وہ اس سے علم حاصل کرتے ہیں، زبان بادشاہ کے لئے اس کے نائب یا اس کے دربان یا اس کے وزیر یا اس کے کاتب کی دلیل ہے، یا فائدہ مند مال مفقود ہوگا، اگر عالم دیکھے کہ اس کی زبان کٹ گئی ہے تو وہ اپنے مناظرہ و مباحثہ میں غالب آئے گا، یا اس کا خادم یا شاگرد یا اس کا لڑکا اللہ کو پیارا ہوگا۔ (فوت ہوگا)، خواب میں زبان کا مفقود (غیر موجود) ہونا گھر یا ہمسایہ میں سے کسی دشمن کا خوشی کا اظہار کرنا یا اسکے محبوب کی موت پر دلیل ہے، اور بسا اوقات زبان کا

Marfat.com

مفقود اور مقطوع (کٹا ہوا ہونا) ہونا زوجہ کی طلاق کی دلیل ہے یا پھر جس مقام پر وہ ہے اس مقام سے اس کے کلام کا سلسلہ منقطع ہوگا، یا زبان سے متعلق اس کا رزق ختم ہوگا۔ اگر خواب میں کٹی ہوئی زبان دیکھے تو یہ گھسیارے یا راستوں کی صفائی کرنے والے یا قصہ گو خطیب کی وفات پر دلیل ہے، یا وہ آدمی ہے جو پوشیدہ رکھی ہوئی اشیاء باہر نکالتا ہے، یا شریر آدمی ہے، اگر دیکھے کہ اس زبان کے ساتھ ایک اور زبان ہے تو یہ چغل خوری اور لگی بجھائی کرنے کی دلیل ہے، اس لئے کہ محاورہ ہے کہ فلاں شخص دو زبانوں اور دو منہ والا ہے، اگر وہ زائد زبان بات کرنے سے مانع نہیں ہے اور نہ نفع ہے تو یہ صدق و مودت کی لیل ہے۔ کیونکہ فرمان باری تعالیٰ ہے: "واجعل لی لسان صدق فی الآخرین" (الشعراء:۸۴) یعنی اور میرا ذکر آئندہ آنے والوں میں جاری رکھ۔ جو اپنی زبان پر بال اُگے دیکھے اور اس کا کام (صنعت) کلام سے وابستہ ہے تو اس کا نظام خراب ہوگا۔ زبان اسیر (قیدی) یا اپنے بل میں موجود سانپ کی دلیل ہے۔

## ۲۳۹۰۔ اللسع (کاٹنا): دیکھئے اللدغ (ڈسنا)۔

## ۲۳۹۱۔ اللص (چور)

خواب میں چور مرض اور علت ہے، اگر چور کالا ہے تو یہ سوداوی مادہ کی دلیل ہے، اگر چور سرخ رنگ ہے تو یہ خون کے مرض کی دلیل ہے، اگر زرد رنگ کا ہو تو صفراوی مادہ ہے، اگر سفید رنگ کا ہو تو یہ بلغم کی دلیل ہے، چور کو اگر دیکھے کہ اس نے کوئی چیز چرائی ہے تو وہ کسی انسان کو بے خبری میں قتل کرے گا، چور ملک الموت (موت کا فرشتہ) اور مسافر کی آمد اور پیغامِ نکاح دینے والا ہے، جو خواب میں دیکھے کہ اس کے گھر چور آیا ہے جب کہ اس کے ہاں کوئی مریض ہے تو یہ اس مریض کی موت کی دلیل ہے جو خواب میں چور کو قتل کرے وہ مرض سے نجات پا جائے گا، خواب میں چور اگر ایسے گھر میں داخل ہوا ہو جس میں کنواری عورت موجود ہو تو وہ پیغامِ نکاح دینے والا ہے اسے پیغامِ نکاح دیتا ہے، اور چور دھوکہ باز اور مکار شخص ہے، اور وہ زانی آدمی ہے کیونکہ چور زانی کی طرح خفیہ طور پر چوری کرتا ہے، چور درندے، سانپ اور نفس و شیطان کی بھی دلیل ہوسکتا ہے۔

## ۲۳۹۲۔ اللطم (تھپڑ مارنا)

خواب میں طمانچہ لگانا غفلت سے تنبیہ و بیداری اور منفعت کی دلیل ہے، عورت کا اپنے چہرے پر طمانچہ لگانا مایوسی کے بعد نرینہ اولاد ہونے کی بشارت ہے، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: "وبشروہ بغلام علیم فاقبلت امرأتہ فی صرۃ فصکت وجہھا و قالت عجوز عقیم" (الذاریات:۲۹) یعنی ان کو ایک فرزند کی بشارت دی جو بڑا عالم ہوگا اتنے میں ان کی بیوی بولتی آئیں پھر اپنے منہ پر ہاتھ مارا اور کہنے لگیں کہ میں بوڑھی بانجھ ہوں۔ تھپڑ مارنا مارنے والے کی طرف سے ظلم و زیادتی کی دلیل ہے، تھپڑ مارنا طمانچہ لگے ہوئے عضو کا کسی مرض و آفت میں مبتلا ہونے کی دلیل ہوسکتا ہے۔

Marfat.com

## ۲۳۹۳۔ اللعان (لعان)

جوشخص دیکھے کہ اس نے خواب میں اپنی بیوی سے لعان کیا ہے تو یہ حانث ہونے اور شادی میں شبہ ہونے کی دلیل ہے، لعان دور کرنے اور ہٹانے کی بھی دلیل ہوسکتا ہے کیونکہ یہ لعان کی اصل ہے۔ لعان اس کو اس لئے کہتے ہیں کہ لعنت کے ذکر کے بغیر یہ مکمل نہیں ہوتا۔

## ۲۳۹۴۔ اللعب (کھیلنا)

خواب میں کھیل کود غرور وتکبر، استہزاء اور دین میں نقص وخرابی کی دلیل ہے۔ خواب میں نرد کھیل (چوسر کھیل) یلنا رفعت وبلندی اور عزت وجاہ کی دلیل ہے، اور شطرنج کی طرح کی تختی پر کھیلنے والا کھیل کھیلنا حجاج (حجتوں) کی دلیل ہے۔ انگوٹھی کے ساتھ کھیلنا امور کی پردہ پوشی یا ضائع کرنے والے پر دلیل ہے، نرد کھیل کا بڑا مہرہ کھیلنا متولی ہونے کی علامت ہے، شراب کے ساتھ کھیلنا دشمنوں میں صلح کی دلیل ہے، اگر کھیلنے والا مریض ہو تو تندرست ہوگا۔ اخروٹ کے ساتھ کھیلنا جھگڑا ہے جس کے بعد صلح اور راحت ہے۔

## ۲۳۹۵۔ لعبة الطاولة (چوسر کا کھیل): دیکھئے النرد (نرد کھیل)۔

## ۲۳۹۶۔ اللعق (چاٹنا)

عمدہ چیز چاٹنا نفیس جوہر گلہ میں لٹکانے کی دلیل ہے۔

## ۲۳۹۷۔ اللغو (بے فائدہ بات)

خواب میں لغو اور بے فائدہ بات سننا معصیت کی دلیل ہے، نیز نصیحت قبول نہ کرنے کی علامت ہے، کیوں کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: "واذا سمعوا اللغو أعرضوا عنه" (القصص: ۵۵) یعنی جب وہ بے فائدہ بات سنتے ہیں تو اس سے اعراض کرتے ہیں۔ اور یمینِ لغو (قسم کی ایک قسم) گنہگار کے لئے توبہ کی اور کافر کے اسلام لانے کی دلیل ہے کیونکہ فرمان الٰہی ہے: "لایؤاخذکم اللّٰہ باللغو فی أیمانکم" (البقرة: ۲۲۵) یعنی اللہ تعالیٰ تمہاری پکڑ نہیں فرمائیں گے تمہاری قسموں میں (ایسی) بیہودہ قسم پر۔

## ۲۳۹۸۔ اللغوی (لغت کا ماہر)

خواب میں ماہر لغت بیہودہ کلام کی دلیل ہے، یا پھر لغت کا ماہر ہونا ترجمان، رہنما، علم الانساب کا ماہر اور قبائل کو

Marfat.com

جاننے والا ہے، ماہر لغت کو دیکھنا نیک آثار (راستہ) کی اتباع کی دلیل ہے۔

## ۲۳۹۹۔ اللفّ (لپیٹنا)

خواب میں لپیٹنا اعضاء کی اور منتشر کلام کو لپیٹنے (سمیٹنے) کی دلیل ہے۔

## ۲۴۰۰۔ اللفافة (لپیٹنے کا کپڑا)

اگر وہ لپیٹا نہ گیا ہو تو مال کی دلیل ہے، اگر لپیٹا گیا ہو تو سفر کی دلیل ہے۔

## ۲۴۰۱۔ اللفت (شلغم)

خواب میں شلغم دیہاتی عورت ہے، اگر شلغم اگنے والا ہے تو وہ اولاد ہے جو وفات پائے گی، اور شلغم الفت و محبت کی دلیل ہے۔

## ۲۴۰۲۔ اللق (زمین کی پھٹن)

خواب میں زمین کی پھٹن اور دراڑ مسافر کو کوئی ناگوار امر پیش آنے کی دلیل ہے۔

## ۲۴۰۳۔ اللقاح (نر کا مادۂ منویہ)

یہ خواب میں مرض اور دنانیر ہیں، جو یہ مادہ اٹھائے اس کی بیوی بیمار ہوگی اور اس بیوی سے بہت زیادہ دینار حاصل ہوں گے۔

## ۲۴۰۴۔ اللقطة (گری ہوئی چیز ملنا)

خواب میں لقطہ (گری پڑی چیز اٹھانا) غلام یا باندی سے حاصل شدہ عمدہ اور ارزاں اشیاء پر دلیل ہے جن اشیاء کو صاحب خواب جمع رکھتا ہے یا مبارک لڑکے یا میراث کی دلیل ہے۔

## ۲۴۰۵۔ اللقلق (سارس پرندہ)

خواب میں سارس پرندہ ایسے لوگوں کی دلیل ہے جو اجتماعیت اور باہم شریک ہونے کو پسند کرتے ہیں، اگر سردیوں میں سارسوں کو ایک جگہ جمع دیکھے تو یہ چوروں اور رہزنوں کی دلیل ہے، نیز دشمنوں اور جنگجوؤں کی علامت ہے، نیز سردی اور خواہش میں بے چینی کی دلیل ہے، اگر ان کو جدا جدا دیکھے تو جو سفر کا ارادہ رکھتا ہے اس کے لئے خیر کی دلیل ہے، یا وہ مسافر ہوگا یا اس بات پر دال ہے کہ مسافر اپنے سفر سے واپس آئے گا۔

Marfat.com

## ۲۴۰۶۔ اللقن (تانبے یا پیتل کا بڑا تھال): دیکھئے اللکن (لگن)۔

## ۲۴۰۷۔ اللقوه (لقوہ)

خواب میں لقوہ مرض (جس میں منہ ٹیڑھا ہو جاتا ہے) دین میں فساد کی دلیل ہے، جو لقوہ میں مبتلا ہوا ہو تو اس نے تقوی کی بنیاد تبدیل کر دی یا کسی بدعت میں داخل ہو گیا ہے اور سزا اس پر نازل ہوئی ہے۔

## ۲۴۰۸۔ اللقیط (یافتہ بچہ)

خواب میں یافتہ بچہ دشمن پر دال ہے، اللہ تعالیٰ کا فرمان مبارک ہے: "فالتقطه آل فرعون ليكون لهم عدوا و حزنا" (القصص: ۸) یعنی تو فرعون کے لوگوں نے اس کو اٹھا لیا تا کہ وہ ان کے لئے دشمن اور غم کا باعث بنیں۔ یا یافتہ بچہ اشیاء کا اپنی پہلی حالت پر واپس لوٹنے پر دلیل ہے، نیز فکرات اور تکالیف کے دور ہونے پر دال ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: "فرددناه الى أمه كي تقر عينها ولا تحزن" (القصص: ۱۳) یعنی غرض ہم نے موسیٰ کو ان کی والدہ کے پاس واپس پہنچا دیا تا کہ ان کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور تا کہ غم میں نہ رہیں۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے فرمایا: "فرجعناك الى أمك كي تقرَعينها ولاتحزن" (طٰہٰ: ۴۰) یعنی پھر ہم نے تم کو تمہاری ماں کے پاس پہنچا دیا تا کہ ان کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور ان کو غم نہ رہے۔

## ۲۴۰۹۔ اللکم (مکا مارنا)

خواب میں مکا مارنا زبان کھولنے اور ہاتھ بند کرنے کی دلیل ہے۔ مکا مارنا مسلمانوں میں پھیلی فحش گفتگو ہے، مکا مارنا انتقام کا طالب یا وہ دعوے ہیں جن میں حاکم کی احتیاج ہوتی ہے۔

## ۲۴۱۰۔ اللکن (لگن)(۱)

خواب میں لگن تعبیر میں تھال کی طرح ہے، جو دیکھے کہ وہ لگن میں یوں دیکھتا ہے جیسے شیشہ میں دیکھتے ہیں تو یہ اولاد کی دلیل ہے جو اس کی باندی کے ہاں پیدا ہوں گے، بعض کہتے ہیں کہ لگن عورت یا خادمہ باندی کی دلیل ہے۔

## ۲۴۱۱۔ اللّم (خوب جمع کرنا)

خواب میں کوئی شے اچھی طرح جمع کرنا شہوت کے اٹھنے اور مال جمع کرنے کی دلیل ہے۔

## ۲۴۱۲۔ اللمم (چھوٹے گناہ)

خواب میں چھوٹے گناہ بڑے لوگوں سے تعلق و مشغولیت کی دلیل ہے، اور گناہوں کی بخشش کی دلیل ہے، کیونکہ

(۱) لگن: پیتل کا بڑا برتن تھال کی طرح، اس میں غسل کیا جاتا ہے اور آٹا گوندھا جاتا ہے۔

Marfat.com

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: "الا اللمم، ان ربك واسع المغفرة" (النجم:۳۲) یعنی مگر ہلکے ہلکے گناہ، بلاشبہ آپ کے رب کی مغفرت بڑی وسیع ہے۔

## ۲۴۱۳۔ اللهاة (حلق کا کوّا)

جو دیکھے کہ اس کا حلق کا کوا زیادہ ہو گیا ہے حتیٰ کہ اس کا حلق بند ہو گیا ہے تو یہ اس کی مال جمع کرنے کی حرص ہے، نیز اپنی ذات پر خرچ کی تنگی کی دلیل ہے اور اس کی اجل قریب آچکی ہے۔

## ۲۴۱۴۔ اللواء (جھنڈا)

جو شخص خواب میں دیکھے کہ اس کے لئے جھنڈا لگایا گیا ہے تو اگر اس کا مستحق ہو تو خیر دیکھے گا ورنہ اسے شہرت حاصل ہوگی، اور جو جھنڈا دیکھے اور وہ کسی مقدمہ میں ہو تو اس مقدمہ کو انجام نہیں دے گا، جو خواب میں اپنے ہاتھ میں نیزہ دیکھے جس میں جھنڈا لگا ہو تو جلدی فوت ہوگا یا اس کا لڑکا فوت ہوگا، اگر کسی گھر میں جھنڈا لگا دیکھے تو اس میں کوئی آدمی فوت ہوگا، جو دیکھے کہ وہ بڑا جھنڈا اٹھائے ہوئے ہے تو وہ جھنڈا عورت ہے، اگر وہ اٹھایا ہوا جھنڈا سرخ رنگ کا ہو تو وہ عورت بُری ہے، اگر سفید ہو عورت نیک ہے، اگر سیاہ ہو تو وہ عورت منحوس ہے، اگر جھنڈا رنگ برنگ ہو تو وہ عورت فاسق ہے اور جو دیکھے کہ اسے جھنڈا دیا گیا ہے اور اس کے سامنے بہت سے جھنڈے اور پرچم چلتے ہیں تو اسے سلطنت اور اچھا مرتبہ ملے گا، جھنڈے بادشاہوں، حکمرانوں، علماء اور قاضیوں کی دلیل ہیں۔

## ۲۴۱۵۔ اللوح (تختی)

خواب میں لوحِ محفوظ دیکھنا لباس اور شدت میں مبتلا شخص کے لئے بشارت ہے اور مریض کے لئے عافیت کی دلیل ہے، اس لئے کہ وہ لوح محفوظ نقائص وعیوب سے پاک ہے، اللہ تعالیٰ کی امانت کا محافظ اور اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں ہے، اس کا دیکھنا تنگدستوں کے لئے رزق کی دلیل ہے، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے لوحِ محفوظ میں رزق اور حتمی موت و اجل کے فیصلے لکھ دیئے ہیں، لوح محفوظ دیکھنا علم کی حفاظت اور اہل کے لئے مال ہے، یا پھر خوف سے امان کی دلیل ہے، حضرت موسیٰ علیہ السلام پر نازل کردہ تختیاں خواب میں دیکھنا گواہوں یا ائمہ ہدایت ہیں، اور لکڑی کی تختی جس میں لکھا جاتا ہے زوجہ، اولاد اور زمین پر دلیل ہے، اور طالب علم کے علم کی دلیل ہے، تمام تختیاں گناہوں سے منع کرنے کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ اس نے امام سے تختی لی ہے تو اسے سلطنت، فقہ اور امامت حاصل ہوگی، لوہے کی تختی قوی مضبوط اور عالم لڑکا ہے جس کو کوئی مصیبت نہیں پہنچے گی۔ اگر وہ تختی صاف اور صیقل شدہ ہو تو وہ بہادر ہوگا آرزو پوری ہوگی، اگر تختی پتھر کی ہو تو وہ سنگدل لڑکا ہے۔ اگر تختی تانبے کی ہو تو وہ منافق لڑکا ہوگا، اگر سیسہ کی ہو تو وہ لڑکا ہیجڑا ہوگا، تختی عورت یا لڑکے کی دلیل ہے، اور تختی موعظت ہے، خواب میں سلطان کی تختی پکڑنا قوت کی دلیل ہے، حاملہ کے لئے تختی نرینہ اولاد ہے۔

Marfat.com

## ۲۴۱٦۔ اللوز (بادام)

خواب میں بادام زوالِ امراض یا معزولی اور زوالِ حکومت کی دلیل ہے، اس لئے کہ اس لفظ (لوز) کا عکس زول ہے، بادام کفن میں یا قبر میں موجودمیت کی دلیل بھی ہے۔ الّا یہ کہ بادام سبز ہو، کیونکہ بادام اپنے وقت اور موسم میں دیکھنا خیر و بھلائی پر دال ہے، میٹھا بادام مالِ حلال کی دلیل ہے، جو خواب میں درخت سے بادام لے تو وہ بخیل آدمی سے جھگڑ کر مال حاصل کرے گا، بادام کا درخت لوگوں کے ساتھ بخیل اور اپنے گھر میں سخی آدمی ہے، اور میٹھا بادام ایمان کی حلاوت (مٹھاس) ہے اور کڑوا بادام کلامِ حق ہے، جو خواب میں بادام کھائے تو اسے جسمانی صحت کے ساتھ ساتھ مال و متاع حاصل ہوگا، بادام کا درخت غریب مسافر آدمی ہے جو دیکھے کہ اس کے سامنے بادام کے چھلکے بکھیرے جاتے ہیں تو اسے پوشاک حاصل ہوگا۔ بعض کہتے ہیں کہ خشک بادام شور و شغب اور شر کی دلیل ہے، کیونکہ اس سے آواز نکلتی ہے، نیز غم وحزن کی دلیل ہے، جو اس درخت کے پتے کھائے تو وہ سلطانی آدمی سے من پسند مال کھائے گا۔

## ۲۴۱۷۔ لوط علیہ السلام

خواب میں ان کو دیکھنا قوم اور اہلیہ کی طرف سے تکالیف اور پریشانیوں کے پہنچنے کی دلیل ہے، یا پھر صاحب خواب اپنے دشمنوں پر غالب و منصور ہوگا۔ یا پھر بصارت کے زوال، خسف (دھنسنا) اور ہلاکت کی دلیل ہے، اگر کوئی عورت لوط علیہ السلام کی بیوی کو دیکھے تو وہ اپنے شوہر کی نافرمان ہوگی، اور اس کے احوال بگاڑنے میں سعی و کوشش کرے گی۔ یا پھر وہ ہلاک ہوگی۔ اگر سارے لوگ ان کی بیوی کو دیکھیں تو اس علاقہ کی عورتوں میں فساد ظاہر ہوگا، جو شخص لوط علیہ السلام کو دیکھے تو یہ خواب اس کو قومِ لوط والے عمل (لواطت) پر تنبیہ ہے۔

## ۲۴۱۸۔ اللؤلؤ (موتی)

خواب میں پرویا ہوا موتی قرآنِ کریم اور علم یا لڑکے کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ وہ موتیوں میں سوراخ کرتا ہے تو وہ قرآن پاک کی تفسیر کرتا ہے، اور جو دیکھے کہ اس نے موتی نگل لیا ہے یا بیچ دیا ہے وہ قرآن بھول جائے گا، اور موتی علم ہے، اور جو شخص دیکھے کہ وہ موتی بیچتا ہے تو اسے علمِ کثیر دیا جائے گا اور لوگوں میں بزرگ ہوگا، جو اپنے منہ میں موتی داخل کرے تو وہ دین میں مخلص ہے۔ اگر دیکھے کہ وہ اپنے منہ سے موتی بکھیرتا ہے اور لوگ ان موتیوں کو لے رہے ہیں تو وہ قاضی ہے لوگوں کو وعظ کرتا ہے اور لوگ اس سے مستفید ہوتے ہیں، جو دیکھے کہ اس نے عاریۃً موتی لئے ہیں تو وہ زندہ باقی نہ رہنے والا لڑکا ہے، اور کثیر موتی خادم اور کثیر میراث ہے، موتی عالم کے لئے علم کی، والی کے لئے ولایت کی اور تاجر کے لئے اس کی تجارت کی دلیل ہے، اور موتی ہر چیز کا کمال اور جمال ہے، اور جو دیکھے کہ وہ موتی چباتا ہے تو وہ لوگوں کی ریاء کاری سے غیبت کرتا ہے، اگر موتی اگلا ہو اور پھر چبا کر اسے نگل گیا ہو تو وہ لوگوں کی غیبت اور انہیں دھوکہ فریب دیتا ہے، اگر موتی کو چھیل کر اسے پھینک دیا ہے تو وہ کفن چور ہے، اگر خواب میں الماری کھولی اور اس سے جواہرات اور موتی نکالے ہیں تو وہ کسی عالم سے مسئلہ پوچھے گا، جو موتی دیکھے وہ خوشی محسوس

Marfat.com

کرے گا، موتی مال و باندی اور اچھا کلام ہے۔ موتیوں کا ہار شادی کا انعقاد ہے یا مالی معاملہ ہے، یا قرآن کا ایک مرتبہ ختم کرنا ہے، جو دیکھے کہ وہ حمام میں موتی پھینکتا ہے تو وہ راستہ کے بیچ میں قرآن پڑھتا ہے، بعض کہتے ہیں کہ جو دیکھے کہ وہ موتی نگلتا ہے تو یہ حکمت اور علوم محفوظ رکھنے کی دلیل ہے۔ جو دیکھے کہ وہ کوڑی یا گندی جگہ پر موتی پھینکتا ہے تو وہ نااہل پر علم ضائع کرتا ہے، بڑا موتی چھوٹے موتی سے (از روئے تعبیر) بہتر ہے، بڑے موتی قرآنِ کریم کی طویل سورتوں کی بھی دلیل ہے، سوراخ نہ کئے ہوئے موتی کنواری باندیوں کی دلیل ہے، اور چھدے ہوئے (سوراخ کئے ہوئے) موتی جلد حاصل ہونے والا رزق ہے جس میں کسی قسم کا تعب وتکان نہیں، اس موتی کا دیکھنا آنکھ سے نکلنے والے آنسو ہیں، کیونکہ آنسوؤں کو موتیوں سے تشبیہ دی جاتی ہے۔

## ۲۴۱۹۔ اللوم (ملامت)

خواب میں ملامت شیطان کا ایسے بہت سے افعال میں لوگوں کے پیچھے لگنے کی دلیل ہے جو دخول جہنم کا سبب ہیں، نیز وعدہ خلافی کی دلیل ہے، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشادِ عالی ہے: "وقال الشیطان لما قضی الأمر ان اللّٰہ وعدکم وعدالحق ووعدتکم فأخلفتکم ......... فلاتلوموني و لوموا أنفسکم" (ابراہیم:۲۲) یعنی جب (قیامت میں) تمام مقدمات کا فیصلہ ہو جائے گا تو شیطان جواب میں کہے گا کہ اللہ تعالیٰ نے تم سے سچے وعدے کئے تھے اور میں نے بھی کچھ وعدے کئے تھے سو میں نے وہ وعدے تم سے خلاف کئے تھے (آگے فرمایا) پس تم مجھ پر ملامت مت کرو اور ملامت اپنے آپ کو کرو۔ جو دیکھے کہ وہ اپنے آپ کو ملامت کرتا ہے اور برا بھلا کہتا ہے تو وہ تشویش میں پڑے گا اور فتنہ میں مبتلا ہوگا جس پر اسے ملامت کی جائے گی، لیکن پھر اللہ تعالیٰ اس کو بری فرما دیں گے اور وہ اپنے دشمن پر غالب ہوگا اور لوگوں کی ملامت سے بری ہو جائے گا، اور خیر الدارین (آخرت) میں پہنچے گا۔

## ۲۴۲۰۔ اللیّ (موڑنا)

خواب میں کوئی چیز موڑنا دین میں نفاق اور کتاب میں تحریف (ردّ و بدل) کی دلیل ہے، اس لئے کہ اللہ جل جلالہ نے فرمایا ہے: "وان منھم لفریقاً یلوون ألسنتھم بالکتاب لتحسبوہ من الکتاب وما ھو من الکتاب" (ال عمران:۷۸) یعنی بے شک ان میں سے بعضے ایسے ہیں کہ اپنی زبانوں کو کتاب (پڑھنے) میں موڑتے (کج کرتے) ہیں تاکہ تم لوگ اس (ملائی ہوئی چیز) کو (بھی) کتاب کا حصہ سمجھو، حالانکہ وہ کتاب کا حصہ نہیں اور موڑنا بٹنا سفر کی بھی دلیل ہے۔

## ۲۴۲۱۔ اللیث (شیر): دیکھئے السبع (درندہ)۔

## ۲۴۲۲۔ اللیف (کھجور وغیرہ کی چھال)

خواب میں کھجور کی چھال عورت یا مرد کے لئے لباس کی دلیل ہے، کبھی مال و دولت کی بھی دلیل ہوتی ہے۔

Marfat.com

## ۲۴۲۳۔ اللیل (رات)

رات خواب میں دیکھنا بے کاری کی دلیل ہے، اگر وقت رات کا ہو اور چاند کی روشنی واضح ہو اور حال یہ ہے کہ لوگ محاصرے میں ہیں تو وہ حصار دور ہوگا، اگر لوگ مہنگائی میں مبتلا ہیں تو اشیاء کے نرخ کم ہوں گے، رات زوجین کے درمیان جمعیت و موافقت کی دلیل ہے، اور دن ان کے مابین فراق و جدائی کی دلیل ہے، اندھیری راتیں کالی باندیوں کی دلیل ہیں، اور اندھیرا گمراہی ہے، جو خواب میں اپنے گھر کے اندر تاریکی اور اندھیرا دیکھے تو کسی دور کے سفر پر روانہ ہوگا، دن اور رات دو متقابل سلطان ہیں، رات کافر اور دن مسلمان ہونے کی نشانی ہے، رات اور دن دو مدمقابل شخصوں یا دو سوکنوں کی دلیل ہے، رات کبھی راحت کی اور دن تعب و تکان کی دلیل ہوتا ہے، اور کبھی رات شادی کی اور دن طلاق کی دلیل ہوتا ہے، اور کبھی رات بحر کی اور دن بر (خشکی) کی دلیل ہوتا ہے، رات موت کی بھی دلیل ہے، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ سونے والوں کی ارواح وصول کر لیتے ہیں، دن دوبارہ جی اٹھنے کی بھی دلیل ہے۔ جو خواب میں زمانے بھر کو رات کی حالت میں دیکھے اور اس علاقہ کے لوگ کسی غم میں مبتلا ہیں تو یہ فقر، بھوک اور موت کی دلیل ہے، رات اور دن دور کی خیر یا شر کے قریب ہونے کی دلیل ہے کیونکہ دن و رات ہر نئی چیز کو پرانا اور بوسیدہ کر دیتے ہیں، رات سیاہ فام عورت اور دن سفید فام عورت کی دلیل بھی ہے۔ رات کا دیکھنا لباس اور دن کا دیکھنا ذریعۂ معاش کی دلیل بھی ہے، نیز رات قسم کی بھی دلیل و علامت ہے، جیسا کہ ارشاد رب العالمین ہے: "واللیل اذا یغشی" (اللیل:۱) یعنی قسم ہے رات کی جب کہ وہ (آفتاب کو اور دن کو) چھپا لے۔ خواب میں چودھویں رات کی طرح روشن اور چمکدار راتیں دیکھنا ہر خیر کی بشارت ہے، نصف شعبان کی شب (شب برأت)، شب معراج اور شب جمعہ کی بھی یہی تعبیر ہے۔

## ۲۴۲۴۔ اللیمون (لیموں)

خواب میں لیموں ملامت ہے، اور ایک لیموں بوجھ و تکلیف ہے، لیموں اگر زرد ہو تو وہ مرض کی علامت ہے، اگر کوئی شخص لیموں کا مالک ہوا ہو لیکن اسے کھایا نہ ہو تو وہ مال و دولت ہے، سبز رنگ کا لیموں زرد رنگ سے بہتر ہے، لیموں ملامت گر کی علامت ہے، لیموں کا درخت لوگوں کو نفع پہنچانے والا شخص ہے، بعض کہتے ہیں کہ لیموں کا درخت مالدار اور خیر میں مشہور عورت ہے۔

## ۲۴۲۵۔ اللینوفر (نیلوفر)

خواب میں نیلوفر کا پودا کسی چیز کو چھپانے یا زندگی یا بحری سفر کی دلیل ہے، اور جو بحر کا مسافر ہو اور خواب میں نیلوفر دیکھے تو اس کے متعلق غرق ہونے کا خوف ہے۔ نیلوفر حلال مال ہے جو وہ نیک کام میں خرچ کرتا ہے، نیلوفر غم و حزن، امراض یا ایسی کثرت پر دال ہے جو اس کو مضبوط و قوی بنائے گی۔

## ۲۴۲۶۔ اللیوان (محل): دیکھو الایوان (محل)۔

Marfat.com

# ﴿باب المیم﴾

**۲۴۲۷۔ الماثلة (چراغ دان):** دیکھئے الشمعدان (شمع دان)۔

## ۲۴۲۸۔ المارستان (ہسپتال)

خواب میں ہسپتال حمام کی دلیل ہے کیونکہ وہ جن وشیاطین کا مقام ہے، نیز کشفِ عورت (ستر کھلنے) اور ناپسندیدہ کاموں کے ظہور کی جگہ ہے، ہسپتال تعلیم گاہ کی بھی دلیل ہے، کیونکہ اس میں ادب کی تعلیم اور عمدہ بیانی سکھائی جاتی ہے، ہسپتال اور شفاخانہ لہو ولعب کے مقامات، شور وغل اور بیہودہ کلامی کی دلیل بھی ہے، نیز عیال و اولاد کی جدائی پر دلیل ہے، اگر ہسپتال میں کوئی مردہ دیکھا گیا ہو تو وہ آگ میں ہے جو زنجیروں اور طوقوں کا مقام ہے، اگر خواب میں اپنے آپ کو دیگر مریضوں کے ساتھ ہسپتال میں دیکھے تو یہ شرعی طور پر قیدخانہ میں جانے کی دلیل ہے۔ اگر دیوانوں کے ساتھ دیکھے تو مجرموں کے ہمراہ جیل خانہ کی دلیل ہے، اگر تندرست ہو تو بیمار ہوگا، یا پھر مرض اس کا طویل ہوگا یا حالت مسافرت میں موت آئے گی یا شہید ہوگا، اور نادار شخص کے لئے یہ خواب خوشحالی اور آسودہ حالی حاصل ہونے کے سبب لوگوں سے مستغنی و بے نیاز ہونے پر دلیل ہے۔

## ۲۴۲۹۔ الماشطة (کنگھی کرنے والی خادمہ)

خواب میں اس خادمہ کے قریب ہونا لوگوں کی نظروں میں عزت و جاہ کے حصول کی دلیل ہے، اگر وہ خادمہ غیر شادی شدہ کے پاس آئے تو اس کی شادی ہوگی۔ کنگھی کرنے والی مالدار عورت ہے، اور عطر فروش کی بھی دلیل ہے۔

**۲۴۳۰۔ الماعز (بکری):** دیکھئے الغنم (بکریاں)۔

## ۲۴۳۱۔ مالک (داروغہء جہنم)

خواب میں جہنم کے داروغہ مالک کو دیکھنا اس بات کی دلیل ہے کہ وہ پولیس کے افسر کا مقابلہ کرے گا، اگر مالک (جہنم کا داروغہ) کو مسکراتے دیکھے تو قید سے نجات ہوگی، اگر یہ خواب مریض دیکھے تو اس پر موت کا خدشہ ہے، اس کو دیکھنا اللہ، اس کے رسولؐ مسلمانوں اور سلطان سے محبت کی دلیل ہے، نیز نفاق سے دوری، معاصی اور گناہوں کے چھوٹنے اور دینی غیرت کی دلیل بھی ہے۔

## ۲۴۳۲۔ الماء (پانی)

خواب میں پانی خوشگوار زندگی ہے، لہٰذا جو اپنے گھر میں پانی دیکھے تو یہ سعادتمندی، مال کثیر، غنیمت اور شادی کی دلیل ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: "وھو الذی خلق من الماء بشرًا فجعله نسبًا و صھرًا" (الفرقان: ۵۴) یعنی وہ ایسا ہے جس

Marfat.com

نے پانی سے (یعنی نطفہ سے) آدمی کو پیدا کیا پھر اس کو خاندان والا اور سسرال والا بنایا۔ جو دیکھے کہ پانی صاف شفاف اور کثیر ہے تو اشیاء کے نرخ کم ہوں گے عدل و انصاف پھیلے گا۔ پانی کو چبانا مال و معیشت میں سخت محنت و کاوش کرنے کی دلیل ہے۔ پانی پینا دشمن سے امن و سلامتی اور پینے والے کے لئے سال کی خوشحالی ہے، اگر خواب میں بیداری کی حالت سے زیادہ پانی پیا ہے تو یہ طول عمر کی دلیل ہے، ابن سیرین رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ خواب میں پانی دیکھنا دینی فتنہ ہے کیونکہ ارشاد الٰہی ہے: "ماءً غدقًا لنفتنهم فيه" (الجن:۱۷) یعنی وافر پانی (ان کو پلاتے ہیں) تاکہ اس میں ان کا امتحان کریں۔ اور پانی بلاء آزمائش ہے اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: "انّ اللّٰه مبتليكم بنهرٍ فمن شرب منه فليس مني و من لم يطعمه فانه منّي الا من اغترف غرفة بيده" (البقرۃ:۲۴۹) یعنی تحقیق اللہ تعالیٰ تمہارا امتحان کریں گے ایک نہر سے سو جو شخص اس سے پانی پیئے گا وہ تو میرے ساتھیوں میں نہیں اور جو اسکو زبان پر بھی نہ رکھے وہ میرے ساتھیوں میں ہے لیکن جو شخص اپنے ہاتھ سے ایک چلو بھر لے (تو اتنی رخصت ہے)۔ جو دیکھے کہ اسے ایک پیالہ میں پانی دیا جاتا ہے تو یہ لڑکے کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ وہ ایک پیالہ برتن میں صاف پانی پیتا ہے تو اسے اپنی اولاد اور زوجہ سے خیر حاصل ہوگی، اس لئے کہ شیشہ عورت کا زیور ہے، اور پانی جنین (پیٹ کا بچہ) ہے۔ اور جو دیکھے کہ وہ گرم پانی پیتا ہے تو وہ شدید غم سے دوچار ہوگا، جو خواب میں اپنے آپ کو پانی میں دیکھے تو یہ فتنہ و آزمائش اور غم ہے، جو دیکھے اس کے پاس صاف پانی کی مشک ہے تو یہ مالِ وراثت ہے، اور جو دیکھے کہ وہ پانی مانگتا ہے تو وہ لوگوں میں جھوٹ پھیلاتا ہے، ٹھہرا ہوا پانی حبس و قید ہے، بدبودار پانی ناخوشگوار زندگی ہے، گرم پانی جو دن کے وقت استعمال کیا گیا ہو عقوبت اور عذاب ہے، رات کو اگر استعمال کیا گیا ہو تو یہ جنات کی طرف سے خوف و گھبراہٹ ہے، نمکین پانی مال و معیشت میں محنت و مشقت ہے، گدلا پانی مالِ حرام ہے، سیاہ پانی ویرانی ہے، زرد پانی مرض ہے، جو شخص دیکھے کہ وہ دریا کا پانی پیتا ہے تو اسے بادشاہ کی طرف سے پریشانی یا مرض لاحق ہوگا، بعض کہتے ہیں کہ گدلا پانی سلطانِ جابر ہے، جو خواب میں گدلے پانی میں غسل کرے اور وہ کسی سختی میں مبتلا ہو تو اس سے خلاصی ہوگی، اگر مریض ہو تو اللہ تعالیٰ اسے شفاء دیں گے، اگر قید ہو تو نجات ملے گی، نمکین پانی غم کی نشانی ہے، جو دیکھے کہ وہ پانی کے اوپر چلتا ہے تو یہ ایمانی قوت اور اللہ تعالیٰ پر یقین کی دلیل ہے، بعض کہتے ہیں کہ اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ سفر کرے گا یا جان کو خطرہ میں ڈالے گا، جو خواب میں گہرے پانی میں واقع ہو تو اسے دنیا ملے گی اور متمول (مالدار) ہوگا، کیونکہ دنیا بحرِ عمیق ہے، بعض کہتے ہیں کہ اسے سرور و نعمت ملے گی، اور جو دیکھے کہ اس نے صاف شفاف پانی میں دیکھا تو اسے اس میں اپنا خوبصورت چہرہ نظر آیا ہے تو وہ اپنے گھر والوں اور ہمسایوں سے اچھا برتاؤ کرتا ہے، اور جو دیکھے کہ اس نے دریا میں پانی انڈیلا ہے تو وہ کسی عورت پر خرچ کرتا ہے، زیادہ پانی فکر و پریشانی، عذاب اور فتنہ ہے، اور جو دیکھے کہ پانی شہر و علاقہ میں زیادہ ہوگیا ہے اور حد سے تجاوز کر گیا ہے تو اس جگہ عظیم فتنہ و فساد رونما ہوگا اور شریر لوگ مریں گے، شیریں پانی رزقِ حلال، دل کی خوشی، علم اور قریب الموت کے لئے زندگی کی دلیل ہے، اس لئے کہ فرمانِ الٰہی ہے: "وجعلنا من الماء كل شيءٍ حي" (الانبیاء:۳۰) یعنی اور ہم نے (بارش کے) پانی سے ہر جاندار چیز کو بنایا ہے۔ پانی کنوارے کے حق میں زوجہ اور کنواری کے لئے شوہر کی دلیل ہے، پانی پینا فقراء کے مشروب کی بھی دلیل ہے، اور جس کا شیریں اور میٹھا پانی نمکین اور کھارا ہوگیا ہو وہ دین سے مرتد ہوگا یا اس کے امور دشوار ہوں گے، اگر کسی برتن میں پانی اٹھایا

Marfat.com

ہے تو اس کی بیوی حاملہ ہوگی، اور کمی کے وقت میں پانی کی زیادتی اور زیادتی کے وقت میں پانی کی قلت جور وظلم اور مہنگائی کی دلیل ہے، اور کسی جگہ سے پانی کا پھوٹنا غم وفکر کی نشانی ہے، سبز رنگ کا پانی طویل مرض ہے، جو سیاہ پانی پیئے تو اس کی نظر جاتی رہے گی، جو دیکھے کہ اس پر گرم پانی بہایا گیا ہے تو وہ قید ہوگا یا بیمار ہوگا یا شدید پریشانی سے دوچار ہوگا یا جنات کے خوف میں مبتلا ہوگا، جو دیکھے کہ اس کے کپڑے پانی سے بھیگ گئے ہیں تو سفر پر برقرار رہے گا یا جس کام کا ارادہ کیا ہے اس سے رکے گا، اور جو دیکھے کہ اس نے تھیلی میں یا کپڑے میں یا ایسی چیز میں پانی اٹھایا ہے جس میں پانی کا اٹھانا ممکن نہیں تو وہ اپنے مال یا حال یا حیات کے غرور وگھمنڈ میں ہے، جو دیکھے کہ اسے ایک گلاس یا پیالہ میں پانی دیا گیا ہے اور حال یہ ہے کہ اس کی بیوی حاملہ ہے اور خواب میں وہ پیالہ ٹوٹ گیا ہے تو وہ عورت وفات پائے گی، اگر پانی گر گیا ہے اور پیالہ نہیں ٹوٹا ہے تو بچہ مرے گا اور عورت سلامت رہے گی، ٹھنڈے پانی سے غسل کرنا توبہ تائب ہونے، قید سے رہائی پانے، قرض کی ادائیگی اور خوف سے امن وامان ہونے کی دلیل ہے۔ جو شخص دیکھے کہ وہ کنویں سے پانی لیتا ہے تو اسے حیلہ ومکر سے مال ودولت ملے گا۔

## ۲۴۳۳۔ ماء الرجل (منی): دیکھو المنی (منی)۔

## ۲۴۳۴۔ المائدة (دسترخوان)

خواب میں دسترخوان نعمت، قبولیت دعا اور خوشحال زندگی ہے، نیز دسترخوان دشمنوں پر نصرت حاصل ہونے کی دلیل ہے، اور صاحب معیشت کے لئے دسترخوان اس کی معیشت ہے، دسترخوان نیک اور سخی آدمی ہے، اگر دسترخوان پر بہت زیادہ روٹیاں اور اچھے عمدہ کھانے دیکھے تو یہ بھائیوں کی محبت ومودّت کی کثرت ہے، اگر دیکھے کہ اس نے دسترخوان سے بہت زیادہ کھانا کھایا ہے تو یہ اس کی عمر کی درازی کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ دسترخوان اٹھا لیا گیا ہے تو اس کی عمر ختم ہونے کو ہے، دسترخوان پر ازدہام کی کثرت عیال کی کثرت پر دلیل ہے، اگر دسترخوان پر دو مخالف جمع ہوں تو یہ لڑائی کی دلیل ہے خصوصاً جب طعام بھنی ہوئی سریاں یا ہریسہ ہو، اس صورت میں وہ دسترخوان (گویا) لڑائی اور مقابلہ کا میدان ہے، باہم کھانا ہاتھوں سے نیزہ بازی اور مقابلہ بازی ہے، دسترخوان دین کی بھی دلیل ہے، خواب میں دسترخوان پر اگر اس کے ہمراہ اور لوگ بھی ہوں تو وہ شخص کسی خوشی کی بات پر ان لوگوں سے بھائی چارہ قائم کرتا ہے۔

## ۲۴۳۵۔ المبارزة (مقابلہ کرنا)

خواب میں مقابلہ کرنا انسان کی قوت یا خصومت (لڑائی) یا اختلاف وافتراق یا کسی کے ساتھ لڑنے کی دلیل ہے، اور جو تلوار سے مقابلہ کرے تو اسے اللہ کے راستہ میں تلوار زنی کے سبب شرف ومقام ملے گا، جو اپنے ہاتھ میں مشہور تلوار دیکھے تو کسی عمل کے سبب مشہور ہوگا۔

Marfat.com

## ۲۴۳۶۔ المباعدة (دور ہونا): دیکھئے الخصام (جھگڑا)۔

## ۲۴۳۷۔ المبایعة (بیعت کرنا)

جو دیکھے کہ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل بیت اور آپ کی جماعت کے ہاتھ پر بیعت کرتا ہے تو وہ ہدایت کی اتباع کرتا ہے اور اسلامی شریعت اور راہِ مستقیم کی حفاظت و خیال رکھتا ہے، اگر دیکھے کہ اس نے کسی سرحدوں کے امیر کے ہاتھ پر بیعت کی ہے تو یہ دشمنوں پر فتحیابی کی بشارت ہے اور وہ توبہ تائب، عابد و زاہد اور رکوع سجدہ کرنے والا ہوگا، اگر فاسق کے ہاتھ پر بیعت کی ہے تو وہ فاسق قوم کی اعانت کرتا ہے، اگر درخت کے نیچے بیعت کی ہے تو اسے اللہ تعالیٰ کی رضا و خوشنودی کے ساتھ غنیمت حاصل ہوگی۔

## ۲۴۳۸۔ المبرد (ریتی)

خواب میں ریتی زبان ہے، اور ریتی حاجت روائی اور صاحبانِ کلام کے لئے حسنِ عبادت ہے، نیز ریتی معین و مددگار اور ہوشیار غلام کی اور شادی کی دلیل ہے۔

## ۲۴۳۹۔ مبرک الابل (اونٹوں کا باڑہ): دیکھئے مناخ الابل (اونٹوں کا باڑہ)۔

## ۲۴۴۰۔ المَبقَلة (کھیت)

خواب میں سبزی کی جگہ یعنی کھیت غمزدہ آدمی ہے، لہٰذا جو شخص دیکھے کہ اس نے اپنے باغ سے سبزیوں کی گٹھری یا گٹھا جمع کیا ہے تو اس کی عورتوں کے قرابتداروں کی طرف سے سارا شر و فساد اسی پر جمع ہوگا، اور خشک سبزی مال ہے، بعض سبزی کو غم و حزن قرار دیتے ہیں۔

## ۲۴۴۱۔ المبلّط (فرشی پتھر لگانے والا)

خواب میں فرشی پتھر یا ٹائلیں لگانے والا معاملات کو درست کرنیوالا یا کپڑے کو کاٹنے والا یا درزی ہے۔

## ۲۴۴۲۔ المبلة (تر کرنے کی جگہ)

خواب میں اس کا حکم وہی ہے جو چمڑا رنگنے کی جگہ کا ہے۔ اگر چمڑا رنگنے کی جگہ آزاد عورت پر دلیل ہے تو تر کرنے کی جگہ باندی کی دلیل ہے کیونکہ وہ میلی کچیلی ہوتی ہے۔ اگر چمڑا رنگنے کی جگہ شہری عورت پر دلیل ہے تو تر کرنے کی جگہ دیہاتی عورت کی دلیل ہوگی۔ تر کرنے کی جگہ حمام یا موت یا غرقابی یا منہدم ہونے کی دلیل ہے۔

Marfat.com

## ۲۴۴۳۔ المُبیّض (قلعی کرنے والا)

اگر سوت کو قلعی کرنے والا ہو تو جو دھوبی کی دلیل ہے وہی اس کی تعبیر ہے، اور دیواروں کی سفیدی کرنیوالا اس درزی کی دلیل ہے جو لوگوں کو نئے کپڑے پہناتا ہے نیز عزت و جاہ رفعت و بلندی، اچھی تعریف اور امور کی درستگی کی دلیل ہے، اور تانبے کی چیزوں کو قلعی کرنے والا خواب میں دیکھنا ظاہر و خفیہ نیک اعمال کرنے والا ہے۔

## ۲۴۴۴۔ المتباعد (دور ہونے والا): دیکھئے العدو (دشمن)۔

## ۲۴۴۵۔ المتجر (تجارت گاہ): دیکھو الحانوت (دُکان)۔

## ۲۴۴۶۔ المتر (میٹر): دیکھئے الذراع (گز)۔

## ۲۴۴۷۔ المتراس (مورچہ): دیکھئے المغلاق (تالا)۔

## ۲۴۴۸۔ المتسوّل (گداگر): دیکھئے الکدّاش (بھکاری)۔

## ۲۴۴۹۔ المتصرّف (صوبہ کا حاکم): دیکھئے الرآس (سریاں بیچنے والا)۔

## ۲۴۵۰۔ المتعة (متعہ کرنا)

خواب میں جو متعہ کرے اسے راحت و منفعت حاصل ہوگی، متعہ ان اعمال کی دلیل ہے جو عذاب خداوندی کا سبب ہیں جیسے بدکاری، سود اور بیع فاسد وغیرہ، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: "وجعلوا لله أندادًا ليضلوا عن سبيله، قل تمتعوا فان مصيركم الى النار" (ابراھیم: ۳۰) یعنی اور ان لوگوں نے اللہ کے شریک قرار دیئے تاکہ اس کے دین سے گمراہ کریں آپ کہہ دیجئے کہ چندے عیش کرلو کیونکہ اخیر انجام تمہارا دوزخ میں جانا ہے۔ متعہ مال و جان پر غرور و گھمنڈ کی بھی دلیل ہے۔

## ۲۴۵۱۔ المتکأ (تکیہ): دیکھئے المخدة (تکیہ)۔

## ۲۴۵۲۔ مثقال

خواب میں مثقال کا وزن امر بالمعروف اور نہی عن المنکر اور وعظ و تنبیہ کی دلیل ہے۔ مثقال ہدایت وصدق اور اچھے قول کی دلیل ہے یا پھر گناہ کی دلیل ہے۔

## ۲۴۵۳۔ المثقب (دشوار راستہ)

خواب میں سخت اور دشوار راستہ سخت گو اور بڑا مکار آدمی ہے۔ دشوار راستہ حاجات کے پورا ہونے اور مقاصد میں تعاون کرنے والے یا جبراً سفر کرنے کی دلیل ہے، دشوار راستہ کنوئیں کھودنے اور زر حیوان کی دلیل ہے۔

Marfat.com

**۲۴۵۴۔ المجادلة (جھگڑنا):** دیکھئے الخصام (جھگڑا)۔

## ۲۴۵۵۔ المجاعة (قحط سالی)

خواب میں قحط سالی رعایا کی ذلت اور ان کے اموال کی حرص و طمع رکھنے کی دلیل ہے۔علماء کے لئے قحط سالی ان کی علم میں حرص کی دلیل ہے۔

## ۲۴۵۶۔ المجاعة (جماع کرنا)

جو خواب میں دیکھے کہ وہ اپنے آپ سے جماع کرتا ہے تو یہ فضول خرچی اور گھر کی محرم عورت سے صحبت کرنے کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ وہ وہ کسی بچہ سے جماع کرتا ہے تو وہ مصیبت سے دوچار ہوگا، اگر دیکھے کہ کسی عورت سے جماع کرتا ہے اور وہ اس عورت کو پہچانتا ہے اور وہ عورت حسین وجمیل اور زینت کرنے والی ہو تو یہ خیر کثیر کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ وہ اپنے بھائی یا دوست سے جماع کرتا ہے تو یہ دوست کی دشمنی کی دلیل ہے، اور اسے بھائی وغیرہ سے مضرت پہنچے گی، جو دیکھے کہ وہ اپنی والدہ سے جماع کرتا ہے تو یہ باپ کی عداوت و دشمنی کی دلیل ہے۔جو دیکھے کہ وہ کسی میت سے جماع کرتا ہے تو یہ اس کی موت کی دلیل ہے۔

## ۲۴۵۷۔ المجبر (سرجن)

خواب میں سرجن دیکھنا اس بادشاہ کی دلیل ہے جو حقوق اور میزانوں کو جوڑتا ہے، اس کو دیکھنا تکبر و بڑائی یا پریشانیوں یا انجینئر یا فقیر و نادار کو دینے والا جابر آدمی ہے، خواب میں اگر سرجن سیاہ فام آدمی کا علاج کرے اور اس کی ہڈیاں جوڑے تو وہ ظالموں کی ان کے ظلم پر مدد کرتا ہے۔

**۲۴۵۸۔ المجد (شرافت وعزت):** دیکھئے العز (عزت)۔

## ۲۴۵۹۔ المجرفة (بیلچہ)

خواب میں بیلچہ غیر شادی شدہ کے لئے زوجہ کی دلیل ہے جو نہ راز کی حفاظت کرتی ہے اور نہ مال کی، کبھی بیلچہ زوال غم و فکر اور ادائے قرض کی دلیل ہوتا ہے، بیلچہ قابل اعتماد آدمی ہے جس سے تعاون حاصل کیا جائے، جو اپنے ہاتھ میں بیلچہ دیکھے تو تمام خیر وفضل اس کی طرف لوٹیں گے، بیلچہ عورت اور عمل کی حرکت کی دلیل ہے۔

## ۲۴۶۰۔ المُجلّد (جلد ساز)

خواب میں جلد ساز (کتابوں کی جلدیں کرنے والا) مُردوں کو غسل دینے والا اور ان کے عیوب چھپانے والا ہے

Marfat.com

یا درزی ہے، یا پھر اس کا دیکھنا رازوں کو مخفی رکھنے اور محبت کی حفاظت پر دلیل ہے۔

## ۲۴۶۱۔ المجلّد (جلد والی کتاب)

جو شخص خواب میں علوم کی یا تفسیر کی کتب و مجلدات دیکھے تو اس کے امور درست ہوں گے، اور جو فقہ کی مجلدات (کتابیں) دیکھے تو اسے خیر حاصل ہوگی، اور جو واقعات کی کتب دیکھے وہ بادشاہوں کا مقرب ہوگا، اور جو منطق کی کتب و مجلدات دیکھے تو وہ عجیب قسم کے امور میں مشغول ہوگا۔

## ۲۴۶۲۔ المجلس (مجلس)

جو خواب میں دیکھے کہ وہ وعظ کی مجلس لگائے ہوئے ہے اور اس میں لوگوں کو وعظ و نصیحت کرتا ہے جب کہ وہ اسکا اہل نہیں ہے تو وہ کسی فکر یا مرض میں مبتلا ہوگا، اگر مجلس میں نیکی کی اور حکمت و دانائی کی باتیں کی ہیں تو کشادہ حالی ہوگی اور وہ مرض سے نجات پائے گا اور تنگی سے کشادگی کی جانب جائے گا یا اس کے ذمہ جو قرض ہے اس سے بری ہوگا یا ظالم پر غالب آئے گا، اور خواب میں کسی جگہ پر ذکر اللہ ہوتا ہوا دیکھنا اس جگہ کی حکمت و دانائی کے ساتھ تعمیر پر دلیل ہے، اور جو خواب میں ایسی مجلس دیکھے جس میں علماء کی ایک جماعت بیٹھی ہو اور وہ خود ان علماء کے سامنے بیٹھا ہوا ہو اور وہ اس کا مستحق بھی ہے تو یہ اس کا علم اور مزید رفعت و بلندی ہے، اگر مجلسِ وعظ میں وعظ کر رہا ہو تو اگر اپنا وعظ مکمل کیا ہے تو اسکے کام پورے ہوں گے، اور خواب میں مجلس اس کا منصب ہے جس پر وہ بیٹھتا ہے اور اس کی وہ سواری ہے جس پر وہ بیٹھتا ہے، اور مجلس زوجہ ولد اور خادم ہے، اور جو دیکھے کہ اسے کسی نامعلوم مجلس کی طرف بلایا گیا ہے جس مجلس میں پھل میوے اور مشروبات ہیں تو اسے جہاد اور حصولِ شہادت کی طرف بلایا جاتا ہے۔

## ۲۴۶۳۔ المجمرۃ (انگیٹھی)

خواب میں انگیٹھی باندی یا ادیبہ ہے یا مہذب غلام (لڑکا) ہے، اور اچھی تعریف کے حصول کی دلیل ہے، جو اپنی انگیٹھی دیکھے کہ اس کی آگ بجھ گئی ہے یا اس میں کوئی عیب و نقص پیدا ہوا ہے تو یہ اصل میں یہ حالت اس کی خادم یا اس کی زوجہ کی طرف منسوب ہوگی۔

## ۲۴۶۴۔ المجهود (طاقت و مشقت): دیکھو الجهد (جدوجہد کرنا)۔

## ۲۴۶۵۔ المجوس (مجوسی)

جو خواب میں بوڑھے مجوسی (آتش پرست) کو دیکھے تو یہ دشمن ہے جو اپنے مخالف کو ہلاک کرنا نہیں چاہتا، اور جو

Marfat.com

اپنے آپ کو مجوسی دیکھے تو وہ کبیرہ گناہوں کا ارتکاب کر کے اسلام کو پس پشت ڈال دے گا، اگر دیکھے کہ اس کا ہاتھ کسریٰ کے ہاتھ جیسا ہو گیا ہے تو جو کچھ ان جابروں اور ظالم لوگوں کے ہاتھوں ہوا وہ کچھ اس کے ہاتھ سے ہوگا پھر کفر پر موت آئے گی مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ اس کے لئے خیر چاہتے ہوں، اگر دیکھے کہ اس کا ہاتھ پہلی حالت میں واپس لوٹ آیا ہے (جیسا پہلا تھا) تو وہ توبہ تائب ہوگا، اگر مجوسی دیکھے کہ وہ یہودی یا عیسائی بن گیا ہے تو وہ افضل حالت کی طرف لوٹے گا، اگر خود کو خواب میں مجوسی دیکھے تو وہ دنیا کا طالب ہے، جو دیکھے کہ وہ آتش پرستی کرتا ہے تو وہ سلطان کی خدمت کا طالب ہے، کیونکہ آگ کی تعبیر سلطان سے ہے، اگر وہ آگ بجھی ہوئی ہے تو وہ مالِ حرام کا طالب ہے۔

## ٢٤٦٦۔ المحاسب (حساب لینے والا)

خواب میں محاسب صاحبِ عذاب ہے، بادشاہ کے محاسب کی چند انواع ہیں:

اگر عامل (بادشاہ کا مقرر کردہ کارندہ) دیکھے کہ وہ مستوفی (وصول کنندہ) بن گیا ہے تو اس کا مرتبہ بلند ہوگا اور رزق میں وسعت ہوگی، جیسے ناظر (انسپکٹر)، اگر خواب میں مشرف (نگران) بن جائے تو اسکا مقام و مرتبہ کم ہوگا اور اسے خسارہ اور فکر و غم لاحق ہوگا، اگر انسان مجہول و نامعلوم دفتر (رجسٹر) دیکھے اور وہ اس کا حساب کتاب لیتے ہوں تو یہ اس امر کی دلیل ہے کہ وہ شخص کسی بدعتی یا ضلالت والے کام میں مبتلا ہے اور اس کا تحریر شدہ اعمال کے سبب مؤاخذہ ہوگا۔

## ٢٤٦٧۔ المحاکاۃ (نقل اتارنا)

خواب میں انسان کا کسی حیوان یا پرندے کی نقل اتارنا نرم کلامی اور لوگوں کے درمیان صلح صفائی کرانے کے لئے دلوں کو مائل کرنے کی دلیل ہے، خواب میں ہاتھ اور انگلیوں سے نقل اتارنا عیب گیری اور طعنہ زنی کی دلیل ہے، عورتوں اور سوڈانیوں کی نقل اتارنا اس بات کی دلیل ہے کہ وہ ترجمان بنے گا یا بہت زیادہ بیہودہ گو ہوگا، نقل اتارنا صنعت و پیشہ میں دھوکہ دینے یا لوگوں کی چاپلوسی اور خوشامد کرنے کی دلیل ہے۔

## ٢٤٦٨۔ المحبرۃ (دوات): دیکھئے الدواۃ (دوات)۔

## ٢٤٦٩۔ مجلس الطیر (پنجرہ): دیکھئے القفص (پنجرہ)۔

## ٢٤٧٠۔ المحبۃ (محبت): دیکھئے الحب (محبت کرنا)۔

## ٢٤٧١۔ المحتسب (محتسب)

خواب میں محتسب کو دیکھنا عوام کی صلاح و بہبود کی دلیل ہے، کیونکہ محتسب کا عام طور پر لوگوں سے تعلق رہتا ہے، اگر

Marfat.com

کوئی شخص محتسب کو اچھی حالت میں دیکھے یا اس کے (جسم و بدن) پر عمدہ خوشبو محسوس کرے تو یہ اس کی حسنِ سیرت کی دلیل ہے، اگر محتسب کو بُری حالت میں دیکھے یا اس سے بدبو محسوس کرے یا اس کی آنکھیں اندھی ہوگئی ہوں تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ وہ جس کام میں لگا ہوا ہے اس میں اس کی تدبیر اچھی نہیں ہے، محتسب باادب لڑکے، استاد اور حاکم کی بھی دلیل ہے، جو خواب میں محتسب بن گیا ہو تو اس پر مصیبت کا نزول ہوگا اور وہ اس مصیبت پر اللہ تعالیٰ سے حصولِ ثواب کا طالب ہوگا۔

## ۲۴۷۲۔ المحجل (سفید ٹانگوں والا گھوڑا): دیکھئے الخیل (گھوڑا)۔

## ۲۴۷۳۔ المحدث (بیان کرنے والا): دیکھئے الزاویة (روایت کرنے والا)۔

## ۲۴۷۴۔ محراب

خواب میں محراب رئیس یا امام ہے۔ جو دیکھے کہ وہ محراب میں نماز پڑھتا ہے تو یہ خواب اس کے لئے بشارت ہے۔ اگر یہ خواب عورت دیکھے تو اس کے ہاں بیٹا ہوگا، فقراء کے محراب (جگہ) خواب میں دیکھنا تہجد، اخلاص اور لوگوں سے یکسوئی اور علیحدگی اختیار کرنے کی دلیل ہے، اور ٹیڑھے محراب کجروی اور قول و عمل میں لغزش و خطا کھانے کی دلیل ہے۔ محراب رزقِ حلال اور نیک صالح زوجہ کی بھی دلیل ہے۔ اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: "كلما دخل عليها زكريا المحراب وجد عندها رزقًا" (آل عمران: ۳۷) یعنی جب بھی زکریا علیہ السلام محراب میں ان کے پاس آتے تو ان کے پاس رزق پاتے۔ اگر مسجد کا محراب قبلہ سے منحرف (ہٹا ہوا) ہو یا وہ بدبودار ہو یا اس کے اندر سڑی ہوئی لاش پڑی ہو تو یہ صاحب خواب کے کفر یا بدعت یا نفاق کی دلیل ہے۔

## ۲۴۷۵۔ المحراک (کریدنی)

خواب میں آگ حرکت دینے کا آلہ (کریدنی) فتنہ و آزمائش ہے۔

## ۲۴۷۶۔ المحشی (گوشت سے کھال اتارنا)

خواب میں مچھلی یا مرغ کی کھال اگر گوشت سے اتری ہوئی ہو تو کمایا ہوا مال ہے، اور غیر شادی شدہ کے لئے شادی کی دلیل ہے، اور مریض کے لئے شفاء کی دلیل ہے، اور جس میں چربی ہو تو وہ عورتوں سے حاصل کیا ہوا مال ہے۔

## ۲۴۷۷۔ المحفّة (اسٹریچر)

خواب میں اسٹریچر دیکھنا سفر کی اور ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقلی کی دلیل ہے، اسٹریچر عظیم المرتبت عورت کی بھی دلیل ہے۔

Marfat.com

## ۲۴۷۸۔ المحک (کسوٹی): دیکھئے المسن (کسوٹی)۔

## ۲۴۷۹۔ المِحلاج (روئی دھننے کی مشین)

خواب میں روئی دھننے کی مشین دیکھنا امر و نہی، حاجت روائی، نیک نسل اور نفع بخش مال ہے۔ غیر شادی شدہ کے لئے شادی کی دلیل ہے، نیز ظہورِ حق کی علامت ہے، روئی دھننے کا آلہ اور چھوٹی گھنٹیاں دو حصہ دار ہیں جن میں سے ایک منافق اور دوسرا سنگدل ہے، اور وہ دونوں حق و باطل کے درمیان فرق کرتے ہیں۔

## ۲۴۸۰۔ المَحلب (مَحلب پودا)(۱)

خواب میں محلب پودا خوشگوار رزق ہے، جو خواب میں محلب کا پودا یا اس کی کوئی شاخ ٹہنی دیکھے تو وہ نیک اور خوبصورت فرزند سے نوازا جائے گا۔

## ۲۴۸۱۔ محمّد صلی اللہ علیہ وسلم

حدیثِ صحیح میں وارد ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے خواب میں مجھے دیکھا وہ عنقریب مجھے بیداری میں دیکھے گا کیونکہ شیطان میری صورت اختیار نہیں کر سکتا (رواہ البخاری)۔ ایک دوسری روایت میں ہے کہ آپؐ نے فرمایا کہ جس نے مجھے دیکھا اس نے حق کو دیکھا۔ روایتِ انس رضی اللہ عنہ میں ہے کہ آپؐ نے فرمایا کہ جس نے مجھے خواب میں دیکھا وہ ہرگز جہنم میں داخل نہیں ہوگا، اور ایک روایت میں یوں الفاظ ہیں "وہ شخص جہنم میں ہرگز داخل نہیں ہوگا جس نے مجھے خواب میں دیکھا"۔ اور ایک روایت میں اس طرح آیا ہے "جس نے مجھے اپنی خواب میں دیکھا اس نے یقیناً مجھ ہی کو دیکھا ہے، شیطان کے لئے میری صورت اختیار کرنا مناسب نہیں ہے، اور بھی بہت سی روایات ہیں، علماء کے اقوال حدیثِ مذکور کے معنی و مطلب کے متعلق مختلف ہیں، علماء کی ایک جماعت کہتی ہے کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ خواب میں نبی کو دیکھنا واقعۃً اسی صورت و شکل میں دیکھنا ہے جو آپؐ کی تھی، ابن سیرین رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ اسکا مطلب آپ کو اس صورت میں دیکھنا ہے جس صورت میں آپ کی روح مبارک قبض ہوئی تھی، اس مطلب کی تائید حدیثِ عاصم بن کلیب سے ہوتی ہے حاکم میں ان کے الفاظ بسندِ جید اس طرح آتے ہیں کہ میں نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے کہا کہ میں نے خواب میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا تو انہوں نے فرمایا کہ میرے سامنے آپ کا حلیہ مبارک بیان کرو چنانچہ میں نے حسن بن علیؓ کا ذکر کیا، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو میں نے ان کے (حضرت حسن رضی اللہ عنہ) کے ساتھ تشبیہ دی تو ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا تو نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہی کو دیکھا، اس حدیثِ عاصم کے متعارض نہیں ہے وہ حدیث جس میں یہ ہے کہ آپ نے فرمایا کہ جس نے مجھے خواب میں دیکھا تحقیق اس نے مجھ ہی کو دیکھا ہے کیونکہ میں ہر صورت میں دیکھا جاتا ہوں، کیونکہ

---

(۱) محلب پودا ایک پودا ہے جس سے خوشبو حاصل کی جاتی ہے۔

Marfat.com

یہ حدیث ضعیف ہے، علماء کی دوسری جماعت کہتی ہے کہ یہ بات شرط نہیں ہے ان میں سے ابن العربیؒ بھی ہیں، حاصل کلام یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو صفتِ معلومہ کے ساتھ دیکھنا حقیقت کا ادراک ہے اور اس کے علاوہ دیکھنا مثال کا ادراک ہے، کیونکہ یہ بات درست ہے کہ انبیاء کرام علیہم السلام کے اجسام کو زمین متغیر نہیں کرتی ہے، لہٰذا آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ کریمہ کا ادراک یہ حقیقت کا ادراک ہے اور صفات کا ادراک مثال کا ادراک ہے، ابن ابی حمزہ کہتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو خوبصورت شکل وصورت میں دیکھنا صاحب خواب کے حسنِ دین کی دلیل ہے، کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات مبارکہ صاف شفاف آئینہ کی طرح ہے جو بھی چیز اس کے مقابل آتی ہے اس میں ڈھل جاتی ہے، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کا یہ بہت بڑا فائدہ ہے کیونکہ اس سے صاحب خواب کا حال معلوم ہو جاتا ہے، یہ بات ابن حجر الھیثمیؒ نے شمائل ترمذی کی شرح میں ذکر کی ہے، یہی حال اور یہی حکم تمام انبیاء علیہم السلام کا ہے، کیونکہ شیطان نہ اللہ تعالیٰ کی صورت وشکل اختیار کرسکتا ہے نہ اس کی آیات کی اور نہ انبیاء کی اور نہ ہی فرشتوں کی علیہم السلام۔ جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کرے وہ اگر پریشان حال ہو تو اس کی پریشانی دور ہوگی۔ قید ہو تو قید خانہ سے رہائی ہوگی، مہنگائی دور ہوگی، مظلوم ہو تو مدد ہوگی، خائف ہو تو امن ملے گا، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت صاحب خواب کے لئے دین و دنیا میں حسنِ عاقبت (انجامِ خیر) کی بشارت ہے، اگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے پاس تشریف لاتے دیکھے یا نماز میں ان کی اقتداء کرتے دیکھے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس کو کوئی اچھی چیز کھلائیں گے یا بہترین لباس پہنائیں گے، اگر صاحب خواب عالم ہو تو اپنے علم پر عمل کرے گا، عابد وصوفی ہو تو اہل کرامات کے درجات و مراتب کو پہنچے گا، اگر خواب دیکھنے والا عاصی و گنہگار ہو تو تائب ہوگا، اگر کافر ہو تو ہدایت ملے گی، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشادِ پاک ہے: "فامنوا باللہ و رسولہ النبی الأمي" (الاعراف:۱۵۸) یعنی سو ایسے اللہ پر ایمان لاؤ اور اس کے نبی امی پر بھی۔ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت اظہارِ حجت و دلیل، راست گوئی اور وعدہ وفائی کی دلیل ہے۔ ہوسکتا ہے کہ عزیز و اقارب اور اہل کی طرف سے حسد، بغض اور عداوت پیش آئے، یا پھر اپنے اہل و اولاد سے جدا ہوگا، کسی دوسرے وطن منتقل ہوگا، یا پھر والدین سے یتیم ہوگا، حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کرامات کے ظہور کی بھی دلیل ہے، اس لئے کہ (ایک مرتبہ) ہرن نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کیا تھا، اونٹ نے آپ کے قدم مبارک چومے تھے، اور آپ کو آسمانی معراج ہوئی، دستِ مبارک نے کلام کیا، درخت آپکی طرف چل کر آئے، اگر صاحب خواب آنکھوں کا معالج ہو تو اسکے کام و پیشہ میں ترقی ہوگی، اس لئے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت قتادہؓ کی آنکھ (جو کہ باہر نکل آئے تھی) اپنی جگہ واپس رکھ دی تھی، اگر لوگ پیاس کے مارے ہوں تو بارش کا نزول ہوگا، اس لئے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی انگلیوں سے پانی کا چشمہ پھوٹ پڑا تھا، اگر یہ خواب عورت دیکھے تو اسے عظیم مرتبہ ملے گا اور نیک شہرت اور عفت و امانت بھی، یا پھر وہ عورت سوکنوں سے دوچار ہوگی اور وہ نیک اولاد سے نوازی جائے گی، اگر وہ عورت مال دار ہے تو وہ مال اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں خرچ کرے گی، حضور علیہ السلام کی خواب میں زیارت تکلیفوں پر صبر کی بھی دلیل ہے، یا پھر مسلمانوں کی نصرت و مدد اور کافروں کی ہلاکت و تباہی کی دلیل ہے، اگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں مقروض

Marfat.com

دیکھے تو اسکا قرض ادا ہوگا، مریض دیکھے تو شفاء ہوگی، اگر لڑائی کرنے والا دیکھے تو اللہ تعالیٰ اسکی مدد فرمائیں گے، اگر زیارتِ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کسی بنجر زمین میں ہو تو وہ زمین سرسبز ہو جائے گی، جو خواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا جنازہ دیکھے تو اس جگہ پر خوفناک مصیبت پیش آئے گی، اگر آپؐ کے جنازہ کے ہمراہ چلے تو وہ بدعت کی طرف مائل ہے، اگر خواب میں روضہء اقدس کی زیارت کرے تو عظیم مال حاصل ہوگا، اگر دیکھے کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بیٹا ہے تو یہ اس کے خلوصِ ایمان و یقین کی دلیل ہے۔ جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی صورت و شکل میں متشکل ہوا ہو اور وہ بادشاہت کا طالب ہے تو بادشاہت حاصل ہوگی اور زمین اسکی فرمانبردار ہوگی، اگر ذلت کا شکار ہے تو اللہ تعالیٰ عزت و عطا فرمائیں گے، اگر علم کا طالب ہے تو علم حاصل ہوگا، فقیر ہے تو مستغنی ہوگا، غیر شادی شدہ ہو تو شادی ہوگی، اگر منہدم مکان میں ہو تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی برکت سے تعمیر ہوگا، جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھے کہ ایک جگہ پر اذان دے رہے ہیں تو خوشحالی اور کام کرنے والے زیادہ ہوں گے، اگر حاملہ یہ خواب دیکھے یا اس کا شوہر دیکھے تو حمل میں لڑکا ہے، جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو خوبصورت دیکھے تو یہ صاحب خواب کے دین میں زیادتی و اضافہ ہے، جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی داڑھی مبارک سیاہ دیکھے اسے خوشی اور آسودہ حالی حاصل ہوگی، اگر آپؐ کی گردن مبارک موٹی دیکھے تو وقت کا امام مسلمانوں کی امانت کا محافظ ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو کسی لشکر میں مسلح دیکھے اور وہ لوگ ہنس رہے ہیں تو مسلمانوں کے لشکر کو شکست ہوگی، اگر دیکھے کہ حضور علیہ السلام اپنے سر مبارک اور داڑھی مبارک میں کنگھی فرمارہے ہیں تو یہ زوالِ فکر و غم کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام صحابہ کرام کے درمیان سلسلہء مؤاخات (بھائی چارہ کا تعلق) قائم فرمارہے ہیں تو اسے علم و فقہ نصیب ہوگا، تاجر اگر آپ کی قبر مبارک دیکھے تو اسے تجارت میں نفع ہوگا، اگر دیکھے کہ وہ نبی علیہ السلام کا والد ہے تو یہ اس کے دین کی خرابی اور یقین و ایمان کی کمزوری کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ نبی علیہ السلام کی ازواج مطہرات میں سے کوئی زوجہ مطہرہ اسکی والدہ ہے تو اس کے ایمان میں اضافہ ہوگا، اگر دیکھے کہ وہ نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پیچھے چلتا ہے تو وہ آپ کی سنت کا پیروکار ہے، جو دیکھے کہ آپؐ اکیلے کھاتے ہیں تو صاحب خواب سائل کو منع کرتا ہے اور صدقہ خیرات نہیں دیتا، اگر دیکھے کہ حضور علیہ السلام جوتے کے بغیر ہیں تو صاحب خواب جماعت کے ساتھ نماز کا تارک ہے، جو حضور علیہ السلام کو موزے پہنے ہوئے دیکھے تو آپؐ اس کو جہاد فی سبیل اللہ کا حکم دے رہے ہیں، جو دیکھے کہ اس کا خون نبی علیہ السلام کے خون کے ساتھ مخلوط ہے تو شریف لوگوں سے دامادی رشتہ قائم ہوگا، اگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو کوئی پسندیدہ چیز جیسے کھجوریں، شہد وغیرہ عطا کیا ہے تو وہ قرآن حفظ کرے گا اور جس قدر وہ چیزیں وصول کیں ہیں اس قدر علم حاصل ہوگا، جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو جوان اور طویل (دراز قد) صورت میں دیکھے تو لوگوں کے درمیان فتنہ و قتل برپا ہوگا، اگر آپ کو بہت بوڑھا دیکھے تو لوگ عافیت میں ہوں گے، اگر حضور علیہ السلام کو سفید رنگ میں دیکھے تو وہ اللہ تعالیٰ سے توبہ کرے گا اور اپنے عمل اچھے کرے گا، اور جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھے کہ آپؐ اس کی سرزنش فرمارہے ہیں اور اس سے جھگڑتے ہیں تو اس نے دین میں کوئی بدعت ایجاد کی ہے۔

Marfat.com

## ۲۴۸۲۔ المحمل (پالکی)

خواب میں پالکی دیکھنا دیہات کی عورت پر دلیل ہے، حاجی کی پالکی دیکھنا خواب میں خوشی، حج اور بشارت ہے۔

## ۲۴۸۳۔ المحنة (آزمائش): دیکھئے الفتنة (فتنہ)۔

## ۲۴۸۴۔ المحیط (بڑا سمندر): دیکھئے البحر (دریا)۔

## ۲۴۸۵۔ المخ (ہڈی کا گودا)

خواب میں مخ (گودا) دفینے (گاڑھا ہوا خزانہ) اور وراثت میں حاصل شدہ ذخیرے ہیں، جو خواب میں گودے والی ہڈی دیکھے تو یہ اس چیز کی دلیل ہے جو وہ خزانہ کرتا ہے (جمع کرتا ہے)، اگر وہ مریض ہو تو شفاء ہوگی اور بیماری سے عافیت ملے گی۔

## ۲۴۸۶۔ المخاتلة (فریب اور دھوکہ دینا): دیکھئے المداھنة (دھوکہ فریب دینا)۔

## ۲۴۸۷۔ المخاصمة (جھگڑا کرنا): دیکھئے العدوّ (دشمن)۔

## ۲۴۸۸۔ المخالفة (مخالفت کرنا): دیکھئے الخصام (جھگڑا)۔

## ۲۴۸۹۔ المخاط (ناک کی ریزش)

خواب میں ناک کی ریزش (رینٹ) ولد ہے، اگر دیکھے کہ اس نے ناک صاف کیا ہے تو اس کی بیوی بیٹی جنے گی، اگر کسی شخص کے گھر میں ناک صاف کیا ہے تو اس گھر سے شادی کریگا، بعض کہتے ہیں کہ جو دیکھے کہ اس نے ناک صاف کیا ہے تو وہ اپنا قرض ادا کرے گا، یا کسی قوم کی لغزش سے درگزر کرے گا، اگر اپنے رومال میں ناک صاف کیا ہے تو وہ اپنے خادم سے خیانت کرے گا، اگر اپنی ناک میں ریزش (رینٹ) دیکھے تو اس کی بیوی حاملہ ہے، جو دیکھے کہ اس نے ناک صاف کیا تو ناک سے جانور یا پرندہ نکلا ہے تو باندی سے فرزند حاصل ہوگا۔ اگر ناک سے بلی نکلی ہے تو یہ فرزند اور چور کی دلیل ہے، اگر کبوتری نکلی ہے تو یہ دیوانی لڑکی ہے، اور ناک کی ریزش کسی مرض پر تنبیہ یا نزلہ ہے۔

## ۲۴۹۰۔ المُهر (گھوڑے کا بچہ): دیکھو الخیل (گھوڑا)۔

## ۲۴۹۱۔ المخدع (چھوٹا کمرہ)

خواب میں چھوٹا کمرہ (جو بڑے گھر کے اندر ہو) دوسروں کو دھوکہ دینے کی دلیل ہے، یا دوسروں کو غلبہ کے خوف

Marfat.com

سے اپنے کلام کے ساتھ دھوکہ دینا ہے۔ چھوٹا کمرہ (کوٹھری) پیٹ اور باطن کی اچھی اور بری صفت پر دلیل ہے، اگر اپنے گھر میں چھوٹا کمرہ دیکھے جس کی وہ دیکھ بھال نہیں کرتا ہے تو اس کی توقعات اور نیتوں کی تجدید ہوگی۔

## ۲۴۹۲۔ المخدة (سرہانہ)

خواب میں سرہانہ زوج، محفوظ مال، راز دار عورت اور تعب وتکان سے راحت حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

## ۲۴۹۳۔ المخصصات (خرچ کرنا): دیکھو النفقة (خرچ کرنا)۔

## ۲۴۹۴۔ المخطوط (مخطوطہ): دیکھئے الکتاب (کتاب)۔

## ۲۴۹۵۔ المخلب (جانور کا پنجہ)

خواب میں جانور کا پنجہ مقابل کے لئے نصرت کی دلیل، جیسے پرندے کا پنجہ ڈھال اور حفاظت کی چیزوں کی دلیل ہوتا ہے۔

## ۲۴۹۶۔ المخلل (اچار)

خواب میں اچار دیکھنا دین سے مرتد ہونے یا بُرے لوگوں کے اخلاق و عادات اپنانے یا مال بے جا اڑانے یا عہد شکنی کی دلیل ہے۔

## ۲۴۹۷۔ المخنقة (گلے کی مالا)

خواب میں گلہ کا ہار اور مالا عورت کی زینت و آرائش ہے، اگر گلے کے ہار سے موتی، زمرد اور جواہرات الگ کئے گئے ہوں تو وہ عورت بلند شان مرد سے شادی کرے گا اور اس کے ہاں بیٹے ہوں گے، اگر وہ ہار پیتل کا ہو تو وہ (زوج) عجمی آدمی ہے، اگر وہ ہار گھونگھے کا ہو تو وہ خسیس آدمی ہے، گلے کی مالا مردوں کے لئے مرض خناق کی دلیل ہو سکتا ہے۔

## ۲۴۹۸۔ المدّ (مُد پیمانہ)

مد اور صاع (پیمانوں کے نام) دونوں کی تعبیر طہارت ہے، اس لئے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ایک مد مقدار پانی سے وضو اور ایک صاع مقدار پانی سے غسل فرماتے تھے۔

## ۲۴۹۹۔ المداد (سیاہی)

سیاہی رفعت و بلندی اور کرامت و عزت ہے، سیاہی سیادت اور لکھائی قوت ہے۔

Marfat.com

## ۲۵۰۰۔ المداھنۃ (دھوکہ فریب دینا)

خواب میں مداھنت کرنا ایثار وقربانی اور نیکی وصدقہ ہے، حضور علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ "مؤمن کی خیر مدارات (اچھا سلوک) اس کی آبرو کی طرف سے صدقہ ہے"۔

## ۲۵۰۱۔ المدبغۃ (چمڑا صاف کرنے کا کارخانہ)

جو تعبیر کھال اتارنے کی جگہ کی ہے وہی چمڑا صاف کرنے کے کارخانہ کی ہے، کیونکہ ان جگہوں میں گندا پانی، گندی غلیظ اشیاء اور اتری ہوئی کھالیں ہوتی ہیں۔ دباغت کی جگہ علم کے مرکز اور خانقاہ کی دلیل بھی ہے۔ اسی طرح وہ جگہیں جہاں نفوس کا تزکیہ اور تہذیب کی تعلیم دی جاتی ہے، چمڑا صاف کرنے کی جگہ بہت زیادہ محنتی عورت کی بھی دلیل ہے جو تکلیفوں پر صبر کرنے والی ہو، یا باندی کی دلیل ہے، دباغت کی جگہ سخت لڑنے والی، بداخلاق عورت یا وہ گندی عورت ہے جو گندگیوں سے اجتناب نہیں کرتی، دباغت کی جگہ مال و دولت کی بھی دلیل ہو سکتی ہے۔

## ۲۵۰۲۔ مدراۃ المرکب (سواری پر کنگھی نما نشان)

خواب میں اس کو دیکھنا علم اور صحیح مستند کی دلیل ہے۔

## ۲۵۰۳۔ مدرسہ

خواب میں مدرسہ، مدرسہ کے مدرسین اور اس کے علماء فقہاء ہیں، یا وہ مذہب ہے جس کی اس میں تعلیم دی جاتی ہے، یا مدرسہ کے بانی کی دلیل ہے، مدرسہ بیویوں کی طلاق اور پھر اس سے رجوع کی دلیل ہے، مدرسہ نیکی، حدود کے قیام، خرید وفروخت اور آزادی (غلام کی) کی دلیل ہے نیز فتنہ انگیزی کی دلیل ہے۔

## ۲۵۰۴۔ المدری (دیہاتی)

خواب میں دیہاتی دیکھنا علم و بیان کی دلیل ہے، یا اسکا دیکھنا فکر وتکلیف، دانتوں کی بیماری اور سینہ کی تنگی پر دلیل ہے۔

## ۲۵۰۵۔ المدینۃ (شہر)

خواب میں شہروں میں سے کسی شہر میں داخل ہونا خوف سے امن و امان ہونے کی دلیل ہے۔ ابن سیرین رحمہ اللہ تعالیٰ شہر میں داخلہ کو پسند کرتے تھے اور اخراج کو ناپسند کرتے تھے۔ اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: "فخرج منها خائفا يترقب قال رب نجني من القوم الظالمين" (القصص:۲۱) یعنی پس موسیٰ وہاں سے نکل گئے اور وحشت کی حالت میں، اور یہ کہنے لگے کہ اے میرے پروردگار مجھ کو ان ظالم لوگوں سے بچا لیجئے۔ بعض کہتے ہیں کہ شہر کی تعبیر عالم آدمی سے بھی کی جاتی

Marfat.com

ہے، کیوں کہ حضور علیہ السلام کا ارشاد ہے: ”میں علم کا شہر ہوں اور علی اس کے دروازہ ہیں“ (ترمذی بالفاظِ دیگر)۔ جو خواب میں شہر میں داخل ہو اور اس کو ویران دیکھے تو اس شہر سے علماء ناپید ہوگئے ہیں۔ بعض کہتے ہیں کہ شہر اس شہر کے حاکم کی موت ہے یا اسکا اس شہر میں ظلم کرنا ہے۔ خواب میں کسی بھی شہر کا حاکم کے بغیر دیکھنا غلہ کے مہنگا ہونے کی دلیل ہے۔ معلوم ومعروف (شناسا) شہر دنیا ہے اور نامعلوم شہر آخرت ہے، جو خواب میں کوئی شہر منہدم دیکھے تو اس کے اہلیان کا دین و مذہب ختم ہو چکا ہے، اور انسان کا وہ شہر جس کی طرف وہ منسوب ہے اس کے والد کی دلیل ہے، چنانچہ جو دیکھے کہ وہ شہر زلزلوں سے ویران ہوا ہے تو اس کے والد مقتول ہوں گے۔ اور جو دیکھے کہ شہر صعید میں ہے تو اس کی زندگی تنگ ہوگی اور محروم ہوگا یا اس کی امانت زیادہ ہوگی، جو دیکھے کہ وہ نوبہ شہر میں ہے تو نعمت سے نوازا جائے گا، جو دیکھے کہ وہ حبشہ کے شہر و علاقہ میں ہے تو ہیبت و رعب کم ہوگا، جو دیکھے کہ وہ مصر میں ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی زندگی خوشگوار اور اچھی بنا دیں گے اور اس کی عمر طویل فرما دیں گے، جو دیکھے کہ وہ عرش کے شہر و ملک میں ہے تو یہ کثرتِ خیر کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ وہ قسطنطنیہ میں ہے تو مالی خسارہ ہوگا، اور جو دیکھے کہ وہ قدس کے علاقہ اور طورِ سینا کے پہاڑ میں ہے تو خوشحالی ہوگی، سختی زیادہ ہوگی اور دین میں قوت آئے گی، جو دیکھے کہ وہ بلادِ مشرق میں ہے تو اسے خیر حاصل ہوگی، اور جو دیکھے کہ اس نے بغداد کو سامنے سے دیکھا ہے تو وہ حاکم کے پاس آئے گا، کیونکہ بغداد امام (حاکم) کا گھر ہے، اور جو دیکھے کہ وہ اردن میں ہے تو سفر یا ذلت ہوگی، جو خود کو دمشق میں دیکھے تو اللہ تعالیٰ اس کو رزق عطا فرمائیں گے، جو اپنے آپ کو خواب میں بلادِ روم میں دیکھے تو وہ اللہ تعالیٰ پر اعتماد و بھروسہ کرنے والا ہے، بلادِ ارمن کی بھی یہی تعبیر ہے، جو دیکھے کہ وہ فرنگی (انگریز) کے علاقہ یا ملک میں ہے تو بصیرت (دل کی روشنی) ختم ہوگی، جو دیکھے کہ وہ بلادِ عجم میں ہے تو بے حیائی سیکھے گا، اور جو خود کو بلادِ ھند میں دیکھے تو دشمن پر غلبہ اور حاسدین پر کامیابی ملے گی، جو دیکھے کہ وہ ویران و بے آباد جگہ میں ہے تو ایسی قوم کے ساتھ مبتلا ہوگا جن کے ساتھ مقابلہ کی اس میں طاقت نہیں ہوگی۔ جو دیکھے کہ وہ نمک کی کان میں یا گندھک (ماچس) کی جگہ میں ہے تو وہ بیمار ہوگا، بلد (شہر) قسم کی بھی دلیل ہے، جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: "لا أقسم بهذا البلد" (البلد:۱) یعنی میں اس شہر کی قسم کھاتا ہوں۔ شہر خوف سے امن کی دلیل ہے، خواب میں شہر دیکھنا توبہ و مغفرت کی بھی علامت ہے، اقلیم (ملک) دیکھنا اس کے والی و حاکم و سلطان یا اس کے عالم کی دلیل ہے، اگر خواب میں انسان شہر کا مالک ہوا ہو تو ملک و ولایت (حکومت) حاصل ہوگی، اگر غیر شادی شدہ ہے تو شادی ہوگی، بیمار ہے تو شفاء ہوگی، فاسق ہے تو تائب ہوگا، گمراہ ہے تو ہدایت ملے گی، اگر خواب میں کوئی مردہ کسی شہر میں دیکھا گیا ہے تو ممکن ہے کہ وہ مردہ جنت میں ہو، جیسا کہ اگر مردہ کسی دیہات میں دیکھا جائے تو یہ اس کے جہنم میں ہونے کی دلیل ہوتا ہے، کیونکہ دیہاتی لوگ تعب و شقاوت (محرومی) کا شکار ہوتے ہیں، اگر کسی شہر کا اچھا نام ہو جیسے شہر صنعاء تو یہ صنعت کاری کی دلیل ہے یا شہر ظفار دشمن پر ظفریابی کی علامت ہے، اور شہر سَرَ سرور کی دلیل ہے، اگر باغیہ شہر سے نکلا ہے تو ظلم و جور چھوڑ دے گا، مشہور شہر کے دروازے اس شہر کے حکام متولی اور پہرے

Marfat.com

دار ہیں، جو دیکھے کہ وہ کسی نامعلوم شہر میں ہے تو یہ نیک لوگوں کی علامت ہے، جو خواب میں شہر کی فصیل منہدم (گری ہوئی) دیکھے تو اس کا عامل وفات پائے گا یا اپنے عمل سے معزول ہوگا، جو خواب دیکھے کہ شہر کی فصیل میں رخنہ اور شگاف پڑ گیا ہے حتیٰ کہ پھر اس شہر میں شیر یا سیلاب یا چور ڈاکو داخل ہو گئے ہیں تو اس شہر میں اسلام کا امر کمزور ہوگا یا علم کا بازار ویران اور اجڑے گا۔

## ۲۵۰۶۔ مدینہ منورہ

جو خواب میں مدینہ منورہ دیکھے اور اس میں جائے تو یہ دین و دنیا کی خیریں حاصل ہونے کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ وہ باب الحرم باب الحجرۃ کے پاس کھڑا ہے تو یہ اسکی توبہ و مغفرت ہے، بعض کہتے ہیں کہ مدینہ منورہ کا دیکھنا کچھ وجوہات کی نشاندہی کرتا ہے امن، مغفرت، رحمت، نجات، فکر و غم کے زوال اور خوشگوار زندگی۔

## ۲۵۰۷۔ مذلۃ (حقیر و ذلیل ہونا)

خواب میں ذلت و حقارت کا علماء یا مجاہدین کے متعلق ظہورِ دین و اسلام کے ضعف (کمزوری) اور کافروں کی قوت و طاقت کی زیادتی پر دلیل ہے۔

## ۲۵۰۸۔ المُذَهِّب (سونے کا ملمع کرنے والا)

خواب میں اس کو دیکھنا گھروں کی تزئین و آرائش کرنیوالے اور کلام کو خوبصورت بنانے والے پر دلیل ہے، یا پھر لہو ولعب اور فسق و فجور کی جگہوں پر دلیل ہے۔

## ۲۵۰۹۔ مذی

خواب میں مذی کی تعبیر منی جیسی ہے، یعنی مال یا راحت یا مالی تفریط، راز کا افشاء یا اولاد کی موت یا زوجہ کا ترک کرنا ہے، اور مذی وہ مال ہے جس کے آسانی کے ساتھ بڑھنے کی دلیل ہے یا باقی نہ رہنے والے مال کی دلیل ہے۔

## ۲۵۱۰۔ المرار (صفراء کا غلبہ ہونا)

اس کی تعبیر خیر کا حصول ہے۔

## ۲۵۱۱۔ المرارۃ (پِتّا)

جو خواب میں دیکھے کہ اس نے اپنے دانتوں سے کسی انسان کا پتا کاٹا ہے جس سے وہ مر گیا ہے تو کاٹنے والا اس سے کینہ حسد رکھتا ہے، اگر کاٹنے پر اس کا خون نکلا ہو اور کاٹنے والے نے اس خون کو پیا ہو تو وہ شرارت اور جہالت کے

Marfat.com

سبب اس کا مال حلال سمجھتا ہے، پتا غضب وغصہ، لذت اور ہنسنے کی دلیل ہے، نیز انسان کا پتا اس کا راز دار ہے۔

## ۲۵۱۲۔ المراسلة (خط وکتابت)

خواب میں جنگ کے دوگروہوں کے مابین خط وکتابت اجل کے قریب ہونے، فتنہ کی آگ بجھنے، اتباعِ حق، مریض کی موت یا مظلوم کی مدد ہے، اگر کوئی شخص خواب میں قاصد بن گیا ہے تو یہ اس کے مقام ومرتبہ کے بلند ہونے کی دلیل ہے۔

## ۲۵۱۳۔ المرافقة (مصاحبت): دیکھئے مصاحبت۔

## ۲۵۱۴۔ المرأة (عورت)

خواب میں خوبصورت عورت خیر وراحت کے ساتھ آنے والا سال ہے، عورت صندوق، خزانہ گاہ یا قید خانہ اور شراکت دار ہے، اس لئے کہ یہ چیزیں مال ولذت میں انسان کے شریک ہیں۔ عورت پھلدار درخت اور اس کی سواری اور بیٹھنے کی جگہ ہے، جو خوبصورت عورت کو دیکھے کہ اسکے گھر میں داخل ہوئی ہے تو اسے سرور اور خوشی نصیب ہوگی، اور خوبرو عورت عارضی مال ودولت ہے، خواب میں نامعلوم عربی نوجوان اور مزین عورت کی تعبیر وصفِ خیر کی کثرت سے کی جاتی ہے، موٹی عورت سال کی خوشحالی اور لاغر عورت خشک سالی ہے، عربی اور نامعلوم عورتیں تعبیر کے لحاظ سے افضل عورتیں ہیں۔ اگر عورت خواب میں جوان عورت کو دیکھے تو وہ اس کی دشمن ہے، اور بوڑھی عورت دنیا ہے، جو عورت کو دیکھے کہ وہ لوگوں کو اللہ کے لئے حکم دیتی ہے اور منع کرتی ہے تو وہ دین کا اچھا حکم ہے، جو شخص خواب میں (غلامی سے) آزاد سیاہ فام عورت دیکھے تو اس میں کوئی خیر نہیں ہے مگر یہ کہ وہ عورت غلام ہو، جو دیکھے کہ عورت کی بیع ہو رہی ہے تو اس کی سلطنت زوال پذیر ہوگی پھر حالت درست ہو جائے گی، جو دیکھے کہ اس کی بیوی نے اسے اٹھایا ہوا ہے تو اس شخص کو کوئی عیب لگے گا۔ بعض کہتے ہیں کہ مالداری حاصل ہوگی، جو دیکھے کہ اس نے عورت کو قتل کیا ہے تو اس کے مال کا ایک حصہ جاتا رہے گا، اور جو دیکھے کہ اس کی بیوی کسی دوسرے کو ہدیہ بھیجتی ہے یا اس کو کسی اور خاوند کی بیوی دیکھے تو اس کا دین ختم ہوگا۔

## ۲۵۱۵۔ المرآة (شیشہ)

خواب میں شیشہ غرور وتکبر ہے، بعض کہتے ہیں کہ عورت ہے، جو دیکھے کہ اس نے شیشہ میں اپنی داڑھی سیاہ دیکھی حالانکہ اس کی داڑھی (حقیقت میں) سیاہ نہیں ہے تو وہ لوگوں کی نظر میں مکرم ومحترم ہوگا اور دنیا کے معاملہ میں اس کی جاہ ومنزلت بہتر ہوگی نہ کہ دین کے معاملہ میں، شیشہ میں دیکھنا شادی کی علامت ہے، اگر اس کی بیوی غائب ہو تو اس کے پاس آجائے گی، اگر وہ سلطان ہو تو معزول ہوگا، بعض کہتے ہیں کہ شیشہ آدمی کا مقام ومرتبہ ہے، چاندی کا شیشہ دیکھنا

Marfat.com

جاہ و منزلت کے ختم ہونے کی نشانی ہے۔ اگر خواب میں شیشہ ٹوٹ گیا ہے تو اس کی بیوی وفات پائے گی، اگر صیقل شدہ (صاف) شیشہ دیکھے تو اس کی پریشانیاں دور ہوں گی۔ زنگ آلود شیشہ آدمی کی بری حالت ہے۔ اگر شیشہ میں کھوٹ ہو تو وہ ایک بڑی پریشانی میں ہے، اور جو دیکھے کہ وہ شیشہ میں دیکھتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس سے ناراض ہیں، وہ اللہ تعالیٰ کا ہر حال میں نافرمان ہے، سونے کا شیشہ دینی قوت، محتاجی کے بعد استغناء اور عزت کے بعد متولی ہونے کی دلیل ہے۔ خواب میں مریض اگر شیشہ میں دیکھے تو یہ اس کی موت کی دلیل ہے، شیشہ سفر اور حمل کی دلیل ہے، اور اس میں منظور (دیکھی ہوئی چیز) شے کا لحاظ ہے، اگر شیشہ میں منظور شے عورت ہو تو اس کے ہاں لڑکی ہوگی، اگر وہ منظور چیز مرد ہو تو اس کے ہاں نرینہ اولاد ہوگی، اگر آدمی شیشہ میں اپنی شکل کے سوا کوئی اور صورت شکل دیکھے تو مالی یا عقلی نقصان ہوگا، اگر خواب میں خود کو عورت پائے تو بیٹی عطا ہوگی اور شادی کرے گا یا باندی خریدے گا، اگر قیدی اپنا چہرہ شیشہ میں دیکھے تو قید خانہ سے رہائی ہوگی، اور جو دیکھے وہ خود شیشہ بن گیا ہے تو اسے اپنی عزت و وجاہت کے متعلق ناگوار صورتِ حال پیش آئے گی۔

## ۲۵۱۶۔ المربح (نفع): دیکھئے الغنیمة (مالِ غنیمت)۔

## ۲۵۱۷۔ المرج (چراگاہ)

خواب میں چراگاہ بلا تعب حاصل ہونے والا رزق ہے، یا قلیل المشقت زوجہ ہے یا صدقہء جاریہ ہے۔ چراگاہ حقیقت میں دنیا، اس کا مال اور زینت و آرائش ہے، نیز اسلام کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ وہ چراگاہ میں ہے اور وہ فقیر ہے تو مستغنی ہوگا، مالدار ہو تو مالداری میں اضافہ ہوگا، اگر دنیا سے بے رغبت ہے تو دنیا کی رغبت ہوگی، اگر ایک چراگاہ سے دوسری چراگاہ منتقل ہوا ہے تو دنیا کی طلب میں سفر کرے گا، اور ایک بازار سے دوسرے بازار اور ایک صنعت سے دوسری صنعت کی طرف منتقل ہوگا۔

## ۲۵۱۸۔ المرجان (مونگا)

خواب میں مونگا مالِ کثیر اور حسین و سرخی مائل سفید رنگ کی باندی ہے۔

## ۲۵۱۹۔ المرجع (لوٹانے والا): دیکھئے الرداد (دہرانے والا)۔

## ۲۵۲۰۔ المرجل (دیگچی)

خواب میں دیگچی عیسائیوں کی نسل میں سے گھر کا سربراہ و منتظم ہے، تانبے کی دیگچی یہودیوں کی نسل میں سے سب سے زیادہ طاقتور اور مالدار شخص ہے، دیگچی وہ متولی ہے جس کے ہاتھ سے مشکل اور دشوار کام سرانجام پاتے ہیں جیسے بادشاہ اور اس کی رعایا کے مابین واسطہ (درمیان کا شخص) یا پولیس والا۔

Marfat.com

## ۲۵۲۱۔ المرجوحة (جھولا)

جو خواب میں دیکھے کہ وہ جھولے میں سوار ہے تو وہ دینی اعتبار سے گمراہی میں ہے اور اسے معلوم نہیں ہے کہ وہ کیا کرے۔

## ۲۵۲۲۔ المرحاض (بیت الخلاء)

خواب میں بیت الخلاء گھر کے افراد کی کشادہ حالی اور ان کی شدتِ حال ہے، یا اس زوجہ کی دلیل ہے جس کے ساتھ اس کا زوج خلوت کرتا ہے یا اسرار وعورات (پردہ کی باتیں) سے واقف باندی ہے۔ بیت الخلاء میں تے مالِ حرام ہے، اگر اس کی بو ظاہر نہ ہو تو اس کی بیوی حسنِ معاشرت رکھتی ہے، اس کی نظافت اس عورت کی صلاح و بہبود ہے، اور بیت الخلاء گندگی سے بھرا ہو تو وہ بیوی نافرمان ہے اگر وہ بدبودار ہے تو وہ عورت زبان دراز ہے اور وہ زبان درازی میں شہرت پائے گی، اور کنوئیں کا گہرا ہونا اس عورت کا اپنے امور بجالانا ہے، اگر کنواں بھرا ہوا ہو تو اس کی بیوی حاملہ ہے۔

## ۲۵۲۳۔ المرخم (سنگِ مرمر لگانے والا)

خواب میں اسکو دیکھنا چٹائی بننے والا یا ریشم بننے والا یا بچھونے (بستر) بنانے والا ہے، اسی طرح اس کا دیکھنا عزت و رفعت اور الفت و محبت کی دلیل ہے۔

## ۲۵۲۴۔ المرزنجوش (مرزنگوش)(۱)

مرزنگوش بوٹی خواب میں جو سونگھتا ہو تو اس کو اس سال جسمانی صحت حاصل ہوگی، اگر مرزنگوش بوٹی لگائی ہے (زمین میں) تو اس کے ہاں تندرست جسم اور بدن والا لڑکا پیدا ہوگا، اگر عورت دیکھے کہ وہ مرزنگوش بوٹی سونگھتی ہے تو اس کے ہاں مومن لڑکا پیدا ہوگا، مرزنگوش شادی کی بھی دلیل ہے۔

## ۲۵۲۵۔ المرض (بیماری)

خواب میں بیماری نفاق کی علامت ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: "فی قلوبھم مرض فزادھم اللہ مرضًا" (البقرۃ: ۱۰) یعنی ان کے دلوں میں بیماری ہے پس اللہ نے ان کی بیماری بڑھا دی۔ جو دیکھے کہ وہ مریض ہے تو اس کے دین میں نقص و کمی آئے گی اور جسم تندرست ہوگا، اور جو دیکھے کہ اس کی بیوی بیمار ہے تو اسکے دین میں نقص آئے گا اور جسم تندرست ہوگا، مریض اگر دیکھے کہ وہ اونٹ یا خنزیر یا بیل پر سوار ہے تو اس کے متعلق موت کا خدشہ ہے، بیمار بچہ اگر بیماری سے شفاء پائے تو وہ فوت ہوگا، جو اپنے آپ کو مریض دیکھے وہ اپنے دشمنوں پر غالب آئے گا، اور عظیم مال حاصل ہوگا اور عمر

(۱) مرزنگوش یہ اصل میں مردہ گوش سے معرب ہے ایک خوشبودار باریک چوں والی بوٹی ہے۔

Marfat.com

طویل ہوگی، اور خوشیاں حاصل ہوں گی، اور شدت میں مبتلا شخص خواب میں خود کو مریض دیکھے تو مرض سے نجات پائے گا، مریض اگر دیکھے کہ اس نے غلام آزاد کیا ہے تو وہ وفات پائے گا، کیونکہ میت کسی چیز کا مالک نہیں ہوتا، اگر خواب میں کسی نامعلوم شخص کو مریض دیکھے تو مرض صاحب خواب کی طرف لوٹے گا، مرض عشق کی اور عشق مرض کی دلیل ہے، نیز مرض انفاقِ مال، توبہ و دعا اور عاجزی کے اظہار کی دلیل ہے، بعض کہتے ہیں کہ جو خود کو مریض دیکھے تو اسے صحت ملے گی۔ جو دیکھے کہ اس کے دو بیٹے بیمار ہوئے ہیں تو اس کی آنکھیں دکھیں گی، جو دیکھے کہ اس کے والد بیمار ہیں تو صاحب خواب دردِ سر میں مبتلا ہوگا، کیونکہ سر باپ کی جگہ ہے، اور جو دیکھے کہ مریض ہے تو وہ بہت زیادہ فساد اور خرابی والا ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ جو خود کو مریض دیکھے کہ اس کا مرض طویل ہوگیا ہے اور اسکے گناہ جھڑ گئے ہیں تو وہ وفات پائے گا، بعض کہتے ہیں کہ مرض فکر و غم ہے جو اسے بقدرِ مرض پہنچے گا۔ جو دیکھے کہ سلطانِ وقت بیمار ہے تو وہ دینی مرض میں مبتلا ہے ورنہ وہ اسی سال وفات پاجائے گا، مرد کا بیمار ہونا اس کا اپنی بیوی سے الگ ہونا ہے، اور علماء کا بیمار ہونا دین کے ضعف کی دلیل ہے، ادب سکھانے والے کا بیمار ہونا اس کے بچوں کا متفرق و منتشر ہونا ہے، بچہ کا بیمار ہونا اسکے والدین کا فکر و غم میں مبتلا ہونا ہے، جس مرض میں موت کی تمنا کی جائے وہ کشادہ حالی کی دلیل ہے، اور لوگوں میں پھیلی عام بیماری قحط سالی اور کساد بازاری کی دلیل ہے۔

## ۲۵۲۶۔ مرض الثعلب (بال جھڑنے کی بیماری)

خواب میں بال جھڑنے کا مرض زوالِ منصب کی دلیل ہے۔

## ۲۵۲۷۔ مرض الفیل (پاؤں سوجنے کی بیماری)

اس کی تعبیر دنیا کی محبت ہے۔

## ۲۵۲۸۔ المرقاۃ (سیڑھی): دیکھئے الدرج (سیڑھی)۔

## ۲۵۲۹۔ المرقع (پیوند کار)

خواب میں بوسیدہ پرانے کپڑوں کی پیوند کاری کرنے والا شخص دیکھنا مداہنت اور احوال کے سدھرنے کی دلیل ہے، یا پھر دائمی فقر کی علامت ہے۔

## ۲۵۳۰۔ المرکز (مقام و مرتبہ): دیکھئے الرتبۃ (رتبہ و مقام)۔

## ۲۵۳۱۔ المرمیس (گینڈا): دیکھئے الکرکدن (گینڈا)۔

Marfat.com

## ۲۵۳۲۔ المروحة (پنکھا)

خواب میں پنکھا راحت و سکون اور مشکلات سے نجات کی دلیل ہے، اور فقر کے بعد مالداری کی دلیل ہے خصوصاً جب پنکھا یمنی ہو، پنکھا زوجہ اور ولد کی بھی دلیل ہے، اگر پنکھا کھجور کے درخت کے پتوں کا ہو تو یہ سفر سے حاصل شدہ مال ہے، پنکھا ایک ایسا آدمی ہے لوگ جس سے راحت پاتے ہیں۔

## ۲۵۳۳۔ المروّض (سائس)

خواب میں سائس امور کا متولی ہے۔

## ۲۵۳۴۔ المروءة (مروّت): دیکھئے النخوت (نخوت)۔

## ۲۵۳۵۔ المريء (کھانے پینے کی نالی)

اس کی تعبیر عافیت و مرض ہے۔

## ۲۵۳۶۔ المریخ (مریخ)

خواب میں مریخ شرور و تکالیف، خونریزی اور خوف کی دلیل ہے، اگر مریخ کو نیچے اترتے اور منحوس یا آتش زدہ دیکھے تو یہ آتشزدگی، تلوار، ظلم و جور، قفلوں کا کھلنا یا عورتوں کی طلاق یا منزلوں کا گرنا ہے، مریخ بادشاہ کی لڑائی کا صاحب اور اس کے لشکر کا والی ہے۔

## ۲۵۳۷۔ المزبلة (کوڑا خانہ)

خواب میں کوڑا خانہ دنیا ہے، اور گوبر لید وغیرہ مال ہے، چنانچہ جو شخص خود کو کوڑے خانہ پر دیکھے یا اس کو خریدے یا اس کا وارث بنے اور وہ مریض یا خائف ہو تو نجات ہوگی، یا فقر کے بعد مستغنی ہوگا، یا پھر وراثت حاصل ہوگی۔ اگر غیر شادی شدہ ہے تو شادی ہوگی، بادشاہ کے لئے کوڑا خانہ اس کا بیت المال ہے، اگر کوڑے خانہ کے اوپر برہنہ ہوا ہے اور وہ والی ہے تو معزول ہوگا، مریض ہو تو وفات پائے گا، مال دار ہو تو فقیر و زاہد ہوگا۔

## ۲۵۳۸۔ مزدلفہ

جو شخص خود کو مقامِ مزدلفہ میں دیکھے تو اس کی نیک کام میں سعی کرنے کے سبب اچھی تعریف ہوگی، یا جو قرض یا وعدہ وغیرہ ہو وہ پورا ہوگا۔

## ۲۵۳۹۔ المزراب (پرنالہ): دیکھئے المیزاب (پرنالہ)۔

Marfat.com

## ۲۵۴۰۔ المزراق (چھوٹا نیزہ)

خواب میں چھوٹے نیزے میں اگر ہتھیار یا لوہا لگا ہوا ہو تو وہ قوت و سلطنت کی دلیل ہے، وگرنہ وہ طاقتور سخت لڑکا یا نفع بخش تجارت ہے، چھوٹا نیزہ اگر فقیر دیکھے تو وہ مستغنی ہوگا، مالدار دیکھے تو مالداری میں اضافہ ہوگا، سلطان دیکھے تو اسکی سلطنت قوی ہوگی، اور اسے دشمنوں پر فتح حاصل ہوگی، خنجر اور برچھی کی بھی یہی تعبیر ہے۔

## ۲۵۴۱۔ المزمار (بانسری)

خواب میں بانسری وغیرہ لہو ولعب اور فتنہ انگیزی کی دلیل ہے یا فرحتوں اور مسرتوں کی دلیل ہے، جو شخص اپنے پاس بانسری دیکھے اور وہ شخص اہل قرأت میں سے ہو تو قرأت میں حظ (مقام) حاصل ہوگا۔ اس لئے کہ حضور علیہ السلام نے فرمایا حضرت ابی موسیٰؓ کی شان میں کہ انہیں داؤد علیہ السلام جیسا مزمار (خوش الحانی) عطا کیا گیا ہے۔ بانسری نوحہ باز عورت ہے، جو دیکھے کہ بادشاہ نے اس کو بانسری دی ہے تو اگر حکومت کا اہل ہے تو ولایت ملے گی، اور اگر اس کا اہل نہ ہو تو فرحت ملے گی، اور جو دیکھے کہ وہ بانسری بجاتا ہے تو وہ قرآن اور اسکے معانی سیکھتا ہے اور اچھی قرأت کرتا ہے، اور جو دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں سونے کی بانسری ہے تو اگر وہ حکیم ہے تو اس کی حکمت منتشر ہوگی، اور یہ خواب مریض کے لئے اسکی موت کی، عیب جو کے لئے چغل خوری کی اور اولاد کے طالب کے لئے اولاد کی دلیل ہے۔

## ۲۵۴۲۔ المزیّن (نائی): دیکھئے الحلاق (حجام)۔

## ۲۵۴۳۔ المسابقة (مقابلہ)

خواب میں دوڑ کا مقابلہ لہو ولعب میں تیز حرکات کرنے یا سفر کی دلیل ہے، اگر صاحب خواب مریض ہے تو وفات ہوگی۔ فقیر ہے تو مستغنی ہوگا، کوئی گھر سے غائب ہو تو اس کی سفر سے واپسی ہوگی اور جانوروں کے ساتھ مقابلہ ممنوع امر کا ارتکاب اور لوگوں کے درمیان فتنوں کے پھیلنے کی دلیل ہے۔

## ۲۵۴۴۔ المسّاح (پیمائش کرنے والا)

خواب میں زمین کی پیمائش کرنے والا وہ شخص ہے جو لوگوں کے احوال سے باخبر نہیں ہے انکے احوال کا جائزہ لیتا ہے، اگر دیکھے کہ اس نے زراعت والی زمین کی پیمائش کی ہے تو وہ صالحین کے احوال تلاش کرتا ہے، اگر انگوروں کی بیل کی پیمائش کرتا ہے تو وہ کسی عورت کے معاملہ کی تلاش میں ہے۔ اگر درختوں والی زمین کی پیمائش کی ہے تو وہ دیندار لوگوں کے حالات کا جائزہ لیتا ہے۔ اگر سڑک کی پیمائش لی ہے تو وہ سفر کرے گا، اگر وہ حج کے راستہ میں ہے تو حج کرے گا، اگر جنگل بیابان کی پیمائش کی ہے تو غم سے نجات ہوگی۔ اگر سرسبز زمین کی پیمائش لی ہے جس کے مالک کو نہیں پہچانتا تو وہ

Marfat.com

عبادت گزار بنے گا۔ اگر کسی انسان کے گھر کی پیمائش لی ہے تو اس انسان کے احوال کو معلوم کرے گا۔

## ۲۵۴۵۔ المساقاة (آب پاشی)

خواب میں آب پاشی ایسا احسان ہے جو قریب، بعید اور اعلیٰ ادنیٰ سب کو شامل ہو۔

## ۲۵۴۶۔ المسالخی (کھالوں والا)

اس کی تعبیر مالدار آدمی ہے۔

## ۲۵۴۷۔ المسبحة (تسبیح)

خواب میں دانوں والی تسبیح نیک عورت یا حلال معیشت یا نفع مند لشکر ہے، خواہ خواب میں اس تسبیح کا مالک بنا ہو یا اس تسبیح کے ذریعہ تسبیح پڑھی ہو۔

## ۲۵۴۸۔ المستراح (بیت الخلاء): دیکھئے المرحاض (بیت الخلاء)۔

## ۲۵۴۹۔ المستعطی (بھکاری): دیکھئے السائل (سوالی)۔

## ۲۵۵۰۔ المستقطر من المیاه (عرقیات)

خواب میں عرق جات خوب رو اولاد ہے یا معززین ہیں، یا باعمل علماء کے علم کی دلیل ہے یا حکماء عارفین کی عظیم القدر حکمتوں اور معرفتوں کی دلیل ہے، خوشبودار چیزوں کا عرق جیسے گلِ سیوتی اور گلاب کا عرق اور آبِ گل سرور وفرحت اور ثناءِ جمیل ہے، عرقیات برآمد کردہ امانتوں کی دلیل ہے، اور پینے کے عرقیات جیسے درختِ بید، لسان الثور (پودے کا نام) اور نیلوفر کے عرقیات وغیرہ شفاء بخش ادویات، فوائد وارزاق (رزق کی جمع) اور افراح (خوشیاں) ہیں۔

## ۲۵۵۱۔ مسجد

خواب میں مسجد عالم آدمی ہے، جو دیکھے کہ وہ مسجد تعمیر کرتا ہے تو یہ خیر وسنت، صلہ رحمی اور عہدۂ قضاء کے حصول کی دلیل ہے بشرطیکہ اس عہدہ کا مستحق ہو، جو خواب میں آباد اور مضبوط مسجد دیکھے تو وہ ایسا شخص ہے جس کے پاس لوگ جمع ہوتے ہیں، اور وہ لوگوں کو خیر و بھلائی کے کاموں میں جوڑتا ہے، اگر مسجد دیکھے کہ وہ منہدم ہوگئی ہے تو اس مقام پر رئیس، عالم اور دیندار عابد کی وفات ہوگی، اگر دیکھے کہ مسجد میں ایک نامعلوم شخص نے نماز پڑھی ہے اور مسجد کا امام مریض تھا تو وہ وفات پائے گا، اگر دیکھے کہ اس کا گھر مسجد کی شکل کا ہوگیا ہے تو نیکی، عبادت وغیرہ کی توفیق ہوگی۔ اگر دیکھے کہ مسجد کی صورت حمام کی سی ہوگئی ہے تو کوئی آدمی پوشیدہ طور پر گناہ کرتا ہے، مسجد بازار اور تجارت کی بھی دلیل ہے، جو شخص خواب

Marfat.com

میں مسجد بنائے محض رضائے خداوندی کے لئے تو وہ حق کو قائم کرے گا اور نیکی کا حکم اور برائی سے منع کرے گا، اگر بنانے والا (خواب میں) عالم ہو تو وہ کتب تصنیف کرے گا، اسکے علم سے لوگ نفع اٹھائیں گے، اگر وہ (صاحب خواب) مالدار ہے تو مال کی زکوٰۃ ادا کرے گا۔ اگر وہ غیر شادی شدہ ہو تو شادی ہوگی، شادی شدہ ہو تو اولاد نصیب ہوگی، اور وہ نیک نامی میں شہرت پائے گا، فقیر ہو تو مستغنی (مالدار) ہوگا، بصورت دیگر وہ لوگوں کو خیر پر جمع فرمائے گا اور اطاعتِ خداوندی میں لوگوں سے تعاون کرے گا، اگر مسجد ایسی تعمیر کی جس طرح کی تعمیر جائز نہیں ہے یا اس میں محراب قبلہ کی جانب نہ ہو تو یہ شر کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ وہ مسجد تعمیر کرتا ہے تو وہ دین کا فہم حاصل کرے گا یا حج بیت اللہ کی سعادت نصیب ہوگی، یا ایسی چیز تعمیر کرے گا جو ہمیشہ رہتی ہے جیسے حمام، دکان ہوٹل وغیرہ، جو دیکھے کہ وہ مسجد کی چھت ڈالتا ہے تو وہ یتیموں کی پرورش کرے گا، اگر مسجد میں توسیع کی ہے تو یہ عملِ صالح یا اخلاقِ حسنہ میں زیادتی کی دلیل ہے، اگر دکان مسجد کی صورت اختیار کرگئی ہو (یعنی مسجد بن گئی ہو) تو یہ کسبِ حلال یا حلال حرام کا اختلاط یا آزاد اور غلام عورتوں کو (ملکیت میں) جمع کرنا ہے، متروکہ مساجد علماء کے غافل ہونے، امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کو ترک کر دیئے اور ان زاہدان (صوفیوں) کی دلیل ہے جو دنیا سے قطع تعلق کر چکے ہیں، جو دیکھے کہ وہ مسجد کے دروازہ سے داخل ہو کر سجدہ ریز ہو گیا ہے تو اسے توبہ نصیب ہوگی۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: "وادخلوا الباب سجدًا و قولوا حطة نغفرلكم خطاياكم" (البقرۃ: ۵۸) یعنی اور دروازے میں داخل ہونا سجدہ کرتے ہوئے اور کہتے جانا کہ توبہ ہے ہم معاف کر دیں گے تمہاری خطائیں۔ جو خواب میں دیکھے کہ وہ مسجد پہنچا ہے اور مسجد کو بند پایا ہے پھر اس کو کھولا ہے تو وہ کسی مقروض کی قرض سے خلاصی کے سلسلہ میں مدد کرے گا، اور لوگوں کی نظر میں قابل تعریف ہوگا، اور جو دیکھے کہ وہ مسجد میں سواری کی حالت میں داخل ہوا ہے تو وہ عزیزوں سے قطع تعلق کرے گا اور ان کا حق ان کو نہیں دے گا، جو دیکھے کہ وہ مسجد میں مرتا ہے تو وہ مقبول توبہ کے ساتھ مرے گا، مسجد کی تعمیر دشمنوں پر غلبہ کی بھی دلیل ہے، اس لئے کہ فرمانِ پروردگار عالم ہے: "قال الذين غلبوا على أمرهم لنتخذن عليهم مسجدًا" (الکہف: ۲۱) یعنی جو لوگ اپنے کام پر غالب تھے انہوں نے کہا کہ ہم تو ان کے پاس ایک مسجد بنا دیں گے۔ اور حرم شریف کی مسجد میں داخل ہونا خوف سے امن اور وعدہ کی سچائی کی دلیل ہے۔

## ۲۵۵۲۔ المسحاۃ (کدال)

خواب میں کدال خادم اور منفعت ہے، کیونکہ کدال مٹی وغیرہ کو کھودتا ہے، کدال غیر شادی شدہ کے لئے شادی کی دلیل ہے، کدال اور بیلچہ سے مٹی کھودنا کھانے پر متوجہ ہونے کی دلیل ہے، یا بڑے چمچہ کی دلیل ہے، بعض کہتے ہیں کہ کدال سے اگر کام نہ کیا گیا ہو تو یہ فرزند کی دلیل ہے، اگر اسے کام میں استعمال کیا گیا ہو تو پھر وہ خادم ہے۔ بیلچہ اور کدال خوشگوار دنیا کے حصول کی دلیل ہے، بیلچہ تعب و مشقت پر صبر کرنے والی عورت ہے یا پھر رزق، فائدہ اور امراض سے شفاء کی دلیل ہے۔

Marfat.com

## ۲۵۵۳۔ المسدیّ (کپڑے کو تانا ڈالنے والا)

خواب میں تانا تننے والا یا ڈالنے والا ایسا شخص ہے جس کا ٹھکانہ یا جگہ مقرر نہ ہو، اور اس کا گزر بسر کرایہ پر دینے والے اور آوازیں لگانے والے شخص کی طرح ہے، یا یہ شخص چغل خور اور دوُرخا ہے، اس کا دیکھنا برائی چھوڑ کر اچھائی اختیار کرنے کی بھی دلیل ہے، اگر وہ مسجد میں ہو اور جس کپڑے کا تانا تنتا ہے وہ کپڑا کتان کا ہو یا کاٹن ہو یا اون کا ہو تو یہ خواب اچھا ہے لیکن اگر وہ چیز سونے کی تاریں یا ریشم ہو تو پھر یہ خواب اچھا نہیں ہے۔

## ۲۵۵۴۔ المسرجة (چراغ)

خواب میں چراغ انسانوں کی زندگی اور ان کی طبیعتیں ہیں، چنانچہ چراغ انسان کا جسم اور اس میں بتی اس کی روح کے مثل ہے، اور انسان میں خون چراغ کا تیل ہے، لہٰذا اگر بتی اور تیل جسم سے ختم ہو جائے تو انسان اللہ کے حکم اور فیصلہ کے مطابق مر جاتا ہے، اگر اس کی بتی اور تیل دونوں صاف ہوں تو انسان کی زندگی صاف اچھی و خالص ہوگی، اگر میلی ہوں تو زندگی مکدر ہوگی، اگر دیکھے کہ چراغ ٹوٹا ہوا ہے اس میں تیل ٹھہرتا نہیں ہے تو اس کے جسم میں کوئی علت (بیماری) ہے جو اصلاح کو قبول نہیں کرتی اور نہ کرے گی حتی کہ فوت ہوگا۔

## ۲۵۵۵۔ المسرحة (کنگھی)

جو تعبیر کنگھے کی ہے وہی کنگھی کی ہے، نیز کنگھی غیر شادی شدہ کے لئے شادی کی دلیل ہے کہ اس کی شریف اور تکالیف پر صبر کرنے والی عورت سے شادی ہوگی، اسی طرح کنواری کے لئے زوج کی دلیل ہے۔

## ۲۵۵۶۔ المسک (مشک)

خواب میں مشک خوشبو پوشیدہ صدقہ اور اولاد کے حمل کی دلیل ہے، اور میت کے متعلق مشک خوشبو اس کے جنتی ہونے کی دلیل ہے یا نفع بخش تجارت یا اس باغ کی دلیل ہے جس سے پھل چنے جاتے ہیں یا علماء سے حاصل کردہ نفیس علم ہے۔ اگر خواب میں عود اور عنبر کی طرح مشک خوشبو کو آگ پر ڈالا گیا ہے تو وہ دین میں بدعت ایجاد کرے گا یا اپنا مال برباد کرے گا اور بے محل لگا دے گا، اور مشک خوشبو دوست یا باندی یا لڑکا ہے، بعض کہتے ہیں کہ مشک خوشبو عورت ہے، خواب میں اگر چور وغیرہ مشک خوشبو کو اٹھا لے جائے پھر گرفتار ہو جائے تو یہ عورت کے اٹھانے والے پر دلالت کرتا ہے، کیونکہ مشک کی بہت پاکیزہ اور عمدہ خوشبو ہوتی ہے، مشک خوشبو عقل کی بھی دلیل ہے کیونکہ مشک سونے سے بھی زیادہ گراں قیمت ہوتی ہے، مشک خواب میں سونگھنا یا اس کا مالک ہونا پاکیزہ زندگی اور خیر و برکت کی دلیل ہے، مشک تہمت زدہ شخص کی برأت کی دلیل بھی ہے، مشک اور ہر سیاہ رنگ کی خوشبو جیسے لونگ اور جائفل، ان کی تعبیر سیادت و سرور اور ان کا سفوف ثناءِ جمیل (اچھی تعریف) ہے۔

Marfat.com

## ۲۵۵۷۔ المسکر (نشہ آور چیز)

خواب میں نشہ آور چیز مال و اولاد اور ازواج میں شبہ کی دلیل ہے، نشہ آور چیز کا خواب میں پینا حالت بیداری میں ضرب (پٹائی) کی دلیل ہے، کیونکہ نشہ آور چیز کے پینے پر حد اور کوڑے لگتے ہیں، نیز دین کے فساد یا زوجہ یا اسلام سے ارتداد یا توبہ شکنی کی دلیل ہے۔

## ۲۵۵۸۔ المسلخ (بوچڑ خانہ)

خواب میں بوچڑ خانہ (مذبح) دیکھنے میں کوئی خیر نہیں ہے، کیونکہ بوچڑ خانہ میں جانیں نکالی جاتی ہیں اور جسموں سے کھالیں اتاری جاتی ہیں، اور خون بہایا جاتا ہے، ذبح خانہ دیکھنا مسرتوں اور خوشیوں کی بھی دلیل ہے، اس لئے یہ مذبح اس کے لئے معاون ہے، یا اہل ظلم کے دور پر دلیل ہے، اگر مریض بوچڑ خانہ میں آیا ہو تو وہ وفات پائے گا، اگر تندرست آدمی بوچڑ خانہ کی کسی گندگی غلاظت سے ملوث ہوا ہے تو یہ تکلیف یا مرض کی دلیل ہے، ذبح خانہ ظلم و عذاب کی جگہ اور قید خانہ ہے۔

## ۲۵۵۹۔ المسلۃ (بڑی سوئی)

خواب میں بڑی سوئی (سینے کا سوا) عورت ہے، کیونکہ اس بڑی سوئی میں دھاگہ ڈالا جاتا ہے، چنانچہ جو دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں بڑی سوئی ہے اور حال یہ ہے کہ اس کی بیوی حاملہ ہے تو اس کے ہاں بیٹی ہوگی، اگر کسی کو حمل نہ ہو تو یہ اس کے سفر کی علامت ہے۔

## ۲۵۶۰۔ المسلوق (جوش دی ہوئی چیز)

خواب میں اُبلی ہوئی اور جوش دی ہوئی چیز جلد حاصل ہونے والے رزق ہیں اور نفع بخش تجارت ہے، اور اُبلی ہوئی سبزی ادائے قرض، مؤخر چیز کا مقدم ہونا، مسرت و خوشی یا غم و حزن اور فقر و فاقہ کی دلیل ہے۔

## ۲۵۶۱۔ المسمار (کیل)

خواب میں کیل امیر یا خلیفہ ہے، خواب میں کیل دیکھنا لشکر اور مددگار اور دراہم کی دلیل ہے، کیل وہ آدمی ہے جس کے ذریعہ لوگوں کے مسائل حل ہوتے ہیں، نیز کیل شادی کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ اس نے کسی ایسی جگہ کیل لگایا ہے جو عورتوں پر دال ہو تو اس کی شادی ہوگی، اور بہت زیادہ کیل قوت و منفعت ہے۔ کیلوں کا نگلنا غصہ کا ضبط کرنا ہے، اور کیل ایسے لوگ ہیں جو فسادی ہو جائیں گے، کیل لوگوں میں محبت و الفت پیدا کرنے والا آدمی ہے۔

Marfat.com

## ۲۵۶۲۔ المسن (عمر رسیدہ)

خواب میں عمر رسیدہ شخص راہِ ہدایت اختیار کرنے کی دلیل ہے، یا وہ عالم ہے جس کے ذریعہ لوگ ہدایت پاتے ہیں، عمر رسیدہ شخص وہ آدمی ہے جو دوسروں کو امور پر ابھارتا ہے، بعض کہتے ہیں کہ عمر رسیدہ آدمی عورت ہے یا وہ آدمی ہے جو زوجین کے درمیان تفریق ڈالتا ہے یا دوستوں کے درمیان تفریق ڈالتا ہے، عمر رسیدہ شخص عمل وحرکت اور خوش دلی کی دلیل ہے، جو عمر رسیدہ شخص کو دیکھے اس کا جوش وشدت بڑھے گا۔

## ۲۵۶۳۔ المشاتمة (گالی گلوچ)

جو خواب میں دیکھے کہ وہ کسی آدمی کو گالی دیتا ہے تو مشتوم (جس کو گالی دی گئی) شاتم (گالی دینے والا) پر غالب ہوگا، اگر دیکھے کہ اس کے سامنے کسی نے بغاوت (زیادتی) کی ہے تو جب تک اس کی بغاوت (زیادتی) کا ظاہر نشان نہ ہو وہ باغی پر غلبہ پائے گا، کیونکہ اللہ جل جلالہ کا ارشاد ہے: "ثم بغی علیہ لینصرنہ اللہ" (الحج:۶۰) یعنی پھر اس شخص پر زیادتی کی جائے تو اللہ تعالیٰ اس شخص کی ضرور امداد کرے گا۔

## ۲۵۶۴۔ المشاعلی (لالٹین جلانے والا)

خواب میں اس کا دیکھنا ایسے ہادی ورہبر کی دلیل ہے جس سے لوگ ہدایت حاصل کرتے ہیں، نیز خیر وصلاح اور علم کی دلیل ہے، نیز اس شخص کی دلیل ہے جو مرجعِ خلائق ہو کم نصیب اور گمنام ہو۔

## ۲۵۶۵۔ المشبّب (جوانی کے ایّام کا ذکر کرنے والا)

خواب میں اس کو دیکھنا خوشیوں اور زوالِ فکرات کی دلیل ہے کیونکہ وہ اسی حالت میں دیکھا جاتا ہے، کبھی اسکا دیکھنا لہو ولعب، تنگیٔ دل اور آہ وبکاء کی دلیل ہے۔

## ۲۵۶۶۔ مشتری سیارہ

خواب میں مشتری سیارہ بادشاہ کے بیت المال کا صاحب ہے، مشتری کو چاند کے ساتھ دیکھنا بیع وشراء، رزق اور بلند مرتبہ کی دلیل ہے۔ اگر مشتری چاند سمیت نیچے اترنے والا یا منحوس یا جلا ہوا ہو تو یہ قاری یا قصہ گو یا محدث یا خوابوں کا معبر یا رات کے وقت قصے کہانیاں کرنے والا، یا نماز، عبادت اور حج کی دلیل ہے۔

## ۲۵۶۷۔ المشتری (خریدار)

خواب میں خریدار مضطر ومجبور ہے، چنانچہ جو دیکھے کہ وہ کوئی شے خریدتا یا بیچتا ہے تو وہ مجبور اور محتاج ہے، کیونکہ

Marfat.com

انسان مجبوری کے وقت ہی بیع وشراء کرتا ہے۔

## ۲۵۶۸۔ المشحذ (عمر رسیدہ): دیکھو المسن (عمر رسیدہ)۔

## ۲۵۶۹۔ المشد (کمر پر باندھنے والا کپڑا)

خواب میں اسکا دیکھنا معاملات کی صعوبت و دشواری ہے، مگر یہ کہ صاحب خواب ایسے مسئلہ میں مبتلا ہو جس میں اسے معاون کی ضرورت ہو تو ایسی صورت میں یہ خواب اس کی آرزو کے پورا ہونے اور حاجت کے پورا ہونے کی دلیل ہے۔

## ۲۵۷۰۔ المشط (کنگھی)

خواب میں کنگھی مفید آدمی ہے، شراکت اور کسی کام کا جو ارادہ رکھتا ہے اس کے لئے یہ خواب خیر کی دلیل ہے، کیونکہ اس کے دندانے ایک جیسے ہوتے ہیں۔ بالوں میں کنگھی کرنا مال کی زکوۃ ہے، کنگھی کی تعبیر عادل آدمی سے بھی کی جاتی ہے۔ اور اس شخص کی بھی دلیل ہے جس کے کلام سے نفع اٹھایا جاتا ہو جیسے حاکم، طبیب اور واعظ، بعض کہتے ہیں کہ بالوں میں کنگھی کرنا اس چھلنی کی دلیل ہے جو جو کو صاف کرتی ہے جیسے کنگھی بالوں سے میل کچیل کو صاف کر دیتی ہے، بعض کہتے ہیں کہ بالوں میں کنگھی کرنا چٹائی بننا ہے، بعض کہتے ہیں کہ کنگھی کے دندانے بڑھئی کی آری ہے، اور کنگھی فرحت و سرور ہے، اگر دیکھے کہ وہ سر کے اور داڑھی کے بالوں میں کنگھی کرتا ہے تو بہت جلد اس کا غم فکر دور ہوگا، کنگھی مساوی اور غیر متفاضل احباب والا آدمی ہے۔ اگر کنگھی لوہے کی ہو تو وہ منفعت والا اور نیک مسلمان بھائیوں والا ہے، کنگھی عمر طویل، مال کثیر اور دشمنوں پر غلبہ حاصل ہونے کی دلیل ہے۔ جولاہے کی کنگھی اور کتاب کی امر و نہی والے پر دلیل ہے۔

## ۲۵۷۱۔ المشعب (برتن مرمت کرنے والا)

خواب میں اسے دیکھنا صلاحِ حال (حال کا درست ہونا)، مریضوں کی سلامتی اور شکستہ چیز کو جوڑنے کی دلیل ہے۔

## ۲۵۷۲۔ مشعر حرام

خواب میں مشعرِ حرام مقام کو دیکھنا وصیتوں کی حفاظت اور احکام کی بجا آوری ہے، اگر انسان خوف محسوس کرتا ہو تو اسے امن حاصل ہوگا، اور ہدایت نصیب ہوگی۔

## ۲۵۷۳۔ المشعوذ (شعبدہ باز)

خواب میں اس کو دیکھنا لہو ولعب اور استہزاء والے اور جھوٹ کی دلیل ہے، شعبدہ باز بدکار عورت یا خادم کی دلیل ہے۔

Marfat.com

۲۵۷۴۔ المشقة (مشقت): دیکھئے الکرب (رنج وغم)۔

## ۲۵۷۵۔ المشمش (خوبانی)

خوبانی اپنے وقت اور موسم میں دیکھنا دنانیر کی دلیل ہے، اور بے موسم دیکھنا مرض کی دلیل ہے، سبز خوبانی دراہم کی دلیل ہے، خوبانی کا درخت ایسا آدمی ہے جس سے دوسروں کو نفع نہ ہوتا ہو، بعض کہتے ہیں کہ یہ خندہ روئی، بہادری اور اپنے اہل کے ساتھ بخل کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ اس نے درخت کی ٹہنی جو پھلدار نہیں تھی توڑی ہے تو وہ اپنے عزیزوں یا دوستوں سے جھگڑے گا، بعض کہتے ہیں کہ خوبانی کا درخت منافق آدمی ہے، کیونکہ زرد رنگ مرض کی علامت ہے۔ اور مرض نفاق کی دلیل ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ خوبانی کا درخت مالدار عورت ہے جو میراث کی مالکہ ہے، اور جو شخص خواب میں خوبانی کے درخت کی پھلدار ٹہنی (شاخ) توڑے تو وہ کسی آدمی کا مال ضبط کرے گا یا نماز یا روزے ترک کرے گا، اور جو پھل اور میوے زرد رنگ کے ہوں وہ مرض کی علامت ہیں اور جو ترش ہوں وہ غم و الم کی دلیل ہیں، اور سبز رنگ کا پھل مرض نہیں ہے۔ نیز خوبانی خوف کی دلیل بھی ہے، یا اشیاء کا اپنی پہلی حالت میں واپس لوٹنے کی دلیل ہے، یا پھر خوبانی خوشگوار رزق کی دلیل ہے۔

## ۲۵۷۶۔ المشی (چلنا)

جو خواب میں دیکھے کہ وہ سیدھا چلتا ہے تو وہ شریعت کے احکام کا طالب ہے اور وہ خیر سے مالا مال ہوگا، اگر بازاروں میں چلتا ہے تو اس کے ہاتھ میں وصیت کی کوئی چیز ہے، اگر ننگے پاؤں چلتا ہے تو یہ غم کے دور ہونے اور حسنِ دین کی دلیل ہے، میانہ روی اور اعتدال سے چلنا اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے تواضع و عاجزی اختیار کرنے کی دلیل ہے، نیز چلنا طلبِ رزق کی دلیل بھی ہے، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: "فامشوا فی مناکبها وکلوا من رزقه" (الملک:۱۵) یعنی سو تم چلو اس کے راستوں میں اور اس کے رزق میں سے کھاؤ۔ اور لپکنا دشمن پر غلبہ کی دلیل ہے، اور پیچھے کی جانب چلنا اس کام سے رجوع (چھوڑنا) کی دلیل ہے جو کام شروع کیا ہے یا صاحبِ خواب کے دین میں فساد اور اس کے حالات میں تبدیلی کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ وہ اکڑ اکڑ کر چلتا ہے تو یہ اس کے حالات کی قباحت و فساد کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ وہ چلا تو منہ کے بل گر پڑا ہے تو دنیا و آخرت کا خسارہ ہے، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: "انقلب علی وجهه خسر الدنیا و الأخرة" (الحج:۱۱) یعنی وہ اپنے منہ کے بل پلٹ جائے (جس سے) دنیا و آخرت دونوں کھو بیٹھا"۔ اگر کسی آدمی کی ٹھوکر کھا کر گیا ہے تو جس سے ٹھوکر کھائی ہے وہ کسی بری صورت حال سے دوچار ہو کر ذلیل و خوار ہوگا، اور دوڑ کر جانا عملِ صالح کی دلیل ہے، خواب میں چلنا پرخطر سفر کی دلیل ہے، جو الٹے سر ہو کر چلے اس کی عمر طویل ہوگی، یا مرض سے نجات ملے گی۔ اور جو دیکھے کہ وہ ایک پاؤں پر چلتا ہے تو یہ نصف مال اور نصف عمر کے چلے جانے کی دلیل ہے، اور انسان کا حیوان کی طرح چلنا جاہل لوگوں

Marfat.com

کی عادات اپنانے کی دلیل ہے، مگر یہ کہ وہ حیوان حلال ہو، تو پھر وہ لوگوں میں خیر بھلائی کے ساتھ چلتا ہے، اگر وہ حیوان حلال نہ ہو تو وہ منافقت کے ساتھ چلتا ہے اور ایسے کام کی دوڑ دھوپ کی دلیل بھی ہے جو اسے حاصل نہیں ہوگا۔

## ۲۵۷۷۔ المصّ (چوسنا)

جو شخص خواب میں دیکھے کہ کوئی انسان اسکو چوستا ہے تو وہ اس سے مال اخذ کرتا ہے اگر وہ اس کی چھاتی چوستا ہے تو وہ اس کی بیوی سے مال لیتا ہے، اگر اس نے اس کا ناک چوسا ہے تو اس کے دوست سے مال لے گا، اگر اس کی ران اس نے چوسی ہے تو اسکے خاندان سے مال حاصل کرتا ہے۔

## ۲۵۷۸۔ المصاحبہ (مصاحبت)

اگر مریض خواب میں دیکھے کہ وہ کسی سے مصاحبت کرتا ہے تو یہ اس کے شفاء کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ وہ اپنے گھر کے افراد سے معیت و مصاحبت رکھتا ہے تو یہ خرابی کی دلیل ہے اگر کسی اجنبی مسافر سے مصاحبت کی ہے تو یہ ضرر رساں امر ہے۔

## ۲۵۷۹۔ المصارعة (کشتی لڑنا)

خواب میں کشتی لڑائی و جھگڑا ہے، اگر وہ جنسیں مختلف ہوں (کشتی میں) تو پچھاڑنے والا دوسرے سے زیادہ اچھی حالت میں ہے، جیسے انسان اور درندہ آپس میں مقابلہ کریں، اگر کشتی دو آدمیوں کے درمیان ہو تو پچھاڑنے والا مغلوب ہے۔

## ۲۵۸۰۔ مصافحہ کرنا

خواب میں کسی سے مصافحہ کرنا فائدہ، بیعت اور خیر کے کاموں کا التزام (پابندی) ہے۔

## ۲۵۸۱۔ المصالحة (مصالحت کرنا)

خواب میں مصالحت (صلح کا معاہدہ کرنا) خصومت (جھگڑا) کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ اس نے اپنے دشمن و مخالف سے مصالحت کی ہے تو اس سے خصومت ہوگی، اگر دیکھے کہ وہ کسی شخص کو قرض کی ادائیگی کے بغیر صلح و امن کی دعوت دیتا ہے تو وہ ایک گمراہ شخص کو ہدایت کی طرف دعوت دیتا ہے۔

## ۲۵۸۲۔ المصباح (چراغ): دیکھئے القندیل (لالٹین)۔

## ۲۵۸۳۔ المصحف (مصحف شریف)

خواب میں مصحف شریف بادشاہ یا مسلمانوں کے قاضی سے معبر ہے، لہٰذا جو دیکھے کہ مصحف جل گیا ہے تو بادشاہ یا

Marfat.com

قاضی فوت ہوگا، جو سلطان کو خواب میں دیکھے کہ وہ مصحف شریف لکھتا ہے تو وہ عدل و انصاف کی اشاعت کرتا ہے اور شریعت کی نصرت کرتا ہے، اگر قاضی دیکھے کہ وہ مصحف لکھتا ہے تو وہ علم و جاہ (مرتبہ) میں بخیل ہے، عالم اگر دیکھے کہ وہ مصحف شریف لکھتا ہے تو وہ تجارت میں کمائی کرتا ہے، اگر بادشاہ دیکھے کہ وہ مصحف کو نگلتا ہے تو وہ وفات پائے گا، قاضی اگر مصحف کو نگلے تو وہ رشوت لیتا ہے، اگر بادشاہ دیکھے کہ اس نے مصحف کو مٹایا ہے تو وہ اپنے علاقہ سے نکلے گا، اگر قاضی مٹائے تو وہ فوت ہوگا۔ جو مصحف شریف (قرآنِ پاک) اٹھائے یا خریدے تو وہ اس کے احکام پر عمل کرتا ہے، اور جو دیکھے کہ وہ نبی علیہ السلام کے سامنے مصحف شریف پڑھتا ہے تو وہ اس کو حفظ کرے گا، اور جو خواب میں مصحف کے اوراق کھائے تو وہ رشوت کھاتا ہے، اور مصحف شریف حصولِ حکمت کی دلیل ہے، اور جو شخص دیکھے کہ وہ اپنے ہاتھ سے مصحف شریف لکھتا ہے تو وہ دین علم اور عمل سب کو جمع کرتا ہے اور لوگوں کو نفع پہنچاتا ہے، اور جو دیکھے کہ اس نے مصحف کو اپنے ہاتھ سے پھاڑا ہے تو وہ منکر آدمی ہے، جو دیکھے کہ اس نے کوئی چیز مصحف شریف میں ایجاد کی ہے جسے وہ بیداری میں پسند نہیں کرتا تو یہ اس کے دین کے برباد ہونے کی دلیل ہے، اور جو اپنے پاس مصحف دیکھے تو اسے غلبہ اور علم حاصل ہوگا، مصحف زوج یا زوجہ یا اولاد ہے، اگر صاحب خواب مریض ہو تو مرض سے نجات ملے گی یا پھر دشمن پر غلبہ ہوگا، اگر وہ گنہگار ہو تو تائب ہوگا یا وارث ہوگا، اگر صاحب خواب کسی بدعت و ضلالت والے کام پر کاربند ہو تو اللہ تعالیٰ نے اسے اپنی کتاب کے ذریعہ ڈرایا ہے، مصحف شریف کا دیکھنا عجیب واقعات اور متعجب چیزوں سے واقفیت کی دلیل ہے، اور مصحف کی ورق گردانی طولِ عمر اور خوش کن خبروں کا آنا ہے، مصحف چراگاہوں، باغات اور سبزہ زاروں کی دلیل ہے، نیز عبادت کے مقامات کی دلیل ہے، نیز واجب الاطاعت لوگوں کی اطاعت کی دلیل ہے جیسے بادشاہ، والد، معلم و مؤدب، نیز سچی قسم کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ وہ مصحف شریف کے اوراق کھاتا ہے تو وہ اجرت لے کر مصحف لکھتا ہے، اگر دیکھے کہ اس نے مصحف کو بیچا ہے تو وہ برے کاموں سے اجتناب کرتا ہے، اور مصحف میراث، امانت و رزقِ حلال اور قوت ہے، جو دیکھے کہ اس نے مصحف خریدا ہے تو اسے خیر و وسعت حاصل ہوگی اور لوگوں میں اس کے علم کا ظہور ہوگا، اور مصحف شریف کو جلانا دین میں فساد و خرابی کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ مصحف اس سے لے لیا گیا ہے تو اس سے علم سلب کر لیا جائے گا، اور دنیا میں اس کا عمل منقطع ہوگا، جو دیکھے کہ وہ مصحف کی ذمہ داری لیتا ہے تو وہ متولی ہوگا یا امانت کی ذمہ داری لے گا یا حاملینِ قرآن میں سے ہوگا، اور جو خواب میں مصحف کے اوراق کھانے کا ارادہ کرتا ہے تو وہ کثرت تلاوتِ قرآن کریم کرتا ہے۔

**۲۵۸۴۔ مصران البطن (آنتیں):** دیکھئے الامعاء (آنتیں)۔

**۲۵۸۵۔ المصروف (خرچ کرنا):** دیکھئے النفقة (خرچ کرنا)۔

**۲۵۸۶۔ المصطلی (انگیٹھی):** دیکھئے الکانون (چولہا)۔

Marfat.com

## ۲۵۸۷۔ المصفاۃ (چھلنی)

اس کی تعبیر عظیم خادم ہے۔

## ۲۵۸۸۔ مصلّی العید (عیدگاہ)

خواب میں عیدگاہ دیکھنا فرحتوں اور مسرتوں کی دلیل ہے، نیز زوالِ غم وفکر، آسودہ حالی، شفاءِ مریض اور جیل سے رہائی کی دلیل ہے۔ عیدگاہ کی تجدید فاسق کی توبہ، کافر کے اسلام لانے، بارش کے نزول، دشمنوں پر فتحیابی، ایفائے نذر اور غیر شادی شدہ کی شادی کی دلیل ہے، بسا اوقات عیدگاہ کا دیکھنا کساد بازاری، مندا پن اور اونٹ گائے اور بکریوں میں کسی آفت کے آنے پر دلیل ہوتا ہے۔

## ۲۵۸۹۔ مصلی الاموات (جنازہ گاہ)

خواب میں جنازہ گاہ غم والم وحزن، طلاقِ زوجہ اور دور دراز کے سفر کی دلیل ہے، یا متولی ہونے اور منصب دار کے معزول ہونے، قید سے رہائی پانے، تعب سے راحت پانے اور ادائے قرض کی دلیل ہے، کیونکہ میت نے اپنی زندگی اور رزق مکمل کر لیا ہوتا ہے، اگر وہ مقروض ہو (صاحب خواب) تو اس کے ذمہ جو قرض ہے اس کا ان سے مطالبہ ہوگا۔

## ۲۵۹۰۔ المصوّر (تصویر بنانے والا)

خواب میں تصویر سازی علم و ہندسہ (انجینئرنگ)، شعر بنانے اور غزل کہنے کی دلیل ہے، خواب میں مصور دیکھنا جھوٹ، سخن سازی اور پرخطر امور میں پڑنا ہے، یا پھر اس کا دیکھنا فسق و فجور شراب نوشی اور جنونِ عشق کی دلیل ہے، یا اللہ تعالیٰ پر جھوٹ باندھنے والا ہے، نیز مصور گانا گانے والا، شاعر اور ان جیسے لوگوں کی دلیل ہے اور مصور غلط اور باطل کام والا ہے لوگوں کو دھوکہ فریب دیتا ہے۔

## ۲۵۹۱۔ المصیبة (مصیبت): دیکھئے الرزیّة (بلا ومصیبت)۔

## ۲۵۹۲۔ المضاجعة (ساتھ لیٹنا): دیکھئے المؤاکلة (ساتھ کھانا)۔

## ۲۵۹۳۔ المضاد (مخالف): دیکھئے العدو (دشمن)۔

## ۲۵۹۴۔ المضحک (ہنسانے والا)

خواب میں اس کو دیکھنا دھوکہ وفریب اور اس آدمی پر دلیل ہے جس کا مذاق اڑایا جاتا ہو۔

Marfat.com

## ۲۵۹۵۔ المضغ (چبانا)

خواب میں گوند کے علاوہ کوئی چیز چبانا مرض کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ وہ گوند چباتا ہے تو اسے متنازع مال حاصل ہوگا۔ جو بڑھے گا حتی کہ جھگڑے کا باعث بن جائے گا۔

## ۲۵۹۶۔ المطابقة (موافقت کرنا): دیکھئے الموافقة (موافقت کرنا)۔

## ۲۵۹۷۔ المطر (بارش)

خواب میں اگر بارش سے نقصان نہ پہنچے تو یہ خیر و رزق اور رحمت کی دلیل ہے، بارش انسان کی حیات اور زمین یا وعدہ وفائی کی دلیل ہے، اگر بارش صرف متعین جگہ میں ہو تو یہ اس کے اہل کے غم وحزن میں مبتلا ہونا یا خود صاحب خواب کو پریشانی لاحق ہونے کی دلیل ہے، اور اگر بارش عام اور نقصان دہ ہو جیسے آسمان سے خون یا پتھر برس رہے ہوں تو یہ معاصی اور گناہوں کی دلیل ہے۔ اگر صاحب خواب مسافر ہو تو اس کا سفر تعطل کا شکار ہوگا، نفع دینے والی بارش دشمنوں سے صلح صفائی یا مصیبت زدہ شخص کی امداد کی دلیل ہے، اور بارش اونٹوں کا قافلہ ہے جیسے اونٹوں کا قافلہ بارش کی دلیل ہوتا ہے، جو خواب میں عام بارش دیکھے وہ متروکہ کام کے کرنے پر دلیل ہے اور اسے خیر ونعمت اور برکت حاصل ہوگی، اور اگر وہ غم زدہ یا مقروض ہو تو اس کا غم وقرض دور ہوگا، بارش اس سال کی کشادہ حالی اور مدد کی دلیل ہے، جو صرف اپنے گھر میں بارش کا نزول دیکھے نہ کہ دوسرے لوگوں پر تو اسے خیر ومنفعت اور کرامت (عزت) حاصل ہوگی، جو دیکھے کہ بارش کا پانی ہر جانب بہتا ہے اور درختوں کو اکھاڑ رہا ہے تو یہ سلطان کی طرف سے فتنہ وفساد کی دلیل ہے، اگر زمین پر خون کی بارش ہو تو یہ عذاب ہے، کسان اگر خواب میں بارش دیکھے تو یہ بشارت اور خوشحالی ہے جو اسے حاصل ہوگی، بعض کہتے ہیں کہ بارش اگر مٹی کی ہو (یعنی مٹی برستی ہو) مگر گرد وغبار نہ ہو تو یہ خوشحالی ہے، اور شہد کی بارش ہو تو یہ ہر طرح کے آدمی کے لئے خیر کی دلیل ہے، گھی، دودھ اور روغن زیتون وغیرہ کی بارش کا بھی یہی حکم ہے۔ بارش اللہ تعالیٰ کی رحمت، اس کے دین اور انسان کی کشادگی اور مدد کی دلیل ہے، بارش کبھی آسمان سے نازل شدہ آفات کی دلیل ہوتی ہے جیسے ٹڈیاں، اولے اور آندھی، خصوصاً جب اس میں آگ ہو اور اس کا پانی گرم ہو، بارش فتنوں اور خون ریزی کی دلیل بھی ہے، اور بے وقت کی بارش امراض وبیماریوں کی دلیل ہے، اور اپنے وقت پر ہونے والی بارش سفر یا عمل ترک کرنے یا مرض یا فقر کے سبب اس کے کام ملتوی ہونے یا جیل میں قید ہونے کی دلیل ہے، اگر بارش میں غسل جنابت کیا ہے یا بارش کے پانی سے نماز کے لئے وضو کیا ہے یا اس سے نجاست کو دھویا ہے جو نجاست اس کے جسم یا کپڑے پر تھی تو اگر وہ (صاحب خواب) کافر ہے تو مسلمان ہوگا، گنہگار ہے تو توبہ کرے گا، فقیر ہو تو اللہ تعالیٰ اسے غنی کر دیں گے، اگر سلطان کے پاس اس کی کوئی حاجت ہو تو پوری ہوگی، جو دیکھے کہ آسمان سے تلواریں برسی ہیں تو لوگ جدل وفساد میں مبتلا ہوں گے، اور جو دیکھے کہ وہ بارش کا پانی پیتا

Marfat.com

ہے تو اگر پانی صفاف وشفاف ہو تو خیر حاصل ہوگی، اگر میلا اور گدلا ہو تو جس قدر پانی پیا ہے اس قدر مرض لاحق ہوگا۔

## ۲۵۹۸۔ المطران (لاٹ پادری)

جو خود کو خواب میں لاٹ پادری دیکھے تو وہ صاحب قوت آدمی ہے لوگوں کو بدعت کی طرف دعوت دیتا ہے چنانچہ لوگ جتنے اس کے تابع ہوئے ہوں اس قدر اس کی دعوت کو قبول کریں گے۔ اگر اسے لاٹ پادری کے طور پر بلایا گیا اور وہ اس کو پسند نہیں کرتا ہے تو بدعت یا جھوٹ اس کے ذمہ لگایا جائیگا جب کہ وہ اس سے بری ہوگا۔

## ۲۵۹۹۔ المُطرّز (کشیدہ کاری کرنے والا)

خواب میں کشیدہ کار مکار، سخن ساز عالم ہے۔ کشیدہ کار کو دیکھنا کتاب، شعر و نظم بنانے والے اور شعر گوئی کی دلیل ہے۔

## ۲۶۰۰۔ المطرقة (ہتھوڑا)

خواب میں ہتھوڑا پولیس کا افسر ہے، بعض کہتے ہیں کہ جو دیکھے کہ اس نے ہتھوڑا پکڑا ہے تو اسے فضلِ کثیر حاصل ہوگا، ہتھوڑا امداد اور اہلِ رزق کے لئے رزق (ومعیشت) کی دلیل ہے، ہتھوڑا شر و فساد اور پیچیدہ کلامی کی دلیل ہے۔

## ۲۶۰۱۔ المطل (ٹال مٹول کرنا): دیکھئے المماطلة (ٹال مٹول کرنا)۔

## ۲۶۰۲۔ المطمورة (زیر زمین غلہ کا گودام)

خواب میں ایسا گودام دیکھنا تربیت و کفالت کرنے والی ماں ہے، چنانچہ جو دیکھے کہ وہ گودام گر گیا ہے اور اس کی ماں مریضہ تھی تو وہ فوت ہوگی، اگر اس گودام کو غلہ سے بھرا ہوا دیکھے تو اسکی زوجہ حاملہ ہوگی، اگر اس گودام میں کمی دیکھے تو اسی قدر نرخوں میں کمی ہوگی، اگر غلہ کے گودام میں آگ لگی دیکھے تو اس میں موجود غلے کی قیمت زیادہ ہوگی، یا سلطان کی طرف سے کوئی واقعہ ہوگا یا ٹڈیوں کی دلیل ہے، جو شخص خواب میں غلہ کے گودام میں یا کسی گڑھے میں گر گیا ہو وہ مریض تھا تو وفات ہوگی، اگر کشتی میں ہو تو غرق ہوگا، اگر مسافر ہو تو رہزنی کا شکار ہوگا، اگر لڑنے والا ہو تو قید ہوگا۔

## ۲۶۰۳۔ مظلوم

خواب میں مظلوم دیہاتی آدمی یا خادم یا خصی ہے، جو مظلوم امامِ وقت دیکھے تو اگر فقیہ ہو تو عہدۂ قضا و حکومت حاصل ہوگی، یا جس قدر اس کا اہل ہے اسی قدر سلطنت (غلبہ و قوت) و ولایت حاصل ہوگی۔

## ۲۶۰۴۔ المعاداة (دشمنی): دیکھئے الخصام (جھگڑا)۔

Marfat.com

## ۲۶۰۵۔ معاشرت

دیکھو مصاحبت۔

## ۲۶۰۶۔ المعاصی (گناہ)

خواب میں معاصی وگناہ نزولِ عذاب کی دلیل ہے۔

## ۲۶۰۷۔ المعاقبة (سزا دینا): دیکھئے القصاص (قصاص لینا)۔

## ۲۶۰۸۔ المعاند (عناد رکھنے والا): دیکھئے العدو (دشمن)۔

## ۲۶۰۹۔ معانقہ کرنا

خواب میں معانقہ کرنا زندگی کے طویل ہونے کی دلیل ہے، اگر میت سے معانقہ کیا ہے تو عمر دراز ہوگی، اگر میت نے اس سے معانقہ کیا ہے تو زندہ شخص وفات پائے گا، جو اپنے دشمن سے معانقہ کرے تو اس سے صلح ہوگی۔ بعض کہتے ہیں کہ معانقہ کرنا خوش کلامی ہے، یا محبت وسفر ہے، یا سفر سے غائب آدمی کی واپسی ہے، اور زوالِ فکر وغم کی نشانی ہے، معانقہ کرنا شادی اور میلاپ کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ وہ کسی عورت سے معانقہ کرتا ہے، تو وہ دنیا کی فکر رکھتا ہے اور آخرت سے مایوس ہے، مرد کا معانقہ کرنا معاونت کی دلیل بھی ہے، اگر دیکھے کہ اس نے کسی انسان سے معانقہ کیا ہے اور اپنا سر اس کی گود میں رکھ دیا گیا ہے تو وہ اسے اپنا رأس المال (اصل سرمایہ) دے گا۔

## ۲۶۱۰۔ المعاهدة (معاہدہ کرنا): دیکھئے الهدنة (معاہدہ کرنا)۔

## ۲۶۱۱۔ المدجنة (چوزوں کا کارخانہ)

غیر شادی شدہ کا چوزوں کا کارخانہ دیکھنا شادی ہونے کی اور شادی شدہ کے لیے نسل و اولاد کی دلیل ہے، یا پھر شبہات یا اس مکتب (تعلیم گاہ) کی دلیل ہے جس میں بچے جمع ہوتے ہیں یا اس جگہ کی دلیل ہے جس میں عورتیں یا مرد تفریح کے لئے اکٹھے ہوتے ہیں، نیز چوزوں کا کارخانہ دیکھنا جیل سے رہائی یا اس میں جانے کی دلیل ہے، چوزوں کا کارخانہ دیکھنا مفقود شے کے ظاہر ہونے کی بھی دلیل ہے۔

## ۲۶۱۲۔ معبر المنامات (خوابوں کی تعبیر بیان کرنیوالا)

غمزدہ لوگوں کے لئے اس کا دیکھنا فرحت وخوشی کی اور خوش باش لوگوں کے لئے غم و پریشانی کی دلیل ہے۔

Marfat.com

جوشخص کسی غائب شخص کی خبر کی امید رکھتا ہو تو اس غائب کے بارے میں کوئی پیغام آئے گا، اس کا دیکھنا راز و رموز کے جاننے اور مشکلات حل ہونے اور شرعی امور کے عالم کی دلیل ہے، یا اپنے صاحب کو نصیحت اور اس سے شفقت کرنیوالے کی دلیل ہے، یا وہ شخص مراد ہے جو راز کو نہیں چھپاتا ہے، معبر حاکم فقیہ اور طبیب کی بھی دلیل ہے، یا مسجد اور قاریِ قرآن کی دلیل ہے اس لئے کہ وہ خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا ہے، یا وزن کرنے والے شخص کی دلیل ہے، اسی طرح وزن اور ناپ کے کام کرنیوالے مراد ہیں جیسے صراف اور دھوبی حجام وغیرہ کی دلیل ہے، یا کتب و رسائل پڑھنے والا مراد ہے، جو خواب میں معبر بن گیا ہو اور وہ طالبِ علم وقرآن ہے تو اس کو حفظ کرے گا، اگر لکھائی کا ارادہ ہے تو یہ ہنر بھی حاصل ہوگا، بعض کہتے ہیں کہ معبر وہ آدمی ہے جو لوگوں کی لغزشوں کی تلاش میں لگا رہتا ہے۔

## ۲۶۱۳۔ معدہ

خواب میں انسان کا معدہ عمر، رزق اور معیشت ہے۔ لہٰذا جو دیکھے کہ اس کا معدہ قوی اور صحت مند ہے تو یہ خیر اور طولِ حیات کی دلیل ہے بصورت دیگر تعبیر اس کے برعکس ہوگی، معدہ کا خالی ہونا خیر و راحت اور امراض سے شفاء کی دلیل ہے۔

## ۲۶۱۴۔ معرکہ: دیکھو الحرب (لڑائی اور جنگ کرنا)۔

## ۲۶۱۵۔ المعروف (نیک کام)

خواب میں نیک کام کا کہنا اس شخص کی طرح ہے (تعبیر میں) جو لوگوں کو نماز یا شہادتین کا حکم دیتا ہے یا ان کو وعظ کرتا ہے، یعنی یہ خواب اللہ تعالیٰ پر ایمان اور اس کے حقوق کے قیام (بجالانے) کی دلیل ہے، حکومت کا اہل ہو تو متولی بنے گا، یا حاکم بنے گا، یہی تعبیر ہوگی اگر خواب میں شراب گرادی یا بہادی ہے یا نردکھیل وغیرہ اٹھا پھینکا ہے، یہ ایسے امر کی دلیل ہے جو صبر کا باعث ہے، خواب میں برائی کا حکم اور اچھائی سے منع کرنا نفاق کی دلیل ہے۔

## ۲۶۱۶۔ معصم المرأة (عورت کی کلائی)

خواب میں عورت کی کلائی اس کا شوہر یا وہ کنگن وغیرہ ہے جو وہ کلائی میں پہنتی ہے۔

## ۲۶۱۷۔ معضد (بازوبند)

خواب میں جو شخص اپنا بازوبند چاندی کا دیکھے تو وہ اپنے بیٹے کی بھتیجی سے شادی کرے گا، اگر بازوبند گھونگے کا ہو تو اسے اپنے بھائیوں کی طرف سے مسلسل پریشانی لاحق ہوگی، عورت جو زیور بھی پہنتی ہے اس کی تعبیر اس کا شوہر ہے۔

## ۲۶۱۸۔ المعلم (معلّم)

خواب میں معلم صنعت کا رسلطان ہے، متعلمین اس کی سلطنت (قوت و غلبہ) سے واقف ہیں، بشرطیکہ اس معلم

Marfat.com

نے تعلیم پر اجرت نہ لی ہو، بچوں کا معلم امیر یا حاکم یا فقیہ پر دلیل ہے، نیز ہر اس شخص کی دلیل ہے جسکو قوت غلبہ حاصل ہو دوسروں کو امر و نہی کرسکتا ہو، یا پھر چڑیوں کا شکار کرنے والا اور ان کو بیچنے والا ہے، یا پھر معلم جہلاء کا رئیس ہے۔

## ۲۶۱۹۔ معمل الفراریج (چوزوں کا کارخانہ)

دیکھئے المدجنة (چوزوں کا کارخانہ)۔

## ۲۶۲۰۔ المعلاق (جھگڑالو)

خواب میں جھگڑالو ہر قسم کا مالِ کثیر ہے جیسے سونا چاندی موتی وغیرہ۔

## ۲۶۲۱۔ المعلف (چارہ کی جگہ)

خواب میں چارہ کی جگہ اپنے گھر میں دیکھنا عزت وقوت کی دلیل ہے، بعض کہتے ہیں کہ وہ عورت ہے۔

## ۲۶۲۲۔ معہد (عہد کی جگہ)

خواب میں عہد کی مجلس اور جگہ جسے وہ مانوس سمجھتا ہے غم والم کی دلیل ہے جو سابقہ لذت کے ذکر کی دلیل ہے یا ذلت کی علامت۔

## ۲۶۲۳۔ المعھد (تعلیمی ادارہ)

دیکھو مدرسہ۔

## ۲۶۲۴۔ المعول (پھاوڑا)

خواب میں پھاوڑا دیکھنا شدت، قوتِ قلب اور نیک کام بجا لانا ہے، پھاوڑا وہ شخص ہے جو اپنی طرف اموال کھینچتا ہے۔

## ۲۶۲۵۔ المعید (دھرانے والا): دیکھئے الرّداد (دھرانے والا)۔

## ۲۶۲۶۔ مفسر احلام (خوابوں کی تفسیر کرنے والا)

دیکھئے خوابوں کی تعبیر بیان کرنے والا۔

## ۲۶۲۷۔ المغارة (غار) دیکھو غار۔

Marfat.com

## ۲۶۲۸۔ المغازلی (چرخے بنانے والا)

خواب میں چرخے بنانے والا لوگوں کے راز افشاء کرنے والا ہے۔

## ۲۶۲۹۔ المغربل (غلہ صاف کرنے والا)

خواب میں اس کو دیکھنا حق و باطل میں اپنے علم اور امر و نہی کے ذریعہ فرق کرنے والا شخص ہے۔

## ۲۶۳۰۔ المغرفة (ڈوئی)

خواب میں ڈوئی یا چمچہ منتظمہ ہے جس کے ہاتھ میں تمام اموال کا خرچہ ہے۔

## ۲۶۳۱۔ المغزل (سوت کاتنے کا چرخہ)

خواب میں اگر عورت دیکھے کہ اسے چرخہ ملا ہے تو اس کے ہاں بچی پیدا ہوگی، اگر عورت دیکھے کہ اس کے چرخے کا دھاگہ ٹوٹ گیا ہے اور حال یہ ہے کہ اس کا کوئی مسافر ہے تو وہ مسافر اس سے دور رہ کر قیام کرے گا، اور جو شخص دیکھے کہ وہ چرخے کے ساتھ دھاگہ بٹتی ہے تو وہ کسی مسافر اجنبی آدمی سے مدد لے گی، چرخے کا دیکھنا قاصد اور مال وصول کرنیوالا ہے۔

## ۲۶۳۲۔ المغسّل (غسل دینے والا): دیکھو البلاّن (غسل دینے والا)۔

## ۲۶۳۳۔ المغفر (خود)

جو شخص خواب میں دیکھے کہ اس کے سر پر خود ہے یا لوہے کی شے ہے تو وہ مالی نقصان سے مامون ہوگا، اور وہ عزت و شرف حاصل کرے گا۔

**۲۶۳۴۔ مغفرت** دیکھو عفو و درگزر کرنا۔

## ۲۶۳۵۔ المغلاق (تالا)

خواب میں تالا عذاب میں مبتلا اور بدحال اجیر ہے، جو اپنا دروازہ تالا لگا ہوا دیکھے تو یہ دینوی اعتبار سے مضبوط ہونے کی دلیل ہے، اگر اسنے تالا نہ لگا ہوا ہو تو اسکا دینوی معاملہ مضبوط نہیں ہے۔ اگر دیکھے کہ وہ اپنے گھر کا دروازہ بند کرنا چاہتا ہے مگر وہ بند نہیں ہوتا ہے تو وہ کسی ایسے کام سے رکے گا جو اس کے بس کا نہیں ہے، اگر دیکھے کہ اس نے بند (تالا لگا ہوا) دروازہ کھول لیا ہے تو وہ کسی قلعہ پر نقب لگائے گا یا اس کو فتح کرے گا، تالا مورچہ ہے، کبھی اولاد یا ست جانور یا زوجہ

Marfat.com

کی دلیل ہوتا ہے یا خوف سے امان اور دشمن سے محفوظ ہونے کی دلیل ہے، تالا دیکھنا سحر و جادو، رازوں کا اخفاء اور ترکِ سفر کی دلیل ہے، جو اپنے پاس ڈھال دیکھے تو یہ اس کی مالداری کی دلیل ہے یا پھر یافتہ بچہ کی دلیل ہے۔

## ۲۶۳۶۔ المغنی (گانے والا)

خواب میں اس کو دیکھنا خوشیوں یا سفروں یا نقلِ مکانی یا واعظ کی دلیل ہے۔

## ۲۶۳۷۔ المفتاح (چابی)

خواب میں چابی رزق یا مدد یا بابِ علم کا کھلنا ہے، چابیاں اولاد یا جاسوسوں یا غلاموں (بچوں) یا زوجات کے لئے ان کے ازواج کی دلیل ہیں، چابیاں اللہ تعالیٰ کی مخفی شدہ چیز کا پانا جس کی وہ امید رکھتا ہے، عہدیدار کے لئے چابیاں بلاد و ممالک اور بادشاہوں کے لئے ان کی فلاح و کامیابی کی دلیل ہے۔ نیز چابی دشمن پر نصرت و غلبہ ہے، اس لئے کہ فرمانِ الٰہی ہے: "نصر من اللہ و فتح قریب" (الصف: ۱۳) یعنی اللہ کی طرف سے مدد اور جلدی فتحیابی۔ جو اپنے ہاتھ میں بغیر دندانوں کے چابی دیکھے تو وہ یتیم پر ظلم کرتا ہے، جو اپنے ہاتھ میں جنت کی کنجی دیکھے تو اسے علم و عبادت یا خزانہ یا مالِ حلال حاصل ہوگا۔ چابی مقبول دعا کی دلیل ہے، جو اپنے ہاتھ میں بہت زیادہ کنجیاں دیکھے تو اسے سلطنتِ عظیمہ حاصل ہوگی، اور چابیاں خزائن (الماری وغیرہ) ہیں کیونکہ چابیوں سے ہی الماریاں کھولی جاتی ہیں۔ چابی کی تفسیر حج سے بھی کی جاتی ہے، لوہے کی چابی قوت و شدت والا آدمی ہے، جو دیکھے کہ اس نے دروازہ یا تالا کھولا ہے تو وہ اپنے دشمنوں پر غالب آئے گا، اور جو دروازہ چابی سے کھولے تو بامدادِ خدائے تعالیٰ جو چاہتا ہے حاصل ہوگا۔ اگر بغیر چابی کے کھولا ہے تو والدین کی دعا یا احسان کی وجہ سے حاجت پوری ہوگی، جو دیکھے کہ اس نے چابی پکڑی ہے تو اسے خزانہ یا زمینی پیداوار سے مال حاصل ہوگا، اگر وہ مالدار ہو تو اس کے مال میں اللہ تعالیٰ کا حق ہے اسے چاہئے کہ ڈرے اور حق اللہ مال میں سے نکالے۔ اگر اسکے ہاتھ کعبہ کی کنجیاں ہیں تو وہ سلطانِ عظیم کا دربان بنے گا، جو دیکھے کہ اس کے لئے دروازہ کھولنا مشکل ہوا ہے تو اسے اس کا مطلوب (مراد) حاصل نہیں ہوگا، چابی میت کو قبر میں ڈالنے کی بھی دلیل ہے، شہر کی کنجی اس شہر کا والی یا مالک ہے، عالم کے لئے کنجی اس علم کی دلیل ہے جو اس پر کھولا جاتا ہے۔

## ۲۶۳۸۔ مفارقة (جدائی)

خواب میں جدائی اسباب کی تبدیلی اور ازواج اور چوپاؤں کی دلیل ہے۔

## ۲۶۳۹۔ المفازة (جنگل بیابان)

خواب میں جنگل بیابان سخت حالی سے خلاصی اور آسودہ حالی کے حصول کی دلیل ہے یا تنگی کے بعد کشادگی اور گناہ

Marfat.com

سے توبہ کی طرف رجوع اور خسارہ کے بعد نفع ہے، مرض سے صحت کی طرف، چنانچہ جو دیکھے کہ وہ ویران یا بیابان جگہ میں ہے اور وہ فقیر ہو تو موت آئے گی۔ جنگل بیابان میں چلنا غیر مفید چیز میں غور و خوض کرنا ہے، جو خود کو خشکی پر دیکھے تو اسے کشادگی اور عزت و کرامت حاصل ہوگی۔

## ۲۶۴۰۔ المقارعة (قرعہ اندازی کرنا)

خواب میں قرعہ اندازی تکالیف کی دلیل ہے، قرعہ اندازی ایک دوسرے پر غالب آنے کی دلیل ہے، چنانچہ جو دیکھے کہ اس نے کسی انسان سے قرعہ اندازی کی ہے اور قرعہ اس کے نام نکلا ہے تو اپنے قرض خواہ پر غالب آئے گا، اگر اس کے قرض خواہ کے نام نکلا ہے تو صاحب خواب کو قید اور پریشانی پہنچے گی۔

## ۲۶۴۱۔ المقام (مقام)

دیکھو الرتبة (رتبہ و مقام)۔

## ۲۶۴۲۔ مقام ابراہیم علیہ السلام

جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ مقام ابراہیم پر آیا ہے اور نماز پڑھی ہے تو وہ مردِ مؤمن ہے، شریعت کی پابندی کرتا ہے اور اسے حجِ بیت اللہ کی سعادت نصیب ہوگی کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: "فیہ ایات بینات مقام ابراھیم" (آل عمران: ۹۷) یعنی اس میں کھلی نشانیاں ہیں، ان میں سے ایک مقامِ ابراہیم ہے۔ اور جو شخص مقامِ ابراہیم کے پاس آئے اور وہ خوفزدہ ہے تو امن حاصل ہوگا، مقام ابراہیم پر آنا منصبِ جلیل کے متولی بننے یا علمی افادہ پر توجہ دینے کی یا والد یا والدہ کی طرف سے حاصل ہونے والی وراثت ہے، مقامِ ابراہیم کے پاس بیٹھنا حد کے پاس ٹھہرنے کی دلیل ہے تا آنکہ وہ وہاں سے منتقل ہو۔

## ۲۶۴۳۔ المقایضة (تبادلہ)

خواب میں شے کا تبادلہ نزولِ آفت و مصیبت ہے، اور اس کے عوض ایسی چیز ملے گی جو دنیا و آخرت میں اس سے بہت بہتر ہوگی۔

## ۲۶۴۴۔ المقبرة (قبرستان)

خواب میں قبرستان دیکھنا خائف کے لئے امن کی اور با امن کے لئے خوف کی دلیل ہے، قبرستان خوف و امید اور گمراہی کے بعد ہدایت کی طرف رجوع کی دلیل ہے، مشرکین کا قبرستان دیکھنا فکر و تکلیف، خوف اور دین میں شک کی دلیل ہے، اور قبرستان وحشتناک قید خانہ اور آخرت کی دلیل ہے، قبرستان عبادت و زہد اور فقراء کے مسکن اور دنیا سے یکسوئی و آہ و بکاء اور مواعظ کی دلیل ہے، قبرستان موت کی بھی دلیل ہے کیونکہ قبرستان دار الموت (موت کا گھر) ہے، قبرستان

Marfat.com

شراب خانے کی دلیل ہے جس میں نشائی مُردوں کی طرح پڑے ہوئے ہوتے ہیں، نیز ان غافلوں کی دلیل ہے، جو نہ نماز پڑھتے ہیں اور نہ اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے ہیں، قبرستان قید خانہ کی بھی دلیل ہے، اس لئے کہ میت اپنی قبر میں قید ہوتی ہے، خواب میں جو شخص قبرستان میں داخل ہوا اور وہ بیداری (یعنی حقیقت) میں مریض تھا تو اسی بیماری میں مرے گا، اگر قبرستان میں داخل ہونے کے وقت عاجزی اختیار کئے ہوئے تھا یا کتاب اللہ کی تلاوت کرتا ہوا داخل ہوا یا قبلہ رو ہو کر نماز پڑھ رہا تھا تو وہ نیک لوگوں میں شمار ہوگا، اگر داخل ہونے کے وقت ہنس رہا تھا یا قبروں پر پیشاب کر رہا تھا یا مُردوں کے ساتھ چلتا ہے تو وہ بُرے لوگوں میں شمار ہوتا ہے، اگر قبرستان میں اذان دے کر داخل ہوا ہے تو وہ اس شخص کو نصیحت اور وعظ کرے گا جو نصیحت قبول نہیں کرتا اور نیکی کا حکم دے گا، مشہور قبرستان امرِ حق ہے، خواب میں قبرستان وعظ و نصیحت، آہ و بکاء، خشوع و عاجزی اور دنیا سے بے رغبتی کی دلیل ہے، قبرستان علماء، زاہدین، امراء اور لشکروں کے قائدین کی دلیل ہے، مسلمانوں کے قبرستان ان کے خیموں اور ذمیوں کی قبریں بدعت و غفلت، شراب و زنا، فسق و فجور اور کفر و خوف ہیں، اور زمانہء جاہلیت کی قبریں دیکھنا کسب و معاش، فائدے، گرفتاری اور راز کے منکشف ہونے کی دلیل ہیں۔

## ۲۶۴۵۔ المقثأة (کھیرے اُگنے کی جگہ)

خواب میں اس کی تعبیر فوائد اور مسلسل اور لگا تار رزق ہیں، کھیرے اگنے کی جگہ صاحبِ اولاد عورت ہے، اور جو شخص ان کا مالک بنا ہو اور وہ ملک کا اہل ہو تو بادشاہ ہوگا اور دشمنوں پر غلبہ حاصل کرے گا، فقیر ہو تو مستغنی ہوگا، اگر کنوارا ہو تو شادی ہوگی، اگر طالبِ علم ہو تو مختلف فنونِ علم حاصل ہوں گے، اگر عاصی اور گنہگار ہو تو رجوع الی اللہ کرے گا، اور توبہ کا پھل چنے گا، اگر کھیرے درخت پر لگے ہوئے دیکھے تو یہ دین میں بدعت کے ایجاد، ظلم و بخل یا مہنگائی کی دلیل ہے۔

## ۲۶۴۶۔ المقذاف (چپّو)

خواب میں کشتی کا چپو خطرات سے حفاظت اور مشکل کاموں میں رفیق و معاون کی دلیل ہے۔

## ۲۶۴۷۔ المقراض (قینچی): دیکھئے المقص (قینچی)۔

## ۲۶۴۸۔ المقرعة (کوڑا)

خواب میں کوڑا ملامت و اذیت ہے۔ کوڑا کبھی رفعت و بلندی، مال اور خیر و شر میں معین و مددگار کی دلیل ہے۔

## ۲۶۴۹۔ المقری (پڑھانے والا)

خواب میں اس کو دیکھنا نیکی کا حکم دینے اور برائی سے منع کرنے کی دلیل ہے۔

Marfat.com

## ۲۶۵۰۔ المقص (قینچی)

خواب میں قینچی اسباب قرض پر دینے کی دلیل ہے کیونکہ قینچی کا ایک نام مقراض (عربی میں) بھی ہے۔ قینچی کام کا متولی ہے جو حق و باطل میں فرق کرنے والا ہے، اور قینچی اولاد میں اور غلاموں بھائی بہن اور سواریوں میں اضافہ کی دلیل ہے، اگر اس کے پاس کوئی سی ایک چیز ہو تو ایک اور اسے حاصل ہوگی، لیکن اگر وہ کنوارا ہے تو اس کی شادی ہوگی، اور جو دیکھے کہ قینچی آسمان سے اس کے پاس اتری ہے تو اس کی عمر اب اختتام کو ہے، جو خواب میں لوگوں کی داڑھیاں یا کپڑے قینچی سے کاٹے تو وہ ان کی غیبت کرتا ہے اور خیانت کا مرتکب ہے، بعض کہتے ہیں کہ قینچی دو باہم متفق شریک کار ہیں، بعض کہتے ہیں کہ جو خواب میں اپنے ہاتھ میں قینچی دیکھے تو اس کا ماں شریک بھائی پیدا ہوگا، جو دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں قینچی ہے اور وہ اس کے ساتھ بال یا اون کاٹتا ہے تو وہ مالِ کثیر جمع کرے گا، بعض کہتے ہیں کہ قینچی لوگوں کے مابین صلح کرانے والا شخص ہے۔

## ۲۶۵۱۔ المقلاع (گوپیا)

جو خواب میں دیکھے کہ اس نے ایک انسان پر گوپیا (پتھر پھینکنے کا آلہ) کے ذریعہ پتھر پھینکا ہے تو صاحب خواب سخت دلی کی وجہ سے کسی امر حق میں اس شخص (جس پر پتھر پھینکا گیا) کے خلاف بددعا کرتا ہے، اور جو دیکھے کہ عورتوں نے اس کو پتھر مارا ہے تو جادوگر اس کو فریب دیں گے، گوپیا سخت طریقہ سے کلام حق کہنے کی دلیل ہے، بعض کہتے ہیں کہ گوپیا کے ذریعہ اگر خواب میں پتھر نہ پھینکا گیا ہو تو یہ توبہ اور گناہوں کے چھوڑ دینے کی علامت ہے۔

## ۲۶۵۲۔ المقلاۃ (کڑھائی)

خواب میں کڑھائی ایسی عورت ہے جس کے بچے زندہ نہ رہتے ہوں غم و الم کے سبب اس کے آنسو جاری رہتے ہوں، کہا جاتا ہے کہ غم کے آنسو گرم اور خوشی کے آنسو ٹھنڈے ہوتے ہیں۔

## ۲۶۵۳۔ المقلو (تلی ہوئی چیز)

خواب میں تلی ہوئی یا بھونی ہوئی چیز دوری، ناپسندیدگی، دور کے قریب ہونے اور حاجات کے پورا ہونے کی دلیل ہے، اور تلا ہوا حلوا فائدہ مند شراکت (حصہ داری) ہے۔

## ۲۶۵۴۔ المقنعة (دوپٹہ): دیکھئے الخمار (دوپٹہ)۔

Marfat.com

## ۲۶۵۵۔ المقود (لگام)

خواب میں لگام خیر یا شر کی تابعداری ہے۔ جو شخص دیکھے کہ اس کے پاس لگام ہے تو مشکل امور اس کے تابع ہوں گے۔

## ۲۶۵۶۔ مقیاس الماء (پانی کی مقدار معلوم کرنے کا آلہ)

خواب میں یہ آلہ دیکھنا نزولِ بارش و رحمتِ خداوندی کی دلیل ہے۔ نیز شدت کے بعد آسانی کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ پانی اپنی حد کو پہنچ گیا ہے تو یہ بشارت و خوشی اور خوشحالی کی دلیل ہے، پانی کا آلہ حج اور عید کے مہینوں کی دلیل ہے، نیز فرحت و مسرت اور دارالحکومت کی دلیل ہے۔

## ۲۶۵۷۔ المکاتبة (غلام کو مکاتب بنانا)

خواب میں جو اپنے غلام کو مکاتب بنائے تو یہ دونوں کی عمروں کے طویل ہونے کی دلیل ہے، کیونکہ مکاتبت ایک مدت تک کے لئے ضم کرنے کا نام ہے، نیز راحت کی دلیل ہے جو دونوں کو حاصل ہوگی۔

## ۲۶۵۸۔ المکاری (کرایہ پر دینے والا)

خواب میں اس کو دیکھنا امراض سے شفاء، گناہ کرنے اور بوجھ اٹھانے کی دلیل ہے، بسا اوقات اس کا دیکھنا تکلیف برداشت کرنے اور راحت حاصل ہونے کی دلیل ہوتا ہے۔ کرایہ پر جانور وغیرہ دینے والا معاملات کا متولی و منتظم ہے اور لشکر کا قائد اور لوگوں کے معاملات اور امور کا ذمہ دار ہے جیسے پولیس کا افسر اور ساعی (صدقات وغیرہ وصول کرنے والا)۔

## ۲۶۵۹۔ المکبة (منہ کے بل گرنا)

خواب میں منہ کے بل گرنا راز مخفی رکھنے پر دلیل ہے۔

## ۲۶۶۰۔ المکتب (تعلیم گاہ)

خواب میں مکتب دیکھنا ذلت و حقارت، بخل اور زندگی کی تنگی ہے۔ نیز خوف و گھبراہٹ کی علامت ہے، یا پھر اعلیٰ منصب کی دلیل ہے۔

## ۲۶۶۱۔ المکتوب (خط) دیکھئے الرسالة (خط)۔

## ۲۶۶۲۔ المکحلة (سرمہ دانی)

خواب میں سرمہ دانی وہ نیک عورت ہے جو مشکل کاموں اور لوگوں کے دین و اموال کی اصلاح کے لئے کوشاں

Marfat.com

رہتی ہے، اس لئے کہ آنکھ کی تعبیر دین کی بنیاد ہے، خواب میں جو شخص سرمہ دانی میں سرمہ لگانے کے لئے سلائی ڈالے تو غیر شادی شدہ ہو تو شادی ہوگی، جاہل ہو تو علم حاصل کرے گا، فقیر ہو تو مستغنی ہوگا، لیکن اگر سرمہ راکھ کا یا گند وغیرہ کا ہو تو پھر وہ حرام کمائی تلاش کرتا ہے یا بدعت کی دلیل ہے، سرمہ دانی رازوں کی حفاظت کرنے اور مالِ مفقود کی دلیل ہے۔

## ۲۶۶۳۔ المکسب (منفعت):

دیکھئے الغنیمة (مالِ غنیمت)۔

## ۲۶۶۴۔ المکنسة (جھاڑو)

جھاڑو اگر لکڑی کا خواب میں دیکھے تو خادموں کی نافرمانی کرنا ہے، جھاڑو باندی کی بھی دلیل ہے، جو شخص دیکھے کہ اس نے اپنے گھر کو جھاڑو سے صاف کیا ہے (یعنی جھاڑو پھیرا ہے) تو اگر وہ مالدار ہے تو فقیر ہونے کا خدشہ ہے، بعض کہتے ہیں کہ گھر میں جھاڑو دینا اس گھر میں موجود مریض کی موت پر دلیل ہے یا کسی اور جگہ اسکے منتقل ہونے کی علامت ہے، یا اموال میں تفرق (جدائیگی) آئے گی، اگر کسی زمین کی جھاڑو سے صفائی کی ہے اور اس کا کوڑا جمع کیا ہے تو اسے مالی فائدہ حاصل ہوگا ورنہ وہ وصول کرنے والا یا فقیر بھکاری اور سائل بنے گا۔ جھاڑو دیکھنا زوالِ غم وفکر اور ادائے قرض کی بھی دلیل ہے۔

## ۲۶۶۵۔ مکّہ مکرّمہ

خواب میں مکّہ مکرّمہ کی تعبیر امامِ وقت سے کی جاتی ہے۔ لہٰذا مکّہ مکرّمہ میں کوئی کمی زیادتی دیکھے تو اسے امامِ وقت کی طرف منسوب کیا جائے گا یا صاحب خواب کے دین کی طرف، جو شخص مکہ مکرمہ کو اپنی منزل دیکھے اور وہ غلام تھا تو آزادی ملے گی، اگر (غلامی سے) آزاد تھا تو سلطان سے عزت ملے گی، اور لوگ علم سیکھنے کے لئے اس کے پاس چلے آئیں گے، خواب میں جو شخص مکہ کو اپنی پشت کے پیچھے کرے تو رئیس یا سلطان سے علیحدگی ہوگی، جو دیکھے کہ مکہ مکرمہ منہدم ہوا ہے تو وہ نماز بہت کم پڑھنے والا ہے۔ مکہ میں داخل ہونا ایسی خوبصورت دلہن کی دلیل ہے جس کو پیغامِ نکاح دینے والے بہت ہوں، گنہگار کے لئے مکہ میں داخل ہونا توبہ کی دلیل ہے۔ کافر کے لئے اسلام قبول کرنے کی دلیل ہے، کنوارے کے لئے شادی کی دلیل ہے، اگر صاحب خواب کسی مقدمہ میں پھنسا ہوا ہو تو مدمقابل پر غلبہ حاصل ہوگا، مکہ میں داخل ہونا خوف سے امن کی دلیل ہے، جو شخص دیکھے کہ وہ مکہ کی طرف روانہ ہوا ہے تاکہ حج کرے تو ان شاء اللہ تعالیٰ اسے حج نصیب ہوگا، اگر وہ مریض ہو تو مرض طویل ہوگا، ہوسکتا ہے کہ موت آجائے۔ جو دیکھے کہ وہ مکہ کا مجاور ہے تو وہ ناکارہ عمر پائے گا، اگر دیکھے کہ وہ مُردوں کے ساتھ مکہ مکرمہ میں ہے تو اسے موتِ شہادت نصیب ہوگی، اور جو خواب میں صرف تجارت کی غرض سے مکہ کا رخ کرے تو وہ دنیا کا حریص ہے، اور جو مکہ مکرمہ کو سرسبز دیکھے تو یہ خیر کی دلیل ہے۔

Marfat.com

## ۲۶۶۶۔ المکیال (پیمانہ)

خواب میں پیمانہ سلطان یا حاکم ہے، لہٰذا جو دیکھے کہ اسے پیمانہ دیا گیا ہے تو اسے حکومت حاصل ہوگی۔ یہی تعبیر ہے جب اپنے آپ کو مکیال یا میزان (ناپ تول کا پیمانہ) دیکھے، جو خواب میں لوگوں کو ناپ تول میں کمی کرتے دیکھے تو قاضی حق بات سے اعراض کرنے والا ہے۔

## ۲۶۶۷۔ الملابس (کپڑے): دیکھو الکساء (چادر)۔

## ۲۶۶۸۔ کشتی کا ملاح

خواب میں ملاح جیل کا داروغہ ہے، بعض کہتے ہیں کہ بادشاہ کا وزیر یا مشیر اور اس کے لشکر کا قائد اور لوگوں میں متوسط کی دلیل ہے، یا پھر جمال و بغال (خچروں) اور حمیر (گدھوں) کی دلیل ہے۔

## ۲۶۶۹۔ الملازمة (وابستگی)

دیکھئے مصاحبت۔

## ۲۶۷۰۔ ملاقاة الملائكة (فرشتوں سے ملاقات)

خواب میں فرشتوں سے ملاقات مشکلات میں مبتلا ہونے اور (پھر) اس سے خلاصی پانے کی دلیل ہے۔

## ۲۶۷۱۔ الملاينة (نرم برتاؤ کرنا)

خواب میں گھٹیا درجہ کے لوگوں کے لئے نرم برتاؤ کا خواب ان کے حق میں کمی، زوال منصب اور فقر و سوال (مانگنا) ہے۔

## ۲۶۷۲۔ الملاءة (چادر): دیکھئے الرداء (چادر)۔

## ۲۶۷۳۔ الملح (نمک)

خواب میں نمک بلا مشقت حاصل ہونے والا مال ہے، خواب میں اگر دو مخالفوں کے درمیان تعلق داری دیکھے تو وہ آپس میں صلح کریں گے، اور جو لوگوں کے تعلقات خراب ہوئے دیکھے تو اس جگہ پر طاعون کا مرض آئے گا، یا وہ جگہ ظلم یا قحط کا شکار ہوگی، نمک مشغولیت اور مرض ہے نیز دنیا سے بے رغبتی اور خیر و نعمت ہے، جو خواب میں نمک کے ساتھ روٹی کھائے تو وہ دنیا کے معمولی مال پر قناعت (صبر) کرتا ہے، نمک کی کان خوبرو باندی (لڑکی) ہے، جو خواب میں نمک پائے

Marfat.com

تو وہ شدت و مرض میں مبتلا ہوگا، اور نمک وہ چیز ہے جس کے ساتھ ہر چیز کی اصلاح وابستہ ہے جیسے قرآن و سنت اور اسلام کے احکام کا عالم، نیز زوجہ مال و اولاد اور رزقِ حلال ہے، اگر صاحب خواب خوفزدہ ہو اور خواب میں نمک دیکھے تو امن و سکون یا حلم و بردباری حاصل ہوگی۔ اس لئے کہ لفظ ملح (نمک) کا عکس حلم ہے، اور نمک لگا کر سکھائی گئی مچھلی خوش کن خبریں اور نمک ملایا زیتون عہد شکنی ہے۔

## ۲۶۷۴۔ الملحفۃ (اوڑھنے کی چادر)

خواب میں اوڑھنے کی چادر صاحب خواب کی بیوی ہے۔ چنانچہ جو دیکھے کہ وہ اس چادر پر سویا ہے تو اسے دیندار عورت ملے گی، جو سرخ چادر اوڑھے تو جدل و قتال سے واسطہ پڑے گا، اور جو دیکھے کہ وہ چادر اس سے چھین لی گئی ہے تو وہ اپنی زوجہ سے طلاق یا موت کے ذریعہ جدا ہوگا۔

## ۲۶۷۵۔ الملحم (لڑائی اور قتل)

خواب میں لڑائی قتل عورت یا گھمسان کی جنگ یا مرض کی دلیل ہے۔

## ۲۶۷۶۔ الملحی (نمک فروش)

خواب میں نمک فروش مالدار آدمی یا لوگوں کے درمیان صلح صفائی کرانے والا شخص ہے۔

## ۲۶۷۷۔ الملقط (دھات کی کان)

خواب میں دھات کی کان دیکھنا مشقت و تکلیف پر صبر کرنے والا لڑکا ہے، بے کار کے لئے خدمت ہے۔

## ۲۶۷۸۔ الملک (فرشتہ)

جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ فرشتہ سے باتیں کرتا ہے یا اس کو کوئی چیز دیتا ہے تو ان شاء اللہ تعالیٰ وہ شخص شہادت سے سرفراز ہوگا، اور جو دیکھے کہ فرشتے ایک جگہ پر اترے ہیں اگر اس جگہ کے رہنے والے کسی لڑائی میں مبتلا ہیں تو منصور و غالب ہوں گے، اگر کسی مصیبت میں مبتلا ہیں تو وہ مصیبت دور ہوگی۔ فرشتوں کا نزول وباء یا طاعون یا امراء، عاملین یا قائدین کی دلیل ہوسکتا ہے، اور جو شخص دیکھے کہ وہ فرشتوں کے ساتھ اڑتا ہے تو اسے شہادت حاصل ہوگی، اور وہ اللہ تعالیٰ کی رضامندی اور اکرام سے نوازا جائے گا، جو خواب میں فرشتوں کو ایک جگہ پر دیکھے اور ان سے ڈر رہا ہو تو اس جگہ پر لڑائی فتنہ اور عداوت و دشمنی واقع ہوگی، اگر دیکھے کہ فرشتے اس کو سجدہ کرتے ہیں یا اس کے سامنے رکوع کی حالت میں ہیں تو اس کی حاجات پوری ہوں گی اور وہ صلاح (بھلائی) اور نیک نامی سے نوازا جائے گا، اگر فرشتوں کو عورتوں کی صورت و شکل میں دیکھے تو وہ اللہ تعالیٰ پر جھوٹ باندھتا ہے، اگر دیکھے کہ فرشتے اس کو لڑکے کی خوشخبری دیتے ہیں تو اس کے

Marfat.com

ہاں نیک صالح متقی عالم بیٹا تولد ہوگا، لوگ اس کی پیروی کریں گے، اگر کسی علاقہ میں فرشتوں کی ایک جماعت دیکھے تو اس جگہ کوئی عالم یا زاہد و عابد وفات پائے گا اور مظلوم شخص قتل ہوگا، جو دیکھے کہ اس کی صورت بدل کر فرشتہ کی طرح ہوگئی ہے تو اسے شرف و عزت حاصل ہوگی۔ جو دیکھے کہ وہ فرشتہ سے کشتی کرتا ہے تو یہ زوالِ مقام و مرتبہ کی دلیل ہے، اور غم و فکر سے دوچار ہوگا۔ اگر دیکھے کہ فرشتے اس کے گھر میں داخل ہوئے ہیں تو اس کے گھر میں چور آئیں گے، اگر دیکھے کہ فرشتہ نے اس سے اس کا اسلحہ (ہتھیار) لیا ہے تو یہ اس شخص کی قوت و مال اور منفعت کے ختم ہونے کی دلیل ہے، ممکن ہے کہ وہ اپنی بیوی سے علیحدہ ہو جائے۔ اگر فرشتہ کو بچہ کی شکل میں دیکھے تو یہ زمانۂ مستقبل کی دلیل ہے، اور اگر اس کو جوان دیکھا ہے تو زمانۂ حاضر کی دلیل ہے، اور اگر اس کو بوڑھا دیکھا ہے تو یہ زمانۂ ماضی کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ وہ خود فرشتہ بن گیا ہے تو وہ کاہن یا نجومی یا طعنہ زن اور عیب گیر ہے، اگر وہ (صاحب خواب) مریض ہو تو یہ خواب اس کی موت کی دلیل ہے، جو فرشتوں کو دیکھے کہ اس کے لئے مغفرت کی دعا کرتے ہیں تو دین و حالات درست ہوں گے اور مال میں کثرت آئے گی، جب فرشتوں کا نزول قبرستان میں دیکھے تو وہاں نیک لوگ دفن ہوں گے، اگر فرشتوں کو بازار میں دیکھے تو یہ اوزان میں کمی کرنے کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ وہ فرشتہ سے کشتی کرتا ہے تو عزت کے بعد ذلت اور پریشانی ملے گی، جو دیکھے کہ اس کی صورت فرشتہ جیسی ہوگئی ہے تو اگر شدت میں مبتلا ہے تو فراخی ہوگی، اگر غلامی میں مبتلا ہے تو آزادی ملے گی، اگر شریف و اعلیٰ درجہ کا ہے تو اس میں زیادتی اور سرداری حاصل ہوگی، جو فرشتوں کو دیکھے کہ اسے سلام کہتے ہیں تو اللہ تعالیٰ اسے اس کی زندگی میں بصیرت عطا فرمائیں گے اور اس کا خاتمہ بالخیر ہوگا، اگر کافر خواب دیکھے کہ فرشتے اس کے لئے دعائے رحمت و مغفرت کرتے ہیں تو وہ مسلمان ہوگا، فرشتوں کا دیکھنا بیٹوں اور اصحابِ عہد کی دلیل ہے۔ عذاب کے فرشتے اگر کسی میت کے پاس آئے ہیں اور وہ (صاحب خواب) ان سے نہیں ڈرا ہے تو یہ امن کی دلیل ہے خصوصاً جب کہ وہ مسافر ہو تو وہ رہزنوں (ڈاکوؤں) سے مامون و محفوظ رہے گا، فرشتوں کا دیکھنا بادشاہ کے قاصد یا اس کے نائب یا حاکم کی دلیل ہے، اگر اس کے ذمہ قرض ہو تو قرض سے نجات ملے گی، اگر مریض ہو تو شفاء ہوگی، فرشتوں کا دیکھنا ان ترجمانوں (ٹرانسلیٹرز) کی دلیل ہے جو لوگوں کی زبانیں جانتے ہیں کیونکہ وہ ہر ایک سے ان کی زبان میں سوال کرتے ہیں۔

## ۲۶۷۹۔ الملک (بادشاہ):

دیکھئے السلطان (بادشاہ)۔

## ۲۶۸۰۔ ملک الطیور (گدھ):

دیکھو النسر (گدھ)۔

## ۲۶۸۱۔ ملک الموت (موت کا فرشتہ):

دیکھئے عزرائیل علیہ السلام۔

## ۲۶۸۲۔ المماطلة (ٹال مٹول کرنا)

اگر ٹال مٹول عورت کی طرف سے ہو تو وہ اپنے لئے جدائیگی اور شادی نہ کرنے میں جلدی کرتی ہے، یا وہ

Marfat.com

دوسروں سے گوشہ نشینی (علیحدگی) کو ترجیح دیتی ہے۔

## ۲۶۸۳۔ المملوک (غلام): دیکھو العبد (غلام)۔

## ۲۶۸۴۔ المملوکۃ (باندی): دیکھئے الامۃ (باندی)۔

## ۲۶۸۵۔ المنّ (ترنجبین)

خواب میں ترنجبین رزقِ حلال ہے۔ یا دینے والے کا احسان جتانا ہے، جو شخص خواب میں ترنجبین کھاتا ہے تو اسے بلامشقت رزق حاصل ہوگا۔

## ۲۶۸۶۔ مُنیٰ (مقام منیٰ)

جو خواب میں خود کو منیٰ میں دیکھے تو جس چیز سے خوف رکھتا ہے اس سے امن ہوگا اور دنیا و آخرت کی جو بھی آرزو رکھتا ہے وہ پوری ہوگی۔

## ۲۶۸۷۔ المنازعۃ (حالتِ نزع): دیکھئے النزع (حالتِ نزع)۔

## ۲۶۸۸۔ مَنی

خواب میں مَنی مال ہے، اگر دیکھے کہ اس کے لئے مَنی کا گھڑا ہے تو اسے خزانہ ملے گا، جو دیکھے کہ اس کی بیوی (کی شرمگاہ) سے زرد رنگ کا پانی نکلا ہے تو اس کے ہاں بیمار بچہ پیدا ہوگا، اگر سرخ رنگ کا پانی نکلا ہے تو وہ بچہ (جو پیدا ہوگا) کم عمر ہوگا، اگر سیاہ رنگ کا پانی نکلا ہے (اس کی بیوی سے) تو وہ بچہ اپنے گھر کے لوگوں کا سردار ہوگا، اگر اس سے آگ نکلی ہے تو وہ بچہ قوت و سلطنت اور ظلم و جور والا ہوگا، بعض کہتے ہیں کہ مَنی مُنیٰ (آرزو) سے ہے، خواب میں مَنی کا خروج دیکھنا مال میں کوتاہی، افشاءِ راز یا اولاد کی موت ہے، اگر صاحب خواب کاشتکار ہو تو بے آباد اور بنجر زمین آباد کرے گا اور اس سے پانی نکالے گا۔

## ۲۶۸۹۔ مناخ الابل (اونٹوں کا باڑہ)

خواب میں اونٹوں کا باڑہ روسا (بڑے لوگ) کی مجلس ہے۔ جیسے مسجد، فقراء کا مسکن اور دکان جہاں تاجر آتے ہیں۔

## ۲۶۹۰۔ المناداۃ (پکارنا)

جو خواب میں دیکھے کہ اسے پکارا جا رہا ہے تو وہ گھٹیا لوگوں سے صحبت رکھتا ہے، اور جو دیکھے کہ اسے وادی کے

Marfat.com

کنارہ سے پکارا گیا ہے تو اسے ولایتِ عظیمہ حاصل ہوگی، اگر دور جگہ سے اسے پکارا گیا ہے تو اس نے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی ہے، جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: "أولئك ينادون من مكان بعيد" (فصلت: ۴۴) یعنی یہ لوگ دور جگہ سے پکارے جائیں گے"۔

## ۲۶۹۱۔ المنادی (پکارنے والا)

خواب میں منادی کو سننا سفر کی دلیل ہے، جیسا کہ فرمانِ الٰہی ہے: "أولئك ينادون من مكان بعيد" یعنی یہ لوگ دور جگہ سے پکارے جائیں گے۔

پکارنے والے کو دیکھنا خبر کی اشاعت کی دلیل ہے، لیکن اگر وہ کسی غیر حلال چیز کے لئے پکارتا ہو جیسے سور کھانے کی طرف بلائے، یا کسی حرام شے کے لئے پکارے۔

## ۲۶۹۲۔ المنارۃ (منارہ)

خواب میں منارہ لوگوں کے درمیان الفت پیدا کرنے والا شخص ہے جو لوگوں کو دینی اصلاح کی طرف دعوت دیتا ہے، اگر کوئی انسان دیکھے کہ منارہ گر گیا ہے تو یہ آدمی کی موت ہے یا اس کی جماعت اختلاف و افتراق کا شکار ہوگی، جامع مسجد کا منارہ پیام رساں یا اللہ کے دین اور ہدایت کی دعوت دینے والا آدمی ہے، جو دیکھے کہ وہ منارہ سے گر کر کنوئیں میں جا گرا ہے تو وہ زبان دراز عورت سے شادی کرے گا یا اس کی دولت (حکومت) ختم ہوگی، جو دیکھے کہ وہ لکڑی کے بہت بڑے منارہ پر چڑھا ہے اور اس میں اذان دی ہے تو اسے نفاق کے ساتھ رفعت و بلندی اور قوت و شوکت حاصل ہوگی، جو دیکھے کہ وہ منارہ پر کھڑا تسبیح و تہلیل (لا الٰہ الا اللہ پڑھنا) کرتا ہے تو اسے دنیا کی رفعت و بلندی حاصل ہوگی، اور اس کا تسبیح کرنا غم و حزن ہے جو اللہ تعالیٰ دور فرما دیں گے، منارہ وزیر ہے، منارہ اس کے مؤذن کی دلیل بھی ہے، خواب میں چراغ لیمپ کا منارہ (اسٹینڈ) گھر کا خادم ہے لہٰذا اس میں جو نقص و زیادت دیکھی جائے اس کی نسبت خادم کی طرف کی جائے گی، منارہ کا سرا خادم کا سر ہے، منارہ عورت کی دلیل بھی ہو سکتا ہے۔

## ۲۶۹۳۔ المنازعۃ (جھگڑا کرنا)

جو خواب میں دیکھے کہ اس نے کسی سے جھگڑا کیا ہے تو وہ شدید غم سے دوچار ہوگا۔

## ۲۶۹۴۔ منازل الکواکب (ستاروں کی منزلیں)

بطین منزل اس کا بطن (پیٹ) ہے، ثریا ثروت (مالداری) ہے، دبران ادبار (پستی) ہے، ھنعہ منزل خوشگواری اور رنج کی دلیل ہے، ذراع یمانی برکت کی اور شامی نحوست کی دلیل ہے۔ نثرہ منزل بکھرنے اور پھیلنے کی دلیل ہے، اور

Marfat.com

طرفاء نادر اور عمدہ چیز ہے، جبھہ سامنے کرنے کی علامت ہے۔ صرفہ انصراف (پھرنے) کی دلیل ہے، عواء منزل چیخ و پکار کی دلیل ہے، سماکِ رامح حرام شے ہے، اور سماکِ اعزل معزولی ہے، اور غفر مغفرت و امان ہے، اور قلب انقلاب زمانہ ہے، شولہ منزل بلند نظری ہے، اور نعائم انعام و نعمت ہے، سعدِ الذابح منزل دشمن اور سعدِ بلع لہو ولعب ہے اور سعد السعود سعادتمندی ہے اور سعد الخبایا رسوائی اور عیب ہے، جو شخص ستاروں میں سے کوئی ستارہ دیکھے تو وہ منزل طے کرنے کی دلیل ہے۔ جیسے بناتِ نعش، دبِ اصغر، دبِ اکبر، نسر طائر، جوزاء اور سنبلہ اور حمل وغیرہ۔

## ۲۶۹۵۔ المناطحة (ٹکر مارنا)

خواب میں ٹکر مارنا قتال اور لڑائی کی تیاری کرنے کی دلیل ہے یا پھر بدعت و ضلالت کے زمانہ کی دلیل ہے، اور آپس میں سر ٹکرانا دونوں پر آفات و مصائب کے نزول کی دلیل ہے، یا دونوں کے مابین لڑائی ہوگی، اگر دونوں کے دماغوں (سروں) سے خون نکلا ہو اور بہا ہو تو دونوں کا انجام برا اور نقصان دہ ہوگا۔ یا پھر حسب و نسب (خاندان) پر اظہارِ فخر کی دلیل ہے۔

## ۲۶۹۶۔ مناقرة بالديوك (مرغوں کا لڑنا)

اس کی تعبیر علماء خطباء اور مؤذنوں کے مابین لڑائی فساد ہے۔

## ۲۶۹۷۔ منبر

خواب میں منبر سلطان العرب، جماعتِ اسلام اور وہ مقامِ کریم ہے جس کا اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں ذکر کیا ہے، جو اپنے آپ کو منبر پر بیٹھے نیک باتیں کرتے دیکھے تو اگر وہ منبر پر بیٹھنے کا اہل ہے تو اسے باعزت اور اعلیٰ سلطنت حاصل ہوگی، ورنہ نیک شہرت ہے، اگر والی یا سلطان دیکھے کہ اسے مرگی کا دورہ پڑا ہے یا اسے زبردستی منبر سے اُتار دیا گیا ہے یا اسکا منبر ٹوٹ گیا ہے تو یہ موت کے سبب یا حیات میں زوالِ سلطنت کی دلیل ہے۔ منبر ولایت (حکومت) اور دشمن کے غلبہ کی دلیل ہے۔ سلطان جب خواب میں منبر پر چڑھے تو اس کی مملکت دائمی ہوگی اور وہ اپنے دشمنوں پر غالب رہے گا۔

## ۲۶۹۸۔ المنثور (نثر)

خواب میں غیر منظوم کلام (نثر) وفات پانے والا لڑکا یا غیر مستقل خوشی، زوال پذیر ولایت، منتقل ہونے والی تجارت یا علیحدہ ہونے والی عورت ہے، نثر علوم و اسرار و حکم اور پسندیدہ کلام ہے، یا پھر فاخرہ لباس یا نصاریٰ سے معاشرت یا ان کے آثار میں سے کسی شے کا مالک ہونا ہے۔

## ۲۶۹۹۔ المنجل (درانتی)

خواب میں درانتی دیکھنا رزق اور سچی خبر کی دلیل ہے، یا اختتامِ عمر کی دلیل ہے۔

Marfat.com

## ۲۷۰۰۔ المنجم (نجومی)

خواب میں نجومی دیکھنا اصحابِ منصب و مقام کی دلیل ہے۔ نجومی کا دیکھنا رازوں کے منکشف ہونے اور فضول چیز کی دلیل ہے، اور جو شخص کسی فکر و پریشانی میں مبتلا ہو تو وہ دور ہوگی، نجومی کو دیکھنا کنوارے کی شادی کی اور زوجین میں علیحدگی، مریض کی موت، مقیم کے لئے سفر کی اور حاملہ عورت کے لئے خلاصی پانے کی دلیل ہے، نجومی کا دیکھنا بشارت اور تنبیہ یا اتباعِ سنّت اور علم و عمل کی دلیل بھی ہے، گم شدہ اشیاء کی خبر دینے والا خواب میں دیکھنا صاحب علم یا معبر و سفیر جیسے قاصد کی دلیل ہے، یا خوابوں کی تعبیر بتانے والا یا ذخیروں کی خبر رکھنے والا ہے۔

## ۲۷۰۱۔ منجنیق(۱)

خواب میں منجنیق بہتان تراشی اور الزام تراشی ہے، منجنیق دھوکہ و فریب، مظلموں کی مدد اور کافروں کی تباہی ہے، منجنیق کا پتھر قاصد ہے، چنانچہ اگر دیکھے کہ سلطان نے کسی انسان کو پتھر مارا ہے تو سلطان اس کے پاس سخت قسم کا قاصد بھیجے گا، منجنیق کے ذریعہ پتھر پھینکنے کو دیکھنا عہد شکنی اور فریب ہے، منجنیق علماء کی تذلیل اور ان پر الزام لگانے کی دلیل ہے، نیز پاکدامن عورتوں پر تہمت لگانے اور دین پر طعن و الزام لگانے کی دلیل ہے، منجنیق کا دیکھنا اس جگہ پر فتنہ انگیزی کی دلیل ہے جس جگہ پر منجنیق کو سنگ باری کے لئے نصب شدہ دیکھا جائے۔

## ۲۷۰۲۔ المنحر (ذبح کرنے کی جگہ): دیکھئے اللبب (سینہ کا بالائی حصہ)

## ۲۷۰۳۔ المنخر (نتھنا): دیکھئے الأنف (ناک)۔

## ۲۷۰۴۔ المنخل (چھلنی)

چھلنی کا خواب میں دیکھنا ضلالت کے بعد ہدایت، معصیت کے بعد توبہ کی دلیل ہے، یا حق و باطل کے درمیان فرق کرنے والا حاکم ہے، یا بے ضرر و شریر انسان کی دلیل ہے۔ چھلنی مضرت و تفریق کی دلیل ہے، کیونکہ چھلنی کا کام چیزوں کی تقسیم ہے نہ کہ جمع کرنا، بعض کہتے ہیں کہ چھلنی وہ آدمی ہے جو دوستوں اور گھر والوں کے درمیان فرق کرتا ہے، بعض کہتے ہیں کہ چھلنی کنگھی کرنے والا خادم ہے کیونکہ چھلنی میل کچیل دور کرتی ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ چھلنی کی تعبیر وہ شخص ہے جس کے ہاتھوں عمدہ مال نکلتے ہوں نیز خادمہ کی دلیل ہے۔

## ۲۷۰۵۔ المندفة (روئی دھننے کی کمان)

اس کی تعبیر بری عورت ہے، اور اس کمان کی تانت مشہور زمانہ آدمی ہے، اور روئی دھننے کی کمان منافق شخص ہے۔

---

(۱) منجنیق۔ پتھر پھینکنے کا ایک آلہ لڑائی میں استعمال ہوتا تھا۔

Marfat.com

## ۲۷۰۶۔ المندیل (رومال)

خواب میں رومال نرمی یا زوجہ یا اولاد کی دلیل ہے، خصوصاً جب رومال نقش و نگار والا ہو تو یہ عمدہ معانی اور فضلِ کثیر کی دلیل ہے، اس لئے کہ رومال گرمی اور سردی سے بچنے کا ذریعہ ہے، اور اسے کندھے یا سر پر رکھا جاتا ہے اور اس پر نماز بھی پڑھی جاتی ہے، رومال لینا یا دینا امان و امارت (حکومت) ہے، چہروں اور کپڑوں سے گرد و غبار اس رومال کے ذریعہ جھاڑا جاتا ہے، رومال خادم ہے، جو شخص دیکھے کہ وہ جھوٹے لوگوں کا رومال باندھتا ہے تو اس کی بدکار عورت سے شادی ہوگی۔

## ۲۷۰۷۔ المنزل (گھر): دیکھئے البیت (گھر)۔

## ۲۷۰۸۔ المنزلة (منزلت): دیکھو الرتبة (رتبہ و مقام)۔

## ۲۷۰۹۔ المنسج (کھڈی): دیکھو النول (کھڈی)۔

## ۲۷۱۰۔ منسر الطائر (پرندے کی چونچ): دیکھئے المنقار (چونچ)۔

## ۲۷۱۱۔ المنشار (آری)

خواب میں آری وہ آدمی ہے جو لیتا دیتا ہے اور رواداری اور نرمی برتتا ہے، آری حاکم اور ناظر کی دلیل ہے جو فریقین کے درمیان فیصلہ کرتا ہے، آری شادی کی بھی دلیل بن سکتی ہے کیونکہ آری لکڑی میں داخل کی جاتی ہے، آری تقسیم کرنے والا اور زوجین میں تفریق کرنے والا شخص ہے، آری ترازو، کرایہ پر دینے والا کپڑے میں تانا ڈالنے والا اور شریر لوگوں پر مقرر جاسوس ہے، آری مدد، قوت اور رزق ہے، عود لکڑی کی آری رئیس عالم آدمی ہے، ابنوس درخت (جس کی لکڑی بڑی قیمتی اور مضبوط ہوتی ہے) کی آری وہ آدمی ہے جو سیاہ فام لوگوں کو تابع کرتا ہے، سنگِ مرمر کی آری جنت کے محلات کی دلیل ہے، لکڑی کی آری عوام الناس کی دلیل ہے۔ جیسے آٹا پیسنے والا اور غلہ صاف کرنے والا وغیرہ۔

## ۲۷۱۲۔ المنشفة (تولیہ): دیکھو الفوطة (تولیہ)۔

## ۲۷۱۳۔ المنصب (منصب): دیکھو الرتبة (رتبہ و مقام)۔

## ۲۷۱۴۔ المنطقة (پیٹی)

جو خواب میں کمر پر کمر بند (پٹکا) باندھے تو اس کی نصف عمر باقی ہے، اور بہت زیادہ کمر بند (پٹکے) پہننا طولِ عمر کی دلیل ہے، پیٹی اولاد یا بڑا رئیس ہے، جو دیکھے کہ اس نے بغیر زیور کے پیٹی باندھی ہوئی ہے تو وہ شریف، طاقتور باعزت

Marfat.com

آدمی کا سہارا لے گا، اس سے خیر یا نعمت حاصل ہوگی جس سے اس کی پشت پناہی ہوگی اور فقر و احتیاج دور ہوگی، جو اپنی کمر پر پیٹی باندھے اور وہ (حقیقت میں) فقیر ہو تو مستغنی ہوگا، سلطان ہو تو قوی ہوگا، اگر وہ پیٹی سونے سے مزین ہو تو وہ زیور والی کے قائدین ہیں، اگر اس میں لگا ہوا زیور لوہے کا ہو تو والی کے قائدین (لشکر کے سربراہان) قوت و طاقت والے ہیں، اگر وہ زیور پیتل کا ہو تو وہ قائدین دنیا کے مال و متاع سے فائدہ حاصل کرنے والے ہیں، اگر سیسہ کا ہو تو وہ کمزور وضعیف ہیں، اگر پیٹی میں لگا ہوا زیور چاندی کا ہو تو اگر اس پیٹی کی نسبت رئیس کی طرف ہو (یعنی وہ مراد ہو) تو وہ رئیس مال و جاہ والا ہوگا، اور اگر وہ پیٹی اولاد سے کنایہ ہو تو وہ ولد سردار ہوگا اور اس میں کچھ جہالت ہوگی، اگر خواب میں اسے پیٹی دی گئی اور اسے اس نے دائیں ہاتھ سے لیا ہے اس کو پہنا نہیں ہے تو وہ سلطان (غلبہ) کے لئے سفر کرے گا، اور اگر بائیں ہاتھ سے اسے پکڑا اور اس کے دائیں ہاتھ میں کوڑا ہے تو یہ ولایت (متولی بننا) ہے۔ اگر خواب میں پیٹی کمر پر باندھی ہے اور پھر وہ ٹوٹ گئی ہے تو اگر سلطان ہو تو معزول ہوگا یا اپنے رئیس سے علیحدہ ہوگا یا وفات ہوگی، اگر اس کی پیٹی ٹوٹی ہوئی تھی اور وہ اولاد کی آرزو رکھتا ہے تو اسے اولاد ملے گی، اگر وہ کسی خوف یا علت (بیماری) میں مبتلا ہے تو وہ دور ہوگی، اگر وہ سلطان ہو تو سلطنت میں قوت آئے گی۔ پیٹی بے کار کے لئے خدمت (کام کاج) کی دلیل ہے، یا عورت یا عیال و اولاد کی کثرت ہے۔

## ۲۷۱۵۔ المنظرۃ (منظر):

خواب میں منظرِ قدرت منظورِ نظر آدمی ہے، جو خواب میں قدرت کا منظر دور سے دیکھے تو وہ اپنے دشمن پر غالب آئے گا، اور خواہش پوری ہوگی، اور رفعت و بلندی حاصل ہوگی، اگر تاجر منظر دیکھے تو اسے نفع حاصل ہوگا اور وہ اپنے ساتھیوں سے بلند و فائق ہوگا، اور منظر کی عمارت گھر کی عمارت کے قائم مقام ہے۔

## ۲۷۱۶۔ المنفاخ (پھونکنی):

خواب میں لوہار کی پھونکنی وزیر ہے، کیونکہ آگ کی تعبیر سلطان (بادشاہ) ہے، پھونکنی دیکھنا ذکر کا اجراء، شفاء مریض، حصولِ رزق اور عورت کا حمل ہے۔

## ۲۷۱۷۔ المنفحۃ (لیلے کے معدہ کا پنیر): دیکھئے الأنفحۃ (پنیر)

## ۲۷۱۸۔ المنقار (چونچ):

خواب میں پرندے کی چونچ حاجت روائی اور مقصود پر مدد ہے، یا مجبوراً سفر کرنا ہے، یا وہ شخص ہے جس کے کام شدتِ حرص کی وجہ سے درست نہیں ہوتے ہیں، چونچ اس کے صاحب کا وکیل ہے، یا پھر چونچ اس کے غلام یا اس کے گدھے یا اس کے منہ کی دلیل ہے، خواب میں پرندے کی چونچ کا مالک ہونا عزت و وجاہت کی دلیل ہے۔

Marfat.com

## ۲۷۱۹۔ المنقلة (بیماروں کو اٹھانے کی چارپائی):

یہ چار پائی خواب میں دیکھنا وہ آدمی ہے جو بڑی محنت ومشقت سے مال حاصل کرتا ہے، اس کے دیکھنے میں کوئی خیر نہیں نہ ہی اس کی دلالت میں کوئی بہتری ہے، خصوصاً جب یہ چارپائی مریض کے پاس لائی جائے تو وہ مریض کی موت اور انتقال کی دلیل ہے، یہ چار پائی ایسے گھر کی دلیل ہے جہاں ایک قوم آ کر اجتماع کرتی ہو اور دوسری وہاں سے کوچ کرتی ہو۔

## ۲۷۲۰۔ المنقوع (بھگوئی ہوئی کھجوروں کا شربت):

خواب میں جو کھجوروں کا یہ شربت دوا کے طور پر پیئے تو یہ جھاڑ پھونک کے استعمال اور علم کی اقتداء یا معتدل راستہ پر چلنے کی دلیل ہے، یا پھر تلاوت قرآنِ کریم کی دلیل ہے، کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا" القرآن ھو الدوا" (کشف الخفاء ۲/۱۲۴) یعنی قرآن پاک ہی دوا ہے۔

## ۲۷۲۱۔ المنکام (ریت گھڑی):

اسے شیشہ کی گھڑی بھی کہتے ہیں اس میں ریت ہوتی ہے یہ دو فرد ہیں یعنی دو لڑکے یا دو بھائی یا دو شریک ہیں، ریت گھڑی زینت وجمال کی بھی دلیل ہوتی ہے۔

## ۲۷۲۲۔ المنکب (مونڈھا):

خواب میں مونڈھا آدمی کا دوست یا اس کا شریک یا اجیر ہے، یا جو اس کے قائم مقام ہے، مونڈھا رزق وخیر اور مریض کے لئے دوڑنے کی دلیل ہے، نیز سفرِ بعید کی بھی دلیل ہے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں" فامشوا فی مناکبھا وکلوا من رزقه" (الملک:۱۵) یعنی زمین کے راستوں پر چلو اور اس کے رزق میں سے کھاؤ، اس سے اطرافِ ارض کا سفر مراد ہے، مونڈھے کا درد اپنے ہاتھ کی محنت کو خراب کرنا ہے۔

## ۲۷۲۳۔ المھادنة (معاہدہ کرنا): دیکھو الھدنة (معاہدہ کرنا)

## ۲۷۲۴۔ المِھانة (حقارت):

نشاط (خوشی) والوں کے لئے حقارت وذلت اور مخالفین کے مقابلہ سے کمزوری اور نامرادگی ہے، اور محنت ومشقت والوں کے لئے راحت واطمینان کی دلیل ہے۔

## ۲۷۲۵۔ المھاة (جنگلی گائے اور بیل):

خواب میں اسے دیکھنا رئیس، بڑا عابد، گوشہ نشین اور بدعتی آدمی ہے، جس کا سر جنگلی گائے کے سر کی طرح

Marfat.com

ہوجائے تو اسے غریب ومسافر لوگوں پر ریاست وولایت اور غنیمت حاصل ہوگی۔

## ۲۷۲۶۔ المهد (جھولا):

جو خواب میں دیکھے کہ اس نے بچہ کا جھولا خریدا ہے یا وہ خود جھولے میں ہے تو اسے خیر وبرکت حاصل ہوگی، اور اس کے ہاتھوں نیک کام ہوں گے، کیونکہ فرمانِ الٰہی ہے ”ومن عمل صالحًا فلا نفسهم يمهدون“ (الروم:۴۴) یعنی جو نیک عمل کررہا ہے سو یہ لوگ اپنے لئے سامان کررہے ہیں، بعض کہتے ہیں کہ جھولا راحت وسکون اور مشفق عورت کا بیٹا اور چھوٹی بچی ہے، مردوں کے لئے جھولا غم وحزن یا قید ہونا ہے، کنوارے کے لئے جھولا زوجہ ہے، اور عورت کے لئے لڑکا ہے، جھولا دیکھنا فکر والم، سینہ کی تنگی اور آہ وبکاء کی دلیل بھی ہوسکتا ہے، جھولا اور گہوارہ رقص سرور، گانے اور لہو ولعب کی محفل کی دلیل بھی ہے، جھولا جدل وجدال (جھگڑے) یا مردہ کی چارپائی کی دلیل بھی ہوسکتا ہے۔

## ۲۷۲۷۔ المهر (گھوڑے کا بچہ): دیکھو الخیل (گھوڑا)

## ۲۷۲۸۔ المهراس (چٹو):

خواب میں چٹو وہ آدمی ہے جو کام کرتا ہے، اور تھک جاتا ہے، چٹو (ہاون) دیکھنا لڑائی جھگڑے، شدت اور طلب میں ظلم کرنا ہے، چٹو دیکھنا ضروریات پورا ہونے اور معاملات کے آسان ہونے کی بھی دلیل ہے۔

## ۲۷۲۹۔ المهلكة (جنگل بیابان): دیکھو المفازة (جنگل بیابان)

## ۲۷۳۰۔ المهنّد (ہندوستانی لوہے کی تلوار): دیکھئے السیف (تلوار)

## ۲۷۳۱۔ المهندس (انجینئر):

خواب میں انجینئر دیکھنا آبادی کے ویران ہونے اور ویرانی کے آباد ہونے اور فتنہ وفساد کی دلیل ہے، اگر خواب میں انجینئر بن گیا ہو تو اس کی عمر طویل ہوگی، کیونکہ اس کی امید لمبی ہوتی ہے، اور عزت ورفعت حاصل ہوگی، ممکن ہے کہ وہ حاکم یا عقد نکاح کرانے والا ہوجائے، یا شاعر بن جائے، اگر بادشاہ دیکھے کہ وہ انجینئر بن گیا ہے تو وہ اپنے افعال میں سمجھدار ہے، انجینئر کا دیکھنا فقر کے بعد مالدار اور مرض کے بعد تندرستی کی دلیل ہے۔

## ۲۷۳۲۔ المؤادعة (صلح کا معاہد کرنا): دیکھئے الهدنة (معاہدہ کرنا)

Marfat.com

## ۲۷۳۳۔ الموازیني (ترازوؤں والا):

خواب میں ترازوؤں والے کو دیکھنا انصاف پر قائم ہونے اور قول میں سچا ہونے کی دلیل ہے، اسی طرح اس کا دیکھنا علم اور مفید موضوعات کی دلیل ہوتا ہے۔

## ۲۷۳۴۔ الموافقه (موافق ہونا):

خواب میں موافق ہونا نیک برادران سے محبت وتعلق اور بُرے برادران سے ترک تعلق کی دلیل ہے۔

## ۲۷۳۵۔ المؤاکلة (آپس میں مل کر کھانا):

میت کے ساتھ کھانا خسارہ کی اور کسی غائب شخص کے ساتھ کھانا (اس کے متعلق) خبر آنے کی دلیل ہے، درد مندی کی بھی یہی تعبیر ہے۔

## ۲۷۳۶۔ موت:

خواب میں موت امانتوں کے واپس کرنے یا مریض کا مرض سے اور قیدی کا قید سے خلاصی اور نجات پانے کی دلیل ہے، موت کسی غائب شخص کے ساتھ مصاحبت کرنے کی دلیل ہے، خواب میں موت دین میں نقص وفساد اور دنیا میں بلندی ہے جبکہ اس موت کے ساتھ رونا چیخنا بھی ہو اور جب تک اسے دفن نہ کیا گیا ہو، اگر موت کے بعد دفن بھی کیا گیا ہو تو پھر بہتری کی توقع نہیں ہے، جو شخص دیکھے کہ وہ مرگیا ہے حالانکہ وہاں پر موت کی کوئی بھی صورت وحالت نہیں ہے تو یہ اس کے گھر کا کمرہ گرنے کی دلیل ہے، بعض کہتے ہیں کہ بلکہ یہ نابینا ہونے اور عمر طویل ہونے کی دلیل ہے، بعض کہتے ہیں کہ موت سفر یا فقر ہے، بعض کہتے ہیں کہ موت مطلقاً شادی ہے، اس لئے کہ میت دُلہے کی طرح غسل اور خوشبو کا محتاج ہوتا ہے، جو دیکھے کہ وہ مرگیا ہے اور اس کا جنازہ اٹھایا گیا ہے، لیکن دفن نہیں کیا گیا تو وہ اپنے دشمنوں پر غالب آئے گا، جو دیکھے کہ وہ مرنے کی بعد زندہ ہوگیا ہے تو محتاجی کے بعد مستغنی ہوگا یا گناہوں سے تائب ہوگا، خواب میں میت اگر خبر دے کہ وہ نہیں مرا ہے تو وہ میت شہداء کے مقام ومرتبہ میں ہے، جو مریض خواب میں میت کو دیکھے تو وہ دین کے بارے میں مسؤل (پوچھا گیا ہے) ہے اگر خواب میں دیکھے کہ قبروں والے (مردے) قبروں سے باہر نکلے ہیں اور لوگوں کا سارا کھانا کھا گئے ہیں تو غلہ کی قیمت بڑھے گی، خواب میں میت اپنے متعلق یا کسی اور کے متعلق جو کچھ بتائے تو وہ حق وسچ ہے، جو خواب میں میت کو اچھی حالت میں دیکھے کہ وہ ہنس رہا ہے تو وہ اسی حالت میں ہے، اور جو دیکھے کہ وہ کسی میت کی نماز جنازہ پڑھتا ہے تو وہ کسی غافل آدمی کو وعظ ونصیحت کرتا ہے، اور جو دیکھے کہ وہ کسی میت کے نشانِ قدم پر چلتا ہے تو وہ اس کی سیرت کی پیروی کرتا ہے، اور جو دیکھے کہ امام وقت مرگیا ہے تو وہ بلد (ملک وشہر) ویران ہوگا، یا اس کا عکس ہے، موت عظیم گناہ پر ندامت وشرمندگی ہے، جو دیکھے کہ وہ مرگیا ہے اور وہ برہنہ ہے تو وہ محتاج ہوگا اور اگر کشادہ زمین پر ہو تو اس کیلئے دنیا کشادہ ہوگی، جو دیکھے کہ اس کا بیٹا وفات پاگیا ہے تو وہ

Marfat.com

اپنے دشمن سے نجات پائے گا، اور جو دیکھے کہ وہ مرگیا ہے اور دفن بھی کر دیا گیا ہے تو (صاحب خواب) اگر غلام ہو تو غلامی سے اس کو آزادی ملے گی، اگر غیر شادی شدہ ہو تو شادی ہوگی، اگر مریض خواب دیکھے کہ اس کی شادی ہوئی ہے تو وہ وفات پائے گا، خوفزدہ اور غمزدہ کے لئے موت (خواب میں مرنا) خیر کی دلیل ہے، بھائیوں کی موت دشمنوں کی موت کی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ وہ مُردوں کے درمیان میں پڑا ہے تو وہ منافق لوگوں کی درمیان میں رہتا ہے، جو دیکھے کہ وہ میت سے صحبت رکھتا ہے تو وہ دور کا سفر کرے گا، جو دیکھے کہ وہ غسل کی جگہ میں ہے تو اس کی شان بلند ہوگی اور وہ گناہوں، قرضوں اور فکرات سے نجات پائے گا، جو خواب میں میت کو زندہ دیکھے تو اس کا چھوڑا ہوا کام دوبارہ شروع ہوگا، اگر میت کو کسی کام میں مشغول یا تھکا ماندہ دیکھے تو یہ اس کا وہ شغل ہے جس میں وہ مشغول تھا، اگر میت کو مریض دیکھے تو اس سے دین کے متعلق سوال ہوتا ہے، اگر دیکھے کہ میت کا چہرہ سیاہ ہے تو وہ حالتِ کفر میں مرا ہے، جو دیکھے کہ اس نے مردہ کو زندہ کیا ہے تو اس کے ہاتھ پر یہودی یا نصرانی یا بدعتی اسلام قبول کریں گے، اگر دیکھے کہ وہ مُردوں کو زندہ کرتا ہے تو وہ گمراہ قوم کو راہ ہدایت دکھاتا ہے، جو شخص خواب میں دیکھے کہ زندہ آدمی نے مردے کو کوئی کھانے یا پینے کی چیز دی ہے تو اس کو مالی نقصان ہوگا، اگر میت کو دیکھے کہ اس نے اس کو کھانا دیا ہے تو اسے اچھا رزق حاصل ہوگا، اگر دیکھے کہ میت نے اس کا ہاتھ پکڑا ہے تو ایسی جانب سے اس کے ہاتھ میں مال آئے گا جس جانب سے وہ مایوس ہوگیا تھا، مُردوں کے ساتھ باتیں کرنا طولِ عمر کی دلیل ہے، میت سے کوئی چیز لینا رزق ہے، جو دیکھے کہ وہ میت سے باتیں کرتا ہے تو لوگوں اور اس کے درمیان کسی معاملہ میں انکار ہوگا، جو دیکھے کہ وہ معروف (معلوم) میت کا بوسہ لیتا ہے تو وہ میت کے علم یا مال سے نفع اٹھاتا ہے جو وہ اپنے پیچھے چھوڑ گیا ہے، بعض کہتے ہیں کہ جو دیکھے کہ وہ میت کا بوسہ لیتا ہے اور صاحب خواب مریض ہے تو اس کی وفات ہوگی، جو دیکھے کہ اس نے میت (مری ہوئی) عورت سے شادی کی ہے اور اس کو خواب میں زندہ دیکھے تو زندہ شخص وفات پائے گا، جو دیکھے کہ میت نے اس کو اپنی پرانی یا میلی قمیض دی ہے تو وہ محتاج و نادار ہوگا، اور جو دیکھے کہ میت کسی زندہ آدمی کو مارتی ہے تو اس زندہ شخص نے اپنے دین میں کوئی فساد و خرابی پیدا کی ہے، جو مردے کو دیکھے کہ وہ مردہ اس کو مارتا ہے تو اسے سفر سے خیر حاصل ہوگی، جو خواب میں مردے کو سویا ہوا دیکھے تو مردے کا سونا اصل میں آخرت کی راحت ہے، اگر خواب میں کسی زندہ آدمی کو مردے کے ساتھ سویا ہوا دیکھے تو اس کی عمر طویل ہوگی، جو کسی زندہ شخص کو مُردوں کے درمیان دیکھے تو وہ دور دراز کے سفر پر روانہ ہوگا، اور دین میں فساد آئے گا، اگر خود کو مُردوں کے ساتھ زندہ حالت میں دیکھے تو وہ ایسی قوم کے ساتھ میل ملاپ رکھتا ہے جن کے دین میں فساد ہے، جو کسی کافر میت کو دیکھے کہ اس کے جسم پر پرانے کپڑے ہیں تو یہ اس کافر کی آخرت میں بُری حالت ہے، جو میت کو دیکھے اور وہ اس کو بتائے کہ وہ (میت) کبھی نہیں مرے گا تو وہ شہداء کے مقام پر ہے اور آخرت میں خوش ہوگا، جو دیکھے کہ اس کی والدہ فوت ہوگئی ہیں تو اس کی دنیا جاتی رہے گی اور حالت خراب ہوگی، جو دیکھے کہ اس کا بھائی فوت ہوگیا ہے اور وہ بھائی حقیقت میں مریض تھا تو وہ فوت ہوگا، اور جو دیکھے کہ اس کی بیوی فوت ہوگئی ہے تو اس کی صنعت جو اس کی معیشت کی بنیاد ہے وہ کساد (مندے پن) کا شکار ہوگی، جو دیکھے کہ وہ کسی میت کا نمازِ جنازہ پڑھتا ہے تو وہ فاسد دین شخص کی سفارش کرتا ہے، جو دیکھے کہ مُردہ دریا میں غرق ہو رہا ہے تو وہ گناہوں میں غرق ہے، جو دیکھے کہ مردے اپنی قبروں سے باہر نکل آئے ہیں تو قیدی قید خانہ سے رہائی پائے گا، اور اچانک

Marfat.com

موت فقیر کا جلد مالدار ہونا ہے، اور خواب میں انبیاء علیہم السلام کی موت دین میں کمزوری کی اور ان کا خواب میں زندہ ہونا دین میں قوت کی دلیل ہے، خواب میں عالم کی موت دین میں بدعت کے ظہور کی اور والدین کی موت معیشت کے تنگ ہونے کی، زوجہ کی موت دنیا ختم ہونے کی اور لڑکے کی موت مقام وشان کے ختم ہونے کی دلیل ہے، خواب میں میت کا جنازہ پڑھنا باطل اور غلط اعمال ہیں، خواب میں مشرکین کی موت دشمن ہیں۔

## ۲۷۳۷۔ الموج (پانی کی نہر):

خواب میں موج اور لہر دیکھنا شدت وعذاب کی دلیل ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے ''واذا غشیھم موج کا لظلل دعوا اللہ مخلصین لہ الدین '' (لقمان:۳۲) یعنی جب ان لوگوں کو موجیں سائبانوں کی طرح گھیر لیتی ہیں تو وہ خالص اعتقاد کر کے اللہ ہی کو پکارنے لگتے ہیں، نیز اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔ ''وحال بینھما الموج فکان من المغرقین'' (ہود:۴۳) یعنی ان دونوں کے درمیان ایک موج حائل ہوگئی پس وہ بھی ڈوبنے والوں میں سے ہوگیا۔

## ۲۷۳۸۔ المؤدّب (ادب سکھانے والا):

اس کی تعبیر اس کی اپنی ذات ہے، ادب سکھانے والا محتسب (احتساب کرنے والا)، متولی، شیخ وبزرگ اور استاد یا جیلر یا والدین ہیں، اور نامعلوم مؤدب رحمٰن کی ذات ہے، اللہ تعالیٰ نے فرمایا'' الرحمن علم القرآن '' (الرحمٰن :۱) یعنی رحمٰن نے قرآن سکھایا۔ اگر دیکھے کہ وہ مؤدب اور معلم بن گیا ہے تو اسی قدر منصب (عہدہ) حاصل ہوگا، اور خیر کا حصول ہوگا، اور معلمِ حساب عقل وحکمت، تفریق (علحدہ کرنا) جمع (اکٹھا ہونا) اور ضرب (مارنا) وکسر (توڑنا) کی دلیل ہے، اور معلمِ قرآن فضل ومرتبہ، لہو ولعب اور گانے کی دلیل ہے۔

## ۲۷۳۹۔ مؤذّن:

خواب میں مؤذن نیک کاموں کی دعوت دینے والا یا دلال یا عقد نکاح کرانے والا یا بادشاہ کا دربان یا جیل آواز لگانے والا ہے، اگر خواب میں مکمل اذان دی ہے اور اذان حج کے کسی مہینہ میں دی ہو تو یہ حج بیت اللہ کرنے کی دلیل ہے، اذان چوری کی بھی دلیل ہوسکتی ہے، اگر عورت نے مسجد کے منارہ پر اذان دی ہے تو اس بلد (شہر وملک) میں عظیم بدعت کا ظہور ہوگا، اگر چھوٹے بچوں نے اذان دی ہو تو جاہل لوگ بادشاہت پر غلبہ حاصل کریں گے خصوصاً جب اذان بے وقت دی گئی ہو، اور نامعلوم مؤذن رعایا کے سلطان کی طرح ہے۔

## ۲۷۴۰۔ الموز (کیلا):

خواب میں کیلا مال ودولت یا آنول میں موجود بچہ یا قبہ اور جیل میں موجود انسان یا گزشتہ زمانہ کی خبروں پر مشتمل

Marfat.com

کتاب یا کسی علم کے موضوع پر مشتمل مجلد کتاب ہے، اس لئے کہ کیلا جنت کے پھلوں میں سے ہے اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے ''وطلح منضود'' (الواقعۃ:۲۹) یعنی اور تہ بہ تہ کیلے ہوں گے، کیلا لباس، الفت ومحبت کی دلیل ہے، کیلا معزز اور خوش اخلاق آدمی ہے، جو دیکھے کہ وہ کیلا کھاتا ہے تو اسے شرکت (تجارت) یا عجمی آدمی سے مال ملے گا، بعض کہتے ہیں کہ کیلا دیندار کے لئے عبادت میں (انتہاء کے مقام پر) پہنچنا ہے، تاجر کے حق میں کیلا مال ہے، صوفی زاہد کے حق میں دین وعبادت ہے، مریض کا خواب میں کیلا کھانا اچھا نہیں ہے، اس کی موت کا خطرہ ہے، اس کی وجہ اس کا رنگ اور نام ہے کیونکہ اگر زپر ایک نقطہ لگا دیا جائے (یعنی موز پر) تو وہ لفظ موت بن جاتا ہے۔

## ۲۷۴۱۔ موزع البرید (ڈاک تقسیم کرنے والا): دیکھو الرسالۃ (خط)

## ۲۷۴۲۔ الموسیٰ (اُسترا):

خواب میں اُسترا نرینہ اولاد ہے کیونکہ اُسترے سے بچہ کا ختنہ کیا جاتا ہے، اگر اُسترے سے کوئی چیز کاٹی ہے تو وہ جس کام میں مشغول ہے وہ ختم ہوگا، اگر اُسترے سے گوشت کے ٹکڑے کئے ہیں یا کسی حیوان کو زخمی کیا ہے تو یہ اس کی گندی زبان ہے جو لوگوں کو اذیت پہنچاتی ہے، اُسترے کا دیکھنا کینہ حسد، عداوت اور ضرر رساں زبان ہے۔

## ۲۷۴۳۔ موسیٰ علیہ السلام:

جو شخص حضرت موسیٰ علیہ السلام کو خواب میں دیکھے تو اللہ تعالیٰ اس کے ہاتھوں ظالم جبار شخص کو ہلاک کریں گے، اور اسے بعد ازاں عزت ونصرت حاصل ہوگی، موسیٰ علیہ السلام کی زیارت اہلِ حق کی قوت اور اہلِ باطل کے مقہور ہونے کی دلیل ہے، اگر اس جگہ ظالم جابر بادشاہ ہو یا بے دین رئیس ہو تو اللہ تعالیٰ اسے ہلاک کردیں گے، جو دیکھے اس کی شکل حضرت موسیٰ علیہ السلام کی صورت جیسی ہوگئی ہے تو اگر وہ سلطان ہو اور اس کے دشمن ہوں تو ان پر غالب آئے گا، اگر یہ خواب قیدی دیکھے تو اسے قید سے رہائی ملے گی، موسیٰ علیہ السلام کا دیکھنا جابروں اور ظالموں کی ہلاکت کی دلیل ہے، اگر جنگ میں مصروف آدمی موسیٰ علیہ السلام کو خواب میں دیکھے تو وہ منصور ہوگا، اگر بحری سفر میں ہو تو سمندر کی آفتوں سے نجات اور سلامتی پائے گا، موسیٰ علیہ السلام کی زیارت طفولیت میں کسی آزمائش سے دوچار ہونے، عزیز واقارب سے جدا ہونے، بادشاہوں اور جابر لوگوں کی مصاحبت ورفاقت اختیار کرنے اور نیک لوگوں سے دامادی تعلق قائم ہونے کی دلیل بھی ہے، اور عجیب قسم کے امور پر مطلع ہونے کی بھی دلیل ہے، اس لئے کہ انھوں نے حضرت خضر علیہ السلام کی صحبت اٹھائی تھی، اور موسیٰ علیہ السلام نے انکے ہاتھوں سے کشتی کے توڑنے، لڑکے کو قتل کرنے اور دیوار سیدھی کرنے کا مشاہدہ کیا تھا، موسیٰ علیہ السلام کا دیکھنا بحری سفر اور اس میں انجام بخیر ہونے اور نفع حاصل ہونے کی دلیل ہے، صوفی اور درویش اگر حضرت موسیٰ علیہ السلام کو خواب میں دیکھے تو یہ خواب اس کے باطنی نور وترقی اور بلندی درجات کی دلیل ہے، جو شخص خواب میں اپنے ہاتھ میں موسیٰ علیہ السلام کا عصا دیکھے تو اسے عظیم مقام ومرتبہ اور دشمنوں پر غلبہ ونصرت حاصل ہوگی، اگر وہ شخص سحر زدہ ہو تو وہ سحر وجادو ختم ہوگا، عصائے موسیٰ علیہ

Marfat.com

السلام کا ظہور (خواب میں) مومنوں کی نصرت و مدد اور کافروں کی ہلاکت وتباہی کی دلیل ہے۔

## ۲۷۴۴۔ الموسم (لوگوں کا بڑا مجمع):

جو شخص دیکھے کہ وہ لوگوں کے مجمع کی جانب روانہ ہوا ہے تو وہ فکر وغم سے بری ہوگا، جو دیکھے کہ وہ مقام منیٰ میں نماز پڑھتا ہے اور خطبہ دیتا ہے حالانکہ وہ اس مقام کا آدمی نہیں ہے تو اس خواب کی تاویل وتعبیر اس کا ہمنام یا ہم مثل آدمی ہے، بصورت دیگر وہ دنیا کی چند مصیبتوں میں گرفتار ہوگا، اگر اس نے خطبہ اور اچھا خطبہ دیا ہے اور دین کے مطابق نماز کی تکمیل کی ہے تو اسے ایسی ولایت وحکومت ملے گی کہ لوگ اس ولایت کے تابع ہوں گے۔

## ۲۷۴۵۔ الموقد (چولہا): دیکھو الکانون (چولہا)

## ۲۷۴۶۔ الموقعة (جنگ): دیکھو الحرب (لڑائی اور جنگ کرنا)

## ۲۷۴۷۔ میدان الفرسان (شہ سواروں کا میدان):

خواب یہ میدان نشاط وخوشی اور دشمنوں پر غلبہ ونصرت کی دلیل ہے۔

## ۲۷۴۸۔ المئذنة (منارہ):

دیکھئے منارہ۔

## ۲۷۴۹۔ میزاب (پرنالہ):

خواب میں پرنالہ معروف آدمی ہے، جو دیکھے کہ پرنالے بارش کے بغیر چلتے اور بہتے ہیں تو یہ فتنوں کی دلیل ہے، پرنالے باندیوں کی بھی دلیل ہے، پرنالہ کشادگی کی بھی دلیل ہے کیونکہ پرنالے کے ذریعہ جب پانی گھر سے نکلتا ہے تو گھر کے لوگوں کا غم دور ہوتا ہے، پرنالہ قاصد یا وہ امانتدار ہے جو امانت رکھوانے والے کے مال میں خیانت نہیں کرتا، بلکہ ہر ایک کو اس کا حق پہنچاتا ہے، اگر پرنالہ سے خون بہتا ہو تو یہ دشمن کی دلیل ہے، جو اس علاقہ کے لوگوں کا خون بہاتا ہے، اگر پرنالہ سے صاف پانی بہتا ہے تو یہ آسودہ حالی اور امن واطمینان کی دلیل ہے، اگر پرنالہ سے گدلا پانی بہتا ہو یا اس کی بری بدبو ہو تو یہ پھوڑے دنبل جیسی امراض کی دلیل ہے، اگر مسجد یا گھر میں میزاب الرحمت دیکھے تو اس کا حکم (تعبیر) چاہِ زمزم دیکھنے جیسا ہے، جو دیکھے کہ وہ خود میزاب الرحمت کے نیچے ہے تو رحمتِ خداوندی اس کو ڈھانپے گی اور اسے اس کا سایہ حاصل ہوگا۔

## ۲۷۵۰۔ المیزان (ترازو):

خواب میں ترازو پیمانہ اور ناپ کی دلیل ہے، ناپ تول ایمان کی اور قول میں عدل وانصاف کی دلیل ہے، اور ادائے قرض اور وفائے نذر کی دلیل ہے، اور خواب میں میزانِ عمل دیکھنا انجینئر اور عمارت بنانے والے کی دلیل ہے، چکی کا پاٹ اپنی

Marfat.com

ذات میں جلیل القدر اور اپنی ہمت وحرکت میں متواضع آدمی ہے، ہڈی کا میزان اپاہج لڑکا یا گونگے کی دلیل ہے، مشک کی میزان غفلت پر تنبیہ اور نفس کا نذروں پر محاسبہ کی حرص ہے، ترازو کی تعبیر قاضی سے بھی کی جاتی ہے، ترازو کا پلڑا قاضی کا سننا ہے، اور جھانجھ ان معتبر گواہوں کی دلیل ہے جن کی وجہ سے مقدمہ کا فیصلہ ہوتا ہے، جو خواب میں ترازو دیکھے کہ اس پر آسمان سے اترا ہے تو وہ حق کا طالب ہے، بعض کہتے ہیں کہ جھانجھیں قاضی کا فہم وسمجھ ہے، اگر وہ کامل اور پوری ہو تو قاضی کامل الفہم ہے، اگر کم اور ناقص ہے تو قاضی فیصلہ کرنے سے عاجز ہے، ترازو کا عمود (ستون) خود قاضی ہے، اور کیل اس کی ولایت ہے، اس کا دھاگہ اور زنجیر قاضی کے معاون اور اس کے وکلاء ہیں، اور ترازو کی زبان (یعنی سوئی جو تولتے وقت دائیں اور بائیں جھکتی ہے) قاضی کی زبان ہے، اور ترازو کے دو پلڑے اس کے کان ہیں، اگر پلڑوں میں سوراخ ہو تو قاضی رشوت لیتا ہے، جو دیکھے کہ وہ نقدی تولتا ہے تو وہ جھوٹی گواہی کی سماعت کرے گا اور اس کے مطابق فیصلہ کرے گا، جو دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں ترازو ہے تو وہ سنت پر قائم ہے، قیامت کے دن کی میزان رازوں کے ظہور، حجت کے قیام، فرحت وخوشی، دشمن پر غلبہ ونصرت اور عدل وانصاف کی دلیل ہے، اور مطلق ترازو ہر مقتداء اور پیشوا کی دلیل ہے جس کی وجہ سے لوگ ہدایت پائیں جیسے عالمِ دین، سلطان اور قرآن، ترازو اس کے صاحب کی زبان کی دلیل ہے، اور چارہ فروشوں کا کونڈا بیت المال کا خازن ہے۔

## ۲۷۵۱۔ المئزر (چادر): دیکھو الرداء (چادر)

## ۲۷۵۲۔ میکائیل علیہ السلام:

متقی اور پرہیزگار آدمی کا خواب میں میکائیل علیہ السلام کو دیکھنا دونوں جہانوں میں حصولِ مراد وآرزو کی دلیل ہے، اگر صاحب خواب ان سے باتیں کرے تو اسے نعمت وسرور حاصل ہوگی اور جنت میں داخل ہوگا، کیونکہ وہ رحمت کا فرشتہ ہے، میکائیل علیہ السلام کا دیکھنا خوشحالی، رزق وبرکت اور کثرتِ بارش کی دلیل بھی ہے، میکائیل علیہ السلام کا دیکھنا خشک سالی، بانجھ عورت کے حاملہ ہونے اور مشکل کے آسان ہونے کی بھی دلیل ہے، اگر مسافر ان کو دیکھے تو اس کی جان کا خطرہ ہے ممکن ہے کہ مسافر کا سفر تعطل کا شکار ہو جائے، اس لئے کہ میکائیل علیہ السلام بارشوں کے متولی ہیں، اور بارش حرکت کے تعطل کی دلیل ہوتی ہے، جس شخص کو بارش سے ضرر ونقصان ہوتا ہو اس کے لئے میکائیل علیہ السلام کا دیکھنا فکرات اور تکالیف کی دلیل ہے، اور کاشتکاروں کے حق میں ان کی زیارت رزق ونفع کی دلیل ہے، جو میکائیل علیہ السلام کی صورت میں متصور ہو جائے اسے خوش حالی اور مال ودولت حاصل ہوگا، اور اس کا باطن اچھا ہوگا۔

## ۲۷۵۳۔ المیل (میل):

خواب میں میل لڑکا یا غلام یا قاصد ہے، میل اونٹ کے قدم کے اعتبار سے ایک ہزار قدم کی مسافت کے سفر کی دلیل ہے، اور یہ فاصلہ آدمی کے قدم کے لحاظ سے بارہ ہزار قدم کا بنتا ہے، بعض کہتے ہیں کہ میل لوگوں کے امور کا احتساب وانتظام رکھنے والا آدمی ہے۔

Marfat.com

## ﴿باب النون﴾

**۲۷۵۴۔ الناب ( کچلی ):** دیکھئے السن (دانت)

**۲۷۵۵۔ الناجذ ( ڈاڑھ ):** دیکھو دانت۔

### ۲۷۵۶۔ النار ( آگ ):

خواب میں آگ بشارت وانذار ( تنبیہ ) ،لڑائی وعذاب ،سلطان وقید اور گناہ اور خسارہ ( نقصان ) ہے، چنانچہ جو شخص خواب میں آگ دیکھے اور اس آگ کے لئے چنگاری، آواز اور شور ہو تو یہ ایک فتنہ ہے جس میں ایک عالم جاں بحق ہوگا، جو خواب میں اپنے دل میں آگ دیکھے تو یہ محبوب کی جدائی کی وجہ سے غلبہ محبت وجوش کی دلیل ہے، جو خواب میں دو آگ دیکھے تو وہ دو لشکر ہیں ، جو آگ بھی بلند دھوئیں کے ساتھ ہو وہ عظیم ہولنا کی اور عذاب ہے، جو خواب میں تاریک رات میں آگ جلائے تاکہ لوگوں کو راستہ معلوم ہو تو اسے علم حاصل ہوگا جس کی روشنی میں لوگ ہدایت پائیں گے، اور ظلمت واندھیرے کے بغیر (یعنی اندھیرا نہیں تھا) آگ جلائے تو وہ بدعت میں مبتلا ہے، بعض کہتے ہیں کہ اگر آگ دن کے وقت دیکھی جائے تو وہ فتنہ وفساد کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ وہ آتش پرستی کرتا ہے تو وہ لڑائی کو پسند کرتا ہے، یا معصیت کیوجہ سے شیطان کی اطاعت کرتا ہے، جو دیکھے کہ وہ سردیوں میں آگ سیکتا ہے تو وہ مالدار ہوگا، جو دیکھے کہ وہ آگ کھاتا ہے تو وہ یتیموں کا مال ظلماً کھاتا ہے یا حرام مال کھاتا ہے، جو دیکھے کہ اس نے آگ فروخت کی ہے اور جنت (باغ) خریدی ہے تو وہ حمام بیچے گا اور باغ خریدے گا اور اس کے عکس کی دلیل ہے، خواب میں کسی شخص کو دیکھے کہ وہ آگ میں داخل ہوا ہے اور اسے (اس میں) عذاب دیا گیا ہے تو اس کو مالی خسارہ ہوگا یا مستوجبِ دوزخ گناہ کا ارتکاب کرے گا، خواب میں جسے آگ لگی ہو لیکن آگ نے اسے نہیں جلایا تو وہ وعدہ وفائی کرے گا، جو دیکھے کہ آگ نے غلہ کا کچھ حصہ جلا دیا ہے تو غلہ کی قیمت زیادہ ہوگی، جلانے والی آگ سلطان کی طرف سے پہنچنے والی تکلیف ہے، جو والی (حاکم) دیکھے کہ وہ آگ جلاتا ہے لیکن وہ آگ بجھ جاتی ہے تو وہ معزول ہوگا اور اس کی شان وشوکت ختم ہوجائے گی، جو خواب میں اپنے دروازہ پر آگ کا شعلہ دھوئیں کے بغیر دیکھے تو یہ حج کی دلیل ہے، اور انگلیوں میں آگ لکھنے والوں کے ظلم کی دلیل ہے، اور ہتھیلی میں آگ صنعت وکاروبار میں ظلم کی نشانی ہے، جو خواب میں دیکھے کہ آگ ہر سامنے آنے والی چیز کو کھاتی جاتی ہے اور اس کی ہولناک آواز ہے تو یہ لڑائی یا طاعون کا مرض یا چیچک کا مرض یا موت کے وقوع کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ آگ ایک جگہ سے بلند ہوکر آسمان کی طرف چڑھی ہے تو اس جگہ کے لوگوں نے معاصی اور نافرمانی کے ذریعہ اللہ تعالیٰ سے (گویا) جنگ کی ہے، جو دیکھے کہ آگ نے اس کے کچھ کپڑے یا بعض اعضاء جلا دیئے

Marfat.com

ہیں تو وہ مصیبت سے دو چار ہوگا، جو دیکھے کہ اسے آگ کی گرمی اور تپش پہنچی ہے تو وہ لوگوں کی آبروریزی اور غیبت کرے گا، نفع دینے والی روشن آگ خوفزدہ شخص کے حق میں امن وسلامتی اور قربِ سلطان کی دلیل ہے، جو خواب میں دیکھے کہ اس کے گھر سے آگ نکلی ہے تو اسے ولایت یا تجارت حاصل ہوگی، جو دیکھے کہ آگ کی شعاع نے مشرق سے مغرب تک کی جگہ کو روشن کردیا ہے تو یہ علم ہے جس کے سبب اس کا مشرق ومغرب میں ذکر اور چرچا ہوگا، اگر دیکھے کہ آگ اس کے سر سے بلند ہوئی ہے اور اس کی روشنی اور شعاع ہے تو اگر بیوی اس کی حاملہ ہے تو لڑکا جنے گی جو سردار ہوگا اور وہ بلند شان ہوگا، جو دیکھے کہ وہ پہاڑ کی چوٹی پر آگ بھڑکاتا ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرتا ہے یا اس کی حاجات پوری ہوں گی، اگر کوئی اس کا غائب ہو تو صحیح سالم واپس لوٹ آئے گا، جو خواب میں اپنے تنور میں جلتی ہوئی آگ دیکھے تو اگر وہ شادی شدہ ہو تو اس کی بیوی حاملہ ہوگی، صحراء اور جنگل میں آگ دیکھنا لڑائی ہے، اگر آگ کے وسط (درمیان) سے انگارہ لیا ہے تو اسے سلطان سے حرام مال حاصل ہوگا، خواب جو لوگوں میں آگ بھڑکائے تو وہ ان میں عداوت وبغض کی آگ بھڑکاتا ہے، اور خواب میں جس کے سر سے آگ اٹھی ہو تو وہ شدید مرض میں مبتلا ہوگا، جو خواب میں خود کو آگ کے درمیان میں دیکھے اور آگ کی گرمی محسوس نہ کرے تو اسے صدق ویقین کی دولت اور دشمن پر غلبہ ونصرت حاصل ہوگی، جو دیکھے کہ آگ بجھا دی گئی ہے تو فتنہ کی آگ تھمے گی، اگر کسی شہر وملک میں آگ دیکھے تو یہ اس ملک کے رئیس یا عالم کی موت کی دلیل ہے، اگر آگ اس کے باغ میں بجھا دی گئی ہے تو یہ اس کی موت کی دلیل ہے، آگ حسب ونسب (خاندان) کی بھی دلیل ہوسکتی ہے، کیونکہ وہ گرم آگ سے پیدا کیے گئے ہیں، آگ قحط سالی اور ٹڈیوں کی بھی دلیل ہے، جو دیکھے کہ آگ کسی گھڑے یا مشکیزے میں کلام کرتا ہے۔ (باتیں کرتی ہے) تو وہ جنات کے خوف وگھبراہٹ میں مبتلا ہوگا، اور موذی آگ جابر سلطان کی دلیل ہے، اگر لوگ آگ سے نفع اٹھائیں تو یہ آگ عادل بادشاہ کی دلیل ہے، سردیوں میں آگ پھل اور میوے کی دلیل ہے کیونکہ عرب کا مقولہ ہے کہ آگ سردیوں کا میوہ اور پھل ہے، آگ کھانا حرام برتنوں میں کھانے پینے کی دلیل ہے، جیسے سونے اور چاندی کے برتن، آگ کبھی آگ پوجنے والے کی دلیل ہوتی ہے، نور وظلمت (اندھیرا اور روشنی) کی بھی تعبیر ہے۔

## ۲۷۵۷۔ النارجیل (ناریل):

دیکھو الجوز (اخروٹ)

## ۲۷۵۸۔ النارنج (نارنگی):

خواب میں نارنگی (مالٹا) شر وفتنہ ہے، جو خواب میں ایک جماعت دیکھے جو ایک دوسرے پر نارنگی پھینکتے ہوں تو وہ آپس میں لڑیں گے، یہ تعبیر نارنگی کے نام اس کے رنگ اور اس کی ترشی سے لی گئی ہے، نارنگی دیکھنا محبت وعشق کی بھی دلیل ہے، گھر میں نارنگی کی کثرت اس گھر میں آگ بھڑکنے کی دلیل ہے، غیر شادی شدہ کے لئے نارنگی مالدار خوبصورت جائیداد

Marfat.com

والی زوجہ ہے۔

## ۲۷۵۹۔ الناسخ (کتابیں وغیرہ لکھنے والا):

خواب میں اس کو دیکھنا کلام نقل کرنے کی وجہ سے تعب ومشقت کی دلیل ہے، اس کو دیکھنا زراعت کے لئے بیج بونے اور نکاح ونسل کی دلیل ہے۔

## ۲۷۶۰۔ الناصیة (پیشانی کے بال): دیکھو الذؤابة (چوٹی)

## ۲۷۶۱۔ الناطفي:

خواب میں اس کو دیکھنا شریر چغلخور آدمی ہے جو لوگوں میں بغض وعناد اور فساد ڈالتا ہے تاکہ اپنے لئے نفع ومنفعت حاصل کرے۔

## ۲۷۶۲۔ الناطور (انگوروں کا رکھوالا):

خواب مین انگوروں کا چوکیدار والی آدمی ہے جو صاحبِ مال ودولت ہے۔

## ۲۷۶۳۔ الناعورة (رہٹ):

خواب میں رہٹ خادم ہے جو لوگوں کے اموال کی حفاظت کرتا ہے، رہٹ اور چرخی کی تفسیر تجارتی اموال کی گردش، حالات کے بدلنے اور سفر کی دلیل ہے۔

## ۲۷۶۴۔ الناقة (اونٹنی):

خواب میں اونٹنی عورت ہے، جو دیکھے اس نے اونٹنی کا دودھ دوہیا ہے تو اس کی نیک عورت سے شادی ہوگی، اگر شادی شدہ ہو تو نرینہ اولاد نصیب ہوگی، یا ایسی ولایت کا متولی ہوگا جس میں زکوٰۃ کا مال جمع ہوتا ہے، اونٹنی کا گوشت وفائے نذر یا مصیبت یا مرض یا رزق ہے، اونٹنی پر سواری شادی ہے، جس کی اونٹنی مرجائے تو اس کی بیوی فوت ہوگی یا سفر ختم ہوگا، او نٹنی بہت زیادہ جھگڑالو عورت بھی ہوسکتی ہے، جو خواب میں اونٹنی کو شہر میں داخل ہوتے دیکھے تو یہ فتنہ وآزمائش ہے، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے''إنامر سلوالناقة فتنة لهم فار تقبهم واصطبر'' (القمر:۲۷) یعنی ہم اونٹنی کو بھیجنے والے ہیں ان کی آزمائش کے لئے سوان کو دیکھتے بھالتے رہنا اور صبر بیٹھے رہنا۔ اگر اونٹنی کی کونچیں کاٹ دی ہیں تو اپنے کیے پر نادم ہوگا اور مصیبت سے دوچار ہوگا، اور جو اونٹنی کا مالک بنے وہ شادی کرے گا یا کسی سے رشتہ ازدواجی قائم کرے گا یا زمین وگھر کا مالک ہوگا، اگر اونٹنی سے دودھ کے علاوہ پیپ، خون وغیرہ دوہیا ہے تو یہ مال حرام ہے، جو دیکھے کہ اس کی اونٹنی گم ہوگئی ہے یا چرائی گئی ہے تو وہ اپنی بیوی سے جدا ہوگا، اونٹنی مشقت برداشت کرنے والی اور بوجھ اٹھانے والی نیک عورت ہے، اگر اونٹنی ذبح کی

Marfat.com

گئی ہے تو یہ فکرات وتکالیف کی دلیل ہے، خواب میں اونٹنی درخت یا کشتی یا کھجور کا درخت ہے، اور اونٹنی سواری، کجاوہ، پالکی اور گنبد ہے، یہ سب کچھ عورتوں کی دلیل ہے، جو اونٹنی کو دیکھے کہ وہ جامع مسجد یا کشادہ جگہ میں دودھ بہاتی ہے تو یہ سال کی خوشحالی ہے۔

## ۲۷۶۵۔ الناقوس (نصاریٰ کا گھنٹہ):

خواب میں ان کا گھنٹہ یا گھڑیال دلال یا صاحبِ اولاد بیوی یا مؤذن ہے، نصاریٰ (عیسائی) کا گھنٹہ شہرت اور بدنامی کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ وہ ناقوس (ان کا گھنٹہ) بجاتا ہے تو وہ لوگوں میں غلط اور بے بنیاد خبر پھیلاتا ہے، ان کا گھنٹہ (ناقوس) شریر آدمی کی مصاحبت پر دال ہے، اور ناقوس کذاب اور منافق آدمی ہے۔

## ۲۷۶۶۔ الناموس (مچھر):

جو خواب میں مچھر دیکھے اسے مال و دولت حاصل ہوگا، کیونکہ اس سے خون کا خروج ہوتا ہے۔

## ۲۷۶۷۔ النامو سیّة (مچھر دانی): دیکھئے الکلة (مچھر دانی)

## ۲۷۶۸۔ الناھد (جوان عورت): دیکھو الشابة (جوان عورت)

## ۲۷۶۹۔ النای (بانسری): دیکھئے الزمر (بانسری بجانا)

## ۲۷۷۰۔ النبّاذ (نبیذ فروش): دیکھئے الخمّار (شراب فروش)

## ۲۷۷۱۔ النبّاش (کفن چور):

خواب میں کفن چور کلام کی تحقیق یا رازوں کا انکشاف، رہزنی اور حرام کمائی کی دلیل ہے، کفن چور امور ومعاملات میں مداخلت کرنے والا، پوشیدہ چیزوں کے متعلق بحث وکرید کرنے والا اور مخفی علوم وکنوز (خزانے) ہیں، کفن چور اہل کفر وبدعت کی دخل اندازی کی بھی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ وہ قبروں کو کھودتا ہے لیکن مردوں کو نہیں نکالتا ہے تو اس کے مصائب دور ہوں گے، اور بشارتیں آئیں گی، جو شخص دیکھے کہ وہ میت سے اپنی حاجات کے بارے میں بات چیت کرتا ہے تو اس کی حاجات پوری ہوں گی اور آرزو پوری ہوگی۔

## ۲۷۷۲۔ النبّال (تیر ساز):

خواب میں تیر ساز کو دیکھنا مال و دولت کے سبب مکروفریب اور چال سازی کی دلیل ہے، تیر ساز عابد زاہد آدمی کی دلیل بھی ہے۔

Marfat.com

## ۲۷۷۳۔ النبش (قبر وغیرہ کھودنا):

خواب میں قبر کھودنا احکام وامور کا نفاذ (چلنا) ہے، لیکن اگر ایسی چیز کھودے جو کھائی جاتی ہے تو وہ بری تدبیر اختیار کرے گا جو اللہ تعالیٰ کے علم میں ہے، جو دیکھے کہ اس نے کسی معلوم میت کی قبر کھودی ہے تو اس میت کا دنیا میں جو طریقہ عمل تھا اس کا وہ طالب ہے، اگر وہ عالم یا مالدار ہو اور اسی قدر اسے علم حاصل ہوگا، قبروں کو کھودنے والا (کفن چور) قدیم، مخفی اور پوشیدہ چیز کا طالب ہے، اگر کسی عالم فقیہ کی قبر کھودی ہے تو وہ اس کا مذہب ظاہر کرے گا، اور اس کے بے نشان (مٹے ہوئے) علم کو زندہ کرے گا، اگر کافر یا بدعتی کی قبر کھودی ہے تو ضلالت (گمراہی) کا راستہ اختیار کرے گا، یا حرام مال میں دھوکہ فریب کے ساتھ لگے گا، اگر قبر کھود کر بدبودار یا نجس لاش تک پہنچا ہے تو یہ فساد کی دلیل ہے۔

## ۲۷۷۴۔ النبع (چشمہ):

خواب میں چشمہ خیر وبرکت ونعمت اور آرزو کا پورا ہونا ہے، جو دیکھے کہ اس کے گھر میں بہت سے چشمے پھوٹے ہیں تو وہ مصیبت سے دوچار ہوگا، جو دیکھے کہ اس کے گھر میں اس سے چشمہ پھوٹا ہے تو اسے معیشت اور خیر ومنفعت حاصل ہوگی، اگر چشمہ دیوار سے پھوٹا ہے تو یہ پریشانی ہے جو اسے اس گھر کے کسی فرد کی طرف سے پہنچے گی جیسے بھائی، داماد، ان چشموں کا دیکھنا برا ہے جن کا پانی گدلا ہو اور جاری نہ ہو، جو دیکھے کہ اس کے گھر کے اندر ایک چشمہ جاری ہوا ہے تو وہ خادم خریدے گا، جو شخص چشمہ کے پانی سے وضو کرے اور وہ غمزدہ ہو تو اس کا غم دور ہوگا، خائف یا مریض ہو تو شفاء ہوگی، مقروض ہو تو قرض ادا ہوگا، گنہگار ہو تو اللہ تعالیٰ ان گناہوں کو معاف کردیں گے، جو پانی کا صاف چشمہ دیکھے جو اس کے گھر کی طرف جاری ہو اور وہ اس قدر ہو جس قدر آدمی اپنے ہاتھ سے روک سکتا ہو تو یہ حصولِ رزق وخیر کی دلیل ہے۔

## ۲۷۷۵۔ النبق (بیر):

خواب میں بیر رزق ہے، جو بیر کھائے وہ دین میں مخلص ہوگا، اگر ولایت وحکومت کا اہل ہو تو یہ حاصل ہوگی، بیر باتفاق اہل تعبیر قابلِ ستائش ہے، کیونکہ اس کا درخت شرف ومقام رکھتا ہے، تازہ بیر خشک سے زیادہ قوی ہے، بیر دینداروں کے حق میں دین میں زیادتی یعنی صلاح کی دلیل ہے، سلطان کا بیر کھانا قوتِ سلطنت کی دلیل ہے، اور اصلاح کرنے والوں کے لئے وکالت کی دلیل ہے، بیر اس کام کی پائیداری ہے جس میں وہ بیداری کی حالت میں مصروف ہے۔

## ۲۷۷۶۔ النبیّ (پیغمبر):

خواب میں جو شخص پیغمبر ورسول کو دیکھے تو یہ اولاد پر دلیل ہے، کیونکہ نبی (پیغمبر) اولاد پر شفیق ومہربان ہوتا ہے انھیں دنیا وآخرت کی آگ سے بچاتا ہے، پیغمبر استاد کی بھی دلیل ہے، کیونکہ وہ ان کے آداب سے آراستہ ہوتا ہے، معلم ومؤدب کی

Marfat.com

بھی دلیل ہے کیونکہ پیغمبر بھی کتاب اللہ کی تعلیم دیتا ہے، انبیاء ومرسلین علیہم السلام کی خواب میں زیارت انذار (ڈرانا) وبشارت کی دلیل ہے، اگر خواب میں نماز کے اندر ان کی اقتداء کی گئی ہو یا ان کے راستہ کی اتباع کی گئی ہو یا انھوں نے اس کو کچھ کھلایا ہو یا مزیدار چیز پلائی ہو یا کوئی علم سکھایا ہو یا انھوں نے خیر کی خبر اس کو دی ہو تو یہ ان کی حسنِ اتباع، حفاظتِ سنت اور اس کے برعکس پر دلیل ہے، انبیاء علیہم السلام کا دیکھنا بادشاہوں، علماء اور متولیانِ امور جیسے حکام، خطباء، احتساب کرنے والے ائمہ یا معلمین کی دلیل ہے، اس لئے کہ یہ سب حضرات دعوت الی اللہ دینے والے ہیں، خواب میں جو شخص نبوت کا دعویٰ کرے تو اس کی طرف سے اسی قدر کوئی خبر ظاہر ہوگی، اگر خواب میں پیغمبر یا داعی الی اللہ بن جائے تو اگر اس کی دعوت کو کسی نے قبول کیا ہو اور اس کے دعویٰ کو قبول کیا گیا ہو تو بلند رتبہ حاصل ہوگا، ورنہ دلال یا مؤذن ہوگا، جو نبیوں میں سے کسی نبی کو خواب میں دیکھے اور دیکھنے والا لڑائی جنگ میں ہو تو کامیابی ہوگی، کسی کرب وبلا میں ہو تو اللہ تعالیٰ دور فرمادیں گے، جو خود کو خواب میں نبی دیکھے تو وہ شہید کی موت مرے گا، اور صبر کی قوت نصیب ہوگی، جو دیکھے کہ وہ انبیاء جیسے بعض اعمال کرتا ہے جیسے نیکی اور عبادت تو یہ اس کے دین کے صحیح ہونے کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ وہ نبی بن گیا ہے تو وہ نیکی کا حکم دیتا ہے اور برائی سے منع کرتا ہے، وہ شدائد ومشکلات میں مبتلا ہوگا پھر اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے مشکلات سے نجات ملے گی، جو دیکھے کہ اس نے کسی نبی کو قتل کیا ہے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ وہ امانت میں خیانت کرتا ہے، اور عہد شکنی کرتا ہے، جو کسی نبی کو دیکھے کہ وہ نبی اس کو مارتے ہیں تو اگر وہ شریف آدمی ہے تو اس کی اُخروی آرزو پوری ہوگی، جو دیکھے کہ انبیاء علیہم السلام اس سے باتیں کرتے ہیں اور وہ باتیں خیر کی ہیں تو اسے خیر ومغفرت، عزوشرف اور نیک نامی ملے گی، خواب میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نیک اعمال کے ذریعہ محبوبِ خدا بننے کی دلیل ہے، نیز خوف سے امن، بلند شانی اور علماء سے محبت وتعلق کے اظہار کرنے کی دلیل ہے، نیز علم ورشد کی دلیل ہے۔

## ۲۷۷۷۔ النبیذ (نبیذ):

خواب میں نبیذ غم والم یا تنگیٔ عیش اور فقر وفاقہ کی دلیل ہے، نبیذِ تمر مال ہے، اور نبیذ حلال مال ہے جس کے حصول میں تعب ومشقت ہو، والی کے حق میں نبیذ پینا معزولی کی دلیل ہے، جیسے شراب نوشی اس پر دلیل ہوتی ہے۔

## ۲۷۷۸۔ النتن (بدبودار ہونا): دیکھو الصنان (بدبو)

## ۲۷۷۹۔ النتوج (جننے کے قریب جانور): دیکھو الخیل (گھوڑا)

## ۲۷۸۰۔ نثر الجواهر (جواہرات بکھیرنا):

اگر ان جواہر کو کسی نے نہ اٹھایا ہو تو یہ علم کا ناپید ہونا اور نفع حاصل نہ ہونا ہے، اور اگر کسی نے ان جواہر کو اٹھایا ہو اور وہ اس کا مستحق بھی ہو تو یہ اشیاء کو اپنے محل میں رکھنے کی اور لوگوں کے اس سے منتفع ہونے کی دلیل ہوگی۔

Marfat.com

## ۲۷۸۱۔ النجاب (جوانمرد):

خواب میں جوانمرد کی تعبیر دایہ سے کی جاتی ہے، جس طرح دایہ کی تعبیر جوانمرد سے کی جاتی ہے جو قلعوں کی فتح کی خبر دیتا ہے۔

## ۲۷۸۲۔ النجّاد (فرش ساز):

خواب میں فرش ساز دیکھنا خود پسند اور بدمست کی دلیل ہے یا تعب کے بعد راحت کی دلیل ہے، فرش ساز لوگوں کو تادیب وتعلیم اور راہِ راست پر لانے والا شخص ہے، فرش ساز وہ آدمی ہے جو منافق قوم سے معاملہ کرتا ہے اور ان سے دھوکہ فریب کے ذریعہ مال ہتھیاتا ہے۔

## ۲۷۸۳۔ النجّار (بڑھئی):

خواب میں بڑھئی مؤدب ہے جو لوگوں کو ادب سکھاتا ہے کیونکہ بڑھی لکڑی درست کرتا ہے اور تراشتا اور سیدھی کرتا ہے، یہی حال مؤدب کا ہے کہ وہ لوگوں کو جن کے دین میں خرابی ہوتی ہے ان کو سیدھا کرتا ہے انھیں خیر وادب سکھاتا ہے جیسے بچوں کا معلم، بڑھئی دیکھنا منافقین کے الزام کو رد کرنا ہے، کشتیاں بنانے والا (بڑھئی) سفر ہے، رہٹ بنانے والا فوائد ونفع ہے، چکیاں بنانے والا بڑھئی فتنہ وفساد ہے، دروازے بنانے والا اولاد وازواج ہے، اور ہل بنانے والا زراعت وکھیتی باڑی ہے۔

## ۲۷۸۴۔ نجاست:

جو خواب میں دیکھے کہ اسے نجاست لگی ہے اور حال یہ ہے کہ اس کے پاس کسی کی امانت یا اس کے ذمہ کسی کا قرض یا گواہی یا ایسی چیز ہے کہ اگر اس کو نہ واپس کی جائے تو گنہگار ہو تو اگر وہ نجاست اس نے دھولی ہے تو وہ امانت وغیرہ واپس کر کے عہدہ برآ ہو جائے گا، اگر خواب میں استنجاء کیا اور نجاست کو دھویا تو، وہ گناہ سے بری ہوگا لیکن قرض اس کے ذمہ باقی رہے گا، اور اپنی حاجت روائی، ادائے قرض وامانت وغیرہ کی کوشش کرے گا قرض اور امانت اس کے پاس بغیر گناہ کے باقی رہیں گے۔

## ۲۷۸۵۔ نجات:

خواب میں نجات پانا نیک اعمال کے نتائج ہیں جیسے روزہ صدقہ وغیرہ۔

## ۲۷۸۶۔ النجم (ستارہ): دیکھو الکوکب (ستارہ)

## ۲۷۸۷۔ النحاس (پیتل وتانبا):

خواب میں تانبا پیتل دیکھنا یہود ونصاریٰ کی جانب سے حصول مال کی دلیل ہے، جو اپنے ہاتھ میں پیتل وغیرہ کی

Marfat.com

کوئی چیز دیکھے تو اسے ان لوگوں سے احتیاط برتنی چاہئے جو اس سے عداوت رکھتے ہیں، خواب میں پیتل دیکھے تو اس پر تہمت والزام لگایا جائے گا اور سب وشتم کیا جائے گا۔

**۲۷۸۸۔ النحّاس (تانبا بیچنے والا):** دیکھو الصفّار (پیتل کا کام کرنے والا)

**۲۷۸۹۔ النحافة (نحیف ہونا):** دیکھئے الھزال (کمزور ہونا)

**۲۷۹۰۔ النحّال (شہد کی مکھیاں پالنے والا):**

خواب میں اس کو دیکھنا لڑائی، مال ہتھیانے، محاصرہ اور مشقت ہے۔

**۲۷۹۱۔ النحر (ذبح کرنا):** دیکھئے الذبح (ذبح کرنا)

**۲۷۹۲۔ النحل (شہد کی مکھی):**

خواب میں شہد کی مکھی پالنا خوشحالی اور مالداری ہے مگر خطرہ بھی ساتھ ہے، جو خواب میں چھتہ سے شہد نکالے تو اسے حلال مال حاصل ہوگا، اگر سارا شہد نکال لیا ہے شہد کی مکھی کے لئے کچھ نہیں چھوڑا ہے تو وہ لوگوں پر ظلم کرتا ہے، اور سپاہی کے لئے شہد کی مکھی خصومت وفساد کی دلیل ہے، جو شہد کی مکھی کو مار ڈالے وہ دشمن پر غلبہ حاصل کرے گا، کاشتکاروں کے حق میں شہد کی مکھی کا قتل اچھا نہیں ہے کیونکہ ان کا معاش اس سے وابستہ ہے، شہد کی مکھی علماء، محنت ومشقت اور مال کی وصولی کی دلیل ہے۔ شہد کی مکھی خواب میں اپنے پاس ہونا بہت کمانے والا، عظیم برکت ونفع والا آدمی ہے، اگر بادشاہ خواب دیکھے کہ شہد کی مکھی اس پر جمع ہوئی ہے اور اس کو ڈنگ مارا ہے تو یہ قوم ہے جو آپس میں تعاون کر کے بادشاہ کو اذیت پہنچائی گی، اگر بادشاہ نے شہد کی مکھی کو مار ڈالا ہے تو بادشاہ ان کو جلاوطن کرے گا، شہد کی مکھی کا دیکھنا ریاست ومنفعت کے حصول کی دلیل ہے، شہد کی مکھی لشکر اسلام کی دلیل ہے، جیسے ٹڈیاں لشکرِ کفار کی دلیل ہیں، بھڑوں کی بھی یہی تعبیر ہے، شہد کی مکھی اصحابِ کشف واطلاع کی بھی دلیل ہے۔

**۲۷۹۳۔ النحلة (عطیہ):** دیکھو الھبة (ہبہ کرنا)

**۲۷۹۴۔ النحو (علمِ نحو):**

خواب میں علمِ نحو بقدرِ توجہ حسنِ عمل اور اس کے سبب کی دلیل ہے۔

**۲۷۹۵۔ النحول (کمزوری):** دیکھو الھزال (کمزور ہونا)

**۲۷۹۶۔ النحوی (نحوی):**

خواب میں نحوی (ماہرِ علمِ نحو) دیکھنا کلام کو سجانے اور خوبصورت بنانے کی دلیل ہے، نحوی کا دیکھنا شر وفساد، ضرب

Marfat.com

(مارنا) وانفعال (اثر قبول کرنے) کی دلیل بھی ہے، جو خواب میں نحوی بن گیا ہو اور وہ ان لوگوں میں سے ہو جو سخن سازی کرتے ہیں تو وہ صدق (سچائی) کو لازم پکڑے گا اور سچائی میں مصروف ہوگا، اگر وہ کافر ہو تو اسلام لائے گا، اگر نافرمان ہو تو رجوع الی اللہ کرے گا، اگر صاحب خواب توتلا ہو یا فاء کی آواز بار بار نکلتی ہو یا وہ حروف بدل کر بولتا ہو (جیسے سین کو ثاء اور راء کو غین بولتا ہو) یا تتلا ہو یا گونگا ہو تو اللہ تعالیٰ اس سے شفاء بخشیں گے، جو خواب میں دیکھے کہ وہ ماہر نحو یا ٹھیک کلام کرنے والا ہو گیا ہے تو یہ محتاجی کے بعد مالداری، مرض و بیماری سے سلامتی اور شدت و مصیبت سے خلاصی کی دلیل ہے۔

## ۲۷۹۷۔ النَحی (گھی کا مشکیزہ):

خواب میں گھی وغیرہ کا مشکیزہ عالم اور زاہد آدمی ہے جو لوگوں کو تعلیم دیتا ہے لیکن جو تعلیم دوسروں کو دیتا ہے اس پر خود عمل نہیں کرتا۔

## ۲۷۹۸۔ النخاس (غلام فروش):

خواب میں غلام فروش وہ شخص ہے جو معززین کو اپنی دنیا پر ترجیح دیتا ہے، باندیوں کا بیچنے والا خیر والا آدمی ہے، اور غلاموں کو بیچنے والا خیر و شر کی خبروں والا آدمی ہے، مویشیوں کو فروخت کرنے والا خشکی کا شکاری اور غلام فروش دریا کا شکاری ہے۔

## ۲۷۹۹۔ النخاع (مغز): دیکھو المخ (گودا)

## ۲۸۰۰۔ النخّال (آٹا بیچنے والا):

خواب میں اس کو دیکھنا اموال صدقات پر مقرر امین ہے۔

## ۲۸۰۱۔ النخال (آٹا چھاننے والا):

خواب میں اس کو دیکھنا حق و باطل میں فرق کرنے والا حاکم ہے۔

## ۲۸۰۲۔ النخل (کھجور کا درخت):

خواب میں کھجور کا درخت عالم آدمی یا لڑکا ہے، اس درخت کا کاٹنا اس کی موت ہے، کھجور کا درخت حسب نسب والا لوگوں کو نفع پہنچانے والا عربی آدمی ہے، جو بہت زیادہ کھجور کے درختوں کا مالک ہوا ہو تو وہ مردوں کا متولی ہوگا، اگر دیکھنے والا تاجر ہو تو اس کی تجارت بڑھے گی، کھجور کا خشک درخت منافق آدمی ہے، اگر کھجور کے درخت کو اکھاڑ پھینکا ہے تو اس جگہ پر وباء پیدا ہوگی، یا پھر سلطان کی طرف سے عذاب (سزا) کا امکان ہے، جو خواب میں کٹا ہوا کھجور کا درخت دیکھے

Marfat.com

تو اس کا سفر مکروہ (برا) ہے، کھجور کا درخت انسان کی پھوپھی ہے، جو خواب میں گٹھلی کو دیکھے کہ وہ کھجور کا درخت بن گئی ہے تو چھوٹا بچہ عالم بنے گا، اور کم درجہ آدمی بلند درجہ ہوگا، بعض کہتے ہیں کہ کھجور کا درخت طولِ عمر اور اولاد کی دلیل ہے، اور کھجور کا درخت زوجہ یا گھر یا زمین یا لباس یا مال یا والد یا عالم ہے۔

## ۲۸۰۳۔ النخوة (نخوت): دیکھو الغیرة (غیرت)

## ۲۸۰۴۔ الندی (شبنم):

خواب میں شبنم بشارت ہے، موسلادھار بارش اور پھوار کی بھی یہی تعبیر ہے۔

## ۲۸۰۵۔ الندّاف (سارنگی بجانے والا):

خواب میں سارنگی بجانے والا خصومت ونزاع والا ہے جس کے ہاتھ سے مال نکلتا ہے، لہٰذا جو دیکھے کہ وہ سارنگی بجاتا ہے تو وہ نزاع وجھگڑے میں پڑے گا، اگر سارنگی اچھی نہیں بجائی ہے تو اس کا مخالف اس پر غالب ہوگا اور اس کی شان ختم ہوگی۔

## ۲۸۰۶۔ النداء (آواز دینا اور پکارنا):

خواب میں آواز یا پکار سننا معصیت کی دلیل ہے، اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے " أولئك ينادون من مكان بعيد " (فصلت :۴۴) یعنی ان لوگوں کو دور سے پکارا جائے گا، جو دیکھے کہ اسے پکارا گیا ہے تو وہ گھٹیا درجہ کے لوگوں سے صحبت رکھے گا، اور جسے وادی کے کنارہ سے پکارا جائے تو اسے ولایتِ عظیمہ حاصل ہوگی۔

## ۲۸۰۷۔ النرجس (نرگس کا پھول):

خواب میں نرگس کا پھول عورت ہے، جو دیکھے کہ اس کے سر پر نرگس کے پھولوں کا تاج ہے تو اس کی شادی ہوگی، جو نرگس کا پھول باغات میں اگتا ہے وہ باقی رہنے والا لڑکا ہے، اگر نرگس کے پھول کو کٹا ہوا دیکھے تو وہ لڑکا فوت ہوگا، بعض کہتے ہیں کہ نرگس کا پھول دیکھنا خوشی ومسرت کے حصول کی دلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں نرگس مال ہے، اس کا زرد رنگ دنانیر اور سفیدی دراہم ہیں، اگر عورت اپنے سر پر نرگس کے پھولوں کا تاج دیکھے تو اس کی شادی ہوگی مگر پائیدار نہیں ہوگی۔ اگر وہ عورت شادی شدہ ہو تو خاوند اس کو طلاق دے گا، یا اس کا خاوند فوت ہوگا، نرگس کا پھول عمرِ طویل اور سر کے بالوں کا سفید ہونا ہے۔

## ۲۸۰۸۔ النرد (نرد کھیل):

خواب میں نرد کھیل (چوسر) رفعت وبلندی اور عزت ووجاہت ہے، نرد کا کھیل بیداری میں استہزاء یا مخالفت

Marfat.com

کے ارتکاب کی دلیل ہوسکتا ہے، یا فاسق لوگوں کی معاشرت پر دلیل ہے، جو نرد کھیل کھیلے تو وہ معصیت میں مبتلا ہوتا ہے، اہل تعبیر کہتے ہیں کہ ہر چیز کا کھیل دھوکہ فریب ہے، اور نرد کا کھیل گناہ کے کام کی تجارت ہے، نرد باطل اور غلط کام ہے، جو دیکھے کہ وہ نرد کھیل کھیلتا ہے تو یہ شر و فساد کی دلیل ہے۔

## ۲۸۰۹۔ النزاع (جھگڑا): دیکھئے الخصام (جھگڑا)

## ۲۸۱۰۔ النزع (حالتِ نزع):

خواب میں حالتِ نزع (موت کے قریب کی کیفیت) دین میں منازعت (جھگڑنا) یا قرآنِ کریم میں شک کرنا ہے، نزعِ موت مسافر کی تیاری، کنوارے کی شادی، ایک گھر سے دوسرے گھر منتقلی یا ایک پیشہ کو چھوڑ کر دوسرا پیشہ اختیار کرنے کی دلیل ہے، یا پھر ادائے قرض، حقوق کی وصولی، ازواج کی طلاق کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ وہ جانکنی اور نزعِ موت کی حالت میں ہے تو وہ اپنی ذات پر یا دوسروں پر ظلم کرنے والا ہے۔ ''ولو تری إذ الظالمون فی غمرات الموت'' (الانعام: ۹۳) یعنی کاش کہ آپ دیکھیں جس وقت کہ ظالم لوگ موت کی سختیوں میں ہوں گے۔

## ۲۸۱۱۔ النزول (اترنا):

خواب میں اوپر سے نیچے اترنا اس عہدہ و منصب یا زوجہ یا دین واعتقاد سے علیحدگی اختیار کرنے کی دلیل ہے جس پر وہ قائم ہے، جو دیکھے کہ وہ بہت بلند جگہ سے نیچے اترا ہے تو جس امر کا طالب ہے اس کا حصول مشکل ہوگا۔

## ۲۸۱۲۔ نزیف الانف (نکسیر):

دیکھئے الرعاف (نکسیر)

## ۲۸۱۳۔ النسّاج (کپڑا بننے والا):

خواب میں کپڑا بننے والا بہت زیادہ سفر کرنے والا، کام کاج میں بہت زیادہ محنت کرنے والا اور طلب وتلاش میں سعی وکوشش کرنے والا ہے، یا پھر اس کی تعبیر وہ شخص ہے جو دیواریں بناتا ہے، اور اس کا کرگہ (کھڈی) اس مرض یا پریشانی یا سفر یا مقدمہ یا عورت یا کتابت کی دلیل ہے جس میں وہ مبتلا ہے یا مصروف ہے، کپڑا بننے والی عورت اسی چیز کی دلیل ہے جو کپڑا بننے والے کی دلیل ہوتی ہے، اگر غیر شادی شدہ آدمی کپڑا بننے والی عورت کو دیکھے تو اس کی شادی ہوگی، اگر کنواری عورت اس عورت کو دیکھے تو اس کی شادی ہوگی۔

## ۲۸۱۴۔ النساء (عورتیں):

خواب میں عورتوں کو دیکھنا دنیا کی زینت وآرائش ہے، جو دیکھے کہ عورتیں اس کے پاس آئی ہیں تو دنیا اس کو ملے

Marfat.com

گی، اور جس سے عورتوں نے پشت پھیری ہو وہ محتاج و نادار ہوگا، اور جو دیکھے کہ وہ عورتوں کی ساتھ مل بیٹھا ہے اور بڑا راضی خوش اور مطمئن ہے تو وہ سست ہوگا، کیونکہ فرمانِ ربّ العالمین ہے "رضو ابأن یکونوا مع الخوالف" (التوبۃ:۸۷) یعنی وہ لوگ خانہ نشین عورتوں کے ساتھ رہنے پر راضی ہوگئے۔ اور ان سے مراد عورتیں ہیں۔

## ۲۸۱۵۔ النسج (کپڑا بُننا):

خواب میں کپڑا بُننا زندگی کا اختتام ہے یا اکثر ایّامِ عمر کے ختم ہونے کی دلیل ہے، کپڑا بُننا دنیا کی فراخی اور تنگی ہے، جو دیکھے کہ وہ کپڑا بُنتا ہے تو وہ سفر پر روانہ ہوگا، اگر قید خانہ میں ہو تو رہائی ملے گی، اگر کسی مقدمہ میں پھنسا ہو تو مصالحت ہوگی، اگر لپیٹا ہوا کپڑا دیکھے تو یہ روانگیِ سفر کی دلیل ہے، اگر کپڑا پھیلایا ہے تو اس کا کوئی لاپتہ شخص آ جائے گا، کپڑا بُننا شادی ہونے کی دلیل بھی بن سکتا ہے۔

## ۲۸۱۶۔ النسر (گدھ):

گدھ خواب میں پرندوں کا بادشاہ، سب سے زیادہ بلند پرواز اور طویل العمر پرندہ ہے، جو دیکھے کہ گدھ نے اس سے لڑائی کی ہے تو سلطان اس پر غضبناک ہوگا، اور اس پر ظالم شخص کو مسلط کرے گا، اس لئے کہ سلیمان علیہ السلام نے گدھ کو تمام پرندوں پر مسلط کر رکھا تھا، اور پرندے اس سے خوفزدہ رہتے تھے، جو شخص خواب دیکھے کہ وہ فرمانبردار گدھ کا مالک ہوا ہے تو اسے عظیم بادشاہت اور عزّ و شرف حاصل ہوگا، اور جسے خواب میں گدھ کے بچے ہاتھ لگے ہوں تو اس کے ہاں لڑکا پیدا ہوگا جو کہ عظیم ہوگا، جو یہ خواب دن کے وقت دیکھے تو وہ بیمار ہوگا، اور ذبح شدہ گدھ دیکھنا کسی بادشاہ کی وفات کی دلیل ہے، حاملہ عورت اگر گدھ دیکھے تو وہ دایہ اور دودھ پلانے والی عورت دیکھے گی، گدھ کی تعبیر و تفسیر سب سے بڑے بادشاہ اور انبیاء و صالحین سے بھی کی جاتی ہے، جو خواب میں گدھ کا گوشت کھائے یا اس کا پَر وغیرہ کوئی چیز اخذ کرے تو اسے سلطان سے مال حاصل ہوگا، گدھ طول عمر، مالِ کثیر اور لڑائی کی دلیل بھی ہے، گدھ کا دیکھنا بدعت و ضلالت کی بھی دلیل ہے، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے "ولا یغوث ویعوق ونسرا وقد اضلوا کثیرا" (نوح:۲۳) یعنی اور نہ یغوث یعوق اور نسر کو چھوڑو۔ گدھ عیال و اولاد پر غیرت و جوش کی بھی دلیل ہے، جو خواب میں دیکھے کہ آسمان سے کوئی گدھ آ کر اس پر گرا ہے تو اس کے کام پورے نہیں ہوں گے، اس کی سلطنت و مملکت کو زوال لاحق ہوگا۔

## ۲۸۱۷۔ النسناس (بن مانس):

خواب میں بن مانس کم عقل، ذلیل اور اپنی جان کو ہلاکت میں ڈالنے والا شخص ہے بن مانس دیکھنا خوشامد اور چاپلوسی کے ذریعہ لوگوں کا منظورِ نظر بننے کی دلیل ہے، نیز نسیان اور بھول کی بھی دلیل ہے۔

Marfat.com

## ۲۸۱۸۔ النشاب (تیر):

خواب میں تیر وہ آدمی ہے جس کی پرورش باپ کے علاوہ کسی نے کی ہو، جو خواب میں اپنے ہاتھ میں تیر دیکھے تو خوش کن خبر آئے گی، تیر قولِ حق ہے، نیز تیر اس شخص کی بات کا رد ہے جو اللہ تعالیٰ کا فرمانبردار نہیں ہے، اگر تیر نشانہ پر لگا ہے تو اس کا حکم نافذ اور قبول ہوگا، اگر تیر بانس کا ہو تو یہ باطل اور غلط کلام ہے، اگر وہ کمان کا تیر ہے تو وہ باتونی شخص ہے، اگر وہ تیر نشانہ پر لگا ہے تو اس کی بات مانی جائے گی، اگر تیر ٹوٹ گیا ہے تو اس کے کلام سے احتیاط کی جائے گی، اگر تیر سونے کا ہو تو یہ کسی عورت کی طرف خط یا پیغام ہے، تیر میں جوڑ قوت وطاقت ہے، تیر کی حرکت قاصد کا پیغام رسانی میں اپنی جان کا خوف ہے، جو دیکھے کہ وہ تیر اندازی کرتا ہے تو یہ چغلخوری یا عیب گیری کی دلیل ہے، اگر تیر بے پر کے ہو تو قاصد مجبور ہے۔

## ۲۸۱۹۔ النشابی (تیر بنانے والا):

خواب میں تیر ساز جاسوس کی دلیل ہے جو لوگوں کو چغلخوری کرنے کا حکم دیتا ہے، تیر ساز دیکھنا سفر، فکر والم اور لڑائی اور شرعی فریضہ کے مطابق حالات کی تقسیم پر دلیل ہے۔

## ۲۸۲۰۔ النشّار (لکڑی چیرنے والا):

خواب میں لکڑی چیرنے پھاڑنے والا آٹا پیسنے والا ہے، اور لکڑی کا برادہ تعبیر کے اعتبار سے آٹے کی طرح ہے۔

## ۲۸۲۱۔ النشّال (جیب کترا): دیکھئے الطرار (جیب کترا)

## ۲۸۲۲۔ النشور (مُردوں کا زندہ اٹھایا جانا):

خواب میں قیامت کے روز لوگوں کا قبروں سے زندہ اٹھایا جانا (یعنی بعث بعد الموت) لوگوں کا حصولِ فائدہ کے لئے بازاروں میں منتشر ہونا ہے، چنانچہ ایک قوم نفع اٹھاتی ہے اور ایک قوم نقصان اٹھاتی ہے۔

## ۲۸۲۳۔ النِصاب (چھری چاقو کا دستہ):

خواب میں تلوار یا چھری کا دستہ اس نصاب کی دلیل ہے جس پر زکوٰۃ واجب ہوتی ہے، جیسے اونٹ، گائے، بکری یا سونا چاندی۔

## ۲۸۲۴۔ النصرانی (عیسائی):

خواب میں عیسائی نصرت ومدد کی دلیل ہے، بوڑھا نصرانی (عیسائی) دشمن ہے جس کے شر سے دوسرے محفوظ ہوں، جو دیکھے کہ وہ عیسائی ہے تو وہ ایسی بدعت میں مبتلا ہے جس بدعت میں وہ عیسائیوں کی رائے کی مشابہ ہوتا ہے، جو

Marfat.com

دیکھے کہ اس نے زنار پہنا ہوا ہے تو اس کے ہاں نرینہ اولاد ہوگی، جو دیکھے کہ اس کو نصرانی نامزد کیا گیا ہے اور اس کو برا سمجھتا ہے تو وہ ایسے امر سے نجات پائے گا جس سے اسے خوف ہے، نصرانی محبت والا آدمی ہے، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے" ولتجدن أقربهم مودة للذين آمنوا الذين قالوا إنا نصارى " (المائدۃ:۸۲) یعنی اور تو ان میں مسلمانوں کے ساتھ دوستی رکھنے کے قریب تر ان لوگوں کو پائے گا جو اپنے کو نصاریٰ کہتے ہیں ، یا عیسائی بننا نصرت و مدد کی دلیل ہے، عیسائیت شراب کی مشک یا آگ کا جلانا ہے یا خنزیر ہیں ، خواب میں نصاریٰ دوستوں کی صورت میں دشمن ہیں، جو دیکھے کہ وہ عیسائی ہے اور وہ کسی مقدمہ میں مبتلا ہے تو وہ باطل طریقہ سے غالب ہوگا۔

## ۲۸۲۵۔ النصل (تلوار یا چھری کا پھل):

خواب میں چھری وغیرہ کا پھل (پیکان ، پھلکا) کلام یا فوائد یا سفر سے حاصل شدہ نفع ہے، پھل اگر سیسہ کا ہو تو یہ ضعف و کمزوری کے ساتھ پیغام ہے، اگر پیتل کا ہو تو یہ دنیا کا مال و متاع ہے، اگر سونے کا ہو تو یہ کراہت (ناپسندیدگی) کے ساتھ پیغام ہے۔

## ۲۸۲۶۔ النصیحة (نصیحت):

خواب میں دشمن کی طرف سے نصیحت دھوکہ اور غرور ہے، کیونکہ فرمانِ الٰہی ہے" وقاسمهما إني لكما من الناصحين فدلا هما بغرور " (الاعراف:۲۱) یعنی اور ان دونوں کے روبرو قسم کھائی کہ یقین جانئے میں آپ دونوں کا خیر خواہ ہوں پس دونوں کو فریب سے نیچے لے آیا۔

## ۲۸۲۷۔ النصیف (اوڑھنی): دیکھئے الخمار (دوپٹہ)

## ۲۸۲۸۔ النط (اچھلنا کودنا):

خواب میں اچھلنا کودنا پریشان کن کلام کی دلیل ہے، اوپر سے نیچے کی جانب کودنا اچھی حالت سے ہٹ ہوکر بری حالت کی طرف جھکنا اور مائل ہونا ہے، اگر اوپر چڑھنے کے لئے چھلانگ لگائی ہو تو یہ انسان کے بلند درجہ ہونے کی دلیل ہے، اور نیچے آنے کے لئے چھلانگ لگانا مقام و مرتبہ کے کم ہونے کی دلیل ہے۔

## ۲۸۲۹۔ النطاح (سینگ مارنا): دیکھئے الرضخ (ٹکر مارنا)

## ۲۸۳۰۔ النطاق (کمر بند): دیکھو المنطقة (پٹی)

## ۲۸۳۱۔ النطع (چمڑے کا بستر):

خواب میں چمڑے کا فرش خادم ہے جو کسی عورت کی خدمت کرتا ہے اس عورت کا راز جانتا ہے، چمڑے کا بستر

Marfat.com

زوجہ یا سریہ (لشکر) ہے یا پھر اس شخص کی دلیل ہے جس کے سامنے اس کا راز افشاء کیا جائے۔

**۲۸۳۲۔ نطفہ:** دیکھئے منی

## ۲۸۳۳۔ النظم (نظم کہنا):

خواب میں نظم بنانا یا کہنا علم یا مال جمع کرنے، محبت والفت اور اللہ تعالیٰ کے خوف کی دلیل ہے۔

## ۲۸۳۴۔ النغّاب (کوّے کا بچہ):

خواب میں کوّے کا بچہ فقر وفاقہ عزیز واقارب سے دوری کی دلیل ہے، کبھی کوّے کا بچہ دیکھنا مالداری، فقر واحتیاج کی دوری اور عزیز واقارب کی اجتماعیت (قریب ہونے) کی دلیل ہوتا ہے۔

## ۲۸۳۵۔ النعاس (اونگھنا):

خواب میں اونگھنا خوف سے مامون ہونے کی، نافرمان کے لئے توبہ تائب ہونے کی اور کافر کے لئے ہدایت ملنے کی دلیل ہے، نیز فقر کے بعد مالداری کی دلیل ہے، اگر لوگ کسی مشکل میں گرفتار ہوں جیسے مہنگائی یا دشمن تو اللہ تعالیٰ لوگوں کی مشکلات دور فرمادیں گے، اور دشمنوں کے خلاف ان کی نصرت ومدد فرمائیں گے۔

## ۲۸۳۶۔ النعّال (نعل بند): دیکھو الحذّاء (جوتا ساز)

## ۲۸۳۷۔ النعامۃ (شتر مرغ):

خواب میں شتر مرغ عربی دیہاتی عورت ہے، نر شتر مرغ عربی دیہاتی مرد ہے، بعض کہتے ہیں کہ شتر مرغ نعمت ہے، جو شتر مرغ پر سوار ہوا ہو وہ ڈاک کے گھوڑے پر سوار ہوگا، شتر مرغ بہرے کی دلیل بھی ہے جو کچھ نہیں سنتا ہے، بعض کہتے ہیں کہ شتر مرغ موت کی خبر دینے کی دلیل ہے، کیونکہ نعی (خبر مرگ) نعامۃ (شتر مرغ) کے لفظ سے ماخوذ ہے، اور جو اپنے گھر میں شتر مرغ کو ٹھہرے ہوئے دیکھے اس کی عمر طویل ہوگی، جو دیکھے کہ اس نے شتر مرغ ذبح کیا ہے تو وہ باندی سے شادی کرے گا۔

## ۲۸۳۸۔ النعجۃ (دُنبی):

خواب میں دنبی مالدار، شریف باعزت عورت ہے، جو اپنی دنبی کا گوشت کھائے وہ عورت کا وارث ہوگا، جو دیکھے کہ دنبی اس کے گھر میں داخل ہوئی ہے تو اس سال اس کو خوشحالی حاصل ہوگی، حاملہ دنبی خوش حالی اور پر امید مال ہے، خواب میں جس کی دنبی مینڈھا بن گئی ہو تو اس کی بیوی کبھی حاملہ نہیں ہوگی، اگر خواب میں دنبی کو دیکھے کہ اس کے گھر سے

Marfat.com

باہر نکل گئی ہے یا گم ہوگئی ہے یا چوری ہوگئی ہے تو وہ اپنی بیوی سے جدا ہوگا، اگر اپنے گھر میں دنبی دیکھے تو یہ خوشحالی والا سال ہے، اگر دیکھے کہ دنبی نے اس کے ساتھ لڑائی کی ہے تو اس کی بیوی اس کے ساتھ فریب دھوکہ کرے گا، دنبی کا جننا خوشحالی اور آسودہ حالی کے حصول کی دلیل ہے، سیاہ رنگ کی دنبی عربی عورت ہے، سفید رنگ کی دنبی عجمی عورت ہے، دنبیاں نیک عورتیں ہیں، دنبیوں کا دیکھنا فکرات وتکالیف، ازواج کا فقدان اور زوالِ منصب کی دلیل ہے۔

## ۲۸۳۹۔ النعش (مردہ کی چارپائی): دیکھئے المنقلة (بیماروں کو اٹھانے کی چارپائی)

## ۲۸۴۰۔ النعل (جوتا):

خواب میں جوتا زوجہ، غلام، سواری اور سفر کی دلیل ہے، اورعورت کا رنگ جوتے کے رنگ کی طرح ہے، اگر جوتا سبز رنگ کا ہوتو عورت دیندار اور نیک ہے، اور اگر جوتا سیاہ رنگ کا ہوتو وہ عورت مالدار ہے، اگر جوتا زرد رنگ کا ہوتو وہ بیمار ہے، اگر سرخ رنگ کا ہوتو وہ عورت زینت وجمال والی ہے، اور جو شخص خواب میں ایسا جوتا پہنے جس میں پیوند لگے ہوں تو اس کی صاحبِ اولاد عورت سے شادی ہوگی، جو خواب میں صرف ایک جوتے میں چلے تو اس کی بیوی سے جدائی ہوگی، جو دیکھے کہ اس کا جوتا پانی میں گرگیا ہے اور گم ہوگیا ہے تو اسکی زوجہ وفات پائے گی، اور جو دیکھے کہ اس نے اپنا جوتا اُتارا ہے تو اسے ولایت حاصل ہوگی، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ''فاخلع نعليك إنك بالواد المقدس طوى'' (طٰہٰ:۱۲) یعنی پس تم اپنی جوتیاں اتارڈالو (کیونکہ) تم ایک پاک میدان یعنی طوی میں ہو، جیسے موسیٰ علیہ السلام کو اس کے بعد ولایت اور فرعون اور اس کی قوم کے خلاف نصرت ومدد حاصل ہوئی تھی، جو دیکھے کہ اس کے دونوں جوتے گم ہوگئے ہیں تو ممکن ہے کہ اس کا گدھا یا سواری چوری ہوجائے، اگر جوتا چاندی کا ہوتو عورت (غلامی سے) آزاد اور خوبرو ہے، اگر جوتا سیسہ کا ہوتو عورت ضعف وکمزوری والی ہے، اگر جوتا آگ کا ہوتو عورت زبان دراز ہے، اگر جوتا لکڑی کا ہوتو عورت منافق اور خیانت گر ہے، اگر جوتا گائے کی کھال کا بنا ہوا ہوتو وہ عورت عجمیوں میں سے ہے۔ اگر گھوڑے کی کھال کا ہوتو وہ عورت عرب میں سے ہے، اگر جوتا درندوں کی کھال اور چمڑے کا ہوتو عورت ظالم سلطان میں سے ہے، جو دیکھے کہ وہ دو جوتوں میں چلتا ہے پھر ایک جوتا اس کے پاؤں سے اتر گیا ہے تو بھائی یا شریک سے علحدہ ہوگا، بعض کہتے ہیں کہ جوتا بھائی پر دلالت کرتا ہے۔

## ۲۸۴۱۔ النعناع (زبان میں ہکلاپن ہونا):

خواب میں ہکلاپن موت کی خبر ہے، کیونکہ نعی (موت کی خبر) نعناع کے لفظ سے ماخوذ ہے۔

## ۲۸۴۲۔ النفاع (نفع پہنچانے والا):

خواب میں اس کو دیکھنا غیر شادی شدہ کے لئے زوجہ پر اور کاموں سے فراغت پر دلیل ہے۔

Marfat.com

## ۲۸۴۳۔ النفاق (منافقت): دیکھئے الریاء (دکھاوا)

## ۲۸۴۴۔ النفث (پھونک مارنا):

خواب میں پھونک مارنا سحر وجادو کی دلیل ہے، اللہ تعالیٰ نے فرمایا" ومن شر النفاثات فی العقد" (الفلق:۴) یعنی اور گرہوں پر پڑھ پڑھ کر پھونکنے والیوں کے شر سے (پناہ پکڑتا ہوں)،

## ۲۸۴۵۔ النفخ (پھونکنا):

خواب میں پھونکنا فتنہ ہے، اور زمین پر پھونکنا راز کا انکشاف ہے، نیز راز مخفی نہ رکھنے والے کے لئے راز کا امانت رکھنا ہے، اور پکانے کے واسطے پھونکنا کسی منفعت کی خاطر کسی کام میں حرکت وزور پیدا کرنا ہے، اور اگر پھونکنا پکانے کے لئے نہ ہو(بغیر پکانے کے ہو) تو یہ فکر وپریشانی کی دلیل ہے، اور صور پھونکنا نیک لوگوں کی نجات ہے، خواب میں صور پھونکنے کی آواز سننا حق ہے اور دہشت انگیز خبریں ہیں، اگر نفخہ ثانیہ (دوسرا نفخِ صور) سنے تو یہ پوشیدہ اشیاء کے وجود (دستیابی) یا رازوں کے ظہور یا مریضوں کی شفایابی یا قیدیوں کی رہائی یا مسافروں کے ساتھ صحبت ورفاقت ہے۔

## ۲۸۴۶۔ النفط (پیٹرول):

خواب میں پیٹرول بدکار عورت ہے، بعض کہتے ہیں کہ مالِ حرام ہے، پیٹرول شر وفساد اور مصائب ہے۔

## ۲۸۴۷۔ النفق (سرنگ): دیکھئے سرب الارض (تہہ خانہ)

## ۲۸۴۸۔ النفقة (خرچ کرنا):

خواب میں رشتہ داروں پر خرچ کرنا یا قرابتداروں پر مالی وسعت اختیار کرنا مالی وسعت، عیال واولاد کی حفاظت اور مال یا اولاد وغیرہ جو کچھ ضائع ہوا ہے اس کا بدلہ ملے گا، کیونکہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے،" وما أنفقتم من شیء فهو یخلفه وهو خیر الرازقین" (سبا:۳۹) یعنی اور جو چیز تم خرچ کرو گے سو وہ (اللہ تعالیٰ) اس کا عوض دے گا، اور وہ سب سے بہتر روزی دینے والا ہے، جو دیکھے وہ اپنا مال کرھًا (ناگواری اور ناپسندی کے ساتھ) خرچ کرتا ہے تو اس کی اجل قریب آگئی ہے، خواب میں کھلا خرچ کرنا نفاق کی دلیل بھی ہوسکتا ہے۔

## ۲۸۴۹۔ النفی (جلاوطنی):

خواب میں جلاوطنی قید ہونا ہے چنانچہ جو دیکھے کہ اسے ملک بدر یا جلاوطن کیا گیا ہے تو وہ قید ہوگا، جلاوطنی نفی کرنے والے کی حجت ودلیل کا اثبات ہے، یا پھر قطعِ ید (ہاتھ کے کاٹنے) کی دلیل ہے۔

Marfat.com

## ۲۸۵۰۔ النقاب (نقاب):

خواب میں نقاب دراز عمر بیٹی ہے یا دین کا فہم حاصل ہونا ہے۔

## ۲۸۵۱۔ النقاد (سکے پرکھنے والا):

خواب میں روپے سکے پرکھنے والے کو دیکھنا ہدایت اور شریر لوگوں سے علیحدگی ہے، سکے پرکھنے والا وہ شخص ہے جو تمام غیر عمدہ چیزوں کو چن کر عمدہ چیز اختیار کرتا ہے، اگر وہ (صاحب خواب) صاحبِ علم ودین ہو تو وہ اپنے لئے دین کا اشرف واجود (عمدہ واعلیٰ) علم اختیار کرتا ہے، اگر وہ دنیا دار ہو تو وہ اپنے لئے دنیا کی اشرف واعلیٰ چیز پسند کرتا ہے، اگر صاحبِ سلطنت ہو تو وہ اشرف وارفع (اعلیٰ اور بلند) سلطنت اختیار کرتا ہے۔

## ۲۸۵۲۔ النقّاش (نقش ونگار کرنیوالا):

خواب میں نقش ونگار کرنیوالے کو دیکھنا علم اور نیک سنّت کی دلیل ہے، مکروفریب اور دھوکہ کی بھی دلیل ہوسکتا ہے، پتھروں پر نقش ونگار بنانے والا جاہلوں کے لئے مکروفریب کی دلیل ہے، تانبے پر نقش بنانے والا مقدمات اور دردِسر کی دلیل ہے، سونے اور چاندی کے نقش ونگار بنانے والا عظیم حکمت ودانائی اور شے کو اپنے محل میں رکھنے کی دلیل ہے، نقش ونگار بنانے والا دنیا دار اور مغرور ہے، نقاش عورتوں کی تزیین وآرائش کرنے والا ہے۔

## ۲۸۵۳۔ النقاض (توڑنے والا):

خواب میں توڑنے والے کو دیکھنا خیر کی دلیل نہیں ہے نہ اس کے نام سے کوئی خیر ہے، کیونکہ اس کی تعبیر وضو اور عہد توڑنے سے کی جاتی ہے، اِلّا یہ کہ صاحبِ خواب خواب میں کوئی فاسد (خراب اور غلط) چیز توڑے۔

## ۲۸۵۴۔ النقب (گھومنا پھرنا):

اس کی تعبیر مکروفریب ہے، اگر پہاڑ یا چٹان میں گھومتا ہے تو وہ کسی والی کے حالات کی تفتیش کرتا ہے، قلعوں کا راستہ واقعات کی ٹوہ میں لگنے، مال کے برباد ہونے اور اولاد کے حالات خراب ہونے کی دلیل ہے، نقب لگانا کسی کے اثر کی پیروی کرنا ہے، اگر دیکھے کہ وہ شہر میں پھرتا ہے اور جستجو کرتا ہے تو وہ ایک بڑے اور سنگدل والی کے حالات کی تفتیش کرتا ہے۔

## ۲۸۵۵۔ النقس (روشنائی):

خواب میں لکھنے کی سیاہی اور روشنائی رفعت وعزت اور جاہ وسرور ہے، اگر روشنائی سے اپنی قمیض آلودہ کی ہے، یا سیاہی سے دوسرے کو لتھیڑا ہو تو لتھیڑنے والا اس کی غیبت مذمت کرے گا، اور جس کو لتھیڑا ہے اس کو رفعت وبلندی اور اچھی

Marfat.com

تعریف حاصل ہوگی، ممکن ہے کہ آلودہ ہونے والا برص زدہ ہو جائے۔

## ۲۸۵۶۔ نقصان:

خواب میں جوارح واعضاء کا نقصان مال ونعمت میں نقصان ہے۔

## ۲۸۵۷۔ النقف (انڈے سے نکلا ہوا چوزہ): دیکھئے الدجاجة (مرغی)

## ۲۸۵۸۔ نقل الاشیاء (منتقل کرنا):

خواب میں چیزوں کا منتقل کرنا نیکی کا حکم دینے اور برائی سے منع کرنے کی دلیل ہے، اگر کوئی چیز کم درجہ کی طرف منتقل کی ہے تو یہ نیکی سے منع کرنے اور برائی کا حکم دینے کی دلیل ہے یا پھر اچھی چیز کو بری چیز سے تبدیل کرنے یا غلامی سے آزاد عورتوں کو باندیوں سے تبدیل کرنا ہے۔

## ۲۸۵۹۔ النقلة (منتقلی): دیکھو الحوالة (قرض کی غیر کی طرف منتقلی)

## ۲۸۶۰۔ النقیب (قوم کا سردار):

خواب میں قوم کا سردار دیکھنا بشارت اور دشمنوں کے خلاف نصرت و مدد حاصل ہونے کی دلیل ہے، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے" ولقد أخذ الله ميثاق بنى إسرائيل وبعثنا منهم اثنى عشر نقيبا ، وقال الله إنى معكم" (المائدہ:۱۲) یعنی اور اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل سے عہد لیا تھا اور ہم نے ان میں سے بارہ سردار مقرر کئے اور اللہ تعالیٰ نے فرما دیا کہ میں تمہارے ساتھ ہوں۔

## ۲۸۶۱۔ النقیصة (نقص): دیکھئے العیب (عیب)

## ۲۸۶۲۔ نقي العظم (ہڈی کا گودا): دیکھئے المخ (گودا)

## ۲۸۶۳۔ نکاح:

خواب میں نکاح منصبِ جلیل ہے، اور جس نکاح وصحبت (جماع) میں منی دیکھی جائے حتیٰ کہ بیداری میں اس پر غسل واجب ہوتا ہو تو یہ خواب بے بنیاد ہے اس کی کوئی تعبیر نہیں اس لئے کہ یہ احتلام کی صورت ہے، جو اپنے دشمن سے نکاح کرے تو وہ اس پر غالب ہوگا، جو خواب میں اپنی کسی محرم عورت سے نکاح کرے تو وہ سرزمینِ حرم پر چلے گا، جو دیکھے کہ اس نے قبر میں اپنی ماں سے نکاح کیا ہے تو وہ فوت ہوگا، اگر دیکھے کہ کافروں میں سے کوئی دشمن مسلمان عورت سے نکاح کرتا ہے تو یہ غارتگری (حملہ) کی دلیل ہے، نکاح ادائے قرض اور پریشانیوں کے دور ہونے کی دلیل ہے، جو برہنہ

Marfat.com

عورت سے نکاح کرے وہ فکروں سے نجات پائے گا، جو دیکھے کہ وہ بدکار عورت سے نکاح کرتا ہے تو اسے حرام دنیا حاصل ہوگی، اور جو دیکھے کہ وہ جنت کی عورت سے نکاح کرتا ہے تو اسے دین کے امور حاصل ہوں گے، جو دیکھے کہ اس نے برہنہ عورت کو اس کی لاعلمی میں دیکھا ہے تو وہ کسی گناہ، اور غلطی میں مبتلا ہوگا۔

## ۲۸۶۴۔ النکش (کنوئیں کی مٹی نکالنا):

اس کی تعبیر دنیا کی حرص اور دنیا کا مال خرچ کرنا ہے۔

## ۲۸۶۵۔ النمّام (چغلخور):

خواب میں چغلخور رسوائی کشادگی اور حکومت یا تجارت ہے، چغلخور کی تفسیر عورت اور نرینہ اولاد سے بھی کی جاتی ہے۔

## ۲۸۶۶۔ النمر (چیتا):

خواب میں چیتا جابر سلطان یا کھلا دشمن ہے جو بڑی شان وشوکت رکھتا ہے، چنانچہ جو خواب میں چیتے کو قتل کرے وہ دشمن پر غالب ہوگا، اور جو اس کا گوشت کھائے تو اسے مال ومرتبہ ملے گا، اور جو اس پر سوار ہوا ہوا سے عظیم سلطنت ملے گی، جو چیتے (مادہ) سے شادی کرے وہ فاسق عورت پر مسلط ہوگا، جو اپنے گھر میں چیتے کو دیکھے تو فاسق آدمی اس کے گھر پر حملہ کرے گا، اور جس کو چیتے نے کاٹا ہوا سے نقصان پہنچے گا، چیتا مرد یا عورت کی دلیل ہے، یعنی وہ (مرد وعورت) دھوکہ باز فریب کار ہے، مرض کی بھی دلیل ہے، چیتے (مادہ) کا دودھ پینا عداوت ودشمنی کے ظہور کی دلیل ہے چیتا شدید عداوت رکھنے والا دشمن ہے، بعض کہتے ہیں کہ جو خواب میں چیتا دیکھے وہ اللہ تعالیٰ سے اپنی گناہوں کی معافی مانگے گا، چیتا ایسی قوم پر دلیل ہے جس سے لوگ ڈرتے ہوں نیز شدید خوف وگھبراہٹ کی دلیل ہے۔

## ۲۸۶۷۔ النمس (نیولا):

یہ ایک جانور ہے جو عموماً سانپ کو مار ڈالتا ہے، جو خواب میں نیولے کو دیکھے تو یہ زنا پر دلیل ہے، اس لئے کہ نیولا مرغیوں کو چرا لے جاتا ہے، اور مرغیوں کی (تعبیر میں) عورتوں سے مشابہت ہے۔

## ۲۸۶۸۔ النمش (چہرے پر داغ یا نشان):

خواب میں چہرے پر داغ یا نشان دیکھنا اس کے وہ گناہ ہیں جن کا اس نے مال کی وجہ سے ارتکاب کیا ہے۔

## ۲۸۶۹۔ النمل (چیونٹی):

خواب میں چیونٹیاں ضعیف وکمزور اور حریص قوم ہے، گھر والوں اور لشکروں سے بھی اس کی تعبیر کی جاتی ہے، جو

Marfat.com

اپنے بستر پر چیونٹیاں دیکھے تو اس کی اولاد زیادہ ہوگی جو چیونٹیوں کو اڑتے دیکھے جبکہ مکان میں مریض ہوتو وہ فوت ہوگا یا سفر کرے گا، چیونٹیاں خوش حالی اور رزق کی دلیل ہیں، اس لئے کہ چیونٹیاں اسی جگہ میں ہوتی ہیں جہاں پر رزق ہوتا ہے، جب مریض خواب دیکھے کہ اس کے جسم پر چیونٹیاں رینگتی ہیں تو وہ وفات پائے گا، جو دیکھے کہ چیونٹیاں اپنی بل سے نکلتی ہیں تو اس کے گھر کے افراد موت کے سبب کم ہوں گے، اگر خواب میں چیونٹی کے پر لگ جائے تو یہ کثیر تعداد میں لشکروں کی ہلاکت ہے، جو خواب میں دیکھے کہ چیونٹی اس کے گھر میں طعام لیکر داخل ہوئی ہے تو گھر میں خیر وبرکت زیادہ ہوگی، اور اگر گھر سے طعام لیکر نکلتی ہوں تو پھر محتاجی ہوگی، ناک، کان وغیرہ اعضاء سے چیونٹی کا نکلنا اور صاحب خواب کا اس پر خوش ہونا اس صاحب خواب کا شہادت کی موت مرنے پر دلیل ہے، جو دیکھے کہ اس نے چیونٹی کو مار ڈالا ہے تو وہ کمزور قوم کے سبب کسی گناہ کا مرتکب ہوگا، جو شخص چیونٹیوں کا کلام سنے اور وہ ولایت کا اہل ہوتو ولایت حاصل ہوگی ورنہ خیر وخوش حالی حاصل ہوگی، بڑی چیونٹی لڑنے والوں کے لئے ان کا قتل ہونا ہے، مریضوں کے حق میں موت کی اور سفر کا ارادہ رکھنے والوں کے حق میں تعب وتکان اور خسارہ ونقصان کی دلیل ہے۔

## ۲۸۷۰۔ النہار (دن):

خواب میں دن کا وقت انسان پر آنا غموں اور پریشانیوں سے نجات کی دلیل ہے، نیز جدید لباس، اولاد وازواج، حجت ودلیل کا ظہور، معمہ (پیچیدہ مسئلہ) حل ہونے، قیدیوں کے رہا ہونے اور غائب کے واپس آ جانے کی دلیل ہے۔

## ۲۸۷۱۔ النہر (نہر):

خواب میں نہر عظیم المرتبت آدمی ہے، جو نہر میں داخل ہوا ہو وہ بڑے لوگوں سے میل جول رکھے گا، نہر سے پانی پینا اچھا نہیں ہے، اس لئے کہ فرمانِ الٰہی ہے "قال إن الله مبتليكم بنهر ، فمن شرب منه فليس مني ومن لم يطعمه فإنه مني إلا من اغترف غرفة بيده، فشربوا منه إلا قليلاً منهم" (البقرۃ:۲۴۹) یعنی انھوں نے کہا کہ حق تعالیٰ تمہارا امتحان کرینگے ایک نہر سے سو جو شخص (افراد کے ساتھ) اس سے پانی پیئے گا وہ تو میرے ساتھیوں میں نہیں اور جو اس کو زبان پر بھی نہ رکھے وہ میرے ساتھیوں میں ہے لیکن جو شخص اپنے ہاتھ سے ایک چلو بھر لے (تو اتنی رخصت ہے)، اور جو دیکھے کہ اس نے نہر سے دوسری طرف چھلانگ لگائی ہے تو وہ غم وفکر سے نجات پائے گا اور دشمن پر غالب ہوگا، بعض کہتے ہیں کہ نہر سفر کی دلیل ہے، خواب میں اگر بازار میں پانی جاری ہو اور لوگ اس پانی سے وضو کرتے ہوں اور فائدہ اٹھاتے ہوں تو یہ سلطان کا رعایا کے ساتھ عدل وانصاف ہے، اگر پانی چھتوں کے اوپر جاری ہو اور گھروں میں اترتا ہو تو یہ سلطان کا ظلم ہے یا دشمن ہے جو لوگوں پر زیادتی اور سرکشی کرتا ہے، جو دیکھے کہ نہر اس کے گھر سے نکلی ہے اور اس نے کسی کو نقصان نہیں پہنچایا ہے تو یہ نیکی اور اچھائی ہے جو اس سے صادر ہوتی ہے اور لوگوں کو اس سے فائدہ پہنچتا ہے، جو دیکھے کہ وہ خود نہر بن

Marfat.com

گیا ہے تو وہ فوت ہوگا، اگر خواب میں نہر کا کیچڑ لگا ہو تو اسے کسی آدمی کی طرف سے خوف و پریشانی پہنچے گی، اگر نہر کا پانی پیا ہے اور پانی صاف تھا تو خیر اور خوشگوار زندگی حاصل ہوگی، جو دیکھے کہ وہ نہر سے کود کر اس کے کنارے پر آیا ہے تو وہ سلطان کے شر سے محفوظ ہوگا، اور دشمنوں پر کامیابی حاصل ہوگی، اگر دیکھے کہ اس کے گھر سے ایک نہر جاری ہے اور لوگ اس کا پانی پیتے ہیں تو اگر (صاحب خواب) مالدار ہے تو یہ خواب اہل شہر کے لئے خیر ومنافع کی دلیل ہے، اور اس کے گھر میں بڑی تعداد میں محتاج لوگ آئیں گے، خواب میں نہر عملِ صالح یا رزقِ مسلسل ہے، جس نہر کا پانی گدلا ہو وہ جہنم کی دلیل ہے، اور نہر فتنہ ہے، نہر گنہگار کے حق میں نافرمانی اور برودت وسلامتی اور رزق میں زیادتی کی دلیل ہوسکتی ہے، دجلہ کی نہر محنت وکوشش کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ وہ نہر میں پانی کے اوپر چلتا ہے تو یہ اس کی حسنِ نیت اور صحتِ یقین کی دلیل ہے۔

## ۲۸۷۲۔ نہر أکسوس (دریائے اکسوس): دیکھئے نہر جیحون (دریائے آمون)

## ۲۸۷۳۔ نہر امو داریا (دریائے اموداریا): دیکھئے دریائے آمون۔

## ۲۸۷۴۔ نہر جیحون (دریائے آمون):(۱)

جو شخص دیکھے کہ اس نے دریائے آمون میں غسل کیا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو عظیم مملکت عطا فرمائیں گے یا عظیم بادشاہ سے تعلق قائم ہوگا، اگر (صاحب خواب) غمزدہ ہو تو غم والم دور ہوگا، مقروض ہو تو قرض کی ادائیگی ہوگی، پریشان ہو تو پریشانی دور ہوگی، قیدی ہو تو رہائی ملے گی، فقیر ہو تو اللہ تعالیٰ غنی کردیں گے، عالم ہو تو علم میں زیادتی ہوگی، غلامی ہو تو آزادی ملے گی، دریائے آمون بلادِ عجم کی بھی دلیل ہے، جو اس دریا سے پانی پیئے وہ فائدہ حاصل کرے گا۔

## ۲۸۷۵۔ نہر الخمر (شراب کی نہر):

دریائے شراب محبتِ الٰہیہ کے نشہ اور محرم عورتوں کے سامنے نگاہ پست رکھنے کی دلیل ہے۔

## ۲۸۷۶۔ نہر دجلة (دریائے دجلہ):

خواب میں دریائے دجلہ محنت وکوشش کرنے کی دلیل ہے اگر بحر کی تعبیر بادشاہ ہو تو دجلہ اس بادشاہ کا وزیر ہے، جو دیکھے کہ وہ دریائے دجلہ کا پانی پیتا ہے تو اسے وزیر کا سارا مال حاصل ہوگا، اور اگر وزارت کا اہل ہو تو وزارت ملے گی۔

## ۲۸۷۷۔ نہر العسل (شہد کی نہر):

خواب میں شہد کی نہر علم اور قرآنِ کریم کی دلیل ہے۔

---

(۱) دریائے آمون اس کا قدیم نام اکسوس ہے، اس کو اموداریا بھی کہتے ہیں، یہ خراسان میں ایک نہر ہے جس کا طول ۱۸۵۰ کلومیٹر ہے۔ خوارزم میں جاکر ختم ہوتی ہے۔

Marfat.com

## ۲۸۷۸۔ نہر الفرات (دریائے فرات):

جوخواب میں دیکھے کہ وہ دریائے فرات کا پانی پیتا ہے تو اسے اللہ تعالیٰ کی طرف سے برکت ونفع حاصل ہوگا، اگر دیکھے کہ دریائے فرات کا پانی خشک ہوگیا ہے تو خلیفہ وفات پائے گا اور اس کی بادشاہت ختم ہوگی، اس کی تاویل وزیر بھی ہوسکتی ہے، آبِ فرات پینا نماز، عبادت اور قناعت کی کثرت کی دلیل ہے۔

## ۲۸۷۹۔ نہرِ کوثر (ب):

جوشخص خواب میں دیکھے کہ اس نے نہرِ کوثر سے پانی پیا ہے تو وہ علم وعمل، یقین اور اتباعِ سنت نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مالا مال ہوگا، اگر صاحب خواب کافر ہوتو مسلمان ہوگا، نافرمان ہوتو تائب ہوگا، یابدعت چھوڑ کر حلال ذریعہ معاش اختیار کرے گا، اور جو دیکھے کہ وہ نہرِ کوثر سے پانی پیتا ہے تو اسے ریاست اور دشمنوں کے خلاف کامیابی اور نصرت حاصل ہوگی، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشادِ پاک ہے" إنّا اعطيناك الكوثر " (الکوثر:۱) یعنی ہم نے آپ کو کوثر عطا کی ہے۔

## ۲۸۸۰۔ نہر اللبن (دودھ کی نہر):

دودھ کی نہر فطرت کی دلیل ہے۔

## ۲۸۸۱۔ نہر الماء في الجنّة (جنت میں پانی کی نہر):

اس کی تعبیر رزق ہے۔

## ۲۸۸۲۔ نہر النیل (دریائے نیل):

جوخواب میں دیکھے کہ وہ دریائے نیل سے پانی پیتا ہے تو اسے پینے کی مقدار میں سونا ملے گا، اور دریائے نیل دیکھنا سلطنت اور قوت کے حصول کی دلیل ہے۔

## ۲۸۸۳۔ النواۃ (گٹھلی):

خواب میں گٹھلی فقیر، فتیل (کھجور کی گٹھلی کے درمیان کا ریشہ) اور قطمیر (کھجور کی گٹھلی پر چڑھی ہوئی باریک جھلی) کی دلیل ہے، اور خواب میں جس کے پاس گٹھلیاں ہوں اور وہ کسی مقدمہ میں پھنسا ہوا ہوتو اس کی حجت ودلیل اس کے مخالف پر غالب آئے گی، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے" ولا يظلمون فتيلا " (النساء:۴۹) نیز فرمان ہے" ولا يُظلمون نقيراً " (النساء:۱۲۴) نیز فرمانِ خداوندی ہے" والذين تدعون من دونه مايملكون من قطمير " (فاطر:۱۳) بالترتیب آیات کا ترجمہ یہ ہے۔ اور ان پر تاگے کے برابر بھی ظلم نہ ہوگا، اور ان پر کھجور کے شگاف کے برابر بھی ظلم نہ ہوگا، اور

Marfat.com

اس کے سوا جن کو تم پکارتے ہو وہ تو کھجور کی گٹھلی کے چھلکے کے برابر بھی اختیار نہیں رکھتے۔ گٹھلی عمرِ طویل یا گھر کے سامان واسباب اور حسنِ اعتقاد کی دلیل ہے کیونکہ یہ دین کی بنیاد ہے، گٹھلیاں فراق (جدائی) اور دوری کی بھی دلیل ہیں، اور یہ تعبیر اس کے لفظ (نوی) سے لی گئی ہے۔

## ۲۸۸۴۔ النوتی (ملاح): دیکھئے الربان (جہاز کا کپتان)

## ۲۸۸۵۔ النواح (نوحہ کرنا):

خواب میں نوحہ باز واعظ ہے، اور نوحہ بازی سننا بیت الخلاء کے کھولنے کی دلیل ہے جس سے بدبوئیں پھیلتی ہوں ،بعض کہتے ہیں کہ نوحہ بازی کتوں کی آوازیں ہیں، نوحہ کرنے والی کی آواز آگ کی بھٹی کی آواز ہے، دف اور جھانجھ نوحہ باز ہے، نوحہ بازی اس شادی کی تقریب پر بھی دلیل ہے جس میں گانے والیاں اور آلاتِ لہوولعب استعمال ہوں، مخنث (ہجڑا) نوحہ باز کسی حال میں بھی اچھی تعبیر نہیں رکھتا، جو خواب میں ایک جگہ دیکھے جہاں نوحہ بازی ہو رہی ہو تو اس جگہ پر نحوست، تبدیلی، بری تدبیر کا وقوع ہوگا جس سے وہاں کے لوگوں کی اجتماعیت ختم ہوگی، جو دیکھے کہ وہ کسی میت پر نوحہ کرتا ہے تو یہ فرحت وخوشی کی دلیل ہے، نوحہ بازی نوحہ کرنے والی عورت کی طرف سے فتنہ انگیزی کی دلیل ہے، یا پھر راہِ ہدایت سے بھٹکنے یا دین سے پھر جانے کی دلیل ہے، نوحہ بازی بانسری کی اور بانسری نوحہ بازی کی دلیل ہوسکتی ہے، نوحہ کرنے والی عورت دیکھنا حالات کے بدلنے، گھروں کے ویران ہونے اور بُرے اعمال کی دلیل ہے کیوں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا "النیاحة من عمل الجاهلیة" (کشف الخفاء ۲/۴۲۹۔ رواہ ابن ماجہ عن ابن عباسؓ) یعنی نوحہ بازی جاہلیت کا عمل ہے۔

## ۲۸۸۶۔ نوح علیہ السلام:

جو شخص نوح علیہ السلام کو خواب میں دیکھے وہ طویل زندگی گزارے گا، اور وہ عظیم شدت (سختی) سے دو چار ہوگا، لوگوں کی طرف سے اذیت کا شکار ہوگا، بالآخر ان پر غلبہ حاصل ہوگا اور اولاد عطا ہوگی اور وہ شکر گزار ہوگا، بعض کہتے ہیں کہ جو نوح علیہ السلام کی زیارت کرے تو وہ عالم، اطاعتِ الٰہی میں خوب محنت مشقت اٹھانے والا، حلیم المزاج اور دشمنوں والا ہوگا، اور ان دشمنوں پر غالب ہوگا، اور عظیم ولایت حاصل ہوگی، اور بعض اہل تعبیر کہتے ہیں کہ ان کا دیکھنا اس سال کے اندر بارش کا کثرت سے آنا ہے، یا وہ ایسا آدمی ہے جس کے دشمن اور پڑوسی ہیں جو اس سے حسد رکھتے ہیں وہ ان سے عنقریب نجات حاصل کرے گا، اور اللہ تعالیٰ خود ان سے انتقام لیں گے، اور بعض کہتے ہیں کہ نوح علیہ السلام کا دیکھنا کافروں کی ہلاکت اور مومنوں کی امان ونجات کی دلیل ہے، اگر نوح علیہ السلام کو خواب میں قحط سالی کے دنوں میں دیکھا جائے تو یہ بارشوں کی کثرت پر دلیل ہے، اگر انھیں کشتی میں دیکھا جائے تو کشتی اور کشتی میں موجود لوگوں کی نجات پر دلیل ہے، ان کی زیارت کبھی اہل بدعت وفسق کی قوت اور اہلِ ایمان کے ضعف کی دلیل ہوتی ہے، ان کی زیارت اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں

Marfat.com

عمرِ دراز گزر جانے، نیکی کا حکم دینے اور برائی سے منع کرنے کی دلیل ہے، اگر صاحب خواب بادشاہ ہو تو اس کی رعایا (پبلک) اس پر سخت گیر ہوگی، نوح علیہ السلام کا دیکھنا نوحہ بازی پر بھی دلیل ہوسکتا ہے، کیونکہ نوح (نوحہ کرنا) نوح سے ماخوذ ہے۔ حضرت نوح علیہ السلام کا دیکھنا گھر کے لوگوں کی عداوت اور ان پر غالب آنے کی بھی دلیل ہے، یا قحط سالی اور مہنگائی (اشیاء کے نرخ بڑھنے) کی دلیل ہے، نوح علیہ السلام کا دیکھنا زوالِ فکر و غم اور نزولِ بارش کی بھی دلیل ہوسکتا ہے، نوح علیہ السلام کا دیکھنا بڑھئی کے پیشہ، کشتیاں بنانے اور دریاؤں میں سفر کرنے کی دلیل ہے، ان کا دیکھنا ہر اس شخص پر دلیل ہے جو انسانوں، حیوانوں اور پرندوں کے نسبوں کا علم رکھتا ہو، یا اولاد میں سے کوئی وَلد دین سے یا اس کے طریقہ سے ہٹ جائے گا، اور اس کی وجہ سے وہ کسی آزمائش میں مبتلا ہوگا، اور وہ ولد اسی راستہ پر نافرمان ہوکر مرے گا، اگر عورت نوح علیہ السلام کو دیکھے تو یہ اس عورت کے اپنے خاوند کے نافرمان ہونے کی دلیل ہے۔

## ۲۸۸۷۔ النور (روشنی):

خواب میں روشنی ہدایت ہے، اگر کافر خواب دیکھے کہ وہ اندھیرے سے نکل کر روشنی میں آیا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے اسلام وایمان کی دولت نصیب فرمائیں گے، اور دنیا وآخرت میں اس کی مدد کریں گی، اندھیرے کے بعد روشنی دیکھنا فقر کے بعد غنیٰ (مالداری)، ذلت کے بعد عزت، ضلالت کے بعد ہدایت، نافرمانی کے بعد توبہ، اندھے ہونے بعد بصارت حاصل ہونے اور اس کے عکس کی دلیل ہے، روشنی نیک اعمال، علم وقرآن اور نیک اولاد کی دلیل ہے، عالمِ دین کے لئے (روشنی) ابتلاء وآزمائش ہے، جو دیکھے کہ اس نے نور کی چادر اوڑھی ہوئی ہے تو اسے علمِ نافع حاصل ہوگا، یا رب تعالیٰ کی اطاعت پر متوجہ ہوگا، جو دیکھے کہ روشنی اور نور اسکے جسم سے نکلا ہے تو اسے ایسا لڑکا عطا ہوگا جو اس کے علم سے نفع اٹھائے گا یا صالح نصیب ہوگا جو اس کی دعا سے نفع اٹھائے گا۔

## ۲۸۸۸۔ نور الخلاف المسکی (درختِ بید کا شگوفہ):

یہ خواب میں تیز طرار آدمی ہے جو شدائد ومشکلات میں قائم دائم نہ رہتا ہو، بعض کہتے ہیں کہ وہ فقیر آدمی ہے جو شیخی خور اور بے برکت ونفع ہو۔

## ۲۸۸۹۔ النیروز (نوروز):(۱)

خواب میں نوروز سرور وخوشی، غم سے چھٹکارا اور گیا ہوا مال واپس آنے کی دلیل ہے۔

## ۲۸۹۰۔ النول (کرگہ):

خواب میں اگر کرگہ (کپڑا بننے کا آلہ) کھڑا ہو تو یہ حرکت وسفر کی دلیل ہے، نول (کرگہ) نوال (عطیہ بخشش)

(۱) نوروز: ایرانی شمسی سال کا پہلا دن جو ۲۱ مارچ سن عیسوی کو ہوتا ہے، اہلِ فارس کا سب سے بڑا تہوار ہے۔

Marfat.com

ہے، اور حاجتمند کے لئے حصہ وعطیہ ہے، یا پھر منصب جلیل کی دلیل ہے۔

## ۲۸۹۱۔ النوم (سونا):

خواب میں سونا غفلت ہے، جو خواب میں دیکھے کہ وہ سویا ہوا ہے یا سونے کا ارادہ کرتا ہے تو یہ بے کاری کی دلیل ہے، سونا تمام لوگوں کے لئے برا ہے سوائے اس شخص کے جو خوف میں مبتلا ہو یا کسی شدت یا عذاب میں مبتلا ہونے کی توقع رکھتا ہو، جو دیکھے کہ وہ قبرستان میں یا کسی قبر پر سویا ہوا ہے تو یہ خواب مریض کی موت اور تندرست کے لئے بیکاری کی دلیل ہے، سونا فوائد کا متروک ہونا اور ان نیک کاموں سے غافل ہونے کی دلیل ہے جو اللہ تعالیٰ نے انسان پر واجب قرار دیئے ہیں، سونا اطاعت گزار اور عبادت گزار لوگوں کے لئے نیک سفر، دنیا اور اس کی زینت سے کنارہ کشی اور گوشہ نشینی اختیار کرنے کی دلیل بھی ہے، اگر خواب میں لوگوں کو سویا ہوا دیکھے تو یہ عام اموات یا مہنگائی کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ وہ پشت کے بل سویا ہوا ہے تو وہ دنیا حاصل کرے گا، سونا غم کے دور ہونے کی بھی دلیل ہے، اور چہرے یا منہ کے بل سونا اچھا نہیں ہے، سونا والی وحاکم کے لئے عزت کی دلیل ہے، اور دوسروں کے لئے قلّت وفقر کی دلیل ہے، کنواری عورت کے لئے سونا شادی ہے، بعض کہتے ہیں کہ سونا گناہ کا دور ہونا ہے، اس لئے کہ فرشتوں کے قلم سونے والے سے اٹھالئے جاتے ہیں، (سونے والا سونے کی حالت میں گناہوں سے خالی ہوتا ہے) بعض کہتے ہیں کہ سونا وہ نشہ ہے جو عقل کو ڈھانپ لے یا مرض ہے، جو دیکھے کہ وہ سویا ہوا ہے اور وہ خوفزدہ ہو تو مامون ہوگا، بعض کہتے ہیں کہ سونا مصالح (ضروریات) سے غفلت ہے، پشت کے بل سونا معاملہ متفرق منتشر ہونے ذلّت وموت کی دلیل ہے یا پھر کام سے فارغ ہونے کی دلیل ہے، پہلو کے بل سونا خبر یا مرض یا موت ہے، اور جو دیکھے کہ وہ بہت زیادہ درختوں کے نیچے لیٹا ہوا ہے تو اس کی نسل زیادہ ہوگی، پیٹ کے بل سونا کسی علاقہ کو فتح کرنا اور مال واولاد کی دلیل ہے۔

## ۲۸۹۲۔ النیابۃ (نیابت):

خواب میں متولی یا صاحب امر یا حکم کی نیابت سنّتِ صالحین کی اتباع یا اہلِ بدعت کے آثار کی اقتداء ہے۔

## ۲۸۹۳۔ النیر (بیلوں کا جوا):

خواب میں بیلوں کے کندھے پر رکھنے کا جوا دیکھنا غلاموں کے علاوہ باقی سب لوگوں کے لئے خیر کی دلیل ہے، غلام اگر دیکھے کہ بیلوں کا جوا ٹوٹا ہوا ہے تو اس کے لئے ٹوٹا ہوا دیکھنا اس کو صحیح سالم دیکھنے سے زیادہ نفع مند ہے، اور بیلوں کا جوا سفر کی بھی دلیل ہے۔

## ۲۸۹۴۔ النیل (دریائے نیل): دیکھو نھر النیل (دریائے نیل)

Marfat.com

# ﴿باب الھاء﴾

## ۲۸۹۵۔ ھابیل:

جو ہابیل کو خواب میں دیکھے اس سے حسد کیا جائے گا، اور اس کے دشمن سے اس کو اذیت پہنچے گی، ممکن ہے کہ بغیر جرم کے قتل کر دیا جائے، جو ہابیل کو دیکھے وہ اپنے رب کا فرمانبردار ہے، اور وہ کسی عورت یا رشتہ دار کی وجہ سے شدت وضعف سے دوچار ہوگا، اور اللہ تعالیٰ اس کو جنت میں داخل فرمائیں گے، نیز اس کو چاہئے کہ اپنے بھائیوں سے ہوشیار رہے۔

## ۲۸۹۶۔ الھاتف (غیبی آواز):

خواب میں غیبی آواز (ہاتفِ غیب کی آواز) اور دیگر آوازیں سننا جن میں کوئی امر یا نہی (حکم یا منع) تنبیہ، زجر یا بشارت وغیرہ دی گئی ہو اس کی تعبیر وہی ہے جو سنی گئی ہے۔

## ۲۸۹۷۔ ہارون علیہ السلام:

جو ہارون علیہ السلام کو خواب میں دیکھے تو وہ کسی آدمی کا جانشین ہے اس آدمی کی وجہ سے وہ کسی بلا ومصیبت میں گرفتار ہوگا، جو ہارون علیہ السلام کو دیکھے وہ امام بنے گا، اگر اسے کوئی حاجت درپیش ہو تو وہ پوری ہوگی، جو شخص خواب میں ہارون اور موسیٰ علیہما السلام کو دیکھے تو اس کے ہاتھ سے ظالم جابر شخص ہلاک ہوگا، جو ان میں سے ایک کو دیکھے اور اس کا لڑائی کا ارادہ ہو تو وہ غالب آئے گا۔

## ۲۸۹۸۔ الھامة (اُلّو):

خواب میں الّو کو دیکھنا منحرف عورت کی دلیل ہے۔

## ۲۸۹۹۔ ہاون دستہ:

ہاون دستہ عزت ورفعت، قاری فرزند یا خوش الحان باندی یا باتونی لڑکے کی دلیل ہے، ہاون اور اس کا دستہ خواب میں دیکھنا وہ مرد اور عورت ہیں جن میں سے ہر ایک دوسرے کا ضرورت مند ہے سخت ودشوار کام کرتے ہیں جو کام وہی کرسکتے ہیں۔

## ۲۹۰۰۔ الھاویة (جہنّم): دیکھو جہنّم

## ۲۹۰۱۔ الھبة (ہبہ کرنا):

جو خواب میں دیکھے کہ اس نے کسی آدمی کو غلام ہبہ کیا ہے تو وہ اس کی طرف دشمن کو بھیجے گا، اگر اس کو باندی ہبہ کی

Marfat.com

ہے تو وہ اس کو تجارت میں فائدہ دے گا، ہبہ کرنا صدقہ، ہدیہ اور تحفہ ہے۔

## ۲۹۰۲۔ الهبوط (نیچے آنا): دیکھو السقوط (گرنا)

## ۲۹۰۳۔ الهجاء (عیب گیری): دیکھئے الذم (مذمت کرنا)

## ۲۹۰۴۔ الهجران (ترکِ تعلق): دیکھئے القطیعة (قطعِ تعلق)

## ۲۹۰۵۔ الهجان (سفید نسل کا اچھا اونٹ):

خواب میں اس کا دیکھنا خادم یا عجیب وغریب خبروں پر اطلاع یا حضورِ جنّات اور ان سے طلبِ حاجات کے مشتاق ہونے کی دلیل ہے۔

## ۲۹۰۶۔ الهجوم (حملہ کرنا): دیکھئے الکرّ (حملہ کرنا)

## ۲۹۰۷۔ الهجین (دوغلی نسل کا گھوڑا):

اس کی تعبیر عزوشرف ہے، کیونکہ یہ بڑے لوگوں کی سواری ہے، یا پھر منصبِ جلیل اور حصولِ مطلوب (مراد حاصل ہونے) نیز ہونہار شریف لڑکے کی دلیل ہے، کیونکہ نجیب (شریف) بھی اس گھوڑے کا ایک نام ہے۔

## ۲۹۰۸۔ الهدار (رائیگاں جانا):

اس کی تعبیر بے فائدہ کلام ہے، یا پھر عقل وفہم رکھنے والے اور حق وباطل میں فرق کرنے والے شخص کی دلیل ہے۔

## ۲۹۰۹۔ هدب العین (آنکھ کی پلکیں):

خواب میں آنکھوں کی پلکیں حفاظتِ دین ہے، پلکیں آنکھ کے لئے (تعبیر کے لحاظ سے) زیادہ حفاظت والی ہیں بہ نسبت ابروں کے تنکے وغیرہ کے لئے، اگر دیکھے کہ وہ اپنی آنکھوں کی پلکوں کے سایہ میں بیٹھا ہے تو اگر وہ دیندار اور صاحبِ علم ہے تو وہ اپنے دین اور علم کے سایہ تلے زندگی بسر کرے گا، اگر وہ دنیا دار ہے تو وہ لوگوں کے مال ہتھیائے گا اور چھپ جائے گا، اگر دیکھے کہ اس کی آنکھوں کی پلکیں نہیں ہیں تو دین کے احکامات کی پابندی نہیں کرتا، اگر دیکھے کہ اس کی آنکھوں کی پلکیں بہت زیادہ اور خوبصورت ہیں تو اس کا دین مضبوط ہے، اگر دیکھے کہ اس کی آنکھوں کی پلکیں سفید ہوگئیں ہیں تو وہ بیمار ہوگا۔

## ۲۹۱۰۔ الهدم (عمارت کا گرنا):

خواب میں مکان یا گھر کا منہدم (گرنا) ہونا اس گھر کے مالک کی موت پر دال ہے، اور موت گھر کے گرنے پر

Marfat.com

دال ہے، جو شخص دیکھے کہ وہ گھر یا پرانی عمارت ڈھاتا ہے تو وہ فکر وغم سے دوچار ہوگا، جو دیکھے کہ اس کا گھر گر گیا ہے یا اس کا کچھ حصہ گر گیا ہے تو اس گھر کا کوئی فرد وفات پائے گا، یا صاحبِ خانہ کسی بڑی مصیبت یا خوفناک حادثہ کا شکار ہوگا، اگر عورت دیکھے کہ اس کے گھر کی چھت گر گئی ہے تو اس کا شوہر وفات پائے گا۔

## ۲۹۱۱۔ الهدنة (معاہدہ کرنا):

اس کی تاویل وتعبیر خوف سے امن وامان کا حصول، مشقت کے بعد راحت، مریض کی شفاء، عمر کی وسعت، فوائد ورزق، غیر شادی شدہ کی شادی، تعمیر کی ابتداء، نمازیں اور نیک کام ہیں۔

## ۲۹۱۲۔ ہُدہُد:

ہدہد عمارت کا گرادینا ہے، یہ تعبیر اس کے لفظ سے ماخوذ ہے (کیونکہ ہدَّ کا معنی دھڑام سے گرادینا ہے)، ہدہد کا دیکھنا بادشاہ کا مقرب اور سچا قاصد یا جاسوس یا جھگڑالو آدمی ہے، ہدہد مشکلات وعذاب سے نجات کی بھی دلیل ہے، ہدہد معرفت الٰہیہ اور احکامِ الٰہی جیسے دین ونماز کی دلیل ہے، اگر پیاسا شخص ہدہد کو دیکھے تو پانی کی راہ پائے گا، ہدہد قابل تعریف عالم آدمی ہے، جو اس کو خواب میں دیکھے اسے مال وعزت حاصل ہوگی، اگر ہدہد کھائی ہے تو خلیفہ کی طرف سے کوئی خیر آئے گی، بعض کہتے ہیں کہ جو ہدہد کو دیکھے اس کے پاس مسافر آئے گا، ممکن ہے کہ یہ خواب خائف کے لئے امن وامان کی علامت ہو، ہدہد اپنے کاموں کی بصیرت رکھنے والا اور کاتب وناقد شخص ہے، جو دیکھے کہ اس کے ہدہد ہاتھ لگی ہے یا اس کو اپنے ہاتھوں کے سامنے کھڑے دیکھا ہے تو یہ اچھی خبر ہے جو دور سے آئے گی، بعض کہتے ہیں کہ ہدہد خواب میں جس کے ہاتھ لگی ہو وہ سلطان پر قادر ہوگا یا ذی فہم کاتب یا ایسے صاحبِ بصیرت شخص پر غلبہ پائے گا جس کا کوئی دین نہیں، جو دیکھے کہ اسے مادہ ہدہد ملی ہے اور وہ غیر شادی شدہ ہے تو شادی ہوگی، اگر ہدہد (مادہ) کو ذبح کیا ہے تو اس کی جوان باندی سے شادی ہوگی۔

## ۲۹۱۳۔ ہدیہ:

خواب میں ہدیہ تحفہ خوشی ہے، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے "بل أنتم بهديتكم تفرحون" (النمل: ۳۶) یعنی بلکہ تم ہی اپنے اس ہدیہ تحفہ پر خوش ہو، یا ہدیہ تحفہ محبت ومودت کی دلیل بھی ہے، اس لئے کہ فرمانِ حضور علیہ السلام ہے "تهادوا تحابوا" (اخرجہ الموطأ مرسلا) یعنی ایک دوسرے کو ہدیہ تحفے بھیجا کرو اس سے آپس میں محبت پیدا ہوگی، ہدیہ تحفہ قطع تعلق کرنے والوں کے درمیان صلح کرانے کی بھی دلیل ہے، بعض کہتے ہیں کہ ہدیہ شادی کے لئے پیغام ہے، جو خواب میں تھال وغیرہ کھجوروں کے دیکھے کہ اسے ہدیہ میں بھیجے گئے ہیں تو اس کی بیٹی کے لئے پیامِ نکاح آئے گا۔

Marfat.com

## ۲۹۱۴۔ ھزیل (لاغر):

خواب میں لاغر کمزور آدمی فقیہ عالم، شریف النسب، باادب، نیک مہربان کم سامان والا، زیادہ اتباع والا سردار آدمی ہے۔

## ۲۹۱۵۔ الھرّ (بلاّ):

خواب میں بلا (جانور) خادم اور انسان کا محافظ ہے، اگر اس نے کوئی چیز چھینی ہے یا جھپٹا ہے تو اسے خسارہ ہوگا اور وہ اولاد، چوروں کی آزمائش میں پڑے گا یا اس کا معاملہ حرام ہے یا اس کا مال ضبط ہوگا، جو خواب میں اپنا بلاّ بیچے وہ اپنا مال خرچ کرے گا، بعض کہتے ہیں کہ بلی دھوکہ باز عورت کی دلیل ہے، بلی کا زخمی کرنا اور کاٹنا خادم کی خیانت ہے۔

## ۲۹۱۶۔ الھراس (خاردار درخت):

خواب میں اس کو دیکھنا شریر اور بیہودہ گو شخص ہے، سردی کے دنوں میں اس کو دیکھنا دائمی فوائد اور رزقِ حلال ہے، یا پھر چوری اور وقتِ سحر ضرب (مارنے) کی دلیل ہے۔

## ۲۹۱۷۔ الھروب (بھاگنا):

دیکھو الفرار (بھاگنا)

## ۲۹۱۸۔ الھرولۃ (لپکنا):

جو خواب میں دیکھے کہ وہ کسی علاقہ میں لپکتا ہے (یا چلتا ہے) تو اپنے دشمن پر غلبہ پائے گا، لپکنا انسان کا دنیا سے جلدی چلے جانا ہے، یا اس کے منصب وعہدہ کے زوال کی دلیل ہے، لپکنا حج کی دلیل بھی ہوسکتا ہے۔

## ۲۹۱۹۔ ہریسہ:

خواب میں ہریسہ (کھانے کی ایک قسم) فکر یا ضرب (مارپیٹ) ہے، جو دیکھے کہ وہ کسی ایسی جگہ میں ہریسہ تیار کرتا ہے جہاں مریض ہو تو اس کے فوت ہونے کا ڈر ہے، اگر لشکروں کو ہریسہ کھاتے دیکھے تو ان کے درمیان لڑائی واقع ہوگی۔

## ۲۹۲۰۔ الھزار (بُلبل):

خواب میں بلبل ذہین فصیح لڑکا یا مدرسہ کا طالب علم ہے۔

## ۲۹۲۱۔ الھُزال (کمزور ہونا):

خواب میں کمزوری اور دبلا پن فقر واحتیاج اور حالت کا کمزور ہونا ہے، اگر کمزور شخص بادشاہ ہو تو یہ اس کے ملک

Marfat.com

میں قحط سالی اور مہنگائی اور اس کے لشکر کے کمزور ہونے کی دلیل ہے، بعض کہتے ہیں کہ کمزوری مرض ہے، بعض کہتے ہیں کہ بھوک ہے، ممکن ہے کہ کمزوری غم وحزن اور عشق کی دلیل ہو۔

## ۲۹۲۲۔ الھزبر (شیر):

خواب میں اس کو دیکھنا جہالت، تکبر، خود پسندی، غرور فخر اور گناہ کی دلیل ہے۔

## ۲۹۲۳۔ الھزء (مذاق کرنا): دیکھو السخریۃ (مذاق کرنا)

## ۲۹۲۴۔ الھش والبش (ہشاش بشاش ہونا):

خواب میں ہشاش بشاش ہونا انسان کی حالت کے اچھا ہونے کی دلیل ہے، نیز فکر و پریشانی کی دلیل ہے، نیز گناہوں کے کفارہ پر دلیل ہے، کیوں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے فرمایا کہ مومن کو جو بھی تکلیف ومشقت حتی کہ پریشانی لاحق ہوتی ہے اللہ تعالیٰ اس کی وجہ سے اس کے گناہ معاف کردیتے ہیں۔ (رواہ البخاری فی المرضی) اور فکر و پریشانی عشق کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ وہ فکر مند ہے تو وہ عشق میں مبتلا ہوگا۔

## ۲۹۲۵۔ الھضبۃ (بلند زمین): دیکھئے التل (ٹیلہ)

## ۲۹۲۶۔ ہضم ہونا:

جو خواب میں دیکھے کہ اس کا کھانا ہضم ہوا ہے تو وہ حرفت وپیشہ کے سلسلہ میں سعی وکوشش کرنے پر حریص ہے، ہضم ہونا خوف سے امن حاصل ہونے کی بھی دلیل ہے، اس لئے کہ فرمانِ رب العالمین ہے "ومن یعمل من الصالحات وھو مؤمن فلا یخاف ظلما ولا ھضما" (طہ:۱۱۲) یعنی جس نے نیک کام کیے ہونگے اور وہ ایمان بھی رکھتا ہوگا سو اس کو نہ کسی زیادتی کا اندیشہ ہوگا اور نہ کمی کا، کھانے کا ہضم ہونا تمام امور (کاموں) میں نشاط وخوشی کی دلیل ہے۔

## ۲۹۲۷۔ الھلاک (ہلاک ہونا): دیکھو موت۔

## ۲۹۲۸۔ الھلال (چاند):

خواب میں چاند مذکر اور کریم النفس لڑکا ہے، یا تجارتی نفع کی دلیل ہے، جو خواب میں کئی چاند ایک جگہ جمع دیکھے تو وہ حج کرے گا، اس لئے کہ فرمانِ الٰہی ہے: "ویسئلونك عن الأھلة قل ھی مواقیت للناس والحج" (البقرۃ:۱۸۹) یعنی آپ سے چاندوں کی حالت کی تحقیقات کرتے ہیں آپ فرما دیجئے کہ وہ چاند آلہ شناختِ اوقات ہے لوگوں کے لئے اور حج کے لئے۔ جو چاند کو سرخ رنگ میں دیکھے تو عورت کا حمل پورا ہونے سے قبل ہی ساقط ہوگا، اگر چاند کسی جگہ زمین پر

Marfat.com

آگرا ہو تو یہ لڑکے کی ولادت پر دلیل ہے، چاند کا طلوع ہونا وعدہ کے سچا ہونے یا مال پر قبضہ کرنے کی دلیل ہے، اور چاند کا اپنے مطلع (طلوع ہونے کی جگہ) کے علاوہ کسی اور جگہ سے نکلنا ناپسندیدہ امر ہے، چاند کا دیکھنا دشمنوں پر نصرت و غلبہ کی دلیل ہے، چاند کا حج کے مہینوں میں دیکھنا حج کرنے کی دلیل ہے۔ جو خواب میں چاند کو تاریک دیکھے تو اس میں کوئی بہتری نہیں۔ بسا اوقات چاند کا دیکھنا عاصی (گنہگار) کی توبہ، کافر کے اسلام لانے اور مشکلات سے نکلنے کی دلیل ہوتا ہے جیسے قیدی یا مریض، جو دیکھے کہ چاند طلوع ہوا ہے اور پھر غائب ہو گیا ہے تو جس کام کی وہ طلب رکھتا ہے وہ پورا نہ ہوگا۔

**۲۹۲۹۔ الھم (پریشانی):** دیکھئے الکرب (رنج و غم)۔

## ۲۹۳۰۔ الھماز (عیب گیر):

خواب میں اس کو دیکھنا شر و برائی، رازوں پر اطلاع اور محبت کرنے والوں میں تفرقہ ڈالنے کی دلیل ہے۔

## ۲۹۳۱۔ الھمیان (کمر سے باندھی جانے والی تھیلی):

اس کی تعبیر فرزند یا غیر شادی شدہ کے حق میں زوجہ کی دلیل ہے یہ تھیلی ان کنجیوں، نقدی اور جواھرات کی دلیل بھی ہوسکتی ہے جو اس میں رکھی جاتی ہیں، جو دیکھے کہ اس کی تھیلی دریا میں گر گئی ہے تو اس کا مال خلیفہ کے ہاتھوں جاتا رہے گا، بعض کہتے ہیں کہ تھیلی آدمی کا جسم ہے لہٰذا جو دیکھے کہ اس کی تھیلی خالی ہو گئی ہے تو یہ اس کی موت کی دلیل ہوگی، اگر تھیلی کو اپنی کمر پر دیکھے تو اس کے پاس علم کثیر ہے۔

## ۲۹۳۲۔ الھناء (خوشگوار ہونا):

خواب میں خوشگواری تعزیت کرنے کی دلیل ہے کیونکہ تعزیت ھناء کی ضد ہے، یا پھر تنگی سے نکلنے اور فقر و فاقہ سے نجات پا کر مالدار ہونے پر دلیل ہے۔

**۲۹۳۳۔ الھوی (عشق):** دیکھئے الحب (محبت کرنا)۔

**۲۹۳۴۔ الھوان (اہانت):** دیکھئے الذل (ذلیل ہونا)۔

## ۲۹۳۵۔ ہوا

جو خواب میں دیکھے کہ وہ آسمان و زمین کے درمیان ہوا (فضا) میں کھڑا ہے تو اسے سلطان سے عزت وقدرت حاصل ہوگی، اور جو دیکھے کہ وہ ہوا پر عرضاً (چوڑائی میں) چلتا ہے تو اسے عظیم عزت اور مالِ حلال حاصل ہوگا، ورنہ وہ سفر کرے گا، جو خواب میں ہوا و فضا سے گرا ہو تو وہ اپنے مرتبہ و مقام سے گرے گا، ورنہ وہ جس کام کا ارادہ رکھتا ہے یا آرزو

Marfat.com

رکھتا ہے اس سے مایوسی ہوگی۔ بعض کہتے ہیں کہ جو ہوا (فضاء) سے گرا ہو اور وہ غمزدہ ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے غم دور فرما دیں گے۔ صاف ہوا اس شخص کے لئے دلیلِ خیر ہے جو سفر کا ارادہ رکھتا ہے۔ ہوا کی تعبیر ہوی النفس (خواہشِ نفس) سے بھی کی جاتی ہے، لہٰذا جو اپنی خواہشِ نفس کی نافرمانی کرے وہ جنت میں داخل ہوگا، اور جنتی ہوگا، اور جو اپنی خواہش کے پیچھے چلے وہ دینی امور میں حد سے گزرنے والا ہے۔ اس لئے کہ فرمانِ خداوندی ہے: "واتبع هواه وكان امره فُرُطًا" (الکھف: ۲۸) یعنی اور اپنی نفسانی خواہش پر چلتا ہے اور اس کا یہ حال حد سے گزرا ہوا ہے، اور جو دیکھے کہ وہ ہوا پر بیٹھا ہے تو وہ اپنے دین کے معاملہ میں خواہشِ نفس پر اور اپنے امور میں غرور وتکبر پر قائم ہے، ہوا میں اڑنا سفر پر دال ہے۔

## ۲۹۳۶۔ ہود علیہ السلام

جو خواب میں ہود علیہ السلام کو دیکھے اس پر جاہل بے وقوف قوم مسلط ہوگی، لیکن بعد میں ان پر غلبہ پائے گا، اور ایک بڑی سختی سے نجات پائے گا، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: "ونجيناهم من عذاب غليظ" (ھود: ۵۸) یعنی ہم نے ان کو سخت عذاب سے نجات دی۔ جو ھود علیہ السلام کو خواب میں دیکھے وہ رشد (بھلائی) وخیر دیکھے گا اور ایک قوم اس کے ہاتھ پر نجات پائے گی۔

## ۲۹۳۷۔ الھودج (کجاوہ):

خواب میں کجاوہ عورت کی دلیل ہے، اس لئے کہ یہ عورتوں کی سواری ہے، کجاوہ فرقہ پر دال ہے۔

## ۲۹۳۸۔ الھوۃ (پست زمین): دیکھو الوھدۃ (گہرا گڑھا)۔

## ۲۹۳۹۔ الھیام (عشق کا جنون): دیکھئے الحب (محبت کرنا)۔

## ۲۹۴۰۔ الھیجان (جوش میں آنا): دیکھئے الغضب (غضبناک ہونا)۔

## ۲۹۴۱۔ الھیکل (ہیکل):

خواب میں ہیکل (اونچی عمارت وغیرہ) اور پناہ گاہیں (محفوظ مقامات قلعہ وغیرہ) خوف سے امن، دشمن پر غلبہ و نصرت، اولاد و ازواج اور فوائد کی دلیل ہیں، اور نصاریٰ کے ھیاکل جو ان کے گرجا گھروں میں عبادت کے لئے بنائے گئے ہوتے ہیں خواب میں ان کا دیکھنا نماز کے قائم کرنے، وصیتوں اور بانسریوں کے بجانے کی دلیل ہیں، یا ہیکل (بلند عمارت یا یہودیوں کا عبادت خانہ) دیکھنا نماز اور قربِ الٰہی حاصل کرنے کی چیزوں پر دلیل ہے۔

Marfat.com

# ﴿باب الواو﴾

## ۲۹۴۲۔ الوابل (موسلا دھار بارش): دیکھئے الندی (شبنم)۔

## ۲۹۴۳۔ الوادی (وادی):

خواب میں وادی دشوار گزار سفر یا سخت مزاج انسان کی دلیل ہے، کبھی اس کا دیکھنا نیک اعمال اور حلال پاکیزہ مال خرچ کر کے اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے کی دلیل ہوتا ہے، وادی کبھی اس میں رہنے والوں یا اس میں جو چیز بوئی جائے اس کی دلیل ہوتی ہے، اگر صاحب خواب بادشاہت کا اہل ہو تو بادشاہ ہوگا اور اپنے دشمنوں پر غلبہ ہوگا، اگر نیک صالح ہے تو اس سے بہت زیادہ کرامتیں ظاہر ہوں گی، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: "فلما أتاها نودي من شاطئ الواد الأيمن" (القصص: ۳۰) یعنی پس جب وہ اس آگ کے پاس پہنچے تو ان کو اس میدان کی داہنی جانب سے آواز آئی۔ وادی نزولِ بارش کی بھی دلیل ہے، وادی میں اترنا جابر ظالم لوگوں کے پاس پیغام رسانی کی دلیل ہے، کیونکہ فرمانِ الٰہی ہے: "هل أتاك حديث موسى اذ ناداه ربّه بالواد المقدّس طوى اذهب الى فرعون انه طغى" (نازعٰت: ۱۵تا۱۷) یعنی کیا آپ کو موسیٰ (علیہ السلام) کا قصہ پہنچا ہے جب ان کو ان کے پروردگار نے ایک پاک میدان یعنی طوی میں پکارا کہ تم فرعون کے پاس جاؤ اس نے بڑی شرارت اختیار کی ہے۔ وادی قید خانہ کی بھی دلیل ہو سکتی ہے کیونکہ اس پر پہاڑ مشتمل ہوتے ہیں اور یہ درمیان میں ہوتی ہے۔ جو دیکھے کہ وہ وادی میں سیدھا تیرتا ہے اور منزلِ مراد کو پہنچتا ہے تو وہ سلطان کے کام میں دخل دے گا اور اس کی حاجت پوری ہوگی۔ وادی جنگجو رہزن کی بھی دلیل ہے، جو خواب میں وادی کھودے تو اس کے گھر کا کوئی فرد وفات پائے گا۔ وادی سے باہر نکلنا حاجت روائی کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ وہ وادی میں گر گیا ہے اور اسے تکلیف نہیں پہنچی ہے تو اسے سلطان سے فائدہ یا رئیس سے ہدیہ تحفہ ملے گا، جو دیکھے کہ وہ وادیٔ غیر ذی زرع میں ٹھہرا ہے تو وہ حج کرے گا، اور جو دیکھے کہ وہ وادی میں حیران و سرگرداں ہے تو وہ شعر گوئی کرتا ہے۔

## ۲۹۴۴۔ واعظ:

خواب میں واعظ آہ و بکاء، غم و حزن اور مسلسل فکرات کی دلیل ہے، اگر واعظ مریض کے پاس آیا ہے تو وہ فوت ہوگا۔ واعظ اس چیز کی دلیل بھی ہے جس سے انسان وعظ و نصیحت حاصل کرتا ہے جیسے قرآن، سنت یا شیخ، واعظ کبھی وعظ والے کی دلیل ہوتا ہے جیسے برص زدہ، جذام کا مریض۔

## ۲۹۴۵۔ والد: دیکھو باپ۔

Marfat.com

۲۹۴۶۔ والدہ: دیکھو ماں۔

۲۹۴۷۔ والی:

خواب میں والی فکرات و تکالیف، شراب نوشی، لہو ولعب، چوری اور زنا وغیرہ کی دلیل ہے، کیونکہ یہی امور ان میں دیکھے جاتے ہیں، والی کا دیکھنا لوگوں سے محبت و تعلق کی بھی دلیل ہے، اگر صاحب خواب صوفی اور زاہد ہے تو ولایت کے مقام پر پہنچے جبکہ وہ خواب میں والی بنا ہو، اگر صاحب خواب قاضی ہو تو ظالمانہ فیصلہ کرے گا اور رشوت کھائے گا۔

۲۹۴۸۔ الواوی (گیدڑ): دیکھو ابن آوی (گیدڑ)۔

۲۹۴۹۔ وباء

خواب میں وبا سلطان کی طرف سے اذیت ہے جو لوگوں پر نازل ہوگی جیسے قید کرنا یا کسی برائی کا ارادہ کرنا۔

۲۹۵۰۔ الوبر (اونٹ کے بال):

اس کی تعبیر فوائد و لباس اور رزق ہے، اور موروثی اور غیر موروثی اموال ہیں۔ اونٹ و خرگوش کے بال مالِ حلال ہے۔

۲۹۵۱۔ الوتد (کھونٹی):

کھونٹی خواب میں دیکھنا بادشاہت ہے، جو دیکھے کہ استاد نے اس کی پشت پر کھونٹی گاڑی ہے تو اس کی پشت (نسل) سے سردار یا عالم پیدا ہوگا، اگر کھونٹی لکڑی کی ہو تو اس کے ہاں منافق لڑکا پیدا ہوگا، اگر کھونٹی کو اکھاڑا ہے تو وہ موت کے قریب پہنچے گا، کھونٹی اگر لوہے کی ہو تو یہ مال وقوت ہے، کھونٹی غم وحزن کی دلیل ہے کیونکہ یہ سخت ہوتی ہے، کھونٹی عہدہ و منصب، معاملات میں ثابت قدمی، ذمہ داری قبول کرنے پر مجبور کرنے یا معزولی یا سفر کی دلیل ہے، اگر کھونٹی لڑکے یا زوجہ کی دلیل ہو تو یہ طولِ عمر کی دلیل ہوگی، بعض کہتے ہیں کہ کھونٹی مال ہے، بعض کہتے ہیں کہ کھونٹی عشق اور غم وحزن کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ اس نے دیوار یا زمین میں کھونٹی گاڑی ہے اور وہ غیر شادی شدہ ہے تو شادی ہوگی، اگر اس کی زوجہ ہے تو حاملہ ہوگی، بعض کہتے ہیں کہ کھونٹی منافقت والا کام ہے۔

۲۹۵۲۔ الوتر (طاق): دیکھئے الشفع (جوڑا)۔

۲۹۵۳۔ الوتین (شہ رگ):

خواب میں شہ رگ آدمی کی روح ہے، کیونکہ شہ رگ دل اور پشت کے درمیان ہوتی ہے۔

Marfat.com

## ۲۹۵۴۔ الوثوب (چھلانگ لگانا):

جو خواب میں دیکھے کہ اس نے کسی آمی پر چھلانگ لگائی ہے تو وہ اس پر غالب آئے گا اور اس کو عاجز کرے گا، کودنا اور چھلانگ لگانا بدن کی قوت ہے، جو زمین سے چھلانگ لگا کر آسمان تک پہنچ جائے تو وہ مکہ کی طرف سفر کرے گا، جو دیکھے کہ اس نے ایک جگہ سے دسری جگہ پر چھلانگ لگائی ہے تو وہ ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف منتقل ہوگا، اگر دیکھے کہ اس نے چھلانگ لگائی ہے اور اوپر کو ہی اٹھ گیا ہے تو یہ اس کی موت ہے اور اس کا اوپر اٹھنا اس کا جنازہ ہے۔

## ۲۹۵۵۔ الوجع (درد):

خواب میں درد گناہ پرندامت ہے۔ جو خواب میں کسی دانت یا کسی بھی ڈاڑھ میں درد محسوس کرے تو وہ اپنے رشتہ دار سے بُری بات سنے گا، گردن کا درد اس بات کی دلیل ہے کہ اس نے بدسلوکی کی ہے جس کی وجہ سے یہ شکایت پیدا ہوئی، گردن کا درد امانت میں خیانت پر بھی دلیل ہے کہ اس نے امانت حقدار کو واپس نہیں کی جس کے سبب اس پر آفت آئی، کندھے کا درد کسب و معاش (کمائی) میں برائی پر دلیل ہے، پیٹ کا درد اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ اس نے اپنا مال کسی گناہ کے کام میں صرف کیا ہے اور وہ نادم ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ پیٹ کا درد عزیز و اقارب اور اہل خانہ کی صحت پر دال ہے، ناف کا درد اپنی بیوی کے ساتھ بدمعاملگی پر دلیل ہے۔ دل کا درد دینی امور میں بدنیتی کی دلیل ہے، جگر کا درد اولاد سے بُرا سلوک کرنا ہے، تلی کا درد مالِ عظیم کے خراب ہونے کی دلیل ہے جو اس کا اور اس کے اہل و عیال کا سہارا ہے، اگر درد اتنی شدید ہوئی ہے کہ جان جانے کا خطرہ پیدا ہو گیا ہے تو یہ دین کے چلے جانے کی دلیل ہے، پھیپھڑے کا درد اجل کے قریب آجانے کی دلیل ہے، کمر کا درد بھائی کی وفات ہے۔ اگر درد کی وجہ سے اپنی کمر میں جھکاؤ پن دیکھے تو یہ بڑھاپے اور محتاجی کی دلیل ہے، ران کا درد خاندان کے ساتھ بدسلوکی کی دلیل ہے، پاؤں کا درد اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی جگہوں میں چلنے کی دلیل ہے، بعض کہتے ہیں کہ پاؤں کا درد کثرتِ مال کی دلیل ہے۔

## ۲۹۵۶۔ الوجنة (رخسار):

خواب میں رخسار خیر و خوش حالی، کشادگی کی علامت ہے، نیز ضرر و فکر اور صحت و مرض کی دلیل ہے، رخسار آدمی کا عمل ہے، رخسار کا سرخ ہونا اور موٹا ہونا وجاہت، بیماریوں سے برأت اور نصیب و قبول کی دلیل ہے۔

## ۲۹۵۷۔ الوجه (چہرہ):

خواب میں چہرہ کو خوبصورت دیکھنا دنیا میں حسنِ حالت، بشارت و سرور کی دلیل ہے، اور چہرہ کا سیاہ دیکھنا حاملہ

Marfat.com

کے لئے لڑکی ( کی پیدائش ) کی بشارت ہے، اس لئے کہ فرمانِ رب ذوالجلال ہے: "واذا بشر أحدهم بالأنثى ظل وجهه مسودًا وهو كظيم" (النحل:۵۸) یعنی اور جب ان میں کسی کو بیٹی کی خبر دی جائے تو سارے دن اس کا چہرہ سیاہ (بے رونق) رہے اور وہ دل ہی دل میں گھٹتا رہے۔ اور چہرہ کا زرد ہونا ذلت وحسد ہے، یا نفاق ہو سکتا ہے، بعض کہتے ہیں کہ چہرہ کا زرد ہونا عبادت کی دلیل ہے۔ کیونکہ فرمانِ رب دوجہاں ہے: "سيماهم في وجوههم من أثر السجود" (الفتح:۲۹) یعنی ان کے آثار بوجہ تاثیر سجدہ کے ان کے چہروں پر نمایاں ہیں۔ مراد اس سے چہروں کی زردی ہے، جو خواب میں حبشی یا سیاہ فام کو دیکھے کہ اس کا چہرہ سفید ہے تو یہ اس کے نفاق کی دلیل ہے، اگر اپنے رخساروں کا گوشت ناپید دیکھے (یعنی نہ ہو) تو وہ لوگوں سے مانگے گا، اس کا گزر اوقات ہی مانگنے پر منحصر ہوگا۔ اور حدیث پاک میں آیا ہے کہ تم میں سے کوئی شخص (لقائے مولی تک) مانگتا رہتا ہے حتی کہ جب اللہ تعالیٰ سے ملاقات کرے گا تو اس کے چہرہ پر گوشت کا ٹکڑا بھی نہ ہوگا۔ (رواہ البخاری فی الزکوٰۃ)۔ اگر اپنے چہرہ پر ظلمت یا ٹیڑھا پن دیکھے تو یہ اس کے دین کے فساد یا مرتبہ کے نقصان کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ اس کا چہرہ نیلا پڑ گیا ہے تو وہ مجرم ہے، کیونکہ فرمانِ الٰہی ہے: "ونحشر المجرمين يومئذٍ زرقًا" (طٰہٰ:۱۰۲) یعنی ہم اس روز مجرم لوگوں کو کیری آنکھوں سے جمع کریں گے۔ اگر اپنا چہرہ خواب میں سیاہ دیکھے تو یہ اس کے جھوٹ کی کثرت ہے یا دین میں بدعت کی ایجاد ہے، اگر اس کا چہرہ بڑا ہو تو یہ اس کی وجاہت کی دلیل ہے، چہرہ کی زردی (زرد ہونا) عشق ومحبت کی دلیل ہو سکتی ہے، اگر عورت دیکھے کہ اس نے اپنا چہرہ (منہ) ہانڈی کی سیاہی لگا کر سیاہ کر لیا ہے تو یہ اس کے شوہر کی موت ہے، اگر عورت دیکھے کہ وہ عطر لگاتی ہے تو یہ اس کے لئے اور اس کے خاوند کے لئے اچھا اور بہتر ہے، چہرہ کی بشاشت، مسکراہٹ اور سفیدی حسنِ حالت کی دلیل ہے خواہ وہ صاحب خواب زندہ ہو یا وفات پا چکا ہو۔ جو دیکھے کہ اس کے دو چہرے ہیں تو یہ برے انجام کی دلیل ہے، کیونکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ اللہ دو رخے آدمی کی طرف (نظرِ رحمت) سے نہیں دیکھتے ہیں۔ (جامع الصغیر ۱/۵۸۵ بتغییر)۔ جو خواب میں اپنے کئی چہرے دیکھے تو یہ اس کے دینِ اسلام سے پھر جانے کی (یعنی مرتد ہونے) کی دلیل ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: "والملائكة يضربون وجوههم" (الانفال:۵۰) یعنی فرشتے ان کے چہروں پر مار رہے ہوں گے۔ چہرہ کا سیاہ ہونا خوف کی دلیل بھی ہو سکتا ہے۔ چہرہ کا پھٹنا حیا وشرم کی کمی کی دلیل ہے، چہرہ کا بدنما ہونا عیب کی اور عیب بدنمائی کی دلیل ہے۔

## ۲۹۵۸۔ وجهة المصلي (نمازی کا رخ):

جو خواب میں دیکھے کہ وہ مشرق کی طرف رخ کر کے نماز پڑھ رہا ہے تو وہ برے مذہب والا، لوگوں پر بہت زیادہ بہتان لگانے والا اور گناہوں پر جری (دلیر) شخص ہے، کیونکہ اس نے یہودیوں کے مطابق کام کیا ہے۔ اگر اس کا رخ کے قریب ہو تو وہ بدعتی آدمی ہے۔ اس لئے کہ مشرق نصاریٰ کا قبلہ ہے، اور اگر اس کا رخ کعبہ کی پشت کے متصل ہو تو اس نے کبیرہ گناہوں کے ارتکاب سے اسلام کو ترک کر دیا ہے، یا جھوٹی قسم یا پاکدامن عورت پر تہمت کی دلیل ہے اور وہ اس سے اجتناب نہیں کرتا ہے۔ اس لئے کہ مجوسیوں نے اپنے لئے ہر حرام کام جائز کر لیا ہے، اگر دیکھے کہ وہ قبلہ کو

Marfat.com

نہیں پہچانتا ہے تو وہ اپنے دین کے معاملہ میں متحیر و سرگرداں ہے۔ اگر دیکھے کہ وہ کعبہ کی طرف رخ کر کے نماز پڑھتا ہے تو وہ اپنے دین پر قائم ہے اور اس کا دین درست ہے۔

## ۲۹۵۹۔ الوحدة (تنہائی):

خواب میں تنہائی انسان کا اپنے پیشہ یا رائے وغیرہ میں منفرد اور اکیلے ہونا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ فلاں شخص اپنے فن میں یکتائے روزگار ہے، اگر کوئی والی یا بادشاہ اپنے آپ کو تنہا اور اکیلا دیکھے تو وہ بادشاہ اپنی بادشاہت سے اور والی اپنی ولایت سے معزول ہوگا۔ اگر یہ خواب عام آدمی دیکھے تو وہ محتاج ہوگا یا اس کا حبیب اس سے تعلق ترک کرے گا، نیز تنہائی ذلت کی دلیل ہے۔

## ۲۹۶۰۔ الوحش (جنگلی جانور):

خواب میں جنگلی جانور دیکھنا پہاڑوں، دیہاتوں اور جنگلوں میں رہنے والے لوگوں اور جماعت سے علیحدہ ہونے والے اہلِ بدعت کی دلیل ہے۔

## ۲۹۶۱۔ الوحل (کیچڑ):

خواب میں جو شخص کیچڑ میں چلے وہ مشقت اور فتنہ سے دوچار ہوگا، اور جو دیکھے کہ وہ گارے میں چلتا ہے تو یہ خوف و پریشانی کی علامت ہے، مریض اگر کیچڑ دیکھے تو وہ دائمی مریض ہوگا، ہاں اگر مریض دیکھے کہ اس کیچڑ سے نکل آیا ہے، تو پھر وہ مرض دائمی نہیں ہوگا، تندرست اگر کیچڑ میں چلے تو وہ بلا و مصیبت یا قید خانہ میں داخل ہوگا، مٹی گارے کو ملا کر اس کی اینٹ بنانا اچھا اور بہتر نہیں ہے اس لئے کہ یہ خواب بلا وفساد اور غم کی دلیل ہے، اور کیچڑ کا پرانا ہونا خصومت و تکلیف کی دلیل ہے، یا قرض یا بے آبروئی کی دلیل ہے، یا حاملہ عورت کے لئے نرینہ اولاد کی دلیل ہے، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے" ولقد خلقنا الأنسان من سلالة من طين " (المومنون:۱۲) یعنی ہم نے انسان کو بجتی مٹی سے پیدا کیا۔ کیچڑ نقل وحرکت کے معطل ہونے اور نمازوں کے ترک کرنے کی دلیل ہے، وحل (کیچڑ) حول (بھینگا پن) ہے کیونکہ یہ اس سے مشتق ہے، وحل (کیچڑ) قاری کے لئے لوح (تختی) ہے، کیچڑ نعمتوں پر فخر کرنے یا شرک یا فکرِ الٰہی کی دلیل ہے، کیچڑ سخت مزاج اور بد اخلاق عورت کی بھی دلیل ہے، اگر (حقیقت میں) زمین خشک ہو اور خواب میں کیچڑ دیکھے تو یہ گھاس وغیرہ کی کثرت کی بشارت ہے، اگر کیچڑ کنوئیں کا ہو تو یہ میراث، برکت کا ظہور یا امانتیں اور اسرار (پوشیدہ چیزیں) ہیں۔

## ۲۹۶۲۔ وحید القرن (گینڈا): دیکھو گینڈا۔

## ۲۹۶۳۔ الود (دوستی):

خواب میں دوستی ومحبت بلند مرتبہ، رائے اور عقل کا غالب آنا اور امور کے انجام پر نظر رکھنا ہے، حضور علیہ الصلوٰۃ

Marfat.com

والتسلیم نے فرمایا کہ مودت (محبت و تعلق) نصف عقل ہے (کشف الخفاء ۱/۷ ۵۰)

## ۲۹۶۴۔ الوداد (مودت کرنا): دیکھئے الحب (محبت کرنا)

## ۲۹۶۵۔ الوداع (رخصت ہونا):

خواب میں رخصت ہونا مریض کے لئے اس کی موت پر اور زوجہ کی طلاق کی اور نقل و حرکت اور سفر کی دلیل ہے، رخصت ہونا مطلقہ سے رجوع کرنا، تاجر کے نفع کمانے، معزول شخص کے والی بننے اور سفر سے واپس آنے اور مرتد کے مرجانے کی دلیل ہے، رخصت ہونا بغل گیر ہونے اور مودت و محبت کی یا آہ و بکاء اور جدائی کی دلیل ہے، رخصت ہونا مریض کی شفاء کی بھی دلیل ہے۔

## ۲۹۶۶۔ الودج (گردن کی رگ):

جو خواب میں دیکھے کہ اس کی گردن کی رگ پھٹ کر اس سے خون نکلا ہے تو وہ وفات پائے گا، گردن کی رگیں سخت کام میں مضبوطی اور عہد و پیمان کی دلیل ہے۔

## ۲۹۶۷۔ الودیعة (امانت):

خواب میں امانت راز ہے جس پر امانت رکھنے والا مطلع (باخبر) ہے، اگر میت کے پاس کوئی چیز امانت رکھی ہے تو یہ اس امر کی دلیل ہے کہ وہ اپنا راز اس شخص کے پاس امانت رکھواتا ہے جو اس راز کو محفوظ رکھے، بعض کہتے ہیں کہ امانت امانت دار کے مغلوب ہونے کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ اس نے کوئی چیز کسی کے پاس امانت رکھی ہے تو وہ ان پر غالب ہوگا، کیونکہ اسے حق حاصل ہے کہ وہ اس سے اپنی امانت کا مطالبہ کرے، جو دیکھے کہ اس نے کوئی چیز اپنی بیوی کے پاس امانت رکھی ہے اور اس بیوی نے اس امانت کی حفاظت کی ہے تو وہ اس سے حاملہ ہوگی۔

## ۲۹۶۸۔ الورّاق (کاغذ بیچنے والا):

خواب میں کاغذ ساز یا کاغذ فروش وہ آدمی ہے جو لوگوں کو حیلے سکھاتا ہے، اس لئے کہ کتابت کی تعبیر حیلہ و تدبیر ہے۔

## ۲۹۶۹۔ الورد (گلاب کا پھول):

خواب میں گلاب کا پھول صاحب مقام و مرتبہ آدمی ہے، یا غائب شخص کی واپسی ہے، جو دیکھے کہ اس نے گلاب کے پھول توڑے ہیں تو اسے عزت و محبت حاصل ہوگی، جو دیکھے کہ اس نے سفید گلاب اٹھایا ہے تو وہ پرہیز گار عورت کا بوسہ لے گا، اگر سرخ گلاب اٹھایا ہے تو وہ تفریح باز عورت کا بوسہ لے گا، اور جو شخص خواب میں زرد رنگ کا گلاب سونگھے تو وہ

Marfat.com

بیمار عورت کا بوسہ لے گا، اور بہت زیادہ گلاب کے پھول بوسے ہیں، بعض کہتے ہیں کہ گلاب کا پھول اس عورت کی دلیل ہے جو جدا ہوجائے یا فوت ہوجائے، یا تجارت کے زوال یا عارضی وناپائیدار خوشی کی دلیل ہے، جو اپنے سر پر گلاب کے پھولوں کا تاج دیکھے اور وہ غیر شادی شدہ ہوتو اس کی شادی ہوگی، گلاب کا پھول نیک نامی کی دلیل ہے، عرقِ گلاب ذکاوت وذہانت کی دلیل ہے، نیز لوگوں کے قریب ہونے اور تواضع اختیار کرنے کی دلیل ہے، گلاب کا پھول فرحت ومسرت (خوشی) کی دلیل ہے، بعض کہتے ہیں کہ گلاب کا پھول مسافر کی آمد یا خط کے آنے کی دلیل ہوتا ہے، خواب میں گلاب کے درخت کا کاٹے جانا غم وحزن کی دلیل ہوتا ہے، اور اس کے پھول توڑنا سرور وخوشی ہے، زرد رنگ کا گلاب مرض کی اور سرخ گلاب جمال وزینت کی اور سفید گلاب دراہم کی اور سرخ دنانیر کی دلیل ہوسکتا ہے۔

## ۲۹۷۰۔ الورس (ورس گھاس):(۱)

خواب میں ورس گھاس یا پودہ خوشیوں اور عمدہ رزق کی دلیل ہے، یا خوشکن خبروں یا اجنبی انسان کی دلیل ہے۔

## ۲۹۷۱۔ الورشان (قمری پرندہ):

خواب میں قمری پرندہ بے حیثیت اور اجنبی آدمی ہے، نیز خبروں اور پیغامات کی بھی دلیل ہے، اس لئے کہ قمری پرندے نے حضرت نوح علیہ السلام کو طوفانِ نوح کے بعد خشک زمین کی خبر دی تھی، بعض کہتے ہیں کہ قمری پرندہ لہو ولعب والی عورت ہے۔

## ۲۹۷۲۔ الورق (درخت کا پتا):

خواب میں درخت کا پتا لباس پر دلیل ہے، سوائے انجیر کے پتے کے کہ وہ غم وحزن کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ لکھے ہوئے مصحف کے اوراق کھاتا ہے تو اسے رزق ملے گا۔

## ۲۹۷۳۔ الورقا (فاختہ): دیکھئے الحمام (کبوتر)

## ۲۹۷۴۔ الورل (گوہ کے مانند ایک زہریلا جانور):

خواب میں یہ جانور کم ہمت، ذلیل اور کم حجت وذلیل والا دشمن ہے۔

## ۲۹۷۵۔ الورم (سوجن):

خواب میں سوجن دیکھنا ملکیت میں اضافہ، حسنِ حالت اور طلب علم کی دلیل ہے، بعض کہتے ہیں کہ ورم بحث

---

(۱) ورس یمن کے ملک کا ایک پودا جس کو مرہم اور زرد رنگ کی جگہ استعمال کرتے ہیں۔

Marfat.com

وتمحیص کے بعد حاصل ہونے والا مال ہے، خواب میں ورم (سوجنا) تکبر، خود پسندی اور باطل دعویٰ ہے۔

## ۲۹۷۶۔ الورید (شہ رگ):

خواب میں شہ رگ دیکھنا انسان کی موت وحیات کی دلیل ہے، یا پھر ہر اس شخص کی دلیل ہے جو صاحب خواب کا شریک کار یا معاون ہو جیسے دو شریک، دو بھائی یا والدین یا زوجہ اور اسکا ولی (سرپرست)۔

## ۲۹۷۷۔ الوزغ (چھپکلی):

خواب میں چھپکلی گوشہ نشین آدمی ہے جو برائی کا حکم اور اچھائی سے منع کرتا ہے، اور وہ شخص گمنام ہے، چھپکلی چغلخور باغی لوگوں میں فساد ڈالنے والا آدمی ہے، جو دیکھے کہ چھپکلی نے اس کا کچھ گوشت کھایا ہے تو وہ ایسا شخص ہے جو غیبت کرتا ہے، چھپکلی بدگو کھلا دشمن ہے۔

## ۲۹۷۸۔ وزیر:

خواب میں وزیر کو دیکھنا عزت وقوت، امور کا نفاذ اور صاحبانِ اقتدار (جیسے حاکم لوگ) ان کے سامنے اپنی حاجات وضروریات کا پورا ہونا ہے، اگر دیکھے وہ وزیر بن گیا ہے تو اسے عزت ورفعت، گمراہی سے ہدایت اور مقبول تو بہ نصیب ہوگی، اگر وہ وزارت کا امیدوار ہو تو ممکن ہے کہ وہ حاصل نہ ہو، کیوں کہ اللہ جل جلالہ کا ارشاد ہے ''کلّا لا وزر'' (القیامۃ:۱۱) یعنی ہرگز نہیں کہیں پناہ کی جگہ نہیں، ہوسکتا ہے کہ والدین میں سے کسی ایک سے یا اپنے استاد یا شریک کار سے بدسلوکی کرے۔

## ۲۹۷۹۔ الوسادۃ (تکیہ):

خواب میں تکیہ اپنے مالک کی خادمہ ہے، اگر اس کا تکیہ چوری ہوگیا ہے تو اس کا خادم فوت ہوگا، یا بیوی فوت ہوگی، تکیہ میں جو چیز بھی دیکھی جائے جیسے اس کا پھٹا ہوا ہونا، پرانا بوسیدہ ہونا یا گم ہوجانا وہ حقیقت میں خادم میں پائے جانے والا عیب ہے، بعض کہتے ہیں کہ تکیے سلطان کے لئے اس کے وکلاء، کاتبین (منشی) اور اس کے خزائن ہیں، تکیہ کی تعبیر بستر اور فرش سے بھی کی جاتی ہے، بعض کہتے ہیں کہ تکیے اصل میں اولاد ہے، علماء اور فقہاء کے حق میں تکیے ان کی نیکی اور تقویٰ ہے، جو دیکھے کہ وہ تکیہ اٹھاتا ہے اسے خیر حاصل ہوگی، تکیہ زوجہ یا دوست یا ولد یا والدہ ہے، تکیہ راحت وسکون یا تندرست آدمی کے لئے مرض کی دلیل ہے۔

## ۲۹۸۰۔ الوسخ (میل اور گندگی):

خواب میں کپڑوں یا جسم یا بالوں میں میل اور گندگی دیکھنا فکر وپریشانی پہنچنے کی دلیل ہے، میلے کپڑے گناہ ہیں، جو

Marfat.com

دیکھے اس نے اپنے کپڑوں سے میل گندگی دور کی ہے اور ان کو دھو کر صاف ستھرا کیا ہے تو وہ توبہ کرے گا، اور اس کے گناہ دور ہوں گے، میت کے جسم پر میلے کپڑے دیکھنا صرف دین کے فساد کی دلیل ہے نہ کہ دنیا کے فساد کی، کان کی میل تریاق ہے، جو دیکھے کہ وہ اپنے کانوں کی میل صاف کرتا ہے تو وہ کوئی خوش کن بات سنے گا اور اسکے پاس خوشخبری آئے گی۔

## ۲۹۸۱۔ الوسق (وسق پیمانہ):(۱)

خواب میں جسے ایک وسق (ساٹھ صاع) کھجوریں دی گئی ہوں تو کھجور کے درخت پر دلیل ہے، اور اگر وہ عطیہ جو ایک وسق کی مقدار تھا پھل کی صورت میں ہو تو اس پھل کے درخت پر دلیل ہے۔

## ۲۹۸۲۔ الوسیط (معاملہ طے کرانے والا): دیکھئے دلّال (دلالی کرنے والا)

## ۲۹۸۳۔ الوشي (کپڑے کے نقش ونگار):

خواب میں کپڑے کے نقش ونگار دین ودنیا ہے، جسے منقش کپڑے دیئے گئے ہوں تو اسے عجمیوں اور ذمیوں سے مال حاصل ہوگا، منقش کپڑا پہننا لباس کی دوسری ہیئت (صورت) پر دلیل ہے، عورت کے لئے نقش ونگار والا کپڑا عزت وسرور میں اضافہ ہے۔

## ۲۹۸۴۔ وصیت کرنا:

خواب میں وصیت موصی (وصیت کرنے والا) اور موصی لہ (جس کو وصیت کی گئی ہو) کے درمیان صلہ رحمی ہے، اگر دونوں کے مابین بغض وعداوت ہو تو وہ دونوں باہم صلح کریں گے، یا دونوں کسی جگہ پر جمع ہوں گے، جو خواب میں دیکھے کہ اسے وصیت کی جاتی ہے تو یہ خواب چھ وجوہات پر دلالت کرتا ہے، ۱۔ خواب میں اسے جو کچھ بتایا گیا ہے ہوسکتا ہے وہ درست ہو۔ ۲۔ کوئی ذمہ داری اسے سونپی جائے۔ ۳۔ بلند شان ہونے کی علامت۔ ۴۔ علم کی زیادتی۔ ۵۔ ممکن ہے کہ اس کی عمر کے چالیس سال گزر گئے ہوں۔ ۶۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے حفاظت وکرامت۔

## ۲۹۸۵۔ الوضم (قصائی کا تختہ):

خواب میں اسے دیکھنا منافق شخص ہے جو لوگوں میں فتنہ وفساد ڈالنے کو پسند کرتا ہے اور لڑائی جھگڑوں میں خود کو ڈالتا ہے۔

## ۲۹۸۶۔ وضو کرنا:

خواب میں ایسی چیز کے ساتھ وضو پر وضو کرنا جس سے وضو کرنا جائز ہوتا ہے نور علی نور کی دلیل ہے جیسا کہ

---

(۱) وسق: ساٹھ صاع کا ایک پیمانہ بعض کے نزدیک ایک اونٹ کا بوجھ۔

Marfat.com

حدیث میں آیا ہے کہ وضو پر وضو کرنا نور علی نور ہے، (الاحیاء ۱/۱۳۴) اور خواب میں وضو کرنا سر براہان کے پاس حاجات کا پورا ہونا ہے، اگر خواب میں وضو مکمل کیا ہے تو یہ مراد کے پانے کی دلیل ہے، ورنہ نہیں، وضو تمام ادیان میں اچھا اور عذاب الٰہی سے امان کی دلیل ہے، جو راستہ میں وضو یا غسل کرے تو اس کی چوری شدہ چیز مل جائے گی، اگر ایسی چیز کے ساتھ وضو کیا ہے جس کے ساتھ وضو کرنا جائز نہیں ہے تو وہ مشقت میں مبتلا ہے اس سے نکلنے کا منتظر ہے اور جس کام میں مصروف ہے وہ مکمل نہیں ہوگا، جو بغیر وضو کے نماز پڑھے اور وہ تاجر ہو (حقیقت میں) تو یہ ایسی تجارت ہے جس کا راٴس المال (اصل سرمایہ) نہیں ہے، اگر والی ہو تو اس کا کوئی لشکر وغیرہ نہیں ہے، اگر ایسی جگہ میں نماز پڑھی ہو جہاں نماز پڑھنا جائز نہیں ہے جیسے کوڑی تو وہ اپنے کاموں میں سرگردان و پریشان ہے ان کاموں کو کر نہیں سکتا ہے، جو دیکھے کہ وہ اپنے بستر پر وضو کرتا ہے اور وہ مریض ہو تو اس کا یہ خواب زوجہ یا دوست کی جدائی پر دلیل ہے، اگر بازار یا حمام میں وضو کیا ہے تو یہ اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتوں کے غضب کی دلیل ہے، اگر اپنے صاحب کے سر پر وضو کیا ہے تو وہ اسکا وارث ہوگا، جو دیکھے کہ اس کے صاحب نے اس کے سر پر وضو کیا ہے تو اسے اس کی طرف سے بہت زیادہ تکلیفیں اور سخت الزام لگے گا، بعض کہتے ہیں کہ وضو امانت ہے جو وہ ادا کرتا ہے یا قرض ہے جسے وہ چکاتا ہے یا گواہی ہے جو وہ دیتا ہے، جو دیکھے کہ وہ وضو کرتا ہے اور وضو مکمل کیا ہے تو اگر غمزدہ ہو تو اللہ تعالیٰ اس کے غم دور فرمائیں گے، خوفزدہ ہو تو اللہ تعالیٰ اس خوف کی چیز سے امن دیں گے، مریض ہو تو اللہ تعالیٰ اسے شفاء بخشیں گے، مقروض ہو تو اللہ تعالیٰ اس کے قرض کی ادائیگی کی صورت پیدا فرمادیں گے، گنہگار ہو تو اللہ تعالیٰ اس کے گناہ معاف کردیں گے، اور اگر وضو کامل نہیں کیا ہے تو اس کی مراد پوری نہیں ہوگی، جو شخص خواب میں دیکھے اس نے گرم پانی سے وضو یا غسل کیا ہے تو یہ پریشانی اور بیماری سے دوچار ہونے کی دلیل ہے۔

## ۲۹۸۷۔ الوطء (وطی کرنا):

خواب میں وطی کرنا انسان کی دینی یا دنیوی آرزو اور مراد کے پورا ہونے کی دلیل ہے جیسے سفر، لڑائی، سلطان کے پاس جانا اور قتال کی طلب وغیرہ، اس لئے کہ وطی میں لذت ومنفعت اور کھیل کود ہوتی ہے۔

## ۲۹۸۸۔ الوطنیة (وطنی محبت): دیکھئے الحنین للوطن (وطن کا اشتیاق)

## ۲۹۸۹۔ الوطواط (چمگادڑ):

خواب میں چمگادڑ دیکھنا اندھے ہونے اور گمراہ ہونے کی دلیل ہے، ممکن ہے کہ چمگادڑ ولدالزنا (حرامی بچہ) کی دلیل ہو، اس لئے کہ وہ مٹی میں سے ہے، اور چمگادڑ انسانوں کی طرح دودھ پیتا ہے، یا پھر برے کاموں کی وجہ سے چھپنے کی دلیل ہے جیسے چوری کرنا اور باتیں کان لگا کر سننا، چمگادڑ کا دیکھنا زوال نعمت اور مانوس چیز سے دوری کی دلیل ہوسکتا ہے، چمگادڑ سنت قائم کرنے اور حجت ودلیل کے اظہار کی بھی دلیل ہے، اس لئے کہ چمگادڑ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے معجزہ کا

Marfat.com

حصہ ہے۔

## ۲۹۹۰۔ الوعا (برتن):

خواب میں اگر کوئی شخص دودھ یا شہد کا برتن دیکھے تو یہ عالمِ دین یا کثیر مالدار شخص کی دلیل ہے، اگر برتن ٹھیکرے کا ہو اور اس میں دودھ ہو تو وہ رزق ہے، اگر برتن پیتل کا ہو تو یہ مال ہے جو خراب ہوگا، اس لئے کہ پیتل کا برتن دودھ کو خراب کردیتا ہے، جو خواب میں ہانڈی میں دودھ دیکھے تو یہ خیر کی دلیل ہے، اگر پیتل میں دیکھے تو یہ نقصان کی دلیل ہے۔

## ۲۹۹۱۔ وعدہ کرنا:

جو خواب میں دیکھے کہ اس سے اچھا وعدہ کیا گیا ہے تو اسے خیر و نعمت اور طولِ عمر حاصل ہوگی، اگر دیکھے کہ اس کے دشمن نے اس سے خیر کا وعدہ کیا ہے تو اس دشمن سے یا کسی اور سے شر پہنچے گا اور اگر اس سے شر کا وعدہ کیا گیا ہے (یعنی دھمکی دی گئی ہے) تو اس دشمن سے یا کسی اور سے خیر حاصل ہوگی، اگر اس کا دشمن اس کے ساتھ خیر خواہی کرے تو وہ اس کو دھوکہ دے گا، وعدہ اس احسان (اچھے سلوک) کی دلیل ہے جو صاحبِ خواب کے ساتھ وعدہ کرنے والا کرے گا، خواب میں کسی چیز کا وعدہ کرنا قرض ہے جو اس کے لئے ہے جس سے وعدہ کیا ہے، اگر خواب میں وعدہ وفائی کی ہے تو یہ ایمان اور حسنِ یقین کی دلیل ہے۔

## ۲۹۹۲۔ الوعر (سخت زمین):

جو دیکھے کہ وہ سخت زمین میں ہے پھر خود کو نرم زمین میں دیکھے تو یہ خواب معاملات کے آسان ہونے اور مصائب سے نکلنے، تنگی سے نکل کر آسانی حاصل ہونے کی دلیل ہے، اور اگر پہلے نرم زمین میں پھر اپنے آپ کو سخت زمین میں دیکھے تو یہ پریشانی، تکلیف، تعب و مشقت اور حالات کے بگڑنے کی دلیل ہے، سخت زمین پرہیزگاری ہے، سخت زمین ضلالت وگمراہی اور بدعات میں سخت ہونے کی دلیل بھی ہے، سخت زمین کند ذہنی کی بھی دلیل ہے۔

## ۲۹۹۳۔ الوعل (پہاڑی بکرا):

خواب میں پہاڑی بکرا بے دین آدمی ہے، خواب میں جسے پہاڑ پر بکرا یا مینڈھا ہاتھ لگا ہو تو اسے ایک بڑے آدمی سے منفعت حاصل ہوگی، اگر پہاڑی بکرے کا گوشت کھایا ہے تو اسے ایک بڑے بادشاہ سے تعلق رکھنے والے آدمی سے مال و دولت ملے گا۔

## ۲۹۹۴۔ الوغی (جنگ): دیکھئے الحرب (جنگ کرنا)

Marfat.com

## ۲۹۹۵۔ وقّادالنّار (آگ جلانے والا):

اس کی تعبیر خیر وراحت، حاجت روائی اور اکابرین سے قرب کی دلیل ہے، آگ جلانے والاعلم کی بھی دلیل ہے لیکن اگر وہ (آگ جلانے والا) لوگوں کے کپڑے بے فائدہ جلائے تو یہ شروفساد اور مال ضائع کرنے کی دلیل ہے۔

## ۲۹۹۶۔ الوقعة (لڑائی): دیکھو الحرب (جنگ کرنا)

## ۲۹۹۷۔ وقف الحرب (لڑائی موقوف کرنا): دیکھو الهدنة (معاہدہ کرنا)

## ۲۹۹۸۔ الوقف الخیری (وقف کرنا):

خواب میں کوئی چیز وقف کرنا ان نیک اعمال کی دلیل ہے جن کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کیا جاتا ہے، اور وقف کردہ چیز کے مطابق دنیا وآخرت میں مرتبہ ومقام بلند ہوتا ہے، اگر خواب میں مال یا کتاب یا گھر وقف کیا ہے تو اگر وہ گنہگار ونافرمان ہے تو یہ خواب اس کی توبہ پر دلیل ہے، اگر گمراہ ہو تو پھر ہدایت کی دلیل ہے۔

## ۲۹۹۹۔ الوقوع في الماء (پانی میں گرنا):

جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ پانی میں گر گیا ہے اور وہ پانی بہت زیادہ اور گہرا ہے اور اس میں اُترا ہے لیکن اس پانی کی گہرائی (تہہ) میں نہیں پہنچا ہے تو اسے دنیا کثیر حاصل ہوگی کیونکہ دنیا بحرِ عمیق (گہرا سمندر) ہے، بعض کہتے ہیں کہ جو دیکھے کہ وہ پانی میں گرا ہے تو اسے سرور ونعمت حاصل ہوگی۔

## ۳۰۰۰۔ الوکالة (وکالت کرنا):

جو خواب میں اپنے آپ کو وکیل بنے دیکھے تو یہ خواب گناہوں کی کثرت پر دال ہے، وکالت مالداری اور دوسرے کی مملوکہ چیز میں تصرف کرنے کی دلیل ہے، اگر مؤکل مریض ہو تو فوت ہوگا، تندرست ہو تو بیمار ہوگا، اس لئے کہ وکالت تصرفات میں نائب مقرر کرنے کا نام ہے، اگر صاحبِ خواب کسی منصب وعہدہ کا امیدوار ہو تو وہ اسے حاصل ہوگا۔

## ۳۰۰۱۔ الوکر (گھونسلا):

خواب میں پرندے کا گھونسلا منحرف لوگوں کے گھر یا دنیا سے بے تعلق صوفی عابد لوگوں کی مساجد (عبادت خانے) ہیں۔

## ۳۰۰۲۔ الوکز (مُکّا مارنا):

خواب میں مکا مارنا شیطانی عمل کے واقع ہونے اور دین کے معاملہ میں حسنِ انجام کی دلیل ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے ”فوكزه موسى فقضى عليه قال هذا من عمل الشيطان“ (القصص: ۱۵) یعنی پس موسیٰؑ نے اس کو مکا

Marfat.com

مارا سو اس کا کام ہی تمام کر دیا موسیٰ کہنے لگے کہ یہ تو شیطانی حرکت ہوگئی۔

## ۳۰۰۳۔ وکیل:

خواب میں وکیل وہ آدمی ہے جو اپنے لئے گناہ کماتا ہے۔

## ۳۰۰۴۔ الولادۃ (ولادت):

اگر خواب میں بادشاہ دیکھے کہ اس کی بیوی نے نرینہ اولاد جنی ہے حالانکہ اس کی بیوی حاملہ نہیں تھی تو اسے خزانے حاصل ہوں گے، اگر حاملہ عورت دیکھے کہ اس کے نرینہ اولاد ہوئی ہے تو وہ لڑکی جنے گی، اور لڑکی دیکھے تو لڑکا جنے گی، خواب میں بیٹی دیکھنا کشادگیِ حال اور بیٹا پریشانی کی دلیل ہے، اگر مریض دیکھے کہ اس کی ماں نے اس کو جنا ہے تو وہ فوت ہوگا، اگر اس کی بیوی حاملہ ہو تو وہ بیٹا جنے گی، بیٹی کی ولادت (پیدائش) قید سے رہائی ہے، اگر آدمی خواب دیکھے کہ اسکے ہاں لڑکا ہوا ہے تو وہ بیمار ہوگا اور غم سے نجات پائے گا اور دشمنوں پر غلبہ حاصل کرے گا، اگر حاملہ عورت خواب میں بلا جنے تو لڑکا چور ہوگا، ولادت مشکلات اور امراض سے خلاصی حاصل ہونے یا گھر کے افراد اور پڑوسیوں سے جدائی کی دلیل ہے، ولادت راحت وسکون کشادہ حالی، ادائے قرض اور توبہ ہے، جو دیکھے کہ وہ جنتا ہے تو اگر فقیر ہے تو غنی ہو جائے گا، اور اگر غنی ہو تو غم والم میں پڑے گا، اگر غیر شادی شدہ ہو تو جلدی شادی ہوگی، اگر مریض خواب دیکھے کہ وہ جنتا ہے تو یہ موت کی دلیل ہے، اور جو دیکھے کہ اس کے ہاں بیٹی پیدا ہوئی ہے تو وہ قرض کے بوجھ تلے دبے گا، جو دیکھے کہ اس کی بیٹی فوت ہوگئی ہے اور اس کے لئے اس نے قبر کھودی ہے تو وہ اپنا قرض ادا کرے گا۔

## ۳۰۰۵۔ الولاء (حقِ ولاء):(۱)

خواب میں غلام یا باندی کا مر جانا صرف آقا کے لئے حصولِ رزق وفائدہ کی دلیل ہے، بشرطیکہ ان دونوں میں سے ایک حالت بیداری میں موجود ہو۔

## ۳۰۰۶۔ الولد (اولاد):

خواب میں جو دیکھے کہ اس کے ہاں جملہ اولاد پیدا ہوئی ہے تو یہ فکر و پریشانی کی دلیل ہے، کیونکہ بچوں کی تربیت و پرورش تکلیفیں برداشت کر کے ہی ہوتی ہے، بعض کہتے ہیں کہ جو دیکھے کہ اس کے ہاں چھوٹا لڑکا پیدا ہوا ہے تو یہ دنیا کی زیادتی ہے جو اسے حاصل ہوگی اور وہ غمگین ہوگا، اور جو دیکھے کہ اسے بالغ لڑکا حاصل ہوا ہے تو یہ اس کی عزت وقوت کی دلیل ہے، اور ماں تعبیر کے احکام میں باپ سے زیادہ بہتر ہے۔

(۱) حقِ ولاء: آزاد کردہ غلام کے مال کی میراث۔

Marfat.com

## ۳۰۰۷۔ الولہ (عقل وہوش زائل ہونا):

خواب میں عقل وہوش زائل ہونا دنیا میں حیرانگی وسرگردانی ہے اور آخرت میں حسنِ انجام کی دلیل ہے۔

## ۳۰۰۸۔ ولیمہ:

خواب میں دعوتِ ولیمہ پر حاضر ہونا زوالِ غم وفکر اور اس منصب کی دلیل ہے جس کے لئے لوگ جمع ہوں، دعوتِ ولیمہ غم وحزن اور ہاتھ زبان سے تکلیف پہنچانے کی بھی دلیل ہوسکتا ہے۔

## ۳۰۰۹۔ الوھدۃ (گہرا گڑھا):

جو دیکھے کہ گہرے گڑھے میں چلتا ہے تو اس کو تنگی یا غم وپریشانی لاحق ہوگی اور وہ اس کے انجام (اخیر) پر آسودہ حالی اور کشادگی کی امید رکھتا ہے۔

Marfat.com

# ﴿باب الیاء﴾

## ۳۰۱۰۔ الیأس (مایوسی):

خواب میں مایوسی نجات کی دلیل ہے، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے" فلما استیئسوا منه خلصوا نجیاً" (یوسف:۸۰) یعنی پھر جب ان کو یوسف علیہ السلام سے بالکل امید نہ رہی (کہ بنیامین کو دینگے) تو علیحدہ ہوکر باہم مشورہ کرنے لگے، جو دیکھے کہ وہ اللہ کی رحمت سے مایوس ہوگیا ہے تو وہ جہنمیوں جیسا عمل کرتا ہے۔

## ۳۰۱۱۔ الیاسمین (چنبیلی کا پودا):

جوخواب میں چنبیلی کا پودا پائے یا دیکھے تو اسے سرور وفرحت اور خیر حاصل ہوگی، جو دیکھے کہ فرشتے اترے ہیں اور چنبیلی کے پودے اٹھالے جاتے ہیں تو اس علاقہ کے علماء وصال فرمائیں گے، یاسمین (یاس الگ بمعنی ناامیدی اور مَین الگ بمعنی جھوٹ) کذب اور جھوٹ کی دلیل ہوسکتا ہے، چنبیلی فکرات اور تکالیف کے دور ہونے کی بھی دلیل ہے، نیز غیر شادی شدہ کیلئے شادی کی دلیل ہے، اور چنبیلی کا وہ پھول جو ابھی کھلا نہ ہو کنواریوں کی شادی پر دلیل ہے، جسے سردی کی شکایت ہو اور خواب میں اپنے پاس چنبیلی کا پھول دیکھے تو اس کی شکایت دور ہوگی۔

## ۳۰۱۲۔ یاقوت پتھر:

خواب میں یاقوت خوشی اور لہو ولعب ہے، جو خواب میں دیکھے کہ اس نے یاقوت کی انگوٹھی پہنی ہے تو وہ اس کے لئے باعثِ زینت ہوگی، اگر دیکھے کہ اس نے یاقوت کا نگینہ حاصل کیا ہے اور حال یہ ہے کہ اس کا شادی کا ارادہ ہے تو اس کی دیندار حسین وجمیل عورت سے شادی ہوگی، اس لئے کہ فرمانِ خداوندی ہے" کأنهن الیاقوت والمرجان" (الرحمٰن:۵۸) یعنی گویا وہ یاقوت اور مرجان (مونگے) ہیں، جو یاقوت کا نگینہ پائے تو عجم سے مال آئے گا، اور بہت زیادہ یاقوت کے پتھر عالم کے علم، والی کی ولایت اور تاجر کی تجارت پر دلیل ہیں، اور بعض کہتے ہیں کہ یاقوت سنگدل دوست ہے، اور جو دیکھے اس کے (سر پر) یاقوت ومرجان کا تاج ہے تو یہ عورت کی طرف سے اسے حاصل ہونے والی عزت وقوت ہے، ممکن ہے کہ یاقوت فقراء کے لئے خوراک کے حصول کی دلیل ہو، یا پھر یاقوت مصحف شریف کی دلیل ہو، اور کبھی یاقوت مریض کے لئے آگ سے نجات کی دلیل ہوتا ہے، کیونکہ آگ یاقوت پر اثر نہیں کرتی، جو خواب میں اپنے ہاتھ میں سرخ یاقوت (لعل) کا نگینہ دیکھے تو کوئی حسین سنگدل عورت اس سے محبت کرتی ہے، جو اپنے ہاتھ میں یاقوت کے مشابہ نگینہ دیکھے جو حقیقت میں یاقوت کا نہ ہو تو وہ بلند رتبہ ہونے کا دعویدار ہے جبکہ وہ بلند رتبہ شخص نہیں ہے۔

Marfat.com

## ۳۰۱۳۔ الیباس (خشک ہونا):

اس کی تعبیر خوف سے امن کی دلیل ہے، دلیل اس کی فرمانِ الٰہی ہے "فاضرب لھم طریقًا فی البحر یبسًا لا تخاف درکًا ولا تخشی" (طٰہٰ:۷۷) یعنی پھر ان کے لئے دریا میں (عصا مارکر) خشک رستہ بنادینا نہ تو تم کو کسی کے تعاقب کا اندیشہ ہوگا اور نہ اور کسی قسم کا خوف ہوگا، اور جو خواب میں دیکھے کہ اسے خشکی کی وجہ سے بیماری لاحق ہے تو اس نے اللہ تعالیٰ کی نامرضیات میں اپنا مال ضائع کیا ہے اور لوگوں سے قرضے لئے ہیں اور اس میں اسراف کیا ہے اور وہ قرضے ادا نہیں کئے ہیں جس کی وجہ سے اس بیماری میں مبتلا ہوا۔

## ۳۰۱۴۔ الیتم (یتیم ہونا):

اس کی تعبیر ذلت ہے، چنانچہ جو دیکھے کہ وہ یتیم ہے تو وہ مقہور و مجبور ہوگا، کیونکہ یتیم بچے مجبور ہوتے ہیں، ان کے مال دوسروں کے ہاتھوں میں ہوتے ہیں۔

## ۳۰۱۵۔ یحییٰ علیہ السلام:

جو خواب میں ان کی زیارت کرے تو اسے تقویٰ پرہیزگاری اور آفات سے حفاظت حاصل ہوگی اور وہ بے مثال ہوگا، کیوں کہ پروردگار عالم کا ارشادِ پاک ہے "لم نجعل لہ من قبل سمیا" (مریم:۷) نیز فرمان باری تعالیٰ ہے، وسیدا و حصورًا ونبیا من الصالحین" (آل عمران:۳۹) ترجمہ بالترتیب یہ ہے۔ اس (یحییٰ علیہ السلام) سے پہلے ہم نے کسی کو اس کا ہم صفت (یا ہمنام) نہیں بنایا، (یحییٰؑ کے احوال یہ ہونگے کہ) وہ سردار ہونے اور (اپنے نفس کو لذات سے) بہت روکنے والے ہونگے اور نبی بھی ہوں گے اور اعلیٰ درجہ کے شائستہ ہوں گے، جو خواب میں یحییٰ علیہ السلام کو دیکھے تو یہ حیات و دولت اور خوشخبری ملنے کی دلیل ہے۔

## ۳۰۱۶۔ الید (ہاتھ):

خواب میں ہاتھ آدمی کا احسان (نیک برتاؤ)، قوت وطاقت ہے، چنانچہ جو والی دیکھے کہ اسکا ہاتھ طویل اور قوی ہوا ہے تو یہ اس کی دشمنوں پر کامیابی کے اور اس کے مددگاروں اور قائدین کی قوت وطاقت کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ اس کے دونوں ہاتھ کھلے ہوئے ہیں تو وہ سخی آدمی ہے، اپنا سارا مال خرچ کردیتا ہے، جو دیکھے کہ وہ اپنے ہاتھوں کے بل چلتا ہے تو وہ اپنے مطلوبہ کام میں اپنے بھائی یا اپنے لڑکے یا شریک کار پر اعتماد کرتا ہے، اگر دیکھے کہ اس کا دایاں ہاتھ سونے کا ہے تو اس کی قوت اور کسب (کمائی) ختم ہوگی، اور اگر دیکھے کہ اس کے بائیں ہاتھ نے ان سے کلام کیا ہے تو اس کے بھائی برادر یا اس کی بیوی یا اس کا شریک اسے اجنبی سمجھیں گے، اگر دیکھے کہ اس نے اپنا ہاتھ اپنی بغل کے نیچے کرکے باہر نکالا تو

Marfat.com

وہ ہاتھ روشن تھا تو اگر وہ طالب علم ہے تو اپنے علم میں ریاست حاصل کرے گا، اگر تاجر ہو تو وہ بھی ریاست اور نام حاصل کرے گا، اگر اس کے ہاتھ سے پانی نکلا ہے تو اسے مال حاصل ہوگا، دونوں ہاتھ مقام ومرتبہ، دولڑکوں اور دولت کی دلیل ہے، اور ہاتھ سے لینا یا دینا اعمال کے درست ہونے کی دلیل ہے، دایاں ہاتھ بیٹے یا باپ یا دوست یا جو بھی قوت وطاقت کا سبب ہو سکتے ہوں ان کی دلیل ہے، اور بایاں ہاتھ عورت، ماں، بہن، بیٹی اور باندی کی دلیل ہے، اگر دیکھے کہ اس کا ایک ہاتھ موجود نہیں ہے تو ہاتھ جن مذکورہ افراد پر دلیل ہوتا ہے ان میں سے کوئی فرد مفقود ہوگا، جو اپنا ہاتھ کٹا ہوا دیکھے تو یہ اس کے بھائی یا دوست یا اس کے کاتب کی موت کی دلیل ہے، یا باہمی الفت ومحبت ختم ہوگی، جو اپنے ہاتھ کو لمبا دیکھے تو وہ لوگوں پر انعام واحسان اور جود وکرم کے ذریعہ مالی وسعت اختیار کرے گا۔ جو خواب میں سلطان کو دیکھے کہ اس نے اپنے ہاتھ اور پاؤں مخالف جانب سے (یعنی دایاں ہاتھ اور بایاں پاؤں) کاٹے ہیں تو وہ توبہ کرے گا، جو دیکھے کہ اس کا ہاتھ نہیں ہے تو وہ عاشق ہے، جو کسی والی کو دیکھے کہ اسکے ہاتھ اور پاؤں کاٹے گئے ہیں تو وہ معزول ہوگا، جو اپنے ہاتھوں کو بند دیکھے تو یہ اسکے بخل کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ وہ اپنے ہاتھوں کے بل چلتا ہے وہ ان ہاتھوں سے اپنی معاش کے بارے میں مدد لے گا، جو دیکھے کہ وہ اپنے ہاتھوں کو چھری سے زخمی کرتا ہے تو وہ کسی چیز سے متعجب ہوگا، اس لئے کہ فرمانِ الٰہی ہے ”فلما رأینه أکبر نه وقطعن أید یهن“ (یوسف:۳۱) یعنی پس جب عورتوں نے ان کو دیکھا تو اس کو اور بڑا جانا اور اپنے ہاتھ کاٹ لئے، جو دیکھے کہ اس کا دایاں ہاتھ شل ہوگیا تو اس کی معیشت بند ہوگی، یا وہ کسی بڑے گناہ کا ارتکاب کرے گا، جو دیکھے کہ اس کا ہاتھ سونے کا ہوگیا ہے تو یہ خواب ان تمام چیزوں کے ختم ہوجانے کی دلیل ہے جو اس کے قبضہ میں ہیں، جو دیکھے کہ اس کا ہاتھ نبی کے ہاتھ جیسا ہوگیا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے ذریعہ ایک قوم کو ہدایت دیں گے اور اسے خیر وبرکت حاصل ہوگی، اگر خواب دیکھے کہ اس نے خون سے بھرے برتن سے اپنا ہاتھ رنگا ہے تو وہ فتنہ میں شامل ہوگا، جو دیکھے کہ وہ اپنا سارا ہاتھ یا ہاتھ کا کچھ حصہ کھاتا ہے تو وہ کوئی ایسا کام کرے گا جس پر اسے ندامت اٹھانا ہوگی یا وہ ظالم ہوگا، اس لئے کہ اللہ جل جلالہ کا ارشاد ہے ”ویوم یعض الظالم علی یدیه“ (الفرقان:۲۷) یعنی جس روز ظالم آدمی (غایت حسرت سے) اپنے ہاتھ کاٹ کاٹ کھائے گا، خواب میں مہندی سے منقش ہاتھ ذلت یا حاجت وضرورت ہے جو اسے پیش آئے گی، جو اپنا دایاں ہاتھ کٹا ہوا دیکھے تو وہ جھوٹی قسم کھائے گا یا چوری پر دلیل ہے، اور خواب میں جس کے دونوں ہاتھ اور دونوں پاؤں مقطوع (کٹے ہوئے) ہوں تو وہ وفات پائے گا، یا پھر قید وگرفتار ہوگا یا شدید بیمار ہوگا یا فقر واحتیاج کا شکار ہوگا، خواب میں جس کا ہاتھ لمبا ہوگیا ہوحتی کہ تیر کی طرح ہوجائے تو وہ ظالم اور لوگوں کی عزت وآبرو پر طعن زنی کرنے والا ہے، خواب میں جس کا ہاتھ کاٹا گیا ہو تو وہ اپنے گھر سے بے وطن ہوگا یا اپنے کام سے ہٹے گا، یا قطع رحمی کرے گا، ممکن ہے کہ وہ حرام چیزوں اور گناہوں سے باز آئے، اجنبی اور مسافر اگر دیکھے اس کا ہاتھ کاٹ دیا گیا ہے اور اس سے خون بہا ہے تو اسے مال حاصل ہوگا، اور اپنے علاقہ میں واپس لوٹے گا، اور جو شخص خواب میں دیکھے کہ اس کے ہاتھ خاک آلود ہوئے ہیں تو یہ مالی احتیاج یا اولاد، بھائی یا علم وغیرہ کا نقصان ہے، ہاتھ اس صنعت کی دلیل بھی ہے جس کے ساتھ وہ وابستہ ہے، نیز

Marfat.com

بیعت وعہد کی دلیل ہے، ہاتھ کا موجود نہ ہونا سوال سے بے نیازی کی دلیل ہے، ہاتھ کا خوبصورت ہونا دشمنوں کے خلاف نصرت وغلبہ کی دلیل ہے، جو دیکھے کہ وہ اپنے ہاتھ جھاڑتا ہے تو یہ کام سے فراغت اور قطع تعلقی کی دلیل ہے، اور ہاتھ میں بیڑی لگے دیکھنا فسادِ دین کی دلیل ہے، جس کے دونوں ہاتھ مفقود (موجود نہ ہوں) ہوں اور وہ شخص اہلِ طاعت میں سے ہو تو یہ اس کا اللہ تعالیٰ کی ذات پر حسنِ توکل ہے، اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے ہاتھ بہت زیادہ ہوگئے ہیں تو یہ دنیا کی حرص وطمع اور اس کے کمانے کی فکر ہے، خواب میں جس کا ہاتھ درندے کے ہاتھ کی طرح ہوگیا ہو تو وہ نماز کو ضائع کرتا ہے اور خواہشاتِ نفس کے پیچھے لگتا ہے، اور جو خواب میں اعسر یعنی کھبا (بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا) ہوگیا ہو تو یہ فائدہ ورزق کی دلیل ہے کیونکہ عسر (تنگی) کے بعد یسر (آسانی) ہوتی ہے۔

## ۳۰۱۷۔ الیراعة (قلم): دیکھو قلم

## ۳۰۱۸۔ الیربوع (جنگلی چوہا):

خواب میں جنگلی چوہا بڑی قسمیں کھانے والا جھوٹا شخص ہے، جو خواب میں اس کے ساتھ لڑے وہ کسی انسان سے لڑے گا، خواب میں جنگلی چوہا گورکن یا کفن چور کی بھی دلیل ہے۔

## ۳۰۱۹۔ یرقان:

خواب میں یرقان (Jaundice) لباس یا نامناسب زوجہ ہے۔

## ۳۰۲۰۔ الیسار (خوشحالی): دیکھئے الغنی (مالدار ہونا)

## ۳۰۲۱۔ الیسر (آسانی وسہولت):

خواب میں آسانی تنگی کی ضد ہے، آسانی تقوی کی دلیل ہوسکتی ہے، اس لئے کہ فرمانِ خداوندی ہے "ومن یتق اللہ یجعل له من أمره یسرا" (الطلاق:۴) یعنی جو شخص اللہ سے ڈرے گا اللہ تعالیٰ اس کے ہر ایک کام میں آسانی کردے گا۔

## ۳۰۲۲۔ الیُسرُوع (سفید رنگ اور سرخ سر کے کیڑے):

اس کی تعبیر وہ چور ہے جو کم مال چوری کرتا ہے، اور بظاہر پرہیزگار بنا ہوا ہو، اس کا حال اور نفاق مخفی نہ ہو، چوری کرتا ہو لیکن ظاہری حال کی وجہ سے اس پر الزام نہ لگایا جاتا ہو۔

## ۳۰۲۳۔ یعقوب علیہ السلام:

جوان کو خواب میں دیکھے وہ اولاد وازواج اور قوت ونعمت سے نوازا جائے گا، اولاد کی طرف سے پریشانی لاحق

Marfat.com

ہوگی لیکن بعد میں وہ پریشانی دور ہوجائے گی، جو یعقوب علیہ السلام کو دیکھے اسے اللہ تعالیٰ کی اطاعت وبندگی اور مسکینوں پر صدقہ خیرات کرنے کے سبب قربِ خداوندی کی دولت حاصل ہوگی، اگر اس کا کوئی بیٹا غائب (لاپتہ) ہوتو صحیح سلامت واپس لوٹ آئے گا، یعقوب علیہ السلام کی زیارت غم وحزن اور اہل خانہ (گھر کے افراد) کے مفقود ہونے کی دلیل ہے، اسی طرح اولاد وغیرہ میں سے جو اس کو عزیز ہو وہ مفقود ہوں گے، ان کا دیکھنا مالِ کثیر، اسفار (سفر کی جمع) اور قیمتوں کے بڑھنے کی دلیل ہے، نیز گمشدہ چیز کے دستیاب ہونے اور موجود چیز کے گم ہونے اور مال واولاد اور اہل کے متعلق حسنِ انجام کی دلیل ہے۔

## ۳۰۲۴۔ الیقطین (کدّو): دیکھو القرع (کدّو)

## ۳۰۲۵۔ الیقظة (بیداری):

خواب میں بیداری امور ومشاغل میں سیدھے راستہ کی دلیل ہے، اور ناپسندیدہ امر سے رجوع کرنا ہے، نیز عمر میں زیادتی ہے، جو دیکھے کہ اس نے سوئے ہوئے کو بیدار کیا ہے تو وہ اس کی رہنمائی کرتا ہے۔

## ۳۰۲۶۔ الیم (سمندر): دیکھو البحر (دریا)

## ۳۰۲۷۔ الیمام (جنگلی کبوتر): دیکھو الحمام (کبوتر)

## ۳۰۲۸۔ الیمین (قسم کھانا):

قسم اگر جھوٹی ہوتو یہ محتاجی، ذلت ورسوائی اور دھوکہ فریب ہے، جھوٹی قسم کھانا گھر کی ویرانی ہے، اور سچی قسم عملِ صالح اور خوف سے امن کا حصول ہے۔

## ۳۰۲۹۔ یہودی:

خواب میں یہودی دشمن ہے، جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے "لتجدن أشد الناس عداوةً للذين امنوا اليهود" (المائدۃ:۸۲) یعنی تمام لوگوں سے زیادہ مسلمانوں سے عداوت رکھنے والے آپ ان یہود کو پائیں گے، خواب میں جو یہودی سے معاملہ کرے یا اسکی صحبت اختیار کرے تو وہ ایک انسان کو دیکھے گا جو کسی کے حق کا انکار اور اس کی ادائیگی میں ٹال مٹول کرتا ہے، اور وہ شخص جادوگر، خیانت گر اور نجومی دھوکہ باز ہے، یہودی عورت پورا نہ ہونے والا وعدہ ہے، جو دیکھے کہ وہ یہودی بن گیا ہے تو وہ گناہوں پر جری ہے، جو یہودی کو دیکھے تو وہ اپنے چچا کا وارث ہوگا۔ بعض کہتے ہیں کہ یہود کا دیکھنا ہدایت ہے، خواب میں یہودی لوگ دوستوں کی شکل میں دشمن ہیں، یا پھر قصائیوں کی طرف سے رنج والم پہنچنے کی دلیل ہے، اگر صاحب خواب فقیہ ہوتو گواہی اور علم چھپائے گا کیوں کہ یہود نے حق کو پہچاننے کے باوجود اس کو چھپایا، اگر صاحب خواب مقروض ہوتو اس کے ذمہ جو دوسرے کا حق ہے اس کا انکار کرے گا۔

Marfat.com

## ۳۰۳۰۔ یوسف علیہ السلام:

خواب میں ان کی زیارت ملوکیت وخلافت کی دلیل ہے، ممکن ہے کہ اس کے زمانہ میں مہنگائی، قحط سالی، اور اولاد وعزیز واقارب کا فقدان (گم ہونا) ہو، یوسف علیہ السلام کا دیکھنا قید خانہ اور اس سے رہائی، عورتوں سے یا تعبیر خواب سے حصہ پانے کی دلیل ہے، نیز دشمنوں پر غلبہ پانے اور انھیں درگزر کرنے کی دلیل ہے، اس بات کا بھی امکان ہے کہ اس کے لئے کوئی بڑا معجزہ ظاہر ہو جیسے یوسف علیہ السلام کے والد محترم (یعقوب علیہ السلام) کی بینائی واپس لوٹ آئی تھی، اگر عورت خواب میں یوسف علیہ السلام کو دیکھے اور وہ کنواری ہو تو اس کی شادی ہوگی، اور خوشحال ہوگی، اگر نادار ہو تو دنیا وآخرت کے حالات اچھے ہو جائیں گے، جو یوسف علیہ السلام کی خواب میں زیارت کرے تو عزیز واقارب اور اولیاء اس کے تابعدار ہوں گے، اور وہ بہت زیادہ صدقہ واحسان کرنے والا ہوگا، بعض کہتے ہیں کہ جو شخص یوسف علیہ السلام کی خواب میں زیارت کرے تو وہ اپنے بھائیوں کی طرف سے بلاء ومصیبت میں مبتلا ہوگا، لیکن پھر اس سے نجات حاصل ہوگی اور دشمنوں پر غلبہ پالے گا، جو دیکھے کہ یوسف علیہ السلام اس سے ہم کلام ہیں یا اس کو کوئی چیز عطا فرمار ہے ہیں تو وہ خوابوں کا معبّر (تعبیر بتانے ولا) اور علم تاریخ سے واقف ہوگا، جو ان کی زیارت کرے اسے اجنبیت کی حالت میں خیر حاصل ہوگی، اگر قید ہو تو قید خانہ سے رہائی ملے گی، اور اس کے دشمن اس کے تابع ہوں گے، اگر وہ اپنے گھر سے غائب ہو تو اپنے وطن صحیح سلامت واپس لوٹ آئے گا، اگر ریاست کا طالب ہو تو اسے ریاست (سرداری) حاصل ہوگی۔

## ۳۰۳۱۔ الیوم (دن): دیکھئے النہار (دن)

## ۳۰۳۲۔ یونس علیہ السلام:

جو شخص یونس علیہ السلام کی خواب میں زیارت کرے تو وہ کسی کام میں جلد بازی کرے گا اور قید خانہ یا تنگی یا پریشانی میں مبتلا ہوگا لیکن بعد میں اس سے نجات پاکر ایک عرصہ تک دنیا کی نعمتوں سے لطف اندوز ہوگا اور وہ (صاحب خواب) بہت جلد ناراض ہونے والا اور بہت جلد راضی ہونے والا ہوگا۔

واللہ اعلم بما ھو الحق والصواب فی کل سؤال وجواب۔

الحمد للہ "تعطیر الانام فی تعبیر المنام" کا پہلا اردو ترجمہ بروز جمعۃ المبارک ۴ ربیع الاول ۱۴۲۳ھ / ۱۷ مئی ۲۰۰۲ء بوقت تقریباً ۰۵:۱ مکمل ہوا۔

اللہ سبحانہ وتعالیٰ محض اپنی رضا اور خوشنودی کے لئے قبول فرماکر ذخیرۂ عقبیٰ کا ذریعہ اور وسیلہ بنائے۔ آمین یارب العالمین۔

﴿خالد محمود عفا عنہ الغفور﴾

Marfat.com

# اختتامِ کتاب

## مراجع ومصادر:

(مؤلفِ کتاب فرماتے ہیں کہ) میں نے اپنی یہ کتاب علمِ تعبیر کے موضوع پر لکھی گئیں جن کتبِ جلیلہ کی مدد سے تالیف کی ہے اُن کے اسماء مع مؤلفین مندرجہ ذیل ہیں:۔

۱۔ استاذِ کبیر نصر بن ابوسعد بن یعقوب بن ابراہیم الدینوری رحمہ اللہ تعالیٰ المعروف بہ القادری کی کتاب، جو انھوں نے بنو عباس کے قادر باللہ کے لئے لکھی تھی، اللہ تعالیٰ انہیں اپنی جوارِ رحمت میں جگہ عنایت فرمائیں اور انھیں جنت الفردوس میں مسکن عطا فرمائیں۔

۲۔ شیخ امام محمد بن ابوبکر محمود بن ابراہیم المعروف بہ ابن الدقاق المقری رحمہ اللہ تعالیٰ کی کتاب، انھوں نے اس کتاب کا نام ''الحکم والغایات فی تعبیر المنامات'' رکھا ہے۔

۳۔ شیخ ابوعلی حسین بن حسن بن ابراہیم الخلیلی الداری رحمہ اللہ تعالیٰ کی کتاب ''المنتخب''

۴۔ شیخ امام، عالم علامہ جلال الدین عبداللہ بن حازم بن سلیمان المزنی الشافعی رحمہ اللہ تعالیٰ کی کتاب، جس کا نام ہے ''الاشارۃ فی علم العبارۃ''

۵۔ شیخ ابوعبداللہ محمد بن عمر السالمی رحمہ اللہ تعالیٰ کی کتاب الموسوم بہ ''کتاب الاشارۃ الی العبارۃ''

۶۔ شیخ امام شہاب الدین ابوالعباس احمد بن شیخ جمال الدین ابوالفرج عبدالرحمٰن المقدسی الحنبلی رحمہ اللہ تعالیٰ کی کتاب، ''البدر المنیر فی علم التعبیر''

۷۔ شیخ امام ابوطاہر برہان الدین ابراہیم بن یحییٰ بن غانم المقدسی الحنبلی رحمہ اللہ تعالیٰ کی کتاب ''المعلم علی حروف المعجم''

۸۔ شیخ امام محب الدین ابوحامد محمد المقدسی الشافعی رحمہ اللہ تعالیٰ کی کتاب ''المحکم فی اختصاص المعلم'' جو المعلم علی حروف المعجم کا اختصار ہے۔

## اندازِ تالیف:

مذکورہ ائمہ کرام نے خوابوں کی جتنی تاویلات اور تعبیرات اپنی کتبِ جلیلہ میں ذکر کی ہیں میں نے ان سب کا کتابِ ہذا میں احاطہ کیا ہے الّا نادرًا اسی لئے میری یہ کتاب الفاظ کے اختصار اور حصولِ نفع کی سہولت کے سبب مذکورہ تمام کتب کے لئے جامع کی حیثیت رکھتی ہے، میں نے اس کتاب میں جو کچھ ذکر کیا ہے وہ کتب مذکورہ میں موجود ہے

Marfat.com

صرف ایک دو مقام ایسے ہیں جہاں میں نے کچھ اپنی طرف سے اضافات کئے ہیں باقی سارا کلام ان کتب ہی سے ماخوذ ہے، جو بھی ان اصل مآخذ کی طرف مراجعت کرے گا اسے یہ تمام تاویلات وتعبیرات ان میں مرقوم ومسطور ملیں گی۔

یہاں تک کہ مقدمہ میں اور اس خاتمہ میں جو کچھ ذکر کروں گا وہ سب کا سب انہی مذکورہ کتب سے لیا گیا ہے، سوائے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب کے بارے میں ذکر کردہ بحث کے۔

## محمد بن سیرین رحمہ اللہ تعالیٰ:

محمد بن سیرین رحمہ اللہ تعالیٰ فنِ تعبیر کے امام تھے، وہ اس علم کے اتنے ماہر تھے کہ ایک خواب کی بسا اوقات چالیس چالیس تعبیریں بیان فرماتے۔

## معبّرین کے طبقات:

حسن بن حسین الخلال رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب ''طبقات المعبّرین'' میں سات ہزار پانچ سو (۷۵۰۰) معبّرین کو ذکر کیا ہے پھر ان میں سے چھ سو اشخاص کا انتخاب کر کے اپنی تعبیر الرؤیا کتاب میں ان کے اسماء گرامی ذکر کئے ہیں اور ان کا تفصیل سے ذکر کیا ہے، خصوصاً مشاہیرِ علماء جنہوں نے اس علم سے حظِ وافر پایا ہے اور دوسروں نے ان سے بہت زیادہ استفادہ کیا ہے، ان معبّرین کے پندرہ طبقات بنائے گئے ہیں۔

### پہلا طبقہ:

وہ انبیاء کرام علیہم السلام کا ہے جن کے اسماء گرامی یہ ہیں، ابراہیم، یعقوب، یوسف، دانیال، ذوالقرنین اور محمدِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم وصلوٰت اللہ علیہم وسلامہ۔

### دوسرا طبقہ:

معبّرین کا دوسرا طبقہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا ہے جن کے اسماء گرامی یہ ہیں، ابوبکرؓ، عمرؓ، عثمانؓ، علیؓ، عبداللہ بن عباسؓ، عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ، عبداللہ بن عمرؓ، عبداللہ بن سلامؓ، ابوذر غفاریؓ، انس بن مالکؓ، سلمان الفارسیؓ، حذیفہ بن الیمانؓ، امّ المؤمنین عائشہؓ اور ان کی ہمشیرہ اسماءؓ۔

### تیسرا طبقہ:

معبّرین کا تیسرا طبقہ تابعین کرام رحمہم اللہ تعالیٰ کا ہے، ان کے اسماء گرامی یہ ہیں۔ سعید بن المسیبؒ، حسن بصریؒ، عطا بن ابی رباحؒ، شعبیؒ، زہریؒ، ابراہیم نخعیؒ، عمر بن عبدالعزیزؒ، قتادہؒ، مجاہدؒ، سعید بن جبیرؒ، طاووسؒ، اور ثابت بنانیؒ۔

Marfat.com

# ﴿اختتامِ کتاب﴾

## مراجع ومصادر:

(مؤلفِ کتاب فرماتے ہیں کہ) میں نے اپنی یہ کتاب علمِ تعبیر کے موضوع پر لکھی گئیں جن کتبِ جلیلہ کی مدد سے تالیف کی ہے اُن کے اسماء مع مؤلفین مندرجہ ذیل ہیں:۔

۱۔ استاذِ کبیر نصر بن ابوسعد بن یعقوب بن ابراہیم الدینوری رحمہ اللہ تعالیٰ المعروف بہ القادری کی کتاب، جو انھوں نے بنو عباس کے قادر باللہ کے لئے لکھی تھی، اللہ تعالیٰ انہیں اپنی جوارِ رحمت میں جگہ عنایت فرمائیں اور انھیں جنت الفردوس میں مسکن عطا فرمائیں۔

۲۔ شیخ امام محمد بن ابوبکر محمود بن ابراہیم المعروف بہ ابن الدقاق المقری رحمہ اللہ تعالیٰ کی کتاب، انھوں نے اس کتاب کا نام "الحکم والغایات فی تعبیر المنامات" رکھا ہے۔

۳۔ شیخ ابوعلی حسین بن حسن بن ابراہیم الخلیلی الداری رحمہ اللہ تعالیٰ کی کتاب "المنتخب"

۴۔ شیخ امام، عالم علامہ جلال الدین عبداللہ بن حازم بن سلیمان المزنی الشافعی رحمہ اللہ تعالیٰ کی کتاب، جس کا نام ہے "الاشارة فی علم العبارة"

۵۔ شیخ ابوعبداللہ محمد بن عمر السالمی رحمہ اللہ تعالیٰ کی کتاب الموسوم بہ "کتاب الاشارة الی العبارة"

۶۔ شیخ امام شہاب الدین ابوالعباس احمد بن شیخ جمال الدین ابوالفرج عبدالرحمٰن المقدسی الحنبلی رحمہ اللہ تعالیٰ کی کتاب، "البدر المنیر فی علم التعبیر"

۷۔ شیخ امام ابوطاہر برہان الدین ابراہیم بن یحییٰ بن غانم المقدسی الحنبلی رحمہ اللہ تعالیٰ کی کتاب "المعلم علی حروف المعجم"

۸۔ شیخ امام محبّ الدین ابو حامد محمد المقدسی الشافعی رحمہ اللہ تعالیٰ کی کتاب "المحکم فی اختصاص المعلم" جو المعلم علی حروف المعجم کا اختصار ہے۔

## اندازِ تالیف:

مذکورہ ائمہ کرام نے خوابوں کی جتنی تاویلات اور تعبیرات اپنی کتبِ جلیلہ میں ذکر کی ہیں میں نے ان سب کا کتاب ہذا میں احاطہ کیا ہے الا نادراً اسی لئے میری یہ کتاب الفاظ کے اختصار اور حصولِ نفع کی سہولت کے سبب مذکورہ تمام کتب کے لئے جامع کی حیثیت رکھتی ہے، میں نے اس کتاب میں جو کچھ ذکر کیا ہے وہ کتب مذکورہ میں موجود ہے

Marfat.com

صرف ایک دو مقام ایسے ہیں جہاں میں نے کچھ اپنی طرف سے اضافات کیے ہیں باقی سارا کلام ان کتب ہی سے ماخوذ ہے، جو بھی ان اصل مآخذ کی طرف مراجعت کرے گا اسے یہ تمام تاویلات وتعبیرات ان میں مرقوم ومسطور ملیں گی۔

یہاں تک کہ مقدمہ میں اور اس خاتمہ میں جو کچھ ذکر کروں گا وہ سب کا سب انہی مذکورہ کتب سے لیا گیا ہے، سوائے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب کے بارے میں ذکر کردہ بحث کے۔

## محمد بن سیرین رحمہ اللہ تعالیٰ:

محمد بن سیرین رحمہ اللہ تعالیٰ فنِ تعبیر کے امام تھے، وہ اس علم کے اتنے ماہر تھے کہ ایک خواب کی بسا اوقات چالیس چالیس تعبیریں بیان فرماتے۔

## معبّرین کے طبقات:

حسن بن حسین الخلال رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب "طبقات المعبّرین" میں سات ہزار پانچ سو (۷۵۰۰) معبّرین کو ذکر کیا ہے پھر ان میں سے چھ سو اشخاص کا انتخاب کر کے اپنی تعبیر الرؤیا کتاب میں ان کے اسماء گرامی ذکر کیے ہیں اور ان کا تفصیل سے ذکر کیا ہے، خصوصاً، مشاہیر علماء جنہوں نے اس علم سے حظِ وافر پایا ہے اور دوسروں نے ان سے بہت زیادہ استفادہ کیا ہے، ان معبّرین کے پندرہ طبقات بنائے گئے ہیں۔

### پہلا طبقہ:

وہ انبیاء کرام علیہم السلام کا ہے جن کے اسماء گرامی یہ ہیں، ابراہیم، یعقوب، یوسف، دانیال، ذوالقرنین اور محمدِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم وصلوٰت اللہ علیہم وسلامہ۔

### دوسرا طبقہ:

معبّرین کا دوسرا طبقہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا ہے جن کے اسماء گرامی یہ ہیں، ابوبکرؓ، عمرؓ، عثمانؓ، علیؓ، عبداللہ بن عباسؓ، عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ، عبداللہ بن عمرؓ، عبداللہ بن سلامؓ، ابوذر غفاریؓ، انس بن مالکؓ، سلمان الفارسیؓ، حذیفہ بن الیمانؓ، ام المؤمنین عائشہؓ اور ان کی ہمشیرہ اسماءؓ۔

### تیسرا طبقہ:

معبّرین کا تیسرا طبقہ تابعین کرام رحمہم اللہ تعالیٰ کا ہے، ان کے اسماء گرامی یہ ہیں۔ سعید بن المسیبؒ، حسن بصریؒ، عطا بن ابی رباحؒ، شعبیؒ، زہریؒ، ابراہیم نخعیؒ، عمر بن عبدالعزیزؒ، قتادہؒ، مجاہدؒ، سعید بن جبیرؒ، طاوسؒ، اور ثابت بنانیؒ۔

Marfat.com

**چوتھا طبقہ:**

تابعین کرامؒ کے بعد فقہاء کرام کا ہے جن کے اسماء گرامی یہ ہیں: ابوثورؒ، اوزاعیؒ، سفیان ثوریؒ، شافعیؒ، قاضی ابو یوسفؒ، ابن ابی لیلیٰؒ، احمد بن حنبلؒ، اسحاق بن راھویہؒ، بویطیؒ، منصور بن المعتمرؒ، عبداللہ بن مبارکؒ۔

**پانچواں طبقہ:**

عابدین وزاہدین کا ہے، ان کے اسماء گرامی یہ ہیں، محمد بن واسعؒ، تمیم داریؒ، شقیق بلخیؒ، مالک بن دینارؒ، سلیمان تیمیؒ، منصور بن عمارؒ، محمد بن سماکؒ، یحییٰ بن معاذؒ، احمد بن حربؒ۔

**چھٹا طبقہ:**

جنہوں نے فنِ تعبیر میں کتابیں تالیف کیں، ان کے اسماء گرامی یہ ہیں:۔ محمد بن سیرینؒ، ابراہیم بن عبداللہ الکرمانیؒ، عبداللہ بن مسلم القتیبیؒ، ابواحمد خلف بن احمدؒ، محمد بن حماد الرازی الخبازؒ، حسن بن حسین الخلالؒ، ارطامیدورس یونانی۔

**ساتواں طبقہ:**

اہلِ فلاسفہ کا ہے، ان کے نام یہ ہیں: افلاطون، مہرادریس، ارسطاطالیس، بطلیموس، یعقوب بن اسحاق سکندری، ابوزید بلخی۔

**آٹھواں طبقہ:**

اطباء کا ہے جن کے نام یہ ہیں: جالینوس، البقراط، بختیشوع، اھران اور محمد بن زکریا رازی،

**نواں طبقہ:**

یہودیوں کا ہے، حیی بن اخطب، کعب بن اشرف، موسیٰ بن یعقوب۔

**دسواں طبقہ:**

نصرانیوں کا ہے، ان کے نام یہ ہیں، حنین بن اسحاق مترجم، ابوخلد، زید طبری۔

**گیارھواں طبقہ:**

مجوسیوں کا ہے ان میں یہ ہیں:۔ ہرمز بن اردشیر، بزرجمہر بن بختکان، انوشروان (عادل بادشاہ)، کشموز اور جاماس۔

Marfat.com

## بارہواں طبقہ:

مشرکین عرب کا ہے ابوجہل بن ہشام، عبداللہ بن ابی نوفل بن عبداللہ، عمرو بن عبدود، ابن الزبعری، بعض کہتے ہیں کہ یہ فتح مکہ کے بعد مسلمان ہوگئے تھے، صحابہ کرامؓ میں ان کا شمار ہے، ابوطالب اور ابوالعاص۔

## تیرہواں طبقہ:

کاہنوں اور نجومیوں کا ہے ان میں یہ لوگ ہیں:۔ سطیح وشق، خزرجی، عوسجہ، قطامی اور ابوزرارہ۔

## چودہواں طبقہ:

ساحرین کا ہے ان میں یہ حضرات ہیں:۔ عبداللہ بن ہلال، قرط بن زید الایلی اور عتاب بن شمر الرازی۔

## پندرہواں طبقہ:

اصحاب فراست کا ہے، وہ یہ ہیں، سعید بن سنان، ایاس بن معاویہ، جندل بن محکم، معاویہ بن کلثوم۔

## خواب کی باریکی:

رؤیائے صادقہ کی دو قسمیں ہیں۔ ایک قسم وہ ہے جو بالکل واضح اور ظاہر المراد ہوتی ہے تعبیر کی محتاج نہیں ہوتی اور نہ تفسیر کی حاجتمند، اور دوسری قسم وہ ہے جس کی تفسیر مضمر اور پوشیدہ ہوتی ہے جس کے اندر حکمتیں اور خبریں موجود ہوتی ہیں۔ خواب کے متعلق سب سے اچھا وقت وہ ہے جب پھول کے اجزاء سمٹ کر پھل بن جائیں اور جس وقت پھل پک جائیں، اور سردی کے موسم میں تعبیر ضعیف ہوتی ہیں، دن کا دیکھنا رات کے دیکھنے سے زیادہ قوی ہے، انسان کبھی سچا ہوتا ہے سچ بولتا ہے جس کی وجہ سے اس کے خواب بھی سچے ہوتے ہیں، اور کبھی جھوٹا ہوتا ہے اور جھوٹ بولنا پسند کرتا ہے چنانچہ اس کے خواب بھی جھوٹے ہوتے ہیں، یا ایسا بھی ہوتا ہے کہ وہ خود جھوٹا تو ہوتا ہے مگر دوسرے کے جھوٹ بولنے کو ناپسند کرتا ہو تو اس کے خواب بھی سچے ہوں گے۔

## تعبیر کے متعلق اصول وہدایات:

علماءِ تعبیر کہتے ہیں کہ صبح صادق کے بعد اور طلوع آفتاب سے پہلے کے خواب افضل ہوتے ہیں، اور خواب کی تعبیر ایک قیاس، تشبیہ اور ظن کی حیثیت رکھتی ہے، غیب کا دعویٰ نہیں کیا جاسکتا اور نہ ہی قطعی اور یقینی تعبیر بتائی جاسکتی ہے، اگر بیداری میں اس خواب کی سچائی ظاہر ہوجائے تو وہ الگ بات ہے، اور خوابوں کی تاویل وتعبیر الفاظ کے اشتقاق اور معنی کے اعتبار سے کی جاتی ہے، معبّر کے لئے یہ بات نامناسب ہے کہ وہ تعبیرِ خواب کے سلسلے میں اہلِ نجوم کا حساب وغیرہ لگائے،

Marfat.com

بلکہ اسے چاہئے کہ وہ تعبیر خواب کے بارے میں قرآن، اس کے معانی وامثال اور احادیث نبویؐ کی طرف رجوع کرے، نیز اشعارِ عرب وامثال اور لغت کے معانی واشتقاق کو سامنے رکھے، نیز معبرّ کو اپنی تعبیر بتانے میں صاحب خواب کی شان ومال اور اس کے کھانے پینے اور اعمال میں اخلاص کو بھی مدنظر رکھنا چاہئے تاکہ خوابوں کی تعبیر بتاتے وقت اس کا اچھا اثر لوگوں میں قائم اور پیدا ہوسکے، خوابوں کی تعبیرات لوگوں کے حالات، اقدار، ادیان اور صنعتوں کے مختلف ہونے کی وجہ سے مختلف ہوجاتی ہیں، ایک ہی طرح کا خواب ایک شخص کے لئے رحمت کا اور دوسرے کے لئے عذاب کا باعث اور دلیل ہوتا ہے، معبرّ کو چاہئے کہ سختی سے کام نہ لیں اور جو بات مشکل ہوجائے اس پر تکبر کرتے ہوئے یہ نہ کہے کہ میں اس کی تعبیر نہیں جانتا، تعبیر بتانے میں ثابت قدمی دکھائے، اور جب تک خواب کی وجہ اس کی مقدار اور صاحب خواب کی ذات اس کی قوم وصنعت ومعیشت اور اس کے احوال اچھی طرح معلوم نہ کرلے خواب کی تعبیر بتانے میں جلد بازی سے بالکل کام نہ لے، تعبیر جاننے کے جو طریقے ہیں ان میں سے ہر طریقہ استعمال کرے، اگر پھر بھی تعبیر درست نہ ہو رہی ہو تو پھر اپنی رائے سے اجتہاد کرے، اور صاحبِ خواب کے لئے بھی یہ مناسب نہیں ہے کہ وہ اپنا خواب حاسدین کے سامنے بیان کرے، اس لئے کہ یعقوب علیہ السلام نے یوسف علیہ السلام سے فرمایا تھا کہ "لا تقصص رؤياك على إخوتك فيكيدوا لك كيدا" (یوسف:۵) یعنی اپنا خواب اپنے بھائیوں کے سامنے بیان نہ کرنا ورنہ وہ تیرے لئے فریب کاری کریں گے۔ اسی طرح جاہل کے سامنے اپنا خواب بیان نہ کرے اور نہ ہی عورت اور چھوٹے بچہ کے سامنے بیان کرے، اور خواب کے سلسلہ میں ضمیر کا درجہ نظر سے قوی تر ہوتا ہے کیونکہ زیادہ تر ضمیر پر عمل اور اس پر تعبیر کی بنیاد ہوتی ہے جیسے کوئی شخص خواب میں مینڈک دیکھے جبکہ اس کے ضمیر میں یہ ہے کہ وہ مینڈک نہیں بلکہ سانپ ہے، یا خواب میں سانپ دیکھے اور اس کی ضمیر میں اس کا مینڈک ہونا ہو تو ایسی صورت میں ضمیر پر عمل کیا جائے گا، اور نظر کو چھوڑ دیں گے، اس طرح مومن اور کافر، متقی اور فاسق کا خواب تعبیر کے اعتبار سے مختلف ہوتا ہے، مثلاً متقی آدمی خواب میں اگر دیکھے کہ وہ شہد کھاتا ہے تو اس کی تعبیر قرآن کی حلاوت اور ذکرِ قلبی ہوگی، جبکہ کافر کے لئے یہی خواب دنیا کی حلاوت اور اس کا مال ومتاع ہے، خواب کی تعبیر اصول جاننے کے بعد ہی جاس[illegible] ہے، مثلاً یہ پہچانے کہ گندم، جو، بھوسہ، آٹا، شہد، دودھ، اون، لوہا، نمک اور مٹی وغیرہ کی تعبیر اموال ہے، اور شیر، بھیڑیا، پہاڑ، درخت اور جنگلی جانور وغیرہ کی تعبیر آدمی ہے، اور زین، پالان، پاجامہ، مادہ پرندے اور جانور کی تعبیر عورتیں ہیں، اور غالیچے، تکیے، آبخورے اور تھال کی تعبیر خادم اور غلام ہیں، اور ہر طرح کا نزول (اترنا) موجودہ حالت سے نزول سے کنایہ ہوتا ہے۔

جاننا چاہئے کہ خواب کے سلسلہ میں وہی الفاظ معتبر ہوتے ہیں جن کا ذکر صاحب خواب خواب بیان کرتے وقت کرے، کبھی تو وہ یوں کہتا ہے کہ میں نے خواب میں شادی کی اور کبھی اس کے الفاظ یہ ہوتے ہیں کہ میرا خواب میں نکاح ہوا تو الفاظ کے مختلف ہونے سے اس کی تعبیر بھی مختلف ہوسکتی ہے، اسی لئے ہم نے نکاح کا ذکر باب النون میں اور زواج

Marfat.com

(شادی) کا ذکر باب الزاء میں الگ الگ کیا ہے۔

اسی طرح ایک ہی خواب کی تعبیر لغت و زبان کے بدلنے سے بدل جاتی ہے، مثلاً سفر جل (بہی دنہ) اس شخص کے لئے عزت و جمال اور راحت کی دلیل ہے جو لغتِ فارس سے واقف ہو کیونکہ یہ ان کی لغت کا لفظ ہے، اور یہی سفر جل اہلِ عرب کے اور عرب کے رہنے والوں کے لئے سفر اور جلاء (وضاحت) کی دلیل ہوگا، کیونکہ سفر اور جلاء سفر جل کا مادۂ اشتقاق ہے، نیز خواب کی تعبیر ادیان کے مختلف ہونے کی بناء پر بھی مختلف ہوجاتی ہے، جیسے ایک شخص خواب میں دیکھے کہ وہ مردار کھاتا ہے تو جو مردار کو حرام سمجھتا ہو یعنی اس کا اعتقاد مردار کے حرام ہونے کا ہو تو اس کے حق میں یہ خواب مالِ حرام کی دلیل ہوگا، اور مردار کو حلال سمجھنے والے کے لئے یہ خواب رزق اور فائدہ کے حصول کی علامت ہوگا، نیز تعبیر زمانہ کے بدلنے سے بھی بدل جاتی ہے، مثلاً جو شخص سردی کی وجہ سے یا سردی کے موسم میں بیمار ہوا ہو اس کے حق میں آگ سینکنے، گرمی حاصل کرنے، سردی کے کپڑے پہننے اور گرم پانی استعمال کرنے کا خواب خیر و راحت اور بیماری سے خلاصی پانے کی دلیل ہوگا، اور یہی خواب گرمی کے موسم میں امراض و تکالیف کی دلیل ہوگا، جیسے باریک کپڑے یا ٹھنڈے پانی کا استعمال گرمی کے موسم میں راحت و فائدہ کی اور سردی کے زمانہ میں اس کے برعکس کی دلیل ہوتا ہے، خواب کی تعبیر کے سلسلہ میں لوگوں کی عادات اور ادیان کا بھی اعتبار کیا گیا ہے مثلاً ایک شخص خواب دیکھتا ہے کہ وہ خواب میں سبز لوبیا کھاتا ہے تو یہ خواب صابی مذہب والوں کے حق میں مالِ حرام اور رنج والم کی دلیل ہوگا کیونکہ یہ چیز ان پر حرام ہے، جیسے مجوسی لوگ گوشت کو حرام سمجھتے ہیں، یہودی اونٹ کے گوشت کو اپنے لئے حرام سمجھتے ہیں، اور بعض یونانی مرغیوں کا گوشت حرام سمجھتے ہیں، اور مسلمان شراب کو حرام سمجھتے ہیں، غرضیکہ یہ اور اس جیسے خواب ان کے نزدیک مالِ حرام کی دلیل ہونگے جو اس کی حرمت کا اعتقاد رکھتے ہوں اور حلال سمجھنے والوں کے لئے رزق و فوائد کی دلیل ہوں گے، مثلاً ایک عورت خواب دیکھتی ہے کہ وہ لوگوں کے عام مجمع میں بدکاری کرتی ہے تو اگر وہ عورت ہند میں ہو تو یہ خواب اس بات کی دلیل ہے کہ وہ عورت عبادت اور نیک کاموں کے ذریعہ قربِ خداوندی حاصل کرتی ہے، کیونکہ اہلِ ہند اپنے دینِ باطل کے تقاضے کے مطابق بدکاری سے اللہ تعالیٰ کا قرب ڈھونڈتے ہیں، جس طرح مجوسی لوگ آگ کی پرستش کر کے قرب ڈھونڈتے ہیں۔

حاصلِ کلام یہ ہے کہ اس علمِ تعبیر کے مباحث کثیر ہیں، اور اس کے اصول و متعلقات شمار سے باہر ہیں، اگر ہم سب کا احاطہ کریں تو کلام انتہائی طویل ہوسکتا ہے، اہلِ عقل و دانش کے لئے اسی قدر کلام کافی ہے۔ اللہ تعالیٰ کی ذات ہی حق و صواب کی توفیق بخشنے والی ہے۔

والحمدللہ وحدہ والصلوٰۃ والسلام علی من لا نبی بعدہ.

(مؤلفِ کتاب فرماتے ہیں کہ) کتاب ہذا کی تالیف سے بروز جمعرات ۱۸ ربیع الاوّل ۱۰۹۶ھ/۱۶۸۴ء کو فراغت ہوئی۔

صلی اللہ علیہ وعلی الہ وصحبہ وسلم

Marfat.com

# مستقل مراجع ومصادر



| نمبر شمار | کتاب کا نام | مصنف کا نام |
|---|---|---|
| ۱ | الاحلام | ڈاکٹر توفیق الطویل |
| ۲ | احیاء علوم الدین | ابو حامد الغزالی |
| ۳ | الاعلام | خیر الدین الزرکلی |
| ۴ | التاج الجامع للأصول فی احادیث الرسول | منصور علی ناصف |
| ۵ | تعبیر الرؤیا | ابن غنام |
| ۶ | تفسیر الجلالین واسباب النزول | علامہ سیوطی |
| ۷ | خزائن الکتب فی دمشق وضواحیھا | حبیب الزیات |
| ۸ | سلک الدرر فی اعیان القرن الثانی عشر | محمد خلیل المرادی |
| ۹ | شرح شمائل الترمذی | ابن حجر الھیثمی |
| ۱۰ | تاج العروس | علامہ زبیدی |
| ۱۱ | عجائب الأثار فی التراجم والاخبار | عبدالرحمٰن الجبرتی |
| ۱۲ | الفھرس التمھیدی للمخطوطات المصورة | الادارۃ الثقافیۃ فی جامعۃ الدول العربیہ (مصر) |
| ۱۳ | فھرس الخزانة التیموریة | دار الکتب المصریۃ |
| ۱۴ | القاموس المحیط | فیروز آبادی |
| ۱۵ | لسان العرب | ابن منظور |
| ۱۶ | معجم المطبوعات العربیة والمعربة | یوسف الیان سرکیس |
| ۱۷ | المعجم المفھرس لألفاظ القرآن الکریم | محمد فؤاد عبدالباقی |
| ۱۸ | معجم المؤلفین | عمر رضا کحالہ |
| ۱۹ | مقالات الاسلامیین | تحقیق محمد محی الدین عبدالحمید |
| ۲۰ | المنجد فی الادب والعلوم | فردینان توتل |
| ۲۱ | ھدیة العارفین، اسماء المؤلفین، آثار المصنفین | اسماعیل البغدادی |
| ۲۲ | الورد القدسی والوارد الانسی فی ترجمة عبدالغنی النابلسیؒ | کمال الدین محمد الغزی العامری |



Marfat.com

# دیگر شہروں میں بیت العلوم کے اسٹاکسٹ

| **ملتان** | **کراچی** | **راولپنڈی** |
|---|---|---|
| بخاری اکیڈمی مہربان کالونی ملتان | ادارۃ الانور بنوری ٹاؤن کراچی | الخلیل پبلشنگ ہاؤس راولپنڈی |
| کتب خانہ مجیدیہ بیرون بوہڑ گیٹ ملتان | بیت القلم گلشن اقبال کراچی | **اسلام آباد** |
| بیکن بکس گلگشت کالونی ملتان | کتب خانہ مظہری گلشن اقبال کراچی | مسٹر بکس سپر مارکیٹ اسلام آباد |
| کتاب نگر حسن آرکیڈ ملتان | دار القرآن اردو بازار کراچی | المسعود بکس F-8 مرکز اسلام آباد |
| فاروقی کتب خانہ بیرون بوہڑ گیٹ ملتان | مرکز القرآن اردو بازار کراچی | سعید بک بینک F-7 مرکز اسلام آباد |
| اسلامی کتب خانہ بیرون بوہڑ گیٹ ملتان | عباسی کتب خانہ اردو بازار کراچی | پیر بک سنٹر آبپارہ مارکیٹ اسلام آباد |
| دار الحدیث بیرون بوہڑ گیٹ ملتان | ادارۃ الانوار بنوری ٹاؤن کراچی | **پشاور** |
| **ڈیرہ غازی خان** | علمی کتاب گھر اردو بازار کراچی | یونیورسٹی بک ڈپو خیبر بازار پشاور |
| مکتبہ زکریا بلاک نمبر ۱۰ ڈیرہ غازی خان | **کوئٹہ** | مکتبہ سرحد خیبر بازار پشاور |
| **بہاول پور** | مکتبہ رشیدیہ سرکی روڈ کوئٹہ | لندن بک کمپنی صدر بازار پشاور |
| کتابستان شاہی بازار بہاولپور | **سرگودھا** | **سیالکوٹ** |
| بیت الکتب سرائیکی چوک بہاولپور | اسلامی کتب خانہ پھولوں والی گلی سرگودھا | بنگش بک ڈپو اردو بازار سیالکوٹ |
| **سکھر** | **گوجرانوالہ** | **اکوڑہ خٹک** |
| کتاب مرکز فریئر روڈ سکھر | والی کتاب گھر اردو بازار گوجرانوالہ | مکتبہ علمیہ اکوڑہ خٹک |
| **حیدر آباد** | مکتبہ نعمانیہ اردو بازار گوجرانوالہ | مکتبہ رحیمیہ اکوڑہ خٹک |
| بیت القرآن چھوٹی گٹی حیدر آباد | **راولپنڈی** | **فیصل آباد** |
| حاجی امداد اللہ اکیڈمی جیل روڈ حیدر آباد | کتب خانہ رشیدیہ راجہ بازار راولپنڈی | مکتبۃ العارفی ستیانہ روڈ فیصل آباد |
| امداد الغرباء کورٹ روڈ حیدر آباد | فیڈرل لاء ہاؤس چاندنی چوک راولپنڈی | ملک سنز کارخانہ بازار فیصل آباد |
| بھٹائی بک ڈپو کورٹ روڈ حیدر آباد | اسلامی کتاب گھر خیابان سرسید راولپنڈی | مکتبہ اہلحدیث امین پور بازار فیصل آباد |
| **کراچی** | ادارہ غفران چاہ سلطان راولپنڈی | اقراء بک ڈپو امین پور بازار فیصل آباد |
| ویلکم بک پورٹ اردو بازار کراچی | علی بک شاپ اقبال روڈ راولپنڈی | مکتبہ قاسمیہ امین پور بازار فیصل آباد |

Marfat.com

بیت العلوم
قرآن مجید اور اسلامی کتابوں کا مرکز
۲۰- نابھہ روڈ، پرانی انارکلی لاہور- فون: ۷۳۵۲۴۸۳